ہر حدیث پر عنوان کا اضافہ

مُستند اور بامحاورہ ترجمہ

مِشکوٰۃ شریف

اُردو ترجمہ

مشکوٰۃ المصابیح

امام ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب العمری

ترجمہ

مولانا عابدالرحمٰن کاندھلوی مرحوم

عنوانات ○ مولانا عبداللہ جاوید غازی پوری (صاحب مظاہر حق جدید)

دارالاشاعت

اُردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ کراچی پاکستان فون: 2631861

مُستند اور بامحاورہ ترجمہ

جلد دوم

مشکوٰۃ شریف

اُردو ترجمہ

مشکوٰۃ المصابیح

امام ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب العمری

ترجمہ

مولانا عابدالرحمٰن کاندھلوی مرحوم

عنوانات ○ مولانا عبداللہ جاوید غازی پوری (صاحب مظاہر حق جدید)

دارالاشاعت

اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ کراچی پاکستان فون: 2631861

سُخنہائے گفتنی

اَلحمدُ لِلّٰہ کہ ایک مدّت کے بعد ہماری دیرینہ آرزوئیں پوری ہوئیں اور ہم اس لائق ہو سکے کہ آپ کے ہاتھوں میں ایک نئی اور مفید چیز دے سکیں۔ حدیث کی اہمّیت ظاہر ہے کہ مسلمان اس سے مسلمان رہ کر بے نیاز نہیں ہو سکتے۔ قرآن اور حدیث کا تعلق ایسا ہے کہ ایک کو دوسرے سے جُدا نہیں کیا جا سکتا اس لئے کہ قرآن اگر ہمارے واسطے ایک جامع اور اجمالی لائحہ عمل ہے تو حدیث اس کی عملی تفسیر ہے اگر ایک کو دوسرے سے جُدا کرنے کی کوشش کی جائے تو پھر دونوں کی افادیت ختم ہو جائے۔

حدیثوں میں چونکہ آمیزش کی ابتدا ہو گئی اور وضعِ حدیث کا سلسلہ شروع ہو گیا اس لئے محدّثین ان کی اہمیت کے پیشِ نظر ان کی حفاظت پر مُستعد ہوئے اور ان کو جمع کرنا شروع کیا ان میں چھ مشہور اور مستند کتابیں ہیں جنھیں ہم آج صحاح ستہ کے نام سے جانتے ہیں۔ ہمارے پیش رَو ہمارے لئے یہ چھ کتابیں چھوڑ گئے اور دین کی اہم خدمت انجام دے کر جریدۂ عالم پر اپنا نقشِ دَوام ثبت کر گئے ملیکن اس سے استفادہ آسان نہیں تھا اس لئے امام محی السنۃ ابو محمد حسین بن مسعود فرا بغوی رحؒ نے ان صحاح سے اور دوسری مستند کتابوں سے حدیثیں لے کر مصباح کے نام سے جمع کیا لیکن اس کی ترتیب میں

بعض نقائص تھے جنھیں دُور کر کے شیخ ولی الدین محمد بن عبداللہ خطیب عمری نے عرصہ دراز کی محنت کے بعد مشکوٰۃ المصابیح کے نام سے پیش کیا اس کی مقبولیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ یہ کتاب تمام عالم اسلامی میں داخلِ درس کر لی گئی۔

قرآن و حدیث کی زبان عربی ہے اس لئے اُردو داں طبقہ اس سے محروم رہ جاتا اگر ان کے تراجم اُردو میں نہ شائع ہوتے چنانچہ اُردو مشکوٰۃ المصابیح کا بھی ترجمہ کیا گیا تاکہ اُردو داں طبقہ بھی مستفید ہو سکے، لیکن اَب تک جو صورتِ حال تھی وہ یہ کہ، یا تو اس کا ترجمہ علیحدہ شائع کیا گیا لیکن اِس صورت میں دقّت یہ تھی کہ اصل حدیث اور ان کے معنی بیک وقت پیشِ نظر نہیں رہ سکتے تھے اور ترجمہ کے ساتھ اصل حدیث شائع بھی ہوئی تو اس کا ترجمہ سلیس اور بامحاورہ نہ تھا۔

اِس لئے اِن دِقّتوں کو مدِّنظر رکھتے ہوئے اُردو داں طبقہ کی سہولت کے لئے حدیثیں درج کی گئیں اور اُس کے مقابل بامحاورہ اُردو ترجمہ بھی لکھ دیا گیا تاکہ اصل حدیث پڑھ کر ان کے معانی سے بھی بہرہ ور ہوں۔ اس کا فائدہ صرف اُردو داں طبقہ ہی تک محدود نہ ہوگا بلکہ طلبہ کو بھی اس سے استفادہ کے یکساں مواقع حاصل ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ ناظرین اور اہلِ علم حضرات ہماری اِن کوششوں کو بہ نظرِ استحسان دیکھ کر ہماری ہمّت افزائی کریں گے ٭

فہرست مضامین

مشکوٰۃ جلد دوم

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	کتاب البیوع	
۱	پاک روزی اور حلال پیشہ کا بیان	۱۱
۲	معاملات میں نرمی کرنے کا بیان	۱۸
۳	اختیاری بیع کا بیان	۱۹
۴	سود کا بیان	۲۱
۵	جن بیعوں سے ممانعت کی گئی ہے، ان کا بیان	۲۶
۶	بیع سلم اور رہن کا بیان	۳۷
۷	گرانی کے خیال سے غلہ کو روکنے کا بیان	۳۸
۸	افلاس اور مہلت دینے کا بیان	۴۰
۹	شرکت اور وکالت کا بیان	۴۷
۱۰	غصب اور عاریت کا بیان	۴۹
۱۱	شفعہ کا بیان	۵۴
۱۲	مساقاۃ اور مزارعت کا بیان	۵۶
۱۳	اجارہ کا بیان	۵۹
۱۴	خراب وغیر آباد زمین کو آباد کرنے اور پانی کے حق کا بیان	۶۲

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱۵	عطایا کا بیان	۶۶
۱۶	لقطہ کا بیان	۷۲
۱۷	فرائض کا بیان	۷۵
۱۸	وصیتوں کا بیان	۸۱
	کتاب النکاح	
۱۹	نکاح کا بیان	۸۴
۲۰	جن اعضاء کو چھپانا واجب ہے اُن کا اور منسوبہ کو دیکھنے کا بیان	۸۸
۲۱	ولایتِ نکاح اور عورت سے نکاح کی اجازت لینے کا بیان	۹۲
۲۲	منگنی نکاح کے اعلان، خطبہ اور شرط کا بیان	۹۶
۲۳	جن عورتوں سے نکاح حرام ہے ان کا بیان	۱۰۱
۲۴	مباشرت کا بیان	۱۰۶
۲۵	لونڈی کو آزادی کے بعد اختیار دینے کا بیان	۱۰۹
۲۶	مہر کا بیان	۱۱۰
۲۷	ولیمہ کا بیان	۱۱۳
۲۸	بیویوں کے پاس رہنے کا وقت مقرر کرنے کا بیان	۱۱۶
۲۹	صحبت و اختلاط اور عورتوں کے حقوق کا بیان	۱۱۹
۳۰	خلع اور طلاق کا بیان	۱۲۸
۳۱	جس عورت کو تین طلاقیں دی جائیں اور اُن کا بیان	۱۳۲
۳۲	لعان کا بیان	۱۳۵
۳۳	عدّت کا بیان	۱۴۳
۳۴	استبراء کا بیان	۱۴۸
۳۵	غلاموں اور لونڈیوں کے حقوق اور نفقات کا بیان	۱۴۹
۳۶	نابالغ بچوں کی تربیت و پرورش اور بالغ ہونے کا بیان	۱۵۶

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	کتاب العتق	
۳۷	غلام اور لونڈی کو آزاد کرنے کا بیان	۱۵۹
۳۸	مشترک غلام کو آزاد کرنے، قرابت دار کو خریدنے اور بیماری کی حالت میں آزاد کرنے کا بیان	۱۶۱
۳۹	قسموں اور نذروں کا بیان	۱۶۵
۴۰	نذروں کا بیان	۱۶۹
	کتاب القصاص	
۴۱	قتل کا بدلہ لینے کا بیان	۱۷۴
۴۲	قتل کے مالی معاوضوں کا بیان	۱۸۳
۴۳	جن چیزوں میں تاوان واجب نہیں ہوتا، اُن کا بیان	۱۹۰
۴۴	قسامت کا بیان	۱۹۴
۴۵	مفسدوں اور دینِ اسلام سے پھر جانے والوں کو قتل کرنے کا بیان	۱۹۶
	کتاب الحدود	
۴۶	شرعی سزاؤں کا بیان	۲۰۲
۴۷	چور کے ہاتھ کاٹنے کا بیان	۲۱۲
۴۸	شرعی سزاؤں میں سفارش کرنے کا بیان	۲۱۶
۴۹	شراب پینے کی سزا کا بیان	۲۱۸
۵۰	جس کو شرعی سزا دی جائے، اس کے حق میں بددعا کرنے کا بیان	۲۲۰
۵۱	تعزیر و تنبیہ کا بیان	۲۲۲
۵۲	شراب پینے کی وعید اور شراب کی حقیقت کا بیان	۲۲۳
	کتاب الامارۃ والقضاء	
۵۳	حکومت کا بیان	۲۲۸
۵۴	رعیت پر آسانی و نرمی کرنے کا بیان	۲۴۱
۵۵	حکمرانی کرنے اور حکمرانی سے ڈرنے کا بیان	۲۴۳
۵۶	حکام کی تنخواہوں اور حکام کو ہدایا دینے کا بیان	۲۴۷

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۵۷	نزاعی معاملات اور شہادتوں کا بیان	۲۵۰
	کتاب الجہاد	
۵۸	جہاد کا بیان	۲۵۶
۵۹	سامانِ جہاد کی تیاری کا بیان	۲۷۵
۶۰	آدابِ سفر کا بیان	۲۸۱
۶۱	کفار کو اسلام کی دعوت دینے کا بیان	۲۸۸
۶۲	جہاد میں لڑنے کا بیان	۲۹۲
۶۳	قیدیوں کے احکام کا بیان	۲۹۷
۶۴	امن دینے کا بیان	۳۰۵
۶۵	مالِ غنیمت میں تقسیم اور اس میں خیانت کرنے کا بیان	۳۰۷
۶۶	جزیہ کا بیان	۳۲۱
۶۷	صلح کا بیان	۳۲۳
۶۸	جزیرۂ عرب سے یہود کو نکال دینے کا بیان	۳۲۸
۶۹	جو مال کفار سے بغیر جنگ ہاتھ آئے اس کا بیان	۳۳۰
	کتاب الصید والذبائح	
۷۰	مذبوح جانوروں اور شکار کا بیان	۳۳۳
۷۱	کتے کا بیان	۳۴۰
۷۲	حلال و حرام جانوروں کا بیان	۳۴۱
۷۳	عقیقہ کا بیان	۳۵۰
	کتاب الاطعمۃ	
۷۴	کھانوں کا بیان	۳۵۲
۷۵	ضیافت کا بیان	۳۶۷
۷۶	مضطر و مجبور کے کھانے کا بیان	۳۷۲

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۷۷	پینے کی چیزوں کا بیان	۳۷۲
۷۸	نبیذ اور نقیع کا بیان	۳۷۷
۷۹	برتن کو ڈھانکنے کا بیان	۳۷۸
	کتاب اللباس	
۸۰	لباس کا بیان	۳۸۱
۸۱	انگوٹھی اور مُہر کا بیان	۳۹۵
۸۲	پاپوش کا بیان	۴۰۰
۸۳	کنگھی کرنے کا بیان	۴۰۱
۸۴	تصاویر کا بیان	۴۱۴
	کتاب الطب والرقی	
۸۵	طِبّ اور منتروں کا بیان	۴۱۹
۸۶	اچھی بُری فال کا بیان	۴۳۱
۸۷	غیب کی خبریں دینا۔	۴۳۴
	کتاب الرؤیا	
۸۸	خواب کا بیان	۴۳۹
	کتاب الآداب	
۸۹		
۸۹	سلام کا بیان	۴۴۶
۹۰	اجازت حاصل کرنے کا بیان	۴۵۶
۹۱	مصافحہ اور معانقہ کا بیان	۴۵۸
۹۲	کھڑے ہونے کا بیان	۴۶۲
۹۳	بیٹھنے، لیٹنے، سونے اور چلنے کا بیان	۴۶۵
۹۴	چھینکنے اور جمائی لینے کا بیان	۴۶۹
۹۵	ہنسنے کا بیان	۴۷۲

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۹۶	نام رکھنے اور اچھے بُرے ناموں کا بیان	۴۷۳
۹۷	بیان اور شعر کا بیان	۴۷۹
۹۸	زبان کی حفاظت، غیبت اور بُرا کہنے کا بیان	۴۸۵
۹۹	وعدہ کا بیان	۴۹۷
۱۰۰	خوش طبعی یا مزاح کا بیان	۴۹۹
۱۰۱	خاندان اور قوم کی حمایت اور فخر کرنے کا بیان	۵۰۲
۱۰۲	نیکی و احسان اور اقارب کے ساتھ سلوک کا بیان	۵۰۶
۱۰۳	خدا کی مخلوق پر شفقت و رحمت کا بیان	۵۱۵
۱۰۴	خدا سے اور خدا کے لئے محبّت کا بیان	۵۲۶
۱۰۵	جن چیزوں سے منع کیا گیا ہے یعنی ترکِ ملاقات، اِنقطاعِ دوستی اور عیب جوئی کا بیان۔	۵۳۲
۱۰۶	کاموں میں احتراز اور توقف کرنے کا بیان	۵۳۸
۱۰۷	نرمی، حیاء اور حُسنِ خُلق کا بیان	۵۴۱
۱۰۸	غصّہ اور تکبّر کا بیان	۵۴۷
۱۰۹	ظلم و ستم کا بیان	۵۵۱
	امر بالمعروف کا بیان	۵۵۵

کتاب الرِّقاق

۱۱۰	دل کو نرم کرنے والی حدیثوں کا بیان	۵۶۳
۱۱۱	فقراء کی فضیلت اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی مباشرت کا بیان	۵۸۱
۱۱۲	حرص و آرزو کا بیان	۵۸۹
۱۱۳	خدا کی اطاعت و عبادت کے لئے مال اور عمر سے محبّت رکھنے کا بیان	۵۹۲
۱۱۴	توکّل اور صبر کا بیان	۵۹۶
۱۱۵	ریاء اور سمعہ کا بیان	۶۰۲
۱۱۶	رونے اور ڈرنے کا بیان	۶۰۷
۱۱۷	لوگوں کی حالتوں تغیّر و تبدّل کا بیان	۶۱۳
۱۱۸	ڈرانے اور نصیحت کا بیان	۶۱۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب البیوع　　خرید وفروخت کا بیان

باب الکسب وطلب الحلال

پاک روزی اور حلال پیشہ کا بیان

فصل اوّل

اپنے ہاتھ کی محنت کی روزی سب سے بہتر ہے

۲۶۳۹ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْ کَرِبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اَکَلَ اَحَدٌ طَعَامًا قَطُّ خَیْرًا مِّنْ اَنْ یَّاْکُلَ مِنْ عَمَلِ یَدَیْہِ وَاِنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ دَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ کَانَ یَاْکُلُ مِنْ عَمَلِ یَدَیْہِ۔ (رواہ البخاری)

حضرت مقدام بن معدی کرب رضؓ کہتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلعم نے نہیں کھایا کسی نے کبھی کوئی کھانا جو بہتر ہو اس کھانے سے جو اپنے ہاتھ کی محنت سے کما کر کھائے اور خدا کے نبی داؤد ؑ اپنے ہاتھوں سے کما کر کھاتے تھے۔ (بخاری)

صرف حلال مال کھانے کی فضیلت اور حرام مال سے بچنے کا اثر

۲۶۴۰ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ طَیِّبٌ لَا یَقْبَلُ اِلَّا طَیِّبًا وَّاِنَّ اللّٰہَ اَمَرَ الْمُؤْمِنِیْنَ بِمَا اَمَرَ بِہِ الْمُرْسَلِیْنَ فَقَالَ یٰٓاَیُّھَا الرُّسُلُ کُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا وَقَالَ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰکُمْ ثُمَّ ذَکَرَ الرَّجُلَ یُطِیْلُ السَّفَرَ اَشْعَثَ اَغْبَرَ یَمُدُّ یَدَیْہِ اِلَی السَّمَآءِ یَا رَبِّ وَمَطْعَمُہٗ حَرَامٌ وَّمَشْرَبُہٗ حَرَامٌ وَّمَلْبَسُہٗ حَرَامٌ وَّغُذِیَ بِالْحَرَامِ فَاَنّٰی یُسْتَجَابُ لِذٰلِکَ۔ (رواہ مسلم)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ خداوند تعالےٰ پاک ہے پاک چیزوں کو قبول کرتا ہے اور خداوند تعالےٰ نے مومنوں کو بھی اسی چیز کا حکم دیا ہے جس کا حکم اپنے رسولوں کو دیا ہے۔ چنانچہ فرمایا ہے اے رسولو! کھاؤ پاک چیزوں میں سے اور نیک کام کرو۔ اور فرمایا ہے اے ایمان والو! کھاؤ پاک کھانوں میں سے جو ہم نے تم کو دیئے ہیں۔ پھر ذکر کیا آپ نے ایک شخص کا جو طویل سفر کرتا ہے (حج کے لئے یا کسی اور عبادت کے لئے یا قبولیت دعا کی تلاش کے لئے) پراگندہ بال اور غبار آلودہ، اپنے دونوں ہاتھوں کو آسمان کی طرف اٹھاتا اور کہتا ہے۔ اے پروردگار (مجھ کو یہ چیز دے مجھ کو فلاں چیز دے) حالانکہ کھانا اس کا حرام لباس اس کا حرام اور حرام ہی میں پرورش کیا گیا ہے۔ پھر کیوں کر اس شخص کی دعا قبول کی جائے۔ (مسلم)

آنے والے زمانہ کے بارے ایک پیش گوئی

۲۶۴۱ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْتِیْ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ لَا یُبَالِی الْمَرْءُ مَا اَخَذَ مِنْہُ اَمِنَ الْحَلَالِ اَمْ مِّنَ الْحَرَامِ (رواہ البخاری)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے۔ لوگوں پر ایک زمانہ آئے گا کہ مال میں جو چیز آدمی کو ملے گی وہ اس چیز کی پرواہ نہ کرے گا کہ یہ حلال ہے یا حرام۔ (بخاری)

مشتبہ چیزوں سے بھی اجتناب کرنا چاہیئے

۲۶۴۲ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَلَالُ بَيِّنٌ وَّالْحَرَامُ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا مُشْتَبِهَاتٌ لَّا يَعْلَمُهُنَّ كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ فَمَنِ اتَّقَى الشُّبُهَاتِ اِسْتَبْرَأَ لِدِيْنِهٖ وَعِرْضِهٖ وَمَنْ وَقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ وَقَعَ فِي الْحَرَامِ كَالرَّاعِيْ يَرْعٰى حَوْلَ الْحِمٰى يُوْشِكُ اَنْ يَّرْتَعَ فِيْهِ اَلَا وَاِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى اَلَا وَاِنَّ حِمَى اللّٰهِ مَحَارِمُهٗ اَلَا وَاِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً اِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ وَاِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ اَلَا وَهِيَ الْقَلْبُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔

حضرت نعمان بن بشیر رضؓ نے کہا فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ حلال ظاہر ہے اور حرام ظاہر ہے ان دونوں کے درمیان مشتبہ چیزیں ہیں جن کی حقیقت سے بہت سے لوگ ناواقف ہیں۔ پس جو شخص شبہ کی چیزوں سے بچا اس نے اپنا دین پاک کیا اور اپنی آبرو کو محفوظ رکھا اور جو شخص شبہ کی چیزوں میں مبتلا ہوا وہ حرام میں مبتلا ہوا اس کی کیفیت اُس چرواہے کی سی ہے جو کھیت کی مینڈ کے پاس اپنے جانوروں کو چرائے اور ہر وقت اس کا خطرہ رہے کہ کوئی جانور کھیت میں گھس جائے خبردار ہو کہ ہر بادشاہ کی ایک حد مقرر ہے اور خدا کی حد حرام چیزیں ہیں آگاہ ہو کہ انسان کے جسم میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے جب تک یہ ٹھیک رہتا ہے سارا بدن ٹھیک رہتا ہے اور جب وہ خراب ہو جاتا ہے تو سارا بدن خراب ہو جاتا ہے اور وہ دل ہے۔ (بخاری و مسلم)

زانیہ کی اجرت حرام ہے

۲۶۴۳ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيْثٌ وَمَهْرُ الْبَغِيِّ خَبِيْثٌ وَكَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيْثٌ۔ (رواہ مسلم)

حضرت رافع رضؓ بن خدیج کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ کتے کی قیمت ناپاک ہے۔ زنا کار عورت کی خرچی حرام ہے اور سینگی کھینچنے والی کی اجرت ناپاک ہے۔ (مسلم)

کتے کی قیمت کا مسئلہ

۲۶۴۴ وَعَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدِ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَمَهْرِ الْبَغِيِّ وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ۔ (متفق علیہ)

حضرت ابو مسعود انصاری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے منع فرمایا ہے کتے کی قیمت سے زانی عورت کی خرچی سے اور کاہن کی اجرت سے (کاہن آئندہ کی خبریں بتانے والا شخص) (بخاری و مسلم)

خون بیچنا حرام ہے

۲۶۴۵ وَعَنْ اَبِيْ جُحَيْفَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الدَّمِ وَثَمَنِ الْكَلْبِ وَكَسْبِ الْبَغِيِّ وَلَعَنَ اٰكِلَ الرِّبٰوا وَمُوْكِلَهٗ وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ وَالْمُصَوِّرَ۔

(رواہ البخاری)

حضرت ابو جحیفہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے منع فرمایا ہے خون کی قیمت سے کتے کی قیمت سے زانی عورت کی خرچی سے۔ اور لعنت فرمائی ہے سود کھانے والے پر سود دینے والے پر اور جسم کو گودنے والے شخص پر اور گدوانے والے پر اور تصویر بنانے والے پر۔ (بخاری)

حرام چیزوں کی خرید و فروخت بھی حرام ہے

۲۶۴۶ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَامَ الْفَتْحِ وَهُوَ بِمَكَّةَ اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ وَالْمَيْتَةِ وَالْخِنْزِيْرِ وَالْاَصْنَامِ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ شُحُوْمَ الْمَيْتَةِ فَاِنَّهٗ تُطْلٰى بِهَا السُّفُنُ وَيُدَّهَنُ بِهَا الْجُلُوْدُ وَيَسْتَصْبِحُ بِهَا النَّاسُ

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے فتح مکہ کے سال مکہ میں رسول اللہ صلعم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ خداوند تعالےٰ نے اور اس کے رسولؐ نے شراب کا بیچنا، مُردار کا بیچنا، سور کا بیچنا اور بُتوں کا بیچنا حرام قرار دیا ہے۔ پوچھا گیا یا رسول اللہ مُردار کی چربی کی بابت بتائیے وہ کشتیوں پر ملی جاتی ہے اس سے چمڑوں کو چکنا کیا جاتا ہے اور لوگ (اپنے

فَقَالَ لَا هُوَ حَرَامٌ ثُمَّ قَالَ عِنْدَ ذٰلِكَ قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ إِنَّ اللّٰهَ لَمَّا حَرَّمَ شُحُوْمَهَا أَجْمَلُوْهُ ثُمَّ بَاعُوْهُ فَأَكَلُوْا ثَمَنَهُ۔ (متفق علیہ)

گھروں میں اس سے چراغ جلاتے ہیں؟ آپ نے فرمایا اس سے نفع اٹھانا جائز نہیں وہ حرام ہے۔ اس کے بعد ہی آپ نے فرمایا خداوند تعالیٰ یہود پر لعنت فرمائے جب خداوند تعالیٰ نے مُردار کی چربی کو حرام قرار دیا تو وہ چربی کو پگھلاتے اور بیچ ڈالتے اور اس کی قیمت کھا جاتے۔ (بخاری و مسلم)

یہودیوں کی ایک عیاری

۲۶۴۷/۹ وَعَنْ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمُ فَجَمَلُوْهَا فَبَاعُوْهَا۔ (متفق علیہ)

حضرت عمر رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے خداوند تعالیٰ یہود کو تباہ کردے ان پر (مردار کی) چربیاں حرام کی گئی تھیں۔ انھوں نے چربی کو پگھلایا اور بیچ ڈالا۔ (بخاری و مسلم)

بلّی کی خرید و فروخت کا مسئلہ

۲۶۴۸/۱۰ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ۔ (رواہ مسلم)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کتّے اور بلّی کی قیمت سے منع فرمایا ہے۔ (مسلم)

پچھنے لگانے کا پیشہ حلال ہے

۲۶۴۹/۱۱ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ حَجَمَ أَبُوْ طَيْبَةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ لَهُ بِصَاعٍ مِّنْ تَمْرٍ وَّأَمَرَ أَهْلَهُ أَنْ يُّخَفِّفُوْا عَنْهُ مِنْ خَرَاجِهٖ (متفق علیہ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ ابو طیبہ نے رسول اللہ صلعم کی سینگی کھینچی۔ رسول اللہ صلعم نے اس کو ایک صاع کھجوریں دیئے جانے کا حکم دیا اور اس کے مالکوں سے کہا کہ وہ اس کی اجرت میں سے کم لیا کریں۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

اولاد کی کمائی کھانا جائز ہے

۲۶۵۰/۱۲ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَطْيَبَ مَا أَكَلْتُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ وَإِنَّ أَوْلَادَكُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ رِوَايَةِ أَبِيْ دَاوُدَ وَالدَّارِمِيِّ إِنَّ أَطْيَبَ مَا أَكَلَ الرَّجُلُ مِنْ كَسْبِهٖ وَإِنَّ وَلَدَهُ مِنْ كَسْبِهٖ

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے جو چیز تم کھاتے ہو اس میں سب سے بہتر وہ ہے جو تم اپنے ہاتھوں سے کما کر کھاؤ اور تمہاری اولاد بھی تمہارے کسب میں سے ہے (یعنی اولاد کی کمائی کھانا بھی تمہارے لئے جائز ہے)۔ (ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، ابوداؤد اور دارمی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جو چیز آدمی نے کھائی اس میں سب سے بہتر و پاک وہ ہے جو اپنی کمائی میں سے ہو، اور اس کی اولاد اس کے کسب میں سے ہے۔

مالِ حرام کا حکم

۲۶۵۱/۱۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَكْسِبُ عَبْدٌ مَالَ حَرَامٍ فَيَتَصَدَّقُ مِنْهُ فَيُقْبَلُ مِنْهُ وَلَا يُنْفِقُ مِنْهُ فَيُبَارَكُ لَهُ فِيْهِ وَلَا يَتْرُكُهُ خَلْفَ ظَهْرِهٖ إِلَّا كَانَ زَادُهٗ إِلَى النَّارِ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَمْحُوا السَّيِّئَ بِالسَّيِّئِ وَ

حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ جو بندہ مالِ حرام کمائے اور صدقہ کرے اور وہ (صدقہ) اس سے قبول کرلیا جائے (ایسا نہیں ہوتا) اور اس مال حرام سے وہ شخص جو کچھ (اپنی ذات یا اہل و عیال) پر خرچ کرے اور اس میں برکت دی جائے (ایسا نہیں ہوتا یعنی مالِ حرام کا نہ صدقہ قبول ہوتا ہے اور نہ اس میں برکت دیجاتی ہے اور

لٰكِنْ يَمْحُوُ السَّيِّئَ بِالْحَسَنِ اِنَّ الْخَبِيْثَ۔
(رواہ احمد وکذا فی شرح السنۃ)

جو شخص حرام مال کو مرنے کے بعد چھوڑ جائے اس کے لئے دوزخ کا توشہ ہوا ہے) خداوند تعالےٰ برائی کو برائی سے دور نہیں کرتا (یعنی حرام مال سے گناہوں کو دور نہیں کرتا) بلکہ برائی کو بھلائی سے دور کرتا ہے (یعنی پاک مال سے گناہوں کو دور کرتا ہے) ناپاک مال ناپاکی کو دور نہیں کرتا۔ (احمد۔ شرح السنۃ)

حرام مال کھانے پر وعید

۲۶۵۲/۱۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَبَتَ مِنَ السُّحْتِ وَكُلُّ لَحْمٍ نَبَتَ مِنَ السُّحْتِ كَانَتِ النَّارُ اَوْلٰى بِهٖ۔
(رواہ احمد والدارمی والبیهقی فی شعب الایمان)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ گوشت جس نے حرام سے پرورش پائی ہے جنت میں داخل نہ ہوگا اور جس گوشت نے حرام (مال) سے نشو ونما حاصل کی ہے وہ دوزخ ہی کے لائق ہے۔ (احمد۔ دارمی۔ بیہقی)

شبہات میں پڑنے سے بچو

۲۶۵۳/۱۵ وَعَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ حَفِظْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْ مَا يُرِيْبُكَ اِلٰى مَا لَا يُرِيْبُكَ فَاِنَّ الصِّدْقَ طُمَاْنِيْنَةٌ وَاِنَّ الْكِذْبَ رِيْبَةٌ۔
(رواہ احمد والترمذی والنسائی ورواہ الدارمی الفصل الاول)۔

حضرت حسن بن علی رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلعم کی یہ بات یاد رکھی ہے کہ جو چیز تجھ کو شک میں ڈالے اس کو چھوڑ دے اور اس چیز کی جانب توجہ کر جو تجھ کو شک میں نہ ڈالے اس لئے کہ حق اور سچائی دل کے لئے اطمینان بخش چیز ہے اور باطل شک اور تردد کا موجب ہے۔ (احمد۔ ترمذی۔ نسائی اور دارمی)

اچھائی اور برائی کی پہچان

۲۶۵۴/۱۶ وَعَنْ وَّابِصَةَ بْنِ مَعْبَدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا وَابِصَةُ جِئْتَ تَسْئَلُ عَنِ الْبِرِّ وَالْاِثْمِ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَجَمَعَ اَصَابِعَهٗ فَضَرَبَ صَدْرَهٗ وَقَالَ اِسْتَفْتِ نَفْسَكَ اِسْتَفْتِ قَلْبَكَ ثَلٰثًا اَلْبِرُّ مَا اطْمَاَنَّتْ اِلَيْهِ النَّفْسُ وَاطْمَاَنَّ اِلَيْهِ الْقَلْبُ وَالْاِثْمُ مَا حَاكَ فِي النَّفْسِ وَتَرَدَّدَ فِي الصَّدْرِ وَاِنْ اَفْتَاكَ النَّاسُ۔
(رواہ احمد والدارمی)

حضرت وابصہؓ بن معبد نے کہا۔ فرمایا رسول اللہ صلعم نے، اے وابصہ! تو یہ پوچھنے آیا ہے کہ نیکی کیا چیز ہے اور گناہ کیا۔ میں نے عرض کیا۔ ہاں (یہ سن کر) آپؐ نے انگلیوں کو اکٹھا کیا اور میرے سینہ پر مار کر فرمایا۔ اپنے نفس سے پوچھ، اپنے دل سے پوچھ۔ تین مرتبہ یہ الفاظ فرمائے (اور پھر فرمایا) نیکی وہ ہے جس سے نفس کو اطمینان، حاصل ہو اور جس سے دل کو سکون نصیب ہو اور گناہ وہ ہے جو نفس میں خلش پیدا کرے اور دل میں تردد کا موجب ہو اگرچہ لوگ (اس کے جواز کا) فتویٰ دیں۔ (احمد۔ دارمی)

کامل پرہیزگاری کا درجہ،

۲۶۵۵/۱۷ وَعَنْ عَطِيَّةَ السَّعْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبْلُغُ الْعَبْدُ اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ حَتّٰى يَدَعَ مَا لَا بَاْسَ بِهٖ حَذَرًا لِمَا بِهٖ بَاْسٌ۔
(رواہ الترمذی وابن ماجۃ)

حضرت عطیہ سعدی رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بندہ اس وقت تک پرہیزگاروں کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ وہ ان چیزوں کو نہ چھوڑ دے جن میں کوئی برائی نہیں ہے، تاکہ وہ اس طریقہ سے ان چیزوں سے بچ سکے، جن میں برائی ہے (ترمذی۔ ابن ماجہ)

متعلقین شراب پر لعنت

۲۶۵۶/۱۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ لعنت فرمائی ہے رسول اللہ صلعم

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْخَمْرِ عَشَرَۃً عَاصِرَھَا وَ مُعْتَصِرَھَا وَشَارِبَھَا وَحَامِلَھَا وَالْمَحْمُوْلَۃَ اِلَیْہِ وَ سَاقِیَھَا وَبَائِعَھَا وَ اٰکِلَ ثَمَنِھَا وَالْمُشْتَرِیَ لَہٗ۔
(رواہ الترمذی و ابن ماجۃ)

نے شراب کے معاملہ میں دس آدمیوں پر یعنی (۱) پھلوں کے نچوڑنے والے پر (۲) نچڑوانے والے پر (۳) پینے والے پر (۴) اٹھانیوالے پر (۵) اس شخص پر جس کے لئے شراب اٹھا کر لے جائی گئی (۶) پلانے والے پر (۷) بیچنے والے پر (۸) شراب کی قیمت کھانے پر (۹) خریدنے والے پر (۱۰) اس شخص پر جس کے لئے خرید کی گئی۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

۲۶۵۷/۱۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اللّٰہُ الْخَمْرَ وَشَارِبَھَا وَسَاقِیَھَا وَ بَائِعَھَا وَمُبْتَاعَھَا وَعَاصِرَھَا وَمُعْتَصِرَھَا وَ حَامِلَھَا وَ الْمَحْمُوْلَۃَ اِلَیْہِ۔
(رواہ ابوداؤد و ابن ماجۃ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ خداوند تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے شراب پر اس کے پینے والے پر اس کے پلانے والے پر اس کے بیچنے والے پر، اس کے خریدنے والے پر، اس کے نچوڑنے والے پر پھر اس کے اٹھانے والے پر اور اس شخص پر جس کے لئے اٹھا کر لے جائی گئی۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

پچھنے لگانے والے کی کمائی کا حکم

۲۶۵۸/۲۰ وَعَنْ مُحَیِّصَۃَ اَنَّہٗ اِسْتَاْذَنَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی اُجْرَۃِ الْحَجَّامِ فَنَھَاہُ فَلَمْ یَزَلْ یَسْتَاْذِنُہٗ حَتّٰی قَالَ اِعْلِفْہُ نَاضِحَکَ وَ اَطْعِمْہُ رَقِیْقَکَ
(رواہ مالک و الترمذی و ابوداؤد و ابن ماجۃ)

حضرت محیصہ رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے سینگی کھینچنے والے کی اُجرت کی اجازت نبی صلعم سے طلب کی (یعنی پوچھا کہ اس کی مزدوری کھانا جائز ہے یا نہیں؟) رسول اللہ صلعم نے اس کو منع فرمایا۔ اس نے پھر دوبارہ اجازت چاہی یہاں تک کہ جب کئی بار اس نے پوچھا تو آپ نے فرمایا تو اس کی مزدوری اپنے اونٹ کو کھلا دے یا اپنے غلام کو۔ (مالک۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

مغنیہ کی کمائی کھانے کی ممانعت

۲۶۵۹/۲۱ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الْکَلْبِ وَکَسْبِ الزَّمَّارَۃِ۔
(رواہ فی شرح السنۃ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے منع فرمایا ہے کتے کی قیمت سے اور گانے والی یا زناکار عورت کی اجرت سے۔ (شرح السنہ)

گانے والی لونڈیوں کی خرید و فروخت کا حکم

۲۶۶۰/۲۲ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَبِیْعُوا الْقَیْنَاتِ وَلَا تَشْتَرُوْھُنَّ وَلَا تُعَلِّمُوْھُنَّ وَ ثَمَنُھُنَّ حَرَامٌ وَّفِیْ مِثْلِ ھٰذَا اُنْزِلَتْ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْتَرِیْ لَھْوَ الْحَدِیْثِ۔ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَعَلِیُّ بْنُ یَزِیْدَ الرَّاوِیْ یُضَعَّفُ فِی الْحَدِیْثِ وَ سَنَذْکُرُ حَدِیْثَ جَابِرٍ نَھٰی عَنْ اَکْلِ الْھِرِّ فِیْ بَابِ مَا یَحِلُّ اَکْلُہٗ اِنْشَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

حضرت ابی امامہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ گانے والی لونڈیوں کو نہ تو فروخت کرو اور نہ خریدو اور نہ لونڈیوں کو گانا سکھاؤ، ان کی قیمت حرام ہے اور اسی کے متعلق یہ آیت نازل کی گئی ہے وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْتَرِیْ لَھْوَ الْحَدِیْثِ یعنی بعض آدمیوں میں سے وہ ہیں جو خرید کرتے ہیں کھیل کی بات (یعنی گانا اور قصے کہانیاں)۔ احمد۔ ترمذی ابن ماجہ۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے علی بن یزید راوی ضعیف ہے۔ اور عنقریب انشاء اللہ تعالیٰ ہم جابر رضؓ کی حدیث مَا یَحِلُّ اَکْلُہٗ کے باب میں بیان کریں گے۔

فصل سوم

حلال روزی کمانا ایک فرض ہے

۲۶۶۱/۲۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ

اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ طَلَبُ کَسْبِ الْحَلَالِ فَرِیْضَۃٌ بَعْدَ الْفَرِیْضَۃِ۔
(رواہ البیہقی فی شعب الایمان)

علیہ وسلم نے کہ پاک و حلال کمائی فرض ہے، فرض کے بعد یعنی ان فرائض کے بعد جو خدا نے مقرر کئے ہیں، حلال کمائی بھی فرض ہے۔ (بیہقی)

کتابت قرآن کی اُجرت جائز ہے

۲۶۶۲/۲۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّہٗ سُئِلَ عَنْ اُجْرَۃِ کِتَابَۃِ الْمُصْحَفِ فَقَالَ لَا بَاْسَ اِنَّمَا ھُمْ مُصَوِّرُوْنَ وَ اِنَّھُمْ اِنَّمَا یَاْکُلُوْنَ مِنْ عَمَلِ اَیْدِیْھِمْ
(رواہ رزین)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ ان سے قرآن مجید کی کتابت (لکھائی) کی اجرت کی بابت پوچھا گیا۔ انھوں نے کہا (اس کی مزدوری میں کوئی حرج نہیں) اس لئے کہ یہ لوگ (یعنی کاتب) نقش کھینچنے والے ہیں اور اپنے ہاتھوں کی کمائی کھاتے ہیں۔ (رزین)

کون سا کسب افضل ہے

۲۶۶۳/۲۵ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ قَالَ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَیُّ الْکَسْبِ اَطْیَبُ قَالَ عَمَلُ الرَّجُلِ بِیَدِہٖ وَ کُلُّ بَیْعٍ مَبْرُوْرٍ۔
(رواہ احمد)

حضرت رافع بن خدیج رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم سے پوچھا گیا کونسا پیشہ بہتر ہے؟ آپؐ نے فرمایا انسان کا اپنے ہاتھ سے کمانا بہترین کسب ہے اور پیشہ وہ ہے جو ہاتھ سے کیا جائے، جیسے زراعت اور کتابت و نجر (اور ہر بیع (یعنی تجارت جو بددیانتی اور مکر و فریب سے پاک ہو) مقبول ہے

دودھ کی قیمت کا حکم

۲۶۶۴/۲۶ وَعَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ اَبِیْ مَرْیَمَ قَالَ کَانَتْ لِمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْ کَرِبَ جَارِیَۃٌ تَبِیْعُ اللَّبَنَ وَ یَقْبِضُ الْمِقْدَامُ ثَمَنَہٗ فَقِیْلَ لَہٗ سُبْحَانَ اللّٰہِ اَتَبِیْعُ اللَّبَنَ وَتَقْبِضُ الثَّمَنَ فَقَالَ نَعَمْ وَمَا بَاْسٌ بِذٰلِکَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَیَاْتِیَنَّ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ لَا یَنْفَعُ فِیْہِ اِلَّا الدِّیْنَارُ وَ الدِّرْھَمُ۔
(رواہ احمد)

ابی بکر بن مریم کہتے ہیں کہ حضرت مقدام بن معدی کرب رضؓ کی ایک لونڈی دودھ بیچا کرتی تھی اور دودھ کی قیمت اس سے مقدام رضؓ لے لیا کرتے تھے۔ ایک روز مقدام رضؓ سے کہا گیا کہ اللہ پاک ہے لونڈی دودھ بیچتی ہے اور تم اس کے دام لے لیتے ہو۔ مقدام رضؓ نے کہا۔ ہاں! اور اس میں کوئی حرج نہیں ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ ایک ایسا زمانہ لوگوں پر آئے گا جس میں درہم و دینار کے سوا کوئی چیز فائدہ نہ دے گی۔ (احمد)

مقرر کسب معاش کو بلا سبب ترک نہ کرو

۲۶۶۵/۲۷ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ کُنْتُ اُجَھِّزُ اِلَی الشَّامِ وَ اِلٰی مِصْرَ فَجَھَّزْتُ اِلَی الْعِرَاقِ فَاَتَیْتُ اِلٰی اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ عَائِشَۃَ فَقُلْتُ لَھَا یَا اُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ کُنْتُ اُجَھِّزُ اِلَی الشَّامِ فَجَھَّزْتُ اِلَی الْعِرَاقِ فَقَالَتْ لَا تَفْعَلْ مَالَکَ وَلِمَتْجَرِکَ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا سَبَّبَ اللّٰہُ لِاَحَدِکُمْ رِزْقًا مِّنْ وَجْہٍ فَلَا یَدَعْہُ حَتّٰی یَتَغَیَّرَ لَہٗ اَوْ یَتَنَکَّرَ لَہٗ۔
(رواہ احمد و ابن ماجۃ)

نافعؒ کہتے ہیں کہ میں ملک شام اور مصر کی طرف تجارتی سامان بھیجا کرتا تھا۔ پھر میں نے عراق کی جانب تجارتی مال بھیجنے کا ارادہ کیا اور حضرت عائشہ رضؓ کی خدمت میں مشورے کے لئے حاضر ہو کر عرض کیا۔ امّ المومنین رضؓ! میں شام کی طرف تجارتی مال بھیجا کرتا تھا اور اب ارادہ ہے کہ عراق کی طرف مال بھیجوں۔ انھوں نے فرمایا ایسا نہ کر۔ تجھ کو اور تیری تجارت کو کیا ہوا (یعنی شام کے سلسلۂ تجارت کو کیوں ترک کرتا ہے؟) میں نے رسول اللہ صلعم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جب خداوند تعالےٰ تمہارے رزق کا کہیں سامان کر دے تو اس کو نہ چھوڑو جب تک اس میں انقلاب واقع نہ ہو، یا اس سے اس کو نقصان پہنچے۔ (احمد۔ ابن ماجہ)

حضرت ابوبکرؓ کا وصفِ احتیاط و تقویٰ

۲۶۶۶/۲۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ لِاَبِیْ بَكْرٍ غُلَامٌ يَخْرُجُ لَهُ الْخَرَاجَ فَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ يَاْكُلُ مِنْ خَرَاجِهٖ فَجَاءَ يَوْمًا بِشَیْءٍ فَاَكَلَ مِنْهُ اَبُوْبَكْرٍ فَقَالَ لَهُ الْغُلَامُ تَدْرِیْ مَا هٰذَا فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ وَمَا هُوَ قَالَ كُنْتُ تَكَهَّنْتُ لِاِنْسَانٍ فِی الْجَاهِلِيَّةِ وَمَا اُحْسِنُ الْكِهَانَةَ اِلَّا اَنِّیْ خَدَعْتُهٗ فَلَقِيَنِیْ فَاَعْطَانِیْ بِذٰلِكَ فَهٰذَا الَّذِیْ اَكَلْتَ مِنْهُ قَالَتْ فَاَدْخَلَ اَبُوْبَكْرٍ يَدَهٗ فَقَاءَ كُلَّ شَیْءٍ فِیْ بَطْنِهٖ۔ (رواہ البخاری)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ حضرت ابوبکر رضؓ کا ایک غلام تھا جو اپنی کمائی میں سے کچھ اپنے مالک کو دیا کرتا تھا اور حضرت ابوبکر اس کی کمائی کو کھا لیا کرتے تھے۔ ایک روز یہ غلام کوئی چیز لایا اس میں سے ابوبکر رضؓ نے بھی کھایا۔ غلام نے عرض کیا آپ کو معلوم ہے یہ کیا چیز ہے؟ ابوبکر نے پوچھا یہ کیا چیز ہے غلام نے عرض کیا۔ میں ایام جاہلیت میں ایک شخص کو غیب کی باتیں بتایا کرتا تھا حالانکہ میں اس فن سے اچھی طرح واقف نہ تھا لیکن میں اس کو فریب دیتا تھا۔ آج اس شخص سے میری ملاقات ہوئی اور اس نے مجھ کو یہ چیز دی۔ یہ وہی چیز ہے جو آپ نے کھائی ہے۔ حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ (یہ سن کر) حضرت ابوبکر رضؓ نے اپنے منہ میں ہاتھ ڈالا اور جو کچھ پیٹ میں تھا قے کر کے نکال دیا۔ (بخاری)

حرام مال کھانے پر وعید

۲۶۶۷/۲۹ وَعَنْ اَبِیْ بَكْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ جَسَدٌ غُذِّیَ بِالْحَرَامِ۔ (رواہ البیہقی فی شعب الایمان)

حضرت ابوبکر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ جس بدن نے حرام مال سے پرورش حاصل کی ہے، وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔ (بیہقی)

حضرت عمرؓ کے تقویٰ و احتیاط کی ایک مثال

۲۶۶۷ (۳۰) وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اَنَّهٗ قَالَ شَرِبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لَبَنًا وَاَعْجَبَهٗ وَقَالَ لِلَّذِیْ سَقَاهُ مِنْ اَيْنَ لَكَ هٰذَا اللَّبَنُ فَاَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ وَرَدَ عَلٰى مَاءٍ قَدْ سَمَّاهُ فَاِذَا نَعَمٌ مِنْ نَعَمِ الصَّدَقَةِ وَهُمْ يَسْقُوْنَ الْحَلَبُوْا لِیْ مِنْ اَلْبَانِهَا فَجَعَلَتْهُ فِیْ سِقَائِیْ وَهُوَ هٰذَا فَاَدْخَلَ عُمَرُ يَدَهٗ فَاسْتَقَاءَهٗ رَوَاهُ الْبَيْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔

(۳۰) اور حضرت زید ابن اسلم (جو حضرت عمر فاروق رضؓ کے آزاد کردہ غلام تھے) کہتے ہیں کہ (ایک مرتبہ) حضرت عمر ابن خطاب نے دودھ پیا جو ان کو بہت اچھا معلوم ہوا انہوں نے اس شخص سے کہ جس نے دودھ لا کر پلایا تھا، پوچھا کہ یہ دودھ تمہیں کہاں سے ملا؟ تو اس نے ان کو بتایا کہ وہ (یعنی میں) پانی کے ایک چشمہ یا کنوئیں پر گیا تھا، اس نے چشمے یا کنوئیں کا نام بھی بتایا، وہاں میں نے دیکھا کہ زکوٰۃ کے کچھ جانور (یعنی اونٹ و بکری وغیرہ پانی پینے کے لئے آئے ہوئے) ہیں اور ان جانوروں کے نگراں ان کا دودھ نکال کر لوگوں کو پلا رہے ہیں چنانچہ انہوں نے میرے لئے بھی دودھ دوہا۔ جسے میں نے لیکر اپنی مشک میں ڈال لیا یہ وہی دودھ تھا۔ (یہ سنکر) حضرت عمرؓ نے (اپنے حلق میں) ہاتھ ڈال کر قے کر دی (اور اس دودھ کو پیٹ سے باہر نکال دیا کیونکہ وہ زکوٰۃ کا مال تھا جو ان کیلئے جائز نہیں تھا) ان دونوں روایتوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے

حرام مال کا قلیل ترین جز بھی عبادت کے نتیجہ پر اثر انداز ہوتا ہے

۲۶۶۸/۳۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَنِ اشْتَرٰى ثَوْبًا بِعَشَرَةِ دَرَاهِمَ وَفِيْهِ دِرْهَمٌ حَرَامٌ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ تَعَالٰى لَهٗ صَلٰوةً مَا دَامَ عَلَيْهِ ثُمَّ اَدْخَلَ اِصْبَعَيْهِ فِیْ اُذُنَيْهِ وَقَالَ صُمَّتَا اِنْ لَمْ يَكُنِ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَتْهُ يَقُوْلُهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔ وَ

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ جو شخص (مثلاً) دس درہم کو ایک کپڑا خریدے اور ان میں ایک درہم حرام مال میں کا ہو تو خداوند تعالیٰ اس وقت تک اس شخص کی نماز قبول نہیں فرمائے گا جب تک وہ کپڑا اس کے جسم پر ہو۔ یہ کہہ کر ابن عمر رضؓ نے اپنے دونوں کانوں کے سوراخ انگلیاں داخل کر کے کہا یہ دونوں کان بہرے ہو جائیں اگر یہ الفاظ میں نے نبی کریم صلعم سے نہ سنے ہوں۔ (احمد و بیہقی)

(بیہقی نے کہا اس حدیث کی سند ضعیف ہے) قَالَ إِسْنَادُهٗ ضَعِيْفٌ

بَابُ الْمُسَاهَلَةِ فِي الْمُعَامَلَةِ — معاملات میں نرمی کرنے کا بیان!

فصل اول

معاملات میں نرمی کرنے کے لئے آپؐ کی دعائے رحمت

۲۶۶۹ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلًا سَمْحًا إِذَا بَاعَ وَإِذَا اشْتَرٰى وَإِذَا اقْتَضٰى۔ (رواہ البخاری)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے خداوند تعالےٰ اس شخص پر رحم فرمائے جو نرمی کرتا ہے جب کہ بیچتا ہے اور جب ہے اور جب خریدتا ہے (بخاری)

تم دوسروں کے معاملہ میں نرمی کرو اللہ تمہارے معاملہ میں نرمی کرے گا

۲۶۷۰ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاهُ الْمَلَكُ لِيَقْبِضَ رُوْحَهٗ فَقِيْلَ لَهٗ هَلْ عَمِلْتَ مِنْ خَيْرٍ قَالَ مَا اَعْلَمُ وَقِيْلَ لَهٗ انْظُرْ قَالَ مَا اَعْلَمُ شَيْئًا غَيْرَ اَنِّيْ كُنْتُ اُبَايِعُ النَّاسَ فِي الدُّنْيَا وَاُجَازِيْهِمْ فَاُنْظِرُ الْمُوْسِرَ وَاَتَجَاوَزُ عَنِ الْمُعْسِرِ فَاَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ (متفق علیہ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ نَحْوُهٗ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ وَاَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ فَقَالَ اللّٰهُ اَنَا اَحَقُّ بِذَا مِنْكَ تَجَاوَزُوْا عَنْ عَبْدِيْ۔

حضرت حذیفہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے تم سے لوگوں میں ایک شخص تھا جب موت کا فرشتہ اس کے پاس اس کی روح نکالنے آیا تو اس سے پوچھا کیا تو نے کوئی نیک کام کیا ہے اس نے کہا مجھ کو نہیں پڑتا (کہ میں نے کوئی نیک کام کیا ہو) فرشتہ نے کہا۔ یاد کر اور اس نے کہا کوئی بات یاد نہیں آتی مگر ہاں یہ کہ دنیا میں جب لوگوں خرید و فروخت کا معاملہ کرتا تھا تو احسان کرتا تھا لوگوں پر تقاضے یعنی خوش حال کو مہلت دے دیتا تھا اور تنگ دست کو معاف کر دیتا پس خداوند تعالےٰ نے اس کو (اسی کی بدولت) جنت میں داخل کر دیا (بخاری و مسلم) اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ خداوند تعالےٰ نے (اس شخص کا بیان سنکر) فرمایا۔ میں تجھ سے زیادہ معاف رکھنے کا حق رکھتا ہوں۔ فرشتو! میرے بندے سے درگزر کرو۔

خرید و فروخت میں زیادہ قسم نہ کھاؤ

۲۶۷۱ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكُمْ وَكَثْرَةَ الْحَلِفِ فِي الْبَيْعِ فَاِنَّهٗ يُنَفِّقُ ثُمَّ يَمْحَقُ۔ (رواہ مسلم)

حضرت ابو قتادہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ خرید و فروخت کے معاملات میں زیادہ قسمیں نہ کھاؤ اس لئے کہ زیادہ قسمیں کھانا قسم کھانیکے رواج کو ترقی دیتا ہے اور پھر برکت کو کھو دیتا ہے۔ (مسلم)

۲۶۷۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْحَلِفُ مُنَفِّقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مُمْحِقَةٌ لِلْبَرَكَةِ۔ (متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلعم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ قسم کی زیادتی کا رواج برکت کو زائل کر دیتا ہے۔ (مسلم و بخاری)

جھوٹی قسمیں کھا کر تجارت بڑھانے والے کے لئے وعید

۲۶۷۳ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يَنْظُرُ

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے تین شخص ہیں جن سے قیامت کے دن خداوند تعالےٰ بات نہ کرے گا نہ

اِلَيْهِمْ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۔ قَالَ اَبُوْذَرٍّ خَابُوْا وَخَسِرُوْا مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْمُسْبِلُ وَالْمَنَّانُ وَالْمُنْفِقُ سِلْعَتَهٗ بِالْحَلْفِ الْكَاذِبِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ان کی طرف دیکھے گا اور نہ ان کو گناہوں سے پاک کرے گا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا۔ ابوذر رضؓ نے پوچھا یا رسول اللہ! وہ بدبخت اور نیکی سے محروم کون شخص ہیں؟ فرمایا ایک تو پائنچے دراز کرنیوالا (یعنی ٹخنوں سے نیچے پائجامہ پہننے والا) دوسرا احسان جتانے والا تیسرا وہ شخص جو جھوٹی قسم کھاکر اپنے مال کو بیچے۔ (مسلم)

فصل دوم

امانت دار کاروباری شخص کی فضیلت

۲۶۷۴ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلتَّاجِرُ الصَّدُوْقُ الْاَمِيْنُ مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت ابوسعید رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ نہایت سچا اور دیانت دار تاجر نبیوں، صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ ہوگا۔ (ترمذی۔ دارمی۔ دارقطنی)

اور ابن ماجہ نے حضرت ابن عمر رضؓ سے (اس حدیث کی) روایت کی۔ (ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

تجارت کے ساتھ صدقہ و خیرات کا حکم

۲۶۷۵ وَعَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِیْ غَرَزَةَ قَالَ كُنَّا نُسَمّٰى فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّمَاسِرَةَ فَمَرَّ بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمَّانَا بِاسْمٍ هُوَ اَحْسَنُ مِنْهُ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ اِنَّ الْبَيْعَ يَحْضُرُهُ اللَّغْوُ وَالْحَلْفُ فَشُوْبُوْهُ بِالصَّدَقَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت قیس بن ابی غرزہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ہم لوگوں یعنی تاجروں کو سماسرہ (یعنی دلال) کہا جاتا تھا۔ ایک روز نبی صلعم ہم لوگوں میں سے گزرے تو ہمارا ایک ایسا نام رکھا جو پہلے نام سے بہتر ہے۔ چنانچہ آپ نے فرمایا اے تاجروں کے گروہ بیع میں بے فائدہ باتیں اور قسمیں پیش آتی ہیں۔ پس تم بیع کے ساتھ خیرات کو ملاؤ (یعنی صدقہ اور خیرات دیتے رہا کرو) تاکہ بے فائدہ باتوں کا کفارہ ہوتا رہے۔ (ابوداؤد۔ ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

تاجروں کے لئے وعید

۲۶۷۶ وَعَنْ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ التُّجَّارُ يُحْشَرُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فُجَّارًا اِلَّا مَنِ اتَّقٰى وَبَرَّ وَصَدَقَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ۔ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنِ الْبَرَآءِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

حضرت عبید بن رفاعہ اپنے والد سے اور وہ نبی صلعم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے۔ تاجر لوگوں کا حشر فاجروں (یعنی دروغ گو اور نافرمان لوگوں) کے ساتھ ہوگا (مگر وہ تاجر اس سے مستثنیٰ ہوں گے) جنھوں نے پرہیزگاری اختیار کی اور نیکی کی اور سچ بولا۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ۔ دارمی) لیکن بیہقی نے یہ حدیث شعب الایمان میں حضرت براء رضؓ سے روایت کی ہے۔ ترمذی کہتے ہیں حضرت عبید کی حدیث حسن صحیح ہے۔

بَابُ الْخِيَارِ

اختیاری بیع کا بیان

فصل اوّل

خیار مجلس کا مسئلہ

۲۶۷۷ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ خرید کرنیوالا

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْمُتَبَایِعَانِ کُلُّ وَاحِدٍ مِّنْھُمَا بِالْخِیَارِ عَلٰی صَاحِبِہٖ مَالَمْ یَتَفَرَّقَا اِلَّا بَیْعَ الْخِیَارِ۔ (متفق علیہ)

اور بیچنے والا دونوں میں سے ہر ایک اپنے دوسرے پر اختیار رکھتا ہے (یعنی چاہیں تو خرید و فروخت کے معاملہ کو باقی رکھیں اور چاہیں فسخ کردیں) جب تک وہ ایک دوسرے سے علیحدہ نہ ہوں (یعنی اس جگہ سے ہٹ جانے کے بعد بیع پختہ ہو جاتی ہے اور اختیار باقی نہیں رہتا) مگر بیع خیار[1] (کہ اس میں علیحدگی کے بعد بھی اختیار باقی رہتا ہے) (بخاری و مسلم)

وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّمُسْلِمٍ اِذَا تَبَایَعَ الْمُتَبَایِعَانِ فَکُلُّ وَاحِدٍ مِّنْھُمَا بِالْخِیَارِ مِنْ بَیْعِہٖ مَالَمْ یَتَفَرَّقَا اَوْ یَکُوْنُ بَیْعُھُمَا عَنْ خِیَارٍ فَاِذَا کَانَ بَیْعُھُمَا عَنْ خِیَارٍ فَقَدْ وَجَبَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِلتِّرْمِذِیِّ اَلْبَیِّعَانِ بِالْخِیَارِ مَالَمْ یَتَفَرَّقَا اَوْ یُخَیِّرَا اَحَدُھُمَا الْاٰخَرَ فَفِی الْمُتَّفَقِ عَلَیْہِ اَوْ یَقُوْلُ اَحَدُھُمَا لِصَاحِبِہٖ اِخْتَرْ بَدَلَ اَوْ یُخَیِّرَا۔

اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب خریدنے والا اور بیچنے والا خرید و فروخت کا معاملہ کریں تو ہر ایک ان میں سے اپنے معاملہ میں اختیار رکھتا ہے جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں یا ان کی بیع بیع خیار نہ ہو اس صورت میں اختیار واجب ہوگا۔ اور ترمذی کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ بیچنے والا خریدنیوالے کے ساتھ اختیار رکھتا ہے جب کہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں مگر جب کہ اختیار کی شرط کرلیں۔

۲۶۷۸ وَعَنْ حَکِیْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْبَیِّعَانِ بِالْخِیَارِ مَالَمْ یَتَفَرَّقَا فَاِنْ صَدَقَا وَبَیَّنَا بُوْرِکَ لَھُمَا فِیْ بَیْعِھِمَا وَاِنْ کَتَمَا وَکَذَبَا مُحِقَتْ بَرَکَۃُ بَیْعِھِمَا۔ (متفق علیہ)

حضرت حکیم بن حزام رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ خریدار اور فروخت کرنیوالے اختیار رکھتے ہیں جب تک جدا نہ ہوں اور خریدنیوالا اور بیچنے والا دونوں سچ بولیں اور چیز کی حقیقت بیان کردیں تو برکت دی جاتی ہے ان کی بیع میں اور اگر چھپائیں اور جھوٹ بولیں تو مٹا دی جاتی ہے برکت ان کی بیع سے۔ (بخاری و مسلم)

خرید و فروخت میں فریب نہ کرو

۲۶۷۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِّرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اُخْدَعُ فِی الْبُیُوْعِ فَقَالَ اِذَا بَایَعْتَ فَقُلْ لَا خِلَابَۃَ فَکَانَ الرَّجُلُ یَقُوْلُہٗ (متفق علیہ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلعم سے عرض کیا۔ میں فریب دیا جاتا ہوں بیع کے معاملات میں۔ آپؐ نے فرمایا جب تو کوئی چیز بیچے تو یہ کہہ دیا کر کہ فریب نہیں ہے۔ چنانچہ وہ یہی کہہ دیا کرتا تھا۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

تجارتی معاملات میں فریقین کی رضامندی و طمانیت ضروری ہے

۲۶۸۰ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْبَیِّعَانِ بِالْخِیَارِ مَالَمْ یَتَفَرَّقَا اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ صَفْقَۃَ خِیَارٍ وَلَا یَحِلُّ لَہٗ اَنْ یُّفَارِقَ صَاحِبَہٗ خَشْیَۃَ اَنْ یَّسْتَقِیْلَہٗ۔ (رواہ الترمذی و ابوداؤد والنسائی)

عمرو بن شعیبؒ نے اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ خریدنے اور بیچنے والے دونوں اختیار رکھتے ہیں جب تک علیحدہ نہ ہوں مگر بیع اختیاری ہو، اور دونوں میں سے کسی کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ معاملہ کرتے ہی اس جگہ سے اٹھ کھڑا ہو اس خیال سے کہ دوسرے کو فسخ بیع کا اختیار نہ رہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی)

---

[1] اختیاری بیع وہ ہے جس میں اس امر کی شرط کرلی جائے کہ پسند آجانے پر بیع کامل ہوگی یا اسی قسم کی کوئی اور شرط کی جائے۔ کتب فقہ میں اس کی تفصیل موجود ہے۔ اختیار کی بہت سی قسمیں ہیں اور متعدد صورتیں ہیں بعض مدت سے تعلق رکھتی ہیں اور بعض فروخت شدہ چیز کی نوعیت سے متعلق ہیں۔ ان سب کی تشریح فقہ کی کتابوں میں موجود ہے۔ ۱۲ مترجم

۲۶۸۱/۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَتَفَرَّقَنَّ اِثْنَانِ اِلَّا عَنْ تَرَاضٍ۔ (رواہ ابوداؤد)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ خریدار اور بیچنے والا اس وقت تک ایک دوسرے سے جُدا نہ ہوں جب تک کہ بیع پر دونوں راضی نہ ہو جائیں۔ (ابوداؤد۔)

فصل سوم

عقد بیع کے بعد فسخ کا اختیار

۲۶۸۲/۶ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیَّرَ اَعْرَابِیًّا بَعْدَ الْبَیْعِ۔ (رواہ الترمذی وَقَالَ هٰذَا حدیث غریب)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلعم نے اختیار دیا ایک دیہاتی کو فروخت کرنے کے بعد۔ (ترمذی)
یہ حدیث صحیح غریب ہے۔

بَابُ الرِّبٰوا

سُود کا بیان

فصل اوّل

سود لینے دینے والے پر لعنت

۲۶۸۳/۱ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اٰكِلَ الرِّبٰوا وَمُوْكِلَهٗ وَكَاتِبَهٗ وَشَاهِدَیْهِ وَقَالَ هُمْ سَوَاءٌ۔ (رواہ مسلم)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ لعنت فرمائی ہے رسول اللہ صلعم نے سُود کھانے والے (سود لینے والے) پر سود دینے والے پر اور گواہوں پر اور فرمایا ہے وہ سب برابر ہیں (گناہ میں) (مسلم)

ہم جنس اشیاء کے باہمی تبادلہ و تجارت میں ربا کی صورت؟

۲۶۸۴/۲ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ وَالشَّعِیْرُ بِالشَّعِیْرِ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مِثْلًا بِمِثْلٍ سَوَاءً بِسَوَاءٍ یَدًا بِیَدٍ فَاِذَا اخْتَلَفَتْ هٰذِهِ الْاَصْنَافُ فَبِیْعُوْا كَیْفَ شِئْتُمْ اِذَا كَانَ یَدًا بِیَدٍ۔ (رواہ مسلم)

حضرت عُبادہ بن صامت رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے بیچا جائے سونا بدلے میں سونے کے اور چاندی بدلے میں چاندی کے اور گیہوں بدلے میں گیہوں کے اور جَو بدلے میں جَو کے اور کھجور بدلے میں کھجور کے اور نمک بدلے میں نمک کے بالکل مثل بہ مثل یعنی برابر برابر دست بدست اور جب مختلف ہوں یہ قسمیں تو فروخت کرو۔ جس طرح تم چاہو بشرطیکہ معاملہ دست بدست ہو۔ (مسلم)

۲۶۸۵/۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ وَالشَّعِیْرُ بِالشَّعِیْرِ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مِثْلًا بِمِثْلٍ یَدًا بِیَدٍ فَمَنْ زَادَ اَوِ اسْتَزَادَ فَقَدْ اَرْبَی اَلْاٰخِذُ وَالْمُعْطِیْ فِیْهِ سَوَاءٌ۔ (رواہ مسلم)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسُول اللہ صلعم نے کہ فروخت کیا جائے سونا سونے کے بدلے میں چاندی چاندی کے بدلے میں گیہوں گیہوں کے بدلے میں جَو جَو کے بدلے میں کھجور کھجور کے بدلے میں، نمک نمک کے بدلے میں مثل بمثل یعنی بالکل برابر برابر دست بدست پس جس نے زیادہ یا زیادہ لیا اس نے سود لیا اور دیا اور سود لینے والا اور دینے والا دونوں گناہ میں برابر ہیں۔ (مسلم)

سونے یا چاندی کے باہم لین دین کا حکم

۲۶۸۶/۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے نہ

لَا تَبِيْعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوْا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ وَلَا تَبِيْعُوا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوْا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ وَّلَا تَبِيْعُوْا مِنْهَا غَائِبًا بِنَاجِزٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَا تَبِيْعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ اِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ۔

بیچو سونے کے بدلے میں سونے کو مگر بالکل برابر اور نہ زیادہ کرو بعض کو بعض پر اور نہ چاندی کو بدلے میں چاندی کے مگر بالکل برابر اور نہ زیادہ کرو بعض کو بعض پر اور نہ بیچو ان میں سے کسی کو اس طرح کہ ایک موجود ہو اور دوسری موجود نہ ہو۔ (بخاری و مسلم) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ بیچو سونا سونے کے بدلے میں اور نہ چاندی چاندی بدلے میں مگر ہم وزن یعنی دونوں برابر برابر۔

ہم جنس چیزوں کا تبادلہ برابر سرابر کرو

۲۶۸۷ وَعَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنْتُ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الطَّعَامُ بِالطَّعَامِ مِثْلًا بِمِثْلٍ۔ (رواہ مسلم)

حضرت معمر بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلعم کو یہ فرماتے سنا ہے بیچو کھانا برابر کھانے کے بالکل برابر برابر۔ (مسلم)

متحد القدر چیزوں کے باہمی تبادلہ میں ادھار ناجائز ہے

۲۶۸۸ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلذَّهَبُ بِالذَّهَبِ رِبٰوا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالْوَرِقُ بِالْوَرِقِ رِبٰوا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبٰوا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ رِبٰوا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبٰوا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ۔ (متفق علیہ)

حضرت عمرؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ سونا بدلے میں سونے کے سُود ہے اگر دست بدست نہ بیچا جائے اور چاندی بدلے میں چاندی کے سُود ہے اگر دست بدست نہ بیچی جائے اور گیہوں گیہوں کے بدلے میں سُود ہے اگر دست بدست نہ بیچے جائیں اور جَو بدلے میں جَو کے سُود ہے اگر دست بدست نہ ہوں اور کھجور بدلے میں کھجور کے سُود ہے اگر دست بدست نہ بیچی جائیں۔ (مسلم و بخاری)

اچھی اور خراب ہم جنس چیزوں کے تبادلہ میں کمی بیشی جائز نہیں

۲۶۸۹ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَّ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَعْمَلَ رَجُلًا عَلٰى خَيْبَرَ فَجَاءَهٗ بِتَمْرٍ جَنِيْبٍ فَقَالَ اَكُلُّ تَمْرِ خَيْبَرَ هٰكَذَا قَالَ وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لَنَاْخُذُ الصَّاعَ مِنْ هٰذَا بِالصَّاعَيْنِ وَالصَّاعَيْنِ بِالثَّلٰثَةِ فَقَالَ لَا تَفْعَلْ بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ ثُمَّ ابْتَعْ بِالدَّرَاهِمِ جَنِيْبًا وَّقَالَ فِي الْمِيْزَانِ مِثْلُ ذٰلِكَ۔ (متفق علیہ)

حضرت ابوسعیدؓ اور حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے ایک شخص کو خیبر کا عامل مقرر کر کے بھیجا۔ وہ آپ کی خدمت میں عمدہ قسم کی کھجوریں لے کر حاضر ہوا۔ آپ نے پوچھا کیا خیبر کی سب کھجوریں ایسی ہی ہوتی ہیں؟ اس نے کہا یا رسول اللہ قسم ہے خدا کی ہم اِس قسم کی ایک صاع کھجوریں دوسری قسم کی دو صاع کھجوروں کے بدلے میں لیتے ہیں اور دو صاع کھجوریں تین صاع کھجوروں کے بدلے میں۔ آپ نے فرمایا ایسا نہ کرو۔ پہلے تمام قسم کی کھجوریں جمع کر کے بیچو اور پھر قیمت دے کر اچھی کھجوریں خرید لو اور پھر فرمایا لیکن ترازو میں دونوں برابر برابر ہیں۔ (بخاری و مسلم)

۲۶۹۰ وَعَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ قَالَ جَاءَ بِلَالٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ بَرْنِيٍّ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَيْنَ هٰذَا قَالَ كَانَ عِنْدَنَا تَمْرٌ رَدِيٌّ فَبِعْتُ مِنْهُ

حضرت ابوسعیدؓ کہتے ہیں کہ بلالؓ عمدہ قسم کی کھجور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے کر حاضر ہوئے۔ آپ نے پوچھا یہ کہاں سے لایا؟ حضرت بلالؓ نے کہا میرے پاس خراب کھجوریں تھیں میں نے ان میں سے دو صاع دے کر ایک صاع یہ کھجوریں خرید لیں

صَاعَيْنِ بِصَاعٍ فَقَالَ اَوَّهْ عَيْنُ الرِّبٰوا لَا تَفْعَلْ وَلٰكِنْ اِذَا اَرَدْتَّ اَنْ تَشْتَرِيَ فَبِعِ التَّمْرَ بِبَيْعٍ اٰخَرَ ثُمَّ اشْتَرِ بِهٖ۔ (متفق علیہ)

آپ نے فرمایا۔ آہ یہ تو قطعی سُود ہے ایسا نہ کر اگر تجھ کو ضرورت ہو تو پہلے اپنی کھجوریں بیچ ڈال اور پھر ان کی قیمت سے دوسری کھجوریں تو خرید لے۔ (بخاری و مسلم)

ایک غلام کے بدلے میں دو غلام؟

۲۶۹۱/۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ جَاءَ عَبْدٌ فَبَايَعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْهِجْرَةِ وَلَمْ يَشْعُرْ اَنَّهٗ عَبْدٌ فَجَاءَ سَيِّدُهٗ يُرِيْدُهٗ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعْنِيْهِ فَاشْتَرٰى لَهٗ بِعَبْدَيْنِ اَسْوَدَيْنِ وَلَمْ يُبَايِعْ اَحَدًا بَعْدَهٗ حَتّٰى يَسْئَلَهٗ عَبْدٌ هُوَ اَمْ حُرٌّ۔

(رواہ مسلم)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک غلام نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہوا اور ہجرت (یعنی ترکِ وطن پر) نبی صلعم سے بیعت کی اور آپ کو معلوم ہوا کہ یہ غلام ہے پھر اس کا مالک اس کو تلاش کرتا ہوا آیا۔ رسول اللہ صلعم نے اس سے فرمایا تو اس غلام کو میرے ہاتھ بیچ دے، چنانچہ آپ نے دو سیاہ رنگ غلام دے کر اس کو خرید لیا اور پھر کسی شخص سے بیعت نہ لی جب تک یہ معلوم نہ کر لیا کہ وہ غلام ہے یا آزاد۔ (مسلم)

ہم جنس چیزوں کا تفاوت کے ساتھ لین دین جائز نہیں

۲۶۹۲/۱۰ وَعَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الصُّبْرَةِ مِنَ التَّمْرِ لَا يُعْلَمُ مَكِيْلَتُهَا بِالْكَيْلِ الْمُسَمّٰى مِنَ التَّمْرِ۔

(رواہ مسلم)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا۔ منع ہے کھجوروں کے ایک ایسے ڈھیر کو جس کا وزن یا مقدار معلوم نہ ہو ان کھجوروں کے بدلے میں بیچنے سے جو ایک معیّن پیمانہ کی مقدار میں ہوں اپنی معیّن مقدار کی کھجوروں کو غیر معیّن مقدار کی کھجوروں کے بدلنے میں بیچنے سے منع فرمایا ہے۔ (مسلم)

سونے کی خرید و فروخت کا مسئلہ

۲۶۹۳/۱۱ وَعَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ اشْتَرَيْتُ يَوْمَ خَيْبَرَ قِلَادَةً بِاثْنَيْ عَشَرَ دِيْنَارًا فِيْهَا ذَهَبٌ وَخَرَزٌ فَفَصَّلْتُهَا فَوَجَدْتُ فِيْهَا اَكْثَرَ مِنْ اِثْنَيْ عَشَرَ دِيْنَارًا فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تُبَاعُ حَتّٰى تُفَصَّلَ۔

(رواہ مسلم)

حضرت فضالہ بن عبید رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے خیبر کی لڑائی کے سال ایک ہار بارہ دینار کو خرید کیا جس میں سونا بھی تھا اور نگینے بھی۔ پھر میں نے ہار میں سے دونوں چیزوں کو علیحدہ علیحدہ کیا تو سونا بارہ دینار سے زیادہ قیمت کا نکلا۔ اس کا ذکر میں نے نبی صلعم سے کیا تو آپ نے فرمایا نہ فروخت کیا جائے (ایسا ہار) جب تک سونا اور نگینے علیحدہ علیحدہ نہ کر لئے جائیں۔ (مسلم)

فصل دوم

سود کے بارہ میں آپؐ کی ایک پیش گوئی

۲۶۹۴/۱۲ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَاْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يَبْقٰى اَحَدٌ اِلَّا اٰكِلُ الرِّبٰوا فَاِنْ لَّمْ يَاْكُلْهُ اَصَابَهٗ مِنْ بُخَارِهٖ وَيُرْوٰى مِنْ غُبَارِهٖ۔ (رواہ احمد و ابوداؤد و نسائی و ابن ماجۃ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ ایک ایسا زمانہ لوگوں پہ آئے گا کہ سوائے سود کھانے والوں کے کوئی باقی نہ رہے گا۔ اگر کوئی شخص ہوگا بھی تو اس کو سود کا بخار (اثر) پہنچے گا اور ایک روایت میں ہے کہ اس کو سود کا غبار پہنچے گا۔

(احمد۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

مختلف الجنس چیزوں کے دست بدست باہمی لین دین میں کمی بیشی جائز و درست ہے

۲۶۹۵/۱۳ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبِيْعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ وَلَا الْبُرَّ بِالْبُرِّ بِالْبُرِّ وَلَا الشَّعِيْرَ بِالشَّعِيْرِ وَلَا التَّمْرَ بِالتَّمْرِ وَلَا الْمِلْحَ بِالْمِلْحِ اِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ عَيْنًا بِعَيْنٍ يَدًا بِيَدٍ وَلٰكِنْ بِيْعُوا الذَّهَبَ بِالْوَرِقِ وَالْوَرِقَ بِالذَّهَبِ وَالْبُرَّ بِالشَّعِيْرِ وَالشَّعِيْرَ بِالْبُرِّ وَالتَّمْرَ بِالْمِلْحِ وَالْمِلْحَ بِالتَّمْرِ يَدًا بِيَدٍ كَيْفَ شِئْتُمْ۔ (رواہ الشافعی)

حضرت عبادہ بن صامت رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ بیچو سونا سونے کے بدلے میں نہ چاندی، چاندی کے بدلے میں، اور نہ گیہوں گیہوں کے بدلے میں، اور نہ جَو جَو کے بدلے میں، اور نہ کھجور کھجور کے بدلے میں، اور نہ نمک نمک کے بدلے میں، مگر بالکل برابر برابر۔ نقد کے بدلے نقد اور دست بدست بیچو سونے کو بدلے چاندی کے۔ چاندی کو بدلے سونے کے۔ گیہوں کو بدلے جَو کے۔ جَو کو بدلے گیہوں کے، کھجور کو بدلے نمک، نمک کو بدلے کھجور کے دست بدست جس طرح تم چاہو۔ (شافعی)

خشک اور تازہ پھلوں کے باہمی لین دین کے مسائل

۲۶۹۶/۱۴ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ شَرْيِ التَّمْرِ بِالرُّطَبِ فَقَالَ اَيَنْقُصُ الرُّطَبُ اِذَا يَبِسَ فَقَالَ نَعَمْ فَنَهَاهُ عَنْ ذٰلِكَ۔ (رواہ مالک والترمذی وابوداؤد والنسائی وابن ماجۃ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضؓ کہتے ہیں میں نے سنا کہ، رسول اللہ صلعم سے پوچھا گیا۔ خشک کھجور کے بدلے تازہ کھجور کو خریدنے کی بابت آپ نے فرمایا۔ کیا تازہ کھجور کا وزن خشک ہو کر کم ہو جاتا ہے کہا گیا۔ ہاں آپ نے اس کی بیع سے منع فرمایا۔ (مالک۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

گوشت اور جانور کے باہمی تبادلہ کا مسئلہ

۲۶۹۷/۱۵ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ مُرْسَلًا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ اللَّحْمِ بِالْحَيَوَانِ قَالَ سَعِيْدٌ كَانَ مِنْ مَّيْسِرِ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ۔ (رواہ فی شرح السنۃ)

حضرت سعید بن مسیّب مرسلاً روایت کرتے ہیں کہ نبی صلعم نے منع فرمایا ہے گوشت کو بیچنے سے بدلے میں جانور کے۔ سعید کا بیان ہے کہ یہ طریقہ جاہلیت کے جوئے میں سے تھا۔ (شرح السنۃ)

دو جانوروں کا باہمی تبادلہ اُدھار کی صورت میں ناجائز ہے

۲۶۹۸/۱۶ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيْئَةً۔ (رواہ الترمذی و ابوداؤد و النسائی و ابن ماجۃ و الدارمی)

حضرت سمرۃ بن جُندبؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جانور کے بدلے جانور وعدہ پر (یعنی اُدھار) بیچنے سے منع فرمایا ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

غیر مثلی چیزوں کے قرض لینے کا مسئلہ

۲۶۹۹/۱۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهٗ اَنْ يُّجَهِّزَ جَيْشًا فَنَفِدَتِ الْاِبِلُ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّاْخُذَ عَلٰى قَلَائِصِ الصَّدَقَةِ فَكَانَ يَاْخُذُ الْبَعِيْرَ بِالْبَعِيْرَيْنِ اِلٰى اِبِلِ

حضرت عبد اللہ بن عمروؓ بن العاص کہتے ہیں کہ نبی صلعم نے ان کو لشکر کا سامان درست کرنے کا حکم دیا اور جب اونٹوں کی کمی ہو گئی تو فرمایا کہ صدقہ کے اونٹوں کے بدلے اُدھار لے لو چنانچہ عبد اللہ نے ایک اونٹ کو دو اونٹوں کے بدلے صدقہ کے

الصَّدَقَةِ۔ (رواہ ابوداؤد)

اونٹوں کے آجانے کے وعدہ پر خرید کرلیا۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

ادھار لین دین میں سود کا مسئلہ

۲۷۰۰/۱۸ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلرِّبٰوا فِي النَّسِيْئَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ لَا رِبٰوا فِيْمَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ۔ (متفق علیہ)

حضرت اُسامہ بن زید رضؓ کہتے ہیں۔ نبی صلعم نے فرمایا ہے۔ سُود اُدھار میں سے ہے اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ اس چیز میں سُود نہیں جو دست بدست ہو۔ (بخاری و مسلم)

سود کھانے پر وعید

۲۷۰۱/۱۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ غَسِيْلِ الْمَلٰئِكَةِ[1] قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِرْهَمُ رِبًا يَاْكُلُهُ الرَّجُلُ وَهُوَ يَعْلَمُ اَشَدُّ مِنْ سِتَّةٍ وَثَلٰثِيْنَ زَنِيَّةً۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالدَّارُقُطْنِيُّ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَزَادَ وَقَالَ مَنْ نَبَتَ لَحْمُهٗ مِنَ السُّحْتِ فَالنَّارُ اَوْلٰى بِهٖ۔

حضرت عبداللہ بن حنظلہ غسیل ملائکہ کہتے ہیں۔ فرمایا رسُول اللہ صلعم نے سُود کا ایک درہم جس کو آدمی جان بوجھ کر کھائے چھتیس ۳۶ زنا سے زیادہ گناہ رکھتا ہے۔ (احمد۔ دارقطنی اور بیہقی نے شعب الایمان میں ابن عباس رضؓ سے یہی روایت نقل کی ہے اور یہ الفاظ زیادہ نقل کئے ہیں کہ فرمایا نبی صلعم نے جو گوشت مال حرام سے پیدا ہو وہ دوزخ ہی کے لائق ہے)

۲۷۰۲/۲۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلرِّبٰوا سَبْعُوْنَ جُزْءًا اَيْسَرُهَا اَنْ يَّنْكِحَ الرَّجُلُ اُمَّهٗ۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسُول اللہ صلعم نے کہ سُود کے گناہ کے ستر حصّے ہیں ایک معمولی سا حصّہ یہ ہے کہ (اس کا گناہ ایسا ہے جیسا کہ) کوئی شخص اپنی ماں سے جماع کرے۔ (ابن ماجہ۔ بیہقی)

۲۷۰۳/۲۱ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرِّبٰوا وَاِنْ كَثُرَ فَاِنَّ عَاقِبَتَهٗ تَصِيْرُ اِلٰى اُقَلَّ رَوَاهُمَا ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ وَاَحْمَدُ۔

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ سود (کا مال) اگرچہ زیادہ ہو لیکن اس کا انجام کمی پر ہوتا ہے۔ (ابن ماجہ۔ بیہقی۔ احمد)

۲۷۰۴/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَيْتُ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِيْ عَلٰى قَوْمٍ بُطُوْنُهُمْ كَالْبُيُوْتِ فِيْهَا الْحَيَّاتُ تُرٰى مِنْ خَارِجِ بُطُوْنِهِمْ فَقُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرَئِيْلُ۔ قَالَ هٰؤُلَاءِ اٰكِلَةُ الرِّبٰوا۔ (رواہ احمد و ابن ماجۃ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ، معراج کی رات میں میرا گزر ایک قوم پر ہوا جن کے پیٹ گھڑوں کی مانند تھے (یعنی بڑے بڑے) اور ان پیٹوں میں سانپ بھرے ہوئے تھے جو پیٹوں کے باہر سے نظر آتے تھے۔ میں نے پوچھا جبریلؑ! یہ کون ہیں؟ کہا یہ لوگ سود خوار ہیں۔ (احمد۔ ابن ماجہ)

سود خوار پر آپؐ کی لعنت

۲۷۰۵/۲۳ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اٰكِلَ الرِّبٰوا وَمُوْكِلَهٗ وَكَاتِبَهٗ وَمَانِعَ الصَّدَقَةِ وَكَانَ يَنْهٰى عَنِ النَّوْحِ۔ (رواہ النسائی)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں۔ میں نے سُنا رسُول اللہ صلعم کو لعنت فرماتے ہوئے سود خوار پر، سود دینے والے پر، سود کا کاغذ لکھنے والے پر، یا سُود کا حساب لکھنے والے پر اور صدقہ سے منع کرنے والے پر اور آپ منع فرماتے تھے نوحہ کرنے سے۔ (نسائی)

---

[1] غسیل ملائکہ۔ ان کو بعدِ شہادت فرشتوں نے غسل دیا تھا۔ ۱۲ مترجم

ربا کی تشریح کے متعلق حضرت عمرؓ کا ارشاد

۲۷۰۶/۲۴ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّ اٰخِرَ مَا نَزَلَتْ اٰيَةُ الرِّبٰوا وَاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُبِضَ وَلَمْ يُفَسِّرْهَا لَنَا فَدَعُوا الرِّبٰوا وَالرِّيْبَةَ (رواه ابن ماجة والدارمی)

حضرت عمر بن خطابؓ کہتے ہیں کہ آخری چیز جو رسول اللہ صلعم پر نازل ہوئی ربوٰ کی آیت ہے اور رسول اللہؐ وفات پاگئے اور اس آیت کی تفسیر نہیں فرمائی۔ پس چھوڑ دو تم سود کو اور اس چیز کو جس میں سود کا شک وشبہ ہو۔ (ابن ماجہ۔ دارمی)

قرض خواہ، قرض دار سے کوئی بھی تحفہ قبول نہ کرے

۲۷۰۷/۲۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَقْرَضَ اَحَدُكُمْ قَرْضًا فَاَهْدٰى اِلَيْهِ اَوْ حَمَلَهٗ عَلَى الدَّابَّةِ فَلَا يَرْكَبْهُ وَلَا يَقْبَلْهَا اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ جَرٰى بَيْنَهٗ وَبَيْنَهٗ قَبْلَ ذٰلِكَ۔ (رواه ابن ماجة والبيهقی فی شعب الايمان)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ تم میں سے جو شخص کسی کو قرض دے اور پھر قرض لینے والا اس کے پاس کوئی ہدیہ یا تحفہ بھیجے یا سواری کے لئے کوئی جانور دے تو وہ نہ سواری پر سوار ہو اور نہ اس کے ہدیے اور تحفے کو قبول کرے مگر ہاں اس صورت میں جب کہ قرض دینے سے پہلے بھی اس قسم کا معاملہ جاری ہو۔ (ابن ماجہ۔ بیہقی)

۲۷۰۸/۲۶ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَقْرَضَ الرَّجُلُ فَلَا يَاْخُذْ هَدِيَّةً۔ (رواه البخاری فی تاريخه هكذا فی المنتقی۔)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلعم نے فرمایا ہے جب کوئی کسی کو قرض دے تو پھر قرض لینے والے سے ہدیہ قبول نہ کرے۔ (بخاری)

۲۷۰۹/۲۷ وَعَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فَلَقِيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ فَقَالَ اِنَّكَ بِاَرْضٍ فِيْهَا الرِّبٰوا فَاشٍ فَاِذَا كَانَ لَكَ عَلٰى رَجُلٍ حَقٌّ فَاَهْدٰى اِلَيْكَ حِمْلَ تِبْنٍ اَوْ حِمْلَ شَعِيْرٍ اَوْ حِمْلَ قَتٍّ فَلَا تَاْخُذْهُ فَاِنَّهٗ رِبًوا (رواه البخاری)

ابی بردہ بن ابی موسیٰ کہتے ہیں کہ میں مدینہ میں آیا تو میں نے حضرت عبداللہ بن سلام رضؓ سے ملاقات کی۔ انھوں نے مجھ سے کہا تم ایک ایسی زمین میں ہو جہاں سود کا بہت رواج ہے پس ایسی حالت میں اگر کسی پر تمہارا حق (قرض) ہو اور وہ تمہارے پاس ہدیہ کے طور پر بھوسہ کا ایک یا جَو کا ایک بوجھ یا گھاس کا ایک گٹھا بھیجے تو تم اس کو نہ لینا اس لئے کہ یہ سود کا حکم رکھتا ہے۔ (بخاری)

بَابُ الْمَنْهِيِّ عَنْهَا مِنَ الْبُيُوْعِ

جن بیعوں سے ممانعت کی گئی ہے اُن کا بیان

فصل اوّل

وہ بیوع جن سے منع کیا گیا ہے

۲۷۱۰/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُزَابَنَةِ اَنْ يَّبِيْعَ ثَمَرَ حَائِطِهٖ اِنْ كَانَ نَخْلًا بِتَمْرٍ كَيْلًا وَّاِنْ كَانَ كَرْمًا اَنْ يَّبِيْعَهٗ بِزَبِيْبٍ كَيْلًا اَوْ كَانَ وَعِنْدَ مُسْلِمٍ وَاِنْ كَانَ زَرْعًا

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ منع فرمایا ہے رسول اللہ صلعم نے مزابنہ سے۔ اگر پھل کھجوریں ہیں تو اس طرح بیچے کہ خشک کھجوروں کے پیمانے مقرر کرلے اور تازہ کھجوروں کا درخت اندازہ کرلے اور انگور ہوں تو خشک انگوروں کے پیمانے معین کردے اور تازہ انگوروں کا

اَنْ يَّبِيْعَا بِكَيْلٍ طَعَامٍ نَهٰى عَنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ۔ (متفق عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا نَهٰى عَنِ الْمُزَابَنَةِ قَالَ وَالْمُزَابَنَةُ اَنْ يُّبَاعَ مَا فِيْ رُءُوْسِ النَّخْلِ بِتَمْرٍ بِكَيْلٍ مُسَمًّى اَنْ زَادَ فَلِيْ وَاِنْ نَقَصَ فَعَلَيَّ۔

درختوں پر اندازہ کرلے۔ اسی طرح اور جو پھل بھی ہوں اور مسلم میں ہے کہ اگر کھیتی ہو تو اس کو اس طرح فروخت کرے کہ غلہ کے پیمانے مقرر کرلے اور کھیت کے غلہ کا اندازہ کرلے۔ آپ نے اس قسم کی تمام بیعوں سے منع فرمایا ہے۔ (بخاری و مسلم) ایک اور روایت میں ہے کہ آپ نے منع فرمایا ہے مزابنہ سے اور پھر فرمایا مزابنہ فروخت کرنا ان پھلوں کا ہے جو درختوں پر لگے ہوئے ہیں۔ خشک پھلوں کے بدلے میں پیمانہ مقرر کرکے اور شرط کرکے کہ اگر درختوں کے پھل زیادہ ہوئے تو میرے لئے ہیں اور اس مقدار سے کم نکلے جو دی گئی ہے تو کمی کا پورا کرنا اس کے ذمہ ہے جس نے خشک پھل لئے ہیں۔

۲۷۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُخَابَرَةِ وَالْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُحَاقَلَةُ اَنْ يَّبِيْعَ الرَّجُلُ الزَّرْعَ بِمِائَةِ فَرَقٍ حِنْطَةٍ وَالْمُزَابَنَةُ اَنْ يَّبِيْعَ التَّمْرَ فِيْ رُءُوْسِ النَّخْلِ بِمِائَةِ فَرَقٍ وَالْمُخَابَرَةُ كِرَاءُ الْاَرْضِ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ۔ (رواہ مسلم)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ منع فرمایا ہے رسول اللہ صلعم نے مخابرت سے محاقلت اور مزابنت سے اور محاقلت یہ ہے کہ بیچ ڈالے کوئی شخص اپنی کھڑی کھیتی کو بدلے میں سو فرق (پیمانہ کا نام) غلہ کے اور مزابنہ یہ ہے کہ مثلاً بیچے کوئی شخص ان کھجوروں کو جو درخت پر ہیں بدلے میں سو فرق کھجور کے اور مخابرت یہ ہے کہ کوئی شخص اپنی زمین کو بٹائی پر کاشت کرنے کے لئے دیدے مثلاً پیداوار کی تہائی یا چوتھائی پر۔ (مسلم)

۲۷۱۲ وَعَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُخَابَرَةِ وَالْمُعَاوَمَةِ وَعَنِ الثُّنْيَا وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا۔ (رواہ مسلم)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ منع فرمایا ہے رسول اللہ صلعم نے محاقلت سے مزابنت اور مخابرت سے، معاومت[1] اور ثنیا سے اور عرایا کی اجازت دی ہے۔ (مسلم)

۲۷۱۳ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ التَّمْرِ بِالتَّمْرِ اِلَّا اَنَّهٗ رَخَّصَ فِي الْعَرِيَّةِ اَنْ تُبَاعَ بِخَرْصِهَا تَمْرًا يَّاْكُلُهَا اَهْلُهَا رُطَبًا۔ (متفق علیہ)

حضرت سہل بن ابی حثمہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے منع فرمایا ہے درختوں پر لگی ہوئی کھجوروں کے بدلے خشک کھجوروں کو بیچنے سے مگر آپ نے اجازت دی ہے عریہ میں اس کی کہ بیچا جائے درخت کی کھجوروں کو خشک کھجوروں کے بدلے اور کھائیں اس پھل کو خریدار اس کے۔ (بخاری و مسلم)

بیع عرایا کا مسئلہ

۲۷۱۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِيْ بَيْعِ الْعَرَايَا بِخَرْصِهَا مِنَ التَّمْرِ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ اَوْ فِيْ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ (شَكَّ دَاوٗدُ بْنُ الْحُصَيْنِ) متفق علیہ۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے اجازت دی عرایا کے بیچنے کی (یعنی کے پھلوں کے بیچنے کی) خشک کھجوروں کے بدلے اندازہ کرکے درخت کے پھلوں کا جب کہ کھجوروں کا اندازہ پانچ وسق یا اس سے کم ہو (یعنی پانچ وسق تک اندازہ کی کھجوروں کو بیچا جاسکتا ہے اس سے زیادہ کی اجازت نہیں ہے وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور صاع میں ۴ سیر کے قریب غلہ آتا ہے (بخاری و مسلم)

بیع ثمر خام کی ممانعت

۲۷۱۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى يَبْدُوَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے منع فرمایا ہے پھلوں کو اس وقت تک بیچنے سے جب تک کہ ان کی پختگی ظاہر نہ ہو جائے

---

[1] محاقلت، مزابنت اور مخابرت کے معنی بیان ہو چکے ہیں۔ معاومت کے معنی یہ ہیں کہ درختوں کے پھلوں کو نمودار ہونے سے پہلے ایک سال دو سال تین سال یا زیادہ مدت کے لئے فروخت کردیا جائے۔ اور ثنیا یہ ہے کہ پھل دار درختوں کو بیچ دیا جائے اور پھلوں کے ایک غیر معین مقدار باغ سے مستثنیٰ کرلی جائے یعنی ان کو نہ بیچے۔ اور عرایا وہ درخت ہیں جن کو عاریتاً پھل کھانے کے لئے محتاجوں کو دیدیا جائے۔ ۱۲ مترجم

وَصَدَقَهَا نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُشْتَرِيَ (متفق عليه)
وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ نَهَى عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتّٰى تَزْهُوَ وَعَنِ السُّنْبُلِ حَتّٰى يَبْيَضَّ وَيَأْمَنَ الْعَاهَةَ۔

اور یہ ممانعت خریدنے والے اور بیچنے والے دونوں کے لئے ہے (بخاری و مسلم) اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ منع فرمایا ہے رسول اللہ صلعم نے کھجوروں کے پھل دار درختوں کو اس وقت تک بیچنے سے جب تک ان کے پھل سُرخ و زرد نہ ہو جائیں اور منع فرمایا کھیتی کے خوشوں کو بیچنے سے۔

۲۷۱۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى تُزْهِيَ قِيْلَ وَمَا تُزْهِيَ قَالَ حَتّٰى تَحْمَرَّ وَقَالَ اَرَاَيْتَ اِذَا مَنَعَ اللّٰهُ الثَّمَرَةَ بِمَ يَاْخُذُ اَحَدُكُمْ مَالَ اَخِيْهِ۔ (متفق عليه)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ منع فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پھل دار درختوں کو بیچنے سے جب تک وہ خوش رنگ نہ ہو جائیں۔ پوچھا گیا، خوش رنگ ہونا کیا ہے؟ فرمایا جب تک وہ سرخ نہ ہو جائیں اور پھر فرمایا بتاؤ جب خداوند تعالےٰ پھلوں کو پکنے سے روک دے تو تم میں سے کوئی کیوں کر اپنے بھائی کا مال لے گا؟ (بخاری و مسلم)

پھل دار درختوں کو کئی سالوں کے لئے پیشگی بیچ ڈالنے کی ممانعت

۲۷۱۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ السِّنِيْنَ وَاَمَرَ بِوَضْعِ الْجَوَائِحِ۔ (رواه مسلم)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں منع فرمایا رسول اللہ صلعم نے چند سالوں کا میوہ بیچنے سے (یعنی ایک دو تین سال کا پھل بیچ دینے سے اور حکم دیا آفتوں (کے نقصان) میں کمی کر دینے سے (یعنی بیچ ڈالنے کے بعد کسی آفت سے پھلوں میں کمی ہو جائے تو خریدار کو نقصان سے بچانے کے لئے معاوضہ میں کمی کر دی جائے۔ (مسلم)

ضائع ہو جانے والی مبیع کا ذمہ دار کون ہے

۲۷۱۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ بِعْتَ مِنْ اَخِيْكَ ثَمَرًا فَاَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ فَلَا يَحِلُّ لَكَ اَنْ تَاْخُذَ مِنْهُ شَيْئًا بِمَ تَاْخُذُ مَالَ اَخِيْكَ بِغَيْرِ حَقٍّ۔ (رواه مسلم)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ اگر تو نے اپنے پھلوں کو اپنے (مسلمان) بھائی کے ہاتھ فروخت کیا پھر ان پھلوں پر کوئی آفت نازل ہوئی اور وہ برباد ہو گئے تو تجھ کو اپنے بھائی سے کچھ لینے کا کوئی حق نہیں ہے اور تو ناحق اپنے بھائی کے مال کو کیوں لیتا ہے۔ (مسلم)

بیع اشیاء منقولہ میں قبل قبضہ دوسری بیع جائز نہیں ہے

۲۷۱۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانُوْا يَبْتَاعُوْنَ الطَّعَامَ فِيْ اَعْلَى السُّوْقِ فَيَبِيْعُوْنَهُ فِيْ مَكَانِهِ فَنَهَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِهِ فِيْ مَكَانِهِ حَتّٰى يَنْقُلُوْهُ۔ (رواه ابوداؤد ولم اجده في الصحيحين)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ لوگ بلندی کی جانب کے بازار میں غلہ خریدتے تھے اور پھر اسی جگہ اس کو بیچ ڈالتے تھے رسول اللہ صلعم نے ان لوگوں کو اس سے منع فرمایا کہ جب تک غلہ کو اس کی جگہ سے منتقل نہ کر دیا جائے اس کو فروخت نہ کیا جائے۔

خرید و فروخت کے سلسلہ میں چند ہدایات

۲۷۲۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا يَبِيْعُهُ حَتّٰى يَسْتَوْفِيَهُ وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ عَبَّاسٍ حَتّٰى يَكْتَالَهُ۔ (متفق عليه)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ جو شخص غلہ خرید کرے تو وہ اس کو اس وقت تک فروخت نہ کرے جب تک اس کو پورا نہ کر لے (یعنی اس پر قبضہ کر کے اس کی مقدار کو پورا نہ کر لے جو اس نے خریدی ہے) اور ابن عباس رضؓ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب تک اس کو ناپ نہ لے (بخاری و مسلم)

۲۷۲۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَمَّا الَّذِيْ نَهَى عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ الطَّعَامُ اَنْ يُبَاعَ حَتّٰى

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ وہ چیز جس سے رسول اللہ صلعم نے منع فرمایا ہے وہ غلہ ہے جس کو قبضہ سے پہلے ہی فروخت کر دیا جائے،

يُقْبَضَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَلَا أَحْسَبُ كُلَّ شَيْءٍ إِلَّا مِثْلَهُ۔ (متفق علیہ)

ابن عباس رضؓ کا بیان ہے کہ میرے خیال میں اس ممانعت میں ہر چیز شامل ہے یعنی ہر چیز کا حکم غلہ ہی کے مانند ہے۔ (بخاری و مسلم)

۲۷۲۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَلَقَّوُا الرُّكْبَانَ لِلْبَيْعِ وَلَا يَبِيعُ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ بَعْضٍ وَلَا تَنَاجَشُوا وَلَا يَبِيعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَلَا تُصَرُّوا الْإِبِلَ وَالْغَنَمَ فَمَنِ ابْتَاعَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ بَعْدَ أَنْ يَحْلُبَهَا إِنْ رَضِيَهَا أَمْسَكَهَا وَإِنْ سَخِطَهَا رَدَّهَا وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ۔ متفق علیہ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ مَنِ اشْتَرَى شَاةً مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ وَإِنْ رَدَّهَا رَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِنْ طَعَامٍ لَا سَمْرَاءَ۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا تم آگے جاکر غلہ لانیوالے قافلہ سے نہ ملو[1] اور نہ بیچے تم میں کوئی شخص اپنے بھائی کی بیع پر[2] اور نجش نہ کرو[3] اور نہ فروخت کرے شہری دیہاتی آدمی کا مال[4] اور نہ جمع کرو اونٹ اور بکری کے تھنوں میں دودھ کو[5] پس جو شخص ایسے جانور کو خریدے تو دودھ دینے کے بعد اس کو دونوں باتوں کا اختیار حاصل ہے اگر وہ راضی ہو تو جانور کو رکھ لے اور خوش نہ ہو تو جانور کو واپس کردے اور واپسی کے ساتھ ایک صاع کھجوریں دیدیں (بخاری و مسلم) اور مسلم میں ایک روایت کے اندر یہ الفاظ ہیں کہ جو شخص ایسی بکری کو خریدے جس کے تھنوں میں دودھ جمع ہو تو اس کو تین دن تک اختیار حاصل ہے اور اگر واپس کرے تو اس کے ساتھ ایک صاع کھجوریں دیدے گیہوں نہ دے۔

۲۷۲۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلَقَّوُا الْجَلَبَ فَمَنْ تَلَقَّاهُ فَاشْتَرَى مِنْهُ فَإِذَا أَتَى سَيِّدُهُ السُّوقَ فَهُوَ بِالْخِيَارِ۔ (رواہ مسلم)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے۔ تم غلہ لانے والے قافلہ سے جاکر نہ ملو اگر تم جاکر ملے اور اس سے غلہ خرید لیا۔ پھر غلہ کا مالک بازار میں آیا تو اس کو بیع کے قائم رکھنے اور فسخ کردینے کا اختیار حاصل ہے (یعنی چاہے وہ تمہارے ہاتھ غلہ بیچے یا نہ بیچے) (مسلم)

۲۷۲۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلَقَّوُا السِّلَعَ حَتّٰى يُهْبَطَ بِهَا إِلَى السُّوقِ۔ (متفق علیہ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ تم سامان لانے والوں سے جاکر نہ ملو (اور اس وقت تک مال نہ خریدو) جب تک وہ بازار میں آکر اپنے مال کو نہ اتارے۔ (بخاری و مسلم)

کسی کے معاملہ میں اپنی ٹانگ نہ اڑاؤ

۲۷۲۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبِيعُ الرَّجُلُ عَلٰى بَيْعِ أَخِيهِ وَلَا يَخْطُبُ عَلٰى خِطْبَةِ أَخِيهِ إِلَّا أَنْ يَأْذَنَ لَهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کوئی شخص اپنے بھائی کی بیع پر اپنا مال نہ بیچے اور نہ اپنے بھائی کے پیغام نکاح پر اپنا پیام پہنچائے مگر جب کہ اس کو اس کی اجازت دیدی جائے۔ (مسلم)

۲۷۲۶ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَسُومُ الرَّجُلُ عَلٰى سَوْمِ أَخِيهِ الْمُسْلِمِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ کوئی شخص اپنے بھائی مسلمان کے مقابلہ میں (جب کہ فریقین بیع پر راضی ہوگئے ہوں) کسی چیز کے دام نہ لگائے۔ (مسلم)

---

[1] یعنی شہر میں غلہ آنے سے پہلے راستہ ہی میں جاکر نہ خرید لو۔ ۱۲ [2] یعنی دو شخصوں کے درمیان خرید و فروخت کا معاملہ ہو جانے پر کوئی تیسرا شخص اس بیع کے مقابلہ میں، کم داموں پر یا اس کے مال میں نقص بتاکر، فروخت کرے ۱۲ [3] "نجش" کے معنی رغبت دلانا۔ مثلاً دو شخصوں کے درمیان خرید و فروخت کی گفتگو ہو رہی ہے تیسرا شخص آکر چیز کی تعریف کرے تاکہ خریدار کو رغبت ہو، یا قیمت زیادہ لگائے تاکہ خریدار اس کی قیمت بڑھائے، حالانکہ اس تیسرے شخص کو خریداری منظور نہ ہو۔ ۱۲ [4] یعنی کوئی دیہاتی بازار کے نرخ پر فروخت کرنے کے لئے غلہ لائے لیکن ایک شہری اس سے کہے غلہ میرے سپرد کرجاؤ میں آئندہ گراں قیمت پر فروخت کرکے رقم تجھ کو دیدوں گا، اس سے منع فرمایا گیا ہے۔ ۱۲

[5] یعنی دو تین وقت کا دودھ تھنوں میں جمع کرکے جانور کو فروخت نہ کرو۔ ۱۲ مترجم

شہری آدمی دیہاتی کا مال فروخت نہ کرے

۲۷۲۷/۱۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ دَعُوا النَّاسَ يَرْزُقُ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے شہری آدمی دیہاتی کا مال نہ بیچے۔ چھوڑ دو لوگوں کو ان کے حال پر تاکہ خداوند تعالیٰ بعض کو بعض سے رزق دے۔ (مسلم)

بیع بلا صورت ومنابذت کی ممانعت

۲۷۲۸/۱۹ وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لِبْسَتَيْنِ وَعَنْ بَيْعَتَيْنِ نَهٰى عَنِ الْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ فِي الْبَيْعِ وَالْمُلَامَسَةُ لَمْسُ الرَّجُلِ ثَوْبَ الْاٰخَرِ بِيَدِهٖ بِاللَّيْلِ اَوْ بِالنَّهَارِ وَلَا يُقَلِّبُهٗ اِلَّا بِذٰلِكَ وَالْمُنَابَذَةُ اَنْ يَنْبِذَ الرَّجُلُ بِثَوْبِهٖ وَيَنْبِذَ الْاٰخَرُ ثَوْبَهٗ وَيَكُوْنُ ذٰلِكَ بَيْعُهُمَا عَنْ غَيْرِ نَظَرٍ وَّلَا تَرَاضٍ وَالْلِّبْسَتَيْنِ اِشْتِمَالُ الصَّمَّاءِ وَالصَّمَّاءُ اَنْ يَّجْعَلَ ثَوْبَهٗ عَلٰى اَحَدِ عَاتِقَيْهِ فَيَبْدُوْ اَحَدُ شِقَّيْهِ لَيْسَ عَلَيْهِ ثَوْبٌ وَالْلِّبْسَةُ الْاُخْرٰى اِحْتِبَاءُهٗ بِثَوْبِهٖ وَهُوَ جَالِسٌ عَلٰى فَرْجِهٖ مِنْهُ شَيْءٌ۔ (متفق علیہ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے منع فرمایا ہے دو قسم کے لباس سے اور دو طرح کی بیع سے اور منع فرمایا ہے ملامست سے اور منابذت سے۔ اور ملامست یہ ہے کہ کپڑے کو دن میں یا رات میں صرف ہاتھ لگا دیا جائے کھول کر نہ دیکھا جائے اور بیع پوری ہو جائے اور منابذہ یہ ہے کہ بیچنے والا کپڑے کو خریدار کی طرف پھینک دے، اور خریدار اس کو اٹھا کر بیچنے والے کی طرف پھینک دے اور کھول کر دیکھے بھالے نہیں، بیع کامل ہو جائے گی خواہ فریقین راضی ہوں یا نہ ہوں (ایام جاہلیت میں بیع کا ایک طریقہ یہ بھی تھا۔ اور دو قسم کے لباس سے جو آپ نے منع فرمایا ہے اس سے مراد ایک تو کپڑے کو صماء کے طور پہننا ہے اور صماء یہ ہے کہ کسی ایک کاندھے پر اس طرح کپڑا پہنا جائے کہ دونوں معلوم ہوں۔ اور صماء ایک اور معنی یہ ہیں کہ کپڑے کو از سر تا پا اس طرح لپیٹا جائے کہ ہاتھ پاؤں چہرہ وغیرہ نظر نہ آئے) اور لباس کا دوسرا ممنوع طریقہ یہ ہے کہ کپڑے جسم پر اس طرح لپیٹ کر بیٹھے کہ شرمگاہ کھلی رہے۔ (بخاری ومسلم)

بیع حصاۃ اور بیع غرر کی ممانعت

۲۷۲۹/۲۰ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْحَصَاةِ وَعَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے بیع حصاۃ اور بیع غرر سے منع فرمایا ہے[1]۔ (مسلم)

بیع الحبل الحبلہ کی ممانعت

۲۷۳۰/۲۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ وَكَانَ بَيْعًا يَتَبَايَعُهٗ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ كَانَ الرَّجُلُ يَبْتَاعُ الْجَزُوْرَ اِلٰى اَنْ تُنْتَجَ النَّاقَةُ ثُمَّ تُنْتَجُ الَّتِيْ فِيْ بَطْنِهَا۔ (متفق علیہ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں منع فرمایا رسول اللہ صلعم نے حمل کے حمل پر بیچنے سے اور یہ ایک بیع تھی جس کا جاہلیت میں رواج تھا یعنی ایک شخص اونٹنی کو اس شرط پر خریدتا ہے کہ جب اس کے پیٹ سے بچہ پیدا ہوگا تب اس اونٹنی کی قیمت ادا کروں گا۔ (بخاری ومسلم)

نر کو مادہ پر چھوڑنے کی اجرت لینے کی ممانعت

۲۷۳۱/۲۲ وَعَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ منع فرمایا ہے رسول اللہ صلعم نے نر کو مادہ پر چھوڑنے کی اجرت سے۔ (بخاری)

---

[1] بیع حصاۃ سے کنکری کی بیع مراد ہے۔ مثلاً خریدار بیچنے والے سے کہے کہ جب میں تیرے مال پر کنکری پھینکوں بیع پختہ ہو جائے۔ یا بیچنے والا کہے کہ جس چیز پر تیری کنکری پڑے وہ تیرے ہاتھ بیع ہے، وغیرہ اور بیع غرر، بغیر قبضہ وغیر مشاہدہ بیع۔ جیسے آجکل سٹہ اور اس کی بولی۔

پانی بیچنے کی ممانعت

۲۷۳۲/۲۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ ضِرَابِ الْجَمَلِ وَعَنْ بَيْعِ الْمَاءِ وَالْاَرْضِ لِتُحْرَثَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ منع فرمایا ہے رسول اللہ صلعم نے اونٹ کو اونٹنی پر چھوڑنے کی اجرت سے اور زمین اور پانی کو بٹائی پر دینے سے یعنی اس پانی کو جو زمین کے قریب ہے۔ (مسلم)

ضرورت سے زائد پانی کو بیچنے کی ممانعت

۲۷۳۳/۲۴ وَعَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ فَضْلِ الْمَاءِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ منع فرمایا ہے رسول اللہ صلعم نے اس پانی کو بیچنے سے جو اپنی ضرورت سے زیادہ ہو۔ (مسلم)

۲۷۳۴/۲۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُبَاعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُبَاعَ بِهِ الْكَلَاءُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ نہ بیچا جائے زیادہ پانی کو اس خیال سے کہ اس کے ذریعہ گھاس فروخت کی جائے[۵۲] (بخاری و مسلم)

فریب ہی سے بچو

۲۷۳۵/۲۶ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى صُبْرَةِ طَعَامٍ فَاَدْخَلَ يَدَهٗ فِيْهَا فَنَالَتْ اَصَابِعُهٗ بَلَلًا فَقَالَ مَا هٰذَا يَا صَاحِبَ الطَّعَامِ قَالَ اَصَابَتْهُ السَّمَاءُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ قَالَ اَفَلَا جَعَلْتَهٗ فَوْقَ الطَّعَامِ حَتّٰى يَرَاهُ النَّاسُ مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنِّیْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم غلّہ کے ایک ڈھیر کے قریب سے گزرے اور اس ڈھیر میں اپنا ہاتھ داخل کیا۔ آپ کو کچھ تری محسوس ہوئی آپ نے فرمایا اے غلّہ کے مالک یہ کیا ہے (یعنی یہ تری کیسی ہے؟) اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس پر مینھ برس گیا تھا۔ آپ نے فرمایا تر غلّہ کو تو نے اوپر کیوں نہیں رکھا تاکہ لوگ اس کو دیکھ لیتے پھر فرمایا کہ جس نے فریب کیا وہ مجھ سے نہیں ہے (یعنی میرے طریقہ پر نہیں) (مسلم)

فصل دوم

بیع ثنیا کی ممانعت

۲۷۳۶/۲۷ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الثُّنْيَا اِلَّا اَنْ يُّعْلَمَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے منع فرمایا ہے ثنیا سے مگر جب تک مقدار مقرر کر دی جائے۔ (ترمذی)

پھل اور کھیتی پکنے کے بعد ہی فروخت کی جائے

۲۷۳۷/۲۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْعِنَبِ حَتّٰى يَسْوَدَّ وَعَنْ بَيْعِ الْحَبِّ حَتّٰى يَشْتَدَّ هٰكَذَا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَلَيْسَ عِنْدَهُمَا فِیْ رِوَايَتِهٖ نَهٰى عَنْ بَيْعِ التَّمْرِ حَتّٰى تَزْهُوَ اِلَّا فِیْ رِوَايَةِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ التَّمْرِ حَتّٰى تَزْهُوَ، وَرَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ عَنْ اَنَسٍ وَالزِّيَادَةُ الَّتِیْ فِی الْمَصَابِيْحِ وَهِیَ قَوْلُهٗ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ منع فرمایا ہے رسول اللہ صلعم نے انگوروں کو بیچنے سے جب تک وہ سیاہ نہ ہو جائیں (یعنی پک نہ جائیں) اور منع فرمایا غلہ کے بیچنے سے جب تک پختہ نہ ہو جائے۔ ترمذی، ابوداؤد اور ان دونوں کی روایت میں انس رضؓ سے یہ الفاظ موجود نہیں کہ حضور نے کھجور کے بیچنے سے سرخ ہونے تک منع فرمایا ہے لیکن یہ الفاظ ابن عمر رضؓ کی ہیں۔ اور انس رضؓ کی روایت میں ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کی ہے۔ اور مصابیح جو انس رضؓ کی روایت

---

۵۲ یعنی ایک کاشتکار اپنے زیر کاشت رقبہ کو پانی دیکر بھی پڑوسی کاشتکار کو پانی نہ دے اور غیر مزروعہ علاقہ میں چھوڑ دے تاکہ وہاں پانی سے گھاس اُگے اور وہ فروخت کرے۔

نَهٰى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتّٰى تَزْهُوَ اِنَّمَا ثَبَتَ فِيْ رِوَايَتِهِمَا عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتّٰى تَزْهُوَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔

ہے اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں تو وہ ترمذی اور ابوداؤد میں حضرت ابن عمر رضؓ کی حدیث میں ہے نہ کہ حضرت انس کی حدیث میں ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے۔

اُدھار کو اُدھار کے ساتھ بیچنے کی ممانعت

۲۷۳۸/۲۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْكَالِئِ بِالْكَالِئِ۔ (رواہ دار قطنی)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ منع فرمایا ہے نبی صلعم نے اُدھار کو اُدھار کے ساتھ بیچنے سے[1] (دار قطنی)

بیعانہ یا سائی کا مسئلہ

۲۷۳۹/۳۰ وَعَنْ عَمْرِو ابْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْعُرْبَانِ۔ (رواہ مالک و ابوداؤد و ابن ماجۃ)

عمر بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ منع فرمایا رسول اللہ صلعم نے بیع عربان سے (بیع عربان کی صورت یہ ہے کہ خریدار بیچنے والے کو ایک معمولی سی رقم بہ طور بیعانہ یا سائی کے دیدے اور کہے کہ اگر بیع کا معاملہ میرے تمہارے درمیان ہو گیا تو رقم مجرا ہو جائے گی اور بیع نہ ہوئی تو یہ رقم تیرے پاس رہے گی میں واپس نہ لوں گا۔ (ابوداؤد ابن ماجہ)

بیع مضطر کی ممانعت

۲۷۴۰/۳۱ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْمُضْطَرِّ وَعَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ وَعَنْ بَيْعِ الثَّمَرَةِ قَبْلَ اَنْ تُدْرِكَ۔ (رواہ ابوداؤد)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں منع فرمایا ہے رسول اللہ صلعم نے بیع مضطر سے اور بیع غرر سے اور پھلوں کو پختہ ہونے سے پہلے فروخت کرنے سے۔ (بیع مضطر سے مراد زبردستی کسی چیز کا خریدنا ہے یا یہ مراد ہے کہ کوئی شخص مجبور ہو کر اپنی چیز سستی بیچ ڈالے اس صورت میں بہتر ہے کہ اس کی چیز سستی نہ خریدے بلکہ ممکن ہو تو اس کی مدد کرے) (ابوداؤد)

نر کو مادہ پر چھوڑنے کے لئے اجرت لینا ممنوع ہے

۲۷۴۱/۳۲ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا مِنْ كِلَابٍ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ فَنَهَاهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نُطْرِقُ الْفَحْلَ فَنُكْرَمُ فَرَخَّصَ لَهٗ فِي الْكَرَامَةِ۔ (رواہ الترمذی)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ قبیلہ کلاب کے ایک شخص نے نبی صلعم سے پوچھا۔ نر کو مادہ پر چھوڑنے کی اجرت کی بابت آپ نے اس کی اجرت سے منع فرمایا۔ پھر اس نے کہا یا رسول اللہ ہم اپنے نر جانور کو مادہ پر چھوڑنے کے لئے عاریتاً دیتے ہیں۔ پھر وہ انعام کے طور پر ہم کو کچھ دے دیتے ہیں۔ رسول اللہ صلعم نے اس کو انعام لے لینے کی اجازت دیدی۔ (ترمذی)

جو چیز اپنے پاس نہ ہو اس کی بیع نہ کرو

۲۷۴۲/۳۳ وَعَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ نَهَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَبِيْعَ مَا لَيْسَ عِنْدِيْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ فِيْ رِوَايَةٍ لَهٗ وَلِاَبِيْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَاْتِيْنِي الرَّجُلُ

حضرت حکیم بن حزام رضؓ کہتے ہیں کہ منع فرمایا رسول اللہ صلعم نے مجھ کو اس چیز کے فروخت کرنے سے جو میرے پاس موجود نہیں ہے (ترمذی) اور ترمذی و ابوداؤد و نسائی کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حکیم بن حزام رضؓ نے کہا کہ میں نے پوچھا یا رسول اللہ! ایک شخص میرے پاس

---

[1] یعنی ایک چیز اُدھار بیچی مدت معینہ کے وعدہ پر، پھر حسب وعدہ قیمت نہ ملنے کے سبب اس کو دوبارہ کچھ قیمت پر کسی دوسرے کے ہاتھ بیچ دیا چون کہ بیع ثانیہ میں قبضہ نہیں ہوتا اس لئے یہ بیع ممنوع ہے۔ ۱۲ مترجم

فَيُرِيْدُ مِنِّي الْبَيْعَ وَلَيْسَ عِنْدِيْ فَأَبْتَاعُ لَهُ مِنَ السُّوْقِ قَالَ لَا تَبِعْ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ۔

آتا ہے اور مجھ سے ایک چیز خریدنے کا ارادہ ظاہر کرتا ہے اور وہ چیز میرے پاس موجود نہیں ہوتی۔ پس وہ چیز اس کے لئے بازار سے خریدتا ہوں آپ نے فرمایا وہ چیز جو تیرے پاس موجود نہیں ہے فروخت نہ کر۔

ایک بیع میں دوسری بیع نہ کرو

۲۷۴۳/۳۴ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهَىٰ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعَتَيْنِ فِيْ بَيْعَةٍ۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ منع فرمایا ہے رسول اللہ صلعم نے دو بیعوں سے ایک بیع میں (یعنی ایک معاملہ کے ساتھ دوسری بیع کے معاملہ کو ممنوع قرار دیا ہے۔ مثلاً زید ایک گھوڑا انسو روپے کے عوض عمر کے ہاتھ اس شرط پر فروخت کرے کہ تو اپنی بھینس پچاس روپے کے بدلے مجھے دیدے یا یہ کہ گھوڑا دس روپے نقد میں اور بیس روپے اُدھار میں تیرے ہاتھ فروخت کیا)۔ (مالک۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی)

۲۷۴۴/۳۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ نَهَىٰ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعَتَيْنِ فِيْ صَفْقَةٍ وَاحِدَةٍ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے منع فرمایا ہے دو بیعوں سے ایک عقد یا معاملہ میں۔ (شرح السنۃ)

بیع کو قرض کے ساتھ نہ ملاؤ

۲۷۴۵/۳۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ سَلَفٌ وَبَيْعٌ وَلَا شَرْطَانِ فِيْ بَيْعٍ وَلَا رِبْحُ مَا لَمْ يُضْمَنْ وَلَا بَيْعُ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ۔ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ۔

حضرت عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ منع فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ بیع اور قرض جائز نہیں ہے اور بیع میں دو شرطیں کرنی بھی درست نہیں ہیں اور نہ اس چیز کا نفع لینا جو اپنے قبضہ میں نہیں آئی اور نہ وہ بیع درست ہے جو تیرے پاس نہیں ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی) یہ حدیث صحیح ہے۔

ادائیگی قیمت میں سکہ کی تبدیلی جائز ہے

۲۷۴۶/۳۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنْتُ أَبِيْعُ الْإِبِلَ بِالْبَقِيْعِ بِالدَّنَانِيْرِ فَآخُذُ مَكَانَهَا الدَّرَاهِمَ وَأَبِيْعُ بِالدَّرَاهِمِ فَآخُذُ مَكَانَهَا الدَّنَانِيْرَ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ لَا بَأْسَ أَنْ تَأْخُذَهَا بِسِعْرِ يَوْمِهَا مَا لَمْ تَفْتَرِقَا وَبَيْنَكُمَا شَيْءٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ مقام بقیع پر اونٹوں کو دیناروں کے بدلے فروخت کیا کرتا تھا اور دیناروں کی جگہ درہم لے لیا کرتا تھا، اور درہموں کے عوض بیچتا تو دینار لے لیا کرتا تھا (ایک دفعہ) میں نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس کا ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا اس میں کوئی حرج نہیں ہے اگر درہموں اور دیناروں کو بازار بھاؤ پر لو جب تک تم ایک دوسرے سے علیحدہ نہ ہو (یعنی خریدار اور بیچنے والا اسی جگہ موجود رہیں) (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ دارمی)

---

۵۱ یعنی کوئی چیز بیچی بھی جائے اور قرض کا معاملہ بھی اس کے ساتھ کیا جائے۔ مثلاً یہ کہ کوئی شخص کسی کے ہاتھ کوئی چیز بیچے اور اس سے یہ شرط کرلے کہ اتنا روپیہ مجھ کو قرض بھی دینا۔ یا یہ کہ کوئی شخص کسی کو قرض دے اور اس کے ہاتھ کچھ زیادہ قیمت پر اپنی چیز بھی فروخت کرے اور بیع میں دو شرطیں کرنے کے بعد وہی ہیں جو دو بیعوں میں ایک بیع کے اندر بیان کئے گئے ہیں۔ ۱۲ مترجم

آپؐ سے متعلق ایک بیعانہ کا ذکر

۲۷۴۷/۳۸ وَعَنِ الْعَدَّاءِ بْنِ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ اَخْرَجَ كِتَابًا هٰذَا مَا اشْتَرَى الْعَدَّاءُ بْنُ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرَى مِنْهُ عَبْدًا اَوْ اَمَةً لَا دَاءَ وَّلَا غَائِلَةَ وَّلَا خِبْثَةَ بَيْعَ الْمُسْلِمِ الْمُسْلِمَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت عدّاء بن خالد ہوزہ رضؓ نے ایک تحریر نکالی جس میں لکھا تھا بیعنامہ ہے عدّاء بن خالد ہوزہؓ کے نام محمد رسول اللہ صلعم کی جانب سے (عدّاء بن خالد ہوزہؓ نے) محمد رسول اللہ صلعم سے ایک لونڈی خریدی یا ایک غلام جس میں کوئی بیماری نہیں ہے اور نہ کوئی برائی ہے اور اس طرح خریدا جس طرح ایک مسلمان مسلمان سے خریدتا ہے۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)

بطریق نیلام بیع جائز ہے

۲۷۴۸/۳۹ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَاعَ حِلْسًا وَقَدَحًا فَقَالَ مَنْ يَّشْتَرِيْ هٰذَا الْحِلْسَ وَالْقَدَحَ فَقَالَ رَجُلٌ اَخَذْتُهُمَا بِدِرْهَمٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّزِيْدُ عَلٰى دِرْهَمٍ فَاَعْطَاهُ رَجُلٌ دِرْهَمَيْنِ فَبَاعَهُمَا مِنْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے ایک ٹاٹ اور پیالہ بیچنے کا ارادہ کیا اور فرمایا یہ ٹاٹ اور پیالہ کون خریدتا ہے ایک شخص نے کہا، میں ایک درہم قیمت پر لیتا ہوں۔ نبی صلعم نے فرمایا۔ ایک درہم سے زیادہ کا کوئی خریدار ہے؟ ایک شخص نے دو درہم آپؐ کو دیئے اور آپؐ نے ان دونوں چیزوں کو اس کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

فصل سوم

عیب دار چیز دھوکہ سے بیچنے والے کے لئے وعید

۲۷۴۹/۴۰ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ بَاعَ عَيْبًا لَمْ يُبَيِّنْهُ لَمْ يَزَلْ فِيْ مَقْتِ اللّٰهِ اَوْ لَمْ تَزَلِ الْمَلٰٓئِكَةُ تَلْعَنُهٗ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت واثلہ بن اسقع کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلعم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے۔ جو شخص عیب دار چیز کو بیچے اور اس کے عیب کو ظاہر نہ کرے وہ ہمیشہ غضب الٰہی کا شکار رہتا ہے اور فرشتے ہمیشہ اس پر لعنت بھیجتے ہیں۔ (ابن ماجہ)

فصل اوّل

پھل دار درخت کی بیع کا مسئلہ

۲۷۵۰/۴۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتَاعَ نَخْلًا بَعْدَ اَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرَتُهَا لِلْبَائِعِ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ وَمَنِ ابْتَاعَ عَبْدًا وَلَهٗ مَالٌ فَمَالُهٗ لِلْبَائِعِ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَرَوَى الْبُخَارِيُّ الْمَعْنَى الْاَوَّلَ وَحْدَهٗ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے جو شخص تابیر[1] کے بعد کھجور کا درخت خریدے تو اس کا پھل بیچنے والے کا ہی (خریدار کا نہیں) مگر جب کہ خریدار پھل کی شرط کرے۔ اور جو شخص غلام کو خریدے اور غلام کے پاس مال ہو تو وہ مال بیچنے والے کا ہے

مشروط بیع کا مسئلہ

۲۷۵۱/۴۲ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّهٗ كَانَ يَسِيْرُ عَلٰى جَمَلٍ لَّهٗ

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ وہ اپنے اونٹ پر سفر کر رہے تھے

---

[1] "تابیر" اس کو کہتے ہیں کہ نر کھجور کے درخت کا پھول مادہ کھجور کے درخت میں رکھ دیتے ہیں۔ اور بحکم خدا اس طریقہ سے پھل زیادہ پیدا ہوتا ہے۔ ۱۲ مترجم

قَدْ اَعْيٰى فَمَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٖ فَضَرَبَهٗ فَسَارَ سَيْرًا لَيْسَ يَسِيْرُ مِثْلَهٗ ثُمَّ قَالَ بِعْنِيْهِ بِوُقِيَّةٍ قَالَ فَبِعْتُهٗ فَاسْتَثْنَيْتُ حُمْلَانَهٗ اِلٰى اَهْلِيْ فَلَمَّا قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ اَتَيْتُهٗ بِالْجَمَلِ وَنَقَدَنِيْ ثَمَنَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاَعْطَانِيْ ثَمَنَهٗ وَرَدَّهٗ عَلَيَّ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ اَنَّهٗ قَالَ لِبِلَالٍ اِقْضِهٖ وَزِدْهُ فَاَعْطَاهُ وَزَادَهٗ قِيْرَاطًا۔

کہ ایک اونٹ تھک گیا۔ پس نبی صلعم جابر رضؓ کے قریب سے گزرے اور جابرؓ کے اونٹ پر ایک چابک مارا پھر وہ ایسا چلنے لگا کہ پہلے بھی ایسا نہ چلا تھا۔ پھر نبی صلعم نے فرمایا جابر رضؓ اس اونٹ کو اوقیہ[1] قیمت پر میرے ہاتھ بیچ ڈال۔ میں نے آپ کے ہاتھ اونٹ بیچ دیا اور یہ کہہ دیا کہ میں اس اونٹ پر گھر تک سفر کروں گا۔ پس جب میں مدینہ پہنچا تو اونٹ کو آپؐ کی خدمت میں لے کر حاضر ہوا آپ نے مجھ کو اس کی قیمت مرحمت فرمائی۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے مجھ کو اونٹ کی قیمت بھی مرحمت فرمائی اور اونٹ بھی واپس فرما دیا (بخاری، مسلم) اور بخاری کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ نبی صلعم نے بلال رضؓ کو حکم دیا کہ اونٹنی کی قیمت دیدو اور کچھ زیادہ بھی۔ بلال رضؓ نے قیمت دی اور ایک قیراط زیادہ دیا۔

حق ولاء آزاد کرنے والے کو حاصل ہوتا ہے

۲۷۵۲/۴۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتْ بَرِيْرَةُ فَقَالَتْ اِنِّيْ كَاتَبْتُ عَلٰى تِسْعِ اَوَاقٍ فِيْ كُلِّ عَامٍ وُقِيَّةٌ فَاَعِيْنِيْنِيْ فَقَالَتْ عَائِشَةُ اِنْ اَحَبَّ اَهْلُكِ اَنْ اَعُدَّهَا لَهُمْ عَدَّةً وَّاحِدَةً وَّاُعْتِقَكِ فَعَلْتُ وَيَكُوْنُ وَلَاؤُكِ لِيْ فَذَهَبَتْ اِلٰى اَهْلِهَا فَاَبَوْا اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذِيْهَا وَاَعْتِقِيْهَا ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَمَا بَالُ رِجَالٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَيْسَتْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ مَا كَانَ شَرْطٌ لَيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ وَاِنْ كَانَ مِائَةَ شَرْطٍ فَقَضَاءُ اللّٰهِ اَحَقُّ وَشَرْطُ اللّٰهِ اَوْثَقُ وَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ بریرہ لونڈی آئی اور مجھ سے کہا کہ میں نے مکاتبت کی تھی نو اوقیہ پر اس شرط کے ساتھ کہ ہر سال ایک اوقیہ دیا کروں گی پس آپ میری مدد کریں۔ عائشہ رضؓ نے کہا کہ اگر تیرا مالک اس کو پسند کرے کہ میں اس کو نو اوقیہ ایک ساتھ دیدوں اور تجھ کو خرید کر آزاد کر دوں تو میں ایسا کروں گی بشرطیکہ حق ولاء مجھ کو حاصل ہو۔ بریرہ اپنے مالک کے پاس گئی۔ اس کے مالکوں نے کہا کہ ہم اس شرط پر بریرہ کو دیدیں گے کہ حق ولاء ہم کو حاصل ہوگا۔ رسول اللہ صلعم (کو معلوم ہوا تو آپؐ) نے فرمایا اس کو خرید لو اور آزاد کر دو۔ پھر لوگوں کے درمیان کھڑے ہو کر آپ نے اوّل خدا تعالیٰ کی حمد و ثنا کی اور پھر فرمایا لوگوں کا کیا حال ہے کہ وہ ایسی شرطیں کرتے ہیں جو کتاب میں نہیں۔ وہ شرط باطل ہے اور خدا کا حکم ہی عمل کرنے کے لائق ہے اور خدا ہی کی شرط مضبوط ہے جاننا چاہیے کہ حق ولاء اس کو حاصل ہوتا ہے جو غلام یا لونڈی کو آزاد کر دے۔

(بخاری و مسلم)

حق ولاء کو بیچنا یا اس کو ہبہ کرنا ناجائز ہے

۲۷۵۳/۴۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَعَنْ هِبَتِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے حق ولاء کو فروخت یا ہبہ کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

جو نقصان کا ذمہ دار ہے وہی نفع کا بھی حق دار ہے

۲۷۵۴/۴۵ عَنْ مَخْلَدِ بْنِ خِفَافٍ قَالَ ابْتَعْتُ غُلَامًا

حضرت مخلد بن خفاف رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے ایک غلام خریدا جس کی کمائی

---

[1] "اوقیہ" چالیس درہم کا ہوتا ہے ۱۲ مترجم [2] اگر آزاد غلام یا لونڈی مر جائے اور اس کا کوئی عصبہ نہ ہو تو اس کا مال آزاد کرنے والے کو ملتا ہے۔ یہی ولاء کہلاتا ہے۔ ۱۲ مترجم

فَاسْتَغْلَلْتُهُ ثُمَّ ظَهَرْتُ مِنْهُ عَلٰى عَيْبٍ فَخَاصَمْتُ فِيْهِ إِلٰى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فَرَدَّهُ وَقَضٰى عَلَيَّ بِرَدِّ غَلَّتِهِ فَأَتَيْتُ عُرْوَةَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ أَرُوْحُ إِلَيْهِ الْعَشِيَّةَ فَأُخْبِرُهُ أَنْ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْنِيْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِيْ مِثْلِ هٰذَا أَنَّ الْخَرَاجَ بِالضَّمَانِ فَرَاحَ إِلَيْهِ عُرْوَةُ فَقَضٰى لِيْ أَنْ أَخُذَ الْخَرَاجَ مِنَ الَّذِيْ قَضٰى بِهِ عَلَيَّ لَهُ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

کو میں اپنے خرچ میں لاتا رہا پھر مجھ کو اس کے عیب پر اطلاع ہوئی اور اس معاملہ کو میں نے عمر بن عبدالعزیز رض کی خدمت میں پیش کیا۔ عمر بن عبدالعزیز نے غلام کو واپس کر دینے کا حکم دیا اور کہا کہ میں اس کی کمائی بھی واپس کر دوں۔ پس میں عروہ بن زبیر کے پاس آیا اور واقعہ سے آگاہ کیا۔ انھوں نے کہا میں شام کو عمر بن عبدالعزیز رض کے پاس جاؤں گا اور ان کو بتاؤں گا کہ عائشہ رض نے مجھے خبر دی ہے کہ رسول اللہ صلعم نے اسی قسم کے مقدمہ میں یہ فیصلہ کیا تھا کہ منافع تاوان کے مقابلہ میں ہے (یعنی اگر غلام مر جاتا یا اس میں کوئی اور عیب پیدا ہو جاتا تو بیچنے والے پر اس کا کچھ اثر نہ پڑتا، اسی طرح غلام سے جو نفع ہوا وہ بھی بیچنے والے کو نہ پہنچنا چاہئے) چنانچہ شام کو عروہ، عمر بن عبدالعزیز رض کے پاس گئے اور انھوں نے یہ حکم دیا کہ غلام کی کمائی میں واپس لے لوں (شرح السنۃ)

بائع و مشتری کے نزاع کی صورت میں کس کا قول معتبر ہوگا

۲۷۵۵/۴۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اخْتَلَفَ الْبَيِّعَانِ فَالْقَوْلُ قَوْلُ الْبَائِعِ وَالْمُبْتَاعُ بِالْخِيَارِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيِّ، قَالَ الْبَيِّعَانِ إِذَا اخْتَلَفَا وَالْمَبِيْعُ قَائِمٌ بِعَيْنِهِ وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا بَيِّنَةٌ فَالْقَوْلُ مَا قَالَ الْبَائِعُ أَوْ يَتَتَارَادَّانِ الْبَيْعَ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جب خریدار اور بیچنے والے میں اختلاف ہو جائے تو بیچنے والے کا قول معتبر ہوگا اور خریدار کو بیع کے قائم رکھنے یا فسخ کر دینے کا اختیار حاصل ہوگا۔ (یعنی بعد قسم کے) (ترمذی) اور ابن ماجہ اور دارمی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب بائع اور مشتری میں اختلاف واقع ہو اور فروخت شدہ چیز بعینہٖ موجود ہو اور فریقین گواہ نہ رکھتے ہوں تو بائع کا قول معتبر ہوگا یا فریقین بیع کو فسخ کر دیں۔

اقالہ بیع کا مسئلہ

۲۷۵۶/۴۷ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَقَالَ مُسْلِمًا أَقَالَهُ اللّٰهُ عَثْرَتَهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ عَنْ شُرَيْحٍ الشَّامِيِّ مُرْسَلًا

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے جو شخص مسلمان کی بیع کو (جس سے وہ ناخوش ہوا) واپس کر دے (یعنی فسخ کر دے) بخشے گا اللہ اس کے گناہوں کو دن قیامت کے (ابوداؤد ابن ماجہ) اور شرح السنۃ میں مصابیح کی روایت سے یہ حدیث شریح شامی سے مرسلاً مروی ہے۔

فصل سوم

ایک سبق آموز واقعہ

۲۷۵۷/۴۸ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِشْتَرٰى رَجُلٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ عَقَارًا مِنْ رَجُلٍ فَوَجَدَ الَّذِيْ اشْتَرَى الْعَقَارَ فِيْ عَقَارِهِ جَرَّةً فِيْهَا ذَهَبٌ فَقَالَ لَهُ الَّذِيْ اشْتَرَى الْعَقَارَ خُذْ ذَهَبَكَ عَنِّيْ إِنَّمَا اشْتَرَيْتُ الْعَقَارَ وَلَمْ أَبْتَعْ مِنْكَ الذَّهَبَ فَقَالَ بَائِعُ الْأَرْضِ إِنَّمَا بِعْتُكَ الْأَرْضَ وَمَا

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ تم سے پہلے لوگوں میں سے ایک شخص نے ایک شخص سے زمین خریدی، خریدنے کے بعد زمین سے ایک گھڑا سونے کا نکلا وہ شخص بیچنے والے کے پاس گیا اور کہا۔ یہ سونا تم لے لو، تم سے صرف زمین خریدی تھی سونا نہیں خریدا تھا۔ بیچنے والے نے کہا میں نے تم کو زمین اور جو کچھ زمین کے اندر ہے فروخت کیا تھا (یہ سونا تمہارا ہی ہے) دونوں نے

فِيهَا فَتَحَاكَمَا إِلَى رَجُلٍ فَقَالَ الَّذِي تَحَاكَمَا إِلَيْهِ أَلَكُمَا وَلَدٌ فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِي غُلَامٌ وَقَالَ الْآخَرُ لِي جَارِيَةٌ فَقَالَ أَنْكِحُوا الْغُلَامَ الْجَارِيَةَ وَأَنْفِقُوا عَلَيْهَا مِنْهُ وَتَصَدَّقُوا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ایک شخص کو حکم بنایا (وہ شخص داؤد علیہ السلام تھے) اور اپنا معاملہ پیش کیا۔ حکم نے کہا۔ کیا تمہارے اولاد ہے؟ ایک نے کہا میرے ہاں لڑکا ہے۔ دوسرے نے کہا میرے ہاں لڑکی ہے۔ حکم نے فیصلہ کیا لڑکے کا نکاح لڑکی سے کرو اور اس سونے کو ان پر خرچ کرو اور خیرات بھی کرو۔ (بخاری و مسلم)

بَابُ السَّلَمِ وَالرَّهْنِ

بیع سلم[1] اور رہن کا بیان

فصل اوّل

بیع سلم کی شرائط صحت

۲۷۵۸ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَهُمْ يُسْلِفُونَ فِي الثِّمَارِ السَّنَةَ وَالسَّنَتَيْنِ وَالثَّلَاثَ فَقَالَ مَنْ أَسْلَفَ فِي شَيْءٍ فَلْيُسْلِفْ فِي كَيْلٍ مَعْلُومٍ وَوَزْنٍ مَعْلُومٍ إِلَى أَجَلٍ مَعْلُومٍ۔ (متفق علیہ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم مدینہ میں تشریف لائے مدینہ کے لوگ پھلوں میں سال دو سال اور تین سال کی بیع سلم کیا کرتے تھے۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا جو شخص بیع سلم کرے، اس کو چاہیئے کہ معین پیمانہ معین وزن اور معین مدت کے ساتھ کرے۔ (بخاری و مسلم)

ادھار خریدنا اور گروی رکھنا جائز ہے

۲۷۵۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اشْتَرَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا مِنْ يَهُودِيٍّ إِلَى أَجَلٍ وَرَهَنَهُ زِرْعَةً مِنْ حَدِيدٍ۔ (متفق علیہ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے ایک یہودی سے کچھ غلہ ایک مدت معینہ کے وعدہ پر خرید کیا اور اس کے پاس اپنے لوہے کی زرہ رہن رکھ دی۔ (بخاری و مسلم)

۲۷۶۰ وَعَنْهَا قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدِرْعُهُ مَرْهُونَةٌ عِنْدَ يَهُودِيٍّ بِثَلَاثِينَ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے انتقال فرمایا اور آپؐ کی زرہ ایک یہودی کے پاس تیس صاع جَو کے عوض رہن تھی۔ (بخاری)

انتفاعِ رہن کا مسئلہ

۲۷۶۱ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظَّهْرُ يُرْكَبُ بِنَفَقَتِهِ إِذَا كَانَ مَرْهُونًا وَلَبَنُ الدَّرِّ يُشْرَبُ بِنَفَقَتِهِ إِذَا كَانَ مَرْهُونًا وَعَلَى الَّذِي يَرْكَبُ وَيَشْرَبُ النَّفَقَةُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے اگر سواری کا جانور رہن ہو تو اس پر جو کچھ خرچ کیا جاتا ہے اس کے بدلے میں اس پر سواری کی جائے اور اگر دودھ والا جانور رہن ہو تو اس کے مصارف کے عوض اس کا دودھ پیا جائے اور جو شخص سواری کرے اور دودھ پیئے وہی ان کا خرچ اٹھائے۔ (بخاری)

---

[1] بیع سلم یہ ہے کہ پیشگی روپیہ دے کر جو چیز خریدنی ہے اس کی جنس (تعداد یا ترخ اور مدت ٹھہرائی جائے) مثلاً کوئی شخص کسی کو سو روپے دے کہ دو مہینے کے بعد تجھ سے سو من گیہوں اس قسم کے لیں گے۔ ہندی میں اس کو بدی کہتے ہیں۔ بیع سلم کے درست ہونے کی سولہ شرطیں ہیں جن کی تفصیل کتب فقہ میں موجود ہے۔ ۱۲ مترجم

فصل دوم — شئ مرہون راہن کی ملکیت سے باہر نہیں ہوتی

۲۷۶۲ وَعَنْ سَعِيْدِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُغْلَقُ الرَّهْنُ الرَّهْنُ مِنْ صَاحِبِهِ الَّذِيْ رَهَنَهٗ لَهٗ غُنْمُهٗ وَ عَلَيْهِ غُرْمُهٗ۔ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ مُرْسَلًا وَرَوِيَ مِثْلُهٗ اَوْ مِثْلُ مَعْنَاهُ لَا يُخَالِفُهٗ عَنْهُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مُتَّصِلًا

سعید بن المسیبؒ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے۔ چیز کو رہن کر دینے سے رہن کرنے والے کی ملکیت ختم نہیں ہو جاتی۔ راہن اس کے منافع کا حقدار ہے (اور چیز ضائع ہو جائے تو) تو رہن رکھنے والا تاوان کا ذمہ دار۔ اسے شافعی نے مرسلاً روایت کیا اور متصل طور پر بھی اسی جیسی ایک حدیث جو اس حدیث کی مخالف نہیں ہے ابوہریرہؓ سے مروی ہے۔

حقوق شرعیہ میں پیمانہ اور وزن کا اعتبار؟

۲۷۶۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمِكْيَالُ مِكْيَالُ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَالْمِيْزَانُ مِيْزَانُ اَهْلِ مَكَّةَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ النَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں نبی صلعم نے فرمایا۔ پیمانے مدینہ کے معتبر ہیں (یعنی حقوقِ شرعیہ میں) اور وزن مکہ کا معتبر ہے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

ناپ تول میں کمی کرنے والے کے لئے وعید

۲۷۶۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِ الْكَيْلِ وَالْمِيْزَانِ اِنَّكُمْ قَدْ وُلِّيْتُمْ اَمْرَيْنِ هَلَكَتْ فِيْهِمَا الْاُمَمُ السَّابِقَةُ قَبْلَكُمْ۔ (رواه الترمذي)

حضرت ابن عباسؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلعم نے ناپنے اور تولنے والوں سے فرمایا۔ تمہارے ہاتھ میں دو ایسے کام ہیں جن کے سبب تم سے پہلی قومیں ہلاک ہوئیں (یعنی کم ناپنے اور کم تولنے کی وجہ سے ہلاک ہوئیں۔ تم ایسا نہ کرنا) (ترمذی)

فصل سوم

بیع سلم کی مبیع کو قبل قبضہ فروخت کرنے کی ممانعت

۲۷۶۵ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَسْلَفَ فِيْ شَيْءٍ فَلَا يَصْرِفْهُ اِلٰى غَيْرِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّقْبِضَهٗ۔ (رواه ابوداؤد و ابن ماجة)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو شخص کسی سے بیع سلم کا معاملہ کرے۔ وہ چیز کے قبضہ میں آنے سے پہلے مبیع کو دوسرے کی طرف منتقل نہ کرے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

بَابُ الْاِحْتِكَارِ — گرانی کے خیال سے غلہ روکنے کا بیان

فصل اوّل

احتکار کرنے والا گناہ گار ہے۔

۲۷۶۶ عَنْ مَّعْمَرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَكَرَ فَهُوَ خَاطِئٌ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

حضرت معمرؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے جس شخص نے (گرانی کے خیال سے) غلہ روکا وہ گنہگار ہے۔[1] (مسلم) اور عنقریب عمرؓ

[1] غلہ کو روکنے اور بند کرنے کی دو صورتیں ہیں: ایک تو یہ کہ فصل میں ارزانی کے وقت غلہ کو بھرے اور گرانی کے وقت فروخت کرے۔ دوسری یہ کہ گرانی کے وقت خرید کر اس خیال سے بھرے کہ جب اور گراں ہوگا تب فروخت کر دے گا۔ پہلی صورت جائز ہے اور دوسری حرام اور احادیث میں اس کی ممانعت ہے۔ ۱۲ مترجم

وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَتْ اَمْوَالُ بَنِي النَّضِيْرِ فِيْ بَابِ الْفَيْءِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

کی حدیث جو بنو النضیر کے اموال کے بارے میں مروی ہے، ہم باب الفیٔ میں اِنشاء اللہ تعالیٰ بیان کریں گے۔

فصل دوم

احتکار کرنے والے کے لئے وعید

۲۷۶۷/۲ عَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْجَالِبُ مَرْزُوْقٌ وَالْمُحْتَكِرُ مَلْعُوْنٌ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ تاجر کو (خدا کی جانب سے) رزق دیا جاتا ہے اور غلہ کو (گرانی کے خیال سے) روکنے اور بند رکھنے والا ملعون ہے۔ (ابن ماجہ و دارمی)

حاکم اپنی طرف سے نرخ مقرر نہ کرے

۲۷۶۸/۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ غَلَا السِّعْرُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَعِّرْ لَنَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمُسَعِّرُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الرَّازِقُ وَاِنِّيْ لَاَرْجُوْ اَنْ اَلْقٰى رَبِّيْ وَلَيْسَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ يَطْلُبُنِيْ بِمَظْلِمَةٍ بِدَمٍ وَلَا مَالٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم کے زمانہ میں غلہ گراں ہوگیا تو لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ص! ہمارے لئے نرخ مقرر فرما دیجئے یعنی تاجروں کو کہہ دیجئے کہ وہ اس نرخ سے غلہ بیچا کریں آپؐ نے فرمایا اللہ ہی نرخ مقرر کرنے والا ہے وہی گراں کرنے والا اور ارزاں کرنے والا ہے اور میں تو صرف یہ امید رکھتا ہوں کہ میں خداوند تعالیٰ سے اِس حال میں ملوں کہ مجھ پر کسی کے خون یا مال کا مطالبہ نہ ہو۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

فصل سوم

غلہ کی ناجائز ذخیرہ اندوزی کرنیوالوں کے لئے موعظت وعبرت

۲۷۶۹/۴ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ احْتَكَرَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ طَعَامَهُمْ ضَرَبَهُ اللّٰهُ بِالْجُذَامِ وَالْاِفْلَاسِ۔ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَرَزِيْنٌ فِيْ كِتَابِهٖ۔

حضرت عمر بن الخطابؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلعم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ جو شخص غلہ روک کر مسلمان کے ہاتھ گراں قیمت پر فروخت کرتا ہے خداوند تعالیٰ اس کو جذام اور افلاس میں مبتلا کر دے گا۔ (ابن ماجہ۔ بیہقی۔ رزین)

۲۷۷۰/۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَكَرَ طَعَامًا اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا يُرِيْدُ بِهِ الْغَلَاءَ فَقَدْ بَرِئَ مِنَ اللّٰهِ وَبَرِئَ اللّٰهُ مِنْهُ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلعم کا ارشاد ہے، جس شخص نے گرانی کے خیال سے غلہ کو چالیس دن بند رکھا اس نے خدا کے عہد کو توڑ ڈالا اور خدا بھی اس سے بیزار ہوگیا۔ (رزین)

۲۷۷۱/۶ وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ بِئْسَ الْعَبْدُ الْمُحْتَكِرُ اِنْ اَرْخَصَ اللّٰهُ الْاَسْعَارَ حَزِنَ وَاِنْ اَغْلَاهَا فَرِحَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَرَزِيْنٌ فِيْ كِتَابِهٖ)

حضرت معاذ رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلعم کو یہ فرماتے سنا ہے غلہ روکنے والا وہ بندہ بُرا ہے کہ خداوند تعالیٰ غلہ کو سستا کر دے تو رنجیدہ ہوتا ہے اور گراں کر دے تو خوش ہوتا ہے۔ (بیہقی۔ رزین)

۲۷۷۲/۷ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوامامہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلعم نے فرمایا ہے جس

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ احْتَكَرَ طَعَامًا اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا ثُمَّ تَصَدَّقَ بِهٖ لَمْ يَكُنْ لَهٗ كَفَّارَةً۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

شخص نے غلہ کو چالیس دن (گرانی کے خیال سے) بند رکھا اور پھر اس غلہ کو خیرات کر دیا تو اس کو اس کا ثواب بالکل کچھ نہ ہوگا۔ (رزین)

بَابُ الْاِفْلَاسِ وَالْاِنْظَارِ افلاس اور مہلت دینے کا بیان

فصل اوّل

مفلس ہو جانے والے کے بارے میں ایک مسئلہ

۲۷۷۳ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا رَجُلٍ اَفْلَسَ فَاَدْرَكَ رَجُلٌ مَالَهٗ بِعَيْنِهٖ فَهُوَ اَحَقُّ بِهٖ مِنْ غَيْرِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں حضور صلعم نے فرمایا ہے کہ جو شخص مفلس (دیوالیہ) ہو جائے اور وہ شخص (جس نے اس کے ہاتھ کوئی چیز بیچی تھی) اپنی چیز کو درست حالت میں پالے تو وہی اس کا حقدار ہے۔ یعنی ایک شخص نے کسی کے ہاتھ کوئی چیز بیچی پھر خریدار مفلس ہو گیا اور وہ چیز موجود ہے تو بیچنے والا اس کا زیادہ مستحق ہے دوسرے قرض خواہوں کے مقابلے میں۔ (بخاری و مسلم)

مفلس ہو جانے والے کی مدد کرنے کا حکم

۲۷۷۴ وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ اُصِيْبَ رَجُلٌ فِیْ عَهْدِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ ثِمَارٍ اِبْتَاعَهَا فَكَثُرَ دَيْنُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقُوْا عَلَيْهِ فَتَصَدَّقَ النَّاسُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَبْلُغْ ذٰلِكَ وَفَاءَ دَيْنِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِغُرَمَائِهٖ خُذُوْا مَا وَجَدْتُّمْ وَلَيْسَ لَكُمْ اِلَّا ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک شخص کے باغ پر جس کے پھل اس نے خرید لئے تھے آفت نازل ہوئی اور اس کو سخت نقصان ہوا اور وہ قرض دار ہو گیا۔ رسول اللہ صلعم نے لوگوں سے فرمایا اس کو صدقہ دو ایسے میں اس کی مدد کرو۔ لوگوں نے صدقہ دیا لیکن اس کی تعداد اتنی نہ ہوئی کہ قرض ادا ہو جاتا۔ پھر رسول اللہ صلعم نے اس کے قرض خواہوں سے فرمایا جو اس کے پاس ہے وہ لے لو اور تم کو بس اتنا ملے گا۔ (مسلم)

وصولیٔ قرض میں درگذر کرنے کا اجر

۲۷۷۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ رَجُلٌ يُدَايِنُ النَّاسَ فَكَانَ يَقُوْلُ لِفَتَاهُ اِذَا اَتَيْتَ مُعْسِرًا تَجَاوَزْ عَنْهُ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَّتَجَاوَزَ عَنَّا قَالَ فَلَقِیَ فَتَجَاوَزَ عَنْهُ۔ (متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلعم کا ارشاد ہے کہ ایک شخص لین دین کرتا تھا اور اپنے کارندوں سے کہہ رکھا تھا کہ جب تم کسی تنگدست کے پاس قرض وصول کرنے جاؤ تو اس سے درگزر کرو شاید خداوند تعالےٰ ہم سے درگزر فرمائے۔ چنانچہ جب وہ مر گیا تو خداوند تعالےٰ نے اس سے درگزر کی اور اس کے گناہوں کو معاف فرمایا۔ (بخاری و مسلم)

۲۷۷۶ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يُّنَجِّيَهُ اللّٰهُ مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلْيُنَفِّسْ عَنْ مُّعْسِرٍ اَوْ يَضَعْ عَنْهُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو قتادہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلعم کا ارشاد ہے کہ جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ خداوند تعالےٰ قیامت کی سختیوں سے اس کو بچائے وہ تنگ دست کو مہلت دے یا اپنا قرض (پورا یا جس قدر ممکن ہو) معاف کر دے۔ (مسلم)

۲۷۷۷ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اَوْ وَضَعَ عَنْهُ اَنْجَاهُ مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوقتادہ رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلعم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ جو شخص اپنا قرض وصول کرنے میں مفلس کو مہلت دے یا اپنا قرض معاف کر دے تو خداوند تعالیٰ اس کو قیامت کی سختیوں سے بچائے گا۔ (مسلم)

۲۷۷۸ وَعَنْ اَبِي الْيُسْرِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اَوْ وَضَعَ عَنْهُ اَظَلَّهُ اللّٰهُ فِيْ ظِلِّهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوالیسر رضؓ کہتے ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلعم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص مفلس کو مہلت دے یا اپنا قرض معاف کر دے (تو قیامت کے دن) خداوند تعالیٰ اس کو اپنے سایے میں جگہ دے گا۔ (مسلم)

خوبی کے ساتھ قرض ادا کرنے والا بہترین شخص ہے

۲۷۷۹ وَعَنْ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَ اِسْتَسْلَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكْرًا فَجَاءَتْهُ اِبِلٌ مِّنَ الصَّدَقَةِ قَالَ اَبُوْ رَافِعٍ فَاَمَرَنِيْ اَنْ اَقْضِيَ الرَّجُلَ بَكْرَهٗ فَقُلْتُ لَمْ اَجِدْ اِلَّا جَمَلًا خِيَارًا رُبَاعِيًّا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطِهٖ اِيَّاهُ فَاِنَّ خَيْرَ النَّاسِ اَحْسَنُهُمْ قَضَاءً۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابورافع رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے ایک جوان اونٹ قرض لیا۔ پھر صدقہ کے اونٹ آئے تو ابورافع رضؓ کہتے ہیں آپ نے مجھ کو حکم دیا کہ میں ایک جوان اونٹ قرض خواہ کو دیدوں۔ میں نے عرض کیا ان اونٹوں میں ایک جوان اونٹ ہے جو اس کے اونٹ سے بہتر اور چوتھے برس میں لگا ہے۔ آپ نے فرمایا وہی اس کو دیدو اس لئے کہ بہتر وہ شخص ہے جو قرض کو خوبی سے ادا کرے۔ (مسلم)

قرض خواہ تقاضا کر سکتا ہے

۲۷۸۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا تَقَاضٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَغْلَظَ لَهٗ فَهَمَّ اَصْحَابُهٗ فَقَالَ دَعُوْهُ فَاِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالًا وَاشْتَرُوْا لَهٗ بَعِيْرًا فَاَعْطُوْهُ اِيَّاهُ قَالُوْا لَا نَجِدُ اِلَّا اَفْضَلَ مِنْ سِنِّهٖ قَالَ اشْتَرُوْهُ فَاَعْطُوْهُ اِيَّاهُ فَاِنَّ خَيْرَكُمْ اَحْسَنُكُمْ قَضَاءً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے جس سے آپ نے اونٹ قرض لیا تھا، آپ پر تقاضہ کیا اور سختی کے ساتھ تقاضہ کیا۔ صحابہ رضؓ نے اس کو دھمکانے یا مارنے کے ارادہ سے اُٹھے آپ نے فرمایا اس سے کچھ نہ کہو اس لئے کہ حقدار کو کہنے کا حق حاصل ہے پھر فرمایا اونٹ خرید کر اس کو دیدو۔ صحابہ رضؓ نے عرض کیا اس کے اونٹ سے بہتر اور عمر میں زیادہ ملتا ہے۔ فرمایا وہی خرید کر دیدو بہتر آدمی وہ ہے جو قرض کو خوبی سے ادا کر دے۔ (بخاری و مسلم)

ادائیگی قرض پر قادر ہونے کے باوجود قرض ادا نہ کرنا ظلم ہے

۲۷۸۱ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ فَاِذَا اُتْبِعَ اَحَدُكُمْ عَلٰى مَلِيٍّ فَلْيَتْبَعْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے مالدار آدمی کا اپنے قرض کو ادا کرنے میں درگزر کرنا ظلم ہے اور جب کسی کا قرض مال دار آدمی پر اُتار دیا جائے تو تم اس کو منظور کر لو۔ (بخاری و مسلم)

قرض خواہ و قرضدار کا تنازعہ ختم کرانا جائز ہے

۲۷۸۲ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ تَقَاضٰى ابْنَ اَبِيْ

حضرت کعب بن مالک رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ

حَدْرَدٍ دَيْنًا لَهُ عَلَيْهِ فِي عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَارْتَفَعَتْ اَصْوَاتُهُمَا حَتّٰى سَمِعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ بَيْتِهٖ فَخَرَجَ اِلَيْهِمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى كَشَفَ سِجْفَ حُجْرَتِهٖ وَنَادٰى كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ يَا كَعْبُ قَالَ لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَشَارَ بِيَدِهٖ اَنْ ضَعِ الشَّطْرَ مِنْ دَيْنِكَ قَالَ كَعْبٌ قَدْ فَعَلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ قُمْ فَاقْضِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلعم کے زمانے میں حدرد سے مسجد میں اپنے روپیہ کا تقاضا کیا، دونوں کی گفتگو میں آواز بلند ہوئی اور رسول اللہ صلعم نے اپنے گھر میں اس آواز کو سنا تو آپ نے باہر آنے کا ارادہ فرمایا اور دروازہ کے پردہ کو ہٹا کر کعب بن مالک کو مخاطب کر کے فرمایا اے کعب رضؓ! کعب رضؓ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ حاضر ہوں۔ آپ نے انگلی کے اشارے سے فرمایا۔ آدھا قرض معاف کر دو۔ کعب نے کہا یا رسول اللہ ﷺ میں نے معاف کر دیا۔ آپ نے ابن ابی حدرد سے فرمایا۔ جا اور باقی قرض ادا کر دے (بخاری و مسلم)

ادائیگی قرض میں تاخیر کرنیوالوں کے لئے ایک عبرت ناک واقعہ

۲۷۸۳/۱۱ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اُتِيَ بِجَنَازَةٍ فَقَالُوْا صَلِّ عَلَيْهَا فَقَالَ هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ فَقَالُوْا لَا تُصَلِّ عَلَيْهَا ثُمَّ اُتِيَ بِجَنَازَةٍ اُخْرٰى فَقَالَ هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ قِيْلَ نَعَمْ قَالَ فَهَلْ تَرَكَ شَيْئًا قَالُوْا ثَلٰثَةَ دَنَانِيْرَ فَصَلّٰى عَلَيْهَا ثُمَّ اُتِيَ بِالثَّالِثَةِ فَقَالَ هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ قَالُوْا ثَلٰثَةُ دَنَانِيْرَ قَالَ هَلْ تَرَكَ شَيْئًا قَالُوْا لَا قَالَ صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ قَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ صَلِّ عَلَيْهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَعَلَيَّ دَيْنُهٗ فَصَلّٰى عَلَيْهِ۔ (رواہ البخاری)

حضرت سلمۃ بن اکوع رضؓ کہتے ہیں ہم لوگ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے کہ ایک جنازہ لایا گیا۔ صحابہ نے عرض کیا جنازہ کی نماز پڑھ لیجئے۔ آپ نے پوچھا اس پر قرض تو نہیں ہے؟ صحابہ نے کہا نہیں آپ نے نماز پڑھ لی۔ پھر ایک اور جنازہ لایا گیا۔ آپ نے پوچھا اس پر قرض ہے؟ کہا گیا، ہاں۔ آپ نے فرمایا کچھ چھوڑ مرا ہے؟ صحابہ نے عرض کیا تین دینار ہے آپ نے اس پر بھی نماز پڑھ لی۔ پھر ایک اور جنازہ لایا گیا۔ آپ نے پوچھا اس پر قرض ہے؟ عرض کیا تین دینار۔ فرمایا کچھ چھوڑ مرا ہے؟ عرض کیا کچھ نہیں۔ فرمایا تم اپنے دوست پر نماز پڑھ لو۔ ابوقتادہ رضؓ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! اس کی نماز پڑھ لیجئے اس کا قرض میں ادا کر دوں گا۔ آپ نے اس پر نماز پڑھ لی۔ (بخاری)

قرض کو ادا کرنے والے کی نیت صحیح ہو تو اللہ تعالیٰ مدد کرتا ہے

۲۷۸۴/۱۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَخَذَ اَمْوَالَ النَّاسِ يُرِيْدُ اَدَاءَهَا اَدّٰى اللّٰهُ عَنْهُ وَمَنْ اَخَذَ يُرِيْدُ اِتْلَافَهَا اَتْلَفَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلعم نے فرمایا ہے جو شخص لوگوں سے قرض لے اور اس کے ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو وہ قرض خدا اس سے ادا کرا دیتا ہے اور جو شخص اس نیت سے قرض لے کہ اس کو ادا نہ کرے گا تو خدا اس کے مال کو تلف اور ضائع کر دیتا ہے۔ (بخاری)

اللہ تعالیٰ حقوق العباد معاف نہیں کرتا

۲۷۸۵/۱۳ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ يُكَفِّرُ اللّٰهُ عَنِّيْ خَطَايَايَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ فَلَمَّا اَدْبَرَ نَادَاهُ فَقَالَ نَعَمْ اِلَّا الدَّيْنَ كَذٰلِكَ قَالَ جِبْرَئِيْلُ۔

حضرت ابوقتادہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر میں خدا کی راہ میں مارا جاؤں اور میری حالت یہ ہو کہ میں نے (سختیوں پر) صبر کیا ہو (خدا سے) ثواب کا طالب رہا ہوں لڑائی میں ہمیشہ مقابلہ کیا ہو اور پیچھے ہٹنے کا (کبھی) ارادہ نہ کیا ہو تو کیا خداوند تعالیٰ میرے گناہوں کو معاف کر دے گا؟ آپ نے فرمایا ہاں جب وہ شخص (اپنے سوال کا جواب پاکر) واپس ہوا تو رسول اللہ ﷺ نے اس

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

کو پکارا اور فرمایا خدا سارے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے مگر قرض کو معاف نہیں کرتا۔ جبریلؑ نے مجھ سے یہی کہا ہے۔ (مسلم)

۲۷۸۶/۱۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُغْفَرُ لِلشَّهِيْدِ كُلُّ ذَنْبٍ اِلَّا الدَّيْنَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو نے کہا۔ فرمایا رسول اللہ صلعم نے شہید کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ مگر قرض معاف نہیں کیا جائے گا۔ (مسلم)

قرضدار کی نماز جنازہ پڑھنے سے آنحضرتؐ کا اجتناب

۲۷۸۷/۱۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتٰى بِالرَّجُلِ الْمُتَوَفّٰى عَلَيْهِ الدَّيْنُ فَيَسْئَلُ هَلْ تَرَكَ لِدَيْنِهٖ قَضَآءً فَاِنْ حُدِّثَ اَنَّهٗ تَرَكَ وَفَآءً صَلّٰى وَاِلَّا قَالَ لِلْمُسْلِمِيْنَ صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْفُتُوْحَ قَالَ اَنَا اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ فَمَنْ تُوُفِّيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَتَرَكَ دَيْنًا فَعَلَيَّ قَضَآءُهٗ وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَهُوَ لِوَرَثَتِهٖ۔ (متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلعم کے پاس اس شخص کے جنازے کو لایا جاتا جس پر قرض واجب ہوتا، تو آپ پوچھتے، کیا قرض ادا کرنے کے لئے یہ شخص کچھ چھوڑ مرا ہے؟ اگر بیان کیا جاتا کہ اتنا مال چھوڑ مرا ہے جس سے اس کا قرض ادا ہو جائے تو اس کے جنازے پر آپ نماز پڑھ لیتے اور اگر اتنا مال نہ بتایا جاتا تو آپ صحابہ رضؓ سے فرما دیتے تم اپنے دوست کے جنازے پر نماز پڑھ لو۔ پھر جب خدا تعالیٰ نے فتوحات بخشیں اور کشادگی نصیب ہوئی۔ تو آپ نے فرمایا، میں مسلمانوں کے لئے ان کی جانوں سے زیادہ عزیز ہوں۔ پس جو شخص مسلمانوں میں سے مرجائے اور اس پر قرض ہو تو اس کے قرض کو ادا کرنے میں میرا ذمہ ہے اور جو مال وہ چھوڑ مرے وہ اس کے وارثوں کا ہے۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

دیوالیہ کا حکم

۲۷۸۸/۱۶ عَنْ اَبِیْ خَلْدَةَ الزُّرَقِيِّ قَالَ جِئْنَا اَبَاهُرَيْرَةَ فِيْ صَاحِبٍ لَّنَا قَدْ اَفْلَسَ فَقَالَ هٰذَا الَّذِيْ قَضٰى فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا رَجُلٍ مَاتَ اَوْ اَفْلَسَ فَصَاحِبُ الْمَتَاعِ اَحَقُّ بِمَتَاعِهٖ اِذَا وَجَدَهٗ بِعَيْنِهٖ۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابی خلدۃ زرقی کہتے ہیں کہ ہم حضرت ابوہریرہ رضؓ کے پاس ایک شخص کا مقدمہ لائے جو مفلس ہو گیا تھا (اور اس کے پاس لوگوں کی وہ چیزیں تھیں جن کو اس نے ان سے خرید کیا تھا) ابوہریرہ رضؓ نے کہا یہ معاملہ بالکل اس شخص کا سا ہے جس کا فیصلہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا تھا کہ جو شخص مرجائے یا مفلس ہو جائے تو جس کا مال اس کے پاس ہے وہی اس کے حقدار ہیں جب کہ وہ بالکل محفوظ ہو۔ (شافعی۔ ابن ماجہ)

قرضدار کی روح قرض کی ادائیگی تک معلق رہتی ہے۔

۲۷۸۹/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسُ الْمُؤْمِنِ مُعَلَّقَةٌ بِدَيْنِهٖ حَتّٰى يُقْضٰى عَنْهُ۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ نے کہا۔ فرمایا رسول اللہ صلعم نے مومن کی روح قرض کے سبب معلق رہتی ہے (یعنی جنت میں داخل نہیں کی جاتی) جب تک اس کا قرض ادا نہ ہو جائے۔ (شافعی۔ احمد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

۲۷۹۰ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاحِبُ الدَّيْنِ مَاْسُوْرٌ بِدَيْنِهٖ يَشْكُوْ اِلٰى رَبِّهِ الْوَحْدَةَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرُوِيَ اَنَّ مُعَاذًا كَانَ يَدَّانُ فَاَتٰى غُرَمَاؤُهٗ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَاعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالَهٗ كُلَّهٗ فِيْ دَيْنِهٖ حَتّٰى قَامَ مُعَاذٌ بِغَيْرِ شَيْءٍ مُرْسَلٌ هٰذَا لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ وَلَمْ اَجِدْهُ فِي الْاُصُوْلِ اِلَّا فِي الْمُنْتَقٰى وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ شَابًّا سَخِيًّا وَّكَانَ لَا يُمْسِكُ شَيْئًا فَلَمْ يَزَلْ يَدَّانُ حَتّٰى اَغْرَقَ مَالَهٗ كُلَّهٗ فِي الدَّيْنِ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَهٗ لِيُكَلِّمَ غُرَمَاءَهٗ فَلَوْ تَرَكَ اَحَدًا لَتَرَكَ مُعَاذًا لِاَجْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَاعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُمْ مَالَهٗ حَتّٰى قَامَ مُعَاذٌ بِغَيْرِ شَيْءٍ۔ (رَوَاهُ سَعِيْدٌ فِيْ سُنَنِهٖ مُرْسَلًا)

حضرت براء بن عازبؓ کہتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ قرض دار محبوس ہوگا قرض کی بدولت اور شکایت کرے گا قیامت کے دن اپنی تنہائی کی (شرح السنۃ) اور نقل کیا ہے کہ معاذ قرض لیا کرتے تھے (ایک مرتبہ) ان کے قرض خواہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے (یعنی قرض کا مطالبہ کرنے کے لئے) نبی صلعم نے معاذ کا سارا سامان قرض میں بیچ ڈالا اور معاذ مفلس ہوگئے (مصابیح) اور عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک کہتے ہیں کہ معاذؓ ایک جوان اور سخی آدمی تھے اور کوئی چیز اپنے پاس نہ رکھتے تھے (یعنی دوسروں کو دے دیا کرتے تھے) اور اس وجہ سے ہمیشہ قرض لیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ان کا سارا مال قرض میں غرق ہوگیا۔ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ آپ ان کے قرض خواہوں سے گفتگو کریں (یعنی قرض معاف کردینے کی بابت یا کچھ چھوڑ دینے کی بابت) آپ نے قرض خواہوں سے گفتگو کی۔ انھوں نے کہا اگر ہم کسی کا قرض معاف کرتے تو رسول اللہ صلعم کی وجہ سے معاذؓ کا قرض ضرور معاف کردیتے (یعنی انھوں نے قرض کو معاف کرنے سے انکار کردیا) پس رسول اللہ صلعم نے معاذؓ کا سارا سامان قرض خواہوں کا قرض چکانے کے لئے بیچ ڈالا اور معاذؓ کے پاس کچھ باقی نہ رہا۔ (سعید مرسلاً)

بلا عذر قرض ادا کرنے مستطیع شخص قابل ملامت ہے

۲۷۹۱ وَعَنِ الشَّرِيْدِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَّ الْوَاجِدُ يُحِلُّ عِرْضَهٗ وَعُقُوْبَتَهٗ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ يُحِلُّ عِرْضَهٗ يُغَلَّظُ لَهٗ وَعُقُوْبَتَهٗ يُحْبَسُ لَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت شریدؓ نے کہا۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا مالدار آدمی کا (اپنے قرض کو ادا کرنے میں دیر کرنا اس کی بے آبروئی اور سزا کو جائز کردیتا ہے۔ ابن مبارک نے بیان کیا ہے کہ بے آبروئی سے مراد اس کو سخت و سست کہنا ہے اور سزا سے مراد قید کرانا ہے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

قرض ادا نہ کرنے والے کی نماز جنازہ سے آپؐ کا انکار

۲۷۹۲ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَةٍ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهَا فَقَالَ هَلْ عَلٰى صَاحِبِكُمْ دَيْنٌ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ هَلْ تَرَكَ لَهٗ مِنْ وَّفَاءٍ قَالُوْا لَا قَالَ صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ قَالَ عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ عَلَيَّ دَيْنُهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَتَقَدَّمَ فَصَلّٰى عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ مَعْنَاهُ وَقَالَ لِعَلِيٍّ فَكَّ اللّٰهُ

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم کے پاس نماز پڑھانے کے لئے ایک جنازہ لایا گیا۔ آپ نے پوچھا۔ کیا اس پر قرض ہے؟ لوگوں نے عرض کیا، ہاں، پوچھا کیا اس نے اتنا مال چھوڑا ہے جس سے قرض ادا ہوجائے؟ لوگوں نے کہا نہیں فرمایا تم ہی اپنے دوست کے جنازے پر نماز پڑھو۔ علی بن ابی طالب نے عرض کیا۔ یا رسول اللہؐ! اس کا قرض ادا کرنا میرے ذمہ ہے تو آپ نے اس کی نماز پڑھادی۔ ایک اور روایت میں

رِهَانَكَ مِنَ النَّارِ كَمَا فَكَكْتَ رِهَانَ اَخِيْكَ الْمُسْلِمِ لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَقْضِيْ عَنْ اَخِيْهِ دَيْنَهٗ اِلَّا فَكَّ اللّٰهُ رِهَانَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

اس کے ہم معنی الفاظ ہیں اور اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ، حضرت علی رضؓ کا قول سُن کر آپ نے فرمایا، آزاد کیا یا آزاد کرے تجھ کو خداوند تعالےٰ دوزخ کی آگ سے جس طرح تو نے اپنے مسلمان بھائی کو قرض سے سُبکدوش کیا۔ پھر فرمایا جو مسلمان بندہ اپنے بھائی کا قرض ادا کرے گا، اللہ تعالےٰ اس کو قیامت کے دن (کی سختیوں سے بچائے گا۔ (شرح السنۃ)

قرض کے بوجھ سے ہلکا ہو کر مرنے والے کے لئے بشارت

۲۷۹۳/۲۱ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَّاتَ وَهُوَ بَرِيْءٌ مِنَ الْكِبْرِ وَالْغُلُوْلِ وَالدَّيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ثوبان رضؓ کہتے ہیں، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص وفات پائے اور غرور و تکبر خیانت و تکبر قرض سے پاک ہو، خدائے تعالےٰ نے اس کو جنت میں داخل فرمایا۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

بالکل مفلسی کی حالت میں قرض دار کا مرنا ایک بڑا گناہ ہے

۲۷۹۴/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَعْظَمَ الذُّنُوْبِ عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ يَّلْقَاهُ بِهَا عَبْدٌ بَعْدَ الْكَبَائِرِ الَّتِيْ نَهَى اللّٰهُ عَنْهَا اَنْ يَّمُوْتَ رَجُلٌ وَّعَلَيْهِ دَيْنٌ لَا يَدَعُ لَهٗ قَضَاءً۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابو موسیٰ رضؓ نے کہا فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ خداوند تعالےٰ کے نزدیک کبیرہ گناہوں کے بعد جن سے خداوند تعالےٰ نے منع فرمایا ہے سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ بندہ اس حال میں خدا سے جا کر ملے کہ اس پر قرض ہو اور اس نے اتنا مال نہ چھوڑا ہو جس سے اس کا قرض ادا ہو جائے۔ (احمد۔ ابوداؤد)

حرام چیزوں پر صلح ناجائز ہے

۲۷۹۵/۲۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصُّلْحُ جَائِزٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّا صُلْحًا حَرَّمَ حَلَالًا اَوْ اَحَلَّ حَرَامًا وَالْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى شُرُوْطِهِمْ اِلَّا شَرْطًا حَرَّمَ حَلَالًا اَوْ اَحَلَّ حَرَامًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَانْتَهَتْ رِوَايَتُهٗ عِنْدَ قَوْلِهٖ شُرُوْطِهِمْ۔

حضرت عمرو بن عوف رضؓ مزنی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے مسلمانوں کے درمیان صلح جائز ہے مگر وہ صلح جائز نہیں جو حلال چیز کو حرام اور حرام چیز کو حلال کر دینے کی موجب ہو (مثلاً اس پر صلح کرے کہ میں اپنی بیوی سے جماع نہ کروں گا۔ یا اس پر صلح کرے کہ میں شراب پیوں گا) اور جو شرطیں مسلمانوں نے صلح وغیرہ میں کی ہیں ان کی پابندی ان پر واجب ہے مگر ان شرائط کی پابندی لازم نہیں جو حرام کو حلال اور حلال کو حرام کر دینے والی ہوں۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ۔ ابوداؤد) (ابوداؤد کی حدیث صرف لفظ "شُرُوْطِهِمْ" تک ہے)

فصل سوم

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا پائجامہ خریدنا

۲۷۹۶/۲۴ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ جَلَبْتُ اَنَا وَمَخْرَفَةُ الْعَبْدِيُّ بَزًّا مِّنْ هَجَرَ فَاَتَيْنَا بِهٖ مَكَّةَ فَجَاءَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِيْ فَسَاوَمَنَا بِسَرَاوِيْلَ فَبِعْنَاهُ وَثَمَّ رَجُلٌ يَّزِنُ

حضرت سوید بن قیس رضؓ کہتے ہیں کہ میں اور مخرفہ رضؓ عبدی مقام ہجر سے بیچنے کے لئے کپڑا خرید کر لائے۔ پھر وہ کپڑا لے کر ہم مکہ میں آئے۔ پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پیدل ہمارے پاس تشریف لائے اور ہم سے ایک پائجامہ کا سودا کیا ہم نے پائجامہ آپ کے ہاتھ

بِالْاَجْرِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زِنْ وَاَرْجِحْ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ۔ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

بیچ دیا اس پر ایک شخص مزدوری پر سکوں یا چاندی سونے کو تول رہا تھا۔ رسول اللہ صلعم نے اس سے منع فرمایا۔ تو اس قیمت کا مال تول دے اور کسی قدر زیادہ تول۔ (احمد۔ ابوداؤد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ) یہ حدیث حسن صحیح ہے)

قرض کی واپسی میں غیر مشروط زیادتی جائز ہے

۲۷۹۷/۲۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ لِيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ فَقَضَانِيْ وَزَادَنِيْ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابر رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم پر میرا کچھ قرض تھا۔ آپ نے مجھ کو میرا قرض ادا کر دیا اور کچھ زیادہ دیا۔ (ابوداؤد)

ادائیگی قرض کا جلدی انتظام کرو

۲۷۹۸/۲۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَبِيْعَةَ قَالَ اِسْتَقْرَضَ مِنِّي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعِيْنَ اَلْفًا فَجَاءَهٗ مَالٌ فَدَفَعَهٗ اِلَيَّ وَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ اِنَّمَا جَزَاءُ السَّلَفِ الْحَمْدُ وَالْاَدَاءُ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت عبداللہ بن ابی ربیعہ رض کہتے ہیں کہ مجھ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چالیس ہزار (درہم) قرض لئے پھر آپ کے پاس مال آیا اور آپ نے میرا قرض ادا کر دیا اور فرمایا خداوند تعالےٰ تیرے اہل وعیال میں برکت دے۔ قرض کا بدلہ یہی ہے کہ خدا کا شکر ادا کیا جائے اس کی تعریف کی جائے اور قرض ادا کر دیا جائے۔ (نسائی)

مہلت دینے والے کو ثواب ملتا ہے

۲۷۹۹/۲۷ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهٗ عَلٰى رَجُلٍ حَقٌّ فَمَنْ اَخَّرَهٗ كَانَ لَهٗ بِكُلِّ يَوْمٍ صَدَقَةٌ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عمران رض بن حصین کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جس شخص کا کسی پر قرضہ ہو اور وہ اس کی وصولی میں تاخیر کرے (یعنی مہلت دے) تو مہلت کا ہر دن صدقہ ہوگا (احمد)

دین میراث پر مقدم ہے

۲۸۰۰/۲۸ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ الْاَطْوَلِ قَالَ مَاتَ اَخِيْ وَتَرَكَ ثَلٰثَ مِائَةِ دِيْنَارٍ وَّتَرَكَ وُلْدًا صِغَارًا فَاَرَدْتُ اَنْ اُنْفِقَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخَاكَ مَحْبُوْسٌ بِدَيْنِهٖ فَاقْضِ عَنْهُ فَذَهَبْتُ فَقَضَيْتُ عَنْهُ ثُمَّ جِئْتُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ قَضَيْتُ عَنْهُ وَلَمْ تَبْقَ اِلَّا امْرَاَةٌ تَدَّعِيْ دِيْنَارَيْنِ وَلَيْسَتْ لَهَا بَيِّنَةٌ قَالَ اَعْطِهَا فَاِنَّهَا صَادِقَةٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت سعد بن اطول رض کہتے ہیں کہ میرے بھائی کا انتقال ہوا اور تین سو دینار اس نے چھوڑے اور ایک بچہ۔ میں نے چاہا کہ اس رقم کو بچہ پر خرچ کروں۔ رسول اللہ صلعم نے (میرے ارادہ کو معلوم کر کے) فرمایا۔ تیرا بھائی قرض کے سبب محبوس ہے (یعنی خدا کے ہاں) تو اس کا قرض ادا کر دے۔ چنانچہ میں نے جا کر سارا قرض ادا کر دیا اور پھر حاضر ہو کر عرض کیا۔ یا رسول اللہ ص میں نے سارا قرض ادا کر دیا صرف ایک عورت باقی رہ گئی ہے جو دو دینار قرض بتاتی ہے لیکن اس کا گواہ نہیں۔ آپ نے فرمایا، دو دینار اس کو دے دو، وہ سچی ہے۔ (احمد)

بار بار کی شہادت بھی قرض کا کفارہ نہیں کر سکتی

۲۸۰۱/۲۹ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ قَالَ

محمد بن عبداللہ بن جحش رض کہتے ہیں کہ ہم لوگ مسجد کے قریب

كُنَّا جُلُوسًا بِفِنَاءِ الْمَسْجِدِ حَيْثُ يُوْضَعُ الْجَنَائِزُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ بَيْنَ ظَهْرَانَيْنَا فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَهٗ قِبَلَ السَّمَآءِ فَنَظَرَ ثُمَّ طَأْطَأَ بَصَرَهٗ وَوَضَعَ يَدَهٗ عَلٰى جَبْهَتِهٖ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَاذَا اُنْزِلَ مِنَ التَّشْدِيْدِ قَالَ فَسَكَتْنَا يَوْمَنَا وَلَيْلَتَنَا فَلَمْ نَرَ اِلَّا خَيْرًا حَتّٰى اَصْبَحْنَا قَالَ مُحَمَّدٌ فَسَئَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا التَّشْدِيْدُ الَّذِيْ نَزَلَ قَالَ فِي الدَّيْنِ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوْ اَنَّ رَجُلًا قُتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ عَاشَ ثُمَّ قُتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ عَاشَ ثُمَّ قُتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ عَاشَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ مَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يُقْضٰى دَيْنُهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ نَحْوَهٗ)

اس صحن میں بیٹھے تھے جہاں جنازے رکھے جاتے تھے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان تشریف فرما تھے رسول اللہ صلعم نے اپنی نظر آسمان کی طرف اٹھائی اور آسمان کی طرف دیکھا۔ پھر نظر نیچی کرلی اور اپنا ہاتھ پیشانی پر رکھ کر فرمایا، پاک ہے اللہ پاک ہے اللہ۔ کس قدر سختی نازل ہوئی ہے راوی کا بیان ہے کہ ہم ایک دن اور ایک رات خاموش رہے اور سوائے بھلائی کے ہمیں اور کوئی چیز نظر نہ آئی یہاں تک کہ صبح ہوگئی۔ محمد راوی کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلعم سے پوچھا۔ وہ کیا سختی ہے جو نازل ہوئی ہے؟ آپ نے فرمایا وہ سختی قرض کی بابت ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے اگر کوئی شخص خدا کی راہ میں مارا جائے اور پھر زندہ ہو اور پھر راہِ خدا میں مارا جائے اور پھر زندہ ہو اور پھر خدا کی راہ میں مارا جائے اور پھر زندہ ہو اور اس پر قرض ہو تو وہ اس وقت تک جنت میں داخل نہ ہوگا جب تک اس کا قرض ادا نہ کر دیا جائے۔ (احمد و شرح السنہ)

بَابُ الشَّرِكَةِ وَالْوَكَالَةِ

شرکت اور وکالت کا بیان

فصل اوّل

عقود میں شرکت جائز ہے

۲۸۰۲ عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ اَنَّهٗ كَانَ يَخْرُجُ بِهٖ جَدُّهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هِشَامٍ اِلَى السُّوْقِ فَيَشْتَرِي الطَّعَامَ فَيَلْقَاهُ ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ الزُّبَيْرِ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ اَشْرِكْنَا فَاِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ دَعَا لَكَ بِالْبَرَكَةِ فَيُشْرِكُهُمْ فَرُبَّمَا اَصَابَ الرَّاحِلَةَ كَمَا هِيَ فَيَبْعَثُ بِهَا اِلَى الْمَنْزِلِ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هِشَامٍ ذَهَبَتْ بِهٖ اُمُّهٗ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحَ رَاْسَهٗ وَدَعَا لَهٗ بِالْبَرَكَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

زہرہ بن معبد کہتے ہیں کہ ان کے دادا عبداللہ رضؓ بن ہشام ان کو بازار میں لے جاتے اور غلّہ خرید اکرتے تھے۔ وہاں ان سے ابن عمر رضؓ اور ابن زبیر رضؓ ملتے اور کہتے ہم کو بھی شریک کرلو۔ اس لئے کہ نبی صلعم نے تمہارے لئے برکت کی دعا کی ہے۔ اور وہ ان کو بھی شریک کرلیتے اور میرے دادا کو اتنا فائدہ ہوتا کہ وہ اونٹ بھر بھر کر گھر کو لے جاتے۔ زہرہ کا بیان ہے کہ میرے دادا عبداللہ بن ہشام کو ان کی ماں نبی صلعم کے پاس لے گئیں تھیں، نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کے سر پر ہاتھ پھیرا اور برکت کی دعا کی۔ (بخاری)

انصار کے مال میں مہاجرین کی شرکت

۲۸۰۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَتِ الْاَنْصَارُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْسِمْ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ (جب مہاجرین مدینہ میں آئے تو) انصار نے نبی صلعم سے عرض کیا کہ ہمارے اور ہمارے بھائیوں

بَيْنَنَا وَبَيْنَ إِخْوَانِنَا النَّخِيلَ قَالَ لَا تَكْفُونَنَا الْمَؤُونَةَ وَنُشْرِكُكُمْ فِي الثَّمَرَةِ قَالُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

(مہاجرین) کے درمیان کھجوروں کے درخت تقسیم فرما دیجئے آپ نے فرمایا میں درخت تقسیم نہیں کرتا۔ تم اتنا کرو کہ مہاجرین کی مدد کے طور پر محبت و شفقت گوارا کرلو (یعنی درختوں کی دیکھ بھال اور پانی وغیرہ دیتے رہو) اور ہم پیداوار میں تمہارے شریک رہیں گے۔ انصار نے اس کو قبول کرلیا۔ (بخاری)

معاملات میں وکیل بنانا جائز ہے

۲۸۰۴/۳ وَعَنْ عُرْوَةَ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ الْبَارِقِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَاهُ دِينَارًا لِيَشْتَرِيَ لَهُ شَاةً فَاشْتَرَى لَهُ شَاتَيْنِ فَبَاعَ إِحْدَاهُمَا بِدِينَارٍ وَأَتَاهُ بِشَاةٍ وَدِينَارٍ فَدَعَا لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْعِهِ بِالْبَرَكَةِ فَكَانَ لَوِ اشْتَرَى تُرَابًا لَرَبِحَ فِيهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عروہ بن ابی جعد بارقی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے مجھ کو ایک دینار بکری خریدنے کے لئے دیا۔ انھوں نے آپ کے لئے ایک دینار میں دو بکریاں خریدیں۔ پھر ایک بکری کو ایک دینار کے عوض بیچ دیا۔ اور ایک بکری اور ایک دینار رسول اللہ ص کی خدمت میں لے کر حاضر ہوئے۔ رسول اللہ صلعم نے ان کی خرید و فروخت میں برکت کی دعا کی۔ پھر اگر وہ مٹی بھی خریدتے تھے تو اس میں نفع ہوتا تھا۔ (بخاری)

فصل دوم

امانت دار شرکاء کا اللہ تعالیٰ محافظ رہتا ہے

۲۸۰۵/۴ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَفَعَهُ قَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ أَنَا ثَالِثُ الشَّرِيكَيْنِ مَا لَمْ يَخُنْ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ فَإِذَا خَانَهُ خَرَجْتُ مِنْ بَيْنِهِمَا۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَزَادَ رَزِينٌ وَجَاءَ الشَّيْطَانُ)

حضرت ابوہریرہ رض مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں دو شریکوں کے درمیان تیسرا ہوں (یعنی دو شریکوں کے ساتھ ہوں ان کے مال کی حفاظت اور مدد کے لئے) جب تک وہ ایک دوسرے کے ساتھ خیانت نہیں کرتے۔ اور جب وہ خیانت اور بددیانتی کرنے لگتے ہیں تو میں ان سے جدا ہو جاتا ہوں (ابوداؤد۔ رزین) اور آخر میں یہ الفاظ زیادہ لکھے ہیں اور شیطان ان میں شامل ہو جاتا ہے۔

خائن سے انتقام کا جذبہ تمہیں خیانت پر نہ اکسا دے

۲۸۰۶/۵ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَدِّ الْأَمَانَةَ إِلَى مَنِ ائْتَمَنَكَ وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ۔ (رواہ الترمذی و ابوداؤد و الدارمی)

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس نے تجھ کو امین بنایا ہے اس کی امانت کو ادا کر اور جو شخص تجھ سے خیانت کرے تو اس کے ساتھ خیانت نہ کر۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ دارمی)

آنحضرت ص کا توکیل

۲۸۰۷/۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ أَرَدْتُ الْخُرُوجَ إِلَى خَيْبَرَ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَقُلْتُ إِنِّي أَرَدْتُ الْخُرُوجَ إِلَى خَيْبَرَ فَقَالَ إِذَا أَتَيْتَ وَكِيلِي فَخُذْ مِنْهُ خَمْسَةَ عَشَرَ وَسْقًا فَإِنِ ابْتَغَى مِنْكَ آيَةً فَضَعْ يَدَكَ

حضرت جابر رض کہتے ہیں میں نے خیبر جانے کا ارادہ کیا اور رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہوا (یعنی اجازت حاصل کرنے کے لئے) میں نے آپ کو سلام کیا اور عرض کیا۔ میں خیبر جانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ آپ نے فرمایا تم خیبر میں میرے وکیل سے ملو، تو پندرہ وسق کھجوریں لیتے آنا اور وہ تجھ سے نشانی مانگے تو

عَلٰی تَرْکِ قَوْدِہٖ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

اس کے حلق پر ہاتھ رکھ دینا (یہ نشانی نبی صلعم کی وکیل کو بتادے گی)۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

شرکت مضاربت میں خیر و بھلائی ہے

۲۸۰۸ عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ فِيْهِنَّ الْبَرَكَةُ الْبَيْعُ اِلٰى اَجَلٍ وَّالْمُقَارَضَةُ وَاِخْلَاطُ الْبُرِّ بِالشَّعِيْرِ لِلْبَيْتِ لَا لِلْبَيْعِ۔ (رواہ ابن ماجۃ)

حضرت صہیبؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے تین چیزوں میں برکت ہوتی ہے (۱) وعدہ پر مال کا بیچنا (یعنی مال کو ایک وقتِ معیّن کے وعدہ پر بیچے (۲) مضاربت[1] (۳) گیہوں میں جَو ملا لینا گھر کے خرچ کے لئے، بیچنے کے لئے نہیں۔ (ابن ماجہ)

ایک واقعہ

۲۸۰۹ وَعَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مَعَهٗ بِدِيْنَارٍ لِيَشْتَرِيَ لَهٗ بِهٖ اُضْحِيَّةً فَاشْتَرٰى كَبْشًا بِدِيْنَارٍ وَبَاعَهٗ بِدِيْنَارَيْنِ فَرَجَعَ فَاشْتَرٰى اُضْحِيَّةً بِدِيْنَارٍ وَجَاءَ بِهَا وَبِالدِّيْنَارِ الَّذِيْ اسْتَفْضَلَ مِنَ الْاُخْرٰى فَتَصَدَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالدِّيْنَارِ فَدَعَا لَهٗ اَنْ يُّبَارِكَ لَهٗ فِيْ تِجَارَتِهٖ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت حکیم بن حزامؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے ان کو ایک دینار قربانی کا جانور خریدنے کے لئے دیا۔ انھوں نے ایک مینڈھا یا دنبہ ایک دینار کو خریدا اور دو دینار میں بیچ ڈالا۔ پھر ایک جانور ایک دینار میں خرید کیا اور اس کو مع اس دینار کے جو نفع میں حاصل ہوا تھا لے کر نبی صلعم کے پاس حاضر ہوئے۔ رسول اللہ صلعم نے وہ دینار صدقہ کر دیا اور حکیم بن حزام کے لئے یہ دعا کی کہ "خدا تعالےٰ ان کی تجارت میں برکت عطا فرمائے۔ (ابوداؤد۔ ترمذی)

بَابُ الْغَصْبِ وَالْعَارِيَةِ

غصب اور عاریت کا بیان

فصل اوّل

غصب کرنے والے کی سزا

۲۸۱۰ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَخَذَ شِبْرًا مِّنَ الْاَرْضِ ظُلْمًا فَاِنَّهٗ يُطَوَّقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ۔ (متفق علیہ)

حضرت سعید بن زید رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ جو شخص ایک بالشت بھر زمین ظلم سے حاصل کرے گا اس زمین کے ٹکڑے کے ساتوں طبقے قیامت کے دن اس کی گردن میں طوق کے طور پر پہنائے جائیں گے۔ (بخاری و مسلم)

کسی کے جانور کا دودھ مالک کی اجازت کے بغیر نہ دوہے

۲۸۱۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحْلُبَنَّ اَحَدٌ مَاشِيَةَ اَمْرِئٍ بِغَيْرِ اِذْنِهٖ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلعم نے کوئی شخص کسی جانور کا دودھ اس کی اجازت کے بغیر نہ دوہے۔ کیا تم میں کوئی شخص اس بات کو پسند کرے

---

[1] مضاربت وہ تجارت ہے جس میں مال ایک شخص کا ہو اور دوسرا محنت و مشقت کے ساتھ اس میں شریک ہو اور منافع معیّن کر کے باہم تقسیم کر لیا جائے ۱۲ مترجم

تُؤْتٰی مَشْرُبَتُهٗ فَتُكْسَرُ خِزَانَتُهٗ فَيُنْتَقَلُ طَعَامُهٗ وَ اِنَّمَا تُخْزَنُ لَهُمْ ضُرُوْعُ مَوَاشِيْهِمْ اَطْعِمَاتِهِمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

گا کہ کوئی شخص اس کے گودام کا قفل توڑ ڈالے اور اس کا غلہ لے جائے۔ اسی طرح جانور کے تھن اس شخص کا گودام ہے جن میں اس کا غلّہ (دودھ) بھرا ہوا ہے (مسلم)

ایک واقعہ

۲۸۱۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ بَعْضِ نِسَآئِهٖ فَاَرْسَلَتْ اِحْدَى اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِصَحْفَةٍ فِيْهَا طَعَامٌ فَضَرَبَتِ الَّتِيْ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِهَا الْخَادِمَ فَسَقَطَتِ الصَّحْفَةُ فَانْفَلَقَتْ فَجَمَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِلَقَ الصَّحْفَةِ ثُمَّ جَعَلَ يَجْمَعُ فِيْهَا الطَّعَامَ الَّذِيْ كَانَ فِي الصَّحْفَةِ وَيَقُوْلُ غَارَتْ اُمُّكُمْ ثُمَّ حَبَسَ الْخَادِمَ حَتّٰى اُتِيَ بِصَحْفَةٍ مِنْ عِنْدِ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا فَدَفَعَ الصَّحْفَةَ الصَّحِيْحَةَ اِلَى الَّتِيْ كُسِرَتْ صَحْفَتُهَا وَ اَمْسَكَ الْمَكْسُوْرَةَ فِيْ بَيْتِ الَّتِيْ كَسَرَتْ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی کسی بیوی (حضرت عائشہ رضؓ) کے گھر میں تھے کہ کسی اور بیوی نے ایک رکابی میں کھانا بھیجا۔ نبی صلعم کی اس بیوی نے جن کے ہاں آپ اس وقت تھے رکابی میں ہاتھ مارا۔ رکابی گر کر ٹوٹ گئی۔ نبی صلعم نے رکابی کے ٹکڑے اٹھائے اور پھر وہ کھانا جو رکابی میں تھا اکٹھا کر کے ان ٹکڑوں میں رکھا اور لونڈی سے جو کھانا لائی تھی فرمایا تمہاری ماں نے غیرت کی (یعنی رشک کیا) پھر لونڈی بیٹھ گئی حتیٰ کہ اس کو گھر میں سے جہاں آپؐ تشریف فرما تھے، سالم رکابی لا کر دی گئی اور ٹوٹی ہوئی رکابی رکھ لی۔ (بخاری)

کسی مسلمان کا مال لوٹنا حرام ہے

۲۸۱۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰى عَنِ النُّهْبَةِ وَ الْمُثْلَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبداللہ رضؓ بن یزید کو نبی صلعم نے فرمایا لوٹنے اور مثلہ کرنے سے منع فرمایا (مثلہ ناک کان کاٹنے کو کہتے ہیں) (بخاری)

حاجیوں کا سامان جلانے والے کا عبرتناک حشر

۲۸۱۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اِنْكَسَفَتِ الشَّمْسُ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ مَاتَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ سِتَّ رَكَعَاتٍ بِاَرْبَعِ سَجَدَاتٍ فَاَنْصَرَفَ وَ قَدْ اٰضَتِ الشَّمْسُ وَقَالَ مَا مِنْ شَيْءٍ تُوْعَدُوْنَهٗ اِلَّا قَدْ رَاَيْتُهٗ فِيْ صَلٰوتِيْ هٰذِهٖ لَقَدْ جِيْءَ بِالنَّارِ وَذٰلِكُمْ حِيْنَ رَاَيْتُمُوْنِيْ تَاَخَّرْتُ مَخَافَةَ اَنْ يُّصِيْبَنِيْ مِنْ لَفْحِهَا وَحَتّٰى رَاَيْتُ فِيْهَا صَاحِبَ الْمِحْجَنِ يَجُرُّ قُصْبَهٗ فِي النَّارِ وَكَانَ يَسْرِقُ الْحَاجَّ بِمِحْجَنِهٖ فَاِنْ فُطِنَ لَهٗ قَالَ اِنَّمَا تَعَلَّقَ بِمِحْجَنِيْ وَاِنْ غُفِلَ عَنْهُ ذَهَبَ بِهٖ وَحَتّٰى رَاَيْتُ فِيْهَا صَاحِبَةَ الْهِرَّةِ الَّتِيْ رَبَطَتْهَا فَلَمْ تُطْعِمْهَا وَلَمْ تَدَعْهَا تَاْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْاَرْضِ حَتّٰى مَاتَتْ جُوْعًا ثُمَّ جِيْءَ بِالْجَنَّةِ

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم کے زمانے میں جس روز کہ آپ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضؓ کی وفات ہوئی سورج گرہن ہوا۔ آپ نے لوگوں کو دو رکعت نماز چھ رکوع اور چار سجدوں کے ساتھ پڑھائی۔ اتنے میں سورج روشن ہو گیا۔ پھر آپ نے فرمایا۔ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے اور جس چیز سے تم کو ڈرایا جاتا ہے وہ آج میں نے اپنی اس نماز میں دیکھ لی میرے سامنے دوزخ کو لایا گیا یہ اس وقت جب کہ تم نے مجھ کو پیچھے ہٹتے دیکھا ہوگا۔ میں دوزخ کی گرمی کے ڈر سے پیچھے ہٹ گیا تھا میں نے اس میں ایک شخص کو دیکھا جس کے پاس سر اُمڑی ہوئی لکڑی تھی۔ وہ اپنی آنتڑیوں کو کھینچ رہا تھا۔ یہ شخص (جس کا نام عمر بن لحی تھا) حاجیوں کی چیزیں اپنی مڑی ہوئی لاٹھی سے چرایا کرتا تھا (یعنی چلتے چلتے اپنی لاٹھی میں کسی کی چیز اُلجھا لیتا تھا) اور معلوم ہو جاتا تو کہہ دیتا میری لاٹھی میں اُلجھ گئی ہوگی اور معلوم نہ ہوتا تو لے جاتا۔ اور میں نے اس بلّی والی عورت کو دیکھا جس نے

وَذٰلِكَ حِيْنَ رَاَيْتُمُوْنِيْ تَقَدَّمْتُ حَتّٰى قُمْتُ فِيْ مَقَامِيْ وَلَقَدْ مَدَدْتُ بِيَدِيْ وَاَنَا اُرِيْدُ اَنْ اَتَنَاوَلَ مِنْ ثَمَرَتِهَا لِتَنْظُرُوْا اِلَيْهِ ثُمَّ بَدَا لِيْ اَنْ لَّا اَفْعَلَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اپنی بلّی کو باندھ رکھا تھا۔ نہ تو اس کو کھانے کو دیتی تھی اور نہ کھولتی تھی کہ چوہے وغیرہ کھالے یہانتک کہ وہ مرگئی۔ پھر میرے سامنے جنت لائی گئی اور یہ اس وقت جب کہ تم نے مجھ کو آگے بڑھتے دیکھا ہوگا۔ پھر میں اپنی جگہ پر کھڑا ہوگیا اور اپنا ہاتھ آگے بڑھایا تاکہ میں جنت کا ایک پھل توڑلوں، تاکہ تم اس کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لو لیکن پھر میں نے اِس کو مناسب نہ سمجھا اِس لئے کہ پھر ایمان بالغیب باقی نہ رہتا۔ (مسلم)

جانور کا عاریۃً مانگ لینا جائز ہے

۲۸۱۵ وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُوْلُ كَانَ فَزَعٌ بِالْمَدِيْنَةِ فَاسْتَعَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا مِّنْ اَبِيْ طَلْحَةَ يُقَالُ لَهُ الْمَنْدُوْبُ فَرَكِبَ فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ مَا رَاَيْنَا مِنْ شَيْءٍ وَّاِنْ وَّجَدْنَاهُ لَبَحْرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

قتادہؒ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انسؓ کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ، ایک دفعہ اس خیال سے کہ کفار کا لشکر قریب آگیا ہے مدینہ میں اضطراب پیدا ہوگیا۔ نبی صلعم نے حضرت ابوطلحہؓ سے گھوڑا مانگا جس کو مندوب کہا جاتا تھا (یعنی سست قدم) اور آپ اس پر سوار ہوکر چلے گئے اور پھر واپس آکر فرمایا خوف کی کوئی بات نہیں ہے اور ہم نے تو اس گھوڑے کو تیز رفتار پایا۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

بنجر زمین آباد کرنے والا اس زمین کا مالک ہے

۲۸۱۶ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ اَحْيٰى اَرْضًا مَّيْتَةً فَهِيَ لَهٗ وَلَيْسَ لِعِرْقِ ظَالِمٍ حَقٌّ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ عُرْوَةَ مُرْسَلًا وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

حضرت سعیدؓ بن زید کہتے ہیں کہ نبی صلعم نے فرمایا ہے جو شخص مُردہ زمین (بنجر) کو زندہ کرے (یعنی کاشت کے قابل بنائے یا آباد کرے) وہ اسی کی ہے اور ظالم کی اولاد کا کوئی حق نہیں ہے (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ امام مالکؒ نے اسے عروہ سے مرسلاً روایت کیا ہے۔ ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے)

کسی دوسرے کا مال بغیر اجازت حلال نہیں ہوتا

۲۸۱۷ وَعَنْ اَبِيْ حُرَّةَ الرَّقَاشِيِّ عَنْ عَمِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا لَا تَظْلِمُوْا اَلَا لَا يَحِلُّ مَالُ امْرِئٍ اِلَّا بِطِيْبِ نَفْسٍ مِّنْهُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَالدَّارَقُطْنِيُّ فِي الْمُجْتَبٰى)

ابی حُرہ رقاشی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلعم نے خبردار کسی پر ظلم نہ کرنا۔ کسی کا مال اس کی اجازت و خوشی کے بغیر نہ لینا۔ (بیہقی و دارقطنی)

کسی کا مال لوٹنے والا اسلامی برادری کا فرد بننے کے قابل نہیں

۲۸۱۸ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا شِغَارَ

حضرت عمران بن حصین کہتے ہیں۔ نبی صلعم نے فرمایا کہ، اسلام میں) نہ تو جَلَب[1] ہے نہ جَنَب اور نہ شِغار[2] اور جو شخص اُن کا مال

---

[1] جَلَب اور جَنَب گھوڑ دوڑ میں بھی ہوتی ہے اور صدقہ میں بھی گھوڑ دوڑ کی یہ جلب ہے کہ گھوڑا دوڑانے والا ایک شخص کو اپنے پیچھے گھوڑا ہانکنے اور مارنے کے لئے بٹھالے اور گھوڑ دوڑ کی جنب یہ ہے کہ دوڑنے والے گھوڑے کے ساتھ ایک اور گھوڑا ہے جب دوڑنے والا تھک جائے تو دوسرے پر سوار ہوکر آگے نکل جائے اور صدقہ کی جلب و جنب یہ ہے کہ زکوٰۃ وصول کرنے والا ایک جگہ ٹھہرے اور جن پر زکوٰۃ واجب ہے اُن کو بلاکر ان سے زکوٰۃ وصول کرے اور جنب یہ ہے کہ زکوٰۃ دینے والا اپنے مکان سے اُٹھ کر دوسری جگہ چلا جائے اور زکوٰۃ لینے والے سے کہے

وَمَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

لُوٹے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (ترمذی)

کسی کی کوئی چیز ہنسی مذاق میں لے کر ہڑپ نہ کر جاؤ

۲۸۱۹ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَاْخُذْ اَحَدُكُمْ عَصَا اَخِيْهِ لَاعِبًا جَادًّا فَمَنْ اَخَذَ عَصَا اَخِيْهِ فَلْيَرُدَّهَا اِلَيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَرِوَايَتُهٗ اِلٰى قَوْلِهٖ "جَادًّا")

حضرت سائب بن یزید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں فرمایا نبی صلعم نے تم میں کوئی شخص اپنے بھائی کی لاٹھی ہنسی مذاق میں اس خیال سے نہ لے کہ وہ اس کو رکھ لے گا پس جو شخص اپنے بھائی سے لاٹھی لے تو وہ اس کو واپس کر دے۔ (ترمذی و ابوداؤد۔ ترمذی نے اسے صرف لفظ جَادًّا تک روایت کیا ہے)

اپنا چوری کا مال جس کے پاس دیکھو اس سے لے لو

۲۸۲۰ وَعَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ وَّجَدَ عَيْنَ مَالِهٖ عِنْدَ رَجُلٍ فَهُوَ اَحَقُّ بِهٖ وَيَتْبَعُ الْبَيِّعُ مَنْ بَاعَهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت سمرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اپنا (غصب کیا ہوا یا چرایا ہوا یا گم شدہ) مال کسی شخص کے پاس دیکھے وہ اس کے پانے کا زیادہ مستحق ہے اور جو شخص کسی سے اس کو خریدے اور مالک اس سے واپس نہ لے تو وہ بیچنے والے کا پیچھا کرے اور اس سے اپنی قیمت وصول کر لے۔ (احمد۔ ابوداؤد)

جس سے کوئی چیز لو اس کو واپس کر دو

۲۸۲۱ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلَى الْيَدِ مَا اَخَذَتْ حَتّٰى تُؤَدِّيَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت سمرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو شخص کسی سے کوئی چیز چھین کر یا چرا کر یا مانگے کے طور پر لے اس کو چاہیئے کہ وہ اپنے ہاتھ سے مالک کو پہنچائے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

کسی کے باغ وغیرہ کو نقصان پہنچانے کا مسئلہ

۲۸۲۲ وَعَنْ حَرَامِ بْنِ سَعْدِ بْنِ مُحَيِّصَةَ اَنَّ نَاقَةً لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ دَخَلَتْ حَائِطًا فَاَفْسَدَتْ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عَلٰى اَهْلِ الْحَوَائِطِ حِفْظَهَا بِالنَّهَارِ وَاَنَّ مَا اَفْسَدَتِ الْمَوَاشِيْ بِاللَّيْلِ ضَامِنٌ عَلٰى اَهْلِهَا (رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حرام بن سعد بن محیصہ کہتے ہیں کہ حضرت براء بن عازب رضؓ کی اونٹنی باغ میں گھس گئی اور باغ کو خراب کر دیا۔ اس مقدمہ میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ کیا کہ دن میں باغ کی حفاظت باغ والوں پر ہے اور جو مویشی رات کے وقت باغوں کو خراب کریں ان کا تاوان مویشی کے مالکوں پر ہے۔ (مالک۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۲۸۲۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرِّجْلُ جُبَارٌ وَّقَالَ النَّارُ جُبَارٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ نے کہا فرمایا رسول اللہ صلعم نے پاؤں کا کچلا ہوا معاف ہے اور آگ کا جلایا ہوا معاف ہے (یعنی جانوروں کے پاؤں سے کچھ کچلا گیا اور مالک ساتھ نہیں ہے تو اس کا تاوان نہ ہوگا اسی

کہ وہ آکر زکوٰۃ وصول کر لے ۱۲ مترجم

۵۲ شغار یہ ہے کہ ایک شخص اپنی بہن یا بیٹی کا نکاح کسی کے ساتھ اس شرط سے کرے کہ وہ اپنی بیٹی یا بہن کا نکاح اس کے ساتھ کر دے اور مہر کچھ نہیں بلکہ یہ شرط ہی مہر ہو۔ ۱۲ مترجم

طرح کسی نے آگ جلائی اور چنگاری اڑ کر کہیں جا پڑی اور نقصان ہوگیا تب بھی تاوان نہیں ہے بشرطیکہ تیز ہوا نہ ہو اور آگ جلانیوالے کا ارادہ فاسد نہ ہو۔) (ابوداؤد)

حالت اضطرار میں دوسرے کے جانور کا دودھ پینے کی اجازت ہے۔

۲۸۲۴/۱۵ وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَتٰی اَحَدُکُمْ عَلٰی مَاشِیَةٍ فَاِنْ کَانَ فِیْھَا صَاحِبُھَا فَلْیَسْتَاْذِنْہُ وَاِنْ لَّمْ یَکُنْ فِیْھَا فَلْیُصَوِّتْ ثَلٰثًا فَاِنْ اَجَابَہٗ اَحَدٌ فَلْیَسْتَاْذِنْہُ وَاِنْ لَّمْ یُجِبْہُ اَحَدٌ فَلْیَحْتَلِبْ وَلْیَشْرَبْ وَلَا یَحْمِلْ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حسنؒ حضرت سمرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلعم نے فرمایا ہے تم میں سے جو شخص مواشی کو پائے اگر ان کا مالک ساتھ ہو تو اس سے اجازت لے کر دودھ دوہ کر پی لے اور اگر مالک ساتھ نہ ہو (اور بھوک سے برا حال ہو) تو تین مرتبہ بلند آواز سے پکارے اگر کوئی جواب دے تو اس سے دودھ دوہ کر پینے کی اجازت حاصل کرلے اور کوئی جواب نہ دے تو دودھ دوہ لے اور (بقدر ضرورت) پی لے اور دودھ کو لے نہ جائے۔ (ابوداؤد)

دوسرے کے باغ کا پھل مالک کی اجازت کے بغیر کھانے کا مسئلہ

۲۸۲۵/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ دَخَلَ حَائِطًا فَلْیَاْکُلْ وَلَا یَتَّخِذْ خُبْنَةً۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ۔)

حضرت ابن عمرؓ نے کہا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص (بھوکا ہو اور) باغ میں جائے تو (بقدر ضرورت) کھالے۔ جھولی میں بھر کر نہ لے جائے۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

مستعار لی ہوئی چیز امانت کے حکم میں ہے

۲۸۲۶/۱۷ وَعَنْ اُمَیَّةَ بْنِ صَفْوَانَ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِسْتَعَارَ مِنْہُ اَدْرَاعًا یَوْمَ حُنَیْنٍ فَقَالَ اَغَصْبًا یَا مُحَمَّدُ قَالَ بَلْ عَارِیَةً مَضْمُوْنَةً۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت امیہ بن صفوان رضؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حنین کی جنگ میں نبی صلعم نے ان سے چند زرہیں مستعار لیں انھوں نے پوچھا اے محمد صلعم! کیا غصب کے طریقہ پر یہ زرہیں لے رہے ہو؟ آپ نے فرمایا نہیں عاریت کے طور پر جن کو واپس کردیا جائے گا۔ (ابوداؤد)

مستعار چیز کو واپس کردینا واجب ہے

۲۸۲۷/۱۸ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْعَارِیَةُ مُؤَدَّاۃٌ وَالْمِنْحَةُ مَرْدُوْدَةٌ وَالدَّیْنُ مَقْضِیٌّ وَالزَّعِیْمُ غَارِمٌ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابوامامہؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلعم کو یہ فرماتے سنا ہے مستعار چیز کو واپس دینا واجب ہے اور منحہ[1] کا واپس کرنا بھی ضروری ہے اور قرض کو ادا کیا جائے اور ضامن کو ضمانت ادا کرنا واجب ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

درخت سے گرے ہوئے پھل اٹھانے کا مسئلہ

۲۸۲۸/۱۹ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ عَمْرٍو الْغِفَارِیِّ قَالَ کُنْتُ غُلَامًا اَرْمِیْ نَخْلَ الْاَنْصَارِ فَاُتِیَ بِیْ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَالَ یَا غُلَامُ لِمَ تَرْمِی

حضرت رافع بن عمرو غفاری رضؓ کہتے ہیں کہ میں بچہ تھا اور انصار کے کھجور کے درختوں پر پتھر پھینکا کرتا تھا۔ انصار مجھ کو پکڑ کر نبی صلعم کی خدمت میں لے گئے۔ آپ نے پوچھا، لڑکے تو

---

[1] "منحہ" اس جانور، درخت یا زمین کو کہتے ہیں جو دودھ پینے، پھل کھانے اور چرانے کے لئے عاریتاً دے دی جائے، ان چیزوں کا نفع اٹھانے کے بعد واپس کرنا واجب ہے۔ ۱۲ مترجم

النَّخْلَ قُلْتُ اَکُلُ قَالَ فَلَا تَرْمِ وَکُلْ مِمَّا سَقَطَ فِیْ اَسْفَلِهَا ثُمَّ مَسَحَ رَاْسَهٗ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اَشْبِعْ بَطْنَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ وَ ابْنُ مَاجَةَ وَسَنَذْکُرُ حَدِیْثَ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ فِیْ بَابِ اللُّقَطَةِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی۔

پتھر کیوں پھینکتا ہے؟ میں نے کہا میں پتھر سے کھجوریں گرا کر کھاتا ہوں۔ آپ نے فرمایا پتھر نہ پھینک جو نیچے گرا پڑا ہو اس کو کھالے پھر آپ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا۔ اے اللہ تعالیٰ! تو اس کا پیٹ بھر دے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ) باب لقطہ میں عمرو بن شعیب کی حدیث انشاء اللہ بیان کیجائیگی۔

فصل سوم

زمین غصب کرنے کی سزا

۲۸۲۹ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَخَذَ مِنَ الْاَرْضِ شَیْئًا بِغَیْرِ حَقِّهٖ خُسِفَ بِهٖ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِلٰی سَبْعِ اَرْضِیْنَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص زمین میں سے ناحق کچھ لے اس کو قیامت کے دن دھنسایا جائے گا زمین کے ساتویں طبقہ تک۔ (بخاری)

۲۸۳۰ وَعَنْ یَعْلَی بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ اَخَذَ اَرْضًا بِغَیْرِ حَقِّهَا کُلِّفَ اَنْ یَّحْمِلَ تُرَابَهَا اِلَی الْمَحْشَرِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت یعلیٰ بن مُرہ کہتے ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ جو شخص ناحق کسی کی زمین پر قبضہ کرلے قیامت کے دن اس کو حکم دیا جائے گا کہ اس زمین کی مٹی اپنے سر پر اٹھائے۔ (احمد)

۲۸۳۱ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَیُّمَا رَجُلٍ ظَلَمَ شِبْرًا مِّنَ الْاَرْضِ کَلَّفَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اَنْ یَّحْفِرَهٗ حَتّٰی یَبْلُغَ اٰخِرَ سَبْعِ اَرْضِیْنَ ثُمَّ یُطَوِّقُهٗ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ حَتّٰی یُقْضٰی بَیْنَ النَّاسِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت یعلیٰ بن مرّہ رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص بالشت بھر زمین بھی ظلم کرکے لے گا۔ خداوند تعالیٰ اس کو حکم دے گا، یہ کہ کھودے وہ اس زمین کو ساتویں طبقہ تک۔ پھر وہ زمین طوق بنا کر اس کے گلے میں ڈالی جائے گی اور وہ قیامت تک اسی حال پر رہے گا یہاں تک کہ قیامت کے دن تمام لوگوں کے معاملات کا فیصلہ ہو۔ (احمد)

بَابُ الشُّفْعَةِ

شفعہ کا بیان

فصل اوّل

حق شفعہ صرف شریک کو حاصل ہوتا ہے یا ہمسایہ کو بھی؟

۲۸۳۲ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَضَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالشُّفْعَةِ فِیْ کُلِّ مَالَمْ یُقْسَمْ فَاِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ وَصُرِفَتِ الطُّرُقُ فَلَا شُفْعَةَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلعم نے ہر اس چیز میں جو شریکوں کے درمیان تقسیم نہ ہو گئی ہو شفعہ کا حکم دیا ہے لیکن جب حدود مقرر ہو جائیں (یعنی مشترک زمین تقسیم کرلی جائے) اور ہر ایک حصّہ کا راستہ جدا ہو جائے پھر شفعہ باقی نہیں رہتا۔ (بخاری)

حق شفعہ صرف زمین اور مکان کے ساتھ مخصوص ہے

۲۸۳۳ وَعَنْهُ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالشُّفْعَةِ فِيْ كُلِّ شِرْكَةٍ لَمْ تُقْسَمْ رَبْعَةٍ اَوْ حَائِطٍ لَا يَحِلُّ لَهٗ اَنْ يَّبِيْعَ حَتّٰى يُؤْذِنَ شَرِيْكَهٗ فَاِنْ شَاءَ اَخَذَ وَاِنْ شَاءَ تَرَكَ فَاِذَا بَاعَ وَلَمْ يُؤْذِنْهُ فَهُوَ اَحَقُّ بِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے مشترک زمین میں جو تقسیم نہ کی گئی ہو، شفعہ کا حکم دیا ہے خواہ گھر ہو یا باغ ہو اور فرمایا ہے کہ دونوں شریکوں میں سے کسی شریک کو اپنا حصہ بیچنے کا حق حاصل نہیں ہے جب تک اپنے دوسرے شریک سے خواہ اجازت حاصل کرلے خواہ دوسرا شریک خود خرید لے خواہ دوسرے کے ہاتھ بیچنے کی اجازت دیدے۔ اور اگر کسی شریک نے دوسرے شریک کی اجازت کے بغیر اپنا حصہ بیچ ڈالا تو اس کا شریک ہی اس کے خریدنے کا حق دار ہے۔ (مسلم)

ہمسایہ کو حق شفعہ حاصل ہونے کی دلیل

۲۸۳۴ وَعَنْ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابورافع رض کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ ہمسایہ قریب ہونے کے سبب شفعہ کا زیادہ حق رکھتا ہے۔ (بخاری)

ہمسائے کا حق

۲۸۳۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَمْنَعُ جَارٌ جَارَهٗ اَنْ يَّغْرِزَ خَشَبَةً فِيْ جِدَارِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کوئی شخص اپنے ہمسایے کی دیوار میں لکڑی (کھونٹی) گاڑنے سے منع نہ کرے۔ (بخاری)

راستہ کے سلسلہ میں ایک ہدایت

۲۸۳۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اخْتَلَفْتُمْ فِي الطَّرِيْقِ جُعِلَ عَرْضُهٗ سَبْعَةَ اَذْرُعٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلعم نے جب تم میں سے راستے کے بابت اختلاف ہو تو راستہ کا عرض (چوڑائی) سات ہاتھ رکھو۔ (مسلم)

فصل دوم

غیر منقولہ جائیداد کو بلا ضرورت بیچنا مناسب نہیں

۲۸۳۷ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ حُرَيْثٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ بَاعَ مِنْكُمْ دَارًا اَوْ عَقَارًا فَلَمْ يَسْتَوْجِبْ اَنْ لَّا يُبَارَكَ لَهٗ اِلَّا اَنْ يَّجْعَلَهٗ فِيْ مِثْلِهٖ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت سعید بن حریث رض کہتے ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص تم سے مکان یا زمین کو بیچے، مناسب ہے کہ اس کی قیمت میں برکت نہ دی جائے مگر جب کہ وہ قیمت مکان یا زمین ہی کی خریداری پر صرف ہو (یعنی مکان و زمین چونکہ غیر منقولہ اور محفوظ چیزیں ہیں اس لئے ان کو بیچ کر منقولہ چیزوں میں روپیہ صرف کردینا بہت بُرا ہے اس لئے بغیر کسی شدید ضرورت کے ان چیزوں کو نہ بیچے اور بیچے تو پھر اس روپے سے مکان یا زمین ہی خریدے۔ (ابن ماجہ۔ دارمی)

ہمسایہ کو حق شفعہ حاصل ہوتا ہے

۲۸۳۸ الف وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جابر رض کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْجَارُ اَحَقُّ بِشُفْعَتِهٖ يُنْتَظَرُ بِهَا وَاِنْ كَانَ غَائِبًا اِذَا كَانَ طَرِيْقُهُمَا وَاحِدًا (رواہ احمد والترمذی وابوداؤد وابن ماجۃ والدارمی)

نے ہمسایہ شفعہ کا زیادہ حق رکھتا ہے اگر وہ موجود نہ ہو تو اس کا انتظار کیا جائے اور یہ استحقاق اس وقت حاصل ہوگا جب کہ دونوں کا راستہ ایک ہو۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

شفعہ کا تعلق ہر غیر منقول جائیداد سے ہے

۲۸۳۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشَّرِيْكُ شَفِيْعٌ وَّالشُّفْعَةُ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ قَالَ وَقَدْ رُوِيَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا وَهُوَ اَصَحُّ۔)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ، شریک (اس زمین میں جو فروخت کی جائے) شفعہ کا حق رکھتا ہے۔ اور شفعہ ہر چیز پر ہے۔ (ترمذی۔ ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث ابن ابی ملیکہ سے مرسلاً بھی مروی ہے اور یہی صحیح ہے)

بیری کا درخت کاٹنے پر وعید

۲۸۳۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُبْشِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَطَعَ سِدْرَةً صَوَّبَ اللّٰهُ رَاْسَهٗ فِي النَّارِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ، وَقَالَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مُخْتَصَرٌ يَعْنِيْ مَنْ قَطَعَ سِدْرَةً فِيْ فَلَاةٍ يَسْتَظِلُّ بِهَا ابْنُ السَّبِيْلِ وَالْبَهَائِمُ عَشْمًا وَّظُلْمًا بِغَيْرِ حَقٍّ يَّكُوْنُ لَهٗ فِيْهَا صَوَّبَ اللّٰهُ رَاْسَهٗ فِي النَّارِ۔)

حضرت عبداللہ بن حبشی رضؓ نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص بیری کا درخت[1] کاٹے گا خدائے تعالیٰ اس کو سر کے بل دوزخ میں ڈالے گا۔ (ابوداؤد۔ ابوداؤد نے بیان کیا ہے کہ یہ حدیث مختصر ہے مراد اس سے یہ ہے کہ جو شخص جنگل کی کسی ایسی بیری کو کاٹے گا جس کے سایہ میں مسافر اور جانور پناہ حاصل کرتے ہیں اور ناحق و زبردستی کاٹے گا اس کو سر کے بل دوزخ میں ڈالا جائے گا۔)

فصل سوم

ہر غیر منقول جائیداد میں شفعہ ہے خواہ تقسیم ہو سکتی ہو یا ناقابل تقسیم ہو

۲۸۴۰ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ اِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ فِي الْاَرْضِ فَلَا شُفْعَةَ فِيْهَا وَلَا شُفْعَةَ فِيْ بِئْرٍ وَّلَا نَخْلٍ النَّخْلِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت عثمان بن عفانؓ فرماتے ہیں کہ جب (مشترک) زمین میں حدیں قائم ہو جائیں (یعنی دونوں شریک زمین کو تقسیم کر لیں) تو شفعہ باقی نہیں رہتا۔ اور کنویں اور تر کھجور کے درخت میں شفعہ نہیں ہے۔ (مالک)

بَابُ الْمُسَاقَاةِ وَالْمُزَارَعَةِ مساقاۃ اور مزارعت کا بیان

فصل اول

خیبر کی زمین کا بندوبست

۲۸۴۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَفَعَ اِلٰى يَهُوْدِ خَيْبَرَ نَخْلَ خَيْبَرَ

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی کھجوروں کے درخت اور زمین خیبر کے یہود کو اس شرط

---

[1] بیری کاٹنے سے مراد حرم مکہ اور حرم مدینہ کی بیری ہے یا وہ بیری جو کسی کی ملکیت میں ہو اور کوئی زبردستی یا ظلماً اس کو کاٹ ڈالے عام بیری کا درخت مقصود نہیں ہے۔ ۱۲ مترجم

وَ اَرْضَهَا عَلٰى اَنْ يَّعْتَمِلُوْهَا مِنْ اَمْوَالِهِمْ وَلِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَطْرُ ثَمَرِهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔ وَفِيْ رِوَايَةِ الْبُخَارِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطٰى خَيْبَرَ الْيَهُوْدَ اَنْ يَّعْمَلُوْهَا وَيَزْرَعُوْهَا وَلَهُمْ شَطْرُ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا۔)

پر اٹھا دی تھی کہ وہ کام کریں اور روپیہ لگائیں اور رسول اللہ صلعم پیداوار میں سے آدھا لے لیں گے۔ (ابوداؤد) اور بخاری کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے خیبر کے یہود کو خیبر کی زمین اور کھجور کے درخت اس شرط پر دے دیئے تھے کہ وہ محنت کریں اور کاشتکاری کریں اور جو کچھ پیداوار ہو اس کا آدھا وہ لے لیں۔

مخابرت کی مخالفت

۲۸۴۲ وَعَنْهُ قَالَ كُنَّا نُخَابِرُ وَلَا نَرٰى بِذٰلِكَ بَاْسًا حَتّٰى زَعَمَ رَافِعُ بْنُ خَدِيْجٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْهَا فَتَرَكْنَاهَا مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمر رض کہتے ہیں کہ ہم مخابرہ[1] کیا کرتے تھے اور اس کو برا نہ جانتے تھے یہاں تک کہ ایک روز رافع بن خدیج نے کہا کہ نبی صلعم نے مخابرہ سے منع فرمایا ہے۔ پھر ہم نے اسی سبب سے اس کو چھوڑ دیا۔ (مسلم)

اجرت یا لگان پر زمین دینے کا ذکر

۲۸۴۳ وَعَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ عَنْ رَّافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمَّايَ اَنَّهُمْ كَانُوْا يُكْرُوْنَ الْاَرْضَ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا يَنْبُتُ عَلَى الْاَرْبَعَاءِ اَوْ شَيْءٍ يَّسْتَثْنِيْهِ صَاحِبُ الْاَرْضِ فَنَهَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَقُلْتُ لِرَافِعٍ فَكَيْفَ بِالدَّرَاهِمِ وَالدَّنَانِيْرِ فَقَالَ لَيْسَ بِهَا بَاْسٌ وَكَانَ الَّذِيْ نُهِيَ عَنْ ذٰلِكَ مَا لَوْ نَظَرَ فِيْهِ ذَوُو الْفَهْمِ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ لَمْ يُجِيْزُوْهُ لِمَا فِيْهِ مِنَ الْمُخَاطَرَةِ۔ (متفق علیہ)

حنظلہ بن قیس رض، رافع خدیج رض سے روایت کرتے ہیں کہ رافع بن خدیج رض نے کہا کہ مجھ کو میرے چچاؤں نے بتایا ہے کہ رسول اللہ صلعم کے زمانے میں صحابہ رض زمین کو اس شرط پر دیا کرتے تھے کہ کھیتوں کی پانی کی نالیوں پر جو غلہ پیدا ہو وہ زمین کی اجرت میں مالک کا حق ہے اور باقی کھیت اس کا ہے جو محنت و کاشت کرے یا اس طریقہ پر زمین کو کرنے کے لئے دیتے تھے کہ زمین کا ایک ٹکڑا علیحدہ کر لیتے تھے اور اس کی پیداوار ان کا حق خیال کی جاتی تھی (نبی صلعم کو یہ معلوم ہوا تو) آپ نے اس سے ہم کو منع فرما دیا۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے رافع رض سے پوچھا اگر زمین کو درہم و دینار کے عوض دیا جائے تو کیا حکم ہے؟ انھوں نے کہا اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

مزارعت کی ایک ممنوع صورت

۲۸۴۴ وَعَنْ رَّافِعِ ابْنِ خَدِيْجٍ قَالَ كُنَّا اَكْثَرَ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ حَقْلًا وَّكَانَ اَحَدُنَا يُكْرِيْ اَرْضَهُ فَيَقُوْلُ هٰذِهِ الْقِطْعَةُ لِيْ وَهٰذِهِ لَكَ فَرُبَّمَا اَخْرَجَتْ ذِهٖ وَلَمْ تُخْرِجْ ذِهٖ فَنَهَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (متفق علیہ)

حضرت رافع بن خدیج رض کہتے ہیں کہ ہم مدینہ والے اکثر کاشتکار رکھتے اور ہم میں سے بعض لوگ اپنی زمین اسی شرط پر کراتے تھے کہ زمین کا اتنا ٹکڑا میرے لئے ہے اور اتنی زمین تیرے لئے اور اکثر ایسا ہوتا کہ کبھی زمین کے اس ٹکڑے پر کھیتی اگتی اور کبھی اس ٹکڑے پر۔ پس رسول اللہ صلعم نے ان کو اس سے منع فرمایا ہے۔ (مسلم)

---

[1] پھلدار درختوں کو بٹائی پر دینا مزارعت زمین کو کاشت کے لئے بٹائی پر دینا ہے۔ ۱۲ مترجم

کسی کو اپنی زمین کاشت کرنے کے لئے بطور عاریت دینا بہتر ہے

۲۸۴۵ وَعَنْ عَمْرٍو قَالَ قُلْتُ لِطَاؤُسٍ لَوْ تَرَكْتَ الْمُخَابَرَةَ فَإِنَّهُمْ يَزْعُمُونَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْهُ قَالَ أَيْ عَمْرُو أُعْطِيهِمْ وَأُعِينُهُمْ وَإِنَّ أَعْلَمَهُمْ أَخْبَرَنِي يَعْنِي ابْنَ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَنْهَ عَنْهُ وَلٰكِنْ قَالَ أَنْ يَمْنَحَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَأْخُذَ عَلَيْهِ خَرْجًا مَعْلُومًا۔ (متفق علیہ)

عمرو رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے طاؤس رحؒ سے کہا۔ اگر تم مخابرہ کو ترک کر دیتے تو بہتر تھا اس لئے کہ لوگوں کا خیال ہے کہ نبی صلعم نے اس سے منع فرمایا ہے۔ طاؤس نے کہا عمرو میں کاشتکاروں کو زمین دیتا ہوں اور ان کی مدد بھی کرتا ہوں اور ایک بڑے عالم یعنی ابن عباس رضؓ نے مجھ کو بتایا ہے کہ نبی صلعم نے اس لئے منع نہیں فرمایا ہے بلکہ یہ فرمایا ہے کہ اپنے کسی بھائی کو کاشت کے لئے زمین دیدینا اس سے بہتر ہے کہ اس پر مقرر کر کے محصول لیا جائے۔ (بخاری)

اپنی زمین کو بے کار نہ چھوڑو

۲۸۴۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا أَوْ لِيَمْنَحْهَا أَخَاهُ فَإِنْ أَبَى فَلْيُمْسِكْ أَرْضَهُ۔ (متفق علیہ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ جس کے پاس زمین ہو اس کو چاہئے کہ وہ اس زمین کی خود کھیتی کرائے یا اپنے کسی (مسلمان) بھائی کو دیدے اور یہ دونوں باتیں پسند نہ ہوں تو پھر اپنی زمین اپنے پاس رکھے۔ (بخاری و مسلم)

زراعت میں مشغولیت کی وجہ سے جہاد ترک کرنے پر وعید

۲۸۴۷ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ وَرَأَى سِكَّةً وَشَيْئًا مِنْ آلَةِ الْحَرْثِ فَقَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَدْخُلُ هٰذَا بَيْتَ قَوْمٍ إِلَّا أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الذُّلَّ۔ (رواہ البخاری)

حضرت ابو امامہ رضؓ نے ہل اور کھیتی کا کچھ سامان دیکھ کر کہا میں نے رسول اللہ صلعم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جس گھر میں یہ سامان داخل ہوتا ہے اللہ اس میں ذلت و خواری کو داخل کر دیتا ہے (مراد اس سے یہ ہے کہ تمام لوگ زراعت میں ہی مشغول نہ ہوں جہاد بھی کریں اور دوسرے کام بھی)

فصل دوم

کسی کی زمین بلا اجازت کاشت نہ کرو

۲۸۴۸ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ زَرَعَ فِي أَرْضِ قَوْمٍ بِغَيْرِ إِذْنِهِمْ فَلَيْسَ لَهُ مِنَ الزَّرْعِ شَيْءٌ وَلَهُ نَفَقَتُهُ (رواہ الترمذی و ابوداؤد) وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ۔

حضرت رافع رضؓ بن خدیج کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو شخص کسی زمین میں اس کی اجازت کے بغیر کاشت کرے تو ساری کاشت مالک زمین کی ہے اور مالک پر صرف کاشت کا خرچ ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)
ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے۔

فصل سوم

مزارعت کا ثبوت

۲۸۴۹ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ قَالَ مَا

قیس بن مسلم رضؓ ابو جعفر سے روایت کرتے ہیں کہ مدینہ

بِالْمَدِيْنَةِ اَهْلُ بَيْتِ هِجْرَةٍ اِلَّا يَزْدَعُوْنَ عَلَى الثُّلُثِ وَالرُّبُعِ وَزَارَعَ عَلِيٌّ وَّسَعْدُ بْنُ مَالِكٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ وَّعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَالْقَاسِمُ وَعُرْوَةُ وَاٰلُ اَبِيْ بَكْرٍ وَّاٰلُ عُمَرَ وَاٰلُ عَلِيٍّ وَابْنُ سِيْرِيْنَ وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْاَسْوَدِ كُنْتُ اُشَارِكُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ فِي الزَّرْعِ وَعَامَلَ عُمَرُ النَّاسَ عَلٰى اِنْ جَاءَ عُمَرُ بِالْبَذْرِ مِنْ عِنْدِهٖ فَلَهُ الشَّطْرُ وَاِنْ جَاءُوْا بِالْبَذْرِ فَلَهُمْ كَذَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

میں مہاجرین کا کوئی گھر ایسا نہ تھا جو تہائی یا چوتھائی کی بٹائی پر کاشت نہ کرتا ہو۔ اور حضرت علی رضؓ، سعد بن مالک رضؓ، عبداللہ بن مسعود رضؓ، عمر بن عبدالعزیز رحؒ، قاسم رحؒ، عروہ رحؒ، ابوبکرؓ کی اولاد، عمر رضؓ کی اولاد، علی رضؓ کی اولاد اور ابن سیرین رحؒ یہ سب لوگ کھیتی کرتے تھے۔ عبدالرحمٰن بن اسود کا بیان ہے کہ میں عبدالرحمٰن بن یزید رحؒ کی شرکت میں کاشت کرتا تھا اور حضرت عمر رضؓ نے لوگوں سے یہ معاملہ کر رکھا تھا کہ اگر عمر رضؓ بیج اپنے پاس سے دیں تو پیداوار کا آدھا حصہ لیں اور کاشت کار اگر خود بیج لائے تو اس کا اتنا ہی حصہ ہے۔ (بخاری)

بَابُ الْاِجَارَةِ

اجارہ کا بیان

فصل اوّل

اجارہ کا جواز

۲۸۵۰/۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ زَعَمَ ثَابِتُ بْنُ الضَّحَّاكِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُزَارَعَةِ وَاَمَرَ بِالْمُوَاجَرَةِ وَقَالَ لَا بَاْسَ بِهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن مغفلؓ کہتے ہیں کہ ثابت بن ضحاک رضؓ نے بیان کیا ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مزارعت سے منع فرمایا ہے اور زمین کو اجارہ[1] پر دینے کا حکم دیا ہے اور فرمایا کہ اجارہ میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (مسلم)

۲۸۵۱/۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْتَجَمَ فَاَعْطَى الْحَجَّامَ اَجْرَهٗ وَاسْتَعَطَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلعم نے سینگی کچھوائی اور سینگی کھینچنے والے کو اجرت دی اور اس کی ناک میں دوا بھی ڈالی۔ (بخاری و مسلم)

سرکار دو عالم نے اجرت پر بکریاں چرائی ہیں

۲۸۵۲/۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا بَعَثَ اللّٰهُ نَبِيًّا اِلَّا رَعَى الْغَنَمَ فَقَالَ اَصْحَابُهٗ وَاَنْتَ فَقَالَ نَعَمْ كُنْتُ اَرْعٰى عَلٰى قَرَارِيْطَ لِاَهْلِ مَكَّةَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے خدا نے کوئی نبی ایسا نہیں بھیجا جس نے بکریاں نہ چرائی ہوں۔ صحابہ رضؓ نے پوچھا اور آپ نے فرمایا، ہاں میں بھی مکہ والوں کی بکریاں چند قیراط کی اجرت پر چرایا کرتا تھا۔ (بخاری)

مزدور کو اس کی مزدوری نہ دینے والے کے لئے وعید

۲۸۵۳/۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ثَلٰثَةٌ اَنَا خَصْمُهُمْ يَوْمَ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں، فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ خداوند تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ قیامت کے دن میں

---

[1] اجارہ کے معنی ہیں کسی چیز کو کرایہ پر دینا اور شرعی اصطلاح میں اجارہ اس معاملہ کو کہتے ہیں جس میں اجرت یا کرایہ لیکر فریق ثانی کو منفعت کا مالک بنا دیا جائے۔ ۱۲

الْقِيٰمَةِ رَجُلٌ اَعْطٰى بِيْ ثُمَّ غَدَرَ وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَاَكَلَ ثَمَنَهٗ وَرَجُلٌ اِسْتَاْجَرَ اَجِيْرًا فَاسْتَوْفٰى مِنْهُ وَلَمْ يُعْطِهٖ اَجْرَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

تین آدمیوں سے جھگڑا کروں گا ایک تو اس شخص سے جس نے میرے نام پر عہد یا معاہدہ کیا اور پھر اس کو توڑ ڈالا، دوسرے اس شخص سے جس نے آزاد انسان کو فروخت کیا اور اس کی قیمت کھا گیا۔ تیسرے اس شخص سے جس نے کسی مزدور کو مزدوری پر لگایا اور اس سے پورا پورا کام لیا اور پھر مزدوری نہ دی۔ (بخاری)

جھاڑ پھونک کرنے والا اپنے عمل کی اجرت لے سکتا ہے

۲۸۵۴/۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ نَفَرًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرُّوْا بِمَاءٍ فِيْهِمْ لَدِيْغٌ اَوْ سَلِيْمٌ فَعَرَضَ لَهُمْ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْمَاءِ فَقَالَ هَلْ فِيْكُمْ مِّنْ رَّاقٍ اِنَّ فِي الْمَاءِ رَجُلًا لَدِيْغًا اَوْ سَلِيْمًا فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ فَقَرَاَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ عَلٰى شَاءٍ فَبَرَاَ فَجَاءَ بِالشَّاءِ اِلٰى اَصْحَابِهٖ فَكَرِهُوْا ذٰلِكَ وَقَالُوْا اَخَذْتَ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ اَجْرًا حَتّٰى قَدِمُوا الْمَدِيْنَةَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخَذَ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ اَجْرًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَقَّ مَا اَخَذْتُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا كِتَابُ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

وَفِيْ رِوَايَةٍ اَصَبْتُمْ اِقْسِمُوْا وَاضْرِبُوْا لِيْ مَعَكُمْ سَهْمًا۔

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں، نبی صلعم کے اصحابؓ کی ایک جماعت ایک آبادی کے قریب سے گزری۔ جس میں ایک شخص کو سانپ یا بچھو نے کاٹ لیا تھا۔ گاؤں میں سے ایک شخص ان کے پاس آیا۔ اور پوچھا کیا تم میں کوئی دعا جاننے والا ہے؟ گاؤں میں ایک شخص کو سانپ یا بچھو نے کاٹ لیا ہے۔ صحابہؓ میں سے ایک شخص اس کے ساتھ ہو گئے اور گاؤں والوں سے چند بکریوں پر معاملہ کر کے مریض پر سورۃ فاتحہ پڑھ دی۔ مریض کو آرام ہو گیا اور وہ بکریاں لے کر واپس آئے اور اپنی جماعت میں پہنچے۔ صحابہؓ نے ان بکریوں کو اجرت میں لینے پر اعتراض کیا۔ اور کہا کیا تم نے کتاب اللہ پر مزدوری لی ہے یہاں تک کہ یہ سب لوگ مدینہ میں پہنچے اور نبی صلعم سے کہا یا رسول اللہ! فلاں شخص نے کتاب اللہ پر اجرت لی ہے۔ آپ نے فرمایا (اس معاملہ میں تو) کتاب اللہ پر اجرت لینا سب سے زیادہ مناسب ہے۔ (بخاری)

اور ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ حضور صلعم نے فرمایا تم نے اچھا کیا، بکریوں کو تقسیم کر لو اور میرا حصہ بھی مقرر کرنا۔

فصل دوم

جس طرح غیر شرعی جھاڑ پھونک ناجائز ہے اسی طرح اس کی اجرت بھی حرام ہے

۲۸۵۵/۶ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ عَنْ عَمِّهٖ قَالَ اَقْبَلْنَا مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيْنَا عَلٰى حَيٍّ مِّنَ الْعَرَبِ فَقَالُوْا اِنَّا اُنْبِئْنَا اَنَّكُمْ قَدْ جِئْتُمْ مِّنْ عِنْدِ هٰذَا الرَّجُلِ بِخَيْرٍ فَهَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ دَوَاءٍ اَوْ رُقْيَةٍ فَاِنَّ عِنْدَنَا مَعْتُوْهًا فِي الْقُيُوْدِ فَقُلْنَا نَعَمْ قَالَ فَجَاءُوْا بِمَعْتُوْهٍ

خارجہ بن صلت اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلعم سے رخصت ہو کر اپنے وطن کی طرف روانہ ہوئے۔ رات میں ہمارا گزر عرب کے ایک قبیلے میں ہوا۔ ان لوگوں نے ہم سے کہا۔ ہم کو بتایا گیا ہے کہ تم اس شخص یعنی نبی صلعم کے پاس سے بھلائی (یعنی قرآن) لے کر آئے ہو، کیا تمہارے پاس کوئی دوا یا منتر ہے؟ ہمارے ہاں ایک دیوانہ بیڑیوں میں جکڑا ایڑا ہے اس کا علاج کرو ہم نے کہا۔ ہاں، وہ

فِي الْقُيُوْدِ فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ غُدْوَةً وَّعَشِيَّةً اَجْمَعُ بُزَاقِيْ ثُمَّ اَتْفُلُ قَالَ فَكَاَنَّمَا اُنْشِطَ مِنْ عِقَالٍ فَاَعْطُوْنِيْ جُعْلًا فَقُلْتُ لَا حَتّٰى اَسْاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كُلْ فَلَعُمْرِيْ لِمَنْ اَكَلَ بِرُقْيَةِ بَاطِلٍ لَقَدْ اَكَلْتَ بِرُقْيَةِ حَقٍّ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ اَبُوْدَاوٗدَ)

اپنے دیوانے کو نے آئے جو زنجیروں میں بندھا ہوا تھا۔ میں نے اس پر تین دن تک صبح و شام سورۂ فاتحہ پڑھی۔ اِس طرح کہ میں اپنا تھوک (مُنہ میں) جمع کرتا اور پھر (سورۂ فاتحہ پڑھ کر) اس پر تھوک دیتا (تیسرے دن) وہ اچھا ہو گیا۔ مجھ کو انھوں نے اس کی اجرت دی۔ میں نے کہا جب تک میں رسول اللہ صلعم سے دریافت نہ کرلوں گا۔ آپؐ نے دریافت کرنے پر فرمایا کھاؤ! قسم ہے اپنی عمر کی جو جھوٹے منتروں کے ذریعہ کھاتا ہے وہ بُرا کرتا ہے تو نے تو حق اور سچے منتر کے ذریعہ کھایا ہے (ابوداؤد)

مزدور کو اس کی مزدوری دینے میں تاخیر نہ کرو

۲۸۵۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطُوا الْاَجِيْرَ اَجْرَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّجِفَّ عَرَقُهٗ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے۔ مزدور کو اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے مزدوری دے دو۔ (ابن ماجہ)

۲۸۵۷ وَعَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلسَّائِلِ حَقٌّ وَّاِنْ جَاءَ عَلٰى فَرَسٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَفِي الْمَصَابِيْحِ مُرْسَلًا)

حضرت حسین بن علی رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ سائل کا حق ہے اگرچہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر آئے۔ (یعنی سائل کو کچھ نہ کچھ دینا چاہیئے)۔ (احمد۔ ابوداؤد۔ مصابیح میں یہ مرسلاً مروی ہے)

فصل سوم

مزدوری کے سلسلے میں حضرت موسیٰؑ کا ذکر

۲۸۵۸/۹ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ النُّذُرِ[1] قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَاَ طٰسٓمٓ حَتّٰى بَلَغَ قِصَّةَ مُوْسٰى قَالَ اِنَّ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اَجَّرَ نَفْسَهٗ ثَمَانَ سِنِيْنَ اَوْ عَشْرًا عَلٰى عِفَّةِ فَرْجِهٖ وَطَعَامِ بَطْنِهٖ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عتبہ بن نذر کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے کہ آپ نے سورۂ طٰسٓمٓ، حضرت موسیٰؑ کے قصّے تک پڑھی اور فرمایا۔ موسیٰ علیہ السلام نے آٹھ یا دس برس تک مزدوری کی اور یہ محض اِس لئے کہ اپنی شرم گاہ کو حرام سے بچائیں اور حرام کھانے سے اپنے پیٹ کو محفوظ رکھیں۔ (احمد۔ ابن ماجہ)

دین کی تعلیم دینے کی اجرت لینے کا مسئلہ

۲۸۵۹/۱۰ وَعَنْ عُبَادَةَ ابْنِ الصَّامِتِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَجُلٌ اَهْدٰى اِلَيَّ قَوْسًا مِّمَّنْ

حضرت عبادہ بن صامت رضؓ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ! میں ایک شخص کو قرآن پڑھایا کرتا

---

[1] بن النُّذُر بہ ضم نون و فتح ذال مشدّدہ۔ اور بعض نسخوں میں بقاف بن المُنْذِر بہ ضم میم و سکون نون و کسر ذال معجمہ دیکھا گیا۔ بعض نے اس کو عُتبہ بن عبد سلمی بتایا ہے مگر نسخہ مجتبائی مطبوعہ میرٹھ جو ۱۲۲۸ھ میں طبع ہوا تھا عتبہ بن المندر بہ دال مہملہ مع نسخہ النّدر دکھایا گیا ہے غالباً یہ غلطی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب ۱۲ سید جعفر علی مصحح

كُنْتُ أُعَلِّمُهُ الْكِتَابَ وَالْقُرْآنَ وَلَيْسَتْ بِمَالٍ فَأَرْمِيَ عَلَيْهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ إِنْ كُنْتَ تُحِبُّ أَنْ تُطَوَّقَ طَوْقًا مِنْ نَارٍ فَاقْبَلْهَا (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

تھا اس نے مجھ کو ایک کمان ہدیہ میں دی ہے اور کمان کوئی مال نہیں ہے۔ میں خدا کی راہ میں اس سے تیر اندازی کروں گا۔ آپ نے فرمایا اگر تو اس کو پسند کرے کہ تیری گردن میں آگ کا طوق ڈالا جائے تو اس ہدیہ کو قبول کرلے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

بَابُ إِحْيَاءِ الْمَوَاتِ وَالشِّرْبِ بنجر زمین کو آباد کرنا

فصل اوّل

افتادہ و بنجر زمین کو آباد کرنے والا اس زمین کا مالک ہو جاتا ہے

۲۸۶۰ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ عَمَرَ أَرْضًا لَيْسَتْ لِأَحَدٍ فَهُوَ أَحَقُّ قَالَ عُرْوَةُ قَضَى بِهِ عُمَرُ فِي خِلَافَتِهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو شخص کسی ایسی غیر آباد زمین کو آباد کرے جو کسی کی ملکیت نہ ہو، وہ اس زمین کا حق دار ہے۔ عروہ رحؒ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضؓ نے اپنی خلافت میں اسی حدیث کے مطابق حکم جاری کر دیا تھا۔ (بخاری)

کسی چراگاہ کو اپنے لئے مخصوص کر لینے کی ممانعت

۲۸۶۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ الصَّعْبَ بْنَ جَثَّامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا حِمَى إِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ صعب بن جثامہ رضؓ نے بیان کیا۔ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ گھاس والی زمین خدا اور اس کے رسول صؐ کی ہے یعنی گھاس والی زمین خدا اور اس کے رسول کی ملکیت ہیں کسی کو ان کا اپنے لئے مخصوص کر لینا جائز نہیں ہے۔ (بخاری)

کھیتوں میں پانی لے جانے کے سلسلہ میں ایک تنازعہ اور آپؐ کا فیصلہ

۲۸۶۲ وَعَنْ عُرْوَةَ قَالَ خَاصَمَ الزُّبَيْرُ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ فِي شِرَاجٍ مِنَ الْحَرَّةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْقِ يَا زُبَيْرُ ثُمَّ أَرْسِلِ الْمَاءَ إِلَى جَارِكَ فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ إِنْ كَانَ ابْنَ عَمَّتِكَ فَتَلَوَّنَ وَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ اسْقِ يَا زُبَيْرُ ثُمَّ احْبِسِ الْمَاءَ حَتَّى يَرْجِعَ إِلَى الْجُدُرِ ثُمَّ أَرْسِلِ الْمَاءَ إِلَى جَارِكَ فَاسْتَوْعَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلزُّبَيْرِ حَقَّهُ فِي صَرِيحِ الْحُكْمِ حِينَ أَحْفَظَهُ الْأَنْصَارِيُّ وَكَانَ أَشَارَ عَلَيْهِمَا

عروہ کہتے ہیں کہ پانی کی پہاڑی نالیوں کی بابت زبیر رضؓ اور ایک انصاری کے درمیان جھگڑا ہوا اور رسول اللہ صلعم کے پاس مقدمہ پہنچا تو آپ نے فرمایا۔ زبیر رضؓ! تم اپنے کھیتوں کو سیراب کرو اور پھر پانی کو ہمسایہ کی طرف چھوڑ دو۔ انصاری نے یہ فیصلہ سن کر کہا۔ یہ فیصلہ آپ نے اس لئے کیا ہے کہ زبیر رضؓ آپ کی پھوپھی کے بیٹے ہیں۔ یہ سن کر حضور صلعم کے چہرے کا رنگ بدل گیا اور فرمایا۔ زبیر رضؓ اپنے کھیت کو پانی دے اور پانی کو کھیت کی منڈیر تک پہنچنے سے پہلے نہ چھوڑ، جب خوب پانی بھر جائے تب نالی کا رُخ ہمسایے کی طرف کر دے۔ غرض رسول اللہ صلعم نے زبیر رضؓ کو ان کا پورا حق دیا (کیوں کہ نالی ان کے کھیت سے ملی ہوئی تھی اور ان کا کھیت اونچا تھا اور انصاری

بِاَمْرٍ لَهُمَا فِيْهِ سَعَةٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کا کھیت نالی سے دُور تھا اور نیچا بھی تھا) صاف صریح حکم کے ساتھ اس لئے کہ انصاری نے آپ کو غضبناک کیا تھا۔ اس فیصلہ سے پہلے جو فیصلہ حضور صلعم نے کیا تھا اس میں دونوں کا فائدہ تھا۔ (بخاری و مسلم)

جو پانی تمہاری ضرورت سے زائد ہو اسے جانوروں کو پلانے سے نہ روکو

۲۸۶۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَمْنَعُوْا فَضْلَ الْمَاءِ لِتَمْنَعُوْا بِهِ فَضْلَ الْكَلَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ اس خیال سے کہ لوگ گھاس نہ چرائیں تم جانوروں کو پانی پلانے سے نہ روکو۔ یعنی اس خیال سے کہ پانی کو منع کیا جائے گا تو لوگ وہاں گھاس نہ چرائیں گے کیوں کہ عموماً گھاس وہاں چرائی جاتی ہے جہاں پانی ہوتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

۲۸۶۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَّا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ رَجُلٌ حَلَفَ عَلٰى سِلْعَةٍ لَقَدْ اُعْطِيَ بِهَا اَكْثَرَ مِمَّا اُعْطِيَ وَهُوَ كَاذِبٌ وَّرَجُلٌ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ كَاذِبَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ رَجُلٍ مُّسْلِمٍ وَّرَجُلٌ مَّنَعَ فَضْلَ مَاءٍ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ الْيَوْمَ اَمْنَعُكَ فَضْلِيْ كَمَا مَنَعْتَ فَضْلَ مَاءٍ لَّمْ تَعْمَلْ يَدَاكَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ نے کہا۔ فرمایا رسول اللہ صلعم نے تین شخصوں سے خداوند تعالےٰ قیامت کے دن بات نہ کرے گا اور ان کی طرف نظر نہ اٹھائے گا۔ ایک تو وہ شخص جو اپنا سامان بیچتا ہے خریدار دام لگاتا ہے اور وہ جھوٹی قسم کھا کر کہتا ہے کہ مجھ کو اس سے زیادہ دام ملتے ہیں۔ دوسرا وہ شخص جو عصر کے بعد جھوٹی قسم کھائے کہ وہ اس مسلمان کا مال نہ خریدا کرے گا (عصر کے وقت تعیّن وقت کی بزرگی کے اعتبار سے ہے) تیسرا وہ شخص جو فاضل پانی پلانے سے منع کرے اس شخص کی نسبت قیامت کے دن خداوند تعالےٰ فرمائے گا۔ تو نے اپنا وہ فاضل پانی جو تیرے ہاتھوں نے پیدا نہیں کیا تھا، روکا تھا۔ آج میں اپنا فضل تجھ سے روکوں گا۔ (بخاری و مسلم) اور جابر رضؓ

وَذُكِرَ حَدِيْثُ جَابِرٍ فِيْ بَابِ الْمَنْهِيِّ عَنْهَا مِنَ الْبُيُوْعِ۔

کی حدیث اس خرید و فروخت کے باب میں بیان کی گئی ہے، جس میں بیع سے منع کیا گیا ہے۔

فصل دوم

افتادہ زمین کی دیوار کے ذریعے حد بندی کرنے سے ملکیت ثابت ہوتی ہے یا نہیں؟

۲۸۶۵ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحَاطَ حَائِطًا عَلَى الْاَرْضِ فَهُوَ لَهٗ۔ (رواہ ابوداؤد)

حسن حضرت سَمُرَہ رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو شخص (کسی غیر آباد زمین پر دیوار کھڑی کرلے اس زمین کا وہی مالک ہے۔ (ابوداؤد)

آنحضرت صلعم کی طرف سے صحابہ رضؓ کو افتادہ زمین کا جاگیری عطیہ

۲۸۶۶ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَ لِلزُّبَيْرِ نَخِيْلًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت اسماء بنت ابوبکر رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے کھجوروں کے درخت زبیر رضؓ کو جاگیر کے طور پر دیدیے تھے۔ (ابوداؤد)

۲۸۶۷/۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَ لِلزُّبَیْرِ حُضْرَ فَرَسِہٖ فَاَجْرٰی فَرَسَہٗ حَتّٰی قَامَ ثُمَّ رَمٰی بِسَوْطِہٖ فَقَالَ اَعْطُوْہُ مِنْ حَیْثُ بَلَغَ السَّوْطُ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلعم نے حضرت زبیر رضؓ کو گھوڑ کی ایک دوڑ کے برابر جاگیر مرحمت فرمائی۔ زبیر رضؓ نے اپنا گھوڑا دوڑایا اور جب وہ ٹھہر گیا تو انھوں نے اپنا چابک پھینکا۔ آپ نے فرمایا، جہاں چابک جاکر گرا ہے وہاں تک کی زمین ان کو دے دو۔ (ابوداؤد)

۲۸۶۸/۹ وَعَنْ عَلْقَمَۃَ بْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَہٗ اَرْضًا بِحَضْرَمَوْتَ قَالَ فَاَرْسَلَ مَعِیَ مُعَاوِیَۃَ قَالَ اَعْطِھَا اِیَّاہُ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

علقمہ بن وائل رضؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کو (یعنی وائل رضؓ) حضرموت میں ایک زمین مرحمت فرمائی۔ وائل کا بیان ہے کہ حضور صلعم نے میرے ساتھ معاویہ رضؓ کو بھیجا اور حکم دیا کہ فلاں زمین ان کے سپرد کردو۔ (ترمذی ابوداؤد)

۲۸۶۹/۱۰ وَعَنْ اَبْیَضَ بْنِ حَمَّالٍ الْمَاْرِبِیِّ اَنَّہٗ وَفَدَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاسْتَقْطَعَہُ الْمِلْحَ الَّذِیْ بِمَاْرِبَ فَاَقْطَعَہٗ اِیَّاہُ فَلَمَّا وَلّٰی قَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّمَا اَقْطَعْتَ لَہُ الْمَاءَ الْعِدَّ قَالَ فَرَجَعَہٗ مِنْہُ قَالَ وَسَاَلَہٗ مَاذَا یُحْمٰی مِنَ الْاَرَاکِ قَالَ مَا لَمْ تَنَلْہُ اَخْفَافُ الْاِبِلِ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابیض بن حمال رضؓ ماربی کہتے ہیں کہ انھوں نے نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہوکر نمک کی وہ کان مانگی جو ماربؔ میں تھی آپ نے وہ کان ان کو جاگیر میں دیدی۔ پھر جب وہ واپس ہوئے تو ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ ص وہ کان تو تیار مال کی ہے اس میں نمک تیار رہتا ہے محنت و مشقت کی ضرورت نہیں پڑتی۔ راوی کا بیان ہے کہ (یہ معلوم کرکے آپ نے وہ کان پھر واپس لے لی (اس لئے کہ اس میں سارے مسلمانوں کا حق تھا کسی کا قبضہ اس پر جائز نہ تھا) پھر اس شخص نے نبی صلعم سے دریافت کیا کہ پیلو کے درختوں کی کونسی زمین گھیری جائے (یعنی غیر آباد زمین کو دیوار بنا کر آباد کیا جائے) آپ نے فرمایا وہ زمین جہاں اونٹوں کے پاؤں نہ پہنچیں (یعنی جانوروں کے چرنے کی جگہ نہ ہو، یا جہاں آبادی نہ ہو۔) (ترمذی ابن ماجہ۔ دارمی)

خدا کی تین عام نعمتیں

۲۸۷۰/۱۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمُوْنَ شُرَکَاءُ فِیْ ثَلٰثٍ فِی الْمَاءِ وَالْکَلَاءِ وَالنَّارِ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابن عباس رضؓ نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تین چیزوں میں سارے مسلمان شریک ہیں (یعنی پانی گھاس اور آگ) ان میں تمام مسلمانوں کا حق ہے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

کسی مباح چیز کو جو شخص پہلے حاصل کرے گا وہ اسی کی ہو جائے گی

۲۸۷۱/۱۲ وَعَنْ اَسْمَرَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَبَایَعْتُہٗ فَقَالَ مَنْ سَبَقَ اِلٰی مَاءٍ لَمْ یَسْبِقْہُ اِلَیْہِ مُسْلِمٌ فَھُوَ لَہٗ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت اسمر بن مضرس رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہوکر اسلام قبول کیا آپ نے فرمایا کہ جو شخص پانی پر پہلے پہنچ جائے (اور پانی کو بھر لے) وہ پانی اسی کا ہے جس کو اپنے برتن میں بھر لے۔ وہ اسی کا ہے۔ (ابوداؤد)

جس قوم میں کمزور انسانوں کے حقوق محفوظ نہ ہوں وہ برائیوں سے پاک نہیں ہوتی

۲۸۷۲/۱۳ وَعَنْ طَاؤُسٍ مُرْسَلًا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ

طاؤس رضؓ مرسلاً روایت کرتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحْيٰى مَوَاتًا مِّنَ الْاَرْضِ فَهُوَ لَهٗ وَعَادِيُّ الْاَرْضِ لِلّٰهِ وَ لِرَسُوْلِهٖ ثُمَّ هِيَ لَكُمْ مِنِّيْ۔ (رواہ الشافعی) وَرُوِيَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ دَارًا بِالْمَدِيْنَةِ وَهِيَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ عِمَارَةِ الْاَنْصَارِ مِنَ الْمَنَازِلِ وَ النَّخْلِ فَقَالَ بَنُوْ عَبْدِ بْنِ زُهْرَةَ نَكِّبْ عَنَّا ابْنَ اُمِّ عَبْدٍ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلِمَ اَبْعَثَنِي اللّٰهُ اِذًا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُقَدِّسُ اُمَّةً لَّا يُؤْخَذُ لِلضَّعِيْفِ فِيْهِمْ حَقُّهٗ۔

لے کر جو شخص غیر آباد زمین کو آباد کرے، وہ اسی کی ہے۔ اور قدیم زمین اللہ اور اس کے رسول کی ملکیت ہے اور میری طرف سے تمہارے لئے ہے (شافعی) اور شرح السنۃ میں یہ روایت اس طرح ہے کہ نبی صلعم نے عبداللہ بن مسعود رض کو مدینہ میں گھر عنایت فرمائے۔ یہ گھر انصار کی آبادی کے اندر ان کے گھروں اور کھجوروں کے درختوں کے درمیان واقع تھے۔ عبد بن زہرہ کے بیٹوں نے رسول اللہ صلعم سے کہا عبداللہ بن مسعود رض کو ہم سے دور رکھو۔ رسول اللہ صلعم نے ان سے فرمایا خداوند تعالےٰ نے مجھ کو کیوں بھیجا ہے (اگر میں کمزوروں کی مدد نہ کروں؟) خداوند تعالےٰ اس قوم کو پاک نہیں کرتا جس میں کمزور کے حق کو محفوظ نہ کیا جائے۔

نہر وغیرہ سے کھیتوں اور باغوں کو سیراب کرنے کا ضابطہ

۲۸۷۳/۱۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِي السَّيْلِ الْمَهْزُوْرِ اَنْ يُّمْسَكَ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكَعْبَيْنِ ثُمَّ يُرْسِلُ الْاَعْلٰى عَلَى الْاَسْفَلِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ ابْنُ مَاجَةَ)

عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے والد رض سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے مہزور کے پانی کی نسبت یہ حکم صادر فرمایا کہ (قریب کا کھیت والا) پانی تحو اپنے کھیت میں روکے جب ٹخنوں تک اس کے کھیت میں پانی بھر جائے تو اوپر کا کھیت والا نیچے کے کھیت والے کی طرف اس پانی کو چھوڑ دے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

اپنی جائداد کے ذریعہ کسی کو تکلیف نہ پہنچاؤ

۲۸۷۴/۱۵ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّهٗ كَانَتْ لَهٗ عَضُدٌ مِّنْ نَّخْلٍ فِيْ حَائِطِ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَمَعَ الرَّجُلِ اَهْلُهٗ فَكَانَ سَمُرَةُ يَدْخُلُ عَلَيْهِ فَيَتَاَذّٰى بِهٖ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ فَطَلَبَ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَبِيْعَهٗ فَاَبٰى فَطَلَبَ اَنْ يُّنَاقِلَهٗ فَاَبٰى قَالَ فَهَبْهُ لَهٗ وَلَكَ كَذَا اَمْرًا رَغَّبَهٗ فِيْهِ فَاَبٰى فَقَالَ اَنْتَ مُضَارٌّ فَقَالَ لِلْاَنْصَارِيِّ اِذْهَبْ فَاقْطَعْ نَخْلَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت سمرہ بن جندب رض کہتے ہیں کہ ان کے کھجوروں کے چند درخت ایک انصاری کے باغ میں تھے جو اپنے اہل و عیال کے ساتھ باغ ہی میں رہتا تھا۔ جب وہ (یعنی سمرہ) باغ میں جاتے تو اس سے انصاری کو تکلیف ہوتی۔ انصاری نے نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کا ذکر کیا۔ رسول اللہ صلعم نے سمرہ رض کو طلب کیا۔ اور حکم دیا کہ وہ اپنے درختوں کو انصاری کے ہاتھ فروخت کر ڈالے۔ سمرہ نے فروخت کرنے سے انکار کر دیا پھر آپ نے فرمایا کہ اس انصاری کے ان درختوں سے جو دوسری جگہ ہیں، اپنے درختوں کو بدل لے۔ سمرہ نے اس سے بھی انکار کر دیا پھر آپ نے فرمایا اپنے درخت انصاری کو ہبہ کر دے تجھ کو اس کا اجر آخرت میں ملے گا۔ سمرہ نے اس سے بھی انکار کر دیا۔ آپ نے فرمایا، تو (انصاری کو) ضرر پہنچانے والا ہے (اور تنخص

وَذُكِرَ حَدِيْثُ جَابِرٍ مِّنْ اَحْيٰى اَرْضًا فِيْ بَابِ الْغَصْبِ بِرِوَايَةِ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ اَبِيْ صِرْمَةَ مَنْ ضَارَّ اَضَرَّ اللّٰهُ بِهٖ فِيْ بَابِ مَا يُنْهٰى مِنَ التَّهَاجُرِ۔

کسی کو ضرر پہنچائے اس کا دفعیہ ضروری ہے) پھر آپ نے انصاری کو حکم دیا۔ جاؤ اس کے درختوں کو کاٹ کر پھینک دو۔ (ابوداؤد) اور جابر رضؓ کی حدیث میں "من احیی ارضا" ہے جو سعید بن زید سے غصب کے باب میں بیان کی گئی ہے اور عنقریب باب ما ینھی من التھاجر میں ابی صرمہ کی حدیث بیان کریں گے۔

فصل سوم

پانی، نمک اور آگ دینے سے انکار نہ کرو

۲۸۷۵/۱۶ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الشَّيْءُ الَّذِيْ لَا يَحِلُّ مَنْعُهٗ قَالَ الْمَاءُ وَالْمِلْحُ وَالنَّارُ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا الْمَاءُ قَدْ عَرَفْنَاهُ فَمَا بَالُ الْمِلْحِ وَالنَّارِ۔ قَالَ يَا حُمَيْرَاءُ مَنْ اَعْطٰى نَارًا فَكَاَنَّمَا تَصَدَّقَ بِجَمِيْعِ مَا اَنْضَجَتْ تِلْكَ النَّارُ وَمَنْ اَعْطٰى مِلْحًا فَكَاَنَّمَا تَصَدَّقَ بِجَمِيْعِ مَا طُيِّبَتْ تِلْكَ الْمِلْحُ وَمَنْ سَقٰى مُسْلِمًا شَرْبَةً مِّنْ مَّاءٍ حَيْثُ يُوْجَدُ الْمَاءُ فَكَاَنَّمَا اَعْتَقَ رَقَبَةً وَّمَنْ سَقٰى مُسْلِمًا شَرْبَةً مِّنْ مَّاءٍ حَيْثُ لَا يُوْجَدُ الْمَاءُ فَكَاَنَّمَا اَحْيَاهَا۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں۔ میں نے پوچھا یا رسول اللہ وہ کونسی چیز ہے جس سے منع کرنا جائز نہیں ہے؟ آپ نے فرمایا پانی نمک اور آگ۔ پھر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ پانی کے معاملہ کو تو میں نے سمجھ لیا (یعنی اس کے نہ دینے سے لوگوں کو اور جانوروں کو کس قدر تکلیف پہنچے گی لیکن) نمک اور آگ کی بات سمجھ میں نہیں آئی۔ آپ نے فرمایا حمیرا (گلاب کے پھول کی مانند سرخ رنگ) جو شخص کسی کو آگ دے اس کو اتنا ثواب ملتا ہے گویا اس نے وہ تمام چیزیں جو اس آگ پر پکائی گئی ہیں صدقہ کیں اور جس شخص نے کسی کو نمک دیا گویا اس نے اس تمام چیز کا صدقہ دیا جس کو اس نمک نے ذائقہ دار بنایا اور جس نے مسلمان کو ایک بار پانی پلایا اس جگہ جہاں پانی ملتا ہے تو گویا اس نے ایک غلام آزاد کیا اور جس نے ایسی جگہ مسلمان کو پانی پلایا جہاں پانی دستیاب نہیں ہوتا اس نے گویا اس کو زندہ کر دیا۔ (ابن ماجہ)

بَابُ الْعَطَايَا

عطایا کا بیان

فصل اوّل

حضرت عمرؓ کی طرف سے اپنی خیبر کی زمین کا وقف نامہ

۲۸۷۶/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ اَصَابَ اَرْضًا بِخَيْبَرَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَصَبْتُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ لَمْ اُصِبْ مَالًا قَطُّ اَنْفَسَ عِنْدِيْ مِنْهُ فَمَا تَاْمُرُنِيْ بِهٖ قَالَ اِنْ شِئْتَ حَبَّسْتَ اَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا فَتَصَدَّقَ بِهَا عُمَرُ اَنَّهٗ لَا

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ عمر رضؓ کو (مال غنیمت کی) خیبر میں ایک زمین ملی۔ حضرت عمر رضؓ نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ خیبر میں مجھ کو ایک زمین ملی ہے جس سے بہتر مال آج تک مجھ کو نہیں ملا (میں اس کو خدا کی راہ میں دینا چاہتا ہوں) آپ اس کی نسبت کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا اگر تم چاہو تو اصل زمین وقف کر دو اور اس کی پیداوار کو صدقہ

يُبَاعُ اَصْلُهَا وَلَا يُوْهَبُ وَلَا يُوْرَثُ وَ تُصُدِّقَ بِهَا فِي الْفُقَرَاءِ وَفِي الْقُرْبٰى وَفِي الرِّقَابِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَالضَّيْفِ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَّاْكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوْفِ اَوْ يُطْعِمَ غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ قَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ غَيْرَ مُتَاَثِّلٍ مَالًا۔ (متفق علیہ)

کر دو۔ پس اس زمین کو حضرت عمر رضؓ نے اس شرط کے ساتھ خدا کی راہ میں دیدیا کہ اصل زمین کو نہ تو فروخت کیا جائے نہ ہبہ کیا جائے اور نہ میراث کی جائے۔ یعنی کسی کو ورثے میں کبھی نہ ملے اور اس کی پیداوار فقیروں، قرابت داروں، مجاہدوں، مسافروں حاجیوں اور مہمانوں پر خرچ کی جائے اور غلاموں کو آزاد کرانے میں اس سے مدد کی جائے اور متولی بھی اگر بقدر حاجت اس میں سے لے تو کوئی حرج نہیں ہے یا متولی اپنے رشتہ داروں کو کھلائے بشرطیکہ وہ خوش حال نہ ہوں۔ (بخاری و مسلم)

عُمریٰ جائز ہے

۲۸۷۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعُمْرٰى جَائِزَةٌ۔ (متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلعم نے فرمایا عمریٰ جائز ہے یعنی کسی کو عمر بھر کے لئے کوئی چیز دے دینا۔ علماء کہتے ہیں کہ دینے والا اس قسم کی شرط لگائے کہ تیرے مرنے کے بعد میری ملکیت میں واپس آجائے گی۔ وہ چیز ہمیشہ کے لئے اسی کی ہو جائے گی جس کو دی گئی ہے اور اس کے مرنے کے بعد اس کے وارثوں کو ملے گی۔ یہ ایک قسم کا ہبہ ہے۔ (بخاری و مسلم)

عمریٰ معمرلہ کے ورثاء کی ملکیت بن جاتا ہے

۲۸۷۸ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْعُمْرٰى مِيْرَاثٌ لِاَهْلِهَا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ عمریٰ اس کے گھر والوں کی میراث ہے یعنی عمر بھر کے لئے کوئی چیز دی گئی۔ اس کے گھر والے اس کے مرنیکے بعد اس کے وارث ہونگے (مسلم)

۲۸۷۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا رَجُلٍ اُعْمِرَ عُمْرٰى لَهٗ وَلِعَقِبِهٖ فَاِنَّهَا لِلَّذِيْ اُعْطِيَهَا لَا تَرْجِعُ اِلَى الَّذِيْ اَعْطَاهَا لِاَنَّهٗ اَعْطٰى عَطَاءً وَقَعَتْ فِيْهِ الْمَوَارِيْثُ۔ (متفق علیہ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے جس شخص کے لئے عمریٰ کیا گیا وہ اس کا مالک ہے اور پھر اس کے رشتہ دار عمریٰ حقیقت میں اسی کا ہوتا ہے جس کو دیا گیا۔ دینے والے کی طرف نہیں لوٹتا اور اس میں میراث بھی ہوتی ہے۔ (بخاری و مسلم)

مسلک جمہور کے خلاف حضرت جابرؓ کی روایت اور اس کی تاویل

۲۸۸۰ وَعَنْهُ قَالَ اِنَّمَا الْعُمْرٰى الَّتِيْ اَجَازَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّقُوْلَ هِيَ لَكَ وَلِعَقِبِكَ فَاَمَّا اِذَا قَالَ هِيَ لَكَ مَا عِشْتَ فَاِنَّهَا تَرْجِعُ اِلٰى صَاحِبِهَا۔ (متفق علیہ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ جس عمریٰ کو رسول اللہ صلعم نے جائز قرار دیا ہے وہ یہ ہے کہ (چیز کا دینے والا) اس طرح کہے یہ عمریٰ تیرے اور تیرے وارثوں کے لئے ہے۔ اور جب اس طرح کہے کہ یہ عمریٰ تیرے لئے جب تک تو زندہ ہے تو یہ عمرے دینے والی کی طرف لوٹ آتا ہے (بخاری و مسلم)

فصل دوم

عمریٰ اور رقبیٰ سے آنحضرتؐ کی ممانعت اور اس کی وضاحت

۲۸۸۱ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ فرمایا نبی صلعم نے رقبیٰ[1] اور عمریٰ نہ

تُرْقِبُوْا وَلَا تُعْمِرُوْا فَمَنْ اُرْقِبَ شَيْئًا اَوْ اُعْمِرَ فَهِيَ لِوَرَثَتِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

کرو اور جس شخص کے لئے رقبی یا عمریٰ کی گئی ہے وہ اس کے وارث اس کے مالک ہیں۔ (ابوداؤد)

عمریٰ اور رقبیٰ جائز ہے

۲۸۸۲ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعُمْرٰى جَائِزَةٌ لِاَهْلِهَا وَالرُّقْبٰى جَائِزَةٌ لِاَهْلِهَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں۔ نبی صلعم نے فرمایا ہے۔ عمریٰ (یعنی وہ شے جو عمر بھر کے لئے دی گئی ہے) عمریٰ والوں کے لئے جائز ہے اور رقبی، رقبی والوں کے لئے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

فصل سوم

جواز عمریٰ کی بظاہر مخالف ایک اور حدیث

۲۸۸۳/۸ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْسِكُوْا اَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ لَا تُفْسِدُوْهَا فَاِنَّهٗ مَنْ اَعْمَرَ عُمْرٰى فَهِيَ لِلَّذِيْ اُعْمِرَ حَيًّا وَّمَيِّتًا وَّلِعَقِبِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے اپنے مال کو اپنے پاس رکھو ضائع اور خراب نہ کرو۔ جس شخص نے کسی کو کسی چیز کا عمر بھر کے لئے مالک بنا دیا وہی اس کا حقیقی مالک ہے زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی اور اس کے وارث اس کے مالک ہیں۔ (مسلم)

فصل اوّل

خوشبودار پھول کا تحفہ واپس نہ کرو

۲۸۸۴/۹ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عُرِضَ عَلَيْهِ رَيْحَانٌ فَلَا يَرُدَّهٗ فَاِنَّهٗ خَفِيْفُ الْمَحْمِلِ طَيِّبُ الرِّيْحِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے جس شخص کو خوشبودار پھول (تحفہ کے طور پر) دیا جائے وہ اس کو واپس نہ کرے اس لئے کہ وہ بہت ہلکا احسان ہے اور خوشبو اچھی ہے۔ (مسلم)

۲۸۸۵/۱۰ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَرُدُّ الطِّيْبَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خوشبو کے ہدیہ کو واپس نہیں کیا کرتے تھے۔ (بخاری)

کسی کو کوئی چیز دے کر پھر واپس لے لینا ایک بری مثال ہے

۲۸۸۶/۱۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْعَائِدُ فِيْ هِبَتِهٖ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِيْ قَيْئِهٖ لَيْسَ لَنَا مَثَلُ السَّوْءِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے ہبہ کر کے واپس لینے والے کا حال ایسا ہے جیسا کہ کوئی کتا قے کر کے چاٹ لے۔ یہ بری مثال ہمارے لائق نہیں ہے۔ (بخاری)

لہ "رُقبیٰ" کے معنی مُراقبہ کے ہیں۔ یعنی انتظار کرنا۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ کوئی شخص کسی کو اس شرط پر مثلاً مکان یا اور کوئی چیز دے دے کہ اگر پہلے مرے گا تو میں اس کا مالک ہو جاؤں گا اور میں پہلے مروں گا تو تو مالک رہے گا۔ فقہاء کے نزدیک یہ شرط باطل ہے۔ عمریٰ و رُقبیٰ میں بھی مالک وہی ہوگا جس کو دیا گیا ہے اور اسی کے رشتہ دار وارث ہوں گے۔ ۱۲ مترجم

کوئی چیز دینے میں اولاد کے درمیان فرق وامتیاز نہ کرو

۲۸۸۷/۴ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ اَنَّ اَبَاهُ اَتٰى بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ نَحَلْتُ ابْنِيْ هٰذَا غُلَامًا فَقَالَ اَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَ مِثْلَهٗ قَالَ لَا قَالَ فَارْجِعْهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنَّهٗ قَالَ اَيَسُرُّكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا اِلَيْكَ فِي الْبِرِّ سَوَاءً قَالَ بَلٰى قَالَ فَلَا اِذًا وَّفِيْ رِوَايَةٍ اَنَّهٗ قَالَ اَعْطَانِيْ اَبِيْ عَطِيَّةً فَقَالَتْ عَمْرَةُ بِنْتُ رَوَاحَةَ لَا اَرْضٰى حَتّٰى تُشْهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ اَعْطَيْتُ ابْنِيْ مِنْ عَمْرَةَ بِنْتِ رَوَاحَةَ عَطِيَّةً فَاَمَرَتْنِيْ اَنْ اُشْهِدَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَعْطَيْتَ سَائِرَ وَلَدِكَ مِثْلَ هٰذَا قَالَ لَا قَالَ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْدِلُوْا بَيْنَ اَوْلَادِكُمْ قَالَ فَرَجَعَ فَرَدَّ عَطِيَّتَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنَّهٗ قَالَ لَا اَشْهَدُ عَلٰى جَوْرٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت نعمان بن بشیر رضؓ کہتے ہیں کہ ان کے والد ان کو لے کر رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا میں نے اپنے بیٹے کو ایک غلام عطا کیا ہے۔ آپ نے پوچھا کیا تم نے اپنے سب بیٹوں کو اسی طرح ایک ایک غلام دیا ہے انھوں نے عرض کیا، نہیں۔ آپ نے فرمایا اپنے غلام کو واپس کرلو اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تو یہ پسند کرے گا کہ تیرے سارے بیٹے تجھ سے اچھا سلوک کریں؟ انھوں نے کہا۔ ہاں اگر یہ بات ہے تو غلام اس بیٹے کو نہ دے۔ اور ایک روایت میں یہ ہے کہ نعمان نے کہا کہ میرے والد نے مجھ کو ایک چیز عطا کی۔ عمرہ بنت رواحہ رضؓ (بشیر کی بیوی) نے کہا۔ میں اس ہدیہ کو اس وقت تک پسند نہیں کرتی جب تک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس کے گواہ نہ ہو جائیں۔ میرے والد رسول اللہ صلعم کے پاس گئے اور عرض کیا۔ میں نے اپنے اس بیٹے کو جو عمرہ بنت رواحہ رضؓ کے بطن سے ہے ایک چیز دی ہے۔ عمرہ رضؓ نے مجھ سے کہا کہ اس معاملہ میں میں آپ کو گواہ بناؤں۔ آپ نے پوچھا کیا تو نے اپنے تمام بیٹوں کو اسی قسم کی چیز دی ہے۔ انھوں نے کہا نہیں۔ آپ نے فرمایا خدا سے ڈرو اور اولاد کے درمیان انصاف کرو۔ نعمان رضؓ کہتے ہیں یہ سنکر میرے والد واپس چلے آئے اور اپنے عطیہ کو واپس لے لیا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلعم نے شہادت کا مطالبہ سن کر فرمایا۔ میں ظلم پر گواہ نہیں بنتا۔ (بخاری ومسلم)

فصل دوم

ہبہ واپس لے لینا مناسب نہیں ہے

۲۸۸۸/۵ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْجِعُ اَحَدٌ فِيْ هِبَتِهٖ اِلَّا الْوَالِدُ مِنْ وَّلَدِهٖ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا کوئی شخص اپنے ہبہ کو واپس نہ لے مگر اس ہبہ کو واپس لینا جائز ہے جو باپ نے بیٹے کو کیا ہو۔

(نسائی۔ ابن ماجہ)

کسی کو کوئی چیز دے کر پھر واپس لے لینا مروت کے خلاف ہے

۲۸۸۹/۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِلرَّجُلِ اَنْ يُّعْطِيَ عَطِيَّةً ثُمَّ يَرْجِعُ فِيْهَا اِلَّا الْوَالِدُ فِيْمَا يُعْطِيْ وَلَدَهٗ وَمَثَلُ الَّذِيْ يُعْطِيْ الْعَطِيَّةَ ثُمَّ يَرْجِعُ

حضرت ابن عمر رضؓ اور ابن عباس رضؓ کہتے ہیں نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ کسی کو کوئی چیز دے کر واپس لینا درست نہیں ہے مگر باپ اپنے بیٹے کو کوئی چیز دے کر واپس لے سکتا ہے اور جو شخص کسی کو کوئی چیز دے کر واپس لے لیتا ہے اس کی مثال اس کتے کی

فِيهَا كَمَثَلِ الْكَلْبِ اَكَلَ حَتّٰى اِذَا شَبِعَ قَاءَ ثُمَّ عَادَ فِي قَيْئِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَصَحَّحَهُ التِّرْمِذِيُّ)

سی سے ہے جس نے خوب پیٹ بھر کر کھایا اور جب پیٹ بھر گیا تو قے کر ڈالی اور پھر اس کو چاٹنے لگا۔ (ابوداؤد۔ ترمذی نسائی۔ ابن ماجہ۔ ترمذی نے اسے صحیح کہا ہے)

تحفہ کا بدلہ تحفہ

۲۸۹۰/۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ اَعْرَابِيًّا اَهْدٰى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكْرَةً فَعَوَّضَهٗ مِنْهَا سِتَّ بَكَرَاتٍ فَتَسَخَّطَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ فُلَانًا اَهْدٰى اِلَيَّ نَاقَةً فَعَوَّضْتُهٗ مِنْهَا سِتَّ بَكَرَاتٍ فَظَلَّ سَاخِطًا لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ لَّا اَقْبَلَ هَدِيَّةً اِلَّا مِنْ قَرَشِيٍّ اَوْ اَنْصَارِيٍّ اَوْ ثَقَفِيٍّ اَوْ دَوْسِيٍّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ۔)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک دیہاتی نے رسول اللہ صلعم کو ایک جوان اونٹنی ہدیہ میں دی۔ آپ نے اس کو چھ جوان اونٹنیاں مرحمت فرمائیں لیکن وہ دیہاتی اس معاوضہ سے خوش نہ ہوا۔ رسول اللہ صلعم کو جب اس کا علم ہوا تو آپ نے (لوگوں کے درمیان کھڑے ہو کر) اوّل خدا کی حمد و ثنا کی پھر فرمایا۔ فلاں شخص میرے پاس ایک اونٹنی ہدیہ میں لایا تھا۔ میں نے اس کے بدلے میں اس کو چھ جوان اونٹنیاں دیں لیکن اس پر بھی وہ ناخوش رہا۔ اب میں نے ارادہ کر لیا ہے کہ آئندہ میں قرشی، انصاری، ثقفی اور دوسی لوگوں کے سوا کسی کا ہدیہ قبول نہ کروں گا۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔)

۲۸۹۱/۸ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اُعْطِيَ عَطَاءً فَوَجَدَ فَلْيَجْزِ بِهٖ وَلَمْ يَجِدْ فَلْيُثْنِ فَاِنَّ مَنْ اَثْنٰى فَقَدْ شَكَرَ وَمَنْ كَتَمَ فَقَدْ كَفَرَ وَمَنْ تَحَلَّى بِمَا لَمْ يُعْطَ كَانَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُوْرٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے جس شخص کو (ہدیہ کے طور پر) کوئی چیز دی جائے اور اس کو عوض کا مقدور ہو تو ضرور اس کا بدلہ دے اور جس کو بدلہ دینے کا مقدور نہ ہو وہ ہدیہ دینے کی تعریف کرے اس لئے کہ جس نے تعریف کی اس نے شکر ادا کیا اور جس نے احسان کو چھپایا یعنی نہ تو بدلہ دیا، اور نہ تعریف کی تو اس نے کفرانِ نعمت کیا اور جو شخص اپنے آپ میں اس چیز کو ظاہر کرے جو اس میں نہیں ہے (مثلاً دین و دنیا کے کمال کا اظہار یا علماء اور صلحاء کا لباس پہن کر اپنے آپ کو عالم و صالح ظاہر کرنا) اس کی مثال اس شخص کی سی ہے جو ایسا ایک کپڑا پہنے جو دو دِکھائی دیتے ہوں۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

محسن کے لئے دعائے اجر و خیر

۲۸۹۲/۹ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صُنِعَ اِلَيْهِ مَعْرُوْفٌ فَقَالَ لِفَاعِلِهٖ جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا فَقَدْ اَبْلَغَ فِي الثَّنَاءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت اُسامہ بن زید رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے جس شخص کے ساتھ احسان کیا جائے اور وہ اپنے محسن کے حق میں یہ الفاظ کہے جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا (خدا تجھ کو جزائے خیر دے) تو اس نے اپنے محسن کی پوری تعریف کی۔ (ترمذی)

انسان کا شکر ادا نہ کرنے والا اللہ کا شکر بھی ادا نہیں کرتا

۲۸۹۳/۱۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ۔ (رواہ احمد والترمذی)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں، فرمایا رسول اللہ صلعم نے جو شخص انسانوں کا شکریہ نہیں کرتا، وہ اللہ کا بھی شکریہ نہیں کرتا۔ (احمد، ترمذی)

شکر نعمت کی اہمیت

۲۸۹۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ اَتَاهُ الْمُهَاجِرُوْنَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا رَاَيْنَا قَوْمًا اَبْذَلَ مِنْ كَثِيْرٍ وَّلَا اَحْسَنَ مُوَاسَاةً مِّنْ قَلِيْلٍ مِّنْ قَوْمٍ نَزَلْنَا بَيْنَ اَظْهُرِهِمْ لَقَدْ كَفَوْنَا الْمُؤْنَةَ وَاَشْرَكُوْنَا فِي الْمَهْنَاءِ حَتّٰى لَقَدْ خِفْنَا اَنْ يَّذْهَبُوْا بِالْاَجْرِ كُلِّهٖ فَقَالَ لَا مَا دَعَوْتُمُ اللّٰهَ لَهُمْ وَاَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِمْ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهٗ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم جب مدینہ میں تشریف لائے تو مہاجرین نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ یا رسول اللہ! جس قوم میں ہم آکر اترے ہیں، (یعنی انصار) اس سے بہتر ہم نے کسی قوم کو نہیں دیکھا زیادہ مال دار ہونے پر ہمارے لئے زیادہ خرچ کرنے والے اور تھوڑا مال ہونے پر اچھی خدمت اور مدد کرنے والے، ہم کو انھوں نے محنت سے سبکدوش کر دیا اور منفعت میں ہم کو شریک کر لیا یہاں تک (انھوں نے ہمارے ساتھ سلوک کیا) کہ ہم کو اس کا اندیشہ ہو گیا کہ کہیں سارا ثواب وہی نہ لے جائیں؟ آپ نے فرمایا نہیں وہ سارا ثواب نہیں لے جائیں گے جب تک تم ان کے لئے دعا کرتے رہو گے اور ان کی تعریف میں رطب اللسان رہو گے۔ (ترمذی)

آپس میں بطور تحفہ لین دین عداوتوں کو دور کرتا ہے

۲۸۹۵ وَعَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَهَادَوْا فَاِنَّ الْهَدِيَّةَ تُذْهِبُ الضَّغَائِنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں نبی صلعم نے فرمایا ہے آپس میں ہدیہ اور تحفہ بھیجا کرو اس سے بغض و کینہ دور ہوتا ہے (اور محبت بڑھتی ہے) (ترمذی)

کسی کمتر چیز کے تحفہ کا لینا دینا حقیر نہ سمجھو

۲۸۹۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَهَادَوْا فَاِنَّ الْهَدِيَّةَ تُذْهِبُ وَحَرَ الصَّدْرِ وَلَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِّجَارَتِهَا وَلَوْ شِقَّ فِرْسِنِ شَاةٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ آپس میں ہدیہ اور تحفہ بھیجا کرو اس لئے کہ ہدیہ سینوں کی کدورت کو دور کرتا ہے۔ اور ہمسایہ ہمسایہ کے پاس ہدیہ بھیجنے کو حقیر خیال نہ کرے اگرچہ وہ ہدیہ بکری کے کھر کا ایک ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو۔ (ترمذی)

۲۸۹۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ لَّا تُرَدُّ الْوَسَائِدُ وَالدُّهْنُ وَاللَّبَنُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ قِيْلَ اَرَادَ بِالدُّهْنِ الطِّيْبَ۔)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے تین چیزوں کو واپس نہ کیا جائے (۱) تکیہ (۲) تیل (خوشبودار تیل یا مطلق تیل یا صرف خوشبو) (۳) دودھ۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)

خوشبودار پھول کا تحفہ واپس نہ کرو

۲۸۹۸ وَعَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُعْطِيَ اَحَدُكُمُ الرَّيْحَانَ فَلَا يَرُدَّهٗ فَاِنَّهٗ خَرَجَ مِنَ الْجَنَّةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُرْسَلًا)

ابی عثمان نہدی رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے تم کو کوئی شخص خوشبودار پھول دے تو انکار نہ کرو اس لئے کہ پھول جنت سے آیا ہے۔ (ترمذی مرسلاً)

فصل سوم

اولاد میں کسی ایک کے ساتھ ترجیحی سلوک مناسب نہیں

۲۸۹۹/۱۶ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَتِ امْرَأَةُ بَشِيْرٍ اِنْحَلْ اِبْنِيْ غُلَامَكَ وَ اَشْهِدْ لِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ ابْنَةَ فُلَانٍ سَاَلَتْنِيْ اَنْ اَنْحَلَ اِبْنَهَا غُلَامِيْ وَ قَالَتْ اَشْهِدْ لِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلَهٗ اِخْوَةٌ قَالَ نَعَمْ۔ قَالَ اَفَكُلَّهُمْ اَعْطَيْتَهُمْ مِثْلَ مَا اَعْطَيْتَهٗ قَالَ لَا قَالَ فَلَيْسَ يَصْلُحُ هٰذَا وَ اِنِّيْ لَا اَشْهَدُ اِلَّا عَلٰى حَقٍّ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ بشیر رضؓ کی بیوی نے بشیر رضؓ سے کہا: تم میرے بیٹے (نعمان) کو ایک غلام دے دو۔ وہ اس پر رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا فلاں شخص کی بیٹی (یعنی ان کی بیوی) نے مجھ سے یہ خواہش کی ہے کہ میں اس کے بیٹے کو اپنا غلام دیدوں۔ اور یہ کہا ہے کہ اس پر رسول اللہ صلعم کو گواہ بناؤں۔ آپ نے دریافت فرمایا۔ کیا اس لڑکے کے اور بھائی ہیں؟ بشیر رضؓ نے کہا ہاں۔ آپ نے فرمایا کیا تم نے اپنے تمام بیٹوں کو غلام دیئے ہیں؟ عرض کیا نہیں۔ فرمایا یہ مناسب نہیں ہے اور میں ناحق کا گواہ نہیں بنتا حق کا گواہ ہوتا ہوں۔ (مسلم)

آنحضرت صلعم نئے پھل کا تحفہ کس طرح قبول فرماتے تھے

۲۹۰۰/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُتِيَ بِبَاكُوْرَةِ الْفَاكِهَةِ وَضَعَهَا عَلٰى عَيْنَيْهِ وَعَلٰى شَفَتَيْهِ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ كَمَا اَرَيْتَنَا اَوَّلَهٗ فَاَرِنَا اٰخِرَهٗ ثُمَّ يُعْطِيْهَا مَنْ يَّكُوْنُ عِنْدَهٗ مِنَ الصِّبْيَانِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعْوَاتِ الْكَبِيْرِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں۔ میں نے دیکھا ہے کہ رسول اللہ صلعم کی خدمت میں جب کوئی نیا پھل پیش کیا جاتا تو آپ اس کو آنکھوں اور ہونٹوں پر رکھتے اور فرماتے اے اللہ جس طرح تو نے ہم کو اس پھل کا آغاز دکھایا اسی طرح اس کا انجام دکھا پھر آپ اس پھل کو ان بچوں کو دے دیتے جو اس وقت آپ کے پاس موجود ہوتے۔ (بیہقی، دعوات الکبیر)

بَابُ اللُّقْطَةِ

لقطہ کا بیان

فصل اوّل

کوئی شخص گری پڑی چیز پائے تو کیا کرے؟

۲۹۰۱/۱ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهٗ عَنِ اللُّقْطَةِ قَالَ اِعْرِفْ عِفَاصَهَا وَ وِكَاءَهَا ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَ اِلَّا فَشَاْنُكَ بِهَا قَالَ فَضَالَّةُ الْغَنَمِ قَالَ هِيَ لَكَ اَوْ لِاَخِيْكَ اَوْ لِلذِّئْبِ قَالَ فَضَالَّةُ الْاِبِلِ قَالَ مَالَكَ وَ لَهَا مَعَهَا سِقَاؤُهَا وَ

حضرت زید بن خالد رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہوا اور لقطہ کی بابت پوچھا۔ آپ نے فرمایا اس چیز کو جس میں وہ بندھے اچھی طرح شناخت کرلے اور اس تھیلے سربند کو بھی خوب پہچان لے۔ پھر ایک سال تک تو اس کا اعلان کر۔ اگر اس کا مالک آجائے تو اس کو دیدے اور مالک نہ آئے تو اپنے خرچ میں لا۔ اس شخص نے پوچھا گم شدہ بکری کے متعلق کیا کیا جائے؟ آپ نے فرمایا وہ تیری ہے یا تیرے

حِذَاؤُهَا تَرِدُ الْمَاءَ وَتَاْكُلُ الشَّجَرَ حَتّٰى يَلْقَاهَا رَبُّهَا۔ (متفق علیہ)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ فَقَالَ عَرِّفْهَا سَنَةً ثُمَّ اعْرِفْ وِكَاءَهَا وَعِفَاصَهَا ثُمَّ اسْتَنْفِقْ بِهَا فَاِنْ جَاءَ رَبُّهَا فَاَدِّهَا اِلَيْهِ۔

بھائی گی یا بھیڑیے کی۔ پھر اس نے گم شدہ اونٹ کی بابت پوچھا آپ نے فرمایا اونٹ سے تجھ کو کیا مطلب؟ اس کا پانی اس کے پاس ہے اور اس کے پاؤں اس کو پانی پر لے جاتے ہیں، اور درخت وہ کھا لیتا ہے اور آخر اس کا مالک اس کو پا لیتا ہے۔ (بخاری و مسلم) اور مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ نبی صلعم نے یہ فرمایا کہ ایک سال اس کا اعلان کر پھر شناخت کر لے اچھی طرح اس کو اور اس کے سر بند کو اور پھر اس کو اپنے صرف میں لے آ۔ پھر اگر اس کا مالک آجائے تو جس قدر وہ مال ہوتا ہو اس کو دیدے یا اس کی قیمت ادا کر دے۔

لقطہ کو بغیر تشہیر پاس رکھنا خیانت ہے

۲۹۰۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰوٰى ضَالَّةً فَهُوَ ضَالٌّ مَّا لَمْ يُعَرِّفْهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت زید بن خالد رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو شخص گم شدہ چیز کو اٹھا کر گھر میں رکھ لے وہ گمراہ ہے جب تک کہ اس کا اعلان نہ کرے۔ (مسلم)

حنفیہ کے ہاں زمین حل اور زمین حرم کا لقطہ برابر ہے

۲۹۰۳ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ لُقَطَةِ الْحَاجِّ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبد الرحمٰن بن عثمان تیمی رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ حجاج کا لقطہ نہ اٹھاؤ (یعنی یہ کہ ان کی گری پڑی چیز نہ اٹھائی جائے۔ (مسلم)

فصل دوم

ویران و غیر آباد زمین کے لقطہ اور برآمد ہونے والے دفینہ کا حکم

۲۹۰۴ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنِ الثَّمَرِ الْمُعَلَّقِ فَقَالَ مَنْ اَصَابَ مِنْ ذِيْ حَاجَةٍ غَيْرَ مُتَّخِذٍ خُبْنَةً فَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ وَمَنْ خَرَجَ بِشَيْءٍ مِّنْهُ فَعَلَيْهِ غَرَامَةُ مِثْلَيْهِ وَالْعُقُوْبَةُ وَمَنْ سَرَقَ مِنْهُ شَيْئًا بَعْدَ اَنْ يُّؤْوِيَهُ الْجَرِيْنُ فَبَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَعَلَيْهِ الْقَطْعُ وَذَكَرَ فِيْ ضَالَّةِ الْاِبِلِ وَالْغَنَمِ كَمَا ذَكَرَ غَيْرُهٗ قَالَ وَسُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ مَا كَانَ مِنْهَا فِي الطَّرِيْقِ الْمِيْتَاءِ وَالْقَرْيَةِ الْجَامِعَةِ فَعَرِّفْهَا سَنَةً فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا فَاَدِّهَا اِلَيْهِ وَ

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ نبی صلعم سے ان پھلوں کی بابت سوال کیا گیا جو درختوں پر لگے ہوں (یعنی ضرورت کے وقت ان کو توڑ کھانے کی بابت) آپ نے فرمایا جو ضرورت مند (یعنی وہ شخص جو بھوک سے بیتاب ہو یا مطلق بھوکا یا فقیر) پھل کھالے اور جھولی بھر کر نہ لیجائے تو اس پر کچھ گناہ نہیں اور جو شخص کھائے اور توڑ کر لیجائے اس پر ان پھلوں کا دوگنا تاوان واجب ہے اور سزا بھی اور جو شخص پھلوں کو کھلیان میں سے چرائے اور چرائے ہوئے پھلوں کی قیمت ایک ڈھال کی قیمت کے برابر ہو جائے تو اس کی سزا ہاتھ کاٹنا ہے۔ اس کے بعد راوی نے گم شدہ اونٹ، بکری گم شدہ کی بابت پوچھا، جیسا کہ اور راویوں نے بیان کیا ہے۔ پھر آپ سے لقطہ کا حکم پوچھا گیا۔ آپ نے فرمایا

---

[1] "لقطہ" گری پڑی چیز کو کہتے ہیں۔ ۱۲ مترجم

إِنْ لَمْ يَأْتِ فَهُوَ لَكَ وَمَا كَانَ فِي الْخَرَابِ الْعَادِيِّ فَفِيهِ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ۔ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَرَوَى أَبُو دَاوُدَ عَنْهُ مِنْ قَوْلِهِ وَسُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ إِلَى آخِرِهِ۔

جو لقطہ اس راستہ پر پایا جائے جو عام ہو اور گاؤں یا آبادی کے قریب ہو تو اس کا اعلان ایک سال تک کرا کر اس کا مالک آجائے تو اس کو دیدے اگر مالک نہ آئے، تو پھر وہ تیرا ہے اور لقطہ جو قدیم خزانوں اور ویرانوں میں پایا جائے، اس میں اور دفینہ میں صرف پانچواں حصہ خدا کی راہ کا ہے۔ (نسائی۔ ابوداؤد)

لقطہ استعمال میں آجانے کے بعد اس کا مالک طلب کرے تو اس کا بدلہ دینا چاہئے

۲۹۰۵ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ وَجَدَ دِينَارًا فَأَتَى بِهِ فَاطِمَةَ فَسَأَلَ عَنْهُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا رِزْقٌ اللَّهِ فَأَكَلَ مِنْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَكَلَ عَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذَلِكَ أَتَتْ امْرَأَةٌ تَنْشُدُ الدِّينَارَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ أَدِّ الدِّينَارَ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضؓ نے ایک دینار پایا اور حضرت فاطمہ رضؓ کے پاس لے آئے، پھر حضرت علی رضؓ نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس کی بابت پوچھا۔ آپ نے فرمایا، یہ خدا کا رزق ہے۔ پس اس دینار میں سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے، حضرت علی رضؓ نے اور فاطمہ رضؓ نے سب نے کھایا۔ اس کے بعد ایک عورت دینار ڈھونڈتی ہوئی آئی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علی رضؓ دینار دے دو۔ (ابوداؤد)

لقطہ بری نیت کے ساتھ نہ اٹھاؤ

۲۹۰۶ وَعَنِ الْجَارُودِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت جارود رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مسلمانوں کی گم شدہ چیز آگ کا شعلہ ہے (یعنی جو شخص اس کو اٹھالے گا اور لقطہ کے احکام کی پابندی نہ کرے گا تو وہ اس کو دوزخ کی آگ میں لے جائے گا۔) (دارمی)

جب لقطہ اٹھاؤ تو کسی کو گواہ بنالو

۲۹۰۷ وَعَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَجَدَ لُقْطَةً فَلْيُشْهِدْ ذَا عَدْلٍ أَوْ ذَوِي عَدْلٍ وَلَا يَكْتُمْ وَلَا يُغَيِّبْ فَإِنْ وَجَدَ صَاحِبَهَا فَلْيَرُدَّهَا عَلَيْهِ وَإِلَّا فَهُوَ مَالُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عیاض رضؓ بن حمار کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ جو شخص لقطہ کو پائے وہ دو منصف مزاج لوگوں کو گواہ بنالے۔ پھر لقطہ کو چھپائے نہیں اور نہ اس کو غائب کردے (یعنی اس کا اعلان ترک نہ کرے اور اس کو کسی دوسری جگہ نہ بھیج دے) پھر اگر اس کا مالک آجائے تو اس کو واپس دیدے اور مالک نہ آئے تو پھر وہ خدا کا مال ہے جس کو خدا چاہے عطا فرمائے (یعنی پھر وہ پانے والے کیلئے حلال ہے۔ اس کو خدا تعالیٰ نے دلوایا ہے۔) (احمد۔ ابوداؤد۔ دارمی)

لقطہ کی وہ مقدار جس میں تشہیر و اعلان کی ضرورت نہیں

۲۹۰۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ رَخَّصَ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعَصَا وَالسَّوْطِ وَالْحَبْلِ وَأَشْبَاهِهِ يَلْتَقِطُهُ الرَّجُلُ يَنْتَفِعُ

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے اجازت دی ہے اگر کسی شخص کو لاٹھی، چابک یا رسّی، یا اور کوئی ایسی چیز لقطہ میں ملے اس سے نفع اٹھانے اور استعمال کرنے کی

بہ۔ (رواہ ابوداؤد۔ وذکر حدیث المقدام ابن معدی کرب الا لا یحل فی باب الاعتصام) (ابوداؤد۔ مقدام بن معدی کرب کی حدیث "الا لا یحل" باب الاعتصام میں بھی بیان کی جا چکی ہے)۔

بَابُ الْفَرَائِضِ — فرائض کا بیان

فصل اوّل

میّت کا ترکہ اس کے ورثار کا حق ہے

۲۹۰۹ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنَا اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ فَمَنْ مَّاتَ وَعَلَیْهِ دَیْنٌ وَّلَمْ یَتْرُكْ وَفَاءً فَعَلَیَّ قَضَاؤُهٗ وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهٖ وَفِیْ رِوَایَةٍ مَّنْ تَرَكَ دَیْنًا اَوْ ضَیَاعًا فَلْیَاْتِنِیْ فَاَنَا مَوْلَاهُ۔ وَفِیْ رِوَایَةٍ مَّنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهٖ وَمَنْ تَرَكَ كَلًّا فَاِلَیْنَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میں مسلمانوں کے لئے ان کی جانوں سے زیادہ عزیز ہوں پس مسلمانوں میں سے جو شخص مرجائے اور اس پر قرض ہو اور وہ اتنا نہ چھوڑ مرے جس سے اس کا قرض ادا ہو سکے۔ اس کا قرض ادا کرنا میرے ذمہ ہے اور جو شخص مال چھوڑ مرے وہ اس کے وارثوں کا ہے۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو شخص قرض چھوڑ مرے یا بچے اس کا ولی میرے پاس آئے میں اس کا انتظام کروں گا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں آپ نے فرمایا کہ جو شخص مال چھوڑ مرے وہ اس کے وارثوں کا ہے اور جو شخص قرض یا بچے چھوڑ مرے اس کا انتظام میرے ذمہ ہے۔ (بخاری و مسلم)

میّت کا ترکہ پہلے ذوی الفروض کو دو

۲۹۱۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِاَهْلِهَا فَمَا بَقِیَ فَهُوَ لِاَوْلٰی رَجُلٍ ذَكَرٍ۔ (متفق علیہ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ میراث کے حصے حصہ داروں کو دو پھر جو کچھ بچے وہ قریب تر مرد کے لئے ہے (یعنی عصبہ کے لئے) (بخاری و مسلم)

اختلاف مذہب، میراث سے محروم کر دیتا ہے؟

۲۹۱۱ (۳) وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ وَلَا الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت اُسامہ بن زید رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسلمان کافر کا وارث نہیں ہوتا اور نہ کافر مسلمان کا وارث ہوتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

آزاد کرنے والا، غلام کا وارث ہوتا ہے

۲۹۱۲ (۴) وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَوْلَی الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ غلام کو آزاد کرنے والا، آزاد غلام کے مال کا وارث ہوتا ہے۔ (بخاری)

بھانجا، ماموں کے ترکہ کا وارث ہوتا ہے۔

۲۹۱۳ (۵) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِبْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے قوم کا بھانجہ اسی میں ہوتا ہے یعنی بھانجہ ماموں کے مال کا وارث ہوتا

وَذُكِرَ حَدِيثُ عَائِشَةَ إِنَّمَا الْوَلَاءُ فِي بَابٍ قَبْلَ بَابِ السَّلَمِ وَسَتَذْكُرُ حَدِيثَ الْبَرَاءِ الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْأُمِّ فِي بَابِ بُلُوغِ الصَّغِيرِ وَحِضَانَتِهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

ہے۔ (بخاری و مسلم)
عائشہ رضؓ کی حدیث "انما الولاء" باب سلم کے پہلے، باب میں بیان کی جا چکی ہے اور عنقریب انشاء اللہ براء رضؓ کی حدیث کہ خالہ بمنزلہ ماں کے ہے "بلوغ الصغیر" کے باب میں بیان کریں گے۔

فصل دوم

مسلم غیر مسلم کا اور غیر مسلم، مسلم کا وارث نہیں ہوتا

۲۹۱۴ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَوَارَثُ أَهْلُ مِلَّتَيْنِ شَتَّى۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ جَابِرٍ۔)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ وہ مختلف مذہب رکھنے والے ایک دوسرے کے وارث نہیں ہوتے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ اور ترمذی نے یہ حدیث حضرت جابر رضؓ سے روایت کی ہے)

اپنے مورث کا قاتل میراث سے محروم ہو جاتا ہے

۲۹۱۵ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَاتِلُ لَا يَرِثُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ قاتل مقتول کے مال کا وارث نہیں ہوتا (ترمذی۔ ابن ماجہ)

جدّہ کا چھٹا حصہ ہے

۲۹۱۶ وَعَنْ بُرَيْدَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ لِلْجَدَّةِ السُّدُسَ إِذَا لَمْ تَكُنْ دُونَهَا أُمٌّ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت بریدہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دادی اور نانی کا چھٹا حصہ مقرر کیا ہے اگر ماں (حاجب) موجود نہ ہو۔ (ابوداؤد)

زندہ پیدا ہونے والا بچہ وارث ہے

۲۹۱۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَهَلَّ الصَّبِيُّ صُلِّيَ عَلَيْهِ وَوُرِّثَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے بچہ (پیدا ہونے کے بعد) اگر چیخے چلائے یا اس کے منہ سے آواز نکلے (اور پھر مر جائے) تو اس پر نماز پڑھنی چاہئے اور (اسکو) وارث بنایا جائے۔ (ابن ماجہ۔ دارمی)

ابتدائے اسلام کا ایک حکم

۲۹۱۸ وَعَنْ كَثِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْهُمْ وَحَلِيفُ الْقَوْمِ مِنْهُمْ وَابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت کثیر بن عبداللہ رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ قوم کا آزاد کردہ غلام قوم میں سے ہے (یعنی اگر غلام کا کوئی بھی عصبہ نہ ہو تو اس کے مال کا وارث اس کا آزاد کرنے والا ہوتا ہے اور قوم کا حلیف بھی قوم میں سے ہے (یہ حکم ابتدائے اسلام کا تھا پھر منسوخ ہو گیا) اور قوم کا بھانجہ قوم میں سے ہے۔ (دارمی)

ماموں اپنے بھانجے کا ذی رحم وارث ہوتا ہے

۲۹۱۹ وَعَنِ الْمِقْدَامِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت مقدام کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَوْلٰى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِّنْ نَّفْسِهٖ فَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا اَوْ ضَيْعَةً فَاِلَيْنَا وَ مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهٖ وَ اَنَا مَوْلٰى مَنْ لَّا مَوْلٰى لَهٗ اَرِثُ مَالَهٗ وَ اَفُكُّ عَانَهٗ وَ الْعَانِيْ وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهٗ يَرِثُ مَالَهٗ وَيَفُكُّ عَانَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَّ اَنَا وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهٗ اَعْقِلُ عَنْهُ وَ اَرِثُهٗ وَ الْعَانِيْ وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهٗ يَعْقِلُ عَنْهُ وَيَرِثُهٗ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

میں ہر مومن کے لئے اس کی جان سے زیادہ عزیز ہوں اور مناسب پس جو شخص قرض یا اولاد چھوڑ مرے میں اس کا کفیل ہوں۔ اور جو شخص مال چھوڑے وہ اس کے وارثوں کا ہے اور میں اس شخص کا مولےٰ (کارساز و منتظم) ہوں جس کا کوئی مولا نہیں اور اس کے مال کا وارث ہوں (یعنی جس کا کوئی وارث نہ ہو اس کا میں وارث ہوں، میں اس کے مال کو بیت المال میں جمع کر دوں گا اس لئے کہ انبیاءؑ حقیقت میں کسی کے مال وارث نہیں ہوتے) اور اس کے قیدی کو عذاب کی قید سے چھڑانے والا ہوں اور ماموں اس شخص کا وارث ہے جس کے اور کوئی وارث (ذوی الفروض اور عصبی) نہ ہوں وہ اس کا مال پائے گا اور اس کے قیدی کو چھڑائے گا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ فرمایا نبی صلعم نے کہ میں اس کے شخص کا وارث ہوں جس کا اور کوئی وارث نہیں، میں اس کا خون بہا ادا کروں گا اور ماموں وارث ہے اس کا جس کا اور کوئی وارث نہیں۔ وہی اس کا خون بہا ادا کرے گا اور وہی اس کا مال پائے گا۔ (ابوداؤد)

عورت کن تین آدمیوں کی میراث پاتی ہے

۲۹۲۰/۱۲ وَعَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحُوْزُ الْمَرْاَةُ ثَلٰثَ مَوَارِيْثَ عَتِيْقَهَا وَ لَقِيْطَهَا وَ وَلَدَهَا الَّذِيْ لَاعَنَتْ عَنْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ وَ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت واثلہ بن اسقع رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے عورت تین شخصوں کی میراث لیتی ہے۔ ایک تو اپنے آزاد کردہ غلام یا لونڈی کی (اگر اس کا عصبی وارث نہ ہو) دوسرے لقیط کی (یعنی اس بچہ کی جو کہیں پڑا ہوا پایا اور اس کو پرورش کر لیا) اور تیسرے اس بچہ کی جس کی پیدائش پر لعان ہو۔ (ترمذی)

ولد الزنا کا حکم

۲۹۲۱/۱۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا رَجُلٍ عَاهَرَ بِحُرَّةٍ اَوْ اَمَةٍ فَالْوَلَدُ وَلَدُ الزِّنَاءِ لَا يَرِثُ وَلَا يُوْرَثُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلعم نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص کسی آزاد عورت سے یا لونڈی سے زنا کرے اور اس کے زنا کے نطفہ سے بچہ پیدا ہو تو بچہ ولد الزنا کہلائے گا۔ نہ وہ کسی کا وارث ہوتا ہے اور نہ اس کی میراث کسی کو ملتی ہے۔ (ترمذی)

آزاد شدہ غلام کی میراث

۲۹۲۲/۱۴ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ مَوْلًى لِّرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاتَ وَتَرَكَ شَيْئًا وَلَمْ يَدَعْ حَمِيْمًا وَّلَا وَلَدًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطُوْا مِيْرَاثَهٗ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ قَرْيَتِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلعم کا ایک آزاد کردہ غلام مرا اور کچھ مال اس نے چھوڑا اور کوئی نسبی عصبہ اس کا نہ تھا (جو مال کا وارث ہوتا) رسول اللہ صلعم نے فرمایا۔ اس کا مال اس کے گاؤں والوں میں سے کسی کو دے دو۔ (ابوداؤد، ترمذی)

جس کا کوئی بھی وارث نہ ہو اس کا ترکہ بیت المال کے مصرف میں دے دیا جائے

۲۹۲۳/۱۵ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ مَاتَ رَجُلٌ مِّنْ خُزَاعَةَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِيْرَاثِهٖ

حضرت بریدہ رضؓ کہتے ہیں کہ قبیلۂ خزاعہ کا ایک آدمی مرا اس کی میراث نبی صلعم کے پاس لائی گئی۔ آپ نے فرمایا۔ اس کا وارث

فَقَالَ الْتَمِسُوْا لَهٗ وَارِثًا اَوْ ذَا رَحِمٍ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهٗ وَارِثًا وَّلَا ذَا رَحِمٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطُوْهُ اَكْبَرَ مِنْ خُزَاعَةَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهٗ قَالَ انْظُرُوْا اَكْبَرَ رَجُلٍ مِّنْ خُزَاعَةَ)

"تلاش کرو (یعنی ذوالفروض یا عصبات میں سے یا ذوی الرحم) "تلاش کیا گیا۔ ان میں سے کوئی وارث نہ ملا۔ آپ نے فرمایا کہ قبیلۂ خزاعہ میں جو آدمی سب سے بڑا ہو اس کا مال اس کو دے دو۔ (ابوداؤد)

میت کے قرض کی ادائیگی اس کی وصیت کی تعمیل پر مقدم ہے

۲۹۲۴/۱۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ اِنَّكُمْ تَقْرَءُوْنَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَا اَوْ دَيْنٍ وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالدَّيْنِ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ وَاِنَّ اَعْيَانَ بَنِي الْاُمِّ يَتَوَارَثُوْنَ دُوْنَ بَنِي الْعَلَّاتِ اَلرَّجُلُ يَرِثُ اَخَاهُ لِاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ دُوْنَ اَخِيْهِ لِاَبِيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ رِوَايَةِ الدَّارِمِيِّ قَالَ الْاُخُوَّةُ مِنَ الْاُمِّ يَتَوَارَثُوْنَ دُوْنَ بَنِي الْعَلَّاتِ اِلٰى اٰخِرِهٖ)

حضرت علی رضؓ نے (ایک روز) لوگوں سے کہا۔ تم اس آیت کو پڑھتے ہو مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَا اَوْ دَيْنٍ جس میں قرض سے پہلے وصیت کو پورا کرنے کا حکم ہے۔ لیکن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا طرزِ عمل یہ تھا کہ آپ وصیت سے پہلے قرض کو ادا کرنے کا حکم دیتے تھے اور حضور صلعم نے بھی یہ حکم دیا تھا کہ حقیقی بھائی (باپ کے) وارث ہیں سوتیلے بھائی نہیں اور یہ کہ آدمی اپنے حقیقی بھائی کا وارث ہوتا ہے سوتیلے بھائی کا نہیں۔

(ترمذی۔ ابن ماجہ۔ اور دارمی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضرت علی رضؓ نے فرمایا ہے ایک ماں باپ کے بھائی (حقیقی بھائی) ایک دوسرے کے وارث ہوتے ہیں نہ وہ بھائی جو فقط باپ میں شریک ہوں (یعنی سوتیلے) آخر حدیث تک۔

آیت میراث کا شانِ نزول

۲۹۲۵/۱۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةُ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ بِابْنَتَيْهَا مِنْ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَاتَانِ ابْنَتَا سَعْدِ ابْنِ الرَّبِيْعِ قُتِلَ اَبُوْهُمَا مَعَكَ يَوْمَ اُحُدٍ شَهِيْدًا وَاِنَّ عَمَّهُمَا اَخَذَ مَالَهُمَا وَلَمْ يَدَعْ لَهُمَا مَالًا وَلَا تُنْكَحَانِ اِلَّا وَلَهُمَا مَالٌ قَالَ يَقْضِي اللّٰهُ فِيْ ذٰلِكَ فَنَزَلَتْ اٰيَةُ الْمِيْرَاثِ فَبَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَمِّهِمَا فَقَالَ اَعْطِ لِابْنَتَيْ سَعْدٍ الثُّلُثَيْنِ وَاَعْطِ اُمَّهُمَا الثُّمُنَ وَمَا بَقِيَ فَهُوَ لَكَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ سعد رضؓ بن ربیع کی بیوی اپنی دونوں بیٹوں کو جو سعد رضؓ کے نطفہ سے تھیں لے کر رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ ؐ یہ دونوں لڑکیاں سعد بن ربیع کی ہیں ان کا باپ اُحد کی لڑائی میں جو آپ کے ساتھ شہید ہو گیا اور ان کے چچاؤں نے ان کا مال (جو اُن کو ورثہ میں پہنچتا) لے لیا اور ان کے لئے کچھ بھی نہ چھوڑا۔ اب مال نہ ہونے کی وجہ سے ان سے کوئی نکاح بھی نہیں کرتا آپ نے فرمایا (صبر کرو) اس معاملہ کا فیصلہ خدا کرے گا (یعنی ان کا فیصلہ وحی کے ذریعہ ہوگا) چنانچہ میراث کی آیت نازل ہوئی، (یعنی يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ اَوْلَادِكُمْ الخ) آپ نے (فوراً) لڑکیوں کے چچاؤں کو طلب فرمایا اور حکم دیا سعد کی بیٹیوں کو دو تہائی مال دے دو اور آٹھواں حصہ لڑکیوں کی ماں کا دو اور باقی جس قدر بچے وہ تمہارا ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ احمد۔ ابن ماجہ۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے)

بیٹی، پوتی اور بہن کے حصے

۲۹۲۶/۱۸ وَعَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ قَالَ سُئِلَ

حضرت ہزیل بن شرحبیل کہتے ہیں ابو موسیٰ رضؓ سے پوچھا

اَبُوْ مُوْسٰی عَنِ ابْنَةٍ وَّ بِنْتِ ابْنٍ وَّ اُخْتٍ فَقَالَ لِلْبِنْتِ النِّصْفُ وَلِلْاُخْتِ النِّصْفُ وَائْتِ ابْنَ مَسْعُوْدٍ فَسَيُتَابِعُنِيْ فَسُئِلَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ وَّ اُخْبِرَ بِقَوْلِ اَبِيْ مُوْسٰی فَقَالَ لَقَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّ مَا اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ اَقْضِيْ فِيْهَا بِمَا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْبِنْتِ النِّصْفُ وَلِابْنَةِ الْابْنِ السُّدُسُ تَكْمِلَةَ الثُّلُثَيْنِ وَمَا بَقِيَ فَلِلْاُخْتِ فَاَتَيْنَا اَبَا مُوْسٰی فَاَخْبَرْنَاهُ بِقَوْلِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ لَا تَسْئَلُوْنِيْ مَا دَامَ هٰذَا الْحِبْرُ فِيْكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

گیا کہ ایک شخص مرا اور اس نے ایک بیٹی، ایک پوتی اور ایک بہن وارث چھوڑے۔ مال کس طرح تقسیم کیا جائے؟ انھوں نے کہا۔ بیٹی کو آدھا اور بہن کو آدھا (اور پوتی کو کچھ نہیں) پھر ابو موسیٰ رضؓ نے کہا۔ تم ابن مسعود رضؓ کے پاس چلے جاؤ اور ان سے بھی پوچھ لو، وہ مجھ سے اتفاق کریں گے۔ چنانچہ ابن مسعود رضؓ سے بھی یہ مسئلہ پوچھا گیا اور ابو موسیٰ رضؓ نے جو کچھ کہا تھا اس سے بھی (حضرت ابن مسعود رضؓ کو) آگاہ کیا۔ حضرت ابن مسعود رضؓ نے کہا میں گمراہ سمجھا جاؤں گا اور اپنے آپ کو راہِ ہدایت پر نہ پاؤں گا۔ اگر میں اس فتوے سے موافقت کروں (یعنی ابو موسیٰ رضؓ نے جو فیصلہ کیا ہے اس سے موافقت کرنا گمراہی ہے) میں تو وہ فیصلہ دوں گا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا ہے (یعنی) بیٹی کو آدھا اور پوتی کو چھٹا حصہ، تاکہ دو تہائی پورے ہو جائیں (یعنی دو بیٹیوں کا حق دو تہائی ہے۔ جب ایک بیٹی نے دو یا دو سے زیادہ کا حصہ پایا تو پوتی کو چھٹا حصہ دے کر دو تہائی پورا کر دیا گیا) اور باقی جس قدر بچا (یعنی ایک تہائی وہ بہن کا ہے) پھر ہم (یعنی سائل) حضرت ابو موسیٰ رضؓ کے پاس آئے اور اس فیصلہ سے ان کو آگاہ کیا۔ انھوں نے کہا جب تک تم میں یہ عالم موجود ہے (یعنی حضرت ابن مسعودؓ) اس وقت تک تم مجھ سے کوئی مسئلہ نہ پوچھو۔ (بخاری)

دادا کا حصہ

۲۹۲۷/۱۹ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ ابْنَ ابْنِيْ مَاتَ فَمَا لِيْ مِنْ مِيْرَاثِهٖ قَالَ لَكَ سُدُسٌ فَلَمَّا وَلّٰی دَعَاهُ قَالَ لَكَ سُدُسٌ اٰخَرُ فَلَمَّا وَلّٰی دَعَاهُ قَالَ اِنَّ السُّدُسَ الْاٰخَرَ طُعْمَةٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

حضرت عمران بن حصین رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ مرا پوتا مر گیا ہے کیا اس کے مال میں سے مجھ کو کچھ حصہ پہنچتا ہے؟ آپ نے فرمایا (اس کے مال میں سے) تجھ کو چھٹا حصہ ملے گا۔ جب وہ چلا گیا تو اس کو بلا کر فرمایا تجھ کو چھٹا حصہ اور ملے گا۔ وہ چلا گیا آپ نے پھر اس کو بلایا اور فرمایا تجھ کو چھٹا حصہ اور ملے گا اور روزی کے طور پر ہو گا۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے)

جدہ کا حصہ

۲۹۲۸/۲۰ وَعَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ قَالَ جَاءَتِ الْجَدَّةُ اِلٰی اَبِيْ بَكْرٍ تَسْاَلُهٗ مِيْرَاثَهَا فَقَالَ لَهَا مَا لَكِ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ شَيْءٌ وَّمَا لَكِ فِيْ سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ فَارْجِعِيْ حَتّٰی اَسْاَلَ النَّاسَ فَسَاَلَ فَقَالَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ حَضَرْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَاهَا السُّدُسَ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ هَلْ مَعَكَ

حضرت قبیصہ بن ذؤیب کہتے ہیں کہ ایک متوفی شخص کی دادی یا نانی نے حضرت ابو بکر صدیق رضؓ سے اپنے حصہ کی بابت پوچھا۔ آپ نے فرمایا کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (یعنی حدیث) میں تیرا کوئی حصہ نہیں ہے، اس وقت تم جاؤ لوگوں سے پوچھ کر بتاؤں گا (یعنی مجھ کو جتنی حدیثیں یاد ہیں ان میں دادی یا نانی کے حصہ کا ذکر نہیں ہے اور لوگوں سے پوچھ کر معلوم کروں، کسی کو کوئی حدیث یاد ہو گی

غَيْرُكَ فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمَةَ مِثْلَ مَا قَالَ الْمُغِيْرَةُ فَأَنْفَذَهُ لَهَا أَبُوْ بَكْرٍ ثُمَّ جَاءَتِ الْجَدَّةُ الْأُخْرٰى إِلٰى عُمَرَ تَسْأَلُهُ مِيْرَاثَهَا فَقَالَ هُوَ ذٰلِكَ السُّدُسُ فَإِنِ اجْتَمَعْتُمَا فَهُوَ بَيْنَكُمَا وَأَيَّتُكُمَا خَلَتْ بِهٖ فَهُوَ لَهَا۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَّأَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوبکر رضؓ نے لوگوں سے پوچھا۔ مغیرہ بن شعبہ نے کہا کہ، میں رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر تھا (آپ نے) دادی کو چھٹا حصہ دلوایا تھا۔ حضرت ابوبکر رضؓ نے پوچھا تمہارے ساتھ کوئی اور شخص بھی تھا (جس نے یہ حکم سنا ہو) محمد بن مسلمہ رضؓ نے مغیرہ بن شعبہ رضؓ کے قول کی تائید کی اور حضرت ابوبکر رضؓ نے دادی کو چھٹا حصہ پانے کا فیصلہ دیدیا۔ پھر دوسری دادی یا نانی حضرت عمر رضؓ کے پاس آئی اور اپنی میراث طلب کی۔ آپ نے کہا وہی چھٹا حصہ ہے اگر تم دو ہو یعنی دادی اور نانی، تب بھی چھٹا حصہ دونوں کو ملے گا اور تم میں سے کوئی ایک ہو تب بھی چھٹا حصہ ملے گا۔ (مالک۔ احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ دارمی۔ ابن ماجہ)

باپ کی موجودگی میں دادی کو چھٹا حصہ دلوانے کا ایک خاص واقعہ

۲۹۲۹/۲۱ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ فِي الْجَدَّةِ مَعَ ابْنِهَا إِنَّهَا أَوَّلُ جَدَّةٍ أَطْعَمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُدُسًا مَعَ ابْنِهَا وَابْنُهَا حَيٌّ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ ضَعَّفَهُ)

حضرت ابن مسعود رضؓ نے اس دادی کی نسبت جس کا بیٹا زندہ ہو کہا کہ یہ پہلی دادی تھی جس کو بیٹے کی موجودگی میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چھٹا حصہ دلوایا تھا۔ (ترمذی۔ دارمی۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث ضعیف ہے)

خونبہا کا مال مقتول کے ورثا کو ملتا ہے

۲۹۳۰/۲۲ وَعَنِ الضَّحَّاكِ ابْنِ سُفْيَانَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ إِلَيْهِ أَنْ وَرِّثِ امْرَأَةَ أَشْيَمَ الضِّبَابِيِّ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

حضرت ضحاک بن سفیان رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے ان کو یہ لکھا کہ اشیم ضبابی رضؓ کی بیوی کو اس کے خاوند کے قتل کے خون بہا میں حصہ دیا جائے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

ترمذی نے کہا یہ حدیث ضعیف ہے۔

موالی آپس میں ایک دوسرے کے وارث نہیں ہوتے

۲۹۳۱/۲۳ وَعَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا السُّنَّةُ فِي الرَّجُلِ مِنْ أَهْلِ الشِّرْكِ يُسْلِمُ عَلٰى يَدَيْ رَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ هُوَ أَوْلَى النَّاسِ بِمَحْيَاهُ وَمَمَاتِهٖ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت تمیم داری رضؓ کہتے ہیں، میں نے رسول اللہ سے پوچھا کیا حکم ہے اس شخص کا جو مشرکوں میں سے ایک مسلمان کے ہاتھ پر مسلمان ہوا ہو (یعنی یہ مسلمان اس کا مولیٰ اور وارث ہوتا ہے؟ یا نہیں) آپ نے فرمایا یہ شخص (یعنی جس کے ہاتھ پر وہ مسلمان ہوا ہے) اس کی زندگی اور موت میں اس کا مولیٰ ہے (یہ حکم ابتدائے اسلام میں تھا پھر منسوخ ہو گیا) (ترمذی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

آزاد شدہ غلام اپنے آزاد کرنے والے کا وارث ہوتا ہے یا نہیں؟

۲۹۳۲/۲۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا مَّاتَ وَلَمْ يَدَعْ وَارِثًا إِلَّا غُلَامًا كَانَ أَعْتَقَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَّهُ أَحَدٌ قَالُوْا

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص مرا اور ایک غلام کے سوا جس کو اس نے آزاد کر دیا تھا کوئی وارث نہ چھوڑا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پوچھا۔ اس کا کوئی وارث ہے لوگوں

لَا إِلَّا غُلَامٌ لَهُ كَانَ أَعْتَقَهُ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِيرَاثَهُ لَهُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

نے عرض کیا۔ ایک آزاد کردہ غلام کے سوا کوئی وارث نہیں، نبی صلعم نے میت کی میراث اس کو دلوادی۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ، ترمذی)

ولاء کی وراثت کا مسئلہ

۲۹۳۳/۲۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَرِثُ الْوَلَاءَ مَنْ يَرِثُ الْمَالَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ إِسْنَادُهُ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ۔)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ نبی صلعم نے فرمایا ہے جو شخص ولاء کا مالک ہوتا ہے وہی مال کا وارث ہوتا ہے۔ (ترمذی۔ یہ حدیث قوی نہیں ہے) ولاء کہتے ہیں آزاد کردہ غلام کے مال کو۔

فصل سوم

اسلام لانے سے پہلے جو میراث تقسیم ہو چکی ہے اسلام لانے کے بعد اس میں کوئی ترمیم نہیں ہوگی

۲۹۳۴/۲۶ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا كَانَ مِنْ مِيرَاثٍ قُسِّمَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَهُوَ عَلَى قِسْمَةِ الْجَاهِلِيَّةِ وَمَا كَانَ مِنْ مِيرَاثٍ أَدْرَكَهُ الْإِسْلَامُ فَهُوَ عَلَى قِسْمَةِ الْإِسْلَامِ۔ (رواہ ابن ماجۃ)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو میراث جاہلیت میں تقسیم کی گئی ہے وہ جاہلیت ہی میں ختم ہو گئی (یعنی اب اس میں تبدیلی نہیں ہو سکتی) اور جس میراث نے اسلام کو پایا (یعنی اسلام کا زمانہ پایا) وہ اسلام ہی کے طریقہ پر تقسیم کی جائے گی۔ (ابن ماجہ)

پھوپھیوں کے وارث نہ ہونے کے بارہ میں حضرت عمرؓ کا تعجب

۲۹۳۵/۲۷ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ كَثِيرًا يَقُولُ كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَقُولُ عَجَبًا لِلْعَمَّةِ تُوَرِّثُ وَلَا تَرِثُ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

محمد بن ابی بکرؓ بن حزم رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے اپنے والد کو اکثر یہ کہتے سنا ہے کہ حضرت عمر بن خطابؓ یہ فرمایا کرتے تھے کہ تعجب ہے پھوپھی پر کہ اس کا بھتیجا اس کا وارث ہوتا ہے اور وہ اپنے بھتیجے کی وارث نہیں ہوتی۔ (مالک)

فرائض کا علم سیکھنے کا حکم

۲۹۳۶/۲۸ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَزَادَ ابْنُ مَسْعُودٍ وَالطَّلَاقَ وَالْحَجَّ قَالَ فَإِنَّهُ مِنْ دِينِكُمْ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ فرائض کے احکام سیکھو اور ابن مسعودؓ نے ان الفاظ پر ان الفاظ کو اور زیادہ کیا ہے کہ اور طلاق و حج کے احکام و مسائل کو بھی اس لئے کہ یہ علم تمہاری دینی ضروریات میں سے ہے۔ (دارمی)

بَابُ الْوَصَايَا

وصیتوں کا بیان

فصل اوّل

وصیت نامہ لکھ رکھنے کا حکم

۲۹۳۷/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے جس

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا حَقُّ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ لَّہٗ شَیْءٌ یُّوْصِیْ فِیْہِ یَبِیْتُ لَیْلَتَیْنِ اِلَّا وَصِیَّتُہٗ مَکْتُوْبَۃٌ عِنْدَہٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

مسلمان کے معاملات میں یا تعلقات میں کوئی بات وصیت کے قابل ہو، اس کو چاہئے کہ وہ دو راتوں کے گزرنے سے پہلے ان کو لکھ رکھے۔ (بخاری و مسلم)

اپنے ترکہ کے تہائی حصہ میں وصیت کی جا سکتی ہے

۲۹۳۸/۲ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ مَرِضْتُ عَامَ الْفَتْحِ مَرَضًا اَشْفَیْتُ عَلَی الْمَوْتِ فَاَتَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعُوْدُنِیْ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ لِیْ مَالًا کَثِیْرًا وَّلَیْسَ یَرِثُنِیْ اِلَّا ابْنَتِیْ اَفَاُوْصِیْ بِمَالِیْ کُلِّہٖ قَالَ لَا قُلْتُ فَثُلُثَیْ مَالِیْ قَالَ لَا قُلْتُ فَالشَّطْرُ قَالَ لَا قُلْتُ فَالثُّلُثُ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ کَثِیْرٌ اِنَّکَ اَنْ تَذَرَ وَرَثَتَکَ اَغْنِیَاءَ خَیْرٌ مِّنْ اَنْ تَذَرَھُمْ عَالَۃً یَّتَکَفَّفُوْنَ النَّاسَ وَاِنَّکَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَۃً تَبْتَغِیْ بِھَا وَجْہَ اللّٰہِ اِلَّا اُجِرْتَ بِھَا حَتَّی اللُّقْمَۃُ تَرْفَعُھَا اِلٰی فِیْ امْرَاَتِکَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضؓ کہتے ہیں کہ فتح مکہ کے سال میں سخت بیمار ہوا کہ موت کے کنارے پہنچ گیا رسول اللہ صلعم میرے پاس تشریف لائے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ص! میرے پاس بہت مال ہے اور ایک بیٹی کے سوا میرا کوئی وارث نہیں۔ کیا میں اپنے سارے مال کی وصیت اسی کے حق میں کر دوں؟ آپ نے فرمایا نہیں۔ میں نے عرض کیا دو تہائی مال کی وصیت کر دوں، آپ نے فرمایا نہیں۔ میں نے عرض کیا آدھے مال کی وصیت کر دوں فرمایا نہیں۔ میں نے عرض کیا ایک تہائی مال کی وصیت کر دوں۔ آپ نے فرمایا ہاں تہائی مال کی اور تہائی بھی بہت ہوتا ہے اگر تو اپنے وارثوں کو مال دار اور خوش حال چھوڑے گا تو یہ اس سے بہتر ہے کہ تو ان کو مفلس چھوڑے اور وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلائے اور تو جو کچھ خدا کی خوشنودی اور رضامندی کی راہ میں خرچ کرے گا، تجھ کو اس کا اجر دیا جائے گا۔ یہاں تک کہ تجھ کو اس لقمہ کا بھی ثواب ملے گا جو تو اپنی بیوی کے منہ میں دے گا۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

۲۹۳۹/۳ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ عَادَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَ اَنَا مَرِیْضٌ فَقَالَ اَوَصَّیْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِکَمْ قُلْتُ بِمَالِیْ کُلِّہٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ قَالَ فَمَا تَرَکْتَ لِوَلَدِکَ قُلْتُ ھُمْ اَغْنِیَاءُ بِخَیْرٍ فَقَالَ اُوْصِ بِالْعُشْرِ فَمَا زِلْتُ اُنَاقِصُہٗ حَتّٰی قَالَ اُوْصِ بِالثُّلُثِ وَالثُّلُثُ کَثِیْرٌ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضؓ کہتے کہ میری علالت کے ایام میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری عیادت کی آپ نے مجھ سے دریافت فرمایا۔ کیا کچھ وصیت کا ارادہ ہے؟ میں نے عرض کیا ہاں۔ فرمایا کتنے مال کی؟ میں نے عرض کیا خدا کی راہ میں سارے مال کی وصیت۔ فرمایا اپنی اولاد کے لئے تو نے کیا چھوڑا؟ میں نے عرض کیا وہ مال دار اور خوش حال ہیں۔ فرمایا دسویں حصہ کی وصیت کر۔ میں برابر زیادہ کا اصرار کرتا رہا۔ یہاں تک کہ آپ نے فرمایا۔ "تہائی کی وصیت کر دے اور تہائی بھی بہت ہے۔" (ترمذی)

وارث کے حق میں وصیت درست نہیں

۲۹۴۰/۴ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فِیْ خُطْبَتِہٖ عَامَ حَجَّۃِ الْوَدَاعِ اِنَّ اللّٰہَ قَدْ اَعْطٰی کُلَّ ذِیْ حَقٍّ حَقَّہٗ فَلَا وَصِیَّۃَ لِوَارِثٍ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ

حضرت ابی امامہ رضؓ کہتے ہیں کہ حجۃ الوداع کے خطبہ میں، میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ خداوند تعالےٰ نے ہر صاحب حق کا حق مقرر کر دیا ہے یعنی خدا نے تمام وارثوں کے حصے تو فرما دیئے ہیں۔ اب کسی وارث

مَاجَةَ وَزَادَ التِّرْمِذِيُّ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَ لِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ وَيُرْوٰى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ الْوَرَثَةُ مُنْقَطِعٌ هٰذَا لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ وَفِيْ رِوَايَةِ الدَّارَقُطْنِيِّ قَالَ لَا تَجُوْزُ وَصِيَّةٌ لِّوَارِثٍ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ الْوَرَثَةُ۔)

کے حق میں وصیت کی ضرورت نہیں ہے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ اور ترمذی نے یہ الفاظ زیادہ لکھے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بچہ صاحب فراش کے لئے ہے (یعنی عورت کے لئے اگر وہ زنا سے ہو) اور زانی کے لئے پتھر ہے (یعنی وہ میراث سے محروم رہے) اور ان کا حساب خدا پر ہے اور ابن عباس رضؓ نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا ہے وارث کے لئے وصیت کی ضرورت نہیں ہے مگر جب کہ وارث چاہیں (حدیث منقطع ہے یعنی اس کے درمیان سے راوی چھوٹ گیا ہے۔ اور دارقطنی میں یہ الفاظ ہیں "وارث کے لئے وصیت کرنا جائز نہیں ہے مگر جبکہ وارث چاہیں")

کسی دوسرے کے حق میں وصیت کر کے اپنے ورثاء کو نقصان نہ پہنچاؤ

۲۹۴۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ وَالْمَرْاَةَ بِطَاعَةِ اللّٰهِ سِتِّيْنَ سَنَةً ثُمَّ يَحْضُرُهُمَا الْمَوْتُ فَيُضَارَّ اَنَّ فِي الْوَصِيَّةِ فَتَجِبُ لَهُمَا النَّارُ ثُمَّ قَرَاَ اَبُوْهُرَيْرَةَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَا اَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَارٍّ اِلٰى قَوْلِهٖ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے مرد اور عورت ساٹھ برس تک خدا کی طاعت و عبادت کرتے ہیں پھر جب ان کی موت کا وقت آتا ہے تو وہ وصیت کر کے وارثوں کو نقصان پہنچاتے ہیں (یعنی ان کا حق ان کو نہیں پہنچنے دیتے ہیں بلکہ غیر کے حق میں وصیت کرتے یا کسی کو اپنا سارا مال دیدیتے ہیں) اور اس طرح اپنے لئے دوزخ کو واجب کرتے ہیں اس کے بعد ابوہریرہ رضؓ نے یہ آیت پڑھی مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَا اَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَارٍّ (تا) .... ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

فصل سوم

جائز وصیت کرنے والے کیلئے بشارت

۲۹۴۲ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَّاتَ عَلٰى وَصِيَّةٍ مَّاتَ عَلٰى سَبِيْلٍ وَّسُنَّةٍ وَّمَاتَ عَلٰى تُقًى وَّشَهَادَةٍ وَّمَاتَ مَغْفُوْرًا لَّهٗ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو شخص وصیت کر کے مرا (یعنی کچھ مال کی وصیت راہ خدا میں خرچ کرنے کے لئے مرتے وقت کی) وہ راہ مستقیم اور طریقہ سنت پر مرا اور تقویٰ و شہادت پر مرا اور اس حال میں مرا کہ اس کے لئے بخشش کی گئی۔ (ابن ماجہ)

کافروں کو اعمال نیک کا ثواب نہیں پہنچتا

۲۹۴۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ الْعَاصَ بْنَ وَائِلٍ اَوْصٰى اَنْ يُّعْتَقَ عَنْهُ مِائَةُ رَقَبَةٍ فَاَعْتَقَ ابْنُهٗ هِشَامٌ خَمْسِيْنَ رَقَبَةً فَاَرَادَ ابْنُهٗ عَمْرٌو اَنْ يُّعْتِقَ عَنْهُ الْخَمْسِيْنَ الْبَاقِيَةَ فَقَالَ

حضرت عمرو بن شعیب رضؓ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ عاص بن وائل نے یہ وصیت کی کہ اس کی طرف سے سو غلام آزاد کئے جائیں۔ چنانچہ ان کے بیٹے ہشام نے پچاس غلام آزاد کر دیئے۔ پھر ان کے دوسرے بیٹے عمرو نے ارادہ کیا کہ باقی غلاموں کو بھی اپنے باپ کی طرف سے آزاد کر دیں

حَتّٰی اَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ اَبِیْ اَوْصٰی اَنْ یُعْتَقَ عَنْہُ مِائَۃُ رَقَبَۃٍ وَّاِنَّ ھِشَامًا اَعْتَقَ عَنْہُ خَمْسِیْنَ وَبَقِیَتْ عَلَیْہِ خَمْسُوْنَ رَقَبَۃً اَفَاُعْتِقُ عَنْہُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّہٗ لَوْ کَانَ مُسْلِمًا فَاَعْتَقْتُمْ عَنْہُ اَوْ تَصَدَّقْتُمْ عَنْہُ اَوْ حَجَجْتُمْ عَنْہُ بَلَغَہٗ ذٰلِکَ۔

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

پھر انھوں نے اپنے دل میں سوچا کہ اس کے متعلق نبی صلعم سے دریافت کرلیا جائے۔ چنانچہ نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہوکر انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے والد نے سو غلاموں کو آزاد کرنے کی وصیت کی تھی۔ ہشام نے پچاس غلام تو آزاد کردیئے ہیں پچاس باقی ہیں کیا میں باقی کو بھی آزاد کردوں آپ نے فرمایا۔ اگر وہ مسلمان ہوتا اور پھر تم اس کی طرف سے غلام آزاد کرتے یا صدقہ دیتے یا حج کرتے تو ان کا ثواب اس کو پہنچتا (چوں کہ وہ کافر مرا ہے اس لئے یہ سب کچھ اس کے لئے بے فائدہ ہے)۔ (ابوداؤد)

وارثوں کا حق مارنے والے کے لئے وعید

۲۹۴۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَطَعَ مِیْرَاثَ وَارِثِہٖ قَطَعَ اللّٰہُ مِیْرَاثَہٗ مِنَ الْجَنَّۃِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَرَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ)

حضرت انس رضؓ نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے وارث کی میراث کاٹے گا قیامت کے روز خداوند تعالیٰ جنت میں اس کی میراث کاٹ لے گا (یعنی بہشت میں اس کو نہ جانے دے گا) (ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں یہ حدیث حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت کی ہے)۔

کِتَابُ النِّکَاحِ

نکاح کا بیان

فصل اوّل

جوانوں کو نکاح کرنے کا حکم

۲۹۴۵ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ! مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْکُمُ الْبَاءَۃَ فَلْیَتَزَوَّجْ فَاِنَّہٗ اَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَاَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَعَلَیْہِ بِالصَّوْمِ فَاِنَّہٗ لَہٗ وِجَاءٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے جوانو! تم میں سے جو شخص اسباب جماع (نفقہ اور مہر) کی قوت رکھے اس کو چاہئے کہ نکاح کرے اس لئے کہ نکاح گناہ کو محفوظ اور فرج (شرم گاہ) کو مصئون رکھتا ہے اور جو شخص طاقت نہ رکھے اس کو چاہئے کہ روزہ رکھے اس لئے کہ روزہ شہوت کو ختم کردیتا ہے (بخاری و مسلم)

تبتل کی ممانعت

۲۹۴۶ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ رَدَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی عُثْمَانَ ابْنِ مَظْعُوْنٍ التَّبَتُّلَ وَلَوْ اَذِنَ لَہٗ لَاخْتَصَیْنَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عثمان بن مظعون رضؓ کو عورتوں سے ترکِ تعلق کی اجازت نہیں دی۔ اگر آپ ان کو اجازت مرحمت فرمادیتے تو ہم سب خصی ہوجاتے۔ (بخاری و مسلم)

دیندار عورت سے نکاح کرنا بہتر ہے

۲۹۴۷/۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ لِاَرْبَعٍ لِمَالِهَا وَلِحَسَبِهَا وَلِجَمَالِهَا وَلِدِیْنِهَا فَاظْفَرْ بِذَاتِ الدِّیْنِ تَرِبَتْ یَدَاكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عورت سے چار باتوں کے سبب نکاح کیا جاتا ہے، مالدار ہونے کے سبب سے، حسب کی وجہ سے، حسن کے سبب سے اور مذہب کی وجہ سے۔ ان میں سے جس نے دین و مذہب کے سبب سے نکاح کیا وہ کامیاب ہوا اور خاک آلودہ ہوں تیرے ہاتھ (اگر تو مال حسب اور حسن کے سبب نکاح کرے۔) (بخاری و مسلم)

نیک بخت عورت دنیا کی بہترین متاع ہے

۲۹۴۸/۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلدُّنْیَا كُلُّهَا مَتَاعٌ وَّخَیْرُ مَتَاعِ الدُّنْیَا الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ساری دنیا متاع ہے (یعنی دنیوی فائدہ) اور دنیا کی بہترین متاع نیک بخت عورت ہے۔ (مسلم)

قریش کی نیک بخت عورتوں کی فضیلت

۲۹۴۹/۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْرُ نِسَاءٍ رَكِبْنَ الْاِبِلَ صَالِحُ نِسَاءِ قُرَیْشٍ اَحْنَاهُ عَلٰی وَلَدٍ فِیْ صِغَرِهٖ وَاَرْعَاهُ عَلٰی زَوْجٍ فِیْ ذَاتِ یَدِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا اونٹ پر سوار ہونے والی عورتوں میں (یعنی عرب کی عورتوں میں) بہترین عورتیں قریش کی نیک بخت عورتیں ہیں جو چھوٹے بچوں پر نہایت شفیق اور شوہر کے مال کی محافظ و امین ہوتی ہیں۔ (بخاری و مسلم)

عورتوں کا فتنہ زیادہ نقصان دہ ہے

۲۹۵۰/۶ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا تَرَكْتُ بَعْدِیْ فِتْنَةً اَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت اُسامہ رضؓ بن زید نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں اپنے بعد مردوں کے لئے عورتوں سے زیادہ ضرر رساں کوئی فتنہ نہیں چھوڑتا۔ (بخاری)

عورت کے فتنہ سے بچو

۲۹۵۱/۷ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلدُّنْیَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ وَاِنَّ مُسْتَخْلِفَكُمْ فِیْهَا فَیَنْظُرُ كَیْفَ تَعْمَلُوْنَ فَاتَّقُوا الدُّنْیَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ فَاِنَّ اَوَّلَ فِتْنَةِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ كَانَتْ فِی النِّسَاءِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دنیا (نہایت) شیریں اور سبز یعنی نظر میں پسندیدہ چیز ہے اور خدا تم کو دنیا میں خلیفہ بنانے والا ہے پھر وہ دیکھے گا کہ تم کس طرح عملی زندگی بسر کرتے ہو، پس تم دنیا سے بچو اور عورتوں سے بچو اس لئے کہ بنو اسرائیل کی تباہی کا فتنہ بھی عورتیں تھیں۔ (مسلم)

وہ تین چیزیں جن میں نحوست ہوتی ہے

۲۹۵۲/۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے نحوست

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلشُّؤْمُ فِي الْمَرْأَةِ وَالدَّارِ وَالْفَرَسِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ اَلشُّؤْمُ فِي ثَلٰثَةٍ فِي الْمَرْأَةِ وَالْمَسْكَنِ وَالدَّابَّةِ۔

عورت میں، گھر میں اور گھوڑے میں ہوتی ہے اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ نحوست تین چیزوں میں ہوتی ہے، عورت میں گھر میں اور جانور میں۔ (بخاری و مسلم)

اپنے نکاح کے لئے کنواری عورت کو ترجیح دو

۲۹۵۳/۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ فَلَمَّا قَفَلْنَا كُنَّا قَرِيبًا مِّنَ الْمَدِينَةِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي حَدِيثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ قَالَ أَبِكْرٌ أَمْ ثَيِّبٌ قُلْتُ بَلْ ثَيِّبٌ قَالَ فَهَلَّا بِكْرًا تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ فَلَمَّا قَدِمْنَا ذَهَبْنَا لِنَدْخُلَ فَقَالَ أَمْهِلُوا حَتّٰى نَدْخُلَ لَيْلًا أَيْ عِشَاءً لِكَيْ تَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ وَتَسْتَحِدَّ الْمُغِيبَةُ۔ (متفق علیہ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ہم ایک غزوہ میں نبی صلعم کے ساتھ تھے جب ہم واپس ہو کر مدینہ کے قریب پہنچے تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے نئی نئی شادی کی ہے (کیا میں آگے چلا جاؤں؟) آپ نے پوچھا تو نے نکاح کیا ہے؟ میں نے عرض کیا ہاں۔ فرمایا کنواری سے یا بیوہ سے؟ عرض کیا بیوہ سے۔ فرمایا، تو نے کنواری سے شادی کیوں نہیں کی، تاکہ تو اس کے ساتھ کھیلتا اور وہ تیرے ساتھ کھیلتی (یعنی بے تکلفی سے زندگی بسر ہوتی) پھر جب ہم مدینہ میں پہنچ گئے تو اپنے اپنے گھروں کو ہم نے جانے کا ارادہ کیا۔ آپ نے فرمایا ٹھہرو، ہم رات کے وقت گھروں میں جائیں گے تاکہ عورتیں پریشان بالوں میں کنگھی کریں اور زیر ناف بالوں کو صاف کریں۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

وہ تین شخص جن کی اللہ تعالیٰ ضرور مدد فرماتا ہے

۲۹۵۴/۱۰ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثَةٌ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ عَوْنُهُمُ الْمُكَاتَبُ الَّذِي يُرِيدُ الْأَدَاءَ وَالنَّاكِحُ الَّذِي يُرِيدُ الْعَفَافَ وَالْمُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ (رواہ الترمذی والنسائی وابن ماجۃ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تین شخص ہیں جن کی مدد اللہ پر واجب ہے ایک تو مکاتب غلام جو اپنا بدل کتابت ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔ دوسرا وہ نکاح کرنے والا شخص جس کا مقصد نکاح سے زنا کاری سے بچنا ہو اور تیسرا خدا کی راہ میں لڑنے والا۔ (ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

عورت کے ولی کے لئے ایک ضروری ہدایت

۲۹۵۵/۱۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَطَبَ إِلَيْكُمْ مَّنْ تَرْضَوْنَ دِينَهُ وَخُلُقَهُ فَزَوِّجُوهُ إِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ عَرِيضٌ۔ (رواہ الترمذی)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا۔ اگر کوئی ایسا شخص تمہارے پاس نکاح کا پیام بھیجے جس کے دین اور اخلاق سے تم راضی اور خوش ہو تو اس کا پیام منظور کر کے اس سے نکاح کر دو اگر نہ کرو گے تو زمین پر سخت فتنہ برپا ہوگا۔ (ترمذی)

محبت کرنے والی عورت سے نکاح کرو

۲۹۵۶/۱۲ وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجُوا الْوَدُودَ الْوَلُودَ فَإِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْأُمَمَ۔ (رواہ ابوداؤد والنسائی)

حضرت معقل بن یسار رضؓ نے کہا فرمایا رسول اللہ صلعم نے تم اس عورت سے نکاح کرو جو شوہر سے محبت کرنے والی اور زیادہ بچے جننے والی ہو اس لئے کہ میں تمہاری کثرت پر دوسری امتوں کے مقابلہ میں فخر کروں گا۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

کنواری سے نکاح کرنا زیادہ بہتر ہے

۲۹۵۷/۱۳ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَالِمِ بْنِ عُتْبَةَ ابْنِ عُوَيْمِ ابْنِ سَاعِدَةَ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالْاَبْكَارِ فَاِنَّهُنَّ اَعْذَبُ اَفْوَاهًا وَّ اَنْتَقُ اَرْحَامًا وَ اَرْضٰى بِالْيَسِيْرِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ مُرْسَلًا)

حضرت عبدالرحمٰن رض بن سالم بن عتبہ بن عویم بن ساعدہ رض انصاری اپنے والد سے اور وہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے تم کنواری عورتوں سے نکاح کرو اس لئے کہ وہ شیریں کلام بہت بچے جننے والی اور تھوڑے پر راضی رہنے والی ہوتی ہیں۔ (ابن ماجہ)

فصل سوم

نکاح کی ایک خصوصیت

۲۹۵۸/۱۴ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ تَرَ لِلْمُتَحَابَّيْنِ مِثْلَ النِّكَاحِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رض کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے۔ تم نے کوئی ایسی چیز نکاح کے سوا نہ دیکھی ہوگی جو دو شخصوں کے درمیان (جو ایک دوسرے سے بالکل اجنبی ہوں) اتنے درجہ کی محبت پیدا کر دے۔ (ابن ماجہ)

آزاد عورتوں سے نکاح کرنے کی فضیلت

۲۹۵۹/۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَرَادَ اَنْ يَّلْقَى اللّٰهَ طَاهِرًا مُطَهَّرًا فَلْيَتَزَوَّجِ الْحَرَائِرَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت انس رض نے کہا۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا جو شخص اس امر کا خواہشمند ہو کہ وہ خدا سے پاک اور پاکیزہ حال میں ملاقات کرے اس کو چاہئے کہ وہ آزاد عورتوں سے نکاح کرے۔ (ابن ماجہ)

نیک بخت بیوی کی خصوصیات

۲۹۶۰/۱۶ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ يَقُوْلُ مَا اسْتَفَادَ الْمُؤْمِنُ بَعْدَ تَقْوَى اللّٰهِ خَيْرًا لَّهٗ مِنْ زَوْجَةٍ صَالِحَةٍ اِنْ اَمَرَهَا اَطَاعَتْهُ وَاِنْ نَظَرَ اِلَيْهَا سَرَّتْهُ وَاِنْ اَقْسَمَ عَلَيْهَا اَبَرَّتْهُ وَ اِنْ غَابَ عَنْهَا نَصَحَتْهُ فِيْ نَفْسِهَا وَمَالِهٖ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ)

حضرت ابو امامہ رض کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کا مومن بندہ خدا سے تقویٰ (خوف) کے بعد جو چیز سب سے بہتر اپنے لئے انتخاب کرتا ہے وہ نیک بخت عورت ہے (ایسی عورت) جس کو وہ (کسی بات کا) حکم دے تو وہ فوراً اس پر عمل کرے۔ اس کی طرف دیکھے تو وہ اس کا دل خوش کرے۔ اس کو قسم دے تو وہ قسم کو پورا کرے۔ اور وہ غائب ہو تو اپنی عصمت اور اس کے مال کی حفاظت کرے۔ (ابن ماجہ)

نکاح آدھا دین ہے

۲۹۶۱/۱۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَزَوَّجَ الْعَبْدُ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ نِصْفَ الدِّيْنِ فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ فِي النِّصْفِ الْبَاقِيْ۔

حضرت انس رض کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس نے نکاح کیا اس نے اپنا آدھا دین پورا کیا اب اس کو چاہئے کہ باقی آدھے دین میں سے خوف و تقوے کرے۔ (بیہقی)

کون سا نکاح بابرکت ہے

۲۹۶۲/۱۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عائشہ رض کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَعْظَمَ النِّکَاحِ بَرَکَۃً اَیْسَرُہٗ مَؤُنَۃً رَوَاہُمَا الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ۔

نے فرمایا ہے بابرکت نکاح وہ ہے جو محنت کے لحاظ سے آسان ہو یعنی جس کا مہر کم ہو اور عورت زیادہ مصارف کے لئے مرد کو پریشان نہ کرے بلکہ جو کچھ مل جائے اس پر قناعت کرے۔ (بیہقی)

بَابُ النَّظْرِ اِلَی الْمَخْطُوْبَۃِ وَبَیَانِ الْعَوْرَاتِ

جن اعضا کو چھپانا واجب ہے اُن کا اور منسوبہ کو دیکھنے کا بیان

فَصْلُ اَوَّلُ

اپنی منسوبہ کو دیکھ لینا مستحب ہے

۲۹۶۳ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّیْ تَزَوَّجْتُ امْرَاَۃً مِّنَ الْاَنْصَارِ قَالَ فَانْظُرْ اِلَیْھَا فَاِنَّ فِیْ اَعْیُنِ الْاَنْصَارِ شَیْئًا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں ایک انصاری عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہوں۔ آپ نے فرمایا اس کو ایک نظر دیکھ لو اس لئے کہ انصاری عورت کی آنکھوں میں کچھ خرابی ہوتی ہے

کسی عورت کے جسم کا حال اپنے شوہر سے بیان نہ کرو

۲۹۶۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُبَاشِرُ الْمَرْاَۃُ الْمَرْاَۃَ فَتَنْعَتُھَا لِزَوْجِھَا کَاَنَّہٗ یَنْظُرُ اِلَیْھَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کوئی عورت اپنے برہنہ جسم کو کسی عورت سے نہ لگائے اور پھر اُس کی عورت جسمانی خوبیوں کو اپنے شوہر سے بیان نہ کرے کیونکہ (کسی عورت کی جسمانی خوبی کو مرد کے سامنے بیان کرنا گویا اس عورت کو دکھانا ہے۔ (بخاری و مسلم)

عورتوں اور مردوں کے لئے چند ہدایات

۲۹۶۵ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَنْظُرُ الرَّجُلُ اِلٰی عَوْرَۃِ الرَّجُلِ وَلَا الْمَرْاَۃُ اِلٰی عَوْرَۃِ الْمَرْاَۃِ وَلَا یُفْضِی الرَّجُلُ اِلَی الرَّجُلِ فِیْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ وَّلَا تُفْضِی الْمَرْاَۃُ اِلَی الْمَرْاَۃِ فِیْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ (رواہ مسلم)

حضرت ابوسعیدؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مرد عورت کی شرمگاہ یا برہنہ جسم کو نہ دیکھے اور نہ عورت عورت کے برہنہ جسم کو دیکھے اور نہ دو مرد ایک کپڑے میں جمع ہوں، اور نہ دو برہنہ عورتیں ایک کپڑے میں اکٹھی ہوں۔ (مسلم)

اجنبی عورت کے ساتھ خلوت گزینی کی ممانعت

۲۹۶۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا لَا یَبِیْتَنَّ رَجُلٌ عِنْدَ امْرَاَۃٍ ثَیِّبٍ اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ نَاکِحًا اَوْ ذَا مَحْرَمٍ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خبردار کوئی شخص کسی جوان عورت کے ساتھ تنہائی میں رات بسر نہ کرے۔ ہاں وہ شخص خلوت میں رہ سکتا ہے جو عورت کا شوہر یا محرم ہو) محرم وہ مرد ہے جس کے ساتھ ساتھ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نکاح حرام ہو۔ (مسلم)

۲۹۶۷/۵ وَعَنْ عُقْبَةَ ابْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكُمْ وَالدُّخُوْلَ عَلَى النِّسَاءِ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ الْحَمْوَ قَالَ الْحَمْوُ الْمَوْتُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عقبہ بن عامر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جب کہ کسی جگہ اجنبی عورتیں ہوں اور تخلیہ ہو یا عورتیں برہنہ بیٹھی ہوں وہاں ہرگز نہ جاؤ۔ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ صلعم کیا آپ حمو[1] کے داخل ہونے کو بُرا سمجھتے ہیں؟ فرمایا حمو تو موت ہے (یعنی تباہ کن فتنہ ہے)۔ (بخاری و مسلم)

معالج عورت کا جسم دیکھ سکتا ہے

۲۹۶۸/۶ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ اِسْتَاذَنَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحِجَامَةِ فَاَمَرَ اَبَا طَيْبَةَ اَنْ يَحْجُمَهَا قَالَ حَسِبْتُ اَنَّهُ كَانَ اَخَاهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ اَوْ غُلَامًا لَمْ يَحْتَلِمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ام سلمہ رضؓ نے رسول اللہ صلعم سے سینگی لگنچوانے کی اجازت طلب کی۔ آپ نے ابوطیبہ کو سینگی لگنچنے کا حکم دے دیا۔ جابر رضؓ کا بیان ہے کہ ابوطیبہ رضؓ یا تو ام سلمہ رضؓ کے رضاعی دودھ شریک بھائی تھے یا ابھی نابالغ تھے۔ (مسلم)

کسی اجنبی عورت پر نظر پڑ جانے کا مسئلہ

۲۹۶۹/۷ وَعَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَظَرِ الْفُجَاءَةِ فَاَمَرَنِيْ اَنْ اَصْرِفَ بَصَرِيْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جریر رضؓ بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلعم سے اجنبی عورت پر ناگہاں نظر پڑ جانے کی بابت پوچھا۔ آپ نے فرمایا فوراً نظر پھیر لو (یعنی اس کی طرف ارادہ کر کے دیکھتے نہ رہو)۔ (مسلم)

کسی اجنبی عورت کو دیکھ کر برا خیال پیدا ہو تو بیوی کے پاس چلا جائے

۲۹۷۰/۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمَرْاَةَ تُقْبِلُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ وَّتُدْبِرُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ اِذَا اَحَدُكُمْ اَعْجَبَتْهُ الْمَرْاَةُ فَوَقَعَتْ فِيْ قَلْبِهٖ فَلْيَعْمِدْ اِلٰى اِمْرَاَتِهٖ فَلْيُوَاقِعْهَا فَاِنَّ ذٰلِكَ يَرُدُّ مَا فِيْ نَفْسِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ عورت آتی ہے شیطان کی صورت میں اور جاتی ہے شیطان کی شکل میں، پس تم کو کوئی عورت اچھی معلوم ہو اور دل میں اس کی خلش یا محبت پیدا ہونے لگے تو وہ فوراً اپنے گھر چلا جائے اور اپنی بیوی سے جماع کرے، اس لئے یہ جماع دل کے تردد کو دور کر دے گا۔ (مسلم)

فصل دوم

اپنی منسوبہ کو نکاح سے پہلے دیکھ لینا مستحب ہے۔

۲۹۷۱/۹ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَطَبَ اَحَدُكُمُ الْمَرْاَةَ فَاِنِ اسْتَطَاعَ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى مَا يَدْعُوْهُ اِلٰى نِكَاحِهَا فَلْيَفْعَلْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ تم میں سے جو شخص کسی عورت کو نکاح کا پیام دے اس کو چاہئے کہ اگر ممکن ہو تو اس عورت کو ایک نظر دیکھ لے (تاکہ اس کی جسمانی حالت کا اندازہ ہو جائے) (ابوداؤد)

۲۹۷۲/۱۰ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ ابْنِ شُعْبَةَ قَالَ خَطَبْتُ اِمْرَاَةً فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے ایک عورت سے منگنی کا ارادہ کیا۔ رسول اللہ صلعم نے مجھ سے فرمایا کہ تم نے اس

---

[1] "حمو" شوہر کے قرابت داروں کو کہتے ہیں۔ جیسے بھائی بھتیجا وغیرہ۔ شوہر کا باپ اور اپنا بیٹا حمو کی تعریف میں داخل نہیں ہیں۔ ۱۲ مترجم۔

وَسَلَّمَ هَلْ نَظَرْتَ اِلَيْهَا قُلْتُ لَا قَالَ فَانْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّهٗ اَحْرٰى اَنْ يُّؤْدَمَ بَيْنَكُمَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

کو دیکھا ہے؟ میں نے عرض کیا نہیں۔ آپ نے فرمایا تم اس کو دیکھ لو اس لئے کہ جن دو اجنبیوں میں محبت پیدا کی جائے گی ان کو باہم ایک نظر دیکھ لینا چاہیئے۔ (احمد۔ ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

کوئی اجنبی عورت نظر پڑے تو اپنی بیوی پر تسکین حاصل کرو

۲۹۷۳/۱۱ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَاَةً فَاَعْجَبَتْهُ فَاَتٰى سَوْدَةَ وَهِيَ تَصْنَعُ طِيْبًا وَّعِنْدَهٗ نِسَاءٌ فَاَخْلَيْنَهٗ فَقَضٰى حَاجَتَهٗ ثُمَّ قَالَ اَيُّمَا رَجُلٍ رَاٰى امْرَاَةً تُعْجِبُهٗ فَلْيَقُمْ اِلٰى اَهْلِهٖ فَاِنَّ مَعَهَا مِثْلَ الَّذِيْ مَعَهَا۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے ایک عورت کو دیکھا جو آپ کو اچھی معلوم ہوئی۔ آپ (فوراً) حضرت سودہؓ کے ہاں پہنچے۔ وہ اس وقت خوشبو تیار کر رہی تھیں اور چند عورتیں ان کے پاس بیٹھی تھیں۔ عورتیں اٹھ کھڑی ہوئیں اور آپ کے لئے خلوت کر دی۔ آپ نے ضرورت رفع کی اور پھر فرمایا جس شخص کو کوئی عورت اچھی معلوم ہو۔ وہ فوراً اپنے گھر چلا جائے اور اپنی بیوی سے صحبت کرے اس لئے کہ اس کے پاس بھی وہی چیز ہے جو اس عورت کے پاس تھی۔ (دارمی)

عورت، بیگانی نظروں سے چھپنے کی چیز ہے

۲۹۷۴/۱۲ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَرْاَةُ عَوْرَةٌ فَاِذَا خَرَجَتِ اسْتَشْرَفَهَا الشَّيْطٰنُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے عورت پردہ میں رہنے کی چیز ہے جب وہ باہر نکلتی ہے تو شیطان اس کو مرد کی نگاہ میں بہت بہتر صورت میں دکھاتا ہے۔ (ترمذی)

کسی عورت پر اتفاقی نظر پڑنے کے بعد دوسری نظر ڈالنا جائز نہیں ہے

۲۹۷۵/۱۳ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ، يَا عَلِيُّ لَا تُتْبِعِ النَّظْرَةَ النَّظْرَةَ فَاِنَّ لَكَ الْاُوْلٰى وَلَيْسَتْ لَكَ الْاٰخِرَةُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت بریدہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضؓ سے فرمایا۔ علی رضؓ! (عورت پر) نظر پڑنے کے بعد دوبارہ نظر نہ ڈال۔ پہلی (اتفاقی) نظر تیرے لئے جائز ہے، دوبارہ دیکھنا جائز نہیں۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ دارمی۔)

اپنی لونڈی کا نکاح کر دینے کے بعد اسے اپنے لئے حرام سمجھو

۲۹۷۶/۱۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا زَوَّجَ اَحَدُكُمْ عَبْدَهٗ اَمَتَهٗ فَلَا يَنْظُرَنَّ اِلٰى عَوْرَتِهَا زَادَ فِيْ رِوَايَةٍ فَلَا يَنْظُرَنَّ اِلٰى مَا دُوْنَ السُّرَّةِ وَفَوْقَ الرُّكْبَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، جب تم میں سے کوئی شخص اپنی لونڈی کے ساتھ اپنے غلام کا نکاح کر دے تو پھر لونڈی کی شرمگاہ کو نہ دیکھے۔ اور دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ پھر لونڈی کے ناف سے نیچے گھٹنے (زانو) تک کا جسم نہ دیکھے۔ (ابوداؤد)

ران جسم کا مستور حصہ ہے

۲۹۷۷/۱۵ وَعَنْ جُرْهَدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جرہدؓ کہتے ہیں نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ تجھ کو معلوم

وَسَلَّمَ قَالَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ)

نہیں کہ ران شرمگاہ ہے۔ یعنی چھپانے کی چیز ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

۲۹۷۸/۱۶ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ يَا عَلِيُّ لَا تُبْرِزْ فَخِذَكَ وَلَا تَنْظُرْ اِلٰى فَخِذِ حَيٍّ وَّلَا مَيِّتٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے جناب علی رضؓ سے فرمایا۔ علی رضؓ اپنی ران کو نہ کھول اور نہ کسی زندہ اور مُردہ کی ران دیکھ۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۲۹۷۹/۱۷ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَحْشٍ قَالَ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَعْمَرٍ وَّفَخِذَاهُ مَكْشُوْفَتَانِ قَالَ يَا مَعْمَرُ غَطِّ فَخِذَيْكَ فَاِنَّ الْفَخِذَيْنِ عَوْرَةٌ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت محمد بن جحش رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم معمرؓ رضؓ کے قریب سے گزرے اس وقت ان کی رانیں کھلی ہوئی تھیں، آپ نے فرمایا: معمرؓ رضؓ! اپنی رانوں کو ڈھانک اس لئے کہ رانیں شرم گاہ میں شامل ہیں۔ (شرح السنۃ)

بغیر ضرورت تنہائی میں بھی ستر کھولنا جائز نہیں

۲۹۸۰/۱۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكُمْ وَالتَّعَرِّيَ فَاِنَّ مَعَكُمْ مَنْ لَّا يُفَارِقُكُمْ اِلَّا عِنْدَ الْغَائِطِ وَحِيْنَ يُفْضِي الرَّجُلُ اِلٰى اَهْلِهٖ فَاسْتَحْيُوْهُمْ وَاَكْرِمُوْهُمْ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا اپنے آپ کو برہنہ ہونے سے بچاؤ۔ اگرچہ خلوت (تنہائی) میں ہو اس لئے کہ تمہارے ساتھ دو (فرشتے) ہیں جو صرف پاخانہ اور مجامعت کے وقت تم سے جدا ہوتے ہیں، ان سے حیا کرو اور ان کی عزّت کرو۔ (ترمذی)

عورت، مرد کو دیکھ سکتی ہے یا نہیں؟

۲۹۸۱/۱۹ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا كَانَتْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَيْمُوْنَةُ اِذْ اَقْبَلَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجِبَا مِنْهُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَيْسَ هُوَ اَعْمٰى لَا يُبْصِرُنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفَعَمْيَاوَانِ اَنْتُمَا اَلَسْتُمَا تُبْصِرَانِهٖ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ام سلمہ رضؓ کہتی ہیں کہ میں اور میمونہ رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر تھیں کہ (ابن ام مکتوم رضؓ نابینا) آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا۔ اس سے پردہ کرو میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ص! وہ تو اندھے ہیں ہم کو نہیں دیکھ سکتے۔ آپ نے فرمایا کیا تم بھی اندھی ہی ہو کہ ان کو نہیں دیکھ سکتیں۔ (ابوداؤد۔ احمد۔ ترمذی)

خلوت میں بھی اپنا ستر چھپائے رکھو

۲۹۸۲/۲۰ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْفَظْ عَوْرَتَكَ اِلَّا مِنْ زَوْجَتِكَ اَوْ مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَرَاَيْتَ اِذَا كَانَ الرَّجُلُ خَالِيًا قَالَ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ يُّسْتَحْيٰى مِنْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت بہز بن حکیم رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنی شرم گاہ کو پردہ میں رکھ مگر اپنی بیوی اور لونڈی سے نہ چھپا۔ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر آدمی تنہا ہو اس وقت بھی شرم گاہ کو چھپائے۔ فرمایا خدا سے شرم و حیا کرنا بہت زیادہ مناسب ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

اجنبی عورت کے ساتھ تنہائی میں نہ رہو

۲۹۸۳/۲۱ وَعَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عمر نبی صلعم سے روایت کرتے ہیں کہ کوئی مرد جب کسی

لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ اِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطٰنُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عورت کے ساتھ تنہائی میں یک جا ہوتا ہے تو وہاں تیسری ہستی شیطان کی ہوتی ہے (جو دونوں کے دلوں میں جماع کی خواہش کو پیدا کر دیتی ہے۔ (ترمذی)

۲۹۸۴/۲۲ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَلِجُوْا عَلَى الْمُغِيْبَاتِ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِيْ مِنْ اَحَدِكُمْ مَجْرَى الدَّمِ قُلْنَا وَمِنْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَمِنِّيْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَعَانَنِيْ عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت جابر رض کہتے ہیں نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ ان عورتوں کے پاس نہ جاؤ جن کے خاوند باہر سفر میں ہیں اس لئے کہ ایسے مواقع پر شیطان خون کی طرح تمام رگوں میں بھی دوڑ جاتا ہے۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلعم کیا شیطان آپ کی رگوں میں بھی دوڑ جاتا ہے؟ آپ نے فرمایا مجھ میں بھی۔ لیکن خداوند تعالےٰ میری مدد فرماتا ہے اور میں اس سے محفوظ رہتا ہوں۔ (ترمذی)

غلام اپنی مالکہ کے حق میں اجنبی مرد کی طرح ہے

۲۹۸۵/۲۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى فَاطِمَةَ بِعَبْدٍ قَدْ وَهَبَهُ لَهَا وَعَلٰى فَاطِمَةَ ثَوْبٌ اِذَا قَنَّعَتْ بِهٖ رَاْسَهَا لَمْ يَبْلُغْ رِجْلَيْهَا وَاِذَا غَطَّتْ بِهٖ رِجْلَيْهَا لَمْ يَبْلُغْ رَاْسَهَا فَلَمَّا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَلْقٰى قَالَ اِنَّهٗ لَيْسَ عَلَيْكِ بَاْسٌ اِنَّمَا هُوَ اَبُوْكِ وَغُلَامُكِ

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت انس رض کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم فاطمہ رض کے پاس تشریف لائے اس وقت وہ غلام جس کو آپ نے فاطمہ رض کو عطا فرمایا تھا فاطمہ رض کے پاس موجود تھا اور فاطمہ ایسا کپڑا جسم پر ڈالے ہوئے تھیں جس سے سر کو ڈھانکتی تھیں تو پاؤں کھل جاتے تھے اور پاؤں کو ڈھانکتی تھیں تو سر کھل جاتا تھا جب رسول اللہ صلعم نے دیکھا کہ فاطمہ جسم کو چھپانے کی غیر معمولی کوشش کر رہی ہیں تو آپ نے فرمایا کچھ نہیں (فاطمہ) صرف تیرا باپ ہے اور تیرا غلام ہے۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

عورتوں میں مخنث کے آنے کی ممانعت

۲۹۸۶/۲۴ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عِنْدَهَا وَفِي الْبَيْتِ مُخَنَّثٌ وَقَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَبِيْ اُمَيَّةَ اَخِيْ اُمِّ سَلَمَةَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اِنْ فَتَحَ اللّٰهُ لَكُمْ غَدًا الطَّائِفَ فَاِنِّيْ اَدُلُّكَ عَلٰى اِبْنَةِ غَيْلَانَ فَاِنَّهَا تُقْبِلُ بِاَرْبَعٍ وَتُدْبِرُ بِثَمَانٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلَنَّ هٰؤُلَاءِ عَلَيْكُمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام سلمہ رض کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف فرما تھے اور گھر میں ایک مخنث (زنانہ) موجود تھا۔ اس نے عبداللہ بن امیہ رض (ام سلمہ کے بھائی) سے کہا: "عبداللہ رض! اگر خدا تعالےٰ نے کل تم کو طائف پر فتح بخشی تو میں تم کو غیلان کی بیٹی کو دکھاؤں گا۔ وہ چار کے ساتھ آتی ہے اور آٹھ کے ساتھ جاتی ہے (یعنی وہ اتنی موٹی ہے کہ جب آتی ہے تو اس کے پیٹ پر چار شکنیں پڑی ہوئی ہوتی ہیں اور جب جاتی ہے تو اس کی پشت پر آٹھ شکنیں نظر آتی ہیں۔" یہ غیلان کی بیٹی کی تعریف ہے عرب میں موٹی عورت کو پسند کرتے تھے) نبی صلعم نے (یہ سنکر) فرمایا۔ یہ زنانہ (لوگ) تمہارے پاس نہ آیا کریں۔ (بخاری و مسلم)

برہنگی کی ممانعت

۲۹۸۷/۲۵ وَعَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ حَمَلْتُ حَجَرًا ثَقِيْلًا فَبَيْنَا اَنَا اَمْشِيْ سَقَطَ عَنِّيْ ثَوْبِيْ

حضرت مسور بن مخرمہ رض کہتے ہیں کہ میں ایک بھاری پتھر اٹھائے ہوئے چلا آ رہا تھا کہ میرا کپڑا (تہبند یا چادر) کھل کر گر پڑا

فَلَمْ اَسْتَطِعْ اَخْذَهٗ فَرَاٰنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِیْ خُذْ عَلَیْکَ ثَوْبَکَ وَلَا تَمْشُوْا عُرَاۃً۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

اور میں کپڑے کو بوجھ کی وجہ سے نہ اٹھا سکا۔ رسول اللہ صلعم نے مجھ کو برہنہ دیکھا تو فرمایا۔ پہلے کپڑا باندھ لو اور برہنہ نہ چلا کرو۔ (مسلم)

شرم وحیا کا انتہائی درجہ

۲۹۸۸ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ مَا نَظَرْتُ اَوْ مَا رَاَیْتُ فَرْجَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَطُّ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی شرم گاہ کو کبھی نہیں دیکھا۔ (ابن ماجہ)

حسین عورت کی طرف نظر اٹھ جانے کے بعد نظر کو پھیر لینے کا اجر

۲۹۸۹ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ تَنْظُرُ اِلٰی مَحَاسِنِ امْرَاَۃٍ اَوَّلَ مَرَّۃٍ ثُمَّ یَغُضُّ بَصَرَہٗ اِلَّا اَحْدَثَ اللّٰہُ عِبَادَۃً یَجِدُ حَلَاوَتَھَا۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت ابی اُمامہ رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا جس مسلمان بندہ کی نظر (اتفاقی طور پر) کسی حسین عورت پر پڑ جائے اور وہ فوراً نظر کو پھیر لے تو اس کے لئے خداوند تعالیٰ ایک ایسی عبادت عنایت فرمائے گا جس کا لطف اس کو حاصل ہوگا۔ (احمد)

ممنوع النظر چیز کی طرف قصداً دیکھنے والے کیلئے وعید

۲۹۹۰ وَعَنِ الْحَسَنِ مُرْسَلًا قَالَ بَلَغَنِیْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰہُ النَّاظِرَ وَالْمَنْظُوْرَ اِلَیْہِ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)۔

حسنؒ سے مرسلاً روایت ہے۔ انھوں نے بیان کیا کہ مجھ کو صحابہ رضؓ سے یہ معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے خدا کی اس شخص پر لعنت ہو جو (کسی کی شرم گاہ کو) دیکھے اور اس پر بھی لعنت (جس کی شرم گاہ کو) دیکھا گیا ہو۔ (بیہقی)

بَابُ الْوَلِیِّ فِی النِّکَاحِ وَاسْتِیْذَانِ الْمَرْاَۃِ!

ولایتِ نکاح اور عورت سے نکاح کی اجازت لینے کا بیان

فصلِ اوّل

نکاح سے پہلے عورت کی اجازت حاصل کر لینی چاہیئے

۲۹۹۱ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُنْکَحُ الْاَیِّمُ حَتّٰی تُسْتَاْمَرَ وَلَا تُنْکَحُ الْبِکْرُ حَتّٰی تُسْتَاْذَنَ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَکَیْفَ اِذْنُھَا قَالَ اَنْ تَسْکُتَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بیوہ عورت کا نکاح نہ کیا جائے جب تک اس سے اجازت حاصل نہ کر لی جائے۔ اور اسی طرح کنواری عورت کا نکاح نہ کیا جائے، جب تک کہ اس سے دریافت نہ کر لیا جائے۔ صحابہ رضؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلعم کنواری (شرم وحیا کرتی ہے) اس سے کیونکر اجازت حاصل کی جائے؟ آپ نے فرمایا اس کی اجازت یہ ہے کہ خاموش رہے (یعنی طلبِ اذن کے بعد خاموش رہے) (بخاری ومسلم)

۲۹۹۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْاَیِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِھَا مِنْ وَلِیِّھَا وَالْبِکْرُ تُسْتَاْذَنُ فِیْ نَفْسِھَا وَاِذْنُھَا صُمَاتُھَا وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ الثَّیِّبُ اَحَقُّ بِنَفْسِھَا مِنْ وَلِیِّھَا وَالْبِکْرُ تُسْتَاْمَرُ وَاِذْنُھَا سُکُوْتُھَا وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ الثَّیِّبُ اَحَقُّ بِنَفْسِھَا مِنْ وَلِیِّھَا وَالْبِکْرُ یَسْتَاْذِنُھَا اَبُوْھَا فِیْ نَفْسِھَا وَاِذْنُھَا صُمَاتُھَا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ بیوہ عورت (اپنے نکاح کے معاملہ میں) اپنے ولی سے زیادہ حقدار ہے (یعنی نکاح کی اجازت دینے یا نکاح کے معاملہ میں) اور کنواری عورت بھی اس کی حقدار ہے کہ اس سے نکاح کی اجازت حاصل کی جائے اور اس کی اجازت اس کا خاموش رہنا ہے۔ اور دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ بیوہ عورت اپنے ولی سے اپنے معاملات (نکاح وغیرہ) کا زیادہ حق رکھتی ہے اور کنواری عورت سے بھی اجازت حاصل کی جائے اور اس کی اجازت اس کی خاموشی ہے اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ بیوہ زیادہ حق دار ہے اپنے ولی سے اور کنواری لڑکی سے اس کے نکاح کی اجازت اس کا باپ حاصل کرے، اور اس کی اجازت اس کی خاموشی ہے۔ (مسلم)

بیوہ اپنی مرضی کے خلاف ہو جانے والے نکاح کو رد کر سکتی ہے

۲۹۹۳ وَعَنْ خَنْسَاءَ بِنْتِ خِذَامٍ اَنَّ اَبَاھَا زَوَّجَھَا وَھِیَ ثَیِّبٌ فَکَرِھَتْ ذٰلِکَ فَاَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ نِکَاحَہٗ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَفِیْ رِوَایَۃِ ابْنِ مَاجَۃَ نِکَاحَ اَبِیْھَا۔)

حضرت خنساء بنت خذام رضؓ کہتی ہیں وہ بیوہ تھیں کہ ان کا نکاح ان کے والد نے کسی کے ساتھ کر دیا اور وہ اس نکاح سے خوش نہ تھیں۔ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کے متعلق عرض کیا۔ آپ نے وہ نکاح توڑ دیا۔ (بخاری)

آنحضرتؐ سے نکاح کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر

۲۹۹۴ وَعَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَھَا وَھِیَ بِنْتُ سَبْعِ سِنِیْنَ وَزُفَّتْ اِلَیْہِ وَھِیَ بِنْتُ تِسْعِ سِنِیْنَ وَلُعَبُھَا مَعَھَا وَمَاتَ عَنْھَا وَھِیَ بِنْتُ ثَمَانِیْ عَشْرَۃَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان سے نکاح کیا جب کہ ان کی عمر سات سال کی تھی اور ان کو رسول اللہ صلعم کے گھر بھیجا گیا جب ان کی عمر نو سال کی تھی اور ان کے کھلونے (کھیلنے کے) ان کے ساتھ تھے اور جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان سے جدا ہوئے یعنی وفات پائی اس وقت ان کی عمر اٹھارہ سال کی تھی۔ (مسلم)

فصل دوم

کم سن لڑکی کا نکاح ولی کی اجازت کے بغیر نہیں ہوتا

۲۹۹۵ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نِکَاحَ اِلَّا بِوَلِیٍّ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابو موسیٰ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح نہیں ہو سکتا۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

۲۹۹۶ وَعَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَیُّمَا اِمْرَاَۃٍ نَکَحَتْ نَفْسَھَا بِغَیْرِ اِذْنِ وَلِیِّھَا فَنِکَاحُھَا بَاطِلٌ فَنِکَاحُھَا بَاطِلٌ فَنِکَاحُھَا بَاطِلٌ فَاِنْ دَخَلَ بِھَا فَلَھَا الْمَھْرُ بِمَا

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ جو عورت اپنا نکاح اپنے ولی کی اجازت کے بغیر کرے اس کا نکاح باطل ہے، اس کا نکاح باطل ہے، اس کا نکاح باطل ہے۔ پھر اگر اس عورت کے ساتھ اس کے شوہر نے مجامعت کر لی ہے تو اس کی شرمگاہ سے فائدہ

اُسْتُحِلَّ مِنْ فَرْجِهَا فَإِنِ اشْتَجَرُوْا فَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ۔)

اٹھانے کا مہر شوہر پر واجب ہے اور اگر کسی عورت کی ولایت میں اختلاف واقع ہو تو اس عورت کا ولی بادشاہ ہے جس کا کوئی ولی نہ ہو۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ دارمی)

بغیر گواہوں کے نکاح صحیح نہیں ہوتا

۲۹۹۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْبَغَايَا الَّتِيْ يَنْكِحْنَ اَنْفُسَهُنَّ بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ وَاِلَّا صَحَّ اَنَّهٗ مَوْقُوْفٌ عَلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ جو عورتیں گواہوں کے بغیر نکاح کر لیتی ہیں وہ زنا کرنے والی ہیں (ترمذی) ترمذی کا قول ہے کہ یہ حدیث ابن عباسؓ پر موقوف ہے (یعنی ان کا قول ہے اور یہی صحیح ہے)۔

نکاح کی طلب اجازت کے وقت عورت کی خاموشی ہی اس کی رضا ہے

۲۹۹۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْيَتِيْمَةُ تُسْتَاْمَرُ فِيْ نَفْسِهَا فَاِنْ صَمَتَتْ فَهُوَ اِذْنُهَا وَاِنْ اَبَتْ فَلَا جَوَازَ عَلَيْهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَاهُ الدَّارِمِيُّ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ، کنواری عورت سے نکاح کے معاملہ میں اجازت حاصل کیجائے، (اگر دریافت کرنے پر) وہ خاموش رہے تو اسی کو اس کی اجازت سمجھا جائے اور اگر انکار کرے تو اس پر جبر نہ کیا جائے (ترمذی ابوداؤد نسائی) دارمی نے اس کو ابوموسیٰؓ سے روایت کیا ہے۔

غلام کا نکاح اس کے آقا کی اجازت کے بغیر صحیح نہیں ہوتا

۲۹۹۹ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا عَبْدٍ تَزَوَّجَ بِغَيْرِ اِذْنِ سَيِّدِهٖ فَهُوَ عَاهِرٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے جو غلام اپنے مالک کی اجازت کے بغیر نکاح کرے وہ زانی ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ دارمی)

فصل سوم

بالغہ اپنے نکاح کے معاملہ میں خود مختار ہے

۳۰۰۰ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّ جَارِيَةً بِكْرًا اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ اَنَّ اَبَاهَا زَوَّجَهَا وَهِيَ كَارِهَةٌ فَخَيَّرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ ایک کنواری لڑکی نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ اس کے باپ نے اس کا نکاح کر دیا ہے اور وہ اس نکاح سے ناخوش ہے۔ آپ نے اس کو (فسخ ابقاء نکاح کا) اختیار دے دیا۔

بالغہ عورت کا نکاح ولی کو کرنا مستحب ہے

۳۰۰۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُزَوِّجُ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ وَلَا تُزَوِّجُ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا فَاِنَّ الزَّانِيَةَ هِيَ الَّتِيْ تُزَوِّجُ نَفْسَهَا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ کوئی عورت کسی عورت کا نکاح نہ کرے اور نہ کوئی عورت خود اپنا نکاح (اپنے اختیار سے) کرے اس لئے کہ جو عورت اپنا نکاح خود کرتی ہے وہ زنا کرنے والی ہے۔ (ابن ماجہ)

اولاد کے تئیں باپ کے فرائض

۳۰۰۲ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَّابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

حضرت ابوسعیدؓ اور ابن عباسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وُلِدَ لَهٗ وَلَدٌ فَلْيُحْسِنْ اِسْمَهٗ وَاَدَبَهٗ فَاِذَا بَلَغَ فَلْيُزَوِّجْهُ فَاِنْ بَلَغَ وَلَمْ يُزَوِّجْهُ فَاَصَابَ اِثْمًا فَاِنَّمَا اِثْمُهٗ عَلٰى اَبِيْهِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

نے فرمایا ہے جس شخص کے ہاں بچہ پیدا ہو وہ اس کا اچھا نام رکھے، اس کو ادب (آداب و احکام شرع اور علم سکھائے پھر جب وہ بالغ ہو تو اس کا نکاح کر دے اور بالغ ہونے پر اگر اس کا نکاح نہ کیا گیا اور لڑکا گناہ میں مبتلا ہوا تو اس کا گناہ باپ پر ہوگا۔ (بیہقی)

لڑکی کے بالغ ہوتے ہی اس کا نکاح کر دو

۳۰۰۳/۱۳ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي التَّوْرٰىةِ مَكْتُوْبٌ مَنْ بَلَغَتِ ابْنَتُهٗ اِثْنَتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً وَّلَمْ يُزَوِّجْهَا فَاَصَابَتْ اِثْمًا فَاِثْمُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔

حضرت عمر بن خطاب رضؓ اور انس بن مالک رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ توراۃ میں لکھا ہے جس شخص کی بیٹی بارہ برس کی ہو جائے اور وہ اس کا نکاح نہ کرے تو بیٹی جو گناہ کریگی اس کا گناہ باپ پر ہوگا۔ (بیہقی)

بَابُ اِعْلَانِ النِّكَاحِ وَالْخُطْبَةِ وَالشَّرْطِ

نکاح کے اعلان خطبہ اور شرط کا بیان

فصل اوّل

نکاح کے وقت دف بجانا جائز ہے

۳۰۰۴/۱ عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ قَالَتْ جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ حِيْنَ بُنِيَ عَلَيَّ فَجَلَسَ عَلٰى فِرَاشِيْ كَمَجْلِسِكَ مِنِّيْ فَجَعَلَتْ جُوَيْرِيَاتٌ لَنَا يَضْرِبْنَ بِالدُّفِّ وَيَنْدُبْنَ مَنْ قُتِلَ مِنْ اٰبَائِيْ يَوْمَ بَدْرٍ اِذْ قَالَتْ اِحْدٰهُنَّ وَفِيْنَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِيْ غَدٍ فَقَالَ دَعِيْ هٰذِهٖ وَقُوْلِيْ بِالَّذِيْ كُنْتِ تَقُوْلِيْنَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ربیع بنت معوذ بنت عفراء رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس زمانے میں جب کہ میں اپنے شوہر کے ہاں نکاح کے بعد آئی تھی، ہمارے ہاں تشریف لائے اور میرے بستر پر اس طرح بیٹھ گئے جس طرح کہ تم میرے بستر پر بیٹھے ہو۔ (یہ خطاب اس شخص سے ہے جس کو یہ حدیث سنائی جا رہی ہے) گھر میں جو لڑکیاں موجود تھیں انھوں نے دف بجایا اور ہمارے آباء میں سے جو لوگ بدر کی جنگ میں مارے گئے تھے ان کی خوبیاں بیان کرنی شروع کیں۔ ان میں سے ایک لڑکی نے یہ بھی کہا کہ، اور ہم میں (وہ) نبی ہیں جو کل ہونے والی بات کو جانتے ہیں۔ آپ نے (یہ سن کر) فرمایا اس کو چھوڑ دو (یعنی یہ بات نہ کہو) وہی کہو جو پہلے کہہ رہی تھیں۔ (بخاری)

۳۰۰۵/۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ زُفَّتِ امْرَاَةٌ اِلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ مَعَكُمْ لَهْوٌ فَاِنَّ الْاَنْصَارَ يُعْجِبُهُمُ اللَّهْوُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ ایک عورت انصار سے ایک شخص نکاح کر کے لایا۔ نبی صلعم نے فرمایا۔ کیا تمہارے ساتھ کھیل (دف یعنی گانا بجانا) نہیں ہے، انصار کو گانا بہت پسند ہے۔ (بخاری)

شوال کے مہینہ میں نکاح کرنا مستحب ہے

۳۰۰۶/۳ وَعَنْهَا قَالَتْ تَزَوَّجَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ شَوَّالٍ وَبَنٰى بِيْ فِيْ شَوَّالٍ فَاَيُّ نِسَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَحْظٰى عِنْدَهٗ مِنِّيْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے شوال میں نکاح کیا اور (تین برس بعد) شوال ہی میں مجھ کو اپنے گھر لائے۔ پھر رسول اللہ صلعم کی بیویوں میں مجھ سے زیادہ کون خوش نصیب ہے (شوال میں نکاح کرنا اور دلہن کو گھر میں لانا بُرا سمجھا جاتا تھا)۔ (مسلم)

مہر ادا کرنے کی تاکید

۳۰۰۷/۴ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَقُّ الشُّرُوْطِ اَنْ تُوْفُوْا بِهٖ مَا اسْتَحْلَلْتُمْ بِهِ الْفُرُوْجَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عقبہ بن عامر رضؓ کہتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلعم نے ان شرطوں میں جن کا پورا کرنا نہایت ضروری ہے وہ شرط ہے جس کے ذریعہ تم نے اپنے لئے عورتوں کی شرمگاہوں کو حلال کیا ہے (یعنی مہر) (بخاری و مسلم)

کسی دوسرے کی منسوبہ کو اپنے نکاح کا پیغام نہ دو

۳۰۰۸/۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَخْطُبُ الرَّجُلُ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ حَتّٰى يَنْكِحَ اَوْ يَتْرُكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کوئی شخص دوسرے کے پیام نکاح پر اپنا پیام نہ دے جب تک کہ وہ نکاح نہ کرلے یا نکاح کا خیال ترک کردے۔ (بخاری و مسلم)

عورت اپنی خواہش کی تکمیل کے لئے کسی دوسری عورت کو طلاق نہ دلوائے

۳۰۰۹/۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسْئَلِ الْمَرْاَةُ طَلَاقَ اُخْتِهَا لِتَسْتَفْرِغَ صَحْفَتَهَا وَلْتَنْكِحْ فَاِنَّ لَهَا مَا قُدِّرَ لَهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کوئی عورت اپنی (دینی) بہن کو طلاق دِلوانے کی خواہش نہ کرے تاکہ اس پیالہ کو خالی کردے (یعنی اس کو بے شوہر کا بنا دے) اور خود اس (کے شوہر) سے نکاح کرلے۔ اِس لئے کہ جو کچھ اُس کے لئے مقدر کیا گیا ہے وہ اس کے ہی لئے ہے۔ (بخاری و مسلم)

شغار کی ممانعت

۳۰۱۰/۷ وَعَنِ ابن عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الشِّغَارِ وَالشِّغَارُ اَنْ يُّزَوِّجَ الرَّجُلُ اِبْنَتَهٗ عَلٰى اَنْ يُّزَوِّجَهُ الْاٰخَرُ اِبْنَتَهٗ وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا صَدَاقٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَ لَا شِغَارَ فِي الْاِسْلَامِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے شغار سے منع فرمایا ہے اور شغار یہ ہے کہ کوئی شخص اپنی بیٹی کا نکاح کسی کے ساتھ اِس شرط سے کرے کہ وہ اپنی بیٹی کا نکاح اس کے ساتھ کردے اور دونوں میں مہر کچھ نہ ہو۔ (بخاری و مسلم) اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ اسلام میں شغار (جائز) نہیں ہے۔

متعہ کی ممانعت

۳۰۱۱/۸ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ مُّتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ خَيْبَرَ وَعَنْ اَكْلِ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاِنْسِيَّةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن عورتوں کے ساتھ متعہ کرنے اور گھریلو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا ہے۔ (بخاری و مسلم)

۳۰۱۲ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ اَوْطَاسٍ فِي الْمُتْعَةِ ثَلٰثًا ثُمَّ نَهٰى عَنْهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جنگِ اوطاس کے سال میں صرف تین دن کے لئے متعہ کی اجازت دیدی تھی پھر اس سے منع فرمادیا۔ (مسلم)

فصل دوم

۳۰۱۳ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ عَلَّمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّشَهُّدَ فِي الصَّلٰوةِ وَالتَّشَهُّدَ فِي الْحَاجَةِ قَالَ التَّشَهُّدُ فِي الصَّلٰوةِ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَالتَّشَهُّدُ فِي الْحَاجَةِ اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَيَقْرَاُ ثَلٰثَ اٰيَاتٍ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا۔ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ جَامِعِ التِّرْمِذِيِّ فَسَّرَ الْاٰيٰتِ الثَّلٰثَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَزَادَ ابْنُ مَاجَةَ بَعْدَ قَوْلِهٖ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَبَعْدَ قَوْلِهٖ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا وَالدَّارِمِيُّ بَعْدَ قَوْلِهٖ عَظِيْمًا ثُمَّ يَتَكَلَّمُ بِحَاجَتِهٖ وَرُوِيَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ فِيْ خُطْبَةِ الْحَاجَةِ مِنَ النِّكَاحِ وَغَيْرِهٖ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے ہم کو نماز میں پڑھنے کی تشہد (التحیات) اور کسی حاجت و ضرورت کے موقع پر پڑھنے کی تشہد سکھائیں۔ نماز میں پڑھنے کی تشہد (التحیات) تو یہ ہے: اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اور حاجت کے موقع پر پڑھنے کی تشہد یہ ہے: اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اور (اس کے بعد) نبی صلے اللہ علیہ وسلم یہ آیات پڑھتے: يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ۔ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ دارمی۔ ابن ماجہ نے اپنی روایت میں اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ کے بعد نَحْمَدُهٗ کا لفظ زیادہ کیا ہے۔ اور مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا کے بعد وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا بڑھایا ہے۔ اور دارمی نے عَظِيْمًا کے بعد لکھا ہے کہ اس کے بعد اپنی حاجت بیان کرے اور شرح السنۃ میں حضرت ابن مسعودؓ سے اِس تشہد کو نکاح کے خطبہ میں نقل کیا ہے۔

خطبہ کے بغیر نکاح بے برکت رہتا ہے

۳۰۱۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُلُّ خُطْبَۃٍ لَیْسَ فِیْھَا تَشَھُّدٌ فَھِیَ کَالْیَدِ الْجَذْمَاءِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ) وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ

فرمایا ہے جس نکاح میں خطبہ (یعنی خدا کی حمد وثنا) نہ پڑھا جائے وہ نکاح ایسا ہے جیسے کٹا ہوا ہاتھ (یعنی بے کار) (ترمذی) یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۰۱۵ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُلُّ اَمْرٍ ذِیْ بَالٍ لَا یُبْدَءُ فِیْہِ بِحَمْدِ اللّٰہِ فَھُوَ اَقْطَعُ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ) ۱۲

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس اہم وشان دار کام کو خدا کی حمد وثنا کے بغیر شروع کیا جائے وہ ابتر و بے برکت ہے۔ (ابن ماجہ)

نکاح کا اعلان کرنا مستحب ہے

۳۰۱۶ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَعْلِنُوْا ھٰذَا النِّکَاحَ وَاجْعَلُوْہُ فِی الْمَسَاجِدِ وَاضْرِبُوْا عَلَیْہِ بِالدُّفُوْفِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ) ۱۳

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے نکاح کا اعلان کیا کرو اور نکاح مسجدوں میں پڑھا یا کرو اور نکاح کے بعد دف بجایا کرو۔ (ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

۳۰۱۷ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ الْجُمَحِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فَصْلُ مَا بَیْنَ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ الصَّوْتُ وَالدُّفُّ فِی النِّکَاحِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ) ۱۴

حضرت محمد بن حاطب الجمحی رضؓ نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ حلال وحرام کے درمیان اعلان کرنے اور دف بجانے کا فرق ہے (یعنی نکاح کا اعلان کرنا حلال وحرام کے درمیان فرق کو ظاہر کرتا ہے۔ (احمد۔ ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

شادی میں گانے کی اجازت

۳۰۱۸ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَتْ عِنْدِیْ جَارِیَۃٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ زَوَّجْتُھَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا عَائِشَۃُ اَلَا تُغَنِّیْنَ فَاِنَّ ھٰذَا الْحَیَّ مِنَ الْاَنْصَارِ یُحِبُّوْنَ الْغِنَاءَ (رَوَاہُ ابْنُ حِبَّانَ فِیْ صَحِیْحِہٖ) ۱۵

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ میرے پاس ایک انصاری لڑکی تھی میں نے اس کا نکاح کیا تو رسول اللہ صلعم نے فرمایا۔ عائشہ تم گانا نہیں کراتیں؟ قوم انصار گانے کو بہت پسند کرتی ہے۔ (صحیح ابن حبان)

۳۰۱۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَنْکَحَتْ عَائِشَۃُ ذَاتَ قَرَابَۃٍ لَّھَا مِنَ الْاَنْصَارِ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَھْدَیْتُمُ الْفَتَاۃَ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اَرْسَلْتُمْ مَعَھَا مَنْ تَغَنِّیْ قَالَتْ لَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْاَنْصَارَ قَوْمٌ فِیْھِمْ غَزَلٌ فَلَوْ بَعَثْتُمْ مَعَھَا مَنْ یَّقُوْلُ اَتَیْنَاکُمْ اَتَیْنَاکُمْ فَحَیَّانَا وَحَیَّاکُمْ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ) ۱۶

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ عائشہ رضؓ نے ایک رشتہ دار انصاری عورت کا نکاح کیا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو فرمایا۔ کیا تم نے لڑکی کو اس کے پاس بھیجا عرض کیا ہاں۔ فرمایا کیا تم نے اس کے ساتھ کسی گانے والے کو بھی بھیجا ہے عرض کیا نہیں۔ فرمایا انصار ایک ایسی قوم ہے جس میں گانے کا شوق ہے کاش تم اس کے ساتھ کسی شخص کو بھیجتے جو یہ گاتا ہوتا ہم تمہارے پاس آئے ہم تمہارے پاس آئے خداوند تعالےٰ تم کو بھی زندہ وسلامت رکھے اور ہم کو بھی۔ (ابن ماجہ)

دو نکاحوں میں پہلا نکاح درست ہے

۳۰۲۰ وَعَنْ سَمُرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ ۱۷

حضرت سمرہؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے جس عورت کا

وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ زَوَّجَهَا وَلِيَّانِ فَهِيَ لِلْاَوَّلِ مِنْهُمَا وَمَنْ بَاعَ بَيْعًا مِنْ رَجُلَيْنِ فَهُوَ لِلْاَوَّلِ مِنْهُمَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

نکاح دو ولی کر دیں تو وہ عورت اس کی ہے جس کے ساتھ پہلے نکاح ہوا ہے اور جو دو شخص دو آدمیوں کے ہاتھوں کوئی چیز فروخت کرے وہ پہلے خریدار کی ہے (یعنی دوسرا یا بعد کا نکاح باطل ہے اور اسی طرح دوسری بیع۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ دارمی)

فصل سوم

متعہ ابتدائے اسلام میں جائز تھا

۳۰۲۱ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا نَغْزُوْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مَعَنَا نِسَاءٌ فَقُلْنَا اَلَا نَخْتَصِيْ فَنَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ ثُمَّ رَخَّصَ لَنَا اَنْ نَتَمَتَّعَ فَكَانَ اَحَدُنَا يَنْكِحُ الْمَرْاَةَ بِالثَّوْبِ اِلٰى اَجَلٍ ثُمَّ قَرَاَ عَبْدُ اللّٰهِ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں کہ ہم لوگ جہاد میں رسول اللہ صلعم کے ساتھ جایا کرتے تھے اور عورتیں ہمارے ہمراہ نہیں ہوتی تھیں ہم نے عرض کیا۔ کیا ہم خصّی ہو جائیں؟ نبی صلعم نے ہم کو اس سے منع فرمایا اور پھر متعہ کی اجازت دے دی۔ ہم میں سے بعض لوگ کپڑے کے معاوضہ پر متعہ کر لیتے تھے۔ اس کے بعد عبداللہ بن مسعود رضؓ نے یہ آیت پڑھی یٰاَیُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ یعنی ایمان والو! جن پاک چیزوں کو خدا نے تمہارے لئے حلال کیا ہے ان کو حرام نہ سمجھو۔ (بخاری و مسلم)

۳۰۲۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا كَانَتِ الْمُتْعَةُ فِيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ اِذَا كَانَ الرَّجُلُ يَقْدَمُ الْبَلْدَةَ لَيْسَ لَهٗ بِهَا مَعْرِفَةٌ فَيَتَزَوَّجُ الْمَرْاَةَ بِقَدْرِ مَا يُرٰى اَنَّهٗ تُقِيْمُ فَتَحْفَظُ لَهٗ مَتَاعَهٗ وَتُصْلِحُ لَهٗ شَيْئَهٗ حَتّٰى اِذَا نَزَلَتِ الْاٰيَةُ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَكُلُّ فَرْجٍ سِوٰى هٰذَيْنِ فَهُوَ حَرَامٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ متعہ کا جواز ابتدائے اسلام میں تھا۔ مرد جب کسی شہر میں جاتا اور وہاں اس کی شناسائی نہ ہوتی تو وہاں اتنی مدت کے لئے شادی کر لیتا تھا جتنی مدت ٹھہرنا ہوتا تھا۔ وہ عورت اس کے سامان کی حفاظت کرتی اور اس کا کھانا پکاتی تھی یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی: اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ۔ ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ اس آیت کے اترنے کے بعد نکاحی بیویوں اور لونڈیوں کے سوا تمام عورتیں حرام ہو گئیں۔ (ترمذی)

شادی بیاہ کے موقع پر گانے کی اجازت

۳۰۲۳ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى قَرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ وَّاَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ فِيْ عُرُسٍ وَّاِذَا جَوَارٍ يُغَنِّيْنَ فَقُلْتُ اَيْ صَاحِبَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَهْلَ بَدْرٍ يُفْعَلُ هٰذَا عِنْدَكُمْ فَقَالَا اِجْلِسْ اِنْ شِئْتَ فَاسْمَعْ مَعَنَا وَاِنْ شِئْتَ فَاذْهَبْ فَاِنَّهٗ قَدْ رُخِّصَ لَنَا فِي اللَّهْوِ عِنْدَ الْعُرُسِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت عامر بن سعد کہتے ہیں کہ میں ایک شادی میں گیا اور قرظہ بن کعب اور ابومسعود انصاری سے ملاقات کی۔ وہاں (یعنی شادی میں) چند لڑکیاں گا رہی تھیں۔ میں نے کہا رسول اللہ صلعم کے صحابیو اور بدری جنگ میں شریک رہنے والو! کیا تمہارے سامنے بھی یہ (گانا) ہو رہا ہے؟ انھوں نے کہا بیٹھ جاتیرا جی چاہے تو تو بھی ہمارے ساتھ سن اور جاہے واپس چلا جا اس لئے کہ رسول اللہ صلعم نے شادی کے موقعہ پر ہم کو اس کی اجازت دی ہے۔ (نسائی)

بَابُ الْمُحَرَّمَاتِ جن عورتوں سے نکاح حرام ہے اُن کا بیان

فصل اوّل

پھوپھی، بھتیجی یا خالہ، بھانجی کو بیک وقت نکاح میں نہ رکھا جائے

۳۰۲۴ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یُجْمَعُ بَیْنَ الْمَرْاَةِ وَعَمَّتِهَا وَلَا بَیْنَ الْمَرْاَةِ وَخَالَتِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اپنی بیوی کی پھوپھی اور خالہ سے (اس کی موجودگی میں) نکاح نہ کیا جائے۔ (بخاری و مسلم)

حرمت رضاعت کا ذکر

۳۰۲۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا یَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ نسب سے جو اشخاص حرام ہیں وہی رضاعت سے حرام ہیں (یعنی جن مردوں یا عورتوں سے نکاح نسب کے سبب سے حرام ہے۔ اسی طرح دودھ پینے سے اس عورت کے وہی عزیز حرام ہیں۔ (بخاری)

۳۰۲۶ وَعَنْهَا قَالَتْ جَاءَ عَمِّیْ مِنَ الرَّضَاعَةِ فَاسْتَاْذَنَ عَلَیَّ فَاَبَیْتُ اَنْ اٰذَنَ لَهٗ حَتّٰی اَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْتُهٗ فَقَالَ اِنَّهٗ عَمُّكِ فَاْذَنِیْ لَهٗ قَالَتْ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّمَا اَرْضَعَتْنِی الْمَرْاَةُ وَلَمْ یُرْضِعْنِی الرَّجُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ عَمُّكِ فَلْیَلِجْ عَلَیْكِ وَذٰلِكَ بَعْدَ مَا ضُرِبَ عَلَیْنَا الْحِجَابُ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ میرا دودھ کے رشتہ کا چچا میرے پاس آیا میں نے کہلا بھیجا کہ جب تک رسول اللہ صلعم سے نہ پوچھ لوں تم کو اندر نہ بلاؤں گی۔ رسول اللہ صلعم تشریف لائے تو میں نے پوچھا۔ آپ نے فرمایا وہ تمہارا چچا ہے۔ اس کو اندر بلا لیا ہوتا۔ میں نے عرض کیا، یا رسول اللہ صلعم مجھ کو تو ایک عورت نے دودھ پلایا ہے مرد نے دودھ نہیں پلایا آپ نے فرمایا وہ تمہارا چچا ہے اس کو اندر بلا لیا ہوتا۔ تو یہ واقعہ جب کا ہے کہ پردہ مقرر کر دیا گیا تھا۔ (بخاری و مسلم)

رضاعی بھتیجی سے نکاح کرنا حرام ہے

۳۰۲۷ وَعَنْ عَلِیٍّ اَنَّهٗ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَكَ فِیْ بِنْتِ عَمِّكَ حَمْزَةَ فَاِنَّهَا اَجْمَلُ فَتَاةٍ فِیْ قُرَیْشٍ فَقَالَ لَهٗ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ حَمْزَةَ اَخِیْ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَاَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا حَرَّمَ مِنَ النَّسَبِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کیا آپ اپنے چچا (حمزہ رضؓ) کی بیٹی کی خواہش رکھتے ہیں۔ وہ قریش کی ایک خوبصورت لڑکی ہے۔ آپ نے فرمایا تم کو معلوم نہیں، حمزہ میرا دودھ شریک بھائی ہے اور خداوند تعالیٰ نے جو چیزیں نسب سے حرام فرمائی ہیں وہی رضاعت سے حرام قرار دی ہیں۔ (مسلم)

رضاعت کی مقدار

۳۰۲۸ وَعَنْ اُمِّ الْفَضْلِ قَالَتْ اِنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الرَّضْعَةُ اَوِ

حضرت ام فضل رضؓ کہتی ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایک یا دو گھونٹ دودھ پی لینا نکاح کو حرام نہیں کرتا حضرت

الرَّضْعَتَانِ وَفِي رِوَايَةِ عَائِشَةَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَالْمَصَّتَانِ وَفِي أُخْرَىٰ لِأُمِّ الْفَضْلِ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْإِمْلَاجَةُ وَالْإِمْلَاجَتَانِ هٰذِهٖ رِوَايَاتُ۔ (الْمُسْلِم)

عائشہ رضؓ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ایک بار یا دو بار دودھ کی چسکی بھر لینا نکاح کو حرام نہیں کرتا۔ (مسلم)

۳۰۲۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ فِيمَا أُنْزِلَ مِنَ الْقُرْآنِ عَشْرُ رَضَعَاتٍ مَعْلُومَاتٍ يُحَرِّمْنَ ثُمَّ نُسِخْنَ بِخَمْسٍ مَعْلُومَاتٍ فَتُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيمَا يُقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

(حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ قرآن مجید میں یہ (حکم) نازل کیا گیا تھا کہ دس بار دودھ پینا جب کہ اس کے پینے کا یقین کامل ہو نکاح کو حرام کرتا ہے پھر یہ حکم منسوخ ہو گیا اور پانچ بار دودھ پینے کا حکم نازل ہوا۔ اس کے بعد رسول اللہ صلعم نے وفات پائی اور یہ آیت قرآن میں تلاوت کی جا رہی ہے (مسلم)

مدت رضاعت کے بعد دودھ پینے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی

۳۰۳۰ وَعَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا رَجُلٌ فَكَأَنَّهُ كَرِهَ ذٰلِكَ فَقَالَتْ إِنَّهُ أَخِي فَقَالَ انْظُرْنَ مَنْ إِخْوَانُكُنَّ فَإِنَّمَا الرَّضَاعَةُ مِنَ الْمَجَاعَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ ایک (دن) رسول اللہ صلعم ان کے پاس تشریف لائے اس وقت ان کے ہاں ایک مرد بیٹھا ہوا تھا۔ آپؐ کو یہ ناگوار ہوا۔ میں نے (آپ کی ناگواری کو محسوس کر کے) عرض کیا۔ یہ میرا دودھ شریک بھائی ہے۔ آپ نے فرمایا غور کرو اور سوچو تمہارا بھائی کون ہو سکتا ہے۔ دودھ پینے کا اعتبار بھوک کے وقت ہے (یعنی دودھ پینے کے احکام اس وقت جاری ہو سکتے ہیں جب کہ بھوک یعنی غذا کی حالت میں دودھ پیا ہو اور دودھ غذا ہو۔ (بخاری و مسلم)

ثبوت رضاعت کے سلسلہ میں ایک عورت کی گواہی معتبر ہے یا نہیں

۳۰۳۱/۸ وَعَنْ عُقْبَةَ ابْنِ الْحَارِثِ أَنَّهُ تَزَوَّجَ ابْنَةً لِأَبِي إِهَابِ ابْنِ عَزِيزٍ فَأَتَتْ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ قَدْ أَرْضَعْتُ عُقْبَةَ وَالَّتِي تَزَوَّجَ بِهَا فَقَالَ لَهَا عُقْبَةُ مَا أَعْلَمُ أَنَّكِ أَرْضَعْتِنِي وَلَا أَخْبَرْتِنِي فَأَرْسَلَ إِلَىٰ آلِ أَبِي إِهَابٍ فَسَأَلَهُمْ فَقَالُوا مَا عَلِمْنَا أَرْضَعَتْ صَاحِبَتَنَا فَرَكِبَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ فَسَأَلَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ وَقَدْ قِيلَ فَفَارَقَهَا عُقْبَةُ وَنَكَحَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عقبہ بن حارث رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے ابو اہاب بن عزیز کی بیٹی سے نکاح کیا۔ پھر ایک عورت آئی اور کہا کہ عقبہ اور ابو اہابؓ کی بیٹی کو میں نے دودھ پلایا ہے۔ عقبہ نے اس سے کہا۔ مجھ کو یاد نہیں کہ تو نے مجھ کو دودھ پلایا ہے اور نہ پہلے سے تو نے اس کی خبر مجھ کو دی۔ پھر عقبہ نے ایک آدمی کو ابو اہاب کے پاس دریافتِ حال کے لئے بھیجا۔ ابو اہاب نے ہم سے کہا معلوم نہیں کہ اس لڑکی کو اس عورت نے دودھ پلایا ہو۔ عقبہ رضؓ رسول اللہ صلعم کے پاس مدینہ گئے اور واقعہ عرض کیا۔ آپ نے فرمایا تو اس کو کیوں کر (اپنے نکاح میں) رکھے گا جب کہ ظاہر ہوا کہ وہ تیری دودھ شریک بہن ہے؟ عقبہ نے اس عورت کو علیحدہ کر دیا اور اس نے دوسرے شخص سے نکاح کر لیا۔ (بخاری)

دارالحرب سے قید کر کے لائی جانے والی عورت کا حکم

۳۰۳۲/۹ وَعَنْ أَبِي سَعِيدِ نِ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ بَعَثَ جَيْشًا إِلَىٰ أَوْطَاسٍ فَلَقُوا عَدُوًّا فَقَاتَلُوهُمْ فَظَهَرُوا

حضرت ابو سعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے حنین کی جنگ میں ایک لشکر اوطاس کی جانب روانہ کیا (اسلامی لشکر) دشمن سے اور اس پر فتح حاصل کی اور غلام و لونڈیاں گرفتار کیں۔ رسول اللہ

عَلَيْهِمْ وَاَصَابُوْا لَهُمْ سَبَايَا فَكَانَّ نَاسًا مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحَرَّجُوْا مِنْ غِشْيَانِهِنَّ مِنْ اَجْلِ اَزْوَاجِهِنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْ ذٰلِكَ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ اَيْ فَهُنَّ لَهُمْ حَلَالٌ اِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهُنَّ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے اس خیال سے کہ ان لونڈیوں کے مشرک شوہر موجود ہیں۔ ان لونڈیوں سے صحبت نہیں کی۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ یعنی اور حرام کی گئی ہیں تم پر وہ عورتیں جو شوہر دار ہیں مگر وہ حرام نہیں ہیں جن کے تم مالک ہوئے ہو اور جن کو تم لڑائیوں میں گرفتار کر کے لائے ہو۔ جب ان لونڈیوں کے عدت کے دن پورے ہو جائیں تو تمہارے لئے وہ حلال ہیں۔ (مسلم)

فصل دوم

وہ عورتیں جنہیں بیک وقت نکاح میں رکھنا ممنوع ہے

۳۰۳۳/۱۰ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ تُنْكَحَ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا اَوِ الْعَمَّةُ عَلٰى بِنْتِ اَخِيْهَا وَالْمَرْاَةُ عَلٰى خَالَتِهَا وَالْخَالَةُ عَلٰى بِنْتِ اُخْتِهَا لَا تُنْكَحُ الصُّغْرٰى عَلَى الْكُبْرٰى وَلَا الْكُبْرٰى عَلَى الصُّغْرٰى

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرِوَايَتُهٗ اِلٰى قَوْلِهٖ بِنْتِ اُخْتِهَا۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے اس سے کہ پھوپھی کے ساتھ بھتیجی کو یا بھتیجی کے ساتھ پھوپھی کو نکاح میں جمع کیا جائے یعنی بھتیجی اور پھوپھی کو نکاح میں رکھا جائے اور منع فرمایا ہے خالہ اور بھانجی کو جمع کرنے سے یعنی خالہ اور بھانجی دونوں کو ایک ساتھ نکاح میں رکھنے سے اور یہ کہ نکاح نہ کیا جائے چھوٹے رشتہ دار کی موجودگی میں بڑے عزیز سے بڑے عزیز کی موجودگی میں چھوٹے رشتہ دار سے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ دارمی۔ نسائی)

باپ کی بیوی سے نکاح کرنا حرام ہے

۳۰۳۴/۱۱ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ مَرَّ بِيْ خَالِيْ اَبُوْبُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ وَّمَعَهٗ لِوَاءٌ فَقُلْتُ اَيْنَ تَذْهَبُ فَقَالَ بَعَثَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةَ اَبِيْهِ اَتِيْهِ بِرَاْسِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ وَلِلنَّسَائِيِّ وَابْنِ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيِّ فَاَمَرَنِيْ اَنْ اَضْرِبَ عُنُقَهٗ وَاٰخُذَ مَالَهٗ وَفِيْ هٰذِهِ الرِّوَايَةِ قَالَ عَمِّيْ بَدَلَ خَالِيْ۔

حضرت براء بن عازبؓ کہتے ہیں کہ میرا ماموں ابوبردہ بن نیار میرے پاس سے ہو کر گزرا اس کے ہاتھ میں جھنڈا یا نشان تھا میں نے پوچھا۔ کہاں جاتے ہو؟ اس نے کہا ایک شخص نے اپنے باپ کی بیوی سے نکاح کر لیا ہے۔ رسول اللہ صلعم نے مجھ کو اس کا سر کاٹ کر لانے کا حکم دیا ہے (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے مجھ کو حکم دیا ہے کہ میں اس کی گردن کاٹ ڈالوں اور اس کا مال لے آؤں۔ اور اس روایت میں "خالی" کے بجائے "عمی" ہے۔

مدت رضاعت گزرنے کے بعد دودھ پینا حرمت کو ثابت نہیں کرتا

۳۰۳۵/۱۲ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ اِلَّا مَا فَتَقَ الْاَمْعَاءَ فِي الثَّدْيِ وَكَانَ قَبْلَ الْفِطَامِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ام سلمہؓ کہتی ہیں، فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ رضاعت میں سے صرف وہ رضاعت نکاح کو حرام کرتی ہے جو کہ بچہ دودھ چھوڑنے سے پہلے شیر خوارگی کی حالت میں دودھ پیئے، یعنی اس وقت جب کہ دودھ اس کی غذا ہو۔ (ترمذی)

دودھ پلانے والی کا حق کس طرح ادا ہو سکتا ہے

۳۰۳۶/۱۳ وَعَنْ حَجَّاجِ بْنِ حَجَّاجِ الْاَسْلَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يُذْهِبُ عَنِّيْ مُذِمَّةَ الرَّضَاعِ فَقَالَ غُرَّةٌ عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ النَّسَائِيُّ وَ الدَّارِمِيُّ)

حجاج بن حجاج اسلمی رضؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا، یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کون سی چیز ہے جو دودھ پلانے کے حق کو ادا کر دیتی ہے؟ آپ نے فرمایا دودھ پلانے والی کو غلام یا لونڈی دینا کہ اس سے اس کی خدمتِ رضاعت کا حق ادا ہو جاتا ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ دارمی)

آنحضرتؐ کی طرف سے دایہ حلیمہ کی تعظیم و تکریم

۳۰۳۷/۱۴ وَعَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ الْغَنَوِيِّ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اَقْبَلَتْ اِمْرَاَةٌ فَبَسَطَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِدَاءَهٗ حَتّٰى قَعَدَتْ عَلَيْهِ فَلَمَّا ذَهَبَتْ قِيْلَ هٰذِهٖ اَرْضَعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوطفیل غنوی رضؓ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک عورت (یعنی دایہ حلیمہ رضؓ) آئی آپؐ نے اپنی چادر بچھا دی اور وہ اس چادر پر بیٹھ گئی۔ پھر جب وہ چلی گئی تو ان لوگوں کو جو آپ کے اس احترام سے حیران تھے) بتلایا گیا کہ اس عورت نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلایا تھا۔ (ابوداؤد)

چار سے زیادہ نکاح کی ممانعت

۳۰۳۸/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ غَيْلَانَ بْنَ سَلَمَةَ الثَّقَفِيَّ اَسْلَمَ وَلَهٗ عَشْرُ نِسْوَةٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَاَسْلَمْنَ مَعَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْسِكْ اَرْبَعًا وَّ فَارِقْ سَائِرَهُنَّ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)۔

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ غیلان بن سلمہ ثقفی مسلمان ہوا۔ اس کے نکاح میں ایامِ جاہلیت کی دس عورتیں تھیں وہ بھی مسلمان ہو گئیں۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ ان میں سے چار کو رکھ لو اور باقی کو علیحدہ کر دو۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ)

۳۰۳۹/۱۶ وَعَنْ نَوْفَلِ بْنِ مُعَاوِيَةَ قَالَ اَسْلَمْتُ وَتَحْتِيْ خَمْسُ نِسْوَةٍ فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ فَارِقْ وَاحِدَةً وَّاَمْسِكْ اَرْبَعًا فَعَمَدْتُ اِلٰى اَقْدَمِهِنَّ صُحْبَةً عِنْدِيْ عَاقِرٌ مُنْذُ سِتِّيْنَ سَنَةً فَفَارَقْتُهَا۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت نوفل رضؓ بن معاویہ کہتے ہیں کہ میں جب مسلمان ہوا تو میرے پاس پانچ عورتیں تھیں۔ میں نے نبی صلعم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا ایک کو علیحدہ کر دے اور چار کو باقی رکھ چنانچہ میں نے اپنی سب سے پہلی عورت کو جو بانجھ تھی اور ساٹھ برس سے میرے ساتھ زندگی بسر کر رہی تھی علیحدہ کر دیا۔ (شرح السنۃ)

دو بہنوں کو بیک وقت اپنے نکاح میں رکھنے کی ممانعت

۳۰۴۰/۱۷ وَعَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ فَيْرُوْزَ الدَّيْلَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَسْلَمْتُ وَتَحْتِيْ اُخْتَانِ قَالَ اِخْتَرْ اَيَّتَهُمَا شِئْتَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ضحاک بن فیروز دیلمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے پوچھا۔ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں نے اسلام قبول کر لیا ہے اور میرے نکاح میں دو بہنیں ہیں۔ آپ نے فرمایا دونوں میں سے ایک کو انتخاب کر لے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

کافر میاں بیوی میں سے کوئی ایک اسلام قبول کر لے تو ان دونوں کا نکاح باقی رہتا ہے یا نہیں

۳۰۴۱/۱۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَسْلَمَتِ امْرَاَةٌ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ ایک عورت مسلمان

فَتَزَوَّجَتْ فَجَاءَ زَوْجُهَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ قَدْ أَسْلَمْتُ وَعَلِمَتْ بِإِسْلَامِيْ فَانْتَزَعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ زَوْجِهَا الْآخِرِ وَرَدَّهَا إِلَى زَوْجِهَا الْأَوَّلِ وَفِيْ رِوَايَةٍ أَنَّهُ قَالَ إِنَّهَا أَسْلَمَتْ مَعِيْ فَرَدَّهَا عَلَيْهِ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ

ہوئی اور اس نے نکاح کر لیا۔ اس کا پہلا شوہر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں مسلمان ہو چکا تھا اور میری بیوی کو میرے مسلمان ہونے کا علم تھا (اور پھر اس نے دوسرے شخص سے نکاح کر لیا) آپؐ نے اس عورت کو دوسرے خاوند سے علیحدہ کر دیا اور پہلے خاوند کے حوالہ کر دیا۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ پہلے شوہر نے یہ عرض کیا کہ اس کی بیوی اس کے ساتھ مسلمان ہوئی تھی۔ آپؐ نے وہ عورت اس کو دلوا دی۔ (ابوداؤد)

وَرُوِيَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ أَنَّ جَمَاعَةً مِّنَ النِّسَاءِ رَدَّهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنِّكَاحِ الْأَوَّلِ عَلٰى أَزْوَاجِهِنَّ عِنْدَ اجْتِمَاعِ الْإِسْلَامَيْنِ بَعْدَ اخْتِلَافِ الدِّيْنِ وَالدَّارِ مِنْهُنَّ بِنْتُ الْوَلِيْدِ ابْنِ الْمُغِيْرَةِ كَانَتْ تَحْتَ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ فَأَسْلَمَتْ يَوْمَ الْفَتْحِ وَهَرَبَ زَوْجُهَا مِنَ الْإِسْلَامِ فَبَعَثَتْ إِلَيْهِ ابْنَ عَمِّهٖ وَهْبَ بْنَ عُمَيْرٍ بِرِدَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَانًا لِصَفْوَانَ فَلَمَّا قَدِمَ جَعَلَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْيِيْرَ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ حَتّٰى أَسْلَمَ فَاسْتَقَرَّتْ عِنْدَهٗ وَأَسْلَمَتْ أُمُّ حَكِيْمٍ بِنْتُ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ امْرَأَةُ عِكْرِمَةَ ابْنِ أَبِيْ جَهْلٍ يَوْمَ الْفَتْحِ بِمَكَّةَ وَهَرَبَ زَوْجُهَا مِنَ الْإِسْلَامِ حَتّٰى قَدِمَ الْيَمَنَ فَارْتَحَلَتْ أُمُّ حَكِيْمٍ حَتّٰى قَدِمَتْ عَلَيْهِ الْيَمَنَ فَدَعَتْهُ إِلَى الْإِسْلَامِ فَأَسْلَمَا فَثَبَتَا عَلٰى نِكَاحِهِمَا۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ مُرْسَلًا)

دوسری عورت حارث بن ہشام کی بیٹی ام حکیم تھی جو عکرمہ بن ابوجہل کی بیوی تھی۔ یہ بھی فتح مکہ کے دن مسلمان ہوئی تھی اور اس کا شوہر اسلام لانے سے گریز کرتا تھا۔ آخر جب عکرمہ یمن پہنچ گیا تو ام حکیم اس کے پاس گئیں اور اس کو اسلام کی ہدایت کی۔ وہ مسلمان ہو گیا، اور دونوں کا نکاح باقی رہا۔

فصل سوم

کون کون رشتہ والی عورتیں محرمات میں داخل ہیں

۳۰۴۲/۱۹ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ حُرِّمَ مِنَ النَّسَبِ سَبْعٌ وَمِنَ الصِّهْرِ سَبْعٌ ثُمَّ قَرَأَ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهٰتُكُمُ الْآيَةَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ نسب کے اعتبار سے سات عورتوں سے نکاح حرام ہے اور نکاح کے ذریعہ جو رشتہ اور قرابت قائم ہو اس سے بھی سات عورتوں سے نکاح حرام ہے۔ پھر آگے یہ آیت پڑھی: حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهٰتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنَاتُ الْأَخِ وَبَنَاتُ الْأُخْتِ وَأُمَّهٰتُكُمُ اللّٰتِيْ أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ اللّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ اللّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَإِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ الخ

اپنی بیوی کی بیٹی سے نکاح کی ممانعت

۳۰۴۳/۲۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا رَجُلٍ نَكَحَ امْرَاَةً فَدَخَلَ بِهَا فَلَا يَحِلُّ لَهٗ نِكَاحُ ابْنَتِهَا وَاِنْ لَّمْ يَدْخُلْ بِهَا فَلْيَنْكِحِ ابْنَتَهَا وَاَيُّمَا رَجُلٍ نَكَحَ امْرَاَةً فَلَا يَحِلُّ لَهٗ اَنْ يَّنْكِحَ اُمَّهَا دَخَلَ بِهَا اَوْ لَمْ يَدْخُلْ بِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا يَصِحُّ مِنْ قِبَلِ اِسْنَادِهٖ اِنَّمَا رَوَاهُ ابْنُ لَهِيْعَةَ وَالْمُثَنَّى ابْنُ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ وَهُمَا يُضَعَّفَانِ فِي الْحَدِيْثِ۔)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی عورت سے نکاح کرے پھر اس کے ساتھ ہم بستر ہو تو اس کے لئے اس کی بیٹی سے نکاح کرنا حرام ہے (یعنی اس بیٹی سے جو اس کے پہلے شوہر سے ہے) اور اگر اس سے مجامعت نہیں کی ہے تو اس کی وفات یا طلاق کے بعد اس کی بیٹی سے نکاح جائز ہے۔ اور جو شخص نکاح کرے کسی عورت سے تو پھر اس کی ماں سے نکاح کرنا حرام ہے خواہ اس عورت سے صحبت کی ہو یا نہ کی ہو۔ (ترمذی۔ ترمذی کا بیان ہے کہ اسناد کے اعتبار سے یہ حدیث مستند نہیں ہے اس کے دو راوی ابن لہیعہ اور مثنیٰ بن صباح ضعیف ہیں۔)

بَابُ الْمُبَاشَرَةِ

مُباشرت کا بیان

فصل اوّل

مباشرت کے سلسلہ میں یہود کے ایک غلط خیال کی تردید

۳۰۴۴/۱ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَتِ الْيَهُوْدُ تَقُوْلُ اِذَا اَتَى الرَّجُلُ امْرَاَتَهٗ مِنْ دُبُرِهَا فِيْ قُبُلِهَا كَانَ الْوَلَدُ اَحْوَلَ فَنَزَلَتْ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ یہود یہ کہا کرتے تھے کہ جو شخص عورت کی پشت کی جانب شرمگاہ کے اگلے حصہ یعنی فرج میں جماع کرے تو بچہ بھینگا پیدا ہوگا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ یعنی تمہاری بیویاں اور لونڈیاں تمہاری کھیتی ہیں تم کو اختیار ہے (ان کے شرم گاہ کے اگلے حصہ میں) جس طرح چاہو جماع کرو۔ (بخاری و مسلم)

عزل کا مسئلہ

۳۰۴۵/۲ وَعَنْهُ قَالَ كُنَّا نَعْزِلُ وَالْقُرْاٰنُ يَنْزِلُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَزَادَ مُسْلِمٌ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَنْهَنَا۔

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ہم عزل[1] کرتے تھے اور قرآن نازل ہوتا رہتا تھا۔ (بخاری و مسلم) اور مسلم کی روایت میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ نبی صلعم کو (ہمارا عزل کرنا) معلوم ہوا اور آپ نے اس سے منع نہ فرمایا۔

۳۰۴۶/۳ وَعَنْهُ قَالَ اِنَّ رَجُلًا اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ لِيْ جَارِيَةً

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا میرے پاس ایک لونڈی ہے جو ہماری خدمت

---

[1] "عزل" کی صورت یہ ہے کہ عورت کے ساتھ جماع کیا جائے اور جب منی خارج ہونے کے قریب ہو تو عضو کو عورت کی شرمگاہ سے باہر نکال لیا جائے اور باہر ہی منی کو نکال دیا جائے ۱۲ مترجم

هِيَ خَادِمَتُنَا وَ اَنَا اَطُوْفُ عَلَيْهَا وَاَكْرَهُ اَنْ تَحْمِلَ فَقَالَ اعْزِلْ عَنْهَا اِنْ شِئْتَ فَاِنَّهٗ سَيَاْتِيْهَا مَا قُدِّرَ لَهَا فَلَبِثَ الرَّجُلُ ثُمَّ اَتَاهُ فَقَالَ اِنَّ الْجَارِيَةَ قَدْ حَبِلَتْ فَقَالَ قَدْ اَخْبَرْتُكَ اَنَّهٗ سَيَاْتِيْهَا مَا قُدِّرَ لَهَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کرتی ہے اور میں اس سے جماع کرتا ہوں لیکن میں اس کو بُرا سمجھتا ہوں کہ وہ حاملہ ہو جائے۔ آپ نے فرمایا عزل کر لیا کرو اگر تم پسند کرو اور جو چیز مقدر میں ہے وہ تو ضرور ہی پیدا ہو گی وہ شخص چلا گیا اور بہت دنوں تک نہیں آیا۔ پھر اس نے حاضر ہو کر عرض کیا۔ اُس کی لونڈی حاملہ ہو گئی ہے۔ آپ نے فرمایا میں تجھ کو پہلے آگاہ کر چکا ہوں کہ جو چیز مقدر میں ہے وہ ضرور پیدا ہو گی۔ (مسلم)

۳۰۴۷/۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ بَنِي الْمُصْطَلِقِ فَاَصَبْنَا سَبْيًا مِّنْ سَبْيِ الْعَرَبِ فَاشْتَهَيْنَا النِّسَاءَ وَاشْتَدَّتْ عَلَيْنَا الْعُزْبَةُ وَاَحْبَبْنَا الْعَزْلَ فَاَرَدْنَا اَنْ نَّعْزِلَ وَقُلْنَا نَعْزِلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَظْهُرِنَا قَبْلَ اَنْ نَّسْاَلَهٗ فَسَاَلْنَاهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ مَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَّا تَفْعَلُوْا مَا مِنْ نَسَمَةٍ كَائِنَةٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اِلَّا وَهِيَ كَائِنَةٌ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو سعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ بنی مصطلق کی جنگ میں ہم نبی صلعم کے ساتھ گئے اور عرب قوم کی چند لونڈیاں ہمارے ہاتھ آئیں۔ ہم کو عورتوں کی خواہش ہوئی اور تجرد ہمارے لئے مشکل ہو گیا اور ان لونڈیوں سے اِس خیال سے جماع نہیں کیا کہ کہیں حمل نہ رہ جائے۔ آخر ہم نے عزل کا ارادہ کر لیا۔ پھر ہم نے سوچا کہ جب رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یہاں تشریف فرما ہیں تو آپؐ سے دریافت کئے بغیر عزل کرنا مناسب نہیں ہے۔ چنانچہ ہم نے آپؐ سے دریافت کیا۔ آپ نے فرمایا عزل کو ترک کرنے میں تم کو کوئی نقصان نہیں ہے اس لئے کہ جو جان قیامت تک پیدا ہونے والی ہے وہ ضرور پیدا ہو کر رہے گی (خواہ تم عزل کرو یا نہ کرو۔) (بخاری)

۳۰۴۸/۵ وَعَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ مَا مِنْ كُلِّ الْمَاءِ يَكُوْنُ الْوَلَدُ وَاِذَا اَرَادَ اللّٰهُ خَلْقَ شَيْءٍ لَمْ يَمْنَعْهُ شَيْءٌ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم سے عزل کی بابت پوچھا گیا (یعنی یہ کہ عزل کرنا جائز ہے یا نہیں) آپ نے فرمایا منی کے سارے پانی سے بچہ نہیں بنتا (بلکہ اس کے لئے ایک ہی قطرہ کافی ہے) اور جب خداوند تعالےٰ کسی چیز کو پیدا کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو کوئی چیز اس کو روک نہیں سکتی۔ (مسلم)

۳۰۴۹/۶ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ اَعْزِلُ عَنِ امْرَاَتِيْ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَ تَفْعَلُ ذٰلِكَ فَقَالَ الرَّجُلُ اَشْفِقُ عَلٰى وَلَدِهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ ذٰلِكَ ضَارًّا ضَرَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ میں اپنی بیوی سے عزل کیا کرتا ہوں۔ آپ نے پوچھا تو عزل کیوں کرتا ہے اس نے کہا اپنے شیر خوار بچہ کی وجہ سے ڈرتا ہوں (کہ کہیں حمل نہ رہ جائے اور بچہ کو دودھ پلانا نقصان دے) آپ نے فرمایا اگر یہ (یعنی ایامِ حمل میں دودھ پلانا) ضرر دیتا تو روم و فارس والوں کو ضرر و نقصان پہنچاتا (کیونکہ وہ اس کے عادی ہیں)۔ (مسلم)

۳۰۵۰/۷ وَعَنْ جُدَامَةَ بِنْتِ وَهْبٍ قَالَتْ حَضَرْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنَاسٍ

حضرت جدامہ رضؓ بنت وہب کہتی ہیں کہ میں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ آپ لوگوں کی ایک جماعت کو

وَهُوَ يَقُوْلُ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَنْهٰى عَنِ الْغِيْلَةِ فَنَظَرْتُ فِى الرُّوْمِ وَفَارِسَ فَاِذَا هُمْ يُغِيْلُوْنَ اَوْلَادَهُمْ فَلَا يَضُرُّ اَوْلَادَهُمْ ذٰلِكَ شَيْئًا ثُمَّ سَاَلُوْهُ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ الْوَاْدُ الْخَفِيُّ وَهِىَ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

مخاطب کرکے فرما رہے تھے کہ میں نے ارادہ کیا تھا کہ لوگوں کو غیلہ[1] سے منع کردوں لیکن جب میں نے دیکھا کہ روم اور فارس کے لوگ اپنی اولاد کی موجودگی میں غیلہ کرتے ہیں اور وہ ان کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا (تو پھر میں نے اس ارادہ کو ترک کر دیا) پھر لوگوں نے آپ سے عزل کی بابت پوچھا۔ آپ نے فرمایا عزل کرنا بچہ کو خفیہ طریقہ پر دفن کر دینا ہے اور یہ اس آیت کے مفہوم میں داخل ہے وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ یعنی جو عورت بچہ کو زندہ دفن کرے گی اس سے اس کی بابت پوچھا جائے گا۔ (مسلم)

اپنی بیوی کی پوشیدہ باتوں کو افشاء کرنے والے کے بارہ میں وعید

۳۰۵۱ وَعَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَعْظَمَ الْاَمَانَةِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَفِىْ رِوَايَةٍ اَنَّ مِنْ اَشَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الرَّجُلُ يُفْضِىْ اِلٰى امْرَاَتِهٖ وَتُفْضِىْ اِلَيْهِ ثُمَّ يَنْشُرُ سِرَّهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے قیامت کے دن خدا کی نگاہ میں ایسا وہ شخص بہت برا ہوگا جو اپنی بیوی سے ہم بستر ہو وہ اس کے راز کو (لوگوں پر) ظاہر کر دے (یعنی جو باتیں راز و نیاز کی ہوتی ہیں، یا جو افعال و حرکات اس نے کی ہیں، ان کو بیان کرتا پھرے۔ (مسلم)

فصل دوم

ایام حیض میں بیوی کے پاس نہ جاؤ اور نہ بیوی سے بدفعلی کرو

۳۰۵۲ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اُوْحِىَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ وَاْتُوا الْبَيْتَ مِنْ قِبَلِ اَدْبَارِهٖ وَاتَّقُوا الدُّبُرَ وَالْحَيْضَةَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِىُّ)۔

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم پر یہ آیت نازل کی گئی نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ الخ یعنی عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں تم جس طرح چاہو ان سے مجامعت کرو خواہ اگلی جانب میں آگے سے دخول کرو یا پیچھے کی طرف سے اور پاخانہ کے مقام میں دخول سے بچو اور حیض کی حالت میں جماع نہ کرو۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

۳۰۵۳ وَعَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِىْ مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِىْ اَدْبَارِهِنَّ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِىُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِىُّ)

حضرت خزیمہ بن ثابت رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ حق بات کہنے سے نہیں شرماتا، تم عورتوں کے پاخانے کے مقام میں صحبت نہ کرو۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

اپنی بیوی سے بدفعلی کرنے والا ملعون ہے

۳۰۵۴ وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

---

[1] "غیلہ" کے دو معنی ہیں۔ ایک تو یہ کہ بچہ کی شیر خوارگی کے ایام میں اُس کی ماں سے جماع کیا جائے۔ اور دوسرے معنی ہیں حمل کی حالت میں بچہ کو دودھ پلانا۔ عرب کے لوگ اس کو بُرا خیال کرتے تھے اور کہتے تھے کہ اس سے شیر خوار بچہ کو نقصان پہنچتا ہے۔ ۱۲ منہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَلْعُوْنٌ مَّنْ اَتٰى اِمْرَأَتَهٗ فِيْ دُبُرِهَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

ہے، جو شخص اپنی عورت کی مقعد میں بدفعلی کرے وہ ملعون ہے۔ (احمد۔ ابوداؤد)

۳۰۵۵/۱۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الَّذِيْ يَاْتِيْ امْرَأَتَهٗ فِيْ دُبُرِهَا لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَيْهِ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو شخص اپنی بیوی کی مقعد میں صحبت کرے، خدا اس کی طرف نظرِ رحمت و شفقت سے نہیں دیکھتا۔ (شرح السنۃ)

۳۰۵۶/۱۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلٰى رَجُلٍ اَتٰى رَجُلًا اَوِ امْرَأَةً فِي الدُّبُرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ خدا اس شخص کی طرف نظرِ رحمت سے نہیں دیکھتا جو مرد کے ساتھ یا عورت کے ساتھ اس کی مقعد میں جماع کرے۔ (ترمذی)

غیلہ کی ممانعت

۳۰۵۷/۱۴ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ سِرًّا فَاِنَّ الْغَيْلَ يُدْرِكُ الْفَارِسَ فَيُدَعْثِرُهٗ عَنْ فَرَسِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت اسماء بنت یزید رضؓ کہتی ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے تم اپنی اولاد کو مخفی طریقہ پر قتل نہ کرو (یعنی غیلہ نہ کرو) اس لئے کہ غیلہ سوار کو کمزور کر دیتا ہے اور اس کو گھوڑے سے گرا دیتا ہے (یعنی رضاعت کی حالت میں استقرارِ حمل سے بچہ کمزور ہو جاتا ہے اور جوانی میں یہ کمزوری اپنا اثر دکھاتی ہے۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

عزل کا مشروط جواز

۳۰۵۸/۱۵ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّعْزَلَ عَنِ الْحُرَّةِ اِلَّا بِاِذْنِهَا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عمر بن خطابؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد عورت کے ساتھ جماع میں عزل کی بلا اجازت عورت کے ممانعت فرمائی ہے (یعنی عورت کی اجازت کے بغیر عزل کرنے سے منع فرمایا ہے) (ابن ماجہ)

بَابُ

لونڈی کو آزادی کے بعد اختیارات دینے کا بیان

فصل اوّل

لونڈی آزاد ہونے کے بعد اپنا نکاح فسخ کر سکتی ہے

۳۰۵۹/۱ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا فِيْ بَرِيْرَةَ خُذِيْهَا فَاَعْتِقِيْهَا وَكَانَ زَوْجُهَا عَبْدًا فَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ

عروہ رضؓ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے بریرہ رضؓ کے معاملہ میں ان سے فرمایا تم اس کو خرید کر آزاد کر دو۔ بریرہ رضؓ کا شوہر غلام تھا۔ جب وہ آزاد ہو گئی تو رسول اللہ صلی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا وَلَوْ كَانَ حُرًّا لَمْ يُخَيِّرْهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اللہ علیہ وسلم نے اس کو اختیار دے دیا (یعنی وہ اپنے شوہر کے نکاح میں رہے یا اس سے آزاد ہو جائے) بریرہؓ نے آزادی کو پسند کیا اور شوہر سے جدا ہو گئی۔ اگر اس کا شوہر آزاد ہوتا تو آپ اس کو اختیار عطا نہ فرماتے۔ (بخاری و مسلم)

۳۰۶۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ زَوْجُ بَرِيْرَةَ عَبْدًا اَسْوَدَ يُقَالُ لَهٗ مُغِيْثٌ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلَيْهِ يَطُوْفُ خَلْفَهَا فِيْ سِكَكِ الْمَدِيْنَةِ يَبْكِيْ وَدُمُوْعُهٗ تَسِيْلُ عَلٰى لِحْيَتِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبَّاسِ يَا عَبَّاسُ اَلَا تَعْجَبُ مِنْ حُبِّ مُغِيْثٍ بَرِيْرَةَ وَمِنْ بُغْضِ بَرِيْرَةَ مُغِيْثًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ رَاجَعْتِيْهِ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَاْمُرُنِيْ قَالَ اِنَّمَا اَشْفَعُ قَالَتْ لَا حَاجَةَ لِيْ فِيْهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ بریرہؓ کا شوہر ایک سیاہ غلام تھا جس کو مغیث کہا جاتا تھا۔ گویا میں اب تک اس کو دیکھ رہا ہوں کہ وہ مدینہ کی گلیوں میں بریرہ رضؓ کے پیچھے پیچھے پھر رہا ہے اور اس کی آنکھوں سے آنسو ٹپک ٹپک کر اس کی ڈاڑھی پر گر رہے ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے (ایک روز) فرمایا عباس رضؓ کیا تم کو اس پر تعجب اور حیرت نہیں ہے کہ مغیث بریرہ کو چاہتا ہے اور بریرہ اس سے نفرت کرتی ہے۔ پھر نبی صلعم نے بریرہ رضؓ سے فرمایا۔ بریرہ! کاش تو رجوع کر لیتی۔ یعنی مغیث سے دوبارہ نکاح کر لیتی۔ بریرہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ص کیا آپ مجھ کو حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا میں سفارش کرتا ہوں حکم نہیں دیتا) بریرہ نے عرض کیا مجھ کو اس کی ضرورت نہیں (یعنی میں اس سے نکاح کرنا نہیں چاہتی۔ (بخاری)

فصل دوم

مملوک خاوند بیوی کو آزاد کرنا ہو تو پہلے خاوند کو آزاد کیا جائے

۳۰۶۱ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا اَرَادَتْ اَنْ تُعْتِقَ مَمْلُوْكَيْنِ هُمَا زَوْجٌ فَسَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهَا اَنْ تَبْدَاَ بِالرَّجُلِ قَبْلَ الْمَرْاَةِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ انھوں نے دو غلاموں کو جو میاں بیوی تھے آزاد کرنے کا ارادہ کیا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا، تو آپ نے فرمایا پہلے مرد کو آزاد کرو پھر عورت کو (تاکہ عورت کو فسخ نکاح کا اختیار نہ رہے۔) (ابوداؤد۔ نسائی)

اگر لونڈی اپنی مرضی سے اپنا نکاح کرے تو آزاد ہونے کے بعد فسخ نکاح کا اختیار اسے حاصل نہیں ہوتا

۳۰۶۲ وَعَنْهَا اَنَّ بَرِيْرَةَ عَتَقَتْ وَهِيَ عِنْدَ مُغِيْثٍ فَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ لَهَا اِنْ قَرِبَكِ فَلَا خِيَارَ لَكِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ بریرہؓ اس حال میں آزاد ہوئی کہ وہ مغیث کے نکاح میں تھی۔ نبی صلعم نے اس کو نکاح رکھنے یا نہ رکھنے کا اختیار دیدیا اور فرمایا اگر تیرا شوہر تجھ سے جماع کر لے گا تو پھر تجھ کو فسخ نکاح کا اختیار نہ ہوگا۔ (ابوداؤد)

بَابُ الصَّدَاقِ

مہر کا بیان

فصل اوّل

مہر کی کم سے کم مقدار کیا ہونی چاہیئے

۳۰۶۳ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سہل بن سعد رضؓ کہتے ہیں کہ ایک عورت نے نبی صلعم

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَاءَتْہُ امْرَأَۃٌ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ وَھَبْتُ نَفْسِیْ لَکَ فَقَامَتْ طَوِیْلًا فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ زَوِّجْنِیْھَا اِنْ لَّمْ تَکُنْ لَکَ فِیْھَا حَاجَۃٌ فَقَالَ ھَلْ عِنْدَکَ مِنْ شَیْءٍ تُصْدِقُھَا قَالَ مَا عِنْدِیْ اِلَّا اِزَارِیْ ھٰذَا قَالَ فَالْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِّنْ حَدِیْدٍ فَالْتَمَسَ فَلَمْ یَجِدْ شَیْئًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَلْ مَعَکَ مِنَ الْقُرْاٰنِ شَیْءٌ قَالَ نَعَمْ سُوْرَۃُ کَذَا وَسُوْرَۃُ کَذَا فَقَالَ قَدْ زَوَّجْتُکَھَا بِمَا مَعَکَ مِنَ الْقُرْاٰنِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ انْطَلِقْ فَقَدْ زَوَّجْتُکَھَا مِنَ الْقُرْاٰنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ میں نے اپنے آپ کو آپ کے لئے ہبہ کر دیا ہے۔ یہ کہہ کر وہ دیر تک کھڑی جواب کا انتظار کرتی رہی۔ ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! اگر آپ کو ضرورت نہ ہو تو اس عورت کا نکاح مجھ سے کرا دیجئے۔ آپ نے پوچھا کیا مہر میں دینے کے لئے کوئی چیز تیرے پاس ہے؟ اس نے عرض کیا، اس تہبند کے سوا (جس کو میں باندھے ہوئے ہوں) اور میرے پاس کچھ نہیں۔ آپ نے فرمایا کوئی چیز ڈھونڈ لا اگرچہ وہ لوہے کی انگوٹھی ہی ہو۔ اس نے کوئی چیز تلاش کی مگر نہ ملی۔ رسول اللہ صلعم نے اس سے فرمایا۔ کیا تجھے قرآن میں سے بھی کچھ یاد ہے؟ اس نے عرض کیا ہاں فلاں فلاں سورتیں یاد ہیں۔ فرمایا جو کچھ تجھ کو قرآن میں سے یاد ہے اس کے بدلہ میں نے تیرا نکاح اس عورت سے کر دیا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے فرمایا۔ میں نے تیرا نکاح اس سے کر دیا۔ تو اس کو قرآن یاد کرا دے۔ (بخاری و مسلم)

ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن کے مہر کی مقدار

۳۰۶۴/۲ وَعَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَۃَ کَمْ کَانَ صَدَاقُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَتْ کَانَ صَدَاقُہٗ لِاَزْوَاجِہٖ اِثْنَتَیْ عَشَرَۃَ اُوْقِیَۃً وَنَشٌّ قَالَتْ اَتَدْرِیْ مَا النَّشُّ قُلْتُ لَا قَالَتْ نِصْفُ اُوْقِیَۃٍ فَتِلْکَ خَمْسُمِائَۃِ دِرْھَمٍ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَنَشٌّ بِالرَّفْعِ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ وَفِیْ جَمِیْعِ الْاُصُوْلِ۔)

حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کہتی ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا، نبی صلعم کا مہر کتنا تھا؟ انھوں نے فرمایا حضور ﷺ کا مہر آپ کی بیویوں کے لئے بارہ اوقیہ اور ایک نش تھا۔ پھر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کہا نش کو جانتے ہو؟ میں نے کہا نہیں۔ انھوں نے کہا نصف اوقیہ اور سب ملا کر پانچ سو درہم ہوئے۔ (مسلم)

فصل دوم

بھاری مہر کی ممانعت

۳۰۶۵/۳ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ اَلَا لَا تُغَالُوْا صَدُقَۃَ النِّسَاءِ فَاِنَّھَا لَوْ کَانَتْ مَکْرُمَۃً فِی الدُّنْیَا وَتَقْوٰی عِنْدَ اللّٰہِ لَکَانَ اَوْلَاکُمْ بِھَا نَبِیُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا عَلِمْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَکَحَ شَیْئًا مِّنْ نِّسَائِہٖ وَلَا اَنْکَحَ شَیْئًا مِّنْ بَنَاتِہٖ عَلٰی اَکْثَرَ مِنْ اِثْنَتَیْ عَشَرَۃَ اُوْقِیَّۃً۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ۔)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ خبردار، عورتوں کا بھاری مہر نہ باندھو۔ اگر بھاری مہر باندھنا بزرگی اور عظمت کا سبب، اور خدا کے نزدیک پرہیزگاری کا موجب ہوتا تو نبی صلے اللہ علیہ وسلم اس کے زیادہ مستحق تھے اور مجھ کو معلوم ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی کسی بیوی اور بیٹی کا مہر بارہ اوقیہ سے زیادہ نہیں رکھا۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

مہر میں سے کچھ حصہ علی الفور دے دینا بہتر ہے

۳۰۶۶/۴ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جس

قَالَ مَنْ اَعْطٰی فِیْ صُدَاقِ امْرَأَتِهٖ مِلْءَ كَفَّيْهِ سَوِيْقًا اَوْ تَمْرًا فَقَدِ اسْتَحَلَّ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

شخص نے اپنی بیوی کے مہر میں دونوں ہاتھوں کو بھر کر ستو یا کھجوریں دے دیں۔ اس نے اپنی بیوی کو اپنے اوپر حلال کرلیا (یعنی مہر معجل اس قدر بھی ادا کردیا تو کافی ہے) (ابوداؤد)

۳۰۶۷ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ اَنَّ امْرَأَةً مِنْ بَنِيْ فَزَارَةَ تَزَوَّجَتْ عَلٰى نَعْلَيْنِ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَضِيْتِ مِنْ نَفْسِكِ وَمَالِكِ بِنَعْلَيْنِ۔ قَالَتْ نَعَمْ، فَاَجَازَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عامر بن ربیعہ رضؓ کہتے ہیں کہ قبیلۂ بنی فزارہ کی ایک عورت نے ایک جوڑہ جوتی پر ایک شخص سے نکاح کیا۔ نبی صلعم نے اس سے فرمایا کیا تو نے اپنے کو صرف دو جوتیوں کے بدلے حوالے کردیا اور اسی پر راضی ہوگئی؟ اس نے کہا ہاں۔ آپ نے اس کے نکاح کو باقی رکھنے کی اجازت دے دی۔ (ترمذی)

مہر مثل واجب ہونے کی ایک صورت

۳۰۶۸ وَعَنْ عَلْقَمَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا شَيْئًا وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا حَتّٰى مَاتَ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ لَهَا مِثْلُ صُدَاقِ نِسَائِهَا لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ وَلَهَا الْمِيْرَاثُ فَقَامَ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانِ الْاَشْجَعِيُّ فَقَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ امْرَأَةٍ مِنَّا بِمِثْلِ مَا قَضَيْتَ فَفَرِحَ بِهَا ابْنُ مَسْعُوْدٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

علقمہ رضؓ ابن مسعود سے روایت کرتے ہیں کہ ان سے یہ مسئلہ پوچھا گیا کہ ایک شخص نے ایک عورت سے نکاح کیا اور نہ تو اس کا مہر مقرر رہے اور نہ اس کے ساتھ جماع کیا کہ مرگیا۔ ابن مسعود رضی اللہ تعالےٰ نے کہا اس کی قوم میں عورتوں کا جو مہر مقرر ہے اتنا ہی دیا جائے نہ کم اور نہ زیادہ اس پر عدّت واجب ہے اور اس کو میراث بھی ملے گی۔ یہ سُنکر مالک بن سنان اشجعی رضؓ نے کھڑے ہوکر اعلان کیا کہ ہماری قوم کی ایک عورت بروع بنت واشق کے معاملہ میں رسول اللہ صلعم نے یہی حکم دیا تھا، ابن مسعود رضؓ یہ سُنکر بہت خوش ہوئے۔ (دارمی۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی)

فصل سوم

اُمّ حبیبہؓ سے آپؐ کے نکاح کی تفصیل اور ان کے مہر کی مقدار

۳۰۶۹ عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ اَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ فَمَاتَ بِاَرْضِ الْحَبَشَةِ فَزَوَّجَهَا النَّجَاشِيُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمْهَرَهَا عَنْهُ اَرْبَعَةَ اٰلَافٍ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَرْبَعَةَ اٰلَافِ دِرْهَمٍ وَبَعَثَ بِهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ شُرَحْبِيْلِ بْنِ حَسَنَةَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت امّ حبیبہ رضؓ کہتی ہیں کہ وہ عبد اللہ بن جحش کے نکاح میں تھیں کہ ان کے شوہر کا حبشہ میں انتقال ہوگیا شاہِ حبش نے ان کا نکاح چار ہزار کے مہر پر نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کردیا۔ اور ایک روایت میں چار ہزار درہم کے الفاظ ہیں اور ان کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں شرجیل بن حسنہ کی نگرانی میں روانہ کردیا۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

قبولیت اسلام مہر کا قائم مقام

۳۰۷۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ تَزَوَّجَ اَبُوْ طَلْحَةَ اُمَّ سُلَيْمٍ فَكَانَ صَدَاقَ مَا بَيْنَهُمَا الْاِسْلَامُ اَسْلَمَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ قَبْلَ اَبِيْ طَلْحَةَ فَخَطَبَهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ابو طلحہ رضؓ نے امّ سلیم رضؓ سے اس شرط پر نکاح کیا کہ اسلام قبول کرنا ہی مہر ہوگا۔ امّ سلیم رضؓ ابوطلحہ رضؓ سے پہلے مسلمان ہوئیں اور پھر ابو طلحہ کے

فَقَالَتْ اِنِّیْ قَدْ اَسْلَمْتُ فَاِنْ اَسْلَمْتَ نَکَحْتُکَ فَاَسْلَمَ فَکَانَ صَدَاقُ مَا بَیْنَهُمَا۔ (رَوَاهُ النَّسَائِیُّ)

پاس پیغام بھیجا کہ میں نے اسلام قبول کر لیا ہے اگر تم بھی مسلمان ہو جاؤ تو میں تم سے نکاح کر لوں گی۔ چنانچہ ابوطلحہ نے اسلام قبول کر لیا اور اسلام قبول کر لینا ہی مہر قرار

بَابُ الْوَلِیْمَةِ

وَلیمہ کا بیان

فصل اوّل

ولیمہ کرنے کا حکم

۳۰۷۱ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَاٰی عَلٰی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اَثَرَ صُفْرَةٍ فَقَالَ مَا هٰذَا قَالَ اِنِّیْ تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً عَلٰی وَزْنِ نَوَاةٍ مِّنْ ذَهَبٍ قَالَ بَارَکَ اللّٰهُ لَکَ اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے عبدالرحمٰن بن عوف رضؓ کے کپڑوں پر زردی کا نشان دیکھا۔ پوچھا یہ کیا ہے؟ انھوں نے کہا ایک نواۃ (پانچ درہم) سونے پر ایک عورت سے نکاح کیا ہے۔ آپ نے فرمایا خدا مبارک فرمائے تو ولیمہ کر اگرچہ ایک ہی بکری کا ہو۔ (بخاری و مسلم)

آنحضرتؐ نے سب سے بڑا ولیمہ حضرت زینبؓ کے نکاح میں کیا تھا

۳۰۷۲ وَعَنْهُ قَالَ مَا اَوْلَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْ نِّسَائِهٖ مَا اَوْلَمَ عَلٰی زَیْنَبَ اَوْلَمَ بِشَاةٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے اپنی کسی بیوی کے نکاح میں اتنا ولیمہ نہیں کیا جتنا زینبؓ کے نکاح میں کیا۔ آپ نے اس نکاح میں ایک بکری کا ولیمہ کیا تھا۔ (بخاری و مسلم)

۳۰۷۳ وَعَنْهُ قَالَ اَوْلَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ بَنٰی زَیْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ فَاَشْبَعَ النَّاسَ خُبْزًا وَّلَحْمًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب زینبؓ بنت جحش کو نکاح کے بعد تصرف میں لائے تو آپ نے ولیمہ کیا اور لوگوں کا پیٹ گوشت اور روٹی سے بھر دیا۔ (بخاری)

عورت کی آزادی کو اس کا مہر قرار دیا جا سکتا ہے یا نہیں

۳۰۷۴ وَعَنْهُ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَعْتَقَ صَفِیَّةَ وَتَزَوَّجَهَا وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا وَاَوْلَمَ عَلَیْهَا بِحَیْسٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے صفیہ کو (جنگِ خیبر میں ہاتھ آئی تھی) آزاد کیا۔ اور پھر اُن سے نکاح کر لیا اور ان کا مہر ان کی آزادی کو قرار دیا اور حیس[1] کا ولیمہ کیا۔ (بخاری و مسلم)

حضرت صفیہؓ کے ولیمہ کا ذکر

۳۰۷۵ وَعَنْهُ قَالَ اَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْنَ خَیْبَرَ وَالْمَدِیْنَةِ ثَلٰثَ لَیَالٍ یُبْنٰی عَلَیْهِ بِصَفِیَّةَ فَدَعَوْتُ الْمُسْلِمِیْنَ اِلٰی وَلِیْمَتِهٖ وَمَا کَانَ فِیْهَا مِنْ خُبْزٍ وَّلَا لَحْمٍ وَمَا کَانَ فِیْهَا اِلَّا اَنْ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے (جنگِ خیبر کے بعد) خیبر اور مدینہ کے درمیان تین رات قیام کیا اور حضرت صفیہؓ سے نکاح کرنے کے بعد یہیں شب باشی کی اور (صبح کو) ولیمہ کے لئے مسلمانوں کو طلب فرمایا۔ ولیمہ میں نہ تو گوشت تھا

[1] "حَیس" ایک قسم کا حلوہ ہوتا ہے جو پنیر گھی اور کھجوروں سے بنتا ہے۔ ان سب کو اچھی طرح مخلوط کر کے تیار کرتے ہیں۔ ۱۲ مترجم

اَمَرَ بِالْاَنْطَاعِ فَبُسِطَتْ فَاُلْقِیَ عَلَیْهَا التَّمْرُ وَالْاَقِطُ وَالسَّمْنُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

اور نہ روٹی بلکہ آپ نے دسترخوان بچھانے کا حکم دیا اور اس پر کھجوروں اور پنیر اور گھی کو چُن دیا۔ (بخاری)

حضرت ام سلمیٰ رضؓ کا ولیمہ

۳۰۷۶ وَعَنْ صَفِیَّةَ بِنْتِ شَیْبَةَ قَالَتْ اَوْلَمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی بَعْضِ نِسَائِهٖ بِمُدَّیْنِ مِنْ شَعِیْرٍ۔ (رواه الْبُخَارِیُّ)

حضرت صفیہ رضؓ بنت شیبہ کہتی ہیں کہ نبی صلعم نے اپنی ایک بیوی (غالباً ام سلمہ رضؓ) کا ولیمہ دو سیر جَو کے ساتھ کیا۔ (بخاری)

ولیمہ کی دعوت قبول کرنا چاہیئے

۳۰۷۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا دُعِیَ اَحَدُکُمْ اِلَی الْوَلِیْمَةِ فَلْیَاْتِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ۔ وَفِیْ رِوَایَةٍ لِّمُسْلِمٍ فَلْیُجِبْ عُرْسًا کَانَ اَوْ نَحْوَهٗ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو شخص ولیمہ کی دعوت کرے اس کو قبول کر لینا چاہیئے اور مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ولیمہ کی دعوت کو قبول کرے یا اسی قسم کی اور کسی دعوت کو۔ (بخاری و مسلم)

۳۰۷۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دُعِیَ اَحَدُکُمْ اِلٰی طَعَامٍ فَلْیُجِبْ فَاِنْ شَاءَ طَعِمَ وَاِنْ شَاءَ تَرَکَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں، رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جس شخص کو کھانے پر (خواہ وہ شادی کا ہو یا غیر شادی کا) بلایا جائے، اس کو چاہیئے کہ دعوت کو قبول کر لے اور وہاں جا کر خواہ کھائے یا نہ کھائے۔ (مسلم)

ولیمہ میں صرف مالداروں کو بلانا انتہائی برا ہے

۳۰۷۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ الْوَلِیْمَةِ یُدْعٰی لَهَا الْاَغْنِیَاءُ وَیُتْرَکُ الْفُقَرَاءُ وَمَنْ تَرَکَ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَی اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے ولیمہ کا وہ کھانا بُرا کھانا ہے جس میں خوش حال اور دولت مندوں کو بُلایا جائے اور فقراء کو چھوڑ دیا جائے، اور جس شخص نے دعوت سے اِنکار کیا۔ اس نے خدا اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔ (بخاری و مسلم)

غیر مدعو کو کھانا کھلانا میزبان کی اجازت پر موقوف ہے

۳۰۸۰ وَعَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدِ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ کَانَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ یُکْنٰی اَبَا شُعَیْبٍ کَانَ لَهٗ غُلَامٌ لَحَّامٌ فَقَالَ اصْنَعْ لِیْ طَعَامًا یَّکْفِیْ خَمْسَةً لَعَلِّیْ اَدْعُوا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَامِسَ خَمْسَةٍ فَصَنَعَ لَهٗ طَعَامًا ثُمَّ اَتَاهُ فَدَعَاهُ فَتَبِعَهُمْ رَجُلٌ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا اَبَا شُعَیْبٍ اِنَّ رَجُلًا تَبِعَنَا فَاِنْ شِئْتَ اَذِنْتَ لَهٗ وَاِنْ شِئْتَ تَرَکْتَهٗ قَالَ لَا بَلْ اَذِنْتُ لَهٗ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابومسعود انصاری رضؓ کہتے ہیں کہ ایک انصاری شخص کا جس کی کنیت ابوشعیب تھی ایک غلام تھا، جو گوشت بیچا کرتا تھا (ایک روز) اس نے اپنے غلام سے کہا کہ پانچ آدمیوں کا کھانا تیار کر شاید میں نبی صلعم کو بھی دعوت میں بلاؤں۔ غلام نے تھوڑا سا کھانا تیار کیا پھر وہ شخص نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو کھانے پر مدعو کیا۔ ایک شخص اور آپ کے ساتھ ہو لیا۔ آپ نے فرمایا۔ ابوشعیب! ایک شخص ہمارے ساتھ ہو لیا ہے اگر تو چاہے تو اس کو لے چل ورنہ انکار کر دے ابوشعیب نے کہا میں اس کو اجازت دیتا ہوں۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

حضرت صفیہؓ کا ولیمہ؟

۳۰۸۱ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوْلَمَ عَلٰی صَفِیَّۃَ بِسَوِیْقٍ وَّ تَمْرٍ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِیُّ وَ اَبُوْدَاؤُدَ وَ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے صفیہ رضؓ کا ولیمہ ستو اور کھجور کے ساتھ کیا تھا۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

دنیاوی زیب و زینت کی چیزوں سے آنحضرتؐ کا اجتناب

۳۰۸۲ وَعَنْ سَفِیْنَۃَ اَنَّ رَجُلًا ضَافَ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ فَصَنَعَ لَہٗ طَعَامًا فَقَالَتْ فَاطِمَۃُ لَوْ دَعَوْنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَکَلَ مَعَنَا فَدَعَوْہُ فَجَاءَ فَوَضَعَ یَدَیْہِ عَلٰی عِضَادَتَیِ الْبَابِ فَرَاَی الْقِرَامَ قَدْ ضُرِبَ فِیْ نَاحِیَۃِ الْبَیْتِ فَرَجَعَ قَالَتْ فَاطِمَۃُ فَتَبِعْتُہٗ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا رَدَّکَ قَالَ اِنَّہٗ لَیْسَ لِیْ اَوْ لِنَبِیٍّ اَنْ یَّدْخُلَ بَیْتًا مُزَوَّقًا۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت سفینہ رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضؓ کے ہاں ایک مہمان آیا علی رضؓ نے اس کے لئے کھانا تیار کیا۔ جناب فاطمہ رضؓ نے کہا اگر ہم رسول اللہ صلعم کو بلالیں تو آپ ہمارے ساتھ کھانا کھائیں تو بہتر ہے چنانچہ آپؐ تشریف لائے اور دروازہ کے دونوں بازوؤں پر ہاتھ رکھ کر کھڑے ہوگئے آپ نے گھر کے اندر ایک گوشہ میں پردہ پڑا ہوا دیکھا اور واپس تشریف لے گئے۔ فاطمہ کہتی ہیں کہ میں بھی آپ کے پیچھے گئی اور عرض کیا یا رسول اللہؐ! آپ کیوں تشریف لے آئے؟ آپؐ نے فرمایا مجھ کو اور کسی نبی کو زینت والے گھر میں داخل ہونا مناسب نہیں ہے۔ (ابن ماجہ)

کسی دعوت میں بغیر بلائے پہنچ جانے والے کی مذمت

۳۰۸۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ دُعِیَ فَلَمْ یُجِبْ فَقَدْ عَصَی اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَمَنْ دَخَلَ عَلٰی غَیْرِ دَعْوَۃٍ دَخَلَ سَارِقًا وَّخَرَجَ مُغِیْرًا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جس شخص کو کھانے پر بلایا جائے اور وہ دعوت قبول نہ کرے تو اس نے خدا اور اس کے رسول کی نافرمانی کی اور جو شخص بغیر بلائے کسی کے ہاں کھانے چلا جائے وہ چوروں کی طرح آیا اور مال لوٹ کر واپس ہوا۔ (ابوداؤد)

اگر بیک وقت دو آدمی دعوت کریں تو کس کی دعوت قبول کی جائے

۳۰۸۴ وَعَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اجْتَمَعَ الدَّاعِیَانِ فَاَجِبْ اَقْرَبَھُمَا بَابًا وَاِنْ سَبَقَ اَحَدُھُمَا فَاَجِبِ الَّذِیْ سَبَقَ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

صحابہ رضؓ میں سے ایک شخص کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ اگر دو دعوت دینے والے دعوت دیں تو اس کی دعوت قبول کرو جس کا دروازہ نزدیک ہو۔ اگر ان میں سے کوئی پہلے کہے تو اس کی دعوت قبول کرو جس نے پہلے کہا۔ (احمد۔ ابوداؤد)

نام و نمود کے لئے زیادہ دنوں تک ولیمہ کھلانے والے کے بارہ میں وعید

۳۰۸۵ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ طَعَامُ اَوَّلِ یَوْمٍ حَقٌّ وَّطَعَامُ یَوْمِ الثَّانِیْ سُنَّۃٌ وَطَعَامُ یَوْمِ

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضؓ کا بیان ہے رسول اللہؐ نے فرمایا ہے (شادی میں) پہلے دن کا کھانا حق ہے یعنی ضروری ہے اور دوسرے دن کا کھانا مسنون اور تیسرے دن کا کھانا سُنا

الثَّالِثِ سُمْعَةٌ وَمَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ہے (یعنی اپنے آپ کو مشہور کرنا ہے) اور جو کوئی اپنے آپ کو سنائے گا (یعنی مشہور کرے گا) اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) اس کو مشہور و رسوا کرے گا۔ (ترمذی)

اظہارِ فخر میں مقابلہ کرنے والے دونوں آدمیوں کی دعوت کھانا ممنوع ہے

۳۰۸۶ وَعَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ طَعَامِ الْمُتَبَارِيَيْنِ اَنْ يُّؤْكَلَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ مُحْيِ السُّنَّةِ وَالصَّحِيْحُ اَنَّهٗ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا۔)

عکرمہؒ ابن عباس رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو مقابلہ کرنے اور فخر کرنے والے شخصوں کا کھانا کھانے سے منع فرمایا ہے (یعنی ایسے دو شخصوں کے کھانے سے منع فرمایا جو آپس میں مقابلہ کریں۔) (ابو داؤد)۔

فصل سوم

۳۰۸۷ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُتَبَارِيَانِ لَا يُجَابَانِ وَلَا يُؤْكَلُ طَعَامُهُمَا قَالَ الْاِمَامُ اَحْمَدُ يَعْنِي الْمُتَعَارِضَيْنِ بِالضِّيَافَةِ فَخْرًا وَّرِيَاءً۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مقابلہ کرنے والے شخصوں کی نہ تو دعوت قبول کی جائے اور نہ ان کا کھانا کھایا جائے۔ امام احمد کہتے ہیں کہ مقابلہ کرنے والوں سے مراد وہ اشخاص ہیں جو فخر و ریا کے طور پر دعوت میں مقابلہ کریں۔ (بیہقی)

فاسق کی دعوت قبول نہ کرو

۳۰۸۸ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اِجَابَةِ طَعَامِ الْفَاسِقِيْنَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت عمران بن حصین رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فاسق لوگوں کی دعوت قبول کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (بیہقی)

کسی متقی مسلمان کے ہاں کھانا کھانے جاؤ تو اس کے کھانے کے جائز و ناجائز ہونے کی تحقیق نہ کرو

۳۰۸۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمْ عَلٰى اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ فَلْيَاْكُلْ مِنْ طَعَامِهٖ وَلَا يَسْاَلْ وَلْيَشْرَبْ مِنْ شَرَابِهٖ وَلَا يَسْاَلْ رَوَى الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ هٰذَا اِنْ صَحَّ فَاِنَّ الظَّاهِرَ اَنَّ الْمُسْلِمَ لَا يُطْعِمُهٗ وَلَا يُسْقِيْهِ اِلَّا مَا هُوَ حَلَالٌ عِنْدَهٗ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ تم میں سے کوئی شخص کسی مسلمان بھائی کے ہاں جائے تو کھانا کھالے اور پانی پی لے اور یہ نہ پوچھے کہ اس کا کھانا اور پانی کہاں سے آتا ہے اور کیوں کر آتا ہے۔ امام بیہقی فرماتے ہیں اگر یہ حدیث صحیح ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ مسلم بغیر حلال کے نہ تو کوئی شئے کھلاتا ہے اور نہ پلاتا ہے۔

بَابُ الْقَسَمِ بیویوں کے پاس رہنے کا وقت مقرر کرنے کا بیان

فصل اوّل

آنحضرتؐ کی ازواج مطہراتؓ کی تعداد

۳۰۹۰ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے جس

وَسَلَّمَ قُبِضَ عَنْ تِسْعِ نِسْوَةٍ وَكَانَ يَقْسِمُ مِنْهُنَّ لِثَمَانٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

وقت وفات پائی ہے اس وقت آپ کے نکاح میں نو بیویاں تھیں اور ان میں سے آٹھ کی باری مقرر تھی (کیوں کہ نویں بیوی حضرت سودہ رضؓ نے اپنا دن حضرت عائشہ رضؓ کو دیدیا تھا۔) (بخاری و مسلم)

کوئی بیوی اپنی باری اپنی سوکن کو دے سکتی ہے

۳۰۹۱ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ سَوْدَةَ لَمَّا كَبُرَتْ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ جَعَلْتُ يَوْمِيْ مِنْكَ لِعَائِشَةَ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ لِعَائِشَةَ يَوْمَيْنِ يَوْمَهَا وَيَوْمَ سَوْدَةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ حضرت سودہ رضؓ کی عمر جب زیادہ ہوگئی تو انھوں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ! میں نے اپنی باری کا دن عائشہ کو دے دیا۔ اس کے بعد آپ دو دن حضرت عائشہ رضؓ کے ہاں رہنے لگے۔ ایک دن حضرت سودہ رضؓ کا اور ایک دن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا۔ (بخاری و مسلم)

۳۰۹۲ وَعَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْاَلُ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ اَيْنَ اَنَا غَدًا اَيْنَ اَنَا غَدًا اُرِيْدُ يَوْمَ عَائِشَةَ فَاَذِنَّ لَهٗ اَزْوَاجُهٗ يَكُوْنُ حَيْثُ شَاءَ وَكَانَ فِيْ بَيْتِ عَائِشَةَ حَتّٰى مَاتَ عِنْدَهَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنی اس بیماری میں جس میں آپ نے وفات پائی ہے پوچھا کرتے تھے کل کو میں کس کے گھر رہوں گا، کل کو میں کس بیوی کے ہاں رہوں گا؟ اور آپ کا منشاء یہ تھا کہ حضرت عائشہ رضؓ کی باری کا دن معلوم ہو جائے۔ آپ کی بیویوں نے آپ کی خواہش و رغبت کو محسوس کر کے اجازت دیدی کہ جہاں آپ کا جی چاہے وہاں قیام فرمائیے۔ چنانچہ آپ وفات کے وقت تک حضرت عائشہ رضؓ کے یہاں رہے۔ (بخاری)

سفر میں ساتھ لے جانے کے لئے کسی بیوی کا انتخاب قرعہ کے ذریعہ کیا جائے

۳۰۹۳ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ سَفَرًا اَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهٖ فَاَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا مَعَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب سفر کا ارادہ کرتے تو اپنی بیویوں کے درمیان قرعہ ڈالتے جس کا نام قرعہ میں نکل آتا آپ اسی کو سفر میں لے جاتے۔ (بخاری و مسلم)

۳۰۹۴ وَعَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ اِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ الْبِكْرَ عَلَى الثَّيِّبِ اَقَامَ عِنْدَهَا سَبْعًا ثُمَّ قَسَمَ وَاِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ اَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ قَسَمَ قَالَ اَبُوْ قِلَابَةَ وَلَوْ شِئْتُ لَقُلْتُ اِنَّ اَنَسًا رَفَعَهٗ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابی قلابہ رحؒ کہتے ہیں کہ انس رضؓ نے بیان کیا ہے کہ، بیوہ عورت کے بعد جب کوئی شخص کسی کنواری عورت سے نکاح کرے تو سات روز تک کنواری بیوی کے پاس رہے اور پھر باری مقرر کردے اور جب کنواری کے بعد کسی بیوہ سے شادی کرے تو تین دن تک اس کے پاس رہے اور پھر باری مقرر کردے (بخاری و مسلم)

۳۰۹۵ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ تَزَوَّجَ اُمَّ سَلَمَةَ وَاَصْبَحَتْ عِنْدَهٗ قَالَ لَهَا لَيْسَ بِكِ عَلٰى اَهْلِكِ هَوَانٌ اِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ عِنْدَكِ وَسَبَّعْتُ عِنْدَهُنَّ وَاِنْ شِئْتِ ثَلَّثْتُ عِنْدَكِ وَدُرْتُ قَالَتْ ثَلِّثْ

حضرت ابی بکر رضؓ بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جب ام سلمہ رضؓ سے نکاح کیا تو دوسرے دن صبح کو ان سے کہا کہ تمہارے لئے یہ بات کوئی ذلت کی نہیں ہے کہ میں تین رات تمہارے پاس رہوں اگر تم چاہو تو سات روز میں تمہارے پاس رہوں اور سات سات روز دوسری بیویوں کے پاس، اور تم پسند کرو تو تین دن تمہارے پاس رہوں اور پھر باری مقرر کردوں؟ ام سلمہ رضؓ نے

وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَنَّہٗ قَالَ لَھَا لِلْبِکْرِ سَبْعٌ وَّ لِلثَّیِّبِ ثَلٰثٌ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

کہا، آپ تین دن رہیئے اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ کنواری کے لئے سات دن ہیں اور بیوہ کے لئے تین دن ہیں۔

فصل دوم

کوئی شخص اپنی تمام بیویوں سے یکساں محبت کرنے پر مجبور نہیں ہے

۳۰۹۶ عَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقْسِمُ بَیْنَ نِسَائِہٖ فَیَعْدِلُ وَ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ ھٰذَا قَسْمِیْ فِیْمَا اَمْلِکُ فَلَا تَلُمْنِیْ فِیْمَا تَمْلِکُ وَلَا اَمْلِکُ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنی بیویوں کی باری مقرر فرماتے اور عدل سے کام لیتے اور فرمایا کرتے تھے اے اللہ! میں نے یہ باریاں مقرر کی ہیں یہ میری تقسیم ہے اس چیز میں جس کا میں مالک ہوں اور جس چیز کا تو مالک ہے میں مالک نہیں، اس چیز پر تو مجھ کو ملامت نہ کر۔
(ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

اپنی بیویوں کے درمیان عدل و برابری نہ کرنے والے کو وعید

۳۰۹۷ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا کَانَتْ عِنْدَ الرَّجُلِ امْرَاَتَانِ فَلَمْ یَعْدِلْ بَیْنَھُمَا جَاءَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَشِقُّہٗ سَاقِطٌ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ ان کے درمیان عدل و انصاف نہ کرے تو قیامت کے دن وہ اس طرح آئے گا کہ اس کا آدھا دھڑ گرا ہوگا۔
(ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی۔)

فصل سوم

آپ ﷺ کی نو ازواج مطہرات رضؓ میں سے آٹھ کے لئے باری مقرر تھی

۳۰۹۸ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ حَضَرْنَا مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ جَنَازَۃَ مَیْمُوْنَۃَ بِسَرِفَ فَقَالَ ھٰذِہٖ زَوْجَۃُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاِذَا رَفَعْتُمْ نَعْشَھَا فَلَا تُزَعْزِعُوْھَا وَلَا تُزَلْزِلُوْھَا وَارْفُقُوْا بِھَا فَاِنَّہٗ کَانَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تِسْعُ نِسْوَۃٍ کَانَ یَقْسِمُ مِنْھُنَّ لِثَمَانٍ وَّلَا یَقْسِمُ لِوَاحِدَۃٍ قَالَ عَطَاءٌ الَّتِیْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَقْسِمُ لَھَا بَلَغَنَا اَنَّھَا صَفِیَّۃُ وَکَانَتْ اٰخِرُھُنَّ مَوْتًا مَّاتَتْ بِالْمَدِیْنَۃِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)
وَقَالَ رَزِیْنٌ قَالَ غَیْرُ عَطَاءٍ ھِیَ سَوْدَۃُ وَھُوَ اَصَحُّ وَھَبَتْ یَوْمَھَا لِعَائِشَۃَ حِیْنَ اَرَادَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ طَلَاقَھَا فَقَالَتْ

حضرت عطاء رضؓ کہتے ہیں کہ مقام سرف میں ہم ابن عباس رضؓ کے ساتھ میمونہ رضؓ کے جنازے میں شریک ہوئے۔ ابن عباس رضؓ نے کہا۔ یہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیوی کا جنازہ ہے جب تم اس کو اٹھاؤ تو زیادہ حرکت اور جنبش نہ دو آہستہ سے لے چلو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں نو بیویاں تھیں آپ نے ان میں سے آٹھ کی باری مقرر کر رکھی تھی اور ایک کی باری نہ تھی۔ عطاء رحؒ کہتے ہیں کہ جس بیوی کی باری مقرر نہ تھی، ہم کو معلوم ہوا ہے کہ وہ حضرت صفیہ رضؓ تھیں۔ جن کا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیویوں میں سے سب کے آخر میں مدینہ میں انتقال ہوا ہے۔ (بخاری و مسلم) اور رزین رحؒ کا بیان ہے کہ وہ بیوی جن کی باری مقرر نہ تھی حضرت سودہ رضؓ تھیں جنھوں نے اپنا دن حضرت عائشہ رضؓ کو دے دیا تھا۔ جب کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کو طلاق دینے کا ارادہ کیا تھا اور

لَہٗ اَمْسِكْنِيْ وَقَدْ وَهَبْتُ يَوْمِيْ لِعَائِشَةَ لَعَلِّيْ اَنْ اَكُوْنَ مِنْ نِّسَآئِكَ فِي الْجَنَّةِ۔

ان کے الفاظ یہ ہیں "آپؐ مجھ کو اپنے نکاح میں رکھئے، میں اپنا دن عائشہ رضؓ کو دیتی ہوں تاکہ میں جنت میں آپؐ کی بیویوں میں رہوں"

بَابُ عِشْرَةِ النِّسَاءِ وَمَا لِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِّنَ الْحُقُوْقِ

صحبت و اختلاط اور عورتوں کے حقوق کا بیان

فصل اول

عورت کی کجی کو سخت روی سے دور نہیں کیا جا سکتا

۳۰۹۹ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ خَيْرًا فَاِنَّهُنَّ خُلِقْنَ مِنْ ضِلَعٍ وَاِنَّ اَعْوَجَ شَيْءٍ فِي الضِّلَعِ اَعْلَاهُ فَاِنْ ذَهَبْتَ تُقِيْمُهٗ كَسَرْتَهٗ وَاِنْ تَرَكْتَهٗ لَمْ يَزَلْ اَعْوَجَ فَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ عورتوں کے ساتھ بھلائی کیا کرو اس لئے کہ وہ پسلی سے پیدا کی گئی ہیں جو ٹیڑھی چیز ہے اور پسلی میں سب سے ٹیڑھی چیز ہے اوپر کا حصہ اگر تو اس کو سیدھا کرنے کی کوشش کریگا تو پسلی کو توڑ دے گا اور اپنے حال پر چھوڑ دے گا تو پھر اس کا ٹیڑھا پن دور نہ ہوگا۔ اس لئے عورتوں کے ساتھ بھلائی کرنا ہی مناسب ہے۔ (بخاری و مسلم)

۳۱۰۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمَرْاَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ لَنْ تَسْتَقِيْمَ لَكَ عَلٰى طَرِيْقَةٍ فَاِنِ اسْتَمْتَعْتَ بِهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا وَبِهَا عِوَجٌ وَاِنْ ذَهَبْتَ تُقِيْمُهَا كَسَرْتَهَا وَكَسْرُهَا طَلَاقُهَا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ عورت پسلی سے پیدا کی گئی ہے وہ تیرے لئے کبھی ایک سیدھی راہ پر نہ رہے گی۔ اگر اس سے تو فائدہ اٹھانا چاہے تو اسی حالت میں اس سے فائدہ اٹھالے۔ اگر تو اس کو سیدھا کرنا چاہے گا تو توڑ ڈالے گا۔ اور اس کا توڑنا طلاق دینا ہے۔ (مسلم)

عورتوں کے ساتھ حسن معاشرت اختیار کرو

۳۱۰۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَفْرُكْ مُؤْمِنٌ مُؤْمِنَةً اِنْ كَرِهَ مِنْهَا خُلُقًا رَضِيَ مِنْهَا اٰخَرَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کوئی مسلمان مرد کسی مسلمان عورت سے بغض نہ رکھے اس لئے کہ اگر کسی کی ایک عادت و خصلت ناپسندیدہ ہوگی تو دوسری عادت پسندیدہ۔ (مسلم)

کجی ہر عورت کو ورثہ میں ملی ہے

۳۱۰۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا بَنُوْ اِسْرَائِيْلَ لَمْ يُخَبَّزِ اللَّحْمُ وَلَوْلَا حَوَّاءُ لَمْ تَخُنْ اُنْثٰى زَوْجَهَا الدَّهْرَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ اگر بنو اسرائیل نہ ہوتے تو گوشت نہ سڑتا اور حوّا نہ ہوتیں تو عورت کبھی اپنے شوہر سے خیانت نہ کرتی (بنو اسرائیل کو چیزوں کے جمع کرنے سے منع کیا گیا تھا صرف یہ حکم تھا کہ ضرورت کے موافق چیزیں لے لیں اور کھالیں۔ انھوں نے اس حکم کی نافرمانی کی اور خدا نے ان کو یہ سزا دی کہ جو چیز وہ جمع کرتے تھے وہ سڑ جاتی تھی۔ (بخاری و مسلم

عورت کو مارنے کی ممانعت

۳۱۰۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَجْلِدُ اَحَدُكُمُ امْرَاَتَهٗ جَلْدَ الْعَبْدِ ثُمَّ يُجَامِعُهَا فِيْ اٰخِرِ الْيَوْمِ وَفِيْ رِوَايَةٍ يَعْمِدُ اَحَدُكُمْ فَيَجْلِدُ امْرَاَتَهٗ جَلْدَ الْعَبْدِ فَلَعَلَّهٗ يُضَاجِعُهَا فِيْ اٰخِرِ يَوْمِهٖ ثُمَّ وَعَظَهُمْ فِيْ ضِحْكِهِمْ مِنَ الضَّرْطَةِ فَقَالَ لِمَ يَضْحَكُ اَحَدُكُمْ مِمَّا يَفْعَلُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن زمعہ رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے تم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی کو اس طرح نہ مارے جیسے (بے دردی سے) غلام کو مارا جاتا ہے اور پھر دن کے آخری حصہ میں اس کو مجامعت کرے (یعنی ایسا مناسب نہیں ہے کہ اسے مارے بھی اور پھر اسی روز اس سے جماع بھی کرے) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ تم میں سے کوئی شخص ارادہ کرتا اور اپنی بیوی کو مارتا ہے اس طرح جس طرح غلام کو مارا جاتا ہے اور شاید کہ وہ اسی روز اس سے ہم بستر ہو (یہ مناسب نہیں ہے) پھر آپ نے ریح خارج ہونے پر ہنسنے والوں کو نصیحت فرماتے ہوئے کہا تم میں سے کوئی شخص ایک ایسی بات پر کیوں ہنستا ہے جس کو وہ خود بھی کرتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

اپنی بیوی کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو

۳۱۰۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ لِيْ صَوَاحِبُ يَلْعَبْنَ مَعِيْ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ يَتَقَمَّعْنَ مِنْهُ فَيُسَرِّبُهُنَّ اِلَيَّ فَيَلْعَبْنَ مَعِيْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس (گڑیوں سے) کھیلا کرتی تھی اور میری ہمجولیاں بھی میرے ساتھ کھیلا کرتی تھیں۔ پھر جب آپ تشریف لاتے تو میری ہمجولیاں آپ سے شرم کے سبب چھپ جاتیں۔ آپ ان کو میرے پاس بھیج دیتے اور وہ میرے ساتھ کھیلتیں۔ (بخاری و مسلم)

۳۱۰۵ وَعَنْهَا قَالَتْ وَاللّٰهِ لَقَدْ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْمُ عَلٰى بَابِ حُجْرَتِيْ وَالْحَبَشَةُ يَلْعَبُوْنَ بِالْحِرَابِ فِي الْمَسْجِدِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتُرُنِيْ بِرِدَائِهٖ لِاَنْظُرَ اِلٰى لَعِبِهِمْ بَيْنَ اُذُنِهٖ وَعَاتِقِهٖ ثُمَّ يَقُوْمُ مِنْ اَجْلِيْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَنَا الَّتِيْ اَنْصَرِفُ فَاقْدُرُوْا قَدْرَ الْجَارِيَةِ الْحَدِيْثَةِ السِّنِّ الْحَرِيْصَةِ عَلَى اللَّهْوِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ میں نے نبی صلعم کو دیکھا کہ آپ میرے گھر کے دروازے پر کھڑے ہیں اور حبشی لوگ مسجد میں نیزوں سے کھیل رہے ہیں اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر سے پردہ کر لیا تاکہ میں بھی ان کا کھیل دیکھوں۔ چنانچہ میں آپ کے پیچھے کھڑی ہو گئی۔ اور آپ کے کان اور مونڈھے کے درمیان سے کھیل کو دیکھنے لگی اور آپ اس وقت تک میری خاطر سے کھڑے رہے جب تک کہ میں کھڑی رہی، اس سے تم اندازہ کر لو کہ ایک نوجوان لڑکی جو کھیل تماشہ کی شائق ہو کتنی دیر کھڑی رہ سکتی ہے۔ (بخاری و مسلم)

آپ حضرت عائشہ رضؓ کی خوشی و ناخوشی کو کس طرح پہچانتے تھے

۳۱۰۶ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ لَاَعْلَمُ اِذَا كُنْتِ عَنِّيْ رَاضِيَةً وَّاِذَا كُنْتِ عَلَيَّ غَضْبٰى ؟ فَقُلْتُ مِنْ اَيْنَ تَعْرِفُ ذٰلِكَ فَقَالَ اِذَا كُنْتِ عَنِّيْ رَاضِيَةً فَاِنَّكِ تَقُوْلِيْنَ لَا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلعم نے مجھ سے فرمایا میں جانتا ہوں کب تم مجھ سے خوش ہوتی ہو اور کب ناراض میں نے عرض کیا آپ کیوں کر پہچان لیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا جب تم مجھ سے خوش اور راضی ہوتی ہو تو اس طرح کہا کرتی ہو یہ بات نہیں ہے محمدؐ کے پروردگار کی قسم اور جب تم ناراض ہوتی ہو تو اس طرح

وَاِذَا كُنْتُ عَلَيَّ غَضْبٰى قُلْتُ لَا وَرَبِّ اِبْرَاهِيْمَ قَالَتْ قُلْتُ اَجَلْ وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَهْجُرُ اِلَّا اسْمَكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کہا کرتی ہو، یہ بات اِس طرح نہیں ہے ابراہیمؑ کے پروردگار کی قسم! حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلعم یہ بات ٹھیک ہے میں صرف آپ کا نام چھوڑ دیتی ہوں (لیکن دل میں آپ کی وہی محبت رہتی ہے) (بخاری و مسلم)

شوہر کی خواہش پر بیوی کو ہمبستر ہونے سے انکار نہیں کرنا چاہیئے

۳۱۰۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَعَى الرَّجُلُ امْرَاَتَهٗ اِلٰى فِرَاشِهٖ فَاَبَتْ فَبَاتَ غَضْبَانَ لَعَنَتْهَا الْمَلٰٓئِكَةُ حَتّٰى تُصْبِحَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُمَا قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا مِنْ رَجُلٍ يَدْعُوْ امْرَاَتَهٗ اِلٰى فِرَاشِهٖ فَتَاْبٰى عَلَيْهِ اِلَّا كَانَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ سَاخِطًا عَلَيْهَا حَتّٰى يَرْضٰى عَنْهَا۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ جب کوئی شخص اپنی بیوی کو ہمبستر ہونے کے لئے بلائے اور وہ انکار کرے اور شوہر اس کے انکار سے رات بھر غضب ناک رہے تو صبح تک فرشتے اس عورت پر لعنت کرتے رہتے ہیں (بخاری و مسلم) اور بخاری و مسلم کی دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے فرمایا۔ قسم ہے اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جو شخص کہ اپنی عورت کو اپنی خواب گاہ میں بلائے اور وہ انکار کرے تو وہ ذات جو آسمان پر ہے (یعنی خدا) اس سے ناراض ہو جاتا ہے جب تک کہ شوہر اس سے راضی نہ ہو۔

کوئی عورت اپنی سوکن کو خواہ مخواہ جلانے کا کام نہ کرے

۳۱۰۸ وَعَنْ اَسْمَآءَ اَنَّ امْرَاَةً قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِيْ ضَرَّةً فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ اَنْ تَشَبَّعْتُ مِنْ زَوْجِيْ غَيْرَ الَّذِيْ يُعْطِيْنِيْ فَقَالَ الْمُتَشَبِّعُ بِمَا لَمْ يُعْطَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُوْرٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اسماءؓ کہتی ہیں کہ ایک عورت نے رسول اللہ صلعم سے عرض کیا یا رسول اللہ صلعم میری ایک سوکن ہے اگر میں اس کے سامنے ایسی چیزوں کا ذکر کروں جو مجھ کو میرے شوہر نے نہ دی ہوں تو کیا میرا یہ فعل گناہ ہے؟ آپ نے فرمایا نہ دی ہوئی چیز کا اظہار کرنا ایسا ہے جیسا کہ دھوکہ دینے والا لباس پہنا یعنی ایسا لباس جو حقیقت میں ایک ہی کپڑا ہو لیکن دو نظر آئیں جتنا گناہ اُس کا ہے اتنا ہی اس کا۔ (بخاری و مسلم)

ایلاء کا مطلب

۳۱۰۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اٰلٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نِّسَآئِهٖ شَهْرًا وَّكَانَتِ انْفَكَّتْ رِجْلُهٗ فَاَقَامَ فِيْ مَشْرُبَةٍ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ نَزَلَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَيْتَ شَهْرًا فَقَالَ اِنَّ الشَّهْرَ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے اپنی بیویوں سے ایک مہینے کا ایلا[1] کیا آپ کے پاؤں میں موچ آگئی تھی اور آپ انتیس ۲۹ دن تک بالاخانہ پر رہے تھے پھر جب آپ نیچے تشریف لائے تو لوگوں نے دریافت کیا یا رسول اللہ! آپ نے تو ایک مہینے کا ایلا کیا تھا اور آج انتیس ہی دن ہوئے۔ آپ نے فرمایا مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے۔ (بخاری)

---

[1] "ایلاء" کے لغوی معنی قسم کھانا ہے اور اصطلاحِ شرع میں ایلاء اس کو کہتے ہیں کہ کوئی شخص قسم کھاوے کہ میں چار مہینے یا اس سے زیادہ تک اپنی عورت کے پاس نہ جاؤں گا یعنی اس سے جماع نہ کروں گا۔ اگر قسم پوری ہو جائے تو طلاق عورت کو ہو جاتی ہے اور قسم توڑ ڈالے تو کفارہ دینا پڑتا ہے اگر اس مدت سے کم کی قسم کھائے تو وہ شرعی ایلاء نہیں ہوتا لغوی ایلاء ہوتا ہے جیسا کہ آپؐ نے کیا اور اس سے کوئی ضرر نکاح کو نہیں پہنچتا۔ ۱۲ مترجم

آنحضرتؐ کے ایلاء کا واقعہ

۳۱۱۰/۱۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ دَخَلَ اَبُوْبَكْرٍ يَسْتَاْذِنُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ النَّاسَ جُلُوْسًا بِبَابِهٖ لَمْ يُؤْذَنْ لِاَحَدٍ مِّنْهُمْ قَالَ فَاُذِنَ لِاَبِيْ بَكْرٍ فَدَخَلَ ثُمَّ اَقْبَلَ عُمَرُ فَاسْتَاْذَنَ فَاُذِنَ لَهٗ فَوَجَدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا حَوْلَهٗ نِسَاۗؤُهٗ وَاجِمًا سَاكِتًا قَالَ فَقَالَ لَاَقُوْلَنَّ شَيْئًا اُضْحِكُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ رَاَيْتَ بِنْتَ خَارِجَةَ سَاَلَتْنِي النَّفَقَةَ فَقُمْتُ اِلَيْهَا فَوَجَاْتُ عُنُقَهَا فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هُنَّ حَوْلِيْ كَمَا تَرٰى يَسْاَلْنَنِي النَّفَقَةَ فَقَامَ اَبُوْبَكْرٍ اِلٰى عَائِشَةَ يَجَاُ عُنُقَهَا وَقَامَ عُمَرُ اِلٰى حَفْصَةَ يَجَاُ عُنُقَهَا كِلَاهُمَا يَقُوْلُ تَسْاَلِيْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَيْسَ عِنْدَهٗ فَقُلْنَ وَاللّٰهِ لَا نَسْاَلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا اَبَدًا لَيْسَ عِنْدَهٗ ثُمَّ اعْتَزَلَهُنَّ ثُمَّ رَاَوْ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ ثُمَّ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ حَتّٰى بَلَغَ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْهُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا قَالَ فَبَدَاَ بِعَائِشَةَ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اَعْرِضَ عَلَيْكِ اَمْرًا اُحِبُّ اَنْ لَّا تَعْجَلِيْ فِيْهِ حَتّٰى تَسْتَشِيْرِيْ اَبَوَيْكِ قَالَتْ وَمَا هُوَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَتَلَا عَلَيْهَا الْاٰيَةَ قَالَتْ اَفِيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَسْتَشِيْرُ اَبَوَيَّ بَلْ اَخْتَارُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَاَسْاَلُكَ اَلَّا تُخْبِرَ امْرَاَةً مِّنْ نِّسَائِكَ بِالَّذِيْ قُلْتُ قَالَ لَا تَسْاَلُنِيْ امْرَاَةٌ مِّنْهُنَّ اِلَّا اَخْبَرْتُهَا اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَبْعَثْنِيْ مُعَنِّتًا وَّلَا مُتَعَنِّتًا وَّلٰكِنْ بَعَثَنِيْ مُعَلِّمًا مُّيَسِّرًا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ابوبکر رضؓ حاضر ہوئے اور اللہؐ سے حاضری کی اجازت طلب کی۔ آپؐ نے دیکھا کہ دروازہ پر لوگ ہیں اور کسی کو حاضر ہونے کی اجازت نہیں ملی۔ حضرت ابوبکرؓ اجازت مل گئی۔ پھر حضرت عمر رضؓ آئے اور ان کو بھی اجازت مل ابوبکرؓ نے دیکھا کہ نبی صلعم تشریف فرما ہیں اور آپؐ کے سامنے آپ بیویاں بیٹھی ہیں۔ آپ اس وقت فکرمند اور خاموش تھے۔ راو کا بیان ہے کہ حضرت عمرؓ نے اپنے دل میں کہا کہ میں کوئی ایسی بار کہوں کہ جس سے نبی صلعم ہنس پڑیں۔ آخر عمر رضؓ نے عرض کیا یارسول اگر خارجہ کی بیٹی (یعنی میری بیوی) مجھ سے زیادہ نفقہ مانگے تو میں کھڑا ہوکر اس کی گردن مروڑ دوں۔ رسول اللہ صلعم یہ سنکر ہنس پڑے اور فرمایا یہ عورتیں جو میرے گرد بیٹھی ہیں مجھ سے زیادہ خرچ طلب کرتی ہیں۔ یہ سُنکر حضرت ابوبکر رضؓ کھڑے ہوئے اور حضرت عائشہ رضؓ کی گردن پر ہاتھ مارا اور حضرت عمر رضؓ نے کھڑے ہوکر حضرت حفصہ رضؓ کی گردن پر ہاتھ مارا اور دونوں نے کہا۔ کیا تم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے وہ چیز مانگتی ہو جو آپ کے پاس نہیں ہے؟ آپؐ کی بیویوں نے کہا۔ خدا کی قسم اب ہم کبھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کوئی ایسی چیز نہیں مانگیں گے جو آپ کے پاس نہ ہوگی۔ اِس کے بعد نبی صلعم نے اپنی بیویوں سے جدائی اختیار کرلی (یعنی ایلاء کیا) ایک مہینہ تک یا انتیس دن پھر یہ آیت نازل ہوئی یٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ سے اَجْرًا عَظِيْمًا تک اِس آیت کے اُترنے کے بعد آپؐ سب سے پہلے حضرت عائشہ رضؓ کے پاس پہنچے اور ان سے فرمایا۔ عائشہ میں تمہارے سامنے ایک بات پیش کرتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ تم (فیصلہ کرنے میں) میں عجلت سے کام نہ لوگی اور اس معاملہ میں اپنے والدین سے مشورہ کرلوگی۔ عائشہ رضؓ نے کہا یا رسول اللہؐ! فرمایئے وہ کیا بات ہے؟ رسول اللہ صلعم نے وہ آیت پڑھی (جس کو سُنکر) حضرت عائشہ رضؓ نے کہا، یا رسول اللہؐ! کیا آپ کے بارے میں اپنے والدین سے مشورہ کروں میں نے اللہ اور اللہ کے رسول اور دارِ آخرت کو اختیار کرلیا ہے اور میں امید رکھتی ہوں کہ جو کچھ اس وقت میں نے آپ سے عرض کیا ہے آپ اُس کا ذکر اپنی کسی بیوی سے نہ کریں۔ آپؐ نے فرمایا ان عورتوں میں سے جو بھی مجھ سے دریافت کرے گی میں اس سے بھی کہوں گا کہ خداوند تعالیٰ نے نہ تو مجھ کو اس لئے بھیجا ہے کہ میں کسی رنج پہنچاؤں اور نہ

اِس لئے کہ میں کسی کو تکلیف دوں، بلکہ اس لئے بھیجا ہے کہ، میں خدا کی مخلوق کو دین کے احکام سکھاؤں اور آسانی کروں۔ (مسلم)

۳۱۱۱/۱۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَغَارُ عَلَى الَّتِيْ وَهَبْنَ اَنْفُسَهُنَّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اَتَهَبُ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِيْ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ قُلْتُ مَا اَرٰى رَبَّكَ اِلَّا يُسَارِعُ فِيْ هَوَاكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔ وَحَدِيْثُ جَابِرٍ اِتَّقُوا اللّٰهَ فِي النِّسَآءِ ذُكِرَ فِيْ قِصَّةِ حَجَّةِ الْوَدَاعِ۔

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ میں ان عورتوں کو ذلیل خیال کیا کرتی تھی جو اپنے نفس کو رسول اللہ صلعم کے لئے ہبہ کر دیتی تھیں یعنی اپنے آپ کو رسول اللہ صلعم کی مرضی پر چھوڑ دیتی تھیں چنانچہ ایک روز میں نے عرض کیا کیا کوئی عورت اپنے آپ کو ہبہ کر سکتی ہے (یعنی اتنی ذلیل بن سکتی ہے) پھر جب یہ آیت نازل ہوئی تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِيْ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ یعنی ان عورتوں میں سے جس کو (اے محمدؐ) تو چاہے علیحدہ کر دے اور جس کو چاہے اپنے ہاں رکھ لے اور جن عورتوں کو تو نے علیحدہ کر دیا ہے اگر ان میں سے بھی کسی کو تو بلا لے تو تجھ پر کوئی گناہ نہیں۔ تو میں نے آپ سے عرض کیا۔ میں دیکھتی ہوں کہ آپؐ کا پروردگار آپؐ کی رضامندی و خواہش کو جلد پورا کرتا ہے (بعد کو اِس آیت کا حکم منسوخ ہو گیا) (بخاری و مسلم) اور جابر کی یہ حدیث کہ عورتوں کے معاملہ میں اللہ سے ڈرو، حجۃ الوداع کے واقعہ میں بیان کی جا چکی۔

فصل دوم

اپنی بیویوں کے ساتھ آنحضرتؐ کا حسن معاشرت

۳۱۱۲/۱۴ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا كَانَتْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ قَالَتْ فَسَابَقْتُهُ فَسَبَقْتُهُ عَلٰى رِجْلَيَّ فَلَمَّا حَمَلْتُ اللَّحْمَ سَابَقْتُهُ فَسَبَقَنِيْ قَالَ هٰذِهٖ بِتِلْكَ السَّبْقَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ (ایک سفر میں) میں رسول اللہ صلعم کے ساتھ تھی (ایک موقع پر) میں اور رسول اللہ صلعم دونوں دوڑے (یعنی دوڑ میں باہم مقابلہ کیا) میں نبی صلعم سے آگے نکل گئی۔ پھر جب میں فربہ ہو گئی (یعنی عرصۂ دراز کے بعد) تو پھر دوڑ ہوئی اور اس دفعہ رسول اللہ صلعم مجھ سے آگے نکل گئے اور آپ نے فرمایا یہ اُس دوڑ کے بدلے میں ہے (جس میں تم مجھ سے آگے نکل گئی تھیں) (ابوداؤد)

اپنے اہل وعیال کے ساتھ حسن سلوک کرنے والا بہترین شخص ہے

۳۱۱۳/۱۵ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهٖ وَاَنَا خَيْرُكُمْ لِاَهْلِيْ وَاِذَا مَاتَ صَاحِبُكُمْ فَدَعُوْهُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلٰى قَوْلِهٖ لِاَهْلِيْ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے تم میں بہتر آدمی وہ ہے جو اپنے اہل وعیال اعزا و اقربا، اور خدام کے ساتھ بہترین سلوک کرے اور اخلاق سے پیش آئے اور میں اپنے اہل وعیال میں تم سب سے بہترین ہوں اور تم میں سے جب کوئی شخص مر جائے تو پھر اس کو چھوڑ دو (یعنی اس کا ذکر برائی کے ساتھ نہ کرو۔ (ترمذی۔ دارمی۔ ابن ماجہ نے اسے ابن عباسؓ سے لفظ لِاَهْلِيْ تک روایت کیا ہے۔)

فرمانبردار بیوی کو جنت کی بشارت

۳۱۱۴/۱۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْاَةُ اِذَا صَلَّتْ خَمْسَهَا وَصَامَتْ شَهْرَهَا وَاَحْصَنَتْ فَرْجَهَا وَاَطَاعَتْ بَعْلَهَا فَلْتَدْخُلْ مِنْ

حضرت انس رضؓ نے کہا رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو عورت پانچوں وقت کی نماز پڑھے ماہِ رمضان کے روزے رکھے اپنی شرمگاہ کو محفوظ رکھے اپنے شوہر کی اطاعت کرے اس کو اختیار ہے جنت میں جس دروازہ

اَیِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَتْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْنُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ) سے جانا چاہے چلی جائے۔ (ابونعیم)

اگر غیر اللہ کو سجدہ کرنا جائز ہوتا تو خاوند کو بیوی کا مسجود قرار دیا جاتا

۳۱۱۵/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ اٰمِرُ اَحَدًا اَنْ يَّسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر میں کسی کو کسی کے آگے سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے۔ (ترمذی)

شوہر کی خوشنودی کی اہمیت

۳۱۱۶/۱۸ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ مَاتَتْ وَزَوْجُهَا عَنْهَا رَاضٍ دَخَلَتِ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت امِّ سلمہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو عورت اس حال میں وفات پائے کہ اس کا شوہر اس سے راضی اور خوش ہو وہ جنت میں داخل ہوگی۔ (ترمذی)

شوہر کی اطاعت کرو

۳۱۱۷/۱۹ وَعَنْ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا الرَّجُلُ دَعَا زَوْجَتَهٗ لِحَاجَتِهٖ فَلْتَاْتِهٖ وَاِنْ كَانَتْ عَلَى التَّنُّوْرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت طلق بن علی کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے، جب شوہر اپنی بیوی کو اپنی حاجت پوری کرنے (یعنی جماع کرنے) کے لئے بلائے تو عورت کو اس کا حکم ماننا چاہیئے اگرچہ وہ تنور پر ہو (یعنی کھانے پکانے میں مشغول ہو) (ترمذی)

شوہر کو تکلیف مت پہنچاؤ

۳۱۱۸/۲۰ وَعَنْ مُّعَاذٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُؤْذِي اِمْرَاَةٌ زَوْجَهَا فِي الدُّنْيَا اِلَّا قَالَتْ زَوْجَتُهٗ مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ لَا تُؤْذِيْهِ قَاتَلَكِ اللّٰهُ فَاِنَّمَا هُوَ عِنْدَكِ دَخِيْلٌ يُوْشِكُ اَنْ يُّفَارِقَكِ اِلَيْنَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ۔ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت معاذ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے، جب کوئی عورت دنیا میں اپنے شوہر کو تکلیف و اذیت دیتی ہے تو اس کو جنت والی بیوی یعنی بڑی آنکھوں والی حور کہتی ہے خدا تجھ کو برباد کرے تو اپنے شوہر کو نہ ستا وہ تیرا مہمان ہے جو جلد تجھ سے جدا ہو جائے گا اور ہمارے پاس آجائے گا یعنی بہشت میں۔ (ترمذی، ابن ماجہ۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

شوہر پر بیوی کا حق؟

۳۱۱۹/۲۱ وَعَنْ حَكِيْمِ ابْنِ مُعَاوِيَةَ الْقُشَيْرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا حَقُّ زَوْجَةِ اَحَدِنَا عَلَيْهِ قَالَ اَنْ تُطْعِمَهَا اِذَا طَعِمْتَ وَتَكْسُوَهَا اِذَا اكْتَسَيْتَ وَلَا تَضْرِبِ الْوَجْهَ وَلَا تُقَبِّحْ وَلَا تَهْجُرْ اِلَّا فِي الْبَيْتِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حکیم بن معاویہ قشیری رضؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! شوہر پر بیوی کا کیا حق ہے؟ آپ نے فرمایا جب تو کھائے اس کو بھی کھلا اور جب تو پہنے اس کو بھی پہنا۔ اس کے منہ پر نہ مار، اس کو برا نہ کہہ اور اس سے علیحدگی اختیار نہ کر مگر گھر کے اندر (یعنی گھر میں میاں بیوی رہیں لیکن کسی قسم کی ناخوشی ہو تو اس سے ترکِ جماع کی علیحدگی اختیار کرے۔ (احمد۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

بدزبان بیوی کو طلاق دے دو

۳۱۲۰/۲۲ وَعَنْ لَقِيْطِ بْنِ صَبِرَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِيْ اِمْرَاَةً فِيْ لِسَانِهَا شَيْءٌ

حضرت لقیط بن صبرہ رضؓ کہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میری بیوی بدزبان ہے۔ آپ نے فرمایا اس کو طلاق دیدے۔ میں نے

يَعْنِي الْبَذَاءَ قَالَ طَلِّقْهَا قُلْتُ إِنَّ لِي مِنْهَا وَلَدًا وَلَهَا صُحْبَةٌ قَالَ فَمُرْهَا يَعِظْهَا فَإِنْ يَكُ فِيهَا خَيْرٌ فَسَتَقْبَلُ وَلَا تَضْرِبَنَّ ضَعِينَتَكَ ضَرْبَكَ أُمَيَّتَكَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

کہا اس کے بطن سے میری اولاد ہے اور پرانی صحبت ہے۔ آپ نے فرمایا اس کو سمجھا یعنی نصیحت کر اگر اس میں کچھ بھی بھلائی ہوگی تو وہ تیری نصیحت کو قبول کرے گی اور اس کو ایسا نہ مار جیسا اپنے بچوں کو مارا جاتا ہے یعنی زیادہ نہ مار۔ (ابوداؤد)

عورتوں کو مارنے کی ممانعت

۳۱۲۱/۲۳ وَعَنْ إِيَاسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ۔ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ لَا تَضْرِبُوا إِمَاءَ اللّٰهِ فَجَاءَ عُمَرُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ذَئِرْنَ النِّسَاءُ عَلَى أَزْوَاجِهِنَّ فَرَخَّصَ فِي ضَرْبِهِنَّ فَطَافَ بِآلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءٌ كَثِيرٌ يَشْتَكِينَ أَزْوَاجَهُنَّ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ طَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ نِسَاءٌ كَثِيرٌ يَشْتَكِينَ أَزْوَاجَهُنَّ لَيْسَ أُولٰئِكَ بِخِيَارِكُمْ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ایاس بن عبداللہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے اپنی بیویوں کو نہ مارو (اس حکم کے چند روز بعد) عمرؓ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا (یارسول اللہؐ) عورتیں اپنے شوہروں پر غالب ہوگئی ہیں ان کی جرأت و دلیری بڑھ گئی ہے (یہ سنکر) آپ نے بیویوں کو مارنے کی اجازت عطا فرمادی اس کے بعد بہت سی عورتیں رسول اللہ صلعم کی بیویوں کے پاس جمع ہوئیں اور اپنے خاوندوں کی شکایتیں کیں (یعنی یہ کہ وہ اُن کو مارتے ہیں اور بُرا بھلا کہتے ہیں) رسول اللہ صلعم نے (اس شکایت کو سُن کر) صحابہؓ سے فرمایا محمدؐ کی بیویوں کے پاس بہت سی عورتیں اپنے شوہروں کی شکایت کرنے آئی ہیں۔ تم میں سے وہ شخص اچھا نہیں ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ بدسلوکی

بیوی کو اس کے خاوند کے خلاف بہکانے والے کی مذمت

۳۱۲۲/۲۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ خَبَّبَ امْرَأَةً عَلَى زَوْجِهَا أَوْ عَبْدًا عَلَى سَيِّدِهِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو کسی عورت کو بدچلن بنائے یا کسی غلام کو آقا کے خلاف بدراہ کرے۔ (ابوداؤد)

اپنے اہل وعیال کے حق میں کمال مہربانی کمالِ ایمان کی دلیل ہے

۳۱۲۳/۲۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَكْمَلِ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَأَلْطَفُهُمْ بِأَهْلِهِ۔

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مومن کامل وہ مسلمان ہے جس کا خلق اچھا ہو اور جو اپنے اہل وعیال پر بہت مہربان ہو۔ (ترمذی)

۳۱۲۴/۲۶ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَخِيَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَرَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ إِلَى قَوْلِهِ خُلُقًا)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے مسلمانوں میں کامل مومن وہ ہے جس کا خلق اچھا ہو اور تم میں بہتر شخص وہ ہے جو اپنی بیوی سے اچھی طرح پیش آئے۔ (ترمذی یہ حدیث حسن ہے اور ابوداؤد نے اسے لفظ خُلُقًا تک روایت کیا ہے)

حضرت عائشہ رضؓ کے ساتھ آنحضرتؐ کا ایک پُرلطف واقعہ

۳۱۲۵/۲۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوكَ أَوْ حُنَيْنٍ وَفِي سَهْوَتِهَا سِتْرٌ فَهَبَّتْ رِيحٌ فَكَشَفَتْ نَاحِيَةَ السِّتْرِ عَنْ بَنَاتٍ لِعَائِشَةَ لُعَبٍ فَقَالَ مَا هٰذَا

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلعم غزوۂ تبوک یا غزوۂ حنین سے واپس تشریف لائے تو گھر کے بڑے طاق میں (آپ نے) پردہ پڑا دیکھا جس کا ایک کونا ہوا سے کھل گیا اور اور حضرت عائشہ رضؓ کے کھیلنے کی گڑیاں اس میں نظر آئیں تو رسول

يَا عَائِشَةُ قَالَتْ بَنَاتِيْ وَرَاٰى بَيْنَهُنَّ فَرَسًا لَّهٗ جُنَاحَانِ مِنْ رِّقَاعٍ فَقَالَ مَا هٰذَا الَّذِيْ اَرٰى وَسْطَهُنَّ قَالَتْ فَرَسٌ قَالَ وَمَا الَّذِيْ عَلَيْهِ قَالَتْ جَنَاحَانِ قَالَ فَرَسٌ لَّهٗ جَنَاحَانِ قَالَتْ اَمَا سَمِعْتَ اَنَّ لِسُلَيْمَانَ خَيْلًا لَّهَا اَجْنِحَةٌ قَالَتْ فَضَحِكَ حَتّٰى رَاَيْتُ نَوَاجِذَهٗ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَسنا نہیں حضرت سلیمان ؑ کے گھوڑے کے پر تھے۔ عائشہ رضؓ کا

اللہ صلعم نے پوچھا، عائشہ رضؓ یہ کیا ہے؟ عائشہ رضؓ نے کہا یہ میری گڑیاں ہیں۔ ان گڑیوں میں نبی صلعم نے ایک گھوڑا بھی دیکھا جس کے دو پر تھے کاغذ کے یا کپڑے کے۔ آپ نے پوچھا یہ ان گڑیوں کے درمیان کیا چیز ہے؟ عائشہ رضؓ نے کہا یہ گھوڑا ہے آپ نے دریافت فرمایا اور اس کے یہ پر کیسے ہیں؟ عائشہ رضؓ نے کہا کیا آپ نے

بیان ہے کہ رسول اللہ صلعم یہ سُنکر ہنس پڑے کہ آپ کی کچلیاں[1] نظر آنے لگیں۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

غیر اللہ کو سجدہ کرنا جائز نہیں

۳۱۲۶/۲۸ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ اَتَيْتُ الْحِيْرَةَ فَرَاَيْتُهُمْ يَسْجُدُوْنَ لِمَرْزُبَانٍ لَّهُمْ فَقُلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَقُّ اَنْ يُّسْجَدَ لَهٗ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنِّيْ اَتَيْتُ الْحِيْرَةَ فَرَاَيْتُهُمْ يَسْجُدُوْنَ لِمَرْزُبَانٍ لَّهُمْ فَاَنْتَ اَحَقُّ بِاَنْ يُّسْجَدَ لَكَ فَقَالَ لِيْ اَرَاَيْتَ لَوْ مَرَرْتَ بِقَبْرِيْ اَكُنْتَ تَسْجُدُ لَهٗ فَقُلْتُ لَا فَقَالَ لَا تَفْعَلُوْا لَوْ كُنْتُ اٰمِرُ اَحَدًا اَنْ يَّسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ النِّسَآءَ اَنْ يَّسْجُدْنَ لِاَزْوَاجِهِنَّ لِمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَهُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ حَقٍّ (رَوَاهُ اَحْمَدُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ)

حضرت قیس بن سعد رضؓ کہتے ہیں کہ میں حیرہ میں گیا تو دیکھا کہ وہاں کے لوگ اپنے سردار کو سجدہ کرتے ہیں۔ میں نے اپنے دل میں کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بہت زیادہ اس کے مستحق ہیں کہ آپ کو سجدہ کیا جائے چنانچہ میں نے رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ میں حیرہ میں گیا تھا دیکھا کہ وہاں کے لوگ اپنے سردار کو سجدہ کرتے ہیں۔ اِس اعتبار سے آپ اس کے زیادہ مستحق ہیں کہ آپ کو سجدہ کیا جائے۔ آپ نے فرمایا اگر تم میری قبر پر جاؤ تو کیا تم میری قبر کو سجدہ کرو گے؟ میں نے عرض کیا نہیں۔ آپ نے فرمایا ایسا نہ کرو اگر میں کسی کو سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورتوں کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہروں کو سجدہ کریں اِس لئے کہ خداوند تعالےٰ نے عورتوں پر مرد کا حق مقرر کیا ہے۔ (ابوداؤد۔ امام احمد نے یہ حدیث معاذ بن جبل رضؓ سے روایت کی ہے)

نافرمان بیوی کو مارنے پر مواخذہ نہیں ہوگا

۳۱۲۷/۲۹ وَعَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُسْاَلُ الرَّجُلُ فِيْمَا ضَرَبَ امْرَاَتَهٗ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)۔

حضرت عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اپنی عورت کو مارے اس سے مارنے کا سبب نہ پوچھا کرو۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

بیوی شوہر کی اجازت کے بغیر نفل روزہ نہ رکھے

۳۱۲۸/۳۰ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهٗ فَقَالَتْ زَوْجِيْ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ يَضْرِبُنِيْ اِذَا صَلَّيْتُ وَيُفَطِّرُنِيْ اِذَا صُمْتُ وَلَا يُصَلِّي الْفَجْرَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ قَالَ وَصَفْوَانُ عِنْدَهٗ قَالَ فَسَاَلَهٗ عَمَّا قَالَتْ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ

حضرت ابو سعید رضؓ کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک عورت حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ میرا شوہر صفوان بن معطل جب میں نماز پڑھتی ہوں تو مجھ کو مارتا ہے اور جب روزہ رکھتی ہوں تو روزہ توڑوا دیتا ہے اور فجر کی نماز اس وقت پڑھتا ہے جب کہ سورج نکلنے والا ہوتا ہے راوی کا بیان ہے کہ اس وقت صفوان بھی آپ کے پاس موجود تھا

---

[1] غالباً رافضیوں نے دلدل اور بریلویوں نے براق کے لئے پر یہیں سے وضع کئے ہیں۔

اللّٰہِ اَمَّا قَوْلُهَا يَضْرِبُنِيْ اِذَا صَلَّيْتُ فَاِنَّهَا تَقْرَأُ بِسُوْرَتَيْنِ وَقَدْ نَهَيْتُهَا قَالَ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَتْ سُوْرَةً وَّاحِدَةً لَكَفَتِ النَّاسَ قَالَ وَاَمَّا قَوْلُهَا يُفْطِرُنِيْ اِذَا صُمْتُ فَاِنَّهَا تَنْطَلِقُ تَصُوْمُ وَاَنَا رَجُلٌ شَابٌّ فَلَا اَصْبِرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصُوْمُ امْرَاَةٌ اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِهَا وَاَمَّا قَوْلُهَا اِنِّيْ لَا اُصَلِّيْ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَاِنَّا اَهْلُ بَيْتٍ قَدْ عُرِفَ لَنَا ذَاكَ لَا نَكَادُ نَسْتَيْقِظُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ قَالَ فَاِذَا اسْتَيْقَظْتَ يَا صَفْوَانُ فَصَلِّ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

آپ نے اس سے حقیقتِ حال کو دریافت فرمایا۔ اس نے عرض کیا یارسول اللہ! اس کا یہ کہنا کہ جب وہ نماز پڑھتی ہے تو میں مارتا ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ نماز میں دو (لمبی لمبی) سورتیں پڑھتی ہے اور میں اس سے اس کو منع کرتا ہوں۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلعم نے یہ سُنکر فرمایا۔ سورۂ فاتحہ کے بعد ایک سورۃ پڑھنا کافی ہے۔ پھر صفوان نے عرض کیا کہ اس کا یہ کہنا کہ روزہ رکھتی ہے تو میں روزہ توڑوا دیتا ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب نفل روزے رکھنا شروع کرتی ہے تو برابر رکھتی رہتی ہے اور روزے کو ترک نہیں کرتی۔ اور میں ایک جوان آدمی ہوں نہ تو زیادہ صبر کرسکتا ہوں (اور نہ رات کو مباشرت کا موقع ملتا ہے اس لئے کہ میں رات کو کام کرتا ہوں) آپ نے فرمایا کوئی عورت اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر (نفل) روزہ نہ رکھے۔ اس کے بعد صفوان نے عرض کیا۔ اور اس کا یہ کہنا کہ میں سورج نکلنے کے وقت نماز پڑھتا ہوں، اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم لوگ رات کو کام کرتے ہیں اور ہم لوگوں کی یہ عادت پڑ گئی ہے کہ سورج نکلنے کے وقت بیدار ہوتے ہیں آپ نے فرمایا صفوان جس وقت آنکھ کھلے نماز پڑھ لو۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

سخت سے سخت حکم میں بھی شوہر کی اطاعت کرو

۳۱/۳۱۲۹ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْ نَفَرٍ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ فَجَاءَ بَعِيْرٌ فَسَجَدَ لَهٗ فَقَالَ اَصْحٰبُهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَسْجُدُ لَكَ الْبَهَائِمُ وَالشَّجَرُ فَنَحْنُ اَحَقُّ اَنْ نَّسْجُدَ لَكَ فَقَالَ اعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَاَكْرِمُوْا اَخَاكُمْ وَلَوْ كُنْتُ اٰمِرُ اَحَدًا اَنْ يَّسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا وَلَوْ اَمَرَهَا اَنْ تَنْقُلَ مِنْ جَبَلٍ اَصْفَرَ اِلٰى جَبَلٍ اَسْوَدَ وَمِنْ جَبَلٍ اَسْوَدَ اِلٰى جَبَلٍ اَبْيَضَ كَانَ يَنْبَغِيْ لَهَا اَنْ تَفْعَلَهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلعم مہاجرین و انصار کی ایک جماعت میں تشریف فرما تھے کہ ایک اونٹ آیا اور اس نے نبی صلعم کو سجدہ کیا۔ صحابہ رضؓ نے عرض کیا یارسول اللہ! آپ کو بہائم (چارپایہ جانور) اور درخت سجدہ کرتے ہیں ہم کو تو بدرجۂ اولےٰ ایک سجدہ کرنا چاہیئے۔ آپ نے فرمایا اپنے پروردگار کی عبادت کرو اور بھائی کی عزت کرو۔ اگر میں کسی کو سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورتوں کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہروں کو سجدہ کریں۔ اور عورت کا شوہر یہ حکم دے کہ وہ زرد رنگ کے پہاڑ سے پتھر اٹھا اٹھا کر سیاہ پہاڑ پر لے جائے اور سیاہ پہاڑ سے اٹھا کر سفید پہاڑ کی طرف لیجائے تو اس کو ایسا ہی کرنا چاہیئے۔ (دارمی)

جس عورت کا خاوند ناراض ہو اس کی نماز پوری طرح قبول نہیں ہوتی

۳۲/۳۱۳۰ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَّا يُقْبَلُ لَهُمْ صَلٰوةٌ وَّلَا تُصْعَدُ لَهُمْ حَسَنَةٌ اَلْعَبْدُ الْاٰبِقُ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلٰى مَوَالِيْهِ فَيَضَعَ يَدَهٗ فِيْ اَيْدِيْهِمْ وَالْمَرْاَةُ السَّاخِطُ عَلَيْهَا زَوْجُهَا وَالسَّكْرَانُ حَتّٰى يَصْحُوَ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ تین آدمیوں کی نہ تو نماز قبول ہوتی ہے اور نہ ان کی کوئی نیکی آسمان کی طرف جاتی ہے۔ ایک تو بھاگے ہوئے غلام کی جب تک کہ وہ واپس آکر اپنے آپ کو مالک کے حوالے نہ کردے دوسری وہ عورت جس سے اس کا شوہر ناراض ہو تیسرا نشہ باز جب تک کہ ہوش میں نہ آئے۔ (بیہقی)

بہترین بیوی کی پہچان

۳۱۳۱/۳۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قِیْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ النِّسَاءِ خَیْرٌ قَالَ الَّتِیْ تَسُرُّهٗ اِذَا نَظَرَ وَتُطِیْعُهٗ اِذَا اَمَرَ وَلَا تُخَالِفُهٗ فِیْ نَفْسِهَا وَلَا مَالِهَا بِمَا یَکْرَهُ (رَوَاهُ النَّسَائِیُّ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ کونسی عورت بہتر ہے؟ آپ نے فرمایا وہ عورت جب اس کا شوہر اس کی طرف دیکھے تو وہ اس کو خوش کر دے اور جب شوہر اس کو کوئی حکم دے تو وہ اس کی اطاعت کرے اور اپنی شخصیت اور شوہر کے مال میں کوئی ایسی بات نہ کرے جو اس کی مرضی کے خلاف ہو۔ (نسائی، بیہقی)

امانت دار بیوی کی فضیلت

۳۱۳۲/۳۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعٌ مَّنْ اُعْطِیَهُنَّ فَقَدْ اُعْطِیَ خَیْرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ قَلْبٌ شَاکِرٌ وَلِسَانٌ ذَاکِرٌ وَبَدَنٌ عَلَی الْبَلَاءِ صَابِرٌ وَّزَوْجَةٌ لَّا تَبْغِیْهِ خَوْنًا فِیْ نَفْسِهَا وَلَا مَالِهٖ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ چار چیزیں ایسی ہیں کہ جس کو وہ مل جائیں دین و دنیا کی بھلائی اس کو نصیب ہو جائے: ایک تو شکر گزار دل اور دوسرے ہر حال میں خدا کو یاد رکھنے والی زبان تیسرے بلاؤں پر صبر کرنے والا جسم چوتھے وہ عورت جو اپنی ذات اور شوہر کے مال میں خیانت نہ کرے۔ (بیہقی)

بَابُ الْخُلْعِ وَالطَّلَاقِ — خلع اور طلاق کا بیان

فَصْلُ اَوَّلٌ

ناپسند شوہر سے طلاق حاصل کی جا سکتی ہے

۳۱۳۳/۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ امْرَاَةَ ثَابِتِ بْنِ قَیْسٍ اَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ثَابِتُ بْنُ قَیْسٍ مَا اَعْتِبُ عَلَیْهِ فِیْ خُلُقٍ وَّلَا دِیْنٍ وَلٰکِنِّیْ اَکْرَهُ الْکُفْرَ فِی الْاِسْلَامِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَرُدِّیْنَ عَلَیْهِ حَدِیْقَتَهٗ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اقْبَلِ الْحَدِیْقَةَ وَطَلِّقْهَا تَطْلِیْقَةً۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ ثابت بن قیس رضؓ کی بیوی نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ صلعم ثابت بن قیس رضؓ پر مجھ کو غصہ نہیں آتا اور نہ اس کے خلق اور دین میں مجھ کو عیب نظر آتا ہے لیکن میں اس کے کفرانِ نعمت کو پسند نہیں کرتی ہوں (یعنی مجھ کو اس سے محبت نہیں ہے) آپ نے دریافت فرمایا کیا تو اس کا باغ جو اس نے مہر میں دیا ہے واپس کر دے گی؟ اس نے کہا ہاں۔ آپ نے ثابت کو بلا کر کہا تو اپنا باغ اس سے لے لے اور اس کو ایک طلاق دیدے۔ (بخاری)

حالت حیض میں طلاق دینے کی ممانعت

۳۱۳۴/۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَةً لَّهٗ وَهِیَ حَائِضٌ فَذَکَرَ عُمَرُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَتَغَیَّظَ فِیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ لِیُرَاجِعْهَا ثُمَّ یُمْسِکُهَا حَتّٰی

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے اپنی بیوی کو حیض کی حالت میں طلاق دی۔ حضرت عمر رضؓ نے اس کا ذکر رسول اللہ صلعم سے کیا۔ رسول اللہ صلعم اس واقعہ سے بہت ناخوش ہوئے اور فرمایا عبداللہ اپنی بیوی کو واپس کرے اور اس کو چاہئے کہ وہ اس کو

تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ فَتَطْهُرَ فَإِنْ بَدَا لَهُ أَنْ يُطَلِّقَهَا فَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا قَبْلَ أَنْ يَمَسَّهَا فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِي أَمَرَ اللّٰهُ أَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ وَفِي رِوَايَةٍ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا أَوْ حَامِلًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اپنے پاس رکھے یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائے اس کے بعد طلاق دینا ضروری ہو تو پاک ہونے کی حالت میں اس کو طلاق دیدے اور اس عرصہ میں اس کو ہاتھ نہ لگائے اور یہی ہے وہ عدّہ جس کا حکم خداوند تعالےٰ نے دیا ہے کہ اس میں ان کو طلاق دیجائے اور دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپؐ نے حضرت عمرؓ سے فرمایا عبداللہ کو حکم دو کہ وہ رجوع کرے اور پھر اس کو پاکی یا حمل کی حالت میں طلاق دے۔ (بخاری و مسلم)

اختیار کا مسئلہ

۳۱۳۵/۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَيَّرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَلَمْ يَعُدَّ ذٰلِكَ عَلَيْنَا شَيْئًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ اختیار دیا ہم کو رسول اللہ صلعم نے (دنیا اور آخرت کا) پس اختیار کیا ہم نے اللہ اور اس کے رسول کو اور اس اختیار سے ہم پر کوئی چیز واقع نہیں ہوئی (یعنی کسی قسم کی طلاق واقع نہیں ہوئی اور اس کی صورت یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے کہ تجھ کو اختیار ہے مجھ کو قبول کرلے یا اپنے نفس کو اختیار کرے تو اس سے عورت پر طلاق واقع نہیں ہوتی۔) (بخاری و مسلم)

کسی چیز کو اپنے اوپر حرام کر لینے سے کفارہ لازم آتا ہے

۳۱۳۶/۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فِي الْحَرَامِ يُكَفِّرُ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباسؓ نے کہا کہ جو شخص اپنے اوپر کسی چیز کو حرام کرلے وہ کفارہ ہے اور تمہارے لئے رسول اللہ صلعم کی پیروی ان باتوں میں کس قدر اچھی ہے۔ (بخاری و مسلم)

۳۱۳۷/۵ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْكُثُ عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ وَيَشْرَبُ عِنْدَهَا عَسَلًا فَتَوَاصَيْتُ أَنَا وَحَفْصَةُ أَنَّ أَيَّتَنَا دَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْتَقُلْ إِنِّي أَجِدُ مِنْكَ رِيحَ مَغَافِيرَ أَكَلْتَ مَغَافِيرَ فَدَخَلَ عَلَى إِحْدَاهُنَّ فَقَالَتْ لَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ لَا بَأْسَ شَرِبْتُ عَسَلًا عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ فَلَنْ أَعُودَ لَهُ وَقَدْ حَلَفْتُ لَا تُخْبِرِي بِذٰلِكَ أَحَدًا أَيَبْتَغِي مَرْضَاتَ أَزْوَاجِهِ فَنَزَلَتْ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ تَبْتَغِي مَرْضَاتَ أَزْوَاجِكَ۔ الآيَةَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلعم زینب بنت جحش رضؓ (اپنی بیوی) کے پاس جاتے اور وہاں شہد پیا کرتے تھے۔ میں نے اور حفصہؓ نے باہم مشورہ کیا کہ ہم میں سے جس کے پاس رسول اللہ صلعم تشریف لائیں وہ آپ سے کہے کہ آپ کے منہ سے مغافیر کی بُو آتی ہے۔ (مغافیر ایک بودار پھل ہوتا ہے جس کی بُو شہد کے مشابہ ہوتی ہے) کیا آپ نے مغافیر کھایا ہے؟ چنانچہ حسب معمول ان میں سے ایک کے پاس آپ تشریف لائے اور اس نے آپ سے یہی عرض کیا۔ آپؐ نے فرمایا کوئی بات نہیں، زینب بنت جحش رضؓ کے ہاں شہد پیا ہے اور اب میں کبھی شہد نہ پیوں گا میں نے قسم کھالی ہے لیکن تم کسی کو اس کی خبر نہ دینا کہ میں نے شہد نہ کھانے کی قسم کھالی ہے" تاکہ بیویوں میں سے کسی کو اس سے رنج نہ پہنچے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی یَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ تَبْتَغِي مَرْضَاتَ أَزْوَاجَكَ الخ یعنی اے نبی! تو کیوں حرام کرتا ہے اس چیز کو اپنی بیویوں کی خوشنودی کے لئے جس کو خدا نے تیرے لئے حلال کیا ہے۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

بلا ضرورت طلاق مانگنے والی عورت کے حق میں وعید

۳۱۳۸/۶ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ثوبانؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو عورت

وَسَلَّمَ اَيُّمَا اِمْرَأَةٍ سَاَلَتْ زَوْجَهَا طَلَاقًا فِيْ غَيْرِ مَا بَاْسٍ فَحَرَامٌ عَلَيْهَا رَائِحَةُ الْجَنَّةِ - (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

بلا وجہ اپنے شوہر سے طلاق چاہے اس پر جنت کی بو حرام ہے۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

طلاق کوئی اچھی چیز نہیں ہے

۳۱۳۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبْغَضُ الْحَلَالِ اِلَى اللّٰهِ الطَّلَاقُ

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ حلال چیزوں میں خدا کے نزدیک سب سے بُری چیز طلاق ہے۔ (ابوداؤد)

نکاح سے پہلے طلاق دینے کا مسئلہ

۳۱۴۰ وَعَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا طَلَاقَ قَبْلَ نِكَاحٍ وَّلَا عِتَاقَ اِلَّا بَعْدَ مِلْكٍ وَّلَا وِصَالَ فِيْ صِيَامٍ وَّلَا يُتْمَ بَعْدَ اِحْتِلَامٍ وَّلَا رِضَاعَ بَعْدَ فِطَامٍ وَّلَا صُمْتَ يَوْمٍ اِلَى اللَّيْلِ - (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ نکاح سے پہلے طلاق نہیں ہوتی اور نہ مالک ہونے سے پہلے غلام کو آزاد کیا جاتا ہے اور مسلسل دو پہم روزے رکھنا (یعنی رات کو افطار نہ کرنا اور برابر روزے رکھنا جائز نہیں ہے) اور بالغ ہونیکے بعد کوئی شخص یتیم نہیں رہتا اور دودھ پینے کی مدت کے بعد دودھ دینا رضاعت میں شامل نہیں اور دن بھر خاموش رہنا بھی جائز نہیں ہے۔ (شرح السنۃ)

۳۱۴۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْرَ لِابْنِ اٰدَمَ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ وَلَا عِتْقَ فِيْ مَا لَا يَمْلِكُ وَلَا طَلَاقَ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ - (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَزَادَ اَبُوْدَاوٗدَ وَلَا بَيْعَ اِلَّا فِيْمَا يَمْلِكُ -)

عمرو بن شعیب رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ انسان کی نذر اس چیز میں درست نہیں ہوتی جس کا وہ مالک نہیں ہے اور اس چیز کا آزاد کرنا بھی صحیح نہیں جس کا وہ مالک نہیں اور نہ اس عورت کو طلاق دینا درست ہے جس سے ابھی نکاح نہیں کیا ہے (ترمذی۔ ابوداؤد) اور ابوداؤد کی روایت میں یہ الفاظ زیادہ ہیں۔ اور اس چیز کی بیع درست نہیں ہے جس کا وہ مالک نہیں ہے۔

طلاقِ بتہ کا مسئلہ

۳۱۴۲ وَعَنْ رُكَانَةَ بْنِ عَبْدِ يَزِيْدَ اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ سُهَيْمَةَ الْبَتَّةَ فَاَخْبَرَ بِذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ وَاللّٰهِ مَا اَرَدْتُّ اِلَّا وَاحِدَةً فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ مَا اَرَدْتَّ اِلَّا وَاحِدَةً فَقَالَ رُكَانَةُ وَاللّٰهِ مَا اَرَدْتُّ اِلَّا وَاحِدَةً فَرَدَّهَا اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَلَّقَهَا الثَّانِيَةَ فِيْ زَمَانِ عُمَرَ وَالثَّالِثَةَ فِيْ زَمَانِ عُثْمَانَ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ اِلَّا اَنَّهُمْ لَمْ يَذْكُرُوا الثَّانِيَةَ وَالثَّالِثَةَ) -

حضرت رکانہ بن عبد یزید رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے اپنی بیوی سہیمہ رضؓ کو طلاقِ بائن دی (یعنی قطعی طلاق جس میں کسی قسم کا کوئی تعلق نہیں رہتا) پھر اس نے نبی صلعم کو اس کی اطلاع دی اور عرض کیا۔ خدا کی قسم میں نے ایک طلاق کا ارادہ کیا تھا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خدا کی قسم تو نے ایک طلاق کا ارادہ کیا تھا؟ رکانہ رضؓ نے کہا خدا کی قسم میں نے ایک ہی طلاق کا ارادہ کیا تھا۔ رسول اللہ صلعم نے اس کی بیوی کو اس کی طرف لوٹا دیا۔ پھر رکانہ نے اپنی بیوی کو دوسری طلاق حضرت عمر رضؓ کی خلافت میں دی اور تیسری طلاق حضرت عثمان رضؓ کے عہد میں۔ (ابوداؤد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ۔ دارمی لیکن ابوداؤد کے علاوہ اور کسی کتاب میں دوسری اور تیسری طلاق کا ذکر نہیں۔)

نکاح وطلاق کے الفاظ اگر ہنسی میں بھی منہ سے نکالے جائیں تو ان کا حکم ثابت ہوجاتا ہے

۳۱۴۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَّهَزْلُهُنَّ جِدٌّ النِّكَاحُ وَالطَّلَاقُ وَالرَّجْعَةُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)

حضرت ابوہریرہؓ نے کہا رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ تین چیزیں ہیں جو ارادہ کے ساتھ وقوع میں آتی ہیں اور ہنسی دل لگی میں بھی وقوع پذیر ہوتی ہیں یعنی نکاح، طلاق اور رجعت (یعنی ایک یا دو طلاق دے کر رجوع کرنا)۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے)

زبردستی دلوائی جانے والی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟

۳۱۴۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا طَلَاقَ وَلَا عِتَاقَ فِیْ اِغْلَاقٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ قِیْلَ مَعْنٰی الْاِغْلَاقِ الْاِكْرَاهُ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں میں نے رسول اللہ صلعم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ زبردستی کی حالت میں نہ تو طلاق واقع ہوتی ہے اور نہ آزادی (اگر زبردستی کسی سے طلاق دلوائی جائے یا کسی غلام یا لونڈی کو آزاد کرالیا جائے تو یہ طلاق اور آزادی درست نہیں ہوتی۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

دیوانے کی طلاق واقع نہیں ہوتی

۳۱۴۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ طَلَاقٍ جَائِزٌ اِلَّا طَلَاقَ الْمَعْتُوْهِ الْمَغْلُوْبِ عَلٰی عَقْلِهٖ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَعَطَاءُ بْنُ عَجْلَانَ الرَّاوِیْ ضَعِیْفٌ ذَاهِبُ الْحَدِیْثِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ ہر طلاق واقع ہوتی ہے مگر بے عقل اور مغلوب العقل کی طلاق واقع نہیں ہوتی۔ (ترمذی، یہ حدیث غریب ہے۔ عطاء بن عجلان راوی ضعیف ہے اور اس کا حافظہ خراب ہے)

تین شخص مرفوع القلم ہیں

۳۱۴۶ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلٰثَةٍ عَنِ النَّائِمِ حَتّٰی یَسْتَیْقِظَ وَعَنِ الصَّبِیِّ حَتّٰی یَبْلُغَ وَعَنِ الْمَعْتُوْهِ حَتّٰی یَعْقِلَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاهُ الدَّارِمِیُّ عَنْ عَائِشَةَ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْهُمَا)

حضرت علیؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ تین آدمیوں کے قول وفعل کا اعتبار نہیں ہے یعنی ان کا قول وفعل مواخذہ سے پاک ہے، ایک تو سونے والا جب تک وہ بیدار ہوکر ہوش میں نہ آجائے دوسرے بچہ جب تک وہ بالغ نہ ہوجائے اور تیسرے بے عقل جب تک اس کی عقل درست نہ ہوجائے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ دارمی نے اسے عائشہؓ سے اور ابن ماجہ نے دونوں سے روایت کیا ہے)

لونڈی کے لئے دو طلاقیں ہیں

۳۱۴۷ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ طَلَاقُ الْاَمَةِ تَطْلِیْقَتَانِ وَعِدَّتُهَا حَیْضَتَانِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ)۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں۔ رسول اللہ صلعم نے ارشاد فرمایا ہے لونڈی کے لئے دو طلاقیں ہیں اور اس کی عدّہ دو حیض۔ (یعنی لونڈی کو دو طلاقیں کافی ہیں) تیسری طلاق کی ضرورت نہیں ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

فصل سوم

اپنے خاوند سے طلاق یا خلع چاہنے والی عورت کے بارے میں وعید

۳۱۴۸ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُنْتَزِعَاتُ وَالْمُخْتَلِعَاتُ هُنَّ

حضرت ابوہریرہؓ نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے شوہروں کی نافرمانی کرنے والی عورتیں اور خلع کا مطالبہ کرنے

الْمُنَافِقَاتُ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ) والی عورتیں منافق ہیں۔ (نسائی)

عورت کے تمام مال کے عوض خلع کرنا مکروہ ہے

۳۱۴۹ وَعَنْ نَافِعٍ عَنْ مَوْلَاةٍ لِصَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ أَنَّهَا اخْتَلَعَتْ مِنْ زَوْجِهَا بِكُلِّ شَيْءٍ لَهَا فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت نافع صفیہ بنت ابوعبیدہؓ کی آزاد کردہ لونڈی سے نقل کرتے ہیں کہ صفیہ نے اپنے تمام مال کے مقابلہ میں اپنے شوہر سے خلع کا مطالبہ کیا اور عبداللہ بن عمرؓ نے اس سے انکار کیا (مالک)

بیک وقت تین طلاق دینا حرام ہے

۳۱۵۰ وَعَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ قَالَ أُخْبِرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلٰثَ تَطْلِيقَاتٍ جَمِيعًا فَقَامَ غَضْبَانَ ثُمَّ قَالَ أَيُلْعَبُ بِكِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَأَنَا بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ حَتّٰى قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلَا أَقْتُلُهُ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت محمود بن لبید رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم کو بتلایا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین اکٹھی طلاقیں دی ہیں آپ غضبناک ہو کر کھڑے ہو گئے اور فرمایا کیا خدا کی کتاب کے ساتھ کھیلا جاتا ہے حالانکہ میں تمہارے درمیان موجود ہوں یہ سن کر صحابہ رضؓ کی جماعت میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ص کیا میں اس کو قتل کر دوں۔ (نسائی)

۳۱۵۱ وَعَنْ مَالِكٍ بَلَغَهُ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي مِائَةَ تَطْلِيقَةٍ فَاذَا تَرٰى عَلَيَّ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ طُلِّقَتْ مِنْكَ بِثَلَاثٍ وَسَبْعٌ وَتِسْعُونَ اتَّخَذْتَ بِهَا آيَاتِ اللّٰهِ هُزُوًا (رَوَاهُ فِي الْمُؤَطَّا)

مالک رضؒ کہتے ہیں ان کو معلوم ہوا ہے کہ ایک شخص نے عبداللہ بن عباسؓ سے کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو سو طلاقیں دی ہیں، آپ میرے متعلق کیا حکم دیتے ہیں۔ ابن عباسؓ نے کہا تیری طلاقیں واقع ہوئیں (اور تیری بیوی تجھ سے علیحدہ ہو گئی) اور ستانوے طلاقوں سے تو نے خدا کی آیتوں کا مذاق اڑایا۔ (موطا)

اللہ تعالیٰ کے نزدیک طلاق ایک بری چیز ہے

۳۱۵۲ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مُعَاذُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ شَيْئًا عَلٰى وَجْهِ الْأَرْضِ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنَ الْعِتَاقِ وَلَا خَلَقَ اللّٰهُ شَيْئًا عَلٰى وَجْهِ الْأَرْضِ أَبْغَضَ إِلَيْهِ مِنَ الطَّلَاقِ۔ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ

حضرت معاذ بن جبل رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ معاذ رضؓ! خداوند تعالیٰ نے روئے زمین پر جتنی چیزیں پیدا کی ہے ان میں مجھے سب سے زیادہ محبوب غلام و لونڈی کا آزاد کرنا ہے۔ اور سب سے زیادہ مبغوض و ناپسندیدہ طلاق ہے۔ (دارقطنی)

بَابُ الْمُطَلَّقَةِ ثَلٰثًا جس عورت کو تین طلاقیں دی جائیں ان کا بیان

فصل اوّل

حلالہ کا صحیح ہونا دوسرے خاوند کے جماع کرنے پر موقوف ہے

۳۱۵۳ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتِ امْرَأَةُ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنِّي كُنْتُ عِنْدَ رِفَاعَةَ فَطَلَّقَنِي فَبَتَّ

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رفاعہ قرظی کی بیوی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا (میں رفاعہ کے نکاح میں تھی) اس نے مجھ کو تین طلاقیں دے دیں۔ پھر میں نے

لہ "خُلع" اصطلاحِ شرع میں اس معاملہ کو کہتے ہیں کہ جو مال کے مقابلے میں عورت سے علیحدگی کے لئے کیا جائے۔ اگر شوہر مال لے کر عورت سے خلع کرے تو عورت پر طلاقِ بائن واقع ہو جاتی ہے۔ ۱۲ مترجم

طَلَاقِيْ فَتَزَوَّجْتُ بَعْدَهٗ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ الزَّبِيْرِ وَمَا مَعَهٗ اِلَّا مِثْلُ هُدْبَةِ الثَّوْبِ فَقَالَ اَتُرِيْدِيْنَ اَنْ تَرْجِعِيْ اِلٰى رِفَاعَةَ فَقَالَتْ نَعَمْ قَالَ لَا حَتّٰى تَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهٗ وَيَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبدالرحمٰن بن زبیر رضہ سے نکاح کر لیا اور نہیں ہے اس کے پاس (یعنی اس کا عضو مخصوص) مگر پھندے کی مانند۔ آپ نے دریافت فرمایا کیا تو پھر رفاعہ کے پاس جانا چاہتی ہے؟ اس نے کہا، ہاں آپ نے فرمایا تو اس وقت تک رفاعہ سے نکاح نہیں کر سکتی جب تک کہ، عبدالرحمٰن تیرا ذائقہ نہ چکھ لے اور تو اس سے مزہ پالے (بخاری و مسلم)

فصل دوم

محلل اور محلل لہٗ پر آنحضرت صلعم کی طرف سے لعنت

۳۱۵۴ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُحَلِّلَ وَالْمُحَلَّلَ لَهٗ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ عَلِيٍّ وَّابْنِ عَبَّاسٍ وَّعُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے حلال کرنے والے اور حلال کرانے والے دونوں پر لعنت فرمائی ہے (یعنی ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں پھر اس نے ایک شخص سے کہا کہ تو اس سے نکاح کر کے میرے لئے حلال کر دے۔ ان دونوں شخصوں پر آپ نے لعنت فرمائی ہے۔ (دارمی۔ ابن ماجہ)

ایلاء کا مسئلہ

۳۱۵۵ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ اَدْرَكْتُ بِضْعَةَ عَشَرَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّهُمْ يَقُوْلُوْنَ يُوْقَفُ الْمُوْلِيْ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

سلیمان بن یسار رضہ کہتے ہیں کہ دس سے زیادہ نبی صلعم کے صحابیوں کو میں نے دیکھا ہے ان سب کا بیان ہے کہ ایلا کرانے والے کو مہلت دی جائے (یعنی جس شخص نے یہ قسم کھائی ہو کہ وہ چار مہینے تک یا اس سے زیادہ اپنی بیوی سے صحبت نہ کریگا میعاد گزرنے کے بعد اس کو وقف دیا جائے یعنی یا تو اپنی بیوی کو واپس لے لے اور قسم کا کفارہ دیدے اور یا طلاق دیدے۔ (شرح السنۃ)

ظہار کا حکم

۳۱۵۶ وَعَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ اَنَّ سَلْمَانَ بْنَ صَخْرٍ وَيُقَالُ لَهٗ سَلَمَةُ بْنُ صَخْرٍ الْبَيَاضِيُّ جَعَلَ اِمْرَاَتَهٗ عَلَيْهِ كَظَهْرِ اُمِّهٖ حَتّٰى يَمْضِيَ رَمَضَانُ فَلَمَّا مَضٰى نِصْفٌ مِّنْ رَمَضَانَ وَقَعَ عَلَيْهَا لَيْلًا فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْتِقْ رَقَبَةً قَالَ لَا اَجِدُهَا قَالَ فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قَالَ لَا اَسْتَطِيْعُ قَالَ اَطْعِمْ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا قَالَ لَا اَجِدُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِفَرْوَةَ بْنِ عَمْرٍو اَعْطِهٖ ذٰلِكَ الْعَرَقَ وَهُوَ مِكْتَلٌ يَاْخُذُ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا اَوْ سِتَّةَ عَشَرَ صَاعًا لِيُطْعِمَ سِتِّيْنَ

ابوسلمہ رضہ کہتے ہیں کہ نعمان بن صخر رضہ نے اپنی بیوی کو اپنے اور اپنی ماں کی پشت کے مانند قرار دیا (یعنی مثلاً یہ کہا کہ تو مجھ کو میری ماں کی پشت کی مانند ہے) اس وقت تک کہ جب تک رمضان ختم ہو۔ پھر وہاں رمضان ہی گزرا تھا کہ نعمان نے رات کو اپنی بیوی سے صحبت کر لی۔ پھر اس نے رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر واقعہ بیان کیا رسول اللہ صلعم نے اس کو حکم دیا کہ ایک غلام کو آزاد کر دے۔ اس نے عرض کیا، غلام اس کے پاس نہیں ہے۔ فرمایا دو مہینے مسلسل روزے رکھ۔ عرض کیا مجھ میں اتنی قوت نہیں (کہ دو ماہ کے مسلسل روزے رکھوں اور جماع سے اپنے آپ کو بچاؤں) فرمایا مسکینوں کو کھانا کھلا۔ عرض کیا اتنی گنجائش نہیں۔ رسول اللہ صلعم نے فروہ بن عمر رضہ کو حکم دیا کہ

مِسْكِيْنًا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ نَحْوَهٗ قَالَ كُنْتُ امْرَءًا اُصِيْبُ مِنَ النِّسَاءِ مَالَا يُصِيْبُ غَيْرِيْ وَفِيْ رِوَايَتِهِمَا اَغْشٰى اَبَادَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ فَاَطْعِمْ وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ بَيْنَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا۔)

اس کو کھجوروں کا وہ تھیلا دے دو (جو ایک شخص لایا تھا) اور اس تھیلے میں پندرہ یا سولہ صاع کھجوریں تھیں تاکہ وہ ان کو ساٹھ مسکینوں کو کھلا دے (ترمذی۔ ابن ماجہ۔ ابوداؤد۔ دارمی اور ابوداؤد وغیرہ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ سلمہؓ یا نعمانؓ بن صخرؓ نے یہ بھی کہا کہ میں اتنی زیادہ شہوت رکھتا ہوں کہ میرے برابر کوئی شخص عورتوں سے قربت نہ کرتا تھا۔)

اگر ظہار کرنے والا کفارہ دینے سے پہلے جماع کر لے تب بھی ایک ہی کفارہ واجب ہوگا۔

۳۱۵۷/۵ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمُظَاهِرِ يُوَاقِعُ قَبْلَ اَنْ يُّكَفِّرَ قَالَ كَفَّارَةٌ وَّاحِدَةٌ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت سلیمانؓ بن یسار، سلمہ بن صخر سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہار[1] کرنے والے کی نسبت فرمایا ہے کہ اگر وہ کفارہ دینے سے پہلے عورت سے صحبت کرے تو اس پر ایک ہی کفارہ واجب ہے۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

فصل سوم

۳۱۵۸/۶ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا ظَاهَرَ مِنِ امْرَاَتِهٖ فَغَشِيَهَا قَبْلَ اَنْ يُّكَفِّرَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ مَا حَمَلَكَ عَلٰى ذٰلِكَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَاَيْتُ بَيَاضَ خَلْخَالِهَا فِي الْقَمَرِ فَلَمْ اَمْلِكْ نَفْسِيْ اَنْ وَقَعْتُ عَلَيْهَا فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَرَهٗ اَنْ لَّا يَقْرَبَهَا حَتّٰى يُكَفِّرَ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهٗ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَرَوٰى اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ نَحْوَهٗ مُسْنَدًا وَّمُرْسَلًا وَقَالَ النَّسَائِيُّ الْمُرْسَلُ اَوْلٰى بِالصَّوَابِ مِنَ الْمُسْنَدِ۔)

عکرمہؓ ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے ظہار کیا اور پھر کفارہ دینے سے پہلے اس سے صحبت کر لی۔ اس کے بعد اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر واقعہ عرض کیا۔ آپ نے فرمایا تجھ کو ایسا کرنے پر (یعنی جماع کرنے پر) کس نے آمادہ کیا۔ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! چاندنی میں اس کی سفید پازیب مجھ کو نظر آئی اور میں اس سے جماع پر مجبور ہو گیا۔ رسول اللہ صلعم (یہ سن کر) مسکرائے اور پھر حکم دیا جب تک کفارہ ادا نہ کرے تو اس کے قریب نہ جا۔ (ابن ماجہ۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی نے اس کو مسنداً اور مرسلاً روایت کیا اور کہا مرسل بہتر ہے)۔

فصل اوّل

کفارۂ ظہار میں جو بردہ آزاد کیا جائے اس کا مومن ہونا ضروری ہے یا نہیں

۳۱۵۹/۷ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ جَارِيَةً كَانَتْ لِيْ تَرْعٰى غَنَمًا لِيْ فَجِئْتُهَا وَقَدْ فَقَدْتُ شَاةً مِنَ الْغَنَمِ فَسَاَلْتُهَا عَنْهَا فَقَالَتْ

حضرت معاویہ بن حکم رضؓ کہتے ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! میری ایک لونڈی ہے جو بکریاں چراتی ہے ایک روز میں اس کے پاس گیا ایک بکری کم پائی۔ میں نے اس سے پوچھا تو کہا بھیڑیا کھا گیا۔ مجھ کو اس پر غصہ آ گیا

---

[1] "ظہار" اصطلاح شرع میں بیوی کے کسی عضو کو ماں یا بہن وغیرہ اُن عورتوں کے کسی عضو سے جن سے نکاح حرام ہے تشبیہ دینے کو کہتے ہیں۔ اس تشبیہ سے بیوی اس پر حرام ہو جاتی ہے جب تک وہ کفارہ نہ دے۔ ۱۲ مترجم

اَكَلَهَا الذِّئْبُ فَاَسِفْتُ عَلَيْهَا وَكُنْتُ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ فَلَطَمْتُ وَجْهَهَا وَعَلَيَّ رَقَبَةٌ اَفَاُعْتِقُهَا فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْنَ اللّٰهُ فَقَالَتْ فِي السَّمَاءِ فَقَالَ مَنْ اَنَا فَقَالَتْ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْتِقْهَا۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ مُسْلِمٍ قَالَ كَانَتْ لِيْ جَارِيَةٌ تَرْعٰى غَنَمًا لِيْ قِبَلَ اُحُدٍ وَالْجَوَانِيَّةِ فَاطَّلَعْتُ ذَاتَ يَوْمٍ فَاِذَا الذِّئْبُ قَدْ ذَهَبَ بِشَاةٍ مِنْ غَنَمِهَا وَاَنَا رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ اٰسَفُ كَمَا يَاْسَفُوْنَ لٰكِنْ صَكَكْتُهَا صَكَّةً فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَظَّمَ ذٰلِكَ عَلَيَّ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْتِقُهَا ..... فَقَالَ ائْتِنِيْ بِهَا فَاَتَيْتُهُ بِهَا فَقَالَ لَهَا اَيْنَ اللّٰهُ قَالَتْ فِي السَّمَاءِ قَالَ مَنْ اَنَا قَالَتْ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ اَعْتِقْهَا فَاِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ

اور چونکہ میں انسان ہوں (جو غیظ و غضب میں آلودہ ہوتے ہیں) میں نے اس کے منہ پر تھپڑ مار دیا اور اس وقت مجھ پر کفارہ کے طور پر ایک غلام کا آزاد کرنا واجب ہے۔ کیا میں اس لونڈی کو آزاد کر دوں؟ آپ نے (لونڈی کو طلب فرمایا اور) اس سے پوچھا خدا کہاں ہے؟ اس نے کہا آسمان پر۔ آپ نے فرمایا میں کون ہوں؟ اس نے کہا آپ خدا کے رسول ہیں۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا اس کو آزاد کرے (مالک) اور مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ معاویہ نے کہا میری ایک لونڈی ہے جو اُحد اور مقام جوانیہ کی جانب میری بکریاں چراتی ہے۔ ایک روز میں نے اپنی بکریاں دیکھیں تو بھیڑیا ایک بکری اُٹھا کر لے گیا تھا اور میں ایک انسان ہوں (جس کو بشریت کے تقاضے سے غصہ آجانا معمولی بات ہے) مجھ کو بھی اسی طرح غصہ آتا ہے جس طرح اور آدمیوں کو۔ میں نے اس کو بہت مارنا چاہا لیکن صرف ایک تھپڑ پر اکتفا کی۔ پھر میں نے رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر واقعہ بیان کیا اور آپ نے میرے حق کو ایک امر اہم خیال کیا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا میں اس لونڈی کو آزاد کر دوں؟ آپ نے فرمایا اس لونڈی کو میرے پاس لے آ۔ چنانچہ میں اس کو لے آیا آپ نے اس سے پوچھا خدا کہاں ہے؟ اس نے کہا آسمان میں۔ پھر آپ نے پوچھا میں کون ہوں؟ عرض کیا آپ خدا کے رسول ہیں۔ آپ نے فرمایا آزاد کر دو یہ مسلمان ہے۔

بَابُ اللِّعَانِ

لعان کا بیان

فصل اوّل

دربار رسالتؐ میں لعان کا ایک واقعہ

۳۱۶۰۔ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدِ السَّاعِدِيِّ قَالَ اِنَّ عُوَيْمِرَ الْعَجْلَانِيَّ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ اِمْرَاَتِهٖ رَجُلًا اَيَقْتُلُهٗ فَيَقْتُلُوْنَهٗ اَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اُنْزِلَ فِيْكَ وَفِيْ صَاحِبَتِكَ فَاذْهَبْ فَاْتِ بِهَا قَالَ سَهْلٌ فَتَلَاعَنَا فِي الْمَسْجِدِ وَاَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ عُوَيْمِرٌ كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ

حضرت سہلؓ بن سعد ساعدی کہتے ہیں کہ عویمر عجلانی نے حضور صلعم سے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ اس شخص کو کیا حکم دیتے ہیں جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی اجنبی مرد کو پائے کیا وہ اس کو مار ڈالے۔ اگر وہ اس کو قتل کرے گا تو مقتول کے وارث اس کو مار ڈالیں گے ایسی صورت میں کیا کرنا چاہیئے؟ آپ نے فرمایا، خداوند تعالےٰ نے تیرے اور تیری بیوی کی نسبت حکم نازل فرمایا ہے تو جا اور اپنی بیوی کو بلا لا۔ سہل بن سعد کا بیان ہے کہ دونو میاں بیوی کا مسجد کے اندر ہم لوگوں کے سامنے لعان[1] کیا گیا جب

[1] لعان کے لغوی معنی ہیں لعنت کرنے کے اور اصطلاح شرع میں لعان اس لعنت کو کہتے ہیں جو مرد عورت دونوں ایک دوسرے پر زنا کی تہمت لگانے کی صورت میں، مثلاً ایک شخص اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائے تو حاکم شرع میاں بیوی دونوں کو بلائے اور وہ اپنے اپنے بیان کو ثابت کریں اگر دعوی گواہوں سے ثابت نہ ہو تو حاکم مرد اور عورت دونوں سے چار چار بار شہادت لے اور پانچویں بار لعان تحریر کرائے اس کے بعد دونوں میں تفریق کی جائے۔ مترجم

اَمْسَكْتُهَا فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنْظُرُوْا فَاِنْ جَاءَتْ بِهٖ اَسْحَمَ اَدْعَجَ الْعَيْنَيْنِ عَظِيْمَ الْاَلْيَتَيْنِ خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ فَلَا اَحْسِبُ عُوَيْمِرًا اِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا وَاِنْ جَاءَتْ بِهٖ اُحَيْمِرَ كَاَنَّهٗ وَحَرَةٌ فَلَا اَحْسِبُ عُوَيْمِرًا اِلَّا قَدْ كَذَبَ عَلَيْهَا فَجَاءَتْ بِهٖ عَلَى النَّعْتِ الَّذِيْ نَعَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَصْدِيْقِ عُوَيْمِرٍ فَكَانَ بَعْدُ يُنْسَبُ اِلٰى اُمِّهٖ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

لعان ہو چکا تو عویمر نے کہا اگر میں اس عورت کو اپنے پاس رکھوں تو گویا میں نے اس پر جھوٹی تہمت لگائی ہے۔ اس کے بعد اس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں۔ پھر رسول اللہ صلعم نے فرمایا اگر یہ عورت ایسا بچہ جنے جس کا رنگ سیاہ اور آنکھیں کالی ہوں کھوے بڑے ہوں اور دونوں پنڈلیوں کا گوشت بھرا ہو تو عویمر سچا ہے اور زنا کی تہمت درست ہے اور اگر ایسا بچہ جنے جس کا رنگ سرخ ہو گویا کہ بامنی کا سا رنگ ہے تو عویمر جھوٹا ہے چنانچہ عورت نے ایسا ہی بچہ جنا جس کی صفت رسول اللہ صلعم نے بیان کی ہے اور عویمر کا بیان سچا ثابت ہوا۔ اس کے بعد وہ بچہ اپنی ماں کی طرف منسوب ہوا۔ (بخاری و مسلم)

لعان کی صورت میں میاں بیوی کے درمیان تفریق کا ایک مسئلہ

۳۱۶۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاعَنَ بَيْنَ رَجُلٍ وَّامْرَاَتِهٖ فَانْتَفٰى مِنْ وَلَدِهَا فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا وَاَلْحَقَ الْوَلَدَ بِالْمَرْاَةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ حَدِيْثِهٖ لَهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَظَهٗ وَذَكَّرَهٗ وَاَخْبَرَهٗ اَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ ثُمَّ دَعَاهَا فَوَعَظَهَا وَذَكَّرَهَا وَاَخْبَرَهَا اَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ۔

حضرت ابن عمر رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے ایک مرد اور عورت کے درمیان لعان کیا اور پھر عورت اور مرد کے درمیان جدائی کر دی اور بچہ اس عورت کے ساتھ (یعنی اس کی جانب منسوب) رہا (بخاری و مسلم)

اور بخاری و مسلم میں ابن عمر رض کی ایک اور حدیث میں یہ الفاظ ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے اس شخص کو نصیحت فرمائی اور آخرت کا عذاب یاد دلایا اور فرمایا کہ دنیا کی تکلیف و عذاب بہت آسان ہے آخرت کے عذاب سے (تاکہ وہ جھوٹ نہ بولے) پھر عورت کو بلایا اس کو بھی نصیحت کی اور آخرت کا عذاب یاد دلایا اور آگاہ کیا کہ دنیا کا عذاب سہل ہے آخرت کے عذاب سے۔

لعان کرنے والے کا محاسبہ آخرت میں ہوگا

۳۱۶۲ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْمُتَلَاعِنَيْنِ حِسَابُكُمَا عَلَى اللّٰهِ اَحَدُكُمَا كَاذِبٌ لَا سَبِيْلَ لَكَ عَلَيْهَا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَالِيْ قَالَ لَا مَالَ لَكَ اِنْ كُنْتَ صَدَقْتَ عَلَيْهَا فَهُوَ بِمَا اسْتَحْلَلْتَ مِنْ فَرْجِهَا وَاِنْ كُنْتَ كَذَبْتَ عَلَيْهَا فَذَاكَ اَبْعَدُ وَاَبْعَدُ لَكَ مِنْهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رض کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے لعان کرنے والوں سے فرمایا۔ تمہارا حساب خدا کے ہاں ہوگا تم میں سے ایک ضرور جھوٹا ہے۔ اب تیرا اس عورت سے کوئی تعلق نہیں (یہ عورت تجھ پر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے حرام ہے) اس شخص نے کہا یا رسول اللہ ص! میرا مال (یعنی میرا دیا ہوا مہر) آپ نے فرمایا تیرا مال تجھ کو واپس نہ ملے گا۔ اگر تو اپنے دعوے میں سچا ہے تو تیرا مال اس کی شرمگاہ کو حلال کرنے کے بدلے میں گیا اور اگر تیرا دعویٰ جھوٹا ہے تو مہر کا واپس لینا تجھ سے بہت بعید ہے۔ (بخاری و مسلم)

آیت لعان کا شانِ نزول؟

۳۱۶۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ هِلَالَ ابْنَ اُمَيَّةَ قَذَفَ اِمْرَاَتَهٗ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عباس رض کہتے ہیں کہ ہلال بن امیہ نے نبی صلعم کے حضور میں اپنی بیوی پر شریک بن سحار کے ساتھ تہمت لگائی۔ نبی صلعم

بِشَرِيكِ بْنِ سَحْمَاءَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيِّنَةَ أَوْ حَدٌّ فِي ظَهْرِكَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِذَا رَأَى أَحَدُنَا عَلَى امْرَأَتِهِ رَجُلًا يَنْطَلِقُ يَلْتَمِسُ الْبَيِّنَةَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْبَيِّنَةَ وَإِلَّا حَدٌّ فِي ظَهْرِكَ فَقَالَ هِلَالٌ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ إِنِّي لَصَادِقٌ فَلَيُنْزِلَنَّ اللّٰهُ مَا يُبَرِّئُ ظَهْرِي مِنَ الْحَدِّ فَنَزَلَ جِبْرِيلُ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ فَقَرَأَ حَتّٰى بَلَغَ إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ فَجَاءَ هِلَالٌ فَشَهِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ أَنَّ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ ثُمَّ قَامَتْ فَشَهِدَتْ فَلَمَّا كَانَتْ عِنْدَ الْخَامِسَةِ وَقَفُوهَا وَقَالُوا إِنَّهَا مُوجِبَةٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَتَلَكَّأَتْ وَنَكَصَتْ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهَا تَرْجِعُ ثُمَّ قَالَتْ لَا أَفْضَحُ قَوْمِي سَائِرَ الْيَوْمِ فَمَضَتْ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْصِرُوهَا فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَكْحَلَ الْعَيْنَيْنِ سَابِغَ الْإِلْيَتَيْنِ خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيكِ بْنِ سَحْمَاءَ فَجَاءَتْ بِهِ كَذٰلِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا مَا مَضَى مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ لَكَانَ لِي وَلَهَا شَأْنٌ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

نے فرمایا گواہ لاؤ ورنہ تم پر شرعی حد قائم کی جائے گی۔ ہلال نے عرض کیا یا رسول اللہ! جب ہم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس کسی مرد کو دیکھے تو کیا وہ گواہوں کو ڈھونڈنے کے لئے جائے؟ نبی صلعم نے فرمایا گواہ لاؤ ورنہ تمہاری پشت پر حد قائم کی جائے گی۔ ہلال نے عرض کیا قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے اگر میں سچا ہوں تو خداوند تعالیٰ وہ احکام نازل فرمائے گا جس سے میری پشت حد سے پاک ہو جائے گی۔ چنانچہ جبرئیلؑ نازل ہوئے اور یہ آیت لائے وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ سے إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ تک۔ اس کے بعد ہلال حاضر ہوئے اور گواہی دی یعنی لعان کیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی شہادت کو سنتے جاتے اور فرماتے جاتے تھے۔ خداوند تعالیٰ جانتا ہے تم میں سے ایک ضرور جھوٹا ہے پس تم میں سے کون ہے جو توبہ کرے پھر عورت کھڑی ہوئی اور اس نے بھی لعان کیا یعنی چار مرتبہ اپنی ذات کی شہادت کی، جب وہ پانچویں مرتبہ گواہی دینے لگی تو صحابہ رضؓ نے اس کو روکا اور کہا کہ تیری آخری شہادت واجب کرنے والی ہے یعنی میاں بیوی کے درمیان جدائی کو یا عذاب آخرت کو، ابن عباسؓ کا بیان ہے کہ عورت یہ سن کر ٹھہر گئی۔ کچھ غور و تامل کیا جس سے ہم نے یہ خیال قائم کیا کہ وہ رجوع کر لے گی اور پانچویں مرتبہ قسم نہ کھائے گی، لیکن پھر اس (عورت) نے کہا میں اپنی قوم کو ساری عمر کے لئے ذلیل و رسوا نہ کروں گی اور پانچویں گواہی بھی اس نے پوری کر دی۔ اس کے بعد نبی صلعم نے فرمایا اگر یہ عورت سیاہ آنکھوں والا بھاری سرینوں والا اور موٹی پنڈلیوں کا بچہ جنے تو وہ بچہ شریک بن سحماء کا ہے۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی بچہ جنا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کتاب اللہ میں لعان کرنے والوں کا یہ حکم نہ ہوتا (تو دیکھتے کہ) میں اس عورت کو کیا سزا دیتا۔ (بخاری)

زنا کی تہمت چار گواہوں کے ذریعہ ثابت ہوتی ہے

۳۱۶۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ لَوْ وَجَدْتُ مَعَ أَهْلِي رَجُلًا لَمْ أَمَسَّهُ حَتّٰى آتِيَ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ قَالَ كَلَّا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ إِنْ كُنْتُ لَأُعَاجِلُهُ بِالسَّيْفِ قَبْلَ ذٰلِكَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَعُوا إِلٰى مَا يَقُولُ سَيِّدُكُمْ إِنَّهُ لَغَيُورٌ وَأَنَا أَغْيَرُ مِنْهُ وَاللّٰهُ أَغْيَرُ مِنِّي۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ سعد بن عبادہ رضؓ نے کہا کہ اگر میں اپنی بیوی کے پاس کسی غیر مرد کو پاؤں تو میں اس کو ہاتھ نہ لگاؤں جب تک چار گواہوں کو فراہم نہ کر لوں۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا (ہاں درست ہے) سعد نے کہا ہرگز نہیں۔ قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے شاہد بہم پہنچانے سے پہلے میں تلوار سے اس کا خاتمہ کر دوں گا۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا سنو تمہارا سردار کیا کہہ رہا ہے وہ البتہ غیرت مند ہے اور میں اس سے زیادہ غیرت مند ہوں اور اللہ مجھ سے زیادہ غیرت مند

اللہ سے زیادہ غیرت مند کوئی نہیں ہے

۳۱۶۵ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ لَوْ رَأَيْتُ رَجُلًا مَّعَ امْرَأَتِيْ لَضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ غَيْرَ مُصْفَحٍ فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَتَعْجَبُوْنَ مِنْ غَيْرَةِ سَعْدٍ وَاللّٰهِ لَاَنَا اَغْيَرُ مِنْهُ وَاللّٰهُ اَغْيَرُ مِنِّيْ وَمِنْ اَجْلِ غَيْرَةِ اللّٰهِ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا اَحَدٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ الْعُذْرُ مِنَ اللّٰهِ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ بَعَثَ الْمُنْذِرِيْنَ وَالْمُبَشِّرِيْنَ وَلَا اَحَدٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ الْمِدْحَةُ مِنَ اللّٰهِ وَمِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ وَعَدَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت مغیرہ رضؓ کہتے ہیں کہ سعد بن عبادہ رضؓ نے کہا اگر میں کسی غیر مرد کو اپنی عورت کے ساتھ دیکھوں تو میں تلوار سے اس کا خاتمہ کر دوں۔ رسول اللہ صلعم نے سعد رضؓ کے یہ الفاظ سنے تو فرمایا کیا تم سعد کی غیرت پر تعجب کرتے ہو خدا کی قسم میں اس سے زیادہ غیرت مند ہوں اور خداوند تعالیٰ مجھ سے زیادہ غیرت مند ہے اور خداوند تعالیٰ کی غیرت ہی کے سبب سے حرام کئے گئے ہیں وہ گناہ جو ظاہر ہیں اور جو پوشیدہ ہیں اور خداوند تعالیٰ سے زیادہ کوئی شخص عذر کو محبوب نہیں رکھتا اور اسی لئے خدا نے ڈرانے والوں اور بشارت دینے والوں (یعنی پیغمبروں) کو بھیجا ہے اور خداوند تعالیٰ سے زیادہ کوئی شخص تعریف کو پسند نہیں کرتا اور اسی لئے خداوند تعالیٰ نے جنت کا وعدہ فرمایا ہے۔ (بخاری و مسلم)

اللہ کی غیرت کا تقاضہ کیا ہے؟

۳۱۶۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَغَارُ وَغَيْرَةُ اللّٰهِ اَنْ لَّا يَاْتِيَ الْمُؤْمِنُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدائے تعالیٰ غیرت مند ہے اور مسلمان بھی غیرت مند ہے اور خداوند تعالیٰ کی غیرت یہ ہے کہ مسلمان بندہ اس کام کو نہ کرے جس کو خدا نے حرام قرار دیا ہے۔ (بخاری و مسلم)

محض معمولی علامتوں کی بناء پر اپنے بچہ کا انکار نہ کرو

۳۱۶۷/۸ وَعَنْهُ اَنَّ اَعْرَابِيًّا اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ امْرَاَتِيْ وَلَدَتْ غُلَامًا اَسْوَدَ وَاِنِّيْ اَنْكَرْتُهُ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَكَ مِنْ اِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا اَلْوَانُهَا قَالَ حُمْرٌ قَالَ هَلْ فِيْهَا مِنْ اَوْرَقَ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لَوُرْقًا قَالَ فَاَنّٰى تُرٰى ذٰلِكَ جَاءَهَا قَالَ عِرْقٌ نَزَعَهَا قَالَ فَلَعَلَّ هٰذَا عِرْقٌ نَزَعَهٗ وَلَمْ يُرَخِّصْ لَهٗ فِي الْاِنْتِفَاءِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک دیہاتی رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میری بیوی نے ایک کالا بچہ جنا ہے اور میں نے اس کا انکار کیا ہے (یعنی یہ کہ یہ بچہ میرے نطفہ سے نہیں ہے) رسول اللہ صلعم نے فرمایا کیا تیرے پاس اونٹ ہیں؟ عرض کیا، ہاں۔ فرمایا ان کا کیا رنگ ہے؟ عرض کیا سرخ۔ آپ نے فرمایا یہ خاکستری رنگ کے اونٹ کہاں سے پیدا ہو گئے (یعنی سرخ اونٹوں کے بچے خاکستری رنگ کے کیسے ہو گئے) عرض کیا کوئی رگ ہے جس نے ان کو خاکی رنگ کا بنا دیا۔ فرمایا شاید اسی رگ نے تیرے بچہ میں کالا رنگ پیدا کر دیا ہو۔ رسول اللہ صلعم نے اس کو سمجھا دیا کہ وہ اس لڑکے سے انکار نہ کرے۔ (بخاری و مسلم)

زنا کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے بچہ کا نسب زانی سے ثابت نہیں ہوتا

۳۱۶۸/۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ عُتْبَةُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَهِدَ اِلٰى اَخِيْهِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنَّ ابْنَ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ مِنِّيْ فَاقْبِضْهُ اِلَيْكَ

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ عتبہ بن ابی وقاص رضؓ نے اپنے بھائی سعد بن ابی وقاص رضؓ کو وصیت کی کہ زمعہ کی لونڈی کا بچہ میرے نطفہ سے ہے تم اس کو اس سے لے لینا۔ فتح مکہ کے سال میں سعد رضؓ

فَلَمَّا كَانَ عَامُ الْفَتْحِ اَخَذَهُ سَعْدٌ فَقَالَ اِنَّهُ ابْنُ اَخِیْ وَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ اَخِیْ فَتَسَاوَقَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَعْدٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَخِیْ كَانَ عَهِدَ اِلَیَّ فِیْهِ وَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ اَخِیْ وَابْنُ وَلِیْدَةِ اَبِیْ وُلِدَ عَلٰی فِرَاشِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هُوَ لَكَ یَا عَبْدُ بْنَ زَمْعَةَ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ ثُمَّ قَالَ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ اِحْتَجِبِیْ مِنْهُ لِمَا رَاٰی مِنْ شَبَهِهٖ بِعُتْبَةَ فَمَا رَاٰهَا حَتّٰی لَقِیَ اللّٰهَ وَفِیْ رِوَایَةٍ قَالَ هُوَ اَخُوْكَ یَا عَبْدُ بْنَ زَمْعَةَ مِنْ اَجْلِ اَنَّهٗ وُلِدَ عَلٰی فِرَاشِ اَبِیْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

نے اس بچہ کو لے لیا اور ظاہر کیا کہ وہ میرے بھائی کا بچہ ہے اور عبد بن زمعہ نے کہا کہ یہ بچہ میرا بھائی ہے۔ دونوں اپنا معاملہ رسول اللہ صلعم کے پاس لے گئے۔ سعد نے کہا یا رسول اللہ میرے بھائی نے مجھ کو یہ وصیت کی تھی کہ یہ میرا بچہ ہے اور عبد بن زمعہ نے کہا یہ بچہ میرا بھائی ہے اور میرے باپ کی لونڈی کا بیٹا ہے جو میرے باپ کے بستر پر پیدا ہوا ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عبد اللہ بن زمعہ تو ہی اس بچہ کا وارث ہے اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ یعنی بچہ اس کا ہے جس کے فرش پر پیدا ہوا اور زانی کے لئے پتھر ہیں یعنی وہ بچہ سے محروم ہے پھر آپ نے اپنی بیوی سودہ رضؓ سے کہا جو زمعہ کی بیٹی تھیں کہ تو اس بچہ سے پردہ کر کیونکہ اس میں عتبہ کی مشابہت پائی جاتی ہے۔ سودہ رضؓ نے لڑکے سے آخر عمر تک پردہ کیا اور کبھی اس کو نہ دیکھا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے فرمایا۔ عبد بن زمعہ! یہ تیرا بھائی ہے اس لئے کہ تیرے باپ کے فرش پر پیدا ہوا ہے۔ (بخاری و مسلم)

اثبات نسب میں قیافہ شناس کا قول معتبر ہے یا نہیں؟

۳۱۶۹ وَعَنْهَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ وَهُوَ مَسْرُوْرٌ فَقَالَ اَیْ عَائِشَةُ اَلَمْ تَرَیْ مُجَزِّزًا الْمُدْلِجِیَّ دَخَلَ فَلَمَّا رَاٰی اُسَامَةَ وَزَیْدًا وَّعَلَیْهِمَا قَطِیْفَةٌ قَدْ غَطَّیَا رُءُوْسَهُمَا وَبَدَتْ اَقْدَامُهُمَا فَقَالَ اِنَّ هٰذِهِ الْاَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ ایک روز نبی صلعم خوش خوش ان کے پاس آئے اور فرمایا عائشہ! مجزز مدلجی (قیافہ شناس) نے آسامہ و زید کو دیکھ کر جو چادر اوڑھے سو رہے تھے اور ان کے پاؤں کھلے ہوئے تھے کہا کہ یہ پاؤں بعض ان کے بعض میں سے ہیں یعنی ان پاؤں میں نسلی شرکت ہے (عرب کے لوگ کہا کرتے تھے کہ اسامہ رضؓ کا رنگ چونکہ زید رضؓ کے رنگ سے مختلف ہے اس لئے وہ زید رضؓ کا بیٹا نہیں ہے۔ اس قیافہ شناس کے کہنے سے اس کی تردید ہو گئی اور آپ اس سے بہت خوش ہوئے۔ زید بن حارثہ رضؓ یعنی اسامہ رضؓ کے باپ آنحضرت صلعم کے متبنیٰ تھے۔) (بخاری و مسلم)

اپنے باپ کا انکار کرنے والے کے بارے میں وعید

۳۱۷۰ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ وَاَبِیْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ادَّعٰی اِلٰی غَیْرِ اَبِیْهِ وَهُوَ یَعْلَمُ فَالْجَنَّةُ عَلَیْهِ حَرَامٌ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضؓ اور ابوبکرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو شخص اپنے باپ سے سوا دوسرے کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرے اور وہ اس حقیقت سے واقف ہو کہ وہ اس کا باپ نہیں ہے تو اس پر جنت حرام ہے (بخاری و مسلم)

۳۱۷۱ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَرْغَبُوْا عَنْ اٰبَائِكُمْ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ اَبِیْهِ فَقَدْ كَفَرَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ) وَقَدْ ذُكِرَ حَدِیْثُ عَائِشَةَ مَا مِنْ اَحَدٍ اَغْیَرُ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے اپنے باپوں سے اعراض نہ کرو یعنی ان کے نسب سے اپنے آپ کو بیگانہ نہ بناؤ۔ اس لئے کہ جس شخص نے اپنے باپ کے نسب سے اعراض کیا۔ اس نے کفرانِ نعمت کیا۔ (بخاری و مسلم) اور حضرت عائشہ

مِنَ اللّٰہِ فِی بَابِ صَلٰوۃِ الْخُسُوْفِ۔ کی حدیث "ما من احد الخ" صلوٰۃ الخسوف میں بیان کی جا چکی ہے۔

فصل دوم

اپنے بچہ کا انکار کرنے والا خدا کے دیدار سے محروم رہے گا

۳۱۷۲/۱۳ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّہٗ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَمَّا نَزَلَتْ اٰیَۃُ الْمُلَاعَنَۃِ اَیُّمَا امْرَاَۃٍ اَدْخَلَتْ عَلٰی قَوْمٍ مَّنْ لَّیْسَ مِنْھُمْ فَلَیْسَتْ مِنَ اللّٰہِ فِیْ شَیْءٍ وَلَنْ یُّدْخِلَھَا اللّٰہُ جَنَّتَہٗ وَاَیُّمَا رَجُلٍ جَحَدَ وَلَدَہٗ وَھُوَ یَنْظُرُ اِلَیْہِ اِحْتَجَبَ اللّٰہُ مِنْہُ وَفَضَحَہٗ عَلٰی رُءُوْسِ الْخَلَائِقِ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے لعان کی آیت نازل ہونے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو عورت کہ شامل کرے کسی قوم میں اس بچہ کو کہ جو اس میں سے نہیں ہے (یعنی زنا کا بچہ جنا اور اس کو اپنے خاوند کی طرف منسوب کر دیا) پس وہ عورت قابلِ اعتبار نہیں۔ خدا اس کو جنت میں داخل نہیں کرے گا۔ اور جو شخص انکار کرے اپنے بیٹے کا حالانکہ وہ جانتا ہے کہ وہ اسی کا بچہ ہے۔ خداوند تعالیٰ اس سے پردہ کرے گا یعنی اس کو خدا کا دیدار نصیب نہ ہوگا اور خداوند تعالیٰ اس کو اگلے اور پچھلے لوگوں میں رسوا کرے گا۔ (ابوداؤد۔ نسائی۔ دارمی)

بدکار بیوی کو طلاق دینا اولےٰ ہے

۳۱۷۳/۱۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ لِیْ امْرَاَۃً لَا تَرُدُّ یَدَ لَامِسٍ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ طَلِّقْھَا قَالَ اِنِّیْ اُحِبُّھَا قَالَ فَاَمْسِکْھَا اِذًا
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ وَرَفَعَہٗ اَحَدُ الرُّوَاۃِ اِلَی ابْنِ عَبَّاسٍ وَاَحَدُھُمْ لَمْ یَرْفَعْہُ قَالَ وَھٰذَا الْحَدِیْثُ لَیْسَ بِثَابِتٍ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میری عورت کسی چھونے والے ہاتھ سے انکار نہیں کرتی (یعنی جو شخص جماع کی خواہش کرتا ہے اس سے انکار کرنا نہیں چاہتی) آپ نے فرمایا اس کو طلاق دیدے۔ اس نے عرض کیا مجھ کو اس سے غیر معمولی محبت ہے۔ آپ نے فرمایا تو پھر اپنے پاس رکھ (امام نسائی فرماتے ہیں اسے بعض راویوں نے مرفوعاً اور بعض نے موقوفاً روایت کیا ہے اور یہ حدیث ثابت نہیں۔) (ابوداؤد۔ نسائی)

اثبات نسب کے سلسلہ میں ایک واضح ہدایت وضابطہ

۳۱۷۴/۱۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَضٰی اَنَّ کُلَّ مُسْتَلْحَقٍ اُسْتُلْحِقَ بَعْدَ اَبِیْہِ الَّذِیْ یُدْعٰی لَہٗ اِدِّعَاءُ وِرَثَتِہٖ فَقَضٰی اَنَّ مَنْ کَانَ مِنْ اَمَۃٍ یَمْلِکُھَا یَوْمَ اَصَابَھَا فَقَدْ لَحِقَ بِمَنِ اسْتَلْحَقَہٗ وَلَیْسَ لَہٗ مِمَّا قُسِمَ قَبْلَہٗ مِنَ الْمِیْرَاثِ شَیْءٌ وَّ

عمرو بن شعیب رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچہ کی نسبت جس کو اس کے باپ کے مرنے کے بعد اس کے وارثوں میں شامل کیا گیا یہ حکم صادر فرمانے کا ارادہ کیا کہ جو بچہ ایسی لونڈی سے پیدا ہو کہ اس کا باپ اس روز اس لونڈی کا مالک ہو جس روز کہ اس نے اس سے صحبت کی ہے تو وہ بچہ اس کے نسب میں شامل ہو گیا،

مَا اَدْرَكَ مِنْ مِّيْرَاثٍ لَمْ يُقْسَمْ فَلَهٗ نَصِيْبُهٗ وَ لَا يُلْحَقُ اِذَا كَانَ اَبُوْهُ الَّذِيْ يُدْعٰى لَهٗ اَنْكَرَهٗ فَاِنْ كَانَ مِنْ اَمَةٍ لَمْ يَمْلِكْهَا اَوْ مِنْ حُرَّةٍ عَاهَرَ بِهَا فَاِنَّهٗ لَا يُلْحَقُ وَلَا يَرِثُ وَاِنْ كَانَ الَّذِيْ يُدْعٰى لَهٗ هُوَ الَّذِيْ ادَّعَاهُ فَهُوَ وَلَدُ زَنْيَةٍ مِنْ حُرَّةٍ كَانَ اَوْ اَمَةٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اور اس کا وارث ہوا اور اس کے پیدا ہونے سے پہلے جو مال تقسیم ہو چکا ہے اس میں اس کا کوئی حصہ نہیں ہے اور میراث اس کے پیدا ہونے کے بعد پائی جائے اور تقسیم نہ ہوئی ہو تو اس میں اس کا حصہ نہیں ہے اور وہ بچہ جس کے باپ نے اس سے انکار کیا ہے اس کے نسب میں شامل نہیں ہو سکتا، خواہ وہ بچہ اس لونڈی سے ہو جس سے اس نے اس روز صحبت کی ہو جس روز کہ وہ اس کا مالک نہ ہوا اور خواہ آزاد عورت سے زنا کیا ہو اور وہ بچہ اسکا نہ ہو تو اس کے نسب میں شامل نہ ہوگا اور نہ اس کے مال کا وارث قرار پائے گا اگرچہ خود بخود بچہ کے باپ نے اس کا دعویٰ کیا ہو کہ وہ بچہ اس کا ہے، تو وہ بچہ حرامی ہوگا لونڈی سے یا آزاد عورت سے۔ (ابوداؤد)

غیرت بعض صورتوں میں پسندیدہ اور بعض میں ناپسندیدہ ہے

۳۱۷۵ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَتِيْكٍ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنَ الْغَيْرَةِ مَا يُحِبُّ اللّٰهُ وَمِنْهَا مَا يُبْغِضُ اللّٰهُ فَاَمَّا الَّتِيْ يُحِبُّهَا اللّٰهُ فَالْغَيْرَةُ فِي الرِّيْبَةِ وَاَمَّا الَّتِيْ يُبْغِضُهَا اللّٰهُ فَالْغَيْرَةُ فِيْ غَيْرِ رِيْبَةٍ وَاِنَّ مِنَ الْخُيَلَاءِ مَا يُبْغِضُ اللّٰهُ وَمِنْهَا مَا يُحِبُّ اللّٰهُ فَاَمَّا الْخُيَلَاءُ الَّتِيْ يُحِبُّ اللّٰهُ فَاخْتِيَالُ الرَّجُلِ عِنْدَ الْقِتَالِ وَاخْتِيَالُهٗ عِنْدَ الصَّدَقَةِ وَاَمَّا الَّتِيْ يُبْغِضُ اللّٰهُ فَاخْتِيَالُهٗ فِي الْفَخْرِ وَفِيْ رِوَايَةٍ فِي الْبَغْيِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت جابرؓ بن عتیک کہتے ہیں۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ غیرت کی ایک قسم وہ ہے جس کو خداوند تعالیٰ پسند کرتا ہے اور ایک قسم وہ ہے جس کو خداوند تعالیٰ بُرا سمجھتا ہے۔ پس وہ غیرت جس کو خداوند تعالیٰ پسند کرتا ہے وہ غیرت ہے جو شک و شبہ کی جگہ میں ہو (جیسے بیوی یا لونڈی پر شک و شبہ ہو کہ اس کا تعلق کسی دوسرے شخص سے ہے) اور وہ غیرت جس کو خداوند تعالیٰ بُرا سمجھتا ہے وہ غیرت ہے جو شک و شبہ کے مقام پر نہ ہو (یعنی خواہ مخواہ کا گمان ہوا اور شک کا کوئی قرینہ نہ ہو) اور غرور و تکبّر میں سے بعض وہ تکبّر ہے جو خدا کو پسند ہے اور بعض وہ ہے جو خدا کو پسند نہیں۔ پس وہ تکبر جو خدا کو پسند ہے وہ تکبّر کرنا ہے جو لڑائی کے وقت (یعنی کفار سے جہاد کے وقت) ظاہر کیا جاتا ہے اور وہ تکبّر جو خدا کو پسند نہیں ہے صدقہ اور خیرات کے وقت تکبر کرنا ہے یعنی بے پروائی کے ساتھ دینا اور تھوڑی خیرات کو بہت سمجھنا اور وہ تکبر جو خدا کو پسند نہیں ہے وہ نسب پر فخر کرنا ہے اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں وہ تکبر جو خدا کو پسند نہیں ظلم میں تکبر کرنا ہے (احمد، ابوداؤد)

فصل سوم

ولد الزنا کا نسب زانی سے ثابت نہیں ہوتا

۳۱۷۶ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے

قَالَ قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فُلَانًا ابْنِيْ عَاهَرْتُ بِاُمِّهٖ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا دِعْوَةَ فِي الْاِسْلَامِ ذَهَبَ اَمْرُ الْجَاهِلِيَّةِ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا، زمانۂ جاہلیت کی بات گئی گزری ہوئی، اسلام کے عہد میں اس کا دعوے نہیں چل سکتا۔ بچہ صاحب فراش کا ہے اور زانی کے لئے پتھر یعنی محرومی۔ (ابوداؤد)

وہ چار عورتیں جن سے لعان نہیں ہوتا

۳۱۷۷/۱۸ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعٌ مِّنَ النِّسَاءِ لَا مُلَاعَنَةَ بَيْنَهُنَّ النَّصْرَانِيَّةُ تَحْتَ الْمُسْلِمِ وَالْيَهُوْدِيَّةُ تَحْتَ الْمُسْلِمِ وَالْحُرَّةُ تَحْتَ الْمَمْلُوْكِ وَالْمَمْلُوْكَةُ تَحْتَ الْحُرِّ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور اُن کے والد سے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ نبی صلعم نے فرمایا ہے چار عورتیں ہیں جن میں لعان جاری نہیں ہوتا۔ ایک تو اس نصرانی عورت پر جو کسی مسلمان کے نکاح میں ہو، دوسری اس یہودی عورت پر جو مسلمان کے نکاح میں ہو تیسرے اس آزاد عورت پر جو کسی غلام کے نکاح میں ہو چوتھی اس لونڈی پر جو آزاد مرد کے نکاح میں ہو۔ (ابن ماجہ)

آنحضرتؐ حتی الامکان لعان سے باز رکھنا چاہتے تھے

۳۱۷۸/۱۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ رَجُلًا حِيْنَ اَمَرَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ اَنْ يَّتَلَاعَنَا اَنْ يَّضَعَ يَدَهٗ عِنْدَ الْخَامِسَةِ عَلٰى فِيْهِ وَقَالَ اِنَّهَا مُوْجِبَةٌ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ دو شخصوں کا لعان ہو رہا تھا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو حکم دیا کہ جب یہ لوگ پانچویں مرتبہ گواہی دیں تو تو ان کے مُنہ پر ہاتھ رکھ دینا اس لئے کہ پانچویں مرتبہ کی شہادت واجب کر دینے والی ہے (یعنی واجب ہوتا ہے اور تفریق عمل میں آجاتی ہے۔ (نسائی)

شیطان میاں بیوی کو ایک دوسرے سے بدظن کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

۳۱۷۹/۲۰ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِهَا لَيْلًا قَالَتْ فَغِرْتُ عَلَيْهِ فَجَاءَ فَرَاٰى مَا اَصْنَعُ فَقَالَ مَالَكِ يَا عَائِشَةُ اَغِرْتِ فَقُلْتُ وَمَالِيَ لَا يَغَارُ مِثْلِيْ عَلٰى مِثْلِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ جَاءَكِ شَيْطَانُكِ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمَعِيْ شَيْطَانٌ قَالَ نَعَمْ

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک رات کو میرے پاس سے اُٹھ کر چلے گئے۔ حضرت عائشہ رضؓ کا بیان ہے کہ اس پر مجھ کو غیرت پیدا ہوئی (تھوڑی دیر بعد) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے اور میں جس خلجان میں مبتلا تھی اس کو ملاحظہ فرمایا اور ارشاد کیا کہ اے عائشہ رضؓ تم کو کیا ہوا، کیا تم مجھ پر غیرت کرتی ہو؟ میں نے عرض کیا مجھ کو کیا ہوا کہ مجھ جیسی عورت آپ جیسے مرد پر غیرت نہ کرے۔ آپ نے فرمایا تیرے پاس تیرا شیطان

قُلْتُ وَمَعَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ وَلٰكِنَّ اَعَانَنِيَ اللّٰهُ عَلَيْهِ حَتّٰى اَسْلَمَ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

آیا ہے اور تجھ کو وسوسہ میں ڈال گیا ہے۔ عائشہ رضؓ کہتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے ساتھ شیطان ہے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں۔ میں نے عرض کیا اور آپؐ کے ساتھ؟ فرمایا ہاں میرے ساتھ بھی شیطان ہے لیکن خداوند تعالےٰ نے مجھ کو اس پر مدد دی ہے، اور میں اس سے محفوظ ہوں۔ (مسلم)

بَابُ الْعِدَّةِ عدّت کا بیان

فَصْلُ اوّل

عدّت کے دنوں میں شوہر پر نفقہ اور سکنی واجب ہے یا نہیں؟

۳۱۸۰/۱ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ

ابوسلمہ رضؓ کہتے ہیں کہ فاطمہ رضؓ بنت قیس رضؓ نے یہ بیان کیا ہے

اَنَّ اَبَا عَمْرِو بْنِ حَفْصٍ طَلَّقَهَا اَلْبَتَّةَ وَهُوَ غَائِبٌ فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا وَكِيْلُهُ الشَّعِيْرَ فَسَخِطَتْهُ فَقَالَ وَاللّٰهِ مَالَكِ عَلَيْنَا مِنْ شَيْءٍ فَجَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ لَيْسَ لَكِ نَفَقَةٌ فَاَمَرَهَا اَنْ تَعْتَدَّ فِيْ بَيْتِ اُمِّ شَرِيْكٍ ثُمَّ قَالَ تِلْكَ امْرَاَةٌ يَغْشَاهَا اَصْحَابِيْ اِعْتَدِّيْ عِنْدَ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَاِنَّهٗ رَجُلٌ اَعْمٰى تَضَعِيْنَ ثِيَابَكِ فَاِذَا حَلَلْتِ فَاٰذِنِيْنِيْ قَالَتْ فَلَمَّا حَلَلْتُ ذَكَرْتُ لَهٗ اَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِيْ سُفْيَانَ وَاَبَا جَهْمٍ خَطَبَانِيْ فَقَالَ اَمَّا اَبُوْ الْجَهْمِ فَلَا يَضَعُ عَصَاهُ عَنْ عَاتِقِهٖ وَاَمَّا مُعَاوِيَةُ فَصُعْلُوْكٌ لَا مَالَ لَهٗ اِنْكِحِيْ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فَكَرِهْتُهٗ ثُمَّ قَالَ اِنْكِحِيْ اُسَامَةَ فَنَكَحْتُهٗ فَجَعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا وَاغْتَبَطْتُ وَفِيْ رِوَايَةٍ عَنْهَا قَالَ فَاَمَّا اَبُوْ جَهْمٍ فَرَجُلٌ ضَرَّابٌ لِلنِّسَاءِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنَّ زَوْجَهَا طَلَّقَهَا ثَلَاثًا فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا نَفَقَةَ لَكِ اِلَّا اَنْ تَكُوْنِيْ حَامِلًا۔

کہ ابو عمرو بن حفص رضؓ ان کے شوہر نے ان کو تین طلاقیں دیں اور ابو عمرو یعنی ان کا شوہر ان کے پاس موجود نہ تھا، یعنی کہیں باہر تھا وہاں سے طلاقیں کہہ کر یا کہلا بھیج دی تھیں۔ پھر ابو عمرو کے وکیل (کارندے) نے فاطمہ کے لئے جَو بھیجے۔ فاطمہ ناراض ہو گئی (اس لئے کہ جَو اس کے خیال میں کم تھے) وکیل نے فاطمہ سے کہا خدا کی قسم ہم پر تیرا کوئی حق نہیں ہے (یعنی تیرا نفقہ ہم پر واجب نہیں ہے ہم جو کچھ دے رہے ہیں وہ احسان وسلوک کے طور پر ہے) اس کے بعد فاطمہ رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور واقعہ بیان کیا، آپ نے فرمایا تیرا نفقہ شوہر پر واجب نہیں۔ پھر آپ نے فاطمہ کو حکم دیا کہ وہ ام شریک کے گھر میں عدّت کے دن گزارے۔ پھر آپ نے فرمایا ام شریک ایک ایسی عورت ہے جس کے گھر میں میرے اصحاب (یعنی ام شریک کے اعزّہ واقربا) کی آمد ورفت رہتی ہے اس لئے تو ابن ام مکتوم کے ہاں عدّۃ کے دن بسر کر، وہ ایک اندھا آدمی ہے وہاں تجھ کو کپڑوں کی (یعنی پردہ کی) ضرورت نہ ہوگی پھر جب حلال ہو جائے یعنی تیری عدّت کے دن پورے ہو جائیں تو مجھ کو خبر دے (تاکہ میں تیرے نکاح کا فکر کروں) فاطمہ کا بیان ہے کہ جب میری عدّۃ کے دن پورے ہو گئے، تو میں نے رسول اللہ صلعم سے عرض کیا کہ معاویہ بن ابوسفیان اور ابوجہم نے میرے پاس نکاح کا پیام بھیجا ہے۔ آپ نے فرمایا ابوجہم وہ تو ایک ایسا آدمی ہے جس کے کاندھے سے لاٹھی کبھی جدا نہیں ہوتی (یعنی وہ نہایت تند مزاج ہے ہر وقت لاٹھی کاندھے پر رکھتا ہے) اور معاویہ ایک مفلس آدمی ہے جس کے پاس کچھ نہیں ہے تو اُسامہ بن زید رضؓ سے نکاح کر لے۔ فاطمہ کا بیان ہے کہ میں نے آپ کے اس مشورہ کو پسند نہیں کیا۔ آپ نے پھر فرمایا تو اُسامہ رضؓ سے نکاح کر لے چنانچہ میں نے اسامہ رضؓ سے نکاح کر لیا اور خداوند تعالیٰ نے اس نکاح میں برکت عطا فرمائی اور مجھ پر رشک کیا جانے لگا۔ اور ایک روایت میں فاطمہ سے یہ الفاظ منقول ہیں کہ آپ نے فرمایا ابوجہم عورتوں کو بہت مارنے والا آدمی ہے۔ (مسلم) اور ایک روایت میں ہے کہ فاطمہ کے شوہر نے تین طلاقیں دیں۔ فاطمہ رضؓ نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا تیرے لئے نفقہ نہیں ہے البتہ اگر تو حاملہ ہوتی تو تیرا نفقہ شوہر پر واجب ہوتا۔ (بخاری ومسلم)

۳۱۸۱/۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ فَاطِمَةَ كَانَتْ فِي مَكَانٍ وَحْشٍ فَخِيفَ عَلٰى نَاحِيَتِهَا فَلِذٰلِكَ رَخَّصَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعْنِي فِي النَّقْلَةِ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَتْ مَالِفَاطِمَةَ اَلَا تَتَّقِي اللّٰهَ تَعْنِي فِي قَوْلِهَا لَا سُكْنٰى وَلَا نَفَقَةَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ فاطمہ بنت قیس جس مکان میں رہتی تھی وہ ویرانہ میں تھا اور وہاں ہر وقت اندیشہ رہتا تھا اسی وجہ سے رسول اللہ صلعم نے اس کو اجازت دیدی تھی کہ وہ عدت کے ایام ہی میں وہاں سے اٹھ آئے۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضرت عائشہ رضؓ نے فاطمہ سے کہا تو خدا سے نہیں ڈرتی جو یہ کہتی ہے کہ جس عورت کو تین طلاقیں دیجائیں اس کے لئے نہ تو رہنے کے لئے گھر ہے اور نہ نفقہ (یعنی تو جو اس قول کو نبی صلعم کی طرف منسوب کرتی ہے خدا سے نہیں ڈرتی، آپ نے ایسا نہ فرمایا ہوگا۔) (بخاری و مسلم)

۳۱۸۲/۳ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ اِنَّمَا نُقِلَتْ فَاطِمَةُ لِطُوْلِ لِسَانِهَا عَلٰى اَحْمَائِهَا۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

سعید بن مسیبؒ کہتے ہیں کہ فاطمہ بنت قیس رضؓ کو عدت کے ایام میں اس لئے اس کے شوہر کے گھر سے اٹھایا گیا تھا کہ شوہر کے عزیزوں سے زبان درازی کرتی تھیں۔ (شرح السنۃ)

عدت کے زمانہ میں کسی ضرورت سے گھر سے باہر نکلنا جائز ہے یا نہیں

۳۱۸۳/۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ طُلِّقَتْ خَالَتِي ثَلَاثًا فَاَرَادَتْ اَنْ تَجُدَّ نَخْلَهَا فَزَجَرَهَا رَجُلٌ اَنْ تَخْرُجَ فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَلٰى فَجُدِّي نَخْلَكِ فَاِنَّهٗ عَسٰى اَنْ تَصَدَّقِي اَوْ تَفْعَلِي مَعْرُوْفًا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ میری خالہ کو تین طلاقیں دی گئیں، اُس نے ارادہ کیا کہ گھر سے باہر جاکر کھجوریں کاٹے ایک شخص نے اس کو اس سے روکا اور باہر جانے سے منع کیا۔ وہ نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور واقعہ بیان کیا۔ آپ نے فرمایا جا اور اپنے درخت کے کھجور کاٹ لا۔ شاید تو ان کھجوروں سے صدقہ دے یا کوئی احسان ان کے ذریعہ کرسکے۔ (مسلم)

حاملہ کی عدت، وضع حمل ہے

۳۱۸۴/۵ وَعَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اَنَّ سُبَيْعَةَ الْاَسْلَمِيَّةَ نُفِسَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ فَجَاءَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاْذَنَتْهُ اَنْ تَنْكِحَ فَاَذِنَ لَهَا فَنَكَحَتْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت مسور بن مخرمہ رضؓ کہتے ہیں کہ اپنے شوہر کے مرنے کے کچھ عرصہ بعد سبیعہ اسلمیہ نے بچہ جنا پھر وہ نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور نکاح کی اجازت طلب کی۔ آپ نے اس کو اجازت دیدی، اور اس نے نکاح کرلیا۔ (بخاری)

عدت کے دنوں میں سرمہ لگانے کی ممانعت

۳۱۸۵/۶ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ ابْنَتِي تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَقَدِ اشْتَكَتْ عَيْنُهَا اَفَنَكْحُلُهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا كُلُّ ذٰلِكَ يَقُوْلُ لَا ثُمَّ قَالَ اِنَّمَا هِيَ اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَعَشْرٌ وَقَدْ كَانَتْ اِحْدٰكُنَّ فِي الْجَاهِلِيَّةِ تَرْمِي بِالْبَعْرَةِ عَلٰى رَاْسِ الْحَوْلِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت امّ سلمہ رضؓ کہتی ہیں کہ ایک عورت نے نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا یا رسول اللہ میری بیٹی کا شوہر مرگیا ہے اور اس کی آنکھیں دُکھتی ہیں کیا میں اس کے سرمہ لگادوں؟ رسول اللہ صلعم نے فرمایا، نہیں۔ اس عورت نے دو مرتبہ یا تین مرتبہ دریافت کیا اور آپ نے ہر بار یہی فرمایا کہ نہیں۔ پھر آپ نے فرمایا کہ عدت چار مہینے اور دس دن کی ہے اور ایام جاہلیت میں تو تم بیوہ ہونے کے بعد سال بھر تک عدت میں رہتی تھیں، اور منگنیاں پھینکا کرتی تھیں۔ (بخاری و مسلم)

زمانۂ عدت میں سوگ کرنے کا حکم

۳۱۸۶/۷ وَعَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ وَزَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ تُحِدَّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلٰثِ لَيَالٍ اِلَّا عَلٰى زَوْجٍ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ام حبیبہؓ اور زینب بنت جحش کہتی ہیں۔ رسول اللہؐ نے فرمایا ہے کہ کسی مسلمان عورت کو جو خدا اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہے کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ کرنا جائز نہیں ہے مگر شوہر کا سوگ کہ چار مہینے دس دن کیا جائے۔ (بخاری و مسلم)

۳۱۸۷/۸ وَعَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحِدُّ امْرَأَةٌ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلٰثٍ اِلَّا عَلٰى زَوْجٍ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا وَلَا تَلْبَسُ ثَوْبًا مَّصْبُوْغًا اِلَّا ثَوْبَ عَصْبٍ وَّلَا تَكْتَحِلُ وَلَا تَمَسُّ طِيْبًا اِلَّا اِذَا طَهُرَتْ نُبْذَةً مِّنْ قُسْطٍ اَوْ اَظْفَارٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَزَادَ اَبُوْدَاوٗدَ وَلَا تَخْتَضِبُ۔

حضرت اُم عطیہؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کوئی عورت کسی میّت پر تین دن سے زیادہ سوگ نہ کرے مگر شوہر کے مرنے پر چار مہینے دس دن تک سوگ کیا کرے۔ ان ایّام میں نہ تو رنگین کپڑا پہنے مگر وہ چادر جس کا سُوت رنگ کر بُنی گئی ہو استعمال کی جاسکتی ہے اور نہ اُن دنوں میں سُرمہ اور خوشبو لگائے مگر جب کہ حیض سے پاک ہو اس وقت قُسط اور اَظفار کی معمولی خوشبو استعمال کی جاسکتی ہے (بخاری و مسلم) اور ابوداؤد کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ان ایّام میں مہندی سے بالوں کو کبھی نہ رنگے۔

فصل دوم

معتدہ کو بلا ضرورت ایک مکان سے دوسرے میں منتقل ہونا جائز نہیں

۳۱۸۸/۹ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ كَعْبٍ اَنَّ الْفُرَيْعَةَ بِنْتَ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ وَهِيَ اُخْتُ اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ اَخْبَرَتْهَا اَنَّهَا جَاءَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُهٗ اَنْ تَرْجِعَ اِلٰى اَهْلِهَا فِيْ بَنِيْ خُدْرَةَ فَاِنَّ زَوْجَهَا خَرَجَ فِيْ طَلَبِ اَعْبُدٍ لَّهٗ اَبَقُوْا فَقَتَلُوْهُ قَالَتْ فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَرْجِعَ اِلٰى اَهْلِيْ فَاِنَّ زَوْجِيْ لَمْ يَتْرُكْنِيْ فِيْ مَنْزِلٍ يَّمْلِكُهٗ وَلَا نَفَقَةٍ فَقَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ فَانْصَرَفْتُ حَتّٰى اِذَا كُنْتُ فِي الْحُجْرَةِ اَوْ فِي الْمَسْجِدِ دَعَانِيْ فَقَالَ امْكُثِيْ فِيْ بَيْتِكِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ قَالَتْ فَاعْتَدَدْتُ فِيْهِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ۔)

زینبؓ بنت کعب کہتی ہیں کہ فُریعہ بنت مالک بن سنان نے جو ابوسعید خدری رضؓ کی بہن ہیں مجھ کو خبر دی ہے کہ وہ رسُول اللہ صلعم کی خدمت میں یہ بات پوچھنے کے لئے حاضر ہوئیں کہ ان کا شوہر اپنے بھاگے ہوئے غلاموں کی تلاش میں گیا تھا کہ غلاموں نے ان کو مار ڈالا۔ اب ان کو اپنے شوہر کے گھر میں عدّت کے دن گزارنے چاہئیں۔ لیکن وہ چاہتی ہے کہ اپنے قبیلے بنی خدرہ میں جاکر عدت کے دن بسر کرے۔ فریعہ بنت مالک کا بیان ہے کہ انھوں نے رسُول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہوکر دریافت کیا کہ کیا وہ اپنے گھر والوں میں جاکر عدّت کے دن بسر کرسکتی ہے اس لئے کہ ان کے شوہر نے اپنا کوئی ذاتی گھر نہیں چھوڑا ہے اور نہ ان کے پاس ہے۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا۔ ہاں (تم اپنے گھر والوں میں جاسکتی ہو) فریعہ کہتی ہیں کہ میں اپنے گھر والوں میں چلی گئی۔ جب میں صحنِ مسجدِ نبوی میں پہنچی تو آپ نے مجھ کو بلاکر فرمایا۔ تم اپنے اسی گھر میں جاکر رہو جس میں تمہارے شوہر نے تم کو چھوڑا ہے اس وقت تک تمہاری عدّت کے دن پورے ہوں۔ فُریعہ کہتی ہیں کہ میں چار مہینے اور دس دن تک اسی مکان میں رہی۔ (مالک۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

عدت کے دنوں میں بناؤ سنگار کی کوئی بھی چیز استعمال نہ کی جائے

۳۱۸۹ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ تُوُفِّيَ اَبُوْسَلَمَةَ وَقَدْ جَعَلْتُ عَلَيَّ صَبِرًا فَقَالَ مَا هٰذَا يَا اُمَّ سَلَمَةَ قُلْتُ اِنَّمَا هُوَ صَبِرٌ لَيْسَ فِيْهِ طِيْبٌ فَقَالَ اِنَّهٗ يَشُبُّ الْوَجْهَ فَلَا تَجْعَلِيْهِ اِلَّا بِاللَّيْلِ وَتَنْزِعِيْهِ بِالنَّهَارِ وَلَا تَمْتَشِطِيْ بِالطِّيْبِ وَلَا بِالْحِنَّاءِ فَاِنَّهٗ خِضَابٌ قُلْتُ بِاَيِّ شَيْءٍ اَمْتَشِطُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بِالسِّدْرِ تُغَلِّفِيْنَ بِهٖ رَاْسَكِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت امّ سلمہ رضؓ کہتی ہیں کہ جب میرے شوہر ابوسلمہ کا انتقال ہوا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے میں نے اس وقت اپنے چہرے پر ایلوا لگا رکھا تھا۔ آپ نے پوچھا امّ سلمہ یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا یہ ایلوا ہے جس میں کسی قسم کی خوشبو نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا ایلوا چہرہ کو چمک دار بنا دیتا ہے اس لئے تم اگر لگاؤ تو رات کے وقت لگاؤ اور دن کو دھوڈالو اور خوشبو کے ساتھ کنگھی بھی نہ کرو اور نہ مہندی کے ساتھ کنگھی کرو اس لئے کہ مہندی کا رنگ سرخ ہوتا ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! پھر کس چیز کے ساتھ کنگھی کروں فرمایا بیری کے پتوں کو سر پر اتنا ڈال کہ وہ تیرے سر کو ڈھانپ لیں۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

۳۱۹۰ وَعَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا لَا تَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ مِنَ الثِّيَابِ وَلَا الْمُمَشَّقَةَ وَلَا الْحُلِيَّ وَلَا تَخْتَضِبُ وَلَا تَكْتَحِلُ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ام سلمہ رضؓ کہتی ہیں نبی صلعم نے فرمایا کہ جس عورت کا خاوند مر جائے وہ نہ تو کسم کا رنگا ہوا کپڑا پہنے اور نہ گیرو کے رنگ کا (بلکہ ہر قسم کے سرخ رنگ کا کپڑا) نہ زیور پہنے نہ مہندی لگائے اور نہ سرمہ۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

فصل سوم

مطلقہ کی عدت کے بارہ میں ایک بحث

۳۱۹۱ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ الْاَحْوَصَ هَلَكَ بِالشَّامِ حِيْنَ دَخَلَتْ امْرَاَتُهٗ فِي الدَّمِ مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ وَقَدْ كَانَ طَلَّقَهَا فَكَتَبَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ اِلٰى زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ يَسْاَلُهٗ عَنْ ذٰلِكَ فَكَتَبَ اِلَيْهِ زَيْدٌ اَنَّهَا اِذَا دَخَلَتْ فِي الدَّمِ مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ وَبَرِئَ مِنْهَا لَا يَرِثُهَا وَلَا تَرِثُهٗ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

سلیمان بن یسار کہتے ہیں کہ احوص نے ملک شام میں اُس وقت وفات پائی جب کہ اس کی بیوی عدّت کی حالت میں تھی اور عدّت کے آخری دن یعنی تیسرے حیض کے ایام کو پورا کر رہی تھی اور احوص نے اس کو اپنے مرنے سے پہلے طلاق دیدی تھی۔ معاویہ بن ابی سفیان نے اس مسئلہ کو دریافت کرنے کے لئے زید بن ثابت رضؓ کو خط لکھا (یعنی یہ بات دریافت کی کہ کیا اس صورت میں عورت اپنے شوہر کی میراث پا سکتی ہے یا نہیں؟) زید بن ثابت رضؓ نے جواب میں لکھ بھیجا کہ جب عورت تیسرے حیض کے دنوں کو گزار رہی ہے تو اس کا تعلق شوہر سے بالکل منقطع ہو گیا یعنی اس کا شوہر اس سے علیحدہ ہو گیا اور وہ اپنے شوہر سے جدا ہو گئی۔ اب نہ شوہر اس کے مال کا وارث ہو سکتا ہے اور نہ عورت شوہر کے مال میں حصّہ پا سکتی ہے۔ (مالک)

مطلقہ کی عدت کا ایک مسئلہ

۳۱۹۲ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَيُّمَا امْرَاَةٍ طُلِّقَتْ فَحَاضَتْ حَيْضَةً اَوْ حَيْضَتَيْنِ ثُمَّ رُفِعَتْهَا حَيْضَتُهَا فَاِنَّهَا

سعید بن مسیّب رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضؓ بن خطاب نے فرمایا ہے کہ جس عورت کو طلاق دی گئی ہو اور اس نے ایک دو حیض کی مدّت پوری کر لی ہو اور پھر حیض بند ہو گیا ہو تو وہ نو مہینے انتظار کرے اگر حمل

تَنْتَظِرُ تِسْعَةَ اَشْهُرٍ فَاِنْ بَانَ بِهَا حَمْلٌ فَذٰلِكَ وَاِلَّا اعْتَدَّتْ بَعْدَ التِّسْعَةِ الْاَشْهُرِ ..... ثَلٰثَةَ اَشْهُرٍ ثُمَّ حَلَّتْ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

ظاہر ہو جائے تو خیر ورنہ نو مہینے کے بعد پھر تین ماہ کی عدّت کے ایام گزارے اور اس کے بعد عدّت سے نکلے۔ (مالک)

بَابُ الْاِسْتِبْرَاءِ

استبرأ[1] کا بیان

فصل اوّل

استبراء کے بغیر لونڈی سے جماع کرنے والا لعنت کا مستحق ہے

۳۱۹۳ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ مَرَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِامْرَأَةٍ مُحِجٍّ فَسَأَلَ عَنْهَا فَقَالُوْا اَمَةٌ لِّفُلَانٍ قَالَ اَیُلِمُّ بِهَا قَالُوْا نَعَمْ قَالَ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَلْعَنَهٗ لَعْنًا یَدْخُلُ مَعَهٗ فِیْ قَبْرِهٖ كَیْفَ یَسْتَخْدِمُهٗ وَهُوَ لَا یَحِلُّ لَهٗ اَمْ كَیْفَ یُوْرِثُهٗ وَهُوَ لَا یَحِلُّ لَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو درداءؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم ایک لونڈی کے قریب سے گزرے جو دردِ زہ میں مبتلا تھی۔ آپ نے پوچھا یہ عورت کون ہے، عرض کیا گیا فلاں شخص کی لونڈی ہے۔ آپ نے دریافت فرمایا کیا وہ شخص اس سے صحبت کرتا تھا؟ لوگوں نے کہا، ہاں۔ آپ نے فرمایا میں نے ارادہ کیا تھا کہ اس شخص پر ایسی لعنت کروں جو اس کے ساتھ قبر میں بھی جائے وہ کس طرح اپنے بیٹے سے خدمت کو کہے گا جب کہ بیٹے سے خدمت گاری کا کام لینا جائز نہیں ہے یا بیٹے کو غلام بنانا درست نہیں ہے یا کس طرح اس کو وہ اپنا وارث قرار دے گا جب کہ وہ اس کا بیٹا نہیں ہے (یعنی لونڈی سے اس کے ایامِ حمل میں جماع کرنا اور اس کو پاک نہ ہونے دینا ایک ایسا بُرا فعل ہے جس پر لعنت کرنا درست ہے جب کہ وہ حمل کسی دوسرے شخص کا ہو یعنی اس کو ایسی حالت میں خرید کیا ہو کہ وہ حاملہ ہو۔) (مسلم)

فصل دوم

بغیر استبراء لونڈی سے صحبت کرنے کی ممانعت

۳۱۹۴/۲ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ رَفَعَهٗ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ سَبَایَا اَوْطَاسٍ لَا تُوْطَأُ حَامِلٌ حَتّٰی تَضَعَ وَلَا غَیْرُ ذَاتِ حَمْلٍ حَتّٰی تَحِیْضَ حَیْضَةً۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابو سعید خدریؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن قیدیوں کی نسبت جو غزوۂ اوطاس میں گرفتار ہوئے تھے یہ حکم جاری فرمایا کہ حاملہ عورت سے جب تک وہ بچہ نہ جن لے جماع نہ کیا جائے اور غیر حاملہ سے بھی اس وقت تک صحبت نہ کی جائے جب تک کہ اس کو ایک حیض نہ آجائے۔ (احمد۔ ابوداؤد۔ دارمی)

۳۱۹۵/۳ وَعَنْ رُوَیْفِعِ بْنِ ثَابِتِ نِ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ حُنَیْنٍ لَا یَحِلُّ لِامْرِءٍ یُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ

حضرت رویفع رضؓ بن ثابت انصاری کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے غزوۂ حنین کے دن فرمایا۔ جو شخص خدا پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اس کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ اپنا

---

[1] "اِسْتِبْرَاء" کے معنی ہیں پاکی طلب کرنا اور اصطلاحِ شرعی میں اس سے مراد لونڈی کی پاکی طلب کرنا ہے۔ یعنی جب کوئی شخص کسی سے کوئی لونڈی خرید کرے یا کسی دوسرے ذریعہ سے اس کو حاصل ہو تو اس سے جماع کرنا اس وقت تک جائز نہیں، جب تک اس کے قبضہ میں آنے کے بعد اس کو حیض نہ آجائے یا ایک مہینے کی مدّت اس پر نہ گزر جائے یا حاملہ ہو تو بچّہ نہ جن لے خواہ یہ لونڈی کسی ذریعہ سے حاصل ہوئی ہو۔ ۱۲ مترجم

اَنْ يَّسْقِيَ مَاءَهٗ زَرْعَ غَيْرِهٖ يَعْنِيْ اِتْيَانَ الْحُبَالٰى وَلَا يَحِلُّ لِاِمْرِءٍ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يَّقَعَ عَلٰى امْرَاَةٍ مِنَ السَّبْيِ حَتّٰى يَسْتَبْرِئَهَا وَلَا يَحِلُّ لِاِمْرِءٍ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يَّبِيْعَ مَغْنَمًا حَتّٰى يُقْسَمَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اِلٰى قَوْلِهٖ "زَرْعَ غَيْرِهٖ")

پانی (یعنی نطفہ) دوسرے کی کھیتی میں ڈالے (یعنی جو عورت دوسرے کے نطفہ سے حاملہ ہو اس سے جماع کرے) اور جو شخص خدا پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اس کے لئے یہ بھی جائز نہیں ہے کہ وہ لڑائی میں گرفتار کی ہوئی لونڈی سے اس وقت تک جماع کرے جب تک کہ وہ پاک نہ ہو لے اور جو شخص خدا اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے اس کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ مالِ غنیمت کے تقسیم ہونے سے پہلے اس کو بیچ ڈالے۔ (ابوداؤد۔ ترمذی نے یہ حدیث صرف لفظ زَرْعَ غَيْرِهٖ تک روایت کی ہے)۔

فصل سوم

غیر حائضہ لونڈی کے حق میں استبراء کی مدت؟

۳۱۹۶ عَنْ مَّالِكٍ قَالَ بَلَغَنِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْمُرُ بِاسْتِبْرَاءِ الْاِمَاءِ بِحَيْضَةٍ اِنْ كَانَتْ مِمَّنْ تَحِيْضُ وَثَلٰثَةَ اَشْهُرٍ اِنْ كَانَتْ مِمَّنْ لَّا تَحِيْضُ وَيَنْهٰى عَنْ سَقْيِ مَاءِهٖ الْغَيْرِ۔ (رَوَاهُمَا رَزِيْنٌ)

حضرت مالک رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم لونڈیوں کو پاک کرنے کا حکم فرمایا کرتے تھے یعنی اگر حیض والی عورت ہوتی تو ایک حیض آنے تک اور جس کو حیض نہ آتا ہو اس کو تین مہینے کی مدت تک اور منع فرماتے، آپ دوسرے کے پانی میں پانی پلانے سے (یعنی دوسرے شخص کی حاملہ سے جماع کرنے سے) (رزین)

باکرہ لونڈی کے لئے استبراء واجب ہے یا نہیں؟

۳۱۹۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا وُهِبَتِ الْوَلِيْدَةُ الَّتِيْ تُوْطَاُ اَوْ بِيْعَتْ اَوْ عُتِقَتْ فَلْتَسْتَبْرِئْ رَحِمَهَا بِحَيْضَةٍ وَلَا تَسْتَبْرِئُ الْعَذْرَاءُ۔ (رَوَاهُمَا رَزِيْنٌ)

حضرت ابن عمر رض کہتے ہیں جب کوئی ایسی لونڈی جس سے جماع کیا جاتا تھا، ہبہ کی جائے یا فروخت کی جائے یا آزاد کی جائے تو اس کو چاہئے کہ وہ اپنے رحم کو ایک حیض سے پاک کرے اور کنواری لونڈی کو پاک کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ (رزین)

بَابُ النَّفَقَاتِ وَحَقِّ الْمَمْلُوْكِ

غلاموں اور لونڈیوں کے حقوق اور نفقات کا بیان

فصل اوّل

بیوی اور اولاد کا بقدرِ ضرورت نفقہ مرد پر واجب ہے

۳۱۹۸ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اَنَّ هِنْدًا بِنْتَ عُتْبَةَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيْحٌ وَّلَيْسَ يُعْطِيْنِيْ مَا يَكْفِيْنِيْ وَوَلَدِيْ اِلَّا مَا اَخَذْتُ مِنْهُ وَهُوَ لَا يَعْلَمُ فَقَالَ خُذِيْ مَا يَكْفِيْكِ وَوَلَدَكِ بِالْمَعْرُوْفِ۔

حضرت عائشہ رض کہتی ہیں کہ عتبہ کی بیٹی ہندہ نے نبی صلعم سے عرض کیا یا رسول اللہ ص! ابوسفیان (میرا شوہر) نہایت بخیل آدمی ہے مجھ کو اس قدر نہیں دیتا کہ جو میرے اور میری اولاد کے مصارف کے لئے کافی ہو۔ البتہ اگر میں اس کے مال میں سے بقدر ضرورت نکال لوں اس طرح کہ اس کو خبر نہ ہو تو مصارف پورے ہو جائیں

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) ہیں (تو کیا یہ صورت جائز ہے؟) آپ نے فرمایا بقدرِ ضرورت اس کے مال میں سے لے لیا کر اپنے اور اس کی اولاد کے شرعی حق کے برابر خرچ کر لیا کر۔ (بخاری و مسلم)

اللہ کی عطاء کی ہوئی دولت کو پہلے اپنے اور اپنے اہل وعیال پر خرچ کرو

۳۱۹۹ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَعْطَى اللّٰهُ اَحَدَكُمْ خَيْرًا فَلْيَبْدَأْ بِنَفْسِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر بن سمرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ جب خداوند تعالیٰ تم میں سے کسی کو مال عطا فرمائے تو اس کو چاہئے کہ وہ پہلے اپنی ذات پر خرچ کرے اور پھر اپنے گھر والوں پر (یعنی بیوی بچوں پر) (مسلم)

غلام کا نفقہ اس کے مالک پر واجب ہے

۳۲۰۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمَمْلُوْكِ طَعَامُهٗ وَ كِسْوَتُهٗ وَلَا يُكَلَّفُ مِنَ الْعَمَلِ اِلَّا مَا يُطِيْقُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مالک پر غلام کا روٹی کپڑا فرض ہے اور غلام سے صرف اتنا کام لیا جائے جو اس کی طاقت کے موافق ہو۔ (مسلم)

غلام کے ساتھ حسن سلوک کرنے کا حکم

۳۲۰۱ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِخْوَانُكُمْ جَعَلَهُمُ اللّٰهُ تَحْتَ اَيْدِيْكُمْ فَمَنْ جَعَلَ اللّٰهُ اَخَاهُ تَحْتَ يَدَيْهِ فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَاْكُلُ وَ لْيُلْبِسْهُ مِمَّا يَلْبَسُ وَ لَا يُكَلِّفُهٗ مِنَ الْعَمَلِ مَا يَغْلِبُهٗ فَاِنْ كَلَّفَهٗ مَا يَغْلِبُهٗ فَلْيُعِنْهُ عَلَيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے، تمہارے غلام تمہارے بھائی ہیں جن کو خداوند تعالیٰ نے تمہارا ماتحت بنایا ہے پس جس شخص کو خداوند تعالیٰ کسی بھائی و خادم کا مالک بنائے اس کو چاہئے کہ وہ اپنے غلام کو وہی چیز کھلائے جو خود کھاتا ہے اور ویسا ہی کپڑا پہنائے جیسا کہ خود پہنتا ہے اور اس سے اتنا کام نہ لے جو اس کی طاقت سے باہر ہو اور اگر کوئی کام اس طرح کا اس سے لیا جائے جو اس کی طاقت سے زیادہ ہو تو اس میں خود اس کو مدد دے۔ (بخاری و مسلم)

غلام کی روزی روکنا گناہ ہے

۳۲۰۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَجَاءَهٗ قَهْرَمَانُهٗ فَقَالَ لَهٗ اَعْطَيْتَ الرَّقِيْقَ قُوْتَهُمْ قَالَ لَا قَالَ فَانْطَلِقْ فَاَعْطِهِمْ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَفٰى بِالرَّجُلِ اِثْمًا اَنْ يَحْبِسَ عَمَّنْ يَمْلِكُ قُوْتَهٗ وَ فِيْ رِوَايَةٍ كَفٰى بِالْمَرْءِ اِثْمًا اَنْ يُضَيِّعَ مَنْ يَقُوْتُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ ان کا کارندہ ان کے پاس آیا تو انھوں نے اس سے پوچھا کہ کیا اس نے ان کے غلاموں کو کھانے کا سامان دے دیا؟ اس نے عرض کیا نہیں۔ انھوں نے کہا واپس جاؤ اور ان کے کھانے کا سامان فوراً ان کو دیدو، اس لئے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ انسان کے لئے یہ گناہ کافی ہے کہ جس کی روزی اس کے ہاتھ میں ہے وہ اس کو روک لے اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ انسان کے لئے یہ کافی گناہ ہے کہ جس کی روزی اس کے ہاتھ میں ہے وہ اس کی روزی کو ضائع کر دے۔ (مسلم)

اپنے غلام و نوکر کے ساتھ کھانا کھانے میں عار محسوس نہ کرو

۳۲۰۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ تم میں سے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَنَعَ لِأَحَدِكُمْ خَادِمُهُ طَعَامَهُ ثُمَّ جَاءَهُ بِهِ وَقَدْ وَلِيَ حَرَّهُ وَدُخَانَهُ فَلْيُقْعِدْهُ مَعَهُ فَلْيَأْكُلْ فَإِنْ كَانَ الطَّعَامُ مَشْفُوهًا قَلِيلًا فَلْيَضَعْ فِي يَدِهِ مِنْهُ أُكْلَةً أَوْ أُكْلَتَيْنِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جب کسی کا غلام اس کا کھانا تیار کرے اور پھر اس کو مالک کے پاس لیکر حاضر ہو تو جس گرمی اور دھوئیں میں اس نے کھانا تیار کیا ہے اس کا مقتضیٰ یہ ہے کہ مالک اس کو اپنے پاس بٹھائے اور اپنے ساتھ کھانا کھلائے اور اگر کھانا تھوڑا ہو اور کھانے والے زیادہ ہوں تو ایک دو لقمے اس میں سے لیکر غلام کے ہاتھ پر رکھ دے۔ (مسلم)

غلام کے لئے دہرا اجر؟

۳۲۰۴/۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا نَصَحَ لِسَيِّدِهِ وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ اللّٰهِ فَلَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ غلام جب اپنے مالک کی خدمت خوبی کے ساتھ انجام دیتا اور پھر خدا کی عبادت بھی اچھی طرح سے کرتا ہے تو اس کو دوہرا ثواب ملتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

غلام کے لئے بہتر بات کیا ہے؟

۳۲۰۵/۸ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعِمَّا لِلْمَمْلُوكِ أَنْ يَتَوَفَّاهُ اللّٰهُ بِمُحْسِنٍ عِبَادَةَ رَبِّهِ وَطَاعَةَ سَيِّدِهِ نِعِمَّا لَهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ غلام کے لئے سب سے بہتر بات یہ ہے کہ وہ اپنے مالک کی خدمت اور خداوند بزرگ و برتر کی عبادت میں وفات پائے۔ (بخاری و مسلم)

مفرور غلام کی نماز قبول نہیں ہوتی

۳۲۰۶/۹ وَعَنْ جَرِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَبَقَ الْعَبْدُ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ وَفِي رِوَايَةٍ عَنْهُ قَالَ أَيُّمَا عَبْدٍ أَبَقَ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ وَفِي رِوَايَةٍ عَنْهُ قَالَ أَيُّمَا عَبْدٍ أَبَقَ مِنْ مَوَالِيهِ فَقَدْ كَفَرَ حَتَّى يَرْجِعَ إِلَيْهِمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جریر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ جب غلام بھاگ جاتا ہے تو اس کی نماز قبول نہیں ہوتی۔ اور جریر رضؓ کی ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جو غلام بھاگا اس سے اسلام کی ذمہ داری ختم ہو گئی اور جریر رضؓ کی ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جو غلام اپنے مالکوں کے ہاں سے بھاگا وہ کافر ہوا جب تک کہ ان کے پاس واپس نہ چلا جائے۔ (مسلم)

غلام پر زنا کی جھوٹی تہمت لگانے والے کا مسئلہ

۳۲۰۷/۱۰ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ قَذَفَ مَمْلُوكَهُ وَهُوَ بَرِيءٌ مِمَّا قَالَ جُلِدَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا أَنْ يَكُونَ كَمَا قَالَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں میں نے ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص اپنے غلام پر زنا کی تہمت لگائے اور غلام اس سے پاک ہو تو قیامت کے دن مالک کو کوڑے لگائے جائیں گے البتہ اگر تہمت درست ہو تو ایسا نہ ہوگا۔ (بخاری و مسلم)

غلام کو بلا خطا مارنے کا کفارہ

۳۲۰۸/۱۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ ضَرَبَ غُلَامًا لَهُ

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ جو شخص اپنے غلام کو بے گناہ مارے

حَدًّا لَمْ يَأْتِهِ أَوْ لَطَمَهُ فَإِنَّ كَفَّارَتَهُ أَنْ يُعْتِقَهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

یا اس کے منہ پر طمانچہ لگائے اُس کا کفارہ یہ ہے کہ غلام کو آزاد کردے۔ (مسلم)

۳۲۰۹/۱۲ وَعَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ كُنْتُ أَضْرِبُ غُلَامًا لِي فَسَمِعْتُ مِنْ خَلْفِي صَوْتًا اِعْلَمْ أَبَا مَسْعُودٍ اللّٰهُ أَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلَيْهِ فَالْتَفَتُّ فَإِذَا هُوَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هُوَ حُرٌّ لِوَجْهِ اللّٰهِ فَقَالَ مَا لَوْ لَمْ تَفْعَلْ لَلَفَحَتْكَ النَّارُ أَوْ لَمَسَّتْكَ النَّارُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو مسعود انصاریؓ کہتے ہیں کہ میں اپنے غلام کو مار رہا تھا کہ میں نے اپنے پیچھے کسی کو یہ کہتے ہوئے سنا۔ ابو مسعود خبردار! خداوند تعالیٰ تجھ پر اس سے زیادہ قدرت رکھتا ہے جتنی قدرت کہ تو اس غلام پر رکھتا ہے۔ میں نے مڑ کر دیکھا تو رسول اللہ صلعم تھے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ خدا کے لئے آزاد ہے آپ نے فرمایا اگر تو اس کو آزاد نہ کرتا تو دوزخ کی آگ تجھ کو جلا ڈالتی۔ (مسلم)

فصل دوم

اولاد کی کمائی پر باپ کا حق ہے

۳۲۱۰/۱۳ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ لِي مَالًا وَإِنَّ وَالِدِي يَحْتَاجُ إِلَى مَالِي قَالَ أَنْتَ وَمَالُكَ لِوَالِدِكَ إِنَّ أَوْلَادَكُمْ مِنْ أَطْيَبِ كَسْبِكُمْ كُلُوا مِنْ كَسْبِ أَوْلَادِكُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا میرے پاس مال ہے اور میرا باپ میرے مال کا محتاج ہے۔ آپ نے فرمایا تو اور تیرا مال دونوں تیرے باپ کے لئے ہیں۔ اس لئے کہ تمہاری اولاد تمہاری بہترین کمائی ہے، تم اپنی اولاد کی کمائی میں سے کھاؤ۔ (ابو داؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

مربی کے حق میں یتیم کے مال کا حکم

۳۲۱۱/۱۴ وَعَنْهُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي فَقِيرٌ لَيْسَ لِي شَيْءٌ وَلِي يَتِيمٌ فَقَالَ كُلْ مِنْ مَالِ يَتِيمِكَ غَيْرَ مُسْرِفٍ وَلَا مُبَادِرٍ وَلَا مُتَأَثِّلٍ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا میں مفلس اور فقیر ہوں میرے پاس کچھ نہیں ہے اور میری نگرانی میں ایک یتیم بچہ ہے (کیا میں اس کے مال میں سے کھالوں؟) آپ نے فرمایا یتیم کے مال میں سے کھالے لیکن نہ تو فضول خرچی کر نہ خرچ کرنے میں عجلت سے کام لے اور نہ مال کو اپنے لئے جمع کر۔ (ابو داؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

غلاموں کے حقوق ادا کرنے کی تاکید

۳۲۱۲/۱۵ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ فِي مَرَضِهِ الصَّلٰوةَ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَرَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ عَنْ عَلِيٍّ نَحْوَهُ۔)

حضرت ام سلمہؓ کہتی ہیں کہ نبی صلعم نے اپنی بیماری کی حالت میں فرمایا نماز کو اپنے اوپر لازم و فرض سمجھو اور جو غلام اور لونڈی تمہارے قبضہ میں ہیں ان کے حقوق ادا کرو۔ (بیہقی نے اسے شعب الایمان میں روایت کیا ہے اور احمد اور ابو داؤد نے اس جیسی حدیث علیؓ سے روایت کی ہے)

اپنے مملوک کے ساتھ بدسلوکی کرنے والے کے بارہ میں وعید

۳۲۱۳/۱۶ وَعَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابو بکر صدیقؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَيِّئُ الْمَلَكَةِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

شخص اپنے غلاموں کے ساتھ بدسلوکی کرے گا وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

اپنے مملوک کے ساتھ حسن سلوک خیر و برکت کا باعث ہے

۳۲۱۴/۱۷ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ مَكِيثٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُسْنُ الْمَلَكَةِ يُمْنٌ وَسُوْءُ الْخُلُقِ شُؤْمٌ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) وَلَمْ اَرَ فِيْ غَيْرِهٖ الْمَصَابِيْحُ مَا زَادَ عَلَيْهِ فِيْهِ مِنْ قَوْلِهٖ وَالصَّدَقَةُ تَمْنَعُ مِيْتَةَ السُّوْءِ وَالْبِرُّ زِيَادَةٌ فِي الْعُمُرِ۔

حضرت رافع بن مکیث رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے غلاموں کے ساتھ حُسنِ سلوک اور بھلائی باعثِ خیر و برکت ہے اور غلاموں سے بدخلقی بے برکتی کا سبب ہے (ابوداؤد) مصابیح میں اِس حدیث کے ساتھ یہ الفاظ اور ہیں جو کسی اور کتاب میں نظر سے نہیں گزرے۔ اور صدقہ انسان کو بُری موت سے بچاتا ہے اور نیکی کرنا عمر کو بڑھاتا ہے۔

اگر غلام مار کھاتے ہوئے خدا کا واسطہ دے تو اپنا ہاتھ روک لو

۳۲۱۵/۱۸ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ضَرَبَ اَحَدُكُمْ خَادِمَهٗ فَذَكَرَ اللّٰهَ فَارْفَعُوْا اَيْدِيَكُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ لٰكِنْ عِنْدَهٗ ـــــ فَلْيُمْسِكْ بَدَلَ فَارْفَعُوْا اَيْدِيَكُمْ۔)

حضرت ابوسعید رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے جب کوئی شخص اپنے غلام کو مارے اور تم کو خدا کا وسیلہ دے یا خدا کے نام پر معافی چاہے، تو تم اپنا ہاتھ روک لو اور غلام کو مارنا چھوڑ دو۔ (ترمذی۔ بیہقی کے نزدیک فَارْفَعُوْا اَيْدِيَكُمْ کے بجائے فَلْيُمْسِكْ ہے۔)

کم سن بردہ کو اس کی ماں وغیرہ سے الگ نہ کرو

۳۲۱۶/۱۹ وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ وَالِدَةٍ وَّوَلَدِهَا فَرَّقَ اللّٰهُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اَحِبَّتِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابوایوبؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص ماں اور بیٹے کے درمیان جُدائی ڈالے (یعنی لونڈی کے بچہ کو فروخت یا ہبہ کرکے اس سے جُدائی کردے) تو خداوند تعالےٰ قیامت کے دن اس کے اور اس کے عزیزوں کے درمیان جُدائی ڈالے گا۔ (ترمذی۔ دارمی)

۳۲۱۷/۲۰ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ وَهَبَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامَيْنِ اَخَوَيْنِ فَبِعْتُ اَحَدَهُمَا فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ مَا فَعَلَ غُلَامُكَ فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ رُدَّهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو دو غلام عنایت فرمائے جو آپس میں بھائی بھائی تھے میں نے ان میں سے ایک کو بیچ ڈالا۔ پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے پوچھا علی! تیرا دوسرا غلام کیا ہوا؟ میں نے واقعہ بیان کیا۔ آپ نے فرمایا علی رضؓ اس کو واپس کرلو۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

۳۲۱۸/۲۱ وَعَنْهُ اَنَّهٗ فَرَّقَ بَيْنَ جَارِيَةٍ وَّوَلَدِهَا فَنَهَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَرَدَّ الْبَيْعَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ مُنْقَطِعًا)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے ایک لونڈی اور اُس کے بچہ کے درمیان علیحدگی کردی تھی یعنی دونوں میں سے ایک کو بیچ ڈالا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا اور انھوں نے اس بیع کو فسخ کردیا۔ (ابوداؤد)

غلام پر احسان کرنے کا اجر

۳۲۱۹/۲۲ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ يَسَّرَ اللّٰهُ حَتْفَهٗ وَ اَدْخَلَهٗ جَنَّتَهٗ رِفْقٌ بِالضَّعِيْفِ وَ شَفَقَةٌ عَلَى الْوَالِدَيْنِ وَ اِحْسَانٌ اِلَى الْمَمْلُوْكِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جس شخص میں تین باتیں پائی جائیں خداوند تعالیٰ موت کو اس پر آسان کر دیتا ہے اور اپنی بہشت میں اس کو داخل کر دیتا ہے ایک تو کمزوروں اور ناداروں کے ساتھ نرمی کرنا دوسرے ماں باپ پر شفقت کرنا تیسرے غلاموں کے ساتھ احسان کرنا (ترمذی یہ حدیث غریب ہے)۔

نمازی کو مارنے کی ممانعت

۳۲۲۰/۲۳ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَبَ لِعَلِيٍّ غُلَامًا فَقَالَ لَا تَضْرِبْهُ فَاِنِّيْ نُهِيْتُ عَنْ ضَرْبِ اَهْلِ الصَّلٰوةِ وَقَدْ رَاَيْتُهٗ يُصَلِّيْ هٰذَا لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ وَفِي الْمُجْتَبٰى لِلدَّارَقُطْنِيِّ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضَرْبِ الْمُصَلِّيْنَ۔

حضرت ابو امامہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے علی رضؓ کو ایک غلام مرحمت فرمایا اور حکم دیا کہ اس کو مارنا نہیں اس لئے کہ مجھ کو نماز پڑھنے والوں کو مارنے سے منع کیا گیا ہے (یعنی خدا نے منع فرمایا ہے) اور میں نے اس غلام کو نماز پڑھتے دیکھا ہے۔ (مصابیح) اور دارقطنی میں حضرت عمر بن خطابؓ سے منقول ہے کہ حضرت عمر رضؓ نے کہا ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم کو نماز پڑھنے والوں کو مارنے سے منع فرمایا ہے۔

مملوک کی خطائیں معاف کرنے کا حکم

۳۲۲۱/۲۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمْ نَعْفُوْ عَنِ الْخَادِمِ فَسَكَتَ ثُمَّ اَعَادَ عَلَيْهِ الْكَلَامَ فَصَمَتَ فَلَمَّا كَانَتِ الثَّالِثَةُ قَالَ اعْفُوْا عَنْهُ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِيْنَ مَرَّةً۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو۔)

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ یا رسول اللہ ہم اپنے غلاموں کے قصور کو کس حد تک معاف کریں؟ آپ یہ سنکر خاموش رہے۔ اس شخص نے دوبارہ پوچھا آپ نے پھر بھی جواب نہیں دیا۔ تیسری مرتبہ دریافت کرنے پر آپ نے فرمایا اپنے غلام کے قصور کو روزانہ ستر مرتبہ معاف کرو۔ (ابوداؤد۔ ترمذی نے اسے عبداللہ بن عمروؓ سے روایت کیا ہے)

مملوک کے بارہ میں ایک ہدایت

۳۲۲۲/۲۵ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَا ئَمَكُمْ مِنْ مَمْلُوْكِكُمْ فَاَطْعِمُوْهُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ وَ اكْسُوْهُ مِمَّا تَكْسُوْنَ وَ مَنْ لَا يُلَائِمُكُمْ مِنْهُمْ فَبِيْعُوْهُ وَ لَا تُعَذِّبُوْا خَلْقَ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے تمہارے غلاموں میں جو غلام تمہاری طبیعت کے موافق کام کرے تو اس کو وہی کھانا کھلاؤ جو تم کھاتے ہو اور ویسا ہی کپڑا پہناؤ جیسا تم پہنتے ہو اور جو غلام تمہاری مرضی و خواہش کے موافق کام نہ کرے اس کو تکلیف نہ دو بلکہ بیچ ڈالو۔ خدا کی مخلوق کو تکلیف دینا درست نہیں ہے۔ (احمد، ابوداؤد)

جانوروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کا حکم

۳۲۲۳/۲۶ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ قَالَ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعِيْرٍ قَدْ لَحِقَ ظَهْرُهٗ بِبَطْنِهٖ فَقَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ فِيْ هٰذِهِ الْبَهَائِمِ

حضرت سہل بن حنظلیہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے ایک اونٹ کو ملاحظہ فرمایا جس کی پشت پیٹ سے لگ گئی تھی (یعنی وہ بہت بھوکا پیاسا تھا اور اس سے کام زیادہ لیا جاتا تھا جس سے وہ

الْمُعْجَمَةِ فَارْكَبُوْهَا صَالِحَةً وَّاتْرُكُوْهَا صَالِحَةً (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

کمزور اور دُبلا ہوگیا تھا) آپؐ نے فرمایا ان بے زبان چار پایوں پر رحم کرو اور خدا سے ڈرو۔ ان پر ایسی حالت میں سواری کرو جب کہ وہ سواری کے قابل (یعنی توانا و تندرست) ہوں۔ اور چھوڑ دو ان کو اس حال میں کہ زیادہ تھکے نہ ہوں اور اچھے حال میں ہوں (ابوداؤد)

فصل سوم

مال یتیم کے بارہ میں حکم خداوندی

۳۲۲۴/۲۷ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ وَقَوْلُهٗ تَعَالٰى اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا الْاٰيَةَ اِنْطَلَقَ مَنْ كَانَ عِنْدَهٗ يَتِيْمٌ فَعَزَلَ طَعَامَهٗ مِنْ طَعَامِهٖ وَشَرَابَهٗ مِنْ شَرَابِهٖ فَاِذَا فَضَلَ مِنْ طَعَامِ الْيَتِيْمِ وَشَرَابِهٖ شَيْءٌ حُبِسَ لَهٗ حَتّٰى يَاْكُلَهٗ اَوْ يَفْسُدَ فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ وَّاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فَخَالَطُوْا طَعَامَهُمْ بِطَعَامِهِمْ وَشَرَابَهُمْ بِشَرَابِهِمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ جب خداوند تعالیٰ کا یہ قول نازل ہوا وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ یعنی یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ مگر اس عادت کے ساتھ جو نیکی پر مبنی ہے اور اللہ تعالیٰ کا یہ قول اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا جو لوگ یتیموں کا مال ظلم سے کھاتے ہیں تو جن لوگوں کی نگرانی میں یتیم بچے تھے انھوں نے سخت احتیاط برتنی شروع کی ان کے کھانے کے سامان کو اپنے سامان سے جُدا کر دیا اور ان کے پینے کی چیزوں کو اپنی چیزوں سے جدا کر دیا اور جو کھانا یتیموں کے کھانے سے بچ رہتا اس کو اٹھا رکھتے یا تو یتیم اس کو دوسرے وقت کھا لیتا یا وہ سڑ جاتا۔ یہ بات یتیموں کے سرپرستوں کو ناگوار ہوئی اور انھوں نے رسول اللہ صلعم سے اس کا ذکر کیا۔ خداوند تعالیٰ نے اِس معاملہ میں یہ حکم نازل فرمایا وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ وَّاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ یعنی اے محمدؐ! تجھ سے لوگ یتیموں کا مسئلہ دریافت کرتے ہیں تو کہدے کہ اُن کے مال کو دیانت کے ساتھ علیحدہ رکھنا بہتر ہے اور اگر تم ان کے مال کو مِلالو تو وہ تمہارے بھائی ہیں (یعنی دونوں کا مال مِل کر اگر ایک دوسرے میں دیانت کے ساتھ خرچ ہو جائے تو مضائقہ نہیں) اِس آیت کے نازل ہونے پر لوگوں نے یتیموں کے کھانے کو اپنے کھانے میں شامل کر لیا۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

باپ بیٹوں یا دو بھائیوں میں جُدائی نہ ڈالو

۳۲۲۵/۲۸ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الْوَالِدِ وَوَلَدِهٖ وَبَيْنَ الْاَخِ وَبَيْنَ اَخِيْهِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارَقُطْنِيُّ)

حضرت ابو موسیٰ رضؓ کہتے ہیں، کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس شخص پر لعنت فرمائی ہے جو باپ اور بیٹے کے درمیان جُدائی ڈالے یا دو بھائیوں کو علیحدہ علیحدہ کر دے۔ (ابن ماجہ۔ دارقطنی)

۳۲۲۶/۲۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُتِيَ بِالسَّبْيِ اَعْطٰى اَهْلَ الْبَيْتِ جَمِيْعًا كَرَاهِيَةَ اَنْ يُّفَرِّقَ بَيْنَهُمْ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عبد اللہ ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے جب ایک گھر کے قیدی لائے جاتے تو آپ ان سب کو ایک ہی شخص کے حوالے فرما دیتے اِس لئے کہ آپ ان کے درمیان جدائی ڈالنے کو بُرا سمجھتے تھے۔ (ابن ماجہ)

کون لوگ بڑے ہیں

۳۲۲۷/۳۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِشِرَارِكُمُ الَّذِيْ يَاْكُلُ وَحْدَهٗ وَيَجْلِدُ عَبْدَهٗ وَيَمْنَعُ رِفْدَهٗ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

نے فرمایا ہے کہ کیا میں تم کو ان لوگوں سے آگاہ نکر دوں جو تم میں سے بُرے اور شریر ہیں وہ وہ لوگ ہیں جو تنہا کھائیں، اپنے غلام کو ماریں اور کسی کو خیرات نہ دیں۔ (رزین)

لونڈی غلاموں کو اپنی اولاد اور اپنے بھائی کی طرح رکھو

۳۲۲۸/۳۱ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَيِّئُ الْمَلَكَةِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَيْسَ اَخْبَرْتَنَا اَنَّ هٰذِهِ الْاُمَّةَ اَكْثَرُ الْاُمَمِ مَمْلُوْكِيْنَ وَيَتَامٰى قَالَ نَعَمْ فَاَكْرِمُوْهُمْ كَكَرَامَةِ اَوْلَادِكُمْ وَاَطْعِمُوْهُمْ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ قَالُوْا فَمَا يَنْفَعُنَا الدُّنْيَا قَالَ فَرَسٌ تَرْتَبِطُهُ تُقَاتِلُ عَلَيْهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَمْلُوْكٌ يَكْفِيْكَ فَاِذَا صَلّٰى فَهُوَ اَخُوْكَ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ وہ شخص جنت میں داخل نہ ہوگا جو اپنے مملوک (غلام ولونڈی) سے بُرا سلوک کرے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ نے ہم کو خبر دی ہے کہ آپ کی اس امت میں تمام امتوں سے زیادہ غلام اور یتیم ہوں گے (کیا اتنی کثرت کی حالت میں ہر ایک سے خوش خلقی کا برتاؤ ممکن ہے) آپ نے فرمایا ہاں تم ان کے ساتھ ایسی ہی سلوک کرو جیسا کہ اپنی اولاد کے ساتھ کرتے ہو اور ان کو وہی کھلاؤ جو خود کھاتے ہو۔ صحابہ رضؓ نے عرض کیا ہم کو دنیا میں نفع پہنچانے والی کونسی چیز ہے؟ آپ نے فرمایا وہ گھوڑا جس کو تو دشمنوں سے لڑنے کے لئے اپنے ہاں باندھ رکھے اور وہ غلام جو تجھ کو عبادت و نماز کے لئے وقت دے اور تیرے کاموں کو انجام دیتا رہے۔ اور جب تیرا غلام نماز پڑھے تو وہ تیرا بھائی ہے (تو اس سے بھائی کی طرح سلوک کر۔) (ابن ماجہ)

بَابُ بُلُوْغِ الصَّغِيْرِ وَحِضَانَتِهٖ فِي الصِّغَرِ

نابالغ بچّوں کی تربیت و پرورش اور بالغ ہونے کا بیان

فصلِ اوّل

عمرِ بلوغ پندرہ سال ہے

۳۲۲۹/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ عُرِضْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ اُحُدٍ وَاَنَا ابْنُ اَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً فَرَدَّنِيْ ثُمَّ عُرِضْتُ عَلَيْهِ عَامَ الْخَنْدَقِ وَاَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً فَاَجَازَنِيْ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ هٰذَا فَرْقٌ مَّا بَيْنَ الْمُقَاتِلَةِ وَالذُّرِّيَّةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ جنگِ اُحد کے سال جب کہ میری عمر چودہ ۱۴ سال تھی، مجھ کو رسول اللہ صلعم کے حضور میں پیش کیا گیا۔ آپ نے مجھ کو واپس کر دیا (اور جہاد میں شرکت کے لئے مجھ کو نہ لے گئے) پھر جنگِ خندق کے سال میں جب کہ میری عمر پندرہ سال کی تھی دوبارہ حضورؐ کے سامنے پیش کیا گیا تو آپ نے مجھ کو شرکت کی اجازت دیدی۔ عمر بن عبدالعزیز رحؒ کہتے ہیں کہ یہ عمر (یعنی پندرہ سال کی عمر) لڑنے والوں اور لڑکوں کے درمیان فرق کرنے والی ہے۔ (بخاری و مسلم)

حضرت حمزہؓ کی صاحبزادی کی پرورش کا تنازعہ اور اس کا تصفیہ

۳۲۳۰/۲ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ صَالَحَ النَّبِيُّ

حضرت براء بن عازبؓ کہتے ہیں کہ حدیبیہ کے سال میں نبی صلے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ عَلٰى ثَلٰثَةِ اَشْيَاءَ عَلٰى اَنَّ مَنْ اَتَاهُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ رَدَّهُ اِلَيْهِمْ وَمَنْ اَتَاهُمْ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ لَمْ يَرُدُّوْهُ وَعَلٰى اَنْ يَّدْخُلَهَا مِنْ قَابِلٍ وَّ يُقِيْمَ بِهَا ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَلَمَّا دَخَلَهَا وَ مَضَى الْاَجَلُ خَرَجَ فَتَبِعَتْهُ ابْنَةُ حَمْزَةَ تُنَادِيْ يَا عَمِّ يَا عَمِّ فَتَنَاوَلَهَا عَلِيٌّ فَاَخَذَ بِيَدِهَا فَاخْتَصَمَ فِيْهَا عَلِيٌّ وَّ زَيْدٌ وَّ جَعْفَرٌ فَقَالَ عَلِيٌّ اَنَا اَخَذْتُهَا وَهِيَ بِنْتُ عَمِّيْ وَقَالَ جَعْفَرٌ بِنْتُ عَمِّيْ وَخَالَتُهَا تَحْتِيْ وَقَالَ زَيْدٌ بِنْتُ اَخِيْ فَقَضٰى بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَالَتِهَا وَقَالَ الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْاُمِّ وَقَالَ لِعَلِيٍّ اَنْتَ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْكَ وَ قَالَ لِجَعْفَرٍ اَشْبَهْتَ خَلْقِيْ وَخُلُقِيْ وَقَالَ لِزَيْدٍ اَنْتَ اَخُوْنَا وَمَوْلَانَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اللہ علیہ وسلم نے تین باتوں پر صلح کی تھی۔ ایک تو یہ کہ مشرکوں میں سے جو شخص آپ کے پاس آجائے آپ اس کو واپس فرمادیں دوسرے یہ کہ مسلمانوں میں سے جو شخص مشرکوں کے پاس چلا جائے مشرک اس کو آپ کے پاس واپس نہ کریں۔ تیسرے یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم آئندہ سال مکہ میں تشریف لائیں اور اپنا عمرہ قضا کریں اور صرف تین دن مکہ کے اندر قیام فرمائیں۔ چنانچہ آئندہ سال جب آپ مکہ تشریف لائے اور تین دن بعد واپسی کا ارادہ کیا تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی آپ کے پیچھے یہ کہتی ہوئی دوڑیں۔ اے میرے چچا! اے میرے چچا! حضرت علی رضؓ نے اس بچی کو پکڑ لیا، یعنی اپنے ہمراہ لے لیا اس کے بعد حضرت علی رضؓ، حضرت زید رضؓ اور حضرت جعفر رضؓ کے درمیان اس بچی کی پرورش کے بارے میں جھگڑا ہوا (یعنی ان میں سے ہر ایک نے یہ چاہا کہ وہ اس بچی کی پرورش کرے) حضرت علی رضؓ نے کہا میں نے اس بچی کو لیا ہے یعنی میں اس کو لایا ہوں اور پھر وہ میرے چچا کی بیٹی ہے، جعفر رضؓ نے کہا بچی میرے چچا کی بیٹی اور اس کی خالہ میرے نکاح میں ہے، زید رضؓ نے کہا یہ بچی میرے بھائی کی بیٹی ہے۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس جھگڑے کا فیصلہ اس طرح کیا کہ حمزہ رضؓ کی بیٹی کو اس کی خالہ کے سپرد کر دیا اور فرمایا کہ خالہ ماں کے برابر ہے اور حضرت علی رضؓ سے فرمایا تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے ہوں اور حضرت جعفر رضؓ سے فرمایا تو میری پیدائش اور میرے خلق میں مجھ مشابہ ہے اور حضرت زید رضؓ سے فرمایا تو ہمارا بھائی ہے اور ہمارا محبوب ہے

(بخاری و مسلم)

فصل دوم

کمسن بچہ کی پرورش کا سب سے زیادہ حق اس کی ماں کو ہے

۳۲۳۱/۳ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ امْرَاَةً قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ ابْنِيْ هٰذَا كَانَ بَطْنِيْ لَهٗ وِعَاءً وَثَدْيِيْ لَهٗ سِقَاءً وَحِجْرِيْ لَهٗ حِوَاءً وَاِنَّ اَبَاهُ طَلَّقَنِيْ وَاَرَادَ اَنْ يَّنْتَزِعَهٗ مِنِّيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْتِ اَحَقُّ بِهٖ مَا لَمْ تَنْكِحِيْ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ اَبُوْدَاوٗدَ)

عمرو بن شعیب رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت نے عرض کیا یا رسول اللہ صلعم میرا یہ بیٹا ہے مدتوں میرا پیٹ اس کا برتن رہا اور میری چھاتی اس کی مشک رہی اور میری گود اس کا گہوارہ (یعنی میں نے اپنے اس بیٹے کو مدتوں پالا ہے) اب اس کے باپ نے مجھے طلاق دیدی ہے اور وہ اس کو مجھ سے چھین لینا چاہتا ہے۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا جب تک تو نکاح نہ کرے اس کی پرورش کی زیادہ مستحق ہے۔ (احمد۔ ابوداؤد)

مدت پرورش کے بعد لڑکے کو ماں باپ میں سے کسی کے بھی پاس رہنے کا اختیار ہے

۳۲۳۲/۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيَّرَ غُلَامًا بَيْنَ اَبِيْهِ وَ اُمِّهٖ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے ایک لڑکے کو اس امر کا اختیار دیدیا کہ وہ ماں کے پاس رہے خواہ باپ کے پاس رہے۔ (ترمذی)

۳۲۳۳ وَعَنْهُ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنَّ زَوْجِي يُرِيدُ أَنْ يَذْهَبَ بِابْنِي وَقَدْ سَقَانِي وَنَفَعَنِي فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا أَبُوكَ وَهٰذِهِ أُمُّكَ فَخُذْ بِيَدِ أَيِّهِمَا شِئْتَ فَأَخَذَ بِيَدِ أُمِّهِ فَانْطَلَقَتْ بِهِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ ایک عورت نے نبی صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا میرا شوہر چاہتا ہے کہ میرے بیٹے کو لیجائے حالانکہ اب وہ اس قابل ہوا ہے کہ مجھ کو پانی پلاتا ہے اور نفع پہنچاتا ہے۔ نبی صلعم نے لڑکے سے فرمایا۔ یہ تیرا باپ ہے اور یہ تیری ماں ہے ان میں سے جس کو تو پسند کرے اس کا ہاتھ پکڑ لے لڑکے نے ماں کا ہاتھ پکڑ لیا اور وہ اس کو لے گئی۔

(ابوداؤد۔ نسائی۔ دارمی)

فصل سوم

۳۲۳۴ عَنْ هِلَالِ ابْنِ أُسَامَةَ عَنْ أَبِي مَيْمُوْنَةَ سُلَيْمَانَ مَوْلًى لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ قَالَ بَيْنَمَا أَنَا جَالِسٌ مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ فَارِسِيَّةٌ مَعَهَا ابْنٌ لَهَا وَقَدْ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا فَادَّعَيَا هُ فَرَطَنَتْ لَهُ تَقُولُ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ زَوْجِي يُرِيدُ أَنْ يَذْهَبَ بِابْنِي فَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ اسْتَهِمَا عَلَيْهِ فَرَطَنَ لَهَا بِذٰلِكَ فَجَاءَ زَوْجُهَا وَقَالَ مَنْ يُحَاقُّنِي فِي ابْنِي فَقَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ اَللّٰهُمَّ إِنِّي لَا أَقُولُ هٰذَا إِلَّا إِنِّي كُنْتُ قَاعِدًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ زَوْجِي يُرِيدُ أَنْ يَذْهَبَ بِابْنِي وَقَدْ نَفَعَنِي وَسَقَانِي مِنْ بِئْرِ أَبِي عُنْبَةَ وَعِنْدَ النَّسَائِيِّ مِنْ عَذْبِ الْمَاءِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَهِمَا عَلَيْهِ فَقَالَ زَوْجُهَا مَنْ يُحَاقُّنِي فِي وَلَدِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا أَبُوكَ وَهٰذِهِ أُمُّكَ فَخُذْ بِيَدِ أَيِّهِمَا شِئْتَ فَأَخَذَ بِيَدِ أُمِّهِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ہلال ابن اسامہؓ ابو میمونہ سے نقل کرتے ہیں کہ جب سلیمان مدینہ کے حاکم تھے اور میں ابو ہریرہؓ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک عورت ان کے پاس آئی جو فارس کی رہنے والی تھی اور اس کے ساتھ اس کا بیٹا تھا اس کے شوہر نے اس کو طلاق دیدی تھی اور میاں بیوی کے درمیان لڑکے پر جھگڑا تھا۔ عورت نے فارسی زبان میں ابو ہریرہ رضؓ سے کہا اے ابو ہریرہؓ! میرا شوہر میرے بیٹے کو لے جانا چاہتا ہے ابو ہریرہؓ نے کہا تم اس لڑکے پر قرعہ ڈالو ابو ہریرہ رضؓ نے فارسی میں یہ الفاظ اس سے کہے پھر اس کا خاوند آگیا اور اس نے کہا میرے بیٹے کے معاملہ میں کون مجھ سے جھگڑا کرتا ہے۔ ابو ہریرہؓ نے کہا یا اللہ! میں جو کچھ کہہ رہا ہوں اپنی طرف سے نہیں کہہ رہا ہوں واقعہ یہ ہے کہ میں ایک روز نبی صلعم کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک عورت آئی اور اس نے کہا یا رسول اللہ! میرا شوہر میرے بیٹے کو لیجانا چاہتا ہے حالانکہ وہ مجھ کو نفع پہنچاتا ہے اور ابو عنبہ کے کنوئیں سے مجھ کو پانی پلاتا ہے اور نسائی کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ مجھ کو شیریں پانی پلاتا ہے۔ رسول اللہ صلعم نے یہ سنکر فرمایا۔ تم دونوں (میاں بیوی) اس پر قرعہ ڈالو شوہر نے کہا میرے بیٹے کے معاملہ میں کون مجھ سے جھگڑتا ہے رسول اللہ صلعم نے لڑکے سے فرمایا یہ تیرا باپ ہے اور یہ تیری ماں ہے ان میں سے تو جس کو پسند کرے اس کا ہاتھ پکڑ لے۔ لڑکے نے ماں کا ہاتھ پکڑ لیا۔ (ابوداؤد۔ نسائی۔ دارمی)

کِتَابُ العِتقِ

غلام اور لونڈی کو آزاد کرنے کا بیان

فصلِ اوّل

بردہ کو آزاد کرنے کا اجر

۳۲۳۵ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعْتَقَ رَقَبَةً مُّسْلِمَةً اَعْتَقَ اللّٰهُ بِکُلِّ عُضْوٍ مِّنْهُ عُضْوًا مِّنَ النَّارِ حَتّٰی فَرْجَهٗ بِفَرْجِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو شخص اپنے مسلمان غلام کو آزاد کریگا خداوند تعالیٰ اس غلام کے ہر عضو کے بدلے اس کے مالک کے عضو کو دوزخ سے آزاد کردیگا یہاں تک کہ اس کی شرمگاہ کے بدلے شرمگاہ کو (بخاری و مسلم)

گراں قیمت اور اپنا پسندیدہ غلام آزاد کرنا زیادہ بہتر ہے

۳۲۳۶ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ قَالَ اِیْمَانٌ بِاللّٰهِ وَجِهَادٌ فِیْ سَبِیْلِهٖ قَالَ قُلْتُ فَاَیُّ الرِّقَابِ اَفْضَلُ قَالَ اَغْلَاهَا ثَمَنًا وَّ اَنْفَسُهَا عِنْدَ اَهْلِهَا قُلْتُ فَاِنْ لَّمْ اَفْعَلْ قَالَ تُعِیْنُ صَانِعًا اَوْ تَصْنَعُ لِاَخْرَقَ قُلْتُ فَاِنْ لَّمْ اَفْعَلْ قَالَ تَدَعُ النَّاسَ مِنَ الشَّرِّ فَاِنَّهَا صَدَقَةٌ تَتَصَدَّقُ بِهَا عَلٰی نَفْسِكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ میں نے نبی صلعم سے یہ پوچھا کہ کونسا عمل افضل و بہتر ہے آپ نے فرمایا خدا پر ایمان رکھنا اور خدا کی راہ میں جہاد کرنا پھر میں نے پوچھا اور کون غلام آزاد کرنا بہتر ہے فرمایا جو زیادہ قیمتی ہو اور مالک کو زیادہ پیارا ہو میں نے عرض کیا اگر میں ایسا نہ کرسکوں (اپنی ناداری کے سبب سے تو کیا کروں فرمایا کام کرنے والوں کو مدد دے یا جو شخص کسی چیز کو بنانا نہ جانتا ہو اس کو وہ چیز بنادے۔ میں نے عرض کیا اگر مجھ سے یہ بھی نہ ہو سکے (تو کیا کروں؟) فرمایا لوگوں کو برائیوں اور شر سے محفوظ رکھ یہ بھی ایک صدقہ ہے یا ایک بھلائی ہے جو تو اپنے نفس پر کرتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

فصلِ دوم

بردہ کو آزاد کرنے یا بردہ کی آزادی میں مدد کرنے کی فضیلت

۳۲۳۷/۳ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِیٌّ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلِّمْنِیْ عَمَلًا یُّدْخِلُنِی الْجَنَّةَ قَالَ لَئِنْ کُنْتَ اَقْصَرْتَ الْخُطْبَةَ لَقَدْ اَعْرَضْتَ الْمَسْئَلَةَ اَعْتِقِ النَّسَمَةَ وَفُكَّ الرَّقَبَةَ قَالَ اَوَلَیْسَا وَاحِدًا قَالَ لَا عِتْقُ النَّسَمَةِ اَنْ تَفَرَّدَ بِعِتْقِهَا وَفَكُّ الرَّقَبَةِ اَنْ تُعِیْنَ فِیْ ثَمَنِهَا وَالْمِنْحَةُ الْوَکُوْفُ وَالْفَیْءُ عَلٰی ذِی الرَّحِمِ الظَّالِمِ فَاِنْ لَّمْ تُطِقْ ذٰلِكَ فَاَطْعِمِ

حضرت براء بن عازبؓ کہتے ہیں کہ ایک دیہاتی نے رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ مجھ کو کوئی ایسا عمل بتائیے جس کے ذریعہ سے جنت میں داخل ہو جاؤں۔ آپ نے فرمایا تو نے الفاظ تو اپنے سوال میں مختصر استعمال کئے لیکن بڑی اہم بات دریافت کی تو جان کو آزاد کر اور غلام کو آزاد کر۔ دیہاتی نے عرض کیا کیا یہ دونوں باتیں ایک سی نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا نہیں جان کا آزاد کرنا یہ ہے کہ پورے غلام کو آزاد کرے یا تنہا آزاد کرے اور غلام کو آزاد کرنا یہ ہے کہ تو اس کی آزادی میں اس کو مدد دے۔ اور (جنت میں داخل کرنے والا

الْجَائِعَ وَاسْقِ الظَّمْآنَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ فَإِنْ لَمْ تُطِقْ ذٰلِكَ فَكُفَّ لِسَانَكَ إِلَّا مِنْ خَيْرٍ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

عمل یہ ہے کہ) دودھ والا جانور کسی محتاج کو دودھ پینے کے لئے دے اور اس ظالم رشتہ دار پر جو تجھ پر ظلم کرتا ہو مہربانی اور احسان کر اگر تجھ سے یہ نہ ہو سکے تو پھر بھوکے کو کھانا کھلا، پیاسے کو پانی پلا لوگوں کو بھلائی کی طرف مائل کر اور برائی سے روک۔ اور یہ بھی تجھ سے نہ ہو سکے تو پھر اپنی زبان کو بند رکھ اور سوائے بھلی بات کے اور کوئی بات زبان سے نہ نکال۔ (بیہقی در شعب الایمان)

۳۲۳۸ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ بَنٰى مَسْجِدًا لِيُذْكَرَ اللّٰهُ فِيْهِ بُنِيَ لَهٗ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ وَمَنْ أَعْتَقَ نَفْسًا مُسْلِمَةً كَانَتْ فِدْيَتُهٗ مِنْ جَهَنَّمَ وَمَنْ شَابَ شَيْبَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَانَتْ لَهٗ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت عمرو بن عبسہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جو شخص اس نیت سے مسجد کو بنائے کہ اس میں اللہ کا ذکر کیا جائے اس کے لئے جنت میں ایک محل بنایا جائے گا اور جو شخص مسلمان غلام کو آزاد کرے اس کا یہ کام اس کو دوزخ سے نجات دے گا اور جو شخص خدا کی راہ میں یعنی جہاد میں بوڑھا ہوا یہ بڑھاپا قیامت کے دن اس کے لئے نور ہوگا۔ (شرح السنۃ)

فصل سوم

۳۲۳۹/۵ عَنِ الْغَرِيْفِ بْنِ الدَّيْلَمِيِّ قَالَ أَتَيْنَا وَاثِلَةَ بْنَ الْأَسْقَعِ فَقُلْنَا حَدِّثْنَا حَدِيْثًا لَيْسَ فِيْهِ زِيَادَةٌ وَّلَا نُقْصَانٌ فَغَضِبَ وَقَالَ إِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَقْرَءُ وَمُصْحَفُهٗ مُعَلَّقٌ فِيْ بَيْتِهٖ فَيَزِيْدُ وَيَنْقُصُ فَقُلْنَا إِنَّمَا أَرَدْنَا حَدِيْثًا سَمِعْتَهٗ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَاحِبٍ لَّنَا أَوْجَبَ يَعْنِي النَّارَ بِالْقَتْلِ فَقَالَ أَعْتِقُوْا عَنْهُ يُعْتِقِ اللّٰهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِنْهُ عُضْوًا مِّنَ النَّارِ۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

غریف بن دیلمی رضؓ کہتے ہیں کہ ہم واثلہ بن اسقع رضؓ کے پاس گئے اور ان سے کہا کہ، ہم سے کوئی حدیث بیان کرو جس میں کمی بیشی نہ ہو (یہ سن کر) واثلہ غضب ناک ہو گئے اور کہا تم میں سے ہر شخص قرآن مجید پڑھتا ہے اور اس کا قرآن اس کے گھر میں لٹکا رہتا ہے لیکن پھر بھی وہ کمی بیشی کرتا ہے (یعنی باوجود اس کے کہ قرآن مجید اس کے پاس موجود رہتا ہے پھر بھی وہ کمی بیشی کرتا ہے) ہم نے کہا ہمارا مطلب یہ ہے کہ جو حدیث تم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو ہم کو سناؤ۔ انھوں نے کہا (ایک روز) ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنے ایک دوست کا معاملہ لے کر حاضر ہوئے جس نے خودکشی کو قبول کر کے اپنے لئے دوزخ کو واجب کر لیا تھا، آپؐ نے (واقعہ سنکر) فرمایا اس کی طرف سے غلام آزاد کرو اللہ تعالیٰ اس غلام کے ہر عضو کے بدلے اعضاء کو دوزخ سے نجات دے گا۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

کسی غلام کے حق میں سفارش کرنا بہترین صدقہ ہے۔

۳۲۴۰/۶ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الصَّدَقَةِ الشَّفَاعَةُ بِهَا تُفَكُّ الرَّقَبَةُ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت سمرہ بن جندبؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بہترین صدقہ سفارش کرنا ہے وہ سفارش جس کے ذریعہ جان کو آزادی یا نجات حاصل ہو۔ (بیہقی)

بَابُ اِعْتَاقِ الْعَبْدِ الْمُشْتَرَكِ وَشَرْيِ الْقَرِيْبِ وَالْعِتْقِ فِي الْمَرَضِ

مشترک غلام کو آزاد کرنے، قرابتدار کو خریدنے اور بیماری کی حالت میں آزاد کرنیکا بیان

فصل اوّل

مشترک غلام کو آزاد کرنے کے بارے میں ایک ہدایت

۳۲۴۱/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعْتَقَ شِرْكًا لَّهٗ فِيْ عَبْدٍ وَّكَانَ لَهٗ مَالٌ يَّبْلُغُ ثَمَنَ الْعَبْدِ قُوِّمَ الْعَبْدُ عَلَيْهِ قِيْمَةَ عَدْلٍ فَاُعْطِيَ شُرَكَاؤُهٗ حِصَصَهُمْ وَعُتِقَ عَلَيْهِ الْعَبْدُ وَاِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص مشترک غلام کو اپنے حصّہ کے آزاد کرے (اس کو چاہیئے کہ) اگر اس کے پاس اتنا مال ہو جس سے وہ غلام کے بقیہ شریکوں کے حصّوں کو خرید کر غلام کو پورے طور پر آزاد کر سکے تو انصاف کے ساتھ غلام کی قیمت مقرر کی جائے اور غلام کے دوسرے شریکوں کو ان کے حصّوں کی قیمت دے کر اس کو آزاد کر دیا جائے اور اگر اتنا مال اس کے پاس نہیں ہے تو صرف اپنا حصّہ آزاد کرے۔ (بخاری و مسلم)

صاحبین کی مستدل حدیث

۳۲۴۲/۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَعْتَقَ شِقْصًا فِيْ عَبْدٍ اُعْتِقَ كُلُّهٗ اِنْ كَانَ لَهٗ مَالٌ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَهٗ مَالٌ اُسْتُسْعِيَ الْعَبْدُ غَيْرَ مَشْقُوْقٍ عَلَيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص مشترک غلام کے اپنے حصّہ کو آزاد کرے اگر اس کے پاس اتنا مال ہو کہ دوسرے شریکوں کو ان کے حصّوں کی قیمت دے سکے تو وہ غلام بالکل آزاد ہو جائے گا (اور ان کے حصّوں کی قیمت اس کو دینی پڑے گی) اور اگر اتنا مال اس کے پاس نہ ہو تو غلام سے محنت مزدوری کرا کے اس کے بقیہ حصّوں کی قیمت ادا کرائے لیکن غلام سے کوئی ایسا کام نہ لیا جائے جو اس کی طاقت سے خارج ہو (بخاری و مسلم)

مرض الموت میں اپنے تمام غلام آزاد کر کے اپنے ورثاء کی حق تلفی نہ کرو۔

۳۲۴۳/۳ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ سِتَّةَ مَمْلُوْكِيْنَ لَهٗ عِنْدَ مَوْتِهٖ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ مَالٌ غَيْرُهُمْ فَدَعَا بِهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَزَّاَهُمْ اَثْلَاثًا ثُمَّ اَقْرَعَ بَيْنَهُمْ فَاَعْتَقَ اثْنَيْنِ وَاَرْبَعَةً وَقَالَ لَهٗ قَوْلًا شَدِيْدًا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَرَوَى النَّسَائِيُّ عَنْهُ وَذَكَرَ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ لَّا اُصَلِّيَ عَلَيْهِ بَدَلَ وَقَالَ لَهٗ قَوْلًا شَدِيْدًا وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوٗدَ وَقَالَ

حضرت عمران بن حصینؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے مرتے وقت اپنے چھ غلام آزاد کئے اور اس کے پاس ان غلاموں کے سوا اور کوئی مال نہ تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان غلاموں کو طلب فرمایا ان کے تین حصے کئے اور پھر ان کے درمیان قرعہ ڈالا اور ان میں سے دو کو (قرعہ کے ذریعہ) آزاد کر دیا اور چار غلاموں کو بدستور غلام رکھا اور آزاد کرنے والے کے لئے سخت الفاظ فرمائے (مسلم) اور نسائی کی روایت میں "سخت الفاظ فرمائے" کی جگہ یہ الفاظ ہیں کہ میں نے ارادہ کیا تھا کہ اس شخص کے جنازہ پر نماز نہ پڑھوں

لَوْ شَهِدْتَّهٗ قَبْلَ اَنْ يُّدْفَنَ لَمْ يُدْفَنْ فِيْ مَقَابِرِ الْمُسْلِمِيْنَ۔

ابوداؤد کی روایت میں انھیں الفاظ کی جگہ یہ لفظ ہیں کہ "اگر میں اس کے دفن کے وقت موجود ہوتا تو اس کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہ کیا جاتا۔

غلام باپ کو خریدنے کا مسئلہ

۳۲۴۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَجْزِيْ وَلَدٌ وَّالِدَهٗ اِلَّا اَنْ يَّجِدَهٗ مَمْلُوْكًا فَيَشْتَرِيَهٗ فَيُعْتِقَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی بیٹا اپنے باپ کے احسانات کا بدلہ نہیں اتار سکتا مگر اس صورت میں جب کہ باپ کو کسی کا مملوک (یعنی غلام ہو) اور یہ اس کو خرید کر آزاد کر دے۔ (مسلم)

مدبّر غلام کو بیچنا جائز ہے یا نہیں

۳۲۴۵ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ دَبَّرَ مَمْلُوْكًا وَّلَمْ يَكُنْ لَهٗ مَالٌ غَيْرُهٗ فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ يَّشْتَرِيْهِ مِنِّيْ فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ النَّحَّامِ بِثَمَانِ مِائَةِ دِرْهَمٍ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَدَوِيُّ بِثَمَانِ مِائَةِ دِرْهَمٍ فَجَاءَ بِهَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَفَعَهَا اِلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اِبْدَءْ بِنَفْسِكَ فَتَصَدَّقْ عَلَيْهَا فَاِنْ فَضَلَ شَيْءٌ فَلِاَهْلِكَ فَاِنْ فَضَلَ عَنْ اَهْلِكَ شَيْءٌ فَلِذِيْ قَرَابَتِكَ فَاِنْ فَضَلَ عَنْ ذِيْ قَرَابَتِكَ شَيْءٌ فَهٰكَذَا وَهٰكَذَا يَقُوْلُ فَبَيْنَ يَدَيْكَ وَعَنْ يَّمِيْنِكَ وَعَنْ شِمَالِكَ۔

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک انصاری نے اپنے غلام کو مدبر[1] کیا اور اس کے پاس اس غلام کے سوا اور کوئی مال نہ تھا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جب اس کی خبر پہنچی تو آپ نے لوگوں سے فرمایا اس غلام کو مجھ سے کون خریدتا ہے؟ نعیم نے نحّام سے اس غلام کو آٹھ سو درہم میں خرید کر لیا۔ (بخاری و مسلم) اور مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ نعیم بن عبداللہ عدوی نے آٹھ سو درہم میں اس غلام کو خرید لیا اور آٹھ سو درہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ درہم اس شخص کو دیدیئے جس کا وہ غلام تھا اور پھر فرمایا تو اس رقم کو سب سے پہلے اپنی ذات پر خرچ کر پھر اس میں سے خیرات کر پھر جو کچھ باقی رہے گھر والوں پر خرچ کر اور اس سے بھی بچ رہے تو قرابت داروں پر خرچ کر اور اس سے بھی باقی بچے تو اس طرح خرچ کر۔ آپ نے دائیں بائیں اشارہ کرکے فرمایا۔

فصل دوم

ذی رحم محرم ملکیت میں آتے ہی آزاد ہو جاتا ہے

۳۲۴۶ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ مَّلَكَ ذَا رَحِمٍ مَّحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حسنؒ، سمرہ رضؓ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص محرم قرابتدار کا مالک ہو وہ قرابتدار محرم آزاد ہے (یعنی جو شخص کسی محرم قرابتدار کو خریدے یا اسکو ہبہ اور وصیت میں ملے وہ اسکی ملکیت میں آتے ہی آزاد ہو جاتا ہے (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

---

[1] "مدبر" کے معنی یہ ہیں کہ کوئی شخص اپنے غلام سے یہ کہدے کہ تو میرے مرنے کے بعد آزاد ہے یا یوں کہے کہ اگر میں اس بیماری میں مر جاؤں تو تو آزاد ہے۔ پہلی صورت میں غلام کا بیچنا یا ہبہ کرنا ممنوع ہے دوسری صورت میں بیع و ہبہ درست ہے۔ ۱۲ مترجم

اُم ولد اپنے آقا کی وفات کے بعد آزاد ہو جاتی ہے

۳۲۴۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَلَدَتْ اَمَةُ الرَّجُلِ مِنْهُ فَهِيَ مُعْتَقَةٌ عَنْ دُبُرٍ مِّنْهُ اَوْ بَعْدَهٗ۔
(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کی لونڈی اس کے نطفہ سے بچہ جنے وہ اس شخص (یعنی اپنے مالک) کے مرنے کے بعد آزاد ہو جاتی ہے۔ (دارمی)

۳۲۴۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ بِعْنَا اُمَّهَاتِ الْاَوْلَادِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرٍ فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ نَهَانَا عَنْهُ فَانْتَهَيْنَا۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضؓ کے عہد میں ان لونڈیوں کو فروخت کیا جس سے اولاد ہو چکی تھی لیکن حضرت عمرؓ نے اپنے عہد میں ہم کو اس سے منع فرمایا اور ہم اس سے باز رہے۔ (ابوداؤد)

اگر آزادی کے وقت غلام کے پاس کچھ مال ہو تو آقا کی اجازت کے بعد ہی وہ اس کا مالک ہوگا

۳۲۴۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعْتَقَ عَبْدًا وَّلَهٗ مَالٌ فَمَالُ الْعَبْدِ لَهٗ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ السَّيِّدُ
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اپنے غلام کو آزاد کرے اور غلام کے پاس مال ہو تو وہ مال اس کے مالک یا اس کو آزاد کرنے والے کا ہے البتہ اگر مالک یہ کہدے کہ غلام اپنے مال کا بھی مالک ہے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

آزادی جزوی طور پر واقع ہوتی ہے یا نہیں۔؟

۳۲۵۰ وَعَنْ اَبِي الْمَلِيْحِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ شِقْصًا مِّنْ غُلَامٍ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَيْسَ لِلّٰهِ شَرِيْكٌ فَاَجَازَ عِتْقَهٗ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوالملیحؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے اپنے غلام کے ایک حصہ کو آزاد کر دیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا خدا کا کوئی شریک نہیں ہے پھر آپ نے حکم دیا کہ غلام کو بالکل آزاد کر دیا جائے۔ (ابوداؤد)

مشروط آزادی کا ایک واقعہ

۳۲۵۱ وَعَنْ سَفِيْنَةَ قَالَ كُنْتُ مَمْلُوْكًا لِاُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ اُعْتِقُكَ وَاَشْتَرِطُ عَلَيْكَ اَنْ تَخْدُمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عِشْتَ فَقُلْتُ اِنْ لَّمْ تَشْتَرِطِيْ عَلَيَّ مَا فَارَقْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عِشْتُ فَاَعْتَقَتْنِيْ وَشَرَطَتْ عَلَيَّ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت سفینہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں امّ سلمہ رضؓ کی ملکیت میں تھا (ایک دن) انھوں نے مجھ سے کہا۔ میں تجھ کو اس شرط سے آزاد کرتی ہوں کہ جب تک تو زندہ ہے رسول اللہ صلعم کی خدمت کرے۔ میں نے عرض کیا اس شرط کی ضرورت نہیں۔ میں جب تک زندہ رہوں گا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے جدا نہ ہوں گا۔ چنانچہ امّ سلمہ رضؓ نے مجھ کو آزاد کر دیا اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت کی شرط مجھ پر لگا دی۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

مکاتب جب تک پورا بدل کتابت ادا نہ کر دے غلام ہی رہے گا۔

۳۲۵۲ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمُكَاتَبُ عَبْدٌ مَّا بَقِيَ عَلَيْهِ مِنْ مُكَاتَبَتِهٖ

عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، مکاتب غلام پر جب تک ایک درہم باقی رہے گا وہ غلام ہی

دِرْهَمٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) رہے گا۔ (ابوداؤد)

عورتوں کو اپنے مکاتب غلام سے پردہ کا حکم

۳۲۵۳ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ عِنْدَ اَحَدِكُنَّ مُكَاتَبٌ وَفَاءَ فَلْتَحْتَجِبْ مِنْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ام سلمہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے جس کے پاس کوئی ایسا مکاتب (غلام) ہو جس کے پاس اتنا مال ہو کہ وہ اس سے اپنا بدل کتابت (یعنی اپنی آزادی کی قیمت) ادا کر سکے تو اس (مالکہ) کو چاہیئے کہ وہ اس غلام سے پردہ کرے (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

مکاتب کی طرف سے بدل کتابت کی جزوی عدم ادائیگی کا مسئلہ

۳۲۵۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَاتَبَ عَبْدَهٗ عَلٰى مِائَةِ اُوْقِيَةٍ فَاَدَّاهَا اِلَّا عَشَرَةَ اَوَاقٍ اَوْ قَالَ عَشَرَةَ دَنَانِيْرَ ثُمَّ عَجَزَ فَهُوَ رَقِيْقٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے اپنے غلام کو سو اوقیہ یا سو درہم پر مکاتب بنایا ہو اور اس نے صرف دس اوقیہ یا دس درہم ادا کئے ہوں اور اس کے بعد وہ مزید قیمت ادا کرنے سے قاصر رہا ہو، تو بدستور غلام ہی ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۳۲۵۵ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَصَابَ الْمُكَاتَبُ حَدًّا اَوْ مِيْرَاثًا وُرِثَ بِحِسَابِ مَا عَتَقَ مِنْهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ قَالَ يُؤَدِّي الْمُكَاتَبُ بِحِصَّةِ مَا اَدَّى دِيَةَ حُرٍّ وَّمَا بَقِيَ دِيَةَ عَبْدٍ وَضَعَّفَهٗ۔

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مکاتب کو جب اپنے عزیز کا خون بہا ملے یا وہ کسی کے مال کا وارث ہو تو اس کو صرف اتنا ہی مال ملے گا جس قدر کہ وہ آزاد ہے (ابوداؤد۔ ترمذی) اور ترمذی کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ مکاتب کو صرف اس قدر حصہ خون بہا میں سے دیا جائے گا جس قدر کہ اس نے اپنے بدل کتابت کو ادا کیا اور آزاد ہوا ہے۔ (ترمذی نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے)

فصل سوم

مالی عبادت کا ثواب میت کو پہنچتا ہے

۳۲۵۶ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عَمْرَةَ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّ اُمَّهٗ اَرَادَتْ اَنْ تُعْتِقَ فَاَخَّرَتْ ذٰلِكَ اِلٰى اَنْ تُصْبِحَ فَمَاتَتْ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَقُلْتُ لِلْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَيَنْفَعُهَا اَنْ اُعْتِقَ عَنْهَا فَقَالَ الْقَاسِمُ اَتٰى سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اُمِّيْ هَلَكَتْ فَهَلْ يَنْفَعُهَا اَنْ اُعْتِقَ عَنْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

عبدالرحمٰن رضؓ بن ابی عمرہ انصاری رضؓ کہتے ہیں کہ میری ماں نے ایک غلام کو آزاد کرنے کا ارادہ کیا اور اس کو آزاد کرنے میں تاخیر کی یہاں تک کہ وہ مر گئی۔ میں نے (اس کے مرنے کے بعد) قاسم بن محمد سے پوچھا کہ اگر میں اپنی ماں کی طرف سے آزاد کروں تو کیا اس سے اس کو کوئی نفع پہنچے گا؟ قاسم نے کہا کہ (ایک مرتبہ) سعد بن عبادہ رضؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ میری ماں مر گئی ہے اگر میں اس کی طرف سے کسی کو آزاد کر دوں تو اس کو کچھ نفع پہنچے گا۔ آپ نے فرمایا ہاں نفع دے گا۔ (مالک)

۳۲۵۷ وَعَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ تُوُفِّيَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ فِيْ نَوْمٍ نَامَهٗ فَاَعْتَقَتْ عَنْهُ عَائِشَةُ اُخْتُهٗ رِقَابًا كَثِيْرَةً۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

یحییٰ بن سعیدؓ کہتے ہیں کہ عبدالرحمٰن بن ابوبکرؓ یکایک سوتے سوتے مر گئے ان کے مرنے کے بعد ان کی بہن حضرت عائشہؓ نے بہت سے غلام آزاد کئے۔ (مالک)

غیر مشروط طور پر غلام خریدنے والا اس غلام کے مال کا حقدار نہیں ہوگا۔

۳۲۵۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اشْتَرٰى عَبْدًا فَلَمْ يَشْتَرِطْ مَالَهٗ فَلَا شَيْءَ لَهٗ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی غلام کو خریدے اور اس کے مال کی شرط نہ کرے تو خریدنے والے کو اس کے مال میں سے کچھ نہ ملے گا۔ (دارمی)

بَابُ الْاَيْمَانِ وَالنُّذُوْرِ

قسموں اور نذروں کا بیان

فصل اوّل

۳۲۵۹ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَكْثَرُ مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْلِفُ لَا وَمُقَلِّبِ الْقُلُوْبِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اکثر اس طرح قسم کھایا کرتے تھے نہیں قسم ہے دلوں کو پھیرنے والے کی۔ (بخاری)

غیر اللہ کی قسم کھانے کی ممانعت

۳۲۶۰ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَنْهٰكُمْ اَنْ تَحْلِفُوْا بِاٰبَائِكُمْ مَنْ كَانَ حَالِفًا فَلْيَحْلِفْ بِاللّٰهِ اَوْ لِيَصْمُتْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ نے تم کو اس سے منع فرمایا ہے کہ تم اپنے باپوں کی قسم کھاؤ اگر قسم کھانا ضروری ہو تو خدا کی قسم کھاؤ، ورنہ خاموش رہو۔ (بخاری و مسلم)

۳۲۶۱ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحْلِفُوْا بِالطَّوَاغِيْ وَلَا بِاٰبَائِكُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تم نہ بتوں کی قسم کھاؤ اور نہ اپنے باپوں کی۔ (مسلم)

۳۲۶۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ فَقَالَ فِيْ حَلِفِهٖ بِاللّٰتِ وَالْعُزّٰى فَلْيَقُلْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهٖ تَعَالَ اُقَامِرْكَ فَلْيَتَصَدَّقْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص قسم کھائے اور اپنی قسم کھاتے ہوئے اپنی قسم میں یوں کہے کہ قسم ہے لات و عزّٰی کی (بتوں کے نام ہیں) تو اسکو چاہیئے کہ وہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کہے (یعنی توبہ کرے کہ اس نے بتوں کی کیوں قسم کھائی) اور جو شخص اپنے کسی دوست سے یہ کہے کہ آؤ جوا کھیلیں تو اس کو چاہیئے کہ وہ صدقہ دے یا خیرات کرے (بخاری و مسلم)

اسلام کے خلاف کسی دوسرے مذہب کی قسم کھانے کا مسئلہ

۳۲۶۳ وَعَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى مِلَّةٍ

حضرت ثابت بن ضحاک رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اسلام کے خلاف کسی دوسرے مذہب کی قسم کھائے اور وہ جھوٹی

غَيْرِ الْإِسْلَامِ كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ وَلَيْسَ عَلَى ابْنِ اٰدَمَ نَذْرٌ فِيمَا لَا يَمْلِكُ وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ لَعَنَ مُؤْمِنًا فَهُوَ كَقَتْلِهِ وَمَنْ قَذَفَ مُؤْمِنًا بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ وَمَنِ ادَّعٰى دَعْوٰى كَاذِبَةً لِيَتَكَثَّرَ بِهَا لَمْ يَزِدْهُ اللّٰهُ إِلَّا قِلَّةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہو تو وہ شخص ایسا ہے جیسا کہ اس نے کہا (مثلاً اس نے قسم کھائی کہ اگر میں یہ کام کروں تو یہودی یا نصرانی ہوں یا اسلام سے بیزار ہوں اور پھر قسم کھانے کے بعد وہ وہی کام کرے اور اپنی قسم کو جھوٹا کر دے تو وہ ایسا ہی ہے یعنی یہودی و نصرانی اور اسلام سے بیزار ہے) اور جو شخص کسی چیز کا مالک نہ ہو اس کی نذر درست نہیں ہوتی اور جو شخص خودکشی کرے تو جس آلہ یا ہتھیار وغیرہ سے اس نے خودکشی کی ہے اسی آلہ یا ہتھیار کے ذریعہ اس کو قیامت کے دن عذاب دیا جائیگا اور جو شخص کسی مسلمان پر لعنت کرے اس کا گناہ ایسا ہے جیسا کہ اس نے ایک مسلمان کو قتل کیا اور جو شخص کسی مسلمان پر کفر کی تہمت لگائے اس کا گناہ بھی ایسا ہی ہے جیسا اس کو قتل کیا اور جو شخص مال و دولت حاصل کرنے کے لئے جھوٹا دعویٰ کرے خداوند تعالیٰ اس کے مال میں کمی کر دے گا۔ (بخاری و مسلم)

اگر قسم توڑنے ہی میں بھلائی ہو تو اس قسم کو توڑ دینا چاہیئے

۳۲۶۴ وَعَنْ أَبِي مُوسٰى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي وَاللّٰهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا أَحْلِفُ عَلٰى يَمِينٍ فَأَرٰى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا إِلَّا كَفَّرْتُ عَنْ يَمِينِي وَأَتَيْتُ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوموسیٰ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کی قسم اگر میں کسی چیز پر قسم کھاؤں اور وہ چیز بہتر ہو تو میں اپنی قسم توڑ دوں گا اور قسم کا کفارہ دوں گا اور اس سے بہتر چیز پر عمل کروں گا۔ (بخاری و مسلم)

۳۲۶۵ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ لَا تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ فَإِنَّكَ إِنْ أُوتِيتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا وَإِنْ أُوتِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا وَإِذَا حَلَفْتَ عَلٰى يَمِينٍ فَرَأَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ وَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ وَفِي رِوَايَةٍ فَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا اے عبدالرحمٰن بن سمرہ تو کسی جگہ کی امارت اپنی خواہش سے حاصل نہ کر اس لئے کہ جب تیری خواہش سے تجھ کو امارت ملے گی تو امارت تجھ کو سپرد کی جا سکے گی اور اگر بغیر خواہش کے تجھ کو امارت دی جائے گی تو اس پر تجھ کو مدد دی جائے گی اور جب تو کسی بات پر قسم کھائے اور قسم کے خلاف کام کو بہتر خیال کرے تو اپنی قسم کا کفارہ دے اور اس بہتر کام کو عمل میں لا اور دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ اس بہتر کام پر عمل کر اور اپنی قسم کا کفارہ دے۔ (بخاری و مسلم)

۳۲۶۶ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِينٍ فَرَأٰى خَيْرًا مِنْهَا فَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِينِهِ وَلْيَفْعَلْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی بات پر قسم کھائے اور پھر قسم کے خلاف اس بات کو بہتر خیال کرے تو قسم کا کفارہ دیدے اور اس کام کو کرلے۔ (مسلم)

۳۲۶۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَأَنْ يَلَجَّ أَحَدُكُمْ بِيَمِينِهِ فِي أَهْلِهِ آثَمُ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ أَنْ يُعْطِيَ كَفَّارَتَهُ الَّتِي افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قسم ہے خدا کی تمہارا اپنی قسم پر جو اپنے گھر والوں کے متعلق ہو اصرار یا ضد کرنا خدا کے نزدیک اس سے زیادہ گناہ رکھتا ہے جتنا کہ قسم کو توڑنا اور اس کا کفارہ دینا۔ (بخاری و مسلم)

کسی تنازعہ کی صورت میں قسم دینے والے کی نیت کا اعتبار ہوگا۔

۳۲۶۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمِيْنُكَ عَلٰى مَا يُصَدِّقُكَ عَلَيْهِ صَاحِبُكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تیری قسم اس وقت صحیح ہوتی ہے جب قسم دینے والا تجھ کو سچا سمجھے۔ (مسلم)

۳۲۶۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْيَمِيْنُ عَلٰى نِيَّةِ الْمُسْتَحْلِفِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قسم، قسم دینے والے کی نیت پر مبنی ہوتی ہے۔ (مسلم)

لغو قسم پر مواخذہ نہیں ہوگا

۳۲۷۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ اَيْمَانِكُمْ فِيْ قَوْلِ الرَّجُلِ لَا وَاللّٰهِ وَبَلٰى وَاللّٰهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ یہ آیت وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ (اور وہ لوگ جو لغو باتوں سے پرہیز نہیں کرتے) ان لوگوں کے حق میں نازل ہوئی ہے جو بات بات پر یہ کہا کرتے تھے کہ خدا کی قسم میں نے یہ کام نہیں کیا اور خدا کی قسم میں نے یہ کام نہیں کیا اور خدا کی قسم میں نے یہ کام کیا ہے (یعنی ان لوگوں کا تکیہ کلام یہ الفاظ تھے اور قسم کھانا مقصود نہیں تھا) (بخاری و مسلم)

وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ وَقَالَ رَفَعَهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَائِشَةَ۔

اور شرح السنۃ میں مصابیح سے نقل کیا ہے کہ بعض راویوں نے اس حدیث کو مرفوعاً روایت کیا ہے۔

فصل دوم

غیر اللہ کی قسم کھانے کی ممانعت

۳۲۷۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحْلِفُوْا بِاٰبَائِكُمْ وَلَا بِاُمَّهَاتِكُمْ وَلَا بِالْاَنْدَادِ وَلَا تَحْلِفُوْا بِاللّٰهِ اِلَّا وَاَنْتُمْ صٰدِقُوْنَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم نہ تو اپنے باپوں کی قسم کھاؤ اور نہ ماؤں کی اور نہ بتوں کی اور نہ تم خدا کی قسم کھاؤ جب تک تم سچے نہ ہو۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

۳۲۷۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللّٰهِ فَقَدْ اَشْرَكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جس شخص نے غیر اللہ کی قسم کھائی اس نے شرک کیا۔ (ترمذی)

۳۲۷۳ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ بِالْاَمَانَةِ فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت بریدہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے قسم کھائی امانت کی (یعنی خدا کا نام لئے بغیر صرف امانت کی قسم کھائی) وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

اسلام سے بیزاری کی قسم کا مسئلہ

۳۲۷۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْءٌ مِّنَ الْاِسْلَامِ فَاِنْ كَانَ كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ وَاِنْ كَانَ صَادِقًا فَلَنْ يَّرْجِعَ اِلَى الْاِسْلَامِ سَالِمًا

حضرت بریدہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص یہ کہے کہ میں اسلام سے بیزار ہوں (یعنی یہ کہے کہ اگر میں ایسا کام کروں تو اسلام سے بیزار ہوں) پھر اگر وہ جھوٹا ہے (یعنی اس نے ایسا کام کیا) تو پھر وہ ایسا ہی ہے (یعنی اسلام سے بیزار ہے) اگر وہ

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

سچا ہے تو وہ پوری طرح اسلام کی طرف واپس نہ آئے گا (یعنی گنہگار ہوگا۔ (ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

آنحضرتؐ بعض مواقع پر کس طرح قسم کھاتے تھے

۳۲۷۵ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اجْتَهَدَ فِی الْیَمِیْنِ قَالَ لَا وَالَّذِیْ نَفْسُ اَبِی الْقَاسِمِ بِیَدِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب قسم کھانے میں مبالغہ فرماتے تو اس طرح کہتے نہیں قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں ابوالقاسم کی جان ہے۔ (ابوداؤد)

۳۲۷۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ کَانَتْ یَمِیْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حَلَفَ لَا وَاسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قسم اس طرح ہوتی تھی، نہیں (یعنی یہ بات نہیں) میں خدا سے بخشش چاہتا ہوں۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

قسم کے ساتھ "انشاء اللہ" کہنے کا مسئلہ

۳۲۷۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰی یَمِیْنٍ فَقَالَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی فَلَا حِنْثَ عَلَیْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ) وَذَکَرَ التِّرْمِذِیُّ جَمَاعَةً وَقَفُوْهُ عَلٰی ابْنِ عُمَرَ۔

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے قسم کھائی اور اس کے ساتھ انشاء اللہ بھی کہا (تو قسم کے خلاف کرنے میں) اس پر گناہ نہیں۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

ترمذی کہتے ہیں اس حدیث کو ایک جماعت نے حضرت ابن عمر رضؓ سے موقوفاً روایت کیا ہے۔

فصل سوم

غیر مناسب قسم توڑ دو اور اس کا کفارہ دو

۳۲۷۸ عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَیْتَ ابْنَ عَمِّ لِیْ اَتَیْتُهٗ اَسْاَلُهٗ فَلَا یُعْطِیْنِیْ ثُمَّ یَحْتَاجُ اِلَیَّ فَیَاْتِیْنِیْ فَیَسْاَلُنِیْ وَقَدْ حَلَفْتُ اَنْ لَّا اُعْطِیَهٗ وَلَا اَصِلَهٗ فَاَمَرَنِیْ اَنْ اٰتِیَ الَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ وَّ اُکَفِّرَ عَنْ یَمِیْنِیْ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

وَفِیْ رِوَایَةٍ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ یَاْتِیْنِیْ ابْنُ عَمِّیْ فَاَحْلِفُ اَنْ لَّا اُعْطِیَهٗ وَلَا اَصِلَهٗ قَالَ کَفِّرْ عَنْ یَّمِیْنِكَ۔

احوصؓ عوف، بن مالک سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آپ اس معاملہ میں مجھ کو کیا حکم دیتے ہیں کہ جب مجھ کو ضرورت ہوتی ہے اور میں اپنے چچا کے بیٹے کے پاس مانگنے جاتا ہوں تو وہ ضرورتاً مجھ کو کچھ نہیں دیتا اور نہ خود میرے ساتھ کچھ سلوک کرتا ہے پھر جب اس کو کوئی ضرورت پیش آتی ہے تو وہ میرے پاس آتا اور مجھ سے مانگتا ہے اور میں نے اس بات پر قسم کھالی ہے کہ میں نہ تو اس کو کچھ دونگا اور نہ اس کے ساتھ کسی قسم کا سلوک کرونگا۔ آپ نے حکم دیا کہ وہ کام کر جو بہتر ہو (یعنی اس کی ضرورت کو رفع کر اور اس کے ساتھ سلوک بھی کر) اور اپنی قسم کا کفارہ دے (نسائی۔ ابن ماجہ) اور ابن ماجہ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ مالک نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ عرض کیا یا رسول اللہ! میرا چچا زاد بھائی میرے پاس مانگنے آتا ہے اور میں قسم کھالیتا ہوں کہ نہ تو میں اس کو کچھ دونگا اور نہ اس کے ساتھ کسی قسم کا سلوک کرونگا۔ آپ نے فرمایا تو اپنی قسم کا کفارہ دے۔

بَابُ فِی النُّذُوْرِ — نذروں کا بیان

فصل اوّل

نذر کی ممانعت

۳۲۷۹ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَابْنِ عُمَرَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنْذِرُوْا فَاِنَّ النَّذْرَ لَا یُغْنِیْ مِنَ الْقَدَرِ شَیْئًا وَّاِنَّمَا یُسْتَخْرَجُ بِهٖ مِنَ الْبَخِیْلِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم نذر نہ مانو اس لئے کہ نذر تقدیر میں سے کسی چیز کو دور نہیں کرتی البتہ اس کے ذریعہ سے بخیل کا کچھ مال خرچ کرایا جاتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

جس نذر کو پورا کرنے میں گناہ ہوتا ہو اسے پورا نہ کرو

۳۲۸۰ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَذَرَ اَنْ یُّطِیْعَ اللّٰهَ فَلْیُطِعْهُ وَمَنْ نَذَرَ اَنْ یَّعْصِیَهٗ فَلَا یَعْصِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اللہ تعالیٰ کی نذر کرے اس کو چاہئے کہ اپنی نذر کو پورا کرے اور خدا کی اطاعت کرے اور جو شخص خدا کی نافرمانی کی نذر کرے وہ اپنی نذر کو پورا نہ کرے اور خدا کی نافرمانی نہ کرے۔ (بخاری)

۳۲۸۱ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِیْ مَعْصِیَةٍ وَّلَا فِیْ مَا لَا یَمْلِكُ الْعَبْدُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِیْ رِوَایَةٍ لَّا نَذْرَ فِیْ مَعْصِیَةِ اللّٰهِ۔

حضرت عمران بن حصینؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ گناہ کی نذر کو پورا کرنا جائز نہیں ہے اور نہ اس چیز کی نذر پورا کرنا جائز ہے جس کا وہ مالک نہ ہو (مسلم) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ خدا کی نافرمانی کی نذر کو پورا کرنا جائز نہیں ہے۔

نذر کا کفارہ؟

۳۲۸۲ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَفَّارَةُ النَّذْرِ كَفَّارَةُ الْیَمِیْنِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عقبہ بن عامرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے نذر کا کفارہ بھی قسم کا ہی کفارہ ہے۔ (مسلم)

نذر کی جن باتوں کو پورا کرنا ممکن نہ ہو ان کو پورا کرنے کی اجازت

۳۲۸۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَیْنَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْطُبُ اِذَا هُوَ بِرَجُلٍ قَائِمٍ فَسَاَلَ عَنْهُ فَقَالُوْا اَبُوْ اِسْرَائِیْلَ نَذَرَ اَنْ یَّقُوْمَ وَلَا یَقْعُدَ وَلَا یَسْتَظِلَّ وَلَا یَتَكَلَّمَ وَیَصُوْمَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُرُوْهُ فَلْیَتَكَلَّمْ وَلْیَسْتَظِلَّ وَلْیَقْعُدْ وَلْیُتِمَّ صَوْمَهٗ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ آپ نے ایک شخص کو کھڑے دیکھا اور اس کا حال پوچھا۔ لوگوں نے عرض کیا اس کا نام ابو اسرائیل ہے اس نے نذر مانی ہے کہ کھڑا رہے گا بیٹھے گا نہیں اور نہ کسی چیز کا سایہ لے گا نہ کسی سے بات کرے گا اور ہمیشہ روزہ رکھے گا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس سے کہو، بات چیت کرے سایہ میں بیٹھے اور روزہ پورا کرے۔ (بخاری)

۳۲۸۴ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بوڑھے کو

سَلَّمَ رَاٰی شَیْخًا یَّتَهَادٰی بَیْنَ اِبْنَیْهِ فَقَالَ مَا بَالُ هٰذَا قَالُوْا نَذَرَ اَنْ یَّمْشِیَ اِلَی بَیْتِ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی عَنْ تَعْذِیْبِ هٰذَا نَفْسَهٗ لَغَنِیٌّ وَّاَمَرَهٗ اَنْ یَّرْکَبَ۔ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَفِیْ رِوَایَةٍ لِّمُسْلِمٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ ارْکَبْ اَیُّهَا الشَّیْخُ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنْكَ وَعَنْ نَذْرِكَ۔

دیکھا جو اپنے دو بیٹوں کے درمیان ان کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے راستہ میں چل رہا تھا۔ آپ نے پوچھا اس کا کیا حال ہے؟ لوگوں نے عرض کیا اس نے نذر مانی ہے کہ (بیت اللہ کو) پیادہ پا جائے۔ آپ نے فرمایا اپنی جان کو اس قسم کی تکلیف میں ڈالنے کی خدا کو پرواہ نہیں ہے۔ اس کے بعد اس بوڑھے کو حکم دیا کہ وہ سواری پر جائے (بخاری و مسلم) اور مسلم کی روایت میں ابوہریرہ رضؓ سے یہ الفاظ منقول ہیں کہ آپ نے اس بوڑھے سے یہ فرمایا اے بوڑھے سوار ہو جا اس لئے کہ خداوند تعالیٰ تجھ سے اور تیری نذر سے بے پرواہ ہے۔

نذر ماننے والے کے ورثاء پر نذر پوری کرنا واجب ہے یا نہیں؟

۳۲۸۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ نَذْرٍ کَانَ عَلٰی اُمِّهٖ تُوُفِّیَتْ قَبْلَ اَنْ تَقْضِیَهٗ فَاَفْتَاهُ اَنْ یَّقْضِیَهٗ عَنْهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس نذر کا مسئلہ پوچھا جو اس کی ماں نے مانی تھی اور اس کو پورا کرنے سے پہلے وہ مر گئی۔ آپ نے فرمایا! تم اس کی نذر کو اس کی جانب سے پورا کرو۔ (بخاری و مسلم)

اپنا سارا مال خیرات کر دینے کی ممانعت

۳۲۸۶[۸] وَعَنْ کَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ مِنْ تَوْبَتِیْ اَنْ اَنْخَلِعَ مِنْ مَالِیْ صَدَقَةً اِلَی اللّٰهِ وَاِلٰی رَسُوْلِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمْسِكْ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَیْرٌ لَّكَ قُلْتُ فَاِنِّیْ اُمْسِكُ سَهْمِیَ الَّذِیْ بِخَیْبَرَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ) وَهٰذَا طَرَفٌ مِّنْ حَدِیْثٍ مُّطَوَّلٍ۔

حضرت کعب بن مالک رضؓ کہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا رسول اللہ! میری تمام و کمال توبہ یہ ہے[۱] کہ میں اپنے سارے مال سے دست کش ہو جاؤں اور خدا اور اس کے رسول کے لئے سب خیرات کر دوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرے لئے بہتر یہ ہے کہ کچھ مال روک لے۔ میں نے عرض کیا میں اپنا خیبر کا حصہ رکھ لیتا ہوں (بخاری و مسلم) یہ حدیث ایک بڑی حدیث کا ٹکڑا ہے۔

فصل دوم

گناہ کی نذر کو پورا کرنا جائز نہیں

۳۲۸۷[۹] عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْرَ فِیْ مَعْصِیَةٍ وَّکَفَّارَتُهٗ کَفَّارَةُ الْیَمِیْنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ۔)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کی نافرمانی یا گناہ کی نذر کو پورا کرنا جائز نہیں اور نذر کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے۔ (ابوداؤد۔ ترمذی۔ نسائی)

---

[۱] غزوۂ تبوک میں تین شخص شریک نہیں ہوئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب واپس تشریف لائے تو ان لوگوں پر بہت خفا ہوئے اور لوگوں کو ان سے بولنے اور بات چیت کرنے سے منع فرمایا۔ ان میں حضرت کعب بن مالک رضؓ بھی تھے جب عاجز و تنگ آ گئے تو خدا سے توبہ کی، ان کی توبہ قبول ہوئی اور ان کے حق میں آیت نازل ہوئی۔ اس کے بعد آپؐ سے عرض کیا کہ میں اپنا سارا مال دے دوں جو حدیث میں مذکور ہے۔ ۱۲ مترجم

غیر معین نذر کا کفارہ

۳۲۸۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَذَرَ نَذْرًا لَمْ يُسَمِّهِ فَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ وَّمَنْ نَذَرَ نَذْرًا فِيْ مَعْصِيَةٍ فَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ وَّمَنْ نَذَرَ نَذْرًا لَا يُطِيْقُهُ فَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ وَّمَنْ نَذَرَ نَذْرًا اَطَاقَهُ فَلْيَفِ بِهٖ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَوَقَفَهُ بَعْضُهُمْ عَلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی غیر معین چیز کی نذر مانے تو اس کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے اور جو شخص کسی گناہ کی نذر مانے اس کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے اور جو شخص ایسی چیز کی نذر مانے جس کا پورا کرنا اس سے ممکن نہ ہو اس کا کفّارہ قسم کا کفارہ ہے اور جو شخص ایسی چیز کی نذر مانے جس کو پورا کر سکے تو اس کو پورا کرے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ) بعض راویوں نے اسے موقوفاً روایت کیا ہے۔

صرف اس نذر کو پورا کرو جو جائز ہے

۳۲۸۹ وَعَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ قَالَ نَذَرَ رَجُلٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْحَرَ اِبِلًا بِبُوَانَةَ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ كَانَ فِيْهَا وَثَنٌ مِّنْ اَوْثَانِ الْجَاهِلِيَّةِ يُعْبَدُ قَالُوْا لَا قَالَ فَهَلْ كَانَ فِيْهَا عِيْدٌ مِّنْ اَعْيَادِهِمْ قَالُوْا لَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْفِ بِنَذْرِكَ فَاِنَّهٗ لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ وَلَا فِيْمَا لَا يَمْلِكُ ابْنُ اٰدَمَ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ثابت رضؓ بن ضحاک کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک شخص نے یہ نذر کی کہ وہ مقام بوانہ میں (جو مکہ کے قریب واقع ہے) اونٹ ذبح کریگا پھر وہ شخص نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنی نذر کی خبر دی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (صحابہ رضؓ سے) پوچھا کیا بوانہ میں کوئی بت ایام جاہلیت کا تھا جس کی پرستش کی جاتی تھی یا وہاں کوئی میلہ لگتا تھا صحابہ رضؓ نے عرض کیا کچھ بھی نہیں۔ آپ نے اس شخص کو مخاطب کر کے فرمایا تو اپنی نذر پوری کر خدا کی نافرمانی کی نذر البتہ پوری کرنے کے قابل نہیں ہے اور انسان پر اس چیز کی نذر پوری کرنا بھی ضروری نہیں ہے جو اس کے قبضہ میں نہیں ہے۔ (ابوداؤد)

دف بجانے کی نذر کو پورا کرنے کا حکم

۳۲۹۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ امْرَاَةً قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ نَذَرْتُ اَنْ اَضْرِبَ عَلٰى رَاْسِكَ بِالدُّفِّ قَالَ اَوْفِيْ بِنَذْرِكِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) وَزَادَ رَزِيْنٌ قَالَتْ وَنَذَرْتُ اَنْ اَذْبَحَ بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا مَكَانٌ يَّذْبَحُ فِيْهِ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ فَقَالَ هَلْ كَانَ بِذٰلِكَ الْمَكَانِ وَثَنٌ مِّنْ اَوْثَانِ الْجَاهِلِيَّةِ يُعْبَدُ قَالَتْ لَا قَالَ هَلْ كَانَ فِيْهِ عِيْدٌ مِّنْ اَعْيَادِهِمْ قَالَتْ لَا قَالَ اَوْفِيْ بِنَذْرِكِ۔

عمرو بن شعیب رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت نے عرض کیا یا رسول اللہ میں نے نذر مانی ہے کہ جب آپ جہاد سے واپس تشریف لائیں تو (آپ کے سامنے) میں دف بجاؤں آپ نے فرمایا تو اپنی نذر پوری کر (ابوداؤد) رزین نے اس روایت میں یہ الفاظ زیادہ لکھے ہیں کہ اس عورت نے یہ بھی کہا کہ اور میں نے یہ نذر مانی ہے کہ میں فلاں فلاں مقام پر جہاں ایام جاہلیت میں لوگ قربانی کیا کرتے تھے ذبح کروں آپ نے پوچھا کیا ان مقامات میں جاہلیت کا کوئی بت تھا جس کی پوجا کیجاتی تھی۔ عورت نے عرض کیا نہیں۔ پھر آپ نے پوچھا کیا ان مقامات میں ایام جاہلیت کے اندر کوئی میلہ لگتا تھا عرض کیا نہیں۔ آپ نے فرمایا اپنی نذر پوری کر۔

تہائی مال سے زیادہ صدقہ کرنے کی ممانعت

۳۲۹۱/۱۳ وَعَنْ اَبِیْ لُبَابَةَ اَنَّهٗ قَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ تَوْبَتِیْ اَنْ اَهْجُرَ دَارَ قَوْمِیَ الَّتِیْ اَصَبْتُ فِیْهَا الذَّنْبَ وَاَنْ اَنْخَلِعَ مِنْ مَالِیْ کُلِّهٖ صَدَقَةً قَالَ یُجْزِئُ عَنْكَ الثُّلُثُ۔ (رَوَاهُ رَزِیْنٌ)

حضرت ابی لبابہ رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا میری کامل توبہ یہ ہے کہ میں اپنی قوم کا گھر چھوڑ دوں، جہاں مجھ سے گناہ سرزد ہوا ہے اور اپنے سارے مال کو خیرات کر دوں آپ نے فرمایا تہائی مال کا صدقہ تیرے لئے کافی ہے۔ (رزین)

کسی خاص جگہ نماز پڑھنے کی نذر مانی جائے اور پھر اس نماز کو کسی دوسری جگہ پڑھ لیا جائے تو نذر پوری ہو جائے گی یا نہیں

۳۲۹۲/۱۴ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِنَّ رَجُلًا قَامَ یَوْمَ الْفَتْحِ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ نَذَرْتُ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اِنْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَیْكَ مَكَّةَ اَنْ اُصَلِّیَ فِیْ بَیْتِ الْمُقَدَّسِ رَكْعَتَیْنِ قَالَ صَلِّ هٰهُنَا ثُمَّ اَعَادَ عَلَیْهِ فَقَالَ صَلِّ هٰهُنَا ثُمَّ اَعَادَ عَلَیْهِ فَقَالَ شَانُكَ اِذًا (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت جابر بن عبداللہ رضؓ کہتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں نے خداوند عزوجل سے یہ نذر مانی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ مکہ فتح کرا دے گا تو میں بیت المقدس میں دو رکعت نماز پڑھوں گا آپ نے فرمایا اسی جگہ نماز پڑھ لے۔ اس نے پھر یہی عرض کیا آپ نے پھر یہی فرمایا، اسی جگہ نماز پڑھ لے تیسری مرتبہ اس کے عرض کرنے پر آپ نے فرمایا اب تو جہاں تیرا جی چاہے نماز پڑھ۔ (ابوداؤد۔ ترمذی)

نذر کا کوئی جزو اگر ناممکن العمل ہو تو اس کا کفارہ

۳۲۹۳/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ اُخْتَ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ نَذَرَتْ اَنْ تَحُجَّ مَاشِیَةً وَّاِنَّهَا لَا تُطِیْقُ ذٰلِكَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِیٌّ عَنْ مَّشْیِ اُخْتِكَ فَلْتَرْكَبْ وَلْتُهْدِ بُدْنَةً (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِیُّ۔ وَفِیْ رِوَایَةٍ لِاَبِیْ دَاوٗدَ فَاَمَرَهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَرْكَبَ

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ عقبہ بن عامر کی بہن نے یہ نذر کی تھی کہ وہ پیدل حج کرے گی لیکن وہ اس کی استطاعت نہیں رکھتی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ سنکر) فرمایا تیری بہن کے پیدل جانے کی خدا کو پروا نہیں ہے اس کو چاہئے کہ (جب وہ پیدل نہ چل سکے تو) سوار ہو کر جائے اور قربانی کرے (ابوداؤد۔ دارمی۔ اور ابوداؤد کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عقبہ کی بہن کو یہ حکم دیا کہ سوار ہو کر

---

۱۲ ابو لبابہ رضؓ کا واقعہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب یہودی قبیلہ بنو قریظہ کا محاصرہ کیا تو بنو قریظہ نے پیام بھیجا کہ آپ ابو لبابہ رضؓ کو ہمارے پاس بھیجدیں تاکہ ہم ان سے مشورہ کرلیں۔ آپ نے ان کو بھیجدیا۔ بنو قریظہ نے ان سے پوچھا کہ اگر ہم اپنے آپ کو محمدؐ کے حوالہ کردیں تو وہ ہمارے ساتھ کیا سلوک کریں گے؟ ابو لبابہ رضؓ نے اپنے حلق پر ہاتھ پھیر کر ظاہر کیا کہ تم کو ذبح کر ڈالیں گے۔ ابو لبابہ رضؓ کا بیان ہے کہ یہ الفاظ کہہ کر میں نے واپس جانے کا ارادہ ہی کیا تھا کہ اپنی بات پر نادم ہو کر میں نے دل میں کہا کہ تو نے خدا تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خیانت کی۔ پھر ان کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی: یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ۔ اس کے بعد حضرت ابو لبابہ رضؓ مسجد میں گئے اور اپنے آپ کو مسجد کے ستون سے باندھ دیا اور کہا کہ جب تک میری توبہ قبول نہ ہوگی مجھ پر کھانا پینا حرام ہے ان کی بیٹی نماز کے وقت ان کو کھول دیتی اور پھر باندھ دیتی۔ لوگوں نے ان کو کھولنا چاہا لیکن وہ راضی نہ ہوئے اور کہا جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود نہ کھولیں گے میں یہاں سے نہیں جاؤں گا۔ سات روز آپ بندھے رہے یہاں تک کہ بھوک اور پیاس سے غش کھا کر گر پڑے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھوں سے ان کو کھولا۔ اس کے بعد کا واقعہ یہ حدیث ہے، یعنی انھوں نے آپ سے عرض کیا کہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم)! میری توبہ جب کامل ہوگی جب میں اپنی قوم کو چھوڑ دوں اور سارا مال خیرات کردوں۔ ۱۲ مترجم

وَتُهْدِيَ هَدْيًا وَّفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا تَصْنَعُ بِشَقَاءِ اُخْتِكَ شَيْئًا فَلْتَرْكَبْ وَلْتَحُجَّ وَتُكَفِّرْ يَمِيْنَهَا۔

جائے اور جانور ذبح کرے اور ایک روایت ابوداؤد کی یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا خداوند تعالیٰ تیری بہن کی اس مشقت کا کوئی ثواب نہیں دے گا اس کو چاہئے کہ سوار ہو کر حج کو جائے اور اپنی قسم کا کفارہ دے۔

۳۲۹۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اُخْتٍ لَّهٗ نَذَرَتْ اَنْ تَحُجَّ حَافِيَةً غَيْرَ مُخْتَمِرَةٍ فَقَالَ مُرُوْهَا فَلْتَخْتَمِرْ وَلْتَرْكَبْ وَلْتَصُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عبداللہ بن مالک رضؓ کہتے ہیں کہ عقبہ بن عامر نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اس کی بہن نے یہ نذر مانی ہے کہ وہ ننگے سر ننگے پاؤں (یعنی پیدل) حج کرے گی۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس سے کہو کہ وہ سر کو ڈھانکے سوار ہو (اور نذر کے کفارہ میں) تین روزے رکھے۔ (ابوداؤد۔ ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

ناجائز نذر کا کفارہ دینا واجب ہے

۳۲۹۵ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اَخَوَيْنِ مِنَ الْاَنْصَارِ كَانَ بَيْنَهُمَا مِيْرَاثٌ فَسَاَلَ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ الْقِسْمَةَ فَقَالَ اِنْ عُدْتَ تَسْاَلُنِيْ الْقِسْمَةَ فَكُلُّ مَالِيْ فِيْ رِتَاجِ الْكَعْبَةِ فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ اِنَّ الْكَعْبَةَ غَنِيَّةٌ عَنْ مَّالِكَ كَفِّرْ عَنْ يَّمِيْنِكَ وَكَلِّمْ اَخَاكَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَمِيْنَ عَلَيْكَ وَلَا نَذْرَ فِيْ مَعْصِيَةِ الرَّبِّ وَلَا فِيْ قَطِيْعَةِ الرَّحِمِ وَلَا فِيْمَا لَا يَمْلِكُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

سعید بن مسیبؒ کہتے ہیں دو انصاری بھائیوں کو کسی کی میراث پہنچی تھی۔ ان میں سے ایک نے دوسرے سے میراث کی تقسیم کی خواہش ظاہر کی۔ دوسرے نے کہا اگر تو مجھ سے تقسیم کی خواہش ظاہر کرے گا تو میرا سارا مال کعبہ میں خرچ کیا جائے گا (یعنی اس نے یہ الفاظ بہ طور نذر کے کہے) عمر رضؓ نے اس سے کہا کعبہ کو تیرے مال کی ضرورت نہیں ہے تو اپنی نذر کا کفارہ دے اور (تیرا بھائی) دوبارہ تجھ سے وراثت کی تقسیم کا سوال کرے تو، تو) اپنے بھائی سے (اس معاملہ میں) بات چیت کر اس لئے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ خدا کی نافرمانی قرابتداری کو منقطع کرتی ہے اور جس چیز کا انسان مالک نہ ہو اس کی نذر پوری کرنا جائز نہیں ہے بلکہ اس قسم کی نذروں کا کفارہ دے اور پورا نہ کرے۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

جائز اور ناجائز نذر؟

۳۲۹۶ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلنَّذْرُ نَذْرَانِ فَمَنْ كَانَ نَذَرَ فِيْ طَاعَةٍ فَذٰلِكَ لِلّٰهِ فِيْهِ الْوَفَاءُ وَمَنْ كَانَ نَذَرَ فِيْ مَعْصِيَةٍ فَذٰلِكَ لِلشَّيْطَانِ وَلَا وَفَاءَ فِيْهِ وَيُكَفِّرُهٗ مَا يُكَفِّرُ الْيَمِيْنَ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت عمران بن حصینؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ نذر دو قسم کی ہے ایک تو وہ نذر جو خدا تعالیٰ کی بندگی و طاعت کے لئے مانی جائے اس کا پورا کرنا ضروری ہے اس لئے کہ یہ خالص خدا تعالیٰ کے لئے ہے اور دوسری نذر وہ ہے جو خدا تعالیٰ کی نافرمانی و گناہ کے لئے کی جائے یہ نذر شیطان کے لئے ہے اور اس کا پورا کرنا جائز نہیں ہے اور اس قسم کی نذر کا کفارہ دے جو قسم کا کفارہ دیا جاتا ہے۔ (نسائی)

جان قربان کرنے کی نذر کا مسئلہ

۳۲۹۷ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ قَالَ اِنَّ رَجُلًا نَذَرَ اَنْ يَنْحَرَ نَفْسَهٗ اِنْ نَجَّاهُ اللّٰهُ مِنْ عَدُوِّهٖ فَسَاَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَهٗ سَلْ مَسْرُوْقًا فَسَاَلَهٗ فَقَالَ لَهٗ لَا تَنْحَرْ نَفْسَكَ فَاِنَّكَ اِنْ كُنْتَ مُؤْمِنًا قَتَلْتَ نَفْسًا مُؤْمِنَةً وَاِنْ كُنْتَ كَافِرًا تَعَجَّلْتَ اِلَى النَّارِ وَاشْتَرِ كَبْشًا فَاذْبَحْهُ لِلْمَسَاكِيْنِ فَاِنَّ اِسْحٰقَ خَيْرٌ مِّنْكَ وَفُدِيَ بِكَبْشٍ فَاَخْبَرَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ هٰكَذَا كُنْتُ اَرَدْتُ اَنْ اُفْتِيَكَ۔

(رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت محمد بن منتشر رض کہتے ہیں کہ ایک شخص نے یہ نذر مانی کہ خدا تعالیٰ اس کو دشمن کے ہاتھ سے نجات دلا دے تو وہ اپنے آپ کو قربان یعنی ذبح کر ڈالے گا (خداوند تعالیٰ نے اس کو دشمن سے بچا دیا) تو اس نے اپنی نذر کی بابت ابن عباس رض سے پوچھا۔ انھوں نے کہا مسروق سے دریافت کرو۔ اس نے مسروق سے دریافت کیا تو انھوں نے کہا اپنے آپ کو ذبح نہ کر اس لئے کہ اگر تو مسلمان ہے تو ایک مسلمان کی جان کے قتل کا مرتکب ہوگا اور اگر تو کافر ہے تو دوزخ کی جانب اپنے آپ کو جلد لے جائے گا پس تو ایک دنبہ خرید کر مسکینوں کے لئے اس کو ذبح کر دے۔ حضرت اسحٰق[1] تجھ سے بہتر تھے جن کا فدیہ ایک دنبہ سے دیا گیا تھا۔ اس شخص نے اس جواب سے ابن عباس رض کو آگاہ کیا۔ انھوں نے کہا میں بھی تجھ کو یہی جواب دینے کا ارادہ رکھتا تھا۔ (رزین)

كِتَابُ الْقِصَاصِ

قتل کا بدلہ لینے کا بیان

فَصْلُ اَوَّلٌ

خونِ مسلم کی حرمت

۳۲۹۸ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ يَّشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلٰثٍ النَّفْسُ بِالنَّفْسِ وَالثَّيِّبُ الزَّانِيْ وَالْمَارِقُ لِدِيْنِهِ التَّارِكُ لِلْجَمَاعَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رض کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا جو مسلمان اس امر کی شہادت دے کہ خداوند تعالیٰ کے سوا کوئی معبود عبادت کے قابل نہیں ہے اور میں خدا تعالیٰ کا رسول ہوں تو اس کا خون بہانا جائز نہیں ہے مگر ان تین باتوں میں سے ایک بات پر اس کا خون بہانا جائز ہے ایک تو جان کے بدلے جان (یعنی اگر وہ کسی کو مار ڈالے تو اس کے بدلے میں اس کا قتل جائز ہوگا) دوسرے شادی شدہ آزاد و مکلف مسلمان کا زنا کرنا (کہ اس کو سنگسار کرنا روا ہے) تیسرے ترکِ مذہب اور اپنی جماعت سے علیحدہ ہونے والا (یعنی مرتد کا قتل بھی جائز ہے) (بخاری و مسلم)

خونِ ناحق رحمتِ خداوندی سے محروم کر دیتا ہے

۳۲۹۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يَّزَالَ الْمُؤْمِنُ فِيْ فُسْحَةٍ مِّنْ دِيْنِهٖ مَا لَمْ يُصِبْ دَمًا حَرَامًا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب تک کوئی مسلمان خونِ حرام (یعنی قتل) کا مرتکب نہیں ہوتا اس وقت تک وہ دین کی وسعت و کشادگی میں رہتا ہے (یعنی خدا تعالیٰ کی رحمت کا امیدوار رہتا ہے) (بخاری)

---

[1] تورات میں ہے کہ حضرت ابراہیم ع کو خواب میں جس بیٹے کے ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تھا وہ اسحٰق تھے لیکن صحیح قول یہ ہے کہ وہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تھے۔ امام سیوطی رح کہتے ہیں کہ اسحٰق ع کا نام اہلِ کتاب کی تحریف ہے اصلی نام اسمٰعیل ع ہے اس کو حذف کر کے [illegible]

قیامت میں سب سے پہلے خون کے بارے میں پرسش ہوگی

۳۳۰۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ مَا يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِي الدِّمَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن خداوند تعالیٰ سب سے پہلے لوگوں کو جن معاملات میں حکم سنائے گا وہ خون (یعنی قتل) کے معاملات ہوں گے۔ (بخاری و مسلم)

جس شخص نے کلمہ پڑھ لیا وہ معصوم الدم ہوگیا

۳۳۰۱ وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ لَقِيْتُ رَجُلًا مِّنَ الْكُفَّارِ فَاقْتَتَلْنَا فَضَرَبَ اِحْدٰى يَدَيَّ بِالسَّيْفِ فَقَطَعَهَا ثُمَّ لَاذَ مِنِّيْ بِشَجَرَةٍ فَقَالَ اَسْلَمْتُ لِلّٰهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَلَمَّا اَهْوَيْتُ لِاَقْتُلَهٗ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَاَقْتُلُهٗ بَعْدَ اَنْ قَالَهَا قَالَ لَا تَقْتُلْهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهٗ قَطَعَ اِحْدٰى يَدَيَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقْتُلْهُ فَاِنْ قَتَلْتَهٗ فَاِنَّهٗ بِمَنْزِلَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَقْتُلَهٗ وَاِنَّكَ بِمَنْزِلَتِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّقُوْلَ كَلِمَتَهُ الَّتِيْ قَالَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت مقداد بن اسودؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر میں کافر سے مقابلہ کروں اور ہم دونوں کے درمیان مقاتلہ ہو اور وہ کافر میرے ایک ہاتھ کو کاٹ کر بھاگ کھڑا ہو اور ایک درخت کی پناہ میں جا کر یہ کہے کہ میں خدا کے واسطے مسلمان ہوا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب میں اُسے مار ڈالنے کا ارادہ کروں تو وہ یہ کہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کیا اس کے اِن الفاظ کے کہنے کے بعد میں اس کو مار ڈالوں؟ آپ نے فرمایا اس کو قتل نہ کر۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ص اس نے تو میرا ایک ہاتھ کاٹ ڈالا ہے آپ نے فرمایا اس کو قتل نہ کر۔ اگر تو اس کو قتل کرے گا تو اس کا وہی درجہ ہوگا جو اس کو مار ڈالنے سے پہلے تیرا تھا اور تیرا درجہ وہ ہوگا جو اِس کلمہ کے کہنے سے پہلے اس کا تھا۔ (بخاری و مسلم)

۳۳۰۲ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اُنَاسٍ مِّنْ جُهَيْنَةَ فَاَتَيْتُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ فَذَهَبْتُ اَطْعَنُهٗ فَقَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَطَعَنْتُهٗ فَقَتَلْتُهٗ فَجِئْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ اَقَتَلْتَهٗ وَقَدْ شَهِدَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّمَا فَعَلَ ذٰلِكَ تَعَوُّذًا قَالَ فَهَلَّا شَقَقْتَ عَنْ قَلْبِهٖ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَيْفَ تَصْنَعُ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِذَا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَهٗ مِرَارًا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت اُسامہ بن زیدؓ کہتے ہیں کہ قبیلہ جہینہ کے چند لوگوں کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو بھیجا (یعنی لڑنے کے لئے) میں ایک شخص کے مقابلے پر آیا اور اس پر نیزہ سے حملہ کرنا چاہا تھا کہ اس نے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہہ دیا تھا۔ میں نے اس کو نیزہ مارا اور مار ڈالا پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر واقعہ عرض کیا آپ نے فرمایا، جب کہ اس نے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہہ دیا تھا تو پھر تو نے اس کو کیوں قتل کیا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ص اس نے تو اپنے آپ کو بچانے کے لئے کلمہ پڑھا تھا آپ نے فرمایا کیا تو نے اُس کا دل دیکھا تھا (یعنی باطن کا حال تجھ کو معلوم نہ تھا تو ظاہر کو کیوں نہیں دیکھا؟) (بخاری و مسلم) اور جندب بن عبداللہ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ رسول اللہ ص نے یہ فرمایا قیامت کے دن جب کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ جھگڑتا ہوا آئے گا، اُس وقت تو کیا کہے گا اور کیا جواب دے گا؟ کئی مرتبہ آپ ص نے یہ الفاظ فرمائے۔ (مسلم)

معاہدہ کو قتل کرنے کی ممانعت

۳۳۰۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَإِنَّ رِيْحَهَا تُوْجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ أَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی معاہد کو قتل کرے گا (یعنی اس کافر کو جس سے جنگ نہ کرنے کا عہد کیا گیا ہو) وہ جنت کی بو بھی نہ پائے گا اور جنت کی بو چالیس برس کے راستہ تک پہنچتی ہے۔ (بخاری)

خودکشی کرنے والے کے بارے میں وعید

۳۳۰۴ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَدّٰى مِنْ جَبَلٍ فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَهُوَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ يَتَرَدّٰى فِيْهَا خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا أَبَدًا وَمَنْ تَحَسّٰى سَمًّا فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَسَمُّهُ فِيْ يَدِهٖ يَتَحَسّٰاهُ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا أَبَدًا وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيْدَةٍ فَحَدِيْدَتُهُ فِيْ يَدِهٖ يَتَوَجَّأُ بِهَا فِيْ بَطْنِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا أَبَدًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس شخص نے اپنے آپ کو پہاڑ سے گرا کر مار ڈالا اس کو دوزخ میں بھی گرایا جاتا رہے گا اور وہ ہمیشہ ہمیشہ دوزخ میں رہے گا اور جس شخص نے زہر کھا کر اپنی جان دی، دوزخ کے اندر زہر کا پیالہ اس کے ہاتھ میں ہوگا اور وہ ہمیشہ ہمیشہ دوزخ میں رہے گا اور جس شخص نے اپنے آپ کو لوہے (وغیرہ) کے کسی ہتھیار (وغیرہ) سے مار ڈالا۔ اس کا ہتھیار دوزخ کے اندر اس کے ہاتھ میں ہوگا اور وہ اس کو اپنے پیٹ کے اندر گھونپے گا اور ہمیشہ ہمیشہ دوزخ میں رہے گا۔ (بخاری و مسلم)

۳۳۰۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِيْ يَخْنُقُ نَفْسَهُ يَخْنُقُهَا فِي النَّارِ وَالَّذِيْ يَطْعَنُهَا فِي النَّارِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اپنے کو گلا گھونٹ کر مار ڈالے وہ دوزخ میں بھی اپنا گلا گھونٹے گا اور جو اپنے آپ کو نیزہ مار کر مر جائے گا دوزخ میں بھی وہ اپنے آپ کو نیزہ مارے گا۔ (بخاری)

۳۳۰۶ وَعَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَجُلٌ بِهٖ جَرْحٌ فَجَزِعَ فَأَخَذَ سِكِّيْنًا فَحَزَّ بِهَا يَدَهٗ فَمَا رَقَأَ الدَّمُ حَتّٰى مَاتَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى بَادَرَنِيْ عَبْدِيْ بِنَفْسِهٖ فَحَرَّمْتُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جندبؓ ابن عبداللہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تم سے پہلے لوگوں میں ایک شخص تھا جس کے ہاتھ میں زخم آگیا تھا۔ اس نے (زخم کی تکلیف برداشت نہ کی اور) چھری اٹھا کر اپنے ہاتھ کو کاٹ ڈالا۔ اس کا خون نہ رکا اور وہ مر گیا۔ خداوند تعالیٰ نے فرمایا میرے بندے نے اپنے آپ کو ہلاک کرنے میں جلدی کی میں نے اس پر جنت کو حرام کر دیا۔ (بخاری و مسلم)

خودکشی کے بارے میں ایک سبق آموز واقعہ

۳۳۰۷ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ طُفَيْلَ بْنَ عَمْرٍو الدَّوْسِيَّ لَمَّا هَاجَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ هَاجَرَ إِلَيْهِ وَهَاجَرَ مَعَهٗ رَجُلٌ مِّنْ قَوْمِهٖ فَمَرِضَ فَجَزِعَ فَأَخَذَ مَشَاقِصَ لَهٗ فَقَطَعَ بِهَا بَرَاجِمَهٗ

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لے گئے تو طفیل بن عمرو دوسی اور ان کی قوم کے ایک اور شخص نے بھی ہجرت کی۔ طفیل کا ساتھی مدینہ میں بیمار ہوا اور تکلیف اس سے برداشت نہ ہو سکی اس نے تیروں کا پیکان لیا اور اس

فَشَخَبَتْ يَدَاهُ حَتّٰى مَاتَ فَرَاٰهُ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو فِيْ مَنَامِهٖ وَهَيْئَتُهٗ حَسَنَةٌ وَرَاٰهُ مُغَطِّيًا يَدَيْهِ فَقَالَ لَهٗ مَا صَنَعَ بِكَ رَبُّكَ فَقَالَ غَفَرَ لِيْ بِهِجْرَتِيْ اِلٰى نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا لِيْ اَرَاكَ مُغَطِّيًا يَدَيْكَ قَالَ قِيْلَ لِيْ لَنْ نُصْلِحَ مِنْكَ مَا اَفْسَدْتَّ فَقَصَّهَا الطُّفَيْلُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ وَلِيَدَيْهِ فَاغْفِرْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سے اپنی انگلیوں کے جوڑوں کو کاٹ ڈالا۔ دونوں ہاتھوں کا خون نہ رکا اور وہ مر گیا پھر طفیل بن عمرو نے اس کو خواب میں دیکھا اس کی ہیئت وصورت اچھی تھی البتہ اس نے اپنے ہاتھوں کو ڈھک رکھا تھا۔ طفیل بن عمرو نے اس سے پوچھا تیرے ساتھ تیرے پروردگار نے کیا سلوک کیا اس نے کہا خدا تعالیٰ نے مجھ کو اس لئے بخش دیا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کی تھی پھر طفیل نے پوچھا تم ہاتھوں کو کیوں ڈھانکے ہوئے ہو۔ اس نے کہا مجھ سے خداوند تعالیٰ نے فرمایا کہ جس چیز کو تو نے اپنے آپ خراب کیا ہے ہم اس کو درست نہ کریں گے۔ طفیل نے خواب کا یہ واقعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا۔ آپ نے فرمایا اے اللہ! اس کے دونوں ہاتھوں کو بھی بخش دے۔ (مسلم)

مقتول کے ورثاء کو قصاص اور دیت دونوں میں سے کسی ایک کو لینے کا اختیار ہے

۳۳۰۸ وَعَنْ اَبِيْ شُرَيْحٍ الْكَعْبِيِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثُمَّ اَنْتُمْ يَا خُزَاعَةُ قَدْ قَتَلْتُمْ هٰذَا الْقَتِيْلَ مِنْ هُذَيْلٍ وَاَنَا وَاللّٰهِ عَاقِلُهٗ فَمَنْ قَتَلَ بَعْدَهٗ قَتِيْلًا فَاَهْلُهٗ بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ اِنْ اَحَبُّوْا قَتَلُوْا وَاِنْ اَحَبُّوْا اَخَذُوا الْعَقْلَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالشَّافِعِيُّ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ بِاَسْنَادِهٖ وَصَرَّحَ بِاَنَّهٗ لَيْسَ فِي الصَّحِيْحَيْنِ عَنْ اَبِيْ شُرَيْحٍ وَقَالَ وَاَخْرَجَاهُ مِنْ رِوَايَةِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَعْنِيْ بِمَعْنَاهُ۔)

حضرت ابی شریح کعبی کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اے خزاعہ[1] تم نے اس مقتول کو جو قبیلہ ہذیل سے ہے قتل کیا ہے اور میں خدا کی قسم اس کے بعد جس کو قتل کیا جائے گا اس کا خون بہا دینے والا ہوں۔ اب مقتول کے وارثوں کو دو باتوں میں سے ایک کا اختیار ہے اگر وہ چاہیں تو قاتل کو مار ڈالیں، اور چاہیں اس سے خون بہا لے لیں۔ (ترمذی۔ شافعی۔ شرح السنہ نے لکھا ہے کہ یہ حدیث بخاری و مسلم میں نہیں ہے اور ابوہریرہ رضؓ سے بخاری و مسلم میں جو حدیث منقول ہے اس کے یہ الفاظ نہیں ہیں بلکہ وہ اس کے ہم معنی ہے)

عورت کے مرد قاتل کو قتل کیا جا سکتا ہے

۳۳۰۹ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ يَهُوْدِيًّا رَضَّ رَاْسَ جَارِيَةٍ بَيْنَ حَجَرَيْنِ فَقِيْلَ لَهَا مَنْ فَعَلَ بِكِ هٰذَا اَفُلَانٌ اَفُلَانٌ حَتّٰى سُمِّيَ الْيَهُوْدِيُّ فَاَوْمَتْ بِرَاْسِهَا فَجِيْءَ بِالْيَهُوْدِيِّ فَاعْتَرَفَ فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُضَّ رَاْسُهٗ بِالْحِجَارَةِ۔

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ ایک یہودی نے ایک لڑکی کا سر پتھر پر رکھ کر دوسرے پتھر سے اس کو کچل ڈالا۔ لڑکی سے پوچھا گیا تجھ کو کس نے مارا ہے فلاں شخص نے یا فلاں شخص نے جب اس یہودی کا نام اس کے سامنے لیا گیا تو لڑکی نے سر کے اشارے سے یہودی کو بتلایا یہودی کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا یہودی نے جرم کا اعتراف کیا آخر

---

[1] یہ حدیث اس خطبہ کے آخری الفاظ ہیں جو آپ نے فتح مکہ کے دن دیا تھا جس کا ابتدائی حصہ حرم مکہ کے بیان میں درج ہو چکا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ قبیلہ ہذیل نے ایام جاہلیت میں بنو خزاعہ کے ایک آدمی کو مار ڈالا تھا۔ ان ایام میں بنو خزاعہ نے اپنے مقتول کے بدلہ میں ہذیل کے ایک آدمی کو مار ڈالا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کا خون بہا خود ادا کیا تاکہ فتنہ نہ اٹھ کھڑا ہو اور اس کے بعد شرعی قانون بیان کیا جس کا ذکر حدیث میں ہے۔ ۱۲ مترجم

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے اس کا سر پتھروں سے کچلا گیا (بخاری و مسلم)

جو جیسا کرے اس کو ویسی ہی سزا دو

۳۳۱۰/۱۳ وَعَنْهُ قَالَ كَسَرَتِ الرُّبَيِّعُ وَهِيَ عَمَّةُ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ثَنِيَّةَ جَارِيَةٍ مِّنَ الْأَنْصَارِ فَأَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِالْقِصَاصِ فَقَالَ أَنَسُ بْنُ النَّضْرِ عَمُّ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ لَا وَاللّٰهِ لَا تُكْسَرُ ثَنِيَّتُهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَنَسُ كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ فَرَضِيَ الْقَوْمُ وَقَبِلُوا الْأَرْشَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَّوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ انس بن مالک کی پھوپھی ربیع نے ایک انصاری لڑکی کا دانت توڑ ڈالا۔ اس لڑکی کے رشتہ دار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قصاص (یعنی بدلہ لینے) کا حکم دیا۔ انس بن مالک رضؓ کے چچا انس بن نضر رضؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! (قصاص میں) اس کے دانت نہ توڑ دیئے جائیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، خدا تعالیٰ کے بعض بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ کسی بات پر قسم کھالیں تو خداوند تعالیٰ ان کی قسم کو پورا کر دیتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

مقتول کافر کے بدلے میں قاتل مسلمان کو قتل کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟

۳۳۱۱/۱۴ وَعَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ سَأَلْتُ عَلِيًّا هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ لَيْسَ فِي الْقُرْآنِ فَقَالَ وَالَّذِي فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَأَ النَّسَمَةَ مَا عِنْدَنَا إِلَّا مَا فِي الْقُرْآنِ إِلَّا فَهْمًا يُعْطَى رَجُلٌ فِي كِتَابِهِ وَمَا فِي الصَّحِيفَةِ قُلْتُ وَمَا فِي الصَّحِيفَةِ قَالَ الْعَقْلُ وَفِكَاكُ الْأَسِيرِ وَأَنْ لَّا يُقْتَلَ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) وَذُكِرَ حَدِيثُ ابْنِ مَسْعُودٍ لَا تُقْتَلُ نَفْسٌ ظُلْمًا فِي كِتَابِ الْعِلْمِ۔

حضرت ابی جحیفہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے علی رضؓ سے پوچھا کہ تمہارے پاس کوئی ایسی چیز ہے جو قرآن میں نہ ہو؟ حضرت علی رضؓ نے کہا قسم ہے اس ذات کی جس نے اناج کو پیدا کیا اور جان کو وجود بخشا میرے پاس قرآن کے سوا کوئی چیز نہیں ہے۔ ہاں فہم و سمجھ خداوند تعالیٰ انسان کو عطا فرماتا ہے جس سے وہ قرآن مجید کو سمجھتا ہے یعنی اس چیز کو جو ہمارے پاس کاغذ پر لکھی ہوئی ہے۔ ابو جحیفہ نے پوچھا اس میں کیا لکھا ہوا ہے۔ حضرت علی رضؓ نے جواب دیا (قتل کا) خون بہا قیدی کو چھڑانا اور یہ کہ کافر کے بدلے میں مسلمان کو قتل نہ کیا جائے (بخاری) ابن مسعود رضؓ کی حدیث "لَا تُقْتَلُ الخ" کتاب العلم میں بیان کی جا چکی ہے۔

فصل دوم

خون مسلم کی اہمیت؟

۳۳۱۲/۱۵ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَزَوَالُ الدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ قَتْلِ رَجُلٍ مُّسْلِمٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ) وَوَقَفَهُ بَعْضُهُمْ وَهُوَ الصَّحِيحُ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا تعالیٰ کے نزدیک دنیا کا زوال آسان ہے مسلمان آدمی کے قتل سے۔ (ترمذی، نسائی)

بعضوں نے اس کو موقوف کہا ہے اور یہی صحیح ہے اور ابن ماجہ نے براء بن عازب رضؓ سے روایت کیا ہے۔

۳۳۱۳/۱۶ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ أَنَّ أَهْلَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ اشْتَرَكُوا فِي دَمِ مُؤْمِنٍ لَّأَكَبَّهُمُ

حضرت ابو سعید رضؓ اور حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر آسمان والے اور زمین والے دونوں کسی مسلمان کے قتل میں شریک ہوں تو خداوند تعالیٰ ان سب

اللّٰہُ فِی النَّارِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)۔

کو دوزخ کی آگ میں اُلٹا ڈالے گا۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)

قیامت کے دن مقتول کا استغاثہ

۳۳۱۴/۱۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَجِیْءُ الْمَقْتُوْلُ بِالْقَاتِلِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ نَاصِیَتُہٗ وَرَأْسُہٗ بِیَدِہٖ وَاَوْدَاجُہٗ تَشْخَبُ دَمًا یَقُوْلُ یَا رَبِّ قَتَلَنِیْ حَتّٰی یُدْنِیَہٗ مِنَ الْعَرْشِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن مقتول قاتل کو (اس طرح پکڑ کر) لائے گا کہ قاتل کی پیشانی اور سر مقتول کے ہاتھ میں ہوگا اور مقتول کی رگوں سے خون بہتا ہوگا اور مقتول خداوند تعالیٰ کو مخاطب کر کے کہے گا اے پروردگار! اس شخص نے مجھ کو قتل کیا ہے یہاں تک کہ مقتول قاتل کو عرشِ الٰہی کے قریب تک لیجائے گا۔ (ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

اپنی مظلومیت کے دن حضرت عثمان کی تقریر

۳۳۱۵/۱۸ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ بْنِ سَہْلِ بْنِ حُنَیْفٍ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ اَشْرَفَ یَوْمَ الدَّارِ فَقَالَ اَنْشُدُکُمْ بِاللّٰہِ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰی ثَلٰثٍ زِنًا بَعْدَ اِحْصَانٍ اَوْ کُفْرٌ بَعْدَ اِسْلَامٍ اَوْ قَتْلُ نَفْسٍ بِغَیْرِ حَقٍّ فَقُتِلَ بِہٖ فَوَاللّٰہِ مَا زَنَیْتُ فِی جَاہِلِیَّۃٍ وَّلَا اِسْلَامٍ وَلَا ارْتَدَدْتُ مُنْذُ بَایَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلَا قَتَلْتُ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰہُ فَبِمَ تَقْتُلُوْنَنِیْ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَلِلدَّارِمِیِّ لَفْظُ الْحَدِیْثِ)

حضرت ابی امامہ رضؓ بن سہل بن حنیف کہتے ہیں کہ حضرت عثمان بن عفان رضؓ دار[1] کے دنوں میں اپنے گھر کی چھت پر چڑھے اور بلوائیوں کو مخاطب کر کے کہا۔ لوگو! میں تم کو خدا تعالیٰ کی قسم دے کر کہتا ہوں کیا تم اس بات سے آگاہ ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے کسی مسلمان کا خون بہانا جائز نہیں ہے مگر جب کہ ان تین باتوں میں سے کوئی ایک بات پائی جائے یعنی نکاح کرنے کے بعد زنا کرنا یا اسلام لانے کے بعد کافر ہو جانا یا کسی کو ناحق قتل کر دینا ان باتوں کے بدلہ میں تو مارا جائے گا (مسلمان کو اور اس کے سوا کسی معاملہ میں اس کا خون بہانا جائز نہیں ہے) قسم ہے خدا کی میں نے نہ تو ایامِ جاہلیت میں زنا کیا ہے اور نہ اسلام میں اور جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی ہے اُس وقت سے اب تک میں اسلام پر قائم ہوں اور مرتد نہیں ہوا اور جس مسلمان کی جان کے خون بہانے کو خدا تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے میں نے اس کا خون بھی نہیں بہایا ہے۔ پھر کس بنا پر تم مجھ کو قتل کرنا چاہتے ہو؟۔ (ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

قاتل توفیق خیر سے محروم رہتا ہے

۳۳۱۶/۱۹ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَزَالُ الْمُؤْمِنُ مُعْنِقًا صَالِحًا مَا لَمْ یُصِبْ دَمًا حَرَامًا فَاِذَا اَصَابَ دَمًا حَرَامًا بَلَّحَ۔ (رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوالدرداء رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسلمان بندہ ہمیشہ نیکی کی طرف تیزی سے جاتا رہتا ہے جب تک خونِ حرام کا مرتکب نہیں ہوتا اور جب وہ خونِ حرام کا ارتکاب کر لیتا ہے تو تھک جاتا ہے (اور نیکی کی طرف نہیں بڑھتا) (ابوداؤد)

---

[1] دار کے دنوں سے وہ دن مراد ہیں جن میں لوگوں نے حضرت عثمان رضؓ کے مکان کو محاصرہ میں لے رکھا تھا اور بلوہ پر آمادہ تھے ان دنوں میں چونکہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ دار (گھر) میں رہے باہر نہ نکل سکے اس لئے اُن دنوں کو ایامِ دار کہا جاتا ہے۔ ۱۲ مترجم

قتلِ ناحق، ناقابلِ معافی جرم ہے۔

۳۳۱۷/۲۰ وَعَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ ذَنْبٍ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّغْفِرَهٗ اِلَّا مَنْ مَّاتَ مُشْرِكًا اَوْ مَنْ يَّقْتُلُ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ عَنْ مُّعَاوِيَةَ)۔

حضرت ابوالدرداءؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ سے امید ہے کہ ہر گناہ کو وہ بخشدے مگر اس شخص کا گناہ نہیں بخشا جائے گا جو شرک کی حالت میں مرے یا کسی مسلمان کو جان سے مار ڈالے۔ (ابوداؤد) اور نسائی نے یہ حدیث حضرت معاویہؓ سے روایت کی ہے۔

باپ سے اولاد کا قصاص نہ لیا جائے

۳۳۱۸/۲۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُقَامُ الْحُدُوْدُ فِي الْمَسَاجِدِ وَلَا يُقَادُ بِالْوَلَدِ الْوَالِدُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسجدوں میں شرعی حدود (سزا) کو قائم نہ کیا جائے اور قصاص نہ لیا جائے باپ سے اولاد کے (قتل کے) بدلہ میں۔ (ترمذی۔ دارمی)

باپ بیٹا ایک دوسرے کے جرم میں قابلِ مواخذہ نہیں

۳۳۱۹/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ رِمْثَةَ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ اَبِيْ فَقَالَ مَنْ هٰذَا الَّذِيْ مَعَكَ قَالَ ابْنِيْ اِشْهَدْ بِهٖ قَالَ اَمَا اِنَّهٗ لَا يَجْنِيْ عَلَيْكَ وَلَا تَجْنِيْ عَلَيْهِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ فِيْ اَوَّلِهٖ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ اَبِيْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَى اَبِي الَّذِيْ بِظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دَعْنِيْ اُعَالِجُ الَّذِيْ بِظَهْرِكَ فَاِنِّيْ طَبِيْبٌ فَقَالَ اَنْتَ رَفِيْقٌ وَّاللّٰهُ الطَّبِيْبُ۔

حضرت ابو رمثہؓ کہتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا یہ تمہارے ساتھ کون ہے؟ والد نے عرض کیا یہ میرا بیٹا ہے آپ اس کے گواہ رہیئے۔ آپ نے فرمایا آگاہ ہو کہ اس کے گناہ کا مواخذہ تجھ سے نہ ہوگا اور تیرے گناہ کا مواخذہ اس سے نہ ہوگا (یعنی جیسا کہ جاہلیت میں باپ بیٹے ایک دوسرے کے جرم میں قابلِ مواخذہ ہوتے تھے۔ اسلام میں یہ قانون نہیں اسلام میں مجرم ہی قابلِ مواخذہ ہے۔ (ابوداؤد۔ نسائی) اور شرح السنۃ میں اس حدیث کے شروع میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ ابو رمثہ نے کہا میں اپنے والد کے ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میرے والد نے آپ کی پشت مبارک پر مہر نبوت کو دیکھ کر عرض کیا مجھ کو اجازت دیجئے کہ میں اس کا علاج کروں میں طبیب ہوں آپ نے فرمایا تو رفیق ہے (یعنی مریض پر مہربان) اور خداوند تعالیٰ طبیب

بیٹے سے باپ کا قصاص لیا جاتے

۳۳۲۰/۲۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ قَالَ حَضَرْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقِيْدُ الْاَبَ مِنِ ابْنِهٖ وَلَا يُقِيْدُ الِابْنَ مِنْ اَبِيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَضَعَّفَهٗ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ سراقہ بن مالک نے بیان کیا ہے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوا جب کہ آپ بیٹے سے اس کے باپ کا قصاص لے رہے تھے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم باپ سے بیٹے کا قصاص نہ لیا کرتے تھے۔ (ترمذی نے اسے ضعیف کہا ہے)

غلام کے قصاص میں آزاد کو قتل کیا جاسکتا ہے یا نہیں

۳۳۲۱/۲۴ وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حسنؓ سمرہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ

اللہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَ عَبْدَہٗ قَتَلْنَاہُ وَمَنْ جَدَعَ عَبْدَہٗ جَدَعْنَاہُ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَ اَبُوْدَاؤُدَ وَ ابْنُ مَاجَۃَ وَ الدَّارِمِیُّ وَ زَادَ النَّسَائِیُّ فِیْ رِوَایَۃٍ اُخْرٰی وَمَنْ خَصٰی عَبْدَہٗ خَصَیْنَاہُ۔)

وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اپنے غلام کو قتل کرے گا ہم اس کے بدلہ میں اس کو قتل کریں گے اور جو شخص اپنے غلام کے اعضا کاٹے ہم اس کے اعضا کاٹیں گے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ دارمی اور نسائی نے یہ الفاظ زیادہ لکھے ہیں کہ جو شخص اپنے غلام کو خصی کرے گا ہم اس کو خصی کریں گے۔)

قاتل کو مقتول کے ورثاء کے حوالے کر دیا جائے

۳۳۲۲/۲۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ مُتَعَمِّدًا دُفِعَ اِلٰی اَوْلِیَاءِ الْمَقْتُوْلِ فَاِنْ شَاءُوْا قَتَلُوْا وَاِنْ شَاءُوْا اَخَذُوا الدِّیَۃَ وَھِیَ ثَلٰثُوْنَ حِقَّۃً وَّ ثَلٰثُوْنَ جَذَعَۃً وَّ اَرْبَعُوْنَ خَلِفَۃً وَّ مَا صَالَحُوْا عَلَیْہِ فَھُوَ لَھُمْ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص جان بوجھ کر کسی کو مار ڈالے تو قاتل کو مقتول کے وارثوں کے حوالہ کر دیا جائے خواہ اس کے بدلہ میں اس کو مار ڈالیں اور خواہ اس سے خون بہا لے لیں اور خون بہا قتل کا سو اونٹنیاں ہیں جن میں سے تیس اونٹنیاں وہ ہوں جو تین برس کی ہو کر چوتھے سال میں لگی ہوں اور تیس اونٹنیاں وہ ہوں جو چار برس کی ہو کر پانچویں سال میں لگی ہوں اور چالیس اونٹنیاں حاملہ ہوں اور مقتول کے وارث جس امر پر فیصلہ کر لیں اور صلح کریں (یعنی اگر اس سے کم پر راضی ہو جائیں) تو وہی قاتل پر واجب ہوگا۔ (ترمذی)

قصاص و دیت کے بارے میں سب مسلمان برابر ہیں

۳۳۲۳/۲۶ وَعَنْ عَلِیٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُوْنَ تَتَکَافَؤُ دِمَاءُھُمْ وَیَسْعٰی بِذِمَّتِھِمْ اَدْنَاھُمْ وَیَرُدُّ عَلَیْھِمْ اَقْصَاھُمْ وَھُمْ یَدٌ عَلٰی مَنْ سِوَاھُمْ اَلَا لَا یُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِکَافِرٍ وَلَا ذُوْ عَھْدٍ فِیْ عَھْدِہٖ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَ النَّسَائِیُّ وَرَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ)۔

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سب مسلمان (خواہ وہ شریف ہوں یا رذیل چھوٹے ہوں یا بڑے عالم ہوں یا جاہل) قصاص اور دیت (خون بہا) میں برابر ہیں اور مسلمانوں میں سے اگر کوئی معمولی سا معمولی آدمی بھی کسی سے عہد کرے تو اس کو پورا کیا جائے اور اگر کسی دور کے رہنے والے مسلمان نے اگر کسی سے کوئی معاہدہ کیا ہو تو اس کو توڑا نہ جائے اور تمام مسلمان غیر مسلموں کے مقابلے میں ایک ہاتھ (یعنی ایک متحد جماعت) کا حکم رکھتے ہیں۔ خبردار کسی کافر کے بدلے میں مسلمان کو قتل نہ کیا جائے اس شخص کو جو اپنے عہد و ضمان میں ہو جب تک وہ عہد و ضمان میں رہے۔ (ابوداؤد و نسائی، اور ابن ماجہ نے یہ حدیث حضرت ابن عباس رضؓ سے نقل کی ہے)۔

مقتول یا زخم خوردہ کے ورثاء کا حق

۳۳۲۴/۲۷ وَعَنْ اَبِیْ شُرَیْحٍ الْخُزَاعِیِّ قَالَ سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ اُصِیْبَ بِدَمٍ اَوْ خَبْلٍ وَ الْخَبْلُ الْجِرَاحُ فَھُوَ بِالْخِیَارِ بَیْنَ اِحْدٰی ثَلٰثٍ فَاِنْ اَرَادَ الرَّابِعَۃَ فَخُذُوْا عَلٰی یَدَیْہِ بَیْنَ اَنْ یَّقْتَصَّ اَوْ یَعْفُوَ اَوْ یَاْخُذَ الْعَقْلَ فَاِنْ

حضرت ابوشریح خزاعی رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جو شخص اپنے کسی عزیز کے قتل ناحق کی مصیبت میں مبتلا ہو یا زخم کی مصیبت میں (یعنی اس کا کوئی عزیز مارا گیا ہو یا اس کا کوئی عضو کاٹا گیا ہو) تو وہ ان باتوں میں سے ایک کو اختیار کر سکتا ہے اگر وہ ان باتوں سے زیادہ چوتھی بات کا خواستگار ہو تو اس کا ہاتھ پکڑ لو (یعنی اس کو منع کر دو) اور وہ تین باتیں یہ ہیں یا تو وہ بدلہ لے

اَخَذَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا ثُمَّ عَدَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهُ النَّارُ خَالِدًا فِيْهَا مُخَلَّدًا اَبَدًا۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

(یعنی خون کا بدلہ خون) یا معاف کردے اور یا خون بہا قبول کرلے پھر اگر ان باتوں میں سے کسی بات کو اختیار ـــــ کرلیا اس کے بعد اس نے زیادتی کی یعنی دوسری چیز کا مطالبہ کیا تو اس کے لئے دوزخ کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔ (دارمی)

قتل خطا کا حکم

۳۳۲۵/۲۸ وَعَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قُتِلَ فِيْ عِمِّيَّةٍ فِيْ رَمْيٍ يَّكُوْنُ بَيْنَهُمْ بِالْحِجَارَةِ اَوْ جَلْدٍ بِالسِّيَاطِ اَوْ ضَرْبٍ بِعَصًا فَهُوَ خَطَاءٌ وَعَقْلُهُ عَقْلُ الْخَطَاءِ وَمَنْ قُتِلَ عَمْدًا فَهُوَ قَوَدٌ وَّمَنْ حَالَ دُوْنَهُ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَغَضَبُهُ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَّلَا عَدْلٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

طاؤسؒ، ابن عباسؓ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص مارا جائے اندھا دھند (مثلاً) پتھروں کی لڑائی میں یا کوڑوں اور لکڑیوں کے بلوہ وغیرہ میں (اور قاتل کا پتہ نہ ہو) تو یہ قتل، قتلِ خطا[1] ہے اور خون بہا اس کا قتلِ خطا کا خون بہا ہے اور جو شخص قصداً مارا جائے یہ قتل قصاص کو واجب کرتا ہے، اور جو شخص قصاص لینے میں حائل و مزاحم ہو اس پر خدا تعالیٰ کی لعنت ہے اور غضب الٰہی ہے نہ اس کے فرض قبول کئے جائیں گے اور نہ نفل۔ (ابوداؤد و نسائی)

قاتل سے دیت لینے کے بعد پھر اس کو قتل کردینا قابل معافی جرم ہے؟

۳۳۲۶/۲۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اُعْفِيْ مَنْ قَتَلَ بَعْدَ اَخْذِ الدِّيَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں اس شخص کو قصاص لئے بغیر نہ چھوڑوں گا جس نے اپنے مقتول کا خون بہا لے لیا ہو اور پھر قاتل کو مار ڈالا ہو۔ (ابوداؤد)

زخمی کردینے والے کو معاف کردینے کا اجر

۳۳۲۷/۳۰ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ رَجُلٍ يُّصَابُ لِشَيْءٍ فِيْ جَسَدِهٖ فَتَصَدَّقَ بِهٖ اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهٖ دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ خَطِيْئَةً۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابودرداءؓ کہتے ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جس شخص کو زخمی کیا گیا ہو اور بدل لینے کے بجائے اس شخص کو معاف کردے جس نے اس کو زخمی کیا ہو تو خداوند تعالیٰ اس کے درجہ کو بلند فرماتا ہے اور اس کے گناہوں کو معاف کردیتا ہے۔ (ترمذی ابن ماجہ)

فصل سوم

ایک آدمی کو کئی آدمی مل کر قتل کریں تو سب ہی قصاص کے سزاوار ہوں گے

۳۳۲۸/۳۱ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ

سعید بن مسیبؒ کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطابؓ نے ایک شخص

---

[1] قتلِ خطا کی دو قسمیں ہیں ایک تو ارادہ کی غلطی، مثلاً آدمی کو شکار جان کر تیر وغیرہ مارا اور وہ مرگیا۔ دوسرے فعل کی غلطی مثلاً نہ تیر نشانہ پر لگا رہا تھا اور وہ آدمی کو لگ گیا۔ اِس قسم کے قتل کی سزا قتلِ خطا کی سزا ہے۔ اِن دونوں میں کفارہ لازم ہوتا ہے۔ ۱۲ مترجم

قَتَلَ نَفَرًا خَمْسَةً بِرَجُلٍ وَّاحِدٍ قَتَلُوْهُ قَتْلَ غِيْلَةٍ وَقَالَ عُمَرُ لَوْ تَمَالَأَ عَلَيْهِ اَهْلُ صَنْعَاءَ لَقَتَلْتُهُمْ جَمِيْعًا۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّرَوَى الْبُخَارِيُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَهٗ)

کے قتل کے بدلے میں پانچ یا سات آدمیوں کو قتل کیا تھا یہ سب لوگ اس کے قتل میں شریک تھے اور انھوں نے دھوکہ دے کر اس کو قتل کیا تھا اور قتل کے بعد فرمایا اگر اس شخص پر صنعا والے سب کے سب حملہ کرتے یا قاتلوں کی مدد کرتے تو میں صنعا کے سارے لوگوں کو قتل کرا دیتا (مالک۔ بخاری نے یہ روایت ابن عمرؓ سے نقل کی ہے)۔

قیامت کے دن مقتول اپنے قاتل کو پکڑ کر خدا سے فریاد کرے گا۔

۳۳۲۹/۳۲ وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ فُلَانٌ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَجِيْءُ الْمَقْتُوْلُ بِقَاتِلِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَقُوْلُ سَلْ هٰذَا فِيْمَا قَتَلَنِيْ فَيَقُوْلُ قَتَلْتُهٗ عَلٰى مُلْكِ فُلَانٍ قَالَ جُنْدُبٌ فَاتِقُهَا۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت جندبؓ کہتے ہیں کہ مجھ سے فلاں شخص نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے قیامت کے دن مقتول اپنے قاتل کو پکڑ کر لائے گا اور خداوند تعالیٰ سے عرض کرے گا اس سے دریافت فرمائیے کہ مجھ کو اس نے کیوں قتل کیا؟ قاتل کہے گا میں نے اس کو فلاں بادشاہ کے عہد میں (اس کی مدد سے) قتل کیا ہے۔ جندبؓ کا بیان ہے کہ نیچ تو اس سے (یعنی قتل یا منازعت سے کہ سبب قتل کا ہے۔ (نسائی)

قاتل کے امدادی کے بارے میں وعید

۳۳۳۰/۳۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعَانَ عَلٰى قَتْلِ مُؤْمِنٍ شَطْرَ كَلِمَةٍ لَقِيَ اللّٰهَ مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ اٰئِسٌ مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص مومن کے قتل میں مدد کرے آدھے کلمہ سے (مثل قتل کرنے کی جگہ قتّ کہے) تو خداوند تعالیٰ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ اسکی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھا ہوگا کہ یہ شخص خدا تعالیٰ کی رحمت سے مایوس ہے۔ (ابن ماجہ)

قاتل کے مددگار کو تعزیزاً قید کیا جائے؟

۳۳۳۱/۳۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَمْسَكَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ وَقَتَلَهُ الْاٰخَرُ يُقْتَلُ الَّذِيْ قَتَلَ وَيُحْبَسُ الَّذِيْ اَمْسَكَ۔ (رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب ایک شخص کسی آدمی کو پکڑے اور دوسرا اس کو قتل کر دے تو قاتل کو اس کے بدلے میں قتل کیا جائے اور مددگار کو قید کیا جائے۔ (دارقطنی)

بَابُ الدِّيَاتِ

قتل کے مالی مُعاوضہ کا بیان

فصل اوّل

انگلی کاٹنے کی دیت

۳۳۳۲/۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هٰذِهٖ وَهٰذِهٖ سَوَاءٌ يَعْنِي الْخِنْصَرَ وَالْاِبْهَامَ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یہ اور یہ (یعنی) چھوٹی انگلی اور انگوٹھا دونوں برابر ہیں (یعنی دیت میں دونوں مساوی ہیں) (بخاری)

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اِنَّ دِيَةَ الْخَطَاءِ شِبْهِ الْعَمْدِ مَا كَانَ بِالسَّوْطِ وَالْعَصَا مِائَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ مِنْهَا اَرْبَعُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهَا اَوْلَادُهَا۔ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ عَنْهُ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رض۔

فرمایا ہے قتلِ خطاء (جو قتلِ عمد کے مشابہ ہے) کا خون بہا اگر کوڑے یا لاٹھی سے وقوع میں آیا ہو سو اونٹ ہیں جن میں چالیس حاملہ اونٹنیاں بھی ہوں۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی اور ابوداؤد نے یہ حدیث ابن عمر رض سے بھی روایت کی ہے اور شرح السنۃ میں مصابیح کے حوالے سے ابن عمر رض سے مروی ہے۔

مختلف اعضاء جسم کی دیت؟

۳۳۳۷/۶ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ وَكَانَ فِيْ كِتَابِهٖ اَنَّ مَنِ اعْتَبَطَ مُؤْمِنًا قَتْلًا فَاِنَّهٗ قَوَدٌ يَدَهٗ اِلَّا اَنْ تَرْضٰى اَوْلِيَاءُ الْمَقْتُوْلِ وَفِيْهِ اَنَّ الرَّجُلَ يُقْتَلُ بِالْمَرْاَةِ وَفِيْهِ فِيْ نَفْسِ الدِّيَةِ مِائَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ وَعَلٰى اَهْلِ الذَّهَبِ اَلْفُ دِيْنَارٍ وَفِي الْاَنْفِ اِذَا اُوْعِبَ جَدْعُهُ الدِّيَةُ مِائَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ وَفِي الْاِنْسَانِ الدِّيَةُ وَفِي الشَّفَتَيْنِ الدِّيَةُ وَفِي الْبَيْضَتَيْنِ الدِّيَةُ وَفِي الذَّكَرِ الدِّيَةُ وَفِي الصُّلْبِ الدِّيَةُ وَفِي الْعَيْنَيْنِ الدِّيَةُ وَفِي الرِّجْلِ الْوَاحِدَةِ نِصْفُ الدِّيَةِ وَفِي الْمَاْمُوْمَةِ ثُلُثُ الدِّيَةِ وَفِي الْجَائِفَةِ ثُلُثُ الدِّيَةِ وَفِي الْمُنَقِّلَةِ خَمْسَ عَشَرَةَ مِنَ الْاِبِلِ وَفِيْ كُلِّ اِصْبَعٍ مِّنْ اَصَابِعِ الْيَدِ وَالرِّجْلِ عَشْرٌ مِّنَ الْاِبِلِ وَفِي السِّنِّ خَمْسٌ مِّنَ الْاِبِلِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَفِيْ رِوَايَةِ مَالِكٍ وَفِي الْعَيْنَيْنِ خَمْسُوْنَ وَفِي الْيَدِ خَمْسُوْنَ وَفِي الرِّجْلِ خَمْسُوْنَ وَفِي الْمُوْضِحَةِ خَمْسٌ۔)

حضرت ابی بکر رض بن محمد بن عمرو بن حزم اپنے والد سے اور انھوں نے اپنے دادا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کے باشندوں کے نام ایک خط لکھا جس میں یہ الفاظ بھی تھے جو شخص قصداً کسی مسلمان کو مار ڈالے تو یہ اس کے ہاتھوں کے فعل کا قصاص ہے مگر جب کہ مقتول کے وارث خون بہا پر راضی ہو جائیں اور اس نامہ میں یہ الفاظ بھی تھے کہ عورت کے بدلے مرد کو قتل کیا جائے اور اُس والا نامہ میں یہ بھی تھا کہ جان کا خون بہا سَو اونٹ ..... ہیں اور جس کے پاس زرِ نقد ہو اس پر ہزار دینار اور اگر کسی کی پوری ناک کاٹ لی جائے تو پورا خون بہا یعنی سَو اونٹ ہیں اور سانسے دانتوں کے توڑے جانے کا بھی خون بہا پورا ہے یعنی سَو اونٹ اور ہونٹوں کے کاٹے جانے پر بھی پوری دیت (خون بہا) ہے اور خصیوں کے کاٹے جانے کا بھی پورا خون بہا ہے اور ایک پاؤں کے کاٹ ڈالنے کی بھی پوری دیت ہے اور آنکھوں کے پھوڑ ڈالنے یا نکال دینے کا بھی پورا خون بہا ہے اور ایک پاؤں کے کاٹ ڈالنے یا توڑ ڈالنے پر آدھا خون بہا ہے اور سر کی جلد کو زخمی کرنے پر تہائی خون بہا ہے اور پیٹ کے زخمی کئے جانے کی تہائی دیت ہے اور جس زخم میں ہڈی اپنی جگہ سے ہٹ گئی ہو، پندرہ اونٹ واجب ہیں اور ہاتھوں اور پاؤں کی ہر انگلی کے کاٹے جانے کا معاوضہ دس اونٹ ہیں اور ہر دانت کا معاوضہ پانچ اونٹ ہیں نسائی۔ دارمی اور مالک کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ایک آنکھ کا خون بہا پچاس اونٹ ہیں اور ایک ہاتھ ایک پاؤں کا خون بہا پچاس اونٹ ہیں اور اس زخم کا خون بہا جس میں ہڈی نکل آئی یا ظاہر ہو گئی ہو، پانچ اونٹ ہیں۔

۳۳۳۸/۷ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَوَاضِحِ خَمْسًا خَمْسًا مِّنَ الْاِبِلِ وَفِي الْاِسْنَانِ خَمْسًا خَمْسًا مِّنَ الْاِبِلِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَى

عمرو بن شعیب رض اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ اس زخم کا خون بہا جس میں ہڈی نکل آئے پانچ اونٹ ہیں اور ایک دانت کا خون بہا پانچ اونٹ ہیں۔ (ابوداؤد۔ نسائی و دارمی۔ ترمذی اور ابن ماجہ نے صرف ابتدائی الفاظ روایت

التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ) کہتے ہیں)۔

دیت کے اعتبار سے تمام انگلیاں برابر ہیں

۳۳۳۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَصَابِعَ الْیَدَیْنِ وَالرِّجْلَیْنِ سَوَاءً (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کو سب کو برابر قرار دیا ہے۔ (ترمذی ابوداؤد)

۳۳۴۰ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْاَصَابِعُ سَوَاءٌ وَّالْاَسْنَانُ سَوَاءٌ اَلثَّنِیَّۃُ وَالضِّرْسُ سَوَاءٌ ھٰذِہٖ وَھٰذِہٖ سَوَاءٌ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ساری انگلیاں (خون بہا) میں برابر ہیں اور سارے دانت مساوی ہیں یعنی کچلیاں اور دانت برابر ہیں اور چھوٹی انگلی اور انگوٹھا برابر ہیں۔ (ابوداؤد)

ذمی کافر کی دیت مسلمان کی دیت کا نصف ہے

۳۳۴۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ قَالَ خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ ثُمَّ قَالَ اَیُّھَا النَّاسُ اِنَّہٗ لَا حِلْفَ فِی الْاِسْلَامِ وَمَا کَانَ مِنْ حِلْفٍ فِی الْجَاھِلِیَّۃِ فَاِنَّ الْاِسْلَامَ لَا یَزِیْدُہٗ اِلَّا شِدَّۃً اَلْمُؤْمِنُوْنَ یَدٌ عَلٰی مَنْ سِوَاھُمْ یُجِیْرُ عَلَیْھِمْ اَدْنَاھُمْ وَیَرُدُّ عَلَیْھِمْ اَقْصَاھُمْ یَرُدُّ سَرَایَاھُمْ عَلٰی قَعِیْدَتِھِمْ لَا یُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِکَافِرٍ دِیَۃُ الْکَافِرِ نِصْفُ دِیَۃِ الْمُسْلِمِ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا یُؤْخَذُ صَدَقَاتُھُمْ اِلَّا فِیْ دُوْرِھِمْ وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ دِیَۃُ الْمُعَاھِدِ نِصْفُ دِیَۃِ الْحُرِّ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے سال میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا اور پھر حاضرین کو مخاطب کر کے فرمایا۔ لوگو! (جو حلف جاہلیت میں تھا یعنی ایک دوسرے کے وارث ہونے کا معاہدہ وغیرہ) اسلام میں وہ عہد نہیں ہے لیکن جاہلیت کا وہ عہد (جس میں مظلوم کی مدد رشتہ داروں سے سلوک) اور حفاظتِ حقوق کا معاہدہ ہوتا تھا اسلام نے اس کو مضبوطی کے ساتھ قائم رکھا ہے تمام مسلمان ایک ہاتھ (یعنی متحدہ جماعت) کا حکم رکھتے تھے۔ ان لوگوں کے مقابلہ میں جو ان کے سوا ہیں یعنی کفار وغیرہ ایک معمولی مسلمان سارے مسلمانوں کی طرف سے پناہ دیتا ہے اور رَدّ کرتا ہے ان میں سے وہ مسلمان جو بہت دور کا رہنے والا ہے اور پھرتے ہیں مسلمان کے لشکر ان لوگوں پر جو بیٹھے رہتے ہیں کسی مسلمان کو کسی کافر کے بدلے میں قتل نہ کیا جائے اور کافر کے قتل کا خون بہا مسلمان کے خون بہا کا نصف ہے۔ نہیں جائز ہے زکوٰۃ کے مواشی کو اپنے پاس منگوانا اور نہیں جائز ہے مواشی کو لیکر دور چلے جانا اور مواشی کی زکوٰۃ ان کے گھروں پر جا کر لی جائے اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ عہد والے کا خون بہا آزاد کے خون بہا کا نصف ہے۔ (ابوداؤد)

قتل خطاء کی دیت

۳۳۴۲ وَعَنْ خَشْفِ بْنِ مَالِکٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَضٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ دِیَۃِ الْخَطَاَ عِشْرِیْنَ بِنْتَ مَخَاضٍ وَّعِشْرِیْنَ ابْنَ مَخَاضٍ ذُکُوْرٍ وَّعِشْرِیْنَ بِنْتَ لَبُوْنٍ وَّعِشْرِیْنَ جَذَعَۃً وَّعِشْرِیْنَ حِقَّۃً (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَالصَّحِیْحُ وَقْفُہٗ)

خشف بن مالک ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں کہ قتلِ خطا کا خون بہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سو اونٹ قرار دیا ہے جس میں بیس۲۰ اونٹنیاں وہ ہوں جو دوسرے برس میں لگی ہوں اور بیس۲۰ اونٹ وہ جو دوسرے برس میں لگے ہوں اور بیس۲۰ اونٹنیاں وہ جو تیسرے برس میں لگی ہوں اور بیس۲۰ اونٹنیاں وہ جو پانچویں برس میں لگی ہوں اور

اَنَّهٗ مَوْقُوْفٌ عَلٰى ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَخِشْفٌ مَجْهُوْلٌ لَا يُعْرَفُ اِلَّا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَرُوِيَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَدّٰى قَتِيْلُ خَيْبَرَ بِمِائَةٍ مِّنْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ وَلَيْسَ فِيْ اَسْنَانِ اِبِلِ الصَّدَقَةِ ابْنُ مَخَاضٍ اِنَّمَا فِيْهَا ابْنُ لَبُوْنٍ۔

بنی[۲] اونٹنیاں وہ جو چوتھے برس میں لگی ہوں (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی) صحیح یہ ہے کہ یہ ابن مسعودؓ پر موقوف ہے اور خشف بن مالک مجہول ہے اس کے علاوہ اس کی کوئی حدیث معلوم نہیں اور شرح السنۃ میں یہ روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے قتل کا خون بہا جو خیبر میں مارا گیا تھا سو اونٹ زکوٰۃ کے اونٹوں میں سے دیئے اور ان اونٹوں میں سے ایک برس کا کوئی اونٹ نہ تھا بلکہ دو[۲] دو برس کے اونٹ تھے۔

دیت کی بنیاد اونٹ پر ہے

۳۳۴۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ كَانَتْ قِيْمَةُ الدِّيَةِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانَ مِائَةِ دِيْنَارٍ اَوْ ثَمَانِيَةَ اٰلَافِ دِرْهَمٍ وَدِيَةُ اَهْلِ الْكِتٰبِ يَوْمَئِذٍ النِّصْفُ مِنْ دِيَةِ الْمُسْلِمِيْنَ قَالَ فَكَانَ كَذٰلِكَ حَتّٰى اسْتُخْلِفَ عُمَرُ فَقَامَ خَطِيْبًا فَقَالَ اِنَّ الْاِبِلَ قَدْ غَلَتْ قَالَ فَفَرَضَهَا عُمَرُ عَلٰى اَهْلِ الذَّهَبِ اَلْفَ دِيْنَارٍ وَّعَلٰى اَهْلِ الْوَرَقِ اِثْنَيْ عَشَرَ اَلْفًا وَّعَلٰى اَهْلِ الْبَقَرِ مِائَتَيْ بَقَرَةٍ وَّعَلٰى اَهْلِ الشَّاءِ اَلْفَيْ شَاةٍ وَّعَلٰى اَهْلِ الْحُلَلِ مِائَتَيْ حُلَّةٍ قَالَ وَتَرَكَ دِيَةَ اَهْلِ الذِّمَّةِ لَمْ يَرْفَعْهَا فِيْمَا رَفَعَ مِنَ الدِّيَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ خون بہا کے اونٹوں کی قیمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں آٹھ سو دینار یا آٹھ ہزار درہم تھی اور اہل کتاب کا خون بہا اس زمانہ میں مسلمانوں کے خون بہا کا نصف تھا۔ عمرو بن شعیبؓ کے دادا کا بیان ہے کہ عمرؓ کے خلیفہ ہونے تک اسی پر عمل رہا حضرت عمرؓ نے خلیفہ ہوتے ہی فرمایا اونٹ کی قیمت گراں ہو گئی ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت عمرؓ نے اپنے ایام خلافت میں سونا رکھنے والوں پر خون بہا ایک ہزار دینار مقرر کیا اور دولت مند چاندی رکھنے والوں پر دو سو جوڑے۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت عمرؓ نے ذمی لوگوں کا خون بہا وہی رکھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تھا۔ (ابوداؤد)

امام شافعی کی مستدل حدیث

۳۳۴۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ جَعَلَ الدِّيَةَ اِثْنَيْ عَشَرَ اَلْفًا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ۔)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زر نقد کے ذریعہ بارہ ہزار درہم خون بہا مقرر کیا تھا۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ دارمی)

دیت مقتول کے ورثاء کا حق ہے

۳۳۴۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَوِّمُ دِيَةَ الْخَطَاِ عَلٰى اَهْلِ الْقُرٰى اَرْبَعَ مِائَةِ دِيْنَارٍ اَوْ عِدْلَهَا مِنَ الْوَرِقِ وَيُقَوِّمُهَا عَلٰى اَثْمَانِ الْاِبِلِ فَاِذَا غَلَتْ رَفَعَ فِيْ قِيْمَتِهَا وَاِذَا هَاجَتْ رُخْصٌ نَقَصَ مِنْ قِيْمَتِهَا وَبَلَغَتْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَابَيْنَ اَرْبَعِ مِائَةِ دِيْنَارٍ اِلٰى ثَمَانِ مِائَةِ دِيْنَارٍ وَّعِدْلُهَا مِنَ الْوَرِقِ ثَمَانِيَةُ اٰلَافِ دِرْهَمٍ

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قتل خطا کا خون بہا لینے والوں پر چار سو دینار یا اس کے مساوی قیمت چاندی مقرر فرماتے تھے۔ یہ خون بہا اونٹوں کی قیمت کے موافق مقرر کیا تھا۔ پھر جب اونٹوں کی قیمت زیادہ ہو گئی تو خون بہا کی رقم میں بھی اضافہ ہوا اور جب اونٹوں کی قیمت کم ہو جاتی تو خون بہا کی رقم میں بھی کمی کر دی جاتی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں خون بہا کی رقم چار سو دینار سے آٹھ سو دینار تک پہنچ گئی تھی اور اس کے مساوی

قَالَ وَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَهْلِ الْبَقَرِ مِائَتَىْ بَقَرَةٍ وَعَلٰى اَهْلِ الشَّاةِ اَلْفَىْ شَاةٍ وَّقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَقْلَ مِيْرَاثُ بَيْنَ وَرَثَةِ الْقَتِيْلِ وَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عَقْلَ الْمَرْاَةِ بَيْنَ عَصَبَتِهَا وَلَا يَرِثُ الْقَاتِلُ شَيْئًا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

چاندی کی رقم آٹھ ہزار درہم تک۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے گایوں والوں پر خون بہا کی دو سو گائیں مقرر کی تھیں اور بکری والوں پر دو ہزار بکریاں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خون بہا مقتول کے وارثوں کی میراث ہے اور حکم دیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ خون بہا ان کے عصبوں کے درمیان تقسیم کیا جائے اور قاتل کسی چیز کا وارث نہیں ہوتا (یعنی مقتول کے مال میں سے)۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

قتل شبہ عمد کے مرتکب کو سزائے موت نہیں دی سکتی

۳۳۴۶/۱۵ وَعَنْهُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَقْلُ شِبْهِ الْعَمْدِ مُغَلَّظٌ مِّثْلُ عَقْلِ الْعَمْدِ وَلَا يُقْتَلُ صَاحِبُهٗ

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عمرو بن شعیبؓ نے اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قتل شبہ عمد کا خون بہا سخت ہے مثل قتلِ عمد کے قاتل کو قتل نہ کیا جائے۔ (ابوداؤد)

زخم خوردہ آنکھ کی دیت؟

۳۳۴۷/۱۶ وَعَنْهُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْعَيْنِ الْقَائِمَةِ السَّادَّةِ لِمَكَانِهَا بِثُلُثِ الدِّيَةِ

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ جس آنکھ کی روشنی کسی کے مارنے سے ضائع ہو گئی ہو، اور آنکھ اپنی جگہ پر قائم ہو اس کی دیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تہائی مقرر کی ہے (ابوداؤد۔ نسائی)

پیٹ کے بچہ کی دیت؟

۳۳۴۸/۱۷ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو وَّعَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْجَنِيْنِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ اَوْ فَرَسٍ اَوْ بَغْلٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

وَقَالَ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَخَالِدُ الْوَاسِطِىُّ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو وَلَمْ يَذْكُرْ اَوْ فَرَسٍ اَوْ بَغْلٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

محمد بن عمرو رضؓ ابوسلمہؓ اور ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے حاملہ کے پیٹ کے بچہ کا بدلہ لونڈی، غلام، گھوڑا یا خچر کا غرّہ مقرر فرمایا ہے (غرّہ سے مراد بہترین لونڈی، غلام یا گھوڑا، خچر وغیرہ ہے)۔ (ابوداؤد)

اس حدیث کو حمّاد بن سلمہ و خالد واسطی نے محمد بن عمرو سے روایت کیا ہے اور گھوڑے و خچر کا تذکرہ نہیں کیا ہے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

نقلی طبیب اگر کسی کی موت کا باعث بنے تو وہ ضامن ہوگا

۳۳۴۹/۱۸ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَطَبَّبَ وَلَمْ يُعْلَمْ مِنْهُ طِبٌّ فَهُوَ ضَامِنٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اپنے آپ کو طبیب بتلائے اور اس کا طبیب ہونا معلوم نہ ہو۔ وہ فنِ طبّ میں مہارت نہ رکھتا ہو (اس کے ہاتھ سے اگر کسی کو نقصان پہنچے

گا تو) وہ ضامن ہوگا (اس نقصان کا)۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

دیت کی معافی کا ایک واقعہ

۳۳۵۰/۱۹ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ غُلَامًا لِلْاُنَاسِ فُقَرَاءَ قَطَعَ اُذُنَ غُلَامٍ لِاُنَاسٍ اَغْنِيَاءَ فَاَتٰى اَهْلُهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اِنَّا اُنَاسٌ فُقَرَاءُ فَلَمْ يَجْعَلْ عَلَيْهِمْ شَيْئًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عمران بن حصین رضؓ کہتے ہیں کہ ایک غریب و مفلس لوگوں کے لڑکے نے دولت مند لوگوں کے لڑکے کا کان کاٹ ڈالا مفلس لوگوں کی جماعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئی اور عرض کیا۔ ہم تو فقیر لوگ ہیں۔ آپ نے ان کو معاف کر دیا اور ان پر کچھ مقرر نہ کیا۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

فصل سوم

قتل شبہ عمد اور قتل خطاء کی دیت؟

۳۳۵۱/۲۰ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ قَالَ دِيَةُ شِبْهِ الْعَمْدِ اَثْلَاثًا ثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ حِقَّةً وَّثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ جَذَعَةً وَّاَرْبَعٌ وَّثَلٰثُوْنَ ثَنِيَّةً اِلٰى بَازِلِ عَامِهَا كُلُّهَا خَلِفَاتٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ فِي الْخَطَاءِ اَرْبَاعًا خَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ حِقَّةً وَّخَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ جَذَعَةً وَّخَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ بَنَاتُ لَبُوْنٍ وَّخَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ بَنَاتِ مَخَاضٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ شبہ عمد کا خون بہا تین قسم کے اونٹ ہیں تینتیس ۳۳ اونٹنیاں وہ جو چوتھے سال میں لگی ہوں اور تینتیس ۳۳ اونٹنیاں وہ پانچویں برس میں لگی ہوں اور چونتیس ۳۴ اونٹنیاں وہ جو چھٹے برس میں لگی ہوں آٹھ برس تک کی جو نویں برس میں لگی ہو اور یہ سب حاملہ ہوں اور ایک روایت میں اس طرح ہے کہ قتل خطا کا خون بہا چار قسم کے اونٹ ہیں پچیس ۲۵ تین تین برس کی پچیس ۲۵ چار چار برس کی پچیس ۲۵ دو دو برس کی اور پچیس ۲۵ ایک ایک برس کی۔ (اور یہ سب اونٹنیاں ہوں) (ابوداؤد)

۳۳۵۲/۲۱ وَعَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَضٰى عُمَرُ فِيْ شِبْهِ الْعَمْدِ ثَلَاثِيْنَ حِقَّةً وَّثَلٰثِيْنَ جَذَعَةً وَّاَرْبَعِيْنَ خَلِفَةً مَّا بَيْنَ ثَنِيَّةٍ اِلٰى بَازِلِ عَامِهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

مجاہد رح کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضؓ نے شبہ عمد کے قتل میں تیس ۳۰ اونٹنیاں تین تین برس کی اور تیس ۳۰ چار چار برس کی اور چالیس ۴۰ اونٹنیاں حاملہ پوری پانچ برس کی یا پوری آٹھ برس کی مقرر فرمائیں۔ (ابوداؤد)

پیٹ کے بچہ کی دیت؟

۳۳۵۳/۲۲ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِي الْجَنِيْنِ يُقْتَلُ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ وَلِيْدَةٍ فَقَالَ الَّذِيْ قُضِيَ عَلَيْهِ كَيْفَ اَغْرَمُ مَنْ لَّا شَرِبَ وَلَا اَكَلَ وَلَا نَطَقَ وَلَا اسْتَهَلَّ وَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا هٰذَا مِنْ اِخْوَانِ الْكُهَّانِ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّالنَّسَائِيُّ مُرْسَلًا وَرَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ عَنْهُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مُتَّصِلًا)

سعید بن المسیب رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حاملہ عورت کے اس بچہ کے قتل کا خون بہا جو اس کے پیٹ میں ہو غلام یا لونڈی مقرر فرمایا ہے جس شخص پر یہ تاوان مقرر کیا گیا تھا اس نے عرض کیا اس بچہ کا تاوان میں کیوں کر ادا کروں جس نے نہ کوئی چیز پی نہ کھائی نہ بولا اور نہ چیخا چلایا اور اس قسم کا قتل تو ساقط کیا جاتا ہے (یعنی اس پر تاوان واجب نہیں ہوتا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے سوا میں کیا کہوں کہ یہ شخص کاہنوں کا بھائی ہے (یعنی جس طرح وہ مقفیٰ و مسجع عبارت بولا کرتے ہیں، یہ بھی اسی طرح کے الفاظ کہتا ہے) (مالک۔ نسائی۔ ابوداؤد نے اسی کو ابوہریرہ رضؓ سے متصلاً روایت کیا ہے)

بَابُ مَا لَا يُضْمَنُ مِنَ الْجِنَايَاتِ

جن چیزوں میں تاوان واجب نہیں ہوتا اُن کا بیان

فصل اوّل

جانور کے مارنے، کان میں دب جانے اور کنویں میں گر پڑنے کا کوئی تاوان نہیں ہے

۳۳۵۴ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَالْبِئْرُ جُبَارٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے چارپایوں کو زخمی کر دینا معاف ہے کان کی چوٹ یا زخم معاف ہے اور کنویں میں گر کر مرنا یا کنواں کھودنے میں ہلاک ہو جانا معاف ہے (یعنی ان کا خون بہا نہیں۔ (بخاری و مسلم)

مدافعت میں کوئی تاوان واجب نہیں ہوتا

۳۳۵۵ وَعَنْ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ وَكَانَ لِيْ اَجِيْرٌ فَقَاتَلَ اِنْسَانًا فَعَضَّ اَحَدُهُمَا يَدَ الْاٰخَرِ فَانْتَزَعَ الْمَعْضُوْضُ يَدَهٗ مِنْ فِيْ الْعَاضِّ فَاَنْدَرَ ثَنِيَّتَهٗ فَسَقَطَتْ فَانْطَلَقَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَهْدَرَ ثَنِيَّتَهٗ وَقَالَ اَيَدَعُ يَدَهٗ فِيْ فِيْكَ تَقْضِمُهَا كَالْفَحْلِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت یعلیٰ بن امیہ رضؓ کہتے ہیں جیش عُسرۃ (جنگِ تبوک میں) میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لڑنے گیا۔ میرا ایک نوکر تھا وہ ایک آدمی سے لڑ پڑا اور دونوں نے ایک دوسرے کا ہاتھ کاٹ کھایا۔ ان میں سے ایک نے جب اپنا ہاتھ دوسرے کے منہ سے نکالا، تو اس کے دانت گر پڑے۔ وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا تاکہ اس کا معاوضہ دلوائیں) آپ نے فرمایا کیا وہ اپنے ہاتھ کو تیرے منہ میں چھوڑ دیتا کہ تو اس کو اونٹ کی طرح چباتا رہتا۔ (بخاری و مسلم)

اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جانے والا شہید ہے

۳۳۵۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جو شخص اپنے مال کی حفاظت میں قتل کیا جائے وہ شہید ہے۔ (بخاری و مسلم)

۳۳۵۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ جَاءَ رَجُلٌ يُرِيْدُ اَخْذَ مَالِيْ قَالَ فَلَا تُعْطِهٖ مَالَكَ قَالَ اَرَاَيْتَ اِنْ قَاتَلَنِيْ قَالَ قَاتِلْهُ قَالَ اَرَاَيْتَ اِنْ قَتَلَنِيْ قَالَ فَاَنْتَ شَهِيْدٌ قَالَ اَرَاَيْتَ اِنْ قَتَلْتُهٗ قَالَ هُوَ فِي النَّارِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے حاضر ہو کر عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اگر کوئی شخص میرا مال لینے (چرانے یا چھیننے) کے لئے آئے تو میں کیا کروں؟ (اس کو مال دے دوں یا نہیں) آپ نے فرمایا اپنا مال اس کو نہ دے۔ اس نے عرض کیا اگر وہ مجھ سے لڑے؟ (تو کیا کروں) فرمایا تو بھی اُس سے لڑ۔ عرض کیا اگر وہ مجھ کو مار ڈالے؟ فرمایا تو شہید ہے۔ عرض کیا اگر میں اس کو مار ڈالوں؟ فرمایا تو وہ دوزخ میں داخل کیا جائے گا (اور تجھ پر کوئی تاوان نہیں) (مسلم)

گھر میں جھانکنے والے کو زخمی کر دینا معاف ہے؟

۳۳۵۸ وَعَنْهُ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوِ اطَّلَعَ فِيْ بَيْتِكَ اَحَدٌ وَلَمْ تَاْذَنْ لَهٗ فَخَذَفْتَهٗ بِحَصَاةٍ فَفَقَأْتَ عَيْنَهٗ مَا كَانَ عَلَيْكَ مِنْ جُنَاحٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ اگر کوئی ایسا شخص جس کو تو نے اجازت نہیں دی ہے تیرے گھر میں جھانکے اور تو اس کے کنکری مارے اور اس کنکری سے اس کی آنکھ پھوٹ جائے تو تجھ پر کوئی گناہ نہیں (یعنی کوئی تاوان نہیں۔ (بخاری و مسلم)

۳۳۵۹ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَجُلًا اَطَّلَعَ فِيْ جُحْرٍ فِيْ بَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهٖ رَاْسَهٗ فَقَالَ لَوْ اَعْلَمُ اَنَّكَ تَنْظُرُ لَطَعَنْتُ بِهٖ فِيْ عَيْنِكَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِذْنُ مِنْ اَجْلِ الْبَصَرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سہل بن سعد رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دروازے کے سوراخ سے جھانکا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں اس وقت کمر کھجانے کا آلہ تھا جس سے سر کھجا رہے تھے۔ آپ نے فرمایا اگر مجھ کو معلوم ہوتا کہ تو قصداً جھانک کر مجھ کو دیکھ رہا ہے تو میں یہ آلہ تیری آنکھ میں مار دیتا۔ اجازت مانگنے کا حکم اسی آنکھ کے لئے ہے (کہ وہ کہیں غیر محرم پر نہ پڑ جائے)۔ (بخاری و مسلم)

خواہ مخواہ کنکریاں نہ پھینکو

۳۳۶۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ اَنَّهٗ رَاٰى رَجُلًا يَخْذِفُ فَقَالَ لَا تَخْذِفْ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْخَذْفِ وَقَالَ اِنَّهٗ لَا يُصَادُ بِهٖ صَيْدٌ وَلَا يُنْكَاُ بِهٖ عَدُوٌّ وَلٰكِنَّهَا قَدْ تَكْسِرُ السِّنَّ وَتَفْقَاُ الْعَيْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مغفل رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے ایک شخص کو کنکریاں مارتے دیکھا۔ انھوں نے اس سے کہا کنکریاں نہ پھینک اس لئے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کنکریاں پھینکنے سے منع فرمایا ہے اور ارشاد کیا ہے کہ اس طرح کنکریاں پھینکنے سے نہ تو شکار کیا جاتا ہے اور نہ دشمن کو زخمی کیا جاتا ہے بلکہ اس طرح کنکریاں پھینکنا دانت کو توڑ دیتا ہے اور آنکھ کو پھوڑ دیتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

مجمع اور بازار میں ہتھیاروں کو احتیاط کے ساتھ رکھو۔

۳۳۶۱ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَرَّ اَحَدُكُمْ فِيْ مَسْجِدِنَا اَوْ فِيْ سُوْقِنَا وَمَعَهٗ نَبْلٌ فَلْيُمْسِكْ عَلٰى نِصَالِهَا اَنْ يُّصِيْبَ اَحَدًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْهَا بِشَيْءٍ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوموسیٰ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص تم میں سے ہماری مسجدوں میں آئے یا بازاروں سے گزرے اور اس کے پاس تیر ہوں تو وہ تیروں کے پیکانوں پر ہاتھ رکھ لے تاکہ اس سے کسی مسلمان کو ضرر نہ پہنچے۔ (بخاری و مسلم)

کسی مسلمان کی طرف ہتھیاروں سے اشارہ نہ کرو

۳۳۶۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُشِيْرُ اَحَدُكُمْ عَلٰى اَخِيْهِ بِالسِّلَاحِ فَاِنَّهٗ لَا يَدْرِيْ لَعَلَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزِعُ فِيْ يَدِهٖ فَيَقَعُ فِيْ حُفْرَةٍ مِّنَ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے کوئی شخص کسی مسلمان بھائی کی طرف ہتھیار سے اشارہ نہ کرے اس لئے کہ وہ نہیں جانتا شاید شیطان اس کے ہاتھ سے ہتھیار کو کھینچ لے اور وہ اس کے جا لگے اور پھر وہ اس کے سبب دوزخ کے

النَّارِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

گڑھے میں ڈالا جائے (بخاری و مسلم)

۳۳۶۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَشَارَ اِلٰى اَخِيْهِ بِحَدِيْدَةٍ فَاِنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ تَلْعَنُهٗ حَتّٰى يَضَعَهَا وَاِنْ كَانَ اَخَاهُ لِاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی مسلمان کی طرف لوہے سے اشارہ کرے تو ملائکہ اس پر لعنت کرتے ہیں جب تک کہ وہ اس لوہے کو نہ رکھ دے اگرچہ وہ اشارہ کرنے والا حقیقی بھائی ہی کیوں نہ ہو۔ (بخاری)

۳۳۶۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) وَزَادَ مُسْلِمٌ وَّمَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا۔

حضرت ابن عمر رضؓ اور ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص ہم پر ہتھیار اٹھائے (خواہ حملہ کے لئے خواہ مذاق میں) وہ ہم میں سے نہیں ہے (بخاری) اور مسلم میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ جو شخص ہم کو فریب دے (یعنی فروخت کی جانے والی چیز کا عیب نہ بتلائے) وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

۳۳۶۵ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَلَّ عَلَيْنَا السَّيْفَ فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص ہم پر تلوار کھینچے (یعنی مقابلہ اور قتل کے لئے یا محض مذاق کے طور پر) وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (مسلم)

دنیا میں کسی کو سخت اذیت میں مبتلا کرنے والا خود آخرت میں عذاب الٰہی میں گرفتار ہوگا

۳۳۶۶ وَعَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ هِشَامَ بْنَ حَكِيْمٍ مَرَّ بِالشَّامِ عَلٰى اُنَاسٍ مِّنَ الْاَنْبَاطِ وَقَدْ اُقِيْمُوْا فِي الشَّمْسِ وَصُبَّ عَلٰى رُءُوْسِهِمُ الزَّيْتُ فَقَالَ مَا هٰذَا قِيْلَ يُعَذَّبُوْنَ فِي الْخَرَاجِ فَقَالَ هِشَامٌ اَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ يُعَذِّبُ الَّذِيْنَ يُعَذِّبُوْنَ النَّاسَ فِي الدُّنْيَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ہشام بن عروہ رضؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہشام بن حکیم رضؓ نے ملک شام میں بہت سے نبطیوں کو دیکھا (نبطی ایک قوم ہے) جن کو دھوپ میں کھڑا کیا گیا اور ان کے سر پر تیل ڈالا گیا تھا ہشام بن حکیم نے پوچھا یہ کیا ہے۔ کہا گیا محصول یا خراج ادا نہ کرنے کی علت میں ان کو عذاب دیا جا رہا ہے۔ ہشام نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ خداوند تعالیٰ ان لوگوں کو (سخت) عذاب دے گا جو دنیا میں لوگوں پر عذاب کرتے ہیں۔ (مسلم)

ظلم کے حاشیہ برداروں پر غضب خداوندی!

۳۳۶۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْشِكُ اِنْ طَالَتْ بِكَ مُدَّةٌ اَنْ تَرٰى قَوْمًا فِيْ اَيْدِيْهِمْ مِثْلُ اَذْنَابِ الْبَقَرِ يَغْدُوْنَ فِيْ غَضَبِ اللّٰهِ وَيَرُوْحُوْنَ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ يَّرُوْحُوْنَ فِيْ لَعْنَةِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر تیری عمر زیادہ ہوئی تو تو عنقریب دیکھے گا ایک گروہ کو جن کے ہاتھوں میں تو گایوں کی دموں کی مانند ایک چیز ہوگی (یعنی کوڑے کہ وہ ان کوڑوں سے لوگوں کو دھمکائیں گے اور ماریں گے اور ظالم لوگوں کی دربانی کریں گے۔ یہ لوگ غضب الٰہی میں صبح کریں گے اور خدا تعالیٰ کے غصہ میں شام کریں گے (یعنی صبح و شام ان پر خدا کا عذاب نازل ہوتا رہے گا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ یہ لوگ شام کریں گے خدا کی لعنت میں۔ (مسلم)

ناروا فیشن کرنے والی عورتوں کے بارہ میں وعید

۳۳۶۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِنْفَانِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ لَمْ اَرَهُمَا قَوْمٌ مَعَهُمْ سِيَاطٌ كَاَذْنَابِ الْبَقَرِ يَضْرِبُوْنَ بِهَا النَّاسَ وَنِسَآءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مُمِيْلَاتٌ مَائِلَاتٌ رُءُوْسُهُنَّ كَاَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدْنَ رِيْحَهَا وَاِنَّ رِيْحَهَا لَتُوْجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ كَذَا وَكَذَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

فرمایا ہے دوزخ والوں کی دو قسمیں ہیں جن کو میں نہیں دیکھونگا ایک تو وہ لوگ جن کے پاس گایوں کی دموں کی مانند کوڑے ہوں گے جن سے وہ لوگوں کو ماریں گے اور دوسرے وہ عورتیں جو بظاہر کپڑے پہنے ہوئے ہیں لیکن حقیقت میں ننگی ہیں (یعنی نہایت باریک کپڑا پہننے والی عورتیں) اور لوگوں کے دلوں میں خواہش پیدا کرنیوالی عورتیں اور مردوں کی جانب خواہش رکھنے والی عورتیں (یعنی نہایت تکلف اور بناؤ سنگار سے رہنے والی عورتیں) ان کے سر (یعنی سر کی چوٹیاں) ایسی بلند ہونگی جیسے نجدی اونٹ کے کوہان) یہ عورتیں نہ تو جنت میں داخل ہونگی نہ جنت کی بو پائیں گی اور جنت کی بو اتنی دور سے آتی ہے (یعنی بہت دور کی مسافت سے (مسلم

کسی کے منہ پر نہ مارو

۳۳۶۹/۱۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَاتَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَجْتَنِبِ الْوَجْهَ فَاِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب تم میں سے کوئی کسی کو مارے تو اس کے چہرے کو بچائے اس لئے کہ خداوند تعالےٰ نے آدمؑ کو اپنی شکل وصورت پر پیدا کیا ہے۔ (بخاری ومسلم)

فصل دوم

غیر کے گھر میں بلا وجہ جھانکنے اور داخل ہونے والا قابلِ تعزیر ہے۔

۳۳۷۰/۱۷ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَشَفَ سِتْرًا فَاَدْخَلَ بَصَرَهٗ فِي الْبَيْتِ قَبْلَ اَنْ يُّؤْذَنَ لَهٗ فَرَاٰى عَوْرَةَ اَهْلِهٖ فَقَدْ اَتٰى حَدًّا لَا يَحِلُّ لَهٗ اَنْ يَّاْتِيَهٗ وَلَوْ اَنَّهٗ حِيْنَ اَدْخَلَ بَصَرَهٗ فَاسْتَقْبَلَهٗ رَجُلٌ فَفَقَاَ عَيْنَهٗ مَا عَيَّرْتُ عَلَيْهِ وَاِنْ مَرَّ الرَّجُلُ عَلٰى بَابٍ لَا سِتْرَ لَهٗ غَيْرَ مُغْلَقٍ فَنَظَرَ فَلَا خَطِيْئَةَ عَلَيْهِ اِنَّمَا الْخَطِيْئَةُ عَلٰى اَهْلِ الْبَيْتِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ۔ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)۔

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اس سے پہلے کہ اس کو پردہ اٹھانے یا گھر میں آنے کی اجازت دی جائے، گھر کا پردہ اٹھائے اور جھانک کر اس کی گھر والی کو دیکھ لے، تو اس نے اپنے اوپر واجب کیا شرعی حد (تعزیر) کو۔ اس کا اس طرح آنا اور جھانک کر دیکھنا درست نہیں ہے اور اگر اس نے گھر میں جھانک کر دیکھا اور گھر کا مرد اس کے سامنے آگیا اور اس کی آنکھ پھوڑ ڈالی تو میں اس پر سرزنش نہ کروں گا اور کوئی شخص اگر کسی کے دروازے کے سامنے سے گزرا جس پر پردہ پڑا ہوا نہیں ہے اور اس کی نظر گھر کے آدمیوں پر جا پڑی تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے۔ قصور اور گناہ گھر والوں کا ہے۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)۔

ہاتھ میں ننگی تلوار رکھنے کی ممانعت

۳۳۷۱/۱۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَعَاطَى السَّيْفُ مَسْلُوْلًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ تلوار کو نیام سے نکال کر پکڑنے سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ (ترمذی ابوداؤد)

انگلیوں کے درمیان تسمہ چیرنے کی ممانعت

۳۳۷۲ وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُّقَدَّ السَّيْرُ بَيْنَ اِصْبَعَيْنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حسنؒ، سمرہ رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تسمہ کو دو انگلیوں میں پکڑ کر چیرنے سے منع فرمایا ہے (اس لئے کہ ممکن ہے اس سے انگلیوں کو اذیت پہنچے۔ (ابوداؤد)

اپنے دین، اپنی جان، اپنے مال اور اپنے اہل وعیال کی حفاظت میں مارا جانے والا شہید ہے

۳۳۷۳ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قُتِلَ دُوْنَ دِيْنِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ وَّمَنْ قُتِلَ دُوْنَ دَمِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ وَّمَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ وَّمَنْ قُتِلَ دُوْنَ اَهْلِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)۔

حضرت سعیدؓ بن زید کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص دین کی حفاظت میں مارا جائے، شہید ہے اور جو شخص اپنی جان کی حفاظت میں مارا جائے وہ بھی شہید ہے اور جو شخص اپنے مال کی حفاظت میں مارا جائے وہ بھی شہید ہے اور جو شخص اپنے گھر والوں کی حفاظت میں مارا جائے وہ بھی شہید ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی)

مسلمان پر تلوار اٹھانے والے کے بارے میں وعید

۳۳۷۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِجَهَنَّمَ سَبْعَةُ اَبْوَابٍ بَابٌ مِّنْهَا لِمَنْ سَلَّ السَّيْفَ عَلٰى اُمَّتِيْ اَوْ قَالَ عَلٰى اُمَّةِ مُحَمَّدٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ۔ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

وَحَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَلرَّجُلُ جُبَارٌ ذُكِرَ فِيْ بَابِ الْغَصْبِ۔

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ دوزخ کے سات دروازے ہیں۔ ایک دروازہ ان میں سے وہ ہے جس میں وہ شخص داخل ہوگا جو میری امت پر تلوار کھینچے یا آپ نے یہ الفاظ فرمائے کہ جو شخص محمدؐ کی امت پر تلوار کھینچے۔ (ترمذی یہ حدیث غریب ہے)

ابوہریرہ رضؓ کی حدیث اَلرَّجُلُ جُبَارٌ باب الغصب میں بیان کی گئی ہے۔

بَابُ الْقَسَامَةِ

قسامت[1] کا بیان

فصل اوّل

قسامت میں مدعی سے قسم لی جائے یا مدعا علیہ سے

۳۳۷۵ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ وَسَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ اَنَّهُمَا حَدَّثَا اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ وَّمُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُوْدٍ اَتَيَا خَيْبَرَ فَتَفَرَّقَا فِي النَّخْلِ فَقُتِلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ فَجَاءَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ

حضرت رافع بن خدیج رضؓ اور سہل بن ابی حثمہ رضؓ بیان کرتے ہیں کہ عبداللہ بن سہلؓ اور محیصہ بن مسعود رضؓ خیبر میں آئے اور دونوں کھجور کے درختوں میں ایک دوسرے سے علیحدہ ہو گئے۔ عبداللہ بن سہل رضؓ کو کسی نے مار ڈالا۔ سہل کے بیٹے عبدالرحمٰن اور ابن مسعودؓ

---

[1] "قسامت" کے معنی ہیں قسم کھانا اور شرع میں اس قسم کو کہتے ہیں جو اس مقتول کے بارے میں کھائی جائے جو پڑا ہوا پایا گیا ہو اور قاتل کا پتہ نہ ہو۔ اس صورت میں محلہ کے پچاس آدمی یہ قسم کھائیں کہ ان کو نہ تو ہم نے قتل کیا ہے اور نہ قاتل کو ہم جانتے ہیں اس کے بعد خون بہا واجب ہوتا ہے، قصاص نہیں۔ ۱۲ مترجم

وَسَلَّمَ اَسَالَهٗ عَنِ الْخَوَارِجِ فَلَقِيْتُ اَبَا بَرْزَةَ فِيْ يَوْمِ عِيْدٍ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِهٖ فَقُلْتُ لَهٗ هَلْ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ الْخَوَارِجَ قَالَ نَعَمْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاُذُنَيَّ وَرَاَيْتُهٗ بِعَيْنَيَّ اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَالٍ فَقَسَمَهٗ فَاَعْطٰى مَنْ عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَمَنْ شِمَالِهٖ وَلَمْ يُعْطِ مَنْ وَّرَاءَهٗ شَيْئًا فَقَامَ رَجُلٌ مِّنْ وَّرَاءِهٖ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَا عَدَلْتَ فِي الْقِسْمَةِ رَجُلٌ اَسْوَدُ مَطْمُوْمُ الشَّعْرِ عَلَيْهِ ثَوْبَانِ اَبْيَضَانِ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَضَبًا شَدِيْدًا وَقَالَ وَاللّٰهِ لَا تَجِدُوْنَ بَعْدِيْ رَجُلًا هُوَ اَعْدَلُ مِنِّيْ ثُمَّ قَالَ يَخْرُجُ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ كَاَنَّ هٰذَا مِنْهُمْ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ سِيْمَاهُمُ التَّحْلِيْقُ لَا يَزَالُوْنَ يَخْرُجُوْنَ حَتّٰى يَخْرُجَ اٰخِرُهُمْ مَعَ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ فَاِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَهُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

دریافت کروں (یعنی خوارج جو آج کل پائے جاتے ہیں کیا ان کی نسبت نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کچھ فرمایا تھا؟) چنانچہ میں عید کے دن ابوبرزہؓ سے ان کے دوستوں کے ساتھ ملا۔ میں نے ان سے پوچھا کیا تم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو بھی خوارج کا ذکر کرتے سنا ہے؟ کہا ہاں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے کانوں سے فرماتے سنا ہے اور اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے ایک مرتبہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس مال لایا گیا آپ نے اس کو تقسیم کیا اور اپنے دائیں جانب کے آدمیوں کو دیا اور بائیں جانب کے آدمیوں کو دیا اور (جو لوگ پیچھے بیٹھے تھے ان کو کچھ نہ دیا) حضورؐ کے پیچھے سے ایک شخص اٹھا اور کہا "اے محمدؐ! تم نے تقسیم میں انصاف نہیں کیا" یہ شخص کالا تھا بال منڈے ہوئے تھے اور وہ دو سفید کپڑے پہنے ہوئے تھا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم (یہ سنکر) غضبناک ہو گئے اور فرمایا خدا تعالیٰ کی قسم میرے بعد تم کسی شخص کو مجھ سے زیادہ انصاف کرنیوالا نہ پاؤ گے۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا آخری زمانہ میں ایک قوم پیدا ہوگی یہ شخص اسی قوم میں سے ہے وہ قوم قرآن پڑھے گی لیکن قرآن اُن کے حلق سے نیچے نہ جائے گا وہ اسلام سے اس طرح نکل جائے گی جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے، اس کی علامت سر منڈانا ہوگا ہمیشہ نکلتی رہے گی یہ قوم یہاں تک کہ ان کا آخری شخص مسیح دجّال کے ساتھ خروج کرے گا۔ پس جب تم ان سے ملو اُن کو مار ڈالو وہ آدمیوں اور جانوروں میں بدترین لوگ ہیں۔ (نسائی)

قیامت کے دن اہل حق کے چہرے منور اور اہل باطل کے چہرے سیاہ ہوں گے۔

۳۳۹۷/۲۱ وَعَنْ اَبِيْ غَالِبٍ رَاٰى اَبُوْ اُمَامَةَ رُءُوْسًا مَّنْصُوْبَةً عَلٰى دَرَجِ دِمَشْقَ فَقَالَ اَبُوْ اُمَامَةَ كِلَابُ النَّارِ شَرُّ قَتْلٰى تَحْتَ اَدِيْمِ السَّمَآءِ خَيْرُ قَتْلٰى مَنْ قَتَلُوْهُ ثُمَّ قَرَاَ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ "اَلْاٰيَةَ" قَالَ لِاَبِيْ اُمَامَةَ اَنْتَ سَمِعْتَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ لَمْ اَسْمَعْهُ اِلَّا مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا حَتّٰى عَدَّ سَبْعًا مَا حَدَّثْتُكُمُوْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ)۔

ابی غالبؓ کہتے ہیں کہ ابوامامہؓ نے دمشق کے راستہ پر سروں کو لٹکا ہوا دیکھا (یعنی خارجیوں کے سروں کو دیکھا) تو کہا یہ دوزخ کے کتے ہیں اور آسمان کے نیچے بدترین مقتول وہ ہیں جنھوں نے ان کو قتل کیا ہے۔ پھر انھوں نے یہ آیت پڑھی یَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ یعنی اُس روز کہ بہت سے منہ اس دن سفید ہوں گے اور بہت سے کالے۔ ابو غالب کہتے ہیں میں نے ابوامامہؓ سے پوچھا، تم نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہوگی؟ انھوں نے کہا اگر میں نے اس کو نہ سنا ہوتا تو کبھی تم سے بیان نہ کرتا۔ میں نے ایک بار، دو بار، تین بار یہاں تک کہ سات بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کو سنا ہے۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن ہے)

كِتَابُ الْحُدُوْدِ
شرعی سزاؤں کا بیان

فَصْلُ اوّل

بارگاہِ نبوت سے زنا کے ایک مقدمہ کا فیصلہ

۳۳۹۸ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ اَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَحَدُهُمَا اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَقَالَ الْاٰخَرُ اَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَائْذَنْ لِّيْ اَنْ اَتَكَلَّمَ قَالَ تَكَلَّمْ قَالَ اِنَّ ابْنِيْ كَانَ عَسِيْفًا عَلٰى هٰذَا فَزَنٰى بِامْرَاَتِهٖ فَاَخْبَرُوْنِيْ اَنَّ عَلٰى ابْنِيْ الرَّجْمَ فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَّ بِجَارِيَةٍ لِّيْ ثُمَّ اِنِّيْ سَاَلْتُ اَهْلَ الْعِلْمِ فَاَخْبَرُوْنِيْ اَنَّ عَلٰى ابْنِيْ جَلْدَ مِائَةٍ وَّ تَغْرِيْبَ عَامٍ وَّ اِنَّمَا الرَّجْمُ عَلٰى امْرَاَتِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ اَمَّا غَنَمُكَ وَ جَارِيَتُكَ فَرَدٌّ عَلَيْكَ وَ اَمَّا ابْنُكَ فَعَلَيْهِ جَلْدُ مِائَةٍ وَّ تَغْرِيْبُ عَامٍ وَ اَمَّا اَنْتَ يَا اُنَيْسُ فَاغْدُ عَلٰى امْرَاَةِ هٰذَا فَاِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ اور زید بن خالدؓ کہتے ہیں کہ دو شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لڑتے جھگڑتے آئے۔ ان میں سے ایک نے کہا ہمارے درمیان کتاب اللہ کے موافق حکم کیجئے۔ دوسرے نے کہا ہاں یا رسول اللہ! ہمارے درمیان کتاب اللہ کے موافق حکم کیجئے اور مجھ کو واقعہ عرض کرنے کی اجازت دیجئے۔ آپ نے فرمایا بیان کرو۔ اس نے کہا میرا بیٹا اس شخص کے ہاں مزدوری کرتا تھا اس نے اس کی بیوی سے زنا کیا۔ لوگوں نے مجھ سے کہا کہ تیرے بیٹے کو سنگسار کیا جائے گا۔ میں نے اس کے بدلے میں سو بکریاں اور ایک لونڈی دے دی۔ پھر میں نے علماء سے مسئلہ پوچھا انہوں نے کہا کہ تیرے بیٹے کو سو درّے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لئے جلاوطن کیا جائے گا اور سنگساری کی سزا اس کی عورت کو ملے گی (اس لئے کہ وہ شادی شدہ ہے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واقعہ سنکر فرمایا۔ خبردار قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ میں تمہارے درمیان کتاب اللہ کے موافق فیصلہ کروں گا تیری لونڈی اور تیری بکریاں تجھ کو واپس ملیں گی اور تیرے بیٹے کو سو کوڑوں کی سزا دی جائے گی اور ایک سال کے لئے جلاوطن کیا جائے گا۔ پھر حضورؐ نے فرمایا۔ اے انیسؓ! تو اس عورت کے پاس جا۔ اگر وہ جرم کا اعتراف کرے تو اس کو سنگسار کر دے۔ عورت نے اقرار کیا اور انیس نے اس کو سنگسار کر دیا۔ (بخاری و مسلم)

غیر محصن زانی کی سزا

۳۳۹۹ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ فِيْمَنْ زَنٰى وَ لَمْ يُحْصَنْ جَلْدُ مِائَةٍ وَّ تَغْرِيْبُ عَامٍ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت زید بن خالدؓ کہتے ہیں۔ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو غیر شادی شدہ زانی کے لئے یہ حکم دیتے سنا ہے کہ اس کو سو کوڑے مارے جائیں اور ایک سال کے لئے جلاوطن کیا جائے۔ (بخاری)

محصن زانی کی سزا

۳۴۰۰ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا بِالْحَقِّ وَاَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ فَكَانَ مِمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى اٰيَةُ الرَّجْمِ رَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ خداوند تعالیٰ نے محمدؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے اور ان پر اپنی کتاب نازل کی ہے اور خداوند تعالیٰ نے جو احکام نازل فرمائے ہیں ان میں سنگساری کی آیت بھی ہے

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَہٗ وَالرَّجْمُ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ حَقٌّ عَلٰی مَنْ زَنٰی اِذَا اَحْصَنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ اِذَا قَامَتِ الْبَیِّنَۃُ اَوْ کَانَ الْحَبَلُ اَوِ الْاِعْتِرَافُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رجم (سنگسار) کیا ہے اور آپ کے بعد ہم نے رجم کیا ہے اور رجم خدا کی کتاب میں مقرر ہے اس شخص پر جو زنا کرے اور وہ غیر شادی شدہ ہو خواہ مرد ہو یا عورت جبکہ شاہد موجود ہوں یا حمل پایا جائے یا جرم کا اعتراف۔ (بخاری و مسلم)

شادی شدہ زانی اور زانیہ کو سنگسار کیا جائے

۳۴۰۱ وَعَنْ عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ خُذُوْا عَنِّیْ قَالَ خُذُوْا عَنِّیْ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لَھُنَّ سَبِیْلًا اَلْبِکْرُ بِالْبِکْرِ جَلْدُ مِائَۃٍ وَتَغْرِیْبُ عَامٍ وَالثَّیِّبُ بِالثَّیِّبِ جَلْدُ مِائَۃٍ وَالرَّجْمُ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبادہ بن صامتؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مجھ سے (زانی و زانیہ کی بابت) حکم حاصل کرلو (ہاں) مجھ سے (ان کی بابت) حکم لے لو۔ خداوند تعالیٰ نے عورتوں کے لئے ایک طریقہ مقرر کردیا ہے کنواری عورت اگر کنوارے مرد سے زنا کرے تو اس کے سو دُرّے لگائے جائیں اور ایک سال کیلئے جلا وطن کیا جائے اور شادی شدہ مرد اگر شادی شدہ عورت سے زنا کرے تو سو کوڑے مارے جائیں اور سنگسار کیا جائے دونوں کو۔ (مسلم)

۳۴۰۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ الْیَھُوْدَ جَاءُوْا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرُوْا لَہٗ اَنَّ رَجُلًا مِّنْھُمْ وَامْرَاَۃً زَنَیَا فَقَالَ لَھُمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا تَجِدُوْنَ فِی التَّوْرٰیۃِ فِیْ شَاْنِ الرَّجْمِ قَالُوْا نَفْضَحُھُمْ وَیُجْلَدُوْنَ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ سَلَامٍ کَذَبْتُمْ اِنَّ فِیْھَا الرَّجْمَ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰیۃِ فَنَشَرُوْھَا فَوَضَعَ اَحَدُھُمْ یَدَہٗ عَلٰی اٰیَۃِ الرَّجْمِ فَقَرَاَ مَا قَبْلَھَا وَمَا بَعْدَھَا فَقَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ سَلَامٍ اِرْفَعْ یَدَکَ فَرَفَعَ فَاِذَا فِیْھَا اٰیَۃُ الرَّجْمِ فَقَالُوْا صَدَقَ یَا مُحَمَّدُ فِیْھَا اٰیَۃُ الرَّجْمِ فَاَمَرَ بِھِمَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَا وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ اِرْفَعْ یَدَکَ فَرَفَعَ فَاِذَا اٰیَۃُ الرَّجْمِ تَلُوْحُ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ اِنَّ فِیْھَا اٰیَۃَ الرَّجْمِ وَلٰکِنَّا نَتَکَاتَمُہٗ بَیْنَنَا فَاَمَرَ بِھِمَا فَرُجِمَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ یہود کی ایک جماعت نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ ان کی قوم میں سے ایک مرد اور ایک عورت نے زنا کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا۔ توراۃ میں رجم کی بابت کیا لکھا ہے؟ انھوں نے عرض کیا ہم زنا کرنیوالوں کو ذلیل و رسوا کرتے ہیں اور ان کو دُرّے لگائے جاتے ہیں عبداللہ بن سلام نے کہا تم جھوٹے ہو توراۃ لاؤ، اس میں بھی رجم کا حکم ہے۔ چنانچہ وہ توراۃ لائے اور ان میں سے ایک شخص توراۃ لانے والے نے آیتِ رجم پر ہاتھ رکھ کر اس کو چھپا لیا اور آگے پیچھے کی آیتوں کو پڑھتا رہا۔ عبداللہ بن سلامؓ نے کہا اپنا ہاتھ ہٹا، دیکھا تو وہاں رجم کی آیت موجود تھی۔ یہود نے کہا عبداللہ بن سلام نے سچ کہا اس میں رجم کی آیت موجود ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں زانیوں کو رجم کا حکم دیا اور ان کو سنگسار کیا گیا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ عبداللہ بن سلام نے کہا اپنا ہاتھ ہٹا۔ اُس نے ہاتھ ہٹایا تو وہاں رجم کی آیت موجود تھی ہاتھ رکھنے والے نے کہا محمدؐ! توراۃ میں رجم کی آیت موجود ہے لیکن ہم اس کو چھپاتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کی سنگساری کا حکم دیدیا اور ان کو سنگسار کردیا گیا۔ (بخاری و مسلم)

زنا کے اقراری مجرم کے بارے میں آنحضرتؐ کا فیصلہ رجم

۳۴۰۳ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ وَّھُوَ فِی الْمَسْجِدِ فَنَادَاہُ

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے کہ ایک شخص نے حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہؐ! میں نے زنا

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ زَنَيْتُ فَاَعْرَضَ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَنَحّٰى لِشِقِّ وَجْهِهِ الَّذِيْ اَعْرَضَ قِبَلَهُ فَقَالَ اِنِّيْ زَنَيْتُ فَاَعْرَضَ عَنْهُ فَلَمَّا شَهِدَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ دَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبِكَ جُنُوْنٌ قَالَ لَا فَقَالَ اَحْصَنْتَ قَالَ نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اذْهَبُوْا بِهٖ فَارْجُمُوْهُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَاَخْبَرَنِيْ مَنْ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ فَرَجَمْنَاهُ بِالْمُصَلّٰى فَلَمَّا اَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ هَرَبَ حَتّٰى اَدْرَكْنَاهُ بِالْحَرَّةِ فَرَجَمْنَاهُ حَتّٰى مَاتَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ عَنْ جَابِرٍ بَعْدَ قَوْلِهٖ قَالَ نَعَمْ فَاَمَرَ بِهٖ فَرُجِمَ بِالْمُصَلّٰى فَلَمَّا اَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ فَرَّ فَاُدْرِكَ فَرُجِمَ حَتّٰى مَاتَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرًا وَّصَلّٰى عَلَيْهِ۔

کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف سے منہ پھیر لیا وہ شخص پھر آپ کے سامنے آیا اور کہا میں نے زنا کیا ہے آپ نے پھر منہ پھیر لیا جب اس نے چار مرتبہ یہی الفاظ کہے اور شہادت کامل ہو گئی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اپنے قریب بلایا اور فرمایا کیا تو دیوانہ ہے عرض کیا نہیں فرمایا کیا تو نے شادی کی ہے۔ عرض کیا ہاں یا رسول اللہ ﷺ۔ فرمایا اس کو لیجاؤ اور سنگسار کر دو۔ اس حدیث کے ایک راوی ابن شہاب کا بیان ہے کہ مجھ سے اس شخص نے بیان کیا ہے جس نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے یہ سنا تھا کہ ہم نے (یعنی جابر رضی اللہ عنہ نے) اسکو سنگسار کیا۔ مدینہ کے اندر جب اس کے جسم پر پتھر جا کر لگے تو وہ بھاگا یہاں تک کہ ہم نے اس کو مدینہ کے سنگستان میں جا کر پکڑا اور پھر سنگساری شروع کی یہاں تک کہ وہ مر گیا (بخاری و مسلم) اور بخاری کی روایت میں جو جابر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے یہ الفاظ ہیں کہ جب اس شخص نے اپنے شادی شدہ ہونے کا اعتراف کیا تو آپ نے اس کو سنگسار کئے جانے کا حکم دیا چنانچہ اس کو عیدگاہ میں سنگسار کیا گیا جب اس کے جسم پر پتھر جا کر لگے تو وہ بھاگا۔ اس کو پکڑ لیا گیا اور پھر سنگسار کیا گیا یہاں تک کہ وہ مر گیا۔ اس کے مرنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تعریف کی اس کے جنازہ پر نماز پڑھی اور اس کے لئے دعا کی۔

جب تک کہ زانی کے بارے میں پوری تحقیق نہ کر لو اس کی سزا کا فیصلہ نہ کرو

۳۴۰۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا اَتَى مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ لَعَلَّكَ قَبَّلْتَ اَوْ غَمَزْتَ اَوْ نَظَرْتَ قَالَ لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَنِكْتَهَا لَا يَكْنِيْ قَالَ نَعَمْ فَعِنْدَ ذٰلِكَ اَمَرَ بِرَجْمِهٖ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ نے مسجد میں حاضر ہو کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ عرض کیا کہ میں نے زنا کیا ہے تو آپ نے فرمایا شاید تو نے بوسہ لیا ہوگا یا ہاتھ لگایا ہوگا یا اس کی طرف دیکھا ہوگا (اور ان باتوں کو تو زنا سے تعبیر کرتا ہوگا) اس نے عرض کیا نہیں یا رسول اللہ ﷺ۔ آپ نے فرمایا کیا تو نے (حقیقت میں) زنا کیا ہے یا نہیں کیا؟ عرض کیا ہاں (میں نے جماع کیا ہے) اس کے بعد آپ نے اس کو سنگسار کئے جانے کا حکم دیا۔ (بخاری)

اقامت حد گناہ کو ساقط کر دیتی ہے۔

۳۴۰۵ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ جَاءَ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ طَهِّرْنِيْ فَقَالَ وَيْحَكَ ارْجِعْ فَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ وَتُبْ اِلَيْهِ قَالَ فَرَجَعَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ طَهِّرْنِيْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ حَتّٰى

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا: "یا رسول اللہ ﷺ! مجھ کو پاک کیجئے" آپ نے فرمایا افسوس ہے تجھ پر واپس جا، خدا سے استغفار کر اور توبہ کر وہ چلا گیا اور تھوڑی دور جا کر پھر واپس آیا اور عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ کو پاک کیجئے۔ آپ نے پھر وہی الفاظ کہے جو پہلے فرمائے تھے۔ چار مرتبہ اسی طرح ہوا۔ چوتھی مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے

إِذَا كَانَتِ الرَّابِعَةُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَ أُطَهِّرُكَ قَالَ مِنَ الزِّنَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبِهِ جُنُوْنٌ فَأُخْبِرَ أَنَّهُ لَيْسَ بِمَجْنُوْنٍ فَقَالَ أَشَرِبَ خَمْرًا فَقَامَ رَجُلٌ فَاسْتَنْكَهَهُ فَلَمْ يَجِدْ مِنْهُ رِيْحَ خَمْرٍ فَقَالَ أَزَنَيْتَ قَالَ نَعَمْ فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ فَلَبِثُوْا يَوْمَيْنِ أَوْ ثَلٰثَةً ثُمَّ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اسْتَغْفِرُوْا لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْ قُسِّمَتْ بَيْنَ أُمَّةٍ لَوَسِعَتْهُمْ ثُمَّ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ مِنْ غَامِدٍ مِنَ الْأَزْدِ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ طَهِّرْنِيْ فَقَالَ وَيْحَكِ ارْجِعِيْ فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ وَتُوْبِيْ إِلَيْهِ فَقَالَتْ تُرِيْدُ أَنْ تُرَدِّدَنِيْ كَمَا رَدَدْتَ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ إِنَّهَا لَحُبْلٰى مِنَ الزِّنَا فَقَالَ آنْتِ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ لَهَا حَتّٰى تَضَعِيْ مَا فِيْ بَطْنِكِ قَالَ فَكَفَلَهَا رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ حَتّٰى وَضَعَتْ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَدْ وَضَعَتِ الْغَامِدِيَّةُ فَقَالَ إِذًا لَا نَرْجُمُهَا وَنَدَعُ وَلَدَهَا صَغِيْرًا لَيْسَ لَهُ مَنْ يُرْضِعُهُ فَقَامَ رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ إِلَيَّ رَضَاعُهُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَالَ فَرَجَمَهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ أَنَّهُ قَالَ لَهَا اذْهَبِيْ حَتّٰى تَلِدِيْ فَلَمَّا وَلَدَتْ قَالَ اذْهَبِيْ فَأَرْضِعِيْهِ حَتّٰى تَفْطِمِيْهِ فَلَمَّا فَطَمَتْهُ أَتَتْهُ بِالصَّبِيِّ وَفِيْ يَدِهِ كِسْرَةُ خُبْزٍ فَقَالَتْ هٰذَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَدْ فَطَمْتُهُ وَقَدْ أَكَلَ الطَّعَامَ فَدَفَعَ الصَّبِيَّ إِلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَحُفِرَ لَهَا إِلٰى صَدْرِهَا وَأَمَرَ النَّاسَ فَرَجَمُوْهَا فَيُقْبِلُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ بِحَجَرٍ فَرَمٰى رَأْسَهَا فَتَنَضَّحَ الدَّمُ عَلٰى وَجْهِ خَالِدٍ فَسَبَّهَا فَقَالَ النَّبِيُّ

پوچھا کس چیز سے پاک کروں میں تجھ کو، عرض کیا زنا سے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے پوچھا کیا یہ دیوانہ ہے؟ عرض کیا گیا دیوانہ نہیں ہے پھر آپ نے دریافت فرمایا کیا اس نے شراب پی ہے؟ ایک شخص نے کھڑے ہو کر اس کا منہ سونگھا لیکن بو نہ پائی۔ پھر آپؐ نے ماعزؓ سے پوچھا کیا تو نے زنا کیا ہے؟ عرض کیا ہاں۔ رسول اللہؐ نے اس کی سنگساری کا حکم دے دیا اور اس کو سنگسار کر دیا۔ دو تین روز اسی طرح گزر گئے یعنی ماعزؓ کی سنگساری کا ذکر آپ کے حضور میں نہ آیا۔ ایک روز حسب معمول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا۔ ماعز بن مالکؓ کی مغفرت کی دعا کرو اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر اس کو ساری امت پر تقسیم کیا جائے تو اس کا ثواب سب کے لئے کافی ہو۔ پھر ایک عورت جو قبیلہ ازد کی شاخ غامد سے تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ مجھ کو پاک کیجئے۔ آپ نے فرمایا تجھ پر افسوس ہے واپس جا اور خدا سے توبہ و استغفار کر۔ عورت نے عرض کیا۔ آپ یہ چاہتے ہیں کہ جس طرح آپ نے ماعزؓ کو واپس کر دیا تھا مجھ کو بھی واپس کر دیں۔ وہ تو (زنا کے نطفہ) سے حاملہ ہے۔ آپ نے فرمایا تو (حاملہ) ہے؟ عرض کیا ہاں۔ آپ نے فرمایا ٹھہر یہاں تک کہ تو پیٹ کے بچے کو جنے۔ راوی کا بیان ہے کہ ایک انصاری نے کفالت کی اس عورت کی، یہاں تک کہ اس نے بچہ جنا پھر کچھ عرصہ بعد وہ انصاری حاضر ہوا اور عرض کیا اس غامدیہ (عورت) نے بچہ جن لیا ہے۔ آپ نے فرمایا۔ ہم ابھی اس کو سنگسار نہیں کریں گے اور اس کے بچے کو اس حال میں نہ رہنے دیں گے کہ کوئی اس کو دودھ پلانے والا نہ ہو۔ ایک انصاری نے کھڑے ہو کر عرض کیا یا رسول اللہؐ اس کی رضاعت کا میں ذمہ دار ہوں گا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو سنگسار کرنے کا حکم دے دیا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب اس عورت نے اپنے حمل کا اظہار کیا تو آپ نے فرمایا۔ واپس جا اور ٹھہر جب تک کہ بچہ جنے۔ پھر جب اس نے بچہ جن لیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا بچہ کو دودھ پلا اور ٹھہر جب تک کہ اس کا دودھ چھڑائے۔ جب اس نے دودھ چھڑا دیا تو وہ بچہ کو لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ بچہ کے ہاتھ میں روٹی کا ٹکڑا تھا۔ اس نے عرض کیا اے نبی اللہؐ! اس بچہ کا دودھ میں نے چھڑا دیا ہے اور اب یہ روٹی کھانے لگا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچہ کو ایک مسلمان کے حوالے کر دیا اور پھر حکم دیا کہ عورت کے لئے ایک گڑھا کھودا جائے سینہ تک اور پھر لوگوں کو

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْلًا يَا خَالِدُ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ تَابَهَا صَاحِبُ مَكْسٍ لَغُفِرَ لَهٗ ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَصَلّٰى عَلَيْهَا وَدُفِنَتْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کو اس کے سنگسار کئے جانے کا حکم دیا۔ چنانچہ سنگساری شروع ہوگئی۔ خالد بن ولید رضؓ نے ایک پتھر اس کے سر پر مارا اور اس کے سر کا خون خالد رضؓ کے منہ پر آکر پڑا۔ خالد رضؓ نے اس کو برا کہا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خالد! خاموش رہو، قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر ایسی توبہ محصول یا عشر لینے والا کرے تو اس کے ظلم و ستم کو بخش دیا جائے۔ پھر آپ نے حکم دیا کہ اس کے جنازہ کی نماز پڑھی جائے اور دفن کر دیا جائے۔ (مسلم)

بدکار لونڈی کی سزا

۳۴۰۶ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا زَنَتْ أَمَةُ أَحَدِكُمْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ ثُمَّ إِنْ زَنَتِ الثَّالِثَةَ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِحَبْلٍ مِّنْ شَعْرٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے اگر تم میں سے کسی کی لونڈی زنا کرے اور اس کا زنا کرنا معلوم ہو جائے تو اس پر شرعی حد جاری کی جائے (یعنی اس کو شرعی سزا دی جائے) اور اس پر لعن وطعن نہ کیا جائے۔ پھر اگر وہ دوبارہ زنا کرے تو اس کو دوبارہ سزا دی جائے اور اس کو برا بھلا نہ کہا جائے پھر اگر تیسری مرتبہ زنا کرے اور اس کا زنا کرنا معلوم ہو جائے تو اس کو بیچ ڈالے اگرچہ اس کی قیمت میں بالوں کی ایک رسی ہی ملے (بخاری و مسلم)

مریض پر حد جاری کرنے کا مسئلہ؛

۳۴۰۷ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَقِيمُوا عَلٰى أَرِقَّائِكُمُ الْحَدَّ مَنْ أَحْصَنَ مِنْهُمْ وَمَنْ لَّمْ يُحْصِنْ فَإِنَّ أَمَةً لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَنَتْ فَأَمَرَنِي أَنْ أَجْلِدَهَا فَإِذَا هِيَ حَدِيثُ عَهْدٍ بِنِفَاسٍ فَخَشِيتُ إِنْ أَنَا جَلَدْتُهَا أَنْ أَقْتُلَهَا فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَحْسَنْتَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي دَاوٗدَ قَالَ دَعْهَا حَتّٰى يَنْقَطِعَ دَمُهَا ثُمَّ أَقِمْ عَلَيْهَا الْحَدَّ وَأَقِيمُوا الْحُدُودَ عَلٰى مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ

حضرت علیؓ نے لوگوں سے مخاطب کر کے کہا۔ لوگو! تمہاری لونڈیاں اور غلام اگر زنا کریں تو ان کو شرعی سزا دو خواہ وہ شادی شدہ ہوں یا غیر شادی شدہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک لونڈی نے زنا کیا تھا۔ آپ نے مجھ کو حکم دیا کہ میں اس کے درّے لگاؤں۔ اس نے حال ہی میں بچہ جنا تھا۔ مجھ کو اندیشہ لاحق ہوا کہ اگر میں اس کے درّے لگاؤں گا تو وہ مر جائے گی۔ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا آپ نے فرمایا تم نے اچھا کیا (کہ اس حالت میں اس کو سزا نہ دی (مسلم)۔ اور ابوداؤد کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے حضرت علیؓ سے یہ فرمایا۔ اس وقت تک کے لئے اس کو چھوڑ دو کہ اس کے نفاس کا خون بند ہو، پھر اس پر حد جاری کرو اور اپنے غلاموں کو (اگر وہ کوئی جرم کیا کریں) سزا دیا کرو۔

فصل دوم

اگر زناکار اقراری مجرم اپنے اقرار سے رجوع کرے تو حد ساقط ہو جائے گی یا نہیں

۳۴۰۸ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ مَاعِزُ الْأَسْلَمِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ماعز اسلمی رضؓ نے رسول اللہ صلی اللہ

إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّهُ قَدْ زَنَى فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ جَاءَ مِنْ شِقِّهِ الْآخَرِ فَقَالَ إِنَّهُ قَدْ زَنَى فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ جَاءَ مِنْ شِقِّهِ الْآخَرِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّهُ قَدْ زَنَى فَأَمَرَ بِهِ فِي الرَّابِعَةِ فَأُخْرِجَ إِلَى الْحَرَّةِ فَرُجِمَ بِالْحِجَارَةِ فَلَمَّا وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ فَرَّ يَشْتَدُّ حَتّٰى مَرَّ بِرَجُلٍ مَعَهُ لَحْيُ جَمَلٍ فَضَرَبَهُ بِهِ وَضَرَبَهُ النَّاسُ حَتّٰى مَاتَ فَذَكَرُوا ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُ فَرَّ حِينَ وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ وَمَسَّ الْمَوْتِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَّا تَرَكْتُمُوهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ) وَفِي رِوَايَةٍ هَلَّا تَرَكْتُمُوهُ لَعَلَّهُ أَنْ يَتُوبَ فَيَتُوبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔

علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ اس نے زنا کیا ہے آپ نے منہ پھیر لیا۔ اس نے پھر کہا کہ اس نے زنا کیا ہے آپ نے پھر منہ پھیر لیا اس نے پھر آپ کے سامنے عرض کیا کہ اس نے زنا کیا ہے۔ چوتھی مرتبہ جب اس نے اپنے زنا کا اعتراف کیا تو آپ نے سنگساری کا حکم دے دیا، چنانچہ اس کو مدینہ کے سنگستان میں بھجوا دیا گیا اور سنگسار کیا گیا۔ جب اس کے جسم پر پتھر جا کر لگے تو وہ تیزی سے بھاگ نکلا۔ یہاں تک کہ وہ ایک شخص کے پاس سے گزرا جس کے ہاتھ میں اونٹ کی ہڈی کا کلاّ تھا۔ اس نے اس کلّے سے اس کو مارا اور لوگوں نے بھی جو وہاں موجود تھے اس کو مارا۔ یہاں تک کہ وہ مر گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس واقعہ کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا تم نے اس کو چھوڑ کیوں نہیں دیا۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ اگر تم اس کو چھوڑ دیتے تو بہت ممکن ہے وہ توبہ کر لیتا اور خدا اس کی توبہ قبول فرما لیتا۔

ماعزؓ کا اعتراف جرم؟

۳۴۰۹/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ آحَقٌّ مَا بَلَغَنِي عَنْكَ قَالَ وَمَا بَلَغَكَ عَنِّي قَالَ بَلَغَنِي أَنَّكَ قَدْ وَقَعْتَ بِجَارِيَةِ آلِ فُلَانٍ قَالَ نَعَمْ فَشَهِدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ماعز بن مالکؓ سے فرمایا کیا یہ واقعہ سچ ہے جو تیری نسبت مجھ کو معلوم ہوا ہے؟ اس نے عرض کیا میری نسبت آپ کو کیا معلوم ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا مجھ کو یہ معلوم ہوا ہے کہ تو نے فلاں شخص کی لونڈی سے زنا کیا ہے اس نے عرض کیا۔ ہاں، اس نے چار مرتبہ اس کا اقرار کیا اور آپ نے اس کو سنگسار کئے جانے کا حکم دے دیا۔ چنانچہ اس کو سنگسار کر دیا گیا۔ (مسلم)

دوسروں کے عیوب کی پردہ پوشی کرو

۳۴۱۰/۱۳ وَعَنْ يَزِيدَ بْنِ نُعَيْمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ مَاعِزًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقَرَّ عِنْدَهُ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَأَمَرَ بِرَجْمِهِ وَقَالَ لِهَزَّالٍ لَوْ سَتَرْتَهُ بِثَوْبِكَ كَانَ خَيْرًا لَكَ قَالَ ابْنُ الْمُنْكَدِرِ إِنَّ هَزَّالًا أَمَرَ مَاعِزًا أَنْ يَأْتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُخْبِرَهُ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت یزید بن نعیم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ماعزؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر چار مرتبہ اپنے زنا کا اعتراف کیا اور آپ نے اس کو سنگسار کرنے کا حکم دیدیا۔ پھر آپ نے ہزّال سے فرمایا (جس نے آپ کو زنا کے اس واقعہ سے آگاہ کیا تھا) اگر تو اس واقعہ پر پردہ ڈالتا تو بہتر ہوتا۔ اس حدیث کا ایک راوی ابن منذر کہتا ہے کہ ہزّال نے ماعزؓ کو اس امر پر آمادہ کیا کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے جرم کا اعتراف کرے اور واقعہ سے آگاہ کر دے (ابوداؤد)

کسی حاکم کو حد معاف کرنے کا اختیار حاصل نہیں

۳۴۱۱/۱۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا، عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَعَافَوُا الْحُدُوْدَ فِيْمَا بَيْنَكُمْ فَمَا بَلَغَنِيْ مِنْ حَدٍّ فَقَدْ وَجَبَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

تم آپس میں اپنی حدود (یعنی شرعی سزاؤں) کو معاف کر دیا کرو اس سے پہلے کہ ان کی خبر مجھ تک پہنچے۔ لیکن جب واقعہ مجھ تک پہنچ جائے گا تو سزا واجب ہو جائے گی۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

عزت داروں کو لغزشوں سے درگذر کرنا چاہیئے

۳۴۱۲/۱۵ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَقِيْلُوْا ذَوِي الْهَيْئَاتِ عَثَرَاتِهِمْ اِلَّا الْحُدُوْدَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے باعزت لوگوں کی خطاؤں (یعنی بھول چوک) کو معاف کر دیا کرو لیکن شرعی حدود کو معاف نہ کرو۔ (ابوداؤد)

شبہ کا فائدہ ملزم کو ملنا چاہیئے

۳۴۱۳/۱۶ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِدْرَءُوا الْحُدُوْدَ عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ مَا اسْتَطَعْتُمْ فَاِنْ كَانَ لَهٗ مَخْرَجٌ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهٗ فَاِنَّ الْاِمَامَ اَنْ يُّخْطِئَ فِي الْعَفْوِ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ يُّخْطِئَ فِي الْعُقُوْبَةِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ۔ وَقَالَ قَدْ رُوِيَ عَنْهَا وَلَمْ يُرْفَعْ وَهُوَ اَصَحُّ)۔

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دور کرو حدود کو مسلمانوں سے جب تک ممکن ہو اگر ذرا سا بھی کوئی موقع بچاؤ کا نکل آئے تو اس کو (یعنی مسلمان کو) چھوڑ دو اس لئے کہ امام (حاکم) کا معاف کرنے میں غلطی کرنا سزا میں غلطی کرنے سے بہتر ہے۔ (ترمذی۔ اور ترمذی نے کہا یہ حدیث حضرت عائشہ رضؓ سے موقوفاً بھی مروی ہے اور یہی زیادہ صحیح ہے)۔

زنا بالجبر میں صرف مرد پر حد جاری ہوگی

۳۴۱۴/۱۷ وَعَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ اُسْتُكْرِهَتِ امْرَاَةٌ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَرَاَ عَنْهَا الْحَدَّ وَاَقَامَهٗ عَلَى الَّذِيْ اَصَابَهَا وَلَمْ يَذْكُرْ اَنَّهٗ جَعَلَ لَهَا مَهْرًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت وائل بن حجر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک عورت پر زبردستی کی گئی (یعنی اس کے ساتھ زبردستی زنا کیا گیا) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کو معاف فرما دیا اور مرد پر حد قائم کی اور راوی نے اس کا ذکر نہیں کیا کہ آپ نے اس کو مہر بھی دلوایا، یا نہیں (ترمذی)

۳۴۱۵/۱۸ وَعَنْهُ اَنَّ امْرَاَةً خَرَجَتْ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُرِيْدُ الصَّلٰوةَ فَتَلَقَّاهَا رَجُلٌ فَتَجَلَّلَهَا فَقَضٰى حَاجَتَهٗ مِنْهَا فَصَاحَتْ وَانْطَلَقَ وَمَرَّتْ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ فَقَالَتْ اِنَّ ذٰلِكَ الرَّجُلَ فَعَلَ بِيْ كَذَا وَكَذَا فَاَخَذُوا الرَّجُلَ فَاَتَوْا بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهَا اذْهَبِيْ فَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكِ وَقَالَ لِلرَّجُلِ الَّذِيْ وَقَعَ عَلَيْهَا اَرْجُمُوْهُ وَقَالَ لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْ تَابَهَا اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ لَقُبِلَ مِنْهُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت وائل رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک عورت نماز کے ارادے سے باہر نکلی ایک مرد نے اس کو پکڑ لیا، اور اس پر کپڑا ڈال کر اس سے اپنی حاجت پوری کر لی (یعنی اس کے ساتھ زنا کیا) وہ عورت چلائی اور مرد اس کو چھوڑ کر چلا گیا۔ مہاجرین کی ایک جماعت اس عورت کے قریب سے گزری، عورت نے ان سے کہا کہ فلاں شخص نے میرے ساتھ ایسا ایسا کیا انھوں نے اس مرد کو پکڑ لیا اور اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائے آپ نے عورت سے فرمایا تو جا خدا نے تجھ کو بخش دیا (اس لئے کہ تو نے اپنی خواہش سے یہ کام نہیں کیا ہے) اور اس مرد کی نسبت جس نے زنا کیا تھا یہ فرمایا اس کو لے جاؤ اور سنگسار کر دو پھر اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ اس نے توبہ کی (یعنی سزا بھگت کر) ایسی توبہ کہ اگر مدینہ والے ایسی توبہ کرتے تو ان کی توبہ قبول کی جاتی۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

ایک زنا کی دو سزائیں؟

۳۴۱۶/۱۹ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلًا زَنٰی بِامْرَاَۃٍ فَاَمَرَ بِہِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَجُلِدَ الْحَدَّ ثُمَّ اُخْبِرَ اَنَّہٗ مُحْصِنٌ فَاَمَرَ بِہٖ فَرُجِمَ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک مرد نے ایک عورت سے زنا کیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دُرّے لگائے جانے کا حکم دیا چنانچہ دُرّے مارے گئے۔ اِس کے بعد آپ کو بتایا گیا کہ وہ شادی شدہ ہے آپ نے اس کو سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ سنگسار کیا گیا۔ (ابوداؤد)

بیمار مجرم پر حد جاری کرنے کا طریقہ

۳۴۱۷/۲۰ وَعَنْ سَعِیْدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَۃَ اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَۃَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ کَانَ فِی الْحَیِّ مُخْدَجٍ سَقِیْمٍ فَوُجِدَ عَلٰی اَمَۃٍ مِنْ اِمَائِہِمْ یَجْبُتُ بِھَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خُذُوْا لَہٗ عِثْکَالًا فِیْہِ مِائَۃُ شِمْرَاخٍ فَاضْرِبُوْہُ ضَرْبَۃً۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ وَفِیْ رِوَایَۃِ ابْنِ مَاجَۃَ نَحْوَہٗ)

حضرت سعید بن سعد بن عبادہؓ کہتے ہیں کہ سعد بن عبادہؓ محلہ کے ایک شخص کو لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے یہ شخص نہایت کمزور اور بیمار تھا اور اس نے سعدؓ کی ایک لونڈی سے زنا کیا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اس کو مارنے کے لئے کھجور کی ایک ٹہنی لو جس میں چھوٹی چھوٹی سو ٹہنیاں ہوں اور اس ٹہنی کو اس طرح ایک دفعہ مارو کہ ساری ٹہنیاں اس کے جسم پر لگیں۔ (شرح السنۃ)

اغلام کی سزا؟

۳۴۱۸/۲۱ وَعَنْ عِکْرِمَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ وَّجَدْتُمُوْہُ یَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لُوْطٍ فَاقْتُلُوا الْفَاعِلَ وَالْمَفْعُوْلَ بِہٖ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت عکرمہؒ ابن عباس رضؓ سے روایت کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جس شخص کو تم قوم لوط کا عمل کرتے پاؤ تو فاعل اور مفعول دونوں کو مار ڈالو۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

جانور کے ساتھ بدفعلی کرنے والے کی سزا

۳۴۱۹/۲۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَتٰی بَھِیْمَۃً فَاقْتُلُوْہُ وَاقْتُلُوْھَا مَعَہٗ قِیْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ مَا شَاْنُ الْبَھِیْمَۃِ قَالَ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ذٰلِکَ شَیْئًا وَلٰکِنْ اَرَاہُ کَرِہَ اَنْ یُّؤْکَلَ لَحْمُھَا اَوْ یُنْتَفَعَ بِھَا وَقَدْ فُعِلَ بِھَا ذٰلِکَ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص جانور سے بدفعلی کرے اس شخص اور اس جانور کو مار ڈالو ابن عباسؓ سے پوچھا گیا۔ جانور کا اس میں کیا قصور ہے؟ انھوں نے کہا اس کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے کچھ نہیں سنا البتہ میرا خیال ہے کہ ایسے جانور کا گوشت کھانا یا اس سے نفع اٹھانا (یعنی اس کا دودھ وغیرہ پینا) جس کے ساتھ بدفعلی کی گئی ہے مکروہ ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

اغلام بدترین برائی ہے

۳۴۲۰/۲۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَخَافُ عَلٰی اُمَّتِیْ عَمَلُ قَوْمِ لُوْطٍ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اپنی امت پر مجھے جس بات کا سب سے زیادہ خوف ہے وہ قوم لوط کے عمل کا خوف ہے۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

ایک زنا کی دو سزائیں؟

۳۴۱۶/۱۹ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلًا زَنٰی بِامْرَاَۃٍ فَاَمَرَ بِہِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَجُلِدَ الْحَدَّ ثُمَّ اُخْبِرَ اَنَّہٗ مُحْصِنٌ فَاَمَرَ بِہٖ فَرُجِمَ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک مرد نے ایک عورت سے زنا کیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دُرّے لگائے جانے کا حکم دیا چنانچہ دُرّے مارے گئے۔ اِس کے بعد آپ کو بتایا گیا کہ وہ شادی شدہ ہے آپ نے اس کو سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ سنگسار کیا گیا۔ (ابوداؤد)

بیمار مجرم پر حد جاری کرنے کا طریقہ

۳۴۱۷/۲۰ وَعَنْ سَعِیْدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَۃَ اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَۃَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ کَانَ فِی الْحَیِّ مُخْدَجٍ سَقِیْمٍ فَوُجِدَ عَلٰی اَمَۃٍ مِنْ اِمَائِہِمْ یَجْبُتُ بِھَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خُذُوْا لَہٗ عِثْکَالًا فِیْہِ مِائَۃُ شِمْرَاخٍ فَاضْرِبُوْہُ ضَرْبَۃً۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ وَفِیْ رِوَایَۃِ ابْنِ مَاجَۃَ نَحْوَہٗ)

حضرت سعید بن سعد بن عبادہؓ کہتے ہیں کہ سعد بن عبادہؓ محلہ کے ایک شخص کو لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے یہ شخص نہایت کمزور اور بیمار تھا اور اس نے سعدؓ کی ایک لونڈی سے زنا کیا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اس کو مارنے کے لئے کھجور کی ایک ٹہنی لو جس میں چھوٹی چھوٹی سو ٹہنیاں ہوں اور اس ٹہنی کو اس طرح ایک دفعہ مارو کہ ساری ٹہنیاں اس کے جسم پر لگیں۔ (شرح السنۃ)

اغلام کی سزا؟

۳۴۱۸/۲۱ وَعَنْ عِکْرِمَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ وَّجَدْتُمُوْہُ یَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لُوْطٍ فَاقْتُلُوا الْفَاعِلَ وَالْمَفْعُوْلَ بِہٖ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت عکرمہؒ ابن عباس رضؓ سے روایت کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جس شخص کو تم قوم لوط کا عمل کرتے پاؤ تو فاعل اور مفعول دونوں کو مار ڈالو۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

جانور کے ساتھ بدفعلی کرنے والے کی سزا

۳۴۱۹/۲۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَتٰی بَھِیْمَۃً فَاقْتُلُوْہُ وَاقْتُلُوْھَا مَعَہٗ قِیْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ مَا شَاْنُ الْبَھِیْمَۃِ قَالَ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ذٰلِکَ شَیْئًا وَلٰکِنْ اَرَاہُ کَرِہَ اَنْ یُّؤْکَلَ لَحْمُھَا اَوْ یُنْتَفَعَ بِھَا وَقَدْ فُعِلَ بِھَا ذٰلِکَ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص جانور سے بدفعلی کرے اس شخص اور اس جانور کو مار ڈالو ابن عباسؓ سے پوچھا گیا۔ جانور کا اس میں کیا قصور ہے؟ انھوں نے کہا اس کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے کچھ نہیں سنا البتہ میرا خیال ہے کہ ایسے جانور کا گوشت کھانا یا اس سے نفع اٹھانا (یعنی اس کا دودھ وغیرہ پینا) جس کے ساتھ بدفعلی کی گئی ہے مکروہ ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

اغلام بدترین برائی ہے

۳۴۲۰/۲۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَخَافُ عَلٰی اُمَّتِیْ عَمَلُ قَوْمِ لُوْطٍ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اپنی امت پر مجھے جس بات کا سب سے زیادہ خوف ہے وہ قوم لوط کے عمل کا خوف ہے۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

ضَاجَعْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ بَاشَرْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ جَامَعْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاَمَرَ بِهٖ اَنْ يُّرْجَمَ فَاُخْرِجَ بِهٖ اِلَى الْحَرَّةِ فَلَمَّا رُجِمَ فَوَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ فَجَزِعَ فَخَرَجَ يَشْتَدُّ فَلَقِيَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُنَيْسٍ وَقَدْ عَجَزَ اَصْحَابُهٗ فَنَزَعَ لَهٗ بِوَظِيْفِ بَعِيْرٍ فَرَمَاهُ بِهٖ فَقَتَلَهٗ ثُمَّ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ هَلَّا تَرَكْتُمُوْهُ لَعَلَّهٗ اَنْ يَّتُوْبَ فَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

کیا ہے؟ عرض کیا فلاں عورت کے ساتھ۔ آپ نے پوچھا کیا معانقہ کیا ہے تو نے اس کے ساتھ؟ عرض کیا ہاں۔ فرمایا کیا تو نے اس کے بدن سے اپنے بدن کو لگایا ہے؟ عرض کیا ہاں پھر آپ نے پوچھا کیا تو نے اس سے جماع بھی کیا ہے؟ عرض کیا ہاں۔ راوی کا بیان ہے کہ اس کے بعد آپ نے اس کو سنگسار کئے جانے کا حکم دیدیا چنانچہ اس کو مدینہ کے سنگستان میں لے جایا گیا اور رجم شروع ہوا۔ جب پتھروں کی چوٹ اس سے برداشت نہ ہوسکی تو وہ چلایا اور بھاگ نکلا۔ راستہ میں اس کو عبداللہ بن انیس ملے جن کے ساتھی تھک گئے تھے یا ماعز رضؓ کو سنگسار کرنے والے پتھر مارتے مارتے تھک گئے تھے۔ عبداللہ رضؓ نے اونٹ کے پاؤں کی ہڈی اٹھائی اور اس سے ماعز رضؓ کو مارا یہاں تک کہ اس کو مار ڈالا۔ پھر عبداللہ بن انیس رضؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر واقعہ عرض کیا۔ آپ نے فرمایا کاش تم اس کو چھوڑ دیتے، ممکن ہے وہ توبہ کرتا اور خدا اس کی توبہ قبول فرمالیتا۔ (ابوداؤد)

زنا اور رشوت کی کثرت کا وبال

۳۴۲۵/۲۸ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ قَوْمٍ يَظْهَرُ فِيْهِمُ الزِّنَا اِلَّا اُخِذُوْا بِالسَّنَةِ وَمَا مِنْ قَوْمٍ يَظْهَرُ فِيْهِمُ السَّاسَا اِلَّا اُخِذُوْا بِالرُّعْبِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عمرو بن العاص رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جس قوم میں زنا ظاہر ہوتا ہے (یعنی پھیل جاتا ہے) اس قوم کو قحط پکڑ لیتا ہے اور جس قوم میں رشوت پھیل جاتی ہے اس پر رعب غالب ہو جاتا ہے۔ (احمد)

اغلام، لعنت کا باعث ہے

۳۴۲۶/۲۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَلْعُوْنٌ مَّنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوْطٍ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَّفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ عَلِيًّا اَحْرَقَهُمَا وَاَبَا بَكْرٍ هَدَمَ عَلَيْهِمَا حَائِطًا۔

حضرت ابن عباسؓ اور ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص قوم لوط کا عمل کرے وہ ملعون ہے (رزین) اور ابن عباس رضؓ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ علی رضؓ نے لواطت کے فاعل و مفعول کو جلوا دیا اور حضرت ابوبکر رضؓ نے ان پر دیوار گروا دی۔ (احمد)

۳۴۲۷/۳۰ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلٰى رَجُلٍ اَتٰى رَجُلًا اَوِ امْرَاَةً فِيْ دُبُرِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن عباسؓ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ اس شخص کی طرف نظر رحمت سے نہیں دیکھتا جو مرد یا عورت کے ساتھ لواطت کرے۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)

جانور کے ساتھ بدفعلی کرنیوالا حد کا سزاوار نہیں ہوتا

۳۴۲۸/۳۱ وَعَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ اَتٰى بَهِيْمَةً فَلَا حَدَّ عَلَيْهِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ جو شخص جانور کے ساتھ بدفعلی کرے اس پر شرعی حد نہیں ہے (ترمذی۔ ابوداؤد) ترمذی نے کہا کہ

عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ اَنَّهٗ قَالَ هٰذَا اَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ وَهُوَ مَنْ اَتٰى بَهِيْمَةً فَاقْتُلُوْهُ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ۔

سفیان ثوری رض کا بیان ہے کہ یہ حدیث پہلی حدیث سے جس میں جانور کے ساتھ بدفعلی کرنے والے کو مار ڈالنے کا حکم ہے زیادہ صحیح ہے اور علماء کا اسی پر عمل ہے۔

حد جاری کرنے میں کوئی فرق و امتیاز نہ کرو

۳۴۲۹/۳۲ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقِيْمُوْا حُدُوْدَ اللّٰهِ فِي الْقَرِيْبِ وَالْبَعِيْدِ وَلَا تَاْخُذْكُمْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عبادہ بن صامت رض کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قریب اور بعید (یعنی قریب کے رشتہ داروں اور دور کے ملنے والوں) سب میں الٰہی حدود کو جاری کرو اور اس میں ملامت کرنے والے کی پرواہ نہ کرو۔ (ابن ماجہ)

حد جاری کرنے کے دور رس فوائد

۳۴۳۰/۳۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِقَامَةُ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنْ مَّطَرِ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً فِيْ بِلَادِ اللّٰهِ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ)

حضرت ابن عمر رض کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خدائی حدود میں سے کسی ایک حد کا جاری کرنا بہتر ہے اس سے کہ چالیس رات برابر (قہر خدا کی) شہروں میں بارش ہوتی رہے۔ (ابن ماجہ)

بَابُ قَطْعِ السَّرِقَةِ

چور کے ہاتھ کاٹنے کا بیان

فَصْلُ اَوَّلٌ

نصاب سرقہ کے بارے میں امام شافعیؒ کی مستدل حدیث

۳۴۳۱/۱ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُقْطَعُ يَدُ السَّارِقِ اِلَّا بِرُبُعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رض کہتی ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے چوتھائی دینار یا زیادہ کی چوری پر چور کا ہاتھ کاٹا جائے۔ (بخاری و مسلم)

ڈھال کی قیمت کے تعین میں اختلافی اقوال

۳۴۳۲/۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَطَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَ سَارِقٍ فِيْ مِجَنٍّ ثَمَنُهٗ ثَلٰثَةُ دَرَاهِمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ڈھال کے چرانے پر جس کی قیمت تین درہم تھی، چور کا ہاتھ کٹوا دیا۔ (بخاری و مسلم)

تمام ائمہ کے مسلک کے خلاف ایک حدیث اور اس کی وضاحت

۳۴۳۳/۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ السَّارِقَ يَسْرِقُ الْبَيْضَةَ فَتُقْطَعُ يَدُهٗ وَيَسْرِقُ الْحَبْلَ فَتُقْطَعُ يَدُهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ کی لعنت ہو چور پر کہ انڈا (یعنی خود) چراتا ہے اور اس کا ہاتھ کاٹا جاتا ہے اور رسی چراتا ہے، اور اس کا ہاتھ کاٹا جاتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

پھل وغیرہ کی چوری میں قطع ہاتھ کی سزا ہے یا نہیں؟

۳۴۳۴ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا قَطْعَ فِيْ ثَمَرٍ وَّلَا كَثَرٍ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت رافع بن خدیج کہتے ہیں رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے درختوں پر لگے ہوئے پھلوں اور سفید کھجوروں کے چرانے پر ہاتھ نہیں کاٹا جاتا۔ (ترمذی۔ مالک۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ دارمی۔ ابن ماجہ)

۳۴۳۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنِ الثَّمَرِ الْمُعَلَّقِ قَالَ مَنْ سَرَقَ مِنْهُ شَيْئًا بَعْدَ اَنْ يُّؤْوِيَهُ الْجَرِيْنُ فَبَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَعَلَيْهِ الْقَطْعُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا، درختوں پر لگے ہوئے پھلوں کی بابت آپ نے فرمایا جو شخص پھلوں کو اس وقت چرائے جب کہ ان کو درختوں سے توڑ کر جمع کر لیا گیا ہو اور ان پھلوں کی قیمت ایک ڈھال کی قیمت کو پہنچ جائے تو چور کا ہاتھ کاٹنا واجب ہے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

غیر مملوکہ پہاڑی جانوروں پر چوری کا اطلاق نہیں ہوگا

۳۴۳۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِيْ حُسَيْنٍ الْمَكِّيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا قَطْعَ فِيْ ثَمَرٍ مُّعَلَّقٍ وَّلَا فِيْ حَرِيْسَةِ جَبَلٍ فَاِذَا اٰوَاهُ الْمَرَاحُ وَالْجَرِيْنُ فَالْقَطْعُ فِيْمَا بَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابی حسین مکی کہتے ہیں کہ، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے درختوں پر لگے ہوئے پھلوں کے چرانے پر ہاتھ نہیں کاٹا جاتا اور نہ پہاڑ پر چرنے والے جانور پر البتہ جب کہ پھلوں کو توڑ کر ذخیرہ کر لیا جائے اور جانور کو اس کے ٹھکانے پر باندھ دیا جائے اور پھر چوری کی جائے تو چوری کا مال اگر ایک ڈھال کی قیمت کو پہنچ جائے تو ہاتھ کاٹا جائے (ورنہ نہیں) (مالک)

لٹیرے کی سزا قطع ید نہیں ہے

۳۴۳۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى الْمُنْتَهِبِ قَطْعٌ وَمَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً مَّشْهُوْرَةً فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، جو شخص زبردستی کسی کا مال چھین لے اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جاتا اور جو شخص علانیہ لوگوں کو لوٹے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (ابوداؤد)

خائن، قطع ید کا سزاوار نہیں

۳۴۳۸ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ عَلٰى خَائِنٍ وَّلَا مُنْتَهِبٍ وَّلَا مُخْتَلِسٍ قَطْعٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوٰى فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَيَّةَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَنَامَ فِي الْمَسْجِدِ وَتَوَسَّدَ رِدَاءَهٗ

حضرت جابرؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خیانت کرنے والے، لوٹنے والے اور اچکے کا ہاتھ کاٹنا واجب نہیں ہے (ترمذی نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی اور شرح السنۃ میں یہ روایت ہے کہ صفوان بن امیہؓ مدینہ میں آئے اور ایک مسجد میں اپنی چادر کو سر کے نیچے رکھ کر سو گئے۔ چور آیا اور ان کی چادر کو چرا لیا۔ صفوانؓ نے اس چور

فَجَاءَ سَارِقٌ وَّ اَخَذَ رِدَاءَهٗ فَاَخَذَهٗ صَفْوَانُ فَجَاءَ بِهٖ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ اَنْ تُقْطَعَ یَدُہٗ فَقَالَ صَفْوَانُ اِنِّیْ لَمْ اُرِدْ ھٰذَا ھُوَ عَلَیْہِ صَدَقَۃٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَھَلَّا قَبْلَ اَنْ تَاْتِیَنِیْ بِہٖ وَرَوٰی نَحْوَہٗ ابْنُ مَاجَۃَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ صَفْوَانَ عَنْ اَبِیْہِ وَالدَّارِمِیُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

کو پکڑ لیا اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائے۔ آپ نے حکم دیا اس کا ہاتھ کاٹا جائے۔ صفوان رضؓ نے عرض کیا میں اس کو آپ کے پاس اس لئے نہیں لایا تھا کہ آپ اس کا ہاتھ کٹوا دیں۔ میں نے یہ چادر اس کو صدقہ کر دی۔ آپ نے فرمایا اس کو یہاں لانے سے پہلے ہی تو نے چادر صدقہ کیوں نہ کر دی۔ ابن ماجہ نے یہ حدیث عبداللہ بن صفوان سے اور دارمی نے حضرت ابن عباس رضؓ سے روایت کی ہے۔

سفر جہاد میں چور کا ہاتھ نہ کاٹا جائے

۳۴۳۹ وَعَنْ بُسْرِ بْنِ اَرْطَاۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تُقْطَعُ الْاَیْدِیْ فِی الْغَزْوِ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ اِلَّا اَنَّھُمَا قَالَا فِی السَّفَرِ بَدَلَ الْغَزْوِ)۔

حضرت بسر بن ارطاۃ رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ فرماتے سنا ہے کہ جہاد کی حالت میں چور کا ہاتھ نہ کاٹا جائے۔ (ترمذی۔ دارمی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ابوداؤد اور نسائی میں جہاد کے بجائے سفر لکھا ہے)۔

دوبارہ اور سہ بارہ چوری کرنے کی سزا

۳۴۴۰ وَعَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فِی السَّارِقِ اِنْ سَرَقَ فَاقْطَعُوْا یَدَہٗ ثُمَّ اِنْ سَرَقَ فَاقْطَعُوْا رِجْلَہٗ ثُمَّ اِنْ سَرَقَ فَاقْطَعُوْا یَدَہٗ ثُمَّ اِنْ سَرَقَ فَاقْطَعُوْا رِجْلَہٗ۔

(رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت ابوسلمہ رضؓ ابوہریرہ رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے چور جب چوری کرے تو اس کا (دایاں) ہاتھ کاٹو اور پھر چوری کرے تو (بایاں) پاؤں کاٹو اور پھر چوری کرے تو (بایاں) ہاتھ کاٹو اور پھر چوری کرے تو (دایاں) پاؤں کاٹو۔

(شرح السنۃ)

۳۴۴۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ جِیْءَ بِسَارِقٍ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اقْطَعُوْہُ فَقُطِعَ ثُمَّ جِیْءَ بِہِ الثَّانِیَۃَ فَقَالَ اقْطَعُوْہُ فَقُطِعَ ثُمَّ جِیْءَ بِہِ الثَّالِثَۃَ فَقَالَ اقْطَعُوْہُ فَقُطِعَ ثُمَّ جِیْءَ بِہِ الرَّابِعَۃَ فَقَالَ اقْطَعُوْہُ فَقُطِعَ فَاُتِیَ بِہِ الْخَامِسَۃَ فَقَالَ اقْتُلُوْہُ فَانْطَلَقْنَا بِہٖ فَقَتَلْنٰہُ ثُمَّ اجْتَرَرْنَاہُ فَاَلْقَیْنٰہُ فِیْ بِئْرٍ وَّرَمَیْنَا عَلَیْہِ الْحِجَارَۃَ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ وَرُوِیَ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ فِیْ قَطْعِ السَّارِقِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اقْطَعُوْہُ ثُمَّ احْسِمُوْہُ۔

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک چور کو لایا گیا آپ نے حکم دیا کہ اس کا (دایاں) ہاتھ کاٹ دو چنانچہ ہاتھ کاٹ دیا گیا۔ دوبارہ اس کو پھر لایا گیا آپ نے حکم دیا کہ اس کا (بایاں) پاؤں کاٹ دو چنانچہ پاؤں کاٹ دیا گیا۔ تیسری مرتبہ پھر اس چوری کی علت میں لایا گیا۔ آپ نے حکم دیا اس کا (بایاں) ہاتھ کاٹ دو۔ چنانچہ ہاتھ کاٹ دیا گیا۔ پھر چوتھی مرتبہ اس کو لایا گیا۔ آپ نے فرمایا، اس کا (بایاں) پاؤں کاٹ دو۔ چنانچہ پاؤں کاٹ دیا گیا۔ پانچویں مرتبہ وہ پھر لایا گیا آپ نے حکم دیا اس کو قتل کر دو۔ چنانچہ اس کو لے گئے اور قتل کر دیا۔ پھر ہم اس کی نعش کو کھینچتے ہوئے لائے اور کنویں میں ڈال دیا اور اوپر سے پتھر مارے (ابوداؤد۔ نسائی۔ اور شرح السنۃ میں چور کے ہاتھ کاٹنے کی بابت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ الفاظ منقول ہیں کہ اس کا ہاتھ کاٹو اور گرم تیل سے داغ دے دو۔

چور کا کٹا ہوا ہاتھ اس کی گردن میں لٹکا دینے کا مسئلہ

۳۴۴۲ وَعَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَارِقٍ فَقُطِعَتْ يَدُهُ ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَعُلِّقَتْ فِيْ عُنُقِهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت فضالہ بن عبیدؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک چور کو لایا گیا اور (آپ کے حکم سے) اس کا ہاتھ کاٹا گیا پھر آپ نے فرمایا اس کا کٹا ہوا ہاتھ اس کی گردن میں باندھ دو (تاکہ لوگ اس کو دیکھیں اور عبرت حاصل کریں)۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

جو غلام چوری کرنے لگے اس کو بیچ ڈالو

۳۴۴۳ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَرَقَ الْمَمْلُوْكُ فَبِعْهُ وَلَوْ بِنَشٍّ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر غلام چوری کرے تو اس کو بیچ ڈالو اگرچہ اس کی قیمت بیس درہم ہی ملے۔ (ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

فصل سوم

مجرم کو معاف کر دینے کا حق حاکم کو حاصل نہیں ہے

۳۴۴۴ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَارِقٍ فَقَطَعَ فَقَالُوْا مَا كُنَّا نَرَاكَ تَبْلُغُ بِهٖ هٰذَا قَالَ لَوْ كَانَتْ فَاطِمَةُ لَقَطَعْتُهَا (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک چور لایا گیا آپ نے اس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیدیا۔ صحابہؓ نے عرض کیا ہمارا خیال نہ تھا کہ آپ اس کا ہاتھ کٹوا دیں گے۔ آپ نے فرمایا اگر فاطمہؓ بھی ہوتیں تو میں ان کا ہاتھ کٹوا دیتا۔ (نسائی)

اگر غلام اپنے مالک کی چوری کرے تو اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا

۳۴۴۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى عُمَرَ بِغُلَامٍ لَّهٗ فَقَالَ اقْطَعْ يَدَ هٰذَا فَإِنَّهٗ سَرَقَ مِرْآةً لِامْرَأَتِيْ فَقَالَ عُمَرُ لَا قَطْعَ عَلَيْهِ وَهُوَ خَادِمُكُمْ أَخَذَ مَتَاعَكُمْ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کے پاس ایک شخص اپنا غلام لایا اور کہا اس نے میری بیوی کا آئینہ چرایا ہے آپ اس کا ہاتھ کٹوا دیجئے عمرؓ نے کہا اس کا ہاتھ کاٹنا واجب نہیں یہ تمہارا خادم ہے تمہاری چیز اس نے لی ہے۔ (مالک)

کفن چور کا ہاتھ کاٹا جائے یا نہیں

۳۴۴۶ وَعَنْ أَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا ذَرٍّ قُلْتُ لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ قَالَ كَيْفَ أَنْتَ إِذَا أَصَابَ النَّاسَ مَوْتٌ يَكُوْنُ الْبَيْتُ فِيْهِ بِالْوَصِيْفِ يَعْنِي الْقَبْرَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ أَعْلَمُ قَالَ عَلَيْكَ بِالصَّبْرِ قَالَ حَمَّادُ بْنُ أَبِيْ سُلَيْمَانَ تُقْطَعُ يَدُ النَّبَّاشِ لِأَنَّهٗ دَخَلَ عَلَى الْمَيِّتِ بَيْتَهٗ۔

حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تو اس وقت کیا کرے گا جب کہ لوگوں کو موت (یعنی وبا) پہنچے گی اور گھر (یعنی قبر کی جگہ) کی قیمت ایک غلام کی قیمت کے برابر ہو جائے گی میں نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول خوب جانتے ہیں (اس وقت میرا کیا حال ہوگا؟) آپ نے فرمایا اس وقت تجھ پر صبر لازم ہے اس حدیث کے ایک راوی حماد بن ابی سلیمان کا بیان ہے کہ کفن چور کا ہاتھ کاٹا جائے اس لئے کہ وہ میت کے گھر میں داخل ہوا

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) (اور چوری کی ہے) (ابوداؤد)

بَابُ الشَّفَاعَةِ فِي الْحُدُوْدِ

شرعی سزاؤں میں سفارش کا بیان

فصل اوّل

حدود میں سفارش قبول نہیں کی جا سکتی

۳۴۴۷ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ قُرَيْشًا اَهَمَّهُمْ شَاْنُ الْمَرْاَةِ الْمَخْزُوْمِيَّةِ الَّتِيْ سَرَقَتْ فَقَالُوْا مَنْ يُّكَلِّمُ فِيْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا وَمَنْ يَّجْتَرِيْ عَلَيْهِ اِلَّا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ حِبُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَهٗ اُسَامَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَشْفَعُ فِيْ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ ثُمَّ قَامَ فَاخْتَطَبَ ثُمَّ قَالَ اِنَّمَا اَهْلَكَ الَّذِيْنَ قَبْلَكُمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا اِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الشَّرِيْفُ تَرَكُوْهُ وَاِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الضَّعِيْفُ اَقَامُوْا عَلَيْهِ الْحَدَّ وَاَيْمُ اللّٰهِ لَوْ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَتْ كَانَتِ امْرَاَةٌ مَّخْزُوْمِيَّةٌ تَسْتَعِيْرُ الْمَتَاعَ وَتَجْحَدُهٗ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَطْعِ يَدِهَا فَاَتٰى اَهْلُهَا اُسَامَةَ فَكَلَّمُوْهُ فَكَلَّمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِ مَا تَقَدَّمَ۔

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ قریش ایک مخزومی عورت کے معاملہ میں بہت فکرمند تھے جس نے چوری کی تھی (اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دے دیا) قریش نے کہا کون اس کی بابت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے بات چیت کرے۔ بعض لوگوں نے کہا اسامہ بن زید رضؓ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو بہت محبوب ہیں اگر کچھ کہہ سکتے ہیں تو وہی کہہ سکتے ہیں۔ چنانچہ حضرت اسامہ رضؓ نے آپ سے اس کا ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا تو خدا کی حدود میں سفارش کرتا ہے یہ کہہ کر آپ کھڑے ہو گئے اور لوگوں کے سامنے خطبہ دیا پھر فرمایا تم سے پہلی امتیں اس لئے ہلاک ہوئی ہیں کہ ان میں سے جب کوئی شریف آدمی چوری کرتا تھا تو اس کو چھوڑ دیتے تھے اور کمزور آدمی چوری کرتا تھا تو اس کو سزا دیتے تھے قسم ہے خدا کی اگر فاطمہ رضؓ محمد صلعم کی بیٹی چوری کرے تو میں اس کا ہاتھ کاٹ ڈالوں گا۔ (بخاری) اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضرت عائشہ رضؓ نے بیان کیا ہے کہ ایک مخزومی عورت عاریتاً کسی سے کوئی چیز لیتی اور پھر انکار کر دیتی تھی۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ کاٹ ڈالنے کا حکم دیدیا۔ عورت کے اعزا اسامہ رضؓ کے پاس آئے اور اسامہ رضؓ سے اس کی بابت گفتگو کی۔ اسامہ رضؓ نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا اس کے بعد وہی حدیث ہے جو مذکور ہوئی۔

فصل دوم

اس باب میں فصل دوم نہیں ہے۔

فصل سوم

حد میں سفارش کرنیوالا گویا خدا کے حکم کی مخالفت کرنیوالا ہے

۳۴۴۸/۲ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ حَالَتْ شَفَاعَتُهٗ دُوْنَ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ فَقَدْ ضَادَّ اللّٰهَ وَمَنْ خَاصَمَ فِيْ بَاطِلٍ وَّهُوَ يَعْلَمُهٗ لَمْ يَزَلْ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْزِعَ وَمَنْ قَالَ فِيْ مُؤْمِنٍ مَّا لَيْسَ فِيْهِ اَسْكَنَهُ اللّٰهُ رَدْغَةَ الْخَبَالِ حَتّٰى يَخْرُجَ مِمَّا قَالَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَفِيْ رِوَايَةِ الْبَيْهَقِيِّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مَنْ اَعَانَ عَلٰى خُصُوْمَةٍ لَّا يَدْرِيْ اَحَقٌّ اَمْ بَاطِلٌ فَهُوَ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْزِعَ۔

کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے جو شخص خدا کی حدود میں سفارش کر کے حائل ہو (یعنی خدا کی حدود کے نفاذ میں اپنی سفارش سے حائل ہو) اس نے خداوند تعالیٰ سے ضد کی اور جو شخص کسی ناحق یا جھوٹی بات میں جھگڑا کرے اور وہ اس کے ناحق ہونے سے واقف ہو وہ ہمیشہ خدا کے غضب میں رہتا ہے جب تک کہ اس سے باز نہ آئے اور جو شخص کسی مسلمان کی نسبت ایسی بات کہے جو اس میں نہیں پائی جاتی وہ اس وقت تک دوزخیوں کی پیپ اور کیچڑ اور خون میں رہے گا جب تک کہ اس سے توبہ نہ کرے۔ (احمد۔ ابوداؤد اور بیہقی نے شعب الایمان میں لکھا ہے کہ جو شخص کسی ایسے جھگڑے میں مدد کرے جس کے حق و ناحق ہونے کا اس کو علم نہیں ہے وہ اس دم تک غضب الٰہی میں رہے گا جب تک کہ اس سے باز نہ آئے۔)

اقرار جرم پر چوری کی سزا

۳۴۴۹ وَعَنْ اَبِيْ اُمَيَّةَ الْمَخْزُوْمِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِلِصٍّ قَدِ اعْتَرَفَ اعْتِرَافًا وَلَمْ يُوْجَدْ مَعَهٗ مَتَاعٌ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اِخَالُكَ سَرَقْتَ قَالَ بَلٰى فَاَعَادَ عَلَيْهِ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلٰثًا كُلُّ ذٰلِكَ يَعْتَرِفُ فَاَمَرَ بِهٖ فَقُطِعَ وَجِيْءَ بِهٖ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَغْفِرِ اللّٰهَ وَتُبْ اِلَيْهِ فَقَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْهِ ثَلٰثًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ) هٰكَذَا وَجَدْتُ فِي الْاُصُوْلِ الْاَرْبَعَةِ وَجَامِعِ الْاُصُوْلِ وَشُعَبِ الْاِيْمَانِ وَمَعَالِمِ السُّنَنِ عَنْ اَبِيْ اُمَيَّةَ وَفِيْ نُسْخَةِ الْمَصَابِيْحِ عَنْ اَبِيْ رِمْثَةَ بِالرَّاءِ وَالثَّاءِ الْمُثَلَّثَةِ بَدَلَ الْهَمْزَةِ وَالْيَاءِ۔

حضرت ابو امیہ مخزومی رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک چور لایا گیا جس نے صاف الفاظ میں چوری کا اعتراف کیا لیکن اس کے پاس سے چوری کا مال نہیں نکلا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرا خیال ہے تو نے چوری نہیں کی۔ اس نے کہا۔ ہاں (میں نے چوری کی ہے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بار یا تین بار اسی طرح کہا اور اس نے ہر دفع چوری کا اقرار کیا آخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا ہاتھ کاٹنے کے بعد اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا آپ نے اس سے فرمایا خدا سے بخشش طلب کر اور توبہ کر۔ اس نے کہا میں اللہ سے بخشش چاہتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ سنکر) تین بار فرمایا۔ اے اللہ! تو اس کی توبہ کو قبول فرما۔ (ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

اسی طرح پایا میں نے اصول اربعہ جامع الاصول شعب الایمان معالم السنن میں ابی امیہ کے حوالے سے اور نسخ مصابیح میں ابی رمثہ کے حوالے سے (رمثہ) ساتھ رے کے اور ثاء مثلثہ کے اور ہمزہ اور ی کے بدلے۔

بَابُ حَدِّ الْخَمْرِ
شراب پینے کی سزا کا بیان

فصل اوّل

آنحضرتؐ کے زمانے میں شراب نوشی کی سزا

۳۴۵۰ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ فِی الْخَمْرِ بِالْجَرِیْدِ وَالنِّعَالِ وَجَلَدَ اَبُوْبَکْرٍ اَرْبَعِیْنَ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ) وَفِیْ رِوَایَۃٍ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَضْرِبُ فِی الْخَمْرِ بِالنِّعَالِ وَالْجَرِیْدِ اَرْبَعِیْنَ۔

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب پینے کی سزا میں کھجور کی ٹہنی اور جوتوں کے مارنے کا حکم دیا اور ابوبکرؓ نے (اپنی خلافت میں) چالیس درّے لگوائے (بخاری و مسلم) اور انسؓ کی ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم شراب پینے کی سزا میں چالیس ٹہنیاں کھجور کی یا چالیس جوتے لگواتے تھے۔

اسّی کوڑے کی سزا عہد صحابہ میں متعین ہوئی تھی

۳۴۵۱ وَعَنْ سَائِبِ بْنِ یَزِیْدَ قَالَ کَانَ یُؤْتٰی بِالشَّارِبِ عَلٰی عَھْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاِمْرَۃِ اَبِیْ بَکْرٍ وَصَدْرًا مِّنْ خِلَافَۃِ عُمَرَ فَنَقُوْمُ عَلَیْہِ بِاَیْدِیْنَا وَنِعَالِنَا وَاَرْدِیَتِنَا حَتّٰی کَانَ اٰخِرُ اِمْرَۃِ عُمَرَ فَجَلَدَ اَرْبَعِیْنَ حَتّٰی اِذَا عَتَوْا وَفَسَقُوْ جَلَدَ ثَمَانِیْنَ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت سائبؓ بن یزید کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں، ابوبکرؓ کے خلافت کے ایام میں اور حضرت عمرؓ کی خلافت کے شروع میں جب کوئی شراب پینے والا پایا جاتا تو ہم اس کو اپنے ہاتھوں اور جوتوں سے مارتے اور چادروں کے کوڑے بنا کر مارتے تھے پھر جب حضرت عمرؓ کی خلافت کا آخری دور ہوا تو چالیس کوڑوں کی سزا مقرر کی گئی اور جب شراب پینے والوں کی تعداد بڑھ گئی تو سزا اس کی اسّی کوڑے مقرر ہوئی۔ (بخاری)

فصل دوم

شرابی کو قتل کر دینے کا حکم منسوخ ہے

۳۴۵۲ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنْ مَّنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوْہُ فَاِنْ عَادَ فِی الرَّابِعَۃِ فَاقْتُلُوْہُ قَالَ ثُمَّ اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِکَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ فِی الرَّابِعَۃِ فَضَرَبَہٗ وَلَمْ یَقْتُلْہُ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَرَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ عَنْ قَبِیْصَۃَ بْنِ ذُؤَیْبٍ وَفِیْ اُخْرٰی لَھُمَا وَلِلنَّسَائِیِّ وَابْنِ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیِّ عَنْ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْھُمُ ابْنُ عُمَرَ وَمُعَاوِیَۃُ وَاَبُوْھُرَیْرَۃَ وَ

حضرت جابرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص شراب پیئے اس کو درّے لگاؤ اور جو شخص چوتھی مرتبہ شراب پیتا ہوا پایا جائے اس کو قتل کر دو۔ راوی کا بیان ہے کہ اس کے بعد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص کو لایا گیا جس نے چوتھی مرتبہ شراب پی تھی، آپؐ نے اس کو پٹوایا اور قتل نہ کیا۔ (ترمذی)

اور روایت کیا اس کو ابوداؤد نے قبیصہ بن ذویب سے (ترمذی و ابوداؤد و نسائی۔ ابن ماجہ کا قول ہے کہ صحابہؓ کی ایک جماعت نے جن میں ابن عمرؓ، معاویہؓ، ابی ہریرہؓ اور شریدؓ قابلِ ذکر

الشَّرِيْدُ اِلٰى قَوْلِهٖ فَاقْتُلُوْهُ۔ ہیں، فَاقْتُلُوْهُ تک روایت کی ہے۔

شرابی کی تحقیر؟

۳۴۵۳ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَزْهَرِ قَالَ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَقَالَ لِلنَّاسِ اضْرِبُوْهُ فَمِنْهُمْ مَنْ ضَرَبَهٗ بِالنِّعَالِ وَمِنْهُمْ مَنْ ضَرَبَهٗ بِالْعَصَا وَمِنْهُمْ مَنْ ضَرَبَهٗ بِالْمِتِيْخَةِ قَالَ ابْنُ وَهْبٍ يَعْنِي الْجَرِيْدَةَ الرَّطْبَةَ ثُمَّ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُرَابًا مِّنَ الْاَرْضِ فَرَمٰى بِهٖ فِيْ وَجْهِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر رضؓ کہتے ہیں کہ میں اس منظر کو اب بھی اپنی نگاہوں کے سامنے پاتا ہوں جو میں نے ایک مرتبہ دیکھا تھا۔ یعنی یہ کہ ایک شخص کو جس نے شراب پی تھی۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا۔ آپؐ نے ان لوگوں سے فرمایا اس کو مارو۔ بعض نے ہم میں سے اس کو جوتیوں سے مارا بعض نے لاٹھی سے مارا اور بعض نے کھجور کی شاخوں سے۔ پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے زمین سے مٹی اٹھائی اور اس کے منہ پر ڈال دی۔ (ابوداؤد)

شرابی کو سزا دو، اس کو عار دلاؤ لیکن اس کے حق میں بددعا نہ کرو

۳۴۵۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَقَالَ اضْرِبُوْهُ فَمِنَّا الضَّارِبُ بِيَدِهٖ وَالضَّارِبُ بِثَوْبِهٖ وَالضَّارِبُ بِنَعْلِهٖ ثُمَّ قَالَ بَكِّتُوْهُ فَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِ يَقُوْلُوْنَ مَا اتَّقَيْتَ اللّٰهَ مَا خَشِيْتَ اللّٰهَ وَمَا اسْتَحْيَيْتَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ اَخْزَاكَ اللّٰهُ قَالَ لَا تَقُوْلُوْا هٰكَذَا لَا تُعِيْنُوْا عَلَيْهِ الشَّيْطٰنَ وَلٰكِنْ قُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص کو لایا گیا جس نے شراب پی تھی۔ آپؐ نے حکم دیا کہ اس کو مارو۔ چنانچہ ہم میں سے بعض نے اس کو ہاتھوں سے مارا بعض نے کپڑوں کا کوڑا بنا کر اس سے مارا اور بعض نے جوتیاں ماریں پھر آپؐ نے فرمایا اس کو تنبیہ کرو اور عار دلاؤ۔ چنانچہ لوگوں نے اس کی طرف متوجہ ہو کر کہا تو خدا سے نہیں ڈرا خدا کے عذاب کو خیال میں نہیں لایا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے بھی نہیں شرمایا بعض لوگوں نے یہ بھی کہا خدا تجھ کو ذلیل و رسوا کرے۔ آپؐ نے یہ الفاظ سنکر) فرمایا اس طرح نہ کہو اور شیطان کو اس پر مدد نہ دو بلکہ اس طرح کہو، اے اللہ اس کو بخش دے، اے اللہ! اس پر رحم کر۔ (ابوداؤد)

ثبوت جرم کے بغیر سزا نہیں

۳۴۵۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ شَرِبَ رَجُلٌ فَسَكِرَ فَلَقِيَ يَمِيْلُ فِي الْفَجِّ فَانْطَلَقَ بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا حَاذٰى دَارَ الْعَبَّاسِ انْفَلَتَ فَدَخَلَ عَلَى الْعَبَّاسِ فَالْتَزَمَهٗ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ وَقَالَ اَفَعَلَهَا وَلَمْ يَاْمُرْ فِيْهِ بِشَيْءٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے شراب پی اور بیہوش ہو گیا اور لوگوں نے راستہ میں اس کو اس حال میں دیکھا کہ جھومتا چلا جاتا ہے لوگ اس کو پکڑ لائے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لے چلے۔ جب حضرت عباس رضؓ کے گھر کے پاس پہنچے تو وہ لوگوں کے ہاتھ سے چھوٹ گیا اور حضرت عباس رضؓ سے چمٹ گیا (یعنی ان سے سفارش چاہی) جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو آپؐ ہنس پڑے اور فرمایا کیا اس نے ایسا کیا اور اس کی بابت کوئی حکم نہیں دیا۔

فصل سوم

جو شخص سزاً کوڑے کھاتا ہوئے مرجائے اس کی دیت واجب نہیں

۳۴۵۶ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدِ النَّخَعِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ يَقُوْلُ مَا كُنْتُ لِاُقِيْمَ عَلٰى اَحَدٍ حَدًّا فَيَمُوْتَ فَاَجِدُ فِيْ نَفْسِيْ مِنْهُ شَيْئًا اِلَّا صَاحِبَ الْخَمْرِ فَاِنَّهٗ لَوْ مَاتَ وَدَيْتُهٗ وَذٰلِكَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسُنَّهٗ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عمیر بن سعید نخعی رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضؓ سے یہ سُنا ہے کہ جب میں کسی شخص پر کوئی شرعی حد قائم کروں اور وہ اس سزا میں مَرجائے، تو مجھ پر اس کا کوئی اثر نہ ہوگا البتہ شراب پینے والے کی سزا میں اگر وہ مَرجائے تو اس کا خون بہا میں دوں گا اور یہ اس وجہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے شراب پینے والے کی کوئی سزا مقرر نہیں کی ہے۔ (بخاری و مسلم)

حضرت عمرؓ کی طرف سے شراب نوشی کی سزا کا تعین

۳۴۵۷ وَعَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدِ الدِّيْلِيِّ قَالَ اِنَّ عُمَرَ اسْتَشَارَ فِيْ حَدِّ الْخَمْرِ فَقَالَ لَهٗ عَلِيٌّ اَرٰى اَنْ تَجْلِدَهٗ ثَمَانِيْنَ جَلْدَةً فَاِنَّهٗ اِذَا شَرِبَ سَكِرَ وَاِذَا سَكِرَ هَذٰى وَاِذَا هَذٰى افْتَرٰى فَجَلَدَ عُمَرُ فِيْ حَدِّ الْخَمْرِ ثَمَانِيْنَ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

ثور بن زید دیلمی رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضؓ نے شراب کی سزا مقرر کرنے کی بابت صحابہ رضؓ سے مشورہ کیا۔ حضرت علی رضؓ نے کہا میری رائے میں اَسّی کوڑے ہونے چاہئیں اِس لئے کہ جب آدمی شراب پیتا ہے تو مست ہوجاتا ہے اور جب مست ہوتا ہے تو بیہودہ بکتا ہے، بہتان لگاتا ہے۔ حضرت عمر رضؓ نے اِس مشورہ کو قبول فرما لیا اور شراب پینے کی سزا اَسّی کوڑے مقرر کردی۔ (مالک)

بَابُ مَا لَا يُدْعٰى عَلَى الْمَحْدُوْدِ

جِس کو شرعی سزا دی جائے اُس کے حق میں بَددُعا نہ کرنے کا بیان

فصل اوّل

کسی گنہگار پر لعنت بھیجنا ناجائز ہے

۳۴۵۸ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّ رَجُلًا اِسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ يُلَقَّبُ حِمَارًا كَانَ يُضْحِكُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَلَدَهٗ فِي الشَّرَابِ فَاُتِيَ بِهٖ يَوْمًا فَاَمَرَ بِهٖ فَجُلِدَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ اَللّٰهُمَّ الْعَنْهُ مَا اَكْثَرَ مَا يُؤْتٰى بِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلْعَنُوْهُ فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ اَنَّهٗ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔

حضرت عمر بن خطاب رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص جس کا نام عبداللہ اور لقب حمار (گدھا) تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنی باتوں سے ہنسایا کرتا تھا۔ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس پر شراب پینے کی علت میں (ایک مرتبہ حد بھی قائم کی تھی۔ پھر وہ ایک روز (اور غالباً شراب ہی پینے کی عِلّت میں) لایا گیا اور رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دُرّے لگانے کا حکم دیا۔ ایک شخص نے کہا اے اللہ! اس پر لعنت کر بار بار اس کو شراب پینے کی عِلّت میں لایا جاتا ہے۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ سنکر فرمایا اس پر لعنت نہ کرو قسم ہے خدا کی میں واقف

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

ہوں کہ یہ شخص اللہ اور اس کے رسول کو دوست رکھتا ہے۔ (بخاری)

۳۴۵۹/۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ فَقَالَ اضْرِبُوْهُ فَمِنَّا الضَّارِبُ بِیَدِهٖ وَالضَّارِبُ بِنَعْلِهٖ وَالضَّارِبُ بِثَوْبِهٖ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ اَخْزَاكَ اللّٰهُ قَالَ لَا تَقُوْلُوْا هٰكَذَا لَا تُعِیْنُوْا عَلَیْهِ الشَّیْطٰنَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص کو لایا گیا جس نے شراب پی تھی آپ نے فرمایا اس کو مارو ہم میں سے بعض نے اس کو ہاتھوں سے مارا بعض نے جوتوں سے مارا۔ اور بعض نے کپڑے کو بٹ کر مارا پھر جب وہ شخص واپس ہوا تو بعض لوگوں نے کہا خدا تجھ کو ذلیل و رسوا کرے (آپ نے فرمایا ایسا نہ کہو، شیطان کو اس پر غالب نہ کرو۔ (بخاری)

فصل دوم

جو مجرم سزا پا چکا ہے اس کی آبروریزی مردار کھانے کے مترادف ہے

۳۴۶۰/۳ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ جَاءَ الْاَسْلَمِیُّ اِلٰی نَبِیِّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَشَهِدَ عَلٰی نَفْسِهٖ اَنَّهٗ اَصَابَ امْرَاَةً حَرَامًا اَرْبَعَ مَرَّاتٍ كُلُّ ذٰلِكَ یُعْرِضُ عَنْهُ فَاَقْبَلَ فِی الْخَامِسَةِ فَقَالَ اَنِكْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ حَتّٰی غَابَ ذٰلِكَ مِنْكَ فِیْ ذٰلِكَ مِنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ كَمَا یَغِیْبُ الْمِرْوَدُ فِی الْمُكْحُلَةِ وَالرِّشَاءُ فِی الْبِئْرِ قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ تَدْرِیْ مَا الزِّنَا قَالَ نَعَمْ اَتَیْتُ مِنْهَا حَرَامًا مَا یَاْتِی الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِهٖ حَلَالًا قَالَ فَمَا تُرِیْدُ بِهٰذَا الْقَوْلِ قَالَ اُرِیْدُ اَنْ تُطَهِّرَنِیْ فَاَمَرَ بِهٖ فَرُجِمَ فَسَمِعَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَیْنِ مِنْ اَصْحَابِهٖ یَقُوْلُ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ اُنْظُرْ اِلٰی هٰذَا الَّذِیْ سَتَرَ اللّٰهُ عَلَیْهِ فَلَمْ تَدَعْهُ نَفْسُهٗ حَتّٰی رُجِمَ رَجْمَ الْكَلْبِ فَسَكَتَ عَنْهُمَا ثُمَّ سَارَ سَاعَةً حَتّٰی مَرَّ بِجِیْفَةِ حِمَارٍ شَائِلٍ بِرِجْلِهٖ فَقَالَ اَیْنَ فُلَانٌ وَفُلَانٌ فَقَالَا نَحْنُ ذَا ذَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ انْزِلَا فَكُلَا مِنْ جِیْفَةِ هٰذَا الْحِمَارِ فَقَالَا یَا نَبِیَّ اللّٰهِ مَنْ یَّاْكُلُ مِنْ هٰذَا قَالَ فَمَا نِلْتُمَا مِنْ عِرْضِ اَخِیْكُمَا اٰنِفًا اَشَدُّ مِنْ اَكْلٍ مِّنْهُ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ اِنَّهٗ الْاٰنَ لَفِیْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ یَنْغَمِسُ فِیْهَا۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ ماعز اسلمیؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس امر کا اقرار کیا کہ اس نے ایک عورت سے حرام کیا ہے چار مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اعراض کیا یعنی منہ پھیر لیا تاکہ وہ خاموش ہو کر چلا جائے لیکن جب اس نے پانچویں مرتبہ اعتراف کیا تو آپ نے پوچھا کیا صحبت کی ہے تو نے اس عورت سے؟ اس نے کہا ہاں۔ پھر آپ نے پوچھا تو نے صحبت کی اس طرح کہ وہ غائب ہوا (یعنی تیرا عضو مخصوص) اس کی اس میں (یعنی اندام نہانی میں) عرض کیا ہاں۔ پھر آپ نے پوچھا کیا تیرا عضو مخصوص اس کے اندام نہانی میں اس طرح غائب ہوا جس طرح سلائی سرمہ دانی میں غائب ہو جاتی ہے اور رسی کنویں کے اندر چلی جاتی ہے؟ اس نے عرض کیا ہاں آپ نے پوچھا تو جانتا ہے زنا کس کو کہتے ہیں؟ عرض کیا ہاں میں اس عورت سے اس طرح حرام کا مرتکب ہوا جس طرح کوئی شخص اپنی بیوی سے حلال طریقہ پر صحبت کرتا ہے۔ آپ نے فرمایا اس قول سے تیرا کیا مقصد ہے عرض کیا میں چاہتا ہوں آپ مجھ کو (اس گناہ سے) پاک کر دیجئے چنانچہ آپ نے اس کو سنگسار کر دینے کا حکم دیدیا اور اس کو سنگسار کر دیا گیا۔ اس کے بعد آپ نے اپنے صحابہؓ میں سے دو شخصوں کو یہ گفتگو کرتے سنا۔ ایک نے ان میں سے کہا اس شخص کی طرف دیکھو۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی پردہ پوشی کی تھی لیکن اس نے اپنے نفس کی خواہش کو نہ چھوڑا یہاں تک کہ سنگسار کیا گیا، کتے کی مانند سنگسار کیا جانا۔ آپ یہ سنکر خاموش ہو رہے اور تھوڑی دیر گزری تھی کہ آپ ایک مرے ہوئے گدھے کے قریب سے گزرے جس کا پیٹ پھول گیا تھا اور ایک پاؤں اوپر اٹھا ہوا تھا۔ آپ نے اس کو دیکھ کر فرمایا۔ فلاں فلاں شخص

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ) کہاں ہیں؟ انھوں نے عرض کیا ہم حاضر ہیں یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا آؤ اور اس مُردار گدھے کا گوشت کھاؤ۔ انھوں نے عرض کیا خدا کے نبیؐ اس کا گوشت کون کھا سکتا ہے آپ نے فرمایا تم نے ابھی ابھی اپنے بھائی کی جو آبرو ریزی کی ہے وہ اس گدھے کا گوشت کھانے سے زیادہ بُری ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اِس وقت وہ جنت کی نہروں میں غوطہ لگاتا ہوگا۔ (ابوداؤد)

۳۴۶۱ وَعَنْ خُزَیْمَۃَ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَصَابَ ذَنْبًا اُقِیْمَ عَلَیْہِ حَدُّ ذٰلِکَ الذَّنْبِ فَھُوَ کَفَّارَتُہٗ۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت خزیمہ بن ثابت رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے کوئی گناہ کیا اور اس کو اس کی سزا دی گئی۔ تو وہ سزا اس کے گناہوں کا کفّارہ ہے۔ (شرح السنّۃ)

جس گناہ پر حد جاری ہو چکی ہے اس پر آخرت میں مواخذہ نہیں ہوگا۔

۳۴۶۲ وَعَنْ عَلِیٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَصَابَ حَدًّا فَعُجِّلَ عُقُوْبَتُہٗ فِی الدُّنْیَا فَاللّٰہُ اَعْدَلُ مِنْ اَنْ یُّثَنِّیَ عَلٰی عَبْدِہِ الْعُقُوْبَۃَ فِی الْاٰخِرَۃِ وَمَنْ اَصَابَ حَدًّا فَسَتَرَہُ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَفَا عَنْہُ فَاللّٰہُ اَکْرَمُ مِنْ اَنْ یَّعُوْدَ فِیْ شَیْءٍ قَدْ عَفَا عَنْہُ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کوئی ایسا گناہ کرے جس کی سزا مقرر ہے اور دنیا میں اس کو اس کی سزا جلد مل گئی تو اس کو آخرت میں سزا نہیں دی جائے گی اس لئے کہ خداوند تعالےٰ انصاف پسند ہے دوبارہ اس کو سزا نہیں دے گا اور جس شخص نے کوئی گناہ کیا اور خدا نے اس کے گناہ کو چھپا لیا اور معاف فرما دیا تو خداوند تعالےٰ زیادہ بخشش والا ہے آخرت میں بھی اس کو سزا نہ دے گا اور معاف کر دے گا۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ۔ یہ حدیث غریب ہے)۔

بَابُ التَّعْزِیْرِ

تعزیر و تنبیہ کا بیان

فصل اوّل

بطور تعزیر زیادہ سے زیادہ کتنی سزا دی جا سکتی ہے

۳۴۶۳ عَنْ اَبِیْ بُرْدَۃَ بْنِ نِیَارٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یُجْلَدُ فَوْقَ عَشْرِ جَلَدَاتٍ اِلَّا فِیْ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰہِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوبردہ رضؓ بن نیار کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دس کوڑوں سے زیادہ (کسی گناہ کی تعزیر و تنبیہ میں) نہ مارو مگر خداوند تعالےٰ نے جرائم کی جو حدود مقرر کی ہیں، ان میں زیادہ کوڑے مارے جا سکتے ہیں۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

مجرم کے منہ پر نہ مارو

۳۴۶۴ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا ضَرَبَ اَحَدُکُمْ فَلْیَتَّقِ الْوَجْہَ۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ نے کہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے جو شخص کسی کو (تنبیہ و تعزیر کے طور پر) مارے تو منہ کو

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) بچائے (یعنی منہ پر نہ مارے)۔ (ابوداؤد)

بدزبانی کی سزا

۳۴۶۵/۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ يَا يَهُوْدِيُّ فَاضْرِبُوْهُ عِشْرِيْنَ وَاِذَا قَالَ يَا مُخَنَّثُ فَاضْرِبُوْهُ عِشْرِيْنَ وَمَنْ وَقَعَ عَلٰى ذَاتِ مَحْرَمٍ فَاقْتُلُوْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کوئی شخص کسی (مسلمان) آدمی کو یہودی کہے تو اُس کے بیس دُرّے لگائے اور مخنّث کہے تب بھی بیس کوڑے لگاؤ۔ اور جو شخص محرم عورت سے زنا کرے اس کو مار ڈالو۔

(ترمذی۔ اور انھوں نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

مال غنیمت میں خیانت کرنے والے کی سزا

۳۴۶۶/۴ وَعَنْ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَجَدْتُمُ الرَّجُلَ قَدْ غَلَّ فِيْ سَبِيْلِ فَاَحْرِقُوْا مَتَاعَهٗ وَاضْرِبُوْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تم کسی کو پاؤ کہ اس نے خدا کی راہ میں (مالِ غنیمت میں) خیانت کی ہے تو اس کے سارے سامان کو جلا دو اور اس کو مارو۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ یہ حدیث غریب ہے)

بَابُ بَيَانِ الْخَمْرِ وَوَعِيْدِ شَارِبِهَا

شراب پینے کی وعید اور شراب کی حقیقت کا بیان

فصل اوّل

شراب کن چیزوں سے بنتی ہے

۳۴۶۷/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَمْرُ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ النَّخْلَةِ وَالْعِنَبَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے شراب ان دو درختوں سے بنتی ہے یعنی کھجور اور انگور سے۔ (مسلم)

۳۴۶۸/۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ خَطَبَ عُمَرُ عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّهٗ قَدْ نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ وَهِيَ مِنْ خَمْسَةٍ اَشْيَاءَ الْعِنَبِ وَالتَّمْرِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ وَالْعَسَلِ وَالْخَمْرُ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر خطبہ دیا اور فرمایا شراب کے حرام ہونے کا حکم نازل ہو چکا ہے اور شراب پانچ چیزوں سے بنتی ہے یعنی انگور، کھجور، گیہوں، جَو اور شہد سے۔ اور شراب وہ چیز ہے جو عقل پر پردہ ڈال دے۔ (بخاری)

پہلے شراب زیادہ تر کھجور سے بنتی تھی

۳۴۶۹/۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ لَقَدْ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ حِيْنَ حُرِّمَتْ وَمَا نَجِدُ خَمْرَ الْاَعْنَابِ اِلَّا قَلِيْلًا

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ شراب حرام کی گئی ہے جس وقت کہ حرام کی گئی۔ اور انگور کی شراب ہم کو بہت کم ملتی تھی۔ ہماری

وَعَامَّةُ خَمْرِنَا الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) شراب اکثر خشک اور تر کھجور کی ہوتی تھی۔ (بخاری)

نشہ آور مشروب حرام ہے

۳۴۷۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِتْعِ وَهُوَ نَبِيْذُ الْعَسَلِ فَقَالَ كُلُّ شَرَابٍ اَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے شہد کی نبیذ کا حکم دریافت کیا گیا۔ آپ نے فرمایا پینے کی ہر وہ چیز جو نشہ کرے حرام ہے۔ (بخاری و مسلم)

جو شخص اس دنیا میں شراب پیئے گا وہ شراب آخرت سے محروم رہے گا

۳۴۷۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَمَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِي الدُّنْيَا فَمَاتَ وَهُوَ يُدْمِنُهَا لَمْ يَتُبْ لَمْ يَشْرَبْهَا فِي الْاٰخِرَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو چیز نشہ لائے شراب ہے اور ہر نشہ کرنے والی چیز حرام ہے اور جو شخص دنیا میں شراب پیئے اور ہمیشہ پیتا رہے یہاں تک کہ بغیر توبہ کئے مر جائے آخرت میں اس کو شراب پینے کو نہ ملے گی۔ (مسلم)

شرابی کے بارے میں وعید

۳۴۷۲ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلًا قَدِمَ مِنَ الْيَمَنِ فَسَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَرَابٍ يَشْرَبُوْنَهُ بِاَرْضِهِمْ مِنَ الذُّرَةِ يُقَالُ لَهُ الْمِزْرُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَمُسْكِرٌ هُوَ قَالَ نَعَمْ قَالَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ اِنَّ عَلَى اللّٰهِ عَهْدًا لِمَنْ يَشْرَبُ الْمُسْكِرَ اَنْ يَسْقِيَهُ مِنْ طِيْنَةِ الْخَبَالِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا طِيْنَةُ الْخَبَالِ قَالَ عَرَقُ اَهْلِ النَّارِ اَوْ عُصَارَةُ اَهْلِ النَّارِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص یمن سے آیا اور اس نے شراب جوار کا حکم دریافت کیا جو اس کے ملک میں پی جاتی تھی یہ شراب جوار کی بنتی تھی اور اس کو مزر کہا جاتا تھا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا۔ کیا وہ نشہ لاتی ہے اس نے عرض کیا ہاں۔ آپ نے فرمایا ہر وہ چیز جو نشہ لائے حرام ہے اور خداوند تعالیٰ کا عہد ہے کہ جو شخص نشہ کی چیز پیئے گا وہ اس کو طینۃ الخبال پلائے گا۔ صحابہ رضؓ نے پوچھا یا رسول اللہ صلعم! طینۃ الخبال کیا ہے؟ فرمایا دوزخیوں کا پسینہ یا دوزخیوں کی پیپ و لہو۔ (مسلم)

نبیذ کے بارے میں ایک حکم

۳۴۷۳ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ خَلِيْطِ التَّمْرِ وَالْبُسْرِ وَعَنْ خَلِيْطِ الزَّبِيْبِ وَالتَّمْرِ وَعَنْ خَلِيْطِ الزَّهْوِ وَالرُّطَبِ وَقَالَ انْتَبِذُوْا كُلَّ وَاحِدٍ عَلَى حِدَةٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو قتادہ رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کچی اور خشک کھجور کو ملا کر نبیذ بنانے سے اور منع فرمایا ہے خشک انگور اور خشک کھجور کو ملا کر نبیذ بنانے سے اور منع فرمایا ہے کچی اور تر کھجور کو ملا کر نبیذ بنانے سے اور فرمایا ہے کہ ان میں سے ہر ایک کی نبیذ علیحدہ علیحدہ بناؤ۔ (مسلم)

شراب کا سرکہ بنا کر اس کو کھانے پینے کے کام میں لانا جائز ہے

۳۴۷۴ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْخَمْرِ تُتَّخَذُ خَلًّا فَقَالَ لَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ اگر شراب کا سرکہ بنایا جائے تو جائز ہے؟ آپ نے فرمایا نہیں (مسلم)

شراب کو دوا کے طور پر بھی استعمال کرنا جائز نہیں ہے

۳۴۷۵/۹ وَعَنْ وَائِلِ الْحَضْرَمِيِّ اَنَّ طَارِقَ بْنَ سُوَيْدٍ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَمْرِ فَنَهَاهُ فَقَالَ اِنَّمَا اَصْنَعُهَا لِلدَّوَاءِ فَقَالَ اِنَّهُ لَيْسَ بِدَوَاءٍ وَلٰكِنَّهُ دَاءٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت وائل حضرمی رضؓ کہتے ہیں کہ طارق بن سوید رضؓ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے شراب کی بابت پوچھا۔ آپ نے اس کے پینے سے منع فرمایا۔ طارق نے کہا ہم اس کو دوا کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا وہ دوا نہیں بیماری ہے۔ (مسلم)

فصل دوم

شراب نوشی کا وبال

۳۴۷۶/۱۰ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهٗ صَلٰوةَ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاِنْ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاِنْ عَادَ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهٗ صَلٰوةَ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاِنْ عَادَ فِي الرَّابِعَةِ فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاِنْ عَادَ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهٗ صَلٰوةَ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ لَمْ يَتُبِ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَقَاهُ مِنْ نَهْرِ الْخَبَالِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو)

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص (ایک مرتبہ) شراب پیئے (اور توبہ نہ کرے) اللہ تعالیٰ چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں کرتا اور جو توبہ کرلے خدا اس کی توبہ قبول کرلیتا ہے پھر اگر وہ دوبارہ شراب پیتا ہے تو چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں ہوتی۔ اور توبہ کرتا ہے تو اس کی توبہ قبول کرلی جاتی ہے۔ پھر تیسری مرتبہ پیتا ہے تو چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں کی جاتی اور توبہ کرلیتا ہے تو توبہ قبول کی جاتی ہے پھر چوتھی مرتبہ پیتا ہے تو چالیس روز تک اس کی نماز قبول نہیں ہوتی اور توبہ کرتا ہے تو توبہ قبول نہیں کی جاتی اور دوزخ میں اس کو پیپ اور لہو کی نہر سے پلایا جائے گا۔ (ترمذی اور نسائی۔ ابن ماجہ اور دارمی نے یہ حدیث عبداللہ بن عمرو رضؓ سے روایت کی ہے۔)

نشہ آور چیز کی قلیل مقدار بھی حرام ہے۔

۳۴۷۷/۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهُ فَقَلِيْلُهُ حَرَامٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ۔)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو چیز زیادہ تعداد میں استعمال کرنے سے نشہ لائے اس کا تھوڑی تعداد میں استعمال کرنا بھی حرام ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

مسکر چیز کا ایک چلّو بھی حرام ہے

۳۴۷۸/۱۲ وَعَنْ عَائِشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَسْكَرَ مِنْهُ الْفَرَقُ فَمِلْءُ الْكَفِّ مِنْهُ حَرَامٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو چیز بقدر آٹھ سیر کے نشہ لائے اس کا ایک چلّو بھی پینا حرام ہے (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد)

شراب کن چیزوں سے بنتی ہے

۳۴۷۹/۱۳ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الْحِنْطَةِ خَمْرًا وَّمِنَ الشَّعِيْرِ خَمْرًا وَّمِنَ التَّمْرِ خَمْرًا وَّمِنَ الزَّبِيْبِ

حضرت نعمان بن بشیر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے گیہوں سے بھی شراب بنتی ہے جو سے بھی شراب بنتی ہے، کھجور سے بھی شراب تیار ہوتی ہے، انگور سے بھی شراب بنتی ہے اور

خَمْرًا وَّمِنَ الْعَسَلِ خَمْرًا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)۔

شہد سے بھی۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

شراب مال متقوم نہیں ہے

۳۴۸۰/۱۴ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ كَانَ عِنْدَنَا خَمْرٌ لِيَتِيْمٍ فَلَمَّا نَزَلَتِ الْمَائِدَةُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ وَقُلْتُ اِنَّهٗ لِيَتِيْمٌ فَقَالَ اَهْرِيْقُوْهُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس یتیم کی شراب تھی جب سورۂ مائدہ اُتری (جس میں شراب کے حرام ہونے کی آیت ہے) میں نے اس کی بابت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا اور عرض کیا کہ وہ یتیم کا مال ہے آپ نے حکم دیا اس کو بہا دو۔ (ترمذی)

۳۴۸۱/۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ عَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ اَنَّهٗ قَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنِّيْ اشْتَرَيْتُ خَمْرًا لِاَيْتَامٍ فِيْ حَجْرِيْ قَالَ اَهْرِقِ الْخَمْرَ وَاكْسِرِ الدِّنَانَ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَغَيْرُهٗ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوٗدَ اَنَّهٗ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَيْتَامٍ وَّرِثُوْا خَمْرًا قَالَ اَهْرِقْهَا قَالَ اَفَلَا اَجْعَلُهَا خَلًّا قَالَ لَا۔

حضرت انس رضؓ ابوطلحہ رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا اے خدا کے نبی میں نے ان یتیموں کے لئے جو میری تربیت و نگرانی میں ہیں، شراب خریدی ہے۔ آپ نے فرمایا۔ شراب کو بہا دے اور اس کے برتن کو توڑ ڈال (ترمذی۔ اور ابوداؤد کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ابوطلحہ رضؓ نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ میری پرورش میں جو یتیم ہیں ان کو میراث میں شراب ملی ہے آپ نے فرمایا اس کو بہا دے۔ عرض کیا اس کا سرکہ نہ بنا لوں فرمایا نہیں۔ ترمذی نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے۔)

فصل سوم

ہر مسکر و مفتر چیز حرام ہے۔

۳۴۸۲/۱۶ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كُلِّ مُسْكِرٍ وَّمُفْتِرٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ام سلمہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کے استعمال سے منع فرمایا ہے جو نشہ لائے اور جو دماغ میں فتور پیدا کرے۔ (ابوداؤد)

شراب نوشی کی کسی حال میں اجازت نہیں

۳۴۸۳/۱۷ وَعَنْ دَيْلَمِ الْحِمْيَرِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا بِاَرْضٍ بَارِدَةٍ وَّنُعَالِجُ فِيْهَا عَمَلًا شَدِيْدًا وَّاِنَّا نَتَّخِذُ مِنْ هٰذَا الْقَمْحِ نَتَقَوّٰى بِهٖ عَلٰى اَعْمَالِنَا وَعَلٰى بَرْدِ بِلَادِنَا قَالَ هَلْ يُسْكِرُ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاجْتَنِبُوْهُ قُلْتُ اِنَّ النَّاسَ غَيْرُ تَارِكِيْهِ قَالَ اِنْ لَّمْ يَتْرُكُوْهُ قَاتِلُوْهُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت دیلم حمیری رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم سرد ملک کے رہنے والے ہیں اور ہم گیہوں کی شراب بناتے ہیں جو ہمارے جسم کو قوت پہنچاتی ہے سخت کاموں میں مدد دیتی ہے اور ملک کی سردی سے بھی محفوظ رکھتی ہے آپ نے پوچھا کیا وہ نشہ لاتی ہے؟ میں نے عرض کیا ہاں۔ آپ نے فرمایا اس سے بچو۔ میں نے عرض کیا کہ لوگ اس کو نہ چھوڑیں گے۔ فرمایا اگر نہ چھوڑیں تو تم ان سے لڑو۔ (ابوداؤد)

شراب اور جوئے کی ممانعت

۳۴۸۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَالْكُوبَةِ وَالْغُبَيْرَاءِ وَقَالَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب پینے اور جوا کھیلنے سے منع فرمایا ہے اور نرد و شطرنج یا نقارہ اور بربط سے بھی منع کیا ہے اور فرمایا ہے کہ ہر نشہ والی چیز حرام ہے۔ (ابوداؤد)

شرابی جنت میں داخل نہیں ہوگا

۳۴۸۵ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَاقٌّ وَّلَا قِمَارٌ وَّلَا مَنَّانٌ وَّلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ وَلَا وَلَدُ زِنْيَةٍ بَدَلَ قِمَارٍ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں داخل نہیں ہوگا وہ شخص جس نے ماں باپ کی نافرمانی کی اور جس نے جوا کھیلا اور جس نے احسان جتایا اور جس نے ہمیشہ شراب پی۔ (دارمی) اور دارمی کی ایک روایت میں جواری کے بجائے ولد الزنا (حرامی) کے الفاظ ہیں۔

شراب کے بارے میں ایک وعید

۳۴۸۶ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى بَعَثَنِيْ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ وَهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ وَاَمَرَنِيْ رَبِّيْ عَزَّوَجَلَّ بِمَحْقِ الْمَعَازِفِ وَالْمَزَامِيْرِ وَالْاَوْثَانِ وَالصُّلُبِ وَاَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ وَحَلَفَ رَبِّيْ عَزَّوَجَلَّ بِعِزَّتِيْ لَا يَشْرَبُ عَبْدٌ مِّنْ عَبِيْدِيْ جُرْعَةً مِّنْ خَمْرٍ اِلَّا سَقَيْتُهٗ مِنَ الصَّدِيْدِ مِثْلَهَا وَلَا يَتْرُكُهَا مِنْ مَّخَافَتِيْ اِلَّا سَقَيْتُهٗ مِنْ حِيَاضِ الْقُدُسِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ نے مجھ کو دنیا کے لئے رحمت و برکت کا سبب بنا کر بھیجا ہے اور باجوں، مزامیر، بتوں، صلیب اور جاہلیت کی تمام بری رسموں اور طریقوں کے مٹانے کا حکم دیا ہے اور میرے بزرگ و برتر خدا نے قسم کھائی ہے کہ میرے بندوں میں سے جو بندہ شراب کا ایک گھونٹ پئے گا میں اس کو دوزخیوں کے بدن سے نکلی ہوئی پیپ پلاؤں گا۔ اور جو شخص میرے خوف سے شراب پینا چھوڑ دے گا۔ میں اس کو پاک حوضوں میں سے شراب طہور پلاؤنگا (احمد)

والدین کی نافرمانی کرنے والے، دیوث اور شرابی پر جنت کے دروازے بند ہیں

۳۴۸۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثَةٌ قَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَنَّةَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ وَالْعَاقُّ وَالدَّيُّوْثُ الَّذِيْ يُقِرُّ فِيْ اَهْلِهِ الْخُبْثَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تین آدمی ہیں جن پر خدا نے جنت کو حرام کر دیا ہے۔ ایک وہ شخص جس نے ہمیشہ شراب پی دوسرا وہ شخص جس نے ماں باپ کی نافرمانی کی تیسرا دیوث جو اپنے گھر والوں سے ناپاک کام کرائے (یعنی زنا) (احمد۔ نسائی)

۳۴۸۸ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثَةٌ لَّا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ وَقَاطِعُ الرَّحِمِ وَمُصَدِّقٌ بِالسِّحْرِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تین آدمی جنت میں نہ جائیں گے۔ ہمیشہ شراب پینے والا۔ رشتہ داری کے تعلق کو منقطع کرنے والا اور جادو پر یقین و اعتقاد رکھنے والا۔ (احمد)

شراب نوشی بت پرستی کے مترادف ہے

۳۴۸۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ اِنْ مَاتَ لَقِيَ اللّٰهَ تَعَالٰى كَعَابِدِ وَثَنٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ) وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ وَقَالَ ذَكَرَ الْبُخَارِيُّ فِي التَّارِيْخِ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ۔

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہمیشہ شراب پینے والا جب مرے گا تو خداوند تعالیٰ سے اس طرح ملاقات کرے گا جس طرح بت کا پوجنے والا۔ (احمد) اور ابن ماجہ نے ابوہریرہ رضؓ سے روایت کی۔ اور بیہقی نے شعب الایمان میں محمد ابن عبید اللہ سے اور انھوں نے اپنے والد سے اسے روایت کیا ہے بخاری نے تاریخ میں محمد بن عبد اللہ کے ذریعہ ان کے والد سے۔

۳۴۹۰ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ مَا لِيْ شَرِبْتُ الْخَمْرَ اَوْ عَبَدْتُ هٰذِهِ السَّارِيَةَ دُوْنَ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت ابو موسیٰ رضؓ کہا کرتے تھے کہ میں کبھی اس کا خیال بھی نہیں کرتا کہ شراب پیوں، یا خدا کے سوا اس ستون، (یا بت) کو پوجوں۔ (نسائی)

کِتَابُ الْاِمَارَةِ وَالْقَضَاءِ حکومت کا بیان

فصل اوّل

امیر کی اطاعت اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت ہے

۳۴۹۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَطَاعَنِيْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصَانِيْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَمَنْ يُّطِعِ الْاَمِيْرَ فَقَدْ اَطَاعَنِيْ وَمَنْ يَّعْصِ الْاَمِيْرَ فَقَدْ عَصَانِيْ وَاِنَّمَا الْاِمَامُ جُنَّةٌ يُّقَاتَلُ مِنْ وَّرَائِهٖ وَيُتَّقٰى بِهٖ فَاِنْ اَمَرَ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَعَدَلَ فَاِنَّ لَهٗ بِذٰلِكَ اَجْرًا وَاِنْ قَالَ بِغَيْرِهٖ فَاِنَّ عَلَيْهِ مِنْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے میری اطاعت کی اس نے خدا کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے خدا کی نافرمانی کی اور جس نے امیر (حاکم یا مقامی سردار) کی اطاعت کی، اس نے میری اطاعت کی اور جس نے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی اور واضح ہو کہ امام (حاکم یا خلیفہ) ڈھال کی مانند ہے جس کے پیچھے جنگ کی جاتی ہے (یعنی جس کے اقتدار کے ماتحت دشمنوں سے جنگ کی جاتی ہے) اور جس کی نگرانی میں امن و عافیت حاصل کی جاتی ہے پس جو حاکم خدا سے ڈر کر اس کے حکم کے موافق حکمرانی کرے اور انصاف سے کام لے اس کو اس کے سبب اجر ملے گا اور اگر ایسا نہ کرے تو اس کا گناہ اس پر ہوگا۔ (بخاری و مسلم)

اگر کسی کمتر شخص کو امیر بنایا جائے تو اس کی اطاعت بھی ضروری ہے

۳۴۹۲ وَعَنْ اُمِّ الْحُصَيْنِ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ اُمِّرَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ مُجَدَّعٌ يَقُوْدُكُمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ فَاسْمَعُوْا لَهٗ وَاَطِيْعُوْا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت امّ حُصین رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر تمہارے اوپر کسی نکٹے غلام کو حاکم بنایا جائے اور وہ تم پر کتاب اللہ کے موافق حکمرانی کرے تو اس کی اطاعت کرو اور اس کا حکم مانو۔ (مسلم)

۳۴۹۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاِنِ اسْتُعْمِلَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ كَاَنَّ رَاْسَهٗ زَبِيْبَةٌ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حاکم کے حکم کو سنو اور اطاعت کرو اگرچہ تمہارا حاکم کسی حبشی غلام کو بنا دیا جائے جس کا انگور کے مانند چھوٹا سا سر ہو۔ (بخاری)

غیر شرعی حکم کی اطاعت واجب نہیں

۳۴۹۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلسَّمْعُ وَالطَّاعَةُ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فِيْمَا اَحَبَّ وَكَرِهَ مَالَمْ يُؤْمَرْ بِمَعْصِيَةٍ فَاِذَا اُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلَا سَمْعَ وَلَا طَاعَةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے حکم کو سننا اور اطاعت کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے خواہ وہ حکم پسند آئے جب تک حاکم کسی گناہ کا حکم نہ دے اور جب وہ کسی گناہ کا حکم دے تو مسلمان پر اس کی اطاعت واجب نہیں۔ (بخاری و مسلم)

۳۴۹۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا طَاعَةَ فِيْ مَعْصِيَةٍ اِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوْفِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کسی گناہ کے کام میں کسی کی اطاعت واجب نہیں اطاعت صرف نیک کاموں میں واجب ہے۔ (بخاری و مسلم)

اطاعت و فرمانبرداری کا عہد

۳۴۹۶ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِي الْعُسْرِ وَالْيُسْرِ وَالْمَنْشَطِ وَالْمَكْرَهِ وَعَلٰى اَثَرَةٍ عَلَيْنَا وَعَلٰى اَنْ لَا نُنَازِعَ الْاَمْرَ اَهْلَهٗ وَعَلٰى اَنْ نَقُوْلَ بِالْحَقِّ اَيْنَمَا كُنَّا لَا نَخَافُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ وَّفِيْ رِوَايَةٍ وَّعَلٰى اَنْ لَّا نُنَازِعَ الْاَمْرَ اَهْلَهٗ اِلَّا اَنْ تَرَوْا كُفْرًا بَوَاحًا عِنْدَكُمْ مِنَ اللّٰهِ فِيْهِ بُرْهَانٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبادہ بن صامت رضؓ کہتے ہیں ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی یعنی اس امر کا عہد کیا کہ ہم ہر حال میں یعنی تنگی و سختی اور خوش حالی و فارغ البالی خوشی و ناخوشی میں آپ کی بات کو سنیں گے اور اطاعت کریں گے اور عہد کیا ہم نے اس پر کہ ہم صبر کریں گے جب کہ ہم پر کسی کو ترجیح دی جائے اور عہد کیا اس پر کہ ہم حکومت کو اس کے مستحق کے ہاتھوں سے نہ چھینیں گے اور عہد کیا اس پر کہ ہم حق بات کہیں گے جہاں کہیں رہیں اور اس معاملہ میں کسی کی ملامت کا خوف نہ کریں گے۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ عہد لیا ہم سے اس پر کہ ہم امر (حکومت) کو اس کے اہل کے ہاتھوں سے نہ نکالیں گے مگر اس وقت جب کہ کفر صریح کو دیکھیں جس میں تاویل کی کوئی گنجائش نہ ہو اور خدا کی طرف سے تمہارے پاس اس کے خلاف مضبوط دلیل ہو۔ (بخاری و مسلم)

فرمانبرداری بقدر طاقت

۳۴۹۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا اِذَا بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ يَقُوْلُ لَنَا فِيْمَا اسْتَطَعْتُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ نے کہا ہم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں پر بیعت کی یعنی اس امر کا عہد کیا کہ آپ کے احکام کو ہم سنیں گے اور اطاعت کریں گے۔ اور آپ نے اس کے جواب میں یہ فرمایا، اس چیز میں جس کی تم میں طاقت ہو۔ (بخاری و مسلم)

ملت کی اجتماعیت میں رخنہ ڈالنے والے کے بارے میں وعید

۳۴۹۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے

اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰی مِنْ اَمِیْرِہٖ شَیْئًا یَکْرَھُہٗ فَلْیَصْبِرْ فَاِنَّہٗ لَیْسَ اَحَدٌ یُفَارِقُ الْجَمَاعَۃَ شِبْرًا فَیَمُوْتُ اِلَّا مَاتَ مِیْتَۃً جَاھِلِیَّۃً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

فرمایا ہے تم میں سے جو شخص اپنے حاکم کی طرف سے کوئی ایسی بات دیکھے جو اس کو ناگوار ہو تو صبر کرے اس لئے کہ جو شخص جماعت سے ایک بالشت بھر جدا ہوا اور اسی حال میں مرجائے تو اس کی موت ایام جاہلیت کی سی موت ہوگی۔ (بخاری و مسلم)

تعصب کے خلاف تنبیہ

۳۴۹۹ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ خَرَجَ مِنَ الطَّاعَۃِ وَفَارَقَ الْجَمَاعَۃَ فَمَاتَ مَاتَ مِیْتَۃً جَاھِلِیَّۃً وَمَنْ قَاتَلَ تَحْتَ رَایَۃٍ عِمِّیَّۃٍ یَغْضَبُ لِعَصَبِیَّۃٍ اَوْ یَدْعُوْ لِعَصَبِیَّۃٍ اَوْ یَنْصُرُ عَصَبِیَّۃً فَقُتِلَ فَقِتْلَۃٌ جَاھِلِیَّۃٌ وَمَنْ خَرَجَ عَلٰی اُمَّتِیْ..... بِسَیْفِہٖ یَضْرِبُ بَرَّھَا وَفَاجِرَھَا وَلَا یَتَحَاشٰی مِنْ مُؤْمِنِھَا وَلَا یَفِیْ لِذِیْ عَھْدٍ عَھْدَہٗ فَلَیْسَ مِنِّیْ وَلَسْتُ مِنْہُ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جو شخص امام کی اطاعت سے نکلا اور اسلامی جماعت سے جدا ہوا اور اسی حال میں مرگیا تو اس کی موت جاہلیت کی موت ہوگی اور جو شخص ایک ایسے نشان کے نیچے لڑا جس کا حق و باطل ہونا معلوم نہ ہو اور تعصب سے غصبناک ہوا اور تعصب سے لوگوں کو اپنی طرف بلایا یا کسی تعصب کی مدد کی اور اسی حال میں مارا گیا تو جاہلیت کی سی موت مرا اور جو شخص میری امت کے خلاف تلوار لے کر کھڑا ہوا اور میری امت کے اچھے برے آدمیوں کو مارا اور نہ مومن کی اس نے پرواہ کی اور نہ عہد والے کے عہد کو اس نے پورا کیا، وہ شخص مجھ سے نہیں ہے اور نہ میں اس سے ہوں (یعنی نہ تو وہ میری امت میں سے ہے اور نہ میں اس کا ذمہ دار ہوں۔) (مسلم)

بہترین و بدترین حاکم

۳۵۰۰ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِکٍ الْاَشْجَعِیِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ خِیَارُ اَئِمَّتِکُمُ الَّذِیْنَ تُحِبُّوْنَھُمْ وَیُحِبُّوْنَکُمْ وَتُصَلُّوْنَ عَلَیْھِمْ وَیُصَلُّوْنَ عَلَیْکُمْ وَشِرَارُ اَئِمَّتِکُمُ الَّذِیْنَ تُبْغِضُوْنَھُمْ وَیُبْغِضُوْنَکُمْ وَتَلْعَنُوْنَھُمْ وَیَلْعَنُوْنَکُمْ قَالَ قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَفَلَا نُنَابِذُھُمْ عِنْدَ ذٰلِکَ قَالَ لَا مَا اَقَامُوْا فِیْکُمُ الصَّلٰوۃَ لَا مَا اَقَامُوْا فِیْکُمُ الصَّلٰوۃَ لَا مَا اَقَامُوْا فِیْکُمُ الصَّلٰوۃَ اَلَا مَنْ وُلِّیَ عَلَیْہِ وَالٍ فَرَاٰہُ یَاْتِیْ شَیْئًا مِّنْ مَّعْصِیَۃِ اللّٰہِ فَلْیَکْرَہْ مَا یَاْتِیْ مِنْ مَّعْصِیَۃِ اللّٰہِ وَلَا یَنْزِعَنَّ یَدًا مِنْ طَاعَۃٍ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تمہارے حاکموں میں سے بہترین حاکم وہ ہیں جن سے تم محبت کرو اور وہ تم سے محبت کریں اور جن کے لئے تم دعا کرو اور وہ تمہارے لئے دعا کریں۔ اور بدترین حاکم وہ ہے جن سے تم بغض رکھو اور وہ تم سے بغض رکھیں اور لعنت کرو تم ان پر اور وہ تم پر لعنت کریں راوی کا بیان ہے کہ ہم نے یعنی صحابہ رضؓ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ کیا ہم ان (بدترین) حاکموں کو معزول نہ کریں اور جو عہد ان سے کیا ہے اس کو نہ توڑ دیں؟ آپ نے فرمایا نہیں، جب تک وہ قائم کریں تم میں نماز یا جب تک وہ قائم کریں تم میں نماز۔ خبردار جو شخص تم پر حاکم بنایا جائے اور تم اس کے کسی ایسے فعل کو دیکھو جو خدا کی نافرمانی پر مبنی ہے تو تم اس کے اس فعل کو برا سمجھو اور اس کی اطاعت سے دست بردار نہ ہو۔ (مسلم)

حاکم کی بے راہ روی پر اس کو ٹوکنا ہر مسلمان کی ایک ذمہ داری ہے۔

۳۵۰۱ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَکُوْنُ عَلَیْکُمْ اُمَرَاءُ تَعْرِفُوْنَ

حضرت ام سلمہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم پر ایسے حاکم مقرر کئے جائیں گے جو اچھے کام بھی کریں گے اور برے کام

وَتُنْكِرُوْنَ فَمَنْ اَنْكَرَ فَقَدْ بَرِئَ وَمَنْ كَرِهَ فَقَدْ سَلِمَ وَلٰكِنْ مَّنْ رَّضِيَ وَتَابَعَ قَالُوْا اَفَلَا نُقَاتِلُهُمْ قَالَ لَا مَا صَلَّوْا لَا مَا صَلَّوْا اَيْ مَنْ كَرِهَ بِقَلْبِهٖ وَاَنْكَرَ بِقَلْبِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

بھی کریں گے پس جس شخص نے انکار کیا یعنی اس کے بُرے فعل کی نسبت اس کے منہ پر کہہ دیا کہ تمہارا یہ فعل شرع کے خلاف ہے) وہ اپنے فرض سے بَری ہوگیا اور جس شخص نے یہ کیا یعنی اس کو اتنی جرأت نہ ہوئی کہ وہ زبان سے کہہ دے لیکن دل سے اس کے فعل کو بُرا سمجھا وہ سالم رہا (یعنی اُس کے گناہ میں شریک ہونے سے سالم و محفوظ رہا) لیکن جو شخص ان کے فعل پر راضی ہوا اور ان کی پیروی کی وہ ان کے گناہ میں شریک ہوا۔ صحابہؓ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! کیا ان سے لڑیں؟ آپ نے فرمایا نہیں جب تک کہ وہ نماز پڑھیں، نہیں جب تک کہ وہ نماز پڑھیں۔ (مسلم)

اگر حاکم کی طرف سے کسی کی حق تلفی ہو تب بھی اس کی فرمانبرداری کی جائے۔

۳۵۰۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِيْ اَثَرَةً وَّ اُمُوْرًا تُنْكِرُوْنَهَا قَالُوْا فَمَا تَأْمُرُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَدُّوْا اِلَيْهِمْ حَقَّهُمْ وَسَلُوا اللّٰهَ حَقَّكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) ۱۲

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ رسول خدا صلعم نے ہم سے فرمایا تم میرے بعد ترجیح کو دیکھو گے اور بہت سی ایسی باتوں کو جن کو تم برا سمجھو گے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ جب ایسا وقت آئے تو ہمارے لئے کیا حکم ہے آپ نے فرمایا تم ان کا حق ادا کرو (یعنی حاکموں کا) اور اللہ تعالیٰ سے اپنا حق مانگو۔ (بخاری و مسلم)

۳۵۰۳ وَعَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ سَأَلَ سَلَمَةُ بْنُ يَزِيْدَ الْجُعْفِيُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ قَامَتْ عَلَيْنَا اُمَرَاءُ يَسْئَلُوْنَا حَقَّهُمْ وَيَمْنَعُوْنَا حَقَّنَا فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ اسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِمْ مَّا حُمِّلُوْا وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) ۱۳

حضرت وائل بن حجر کہتے ہیں سلمہ بن یزید جعفی رضؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اے خدا کے نبی ﷺ! آپ اس معاملہ میں کیا فرماتے ہیں اگر ہم پر ایسے امراء مسلط ہوں جو ہم سے اپنا حق مانگیں اور ہمارے حقوق سے انکار کر دیں۔ آپ نے فرمایا ان کے احکام کو سنو اور اطاعت کرو اس لئے کہ ان پر وہ بات فرض ہے جو انھوں نے اپنے ذمہ لی ہے اور تم پر وہ چیز ہے جو تم نے اُٹھائی ہے۔ (مسلم)

امام کی اطاعت سے دستبردار ہونے والے کے بارے میں وعید

۳۵۰۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ خَلَعَ يَدًا مِّنْ طَاعَةٍ لَّقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا حُجَّةَ لَهٗ وَمَنْ مَّاتَ وَلَيْسَ فِيْ عُنُقِهٖ بَيْعَةٌ مَّاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) ۱۴

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے سنا ہے جو شخص خلیفہ یا امام کی اطاعت سے دست بردار ہو جائے وہ قیامت کے دن خداوند تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ ایمان کی ایک دلیل اس میں نہ ہوگی اور جو شخص اس حال میں مرے کہ اسکی گردن میں امام کی بیعت نہ ہو وہ جاہلیت کی موت مرا (مسلم)

خلیفہ و امیر کی موجودگی میں اگر کوئی دوسرا شخص خلافت و امارت کا دعویٰ کرے تو اس کو تسلیم نہ کرو

۳۵۰۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَتْ بَنُوْ اِسْرَائِيْلَ تَسُوْسُهُمُ الْاَنْبِيَاءُ كُلَّمَا هَلَكَ مِنْهُمْ نَبِيٌّ خَلَفَهٗ نَبِيٌّ وَاِنَّهٗ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ وَسَيَكُوْنُ خُلَفَاءُ فَيَكْثُرُوْنَ ۱۵

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ، بنو اسرائیل کو انبیاء ادب سکھایا کرتے تھے اور جب کوئی مرتا تھا تو دوسرا نبی اس کا جانشین ہو جاتا تھا لیکن میرے بعد کوئی نبی آنے والا نہیں ہے البتہ میرے بعد میرے خلفاء ہوں گے اور بہت ہوں گے۔ صحابہؓ نے عرض

وَتُنْكِرُوْنَ فَمَنْ اَنْكَرَ فَقَدْ بَرِئَ وَمَنْ كَرِهَ فَقَدْ سَلِمَ وَلٰكِنْ مَنْ رَّضِيَ وَتَابَعَ قَالُوْا اَفَلَا نُقَاتِلُهُمْ قَالَ لَا مَا صَلَّوْا لَا مَا صَلَّوْا اَیْ مَنْ كَرِهَ بِقَلْبِهٖ وَاَنْكَرَ بِقَلْبِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

بھی کریں گے پس جس شخص نے انکار کیا یعنی اس کے بُرے فعل کی نسبت اس کے منہ پر کہہ دیا کہ تمہارا یہ فعل شرع کے خلاف ہے) وہ اپنے فرض سے بَری ہوگیا اور جس شخص نے یہ کیا یعنی اس کو اتنی جرأت نہ ہوئی کہ وہ زبان سے کہہ دے لیکن دل سے اس کے فعل کو بُرا سمجھا وہ سالم رہا (یعنی اُس کے گناہ میں شریک ہونے سے سالم و محفوظ رہا) لیکن جو شخص ان کے فعل پر راضی ہوا اور ان کی پیروی کی وہ ان کے گناہ میں شریک ہوا۔ صحابہؓ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! کیا ان سے لڑیں؟ آپ نے فرمایا نہیں جب تک کہ وہ نماز پڑھیں، نہیں جب تک کہ وہ نماز پڑھیں۔ (مسلم)

اگر حاکم کی طرف سے کسی کی حق تلفی ہو تب بھی اس کی فرمانبرداری کی جائے۔

۳۵۰۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِیْ اَثَرَةً وَّ اُمُوْرًا تُنْكِرُوْنَهَا قَالُوْا فَمَا تَاْمُرُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَدُّوْا اِلَيْهِمْ حَقَّهُمْ وَسَلُوا اللّٰهَ حَقَّكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ رسول خدا صلعم نے ہم سے فرمایا تم میرے بعد ترجیح کو دیکھو گے اور بہت سی ایسی باتوں کو جن کو تم برا سمجھو گے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ جب ایسا وقت آئے تو ہمارے لئے کیا حکم ہے آپ نے فرمایا تم ان کا حق ادا کرو (یعنی حاکموں کا) اور اللہ تعالیٰ سے اپنا حق مانگو۔ (بخاری و مسلم)

۳۵۰۳ وَعَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ سَاَلَ سَلَمَةُ بْنُ يَزِيْدَ الْجُعْفِیُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا نَبِیَّ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ قَامَتْ عَلَيْنَا اُمَرَاءُ يَسْئَلُوْنَا حَقَّهُمْ وَيَمْنَعُوْنَا حَقَّنَا فَمَا تَاْمُرُنَا قَالَ اسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِمْ مَّا حُمِّلُوْا وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت وائل بن حجر کہتے ہیں سلمہ بن یزید جعفی رضؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اے خدا کے نبی صلعم! آپ اس معاملہ میں کیا فرماتے ہیں اگر ہم پر ایسے امراء مسلط ہوں جو ہم سے اپنا حق مانگیں اور ہمارے حقوق سے انکار کر دیں۔ آپ نے فرمایا ان کے احکام کو سنو اور اطاعت کرو اس لئے کہ ان پر وہ بات فرض ہے جو انھوں نے اپنے ذمہ لی ہے اور تم پر وہ چیز ہے جو تم نے اُٹھائی ہے۔ (مسلم)

امام کی اطاعت سے دستبردار ہونے والے کے بارے میں وعید

۳۵۰۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ خَلَعَ يَدًا مِّنْ طَاعَةٍ لَقِیَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا حُجَّةَ لَهٗ وَمَنْ مَّاتَ وَلَيْسَ فِیْ عُنُقِهٖ بَيْعَةٌ مَّاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے سنا ہے جو شخص خلیفہ یا امام کی اطاعت سے دست بردار ہو جائے وہ قیامت کے دن خداوند تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ ایمان کی ایک دلیل اس میں نہ ہوگی اور جو شخص اس حال میں مرے کہ اسکی گردن میں امام کی بیعت نہ ہو وہ جاہلیت کی موت مرا (مسلم)

خلیفہ و امیر کی موجودگی میں اگر کوئی دوسرا شخص خلافت و امارت کا دعویٰ کرے تو اس کو تسلیم نہ کرو

۳۵۰۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَتْ بَنُوْ اِسْرَائِيْلَ تَسُوْسُهُمُ الْاَنْبِيَاءُ كُلَّمَا هَلَكَ مِنْهُمْ نَبِیٌّ خَلَفَهٗ نَبِیٌّ وَاِنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ وَسَيَكُوْنُ خُلَفَاءُ فَيَكْثُرُوْنَ

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ، بنو اسرائیل کو انبیاء ادب سکھایا کرتے تھے اور جب کوئی مرتا تھا تو دوسرا نبی اس کا جانشین ہو جاتا تھا لیکن میرے بعد کوئی نبی آنے والا نہیں ہے البتہ میرے بعد میرے خلفاء ہوں گے اور بہت ہوں گے۔ صحابہؓ نے عرض

وَسَتَكُوْنُ نَدَامَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَنِعْمَ الْمُرْضِعَةُ وَبِئْسَتِ الْفَاطِمَةُ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

والی) ہے اور بدترین دودھ چھڑانے والی (یعنی امارت کا آغاز نہایت خوشنما اور دل پسند ہوتا ہے لیکن انجام بُرا ہوتا ہے جیسا دودھ چھڑانے والی کا دودھ چھڑانا بُرا معلوم ہوتا ہے۔ (بخاری)

۳۵۱۱ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا تَسْتَعْمِلُنِیْ قَالَ فَضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى مَنْكِبِیْ ثُمَّ قَالَ يَا اَبَا ذَرٍّ اِنَّكَ ضَعِيْفٌ وَّاِنَّهَا اَمَانَةٌ وَّاِنَّهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ خِزْیٌ وَّنَدَامَةٌ اِلَّا مَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا وَاَدّٰى الَّذِیْ عَلَيْهِ فِيْهَا وَفِیْ رِوَايَةٍ قَالَ لَهٗ يَا اَبَا ذَرٍّ اِنِّیْ اَرَاكَ ضَعِيْفًا وَاِنِّیْ اُحِبُّ لَكَ مَا اُحِبُّ لِنَفْسِیْ لَا تَاَمَّرَنَّ عَلٰى اثْنَيْنِ وَلَا تَوَلِّيَنَّ مَالَ يَتِيْمٍ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ کو کسی جگہ کا عامل (حاکم) مقرر نہیں فرماتے؟ آپ نے میرے مونڈھے کو تھپک کر فرمایا ابوذر تو کمزور ہے اور امارت و سرداری امانت ہے اور یہ سرداری قیامت کے دن موجب ذلت و رسوائی ہے البتہ جس شخص نے حق کے ساتھ اس کو لیا اور اس حق کو امارت کے سلسلہ میں جو اُس پر واجب ہے ادا کیا اس کے لئے ذلت و رسوائی نہیں اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے فرمایا اے ابوذر! میں تجھ کو کمزور پاتا ہوں (تو امارت کے بوجھ کو نہ اُٹھا سکے گا) میں پھر تیرے لئے اسی چیز کو پسند کرتا ہوں جس چیز کو اپنے لئے پسند کرتا ہوں تو دو شخصوں کا بھی امیر و حاکم نہ بن اور یتیم کے مال کی ولایت اپنے ذمہ لے (مسلم)

جو شخص کسی عہدہ و منصب کا خود طلب گار ہو اس کو اس منصب پر فائز نہ کرو

۳۵۱۲ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰى قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَرَجُلَانِ مِنْ بَنِیْ عَمِّیْ فَقَالَ اَحَدُهُمَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمِّرْنَا عَلٰى بَعْضِ مَا وَلَّاكَ اللّٰهُ وَقَالَ الْاٰخَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ فَقَالَ اِنَّا وَاللّٰهِ لَا نُوَلِّیْ عَلٰى هٰذَا الْعَمَلِ اَحَدًا سَاَلَهٗ وَلَا اَحَدًا حَرَصَ عَلَيْهِ وَفِیْ رِوَايَةٍ قَالَ لَا نَسْتَعْمِلُ عَلٰى عَمَلِنَا مَنْ اَرَادَهٗ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوموسیٰ رضؓ کہتے ہیں کہ میں اور میرے چچا کے دو بیٹے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ان میں سے ایک نے کہا یا رسول اللہ تم کو اللہ نے حاکم و والی بنایا ہے ہم کو بھی بعض کاموں یا مقامات کا والی مقرر فرمایئے۔ دوسرے نے بھی اسی قسم کی خواہش ظاہر کی آپ نے فرمایا خدا کی قسم ہم امورِ دین و شریعت کا والی اس شخص کو مقرر نہیں کیا کرتے جو ہم سے ولایت کا طالب ہو اور نہ اس شخص کو جو اس کی حرص رکھتا ہو اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ہم اپنے کام پر اس شخص کو عامل مقرر نہیں کرتے جو اس کا ارادہ رکھے۔ (بخاری و مسلم)

حکومت و امارت سے انکار کرنے والا بہترین شخص ہے

۳۵۱۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَجِدُوْنَ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ اَشَدَّهُمْ كَرَاهِيَةً لِهٰذَا الْاَمْرِ حَتّٰى يَقَعَ فِيْهِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم اُن لوگوں کو بہترین آدمی پاؤ گے جو امارت و حکومت کو بہت زیادہ بُرا سمجھتے ہوں جب تک کہ وہ اس میں مبتلا نہ ہوں (یعنی امارت مل جانے کے بعد ان کی یہ حالت باقی نہ رہے گی اور وہ بہترین لوگ نہ رہیں گے (بخاری و مسلم)

قیامت کے دن ہر شخص کو اپنی ذمہ داری کی جوابدہی کرنی ہوگی

۳۵۱۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا كُلُّكُمْ رَاعٍ وَّكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ فَالْاِمَامُ الَّذِیْ عَلَى النَّاسِ رَاعٍ وَّ

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خبردار تم میں سے ہر شخص نگہبان اور رعیت رکھنے والا ہے اور ہر شخص سے اس کی رعیت کی بابت سوال کیا جائے گا (یعنی باز پرس ہوگی) یعنی

هُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ وَالْمَرْاَةُ رَاعِيَةٌ عَلٰى بَيْتِ زَوْجِهَا وَوَلَدِهٖ وَهِيَ مَسْئُوْلَةٌ عَنْهُمْ وَعَبْدُ الرَّجُلِ رَاعٍ عَلٰى مَالِ سَيِّدِهٖ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْهُ اَلَا فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَّكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

امام و خلیفہ جو لوگوں کا نگہبان و راعی ہے اس سے اس کی رعیت کی بابت پوچھا جائے گا اور مرد اپنے گھر والوں کا نگہبان و راعی ہے اور اس سے اس کی رعیت کی بابت پوچھا جائے گا اور عورت محافظ ہے اپنے شوہر کے گھر کی اور اس کے بچوں کی اور اس سے اس کی بابت پوچھا جائے گا اور غلام اپنے آقا کے مال کا نگہبان ہے اس سے اس کی بابت پوچھا جائے گا۔ خبردار تم میں سے ہر شخص راعی ہے اور ہر راعی سے اس کی رعیت کی بابت پوچھا جائے گا۔ (بخاری و مسلم)

خائن و ظالم حاکم کے بارے میں وعید

۳۵۱۵/۲۶ وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ وَّالٍ يَلِيْ رَعِيَّةً مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَيَمُوْتُ وَهُوَ غَاشٌّ لَّهُمْ اِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت معقل رضؓ بن یسار کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جو حاکم مسلمانوں کی سرداری کو اپنے ہاتھ میں لے اور اس حالت میں مرے کہ خائن و ظالم ہو تو خداوند تعالیٰ اس پر جنت کو حرام کر دے گا (یعنی وہ جنت میں نہ جائے گا) (بخاری و مسلم)

رعایا کے حق میں بھلائی و خیر خواہی نہ کرنے والا حاکم جنت کی بو سے محروم رکھا جائے گا

۳۵۱۶/۲۷ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَرْعِيْهِ اللّٰهُ رَعِيَّةً فَلَمْ يُحِطْهَا بِنَصِيْحَةٍ اِلَّا لَمْ يَجِدْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت معقل رضؓ بن یسار کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جس بندہ کو خداوند تعالیٰ رعیت کی نگہبانی سپرد کرے اور وہ بھلائی اور خیر خواہی کے ساتھ نگہبانی نہ کرے وہ بہشت کی بو نہ پائے گا۔ (بخاری و مسلم)

بدترین حاکم وہ ہے جو اپنی رعایا پر ظلم کرے

۳۵۱۷/۲۸ وَعَنْ عَائِذِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ شَرَّ الرُّعَاءِ الْحُطَمَةُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائذ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ بدترین حاکموں میں وہ حاکم ہے جو ظالم ہو۔ (مسلم)

نرم خو حاکم کے حق میں آنحضرت کی دعا

۳۵۱۸/۲۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ مَنْ وُلِّيَ مِنْ اَمْرِ اُمَّتِيْ شَيْئًا فَشَقَّ عَلَيْهِمْ فَاشْقُقْ عَلَيْهِ وَمَنْ وُلِّيَ مِنْ اَمْرِ اُمَّتِيْ شَيْئًا فَرَفَقَ بِهِمْ فَارْفُقْ بِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اے اللہ! جس شخص کو میری امت کے کسی کام کا والی اور متصرف بنایا گیا ہو اور میری امت پر مصیبت و مشقت ڈالے تو تو بھی اس پر مصیبت و مشقت ڈال اور جو شخص (یعنی حاکم و والی) میری امت پر رحم و نرمی کرے تو بھی اس پر رحم و نرمی کر۔ (مسلم)

عادل حکمران کا مرتبہ عظیم

۳۵۱۹/۳۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُقْسِطِيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ عَلٰى مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ عَنْ يَمِيْنِ الرَّحْمٰنِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے عادل و منصف حاکم خدا کے ہاں نور کے ممبروں پر اور خدا کے داہنے ہاتھ پر ہوں گے اور خدا کے دونوں

وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِيْنٌ اَلَّذِيْنَ يَعْدِلُوْنَ فِيْ حُكْمِهِمْ وَاَهْلِيْهِمْ وَمَا وَلُوْا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ہاتھ داہنے ہیں ہاں وہ عادل حاکم جو اپنے احکام میں اپنے اہل میں اور اپنی ولایت و حکومت میں عدل کرتے ہیں۔ (مسلم)

ہر حاکم و امیر کے ہمراہ ہمیشہ دو متضاد طاقتیں رہتی ہیں

۳۵۲۰ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَعَثَ اللّٰهُ مِنْ نَبِيٍّ وَّلَا اسْتَخْلَفَ مِنْ خَلِيْفَةٍ اِلَّا كَانَتْ لَهٗ بِطَانَتَانِ بِطَانَةٌ تَاْمُرُهٗ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَحُضُّهٗ عَلَيْهِ وَبِطَانَةٌ تَاْمُرُهٗ بِالشَّرِّ وَتَحُضُّهٗ عَلَيْهِ وَالْمَعْصُوْمُ مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوسعیدؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ جس نبی کو بھیجتا اور جس خلیفہ کو مقرر کرتا ہے اس کے دو رفیق ہوتے ہیں جو مخفی رہتے ہیں ان میں سے ایک تو نیکی کی رغبت دلاتا ہے اور نیک کام کرنے کا حکم دیتا ہے اور دوسرا بدی کا حکم دیتا اور بدی کی رغبت دلاتا ہے اور معصوم وہ ہے جس کو خدا گناہوں سے بچائے۔ (بخاری)

آنحضرتؐ کے ہاں حضرت قیس بن سعد کا منصب

۳۵۲۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ مِّنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَنْزِلَةِ صَاحِبِ الشُّرَطِ مِنَ الْاَمِيْرِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ قیس بن سعدؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں کوتوال کی مانند تھے جیسے امیر و حاکم کے ہاں احکام کو سنانے اور جاری کرنے کے لئے کوتوال ہوتے ہیں۔ (بخاری)

عورت کو اپنا حاکم بنانے والی قوم کبھی فلاح نہیں پا سکتی

۳۵۲۲ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ لَمَّا بَلَغَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ اَهْلَ فَارِسَ قَدْ مَلَّكُوْا عَلَيْهِمْ بِنْتَ كِسْرٰى قَالَ لَنْ يُّفْلِحَ قَوْمٌ وَّلَّوْا اَمْرَهُمُ امْرَاَةً۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابی بکرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جب یہ خبر پہنچی کہ فارس والوں نے کسریٰ کی بیٹی کو اپنا حاکم بنایا ہے تو آپ نے فرمایا۔ وہ قوم کبھی فلاح نہ پائے گی جس نے اپنے ملک کا حاکم عورت کو بنالیا ہو۔ (بخاری)

فصل دوم

ملت کی اجتماعی ہیئت سے علیحدگی اختیار کرنے والے کے بارے میں وعید

۳۵۲۳ عَنِ الْحَارِثِ الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰمُرُكُمْ بِخَمْسٍ بِالْجَمَاعَةِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَالْهِجْرَةِ وَالْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاِنَّهٗ مَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيْدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهٖ اِلَّا اَنْ يُّرَاجِعَ وَمَنْ دَعٰى بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ فَهُوَ مِنْ جُثَى جَهَنَّمَ وَاِنْ صَامَ وَصَلّٰى وَزَعَمَ اَنَّهٗ مُسْلِمٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت حارث اشعریؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں تم کو حکم دیتا ہوں: اتباعِ جماعت کا (یعنی مسلمانوں کی متحدہ قوت کا اتباع)۔ حاکم کے احکام سننے قبول کرنے اور اطاعت کرنے کا (جب تک وہ احکام شرع کے موافق ہوں) ہجرت کا۔ جہاد کا۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جو شخص جماعت سے بالشت بھر بھی الگ ہوا اس نے اسلام کی رسی کو گردن سے نکال ڈالا مگر یہ کہ وہ پھر واپس آجائے اور جماعت میں شامل ہو جائے اور جس شخص نے جاہلیت کی رسموں اور طریقوں کی طرف لوگوں کو بلایا وہ دوزخیوں کے گروہ میں سے ہے اگرچہ روزہ رکھتا ہو اور نماز پڑھتا ہو یہ خیال رکھتا ہو کہ وہ مسلمان ہے (احمد۔ ترمذی)

امیر و والی کی اہانت نہ کرے

۳۵۲۴ وَعَنْ زِيَادِ بْنِ كُسَيْبٍ الْعَدَوِيِّ قَالَ كُنْتُ

زیاد بن کسیب عدوی رضؓ کہتے ہیں کہ میں ابن عامر کے منبر

مَعَ اَبِیْ بَکْرَۃَ تَحْتَ مِنْبَرِ ابْنِ عَامِرٍ وَھُوَ یَخْطُبُ وَعَلَیْهِ ثِیَابٌ رِقَاقٌ فَقَالَ اَبُوْبِلَالٍ اُنْظُرُوْا اِلٰی اَمِیْرِنَا یَلْبَسُ ثِیَابَ الْفُسَّاقِ فَقَالَ اَبُوْبَکْرَۃَ اسْکُتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ اَھَانَ سُلْطَانَ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ اَھَانَهُ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)۔

کے نیچے ابوبکرہ رضؓ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا جب کہ وہ خطبہ پڑھ رہے تھے اور ان کے جسم پر باریک کپڑے تھے۔ ابوبلال نے کہا ہمارے اس امیر کو دیکھو جو فاسقوں کے سے کپڑے پہنے ہوئے ہے۔ ابوبکرہؓ نے کہا خاموش رہو! میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص اس بادشاہت کی اہانت کرے گا جس کو خدا نے زمین پر مقرر کیا ہو، خداوند تعالیٰ اس کی اہانت کرے گا۔ (ترمذی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے)۔

اگر امیر و حاکم کسی گناہ کا حکم دے تو اس کی اطاعت نہ کرو

۳۵۲۵/۳۶ وَعَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سِمْعَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِیْ مَعْصِیَةِ الْخَالِقِ۔ (رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت نواس بن سمعانؓ کہتے ہیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خالق کے گناہ میں مخلوق کی اطاعت درست نہیں۔ (شرح السنۃ)

امیر و حاکم کا انجام

۳۵۲۶/۳۷ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَمِیْرِ عَشَرَۃٍ اِلَّا یُؤْتٰی بِهٖ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مَغْلُوْلًا حَتّٰی یَفُكَّ عَنْهُ الْعَدْلُ اَوْ یُوْبِقَهُ الْجَوْرُ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِیُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص دس آدمیوں کا بھی حاکم ہوگا اس کو قیامت کے دن اس حال میں لایا جائے گا کہ اس کی گردن میں طوق ہوگا اس طوق سے اس کی گردن کو اس کا عدل ہلکا کرے گا اور اس کا ظلم اس کو ہلاک کرے گا۔ (دارمی)

قیامت کے دن امراء و حکام کی حسرتناکی

۳۵۲۷/۳۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَیْلٌ لِّلْاُمَرَاءِ وَیْلٌ لِّلْعُرَفَاءِ وَیْلٌ لِّلْاُمَنَاءِ لَیَتَمَنَّیَنَّ اَقْوَامٌ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَنَّ نَوَاصِیَهُمْ مُعَلَّقَةٌ بِالثُّرَیَّا یَتَجَلْجَلُوْنَ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَاِنَّهُمْ لَمْ یَلُوْا عَمَلًا۔ (رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ) وَرَوَاهُ اَحْمَدُ وَفِیْ رِوَایَتِهٖ اَنَّ ذَوَائِبَهُمْ کَانَتْ مُعَلَّقَةً بِالثُّرَیَّا یَتَذَبْذَبُوْنَ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ یَکُوْنُوْا عُمِّلُوْا عَلٰی شَیْءٍ۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے افسوس ہے اُمراء و حکام پر افسوس ہے سرداروں اور چودھریوں پر افسوس ہے امینوں پر۔ بہت سے لوگ قیامت کے دن اس امر کی آرزو کریں گے کہ ان کی پیشانیاں ثریا سے باندھ دی جاتیں اور وہ آسمان زمین کے درمیان جھولتے رہتے لیکن ان کو کسی کام کی ولایت و امارت نہیں ملتی (شرح السنۃ)۔ اور احمد کی روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ ان کی چوٹیاں اونچی ثریا پر معلق ہوتیں اور وہ آسمان و زمین کے درمیان معلق رہتے، لیکن کسی چیز پر عامل مقرر نہ کئے گئے ہوتے۔

اکثر چودھری دوزخ میں جائیں گے

۳۵۲۸/۳۹ وَعَنْ غَالِبِ الْقَطَّانِ عَنْ رَّجُلٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الْعِرَافَةَ حَقٌّ وَلَا بُدَّ لِلنَّاسِ مِنْ عُرَفَاءَ وَلٰکِنَّ الْعُرَفَاءَ فِی النَّارِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) دوزخی ہوں گے۔ (ابوداؤد)

غالب قطان رضؓ ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سرداری اور چودھرات حق ہے اور لوگوں کے لئے چودھریوں کا ہونا ضروری ہے۔ لیکن اکثر چودھری

احمق سردار و حاکم سے خدا کی پناہ چاہو

۳۵۲۹/۴۰ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُعِيْذُكَ بِاللّٰهِ مِنْ اِمَارَةِ السُّفَهَاءِ قَالَ وَمَا ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اُمَرَاءُ سَيَكُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِيْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسُوْا مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُمْ وَلَنْ يَّرِدُوْا عَلَيَّ الْحَوْضَ وَمَنْ لَّمْ يَدْخُلْ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَاُولٰئِكَ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُمْ وَاُولٰئِكَ يَرِدُوْنَ عَلَيَّ الْحَوْضَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت کعب بن عجرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ میں تجھ کو خدا کی پناہ میں دیتا ہوں بیوقوف لوگوں کی سرداری سے۔ کعبؓ نے عرض کیا یہ سرداری کب ہوگی، کیونکر ہوگی اور وہ کون لوگ ہوں گے یا رسول اللہؐ! فرمایا یہ امیر اور حاکم میرے بعد ہوں گے اور جو شخص ان کے پاس جائے گا ان کے جھوٹ کو سچا کرے گا اور ان کے ظلم پر ان کی مدد کرے گا۔ وہ مجھ سے نہیں ہے اور میں اس سے نہیں ہوں اور وہ حوضِ کوثر پر میرے پاس نہ آئیں گے۔ اور جو شخص ان کے پاس نہ آئے، ان کے جھوٹ کی تصدیق نہ کرے اور ان کے ظلم پر ان کی مدد نہ کرے وہ مجھ سے ہے اور میں ان سے ہوں اور یہ لوگ حوضِ کوثر پر میرے پاس آئیں گے۔ (ترمذی۔ نسائی)

سربراہانِ حکومت کی حاشیہ نشینی دین و دنیا کی تباہی کا باعث ہے

۳۵۳۰/۴۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ سَكَنَ الْبَادِيَةَ جَفَا وَمَنِ اتَّبَعَ الصَّيْدَ غَفَلَ وَمَنْ اَتَى السُّلْطَانَ افْتُتِنَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ۔ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوٗدَ مَنْ لَزِمَ السُّلْطَانَ افْتُتِنَ وَمَا ازْدَادَ عَبْدٌ مِّنَ السُّلْطَانِ دُنُوًّا اِلَّا ازْدَادَ مِنَ اللّٰهِ بُعْدًا۔

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص جنگل میں رہتا ہے بیوقوف اور جاہل ہوتا ہے اور جو شخص شکار کے پیچھے دوڑتا رہتا ہے غافل ہوتا ہے اور جو شخص بادشاہ کے پاس جاتا آتا ہے فتنہ میں ڈالا جاتا ہے۔ (احمد۔ ترمذی۔ نسائی۔ اور ابوداؤد کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ، جو شخص بادشاہ کے ہاں حاضر باش ہوتا ہے فتنہ میں مبتلا ہوتا ہے اور جو شخص بادشاہ سے قربت ڈھونڈھتا ہے وہ اللہ تعالیٰ سے دور ہوتا ہے

گمنامی راحت کا باعث ہے اور شہرت، آفت کا باعث

۳۵۳۱/۴۲ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَفْلَحْتَ يَا مِقْدَامُ اِنْ مُتَّ وَلَمْ تَكُنْ اَمِيْرًا اَوْ كَاتِبًا وَلَا عَرِيْفًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت مقدام بن معدی کرب رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے مونڈھوں کو تھپک کر فرمایا مقدام رضؓ تو نے فلاح پائی (یعنی کامیاب ہوا) اگر اس حال میں مرا کہ تو حاکم نہ بنا منشی نہ بنا اور کسی کا قسم چودھری مقرر نہ ہوا۔ (ابوداؤد)

لوگوں سے خلافِ شرع محصول ٹیکس وصول کرنے والا حاکم جنت سے محروم رہے گا

۳۵۳۲/۴۳ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ صَاحِبُ مَكْسٍ يَعْنِي الَّذِيْ يَعْشُرُ النَّاسَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ

حضرت عقبہ بن عامر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مکس والا جنت میں داخل نہ ہوگا۔ راوی کا بیان ہے کہ مکس والے سے حضورؐ کی مراد وہ شخص ہے جو لوگوں سے خلافِ شرع محصول وصول کرتا ہے۔ (احمد۔ ابوداؤد۔ دارمی)

امام عادل کی فضیلت

۳۵۳۳/۴۴ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَبَّ النَّاسِ اِلَی اللّٰہِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَاَقْرَبَھُمْ مِنْہُ مَجْلِسًا اِمَامٌ عَادِلٌ وَاِنَّ اَبْغَضَ النَّاسِ اِلَی اللّٰہِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَاَشَدَّھُمْ عَذَابًا وَفِیْ رِوَایَۃٍ وَّاَبْعَدَھُمْ مِنْہُ مَجْلِسًا اِمَامٌ جَائِرٌ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)۔

حضرت ابوسعید رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن اللہ کے نزدیک تمام لوگوں میں محبوب تر اور مرتبہ میں سب سے قریب امام عادل ہوگا اور خدا کے نزدیک قیامت کے دن تمام لوگوں میں بدترین اور مرتبہ میں پست و ذلیل ظالم حاکم ہوگا۔ (ترمذی)

(یہ حدیث حسن غریب ہے)

ظالم حاکم کے سامنے حق گوئی سب سے بہتر جہاد ہے

۳۵۳۴/۴۵ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الْجِھَادِ مَنْ قَالَ کَلِمَۃَ حَقٍّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ وَرَوَاہُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِیُّ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِھَابٍ)۔

حضرت ابوسعید رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بہترین جہاد یہ ہے کہ ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہے۔ (ترمذی ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

حکمران کے صالح مشیر کار اس کی فلاح کا باعث ہوتے ہیں

۳۵۳۵/۴۶ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اللّٰہُ بِالْاَمِیْرِ خَیْرًا جَعَلَ لَہٗ وَزِیْرَ صِدْقٍ اِنْ نَسِیَ ذَکَّرَہٗ وَاِنْ ذَکَرَ اَعَانَہٗ وَاِذَا اَرَادَ بِہٖ غَیْرَ ذٰلِکَ جَعَلَ لَہٗ وَزِیْرَ سُوْءٍ اِنْ نَسِیَ لَمْ یُذَکِّرْہُ وَاِنْ ذَکَرَ لَمْ یُعِنْہُ۔ (رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب خداوند تعالیٰ کسی امیر یا حاکم کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے لئے ایک ایسا وزیر مقرر کرتا ہے کہ امیر کسی بات کو بھول جاتا ہے تو وزیر اس بات کو یاد دلاتا ہے اور بات کو یاد رکھتا ہے تو وزیر اس کی مدد کرتا ہے اور جب خداوند تعالیٰ کسی امیر کے ساتھ برائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو برا وزیر دیتا ہے کہ اگر امیر کسی بات کو بھول جاتا ہے تو وزیر اس کو یاد نہیں دلاتا اور بات کو یاد رکھتا ہے تو اس کی مدد نہیں کرتا۔

رعایا کے تئیں حکمران کا شک و شبہ عام انتشار و بددلی کا باعث ہے

۳۵۳۶/۴۷ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْاَمِیْرَ اِذَا ابْتَغَی الرِّیْبَۃَ فِی النَّاسِ اَفْسَدَھُمْ۔ (رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابی امامہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حاکم جب لوگوں میں شک و شبہ کی بات ڈھونڈھتا ہے تو لوگوں کو خراب کر دیتا ہے۔ (ابوداؤد)

۳۵۳۷/۴۸ وَعَنْ مُعَاوِیَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّکَ اِذَا اتَّبَعْتَ عَوْرَاتِ النَّاسِ اَفْسَدْتَّھُمْ۔ (رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت معاویہ رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جب تو لوگوں کی چھپی ہوئی باتوں کو ڈھونڈھے گا تو ان کو خراب کرے گا۔ (بیہقی)

حق تلفی کرنے والے حاکم سے فلاں تلوار اٹھانے سے صبر کرنا بہتر ہے

۳۵۳۸/۴۹ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میرے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ اَنْتُمْ وَاَئِمَّةٌ مِّنْ بَعْدِيْ يَسْتَاْثِرُوْنَ بِهٰذَا الْفَيْءِ قُلْتُ اَمَا وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ اَضَعُ سَيْفِيْ عَلٰى عَاتِقِيْ ثُمَّ اَضْرِبُ بِهٖ حَتّٰى اَلْقَاكَ قَالَ اَوَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى خَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكَ تَصْبِرُ حَتّٰى تَلْقَانِيْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

بعد تم اپنے اماموں (یعنی حاکموں) کے ساتھ کس طرح بسر کرو گے جب کہ وہ کافروں سے خراج اور جزیہ لیں گے (اور مستحق لوگوں کو نہ دیں گے۔ اس حالت میں تم صبر کرو گے یا ان سے لڑو گے؟) میں نے عرض کیا قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں اپنی تلوار کو اپنے کاندھے پر رکھونگا پھر قتال کرونگا حتّٰی کہ میں آپ سے جا ملوں۔ آپ نے فرمایا کیا اس سے آپ کی بات میں تجھ کو نہ بتلادوں، تو صبر کر جب تک کہ مجھ سے جا کر ملے۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

امام عادل کی فضیلت

۳۵۳۹ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَنِ السَّابِقُوْنَ اِلٰى ظِلِّ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالُوا اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ الَّذِيْنَ اِذَا اُعْطُوا الْحَقَّ قَبِلُوْهُ وَاِذَا سُئِلُوْهُ بَذَلُوْهُ وَحَكَمُوْا لِلنَّاسِ كَحُكْمِهِمْ لِاَنْفُسِهِمْ۔

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم جانتے ہو قیامت کے دن خدا کے سایہ میں سب سے پہلے کون لوگ جائیں گے؟ صحابہ رضؓ نے عرض کیا۔ اللہ تعالےٰ اور اس کا رسول خوب جانتا ہے۔ فرمایا وہ لوگ عرشِ الٰہی کے سایے میں سب سے پہلے جائیں گے۔ جن سے حق بات کہی جائے تو وہ اس کو قبول کرلیں (یعنی وہ امیر اور حاکم جو حق بات کو سنیں اور قبول کریں) اور جب ان سے حق کا مطالبہ کیا جائے تو وہ خرچ کریں اور لوگوں پر اس طرح حکومت کریں جس طرح اپنے اوپر حکومت کی جاتی ہے (یعنی لوگوں پر اس طرح حکم کریں جس طرح اپنی ذات پر حکم کرتے ہیں)۔ (احمد)

حکمرانوں کے ظلم سے آنحضرتؐ کا خوف

۳۵۴۰ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ثَلٰثَةٌ اَخَافُ عَلٰى اُمَّتِيْ الْاِسْتِسْقَاءُ بِالْاَنْوَاءِ وَحَيْفُ السُّلْطَانِ وَتَكْذِيْبٌ بِالْقَدَرِ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت جابر رضؓ بن سمرہ کہتے ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے اپنی امّت کے لئے میں تین باتوں سے ڈرتا ہوں (کہ کہیں وہ ان سے گمراہی میں نہ پڑجائیں) ایک تو چاند کی منازل کے حساب سے بارش کا طلب کرنا۔ دوسرے بادشاہ کا ظلم کرنا۔ تیسرے تقدیر کا جھٹلانا۔ (احمد)

بلاوجہ نہ تو امین بنو اور نہ حاکم بنو

۳۵۴۱ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةُ اَيَّامٍ اِعْقِلْ يَا اَبَاذَرٍّ مَا يُقَالُ لَكَ بَعْدُ فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ السَّابِعُ قَالَ اُوْصِيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ فِيْ سِرِّ اَمْرِكَ وَعَلَانِيَتِهٖ وَاِذَا اَسَاْتَ فَاَحْسِنْ وَلَا تَسْاَلَنَّ اَحَدًا شَيْئًا وَّاِنْ سَقَطَ سَوْطُكَ وَلَا تَقْبِضَنَّ اَمَانَةً وَّلَا تَقْضِيَنَّ بَيْنَ اثْنَيْنِ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ ابوذر چھ روز بعد میں تجھ سے ایک بات کہوں گا اس پر خوب غور کرلے جب ساتواں دن ہوا تو آپ نے فرمایا میں تجھ کو خدا سے ڈرتے رہنے کی وصیّت کرتا ہوں ظاہر اور باطن میں اور جب تو کسی کے ساتھ کوئی برائی کرے تو اس کے ساتھ نیکی بھی کر (اس لئے کہ نیکی برائی کو مٹا دیتی ہے) اور کسی سے کوئی چیز نہ مانگ اگرچہ تیرا کوڑا ہی گر پڑے (یعنی تیرا کوڑا بھی گر جائے تو کسی سے نہ مانگ) اور کسی کی امانت اپنے پاس نہ رکھ اور دو شخصوں کے درمیان فیصلہ و حکم نہ کر۔ (احمد)

حکمراں کے حق میں حکومت کے تین تدریجی مرحلے

۳۵۴۲/۵۳ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَا مِنْ رَجُلٍ یَّلِیْ اَمْرَ عَشَرَةٍ فَمَا فَوْقَ ذٰلِكَ اِلَّا اَتَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَغْلُوْلًا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ یَدُهٗ اِلٰی عُنُقِهٖ فَكَّهٗ بِرُّهٗ اَوْ اَوْبَقَهٗ اِثْمُهٗ اَوَّلُهَا مَلَامَةٌ وَاَوْسَطُهَا نَدَامَةٌ وَّاٰخِرُهَا خِزْیٌ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابی امامہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص دس آدمیوں یا زیادہ کا حاکم ہو اس کو خداوند تعالیٰ قیامت کے دن اس حال میں اٹھائے گا کہ اس کی گردن میں طوق پڑا ہوگا اور اس کا ہاتھ گردن میں بندھا ہوگا اس مصیبت سے اس کو اس کی نیکی (یعنی عدل و احسان) چھڑائے گی اور اس کا گناہ اس کو ہلاک کرے گا۔ امارت کی ابتدا ملامت ہے اس کا درمیان ندامت و پشیمانی اور اس کا آخر قیامت کے اندر ذلت و رسوائی۔ (احمد)

حضرت معاویہؓ کے حق میں آنحضرتؐ کی پیش گوئی

۳۵۴۳/۵۴ وَعَنْ مُعَاوِیَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا مُعَاوِیَةُ اِنْ وُلِّیْتَ اَمْرًا فَاتَّقِ اللّٰهَ وَاعْدِلْ قَالَ فَمَا زِلْتُ اَظُنُّ اَنِّیْ مُبْتَلًی بِعَمَلٍ لِقَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی اُبْتُلِیْتُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت معاویہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اے معاویہ! اگر تجھ کو کسی کام کا والی و حاکم مقرر کیا جائے تو تو خدا سے ڈر اور انصاف کر۔ معاویہ رضؓ کا بیان ہے کہ ہمیشہ میں یہ خیال کرتا رہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے فرمانے کے بموجب میں ضرور کسی کام میں مبتلا کیا جاؤں گا۔ یہاں تک کہ میں مبتلا ہوا (یعنی حکومت ملی)۔ (احمد)

آنے والے زمانے کے بارے میں ایک پیش گوئی

۳۵۴۴/۵۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ رَّاْسِ السَّبْعِیْنَ وَاِمَارَةِ الصِّبْیَانِ رَوَی الْاَحَادِیْثَ السِّتَّةَ (اَحْمَدُ وَرَوَی الْبَیْهَقِیُّ حَدِیْثَ الْمُعَاوِیَةِ فِیْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم خدا کے ذریعہ پناہ مانگو ستر سال کے آغاز سے اور بچوں کی سرداری و امارت سے۔ (بیہقی۔ احمد)

جیسے عمل کرو گے ویسے ہی حکمراں مقرر ہوں گے

۳۵۴۵/۵۶ وَعَنْ یَحْیٰی بْنِ هَاشِمٍ عَنْ یُوْنُسَ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَمَا تَكُوْنُوْنَ كَذٰلِكَ یُؤَمَّرُ عَلَیْكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ)

یحییٰ بن ہاشم، یونس بن ابی اسحاق سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جیسے تم ہوگے ویسے ہی تمہارے سردار مقرر کئے جائیں گے۔ (بیہقی)

بادشاہ روئے زمین پر خدا کا سایہ ہوتا ہے

۳۵۴۶/۵۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ السُّلْطَانَ ظِلُّ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ یَاْوِیْ اِلَیْهِ كُلُّ مَظْلُوْمٍ مِنْ عِبَادِهٖ فَاِذَا عَدَلَ كَانَ لَهُ الْاَجْرُ وَعَلَی الرَّعِیَّةِ الشُّكْرُ وَاِذَا جَارَ كَانَ عَلَیْهِ الْاِصْرُ وَعَلَی الرَّعِیَّةِ الصَّبْرُ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بادشاہ زمین میں خدا تعالیٰ کا سایہ ہوتا ہے اور خدا تعالیٰ کے بندوں میں سے ہر مظلوم بندہ اس کے ہاں پناہ حاصل کرتا ہے پھر جب وہ عدل و انصاف کرتا ہے تو اس کو ثواب ملتا ہے اور رعیت پر اس کا شکر واجب ہوتا ہے اور جب ظلم کرتا ہے اس پر گناہ ہوتا ہے اور رعیت پر صبر لازم ہوتا ہے۔ (بیہقی)

قیامت کے دن سب سے بلند مرتبہ نرم خو اور عادل حکمراں ہوگا

۳۵۴۷/۵۸ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَفْضَلَ عِبَادِ اللّٰهِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِمَامٌ عَادِلٌ رَفِيْقٌ وَاِنَّ شَرَّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِمَامٌ جَائِرٌ خَرِقٌ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت عمر بن خطابؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا تعالیٰ کے نزدیک قیامت کے دن مرتبہ کے اعتبار سے خدا کے بندوں میں سب سے بہتر عادل اور نرمی کرنے والا حاکم ہے اور بدترین شخص سختی کرنے والا ظالم حاکم ہے۔ (بیہقی)

کسی مسلمان کو محض ڈرانا دھمکانا بھی عذاب کا سزاوار کرنا ہے

۳۵۴۸/۵۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَظَرَ اِلٰى اَخِيْهِ نَظْرَةً يُخِيْفُهٗ اَخَافَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَى الْاَحَادِيْثَ الْاَرْبَعَةَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ فِيْ حَدِيْثِ يَحْيٰى هٰذَا مُنْقَطِعٌ وَرِوَايَتُهٗ ضَعِيْفٌ۔

حضرت عبداللہ بن عمروؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی طرف ایسی نظر سے دیکھے کہ وہ اس سے ڈر جائے یا ڈرانے والی نظر سے دیکھے کہ تو قیامت کے دن خداوند تعالیٰ اس کو ڈرائے گا۔ یہ چاروں حدیثیں بیہقی نے روایت کی ہیں اور بیہقی کہتے ہیں یحییٰ بن ہاشم کی حدیث منقطع اور ضعیف ہے۔

حکمران کے ظلم پر اس کو برا بھلا کہنے کی بجائے اپنے اعمال درست کرو

۳۵۴۹/۶۰ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ اَنَا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا مَالِكُ الْمُلُوْكِ وَمَلِكُ الْمُلُوْكِ قُلُوْبُ الْمُلُوْكِ فِيْ يَدِيْ وَاِنَّ الْعِبَادَ اِذَا اَطَاعُوْنِيْ حَوَّلْتُ قُلُوْبَ مُلُوْكِهِمْ عَلَيْهِمْ بِالرَّحْمَةِ وَالرَّاْفَةِ وَاِنَّ الْعِبَادَ اِذَا عَصَوْنِيْ حَوَّلْتُ قُلُوْبَهُمْ بِالسَّخْطَةِ وَالنِّقْمَةِ فَسَامُوْهُمْ سُوْءَ الْعَذَابِ فَلَا تَشْغَلُوْا اَنْفُسَكُمْ بِالدُّعَاءِ عَلَى الْمُلُوْكِ وَلٰكِنِ اشْغَلُوْا اَنْفُسَكُمْ بِالذِّكْرِ وَالتَّضَرُّعِ كَيْ اَكْفِيَكُمْ مُلُوْكَكُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ۔)

حضرت ابودرداءؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے میں اللہ ہوں کوئی معبود میرے سوا عبادت کے قابل نہیں میں بادشاہوں کا مالک ہوں اور بادشاہوں کا بادشاہ ہوں بادشاہوں کے دل میرے ہاتھ میں ہیں اور بندے جب کہ میری اطاعت کرتے ہیں پھیر دیتا ہوں میں بادشاہوں کے دلوں کو ان کی طرف رحمت و شفقت کے ساتھ۔ اور جب بندے میری نافرمانی کرتے ہیں تو میں بادشاہوں کے دلوں کو ان کے لئے بنا دیتا ہوں سخت و غضب ناک پھر جب برے بادشاہ ان کو بڑی سزا دیں تو اس وقت وہ اپنے آپ کو بادشاہوں کے لئے بددعا میں مشغول نہ کریں بلکہ میرے ذکر میں مشغول ہوں اور عاجزی و زاری کریں تاکہ میں تمہارے بادشاہوں کے شر سے تم کو بچاؤں۔ (حلیہ)

بَابُ مَا عَلَى الْوُلَاةِ مِنَ التَّيْسِيْرِ رعیت پر آسانی و نرمی کرنے کا بیان

فصل اوّل

حکمران کو اپنی رعایا کے ساتھ نرم روی اختیار کرنی چاہیئے

۳۵۵۰/۱ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَعَثَ اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِهٖ فِيْ

حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے اصحابؓ میں سے کسی کو کسی کام پر مامور کر کے بھیجتے تو فرماتے لوگوں کو

بَعْضِ اَمْرِہٖ قَالَ بَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا وَيَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

خوشخبری دو نفرت نہ دلاؤ۔ آسانی کرو اور دشواری میں نہ ڈالو۔ (بخاری و مسلم)

۳۵۵۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا وَسَكِّنُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (اے حاکمو!) تم (رعیت پر) آسانی کرو دشواری میں نہ ڈالو، تسکین دو نفرت نہ پیدا کرو۔ (بخاری و مسلم)

۳۵۵۲ وَعَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَدَّهٗ اَبَا مُوْسٰى وَمُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ يَسِّرَا وَلَا تُعَسِّرَا وَبَشِّرَا وَلَا تُنَفِّرَا وَتَطَاوَعَا وَلَا تَخْتَلِفَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابی بردہ رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن کے دادا ابو موسیٰ رضؓ اور معاذ رضؓ کو یمن بھیجا (یعنی امیر و حاکم بنا کر) اور فرمایا آسانی کرنا مشکل میں نہ ڈالنا خوشخبری دینا نفرت نہ پیدا کرنا، اور دونوں متحد و متفق رہنا اختلاف نہ کرنا۔ (بخاری و مسلم)

قیامت کے دن عہد شکن کی رسوائی

۳۵۵۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْغَادِرَ يُنْصَبُ لَهٗ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيُقَالُ هٰذِهٖ غَدْرَةُ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے عہد توڑنے والے کے لئے قیامت کے دن ایک جھنڈا یا نشان کھڑا کیا جائے گا اور کہا جائے گا یہ فلاں بن فلاں کی عہد شکنی کا نشان ہے۔ (بخاری و مسلم)

۳۵۵۴ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكُلِّ غَادٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُعْرَفُ بِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن ہر عہد شکن کا ایک نشان ہوگا جس سے اس کو شناخت کیا جائے گا۔ (بخاری و مسلم)

۳۵۵۵ وَعَنْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكُلِّ غَادٍ لِوَاءٌ عِنْدَ اِسْتِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِكُلِّ غَادٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرْفَعُ لَهٗ بِقَدْرِ غَدْرِهٖ اَلَا وَلَا غَادِرَ اَعْظَمُ غَدْرًا مِّنْ اَمِيْرِ عَامَّةٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن ہر عہد شکن کا نشان اس کے سرینوں کے قریب کھڑا ہوگا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ہر عہد شکن کا نشان قیامت کے دن اس کی عہد شکنی کے موافق بلند کیا جائے گا (یعنی جیسی عہد شکنی ہوگی ویسا ہی نشان اونچا یا نیچا ہوگا) خبردار کوئی عہد شکن، عہد شکنی کے اعتبار سے امام عام سے بڑا نہیں (یعنی حاکم عام کی عہد شکنی سب سے بڑی عہد شکنی ہے) (مسلم)

فصل دوم

رعایا کی ضروریات پوری نہ کرنے والے حکمراں کے بارے میں وعید

۳۵۵۶ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ اَنَّهٗ قَالَ لِمُعَاوِيَةَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ وَلَّاهُ اللّٰهُ شَيْئًا مِّنْ اَمْرِ الْمُسْلِمِيْنَ فَاحْتَجَبَ دُوْنَ حَاجَتِهِمْ وَخَلَّتِهِمْ وَفَقْرِهِمْ اِحْتَجَبَ اللّٰهُ دُوْنَ حَاجَتِهٖ وَخَلَّتِهٖ وَفَقْرِهٖ فَجَعَلَ مُعَاوِيَةُ رَجُلًا عَلٰى حَوَائِجِ النَّاسِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ

حضرت عمرو بن مُرّہ رضؓ کہتے ہیں انھوں نے معاویہ رضؓ سے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ جس شخص کو خداوند تعالیٰ مسلمانوں کے کسی کام کا والی و حاکم بنائے اور وہ ان کی حاجت، ضرورت مطلب اور افلاس سے چشم پوشی کرے تو خداوند تعالیٰ اس کی حاجت مطلب اور افلاس سے چشم پوشی کرے گا (یہ سُنکر) حضرت معاویہ رضؓ نے ایک آدمی مقرر کیا کہ وہ لوگوں کی ضروریات پر نظر رکھے اور ان کو پورا کرتا رہے

التِّرْمِذِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُ وَلِاَحْمَدَ اَغْلَقَ اللّٰهُ اَبْوَابَ السَّمَآءِ دُوْنَ خَلَّتِهٖ وَحَاجَتِهٖ وَمَسْكَنَتِهٖ

(ابوداؤد۔ ترمذی۔ اور احمد کی ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ بند کردے گا اللہ تعالیٰ اس کی حاجت، ضرورت اور افلاس پر آسمان کے دروازوں کو)۔

فصل سوم

رعایا پر اپنے دروازے بند رکھنے والے حاکم پر رحمت خداوندی کے دروازے بند ہوں گے

۳۵۵۷/۸ عَنْ اَبِي السَّمَّاخِ الْاَزْدِيِّ عَنِ ابْنِ عَمٍّ لَّهٗ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اَتٰى مُعَاوِيَةَ فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ وُلِّيَ مِنْ اَمْرِ النَّاسِ شَيْئًا ثُمَّ اَغْلَقَ بَابَهٗ دُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَوِ الْمَظْلُوْمِ اَوْ ذِي الْحَاجَةِ اَغْلَقَ اللّٰهُ دُوْنَهٗ اَبْوَابَ رَحْمَتِهٖ عِنْدَ حَاجَتِهٖ وَفَقْرِهٖ اَفْقَرَ مَا يَكُوْنُ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت شماخ ازدی رضؓ اپنے چچازاد بھائی سے روایت کرتے ہیں جو صحابی ہیں انھوں نے بیان کیا کہ وہ معاویہ رضؓ کے پاس گئے اور کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جس شخص کو لوگوں کے کسی کام پر مامور کیا گیا ہو اور پھر اس نے اپنے دروازے کو مسلمانوں کے لئے یا مظلوم یا حاجتمندوں پر بند کر دیا ہو تو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کے دروازوں کو اس کی ضرورت و حاجت اور مفلسی کے وقت بند کرلے گا۔ خصوصاً جب کہ وہ بہت زیادہ محتاج ہوگا۔ (بیہقی)

اپنے حکام کو حضرت عمر فاروق رضؓ کی ہدایات

۳۵۵۸/۹ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا بَعَثَ عُمَّالَهٗ شَرَطَ عَلَيْهِمْ اَنْ لَّا تَرْكَبُوْا بِرْذَوْنًا وَّلَا تَاْكُلُوْا نَقِيًّا وَّلَا تَلْبَسُوْا رَقِيْقًا وَّلَا تُغْلِقُوْا اَبْوَابَكُمْ دُوْنَ حَوَائِجِ النَّاسِ فَاِنْ فَعَلْتُمْ شَيْئًا مِّنْ ذٰلِكَ فَقَدْ حَلَّتْ بِكُمُ الْعُقُوْبَةُ ثُمَّ يُشَيِّعُهُمْ رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ

حضرت عمر بن خطاب رضؓ کہتے ہیں کہ وہ جب اپنے عمال (حکام) کو روانہ کرتے تو ان سے یہ شرط کر لیتے کہ ترکی گھوڑے پر سوار نہ ہونا میدہ نہ کھانا، باریک کپڑا نہ پہننا اور اپنے دروازے کو حاجتمندوں پر بند نہ کرنا۔ اگر تم ان سے کوئی بات کرو گے تو تم سزا کے مستحق ہو جاؤ گے اس کے بعد حضرت عمر رضؓ کچھ دور تک پہنچانے تشریف لے جاتے۔ (بیہقی)

بَابُ الْعَمَلِ فِي الْقَضَاءِ وَالْخَوْفِ مِنْهُ

حکمرانی کرنے اور حکمرانی سے ڈرنے کا بیان

فصل اوّل

غصہ کی حالت میں کسی قضیہ کا فیصلہ نہ کیا جائے

۳۵۵۹/۱ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَقْضِيَنَّ حَكَمٌ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابی بکرہ رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جب کہ حاکم غیظ و غضب میں ہو تو دو آدمیوں کے معاملے میں فیصلہ نہ کرے۔ (بخاری و مسلم)

قاضی کو اجتہاد کا اختیار ہے

۳۵۶۰/۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَّاَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ اور ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حَكَمَ ..... الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ وَاَصَابَ فَلَهٗ اَجْرَانِ وَاِذَا حَكَمَ فَاجْتَهَدَ وَاَخْطَاَ فَلَهٗ اَجْرٌ وَّاحِدٌ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نے فرمایا ہے جب حاکم حکم لگانے پر آمادہ ہو تو اجتہاد کرے (یعنی معاملہ پر خوب غور و خوض کرے اور کتاب اللہ و احادیث کو پیش نظر رکھے) اگر اس کا فیصلہ حق بجانب نہ ہوگا یعنی فیصلہ میں غلطی ہوگی تو ایک اجر ملے گا یعنی حاکم فیصلہ کرنے میں پوری کوشش کرے اگر اس کا فیصلہ درست ہوگا تو دوہرا ثواب ملے گا اور کوشش کے بعد بھی فیصلہ میں غلطی ہوئی تو ایک اجر ملے گا۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

منصب قضاء ایک ابتلا ہے

۳۵۶۱ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جُعِلَ قَاضِيًا بَيْنَ النَّاسِ فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ سِكِّيْنٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کو لوگوں کا قاضی (حاکم) بنایا گیا گویا اس کو بغیر چھری کے ذبح کیا گیا۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

قاضی بننے کی خواہش نہ کرو

۳۵۶۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتَغَى الْقَضَاءَ وَسَاَلَ وُكِّلَ اِلٰى نَفْسِهٖ وَمَنْ اُكْرِهَ عَلَيْهِ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مَلَكًا يُسَدِّدُهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص منصب قضا کا خواستگار ہوا اور بادشاہ یا خلیفہ سے اس کو طلب کرے وہ گویا اپنے آپ کو اس منصب کے حوالہ کر دیتا ہے اور جس شخص کو یہ منصب زبردستی دیا جاتا ہے خداوند تعالیٰ اس کی مدد کے لئے ایک فرشتہ بھیج دیتا ہے جو اس کے کاموں کو درست رکھتا ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

جنتی اور دوزخی قاضی

۳۵۶۳ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْقُضَاةُ ثَلٰثَةٌ وَّاحِدَةٌ فِي الْجَنَّةِ وَاثْنَانِ فِي النَّارِ فَاَمَّا الَّذِيْ فِي الْجَنَّةِ فَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَقَضٰى بِهٖ وَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَجَارَ فِي الْحُكْمِ فَهُوَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ قَضٰى لِلنَّاسِ عَلٰى جَهْلٍ فَهُوَ فِي النَّارِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت بریدہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قضا کا منصب تین قسم کا ہوتا ہے جن میں سے ایک جنت میں اور دو دوزخ میں جاتے ہیں جنت میں وہ حاکم جائیگا جس نے حق کو پہچانا اور حق کے ساتھ فیصلہ کیا اور جس نے حق کو پہچانا اور فیصلہ میں ظلم کیا وہ دوزخ میں جائے گا اور جس نے لوگوں کے درمیان اپنی جہالت سے فیصلہ کیا اور حق کو نہ پہچانا وہ بھی دوزخ میں جائے گا۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۳۵۶۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ طَلَبَ قَضَاءَ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى نَالَهٗ ثُمَّ غَلَبَ عَدْلُهٗ جَوْرَهٗ فَلَهُ الْجَنَّةُ وَمَنْ غَلَبَ جَوْرُهٗ عَدْلَهٗ فَلَهُ النَّارُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے مسلمانوں کی حکومت و امارت طلب کی اور وہ اس کو مل گئی اور پھر اس کا انصاف اس کے ظلم پر غالب رہا تو اس کو جنت ملے گی اور جس کا ظلم اس کے انصاف پر غالب رہا، اس کے لئے دوزخ ہے۔ (ابوداؤد)

قیاس اور اجتہاد برحق ہے

۳۵۶۵ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَهٗ اِلَى الْيَمَنِ قَالَ كَيْفَ تَقْضِيْ اِذَا عَرَضَ لَكَ قَضَاءٌ قَالَ اَقْضِيْ بِكِتَابِ اللّٰهِ قَالَ فَاِنْ لَّمْ تَجِدْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ قَالَ فَبِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاِنْ لَّمْ تَجِدْ فِيْ سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ قَالَ اَجْتَهِدُ بِرَاْيِيْ وَلَا اٰلُوْ قَالَ فَضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى صَدْرِهٖ وَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَفَّقَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَا يَرْضٰى بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)۔

حضرت معاذ بن جبل رضہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب ان کو یمن روانہ فرمایا تو دریافت کیا جب کوئی معاملہ تیرے سامنے آئے گا تو کس طرح اس میں فیصلہ کرے گا؟ عرض کیا۔ کتاب اللہ کے موافق فیصلہ کروں گا۔ فرمایا اگر کتاب اللہ میں اس بات کو نہ پائے تو عرض کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سنت کے موافق فیصلہ کروں گا۔ فرمایا اگر سنتِ رسول میں بھی وہ بات نہ ملے؟ عرض کیا اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا اور اجتہاد میں کوتاہی نہ کروں گا معاذ کہتے ہیں یہ سنکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کے سینہ پر ہاتھ مارا اور فرمایا تمام تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جس نے رسول اللہ ص کو اس امر کی توفیق دی کہ اس سے اللہ تعالےٰ کا رسول ص راضی ہے۔
(ترمذی۔ ابوداؤد۔ دارمی)

مدعا علیہ کا بیان سنے بغیر مدعی کے حق میں فیصلہ نہ کیا جائے

۳۵۶۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ قَاضِيًا فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تُرْسِلُنِيْ وَاَنَا حَدِيْثُ السِّنِّ وَلَا عِلْمَ لِيْ بِالْقَضَاءِ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ سَيَهْدِيْ قَلْبَكَ وَيُثَبِّتُ لِسَانَكَ اِذَا تَقَاضٰى اِلَيْكَ رَجُلَانِ فَلَا تَقْضِ لِلْاَوَّلِ حَتّٰى تَسْمَعَ كَلَامَ الْاٰخَرِ فَاِنَّهٗ اَحْرٰى اَنْ يَّتَبَيَّنَ لَكَ الْقَضَاءُ قَالَ فَمَا شَكَكْتُ فِيْ قَضَاءٍ بَعْدُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت علی رضہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو عامل بنا کر یمن بھیجا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ص آپ مجھ کو حاکم بنا کر بھیج رہے ہیں میں نوجوان ہوں اور حکومت کرنے کا طریقہ بھی مجھ کو معلوم نہیں ہے آپ نے فرمایا خداوند تعالیٰ تیرے دل کی رہنمائی کرے گا اور تیری زبان کو ثابت رکھے گا اس کے بعد آپ نے فرمایا جب دو شخص کوئی معاملہ لے کر تیرے پاس آئیں تو تو پہلے شخص یعنی مدعی کے حق میں اس وقت تک فیصلہ نہ کر جب تک دوسرے کے بیان کو نہ سن لے اس لئے کہ مدعا علیہ کا بیان تجھ کو حکم دینے میں مدد دے گا حضرت علی رضہ کہتے ہیں کہ اس کے بعد میں نے حضور ص کی دعا کے بعد کسی معاملہ کے اندر فیصلہ کرنے میں شک نہیں کیا۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

فصل سوم

قیامت کے دن ظالم حاکم کا انجام

۳۵۶۷ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ حَاكِمٍ يَحْكُمُ بَيْنَ النَّاسِ اِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَلَكٌ اٰخِذٌ بِقَفَاهُ ثُمَّ يَرْفَعُ رَاْسَهٗ اِلَى السَّمَآءِ فَاِنْ قَالَ اَلْقِهِ اَلْقَاهُ فِيْ مَهْوَاةٍ اَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضہ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر وہ حاکم جو لوگوں پر حکومت کرتا ہے قیامت کے دن اس حال میں لایا جائے گا کہ ایک فرشتہ اس کی گدی پکڑے گا پھر فرشتہ آسمان کی طرف دیکھے گا (یعنی خدا سے حکم طلب کرے گا) اگر خداوند تعالیٰ حکم دے گا کہ اس کو ڈال دے تو وہ اس کو دوزخ کے گڑھے میں ڈال دے گا جس کا پھیلاؤ چالیس برس کی راہ کا ہوگا۔
(احمد۔ ابن ماجہ۔ بیہقی)

قیامت کے دن قاضی کی حسرت ناک آرزو

۳۵۶۸ وَعَنْ عَائِشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَاتِيَنَّ عَلَى الْقَاضِي الْعَدْلِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَتَمَنّٰى اَنَّهٗ لَمْ يَقْضِ بَيْنَ اثْنَيْنِ فِيْ تَمْرَةٍ قَطُّ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انصاف پسند حاکم قیامت کے دن اس امر کی آرزو کرے گا کہ کاش اس نے دو شخصوں کے درمیان ایک کھجور کے نزاع کا فیصلہ بھی نہ کیا ہوتا (یعنی معمولی سی بات کا فیصلہ)۔ (احمد)

عادل و منصف قاضی کو حق تعالیٰ کی توفیق و تائید حاصل رہتی ہے

۳۵۶۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الْقَاضِيْ مَا لَمْ يَجُرْ فَاِذَا جَارَ تَخَلّٰى عَنْهُ وَلَزِمَهُ الشَّيْطٰنُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاِذَا جَارَ وَكَلَهٗ اِلٰى نَفْسِهٖ)

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قاضی (حاکم) کے ساتھ خداوند تعالیٰ کی توفیق و تائید ہوتی ہے جب تک وہ ظلم نہیں کرتا لیکن جب وہ ظلم کرنے لگتا ہے تو خدا تعالیٰ کی تائید و توفیق الگ ہو جاتی ہے اور شیطان اس کے ساتھ ہو جاتا ہے۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

۳۵۷۰ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ مُسْلِمًا وَّيَهُوْدِيًّا اخْتَصَمَا اِلٰى عُمَرَ فَرَاَى الْحَقَّ لِلْيَهُوْدِيِّ فَقَضٰى لَهٗ عُمَرُ بِهٖ فَقَالَ لَهُ الْيَهُوْدِيُّ وَاللّٰهِ لَقَدْ قَضَيْتَ بِالْحَقِّ فَضَرَبَهُ عُمَرُ بِالدِّرَّةِ وَقَالَ وَمَا يُدْرِيْكَ فَقَالَ الْيَهُوْدِيُّ وَاللّٰهِ اِنَّا نَجِدُ فِي التَّوْرٰىةِ اَنَّهٗ لَيْسَ قَاضٍ يَّقْضِيْ بِالْحَقِّ اِلَّا كَانَ عَنْ يَمِيْنِهٖ مَلَكٌ وَّعَنْ شِمَالِهٖ مَلَكٌ يُسَدِّدَانِهٖ وَيُوَفِّقَانِهٖ لِلْحَقِّ مَا دَامَ مَعَ الْحَقِّ فَاِذَا تَرَكَ الْحَقَّ عَرَجَا وَتَرَكَاهُ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت سعید بن مسیبؒ کہتے ہیں کہ ایک یہودی اور ایک مسلمان حضرت عمر رضؓ کی خدمت میں اپنا جھگڑا لے کر آئے حضرت عمر رضؓ نے یہودی کے دعوے کو درست مانا اور اس کے حق میں فیصلہ دیدیا یہودی نے کہا قسم ہے خدا تعالیٰ کی آپ نے حق کے موافق فیصلہ دیا حضرت عمر رضؓ نے اس کے ایک درّہ مارا اور کہا تجھ کو کیوں کر معلوم ہوا کہ فیصلہ حق کے موافق کیا گیا۔ اس نے عرض کیا قسم ہے خدا کی توراۃ میں ہم نے دیکھا ہے کہ جو حاکم حق کے ساتھ فیصلہ کرتا ہے اس کے دائیں بائیں دو فرشتے ہوتے ہیں جو اس کے کاموں کو درست کرتے اور اس کو حق کی توفیق دیتے ہیں جب تک کہ وہ حق پرست رہتا ہے اور جب وہ حق کو چھوڑ دیتا ہے تو وہ فرشتے آسمان پر چلے جاتے ہیں اور اس کو چھوڑ دیتے ہیں۔ (مالک)

منصب قضا قبول کرنے سے حضرت ابن عمر رضؓ کا انکار

۳۵۷۱ وَعَنِ ابْنِ مَوْهَبٍ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ قَالَ لِابْنِ عُمَرَ اقْضِ بَيْنَ النَّاسِ قَالَ اَوَتُعَافِيْنِيْ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ وَمَا تَكْرَهُ مِنْ ذٰلِكَ وَقَدْ كَانَ اَبُوْكَ يَقْضِيْ قَالَ لِاَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ كَانَ قَاضِيًا فَقَضٰى بِالْعَدْلِ فَبِالْحَرِيِّ اَنْ يَّنْقَلِبَ مِنْهُ كَفَافًا فَمَا رَاجَعَهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِيْ رِوَايَةِ رَزِيْنٍ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ لِعُثْمَانَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا اَقْضِيْ

ابن موہبؒ کہتے ہیں کہ حضرت عثمان بن عفان رضؓ نے ابن عمر رضؓ سے فرمایا لوگوں کے درمیان حکم کر (یعنی قاضی و حاکم بن کر) ابن عمر رضؓ نے کہا امیر المومنین مجھ کو تو اس کام سے معاف رکھئے۔ عثمان نے کہا تم اس کو کیوں بُرا سمجھتے ہو؟ حالانکہ تمہارے والد حکومت کرتے تھے (یعنی ایام خلافت کے سوا بھی) ابن عمر رضؓ نے کہا اس لئے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے جو شخص حاکم یا قاضی ہو اور انصاف کے کام کرے اس کو مناسب ہے کہ وہ اس منصب سے علیحدہ ہو جائے (یعنی برابر چھوٹ جائے کہ اس سے نہ کوئی فائدہ حاصل کرے اور نہ نقصان نہ ثواب پائے اور نہ عذاب) اس کے بعد حضرت عثمان رضؓ نے ان سے اس معاملہ میں

بَيْنَ رَجُلَيْنِ قَالَ فَإِنَّ أَبَاكَ كَانَ يَقْضِي فَقَالَ إِنَّ أَبِي لَوْ أَشْكَلَ عَلَيْهِ شَيْءٌ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَوْ أَشْكَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ سَأَلَ جِبْرَئِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَإِنِّي لَا أَجِدُ مَنْ أَسْأَلُهُ وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ عَاذَ بِاللّٰهِ فَقَدْ عَاذَ بِعَظِيمٍ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ مَنْ عَاذَ بِاللّٰهِ فَأَعِيذُوهُ وَإِنِّي أَعُوذُ بِاللّٰهِ أَنْ تَجْعَلَنِي قَاضِيًا فَأَعْفَاهُ وَقَالَ عُثْمَانُ لَا تُخْبِرْ أَحَدًا۔

کوئی گفتگو نہیں کی۔ (ترمذی) اور رزین کی روایت میں جو نافع سے منقول ہے یہ الفاظ ہیں کہ ابن عمرؓ نے حضرت عثمانؓ سے عرض کیا اے امیر المومنین میں دو آدمیوں پر بھی حکومت نہیں کروں گا۔ حضرت عثمانؓ نے فرمایا تمہارے والد تو حکم کرتے تھے عرض کیا میرے والد کو اس معاملہ میں جو دشواری پیش آتی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کر لیا کرتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دشواری پیش آتی تھی تو آپ جبرئیلؑ سے دریافت فرمایا کرتے تھے لیکن میں کس سے دریافت کروں گا اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے کہ جس شخص نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ پناہ مانگی اس نے بڑی ذات کے ساتھ پناہ مانگی اور یہ سنا ہے کہ جو شخص خدا کے ذریعہ پناہ مانگے اس کو پناہ دو اور میں خدا کے ذریعہ پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ تم مجھ کو قاضی مقرر کرو۔ عثمانؓ نے ابن عمرؓ کو معاف کر دیا اور فرمایا کسی کو اس سے آگاہ نہ کرنا۔ (ورنہ اور لوگ بھی آمادہ نہ ہوں گے)۔

بَابُ رِزْقِ الْوُلَاةِ وَهَدَايَاهُمْ

حکام کی تنخواہوں اور حکام کو ہدایا دینے کا بیان

فصل اوّل

بارگاہِ رسالت سے مال کی تقسیم

۳۵۷۲/۱ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أُعْطِيكُمْ وَلَا أَمْنَعُكُمْ أَنَا قَاسِمٌ أَضَعُ حَيْثُ أُمِرْتُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے نہ تو میں تم کو دیتا ہوں اور نہ منع کرتا ہوں میں تو صرف تقسیم کرنے والا ہوں جس جگہ مجھ کو رکھنے کا حکم دیا گیا ہے میں وہاں چیز کو پہنچا دیتا ہوں (یعنی مال کی تقسیم میں) اپنی مرضی سے نہیں کرتا جس کو دینے کا حکم ہوتا ہے اس کو دے دیتا ہوں۔ (بخاری)

قومی خزانے اور بیت المال میں ناحق تصرف کرنے والوں کے بارے میں وعید

۳۵۷۳/۲ وَعَنْ خَوْلَةَ الْأَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ رِجَالًا يَتَخَوَّضُونَ فِي مَالِ اللّٰهِ بِغَيْرِ حَقٍّ فَلَهُمُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت خولہ انصاریہؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بہت سے آدمی خدا تعالیٰ کے مال میں ناحق تصرف کرتے ہیں (یعنی زکوٰۃ اور غنیمت اور بیت المال کے مال میں) ان کے لئے دوزخ کی آگ ہے قیامت کے دن۔ (بخاری)

امام وقت بیت المال سے اپنی تنخواہ لینے کا حق دار ہے

۳۵۷۴/۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا اسْتُخْلِفَ أَبُو بَكْرٍ قَالَ لَقَدْ عَلِمَ قَوْمِي إِنَّ حِرْفَتِي لَمْ

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ جب حضرت ابوبکرؓ کو خلیفہ بنایا گیا تو آپ نے کہا میری قوم جانتی ہے کہ میرا کاروبار میرے اہل و عیال کے مصارف

تَكُنْ تَعْجِزُ عَنْ مَؤُنَةِ اَهْلِيْ وَشُغِلْتُ بِاَمْرِ الْمُسْلِمِيْنَ فَيَاْكُلُ اٰلُ اَبِيْ بَكْرٍ مِّنْ هٰذَا الْمَالِ وَ يَحْتَرِفُ لِلْمُسْلِمِيْنَ فِيْهِ ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

کے لئے کافی تھا اب میں مسلمانوں کی خدمت میں مشغول کیا گیا ہوں اس لئے ابوبکر کے اہل وعیال بیت المال سے کھائیں گے اور ابوبکر رض مسلمانوں کے لئے اس مال میں کام کریگا (یعنی مال کو حاصل کرنے اور خرچ کرنے کی خدمت انجام دے گا)۔ (بخاری)

فصل دوم

تنخواہ سے زیادہ لینا خیانت ہے

۳۵۷۵ عَنْ بُرَيْدَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ عَلٰى عَمَلٍ فَرَزَقْنَاهُ رِزْقًا فَمَا اَخَذَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ غُلُوْلٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت بریدہ رض کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کو ہم نے کسی کام پر مقرر کیا اور اس کو اس کام کی اجرت (یعنی تنخواہ) معین کر دی اس کے بعد اگر وہ کچھ لے گا یعنی سرکاری مال میں سے تنخواہ سے زیادہ لے گا تو یہ خیانت ہے۔ (ابوداؤد)

عامل کی اجرت

۳۵۷۶ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ عَمِلْتُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَمَّلَنِيْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عمر رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مجھ کو عامل بنایا گیا اور اس کی اجرت مجھ کو دی گئی۔ (ابوداؤد)

حضرت معاذ رض کو ہدایت

۳۵۷۷ وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ فَلَمَّا سِرْتُ اَرْسَلَ فِيْ اِثْرِيْ فَرُدِدْتُ فَقَالَ اَتَدْرِيْ لِمَ بَعَثْتُ اِلَيْكَ لَا تُصِيْبَنَّ شَيْئًا بِغَيْرِ اِذْنِيْ فَاِنَّهٗ غُلُوْلٌ وَّمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لِهٰذَا دَعَوْتُكَ فَامْضِ لِعَمَلِكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت معاذ رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو (عامل بنا کر) یمن بھیجا جب میں روانہ ہو گیا تو میرے پیچھے ایک آدمی کو (بلانے کے لئے) بھیجا جب میں واپس ہوا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تجھ کو معلوم ہے میں نے تجھ کو دوبارہ کیوں بلایا ہے (میں نے یہ کہنے کو بلایا ہے کہ) تو میری اجازت کے بغیر کچھ نہ لے (اس لئے) کہ اس طرح لینا خیانت ہے، اور جو شخص خیانت کریگا قیامت کے دن وہ چیز لے کر آئے گا جس میں خیانت کی ہے۔ میں نے تجھ کو یہی کہنے کے لئے بلایا تھا اب تو اپنے کام پر جا۔ (ترمذی)

بلا تنخواہ حاکم کے مصارف کا بیت المال کفیل ہوگا

۳۵۷۸ وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ كَانَ لَنَا عَامِلًا فَلْيَكْتَسِبْ زَوْجَةً فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ خَادِمٌ فَلْيَكْتَسِبْ خَادِمًا فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ مَسْكَنًا فَلْيَكْتَسِبْ مَسْكَنًا وَّفِيْ رِوَايَةٍ مَنِ اتَّخَذَ غَيْرَ ذٰلِكَ فَهُوَ غَالٌّ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت مستورد بن شداد رض کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص ہمارا عامل ہو اس کو چاہیئے کہ (اگر اس کے پاس بیوی نہ ہو تو) ایک بیوی حاصل کرلے اور خادم نہ ہو تو ایک خادم خرید لے اور گھر نہ ہو تو ایک گھر خرید لے (یہ اس صورت میں ہے جب کہ عامل کی تنخواہ مقرر نہ ہو اور اس کے مصارف کا کفیل بیت المال ہو اس صورت میں اس قسم کے تمام مصارف کا کفیل بیت المال ہوگا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ اس کے سوا وہ جو کچھ لے گا وہ خیانت میں داخل ہے (ابوداؤد)

قومی محاصل و بیت المال میں خیانت نہ کرو

۳۵۷۹ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ عَمِيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عدی رض بن عمیرہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ مَنْ عُمِّلَ مِنْکُمْ لَنَا عَلٰی عَمَلٍ فَکَتَمَنَا مِنْہُ مِخْیَطًا فَمَا فَوْقَہٗ غَلَّ یَاْتِیْ بِہٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَقَامَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِقْبَلْ عَنِّیْ عَمَلَکَ قَالَ وَمَا ذَاکَ قَالَ سَمِعْتُکَ تَقُوْلُ کَذَا وَکَذَا قَالَ وَاَنَا اَقُوْلُہٗ ذٰلِکَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاہُ عَلٰی عَمَلٍ فَلْیَاْتِ بِقَلِیْلِہٖ وَکَثِیْرِہٖ فَمَا اُوْتِیَ مِنْہُ اَخَذَہٗ وَمَا نُھِیَ عَنْہُ اِنْتَھٰی۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَاللَّفْظُ لَہٗ)

ہے لوگو جو شخص تم میں سے کسی کام پر عامل مقرر کیا جائے اور وہ ہم سے اس کام کے حاصل (آمدنی) میں سے سوئی برابر یا اس سے زیادہ چھپائے وہ خیانت ہے اور قیامت کے دن وہ اس خیانت کی ہوئی چیز کو لائے گا (یہ سنکر) ایک انصاری نے کھڑے ہو کر کہا یا رسول اللہ ﷺ اپنا کام مجھ سے واپس لے لیجئے (یعنی آپ نے مجھ کو جو کام دیا ہے اس کو واپس کر لیجئے) آپ نے فرمایا یہ کیوں۔ عرض کیا میں نے آپ سے ایسا ایسا سنا ہے۔ آپ نے فرمایا۔ اب بھی یہی کہتا ہوں کہ جس شخص کو ہم کسی کام پر عامل مقرر کریں وہ اس کی آمدنی کا جزو کل (یعنی تھوڑا اور بہت) سب لے آئے اور اس میں سے جس قدر دیا جائے وہ اس کو لے لے اور جو نہ دیا جائے اس سے باز رہے۔ (مسلم ابوداؤد)

رشوت دینے لینے پر آنحضرت کی لعنت

۳۵۸۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الرَّاشِیَ وَالْمُرْتَشِیَ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ وَرَوَی التِّرْمِذِیُّ عَنْہُ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَرَوَاہُ اَحْمَدُ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ عَنْ ثَوْبَانَ وَزَادَ وَالرَّائِشَ یَعْنِی الَّذِیْ یَمْشِیْ بَیْنَھُمَا۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رشوت دینے والے اور رشوت لینے والے دونوں پر لعنت فرمائی ہے (ابوداؤد ابن ماجہ) ترمذی نے یہ حدیث عبداللہ بن عمرو رضؓ اور ابوہریرہ رضؓ سے روایت کی ہے اور احمد اور بیہقی نے ثوبان رضؓ سے۔ اور بیہقی کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ رائش پر بھی لعنت فرمائی ہے یعنی اس شخص پر جو رشوت لینے والے اور دینے والے کے درمیان رشوت کا واسطہ ہو۔

حلال ذرائع سے کمایا ہوا مال اچھی چیز ہے

۳۵۸۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ اَرْسَلَ اِلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ اجْمَعْ عَلَیْکَ سِلَاحَکَ وَثِیَابَکَ ثُمَّ ائْتِنِیْ قَالَ فَاَتَیْتُہٗ وَھُوَ یَتَوَضَّاُ فَقَالَ یَا عَمْرُو اِنِّیْ اَرْسَلْتُ اِلَیْکَ لِاَبْعَثَکَ فِیْ وَجْہٍ یُسَلِّمُکَ اللّٰہُ وَیُغَنِّمُکَ وَاَرْغَبُ لَکَ رَغْبَۃً مِنَ الْمَالِ وَمَا کَانَتْ اِلَّا لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ قَالَ نِعِمَّا بِالْمَالِ الصَّالِحِ لِلرَّجُلِ الصَّالِحِ۔ رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ وَرَوَی اَحْمَدُ نَحْوَہٗ وَفِیْ رِوَایَتِہٖ قَالَ نِعْمَ الْمَالُ الصَّالِحُ لِلرَّجُلِ الصَّالِحِ۔

حضرت عمرو بن العاص رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے پاس کہلا کر بھیجا کہ تو اپنے ہتھیاروں اور کپڑوں کو اٹھا لے اور پھر میرے پاس آجا۔ چنانچہ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ وضو فرما رہے تھے۔ مجھ کو دیکھ کر فرمایا۔ عمرو میں نے تجھ کو اس لئے بلایا ہے کہ میں تجھ کو ایک سمت بھیجوں خداوند تعالیٰ تجھ کو سلامت رکھے اور مال غنیمت دے اور کچھ مال میں تجھ کو بھی دوں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میری ہجرت (یعنی ترک وطن) مال کی خواہش سے نہ تھی بلکہ میری ہجرت صرف خدا اور خدا کے رسول ﷺ کے لئے تھی۔ آپ نے فرمایا نیک بخت آدمی کے لئے اچھا مال اچھی چیز ہے۔

فصل سوم

سفارش کرنے والا کوئی ہدیہ و تحفہ قبول نہ کرے

۳۵۸۲ عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

حضرت ابی امامہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَفَعَ لِاَحَدٍ شَفَاعَةً فَاَهْدٰى لَهٗ هَدِيَّةً عَلَيْهَا فَقَبِلَهَا فَقَدْ اَتٰى بَابًا عَظِيْمًا مِنْ اَبْوَابِ الرِّبٰوا۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

جو شخص کسی حاکم یا امیر سے کسی کی سفارش کرے اور پھر اس حاکم کو ہدیہ بھیجے اور وہ اس ہدیہ کو قبول کرلے تو اس کا یہ فعل ایسا ہے گویا کہ وہ سود کے ایک بڑے دروازہ میں داخل ہوا (ابوداؤد) اور روایت کی احمد سے اسی طرح کہ نیک آدمی کے لئے اچھا ہی مال اچھی چیز ہے۔

بَابُ الْاَقْضِيَةِ وَالشَّهَادَاتِ

نزاعی معاملات اور شہادتوں کا بیان

فصل اوّل

مدعی کا دعویٰ گواہوں کے بغیر معتبر نہیں

۳۵۸۳/۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ يُعْطَى النَّاسُ بِدَعْوَاهُمْ لَادَّعٰى نَاسٌ دِمَاءَ رِجَالٍ وَّ اَمْوَالَهُمْ وَلٰكِنَّ الْيَمِيْنَ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِيْ شَرْحِهِ لِلنَّوَوِيِّ اَنَّهٗ قَالَ وَجَاءَ فِيْ رِوَايَةِ الْبَيْهَقِيِّ بِاِسْنَادٍ حَسَنٍ اَوْ صَحِيْحٍ زِيَادَةٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَرْفُوْعًا لٰكِنَّ الْبَيِّنَةَ عَلَى الْمُدَّعِيْ وَ الْيَمِيْنُ عَلٰى مَنْ اَنْكَرَ۔

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر لوگوں کو محض دعوے ہی پر ان کا مدعا دے دیا جائے تو بہت سے لوگ اپنے آدمیوں کے خون اور مال کا دعویٰ کرنے لگیں لیکن مدعا علیہ پر قسم بھی ہے (یعنی صرف مدعی کا بیان ہی کافی نہیں ہے بلکہ مدعا علیہ سے قسم بھی لینا ضروری ہے (مسلم) اور بیہقی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ مدعی کے ذمہ گواہ ہیں اور قسم اس شخص پر ہے جو انکار کرے۔

عدالت میں جھوٹی قسم کھانے والے کے بارے میں وعید

۳۵۸۴/۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنِ صَبْرٍ وَّهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ يَقْتَطِعُ بِهَا مَالَ اِمْرِئٍ مُسْلِمٍ لَقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى تَصْدِيْقَ ذٰلِكَ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَ اَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص قسم کھائے کسی چیز پر مقید ہو کر (یعنی حاکم کی عدالت میں محبوس ہو کر) اور وہ اپنی قسم میں جھوٹا ہو کہ اس حلف سے کسی مسلمان کا مال حاصل کرلے تو وہ قیامت کے دن خدا تعالیٰ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ خدا تعالیٰ اس پر غضبناک ہوگا چنانچہ خداوند تعالیٰ نے اس کی تصدیق میں یہ آیت نازل فرمائی ہے: اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَ اَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا الآخرہ۔ (بخاری و مسلم)

۳۵۸۵/۳ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَطَعَ حَقَّ اِمْرِئٍ مُسْلِمٍ بِيَمِيْنِهٖ فَقَدْ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ النَّارَ وَحَرَّمَ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ فَقَالَ لَهٗ رَجُلٌ وَاِنْ كَانَ شَيْئًا يَسِيْرًا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

حضرت ابی امامہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص قسم کھا کر کسی مسلمان کا حق مارے اس کے لئے خدا تعالیٰ نے دوزخ کو واجب کردیا اور جنت اس پر حرام کردی۔ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! اگرچہ وہ کوئی معمولی چیز ہی ہو؟ فرمایا اگرچہ پیلو کے

قَالَ وَاِنْ كَانَ قَضِيْبًا مِّنْ اَرَاكٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

درخت کی ایک لکڑی ہی کیوں نہ ہو۔ (مسلم)

مدعی کو ہدایت

۳۵۸۶ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ وَّاِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ اِلَيَّ وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَّكُوْنَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِهٖ مِنْ بَعْضٍ فَاَقْضِيَ لَهٗ عَلٰى نَحْوِ مَا اَسْمَعُ مِنْهُ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهٗ بِشَيْءٍ مِّنْ حَقِّ اَخِيْهِ فَلَا يَاْخُذْ نَّهٗ فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهٗ قِطْعَةً مِّنَ النَّارِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ام سلمہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں ایک انسان ہوں اور تم اپنے جھگڑے لے کر میرے پاس آتے ہو اور تم میں سے ممکن ہے بعض شخص ایسا ہو جو دلیل کے ساتھ خوب تقریر کر سکے اور میں حکم دیتا ہوں اس بیان پر جو سنتا ہوں پس وہ شخص جس کے حق میں فیصلہ کروں اور حقیقت میں وہ چیز جس کا فیصلہ کیا گیا ہے اس کے بھائی کی ہو تو وہ اس کو نہ لے ایسی صورت میں گویا اس کے لئے دوزخ کی آگ کے ایک ٹکڑے کا فیصلہ کرتا ہوں۔ (بخاری و مسلم)

ناحق مقدمہ بازی کرنے والے کے بارے میں وعید

۳۵۸۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَبْغَضَ الرِّجَالِ اِلَى اللّٰهِ الْاَلَدُّ الْخَصِمُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا تعالیٰ کے نزدیک بدترین اور مبغوض ترین شخص وہ ہے جو ناحق بہت زیادہ جھگڑنے والا ہے۔ (بخاری و مسلم)

کیا مدعی ایک گواہ اور ایک قسم کے ذریعہ اپنا دعویٰ ثابت کر سکتا ہے

۳۵۸۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِيَمِيْنٍ وَّشَاهِدٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک معاملہ میں) حکم دیا قسم اور ایک گواہ پر۔ (مسلم)

مدعا علیہ کی قسم کا اعتبار کیا جائے خواہ وہ حقیقت میں جھوٹی ہی ہو

۳۵۸۹ وَعَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِّنْ حَضْرَمَوْتَ وَرَجُلٌ مِّنْ كِنْدَةَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هٰذَا غَلَبَنِيْ عَلٰى اَرْضٍ لِّيْ فَقَالَ الْكِنْدِيُّ هِيَ اَرْضِيْ وَفِيْ يَدِيْ لَيْسَ لَهٗ فِيْهَا حَقٌّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْحَضْرَمِيِّ اَلَكَ بَيِّنَةٌ قَالَ لَا قَالَ فَلَكَ يَمِيْنُهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الرَّجُلَ فَاجِرٌ لَا يُبَالِيْ عَلٰى مَا حَلَفَ عَلَيْهِ وَلَيْسَ يَتَوَرَّعُ مِنْ شَيْءٍ قَالَ لَيْسَ لَكَ مِنْهُ اِلَّا ذٰلِكَ فَانْطَلَقَ لِيَحْلِفَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَدْبَرَ لَئِنْ حَلَفَ عَلٰى مَالِهٖ لِيَاْكُلَهٗ ظُلْمًا لَيَلْقَيَنَّ اللّٰهَ وَهُوَ عَنْهُ مُعْرِضٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

علقمہ بن وائل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرموت کا رہنے والا اور ایک شخص قبیلہ کندہ کا دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرمی نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس شخص نے میری زمین کو غصب کر لیا ہے۔ کندی نے عرض کیا وہ میری ہے اور میرے قبضہ میں ہے اس پر اس کا کوئی حق نہیں ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرمی سے فرمایا تیرے پاس گواہ ہیں اس نے عرض کیا نہیں۔ فرمایا اچھا تو اب مدعا علیہ کی قسم تیرے لئے کافی ہے۔ حضرمی نے عرض کیا یا رسول اللہ! وہ تو ایک فاجر شخص ہے حلف کی پرواہ نہیں اور کسی چیز سے اس کو پرہیز نہیں ہے آپ نے فرمایا تیرے لئے اس سے صرف قسم ہی لی جاتی ہے چنانچہ کندی قسم کھانے کے لئے آگے بڑھا۔ آپ نے فرمایا اگر یہ شخص دوسرے کے مال پر قسم کھالے گا صرف اس لئے کہ زبردستی اس کے مال کو ہضم کر جائے تو وہ خدا تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ خدا تعالیٰ اس سے بیزار ہوگا۔ (مسلم)

جھوٹا دعویٰ کرنے والے کا ٹھکانہ دوزخ ہے

۳۵۹۰ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنِ ادَّعٰی مَا لَیْسَ لَهٗ فَلَیْسَ مِنَّا وَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جو شخص کسی ایسی چیز کا دعویٰ کرے جو اس کی نہیں ہے پس وہ ہم میں سے نہیں ہے اور اس کو چاہئے کہ وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں ڈھونڈ لے۔ (مسلم)

بہترین گواہ کون ہے؟

۳۵۹۱ وَعَنْ زَیْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِخَیْرِ الشُّهَدَاءِ الَّذِیْ یَاْتِیْ بِشَهَادَتِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّسْاَلَهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت زید بن خالد رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں تم کو بہترین گواہوں کا پتہ بتلا دوں۔ بہترین گواہ وہ ہیں جو دریافت کرنے سے پہلے گواہی دیں اور حق بات کہیں (مسلم)

جھوٹی گواہی دینے والوں کے بارے میں پیشین گوئی

۳۵۹۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْرُ النَّاسِ قَرْنِیْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ ثُمَّ یَجِیْءُ قَوْمٌ تَسْبِقُ شَهَادَةُ اَحَدِهِمْ یَمِیْنَهٗ وَیَمِیْنُهٗ شَهَادَتَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بہترین لوگوں کا میرا قرن ہے پھر وہ لوگ جو اُن کے متصل ہیں اور اس کے بعد وہ لوگ جو ان کے متصل ہیں۔ پھر ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو قسم سے پہلے گواہی دیں گے اور گواہی سے پہلے قسم کھائیں گے (یعنی بہترین لوگ میرے زمانہ کے لوگ ہیں (صحابہ رضؓ) پھر ان کے بعد کے لوگ (تابعین رحؒ) اور پھر ان کے بعد کے (تبع تابعین) اور اس کے بعد کا زمانہ اعتبار کے قابل نہیں۔ (بخاری و مسلم)

قسم کے لئے قرعہ ڈالنے کا ذکر

۳۵۹۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَرَضَ عَلٰی قَوْمٍ الْیَمِیْنَ فَاَسْرَعُوْا فَاَمَرَ اَنْ یُّسْهِمَ بَیْنَهُمْ فِی الْیَمِیْنِ اَیُّهُمْ یَحْلِفُ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک قوم پر قسم کو پیش کیا اس قوم نے قسم کھانے میں جلدی کی۔ آپ نے فرمایا ان میں قرعہ ڈالا جائے کہ کونسا ان میں قسم کھائے۔ (بخاری)

فصل دوم

گواہ پیش کرنا مدعی کے ذمہ اور قسم کھانا مدعا علیہ کے ذمہ ہے۔

۳۵۹۴ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْبَیِّنَةُ عَلَی الْمُدَّعِیْ وَالْیَمِیْنُ عَلَی الْمُدَّعٰی عَلَیْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

عمرو بن شعیب رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے گواہ مدعی کے ذمہ ہیں اور قسم مدعا علیہ پر۔ (ترمذی)

اگر ایک ہی چیز کے دو مدعی ہوں تو وہ چیز ان میں تقسیم کر دی جائے

۳۵۹۵ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ رَجُلَیْنِ اخْتَصَمَا اِلَیْهِ فِیْ مَوَارِیْثَ لَمْ تَکُنْ لَهُمَا بَیِّنَةٌ اِلَّا دَعْوٰهُمَا فَقَالَ مَنْ قَضَیْتُ لَهٗ

حضرت ام سلمہ رضؓ ان دو شخصوں کا واقعہ بیان کرتی ہیں جو اپنا معاملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے کر حاضر ہوئے میراث کا معاملہ تھا اور دونوں میں سے کسی کا کوئی گواہ نہ تھا صرف

بِشَيْءٍ مِّنْ حَقِّ أَخِيهِ فَإِنَّمَا أَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِّنَ النَّارِ فَقَالَ الرَّجُلَانِ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ حَقِّي هٰذَا لِصَاحِبِي فَقَالَ لَا وَلٰكِنِ اذْهَبَا فَاقْتَسِمَا وَتَوَخَّيَا الْحَقَّ ثُمَّ اسْتَهِمَا ثُمَّ لِيُحَلِّلْ وَاحِدٌ مِّنْكُمَا صَاحِبَهُ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ إِنَّمَا أَقْضِي بَيْنَكُمَا بِرَأْيِي فِيمَا لَمْ يُنْزَلْ عَلَيَّ فِيهِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

دعوے ہی دعویٰ تھا۔ آپ نے ان کو مخاطب کر کے فرمایا تم میں سے میں جس کے لئے اس کے بھائی کے حق کا فیصلہ کر دوں (یعنی جس کے حق میں فیصلہ کیا گیا ہو، وہ اس کا نہ ہو دوسرے کا ہو) تو میرا یہ فیصلہ اس کے لئے آگ کا ایک ٹکڑا ہو گا۔ ان دونوں میں سے ہر ایک نے یہ عرض کیا، یا رسول اللہ! میرا حق میرے ساتھی کے لئے ہے (یعنی میں اپنا دعوے ترک کرتا ہوں میرا حق بھی میرے ساتھی کو دیدیجئے) آپ نے فرمایا نہیں اس طرح نہیں بلکہ تم دونوں اس چیز کو آپس میں تقسیم کر لو اور تقسیم کرنے میں انصاف کو پیش نظر رکھو اور جب اس چیز کے دو حصے کر لو تو دونوں حصوں میں قرعہ ڈالو اور پھر تم میں سے ہر ایک دوسرے کو اپنا وہ حق معاف کر دے جو اس کی طرف چلا گیا ہو۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ یہ حکم میں اپنی رائے سے کرتا ہوں اور اس معاملہ میں مجھ پر وحی نہیں اتری ہے۔ (ابوداؤد)

قابض کے حق میں فیصلہ

۳۵۹۶ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رَجُلَيْنِ تَدَاعَيَا دَابَّةً وَّأَقَامَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا الْبَيِّنَةَ بِأَنَّهَا دَابَّتُهُ نَتَجَهَا فَقَضٰى بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلَّذِي فِي يَدِهِ۔

(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت جابر بن عبداللہ رضؓ کہتے ہیں کہ دو شخصوں نے ایک جانور کی بابت دعویٰ کیا اور دونوں میں سے ہر ایک نے اس کے گواہ پیش کر دیئے کہ یہ جانور اس کا ہے جس نے اس کو جنایا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جانور اس شخص کو دیدیا جس کے قبضہ میں تھا۔ (شرح السنۃ)

دو مدعیوں کے درمیان متنازعہ مال کی تقسیم

۳۵۹۷ وَعَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ رَجُلَيْنِ ادَّعَيَا بَعِيرًا عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا شَاهِدَيْنِ فَقَسَمَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ) وَفِي رِوَايَةٍ لَّهُ وَلِلنَّسَائِيِّ وَابْنِ مَاجَةَ أَنَّ رَجُلَيْنِ ادَّعَيَا بَعِيرًا لَيْسَتْ لِوَاحِدٍ مِّنْهُمَا بَيِّنَةٌ فَجَعَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں دو شخصوں نے ایک اونٹ کا دعویٰ کیا اور دونوں نے دو دو گواہ پیش کئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ کو دونوں کے درمیان آدھا آدھا تقسیم کر دیا۔ (ابوداؤد) اور ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ کی دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ دو آدمیوں نے ایک اونٹ کا دعویٰ کیا اور دونوں میں سے کسی نے کوئی گواہ پیش نہیں کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ کو دونوں کے حوالے کر دیا۔

۳۵۹۸ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا فِي دَابَّةٍ وَّلَيْسَ لَهُمَا بَيِّنَةٌ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَهِمَا عَلَى الْيَمِينِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ دو آدمیوں کا ایک جانور پر جھگڑا ہوا اور دونوں کے پاس گواہ نہ تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم کھانے پر قرعہ ڈال لو۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

مدعا علیہ کی قسم؟

۳۵۹۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ حَلِّفْهُ احْلِفْ بِاللّٰهِ

حضرت ابن عباس کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے جس کو قسم دینے کا ارادہ تھا فرمایا (تو اس طرح قسم

الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ مَالَہٗ عِنْدَکَ شَیْءٌ یَعْنِیْ لِلْمُدَّعٰی۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

کھاکہ) قسم کھاتا ہوں میں اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں اس بات پر کہ مدعی پر میرا کوئی حق نہیں ہے۔ (ابوداؤد)

مدعا علیہ کو حلف کا حق دیا جائے گا خواہ وہ جھوٹا ہی کیوں نہ ہو

۳۶۰۰/۱۸ وَعَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَیْسٍ قَالَ کَانَ بَیْنِیْ وَبَیْنَ رَجُلٍ مِّنَ الْیَھُوْدِ اَرْضٌ فَجَحَدَنِیْ فَقَدَّمْتُہٗ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَکَ بَیِّنَۃٌ قُلْتُ لَا قَالَ لِلْیَھُوْدِیِّ اِحْلِفْ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِذًا یَّحْلِفُ وَیَذْھَبُ بِمَالِیْ فَاَنْزَلَ اللّٰہُ تَعَالٰی اِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَھْدِ اللّٰہِ وَاَیْمَانِھِمْ ثَمَنًا قَلِیْلًا (اَلْاٰیَۃَ) (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت اشعث بن قیس رضؓ کہتے ہیں کہ ایک زمین میرے اور ایک یہودی کے پاس مشترک تھی یہودی نے میرا حصہ دینے سے انکار کردیا میں اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گیا آپ نے فرمایا کیا تیرے پاس گواہ ہیں میں نے عرض کیا نہیں۔ آپ نے یہودی سے فرمایا تو قسم کھا! میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اب یہ قسم کھالے گا اور میرا مال لیجائیگا اس پر یہ آیت نازل ہوئی اِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَھْدِ اللّٰہِ وَاَیْمَانِھِمْ ثَمَنًا قَلِیْلًا (الآخر آیہ) (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

جھوٹی قسم کے ذریعہ دوسرے کا مال ہڑپ کرنیوالے کے بارے میں وعید

۳۶۰۱/۱۹ وَعَنْہُ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ کِنْدَۃَ وَرَجُلًا مِّنْ حَضْرَمَوْتَ اخْتَصَمَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ اَرْضٍ مِّنَ الْیَمَنِ فَقَالَ الْحَضْرَمِیُّ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ اَرْضِیْ اغْتَصَبَنِیْھَا اَبُوْھٰذَا وَھِیَ فِیْ یَدِہٖ قَالَ ھَلْ لَکَ بَیِّنَۃٌ قَالَ لَا وَلٰکِنْ اُحَلِّفُہٗ وَاللّٰہِ مَا یَعْلَمُ اَنَّھَا اَرْضِیْ اغْتَصَبَنِیْھَا اَبُوْہُ فَتَھَیَّاَ الْکِنْدِیُّ لِلْیَمِیْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَقْطَعُ اَحَدٌ مَّالًا بِیَمِیْنٍ اِلَّا لَقِیَ اللّٰہَ وَھُوَ اَجْذَمُ فَقَالَ الْکِنْدِیُّ ھِیَ اَرْضُہٗ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت اشعث بن قیسؓ کہتے ہیں کہ ایک کندی اور ایک حضرمی کے درمیان یمن کی ایک زمین پر جھگڑا ہوا اور دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرمی نے کہا یا رسول اللہ! اس کے باپ نے مجھ سے میری زمین کو چھین لیا ہے اب وہ اس کے قبضہ میں ہے آپ نے پوچھا تیرا کوئی گواہ ہے؟ عرض کیا نہیں۔ لیکن میں اس طرح قسم لوں گا کہ قسم ہے خدا تعالیٰ کی وہ نہیں جانتا کہ یہ زمین میری ہے۔ میرے باپ نے اس زمین کو اس سے چھین لیا ہے۔ کندی قسم کھانے کے لئے تیار ہوگیا، آپ نے فرمایا جو شخص قسم کھاکر کسی کا مال اپنے قبضہ میں کرے وہ خداوند تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ اس کا ہاتھ کٹا ہوا ہوگا۔ کندی نے (یہ وعید سُنکر) کہا یہ زمین اسی کی ہے۔ (ابوداؤد)

جھوٹی قسم کھانا ایک بڑا گناہ ہے

۳۶۰۲/۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اُنَیْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَکْبَرِ الْکَبَائِرِ الشِّرْکُ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَیْنِ وَالْیَمِیْنُ الْغَمُوْسُ وَمَا حَلَفَ حَالِفٌ بِاللّٰہِ یَمِیْنَ صَبْرٍ فَاَدْخَلَ فِیْھَا مِثْلَ جَنَاحِ بَعُوْضَۃٍ اِلَّا جُعِلَتْ نُکْتَۃً فِیْ قَلْبِہٖ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ۔)

حضرت عبداللہ بن انیسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے گناہوں میں سب سے بڑے گناہ یہ ہیں۔ خدا تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا۔ باپ ماں کی نافرمانی کرنا۔ جھوٹی قسم کھانا اور جس شخص نے مقید ہوکر خدا کی قسم کھائی اور اس میں مچھر کے پر کے برابر بھی جھوٹ بولا تو اس کے دل میں قیامت تک کے لئے ایک داغ لگا دیا جاتا ہے۔ (ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

۳۶۰۳/۲۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَحْلِفُ اَحَدٌ عِنْدَ مِنْبَرِیْ ھٰذَا عَلٰی یَمِیْنِ اٰثِمَۃٍ وَلَوْ عَلٰی سِوَاکٍ اَخْضَرَ اِلَّا تَبَوَّاَ

حضرت جابرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص میرے اس منبر کے پاس جھوٹی قسم کھاتا ہے اگرچہ وہ ایک سبز مسواک ہی کے لئے ہو وہ دوزخ کی آگ میں اپنی جگہ تیار کرتا ہے یا آپ

مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ اَوْ وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ۔

لے یہ الفاظ فرمائے اس کے لئے دوزخ واجب ہو جاتی ہے۔" (مالک۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

جھوٹی گواہی شرک کے برابر ہے

۳۶۰۴/۲۲ وَعَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ قَالَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَامَ قَائِمًا فَقَالَ عُدِلَتْ شَهَادَةُ الزُّوْرِ بِالْاِشْرَاكِ بِاللّٰهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَرَأَ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ حُنَفَاءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ عَنْ اَيْمَنَ ابْنِ خُرَيْمٍ اِلَّا اَنَّ ابْنَ مَاجَةَ لَمْ يَذْكُرِ الْقِرَاءَةَ)

حضرت خریم بن فاتک رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز پڑھی نماز سے فارغ ہو کر آپ کھڑے ہوئے اور تین مرتبہ یہ الفاظ فرمائے جھوٹی گواہی شرک باللہ کے برابر کی گئی پھر آپ نے یہ آیت پڑھی فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ حُنَفَاءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ یعنی بتوں کی پرستش کی ناپاکی سے بچو اور جھوٹ بولنے سے بچو اور باطل سے حق کی جانب رجوع کرو اور خدا تعالےٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ۔ احمد اور ترمذی نے یہ حدیث ایمن ابن خریم سے روایت کی ہے لیکن ابن ماجہ نے آیت کا ذکر نہیں کیا)

کن لوگوں کی گواہی کا اعتبار نہیں

۳۶۰۵/۲۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجُوْزُ شَهَادَةُ خَائِنٍ وَّلَا خَائِنَةٍ وَّلَا مَجْلُوْدٍ حَدًّا وَّلَا ذِيْ غِمْرٍ عَلٰى اَخِيْهِ وَلَا ظَنِيْنٍ فِيْ وَلَاءٍ وَلَا قَرَابَةٍ وَلَا الْقَانِعِ مَعَ اَهْلِ الْبَيْتِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَيَزِيْدُ بْنُ زِيَادٍ الدِّمَشْقِيُّ السَّاوِيُّ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان لوگوں کی گواہی معتبر و جائز نہیں ہے: خیانت کرنے والا مرد اور خیانت کرنے والی عورت۔ جس شخص پر تہمت کی حد لگائی گئی ہو۔ دشمن کی اگرچہ وہ بھائی ہو۔ اس غلام کی جس کو کسی نے آزاد کر دیا ہو اور وہ بتلائے کہ دوسرے شخص نے اس کو آزاد کیا ہے۔ اس شخص کی جو اپنے نسب کو دوسرے سے ملائے۔ اس شخص کی جو گھر والوں کے ساتھ کھانے پینے میں شریک ہو۔ (ترمذی اور وہ کہتے ہیں یہ حدیث غریب ہے اور یزید بن زیاد دمشقی منکر الحدیث ہے)۔

۳۶۰۶/۲۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجُوْزُ شَهَادَةُ خَائِنٍ وَّلَا خَائِنَةٍ وَلَا زَانٍ وَلَا زَانِيَةٍ وَلَا ذِيْ غِمْرٍ عَلٰى اَخِيْهِ وَرَدَّ شَهَادَةَ الْقَانِعِ لِاَهْلِ الْبَيْتِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عمرو بن شعیب رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خائن مرد اور خائن عورت کی شہادت جائز نہیں ہے نہ زانی مرد اور نہ زانیہ عورت کی نہ دشمن کی دشمن پر اور نہ اس شخص کی جو کسی کے ساتھ کھانے میں شریک ہو۔ (مثلاً غلام خادم یا قریبی عزیز)۔ (ابوداؤد)

شہری کے حق میں یا اس کے خلاف جنگلی کی شہادت قبول ہوگی یا نہیں

۳۶۰۷/۲۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجُوْزُ شَهَادَةُ بَدَوِيٍّ عَلٰى صَاحِبِ قَرْيَةٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے شہر کے رہنے والے کے خلاف دیہاتی کی گواہی جائز نہیں۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

اپنے معاملے مقدمہ میں دانائی اور ہوشیاری کو ملحوظ رکھو

۳۶۰۸/۲۶ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بَيْنَ رَجُلَيْنِ فَقَالَ الْمَقْضِيُّ عَلَيْهِ لَمَّا اَدْبَرَ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَلُوْمُ عَلَى الْعَجْزِ وَلٰكِنْ عَلَيْكَ بِالْكَيْسِ فَاِذَا غَلَبَكَ اَمْرٌ فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عوف بن مالک رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دو شخصوں کے درمیان حکم دیا جس کے خلاف حکم دیا گیا تھا اُس نے واپس جاتے ہوئے کہا مجھ کو میرا اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خداوند تعالیٰ عجز و نادانی پر ملامت کرتا ہے تجھ پر ہوشیاری اور احتیاط لازم ہے اگر (باوجود ہمہ احتیاط و ہوشیاری) تو عاجز ہو جائے تو یہ کہہ، مجھ کو میرا اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔ (ابوداؤد)

ملزم کو قید کرنا شرعی سزا ہے

۳۶۰۹/۲۷ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَبَسَ رَجُلًا فِيْ تُهْمَةٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ ثُمَّ خَلّٰى عَنْهُ)

حضرت بہز بن حکیم رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تہمت کے الزام میں ایک شخص کو قید کر دیا۔ (ابوداؤد۔ ترمذی۔ اور نسائی نے اس کے آخر میں یہ زیادہ لکھا ہے کہ پھر اس کو چھوڑ دیا)۔

فصل سوم

مدعی اور مدعا علیہ دونوں حاکم کے سامنے موجود رہیں

۳۶۱۰/۲۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الْخَصْمَيْنِ يَقْعُدَانِ بَيْنَ يَدَيِ الْحَاكِمِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن زبیر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے کہ دونوں فریق (مدعی اور مدعا علیہ) حاکم کے سامنے بیٹھیں۔ (احمد۔ ابوداؤد)

كِتَابُ الْجِهَادِ

جہاد کا بیان

فصل اوّل

کون سا جہاد افضل ہے

۳۶۱۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَصَامَ رَمَضَانَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّدْخِلَهُ الْجَنَّةَ جَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ جَلَسَ فِيْ اَرْضِهِ الَّتِيْ وُلِدَ فِيْهَا قَالُوْا اَفَلَا نُبَشِّرُ النَّاسَ قَالَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ اَعَدَّهَا اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا بَيْنَ الدَّرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ فَاِذَا

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لایا نماز ادا کی اور رمضان کے روزے رکھے تو اللہ تعالیٰ پر لازم ہے کہ وہ اس کو جنت میں داخل کرے خواہ وہ خدا کی راہ میں جہاد کرے خواہ اپنے گھر میں بیٹھا رہے (یعنی جہاد نہ کرے) صحابہ رضؓ نے عرض کیا کیا ہم لوگوں کو یہ خوشخبری سنا دیں؟ آپؐ نے فرمایا جنت میں سو درجے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کے لئے تیار کیا ہے جو خدا تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں، ان کے دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا آسمان و زمین کے درمیان

سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْئَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ فَاِنَّهٗ اَوْسَطُ الْجَنَّةِ وَاَعْلَى الْجَنَّةِ وَفَوْقَهٗ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ وَمِنْهُ تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

فاصلہ ہے۔ جب تم خدا تعالیٰ سے جنت مانگو تو جنت الفردوس کو مانگو اس لئے کہ وہ جنت کا درمیانی اور اعلیٰ حصہ ہے اور اس کے اوپر خدا تعالیٰ کا عرش ہے اور وہیں سے جنت کی نہریں نکلی ہیں (بخاری)

۳۶۱۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ ..... الْقَانِتِ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَا يَفْتُرُ مِنْ صِيَامٍ وَلَا صَلٰوةٍ حَتّٰى يَرْجِعَ الْمُجَاهِدُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کی راہ میں لڑنے والا ایسا ہے جیسا کہ روزے رکھنے والا عبادت گزار اور قرآن خوان جو کبھی روزہ رکھنے اور نماز پڑھنے سے نہیں تھکتا جب تک کہ وہ جہاد سے واپس نہ آئے۔ (بخاری و مسلم)

جہاد کرنے والوں کی فضیلت

۳۶۱۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْتَدَبَ اللّٰهُ لِمَنْ خَرَجَ فِیْ سَبِيْلِهٖ لَا يُخْرِجُهٗ اِلَّا اِيْمَانٌ بِیْ وَتَصْدِيْقٌ بِرُسُلِیْ اَنْ اَرْجِعَهٗ بِمَا نَالَ مِنْ اَجْرٍ اَوْ غَنِيْمَةٍ اَوْ اُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص خدا تعالیٰ کی راہ میں (جہاد کرنے) نکلے تو خدا اس کا ضامن ہو گیا اس کو (میدانِ جنگ میں) اس کا ایمان لے گیا اور میرے رسولوں کی تصدیق میں اس کو یا تو اجر و غنیمت کے ساتھ واپس کروں گا یا (شہید ہو جانے پر) اس کو جنت میں داخل کروں گا (بخاری و مسلم)

آنحضرتؐ کا جذبۂ جہاد اور شوق شہادت

۳۶۱۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَوْلَا اَنْ رِجَالًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا تَطِيْبُ اَنْفُسُهُمْ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنِّیْ وَلَا اَجِدُ مَا اَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ مَا تَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِيَّةٍ تَغْزُوْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَوَدِدْتُ اَنْ اُقْتَلَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ اُحْيٰى ثُمَّ اُقْتَلَ ثُمَّ اُحْيٰى ثُمَّ اُقْتَلَ ثُمَّ اُحْيٰى ثُمَّ اُقْتَلَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر مجھ کو اس کا خیال نہ ہوتا کہ بہت سے مسلمان مجھ سے جدا ہو کر ناخوش ہوں گے تو میں کبھی کسی جہاد سے پیچھے نہ رہتا اور خدا کی راہ میں جہاد کرتا اور چونکہ میرے پاس کافی سواری نہیں ہے (اس لئے میں تمام مسلمانوں کو اپنے ساتھ نہیں لے جا سکتا) اور قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں اس کو بہت پسند کرتا ہوں کہ خدا کی راہ میں مارا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں پھر مارا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں اور پھر مارا جاؤں۔ (بخاری و مسلم)

جہاد میں معمولی درجہ کی شرکت بھی دنیا کی تمام چیزوں سے بہتر ہے

۳۶۱۵ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِبَاطُ يَوْمٍ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سہل بن سعدؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کی راہ میں ایک دن کی چوکیداری (یعنی محافظت) دنیا اور دنیا کی تمام چیزوں سے بہتر ہے۔ (بخاری و مسلم)

۳۶۱۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَغَدْوَةٌ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، صبح کو یا شام کو خدا کی راہ میں جانا دنیا اور دنیا کی تمام چیزوں سے بہتر ہے۔ (بخاری و مسلم)

جہاد میں ایک دن اور ایک رات کی چوکیداری ایک مہینے کے روزے اور شب بیداری سے بہتر ہے

۳۶۱۷ وَعَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ رِبَاطُ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنْ صِيَامِ شَهْرٍ وَّقِيَامِهٖ وَاِنْ مَاتَ جَرٰى عَلَيْهِ عَمَلُهُ الَّذِيْ كَانَ يَعْمَلُهُ وَاُجْرِيَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ وَاَمِنَ الْفَتَّانَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت سلمان فارسیؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے ایک دن اور ایک رات کی چوکیداری خدا کی راہ میں (ایام جہاد میں) ایک مہینے کے روزوں اور شب بیداری سے بہتر ہے اور اگر وہ چوکیداری کی خدمت انجام دیتا ہوا مارا جائے تو اس کے اس عمل کا سلسلہ برابر جاری رہتا ہے جس میں وہ مشغول تھا یعنی اس کا ثواب اس کو ملتا رہتا ہے) اور اس کو جنت سے رزق ملتا رہتا ہے اور فتنہ میں ڈالنے والے (یعنی عذاب قبر کے فرشتے یا دجال یا شیطان) سے امن میں رہتا ہے۔ (مسلم)

جہاد میں شرکت دوزخ سے محفوظ رکھنے کی ضامن ہے

۳۶۱۸ وَعَنْ اَبِيْ عَبْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اغْبَرَّتْ قَدَمَا عَبْدٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوعبسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس بندے کے پاؤں خدا کی راہ میں غبار آلود ہو جائیں پھر ان کو دوزخ کی آگ نہیں چھوتی۔ (بخاری)

کافر کو مارنے والے مجاہد کے بارے میں ایک خاص بشارت

۳۶۱۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَجْتَمِعُ كَافِرٌ وَقَاتِلُهٗ فِي النَّارِ اَبَدًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کافر اور کافر کا مارنے والا دوزخ میں کبھی یکجا نہیں ہوتے (یعنی کافر کو مارنے والا کبھی دوزخ میں نہیں جاتا)۔ (مسلم)

بہترین زندگی کونسی ہے۔

۳۶۲۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَيْرِ مَعَاشِ النَّاسِ لَهُمْ رَجُلٌ مُّمْسِكٌ عِنَانَ فَرَسِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَطِيْرُ عَلٰى مَتْنِهٖ كُلَّمَا سَمِعَ هَيْعَةً اَوْ فَزْعَةً طَارَ عَلَيْهِ يَبْتَغِي الْقَتْلَ وَالْمَوْتَ مَظَانَّهٗ اَوْ رَجُلٌ فِيْ غُنَيْمَةٍ فِيْ رَاْسِ شَعَفَةٍ فِيْ هٰذِهِ الشَّعَفِ اَوْ بَطْنِ وَادٍ مِّنْ هٰذِهِ الْاَوْدِيَةِ يُقِيْمُ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتِي الزَّكٰوةَ وَيَعْبُدُ رَبَّهٗ حَتّٰى يَاْتِيَهُ الْيَقِيْنُ لَيْسَ مِنَ النَّاسِ اِلَّا فِيْ خَيْرٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انسانوں میں بہترین زندگی اس شخص کی ہے جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنے گھوڑے کی باگ پکڑے گھوڑے کی پشت پر سوار ہو اور جب خوف و فریاد کی آواز سنے فوراً اس کی طرف دوڑ جائے اور تلاش کرے قتل اور موت کو (یعنی دشمنوں کو قتل کرنے کے لئے دوڑے اور درجۂ شہادت حاصل کرنے کے لئے اپنی موت کو تلاش کرے) جہاں اس کے خیال میں یہ چیزیں ہوں اور پھر اس شخص کی بہترین زندگی ہے جو پہاڑ کی چوٹی پر اپنی بکریوں میں رہتا ہو یا کسی وادی میں، اور نماز پڑھتا ہو، زکوٰۃ ادا کرتا ہو اور اپنے پروردگار کی عبادت کرتا ہو، یہاں تک کہ وہ موت سے ہم کنار ہو جائے یہ شخص لوگوں میں صرف بھلائی سے زندگی بسر کرتا ہے۔ (مسلم)

مجاہد کا سامان جنگ تیار کرنا اور اہل و عیال کی نگہبانی کی فضیلت

۳۶۲۱ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا

حضرت زید بن خالدؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے کسی جہاد کرنے والے کا سامان درست کر دیا اس نے

فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَ غَازِیًا فِیْ اَھْلِہٖ فَقَدْ غَزَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

گویا جہاد ہی کیا اور جو شخص جہاد کرنے والے کے اہل وعیال کا خدمت گزار بنا اس نے بھی گویا جہاد ہی کیا (یعنی ان دونوں کاموں کا ثواب جہاد کے برابر ہے۔ (بخاری ومسلم)

مجاہدین کی عورتوں کے احترام کا حکم

۳۶۲۲ وَعَنْ بُرَیْدَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حُرْمَۃُ نِسَاءِ الْمُجَاھِدِیْنَ عَلَی الْقَاعِدِیْنَ کَحُرْمَۃِ اُمَّھَاتِھِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْقَاعِدِیْنَ یَخْلُفُ رَجُلًا مِّنَ الْمُجَاھِدِیْنَ فِیْ اَھْلِہٖ فَیَخُوْنُہٗ فِیْھِمْ اِلَّا وُقِفَ لَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَیَاْخُذُ مِنْ عَمَلِہٖ مَا شَاءَ فَمَا ظَنُّکُمْ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت بریدہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مجاہدوں کی عورتوں کی حرمت ان عورتوں کی حرمت کے مقابلے میں جن کے شوہر جہاد کو نہیں گئے ہیں ماؤں کی حرمت کے برابر ہے اور جو شخص جہاد کو نہ جائے بلکہ مجاہدوں کے گھر والوں کی خبر گیری کرے اور خبر گیری میں خیانت کرے (یعنی کسی مجاہد کی رشتہ دار عورت کو بری نظر سے دیکھے) اس کو قیامت کے دن اس مجاہد کے سامنے کھڑا کیا جائے گا جس کے گھر والوں میں اس نے خیانت کی ہے اور وہ مجاہد اس کے نیک اعمال میں سے جس قدر چاہے گا لے لیگا (ایسی حالت میں) تمہارا کیا خیال ہے (یعنی وہ مجاہد اس کے نیک اعمال کو لے لیگا یا نہیں)

جہاد میں مالی مدد کرنے کی فضیلت

۳۶۲۳ وَعَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدِ نِ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ بِنَاقَۃٍ مَّخْطُوْمَۃٍ فَقَالَ ھٰذِہٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَکَ بِھَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ سَبْعُ مِائَۃِ نَاقَۃٍ کُلُّھَا مَخْطُوْمَۃٌ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابومسعود انصاری رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص مہار ڈالی ہوئی اونٹنی لے کر حاضر ہوا اور عرض کیا یہ اونٹنی خدا تعالیٰ کی راہ میں (دیتا ہوں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اس کے بدلے میں تجھ کو سات سو اونٹنیاں ملیں گی اور ان سب کے مہار پڑی ہوگی۔ (مسلم)

مجاہد کے گھر بار کی نگہبانی کرنے کی فضیلت

۳۶۲۴ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا اِلٰی بَنِیْ لِحْیَانَ مِنْ ھُذَیْلٍ فَقَالَ لِیَنْبَعِثْ مِنْ کُلِّ رَجُلَیْنِ اَحَدُھُمَا وَالْاَجْرُ بَیْنَھُمَا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوسعید رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ہذیل کی شاخ بنی لحیان کی طرف ایک لشکر بھیجنے کا ارادہ کیا اور فرمایا ہر دو آدمیوں میں سے ایک آدمی لشکر میں جائے (یعنی ہر قبیلہ میں سے آدھے آدمی جائیں اور ثواب سب کو یکساں ملے گا۔ (مسلم)

ہمیشہ امت محمدی کی کوئی نہ کوئی جماعت برسر جہاد رہے گی

۳۶۲۵ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَنْ یَّبْرَحَ ھٰذَا الدِّیْنُ قَائِمًا یُّقَاتِلُ عَلَیْہِ عِصَابَۃٌ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ حَتّٰی تَقُوْمَ السَّاعَۃُ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر بن سمرۃ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یہ دین ہمیشہ قائم رہے گا اور مسلمانوں کی ایک جماعت (کہیں نہ کہیں) ہمیشہ جہاد کرتی رہے گی یہاں تک کہ قیامت قائم ہو۔ (مسلم)۔

خدا کی راہ میں زخمی ہونے والا مجاہد قیامت کے دن اسی حال میں اٹھے گا

۳۶۲۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُکْلَمُ اَحَدٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص خدا تعالیٰ کی راہ میں (یعنی جہاد میں) زخمی کیا جائے اور اللہ

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَنْ يُكْلَمُ فِيْ سَبِيْلِهٖ اِلَّا جَآءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَجُرْحُهٗ يَثْعَبُ دَمًا اَللَّوْنُ لَوْنُ الدَّمِ وَالرِّيْحُ رِيْحُ الْمِسْكِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تعالیٰ خوب جانتا ہے اس کو جو اس کی راہ میں زخمی کیا جاتا ہے تو وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کے زخم سے خون جاری ہوگا اس خون کا رنگ تو خون کا سا رنگ ہوگا لیکن بُو مشک کی ہوگی۔ (بخاری و مسلم)

شہادت کی فضیلت

۳۶۲۷/۱۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَحَدٍ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ يُحِبُّ اَنْ يَّرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا وَلَهٗ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا الشَّهِيْدُ يَتَمَنّٰى اَنْ يَّرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا يَرٰى مِنَ الْكَرَامَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جنت میں داخل ہونے کے بعد کوئی شخص دنیا میں اس خیال سے واپس آنے کو پسند نہ کرے گا کہ زمین میں جو کچھ ہے اس کو بھر مل جائے مگر شہید اس کی آرزو کرے گا کہ وہ دنیا میں واپس جائے اور دس مرتبہ مارا جائے اس لئے کہ وہ شہادت کی عظمت اور ثواب کو جانتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

شہداء کی حیات بعد الموت کے بارے میں آیت کریمہ کی تفسیر

۳۶۲۸/۱۸ وَعَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ سَاَلْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ، اَلْاٰيَةَ۔ قَالَ اَمَا اِنَّا قَدْ سَاَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَرْوَاحُهُمْ فِيْ اَجْوَافِ طَيْرٍ خُضْرٍ لَهَا قَنَادِيْلُ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ تَسْرَحُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ شَاءَتْ ثُمَّ تَاْوِيْ اِلٰى تِلْكَ الْقَنَادِيْلِ فَاطَّلَعَ اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ اِطِّلَاعَةً فَقَالَ هَلْ تَشْتَهُوْنَ شَيْئًا قَالُوْا اَيَّ شَيْءٍ نَشْتَهِيْ وَنَحْنُ نَسْرَحُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ شِئْنَا فَفَعَلَ ذٰلِكَ بِهِمْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَلَمَّا رَاَوْا اَنَّهُمْ لَنْ يُّتْرَكُوْا مِنْ اَنْ يُّسْاَلُوْا قَالُوْا يَا رَبِّ نُرِيْدُ اَنْ تَرُدَّ اَرْوَاحَنَا فِيْ اَجْسَادِنَا حَتّٰى نُقْتَلَ فِيْ سَبِيْلِكَ مَرَّةً اُخْرٰى فَلَمَّا رَاٰى اَنْ لَّيْسَ لَهُمْ حَاجَةٌ تُرِكُوْا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت مسروق رضؓ کہتے ہیں ہم نے عبداللہ بن مسعود رضؓ سے اس آیت کے معنی دریافت کئے وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ الخ جو لوگ خدا کی راہ میں مارے گئے ہیں ان کو تم مُردہ خیال نہ کرو بلکہ وہ اپنے پروردگار کے پاس زندہ ہیں اور ان کو رزق دیا جاتا ہے ابن مسعود رضؓ نے کہا ہم نے اس کے معنی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے دریافت کئے تو آپ نے فرمایا ان کی رُوحیں سبز پرندوں کے جسم میں ہیں اور ان کے لئے عرشِ الٰہی کے نیچے قندیلیں لٹکائی گئی ہیں وہ بہشت میں جہاں سے اُن کا جی چاہے میوہ کھاتے ہیں اور پھر قندیلوں میں چلے جاتے ہیں اور پروردگار ان کی طرف جھانکتا ہے اور فرماتا ہے تم کو کس چیز کی خواہش ہے وہ عرض کرتے ہیں ہم کس چیز کی خواہش کریں جہاں سے ہمارا جی چاہتا ہے جنت سے میوے کھاتے ہیں خداوند تعالیٰ تین مرتبہ اسی طرح پوچھتا ہے جب وہ دیکھتے ہیں کہ بار بار ہم سے پوچھا جاتا ہے تو وہ عرض کرتے ہیں اے پروردگار ہم چاہتے ہیں کہ ہماری روحوں کو پھر ہمارے جسموں میں واپس کر دیا جائے تاکہ تیری راہ میں ہم پھر جہاد و قتال کریں اور دوبارہ شہید ہوں۔ جب خداوند تعالیٰ دیکھتا ہے کہ ان کو کسی چیز کی حاجت نہیں تو ان کو چھوڑ دیا جاتا ہے۔ (مسلم)

جہاد حقوق العباد کے علاوہ تمام گناہوں کی مٹا دیتا ہے

۳۶۲۹/۱۹ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِيْهِمْ فَذَكَرَ لَهُمْ اَنَّ الْجِهَادَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

حضرت ابو قتادہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رضؓ کے سامنے خطبہ دیا اور فرمایا کہ خدا کی راہ میں جہاد کرنا اور خدا تعالیٰ پر

وَالْاِیْمَانِ بِاللّٰہِ اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَرَاَیْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یُکَفِّرُ عَنِّیْ خَطَایَایَ فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَعَمْ اِنْ قُتِلْتَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَاَنْتَ صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَیْرُ مُدْبِرٍ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَیْفَ قُلْتَ فَقَالَ اَرَاَیْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَیُکَفِّرُ عَنِّیْ خَطَایَایَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَاَنْتَ صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَیْرُ مُدْبِرٍ اِلَّا الدَّیْنَ فَاِنَّ جِبْرَئِیْلَ قَالَ لِیْ ذٰلِکَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ایمان لانا بہترین اعمال میں سے ہے ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا، یا رسول اللہ ﷺ اگر میں خدا کی راہ میں مارا جاؤں تو کیا میرے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے؟ آپ نے فرمایا ہاں اگر تو خدا کی راہ میں مارا گیا اس حال میں کہ تو صبر کرنے والا ثواب کا طلب کرنے والا ہے۔ دشمن کے مقابلہ پر جانے والا مگر پیٹھ پھیرنے والا نہ ہو۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے شخص تو نے کیا کہا؟ اس نے عرض کیا (میں نے کہا کہ) اگر میں خدا کی راہ میں مارا جاؤں تو کیا آپ کے خیال میں میرے گناہ دور کئے جائیں گے؟ آپ نے فرمایا ہاں اگر تو صبر کرنے والا ثواب کا طالب اور آگے بڑھنے والا ہو پیچھے ہٹنے والا نہ ہو مگر قرض معاف نہیں کیا جاتا، مجھ سے جبرئیل ؑ نے یہی کہا۔ (مسلم)

۳۶۳۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْقَتْلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یُکَفِّرُ کُلَّ شَیْءٍ اِلَّا الدَّیْنَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کی راہ میں مارا جانا ہر گناہ کو مٹا دیتا ہے مگر قرض کو نہیں (مسلم)

وہ قاتل و مقتول جو جنت میں جائیں گے

۳۶۳۱ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَضْحَکُ اللّٰہُ تَعَالٰی اِلٰی رَجُلَیْنِ یَقْتُلُ اَحَدُھُمَا الْاٰخَرَ یَدْخُلَانِ الْجَنَّۃَ یُقَاتِلُ ھٰذَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَیُقْتَلُ ثُمَّ یَتُوْبُ اللّٰہُ عَلَی الْقَاتِلِ فَیُسْتَشْھَدُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ دو شخصوں پر ہنستا ہے جن میں سے ایک شخص دوسرے کو قتل کرتا ہے اور دونوں جنت میں داخل ہوتے ہیں ایک تو ان میں سے خدا تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتا ہے اور شہید ہوتا ہے پھر خداوند تعالیٰ قاتل کو توبہ کی توفیق مرحمت فرماتا ہے (یعنی وہ کفر سے توبہ کر کے مسلمان ہوتا ہے) اور پھر جہاد میں شہید ہوتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

شہادت کی طلب صادق کی فضیلت

۳۶۳۲ وَعَنْ سَھْلِ بْنِ حُنَیْفٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ سَاَلَ اللّٰہَ الشَّھَادَۃَ بِصِدْقٍ بَلَّغَہُ اللّٰہُ مَنَازِلَ الشُّھَدَآءِ وَاِنْ مَاتَ عَلٰی فِرَاشِہٖ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت سہل بن حنیف رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص خداوند تعالیٰ سے سچے دل سے شہادت کو طلب کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو شہید کا مرتبہ عنایت فرما دیتا ہے اگرچہ وہ اپنے بستر پر مرے۔ (مسلم)

شہداء کا مسکن فردوس اعلیٰ

۳۶۳۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ الرُّبَیِّعَ بِنْتَ الْبَرَاءِ وَھِیَ اُمُّ حَارِثَۃَ بْنِ سُرَاقَۃَ اَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَلَا تُحَدِّثُنِیْ عَنْ حَارِثَۃَ وَکَانَ قُتِلَ یَوْمَ بَدْرٍ اَصَابَہٗ سَھْمٌ غَرْبٌ فَاِنْ کَانَ فِی الْجَنَّۃِ صَبَرْتُ وَاِنْ کَانَ غَیْرَ ذٰلِکَ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ براء رضؓ کی بیٹی اور حارثہ بن سراقہ رضؓ کی ماں ربیع رضؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا اے خدا کے نبی ﷺ! کیا آپ حارثہ کا حال مجھ سے بیان نہیں کریں گے؟ حارثہ بدر کی لڑائی میں شہید ہوئے تھے اور ایک نامعلوم شخص کا تیر ان کو آ کر لگا تھا۔ اگر وہ جنت میں ہیں تو صبر کروں اور اگر کسی اور جگہ

اجْتَهَدْتُ عَلَيْهِ فِي الْبُكَاءِ فَقَالَ يَا أُمَّ حَارِثَةَ إِنَّهَا جِنَانٌ فِي الْجَنَّةِ وَإِنَّ ابْنَكِ أَصَابَ الْفِرْدَوْسَ الْأَعْلَى۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ہوں تو رونے کی کوشش کروں (یعنی خوب روؤں) آپ نے فرمایا! حارثہ کی ماں! جنت میں بہت سے باغ ہیں اور تیرا بیٹا فردوس اعلیٰ میں ہے۔ (بخاری)

شہید کی منزل جنت ہے

۳۶۳۴ وَعَنْهُ قَالَ انْطَلَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ حَتّٰى سَبَقُوا الْمُشْرِكِينَ إِلَى بَدْرٍ وَجَاءَ الْمُشْرِكُونَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُومُوا إِلَى جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ قَالَ عُمَيْرُ بْنُ الْحُمَامِ بَخٍ بَخٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَحْمِلُكَ عَلٰى قَوْلِكَ بَخٍ بَخٍ قَالَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِلَّا رَجَاءَ أَنْ أَكُونَ مِنْ أَهْلِهَا قَالَ فَإِنَّكَ مِنْ أَهْلِهَا قَالَ فَأَخْرَجَ تَمَرَاتٍ مِنْ قَرَبَتِهِ فَجَعَلَ يَأْكُلُ مِنْهُنَّ ثُمَّ قَالَ لَئِنْ أَنَا حَيِيتُ حَتّٰى آكُلَ تَمَرَاتِي إِنَّهَا لَحَيٰوةٌ طَوِيلَةٌ قَالَ فَرَمٰى بِمَا كَانَ مَعَهُ مِنَ التَّمْرِ ثُمَّ قَاتَلَهُمْ حَتّٰى قُتِلَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہؓ مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے اور بدر میں مشرکوں سے پہلے پہنچ گئے اور پھر مشرک لوگ آئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کے مجاہدین کو مخاطب کر کے فرمایا۔ جنت کے راستہ پر کھڑے ہو جاؤ ہاں اس جنت کے جس کا عرض آسمان و زمین کی مانند ہے۔ عمیرؓ بن حمام نے (یہ سنکر) کہا "خوب خوب" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا تم نے یہ الفاظ کیوں کہے؟ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قسم ہے خدا کی میرا اور کوئی مقصد ان الفاظ سے نہیں ہے بلکہ میں یہ آرزو رکھتا ہوں کہ میں جنت والا ہو جاؤں۔ آپ نے فرمایا تو جنتی ہے راوی کا بیان ہے کہ اس کے بعد عمیرؓ نے اپنے ترکش سے کھجوریں نکالیں اور ان کو کھانا شروع کیا اور کہا اگر میں ان کھجوروں کو دوبارہ کھانے تک زندہ رہا تو یہ ایک طویل زندگی ہوگی یہ کہہ کر اس نے باقی کھجوروں کو پھینک دیا اور پھر مشرکوں سے لڑا یہاں تک کہ شہید ہو گیا۔ (مسلم)

شہداء کی اقسام

۳۶۳۵ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَعُدُّونَ الشَّهِيدَ فِيكُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِيدٌ قَالَ إِنَّ شُهَدَاءَ أُمَّتِي إِذًا لَقَلِيلٌ مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِيدٌ وَمَنْ مَاتَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِيدٌ وَمَنْ مَاتَ فِي الطَّاعُونِ فَهُوَ شَهِيدٌ وَمَنْ مَاتَ فِي الْبَطْنِ فَهُوَ شَهِيدٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اپنے میں سے شہید کس کو مانتے ہو؟ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! جو شخص خدا کی راہ میں مارا جائے وہ شہید ہے آپ نے فرمایا اس صورت میں تو میری امت کے اندر شہیدوں کی تعداد بہت تھوڑی رہ جائے گی (آگاہ ہو کر) جو شخص خدا کی راہ میں مارا جائے شہید ہے اور جو شخص (اپنی موت) مرے خدا کی راہ میں شہید ہے اور جو شخص طاعون میں مرے شہید ہے اور جو شخص پیٹ کی بیماری میں مرے شہید ہے۔ (مسلم)

مجاہد کے اجر کی تقسیم

۳۶۳۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ غَازِيَةٍ أَوْ سَرِيَّةٍ تَغْزُو فَتَغْنَمُ وَتَسْلَمُ إِلَّا كَانُوا قَدْ

حضرت عبداللہ بن عمروؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جہاد کرنے والی جو جماعت یا جہاد کرنے والا جو لشکر جہاد کرے مال غنیمت پائے اور پھر صحیح و سلامت واپس آجائے اس نے دو

تَعَجَّلُوْا ثُلُثَیْ اُجُوْرِهِمْ وَمَا مِنْ غَازِیَةٍ اَوْ سَرِیَّةٍ تُخْفِقُ وَتُصَابُ اِلَّا بَتَمَّ اُجُوْرَهُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تہائی اجر پانے میں عجلت کی اور جو جہاد کرنے والی جماعت یا جہاد کرنے والا لشکر غنیمت کا مال لائے اور زخمی کیا جائے یا مارا جائے اس نے اپنے اجر کو کامل کرلیا۔ (مسلم)

جس مومن کے دل میں جذبۂ جہاد نہ ہو وہ منافق کی طرح ہے

۳۶۳۷/۲۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَاتَ وَلَمْ یَغْزُ وَلَمْ یُحَدِّثْ بِهٖ نَفْسَهٗ مَاتَ عَلٰی شُعْبَةٍ مِّنْ نِّفَاقٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص مرا اور جہاد نہ کیا اور جہاد کا خیال بھی کبھی دل میں نہ لایا اس کی موت ایک قسم کے نفاق پر ہوئی۔ (رواہ مسلم)

حقیقی مجاہد کون ہے

۳۶۳۸/۲۸ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الرَّجُلُ یُقَاتِلُ لِلْمَغْنَمِ وَالرَّجُلُ یُقَاتِلُ لِلذِّكْرِ وَالرَّجُلُ یُقَاتِلُ لِیُرٰی مَكَانُهٗ فَمَنْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْیَا فَهُوَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوموسیٰ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا ایک شخص تو اس لئے لڑتا ہے کہ مال غنیمت پائے اور ایک شخص لڑتا ہے شہرت و ناموری حاصل کرنے کے لئے اور ایک شخص اس لئے لڑتا ہے کہ لوگ اس کی عزت اور مرتبہ کو دیکھیں ان میں سے کون خدا کی راہ میں لڑنے والا ہے آپ نے فرمایا وہ شخص خدا کی راہ میں لڑنے والا ہے جو خدا کے دین کو بلند کرنے کے لئے لڑے (بخاری و مسلم)

عذر کی بنا پر جہاد میں نہ جانے والے کا حکم

۳۶۳۹/۲۹ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجَعَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ فَدَنَا مِنَ الْمَدِیْنَةِ فَقَالَ اِنَّ بِالْمَدِیْنَةِ اَقْوَامًا مَا سِرْتُمْ مَسِیْرًا وَلَا قَطَعْتُمْ وَادِیًا اِلَّا كَانُوْا مَعَكُمْ وَفِیْ رِوَایَةٍ اِلَّا شَرِكُوْكُمْ فِی الْاَجْرِ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَهُمْ بِالْمَدِیْنَةِ قَالَ وَهُمْ بِالْمَدِیْنَةِ حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ) وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ جَابِرٍ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک سے واپس ہوئے اور مدینہ کے قریب پہنچے تو فرمایا تم میں بہت سے ایسے لوگ ہیں جو اس سفر میں نہ تو تمہارے ساتھ چلے ہیں اور نہ کسی وادی کو انھوں نے عبور کیا ہے مگر بایں ہمہ وہ تمہارے ساتھ ہیں، اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ بایں ہمہ وہ ثواب میں تمہارے ساتھ ہیں اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ بایں ہمہ وہ ثواب میں تمہارے شریک ہیں۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! اور وہ لوگ مدینہ ہی میں ہیں (یعنی ہمارے ساتھ جہاد کو نہیں گئے تب بھی وہ ثواب میں شریک ہیں) فرمایا وہ مدینہ میں ہیں اور عذر نے ان کو تمہارے ساتھ جانے سے روکا ہے۔ (بخاری) اور مسلم نے یہ حدیث جابرؓ سے روایت کی ہے

ماں باپ کی خدمت کا درجہ؟

۳۶۴۰/۳۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاْذَنَهٗ فِی الْجِهَادِ فَقَالَ اَحَیٌّ وَالِدَاكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَفِیْهِمَا فَجَاهِدْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

وَفِیْ رِوَایَةٍ فَارْجِعْ اِلٰی وَالِدَیْكَ فَاَحْسِنْ صُحْبَتَهُمَا۔

واپس جا اور اچھی طرح ان کی خدمت کر۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر جہاد میں جانے کی اجازت چاہی آپ نے اس سے پوچھا کیا تیرے ماں باپ زندہ ہیں؟ عرض کیا، ہاں۔ آپ نے فرمایا ان کے پاس رہ اور جہاد کر (یعنی ان کی خدمت کر کہ جہاد کے برابر ثواب رکھتی ہے)۔ (بخاری و مسلم) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے اس سے یہ فرمایا اپنے ماں باپ کے پاس

فتح مکہ کے بعد ہجرت کی فرضیت ختم ہوگئی

۳۶۴۱/۳۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن فرمایا فتح مکہ کے بعد ہجرت نہیں ہے البتہ جہاد اور نیت ہے پس جب تم کو جہاد کے لئے بلایا جائے تو تم سب اپنے گھروں سے نکل پڑو۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

دین کی سربلندی کے لئے امت محمدی کو کوئی نہ کوئی جماعت ہمیشہ برسر جہاد رہے گی

۳۶۴۲/۳۲ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ عَلٰى مَنْ نَاوَاهُمْ حَتّٰى يُقَاتِلَ آخِرُهُمُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت عمران بن حصینؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میری امت کی ایک جماعت ہمیشہ حق کی حمایت میں لڑتی رہے گی اور ہر قوم اس سے دشمنی کرے گی وہ اس پر غالب رہے گی یہاں تک کہ اس امت کے آخری لوگ مسیح دجال سے لڑیں گے۔ (ابوداؤد)

جہاد میں کسی طرح بھی شرکت نہ کرنے والے کے بارے میں وعید

۳۶۴۳/۳۳ وَعَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُجَهِّزْ غَازِيًا أَوْ يَخْلُفْ غَازِيًا فِيْ أَهْلِهٖ بِخَيْرٍ أَصَابَهُ اللّٰهُ بِقَارِعَةٍ قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت ابو امامہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے نہ تو جہاد کیا نہ جہاد کرنے والوں کا سامان درست کیا اور نہ مجاہدین کے اہل و عیال کی خبر گیری کی، اس کو قیامت سے پہلے خداوند تعالیٰ کسی سخت مصیبت میں مبتلا کرے گا۔ (ابوداؤد)

جان و مال اور زبان کے ذریعہ جہاد کا حکم

۳۶۴۴/۳۴ وَعَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاهِدُوا الْمُشْرِكِيْنَ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ وَأَلْسِنَتِكُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مشرکین سے اپنی جان و مال اور زبانوں کے ذریعہ جہاد کرو۔ (ابوداؤد۔ نسائی۔ دارمی)

جنت کے وارث؟

۳۶۴۵/۳۵ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْشُوا السَّلَامَ وَأَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَاضْرِبُوا الْهَامَ تُوْرَثُوا الْجِنَانَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلام کو پھیلاؤ (یعنی ہر شخص کو سلام کرو) کھانا کھلاؤ اور کافروں کا سر توڑو بہشت کے وارث بنائے جاؤ گے۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)

جہاد میں پاسبانی کی فضیلت

۳۶۴۶/۳۶ وَعَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ مَيِّتٍ يُخْتَمُ عَلٰى عَمَلِهٖ إِلَّا الَّذِيْ مَاتَ مُرَابِطًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَإِنَّهٗ يُنْمٰى لَهٗ عَمَلُهٗ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَيَأْمَنُ فِتْنَةَ الْقَبْرِ

حضرت فضالہ بن عبید رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر شخص کا عمل مرنے کے بعد ختم ہو جاتا ہے مگر اس شخص کا عمل جو خدا کی راہ میں محافظت کرتا ہوا مرے اس شخص کے عمل کا ثواب قیامت تک بڑھتا رہتا ہے اور وہ قبر کے فتنے سے بھی مامون رہتا

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاهُ الدَّارِمِيُّ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ۔)

ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد) اور دارمی نے اسے عقبہ بن عامر سے روایت کیا ہے۔

جہاد میں شرکت کرنے والے کی فضیلت

۳۶۴۷/۳۷ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَمَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ نُكِبَ نَكْبَةً فَاِنَّهَا تَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كَاَغْزَرِ مَا كَانَتْ لَوْنُهَا الزَّعْفَرَانُ وَرِيْحُهَا الْمِسْكُ وَمَنْ خَرَجَ بِهٖ خُرَاجٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاِنَّ عَلَيْهِ طَابِعَ الشُّهَدَاءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ۔)

حضرت معاذ بن جبل رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص خدا کی راہ میں تھوڑی دیر بھی لڑا اس کے لئے جنت واجب ہوگئی اور جو شخص خدا کی راہ میں زخمی کیا گیا یا زخم کی تکلیف میں مبتلا کیا گیا وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کا زخم تازہ ہوگا خون کا رنگ زعفرانی ہوگا اور بو مشک کی ہوگی اور جس شخص کے بدن میں خدا کی راہ میں پھوڑا نکلا تو اس پھوڑے پر یا پھوڑے والے پر شہیدوں کی علامت ہوگی جس سے اس کو شناخت کیا جائے گا۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی)

جہاد میں اپنا مال واسباب خرچ کرنے کی فضیلت

۳۶۴۸/۳۸ وَعَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَنْفَقَ نَفَقَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كُتِبَ لَهٗ بِسَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)۔

حضرت خریم رضؓ بن فاتک کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص خدا کی راہ میں (یعنی جہاد میں) کچھ خرچ کرے اس کے اصل حساب میں سات سو گنا ثواب لکھا جاتا ہے۔ (ترمذی۔ نسائی)

۳۶۴۹/۳۹ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الصَّدَقَاتِ ظِلُّ فُسْطَاطٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمِنْحَةُ خَادِمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمِنْحَةُ خَادِمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ طَرُوْقَةُ فَحْلٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوامامہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بہترین صدقہ خدا کی راہ میں خیمہ کا سایہ ہے (یعنی مجاہد یا حاجی کو خیمہ دینا) اور بہترین صدقہ خدا کی راہ میں خادم کا دینا ہے اور بہترین صدقہ خدا کی راہ میں ایسی اونٹنی کا دینا ہے جو جوان ہو۔ (ترمذی)

مجاہد کی فضیلت

۳۶۵۰/۴۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَلِجُ النَّارَ مَنْ بَكٰى مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ حَتّٰى يَعُوْدَ اللَّبَنُ فِي الضَّرْعِ وَلَا يَجْتَمِعُ عَلٰى عَبْدٍ غُبَارٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)۔ وَزَادَ النَّسَائِيُّ فِيْ اُخْرٰى فِيْ مَنْخَرَيْ مُسْلِمٍ اَبَدًا وَفِيْ اُخْرٰى لَهٗ فِيْ جَوْفِ عَبْدٍ اَبَدًا وَلَا يَجْتَمِعُ الشُّحُّ وَالْاِيْمَانُ فِيْ قَلْبِ عَبْدٍ اَبَدًا۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وہ شخص دوزخ میں نہ جائے گا جو خدا کے خوف سے رویا ہو جب تک کہ دودھ ہوا دودھ تھنوں میں واپس نہ جائے (یعنی جس طرح دودھ کا واپس جانا محال ہے اسی طرح اس شخص کا دوزخ میں جانا محال ہے) اور راہ خدا میں بندہ کے جسم کا غبار اور دوزخ کا دھواں ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے (یعنی مجاہد دوزخ میں نہ جائے گا۔ (ترمذی) اور نسائی کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ مسلمان کے نتھنوں میں خدا کی راہ کا غبار اور دوزخ کا دھواں جمع نہ ہوگا اور ایک روایت میں یوں ہے کہ بندہ کے پیٹ میں خدا کی راہ کا غبار اور دوزخ کا دھواں جمع نہ ہوگا اور بخل و ایمان ایک جگہ جمع نہیں ہوتے۔

۳۶۵۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَيْنَانِ لَا تَمَسُّهُمَا النَّارُ عَيْنٌ بَكَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَعَيْنٌ بَاتَتْ تَحْرُسُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دو آنکھوں کو دوزخ کی آگ نہ چھوئے گی ایک آنکھ وہ جو خدا کے خوف سے روئی اور دوسری آنکھ وہ جس نے خدا کی راہ میں نگہبانی کرتے رات گزاری۔ (ترمذی)

جہاد کی برتری و فضیلت

۳۶۵۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشِعْبٍ فِيْهِ عُيَيْنَةٌ مِّنْ مَّاءٍ عَذْبَةٍ فَاَعْجَبَتْهُ فَقَالَ لَوِ اعْتَزَلْتُ النَّاسَ فَاَقَمْتُ فِيْ هٰذَا الشِّعْبِ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَفْعَلْ فَاِنَّ مَقَامَ اَحَدِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوتِهٖ فِيْ بَيْتِهٖ سَبْعِيْنَ عَامًا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَيُدْخِلَكُمُ الْجَنَّةَ اُغْزُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَوَاقَ نَاقَةٍ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک شخص پہاڑی درہ سے گزرا جس میں شیریں پانی کا چشمہ تھا اس کو یہ چشمہ بہت پسند آیا اور اس نے دل میں کہا کاش میں لوگوں کو چھوڑ دوں اور اس درّہ میں آ رہوں۔ پھر اس بات کا ذکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا گیا آپؐ نے فرمایا ایسا نہ کرو اس لئے کہ خدا کی راہ میں تمہارا قیام کرنا گھر میں ستر برس نماز پڑھنے سے بہتر ہے کیا تم اس کو پسند نہیں کرتے کہ خداوند کریم تم کو پورے طور پر بخش دے اور جنت میں تم کو داخل کر دے تم خدا کی راہ میں لڑو اس لئے کہ جو شخص تھوڑی دیر بھی خدا کی راہ میں لڑتا ہے اس کے لئے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ (ترمذی)

جہاد میں پاسبانی کی فضیلت

۳۶۵۳ وَعَنْ عُثْمَانَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رِبَاطُ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ يَوْمٍ فِيْمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَنَازِلِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عثمانؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کی راہ میں (کافروں کی سرحد پر) ایک دن کی نگہبانی ہزار دن کی عبادت سے بہتر ہے، سوائے اس دن کے۔ (ترمذی۔ نسائی)

شہداء ابتدا ہی جنت میں داخل کئے جائیں گے

۳۶۵۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُرِضَ عَلَيَّ اَوَّلُ ثَلٰثَةٍ يَّدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ شَهِيْدٌ وَّعَفِيْفٌ مُّتَعَفِّفٌ وَّعَبْدٌ اَحْسَنَ عِبَادَةَ اللّٰهِ وَنَصَحَ لِمَوَالِيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میرے سامنے تین قسم کے وہ آدمی پیش کئے گئے جو سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔ ایک تو ان میں شہید ہے دوسرا حرام سے بچنے والا اور سوال نہ کرنے والا تیسرا وہ غلام جس نے خدا کی عبادت خوبی کے ساتھ کی اور اپنے مالک کا بھی خیر خواہ رہا۔ (ترمذی)

افضل مجاہد و افضل شہید

۳۶۵۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُبْشِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ طُوْلُ الْقِيَامِ قِيْلَ فَاَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ جُهْدُ الْمُقِلِّ قِيْلَ فَاَيُّ الْهِجْرَةِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ هَجَرَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ قِيْلَ فَاَيُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ جَاهَدَ الْمُشْرِكِيْنَ بِمَالِهٖ وَنَفْسِهٖ قِيْلَ فَاَيُّ

حضرت عبداللہ بن حبشی کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کونسا عمل سب سے بہتر ہے؟ آپؐ نے فرمایا طویل قیام کرنا (نماز کے اعمال میں) پھر پوچھا گیا کونسا صدقہ بہتر ہے؟ فرمایا کوشش کرنا محتاج و فقیر کا (یعنی صدقہ دینے کے لئے مفلس و محتاج آدمی کا کوشش کرنا) پھر پوچھا گیا، کونسی ہجرت بہتر ہے؟ فرمایا ان باتوں کو چھوڑنا جن کو خدا نے حرام قرار دیا ہے پھر پوچھا گیا کونسا جہاد بہتر ہے؟ فرمایا جو جہاد مال اور جان کے

الْقَتْلِ اَشْرَفُ قَالَ مَنْ اُهْرِيْقَ دَمُهٗ وَعُقِرَ جَوَادُهٗ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) وَفِيْ رِوَايَةِ النَّسَائِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ اِيْمَانٌ لَّا شَكَّ فِيْهِ وَجِهَادٌ لَّا غُلُوْلَ فِيْهِ وَحَجَّةٌ مَّبْرُوْرَةٌ قِيْلَ فَاَيُّ الصَّلٰوةِ اَفْضَلُ قَالَ طُوْلُ الْقُنُوْتِ ثُمَّ اتَّفَقَا فِي الْبَاقِيْ۔

ساتھ مشرکوں سے کیا جائے۔ پھر پوچھا گیا کونسا مارا جانا بہتر ہے؟ فرمایا اس شخص کا جس کا خون بہایا جائے اور اس کے گھوڑے کی کونچیں کاٹی جائیں۔ (ابوداؤد) اور نسائی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا اعمال میں کونسا عمل افضل ہے؟ فرمایا ایمان، جس میں کسی قسم کا شک نہ ہو اور جہاد جس میں کسی قسم کی خیانت نہ ہو اور حج مقبول۔ پھر پوچھا گیا کونسی نماز افضل ہے؟ فرمایا دیر تک قیام کرنا اور باقی حدیث حسب مذکور ہے۔

شہداء پر حق تعالیٰ کے انعامات

۳۶۵۶/۴۶ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلشَّهِيْدِ عِنْدَ اللّٰهِ سِتُّ خِصَالٍ يُغْفَرُ لَهٗ فِيْ اَوَّلِ دَفْعَةٍ وَيُرٰى مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ وَيُجَارُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَيَاْمَنُ مِنَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ وَيُوْضَعُ عَلٰى رَاْسِهٖ تَاجُ الْوَقَارِ الْيَاقُوْتَةُ مِنْهَا خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا وَيُزَوَّجُ ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ زَوْجَةً مِّنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ وَيُشَفَّعُ فِيْ سَبْعِيْنَ مِنْ اَقَارِبِهٖ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کے نزدیک شہید کے لئے چھ باتیں ہیں۔ بخشا جائے گا اس کو پہلی ہی مرتبہ (یعنی خون کا پہلا قطرہ گرتے ہی) دیکھا جائے گا اس کو جنت میں ٹھکانا اس کا (یعنی جان نکلنے کے وقت) محفوظ رہتا ہے وہ عذاب قبر سے امن میں رہتا ہے وہ بڑی گھبراہٹ سے (یعنی دوزخ کے عذاب سے)۔ اس کے سر پر وقار کا تاج رکھا جائے گا کہ اس کا یاقوت دنیا اور دنیا کی تمام چیزوں سے بہتر ہوگا۔ اس کے نکاح میں بہتر حوریں بڑی بڑی آنکھوں والی دیجائیں گی۔ اور اس کے عزیزوں میں سے ستر آدمیوں کے لئے اس کی شفاعت قبول کی جائے گی۔ (ترمذی ابن ماجہ)

جہاد میں شرکت نہ کرنے والے کے بارے میں وعید

۳۶۵۷/۴۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَقِيَ اللّٰهَ بِغَيْرِ اَثَرٍ مِّنْ جِهَادٍ لَقِيَ اللّٰهَ وَفِيْهِ ثُلْمَةٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص خدا سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ اس پر جہاد کا کوئی اثر نہ ہوگا (یعنی اس میں جہاد کی علامت نہ ہوگی) تو وہ گویا اس حال میں خدا سے ملے گا کہ اس میں دینی نقص ہوگا۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

شہید، قتل کی اذیت سے محفوظ رہتا ہے

۳۶۵۸/۴۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلشَّهِيْدُ لَا يَجِدُ اَلَمَ الْقَتْلِ اِلَّا كَمَا يَجِدُ اَحَدُكُمُ اَلَمَ الْقَرْصَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ۔ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ وَهٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے شہید قتل کی صرف اتنی تکلیف محسوس کرتا ہے جتنی کہ تم چیونٹی کے کاٹے کی تکلیف کو محسوس کرتے ہو۔ (ترمذی۔ دارمی۔ نسائی)

(ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے۔)

جہاد میں مومن کا بہنے والا قطرۂ خون خدا کے نزدیک محبوب ترین چیز ہے۔

۳۶۵۹/۴۹ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خداوند

وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ شَيْءٌ أَحَبَّ إِلَى اللّٰهِ مِنْ قَطْرَتَيْنِ وَأَثَرَيْنِ قَطْرَةُ دَمُوعٍ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَقَطْرَةُ دَمٍ تُهْرَاقُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَأَمَّا الْأَثَرَانِ فَأَثَرٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَأَثَرٌ فِي فَرِيضَةٍ مِنْ فَرَائِضِ اللّٰهِ تَعَالَى۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ)۔

تعالےٰ کو دو قطرے اور دو نشان بہت پیارے ہیں ایک تو خدا کے خوف سے نکلا ہوا آنسو کا قطرہ، اور دوسرا اس خون کا قطرہ جو خدا کی راہ میں بہایا جائے اور دو نشانوں میں سے ایک نشان تو وہ ہے جو خدا کی راہ میں زخم یا چوٹ وغیرہ سے آئے اور دوسرا نشان خدا کے فرائض میں سے کسی فرض کا نشان (مثلاً سجدہ وغیرہ کا نشان) (ترمذی)

بلا ضرورت شرعی بحری سفر کی ممانعت

۳۶۶۰/۵۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَرْكَبِ الْبَحْرَ إِلَّا حَاجًّا أَوْ مُعْتَمِرًا أَوْ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَإِنَّ تَحْتَ الْبَحْرِ نَارًا وَتَحْتَ النَّارِ بَحْرًا۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی شخص دریا میں سفر نہ کرے مگر حج یا عمرہ کے ارادہ سے یا خدا کی راہ میں لڑنے کے لئے کہ سمندر کے نیچے آگ ہے اور آگ کے نیچے دریا۔ (ابوداؤد)

پانی کے سفر میں مرنے والا شہید کا درجہ پائے گا

۳۶۶۱/۵۱ وَعَنْ أُمِّ حَرَامٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَائِدُ فِي الْبَحْرِ الَّذِي يُصِيبُهُ الْقَيْءُ لَهُ أَجْرُ شَهِيدٍ وَالْغَرِيقُ لَهُ أَجْرُ شَهِيدَيْنِ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت امّ حرام رضؓ کہتی ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دریا کے سفر میں اگر سر گھومنے سے قے ہو جائے تو اس کو ایک شہید کا ثواب ملتا ہے اور جو شخص دریا میں غرق ہو جائے اس کو دو شہیدوں کا ثواب ملتا ہے۔ (ابوداؤد)

جہاد میں کسی بھی طرح مرنے والا شہید ہے

۳۶۶۲/۵۲ وَعَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ فَصَلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَمَاتَ أَوْ قُتِلَ أَوْ وَقَصَهُ فَرَسُهُ أَوْ بَعِيرُهُ أَوْ لَدَغَتْهُ هَامَّةٌ أَوْ مَاتَ عَلَى فِرَاشِهِ بِأَيِّ حَتْفٍ شَاءَ اللّٰهُ فَإِنَّهُ شَهِيدٌ وَإِنَّ لَهُ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابو مالک اشعری رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جو شخص خدا کی راہ میں (یعنی جہاد وغیرہ کے لئے) نکلا اور مر گیا یا مارا گیا یا اس کے گھوڑے نے اس کو کچل ڈالا یا اس کے اونٹ نے کچل ڈالا یا کسی زہریلے جانور نے کاٹ لیا یا اپنے بستر پر مر گیا یا کسی قسم کی موت میں تو وہ شہید ہے اور اس کے لئے جنت ہے۔ (ابوداؤد)

مجاہد اپنے گھر لوٹ آنے پر بھی جہاد کا ثواب پاتا ہے

۳۶۶۳/۵۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَفْلَةٌ كَغَزْوَةٍ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جہاد کے بعد جہاد سے واپس آنا جہاد کے مانند ہے (یعنی واپسی کا ثواب بھی جہاد کے برابر ہے۔ (ابوداؤد)

غازی کو جہاد کا دوہرا ثواب ملتا ہے

۳۶۶۴/۵۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْغَازِي أَجْرُهُ وَلِلْجَاعِلِ أَجْرُهُ وَأَجْرُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے غازی (یعنی جہاد کرنے والا) کے لئے اس کے جہاد کا (کامل)

الْغَازِیْ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ) اَجر ہے اور جہاد کے لئے مال دینے والے کو مال اور جہاد دونوں کا ثواب ملتا ہے۔ (ابوداؤد)

بلا اجرت جہاد نہ کرنے والے کے بارے میں وعید

۳۶۶۵/۵۵ وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ سَتُفْتَحُ عَلَیْکُمُ الْاَمْصَارُ وَ سَتَکُوْنُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَۃٌ یُقْطَعُ عَلَیْکُمْ فِیْھَا بُعُوْثٌ فَیَکْرَہُ الرَّجُلُ الْبَعْثَ فَیَتَخَلَّصُ مِنْ قَوْمِہٖ ثُمَّ یَتَصَفَّحُ الْقَبَائِلَ یَعْرِضُ نَفْسَہٗ عَلَیْھِمْ مَنْ اَکْفِیْہِ بَعْثَ کَذَا اَلَا وَذٰلِکَ الْاَجِیْرُ اِلَی اٰخِرِ قَطْرَۃٍ مِّنْ دَمِہٖ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابوایوب رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ عنقریب تم پر بڑے بڑے شہر فتح کئے جائیں گے اور جمع کئے ہوئے لشکر ہوں گے جن میں سے تمہارے لئے فوجیں معین کی جائیں گی پس ایک شخص جہاد پر بلا معاوضہ جانے کو برا سمجھے گا اور اپنی قوم میں چلا جائے گا تاکہ جہاد میں جانے سے محفوظ رہے پھر وہ قبائل کو تلاش کرے گا اور اپنے آپ کو ان کے سامنے پیش کر کے کہے گا کون ہے جو میری خدمات کو اجرت پر حاصل کرے تاکہ میں ایک لشکر کو کفایت کروں اور لشکر کی سربراہی اپنے ذمہ لے لوں۔ خبردار یہ شخص مجاہد نہیں ہے مزدور ہے اور اپنے خون کے آخری قطرہ تک مزدور ہی رہیگا (ابوداؤد)

اجرت پر جہاد میں جانے والے کا مسئلہ

۳۶۶۶/۵۶ وَعَنْ یَعْلَی بْنِ اُمَیَّۃَ قَالَ اٰذَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالْغَزْوِ وَاَنَا شَیْخٌ کَبِیْرٌ لَیْسَ لِیْ خَادِمٌ فَالْتَمَسْتُ اَجِیْرًا یَکْفِیْنِیْ وَجَدْتُ رَجُلًا سَمَّیْتُ لَہٗ ثَلٰثَۃَ دَنَانِیْرَ فَلَمَّا حَضَرَتْ غَنِیْمَۃٌ اَرَدْتُ اَنْ اُجْرِیَ لَہٗ سَھْمَہٗ فَجِئْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرْتُ لَہٗ فَقَالَ مَا اَجِدُ لَہٗ فِیْ غَزْوَتِہٖ ھٰذِہٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِلَّا دَنَانِیْرَہُ الَّتِیْ سُمِّیَتْ لَہٗ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت یعلیٰ بن امیہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو جہاد پر جانے کے لئے آگاہ کیا میں اس وقت بوڑھا تھا اور کوئی خادم میرے پاس نہ تھا میں نے ایک مزدور کو تلاش کیا جو میری خدمت کے لئے کافی ہو چنانچہ مجھ کو ایک شخص مل گیا جس کی خدمت کی اجرت میں نے تین دینار مقرر کر دی پھر جب غنیمت کا مال آیا تو میں نے ارادہ کیا کہ اپنے خدمت گار کا حصہ بھی نکال لوں چنانچہ یہ مسئلہ پوچھنے کے لئے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور واقعہ بیان کیا آپ نے فرمایا میں اس غزوہ میں دین و دنیا میں اس کے لئے صرف ان دیناروں کو پاتا ہوں جو تو نے معین کئے ہیں (یعنی مال غنیمت میں اس کا کوئی حصہ نہیں ہے۔ (ابوداؤد)

کسی دنیاوی غرض سے جہاد کرنے والا ثواب سے محروم رہتا ہے

۳۶۶۷/۵۷ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ رَجُلٌ یُرِیْدُ الْجِھَادَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَھُوَ یَبْتَغِیْ عَرَضًا مِّنْ عَرَضِ الدُّنْیَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا اَجْرَ لَہٗ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ ایک شخص خدا کی راہ میں جہاد کا ارادہ رکھتا ہے لیکن وہ دنیا کے مال اسباب کا خواہشمند ہے۔ آپ نے فرمایا اس کو کسی قسم کا ثواب نہیں ملے گا۔ (ابوداؤد)

حقیقی جہاد کس کا ہے

۳۶۶۸/۵۸ وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْغَزْوُ غَزْوَانِ فَاَمَّا مَنِ ابْتَغٰی وَجْہَ اللّٰہِ وَاَطَاعَ الْاِمَامَ وَاَنْفَقَ الْکَرِیْمَۃَ وَیَاسَرَ الشَّرِیْکَ وَاجْتَنَبَ الْفَسَادَ فَاِنَّ نَوْمَہٗ وَنَبْھَہٗ اَجْرٌ کُلُّہٗ وَ

حضرت معاذ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جہاد دو قسم کا ہے جس نے خدا کی رضامندی چاہی امام کی اطاعت کی پاک مال اور جان کو خرچ کیا۔ شریک کار سے اچھا سلوک کیا بچتا رہا فساد سے اس کا سونا اور جاگنا سب ثواب ہی ثواب ہے اور جس نے جہاد کیا فخر کے لئے دکھانے اور سنانے

اَمَّا مَنْ غَزَا فَخْرًا وَّرِيَاءً وَّسُمْعَةً وَعَصَى الْاِمَامَ وَاَفْسَدَ فِي الْاَرْضِ فَاِنَّهٗ لَمْ يَرْجِعْ بِالْكَفَافِ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

کے لئے اور امام کی نافرمانی کی اور زمین پر فساد کیا تو وہ جہاد سے کوئی بدلہ لے کر واپس نہیں آئے گا۔ (یعنی اس کو کسی قسم کا ثواب نہیں ملے گا) (مالک ابوداؤد۔ نسائی)

ناموری کے لئے جہاد کرنے والے کے بارے میں وعید

۳۶۶۹/۵۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِيْ عَنِ الْجِهَادِ فَقَالَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو اِنْ قَاتَلْتَ صَابِرًا مُّحْتَسِبًا بَعَثَكَ اللّٰهُ صَابِرًا مُّحْتَسِبًا وَّاِنْ قَاتَلْتَ مُرَائِيًا مُّكَاثِرًا بَعَثَكَ اللّٰهُ مُرَائِيًا مُّكَاثِرًا يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو عَلٰى اَيِّ حَالٍ قَاتَلْتَ اَوْ قُتِلْتَ بَعَثَكَ اللّٰهُ عَلٰى تِلْكَ الْحَالِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ کو جہاد سے آگاہ کیجئے (یعنی اس سے کہ کس قسم کا جہاد موجب ثواب ہے) آپ نے فرمایا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ اگر لڑے تو اس حال میں کہ صبر کرنیوالا ہو اور خدا سے ثواب کا چاہنے والا تو اٹھائے گا تجھ کو اللہ تعالیٰ صبر کرنیوالا ثواب کا چاہنے والا (جس حال میں تو مرے گا اسی حال میں تجھ کو اٹھایا جائے گا) اور لڑے گا تو دکھانے کے لئے اور فخر کرنے کے لئے تو اٹھائیگا تجھ کو اللہ تعالیٰ دکھانے والا اور بہت زیادہ چاہنے والا مال اور فخر کو اے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ جس حال میں تو لڑے گا یا مارا جائے گا اللہ تعالیٰ اسی حال میں تجھ کو اٹھائے گا۔ (ابوداؤد)

سرکش امیر کو معزول کر دینا چاہیئے

۳۶۷۰/۶۰ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَعْجَزْتُمْ اِذَا بَعَثْتُ رَجُلًا فَلَمْ يَمْضِ لِاَمْرِيْ اَنْ تَجْعَلُوْا مَكَانَهٗ مَنْ يَّمْضِيْ لِاَمْرِيْ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) وَذَكَرَ حَدِيْثُ فَضَالَةَ وَالْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهٗ فِيْ كِتَابِ الْاِيْمَانِ۔

حضرت عقبہ بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کیا تم اس سے عاجز ہو کہ جب میں کسی شخص کو امیر مقرر کر کے بھیجوں اور وہ میرے احکام کے موافق کام نہ کرے تو اس کو تم معزول کر دو اور اس کی جگہ ایسے آدمی مقرر کر دو جو میرے حکم کے موافق کام کرے (ابوداؤد) اور فضالہ کی حدیث "المجاہد" کتاب الایمان میں بیان کی جا چکی ہے۔

فصل سوم

اسلام میں رہبانیت کی گنجائش نہیں

۳۶۷۱/۶۱ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَمَرَّ رَجُلٌ بِغَارٍ فِيْهِ شَيْءٌ مِّنْ مَّاءٍ وَبَقْلٍ فَحَدَّثَ نَفْسَهٗ بِاَنْ يُّقِيْمَ فِيْهِ وَيَتَخَلّٰى مِنَ الدُّنْيَا فَاسْتَاْذَنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ لَمْ اُبْعَثْ بِالْيَهُوْدِيَّةِ وَلَا بِالنَّصْرَانِيَّةِ وَلٰكِنِّيْ بُعِثْتُ بِالْحَنِيْفِيَّةِ السَّمْحَةِ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَغَدْوَةٌ اَوْ رَوْحَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا وَلَمَقَامُ اَحَدِكُمْ فِي الصَّفِّ خَيْرٌ مِّنْ صَلٰوتِهٖ سِتِّيْنَ سَنَةً۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم ایک لشکر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ روانہ ہوئے ایک شخص (ہم میں سے) ایک غار پر گزرا جس میں پانی تھا اور کچھ سبزی (اس کو دیکھ کر) اس کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ میں یہیں رہ جاؤں اور دنیا کو چھوڑ دوں چنانچہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت طلب کی آپ نے فرمایا میں نہ تو یہودیت (پھیلانے) کے لئے بھیجا گیا اور نہ نصرانیت بلکہ دین حنیف سے کر بھیجا گیا ہوں جو آسان دین ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے کہ صبح یا شام کو خدا کی راہ میں جانا دنیا اور دنیا کی تمام چیزوں سے بہتر ہے اور میدان جنگ کی صف میں یا نماز کی جماعت کی صف میں تم میں سے کسی کی جگہ ساٹھ برس کی نماز سے بہتر ہے۔ (احمد)

جہاد میں اخلاص نیت کا آخری درجہ

۳۶۷۲ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ غَزَا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَمْ يَنْوِ اِلَّا عِقَالًا فَلَهٗ مَا نَوٰى۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت عبادہ رضؓ بن صامت کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے خدا کی راہ میں جہاد کیا اور صرف ایک رسّی (کے حاصل کرنے) کا ارادہ کیا تو اس کے لئے وہی چیز ہے جس کا ارادہ کیا۔ (نسائی)

جہاد جنت میں ترقی درجات کا باعث ہے

۳۶۷۳ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ فَعَجِبَ لَهَا اَبُوْ سَعِيْدٍ فَقَالَ اَعِدْهَا عَلَيَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ (صلعم) فَاَعَادَهَا عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ وَاُخْرٰى يَرْفَعُ اللّٰهُ بِهَا الْعَبْدَ مِائَةَ دَرَجَةٍ فِي الْجَنَّةِ مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ قَالَ وَمَا هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَلْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوسعید رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص خدا کے پروردگار ہونے پر راضی ہوا اور اسلام کے مذہب ہونے پر اور محمدؐ کے رسول ہونے پر اس کے لئے جنت واجب ہوگئی۔ ابوسعید نے یہ الفاظ سنکر اظہار تعجب کیا اور عرض کیا یا رسول اللہؐ ان کلمات کو پھر ایک مرتبہ میرے سامنے فرمائیے۔ آپ نے پھر ان الفاظ کا اعادہ فرمایا اور پھر ارشاد کیا کہ ایک چیز اور ہے جس کے سبب سے اللہ تعالیٰ بندہ کے لئے جنت میں سو درجے بلند کرتا ہے اور ان میں سے دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا کہ آسمان و زمین کے درمیان ہے ابوسعید نے عرض کیا یا رسول اللہؐ وہ کیا چیز ہے آپ نے فرمایا وہ خدا کی راہ میں جہاد کرنا ہے وہ خدا کی راہ میں جہاد کرنا ہے وہ خدا کی راہ میں جہاد کرنا ہے۔ (مسلم)

جنت کے دروازے تلواروں کے سائے میں ہیں

۳۶۷۴ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَبْوَابَ الْجَنَّةِ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوْفِ فَقَامَ رَجُلٌ رَثُّ الْهَيْئَةِ فَقَالَ يَا اَبَا مُوْسٰى اَنْتَ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ هٰذَا قَالَ نَعَمْ فَرَجَعَ اِلٰى اَصْحَابِهٖ فَقَالَ اَقْرَاُ عَلَيْكُمُ السَّلَامَ ثُمَّ كَسَرَ جَفْنَ سَيْفِهٖ فَاَلْقَاهُ ثُمَّ مَشٰى بِسَيْفِهٖ اِلَى الْعَدُوِّ فَضَرَبَ بِهٖ حَتّٰى قُتِلَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوموسیٰ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جنت کے دروازے تلواروں کے سائے میں ہیں (یہ سُن کر) ایک خستہ حال شخص نے کہا۔ ابوموسیٰ تم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ الفاظ فرماتے سنا ہے؟ ابوموسیٰ رضؓ نے کہا ہاں (یہ سنکر) وہ شخص اپنے دوستوں میں چلا آیا اور کہا میں تم کو آخری سلام کہتا ہوں یہ کہہ کر اس نے تلوار کے نیام کو توڑ ڈالا، اور پھینکدیا پھر تلوار لے کر دشمن کی طرف روانہ ہوا۔ اس سے لڑا یہاں تک کہ شہید ہوگیا۔ (مسلم)

شہداء احد کے بارے میں بشارت

۳۶۷۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَصْحَابِهٖ اَنَّهٗ لَمَّا اُصِيْبَ اِخْوَانُكُمْ يَوْمَ اُحُدٍ جَعَلَ اللّٰهُ اَرْوَاحَهُمْ فِيْ جَوْفِ طَيْرٍ خُضْرٍ تَرِدُ اَنْهَارَ الْجَنَّةِ تَاْكُلُ مِنْ ثِمَارِهَا وَتَاْوِيْ اِلٰى قَنَادِيْلَ مِنْ ذَهَبٍ مُّعَلَّقَةٍ فِيْ ظِلِّ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے اپنے صحابہ رضؓ سے فرمایا۔ جب تمہارے بھائی احد کے دن شہید کئے گئے تو خداوند تعالیٰ نے ان کی روحوں کو سبز پرندوں کے جسم میں داخل کر دیا (اب) وہ پرندے جنت کی نہروں پر آتے ہیں جنت کے میووں کو کھاتے ہیں اور سونے کے ان قندیلوں میں آرام حاصل کرتے ہیں جو عرش الٰہی کے نیچے معلق

الْعَرْشِ فَلَمَّا وَجَدُوْا طِيْبَ مَاْكَلِهِمْ وَمَشْرَبِهِمْ وَمَقِيْلِهِمْ قَالُوْا مَنْ يُّبَلِّغُ اِخْوَانَنَا عَنَّا اَنَّنَا اَحْيَاءٌ فِي الْجَنَّةِ لِئَلَّا يَزْهَدُوْا فِي الْجَنَّةِ وَلَا يَنْكُلُوْا عِنْدَ الْحَرْبِ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَا اُبَلِّغُهُمْ عَنْكُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ہیں۔ ان شہیدوں نے جب اپنے کھانے پینے اور آرام کرنے کی مسرتوں کو حاصل کیا تو کہا کون ہے جو ہمارے بھائیوں کو ہماری طرف سے یہ پیغام پہنچائے کہ ہم جنت میں زندہ ہیں تاکہ وہ جنت کو حاصل کرنے میں بے پروائی سے کام نہ لیں اور لڑائی کے موقع پر سستی نہ کریں خداوند تعالیٰ نے (اُن کی اِس خواہش کو پاکر) کہا کہ میں تمہارے پیام کو تمہارے بھائیوں کے پاس پہنچاؤں گا۔ چنانچہ خداوند تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ الخ (ابوداؤد)

مومنین کی اعلیٰ جماعت

۳۶۷۶ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُوْنَ فِي الدُّنْيَا عَلٰى ثَلٰثَةِ اَجْزَاءٍ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْ يَاْمَنُهُ النَّاسُ عَلٰى اَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ثُمَّ الَّذِيْ اِذَا اَشْرَفَ عَلٰى طَمَعٍ تَرَكَهٗ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دنیا میں تین قسم کے مومن ہیں ایک تو وہ جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور پھر کسی شک وشبہ میں مبتلا نہ ہوئے اور خدا کی راہ میں اپنی جانوں اور مالوں سے جہاد کیا (یہ سب سے بہتر مومن ہیں) اور دوسرے وہ جن کے ہاتھوں میں مسلمانوں کے جان ومال محفوظ ہیں اور تیسرے وہ جن کے دل میں طمع کی خواہش پیدا ہوتی ہے لیکن وہ اس خواہش کو صرف خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے چھوڑ دیتے ہیں۔ (احمد)

شہید کی تمنا

۳۶۷۷ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عُمَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ نَفْسٍ مُسْلِمَةٍ يَقْبِضُهَا رَبُّهَا تُحِبُّ اَنْ تَرْجِعَ اِلَيْكُمْ وَاَنَّ لَهَا الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا غَيْرُ الشَّهِيْدِ قَالَ ابْنُ اَبِيْ عُمَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ اُقْتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ يَّكُوْنَ لِيْ اَهْلُ الْوَبَرِ وَالْمَدَرِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی عمیرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی مسلمان جس کی روح کو خداوند تعالیٰ قبض کرے اِس کی خواہش نہیں کرتا کہ اس کی روح دوبارہ تمہارے پاس آئے اور دنیا ومافیہا کی لذتوں کو حاصل کرے سوائے شہید کی روح کے (کہ وہ اس امر کو پسند کرتی ہے کہ دوبارہ دنیا میں جائے اور جہاد کرکے دوبارہ شہادت حاصل کرے) ابن ابی عمیرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خدا کی راہ میں میرا مارا جانا مجھ کو اس سے زیادہ پسند ہے کہ میں خیمہ والوں (یعنی دیہاتیوں) اور حویلیوں کے رہنے والوں کا حکم بنوں۔ (نسائی)

ہر مومن پر شہید کا اطلاق

۳۶۷۸ وَعَنْ حَسْنَاءَ بِنْتِ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَمِّيْ قَالَ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فِي الْجَنَّةِ قَالَ النَّبِيُّ فِي الْجَنَّةِ وَالشَّهِيْدُ فِي الْجَنَّةِ وَالْمَوْلُوْدُ فِي الْجَنَّةِ وَالْوَئِيْدُ فِي الْجَنَّةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حسناء بنت معاویہؓ کہتی ہیں کہ مجھ سے میرے چچا نے یہ حدیث بیان کی کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا جنت میں کون (کون) ہوگا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں نبی ہوں گے جنت میں شہید ہوں گے اور لڑکے (بالغ خواہ وہ کسی قوم ومذہب کے ہوں) جنت میں ہوں گے اور وہ لڑکی جنت میں ہوگی جس کو زندہ دفن کیا گیا ہے۔ (ابوداؤد)

جہاد میں مال وجان دونوں سے شرکت کرنے والے کی فضیلت

۳۶۷۹ وَعَنْ عَلِيٍّ وَّ اَبِي الدَّرْدَاءِ وَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَ اَبِيْ اُمَامَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَّ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ كُلُّهُمْ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ اَرْسَلَ نَفَقَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاَقَامَ فِيْ بَيْتِهٖ فَلَهٗ بِكُلِّ دِرْهَمٍ سَبْعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ وَمَنْ غَزَا بِنَفْسِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاَنْفَقَ فِيْ وَجْهِ ذٰلِكَ فَلَهٗ بِكُلِّ دِرْهَمٍ سَبْعَ مِائَةِ اَلْفِ دِرْهَمٍ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت علی رضؓ، ابی درداء رضؓ، ابی ہریرہ رضؓ، ابی امامہ رضؓ، عبداللہ بن عمر رضؓ عبداللہ بن عمرو رضؓ، جابر بن عبداللہ رضؓ اور عمران بن حصین رضؓ سب کے سب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں اس حدیث کو کہ آپ نے فرمایا ہے کہ جو شخص خدا کی راہ (یعنی جہاد) میں خرچ کرنے کے لئے مال بھیجے اور خود گھر میں رہے اس کو ہر درہم کے بدلے سات سو درہم ملیں گے۔ اور جو شخص خود خدا کی راہ میں لڑا اور جہاد میں اپنا مال بھی خرچ کیا اس کو ہر درہم کے بدلے سات لاکھ درہم ملیں گے۔ پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ۔

(ابن ماجہ)

شہدا کی قسمیں

۳۶۸۰ وَعَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الشُّهَدَآءُ اَرْبَعَةٌ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ جَيِّدُ الْاِيْمَانِ لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَقَ اللّٰهَ حَتّٰى قُتِلَ فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَرْفَعُ النَّاسُ اِلَيْهِ اَعْيُنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ هٰكَذَا وَرَفَعَ رَاْسَهٗ حَتّٰى سَقَطَتْ قَلَنْسُوَتُهٗ فَمَا اَدْرِيْ اَقَلَنْسُوَةُ عُمَرَ اَرَادَ اَمْ قَلَنْسُوَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَرَجُلٌ مُّؤْمِنٌ جَيِّدُ الْاِيْمَانِ لَقِيَ الْعَدُوَّ كَاَنَّمَا ضُرِبَ جِلْدُهٗ بِشَوْكِ طَلْحٍ مِّنَ الْجُبْنِ اَتَاهُ سَهْمٌ غَرْبٌ فَقَتَلَهٗ فَهُوَ فِي الدَّرَجَةِ الثَّانِيَةِ وَرَجُلٌ مُّؤْمِنٌ خَلَطَ عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَقَ اللّٰهَ حَتّٰى قُتِلَ فَذٰلِكَ فِي الدَّرَجَةِ الثَّالِثَةِ وَرَجُلٌ مُّؤْمِنٌ اَسْرَفَ عَلٰى نَفْسِهٖ لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَقَ اللّٰهَ حَتّٰى قُتِلَ فَذٰلِكَ فِي الدَّرَجَةِ الرَّابِعَةِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

حضرت فضالہ بن عبید رضؓ کہتے ہیں میں نے حضرت عمر بن خطاب سے سنا وہ کہتے ہیں، کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ شہید چار قسم کے ہیں ایک تو وہ شخص جو مومن ہو کامل الایمان (جہاد میں جائے) دشمن سے لڑے اور خدا کے وعدہ کو سچ کر دکھائے (یعنی خدا نے اجر کامل اور ثواب عظیم کا جو وعدہ کیا ہے) یہاں تک کہ (لڑتے لڑتے) مارا جائے یہ وہ شخص ہے جس کی طرف قیامت کے دن لوگ اس طرح سر اٹھائیں گے، یہ کہہ کر سر اٹھایا (اس قدر اونچا) کہ ٹوپی گر گئی۔ راوی کا بیان ہے کہ فضالہؓ نے یہ نہیں بتلایا کہ ٹوپی کس کے سر سے گری حضرت عمرؓ کے سر سے یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک سے اور دوسرا وہ شخص جو مسلمان ہو کامل الایمان (جہاد میں جائے) اور دشمن سے مقابلہ کرے اس حال میں کہ خوف سے وہ یہ محسوس کر رہا ہو گویا اس کے جسم میں خاردار درخت کے کانٹے چبھو دیئے گئے ہیں یعنی بزدلی و نامردی کے سبب کہ یکایک کسی نامعلوم شخص کا تیر آیا اور اس کو مار ڈالا یہ شخص دوسرے درجے کا شہید ہے۔ تیسرا وہ شخص جو مومن ہو اور اس نے کچھ عمل اچھے کئے ہوں اور کچھ برے (وہ جہاد میں جائے) دشمن سے لڑے اور خدا کی اس بیان کردہ صفت کو سچ کر دکھائے جو اس نے مومن کی بیان فرمائی ہے یعنی یہ کہ مجاہد صابر اور طالب ثواب ہوتا ہے) اور مارا جائے یہ تیسرے درجے کا شہید ہے اور چوتھا وہ شخص جو مومن ہو لیکن اپنی جان پر زیادتی کی ہو (یعنی بہت گناہ کئے ہوں) اور وہ جہاد میں دشمن سے لڑے اور خدا کے وعدہ اور صفت کو سچ کر دکھائے یہاں تک کہ مارا جائے، یہ چوتھے درجہ کا شہید ہے۔ (ترمذی) (ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے)

منافق کو جہاد میں شہید بھی ہو جائے تو جنت کا حق دار نہیں ہو گا

۳۶۸۱ وَعَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدٍ السُّلَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْقَتْلٰى ثَلٰثَةٌ مُّؤْمِنٌ جَاهَدَ بِنَفْسِهٖ وَمَالِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاِذَا لَقِيَ الْعَدُوَّ قَاتَلَ حَتّٰى يُقْتَلَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ فَذٰلِكَ الشَّهِيْدُ الْمُمْتَحَنُ فِيْ خَيْمَةِ اللّٰهِ تَحْتَ عَرْشِهٖ لَا يَفْضُلُهُ النَّبِيُّوْنَ اِلَّا بِدَرَجَةِ النُّبُوَّةِ وَمُؤْمِنٌ خَلَطَ عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا جَاهَدَ بِنَفْسِهٖ وَمَالِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِذَا لَقِيَ الْعَدُوَّ قَاتَلَ حَتّٰى يُقْتَلَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ مُصْمِصَةٌ مَحَتْ ذُنُوْبَهٗ وَخَطَايَاهُ اِنَّ السَّيْفَ مَحَّاءٌ لِّلْخَطَايَا وَاُدْخِلَ مِنْ اَيِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَ وَمُنَافِقٌ جَاهَدَ بِنَفْسِهٖ وَمَالِهٖ فَاِذَا لَقِيَ الْعَدُوَّ قَاتَلَ حَتّٰى يُقْتَلَ فَذٰلِكَ فِي النَّارِ اِنَّ السَّيْفَ لَا يَمْحُو النِّفَاقَ۔

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت عتبہ بن سلمہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو لوگ جہاد میں قتل کئے جاتیں ان کی تین قسمیں ہیں۔ ایک تو وہ مومن جو اپنی جان اور اپنے مال سے خدا کی راہ میں جہاد کرے دشمن سے مقابلہ کرے اور لڑے یہاں تک کہ مارا جائے اِس شہید کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یہ وہ شہید ہے جس کے صبر اور تکلیفوں اور مشقتوں پر استقامت کا ایقان کیا گیا ہے یہ شہید خدا کے عرش کے نیچے خدا کے خیمہ میں ہوگا اور انبیاءؑ اس سے صرف درجۂ نبوت میں زیادہ ہوں گے۔ اور دوسرا وہ مومن جس کے اعمال مخلوط ہوں یعنی کچھ اچھے اور کچھ بُرے وہ اپنی جان اور اپنے مال سے خدا کی راہ میں جہاد کرے جس وقت دشمن سے سامنا ہو لڑے یہاں تک کہ مارا جائے اُس شہید کی نسبت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ یہ شہادت یا خصلت پاک کرنے والی ہے جو اس کے گناہوں اور خطاؤں کو مٹا دیتی ہے اور تلوار گناہوں کو بہت زیادہ محو کرنے والی چیز ہے۔ یہ شہید جس دروازے سے جنت میں جانا چاہے گا چلا جائے گا اور تیسرا شخص وہ منافق ہے جس نے اپنی جان اور اپنے مال سے جہاد کیا جب دشمن سے اس کا مقابلہ ہوا لڑا (اور خوب لڑا) یہاں تک کہ مارا گیا۔ یہ شخص دوزخ میں جائیگا اس لئے کہ تلوار نفاق کو نہیں مٹاتی۔ (رواہ الدارمی)

جہاد میں پاسبانی کی خدمت انجام دینا بد عملیوں کا کفارہ اور نجات ابدی کا ذریعہ ہے

۳۶۸۲ وَعَنِ ابْنِ عَائِذٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةِ رَجُلٍ فَلَمَّا وُضِعَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لَا تُصَلِّ عَلَيْهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ رَجُلٌ فَاجِرٌ فَالْتَفَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى النَّاسِ فَقَالَ هَلْ رَاٰهُ اَحَدٌ مِّنْكُمْ عَلٰى عَمَلٍ اِلَّا سْلَامِ فَقَالَ رَجُلٌ نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَرَسَ لَيْلَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَصَلّٰى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَثٰى عَلَيْهِ التُّرَابَ وَقَالَ اَصْحٰبُكَ يَظُنُّوْنَ اَنَّكَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ وَاَنَا اَشْهَدُ اَنَّكَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَقَالَ يَا عُمَرُ اِنَّكَ لَا تُسْئَلُ عَنْ اَعْمَالِ النَّاسِ وَلٰكِنْ تُسْئَلُ عَنِ الْفِطْرَةِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابن عائذ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک شخص کے جنازہ کے ہمراہ تشریف لے چلے (تاکہ اس پر نماز پڑھیں) جب جنازہ کو رکھا گیا تو عمر بن خطاب رضؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ اس کی نماز نہ پڑھیئے اِس لئے کہ یہ شخص فاسق تھا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے (یہ سُنکر) لوگوں کی طرف دیکھا اور فرمایا تم میں سے کسی نے اس کو اسلام کا کوئی کام کرتے دیکھا ہے ایک شخص نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ ﷺ اس نے ایک رات خدا کی راہ میں پاسبانی کی تھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس پر نماز پڑھی اور اپنے ہاتھوں سے مٹی دی اور پھر فرمایا تیرے دوست واحباب خیال کرتے ہیں کہ تو دوزخی ہے اور میں اس امر کی شہادت دیتا ہوں کہ تو جنتی ہے اس کے بعد آپ نے عمر رضؓ کو مخاطب کرکے فرمایا۔ عمر رضؓ تجھ سے لوگوں کے اعمال کا سوال نہ کیا جائے گا بلکہ دین اسلام کی بابت پوچھا جائے گا۔ (بیہقی)

بَابُ اِعْدَادِ اٰلَةِ الْجِهَادِ

سامانِ جہاد اور سامانِ جہاد کی تیاری کا بیان

فصلِ اوّل

جہاد کے لئے بقدر استطاعت، قوت وطاقت فراہم کرنے کا حکم

۳۶۸۳ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عقبہ بن عامرؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر یہ فرماتے سنا ہے کافروں سے لڑنے کے لئے تم جس قدر اپنی قوت کو مضبوط کر سکو کرو۔ خبردار تیر اندازی قوت ہے خبردار قوت تیر اندازی ہے خبردار تیر اندازی قوت ہے (یعنی قرآن مجید میں مَا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ کے جو الفاظ آئے ہیں ان سے مراد تیر اندازی کی قوت ہے (مسلم)

دشمن جس چیز کو اپنی طاقت کا ذریعہ بنائے تم بھی اس میں مہارت حاصل کرو

۳۶۸۴ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَتُفْتَحُ عَلَيْكُمُ الرُّوْمُ وَيَكْفِيْكُمُ اللّٰهُ فَلَا يَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّلْهُوَ بِاَسْهُمِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عقبہ بن عامرؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ عنقریب تمہارے لئے روم کو فتح کیا جائیگا اور (روم کے شر سے) خدا تم کو کفایت کریگا پس تم کو چاہیئے کہ تم تیروں کے ساتھ کھیلنے میں سستی نہ کرو (یعنی تیر اندازی کی خوب مشق کرو کہ روم والے تیروں کی لڑائی لڑتے ہیں۔) (مسلم)

تیر انداز کی اہمیت

۳۶۸۵ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ عَلِمَ الرَّمْيَ ثُمَّ تَرَكَهٗ فَلَيْسَ مِنَّا اَوْ قَدْ عَصٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عقبہ بن عامرؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے تیر اندازی کو سیکھا اور پھر اس کو چھوڑ دیا وہ ہم میں سے نہیں ہے یا آپ نے یہ فرمایا اس نے نافرمانی کی۔ (مسلم)

آنحضرت کی طرف سے تیر اندازی کی عملی ترغیب

۳۶۸۶ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَوْمٍ مِّنْ اَسْلَمَ يَنْتَضِلُوْنَ بِالسُّوْقِ فَقَالَ ارْمُوْا بَنِيْ اِسْمٰعِيْلَ فَاِنَّ اَبَاكُمْ كَانَ رَامِيًا وَّاَنَا مَعَ بَنِيْ فُلَانٍ لِاَحَدِ الْفَرِيْقَيْنِ فَاَمْسَكُوْا بِاَيْدِيْهِمْ فَقَالَ مَا لَكُمْ فَقَالُوْا كَيْفَ نَرْمِيْ وَاَنْتَ مَعَ بَنِيْ فُلَانٍ قَالَ ارْمُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ كُلِّكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبیلہ بنی اسلم میں تشریف لے گئے جب کہ وہ لوگ بازار میں تیر اندازی کی مشق کر رہے تھے آپ نے ان کو مخاطب کر کے فرمایا اے اولادِ اسمٰعیلؑ (یعنی حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے بیٹے) تیر اندازی کرو۔ تمہارے باپ تیر انداز تھے اور میں فلاں فریق کے ساتھ ہوں (یعنی ایک فریق کا نام لے کر بتایا) پھر دوسرے فریق نے تیر اندازی چھوڑ دی یعنی تیر پھینکنے سے ہاتھ روک لیا۔ آپ نے پوچھا تم کو کیا ہوا۔ انھوں نے عرض کیا ہم اس حالت میں کیوں کر تیر اندازی کر سکتے ہیں جب آپ اس فریق کے ساتھ ہیں آپ نے فرمایا تم تیر اندازی کرو میں تم سب کے ساتھ ہوں۔ (بخاری)

حضرت ابو طلحہ کی تیر اندازی

۳۶۸۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَتَتَرَّسُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتُرْسٍ وَّاحِدٍ وَكَانَ اَبُوْ طَلْحَةَ حَسَنَ الرَّمْيِ فَكَانَ اِذَا رَمٰى تَشَرَّفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَنْظُرُ اِلٰى مَوْضِعِ نَبْلِهٖ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ ابو طلحہ رضؓ ایک ڈھال سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا بچاؤ کر رہے (یعنی تیر اندازی بھی کرتے جاتے تھے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی حفاظت بھی) ابو طلحہ رضؓ مشہور تیر انداز تھے جب وہ تیر پھینکتے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم جھانک کر دیکھتے کہ ان کا تیر کہاں جاکر پڑا ہے یا کس کو لگا ہے؟ (بخاری)

گھوڑوں کی فضیلت؟

۳۶۸۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْبَرَكَةُ فِيْ نَوَاصِي الْخَيْلِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے گھوڑوں کی پیشانیوں میں برکت ہے۔ (بخاری و مسلم)

۳۶۸۹ وَعَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْوِيْ نَاصِيَةَ فَرَسٍ بِاُصْبُعِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ اَلْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَلْاَجْرُ وَالْغَنِيْمَةُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جریر بن عبد اللہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ایک گھوڑے کی پیشانی کے بالوں کو انگلی سے بل دیتے ہوئے دیکھا (آپ بل دیتے جاتے تھے اور) فرماتے جاتے تھے گھوڑوں کی پیشانیوں میں بھلائی بندھی ہوئی ہے قیامت تک (یعنی) حاصل ہوتا ہے ان کے ذریعہ اجر (ثوابِ آخرت) اور مالِ غنیمت۔ (مسلم)

۳۶۹۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَبَسَ فَرَسًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِيْمَانًا بِاللّٰهِ وَتَصْدِيْقًا بِوَعْدِهٖ فَاِنَّ شِبَعَهٗ وَرِيَّهٗ وَرَوْثَهٗ وَبَوْلَهٗ فِيْ مِيْزَانِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص خدا کی راہ میں (کام لینے کے لئے اپنے گھر میں) گھوڑا باندھے خدا پر ایمان کامل رکھتا ہو اور اس کے وعدہ کو سچ جانتا ہو تو گھوڑے کی سیری اور سیرابی (یعنی کھانا اور پینا) اور لید اور پیشاب سب قیامت کے دن اعمال کی ترازو میں تولے جائیں گے یعنی یہ سب چیزیں اعمالِ صالحہ میں شامل ہونگی اور ان پر ثواب ملے گا۔ (بخاری)

اشکل گھوڑا ناپسندیدہ

۳۶۹۱ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ الشِّكَالَ فِي الْخَيْلِ وَالشِّكَالُ اَنْ يَّكُوْنَ الْفَرَسُ فِيْ رِجْلِهِ الْيُمْنٰى بَيَاضٌ وَفِيْ يَدِهِ الْيُسْرٰى اَوْ فِيْ يَدِهِ الْيُمْنٰى وَرِجْلِهِ الْيُسْرٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے میں شکال کو برا سمجھتے تھے اور شکال کے معنی یہ ہیں کہ گھوڑے کے داہنے پاؤں اور بائیں ہاتھ میں یا داہنے ہاتھ اور بائیں پاؤں میں سفیدی ہو۔ (مسلم)

گھوڑ دوڑ کا ذکر

۳۶۹۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِيْ اُضْمِرَتْ

حضرت عبد اللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو گھوڑوں کو دوڑایا۔ اضمار کے بعد مقام حفیاء سے ثنیۃ الوداع تک (ان

---

۱ گھوڑے کو خوب کھلا پلا کر قوی و فربہ کیا جاتا ہے پھر اس کی خوراک بتدریج کم کی جاتی ہے یہاں تک کہ وہ اپنی اصلی خوراک پر آجاتا ہے پھر اس کو مکان میں بند کر دیتے ہیں اور اگر دینان اس پر ڈال دیتے ہیں وہ گرم ہو جاتا ہے اور پسینہ لے آتا ہے اور جب پسینہ خشک ہو جاتا ہے تو گھوڑا سبک ہو جاتا ہے یعنی گوشت ہلکا ہو جاتا ہے لیکن قوت بدستور باقی رہتی ہے۔ عرب میں اس طرح گھوڑ دوڑ کے گھوڑے کو تیار کیا جاتا ہے اور اس کو اضمار کہتے تھے۔ ۱۲ مترجم

مِنَ الْحَفْيَاءِ وَاَمَدُهَا ثَنِيَّةُ الْوَدَاعِ وَبَيْنَهُمَا سِتَّةُ اَمْيَالٍ وَسَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِيْ لَمْ تُضَمَّرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ اِلٰى مَسْجِدِ بَنِيْ زُرَيْقٍ وَبَيْنَهُمَا مِيْلٌ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

دونوں مقامات کے درمیان چھ میل کا فاصلہ تھا) اور جن گھوڑوں کا ضمار نہیں کیا گیا تھا ان کی دوڑ ثنیۃ الوداع سے مسجد بنی زریق تک مقرر کی جس کے درمیان ایک میل کا فاصلہ ہے۔ (بخاری و مسلم)

آنحضرت کی ایک اونٹنی کا ذکر

۳۶۹۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَتْ نَاقَةٌ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُسَمّٰى الْعَضْبَاءَ وَكَانَتْ لَا تُسْبَقُ فَجَاءَ اَعْرَابِيٌّ عَلٰى قَعُوْدٍ لَهٗ فَسَبَقَهَا فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ لَّا يَرْتَفِعَ شَيْءٌ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا وَضَعَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی جس کا نام عضباء تھا دوڑ میں کسی اونٹنی کو آگے نہ نکلنے دیتی تھی۔ ایک اعرابی اپنے جوان اونٹ پر آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی سے اپنے اونٹ کو دوڑایا اور آگے نکل گیا۔ مسلمانوں کو اس بات کا سخت ملال ہوا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے فرمایا حکم و امر خدا ہی کے لئے ثابت ہے دنیا کی کوئی چیز سربلند نہیں ہوتی کہ اللہ تعالیٰ اس کو پست کر دیتا ہے۔ (بخاری)

فصل دوم

جہاد میں کام آنے والا ہتھیار اپنے بنانے والے کو بھی جنت میں لے جائے گا

۳۶۹۴ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُدْخِلُ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ ثَلٰثَةَ نَفَرٍ فِي الْجَنَّةِ صَانِعَهٗ يَحْتَسِبُ فِيْ صَنْعَتِهِ الْخَيْرَ وَالرَّامِيَ بِهٖ وَمُنْبِلَهٗ فَارْمُوْا وَارْكَبُوْا وَاَنْ تَرْمُوْا اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ تَرْكَبُوْا كُلُّ شَيْءٍ يَلْهُوْ بِهِ الرَّجُلُ بَاطِلٌ اِلَّا رَمْيَهٗ بِقَوْسِهٖ وَتَاْدِيْبَهٗ فَرَسَهٗ وَمُلَاعَبَتَهٗ اِمْرَاَتَهٗ فَاِنَّهُنَّ مِنَ الْحَقِّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ) وَزَادَ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَمَنْ تَرَكَ الرَّمْيَ بَعْدَ مَا عَلِمَهٗ رَغْبَةً عَنْهُ فَاِنَّهٗ نِعْمَةٌ تَرَكَهَا اَوْ قَالَ كَفَرَهَا

حضرت عقبہ بن عامرؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ خداوند تعالیٰ ایک تیر پھینکنے کے سبب تین آدمیوں کو جنت فردوس میں داخل کرتا ہے ایک تو تیر بنانے والے کو جو ثواب کی نیت سے بنائے دوسرے تیر چلانے والے کو اور تیسرے تیر دینے والے کو پس تم تیر اندازی کرو اور سواری کرو گھوڑوں پر یعنی ان باتوں کی مشق کرو) اور تمہارا تیر اندازی کرنا میرے نزدیک سواری کرنے سے زیادہ پسندیدہ ہے اور جو چیز کہ آدمی اس کے ساتھ کھیلے باطل و ناروا ہے مگر کمان سے تیر اندازی کرنا گھوڑے کو تربیت دینا اور بیوی کے ساتھ تفریح کرنا یہ سب چیزیں حق (پسندیدہ) ہیں (ترمذی۔ ابن ماجہ)۔ اور ابوداؤد و دارمی کی روایت میں یہ الفاظ زیادہ ہیں اور جو شخص تیر اندازی سیکھنے کے بعد اس کو چھوڑ دے اور اس سے بے پرواہ ہو جائے تو اس نے ایک نعمت کو چھوڑ دیا یا آپ نے فرمایا یہ کفرانِ نعمت کیا۔

تیر انداز کے ثواب کا ذکر

۳۶۹۵ وَعَنْ اَبِيْ نَجِيْحٍ السُّلَمِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ بَلَغَ بِسَهْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَهُوَ لَهٗ دَرَجَةٌ فِي الْجَنَّةِ وَمَنْ رَمٰى بِسَهْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَهُوَ لَهٗ عِدْلُ مُحَرَّرٍ وَمَنْ شَابَ شَيْبَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَانَتْ لَهٗ نُوْرًا يَوْمَ

حضرت ابی نجیح سلمی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے یہ سنا ہے کہ جو شخص خدا کی راہ میں (کافر پر تیر پھینکے اور اس کو مار ڈالے) اس کے لئے جنت میں ایک بڑا درجہ ہے اور جو شخص خدا کی راہ میں تیر پھینکے (خواہ وہ کافر کو لگے یا نہ لگے) اس کے لئے ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ہے اور جو شخص اسلام میں بوڑھا ہو جائے تو اس

الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ اَلْفَصْلَ الْاَوَّلَ وَ النَّسَائِيُّ الْاَوَّلَ وَ الثَّانِيَ وَالتِّرْمِذِيُّ الثَّانِيَ وَ الثَّالِثَ وَفِيْ رِوَايَتِهِمَا مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بَدَلَ فِي الْاِسْلَامِ۔

کا بوڑھا یا قیامت کے دن ایک نور ہوگا۔ بیہقی نے اسے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔ ابوداؤد نے صرف پہلا حصہ۔ نسائی نے پہلا اور دوسرا، اور ترمذی نے دوسرا اور تیسرا روایت کیا ہے۔ نسائی و ترمذی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جو شخص خدا کی راہ میں بوڑھا ہوا یعنی اسلام میں بوڑھا ہونے کے بجائے یہ الفاظ ہیں)۔

جہاد کی چیزوں میں شرط کا مال لینا جائز ہے

۳۶۹۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا سَبَقَ اِلَّا فِيْ نَصْلٍ اَوْ خُفٍّ اَوْ حَافِرٍ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ وَ النَّسَائِيُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دوڑ میں یا بازی میں مال لینا جائز نہیں ہے مگر تیر اندازی اونٹ اور گھوڑا دوڑانے میں مال لینا جائز ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی)

مسابقت میں محلّل کے شامل ہونے کا مسئلہ

۳۶۹۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَدْخَلَ فَرَسًا بَيْنَ فَرَسَيْنِ فَاَمِنَ اَنْ يَّسْبِقَ فَلَا خَيْرَ فِيْهِ وَاِنْ كَانَ لَا يُؤْمَنُ اَنْ يَّسْبِقَ فَلَا بَاْسَ بِهٖ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ مَنْ اَدْخَلَ فَرَسًا بَيْنَ فَرَسَيْنِ يَعْنِيْ وَهُوَ لَا يَاْمَنُ اَنْ يُّسْبَقَ فَلَيْسَ بِقِمَارٍ وَّمَنْ اَدْخَلَ فَرَسًا بَيْنَ فَرَسَيْنِ وَقَدْ اَمِنَ اَنْ يُّسْبَقَ فَهُوَ قِمَارٌ

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص گھوڑ دوڑ کے دو گھوڑوں میں اپنا تیسرا گھوڑا شامل کرے (اس شرط پر کہ اگر میرا گھوڑا آگے نکل جائے گا تو میں دونوں سے بازی لے لوں گا اور اگر نہ نکلا تو میں کچھ نہ دوں گا) اگر اس کو اس کا یقین ہو کہ وہ ضرور آگے نکل جائے گا تو اس شرط میں بھلائی نہیں ہے اور اگر اس کا یقین نہ ہو کہ وہ ضرور آگے نکلے گا تو کوئی مضائقہ نہیں (شرح السنۃ) اور ابوداؤد کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جو شخص دو گھوڑوں کے درمیان اپنا تیسرا گھوڑا شامل کرے اور اُس کو اِس کا یقین نہ ہو کہ وہ ضرور آگے نکل جائیگا تو یہ شرط جُوا نہیں ہے اور اگر اس کا یقین ہو کہ وہ ضرور آگے نکل جائیگا تو یہ شرط جُوا ہے۔

گھوڑ دوڑ میں "جلب اور جنب" کی ممانعت

۳۶۹۸ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ زَادَ يَحْيٰى فِيْ حَدِيْثِهٖ فِي الرِّهَانِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ النَّسَائِيُّ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مَعَ زِيَادَةٍ فِيْ بَابِ الْغَصْبِ۔

حضرت عمران بن حصینؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ (گھوڑ دوڑ میں) جلب اور جنب جائز نہیں ہے (جلب یہ ہے کہ گھوڑ دوڑ میں ایک شخص کو گھوڑے کے پیچھے لگا لے تاکہ وہ اس کو ڈانٹ ڈپٹ کر آگے بڑھائے اور جنب یہ کہ ایک اور گھوڑا اپنے گھوڑے کے پہلو میں رکھے تاکہ سواری کا گھوڑا تھک جائے تو اس پر سوار ہو لے (ابوداؤد۔ نسائی) ترمذی نے یہ حدیث باب الغصب میں کچھ زیادتی کے ساتھ روایت کی ہے۔

بہترین گھوڑے کی علامات

۳۶۹۹ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ الْخَيْلِ الْاَدْهَمُ الْاَقْرَحُ الْاَرْثَمُ ثُمَّ الْاَقْرَحُ الْاَرْثَمُ ثُمَّ الْاَقْرَحُ

حضرت ابوقتادہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بہترین گھوڑا سیاہ گھوڑا ہے جس کی پیشانی میں تھوڑی سی سفیدی ہو اور ناک کی جانب سفیدی ہو پھر وہ گھوڑا بہتر ہے جسکی پیشانی پر تھوڑی سی سفیدی

الْمُحَجَّلُ طُلْقُ الْيَمِيْنِ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ اَدْهَمَ فَكُمَيْتٌ عَلٰى هٰذِهِ الشِّيَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

ہو اور ہاتھ پاؤں سفید ہوں لیکن دایاں ہاتھ سفید نہ ہو اگر سیاہ گھوڑا نہ ہو (یعنی میسر نہ ہو) تو پھر کمیت اسی قسم کا۔ (ترمذی۔ دارمی)

۳۷۰۰ وَعَنْ اَبِيْ وَهْبٍ الْجُشَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِكُلِّ كُمَيْتٍ اَغَرَّ مُحَجَّلٍ اَوْ اَشْقَرَ اَغَرَّ مُحَجَّلٍ اَوْ اَدْهَمَ اَغَرَّ مُحَجَّلٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابی وہب جشمی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لازم ہے تم پر (یعنی اگر گھوڑا رکھو تو) کمیت گھوڑا (رکھو) جس کی پیشانی اور ہاتھ پاؤں سفید ہوں یا اشقر یعنی سرخ رنگ کا گھوڑا جس کی پیشانی اور ہاتھ پاؤں سفید ہوں یا سیاہ سفید پیشانی اور سفید ہاتھ پاؤں ہوں کمیت اور اشقر یکساں ہوتے ہیں صرف فرق اتنا ہے کہ کمیت کی دم اور عیال سیاہ ہوتی ہے اور اشقر کی سرخ۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

۳۷۰۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُمْنُ الْخَيْلِ فِي الشُّقْرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے گھوڑوں کی برکت سرخ رنگ کے گھوڑوں میں ہوتی ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

گھوڑوں کی پیشانی کے بال اور ان کی ایال و دم نہ کاٹو

۳۷۰۲ وَعَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ السُّلَمِيِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَقُصُّوْا نَوَاصِيَ الْخَيْلِ وَلَا مَعَارِفَهَا وَاَذْنَابَهَا فَاِنَّ اَذْنَابَهَا مَذَابُّهَا وَمَعَارِفَهَا دِفَاؤُهَا وَنَوَاصِيَهَا مَعْقُوْدٌ فِيْهَا الْخَيْرُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عتبہ ابن عبد السلمی رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ گھوڑوں کی پیشانی کے بال، عیال اور دم نہ کاٹو اس لئے کہ دم ان کی چوری ہے جس سے وہ مکھیاں اڑاتے ہیں اور عیال ان کو گرم رکھنے کی چیز ہے اور پیشانی کے بالوں میں بھلائی بندھی ہوئی ہے۔ (ابوداؤد)

گھوڑوں کے بارے میں چند ہدایات

۳۷۰۳ وَعَنْ اَبِيْ وَهْبٍ الْجُشَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِرْتَبِطُوا الْخَيْلَ وَامْسَحُوْا بِنَوَاصِيْهَا وَاَعْجَازِهَا وَقَالَ اَكْفَالِهَا وَقَلِّدُوْهَا وَلَا تُقَلِّدُوْهَا الْاَوْتَارَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابی وہب جشمی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے گھوڑوں کو باندھ کر رکھو ان کی پیشانی اور پٹھوں پر ہاتھ پھیرو اور ان کی گردن میں ہار باندھو اور کمان کے چلوں کا ہار نہ باندھو (ابوداؤد)

اہل بیت رسول کے تین مخصوص احکام

۳۷۰۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدًا مَّاْمُوْرًا مَا اخْتَصَّنَا دُوْنَ النَّاسِ بِشَيْءٍ اِلَّا بِثَلٰثٍ اَمَرَنَا اَنْ نُّسْبِغَ الْوُضُوْءَ وَاَنْ لَّا نَاْكُلَ الصَّدَقَةَ وَاَنْ لَّا نُنْزِيَ حِمَارًا عَلٰى فَرَسٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مامور انسان تھے (یعنی جس بات کا خدا کی جانب سے ان کو حکم ہوتا تھا وہی کرتے تھے اپنی طرف سے کوئی بات نہ کہتے تھے) ہم کو دوسرے آدمیوں کے سوا کسی بات کا خاص طور پر حکم نہیں دیا مگر تین باتوں کا۔ ایک تو یہ کہ ہم وضو کو پورا کریں دوسرے یہ کہ ہم صدقہ و خیرات نہ کھائیں تیسرے یہ کہ ہم گھوڑی پر گدھے کو نہ چھوڑوائیں۔ (ترمذی۔ نسائی)

گھوڑی پر گدھا چھوڑنے کی ممانعت

۳۷۰۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ اُهْدِيَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَغْلَةٌ فَرَكِبَهَا فَقَالَ عَلِيٌّ لَوْ حَمَلْنَا

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک خچر ہدیہ میں دی گئی آپ اس پر سوار ہوئے حضرت علی رضؓ نے عرض کیا اگر ہم گدھوں

الْحَمِيْرَ عَلَى الْخَيْلِ فَكَانَتْ لَنَا مِثْلَ هٰذِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

کو گھوڑیوں پر چھوڑیں تو ہمارے لئے اِس خچر کی مانند بچے پیدا ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ سُنکر) فرمایا ایسا وہ لوگ کرتے ہیں جو واقف نہیں ہیں (یعنی احکام شریعت سے ناواقف ہیں (ابوداؤد۔ نسائی)

تلوار کو تھوڑی بہت چاندی سے مزین کرنا جائز ہے

۳۷۰۶/۲۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَتْ قَبِيْعَةُ سَيْفِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِضَّةٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَدَارِمِيُّ۔)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کے قبضہ کی ٹوپی چاندی کی تھی۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ دارمی)

۳۷۰۷/۲۵ وَعَنْ هُوْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ جَدِّهٖ مَزِيْدَةَ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ وَعَلٰى سَيْفِهٖ ذَهَبٌ وَّفِضَّةٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ہود بن عبداللہ بن سعد رضؓ کہتے ہیں مزیدہ سے روایت کرتے ہوئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے دن مکہ میں داخل ہوئے اور آپ کی تلوار پر (یعنی تلوار کے قبضہ پر) سونا اور چاندی تھی۔ (ترمذی)

جنگ میں حفاظت کے لئے زیادہ سے زیادہ سامان استعمال کرنا توکل کے منافی نہیں ہے

۳۷۰۸/۲۶ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلَيْهِ يَوْمَ اُحُدٍ دِرْعَانِ قَدْ ظَاهَرَ بَيْنَهُمَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت سائب بن یزید رضؓ کہتے ہیں کہ اُحد کی لڑائی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو زرہیں پہنے ہوئے تھے یعنی ایک زرہ کے اوپر دوسری زرہ پہن لی تھی۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

آنحضرتؐ کے جھنڈے کا ذکر

۳۷۰۹/۲۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتْ رَايَةُ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَوْدَاءَ وَلِوَاءُهٗ اَبْيَضُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بڑا نشان سیاہ تھا اور چھوٹا نشان سفید۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

۳۷۱۰/۲۸ وَعَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ مَوْلٰى مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ قَالَ بَعَثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ اِلَى الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ يَسْاَلُهٗ عَنْ رَايَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَانَتْ سَوْدَاءَ مُرَبَّعَةً مِّنْ نَمِرَةٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

موسیٰ بن عبیدہ رضؓ کہتے ہیں کہ مجھ کو محمد بن قاسم نے حضرت براء رضؓ بن عازب کے پاس یہ دریافت کرنے کے لئے بھیجا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نشان کا کیا رنگ تھا۔ انھوں نے کہا سیاہ رنگ تھا اور اس کا کپڑا مربع (یعنی چوکور) تھا نمرہ کی قسم سے۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد)

۳۷۱۱/۲۹ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ وَلِوَاءُهٗ اَبْيَضُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں تشریف لائے اور آپ کا نشان سفید تھا۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

فصل سوم

آنحضرتؐ کی نظر میں گھوڑوں کی قدر و قیمت

۳۷۱۲/۳۰ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمْ يَكُنْ شَيْءٌ اَحَبَّ اِلٰى

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ عورتوں کے بعد رسول اللہ صلی اللہ

رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعْدَ النِّسَاءِ مِنَ الْخَیْلِ۔ (رَوَاہُ النَّسَائِیُّ)

علیہ وسلم کو سب سے زیادہ گھوڑے پسند تھے۔ (نسائی)

جنگ میں حقیقی طاقت حق تعالیٰ کی مدد و نصرت سے حاصل ہوتی ہے

۳۷۱۳ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ کَانَتْ بِیَدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَوْسٌ عَرَبِیَّۃٌ فَرَاٰی رَجُلًا بِیَدِہٖ قَوْسٌ فَارِسِیَّۃٌ قَالَ مَا ھٰذِہِ اَلْقِھَا وَعَلَیْکُمْ بِھٰذِہٖ وَاَشْبَاھِھَا وَرِمَاحِ الْقَنَا فَاِنَّھَا یُؤَیِّدُ اللّٰہُ لَکُمْ بِھَا فِی الدِّیْنِ وَیُمَکِّنُ لَکُمْ فِی الْبِلَادِ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں عربی کمان تھی آپ نے ایک شخص کے ہاتھ میں ایرانی کمان دیکھی تو پوچھا یہ کیا ہے اس کو پھینک دے تجھ کو اس قسم کی کمان رکھنی چاہئے (یعنی عربی کمان) اور تیر نیزے کہ ان کے سبب خداوند تعالیٰ دین میں تمہاری مدد کریگا اور شہروں میں تم کو متمکن کر دے گا۔ (ابن ماجہ)

بَابُ اٰدَابِ السَّفَرِ

آداب سفر کا بیان

فصل اوّل

جہاد کے لئے جمعرات کے دن نکلنا آنحضرتؐ کے نزدیک پسندیدہ تھا

۳۷۱۴ عَنْ کَعْبِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَرَجَ یَوْمَ الْخَمِیْسِ فِیْ غَزْوَۃِ تَبُوْکَ وَکَانَ یُحِبُّ اَنْ یَّخْرُجَ یَوْمَ الْخَمِیْسِ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت کعب بن مالک رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ علیہ وسلم جمعرات کے دن غزوۂ تبوک تشریف لے گئے اور آپ جمعرات کے دن باہر جانے کو پسند فرماتے تھے۔ (بخاری)

تنہا سفر کرنے کی ممانعت

۳۷۱۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ یَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِی الْوَحْدَۃِ مَا اَعْلَمُ مَا سَارَ رَاکِبٌ بِلَیْلٍ وَحْدَہٗ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر لوگوں کو تنہا سفر کرنے کے نقصانات معلوم ہو جائیں تو وہ کبھی رات کو تنہا سفر نہ کریں۔ (بخاری)

جس قافلہ میں کتا اور گھنٹال ہوتا ہے اس کے ساتھ رحمت کے فرشتے نہیں جاتے

۳۷۱۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَصْحَبُ الْمَلٰٓئِکَۃُ رُفْقَۃً فِیْھَا کَلْبٌ وَلَا جَرَسٌ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فرشتے اس قافلہ کے ساتھ نہیں جاتے جس میں کتا ہو اور گھنٹال (وہ کتا مراد ہے جو پاسبانی کے لئے نہ ہو) (مسلم)

گھنگھرو اور گھنٹیاں شیطانی باجہ ہیں

۳۷۱۷ وَعَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْجَرَسُ مَزَامِیْرُ الشَّیْطٰنِ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے گھنٹال شیطان کا باجہ ہے (مسلم)

اونٹ کے گلے میں تانت کا پٹا باندھنے کی ممانعت

۳۷۱۸ وَعَنْ اَبِیْ بَشِیْرٍ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّہٗ کَانَ مَعَ

حضرت ابی بشیر انصاری رضؓ کہتے ہیں کہ وہ کسی سفر میں رسول اللہ

رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ بَعْضِ اَسْفَارِہٖ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَسُوْلًا لَا تَبْقَیَنَّ فِیْ رَقَبَۃِ بَعِیْرٍ قِلَادَۃٌ مِنْ وَتَرٍ اَوْ قِلَادَۃٌ اِلَّا قُطِعَتْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ آپ نے ایک شخص کو قافلہ کے اندر یہ اعلان کرنے کے لئے بھیجا کہ کسی اونٹ کے گلے میں تانت کے چلہ کے قلادہ کو باقی نہ رکھا جائے یا یہ حکم دیا کہ اونٹ کے قلادوں کو کاٹ ڈالا جائے۔ (بخاری و مسلم)

جانور پر سفر کرنے کے لئے چند ہدایات

۳۷۱۹ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا سَافَرْتُمْ فِی الْخِصْبِ فَاَعْطُوا الْاِبِلَ حَقَّھَا مِنَ الْاَرْضِ وَاِذَا سَافَرْتُمْ فِی السَّنَۃِ فَاَسْرِعُوْا عَلَیْھَا السَّیْرَ وَاِذَا عَرَّسْتُمْ بِاللَّیْلِ فَاجْتَنِبُوا الطَّرِیْقَ فَاِنَّھَا طُرُقُ الدَّوَابِّ وَمَاْوَی الْھَوَامِّ بِاللَّیْلِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اِذَا سَافَرْتُمْ فِی السَّنَۃِ فَبَادِرُوْا بِھَا نِقْیَھَا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب ارزانی کے زمانہ میں سفر کرو تو اونٹوں کو ان کا وہ حق دو جو زمین میں ہے (یعنی ان کو خوب چراؤ تاکہ وہ تیز چلیں) اور جب گرانی میں سفر کرو تو تیز چلو تاکہ کمزور ہونے سے پہلے منزل پر پہنچا دیں اور جب تم رات کو کہیں ٹھہرو تو راستہ کو چھوڑ دو اس لئے کہ ان پر چار پائے چلتے ہیں اور زہریلے جانور مسکن ہیں اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب تم گرانی کے زمانہ میں سفر کرو تو تیزی کے ساتھ سفر کو طے کرو جب تک اونٹوں میں

ضرورت مند رفیق سفر کی خبر گیری کرو

۳۷۲۰ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ فِیْ سَفَرٍ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ عَلٰی رَاحِلَۃٍ فَجَعَلَ یَضْرِبُ یَمِیْنًا وَّشِمَالًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ کَانَ مَعَہٗ فَضْلُ ظَھْرٍ فَلْیَعُدْ بِہٖ عَلٰی مَنْ لَّا ظَھْرَ لَہٗ وَمَنْ کَانَ لَہٗ فَضْلُ زَادٍ فَلْیَعُدْ بِہٖ عَلٰی مَنْ لَّا زَادَ لَہٗ قَالَ فَذَکَرَ مِنْ اَصْنَافِ الْمَالِ حَتّٰی رَاَیْنَا اَنَّہٗ لَا حَقَّ لِاَحَدٍ مِّنَّا فِیْ فَضْلٍ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہم سفر میں تھے کہ ایک شخص اونٹ پر آیا اور اونٹ کو دائیں بائیں پھیرنا شروع کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے پاس ایک سواری سے زیادہ ہو وہ اس کو دیدے کہ اس کے پاس سواری نہیں ہے (یعنی اس کی سواری کمزور اور تھکی ہوئی ہے جس پر وہ سفر نہیں کر سکتا) اور جس کے پاس کھانے پینے کا زیادہ سامان ہو وہ اس کو دیدے کہ اس کے پاس زاد راہ نہیں ہے۔ اس کے بعد آپ نے مال کے اقسام کو بیان کیا شروع کیا یہاں تک کہ ہم نے یہ محسوس کیا کہ کسی شخص کو ضرورت سے زیادہ چیز رکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ (مسلم)

مقصد سفر پورا ہو جانے پر گھر لوٹنے میں تاخیر نہ کرو

۳۷۲۱ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلسَّفَرُ قِطْعَۃٌ مِّنَ الْعَذَابِ یَمْنَعُ اَحَدَکُمْ نَوْمَہٗ وَطَعَامَہٗ وَشَرَابَہٗ فَاِذَا قَضٰی نَھْمَتَہٗ مِنْ وَجْھِہٖ فَلْیُعَجِّلْ اِلٰی اَھْلِہٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے (یعنی عذاب جہنم کا ایک حصہ ہے) اور جو تم کو نیند سے کھانے سے اور پینے سے باز رکھتا ہے پس جب مسافر اپنے سفر کی غرض کو پورا کرے تو فوراً اپنے گھر والوں کی طرف واپس آجائے۔ (بخاری و مسلم)

مسافر کا اپنے گھر واپس آنے پر بچوں کے ذریعہ استقبال

۳۷۲۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ کَانَ رَسُوْ

حضرت عبداللہ بن جعفر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ تُلُقِّیَ بِصِبْیَانِ اَھْلِ بَیْتِہٖ وَاِنَّہٗ قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَسُبِقَ بِیْ اِلَیْہِ فَحَمَلَنِیْ بَیْنَ یَدَیْہِ ثُمَّ جِیْءَ بِاَحَدِ ابْنَیْ فَاطِمَۃَ فَاَرْدَفَہٗ خَلْفَہٗ قَالَ فَاُدْخِلْنَا الْمَدِیْنَۃَ ثَلٰثَۃً عَلٰی دَابَّۃٍ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

علیہ وسلم جب سفر سے واپس تشریف لاتے تو اہل بیت کے لڑکے آپ کے استقبال کو لے جائے جاتے چنانچہ ایک مرتبہ جب آپ سفر سے واپس آئے تو مجھ کو آپ کی خدمت میں پیش کیا گیا آپ نے مجھ کو اپنی سواری پر اپنے آگے بٹھالیا پھر فاطمہ رضؓ کے بیٹوں میں سے ایک کو آپ کے پاس لایا گیا۔ آپ نے اس کو بھی اپنے پیچھے بٹھالیا پھر ہم مدینہ میں اس طرح داخل ہوئے کہ ایک جانور پر تین آدمی سوار تھے۔ (مسلم)

سفر سے آنحضرتؐ کی واپسی کا ذکر

۳۷۲۳ عَنْ اَنَسٍ اَنَّہٗ اَقْبَلَ ھُوَ وَاَبُوْطَلْحَۃَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَمَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَفِیَّۃُ مُرْدِفُھَا عَلٰی رَاحِلَتِہٖ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ وہ (یعنی انس رضؓ) اور ابوطلحہ رضؓ ایک سفر سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ واپس آئے تو حضور کے ساتھ آپ کی بیوی حضرت صفیہ رضؓ آپ کے اونٹ پر سوار تھیں (بخاری)

سفر سے آنحضرتؐ کی واپسی کا وقت

۳۷۲۴ وَعَنْہُ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَطْرُقُ اَھْلَہٗ لَیْلًا وَکَانَ لَا یَدْخُلُ اِلَّا غُدْوَۃً اَوْ عَشِیَّۃً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت اپنے گھر والوں کے پاس سفر سے واپس آکر نہ جاتے تھے بلکہ یا تو صبح کے وقت گھر میں داخل ہوتے تھے یا شام کے وقت۔ (بخاری و مسلم)

رات کے وقت سفر سے واپس نہ آنے کی ہدایت

۳۷۲۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا طَالَ اَحَدُکُمُ الْغَیْبَۃَ فَلَا یَطْرُقَنَّ اَھْلَہٗ لَیْلًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تم میں کسی کو سفر میں زیادہ عرصہ گزر جائے تو وہ رات کے وقت اپنے گھر میں داخل نہ ہو۔ (بخاری و مسلم)

۳۷۲۶ وَعَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا دَخَلْتَ لَیْلًا فَلَا تَدْخُلْ اَھْلَکَ حَتّٰی تَسْتَحِدَّ الْمُغِیْبَۃُ وَتَمْتَشِطَ الشَّعِثَۃُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تو رات کو سفر سے واپس آئے تو اپنے گھر میں داخل نہ ہو جب تک کہ تیری بیوی زیر ناف بالوں کو صاف نہ کرلے اور کنگھی کرکے پریشان بالوں کو درست نہ کرلے۔ (بخاری و مسلم)

سفر سے واپس آنے پر پہلے دعوت کرنا مسنون ہے

۳۷۲۷ وَعَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ الْمَدِیْنَۃَ نَحَرَ جَزُوْرًا اَوْ بَقَرَۃً۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ آتے تو اونٹ یا گائے ذبح کرتے۔ (بخاری)

آنحضرتؐ کا سفر سے واپس آنے کا وقت

۳۷۲۸ وَعَنْ کَعْبِ ابْنِ مَالِکٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَقْدَمُ مِنْ سَفَرٍ اِلَّا نَھَارًا فِی الضُّحٰی فَاِذَا قَدِمَ بَدَاَ بِالْمَسْجِدِ فَصَلّٰی فِیْہِ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ جَلَسَ فِیْہِ لِلنَّاسِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت کعب بن مالک رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر دن کو چاشت کے وقت سفر سے واپس آتے اور جب شہر میں داخل ہوتے تو پہلے مسجد میں تشریف لے جاتے اور دو رکعت نماز پڑھتے پھر تھوڑی دیر لوگوں میں بیٹھتے۔ (بخاری و مسلم)

سفر سے واپس آنے پر پہلے مسجد میں جانے کا حکم

۳۷۲۹/۱۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ قَالَ لِي ادْخُلِ الْمَسْجِدَ فَصَلِّ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک سفر میں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا جب ہم واپس ہو کر مدینہ میں داخل ہوئے تو آپ نے مجھ سے فرمایا مسجد میں جا کر دو رکعت نماز پڑھ۔ (بخاری)

فصل دوم

امت کے حق میں صبح کے وقت کے لئے آنحضرت کی دعائے برکت

۳۷۳۰/۱۷ عَنْ صَخْرِ بْنِ وَدَاعَةَ الْغَامِدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا وَكَانَ إِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً أَوْ جَيْشًا بَعَثَهُمْ مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ وَكَانَ صَخْرٌ تَاجِرًا فَكَانَ يَبْعَثُ تِجَارَتَهُ أَوَّلَ النَّهَارِ فَأَثْرَى وَكَثُرَ مَالُهُ۔

حضرت صخر بن وداعہ غامدی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اے اللہ! میری امت کے لئے شروع دن میں برکت دے اور اور آپ جب کوئی چھوٹا یا بڑا لشکر کہیں بھیجتے تو شروع دن میں روانہ فرماتے۔ راوی کا بیان ہے کہ صخر ایک سوداگر تھے وہ اپنے تجارتی مال کو شروع دن میں بھیجا کرتا تھا۔ وہ مال دار ہوا اور بہت مال دار

رات کے وقت سفر کرنے کا حکم

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

ہوا۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

۳۷۳۱/۱۸ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالدُّلْجَةِ فَإِنَّ الْأَرْضَ تُطْوَى بِاللَّيْلِ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت انس رضؓ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم اپنے اوپر رات کو سفر کرنا لازم سمجھو اس لئے کہ رات کو زمین لپیٹی جاتی ہے (یعنی راستہ جلد طے ہوتا ہے۔) (ابوداؤد)

سفر میں کم از کم تین آدمیوں کو ساتھ ہونا چاہیئے۔

۳۷۳۲/۱۹ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرَّاكِبُ شَيْطَانٌ وَالرَّاكِبَانِ شَيْطَانَانِ وَالثَّلَاثَةُ رَكْبٌ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عمرو بن شعیب رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ایک سوار ایک شیطان ہے اور دو سوار دو شیطان ہیں اور تین سوار ہیں (یعنی وہ شیطان سے محفوظ ہیں) (ترمذی ابوداؤد۔ نسائی)

سفر میں ایک سے زائد لوگ ہونے کی صورت میں کسی ایک رفیق سفر کو امیر بنا لیا جائے

۳۷۳۳/۲۰ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا كَانَ ثَلَاثَةٌ فِي سَفَرٍ فَلْيُؤَمِّرُوا أَحَدَهُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابوسعید رضؓ خدری کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کہ سفر میں تین آدمی ہوں تو ایک کو ان میں سے اپنا سردار کیا جائے۔ (ابوداؤد)

بہترین رفقاء سفر

۳۷۳۴/۲۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ الصَّحَابَةِ أَرْبَعَةٌ وَخَيْرُ السَّرَايَا أَرْبَعُ مِائَةٍ وَخَيْرُ الْجُيُوشِ أَرْبَعَةُ آلَافٍ وَلَنْ يُغْلَبَ اثْنَا عَشَرَ أَلْفًا مِنْ قِلَّةٍ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہترین مصاحب اور رفیق سفر وہ ہیں جن کی تعداد کم سے کم چار ہو اور بہترین چھوٹا لشکر وہ ہے جس میں چار سو آدمی ہوں اور بہترین بڑا لشکر وہ ہے جس میں چار ہزار آدمی ہوں اور بارہ ہزار کی تعداد کمی کے سبب کبھی مغلوب نہیں ہوتی۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ دارمی)

هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ) (ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

اپنے رفقاءِ سفر کے ساتھ آپؐ کا معمول

۳۷۳۵/۲۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَلَّفُ فِي الْمَسِيْرِ فَيُزْجِي الضَّعِيْفَ وَيُرْدِفُ وَيَدْعُوْ لَهُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (سفر میں) پیچھے چلا کرتے تھے تاکہ کمزور سواری کو ہنکائیں اور جو شخص پیادہ پا ہو اس کو اپنی سواری پر سوار کرلیں اور ان کے لئے دعا کریں (ابوداؤد)

منزل پر پہنچ کر تمام رفقاءِ سفر کو ایک جگہ ٹھہرنا چاہیئے

۳۷۳۶/۲۳ وَعَنْ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ كَانَ النَّاسُ اِذَا نَزَلُوْا مَنْزِلًا تَفَرَّقُوْا فِي الشِّعَابِ وَالْاَوْدِيَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ تَفَرُّقَكُمْ فِيْ هٰذِهِ الشِّعَابِ وَالْاَوْدِيَةِ اِنَّمَا ذٰلِكُمْ مِّنَ الشَّيْطٰنِ فَلَمْ يَنْزِلُوْا بَعْدَ ذٰلِكَ مَنْزِلًا اِلَّا انْضَمَّ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ حَتّٰى يُقَالَ لَوْ بُسِطَ عَلَيْهِمْ ثَوْبٌ لَعَمَّهُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوثعلبہ خشنی کہتے ہیں کہ لوگ سفر میں جب کسی منزل پر اترتے تو پہاڑی درّوں اور وادیوں میں پھیل جاتے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر یہ دیکھ کر فرمایا تمہارا ان گھاٹیوں اور وادیوں میں متفرق ہوجانا شیطان کے فریب اور وسوسہ کے سبب سے ہے اس کے بعد لوگ جب کسی منزل میں اترے تو اس طرح قیام کیا کہ ایک دوسرے سے ملا ہوا تھا یعنی یہاں تک کہ ایک دوسرے کے قریب رہتا تھا کہ اگر ان پر ایک کپڑا پھیلا یا جائے تو سب کو ڈھانک لے۔ (ابوداؤد)

آنحضرتؐ کے کمال انکسار کا مظہر ایک واقعہ

۳۷۳۷/۲۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا يَوْمَ بَدْرٍ كُلُّ ثَلٰثَةٍ عَلٰى بَعِيْرٍ وَكَانَ اَبُوْ لُبَابَةَ وَعَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ زَمِيْلَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَكَانَا اِذَا جَاءَتْ عُقْبَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَا نَحْنُ نَمْشِيْ عَنْكَ قَالَ مَا اَنْتُمَا بِاَقْوٰى مِنِّيْ وَمَا اَنَا بِاَغْنٰى عَنِ الْاَجْرِ مِنْكُمَا۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ جنگِ بدر میں ہماری یہ حالت تھی کہ تین آدمیوں میں ایک اونٹ تھا اور ابولبابہؓ اور علیؓ بن ابی طالب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹ میں شریک سفر تھے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اترنے کی باری آتی تو ابولبابہؓ اور علیؓ بن ابی طالب کہتے ہیں ہم آپ کے بدلے پیدل چلیں گے۔ آپ ان کے جواب میں فرماتے۔ تم مجھ سے زیادہ قوی نہیں ہو اور میں آخرت کے اجر سے بھی بے پرواہ نہیں ہوں۔ (شرح السنۃ)

سواری کے جانوروں کے بارے میں ایک حکم

۳۷۳۸/۲۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتَّخِذُوْا ظُهُوْرَ دَوَابِّكُمْ مَنَابِرَ فَاِنَّ اللّٰهَ اِنَّمَا سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُبَلِّغَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بَالِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ وَجَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فَعَلَيْهَا فَاقْضُوْا حَاجَاتِكُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم اپنے جانوروں کی پشت منبر نہ بناؤ (یعنی سواری کو کھڑا کرکے باتیں نہ کیا کرو یا سواری پر بیٹھے بیٹھے کام نہ کیا کرو بلکہ اس قسم کے کاموں کو اتر کر کیا کرو) اس لئے کہ خداوند تعالیٰ نے جانوروں کو تمہارے قبضہ میں اس غرض سے دیا ہے کہ وہ تم کو اس شہر میں پہنچادیں جہاں تم سخت محنت و مشقت کے ساتھ پہنچ سکتے تھے اور زمین کو خدا نے پیدا کیا اس لئے کہ تم اس پر اپنے کاموں کو انجام دو۔ (ابوداؤد)

صحابہؓ کے نزدیک سواری کے جانوروں کی دیکھ بھال کی اہمیت

۳۷۳۹/۲۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كُنَّا اِذَا نَزَلْنَا مَنْزِلًا لَا نُسَبِّحُ حَتّٰى يُحَلَّ الرِّحَالُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت انس کہتے ہیں کہ جب ہم کسی منزل پر اترتے تو اس وقت تک نمازِ نفل نہ پڑھتے جب تک کہ جانوروں کا اسباب اتار کر نہ رکھ دیتے۔

آنحضرتؐ کی حق شناسی

۳۷۴۰/۲۷ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِيْ إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ مَّعَهُ حِمَارٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِرْكَبْ وَتَاَخَّرَ الرَّجُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَنْتَ اَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِكَ اِلَّا اَنْ تَجْعَلَهُ لِيْ قَالَ جَعَلْتُهُ لَكَ فَرَكِبَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت بُریدہؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کہیں جا رہے تھے کہ ایک شخص گدھے پر سوار آیا اور عرض کیا یا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ سوار ہو جائیے یہ کہہ کر وہ پیچھے ہٹا (تاکہ رسُول اللہؐ کو آگے بٹھالے) آپؐ نے فرمایا نہیں تو اپنی سواری پر آگے بیٹھنے کا زیادہ مستحق ہے مگر جب کہ تو اپنی سواری کو میرے سپرد کر دے۔ اُس نے کہا میں نے آپ کے حوالے کیا آپ سوار ہو جائیے۔ (ترمذی ابوداؤد)

شیطانی اونٹ اور شیطانی گھر

۳۷۴۱/۲۸ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكُوْنُ اِبِلٌ لِّلشَّيْطِيْنِ وَبُيُوْتٌ لِّلشَّيْطِيْنِ فَاَمَّا اِبِلُ الشَّيْطِيْنِ فَقَدْ رَاَيْتُهَا يَخْرُجُ اَحَدُكُمْ بِنَجِيْبَاتٍ مَّعَهُ قَدْ اَسْمَنَهَا فَلَا يَعْلُوْ بَعِيْرًا مِّنْهَا وَيَمُرُّ بِاَخِيْهِ قَدِ انْقَطَعَ بِهٖ فَلَا يَحْمِلُهٗ وَاَمَّا بُيُوْتُ الشَّيْطِيْنِ فَلَمْ اَرَهَا كَانَ سَعِيْدٌ يَّقُوْلُ لَا اَرَاهَا اِلَّا هٰذِهِ الْاَقْفَاصَ الَّتِيْ يَسْتُرُ النَّاسُ بِالدِّيْبَاجِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

سعید بن ابی ہند، ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اونٹ شیطانوں کے لئے ہوتے ہیں اور گھر شیطانوں کے لئے ہوتے ہیں۔ پس شیطانوں کے اونٹ میں نے دیکھا ہے کہ تم میں سے کوئی عمدہ قسم کے اونٹوں کو لے کر نکلتا ہے جن کو اس نے خوب فربہ کیا ہے اور ان میں سے کسی پر سواری نہیں کرتا اور سفر میں ان کو لے کر چلتا ہے تو اپنے مسلمان بھائی کو جو چلتے چلتے تھک گیا ہے سوار نہیں کرتا (یعنی جو اونٹ محض اظہارِ تفاخر کے لئے ہوں اور ان سے کام نہ لیا جاتے وہ شیطانوں کے لئے ہیں) اور شیطانوں کے گھر ان کو میں نے نہیں دیکھا۔ سعید حدیث کے راوی کا بیان ہے کہ شیطانوں کے گھر (شاید) وہ پنجرے (یا عماریاں اور ہودج) ہیں جن کو لوگ ریشمی کپڑے سے منڈھتے ہیں۔ (ابوداؤد)

کہیں پڑاؤ ڈالو تو وہاں نہ زیادہ جگہ گھیرو اور نہ راستہ روکو

۳۷۴۲/۲۹ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَيَّقَ النَّاسُ الْمَنَازِلَ وَقَطَعُوا الطَّرِيْقَ فَبَعَثَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنَادِيًا يُّنَادِيْ فِي النَّاسِ اَنَّ مَنْ ضَيَّقَ مَنْزِلًا وَقَطَعَ طَرِيْقًا فَلَا جِهَادَ لَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

سہل بن معاذؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد میں شرکت کی لوگوں نے (ایک) منزل کو جا کر گھیر لیا (یعنی بہت سی جگہ اور مکان قبضہ میں کر لئے) اور راستہ کو بھی تنگ کر دیا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو بھیج کر اعلان کرایا کہ جو شخص تنگ کرے منزل کو یا روکے راستہ کو اس کے لئے جہاد کا ثواب نہیں ہے۔ (ابوداؤد)

سفر سے واپسی کا بہترین وقت

۳۷۴۳/۳۰ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَحْسَنَ مَا دَخَلَ الرَّجُلُ اَهْلَهٗ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ اَوَّلُ اللَّيْلِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (سفر سے واپس آکر) آدمی کے گھر میں داخل ہونے کا بہترین وقت ابتدائی رات ہے۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

سفر کے دوران رات میں آنحضرتؐ کے آرام کرنے کی کیفیت

۳۷۴۴/۳۱ عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ فِیْ سَفَرٍ فَعَرَّسَ بِلَیْلٍ اِضْطَجَعَ عَلٰی یَمِیْنِهٖ وَاِذَا عَرَّسَ قُبَیْلَ الصُّبْحِ نَصَبَ ذِرَاعَهٗ وَوَضَعَ رَاْسَهٗ عَلٰی کَفِّهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوقتادہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر میں ہوتے تو آخری رات میں قیام کرتے اور دائیں کروٹ لیٹ رہتے اور جب (منزل پر) صبح کے وقت اُترتے تو اپنا داہنا ہاتھ کھڑا کرتے اور اپنا سر اپنی ہتھیلی پر رکھ کر لیٹ رہتے (تاکہ کچھ آرام مل جائے اور نیند نہ آئے) (مسلم)

صبح کے وقت سفر شروع کرنے کی فضیلت

۳۷۴۵/۳۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَعَثَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَوَاحَةَ فِیْ سَرِیَّةٍ فَوَافَقَ ذٰلِكَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ فَغَدَا اَصْحٰبُهٗ وَقَالَ اَتَخَلَّفُ وَاُصَلِّیْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اَلْحَقُهُمْ فَلَمَّا صَلّٰی مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَاٰهُ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَغْدُوَ مَعَ اَصْحٰبِكَ فَقَالَ اَرَدْتُ اَنْ اُصَلِّیَ مَعَكَ ثُمَّ اَلْحَقَهُمْ فَقَالَ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَا اَدْرَكْتَ فَضْلَ غَدْوَتِهِمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن رواحہ کو ایک چھوٹے لشکر کے ساتھ روانہ کیا اتفاق سے وہ جمعہ کا دن تھا عبداللہ کے ساتھی تو صبح ہی کو چلے گئے اور عبداللہ نے اپنے دل میں کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھ کر چلوں گا اور لشکر سے جا ملوں گا جب نمازِ جمعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پڑھ لی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ کو دیکھا اور کہا تم کو صبح کے وقت اپنے ہمراہیوں کے ساتھ جانے سے کس نے روکا انھوں نے کہا میں نے یہ چاہا کہ آپ کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھ کر روانہ ہوں اور لشکر سے جا ملوں آپ نے فرمایا اگر تو دنیا کی ساری چیزوں کو بھی خرچ کرتے تب بھی تجھ کو اپنے ہمراہیوں کے ساتھ صبح کے وقت جانے کا ثواب نہ ملے گا۔ (ترمذی)

چیتے کی کھال استعمال کرنا ممنوع ہے

۳۷۴۶/۳۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصْحَبُ الْمَلٰٓئِكَةُ رُفْقَةً فِیْهَا جِلْدُ نَمِرٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس لشکر میں چیتے کا چمڑہ ہو اس کے ساتھ فرشتے نہیں جاتے۔ (ابوداؤد)

امیر سفر کو رفقاءِ سفر کا خادم ہونا چاہئے

۳۷۴۷/۳۴ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَیِّدُ الْقَوْمِ فِی السَّفَرِ خَادِمُهُمْ فَمَنْ سَبَقَهُمْ بِخِدْمَةٍ لَمْ یَسْبِقُوْهُ بِعَمَلٍ اِلَّا الشَّهَادَةَ۔ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت سہل بن سعدؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سفر میں قوم کا سردار وہ ہے جو قوم کی خدمت کرے پھر جو شخص قوم کی خدمت میں سبقت کرے اس کے عمل کے مقابلہ میں کوئی بازی نہ لے جائے گا مگر وہ شخص جس نے شہادت کا مرتبہ حاصل کیا ہے۔ (بیہقی)

بَابُ الْكِتَابِ إِلَى الْكُفَّارِ وَدُعَائِهِمْ إِلَى الْإِسْلَامِ

کفار کو اسلام کی دعوت دینے کا بیان

فصل اوّل

قیصر روم کے نام مکتوب نبویؐ

۳۷۴۸ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى قَيْصَرَ يَدْعُوْهُ اِلَى الْاِسْلَامِ وَبَعَثَ بِكِتَابِهٖ اِلَيْهِ دِحْيَةَ الْكَلْبِيَّ وَاَمَرَهٗ اَنْ يَّدْفَعَهٗ اِلٰى عَظِيْمِ بُصْرٰى لِيَدْفَعَهٗ اِلٰى قَيْصَرَ فَاِذَا فِيْهِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مِنْ مُّحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اِلٰى هِرَقْلَ عَظِيْمِ الرُّوْمِ سَلَامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ اَدْعُوْكَ بِدَاعِيَةِ الْاِسْلَامِ اَسْلِمْ تَسْلَمْ وَاَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ اَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ وَاِنْ تَوَلَّيْتَ فَعَلَيْكَ اِثْمُ الْاَرِيْسِيِّيْنَ وَيٰٓاَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَ مِنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَقَالَ اِثْمُ الْيَرِيْسِيِّيْنَ وَقَالَ بِدَاعِيَةِ الْاِسْلَامِ

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قیصر کو دعوتِ اسلام کا نامہ لکھا اور اس نامہ کو دِحیہ کلبیؓ کے ہاتھ روانہ فرمایا اور حکم دیا کہ اس نامہ کو تم حاکمِ بصریٰ کے پاس پہنچانا وہ اس کو قیصر کے پاس پہنچا دیگا اُس نامہ میں یہ لکھا تھا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یہ نامہ ہے خدا کے بندے اور اس کے رسول محمدؐ کی جانب سے ہرقل شاہِ روم کے نام۔ سلام ہے اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔ اِس کے بعد میں تجھ کو اسلام کی دعوت دیتا ہوں تو اسلام قبول کر محفوظ و مامون رہے گا۔ تو اسلام قبول کر تجھ کو اللہ تعالیٰ دوہرا اَجر عطا فرمائے گا اور اگر تو منہ پھیرے گا یعنی اسلام قبول نہ کریگا تو تیرے اطاعت گزاروں اور تابعداروں (یعنی رعایا) کا گناہ بھی تجھ پر ہوگا (کہ تیرے اسلام نہ لانے سے وہ بھی کفر میں مبتلا رہیں گے) اور اہل کتاب آؤ طرف دین (حق) کی جو ہمارے اور تمہارے درمیان یکساں ہے (یعنی جیسا کہ تم رسول اور خدا تعم اور خدا کی کتاب پر ایمان و اعتقاد رکھتے ہو ہم بھی رکھتے ہیں) اور وہ دین (حق) یا کلمۂ مشترک یہ ہے کہ ہم خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں گے اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں گے اور ہم میں بعض آدمی بعض کو خدا کے سوا اپنا پروردگار نہ بنائے گا (جیسا کہ مسیحیوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو اپنا پروردگار بنا لیا تھا) پھر اگر لے مومنو! اہل کتاب اس دعوت سے اعراض کریں اور دینِ حق کی طرف نہ آئیں تو تم ان سے کہو کہ لے کافرو! تم گواہ رہو کہ ہم مسلمان ہیں (بخاری و مسلم) اور مسلم کی روایت میں چند الفاظ ہیں۔

مکتوب نبویؐ کے ساتھ شہنشاہِ ایران کا نخوت آمیز معاملہ اور اس پر اس کا وبال

۳۷۴۹ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بِكِتَابِهٖ اِلٰى كِسْرٰى مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّدْفَعَهٗ اِلٰى عَظِيْمِ الْبَحْرَيْنِ اِلٰى كِسْرٰى فَلَمَّا قَرَاَ مَزَّقَهٗ قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ فَدَعَا عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّمَزَّقُوْا كُلَّ مُمَزَّقٍ۔

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا نامۂ گرامی عبداللہ بن حذافہ سہمیؓ کے ہاتھ کسریٰ کے پاس روانہ فرمایا اور عبداللہ ابن حذافہ کو حکم دیا کہ وہ اس نامہ کو حاکمِ بحرین کے پاس لے جائے (چنانچہ وہ بحرین کے حاکم کے پاس لے گئے) اور بحرین کے سردار نے اس کو کسریٰ کے پاس بھیجدیا۔ کسریٰ نے اس نامہ کو پڑھا تو پھاڑ کر پھینک دیا۔ ابن المسیب کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسریٰ اور اس کے

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) اطاعت گزاروں کے لئے یہ بد دعا فرمائی کہ پاش پاش ہو جائیں وہ سب بالکل پارہ پارہ۔ (بخاری)

آنحضرتؐ نے تمام سربراہان مملکت کو خطوط لکھ کر اسلام کی دعوت دی

۳۷۵۰/۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى كِسْرٰى وَاِلٰى قَيْصَرَ وَاِلَى النَّجَاشِيِّ وَاِلٰى كُلِّ جَبَّارٍ يَدْعُوْهُمْ اِلَى اللّٰهِ وَلَيْسَ بِالنَّجَاشِيِّ الَّذِيْ صَلّٰى عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کسریٰ (شاہِ فارس) قیصر (شاہِ روم) نجاشی (شاہِ حبش) اور ہر ظالم و سرکش (سردار) کے نام خطوط لکھے جن میں ان کو اسلام قبول کرنے کی دعوت دی اور یہ نجاشی جن کو آپؐ نے یہ خط بھیجا تھا وہ نجاشی نہیں ہے جس پر (یعنی جس کے جنازہ پر غائبانہ) آپؐ نے نماز پڑھی تھی۔ (مسلم)

جہاد کرنے والوں کے بارے میں چند ہدایات

۳۷۵۱/۴ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَمَّرَ اَمِيْرًا عَلٰى جَيْشٍ اَوْ سَرِيَّةٍ اَوْصَاهُ فِيْ خَاصَّتِهٖ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَمَنْ مَّعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرًا ثُمَّ قَالَ اُغْزُوْا بِاسْمِ اللّٰهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَاتِلُوْا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ اُغْزُوْا فَلَا تَغُلُّوْا وَلَا تَغْدِرُوْا وَلَا تَمْثُلُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا وَاِذَا لَقِيْتَ عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَادْعُهُمْ اِلٰى ثَلٰثِ خِصَالٍ اَوْ خِلَالٍ فَاَيَّتُهُنَّ مَا اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَاِنْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ اِلٰى دَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ اِنْ فَعَلُوْا ذٰلِكَ فَلَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَعَلَيْهِمْ مَا عَلَى الْمُهَاجِرِيْنَ فَاِنْ اَبَوْا اَنْ يَّتَحَوَّلُوْا مِنْهَا فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ يَكُوْنُوْنَ كَاَعْرَابِ الْمُسْلِمِيْنَ يَجْرِيْ عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللّٰهِ الَّذِيْ يَجْرِيْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَكُوْنُ لَهُمْ فِي الْغَنِيْمَةِ وَالْفَيْءِ شَيْءٌ اِلَّا اَنْ يُّجَاهِدُوْا مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَاسْاَلْهُمُ الْجِزْيَةَ فَاِنْ هُمْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَقَاتِلْهُمْ وَاِذَا حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ فَاَرَادُوْكَ اَنْ

حضرت سلیمان بن بریدہؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب کسی جیش (بڑے لشکر) یا سریہ (چھوٹے لشکر) پر کسی کو امیر و سردار مقرر فرماتے تو اس کی خالص شخصیت کے متعلق یہ نصیحت فرماتے کہ وہ خدا سے ڈرتا رہے اور جو مسلمان اس کے ساتھ جاتے اُن کے متعلق یہ ہدایت فرماتے کہ وہ ان سے بہترین سلوک کرے اور اس کے بعد یہ حکم دیتے کہ خدا کے نام پر خدا کی راہ میں اس شخص سے لڑو جس نے خدا کے ساتھ کفر کیا اور جہاد کرو اور (مالِ غنیمت کی تقسیم میں) خیانت نہ کرو اور نہ عہد کو توڑو اور نہ مثلہ کرو (یعنی جسم کے اعضا نہ کاٹو) اور بچوں کو قتل نہ کرو اور اے امیر! جب تو اپنے دشمن مشرکوں سے مقابلہ پر آمادہ ہو تو اس کو تین باتوں کی دعوت دے (یعنی ان سے کہہ کہ ان تین باتوں میں سے ایک بات کو مان لو) پھر ان باتوں میں سے جن باتوں کو وہ قبول کریں تو اس کو منظور کرلے اور لڑائی کو بند کردے یعنی اور تو سب سے پہلے ان کو اسلام کی دعوت دے اگر وہ اسلام کو قبول کرلیں تو اس کو منظور کرلے اور پھر ان سے کوئی مناقشہ یا جنگ نہ کر۔ اگر وہ اسلام کو قبول نہ کریں تو پھر ان کو دار الحرب (یعنی کافروں کے ملک سے) دار الاسلام کی طرف چلے آنے کی دعوت دے اور ان کو بتلا کہ اگر وہ دار الاسلام چلے آئیں گے تو وہ ان کو حقوق ہوں گے جو مہاجرین کے ہیں اور ان کے ذمہ وہی فرائض ہوں گے جو مہاجرین کے ذمہ ہیں اگر وہ اس سے بھی انکار کریں تو ان کو آگاہ کر کہ ان کے ساتھ دیہاتی مسلمانوں کا سا سلوک کیا جائے گا یعنی ان پر خدا کا وہ حکم جاری کیا جائے گا جو سارے مسلمانوں پر جاری ہے (مثلاً نماز اور زکوٰۃ، قصاص اور دیت) اور مالِ غنیمت اور اس مال میں سے جو کافروں سے حاصل ہو اور ان کو کوئی حصہ نہ ملے گا مگر جب کہ وہ

تَجْعَلَ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِيِّهٖ فَلَا تَجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَلَا ذِمَّةَ نَبِيِّهٖ وَلٰكِنِ اجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّتَكَ وَذِمَّةَ اَصْحَابِكَ فَاِنَّكُمْ اِنْ تُخْفِرُوْا ذِمَمَكُمْ وَذِمَمَ اَصْحَابِكُمْ اَهْوَنُ مِنْ اَنْ تُخْفِرُوْا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُوْلِهٖ وَاِنْ حَاوَلْتَ اَهْلَ حِصْنٍ .... فَاَرَادُوْكَ اَنْ تُنْزِلَهُمْ عَلٰى حُكْمِ اللّٰهِ فَلَا تُنْزِلْهُمْ عَلٰى حُكْمِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَنْزِلْهُمْ عَلٰى حُكْمِكَ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِيْ اَتُصِيْبُ حُكْمَ اللّٰهِ فِيْهِمْ اَمْ لَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

مسلمانوں کے ساتھ جہاد کریں گے تو اُس مال میں سے بھی حصّہ ملے گا اگر وہ اس سے بھی انکار کریں تو ان سے جزیہ طلب کر اور اگر وہ جزیہ قبول کرلیں تو تو بھی اس کو منظور کرلے اور لڑائی سے رُک جا اور اگر جزیہ بھی قبول نہ کریں تو پھر خدا سے مدد طلب کر اور اُن سے لڑ اور جب تو کسی قلعہ کے آدمیوں کو محاصرہ میں لے لے (یا کسی آبادی کو گھیر لے) اور وہاں کے آدمی تجھ سے اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی کا ذمّہ (یعنی عہد) چاہیں تو تو اللہ تعالیٰ اور اس کے نبیؐ کا عہد ان کو نہ دے بلکہ اپنا عہد اور اپنے ہمراہیوں کا عہد دے اِس لئے کہ اگر تم اپنا اور اپنے ہمراہیوں کا عہد توڑ دو گے تو خدا اور اس کے رسولؐ کا عہد توڑنے سے یہ بہتر ہوگا۔ اور جب تو کسی قلعہ کے آدمیوں کا محاصرہ کرے اور وہ یہ خواہش کریں کہ خدا کے حکم پر تو ان کا محاصرہ اُٹھالے تو، تو خدا کے حکم پر محاصرہ کو نہ اٹھائے بلکہ اپنے اور اپنے حکم سے محاصرہ کو اُٹھا۔ اِس لئے کہ تو نہیں جانتا کہ خدا کا کیا حکم ہے۔ (مسلم)

سورج ڈھلنے کے بعد جنگ شروع کرنے کی حکمت

۳۷۵۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ اَيَّامِهِ الَّتِيْ لَقِيَ فِيْهَا الْعَدُوَّ اِنْتَظَرَ حَتّٰى مَالَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ قَامَ فِي النَّاسِ فَقَالَ يٰاَيُّهَا النَّاسُ لَا تَتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ وَاسْاَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فَاِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاصْبِرُوْا وَاعْلَمُوْا اَنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوْفِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ وَمُجْرِيَ السَّحَابِ وَهَازِمَ الْاَحْزَابِ اهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ کے ایام میں (ایک دفعہ) انتظار کیا (یعنی دشمن سے جنگ نہ کی شروع دن میں جیسا کہ معمول تھا بلکہ دن چڑھنے کا انتظار کیا) جب آفتاب ڈھل گیا تو آپ لوگوں کے درمیان کھڑے ہوئے اور فرمایا لوگو! دشمنوں سے معرکہ آرا ہونے کی آرزو نہ کرو (اس لئے کہ جنگ کرنا مصیبت وبلا کا سامنا کرنا ہے) بلکہ خدا سے امن وعافیت چاہو اور جب تم دشمن سے لڑو اور صبر سے کام لو اور اس کا یقین رکھو کہ جنت تلواروں کے سایے کے نیچے ہے، پھر آپ نے یہ دُعا فرمائی۔ اے اللہ! کتاب کو نازل کرنیوالے ابر کو چلانے والے دشمن کی جماعت کو شکست وہزیمت دینے والے دشمنوں کو شکست وہزیمت دے اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما (بخاری ومسلم)

آنحضرتؐ صبح ہونے سے پہلے دشمن آبادی پر حملہ نہیں کرتے تھے

۳۷۵۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا غَزَا بِنَا قَوْمًا لَمْ يَكُنْ يَغْزُوْ بِنَا حَتّٰى يُصْبِحَ وَيَنْظُرَ اِلَيْهِمْ فَاِنْ سَمِعَ اَذَانًا كَفَّ عَنْهُمْ وَاِنْ لَمْ يَسْمَعْ اَذَانًا اَغَارَ عَلَيْهِمْ قَالَ فَخَرَجْنَا اِلٰى خَيْبَرَ فَاَتَيْنَاهُمْ لَيْلًا فَلَمَّا اَصْبَحَ وَلَمْ يَسْمَعْ اَذَانًا رَكِبَ وَرَكِبْتُ خَلْفَ اَبِيْ طَلْحَةَ وَاِنَّ قَدَمِيْ لَتَمَسُّ قَدَمَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَخَرَجُوْا اِلَيْنَا بِمَكَاتِلِهِمْ وَ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ہمارے ساتھ کسی قوم سے جہاد کرتے تو صبح ہونے سے پہلے دشمن پر حملہ آور نہ ہوتے (یعنی جب کسی نامعلوم دشمن سے لڑتے یا ان پر حملہ کا ارادہ فرماتے) چنانچہ جب صبح ہوجاتی تو آپ دشمن کی جماعت پر نظر ڈالتے (یعنی قرائن سے یہ معلوم کرنا چاہتے کہ یہ کون لوگ ہیں؟) اگر ان میں سے اذان کی آواز آتی تو لڑائی سے رُک جاتے۔ اور اذان کی آواز نہ آتی تو اُن پر حملہ کردیتے انسؓ کا بیان ہے (کہ حسب معمول) ہم خیبر کی طرف گئے اور خیبر والوں کے قریب ہم رات کے وقت پہنچے جب صبح ہوئی اور اذان کی آواز سُنائی نہ دی تو رسولؐ

مَسَاحِيهِمْ فَلَمَّا رَاَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا مُحَمَّدٌ وَاللّٰهِ مُحَمَّدٌ وَّالْخَمِيْسُ فَلَجَأُوْا اِلَى الْحِصْنِ فَلَمَّا رَاٰهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سواری پر سوار ہوئے اور میں ابوطلحہ رضؓ کی سواری پر ان کے پیچھے بیٹھا اور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری سے اتنا قریب تھا کہ میرے پاؤں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم مبارک سے لگتے تھے۔ انس کہتے ہیں کہ صبح ہونے پر خیبر والے سامان و آلاتِ زراعت لے کر ہماری طرف آئے (یعنی اپنے کھیتوں میں جانے کے لئے کیونکہ وہ ہماری آمد سے بے خبر تھے جب انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو کہا محمدؐ (آ گئے) خدا کی قسم محمدؐ (آ گئے) اور ان کا لشکر بھی (یہ کہہ کر) وہ بھاگ کھڑے ہوئے اور قلعہ میں پناہ گزیں ہو گئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو (بھاگتے ہوئے) دیکھ کر فرمایا۔ اللہ بزرگ و برتر ہے اللہ بزرگ و برتر ہے۔ خیبر خراب ہوا البتہ ہم (یعنی مسلمان) جب کسی قوم کے میدان میں اترتے ہیں تو اس خوف زدہ قوم کی صبح بری ہو جاتی ہے۔ (بخاری و مسلم)

ظہر کے وقت آنحضرتؐ کی طرف سے جنگ کی ابتداء

۳۷۵۴ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ قَالَ شَهِدْتُّ الْقِتَالَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ اِذَا لَمْ يُقَاتِلْ اَوَّلَ النَّهَارِ اِنْتَظَرَ حَتّٰى تَهُبَّ الرِّيَاحُ وَتَحْضُرَ الصَّلٰوةُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت نعمان بن مُقرنؓ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ میں شریک ہوا ہوں جب آپ (کسی دن) صبح کے وقت جنگ نہ کرتے تو انتظار فرماتے اس وقت کا جبکہ ہوا چل نکلے اور نماز کا (یعنی ظہر کی نماز کا) وقت آ جائے۔ (بخاری)

فصل دوم

دوپہر ڈھلے جنگ کی ابتداء

۳۷۵۵ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ قَالَ شَهِدْتُّ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اِذَا لَمْ يُقَاتِلْ اَوَّلَ النَّهَارِ اِنْتَظَرَ حَتّٰى تَزُوْلَ الشَّمْسُ وَتَهُبَّ الرِّيَاحُ وَيَنْزِلَ النَّصْرُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت نعمان بن مقرنؓ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لڑائیوں میں شریک ہوا ہوں جب آپ (کسی روز) اوّل دن میں جنگ نہ چھیڑتے تو انتظار فرماتے جب آفتاب ڈھل جاتا ہوائیں چل نکلتیں اور فتح نازل ہوتی، تب لڑائی شروع فرماتے۔ (ابوداؤد)

آنحضرتؐ کی جنگ کے اوقات

۳۷۵۶ وَعَنْ قَتَادَةَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ اِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ اَمْسَكَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَاِذَا طَلَعَتْ قَالَ فَاِذَا انْتَصَفَ النَّهَارُ اَمْسَكَ حَتّٰى تَزُوْلَ الشَّمْسُ فَاِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ قَاتَلَ حَتَّى الْعَصْرِ ثُمَّ اَمْسَكَ حَتّٰى يُصَلِّيَ الْعَصْرَ ثُمَّ يُقَاتِلُ قَالَ قَتَادَةُ كَانَ يُقَالُ عِنْدَ ذٰلِكَ تَهِيْجُ رِيَاحُ النَّصْرِ وَيَنْعُوْ

حضرت قتادہؒ نعمان بن مقرنؓ سے روایت کرتے ہیں انھوں نے کہا کہ میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی ہمراہی میں جنگیں کی ہیں (رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی عادت شریف یہ تھی کہ) جب صبح ہوتی تو آفتاب کے طلوع ہونے سے پہلے جنگ نہ فرماتے (یعنی جب آفتاب نکل آتا) تب لڑائی شروع کرتے اور جب دوپہر ہو جاتی تو لڑائی کو بند کر دیتے پھر جب آفتاب ڈھل جاتا تو (نمازِ ظہر کے بعد) پھر جنگ شروع کرتے اور عصر تک اس کا سلسلہ جاری رہتا پھر لڑائی بند کر دیتے اور عصر کی نماز ادا کرتے اور اس کے بعد لڑتے۔ قتادہؒ کا بیان

الْمُؤْمِنُوْنَ بِجُيُوْشِهِمْ فِيْ صَلٰوتِهِمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ہے کہ صحابہ رضؓ کہا کرتے تھے کہ ان اوقات میں (جن میں آپ جنگ کیا کرتے تھے) فتح کی ہوائیں چلتی ہیں اور مسلمان نمازوں میں اپنے لشکر کی فتح کی دعائیں مانگتے ہیں۔ (ترمذی)

مجاہدین اسلام کو ایک خاص ہدایت

۳۷۵۷ وَعَنْ عِصَامِ الْمُزَنِيِّ قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَقَالَ اِذَا رَاَيْتُمْ مَسْجِدًا اَوْ سَمِعْتُمْ مُؤَذِّنًا فَلَا تَقْتُلُوْا اَحَدًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عِصام مزنی رضؓ کہتے ہیں کہ ہم کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک چھوٹے لشکر میں بھیجا اور یہ حکم دیا کہ جب تم مسجد کو دیکھو یا موذن کو اذان دیتے سنو تو وہاں جنگ نہ کرو اور کسی کو قتل نہ کرو۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

فصل سوم

زعماء ایران کے نام حضرت خالد بن ولید رضؓ کا مکتوب

۳۷۵۸ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ قَالَ كَتَبَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ اِلٰى اَهْلِ فَارِسَ:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مِنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ اِلٰى رُسْتُمَ وَمِهْرَانَ فِيْ مَلَإِ فَارِسَ سَلَامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّا نَدْعُوْكُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَاِنْ اَبَيْتُمْ فَاَعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّاَنْتُمْ صَاغِرُوْنَ فَاِنْ اَبَيْتُمْ فَاِنَّ مَعِيْ قَوْمًا يُّحِبُّوْنَ الْقَتْلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَا يُحِبُّ فَارِسُ الْخَمْرَ وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابی وائل رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضؓ نے فارس کے سرداروں کے نام یہ نامہ لکھا تھا:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خالد بن ولید رضؓ کی طرف سے رستم اور مہران کے نام جو فارس کی جماعت میں شریک ہیں اس شخص پر سلام جو حق و ہدایت کی پیروی کرے۔ اس کے بعد تم کو اسلام قبول کرنے کی دعوت دیتا ہوں اگر تم اسلام قبول نہ کرو تو جزیہ دو اپنے ہاتھ سے ذلیل ہو کر اور اگر اس سے بھی انکار کرو تو میرے ساتھ ایسے لوگ ہیں جو خدا کی راہ میں لڑنے کو یا مارے جانے کو ایسا پسند کرتے ہیں جیسا کہ فارس کے لوگ شراب کو پسند کرتے ہیں اور سلام ہو اس پر جو پیرو ہو ہدایت و حق کا۔ (شرح السنۃ)

بَابُ الْقِتَالِ فِي الْجِهَادِ — جہاد میں لڑنے کا بیان

فصل اوّل

شہید کی منزل جنت ہے۔

۳۷۵۹ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ اَرَاَيْتَ اِنْ قُتِلْتُ فَاَيْنَ اَنَا قَالَ فِي الْجَنَّةِ فَاَلْقٰى تَمَرَاتٍ فِيْ يَدِهٖ ثُمَّ قَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ اُحد کی لڑائی کے دن ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا اگر میں مارا جاؤں تو میرا ٹھکانہ کہاں ہوگا؟ آپ نے فرمایا جنت میں (یہ سُنکر) اس شخص نے اپنے ہاتھ کی کھجوروں کو پھینک دیا اور اس کے بعد لڑا یہاں تک کہ شہید ہو گیا۔ (بخاری و مسلم)

اعلانِ جہاد کے سلسلے میں آنحضرت کی جنگ کی حکمت عملی

۳۷۶۰ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت کعب بن مالک رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی غزوہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدُ غَزْوَةً اِلَّا وَرّٰى بِغَيْرِهَا حَتّٰى كَانَتْ تِلْكَ الْغَزْوَةُ يَعْنِيْ غَزْوَةَ تَبُوْكَ غَزَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَرٍّ شَدِيْدٍ وَاسْتَقْبَلَ سَفَرًا بَعِيْدًا وَمَفَازًا وَعَدُوًّا كَثِيْرًا فَجَلَّى لِلْمُسْلِمِيْنَ لِيَتَاَهَّبُوْا اُهْبَةَ غَزْوِهِمْ فَاَخْبَرَهُمْ بِوَجْهِهِ الَّذِيْ يُرِيْدُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

(جنگ) کا ارادہ کرتے تو توریہ[1] فرماتے یہاں تک کہ غزوۂ تبوک کا موقع آیا یہ غزوہ آپ نے سخت گرمیوں کے دنوں میں کیا اس کے لئے دُور دراز کا سفر فرمایا اور بے آب وگیا جنگلوں کو طے کیا دشمنوں کی تعداد بھی اس میں زیادہ تھی۔ جب آپ نے اس کا ارادہ کیا تو (توریہ نہ کیا بلکہ) بلکہ علانیہ اس کا اعلان کیا تاکہ مسلمان لڑائی کے لئے اچھی طرح تیار ہو جائیں اور اپنے سامان درست کر لیں اور پھر آپ نے صحابہؓ کو اپنی اس روش سے آگاہ کیا جو آپ کے ذہن میں تھی (بخاری و مسلم)

جنگ مکر و فریب کا نام ہے

۳۷۶۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَرْبُ خَدْعَةٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لڑائی فریب ہے (یعنی جنگ میں مکر و فریب زیادہ مفید ہوتا ہے گویا لڑائی کا دوسرا نام مکر و فریب ہے) (بخاری و مسلم)

جہاد میں عورتوں کو لے جانے کا مسئلہ

۳۷۶۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُوْ بِاُمِّ سُلَيْمٍ وَنِسْوَةٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ مَعَهٗ اِذَا غَزَا يَسْقِيْنَ الْمَاءَ وَيُدَاوِيْنَ الْجَرْحٰى (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب کسی لڑائی پر تشریف لے جاتے تو اُم سلیمؓ اور انصار کی دوسری عورتوں کو ساتھ لے جاتے تاکہ لڑائی کے وقت وہ لوگوں کو پانی پلائیں اور زخموں کی مرہم پٹی کریں۔ (مسلم)

۳۷۶۳ وَعَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ اَخْلُفُهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ فَاَصْنَعُ لَهُمُ الطَّعَامَ وَاُدَاوِي الْجَرْحٰى وَاَقُوْمُ عَلَى الْمَرْضٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت اُم عطیہؓ کہتی ہیں کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سات لڑائیوں میں شریک ہوئی ہوں۔ میں پیچھے رہ جاتی تھی (جب مجاہد لڑنے جاتے تو میں ان کے پیچھے خیموں میں رہ جاتی تھی) ان کا کھانا تیار کرتی زخموں کی مرہم پٹی کرتی اور بیماروں کو دیکھتی بھالتی تھی۔ (مسلم)

جہاد میں عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے کا مسئلہ

۳۷۶۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے عورتوں اور بچوں کو (جہاد میں) قتل کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (بخاری و مسلم)

۳۷۶۵ وَعَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَهْلِ الدِّيَارِ يُبَيَّتُوْنَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَيُصَابُ مِنْ نِّسَائِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ قَالَ هُمْ مِنْهُمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ هُمْ مِّنْ اٰبَائِهِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت صعب بن جثامہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کافروں کے گھر پر اگر شب خون مارا جائے اور اس میں عورتوں اور بچوں کو نقصان پہنچے (یعنی وہ بھی مارے جائیں) تو کیا حکم ہے؟ فرمایا وہ وہ انھیں میں سے ہیں (یعنی شب خون کی حالت میں بچوں اور عورتوں کا مارا جانا موجب گناہ نہیں وہ بھی کافروں میں سے ہیں لیکن قصداً ان کو قتل نہ کیا جائے) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ وہ اپنے باپوں کے تابع ہیں۔ (بخاری و مسلم)

---

[1] توریہ کے معنی ہیں خبر کو چھپانا اس طرح کہ اصل بات کو چھپایا جائے اور دوسری بات کو ظاہر کیا جائے مثلاً یہ کہ کسی جنگ کو جانا ہے اس کی خبر کو چھپایا اور دوسری جگہ جانے کی خبر مشہور کر دی تاکہ دشمن کو آپ کے ارادہ کا پتہ نہ لگے۔ ۱۲ مترجم

دشمنوں کے درختوں کو کاٹنے اور جلانے کا مسئلہ

۳۷۶۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيْرِ وَحَرَّقَ وَلَهَا يَقُوْلُ حَسَّانُ:

وَهَانَ عَلٰى سَرَاةِ بَنِيْ لُؤَيٍّ حَرِيْقٌ بِالْبُوَيْرَةِ مُسْتَطِيْرُ

وَفِيْ ذٰلِكَ نَزَلَتْ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی قبیلہ بنی نضیر[1] کے کھجوروں کے درختوں کو کاٹ ڈالنے اور جلا دینے کا حکم دیا چنانچہ حسان رضؓ (شاعر) نے اس کی نسبت یہ شعر کہا ؎

وَهَانَ عَلٰى سَرَاةِ بَنِيْ لُؤَيٍّ حَرِيْقٌ بِالْبُوَيْرَةِ مُسْتَطِيْرُ

اور اسی واقعہ کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ یعنی کھجور کے درختوں میں سے جو کچھ تم نے کاٹا یا جو کچھ اس کی جڑوں پر کھڑا ہوا چھوڑا یہ سب خدا کے حکم سے ہے (بخاری و مسلم)

دشمن کی غفلت کا فائدہ اٹھا کر اس کا قتل اور غارت گری جائز ہے

۳۷۶۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ اَنَّ نَافِعًا كَتَبَ اِلَيْهِ يُخْبِرُهٗ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهٗ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَغَارَ عَلٰى بَنِي الْمُصْطَلِقِ غَارِّيْنَ فِيْ نَعَمِهِمْ بِالْمُرَيْسِيْعِ فَقَتَلَ الْمُقَاتِلَةَ وَسَبَى الذَّرَارِيَّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن عون رضؓ کہتے ہیں کہ نافع رضؓ (ابن عمر رضؓ کے آزاد کردہ غلام) نے عبداللہ بن عون کو یہ لکھا کہ ابن عمر رضؓ نے اس کو یہ بتلایا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ بنی مصطلق کو مقام مریسیع پر جب کہ وہ اپنے مواشی میں بے خبر پڑے ہوئے تھے لوٹ لیا جن لوگوں نے آپ سے مقابلہ و مقاتلہ کیا ان کو آپ نے مار ڈالا اور ان کی عورتوں اور بچوں کو گرفتار کر لیا۔ (بخاری و مسلم)

میدان جنگ سے متعلق ایک فوجی حکم

۳۷۶۸ وَعَنْ اَبِيْ اُسَيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَنَا يَوْمَ بَدْرٍ حِيْنَ صَفَفْنَا لِقُرَيْشٍ وَصَفُّوْا لَنَا اِذَا اَكْثَبُوْكُمْ فَعَلَيْكُمْ بِالنَّبْلِ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِذَا اَكْثَبُوْكُمْ فَارْمُوْهُمْ وَاسْتَبْقُوْا نَبْلَكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو اسید رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کی لڑائی کے دن جب کہ ہم نے قریش کے سامنے صف باندھی اور قریش نے ہمارے سامنے صف بندی کی ہم سے فرمایا جب قریش تمہارے قریب آجائیں تو تم ان پر تیر برسا دو اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ جب قریش تمہارے قریب آجائیں تو تم ان پر تیر برساؤ اور تیروں کو اپنے پاس بھی رکھو (یعنی سارے تیر خرچ نہ کرو۔) (بخاری)

وَحَدِيْثُ سَعْدٍ هَلْ تُنْصَرُوْنَ سَنَذْكُرُهٗ فِيْ بَابِ فَضْلِ الْفُقَرَاءِ وَحَدِيْثُ الْبَرَاءِ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهْطًا فِيْ بَابِ الْمُعْجِزَاتِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى

اور سعد کی حدیث هَلْ تُنْصَرُوْنَ" فضل فقراء کے باب میں اور براء کی حدیث" بعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الخ" معجزات کے باب میں بیان کریں گے۔

فصل دوم

میدان جنگ میں لشکر کی تیاری

۳۷۶۹ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ عَبَّانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَيْلٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضؓ کہتے ہیں کہ بدر کی لڑائی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو رات میں تیار و آراستہ فرمایا یعنی ہمارے بدن پر ہتھیار سجائے صفیں قائم کیں اور جس شخص کو جس جگہ کھڑا کرنا مناسب تھا وہاں کھڑا کیا

---

[1] بنی لوئی کے سرداروں پر مقام دیرہ کے کھجوروں کے درختوں کو کاٹنا اور جلانا آسان ہوا بنی لوئی سے مراد نضر بن کنانہ کی اولاد ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اجداد میں سے ہے اور مقصد (شاعر کا) اس سے اشراف قریش ہیں۔ ۱۲ مترجم

تاکہ دن کو ہر شخص اپنے موقع پر رہے۔ (ترمذی)

مجاہدین اسلام کے لئے امتیازی علامات

۳۷۷۰ وَعَنِ الْمُهَلَّبِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنْ بُيِّتْتُمُ الْعَدُوَّ فَلْيَكُنْ شِعَارُكُمْ حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ) ۱۲

حضرت مہلب رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خندق میں ہم سے فرمایا اگر دشمن تم پر شبخون ماریں تو تمہاری علامت (یعنی مسلمانوں کی) حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ کے الفاظ ہیں۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

۳۷۷۱ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ شِعَارُ الْمُهَاجِرِيْنَ عَبْدُ اللّٰهِ وَشِعَارُ الْاَنْصَارِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) ۱۳

حضرت سمرہ بن جندب رضؓ کہتے ہیں کہ مہاجرین کی شناخت کی علامت (کسی غزوہ میں) عبداللہ تھی اور انصار کی علامت عبدالرحمٰن۔ (ابوداؤد)

۳۷۷۲ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ اَبِيْ بَكْرٍ زَمَنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَيَّتْنَا هُمْ نَقْتُلُهُمْ وَكَانَ شِعَارُنَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ اَمِتْ اَمِتْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) ۱۴

حضرت سلمہ بن اکوع رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ہم نے ابوبکر رضؓ کے ساتھ جہاد کیا پس ہم نے کافروں پر شبخون مارا اور ان کو قتل کیا اور اس رات ہماری علامت (یعنی مسلمانوں کی شناخت کی نشانی) "اَمِتْ اَمِتْ" کا کلمہ تھا۔ (جس کے معنی ہیں اے خدا دشمنوں کو مار)۔ (ابوداؤد)

صحابہ رضؓ کرام جنگ کے وقت شور و شغب ناپسند کرتے تھے

۳۷۷۳ وَعَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ كَانَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُوْنَ الصَّوْتَ عِنْدَ الْقِتَالِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) ۱۵

حضرت قیس بن عبادہ رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ لڑائی کے وقت شور و شغب یا آواز کو برا سمجھتے تھے اور صرف ذکر اللہ کرتے تھے۔ (ابوداؤد)

دشمن کے بڑی عمر والوں کو قتل کرو اور چھوٹوں کو باقی رکھو۔

۳۷۷۴ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اقْتُلُوْا شُيُوْخَ الْمُشْرِكِيْنَ وَاسْتَحْيُوْا شَرْخَهُمْ اَيْ صِبْيَانَهُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ) ۱۶

حضرت سمرہ بن جندب رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مشرکوں میں سے بڑی عمر والوں کو مار ڈالو اور چھوٹی عمر والوں یعنی بچوں کو باقی رکھو۔ (ترمذی)

دشمن کے شہر اور ان کے کھیت کھلیان وغیرہ جلا ڈالنا جائز ہے

۳۷۷۵ وَعَنْ عُرْوَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اُسَامَةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَهِدَ اِلَيْهِ قَالَ اَغِرْ عَلٰى اُبْنَا صَبَاحًا وَحَرِّقْ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) ۱۷

حضرت عروہ رضؓ کہتے ہیں کہ مجھ سے اسامہ رضؓ نے بیان کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (جب ان کو لشکر کا افسر مقرر کر کے روانہ کیا تو تاکید کے ساتھ یہ حکم دیا کہ مقام اُبنا پر (جو ملک شام میں واقع ہے) صبح کے وقت حملہ کر اور اس کو جلا کر (یعنی اس کی کھیتیاں اور درخت) تباہ و برباد کرے۔ (ابوداؤد)

دشمن پر اس وقت حملہ کرو جب وہ بالکل قریب آجائے۔

۳۷۷۶ وَعَنْ اَبِيْ اُسَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ ۱۸

حضرت ابی اسید رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کی لڑائی کے

وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ إِذَا أَكْثَبُوكُمْ فَارْمُوهُمْ وَلَا تَسُلُّوا السُّيُوفَ حَتَّى يَغْشَوْكُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

دن حکم دیا کہ جب کہ دشمن تمہارے قریب آجائیں تو ان پر تیر برساؤ اور تلواریں اس وقت تک نیام سے نہ کھینچو جب تک وہ سامنے نہ آجائیں۔ (ابوداؤد)

دشمن کے مزدوروں کو قتل کرنے کی ممانعت

۳۷۷۷/۱۹ وَعَنْ رِبَاحِ بْنِ الرَّبِيعِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ فَرَأَى النَّاسَ مُجْتَمِعِينَ عَلَى شَيْءٍ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ انْظُرْ عَلَى مَا اجْتَمَعَ هٰؤُلَاءِ فَجَاءَ فَقَالَ عَلَى امْرَأَةٍ قَتِيلٍ فَقَالَ مَا كَانَتْ هٰذِهِ لِتُقَاتِلَ وَعَلَى الْمُقَدَّمَةِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ قُلْ لِخَالِدٍ لَا تَقْتُلْ امْرَأَةً وَلَا عَسِيفًا (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت رباح رضؓ بن ربیع کہتے ہیں کہ کسی غزوہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے آپ نے دیکھا کہ لوگ ایک جگہ جمع ہو رہے ہیں آپ نے ایک آدمی کو دریافتِ حال کے لئے بھیجا اس نے واپس آکر عرض کیا کہ ایک عورت ماری گئی ہے اس کی نعش پر لوگ جمع ہیں آپ نے فرمایا یہ تو لڑنے والی نہ تھی (یعنی یہ عورت تو لڑنے والوں میں نہ تھی اس کو کیوں قتل کیا گیا؟) اگلی فوج پر حضرت خالد بن ولید رضؓ سردار تھے آپ نے اُن کو کہلا بھیجا کہ عورت اور مزدور کو قتل نہ کرو۔ (ابوداؤد)

مجاہدین کو میدانِ جنگ بھیجتے وقت آنحضرتؐ کی ہدایت

۳۷۷۸/۲۰ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ انْطَلِقُوا بِاسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَعَلَى مِلَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ لَا تَقْتُلُوا شَيْخًا فَانِيًا وَلَا طِفْلًا صَغِيرًا وَلَا امْرَأَةً وَلَا تَغُلُّوا وَضُمُّوا غَنَائِمَكُمْ وَأَصْلِحُوا وَأَحْسِنُوا فَإِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجاہدین کو روانہ کرتے وقت فرمایا خدا کے نام کی برکت کے ساتھ اور خدا کی تائید کے ساتھ اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے دین پر (خبردار) تم شیخ فانی (کمزور و ضعیف بڈھے) کو نہ مارنا نہ چھوٹے بچے کو نہ عورت کو اور مالِ غنیمت میں خیانت نہ کرنا مالِ غنیمت کو جمع کرنا آپس میں صلح کرنا اور باہم اچھا سلوک کرنا اس لئے کہ خداوند تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ (ابوداؤد)

بدر کے میدانِ جنگ میں زعماءِ مکہ کی دعوتِ مبارزت

۳۷۷۹/۲۱ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ تَقَدَّمَ عُتْبَةُ بْنُ رَبِيعَةَ وَشَيْبَةُ ابْنُهُ وَأَخُوهُ فَنَادَى مَنْ يُبَارِزُ فَانْتَدَبَ لَهُ شَبَابٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ مَنْ أَنْتُمْ فَأَخْبَرُوهُ فَقَالَ لَا حَاجَةَ لَنَا فِيكُمْ إِنَّمَا أَرَدْنَا بَنِي عَمِّنَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْ يَا حَمْزَةُ قُمْ يَا عَلِيُّ قُمْ يَا عُبَيْدَةُ بْنَ الْحَارِثِ فَأَقْبَلَ حَمْزَةُ إِلَى عُتْبَةَ وَأَقْبَلْتُ إِلَى شَيْبَةَ وَاخْتَلَفَ بَيْنَ عُبَيْدَةَ وَالْوَلِيدِ ضَرْبَتَانِ فَأَثْخَنَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ ثُمَّ مِلْنَا عَلَى الْوَلِيدِ فَقَتَلْنَاهُ وَاحْتَمَلْنَا عُبَيْدَةَ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ بدر کی لڑائی کے دن کفار کے لشکر میں سے عتبہ بن ربیعہ آگے بڑھا اور اس کے پیچھے اس کا بیٹا ولید اور بھائی شیبہ آئے اور پکارا کون ہے جو ہم سے لڑنے کے لئے میدان میں آئے۔ لشکرِ اسلام میں سے کئی انصاری جوان مقابلہ میں آئے۔ عتبہ نے پوچھا تم کون ہو؟ انھوں نے بتایا ہم انصاری ہیں۔ عتبہ نے کہا تم سے لڑنے کی ہم کو ضرورت نہیں ہے ہم تو اپنے چچا کے بیٹوں سے لڑنا چاہتے ہیں (یعنی قریش اور مہاجرین سے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عتبہ کے ان الفاظ کو سنکر فرمایا۔ حمزہ رضؓ کھڑے ہو جاؤ۔ علی رضؓ کھڑے ہو جاؤ۔ عبیدہ رضؓ بن حارث کھڑے ہو جاؤ۔ چنانچہ حمزہ رضؓ عتبہ کے مقابلہ پر آگئے (اور اس کو مار ڈالا) اور میں (یعنی علی رضؓ) شیبہ کی طرف متوجہ ہوا اور اس کو مار ڈالا اور عبیدہ رضؓ و ولید کے درمیان دو سخت مقابلے ہوئے اور ایک نے دوسرے کو سخت زخمی کر دیا۔ پھر ہم نے ولید پر حملہ کیا اور اس کو مار ڈالا اور حضرت عبیدہ رضؓ کو ہم میدان سے اٹھا لائے۔ (احمد۔ ابوداؤد)

نئی کمک لانے کی غرض سے میدانِ جنگ سے بھاگ آنا جائز ہے

۳۷۸۰/۲۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو ایک

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَحَاصَ النَّاسُ حَيْصَةً فَاَتَيْنَا الْمَدِيْنَةَ فَاخْتَفَيْنَا بِهَا وَقُلْنَا هَلَكْنَا ثُمَّ اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَحْنُ الْفَرَّارُوْنَ قَالَ بَلْ اَنْتُمُ الْعَكَّارُوْنَ وَاَنَا فِئَتُكُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

لشکر میں روانہ فرمایا ہم دشمن کے مقابلہ سے بھاگ کھڑے ہوئے اور مدینہ میں واپس آکر ہم چھپ رہے (یعنی ندامت اور حیا کے سبب) اور اپنے دل میں ہم نے کہا کہ دشمن کے سامنے سے بھاگنے کے سبب ہم ہلاک ہو گئے۔ پھر ہم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ہم بھاگ آنے والے ہیں۔ آپ نے (ان کا دل بڑھانے کے لئے) فرمایا نہیں بلکہ تم حملہ پر حملہ کرنے والے ہو اور میں تمہاری جماعت میں شامل ہوں۔ (ترمذی)

وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوٗدَ نَحْوَهٗ وَقَالَ لَا بَلْ اَنْتُمُ الْعَكَّارُوْنَ قَالَ فَدَنَوْنَا فَقَبَّلْنَا يَدَهٗ فَقَالَ اَنَا فِئَةُ الْمُسْلِمِيْنَ۔

اور ابوداؤد میں بھی اسی قسم کی روایت ہے اور اس کے آخری الفاظ یہ ہیں۔ نہیں بلکہ تم حملہ پر حملہ کرنے والے ہو۔ ابن عمر رضہ کہتے ہیں کہ (آپ کے یہ الفاظ سُنکر) ہم آگے بڑھے اور آپ کے ہاتھوں کو بوسہ دیا۔ پھر آپ نے فرمایا میں مسلمانوں کی جماعت ہوں۔

وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ اُمَيَّةَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ كَانَ يَسْتَفْتِحُ وَحَدِيْثَ اَبِي الدَّرْدَاءِ اِبْغُوْنِيْ فِيْ ضُعَفَائِكُمْ فِيْ بَابِ فَضْلِ الْفُقَرَاءِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

اور عنقریب امیہ بن عبداللہ کی حدیث کان یستفتح اور ابودرداء رضہ کی حدیث اِبْغُوْنِیْ فِیْ ضُعَفَائِکُمْ فضل فقراء کے باب میں اِنشاء اللہ تعالیٰ بیان کریں گے۔

فصل سوم

غزوہ طائف میں منجنیق کا استعمال

۳۷۸۱/۲۳ عَنْ ثَوْبَانَ بْنِ يَزِيْدَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَصَبَ الْمَنْجَنِيْقَ عَلٰى اَهْلِ الطَّائِفِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُرْسَلًا)

حضرت ثوبان بن یزید رضہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف والوں کے مقابلے پر منجنیق کھڑی کی (منجنیق ایک آلہ ہوتا تھا زمانۂ قدیم میں جس کو ہاتھ سے چلا کر سنگباری کی جاتی تھی)۔ (ترمذی)

بَابُ حُكْمِ الْاُسَرَاءِ قیدیوں کے احکام کا بیان

فصل اوّل

وہ کفار قیدی جو جنت میں داخل ہوں گے

۳۷۸۲ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَجِبَ اللّٰهُ مِنْ قَوْمٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ فِي السَّلَاسِلِ وَفِيْ رِوَايَةٍ يُقَادُوْنَ اِلَى الْجَنَّةِ بِالسَّلَاسِلِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ تعجب کرتا ہے اس قوم پر (یعنی اس سے خوش ہوتا ہے) جو زنجیروں میں بندھی ہوئی جنت میں داخل ہوتی ہے (یعنی ان کفار پر خدا نے تعجب کیا جو زنجروں میں باندھ کر دارالاسلام لائے گئے اور پھر مسلمان ہو کر جنت میں داخل ہوئے) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ تعجب کرتا ہے اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر جو زنجیروں میں باندھ کر جنت کی طرف لائے جاتے ہیں۔ (بخاری)

دشمن کے جاسوسوں کو قتل کرنے کا حکم

۳۷۸۳/۲ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى

حضرت سلمہ بن اکوع رضہ کہتے ہیں کہ مشرکوں کا ایک جاسوس آیا جب کہ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَیْنٌ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ وَھُوَ فِیْ سَفَرٍ فَجَلَسَ عِنْدَ اَصْحٰبِہٖ یَتَحَدَّثُ ثُمَّ انْفَتَلَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُطْلُبُوْہُ وَاقْتُلُوْہُ فَقَتَلْتُہٗ فَنَفَّلَنِیْ سَلَبَہٗ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں تھے اور آپ کے صحابہؓ کے پاس بیٹھ کر اس سے باتیں کیں اور پھر چلا گیا (رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو جب اس کی خبر ملی تو) آپ نے فرمایا اس کو مار ڈالو۔ چنانچہ میں نے اس کو مار ڈالا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا سارا سامان مجھ کو مرحمت فرمایا۔ (بخاری و مسلم)

۳۷۸۴ وَعَنْہُ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَوَازِنَ فَبَیْنَا نَحْنُ نَتَضَحّٰی مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ عَلٰی جَمَلٍ اَحْمَرَ فَاَنَاخَہٗ وَجَعَلَ یَنْظُرُ وَفِیْنَا ضَعْفَۃٌ وَرِقَّۃٌ مِنَ الظَّھْرِ وَبَعْضُنَا مُشَاۃٌ اِذْ خَرَجَ یَشْتَدُّ فَاَتٰی جَمَلَہٗ فَاَثَارَہٗ فَاشْتَدَّ بِہِ الْجَمَلُ فَخَرَجْتُ اَشْتَدُّ حَتّٰی اَخَذْتُ بِخِطَامِ الْجَمَلِ فَاَنَخْتُہٗ ثُمَّ اخْتَرَطْتُ سَیْفِیْ فَضَرَبْتُ رَاْسَ الرَّجُلِ ثُمَّ جِئْتُ بِالْجَمَلِ اَقُوْدُہٗ عَلَیْہِ رَحْلُہٗ وَسِلَاحُہٗ فَاسْتَقْبَلَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ فَقَالَ مَنْ قَتَلَ الرَّجُلَ قَالُوا ابْنُ الْاَکْوَعِ قَالَ لَہٗ سَلَبُہٗ اَجْمَعُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضؓ کہتے ہیں کہ قبیلہ ہوازن سے ہم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ کی۔ ایک روز ہم دوپہر کا کھانا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھا رہے تھے کہ ایک شخص سرخ اونٹ پر آیا اس نے اونٹ کو بٹھا دیا اور چاروں طرف دیکھنا شروع کیا۔ ہم میں بہت سے لوگ کمزور تھے اور سست سواری کی کمی کے سبب اور پیدل چلنے کے باعث کچھ وہ شخص دوڑتا گیا، اونٹ پر سوار ہوا اس کو کھڑا کیا اور پھر دوڑا یہاں بھی اس کے پیچھے دوڑ پڑا یہاں تک کہ میں نے اس کے اونٹ کی مہار پکڑ لی اور اس کو بٹھایا پھر اپنی تلوار کو نیام سے نکالا اور اس کا سر اڑا دیا۔ اس کے بعد میں نے اس کے اونٹ کو جس پر اسکا سامان اور ہتھیار تھے کھینچتا ہوا لایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور دوسرے لوگ میرے پاس آئے اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شخص کو کس نے مارا؟ صحابہؓ نے عرض کیا ابن اکوع نے فرمایا اسکا سارا سامان اسی کیلئے ہے (بخاری و مسلم)

مدینہ کے عہد شکن یہودیوں کے متعلق فیصلہ

۳۷۸۵ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ بَنُوْ قُرَیْظَۃَ عَلٰی حُکْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ عَلٰی حِمَارٍ فَلَمَّا دَنَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قُوْمُوْا اِلٰی سَیِّدِکُمْ فَجَاءَ فَجَلَسَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ ھٰؤُلَاءِ نَزَلُوْا عَلٰی حُکْمِکَ قَالَ فَاِنِّیْ اَحْکُمُ اَنْ تُقْتَلَ الْمُقَاتِلَۃُ وَاَنْ تُسْبَی الذُّرِّیَّۃُ قَالَ لَقَدْ حَکَمْتَ فِیْھِمْ بِحُکْمِ الْمَلِکِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ بِحُکْمِ اللّٰہِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ جب بنو قریظہ (یہود کی ایک جماعت) سعدؓ بن معاذ رضؓ کے حکم پر آمادہ ہو گئے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد بن معاذ رضؓ کو بلا بھیجا سعدؓ گدھے پر سوار ہو کر آئے جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب پہنچے تو آپ نے لوگوں سے فرمایا اپنے سردار کی تعظیم کے لئے کھڑے ہو جاؤ۔ معاذ رضؓ آپ کے پاس آکر بیٹھ گئے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا یہ لوگ (یعنی بنو قریظہ) تمہارے حکم و فیصلہ پر راضی ہو گئے ہیں۔ حضرت سعد بن معاذ رضؓ نے عرض کیا۔ میں یہ فیصلہ کرتا ہوں کہ ان میں سے جو لوگ لڑنے کے قابل ہیں ان کو قتل کر دیا جائے اور بچوں اور عورتوں کو قیدی بنایا جائے۔ آپ نے فرمایا تم نے ان کے متعلق بادشاہ کا سا حکم کیا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ تم نے اُن کے بارے میں خدا کے حکم کے

لہ حضرت سعد بن معاذ رضؓ مشہور صحابہؓ میں سے ہیں مدینہ کے یہود بنو قریظہ ان کے حلیف اور ان کے عہد و امان میں تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بنو قریظہ کا پچیس روز تک محاصرہ کیا تو انھوں نے کہا کہ سعد رضؓ ہمارے متعلق جو فیصلہ کریں گے ہم کو منظور ہے ان کا خیال تھا کہ سعد ہمارے حلیف ہیں ہماری رعایت کریں گے اور ہماری خلاصی کی کوشش کریں گے۔ ۱۲ مترجم

سردار یمامہ کے اسلام لانے کا واقعہ

۳۷۸۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْلًا قِبَلَ نَجْدٍ فَجَاءَتْ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِیْ حَنِیْفَةَ یُقَالُ لَهٗ ثُمَامَةُ بْنُ اُثَالٍ سَیِّدُ اَهْلِ الْیَمَامَةِ فَرَبَطُوْهُ بِسَارِیَةٍ مِّنْ سَوَارِی الْمَسْجِدِ فَخَرَجَ اِلَیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاذَا عِنْدَكَ یَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِیْ یَا مُحَمَّدُ خَیْرٌ اِنْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَّاِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰی شَاكِرٍ وَّاِنْ كُنْتَ تُرِیْدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَتَرَكَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی كَانَ الْغَدُ فَقَالَ لَهٗ مَا عِنْدَكَ یَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِیْ مَا قُلْتُ لَكَ اِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰی شَاكِرٍ وَّاِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَّاِنْ كُنْتَ تُرِیْدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَتَرَكَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی كَانَ بَعْدَ الْغَدِ فَقَالَ لَهٗ مَا عِنْدَكَ یَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِیْ مَا قُلْتُ لَكَ اِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰی شَاكِرٍ وَّاِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَّاِنْ كُنْتَ تُرِیْدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَطْلِقُوْا ثُمَامَةَ فَانْطَلَقَ اِلٰی نَخْلٍ قَرِیْبٍ مِّنَ الْمَسْجِدِ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ یَا مُحَمَّدُ وَاللّٰهِ مَا كَانَ عَلٰی وَجْهِ الْاَرْضِ وَجْهٌ اَبْغَضَ اِلَیَّ مِنْ وَجْهِكَ فَقَدْ اَصْبَحَ وَجْهُكَ اَحَبَّ الْوُجُوْهِ كُلِّهَا اِلَیَّ وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنْ دِیْنٍ اَبْغَضَ اِلَیَّ مِنْ دِیْنِكَ فَاَصْبَحَ دِیْنُكَ اَحَبَّ الدِّیْنِ كُلِّهٖ اِلَیَّ وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنْ بَلَدٍ اَبْغَضَ اِلَیَّ مِنْ بَلَدِكَ فَاَصْبَحَ بَلَدُكَ اَحَبَّ الْبِلَادِ كُلِّهَا اِلَیَّ وَاِنَّ خَیْلَكَ اَخَذَتْنِیْ وَاَنَا اُرِیْدُ الْعُمْرَةَ فَمَاذَا تَرٰی فَبَشَّرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر نجد کی طرف روانہ فرمایا اس لشکر کے لوگ قبیلۂ بنو حنیفہ کے ایک شخص کو پکڑ لائے جس کا نام ثمامہ بن اثال تھا اور جو شہر یمامہ کے لوگوں کا سردار تھا لوگوں نے اس کو مسجد نبوی کے ایک ستون سے باندھ دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے تو پوچھا ثمامہ! تیرا کیا حال ہے یا تو کیا خیال رکھتا ہے کہ میں تیرے ساتھ کس قسم کا سلوک کروں گا؟ ثمامہ نے کہا۔ محمد میرے پاس مال و دولت ہے اگر تم مجھ کو قتل کرو گے تو ایک ایسے شخص کو قتل کرو گے جو خون کرنے کے سبب قتل کا مستحق ہے یا تم مجھ کو قتل کرو گے تو ایسے شخص کو قتل کرو گے جس کا خون رائیگاں نہیں جائے گا (بلکہ میری قوم میرے خون کا بدلہ لے گی) اور اگر بخشش کرو گے تو ایک شخص پر کرو گے جو شاکر و قدردان ہے (یعنی اس کا بدلہ تم کو دیا جائے گا) اور اگر تم مال کے خواہشمند ہو تو جو مانگو گے دیا جائیگا (یہ سنکر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اس کے حال پر چھوڑ دیا دوسرے روز اس سے پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پوچھا ثمامہ کیا حال ہے اس نے کہا میں پھر وہی کہتا ہوں جو کہہ چکا ہوں یعنی اگر انعام کرو گے (یعنی مجھ کو چھوڑ دو گے) تو انعام و احسان کرو گے قدردان پر اور اگر قتل کرو گے تو قتل کرو گے خون والے کو اور اگر مال کے خواہشمند ہو تو جس قدر چاہو گے دیا جائیگا۔ اس روز بھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو اس کے حال پر چھوڑ دیا تیسرے دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر اس سے پوچھا۔ ثمامہ! کیا بات ہے اس نے کہا وہی بات ہے جو میں آپ سے کہہ چکا ہوں یعنی اگر بخشش کرو گے تو بخشش کرو گے قدردان پر اور اگر قتل کرو گے تو قتل کرو گے خون والے کو اور اگر مال چاہتے ہو تو جس قدر مانگو گے دیا جائیگا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے فرمایا ثمامہ کو چھوڑ دو چنانچہ اس کو کھول دیا گیا وہ مسجد سے نکلا اور کھجوروں کے ان درختوں میں چلا گیا جو مسجد کے قریب تھے اور وہاں سے غسل کر کے پھر مسجد میں آیا اور کہا میں گواہی دیتا ہوں (یعنی سچے دل سے اقرار کرتا ہوں) کہ خدا کے سوا کوئی معبود عبادت کے قابل نہیں اور شہادت دیتا ہوں کہ محمد خدا کے بندے اور خدا کے رسول ہیں۔ اے محمدؐ! خدا کی قسم روئے زمین پر تمہارے چہرے سے زیادہ نفرت انگیز میرے نزدیک کوئی چہرہ نہیں تھا لیکن اب آپ کا چہرہ ساری دنیا کے چہروں سے مجھ کو زیادہ محبوب ہے اور قسم ہے خدا کی میرے نزدیک تمہارے دین سے زیادہ نفرت انگیز کوئی دین نہ تھا لیکن اب آپ کا دین سارے دینوں سے زیادہ مجھ کو پسند ہے اور قسم ہے اللہ تعالیٰ کی میرے خیال

اَمَرَهٗ اَنْ يَّعْتَمِرَ فَلَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ قَالَ لَهٗ قَائِلٌ اَصَبَوْتَ فَقَالَ لَا وَلٰكِنِّيْ اَسْلَمْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا وَاللّٰهِ لَا يَاْتِيْكُمْ مِنَ الْيَمَامَةِ حَبَّةُ حِنْطَةٍ حَتّٰى يَاْذَنَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَاخْتَصَرَهُ الْبُخَارِيُّ)

میں تمہارے شہر سے زیادہ نفرت انگیز کوئی شہر نہ تھا لیکن اب آپ کا شہر مجھے سارے شہروں سے زیادہ محبوب ہے (یا رسول اللہ ﷺ) میں عمرہ کا ارادہ رکھتا تھا کہ آپ کے لشکر نے مجھ کو گرفتار کر لیا اب آپ مجھ کو کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے اس کو بشارت دی (کہ اسلام قبول کرنے کے سبب اس کے سارے گناہ بخش دیئے گئے) اور پھر حکم دیا کہ وہ عمرہ کر لے پھر جب تمامہ مکہ میں آیا تو کسی نے اس سے کہا کیا تو بے دین ہو گیا؟ اس نے کہا نہیں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا ہوں بد دین نہیں ہوا ہوں قسم ہے خدا کی اب یمامہ سے تم کو گیہوں کا ایک دانہ بھی نہ بھیجا جائیگا جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اجازت نہ دیں (مسلم) بخاری نے اس روایت کو اختصار سے بیان کیا ہے۔

جبیر ابن مطعم کو آنحضرت کی طرف سے ترغیب اسلام

۳۷۸۷ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ اُسَارٰى بَدْرٍ لَوْ كَانَ الْمُطْعِمُ بْنُ عَدِيٍّ حَيًّا ثُمَّ كَلَّمَنِيْ فِيْ هٰؤُلَاءِ النَّتْنٰى لَتَرَكْتُهُمْ لَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

مطعم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ بدر کے قیدیوں کی نسبت فرمایا اگر مطعم بن عدی رضی اللہ عنہ آج زندہ ہوتا اور مجھ سے ان ناپاک قیدیوں کے لئے سفارش کرتا تو میں اس کی سفارش سے ان کو چھوڑ دیتا مطعم رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک احسان کیا تھا اور اس کا بیٹا جبیر رضی اللہ عنہ اسلام قبول کر چکا تھا اس لئے آپ نے جبیر رضی اللہ عنہ کی تالیف قلب کے لئے یہ الفاظ فرمائے۔ (بخاری)

حدیبیہ میں آنحضرت پر حملے کا ارادہ کرنیوالے کفار کو گرفتار کر کے چھوڑ دینے کا واقعہ

۳۷۸۸ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ ثَمَانِيْنَ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ مَكَّةَ هَبَطُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَبَلِ التَّنْعِيْمِ مُتَسَلِّحِيْنَ يُرِيْدُوْنَ غِرَّةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهٖ فَاَخَذَهُمْ سَلْمًا فَاسْتَحْيَاهُمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاَعْتَقَهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ کفار مکہ میں سے اسی آدمی مسلح ہو کر جبل تنعیم سے اترے اس ارادہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے صحابہ کو غافل پائیں تو نقصان پہنچائیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذلیل و خوار کر کے گرفتار کر لیا اور پھر زندہ چھوڑ دیا۔ اور ایک روایت میں یوں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو آزاد کر دیا اور یہ آیت اس بارہ میں نازل ہوئی وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ اور وہ اللہ ایسا ہے کہ ان کے ہاتھ کو تم سے اور تمہارے ہاتھ کو ان سے مکہ اور اس کے اطراف میں (مسلم)

جنگ بدر کے بعد مقتول مکہ سے آنحضرت کا خطاب

۳۷۸۹ وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ ذَكَرَ لَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْ طَلْحَةَ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ بِاَرْبَعَةٍ وَّعِشْرِيْنَ رَجُلًا مِّنْ صَنَادِيْدِ قُرَيْشٍ فَقُذِفُوْا فِيْ طَوِيٍّ مِّنْ اَطْوَاءِ بَدْرٍ خَبِيْثٍ مُّخْبِثٍ وَكَانَ اِذَا ظَهَرَ عَلٰى قَوْمٍ اَقَامَ بِالْعَرْصَةِ ثَلٰثَ لَيَالٍ فَلَمَّا كَانَ بِبَدْرٍ الْيَوْمَ الثَّالِثَ اَمَرَ بِرَاحِلَتِهٖ فَشُدَّ عَلَيْهَا رَحْلُهَا ثُمَّ

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابو طلحہ رضی اللہ عنہ یہ بیان کرتے تھے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ بدر کے دن کفار قریش کے چوبیس ۲۴ سرداروں کی نعشوں کی نسبت یہ حکم دیا کہ ان کو بدر کے ایک کنوئیں میں جو ناپاک اور ناپاک کرنے والا تھا ڈال دیا جائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ عادت تھی کہ جب آپ کسی قوم پر غالب آتے اور فتح حاصل کرتے تو میدان جنگ میں تین رات قیام فرماتے۔ چنانچہ بدر میں تین رات ٹھہرنے کے بعد آپ نے حکم دیا کہ آپ کی سواری پر کجاوہ باندھ دیا جائے چنانچہ

مَشٰى وَاتَّبَعَهٗ اَصْحَابُهٗ حَتّٰى قَامَ عَلٰى شَفَةِ الرَّكِيِّ فَجَعَلَ يُنَادِيْهِمْ بِاَسْمَائِهِمْ وَاَسْمَاءِ اٰبَائِهِمْ يَا فُلَانُ بْنَ فُلَانٍ وَّيَا فُلَانُ بْنَ فُلَانٍ اَيَسُرُّكُمْ اَنَّكُمْ اَطَعْتُمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّا قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا تُكَلِّمُ مِنْ اَجْسَادٍ لَّا اَرْوَاحَ لَهَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا اَقُوْلُ مِنْهُمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لَّا يُجِيْبُوْنَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کجاوہ باندھ دیا گیا اور آپ اپنے صحابہؓ کے ساتھ روانہ ہوئے جب اس کنوئیں پر پہنچے جس میں سردارانِ قریش کو ڈالا گیا تھا تو اس کے کنارے آپ کھڑے ہو گئے اور ان سرداروں کو ان کا اور ان کے باپوں کا نام لے کر پکارنا شروع کیا یعنی اے فلاں فلاں کے بیٹے اور اے فلاں فلاں کے بیٹے کیا تم کو یہ اچھا معلوم ہوتا ہے کہ تم اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے البتہ ہم نے اس چیز کو پالیا جس کا ہم سے ہمارے رب نے وعدہ کیا تھا کیا تم نے بھی وہ چیز پائی جس کا تم سے تمہارے پروردگار نے وعدہ کیا تھا (یعنی ہم کو تو فتح و کامیابی حاصل ہو گئی کیا تم کو بھی وہ عذاب ملا جس کا تم سے تمہارے رب نے وعدہ کیا تھا) حضرت عمرؓ نے (یہ سُنکر) عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ ان جسموں سے گفتگو فرما رہے ہیں جن میں رُوحیں نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے جو کچھ میں کہہ رہا ہوں تم اس کو اچھی طرح سننے والے نہیں ہو اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ تم ان سے زیادہ سُننے والے نہیں ہو لیکن وہ جواب نہیں دیتے (بخاری و مسلم) اور بخاری میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ قتادہ

وَزَادَ الْبُخَارِيُّ قَالَ قَتَادَةُ اَحْيَاهُمُ اللّٰهُ حَتّٰى اَسْمَعَهُمْ قَوْلَهٗ تَوْبِيْخًا وَّتَصْغِيْرًا وَّنِقْمَةً وَّحَسْرَةً وَّنَدَمًا۔

نے کہا ہے کہ زندہ کیا (اُن) سرداروں کو خدا نے تاکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو سُن لیں ان کو سرزنش ہو اور وہ اپنی ذلت و خواری پشیمانی و افسوس اور عذاب کو محسوس کر لیں۔

غزوۂ حنین کے قیدیوں کی واپسی

۳۷۹۰/۹ وَعَنْ مَرْوَانَ وَالْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ حِيْنَ جَاءَهٗ وَفْدُ هَوَازِنَ مُسْلِمِيْنَ فَسَاَلُوْهُ اَنْ يَّرُدَّ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ وَسَبْيَهُمْ فَقَالَ فَاخْتَارُوْا اِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ اِمَّا السَّبْيَ وَاِمَّا الْمَالَ قَالُوْا فَاِنَّا نَخْتَارُ سَبْيَنَا فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ اِخْوَانَكُمْ قَدْ جَاءُوْنَا تَائِبِيْنَ وَاِنِّيْ قَدْ رَاَيْتُ اَنْ اَرُدَّ اِلَيْهِمْ سَبْيَهُمْ فَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يُّطَيِّبَ ذٰلِكَ فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يَّكُوْنَ عَلٰى حَظِّهٖ حَتّٰى نُعْطِيَهٗ اِيَّاهُ مِنْ اَوَّلِ مَا يُفِيْءُ اللّٰهُ عَلَيْنَا فَلْيَفْعَلْ فَقَالَ النَّاسُ قَدْ طَيَّبْنَا ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّا لَا نَدْرِيْ مَنْ اَذِنَ مِنْكُمْ مِمَّنْ لَمْ يَاْذَنْ فَارْجِعُوْا حَتّٰى يَرْفَعَ اِلَيْنَا عُرَفَاؤُكُمْ

حضرت مروان اور مسور ابن مخرمہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں قوم ہوازن کا وفد حاضر ہوا اور درخواست کی کہ ہمارے مال اور قیدیوں کو واپس کر دیا جائے (قوم ہوازن سے مسلمانوں کی جنگ ہو چکی تھی جو غزوۂ حنین کے نام سے مشہور ہے اس میں ان کا بہت سا مال لوٹا گیا تھا اور ان میں سے جو لوگ گرفتار ہوئے تھے ان کو تیری بنا لیا گیا تھا اس واقعہ کے بعد یہ لوگ مسلمان ہو گئے اور اپنا وفد بھیج کر مال اور قیدیوں کا مطالبہ کیا) آپ نے وفد کے مطالبہ میں فرمایا کہ دو باتوں میں سے ایک کو اختیار کر لو یعنی یا تو قیدیوں کو لے لو یا مال واپس کر لو۔ وفد کے لوگوں نے عرض کیا ہم قیدیوں کو لینا پسند کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم (یہ سُنکر) کھڑے ہو گئے اور لوگوں کے سامنے خطبہ فرمایا۔ اوّل خدا کی حمد و ثنا ان الفاظ میں کی جس کا وہ مستحق ہے اور پھر فرمایا یہ تمہارے پاس توبہ کر کے آئے ہیں (یعنی کفر و شرک سے توبہ کر کے اور مسلمان ہو کر) اور میں نے اس امر کو مناسب سمجھا کہ ان قیدیوں کو واپس کر دوں پس تم میں سے جو شخص خوشی کے ساتھ ایسا کر سکے کرے اور جو شخص اس کو پسند کرے کہ اپنے حصّہ پر قائم رہے یہاں تک کہ اس کو سب سے پہلے آنے والے مال

فَرَجَعَ النَّاسُ فَكَلَّمَهُمْ عُرَفَاءُهُمْ ثُمَّ رَجَعُوْا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرُوْهُ إِنَّهُمْ قَدْ طَيَّبُوْا وَأَذِنُوْا (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

فئے میں سے اس کا معاوضہ دیدیا جائے، تو وہ ایسا ہی کرے۔ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم خوشی کے ساتھ واپسی پر آمادہ ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ سنکر) فرمایا مجھ کو یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ تم میں سے کس نے اجازت نہیں دی اس لئے بہتر یہ ہے کہ تم گھر جا کر اپنے سرداروں کی طرف اس معاہدہ میں رجوع کرو اور وہ ہم سے تمہارا فیصلہ آکر بیان کر دیں۔ چنانچہ وہ چلے گئے اور پھر واپس آکر عرض کیا کہ ہم خوشی کے ساتھ واپسی پر آمادہ اور واپسی کی اجازت دیتے ہیں۔ (بخاری)

گرفتاری کے بدلے گرفتاری

۳۷۹۱ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ كَانَ ثَقِيْفٌ حَلِيْفًا لِبَنِيْ عُقَيْلٍ فَأَسَرَتْ ثَقِيْفُ رَجُلَيْنِ مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَسَرَ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِّنْ بَنِيْ عُقَيْلٍ فَأَوْثَقُوْهُ فَطَرَحُوْهُ فِي الْحَرَّةِ فَمَرَّ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَادَاهُ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ بِفِيْمَ أُخِذْتَ قَالَ بِجَرِيْرَةِ حُلَفَائِكُمْ ثَقِيْفٍ فَتَرَكَهُ وَمَضٰى فَنَادَاهُ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ فَرَحِمَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَجَعَ فَقَالَ مَا شَأْنُكَ قَالَ إِنِّيْ مُسْلِمٌ فَقَالَ لَوْ قُلْتَهَا وَأَنْتَ تَمْلِكُ أَمْرَكَ أَفْلَحْتَ كُلَّ الْفَلَاحِ قَالَ فَفَدَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرَّجُلَيْنِ اللَّذَيْنِ أَسَرَتْهُمَا ثَقِيْفٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمران بن حصین رضؓ کہتے ہیں کہ قبیلہ ثقیف بنی عقیل کا حلیف تھا ثقیف نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو صحابیوں کو گرفتار کر لیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضؓ نے بنی عقیل کے ایک آدمی کو گرفتار کر کے باندھا اور سنگستان میں ڈال دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُدھر سے گزرے تو قیدی نے پکارا۔ اے محمد! اے محمد! مجھ کو کیوں گرفتار کیا گیا ہے؟ آپ نے فرمایا تمہارے حلیف کے جرم کے سبب جو ثقیف ہیں یہ کہہ کر آپ نے اس کو اس کے حال پر چھوڑ دیا اور آگے تشریف لے چلے اس قیدی نے پھر پکارا۔ اے محمد! اے محمد! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس پر رحم آگیا واپس آئے اور فرمایا تیرا کیا حال ہے؟ اس نے عرض کیا میں مسلمان ہوں۔ آپ نے فرمایا اگر تو اس کلمہ کو ایسی حالت میں کہتا کہ تو اپنے اوپر اختیار رکھتا ہوتا تو تجھ کو پوری نجات مل جاتی۔ راوی کا بیان ہے کہ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دو قیدیوں کے بدلے میں جن کو ثقیف نے گرفتار کیا تھا چھوڑ دیا۔ (مسلم)

فصل دوم

جنگ بدر کے قیدیوں میں سے آنحضرتؐ کے داماد ابوالعاص کی رہائی کا واقعہ

۳۷۹۲ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا بَعَثَ أَهْلُ مَكَّةَ فِيْ فِدَاءِ أُسَرَائِهِمْ بَعَثَتْ زَيْنَبُ فِيْ فِدَاءِ أَبِي الْعَاصِ بِمَالٍ وَّبَعَثَتْ فِيْهِ بِقِلَادَةٍ لَّهَا كَانَتْ عِنْدَ خَدِيْجَةَ أَدْخَلَتْهَا بِهَا عَلٰى أَبِي الْعَاصِ فَلَمَّا رَآهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَقَّ لَهَا رِقَّةً شَدِيْدَةً وَقَالَ إِنْ رَأَيْتُمْ أَنْ تُطْلِقُوْا لَهَا أَسِيْرَهَا وَتَرُدُّوْا عَلَيْهَا الَّذِيْ لَهَا فَقَالُوْا نَعَمْ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ عَلَيْهِ أَنْ يُّخَلِّيَ

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ بدر کی لڑائی کے بعد جب کفار مکہ نے اپنے قیدیوں کی رہائی کا معاوضہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا تو زینب رضؓ (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی) نے اپنے شوہر ابوالعاص کی رہائی کے لئے بھی مال بھیجا جس میں وہ ہار تھا جو حضرت خدیجہ رضؓ کے پاس تھا اور اس کو انھوں نے زینب رضؓ کا نکاح کرتے وقت جہیز میں دیدیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ہار کو دیکھا تو آپ پر رقت طاری ہو گئی (یعنی آپ کو حضرت خدیجہ رضؓ یاد آگئیں جن کے گلے میں یہ ہار رہتا تھا) اور آپ نے صحابہ رضؓ سے فرمایا اگر

سَبِيْلَ زَيْنَبَ اِلَيْهِ وَبَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ وَرَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ وَقَالَ كُوْنَا بِبَطْنِ نَاجِحٍ حَتّٰى تَمُرَّ بِكُمَا زَيْنَبُ فَتَصْحَبَاهَا حَتّٰى تَاْتِيَا بِهَا (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ اَبُوْدَاوٗدَ)

تم پسند کرو تو زینبؓ کے قیدی کو بلا معاوضہ چھوڑ دو اور زینبؓ نے جو مال بھیجا ہے اس کو واپس کر دو صحابہؓ نے عرض کیا بہتر ہے چنانچہ ابوالعاص کو رہا کر دیا گیا اور جب وہ مکہ کو جانے لگا تو اس سے عہد لیا کہ وہ زینب کو مدینہ بھیج دے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زید بن حارثہؓ اور ایک انصاری شخص کو ابوالعاص کے ساتھ کر دیا اور ان کو یہ ہدایت کر دی کہ تم بطن ناجح میں (جو مکہ سے آٹھ کوس کے فاصلہ پر ہے) ٹھہرے رہنا جب زینب وہاں پہنچ جائے تو تم اس کے ساتھ رہنا اور مدینہ لے آنا۔ (احمد۔ ابوداؤد)

جنگ بدر میں قیدیوں میں سے قتل کئے جانے والے کفار

۳۷۹۳ وَعَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَسَرَ اَهْلَ بَدْرٍ قَتَلَ عُقْبَةَ بْنَ اَبِيْ مُعَيْطٍ وَالنَّضْرَ بْنَ الْحَارِثِ وَمَنَّ عَلٰى اَبِيْ عَزَّةَ الْجُمَحِيِّ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بدر کے لوگوں کو قید کیا تو عقبہ بن ابی معیط اور نضر بن حارث کو قتل کرا دیا اور ابی عزہ جمحی کو بلا معاوضہ چھوڑ دیا۔ (شرح السنۃ)

۳۷۹۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَرَادَ قَتْلَ عُقْبَةَ بْنِ اَبِيْ مُعَيْطٍ قَالَ مَنْ لِلصِّبْيَةِ قَالَ النَّارُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عقبہ بن ابی معیط کے قتل کرنے کا ارادہ فرمایا تو اس نے کہا لڑکوں کو کون پالے گا؟ آپ نے فرمایا، آگ (یعنی تو آگ میں جانے کا فکر کر بچوں کو خدا تعالیٰ پالتا ہے۔) (ابوداؤد)

جنگ بدر کے قیدیوں کے بارے میں دیا گیا اختیار

۳۷۹۵ وَعَنْ عَلِيٍّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ جِبْرَئِيْلَ هَبَطَ عَلَيْهِ فَقَالَ لَهٗ خَيِّرْهُمْ يَعْنِيْ اَصْحَابَكَ فِيْ اُسَارٰى بَدْرٍ الْقَتْلَ اَوِ الْفِدَاءَ عَلٰى اَنْ يُّقْتَلَ مِنْهُمْ قَابِلًا مِّثْلُهُمْ قَالُوا الْفِدَاءَ وَيُقْتَلُ مِنَّا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت علیؓ کہتے ہیں کہ (جنگ بدر کے بعد) جبرئیل علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائے اور فرمایا اپنے صحابہ کو بدر کے قیدیوں کے بابت اختیار دیدیجئے وہ خواہ ان کو مار ڈالیں یا معاوضہ لے کر چھوڑ دیں اگر وہ معاوضہ لیں گے تو آئندہ سال ان کے ستر آدمی مارے جائیں گے (چنانچہ ایسا ہی ہوا اور غزوۂ اُحد میں ستر آدمی شہید ہوئے) صحابہؓ نے اس اختیار کو سن کر عرض کیا ہم معاوضہ لینا اور ستر کا اپنے میں سے مارا جانا قبول کرتے ہیں۔ (ترمذی)

قیدیوں کی تحقیق و تفتیش

۳۷۹۶ وَعَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ قَالَ كُنْتُ فِيْ سَبْيِ قُرَيْظَةَ عُرِضْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانُوْا يَنْظُرُوْنَ فَمَنْ اَنْبَتَ الشَّعْرَ قُتِلَ وَمَنْ لَّمْ يُنْبِتْ لَمْ يُقْتَلْ فَكَشَفُوْا عَانَتِيْ فَوَجَدُوْهَا لَمْ تُنْبِتْ فَجَعَلُوْنِيْ فِي السَّبْيِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)۔

حضرت عطیہ قرظی رضؓ کہتے ہیں کہ میں بنو قریظہ کے قیدیوں میں تھا۔ ہم کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا صحابہؓ کی عادت یہ تھی کہ قیدیوں کے زیر ناف کو کھول دیا کرتے تھے جس کے بال اُگ آتے تھے اس کو مار ڈالتے تھے اور جس کے بال نہ ہوتے تھے اس کو چھوڑ دیتے تھے۔ میرے زیر ناف بال نہ تھے اس لئے مجھ کو قیدی بنا لیا۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

کفار مکہ کے مسلمان ہو جانے والے غلاموں کو واپس کرنے سے آنحضرتؐ کا انکار

۳۷۹۷ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ خَرَجَ عَبْدَانِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِيْ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ قَبْلَ الصُّلْحِ فَكَتَبَ اِلَيْهِ مَوَالِيْهِمْ قَالُوْا يَا مُحَمَّدُ وَاللّٰهِ مَا خَرَجُوْا اِلَيْكَ رَغْبَةً فِيْ دِيْنِكَ وَاِنَّمَا خَرَجُوْا هَرَبًا مِّنَ الرِّقِّ فَقَالَ نَاسٌ صَدَقُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رُدَّهُمْ اِلَيْهِمْ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ مَا اَرٰى كُمْ تَنْتَهُوْنَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ حَتّٰى يَبْعَثَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ مَنْ يَّضْرِبُ رِقَابَكُمْ عَلٰى هٰذَا وَاَبٰى اَنْ يَّرُدَّهُمْ وَقَالَ هُمْ عُتَقَاءُ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ حدیبیہ کی صلح سے پہلے چند غلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے (یعنی اپنے مالکوں کے پاس سے چلے آئے) غلاموں کے مالکوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو لکھا کہ اے محمدؐ! قسم ہے خدا کی یہ غلام تمہارے پاس اس لئے نہیں آئے ہیں کہ تمہارے دین کی طرف کچھ رغبت رکھتے ہیں بلکہ یہ لوگ بھاگ کر آئے ہیں اور غلامی سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ صحابہ میں سے چند لوگوں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہؐ ان کے مالکوں نے ٹھیک کہا ہے ان غلاموں کو واپس کر دیجئے (یہ سنکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غضبناک ہو گئے اور فرمایا قریش میں دیکھتا ہوں کہ تم باز نہ آؤ گے (یعنی اپنی سرکشی اور نافرمانی سے) جب تک کہ خداوند تعالیٰ تمہارے پاس اس شخص کو نہ بھیجے جو تمہارے اس حکم پر تمہاری گردن کو نہ اڑا دے۔ اس کے بعد آپؐ نے (صاف الفاظ میں) غلاموں کو واپس دینے سے انکار کر دیا اور فرمایا یہ خداوند تعالیٰ کے آزاد کئے ہوئے ہیں۔ (ابوداؤد)

فصل

حضرت خالد کی طرف سے عدم احتیاط کا ایک واقعہ

۳۷۹۸ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اِلٰى بَنِيْ جَذِيْمَةَ فَدَعَاهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَلَمْ يُحْسِنُوْا اَنْ يَّقُوْلُوْا اَسْلَمْنَا فَجَعَلُوْا يَقُوْلُوْنَ صَبَأْنَا صَبَأْنَا فَجَعَلَ خَالِدٌ يَّقْتُلُ وَيَاْسِرُ وَدَفَعَ اِلٰى كُلِّ رَجُلٍ مِّنَّا اَسِيْرَهٗ حَتّٰى اِذَا كَانَ يَوْمٌ اَمَرَ خَالِدٌ اَنْ يَّقْتُلَ كُلُّ رَجُلٍ مِّنَّا اَسِيْرَهٗ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَا اَقْتُلُ اَسِيْرِيْ وَلَا يَقْتُلُ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِيْ اَسِيْرَهٗ حَتّٰى قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَاهُ فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَبْرَاُ اِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ خَالِدٌ مَرَّتَيْنِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ علیہ وسلم نے خالد رضؓ بن ولید کو قبیلہ جذیمہ کے پاس بھیجا۔ خالد رضؓ نے ان کو اسلام کی دعوت دی وہ اضطراب و سراسیمگی کے عالم میں اسلام لائے کہ جملہ کو اچھی طرح ادا نہ کر سکے اور پھر یہ کہنا شروع کیا کہ اپنے دین سے ہم نکل کر اسلام کی طرف چلے گئے خالد رضؓ نے یہ سنکر ان کو قتل کرنا اور گرفتار کرنا شروع کیا اور ہمارے آدمیوں میں سے ہر ایک کو اس کا گرفتار کیا ہوا قیدی دیدیا پھر ایک روز خالد بن ولید رضؓ نے یہ حکم جاری کیا کہ ہم میں سے ہر شخص اپنے قیدی کو مار ڈالے۔ میں نے کہا خدا کی قسم میں اپنے قیدی کو قتل نہ کروں گا اور نہ ہم میں سے کوئی دوسرا شخص اپنے قیدی کو قتل کرے گا۔ غرض ہم سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور واقعہ عرض کیا حضورؐ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو دعا کے لئے اٹھایا اور کہا اے اللہ تعالیٰ! میں تجھ سے برات کا خواستگار ہوں اس فعل سے جو خالد رضؓ نے کیا ہے (یعنی خالد کی غلطی سے میں اظہار بیزاری کرتا ہوں) (بخاری)

بَابُ الْاَمَانِ

اَمن دینے کا بیان

فصل اوّل

اُمّ ہانی رضؓ کی طرف سے اپنے ایک عزیز کو امان دینے کا واقعہ

۳۷۹۹/۱ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ اَبِیْ طَالِبٍ قَالَتْ ذَهَبْتُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ فَوَجَدْتُهٗ یَغْتَسِلُ وَ فَاطِمَةُ اِبْنَتُهٗ تَسْتُرُهٗ بِثَوْبٍ فَسَلَّمْتُ فَقَالَ مَنْ هٰذِهٖ فَقُلْتُ اَنَا اُمُّ هَانِئٍ بِنْتُ اَبِیْ طَالِبٍ فَقَالَ مَرْحَبًا بِاُمِّ هَانِئٍ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ غُسْلِهٖ قَامَ فَصَلّٰی ثَمَانِیَ رَكَعَاتٍ مُلْتَحِفًا فِیْ ثَوْبٍ ثُمَّ انْصَرَفَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زَعَمَ ابْنُ اُمِّیْ عَلِیٌّ اَنَّهٗ قَاتِلٌ رَجُلًا اَجَرْتُهٗ فُلَانَ بْنَ هُبَیْرَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَجَرْنَا مَنْ اَجَرْتِ یَا اُمَّ هَانِئٍ قَالَتْ اُمُّ هَانِئٍ وَذٰلِكَ ضُحًی (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ) وَفِیْ رِوَایَةٍ لِلتِّرْمِذِیِّ قَالَتْ اَجَرْتُ رَجُلَیْنِ مِنْ اَحْمَائِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَمَّنَّا مَنْ اَمَّنْتِ۔

حضرت امّ ہانی رضؓ بنت ابوطالب کہتی ہیں کہ فتح مکّہ کے دن میں رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ آپ اس وقت غسل فرما رہے تھے اور آپ کی صاحبزادی جناب فاطمہ رضؓ کپڑے سے پردہ کئے ہوئے تھیں۔ میں نے سلام عرض کیا۔ آپ نے پوچھا کون ہے میں نے عرض کیا کہ میں امّ ہانی ابوطالب کی بیٹی۔ آپ نے فرمایا خوشخبری ہو امّ ہانی کو۔ پھر جب آپ غسل فرما چکے تو جسم پر کپڑا لپیٹے ہوئے آپ نے (چاشت کی) آٹھ رکعتیں پڑھیں (جب نماز سے فارغ ہو چکے تو) میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میری ماں کے بیٹے (یعنی حضرت علیؓ) نے یہ کہا ہے کہ وہ اس شخص کو قتل کرنے والے ہیں جس کو میں نے اپنے گھر میں پناہ دی ہے یعنی ہبیرہ کے بیٹے کو۔ آپ نے فرمایا۔ امّ ہانی! جس کو تم نے پناہ دی ہم نے اس کو پناہ دی۔ امّ ہانی رضؓ کہتی ہیں کہ یہ واقعہ چاشت کے وقت کا ہے۔ (بخاری و مسلم) اور ترمذی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ امّ ہانی رضؓ نے یہ عرض کیا۔ میں نے دو شخصوں کو پناہ دی ہے جو میرے خاوند کے رشتہ دار ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ ہم نے اس کو امان دی جس کو تم نے امان دی۔

فصل دوم

عورت کے عہد و پیمان کی پاسداری سارے مسلمانوں پر لازم ہے

۳۸۰۰/۲ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْمَرْاَةَ لَتَاْخُذُ لِلْقَوْمِ یَعْنِیْ تُجِیْرُ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے عورت البتہ (عہد کرتی ہے قوم کے لئے) یعنی پناہ دیتی ہے (اپنی قوم) مسلمان کے بھروسہ پر (یعنی عورت کسی کو امان دے تو وہ ساری قوم کا امان ہے)۔ (ترمذی)

اپنے عہد و پیمان کو توڑنے والے کے بارے میں وعید

۳۸۰۱/۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ اَمَّنَ رَجُلًا عَلٰی نَفْسِهٖ فَقَتَلَهٗ اُعْطِیَ لِوَاءَ الْغَدْرِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ۔ (رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت عمرو بن حمق رضؓ کہتے ہیں میں نے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے۔ جو شخص کسی کو امن دے اور پھر اس کو مار ڈالے اس کو قیامت کے دن بدعہدی کا نشان دیا جائے گا۔ (شرح السنہ)

معاہدہ کی پوری طرح پابندی کرنی چاہیئے

۳۸۰۲/۴ وَعَنْ سُلَیْمِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ كَانَ بَیْنَ مُعَاوِیَةَ وَبَیْنَ الرُّوْمِ عَهْدٌ وَّ كَانَ یَسِیْرُ

حضرت سلیم بن عامر رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت معاویہ رضؓ اور رومیوں کے درمیان (یہ) عہد ہو گیا تھا (کہ وہ وقت معیّن تک ایک دوسرے

نَحْوَ بِلَادِهِمْ حَتّٰى إِذَا انْقَضَى الْعَهْدُ أَغَارَ عَلَيْهِمْ فَجَاءَ رَجُلٌ عَلٰى فَرَسٍ أَوْ بِرْذَوْنٍ وَهُوَ يَقُوْلُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ وَفَاءٌ لَا غَدْرٌ فَنَظَرُوْا فَإِذَا هُوَ عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ فَسَأَلَهُ مُعَاوِيَةُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قَوْمٍ عَهْدٌ فَلَا يَحُلَّنَّ عَهْدًا وَلَا يَشُدَّنَّهُ حَتّٰى يَمْضِيَ أَمَدُهُ أَوْ يَنْبِذَ إِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَاءٍ قَالَ فَرَجَعَ مُعَاوِيَةُ بِالنَّاسِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ)

سے جنگ نہ کریں) معاویہ رضؓ اس عہد و پیمان کے زمانہ میں روم کے شہروں میں گشت لگایا کرتے تھے تاکہ جب عہد کی مدت ختم ہو جائے تو وہ اچانک رومیوں پر حملہ کر کے ان کو لوٹ لیں (انھیں ایام میں) ایک شخص عربی یا ترکی گھوڑے پر سوار "اللہ اکبر اللہ اکبر عہد کو پورا کیا جائے بدعہدی نہ کی جائے" کہتا ہوا آیا (مطلب اس کا یہ تھا کہ عہد و صلح کے ایام میں تم لوگ جو رومی شہروں میں گشت لگاتے ہو یہ بدعہدی ہے) لوگوں نے دیکھا یہ شخص عمرو بن عبسہ رضؓ صحابی تھے معاویہ رضؓ نے ان سے واقعہ دریافت کیا۔ انھوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص کسی قوم سے معاہدہ کرے اس کو چاہیئے کہ وہ عہد کو نہ توڑے اور نہ باندھے (باندھنے سے مراد عہد کی تبدیلی ہے) جب تک اس عہد کی مدت نہ گزر جائے یا عہد کو دونوں فریق مساوی درجہ میں اعلان کر کے توڑ دیں (یعنی ایک دوسرے کو آگاہ کر دے کہ ہمارے تمہارے درمیان جو عہد تھا وہ اب باقی نہیں رہا اور اب ہم تم برابر ہیں) سلیم بن عامر راوی کا بیان ہے کہ عمرو بن عبسہ رضؓ کی یہ بات سن کر معاویہ رضؓ اپنے لوگوں کے ساتھ واپس چلے آئے۔ (ترمذی - ابوداؤد)

ایفائے عہد اور احترام قاصد کی اہمیت

۳۸۰۳ وَعَنْ أَبِيْ رَافِعٍ قَالَ بَعَثَتْنِيْ قُرَيْشٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُلْقِيَ فِيْ قَلْبِيَ الْإِسْلَامُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ وَاللّٰهِ لَا أَرْجِعُ إِلَيْهَا أَبَدًا قَالَ إِنِّيْ لَا أَخِيْسُ بِالْعَهْدِ وَلَا أَحْبِسُ الْبُرُدَ وَلٰكِنِ ارْجِعْ فَإِنْ كَانَ فِيْ نَفْسِكَ الَّذِيْ فِيْ نَفْسِكَ الْآنَ فَارْجِعْ قَالَ فَذَهَبْتُ ثُمَّ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمْتُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابو رافع رضؓ کہتے ہیں کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر قریش نے مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا۔ میری نظر جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑی میرے دل میں اسلام کی صداقت و عظمت نے گھر کر لیا اور میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! خدا کی قسم اب میں کبھی قریش میں نہ جاؤں گا آپ نے فرمایا میں نہ تو عہد کو توڑتا ہوں اور نہ قاصدوں کو قید کرتا ہوں۔ تم واپس چلے جاؤ اگر تمہارے دل میں وہ چیز قائم و باقی رہے جو اس وقت پائی جاتی ہے تو پھر چلے آنا ابو رافع کا بیان ہے کہ میں مکہ واپس چلا گیا اور پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کر لیا۔ (ابوداؤد)

۳۸۰۴ وَعَنْ نُعَيْمِ بْنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلَيْنِ جَاءَا مِنْ عِنْدِ مُسَيْلِمَةَ أَمَا وَاللّٰهِ لَوْلَا أَنَّ الرُّسُلَ لَا تُقْتَلُ لَضَرَبْتُ أَعْنَاقَكُمَا۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت نعیم بن مسعود رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دو شخصوں سے فرمایا جو مسیلمہ (کاذب مدعی نبوت) کے پاس سے آئے تھے خدا کی قسم اگر شریعت میں قاصد کو مارنا ممنوع نہ ہوتا تو میں تمہاری گردنیں اڑا دیتا۔ (احمد - ابوداؤد)

زمانہ جاہلیت کے اُن معاہدوں کو پورا کرنے کا حکم جو اسلام کے منافی نہ ہوں

۳۸۰۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ خُطْبَتِهٖ

عمرو بن شعیب رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خطبہ میں فرمایا پورا کرو جاہلیت

اُدْفُوْا بِحَلْفِ الْجَاهِلِيَّةِ فَاِنَّهٗ لَا يَزِيْدُهٗ يَعْنِي الْاِسْلَامُ اِلَّا شِدَّةً وَلَا تُحْدِثُوْا حِلْفًا فِي الْاِسْلَامِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مِنْ طَرِيْقِ حُسَيْنِ بْنِ ذَكْوَانَ عَنْ عَمْرٍو وَقَالَ حَسَنٌ وَذُكِرَ حَدِيْثُ عَلِيٍّ اَلْمُسْلِمُوْنَ تَتَكَافَأُ دِمَائُهُمْ فِيْ كِتَابِ الْقِصَاصِ۔

کی قسم کو اس لئے کہ اسلام قسم کی قوت کو بڑھاتا ہے (کم نہیں کرتا) اور اسلام میں قسم کو پیدا نہ کرو (یعنی جاہلیت کی سی قسموں کا رواج پیدا نہ کرو اس لئے کہ عہد و پیمان کے لئے اسلام ہی کافی ہے۔ (ترمذی نے اسے حسین بن ذکوان اور عمرو کے سلسلۂ سند سے روایت کیا اور اسے حسن کہا ہے۔ اور علی کی حدیث اَلْمُسْلِمُوْنَ تَتَكَافَأُ الخ کتاب القصاص میں بیان کی جا چکی ہے۔

فصل سوم

قاصد اور ایلچیوں کو قتل نہیں کیا جا سکتا

۳۸۰۶/۸ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ جَاءَ ابْنُ النَّوَّاحَةِ وَابْنُ اٰثَالٍ رَسُوْلَا مُسَيْلَمَةَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُمَا اَتَشْهَدَانِ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَا نَشْهَدُ اَنَّ مُسَيْلَمَةَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ لَوْ كُنْتُ قَاتِلًا رَسُوْلًا لَقَتَلْتُكُمَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَمَضَتِ السُّنَّةُ اَنَّ الرَّسُوْلَ لَا يُقْتَلُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ مسیلمہ (کذاب مدعی نبوت) کے دو قاصد ابن النواحہ اور ابن اثال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے ان سے فرمایا کیا تم اس امر کا اعتراف کرتے ہو کہ میں خدا کا رسول ہوں۔ انھوں نے کہا ہم اس امر کا اعتراف کرتے ہیں کہ مسیلمہ خدا کا رسول ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں خدا اور اس کے رسول پر ایمان لایا اگر میں قاصدوں کو قتل کرنے والا ہوتا تو میں تم دونوں کو مار ڈالتا عبداللہ ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ اس وقت سے یہ طریقہ رائج ہو گیا کہ قاصد کو قتل نہ کیا جائے (احمد)

بَابُ قِسْمَةِ الْغَنَائِمِ وَالْغُلُوْلِ فِيْهَا!

مالِ غنیمت کی تقسیم اور اس میں خیانت کرنے کا بیان

فصل اوّل

غنیمت کا مال مسلمانوں کے لئے حلال کیا گیا

۳۸۰۷/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمْ تَحِلَّ الْغَنَائِمُ لِاَحَدٍ مِّنْ قَبْلِنَا ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ رَاٰى ضَعْفَنَا وَعَجْزَنَا فَطَيَّبَهَا لَنَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہم سے پہلے غنیمت کا مال کسی کو حلال نہ تھا۔ خداوند تعالیٰ نے جب ہم کو کمزور و نحیف دیکھا تو اس کو ہمارے لئے حلال کر دیا۔ (بخاری و مسلم)

مقتول سے چھینا ہوا مال قاتل کا ہے

۳۸۰۸/۲ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حُنَيْنٍ فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ فَرَاَيْتُ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ عَلَا رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَضَرَبْتُهٗ

حضرت ابوقتادہؓ کہتے ہیں کہ حنین کے سال (فتح مکہ کے بعد) ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ کرنے چلے جب ہم کافروں سے معرکہ آرا ہوئے تو مسلمانوں کو شکست کی سی صورت نظر آئی۔ میں نے دیکھا کہ ایک کافر ایک مسلمان پر قابو پا گیا ہے میں نے پیچھے سے کافر پر تلوار ماری

مِنْ وَّرَائِهٖ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهٖ بِالسَّيْفِ فَقَطَعْتُ الدِّرْعَ وَاَقْبَلَ عَلَيَّ فَضَمَّنِيْ ضَمَّةً وَّجَدْتُ مِنْهَا رِيْحَ الْمَوْتِ ثُمَّ اَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَاَرْسَلَنِيْ فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقُلْتُ مَا بَالُ النَّاسِ فَقَالَ اَمْرُ اللّٰهِ ثُمَّ رَجَعُوْا وَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا لَهٗ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ فَلَهٗ سَلَبُهٗ فَقُلْتُ مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ ثُمَّ جَلَسْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ فَقُلْتُ مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ ثُمَّ جَلَسْتُ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ فَقُمْتُ فَقَالَ مَا لَكَ يَا اَبَا قَتَادَةَ فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ رَجُلٌ صَدَقَ وَسَلَبُهٗ عِنْدِيْ فَاَرْضِهٖ مِنِّيْ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ لَا هَا اللّٰهِ اِذًا لَّا يَعْمِدُ اِلٰى اَسَدٍ مِّنْ اُسْدِ اللّٰهِ يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَيُعْطِيْكَ سَلَبَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ فَاَعْطِهٖ فَاَعْطَانِيْهِ فَاتَّبَعْتُ بِهٖ مَخْرَفًا فِيْ بَنِيْ سَلِمَةَ فَاِنَّهٗ لَاَوَّلُ مَالٍ تَاَثَّلْتُهٗ فِي الْاِسْلَامِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جو اس کی گردن کی رگ پر پڑی اور اس کی زرہ کو کاٹ ڈالا وہ مجھ پر جھپٹ پڑا اور پکڑ کر اس زور سے دبایا کہ موت کا مزہ آگیا پھر موت نے اس کو پکڑ لیا اور اس نے مجھ کو چھوڑ دیا۔ پھر میری ملاقات عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے کہا لوگوں کا کیا حال ہے (کہ دشمن کے سامنے سے بھاگ رہے ہیں) انھوں نے کہا خدا کا یہی حکم ہے اس کے بعد مسلمان (شکست کھا کر) واپس چلے آئے اور ایک موقع پر بیٹھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کسی کافر کو قتل کیا ہو اور اس پر گواہ رکھتا ہو اس کے سامان کا وہی مالک ہے۔ میں نے اپنے دل میں کہا میری گواہی کون دیگا (کہ میں نے اس مشرک کو قتل کیا ہے) پس میں خاموش بیٹھا رہا۔ رسول اللہ نے پھر انھیں الفاظ کا اعادہ کیا۔ میں نے پھر اپنے دل میں کہا میری گواہی کون دے گا۔ میں پھر خاموش بیٹھ گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر (تیسری مرتبہ) ان الفاظ کا اعادہ فرمایا۔ میں فوراً کھڑا ہو گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے پوچھا ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کیا ہے؟ میں نے واقعہ عرض کیا ایک شخص نے میرے بیان کی تصدیق کی اور کہا کہ اس مشرک کا سامان میرے پاس ہے، اور پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس نے عرض کیا کہ آپ اس معاملہ میں ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کو راضی کر دیجئے (یعنی اس مشرک کے اسباب کے بدلے مجھ سے کچھ اور دلوا دیجئے یا اسباب پر دونوں کے درمیان مصالحت کرا دیجئے) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا نہیں یوں نہیں۔ خدا کی قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی خدا کے اس شیر (ابو قتادہ) کی طرف اس معاملہ میں (اس کی مرضی کے خلاف) کوئی ارادہ نہ کریں ابو قتادہ خدا خدا کے شیروں میں سے ایک شیر ہے اور خدا اور رسول خدا کی خوشی حاصل کرنے کے لئے لڑتا ہے ایسی حالت میں کیوں کر ممکن ہے کہ اس کا سامان تجھ کو دیدیا جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بات سنکر) فرمایا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سچ کہا تو اس مشرک کا سامان ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کو دیدے اس شخص نے اس کافر کا سامان مجھ کو دیدیا جس سے میں نے ایک باغ خریدا جو قبیلہ بنی سلمہ میں واقع ہے اور یہ پہلا مال تھا جس کو میں نے اسلام لانے کے بعد جمع کیا تھا (بخاری و مسلم)

مال غنیمت کی تقسیم

۳۸۰۹/۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْهَمَ لِلرَّجُلِ وَلِفَرَسِهٖ ثَلٰثَةَ اَسْهُمٍ سَهْمًا لَّهٗ وَسَهْمَيْنِ لِفَرَسِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مال غنیمت میں سے) ایک شخص اور اس کے گھوڑے کے لئے تین حصے مقرر فرمائے یعنی ایک حصہ آدمی کا اور دو حصے اس کے گھوڑے کے۔ (بخاری و مسلم)

مال غنیمت میں غلام اور عورتوں کا حصہ مقرر نہیں

۳۸۱۰/۴ وَعَنْ يَّزِيْدَ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ الْحَرُوْرِيُّ اِلٰى اِبْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهٗ عَنِ الْعَبْدِ وَالْمَرْاَةِ يَحْضُرَانِ الْمَغْنَمَ هَلْ يُقْسَمُ لَهُمَا فَقَالَ لِيَزِيْدَ اُكْتُبْ اِلَيْهِ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهُمَا

حضرت یزید بن ہرمز رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نجدہ حروری نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کو خط لکھ کر دریافت کیا کہ غلام اور لونڈی کو بھی مال غنیمت میں سے کچھ دیا جائے (جب وہ جہاد میں شریک ہوں) یا نہیں؟ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے یزید سے کہا کہ اس کے جواب میں یہ لکھ بھیجو کہ غلام اور لونڈی کا مال غنیمت میں کوئی

سَهْمٌ اِلَّا اَنْ يُحْذَيَا وَفِيْ رِوَايَةٍ كَتَبَ اِلَيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ اِنَّكَ كَتَبْتَ تَسْأَلُنِيْ هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُوْ بِالنِّسَاءِ وَهَلْ كَانَ يَضْرِبُ لَهُنَّ بِسَهْمٍ فَقَدْ كَانَ يَغْزُوْ بِهِنَّ يُدَاوِيْنَ الْمَرْضٰى وَيُحْذَيْنَ مِنَ الْغَنِيْمَةِ وَاَمَّا السَّهْمُ فَلَمْ يُضْرَبْ لَهُنَّ بِسَهْمٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حصہ مقرر نہیں ہے ان کو کچھ دے دیا جائے اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ابن عباس رضؓ نے جواب میں یہ لکھا کہ تم مجھ کو لکھ کر دریافت کرتے ہو کہ کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جہاد میں شرکت کے لئے عورتوں کو لے جایا کرتے تھے اور کیا (مالِ غنیمت میں) ان کا کوئی حصہ مقرر تھا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم البتہ عورتوں کو جہاد میں لے جایا کرتے تھے وہ مریضوں کی تیمارداری کرتی تھیں اور ان کو مالِ غنیمت میں سے کچھ دیا جایا کرتا تھا لیکن آپ نے ان کا کوئی حصہ مقرر نہیں کیا تھا۔ (مسلم)

مخصوص طور پر بعض مجاہدین کو اُن کے حصہ سے زائد دیا جا سکتا ہے

۳۸۱۱/۵ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِظَهْرِهٖ مَعَ رَبَاحٍ غُلَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مَعَهٗ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا اِذَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْفَزَارِيُّ قَدْ اَغَارَ عَلٰى ظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُمْتُ عَلٰى اَكَمَةٍ فَاسْتَقْبَلْتُ الْمَدِيْنَةَ فَنَادَيْتُ ثَلٰثًا يَا صَبَاحَاهُ ثُمَّ خَرَجْتُ فِيْ اٰثَارِ الْقَوْمِ اَرْمِيْهِمْ بِالنَّبْلِ وَاَرْتَجِزُ اَقُوْلُ اَنَا ابْنُ الْاَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ۔ فَمَا زِلْتُ اَرْمِيْهِمْ وَاَعْقِرُ بِهِمْ حَتّٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ بَعِيْرٍ مِّنْ ظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا خَلَّفْتُهٗ وَرَاءَ ظَهْرِيْ ثُمَّ اتَّبَعْتُهُمْ اَرْمِيْهِمْ حَتّٰى اَلْقَوْا اَكْثَرَ مِنْ ثَلٰثِيْنَ بُرْدَةً وَثَلٰثِيْنَ رُمْحًا يَسْتَخِفُّوْنَ وَلَا يَطْرَحُوْنَ شَيْئًا اِلَّا جَعَلْتُ عَلَيْهِ اٰرَامًا مِنَ الْحِجَارَةِ يَعْرِفُهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهٗ حَتّٰى رَاَيْتُ فَوَارِسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَحِقَ اَبُوْ قَتَادَةَ فَارِسُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَقَتَلَهٗ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ فُرْسَانِنَا الْيَوْمَ اَبُوْ قَتَادَةَ وَخَيْرُ رَجَّالَتِنَا سَلَمَةُ قَالَ ثُمَّ اَعْطَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَيْنِ سَهْمَ الْفَارِسِ وَسَهْمَ الرَّاجِلِ فَجَمَعَهُمَا لِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ اَرْدَفَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سلمہ بن اکوع رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنے غلام رباح کے ساتھ اپنی سواری کے اونٹ بھیجے۔ میں بھی رباح کے ساتھ تھا۔ جب صبح ہوئی تو عبدالرحمٰن فزاری نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں کو لوٹ لیا میں ایک ٹیلہ پر چڑھ گیا اور مدینہ کی طرف منہ کر کے میں نے تین بار بلند آواز میں یہ الفاظ کہے۔ خبردار ہو، دشمن نے لوٹ لیا اس کے بعد میں عبدالرحمٰن اور اس کے ساتھیوں کے پیچھے روانہ ہوا اور تیر پھینکنے اور رجزیہ الفاظ کہنے شروع کئے۔ میں کہتا تھا میں اکوع کا بیٹا ہوں اور آج کا دن بُرے آدمیوں یعنی کافروں کی ہلاکت کا دن ہے میں برابر تیر مارتا اور دشمن کی جو سواریاں ملتی جاتیں ان کی کونچیں کاٹتا جا رہا تھا یہاں تک کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اونٹ ملنا شروع ہوئے۔ جو اونٹ راستے میں ملتا میں اس کو وہیں چھوڑ دیتا اور آگے بڑھتا۔ غرض ایک ایک کر کے حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے سارے اونٹ میں نے اپنے پیچھے چھوڑ دیے پھر دشمنوں نے چادریں اور نیزے ڈالنا چاہے، تاکہ وہ ہلکے ہو جائیں اور آسانی سے بھاگ سکیں یہاں تک کہ انھوں نے تیس چادریں اور تیس نیزے پھینک دیئے میں ان چادروں اور نیزوں پر نشان کے پتھر رکھتا جاتا تھا تاکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ رضؓ تشریف لائیں تو شناخت کر لیں مختصر یہ میں نے ان کا پیچھا دور تک کیا حتیٰ کہ میری نظر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑی اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس واقعہ کے متعلق فرمایا آج کے دن ہمارے سواروں کا بہترین سوار ابوقتادہ ہے اور پیدلوں میں بہترین پیدل سلمہ بن اکوع ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ اس کے بعد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو (سلمہ کو) دو حصہ مرحمت فرمائے یعنی ایک حصہ سوار کا اور ایک پیدل کا اور دونوں حصے میرے لئے جمع کئے پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو اپنی اونٹنی پر اپنے پیچھے بٹھا لیا جس کا نام "عضباء" تھا۔ اور پھر مدینہ کی طرف روانہ ہوئے۔

وَرَاءَهُ عَلَى الْعَضْبَاءِ رَاجِعِيْنَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

(مسلم)

۳۸۱۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنَفِّلُ بَعْضَ مَنْ يَبْعَثُ مِنَ السَّرَايَا لِاَنْفُسِهِمْ خَاصَّةً سِوٰى قِسْمَةِ عَامَّةِ الْجَيْشِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعض لوگوں کو جن کو لشکروں میں بھیجا کرتے تھے خاص طور پر، عام حصہ سے کچھ زیادہ دے دیا کرتے تھے۔ (بخاری و مسلم)

۳۸۱۳ وَعَنْهُ قَالَ نَفَّلَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْلًا سِوٰى نَصِيْبِنَا مِنَ الْخُمُسِ فَاَصَابَنِيْ شَادِفٌ الْمُسِنُّ الْكَبِيْرُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے اس حصّہ کے علاوہ جو خمس میں سے ہم کو ملا تھا کچھ زیادہ مرحمت فرمایا اور مجھ کو ایک بوڑھی اونٹنی ملی۔ (بخاری و مسلم)

مسلمانوں کے ان جانوروں اور غلاموں کا حکم جو خود دشمنوں کے ہاتھ لگ جائیں اور پھر مال غنیمت میں واپس آئیں

۳۸۱۴ وَعَنْهُ قَالَ ذَهَبَتْ فَرَسٌ لَهٗ فَاَخَذَهَا الْعَدُوُّ فَظَهَرَ عَلَيْهِمُ الْمُسْلِمُوْنَ فَرُدَّ عَلَيْهِ فِيْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَبَقَ عَبْدٌ لَهٗ فَلَحِقَ بِالرُّوْمِ فَظَهَرَ عَلَيْهِمُ الْمُسْلِمُوْنَ فَرَدَّ عَلَيْهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ ان کا گھوڑا بھاگ گیا اور دشمنوں نے اس کو پکڑ لیا جب کافروں پر مسلمانوں نے غلبہ حاصل کیا تو وہ گھوڑا (مال غنیمت میں حاصل کر لیا گیا) ابن عمر رضؓ کو دیدیا گیا اور یہ واقعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کا ہے۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ابن عمر رضؓ کا غلام بھاگ گیا اور روم چلا گیا پھر مسلمانوں نے رومیوں پر فتح حاصل کی خالد بن ولید رضؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اس غلام کو ابن عمر رضؓ کو واپس دیدے۔ (بخاری)

خیبر کے مال خمس سے بنو عبد شمس اور بنو نوفل کی محرومی

۳۸۱۵ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ مَشَيْتُ اَنَا وَعُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا اَعْطَيْتَ بَنِي الْمُطَّلِبِ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ وَتَرَكْتَنَا وَنَحْنُ بِمَنْزِلَةٍ وَّاحِدَةٍ مِّنْكَ فَقَالَ اِنَّمَا بَنُوْ هَاشِمٍ وَبَنُو الْمُطَّلِبِ شَيْءٌ وَّاحِدٌ قَالَ جُبَيْرٌ وَّلَمْ يَقْسِمِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَنِيْ عَبْدِ شَمْسٍ وَبَنِيْ نَوْفَلٍ شَيْئًا

حضرت جبیر بن مطعم رضؓ کہتے ہیں کہ میں اور عثمان بن عفان رضؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ آپ نے خیبر کے خمس میں سے بنی مطلب کو حصّہ دیا اور ہم کو نہیں دیا حالانکہ ہم اور وہ دونوں ایک مرتبہ کے ہیں (یعنی بنی مطلب اور بنو ہاشم دونوں ایک ہی ہیں) آپ نے فرمایا بے شک بنو مطلب اور بنو ہاشم ایک ہیں۔ جبیر رضؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو عبد الشمس اور بنو نوفل کو تقسیم میں سے کچھ نہیں دیا۔ (بخاری)

مال فئی کا حکم

۳۸۱۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا قَرْيَةٍ اَتَيْتُمُوْهَا وَاَقَمْتُمْ فِيْهَا فَسَهْمُكُمْ فِيْهَا وَاَيُّمَا قَرْيَةٍ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ خُمُسَهَا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ ثُمَّ هِيَ لَكُمْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس آبادی میں تم جاؤ اور وہاں قیام کرو (اور وہاں کے لوگ صلح کے بعد اس آبادی کو خالی کر دیں) تو جو کچھ اس کے اندر ہو وہ تمہارا حصّہ ہے اور جس آبادی نے خدا اور رسول کی نافرمانی کی (اور تم نے لڑ کر اس پر قبضہ کیا) تو اس کے مال میں سے پانچواں حصّہ خدا اور رسول کے لئے ہے پھر جو باقی

مال غنیمت میں خیانت کرنے والے کے بارے میں وعید

۳۸۱۷ وَعَنْ خَوْلَةَ الْاَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ

حضرت خولہ انصاریہ رضؓ کہتی ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ رِجَالًا یَتَخَوَّضُوْنَ فِیْ مَالِ اللّٰہِ بِغَیْرِ حَقٍّ فَلَھُمُ النَّارُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

کو یہ فرماتے سُنا ہے بعض لوگ خدا کے مال میں ناحق تصرف کرتے ہیں قیامت کے دن ان کے لئے دوزخ کی آگ ہے۔ (بخاری)

۳۸۱۸/۱۲ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَامَ فِیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ فَذَکَرَ الْغُلُوْلَ فَعَظَّمَہٗ وَعَظَّمَ اَمْرَہٗ ثُمَّ قَالَ لَا اُلْفِیَنَّ اَحَدَکُمْ یَجِیْءُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَلٰی رَقَبَتِہٖ بَعِیْرٌ لَّہٗ رُغَاءٌ یَقُوْلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِکُ لَکَ شَیْئًا قَدْ اَبْلَغْتُکَ لَا اُلْفِیَنَّ اَحَدَکُمْ یَجِیْءُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَلٰی رَقَبَتِہٖ فَرَسٌ لَّہٗ حَمْحَمَۃٌ فَیَقُوْلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِکُ لَکَ شَیْئًا قَدْ اَبْلَغْتُکَ لَا اُلْفِیَنَّ اَحَدَکُمْ یَجِیْءُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَلٰی رَقَبَتِہٖ شَاۃٌ لَّھَا ثُغَاءٌ یَقُوْلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِکُ لَکَ شَیْئًا قَدْ اَبْلَغْتُکَ لَا اُلْفِیَنَّ اَحَدَکُمْ یَجِیْءُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَلٰی رَقَبَتِہٖ نَفْسٌ لَّھَا صِیَاحٌ فَیَقُوْلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِکُ لَکَ شَیْئًا قَدْ اَبْلَغْتُکَ لَا اُلْفِیَنَّ اَحَدَکُمْ یَجِیْءُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَلٰی رَقَبَتِہٖ رِقَاعٌ تَخْفِقُ فَیَقُوْلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِکُ لَکَ شَیْئًا قَدْ اَبْلَغْتُکَ لَا اُلْفِیَنَّ اَحَدَکُمْ یَجِیْءُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَلٰی رَقَبَتِہٖ صَامِتٌ فَیَقُوْلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِکُ لَکَ شَیْئًا قَدْ اَبْلَغْتُکَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَھٰذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ وَھُوَ اَتَمُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم لوگوں کے سامنے خطبہ دیا اور مالِ غنیمت میں خیانت کا ذکر کیا آپ نے اس کو سخت گناہ بتایا اور پھر فرمایا میں تم میں سے کسی کو قیامت کے دن اس حال میں نہ دیکھوں کہ اس کی گردن پر اونٹ ہو اور وہ بلبلاتا ہو (یعنی جو شخص مثلاً اونٹ کو غنیمت کے مال میں سے خیانت کر کے لیگا تو قیامت کے دن اونٹ اس کی گردن پر سوار ہوگا) اور وہ پھر مجھ سے یہ کہے کہ اے خدا کے رسول میری فریاد رسی کیجئے اور میں اس کے جواب میں یہ کہہ دوں کہ میں تیرے لئے کچھ نہیں کر سکتا میرا جو کچھ فرض تھا میں دنیا میں تم تک پہنچا چکا اور میں تم میں سے کسی کو قیامت کے دن اس حال میں نہ پاؤں کہ اس کی گردن پر گھوڑا ہنہناتا ہو اور وہ کہے کہ یا رسول اللہ صلعم میری فریاد رسی کیجئے (یعنی میری سفارش فرمایئے) اور میں یہ کہوں کہ میں تیرے لئے کچھ نہیں کر سکتا۔ میں نے تجھ کو شریعت کے احکام پہنچا دیئے اور میں تم میں سے کسی کو قیامت کے دن اس حال میں نہ پاؤں کہ اس کی گردن پر بکری ہو اور ممیاتی ہو (یعنی چلاتی ہو) اور وہ کہے کہ یا رسول اللہ صلعم میری مدد فرمایئے اور میں یہ کہوں کہ تیرے لئے اب میں کچھ نہیں کر سکتا میں اپنا پیام تجھ تک پہنچا چکا اور میں تم میں سے کسی کو قیامت کے دن اس حال میں نہ پاؤں کہ اس کی گردن پر آدمی (غلام یا لونڈی) ہو اور وہ چلاتا ہو اور کہے کہ یا رسول اللہ صلعم مجھ کو اس سے بچایئے اور میری فریاد کو پہنچیئے اور میں یہ کہوں کہ تیرے لئے میں کچھ نہیں کر سکتا میں نے تجھ تک شریعت کے احکام پہنچا دیئے اور میں کسی کو قیامت کے دن اس حال میں نہ پاؤں کہ اس کی گردن پر کپڑے ہوں اور حرکت کرتے ہوں اور وہ مجھ سے کہے یا رسول اللہ صلعم میری سفارش کر دیجئے اور میں یہ کہوں کہ میں تیرے لئے کچھ نہیں کر سکتا میں نے شریعت تجھ تک پہنچا دی۔ اور میں تم میں سے کسی کو قیامت کے دن اس حال میں نہ پاؤں کہ اس کی گردن پر سونا چاندی ہو اور وہ کہے کہ یا رسول اللہ صلعم میری مدد فرمایئے اور میں یہ کہوں کہ تیرے لئے میں کچھ نہیں کر سکتا۔ میں شریعت کے احکام تجھ تک پہنچا چکا۔ (بخاری و مسلم)

جس مال سے مسلمانوں کے حقوق متعلق ہوں اس میں ناحق تصرف کرنیوالوں کے بارے میں وعید

۳۸۱۹/۱۳ وَعَنْہُ قَالَ اَھْدٰی رَجُلٌ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ غُلَامًا یُقَالُ لَہٗ مِدْعَمٌ فَبَیْنَمَا مِدْعَمٌ یَحُطُّ رَحْلًا لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے ایک غلام جس کا نام مِدْعَم تھا رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہدیہ کے طور پر پیش کیا یہ غلام رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کجاوہ کو (ایک روز)

وَسَلَّمَ اِذْ اَصَابَهٗ سَهْمٌ عَائِرٌ فَقَتَلَهٗ فَقَالَ النَّاسُ هَنِيْئًا لَهُ الْجَنَّةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلَّا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنَّ الشَّمْلَةَ الَّتِيْ اَخَذَهَا يَوْمَ خَيْبَرَ مِنَ الْمَغَانِمِ لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ لَتَشْتَعِلُ عَلَيْهِ نَارًا فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ النَّاسُ جَاءَ رَجُلٌ بِشِرَاكٍ اَوْ شِرَاكَيْنِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ شِرَاكٌ مِنَ النَّارِ اَوْ شِرَاكَانِ مِنَ النَّارِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُتار رہا تھا کہ اس کو ایک تیر آکر لگا جس کے پھینکنے والے کا پتہ نہ تھا اور مدعم مر گیا لوگوں نے کہا مدعم کو جنت مبارک ہو۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے وہ چادر جس کو مدعم نے خیبر کے دن مالِ غنیمت کی تقسیم سے پہلے لے لیا تھا آگ کے شعلے بن کر مدعم پر بھڑک رہی ہے لوگوں نے آپ کے ان الفاظ کو سنا (تو اس وعید سے ڈر گئے) چنانچہ فوراً ایک شخص ایک دو تسمے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا (جس کو معمولی سی چیز سمجھ کر) اس نے مالِ غنیمت میں سے لے لیا تھا۔ آپ نے فرمایا یہ تسمہ یا تسمے آگ کے ہیں۔ (بخاری و مسلم)

۳۸۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَقَالَ كَانَ عَلٰى ثَقَلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهٗ كِرْكِرَةُ فَمَاتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ فِي النَّارِ فَذَهَبُوْا يَنْظُرُوْنَ فَوَجَدُوْا عَبَاءَةً قَدْ غَلَّهَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں کہ کسی غزوہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اسباب کا ایک شخص محافظ یا داروغہ تھا جس کا نام کرکرہ تھا۔ وہ مر گیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوزخ کے اندر ہے لوگوں نے اس کا سامان دیکھا تو اس میں ایک کملی پائی جس کو اس نے مالِ غنیمت میں سے خیانت کرکے لیا تھا۔ (بخاری)

مجاہدین کے مال غنیمت میں سے خورد و نوش کی چیزوں کو تقسیم سے پہلے استعمال کرنے کی اجازت

۳۸۲۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا نُصِيْبُ فِيْ مَغَازِيْنَا الْعَسَلَ وَالْعِنَبَ فَنَاْكُلُهٗ وَلَا نَرْفَعُهٗ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ ہم غزوات میں شہد اور انگور کو پاتے تو ان کو کھا لیتے تھے لیکن اپنے ساتھ نہ لے جاتے تھے کھانے کی چیزوں میں سے بقدرِ ضرورت دار الحرب میں کھا لینا جائز ہے۔ (بخاری)

۳۸۲۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ اَصَبْتُ جِرَابًا مِنْ شَحْمٍ يَوْمَ خَيْبَرَ فَالْتَزَمْتُهٗ فَقُلْتُ لَا اُعْطِيْ الْيَوْمَ اَحَدًا مِّنْ هٰذَا شَيْئًا فَالْتَفَتُّ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَبَسَّمُ اِلَيَّ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مغفل رضؓ کہتے ہیں کہ خیبر کے دن مجھ کو چربی سے بھری ہوئی ایک تھیلی ملی۔ میں نے اس کو اٹھا لیا اور اپنے دل میں کہا یا زبان سے کہ آج میں اس چربی میں سے کسی کو کچھ نہ دوں گا میں نے مڑ کر دیکھا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کھڑے مسکرا رہے تھے یعنی میرے اس فعل پر تبسم فرما رہے تھے (بخاری و مسلم)

وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مَا اُعْطِيْكُمْ فِيْ بَابِ رِزْقِ الْوُلَاةِ۔

اور ابوہریرہؓ کی حدیث "مَا اُعْطِيْكُمْ الخ" رِزْقُ الْوُلَاةِ کے باب میں بیان کی جا چکی ہے۔

فصل دوم

مال غنیمت کے جواز کے ذریعہ امت محمدی کو دوسری امتوں پر فضیلت

۳۸۲۳ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ فَضَّلَنِيْ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ اَوْ قَالَ فَضَّلَ اُمَّتِيْ عَلَى الْاُمَمِ وَاَحَلَّ لَنَا الْغَنَائِمَ (تِرْمِذِيُّ)

حضرت ابی امامہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ خداوند تعالیٰ نے مجھ کو انبیاءؑ پر فضیلت بخشی ہے یا آپ نے یہ فرمایا کہ خدا نے میری امت کو دوسری امتوں پر فضیلت بخشی ہے اور مالِ غنیمت کو ہمارے لئے حلال قرار دیا ہے۔ (ترمذی)

مقتول کا مال قاتل کو ملے گا

۳۸۲۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ يَعْنِيْ يَوْمَ حُنَيْنٍ مَنْ قَتَلَ كَافِرًا فَلَهٗ سَلَبُهٗ فَقَتَلَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَوْمَئِذٍ عِشْرِيْنَ رَجُلًا وَّ اَخَذَ اَسْلَابَهُمْ ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حنین کے دن فرمایا جو شخص کسی کافر کو قتل کرے اس کا اسباب اسی کے لئے ہے ابوطلحہ رضؓ نے اسی روز بیس آدمیوں کو مارا اور ان کے سامان کو لے لیا۔ (دارمی)

۳۸۲۵ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكِ اِلْاَشْجَعِيِّ وَخَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِي السَّلَبِ لِلْقَاتِلِ وَلَمْ يُخَمِّسِ السَّلَبَ ۔

حضرت عوف رضؓ بن مالک اشجعی اور خالد بن ولید رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتول کے سامان کے متعلق یہ حکم دیا کہ وہ قاتل کے لئے ہے اور اس مال میں سے خمس نہیں نکالا۔ (ابوداؤد)

۳۸۲۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ نَفَّلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ سَيْفَ اَبِيْ جَهْلٍ وَّكَانَ قَتَلَهٗ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ کہتے ہیں کہ بدر کے دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے (میرے حصے سے زیادہ) مجھ کو ابوجہل کی تلوار دی اور ابوجہل کو حضرت ابن مسعود رضؓ نے قتل کیا تھا۔ (ابوداؤد)

غلام کو مال غنیمت میں سے تھوڑا بہت دیا جا سکتا ہے

۳۸۲۷ وَعَنْ عُمَيْرٍ مَوْلٰى اَبِي اللَّحْمِ قَالَ شَهِدْتُّ خَيْبَرَ مَعَ سَادَتِيْ فَكَلَّمُوْا فِيَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَلَّمُوْهُ اَنِّيْ مَمْلُوْكٌ ۔ فَاَمَرَنِيْ فَقَلَّدْتُ سَيْفًا فَاِذَا اَنَا اَجُرُّهٗ فَاَمَرَ لِيْ بِشَيْءٍ مِّنْ خُرْثِيِّ الْمَتَاعِ وَعَرَضْتُ عَلَيْهِ رُقْيَةً كُنْتُ اَرْقِيْ بِهَا الْمَجَانِيْنَ فَاَمَرَنِيْ بِطَرْحِ بَعْضِهَا وَحَبْسِ بَعْضِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ) اِلَّا اَنَّ رِوَايَتَهٗ اِنْتَهَتْ عِنْدَ قَوْلِهِ الْمَتَاعِ۔

حضرت ابی للحم رضؓ کے آزاد کردہ غلام عمیر رضؓ کہتے ہیں کہ میں اپنے مالکوں کے ساتھ خیبر کی لڑائی میں شریک ہوا میرے مالکوں نے میرے متعلق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کی اور بتایا کہ میں ان کا غلام ہوں پس آپ نے مجھ کو حکم دیا کہ میں ہتھیار باندھوں اور مجاہدوں کے ساتھ رہوں۔ چنانچہ میرے جسم پر تلوار باندھی گئی (میرا قد چونکہ چھوٹا تھا) اس لئے میں تلوار کو گھسیٹتا ہوا چلتا تھا اور مال غنیمت کی تقسیم کے وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ تھوڑا مال اس کو بھی دو اور میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک منتر پیش کیا (یعنی پڑھ کر سنایا) جس کو میں مجنون و دیوانہ پر پڑھا کرتا تھا آپ نے مجھ کو حکم دیا کہ اس کا اتنا حصہ موقوف کر دو اور اتنا باقی رکھو (ترمذی)

خیبر کے مال غنیمت کی تقسیم

۳۸۲۸ وَعَنْ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ قَالَ قُسِمَتْ خَيْبَرُ عَلٰى اَهْلِ الْحُدَيْبِيَةِ فَقَسَمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ سَهْمًا وَّكَانَ الْجَيْشُ اَلْفًا وَّخَمْسَ مِائَةٍ فِيْهِمْ ثَلٰثُمِائَةِ فَارِسٍ فَاَعْطَى الْفَارِسَ سَهْمَيْنِ وَالرَّاجِلَ سَهْمًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) وَقَالَ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ اَصَحُّ وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ وَاَتَى الْوَهْمُ فِيْ حَدِيْثِ مُجَمِّعٍ اَنَّهٗ قَالَ ثَلٰثُمِائَةِ فَارِسٍ وَاِنَّمَا كَانُوْا مِائَتَيْ فَارِسٍ۔

حضرت مجمع بن جاریہ رضؓ کہتے ہیں کہ خیبر کا مال غنیمت اور زمین ان لوگوں پر تقسیم کی گئی جو حدیبیہ کی صلح میں شریک تھے۔ چنانچہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کے اٹھارہ حصے کئے۔ لشکر کی تعداد پندرہ سو تھی جس میں تین سو سوار تھے۔ سواروں کو آپ نے دو حصے دیئے اور پیدل کو ایک حصہ۔ (ابوداؤد)

ابوداؤد نے کہا کہ حضرت ابن عمر رضؓ کی حدیث صحیح تر ہے اور اسی پر اکثر ائمہ کا عمل ہے اور حضرت مجمع ابن جاریہ رضؓ کی حدیث میں گمان ہے کہ تین سو سوار نہ تھے بلکہ دو سو سوار تھے۔

جہاد میں زیادہ سعی و محنت کرنے والوں کے لئے مال غنیمت میں سے خصوصی حصہ

۳۸۲۹ وَعَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ قَالَ شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَّلَ الرُّبُعَ فِي الْبَدَأَةِ وَالثُّلُثَ فِي الرَّجْعَةِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت حبیب بن مسلمہ فہری رضؓ کہتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا۔ آپ نے ان لوگوں کو جنھوں نے جنگ میں سب سے پہلے حصہ لیا تھا چوتھائی مالِ غنیمت دیا اور ان لوگوں کو جو لشکر کی واپسی پر دشمن کے مقابلے میں رہتے تھے تہائی مال دیا۔ (ابوداؤد)

۳۸۳۰ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنَفِّلُ الرُّبُعَ بَعْدَ الْخُمُسِ وَالثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ إِذَا قَفَلَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت حبیب بن مسلمہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خمس نکالنے کے بعد سب سے پہلے لڑنے والوں کو چوتھائی حصہ زیادہ دیتے تھے اور واپسی کے بعد لڑنے والوں کو تہائی زیادہ دیتے تھے۔ (ابوداؤد)

مال فئی میں کوئی خصوصی حصہ نہیں

۳۸۳۱ وَعَنْ أَبِي الْجُوَيْرِيَةِ الْجَرْمِيِّ قَالَ أَصَبْتُ بِأَرْضِ الرُّوْمِ جَرَّةً حَمْرَاءَ فِيْهَا دَنَانِيْرُ فِيْ إِمْرَةِ مُعَاوِيَةَ وَعَلَيْنَا رَجُلٌ مِّنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ يُقَالُ لَهُ مَعْنُ ابْنُ يَزِيْدَ فَأَتَيْتُهُ بِهَا فَقَسَمَهَا بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَأَعْطَانِيْ مِنْهَا مِثْلَ مَا أَعْطَى رَجُلًا مِّنْهُمْ ثُمَّ قَالَ لَوْلَا إِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا نَفْلَ إِلَّا بَعْدَ الْخُمُسِ لَأَعْطَيْتُكَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابی الجویریہ جرمی رضؓ کہتے ہیں کہ امیر معاویہ رضؓ کی خلافت کے ایام میں میں نے روم کی زمین میں ایک سرخ رنگ کی ٹھلیا پائی جس میں دینار بھرے ہوئے تھے اور ہمارا سردار رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابیوں میں سے ایک شخص تھا جو قبیلۂ بنی سلیم میں سے تھا اور جس کا نام معن بن یزید تھا۔ میں اس ٹھلیا کو اپنے سردار کے پاس لے آیا سردار نے ان دیناروں کو مسلمانوں میں تقسیم کر دیا اور مجھ کو بھی اتنا ہی دیا جتنا اور کسی شخص کو دیا تھا اور پھر کہا اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ نہ سنا ہوتا کہ زیادہ دینا خمس کے بعد ہوتا ہے (یعنی اس مال میں سے کسی کو زیادہ دیا جا سکتا ہے جس میں سے خمس نکالا جائے اور یہ مال چونکہ قہر و غلبہ سے حاصل نہیں کیا گیا ہے اس لئے اس میں سے خمس نہیں نکالا جا سکتا) تو میں ضرور تجھ کو اس مال میں سے کچھ زیادہ دیتا۔ (ابوداؤد)

شریک معرکہ نہ ہونے والوں کو مال غنیمت میں سے خصوصی عطیہ

۳۸۳۲ وَعَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ قَدِمْنَا فَوَافَقْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ افْتَتَحَ خَيْبَرَ فَأَسْهَمَ لَنَا أَوْ قَالَ فَأَعْطَانَا مِنْهُمْ وَمَا قَسَمَ لِأَحَدٍ غَابَ عَنْ فَتْحِ خَيْبَرَ مِنْهَا شَيْئًا إِلَّا لِمَنْ شَهِدَ مَعَهُ إِلَّا أَصْحَابَ سَفِيْنَتِنَا جَعْفَرًا وَّأَصْحَابَهُ أَسْهَمَ لَهُمْ مَعَهُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضؓ کہتے ہیں کہ ہم حبشہ سے واپس آئے تو ہم نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خیبر کو فتح کر چکے تھے آپ نے مالِ غنیمت میں سے ہم کو بھی حصہ دیا۔ یا ابوموسیٰ نے یہ کہا کہ خیبر کے مالِ غنیمت میں سے ہم کو بھی دیا اور کسی ایسے شخص کو جو خیبر کی فتح کے وقت غائب تھا حصہ نہیں دیا مگر اس شخص کو جو آپ کے ساتھ حاضر تھا البتہ ہماری کشتی والوں کو یعنی جعفر اور ان کے ساتھیوں کو ان کے حصے دیئے۔ (ابوداؤد)

مال غنیمت میں خیانت کرنے والوں کی نماز جنازہ پڑھنے سے آنحضرت کا انکار

۳۸۳۳ وَعَنْ يَزِيْدَ بْنِ خَالِدٍ أَنَّ رَجُلًا مِّنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُوُفِّيَ يَوْمَ خَيْبَرَ فَذَكَرُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت یزید بن خالد رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضؓ میں سے خیبر کے دن ایک شخص مر گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا تم لوگ اپنے ساتھی کے جنازے پر نماز

وَسَلَّمَ فَقَالَ صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ فَتَغَيَّرَتْ وُجُوْهُ النَّاسِ لِذٰلِكَ فَقَالَ اِنَّ صَاحِبَكُمْ غَلَّ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَفَتَّشْنَا مَتَاعَهٗ فَوَجَدْنَا خَرَزًا مِنْ خَرَزِ يَهُوْدَ لَا يُسَاوِيْ دِرْهَمَيْنِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّ اَبُوْدَاوٗدَ وَ النَّسَائِيُّ)

پڑھو۔ یہ سُنکر خوف سے لوگوں کے چہروں کا رنگ بدل گیا آپ نے اس تغیر کو ملاحظہ کرکے فرمایا تمہارے ساتھی نے خدا کی راہ میں (یعنی مالِ غنیمت میں) خیانت کی ہے ہم نے اس کے اسباب کی تلاشی لی تو اس میں یہودی عورتوں کے پہننے کی پوتھوں کو پایا جن کی قیمت دو درہم سے زیادہ نہ تھی۔ (مالک۔ ابوداؤد۔ نسائی)

مال غنیمت جمع کرانے میں تاخیر کرنے والے کے بارے میں وعید

۳۸۳۴/۲۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَصَابَ غَنِيْمَةً اَمَرَ بِلَالًا فَنَادٰى فِي النَّاسِ فَيَجِيْئُوْنَ بِغَنَائِمِهِمْ فَيُخَمِّسُهٗ وَ يَقْسِمُهٗ فَجَاءَ رَجُلٌ يَوْمًا بَعْدَ ذٰلِكَ بِزِمَامٍ مِنْ شَعْرٍ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا فِيْمَا كُنَّا اَصَبْنَاهُ مِنَ الْغَنِيْمَةِ قَالَ اَسَمِعْتَ بِلَالًا نَادٰى ثَلَاثًا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا مَنَعَكَ اَنْ تَجِيْءَ بِهٖ فَاعْتَذَرَ قَالَ كُنْ اَنْتَ تَجِيْءُ بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَلَنْ اَقْبَلَهٗ عَنْكَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب مالِ غنیمت کی تقسیم کا ارادہ فرماتے تو بلال رضؓ کو حکم دیتے کہ وہ لوگوں میں اعلان کردیں۔ چنانچہ وہ مالِ غنیمت کی تقسیم کا اعلان کردیتے اور لوگ اپنی اپنی غنیمتیں لے آتے۔ آپ سارے مال میں سے پانچواں حصّہ نکال دیتے اور پھر تقسیم فرمادیتے۔ ایک دفعہ ایک شخص خمس نکالنے اور تقسیم کرنے کے بعد بالوں کی ایک رسّی لایا اور عرض کیا یا رسول اللہ یہ مالِ غنیمت کی چیز ہے جو ہم کو ملی تھی۔ آپ نے پوچھا کیا تو نے بلال رضؓ کے اعلان کو سُنا تھا جو اس نے تین بار کیا تھا اس نے کہا ہاں۔ فرمایا پھر تو اس کو اس وقت کیوں نہیں لایا؟" اس نے کچھ عذر کیا۔ آپ نے فرمایا تو اسی حالت پر قیامت کے دن اس کو لے کر آئے گا۔ میں ہرگز ہرگز تجھ سے اس رسّی کو نہ لوں گا۔ (ابوداؤد)

مال غنیمت میں خیانت کی سزا

۳۸۳۵/۲۹ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ حَرَّقُوْا مَتَاعَ الْغَالِّ وَضَرَبُوْهُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عمرو بن شعیب رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اور حضرت ابوبکر رضؓ نے اور حضرت عمر رضؓ نے خیانت کرنے والے کے مال کو جلادیا اور اس کو مارا۔ (ابوداؤد)

خائن کی اطلاع نہ دینے والا بھی خائن کے حکم میں ہے

۳۸۳۶/۳۰ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ يَكْتُمْ غَالًّا فَاِنَّهٗ مِثْلُهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت سمرہ بن جندب رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ خیانت کرنے والے کو جو چھپاتا ہے وہ اسی کی طرح ہے۔ (ابوداؤد)

غنیمت کا مال تقسیم ہونے سے پہلے اس کی خرید و فروخت کی ممانعت

۳۸۳۷/۳۱ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شِرَاءِ الْمَغَانِمِ حَتّٰى تُقْسَمَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوسعید رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مالِ غنیمت کی تقسیم سے پہلے اس کو خریدنے سے منع فرمایا ہے۔ (دارمی)

۳۸۳۸/۳۲ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابی امامہ رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مالِ غنیمت کے

وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰى اَنْ تُبَاعَ الْسِّهَامُ حَتّٰى تُقْسَمَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) تقسیم ہونے سے پہلے اس کے حصّوں کو بیچنے سے منع فرمایا ہے۔ (دارمی)

مال غنیمت میں ناحق تصرف کرنے والے دوزخ کی آگ کے سزاوار ہوں گے

۳۸۳۹/۳۳ وَعَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ اَصَابَهٗ بِحَقِّهٖ بُوْرِكَ لَهٗ فِيْهِ وَرُبَّ مُتَخَرِّضٍ فِيْمَا شَاءَتْ بِهٖ نَفْسُهٗ مِنْ مَّالِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لَيْسَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلَّا النَّارُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) حضرت خولہ بنت قیس رضؓ کہتی ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ یہ مال سبز ہے اور شیریں یعنی مالِ غنیمت پسندیدہ چیز ہے جس شخص کو یہ حق کے طور پر ملے اس کے لئے اس میں برکت دی جاتی ہے اور بہت سے لوگ ہیں کہ خدا اور اس کے رسول کے مال میں سے (یعنی مالِ غنیمت میں سے) جس چیز کو ان کا دل چاہتا ہے اپنے تصرّف میں لے آتے ہیں قیامت کے دن ایسے لوگوں کے لئے صرف دوزخ کی آگ ہے۔ (ترمذی)

ذوالفقار تلوار کا ذکر

۳۸۴۰/۳۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَّلَ سَيْفَهٗ ذَا الْفِقَارِ يَوْمَ بَدْرٍ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ) وَزَادَ التِّرْمِذِيُّ وَهُوَ الَّذِيْ رَاٰى فِيْهِ الرُّؤْيَا يَوْمَ اُحُدٍ۔ حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے دن اپنی تلوار جس کا نام ذوالفقار تھا اپنے حصے سے زیادہ لی۔ (ابن ماجہ) اور ترمذی نے لکھا ہے کہ یہ تلوار وہ تھی جس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُحد کے دن خواب میں دیکھا تھا۔

تقسیم سے پہلے مالِ غنیمت کی کسی چیز کو استعمال کرنے کی ممانعت

۳۸۴۱/۳۵ وَعَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَرْكَبْ دَابَّةً مِّنْ فَيْءِ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى اِذَا اَعْجَفَهَا رَدَّ فِيْهِ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَلْبَسْ ثَوْبًا مِّنْ فَيْءِ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى اِذَا اَخْلَقَهٗ رَدَّهٗ فِيْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ) حضرت رُوَیفع بن ثابت رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص خدا پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ مشترک مالِ غنیمت کی کسی سواری پر سوار نہ ہو اور جب وہ دُبلی ہو جائے تو اس کو مالِ غنیمت میں واپس کر دے اور جو شخص خدا اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ مشترک مالِ غنیمت کا کوئی کپڑا نہ پہنے اور جب وہ پُرانا ہو جائے تو اس کو واپس کر دے۔ (ابوداؤد)

مال غنیمت میں کھانے کی جو چیزیں ہاتھ میں آئیں ان کا حکم

۳۸۴۲/۳۶ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْمُجَالِدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ قُلْتُ هَلْ كُنْتُمْ تُخَمِّسُوْنَ الطَّعَامَ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَصَبْنَا طَعَامًا يَوْمَ خَيْبَرَ وَكَانَ الرَّجُلُ يَجِيْءُ فَيَاْخُذُ مِنْهُ مِقْدَارَ مَا يَكْفِيْهِ ثُمَّ يَنْصَرِفُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ) حضرت محمد بن ابی المجاہد رضؓ عبداللہ بن ابی اوفیؓ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے پوچھا کیا تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں کھانے کی چیزوں میں سے پانچواں حصّہ نکالا کرتے تھے۔ انھوں نے کہا ہم کو خیبر کے دن کھانے کی چیزیں ملیں۔ ہر ایک شخص آتا اور ان سے بقدرِ ضرورت لے جاتا تھا۔ (ابوداؤد)

۳۸۴۳/۳۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ جَيْشًا غَنِمُوْا فِيْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا وَعَسَلًا فَلَمْ يُؤْخَذْ مِنْهُمُ الْخُمُسُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ) حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک لشکر مالِ غنیمت میں سے کھانا اور شہد لایا اس لشکر سے پانچواں حصّہ اس میں سے نہ لیا گیا۔ (ابوداؤد)

۳۸۴۴/۳۸ وَعَنِ الْقَاسِمِ مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُنَّا نَاْكُلُ الْجُزُوْرَ فِي الْغَزْوِ وَلَا نَقْسِمُهٗ حَتّٰى اِذَا كُنَّا نَرْجِعُ اِلٰى رِحَالِنَا وَاَخْرِجَتُنَا مِنْهُ مَمْلُوَّةٌ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت قاسم رض رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے کسی صحابی سے روایت کرتے ہیں کہ ہم غزوات میں اونٹوں کا گوشت کھایا کرتے اور تقسیم نہ کرتے تھے (یعنی مالِ غنیمت کی طرح تقسیم نہ کرتے تھے) یہاں تک کہ جب ہم اپنے ڈیروں خیموں کو واپس آتے تو ہماری خورجیاں گوشت سے بھری ہوئی ہوتیں۔ (ابوداؤد)

خیانت کرنے والوں کو قیامت کے دن بے عزت ہونا پڑے گا

۳۸۴۵/۳۹ وَعَنْ عُبَادَةَ ابْنِ الصَّامِتِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اَدُّوا الْخِيَاطَ وَالْمِخْيَطَ وَاِيَّاكُمْ وَالْغُلُوْلَ فَاِنَّهٗ عَارٌ عَلٰى اَهْلِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ۔

حضرت عُبادہ بن صامت رض کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے (مالِ غنیمت میں سے) سُوئی اور تاگا (بھی) ادا کرو اور خیانت سے بچو اس لئے کہ خیانت کرنا قیامت کے دن خیانت کرنے والوں پر عار ہوگا۔ دارمی اور نسائی نے یہ حدیث عمرو بن شعیب کے واسطے سے روایت کی ہے۔

مالِ غنیمت میں حقیر ترین چیز کی بھی خیانت مستوجب مواخذہ ہے

۳۷۴۶/۴۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ دَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَعِيْرٍ فَاَخَذَ وَبَرَةً مِنْ سَنَامِهٖ ثُمَّ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّهٗ لَيْسَ لِيْ مِنْ هٰذَا الْفَيْءِ شَيْءٌ وَلَا هٰذَا وَرَفَعَ اِصْبَعَهٗ اِلَّا الْخُمُسُ وَالْخُمُسُ مَرْدُوْدٌ عَلَيْكُمْ فَاَدُّوا الْخِيَاطَ وَالْمِخْيَطَ فَقَامَ رَجُلٌ فِيْ يَدِهٖ كُبَّةٌ مِنْ شَعْرٍ فَقَالَ اَخَذْتُ هٰذِهٖ لِاُصْلِحَ بِهَا بَرْدَعَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا مَا كَانَ لِيْ وَلِبَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكَ فَقَالَ اَمَّا اِذْ بَلَغَتْ مَا اَرٰى فَلَا اَرَبَ لِيْ فِيْهَا وَنَبَذَهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

عمرو بن شعیب رض اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک روز نبی صلے اللہ علیہ وسلم ایک اونٹ کے قریب تشریف لائے، اور اس کے کوہان میں سے کھوڑے سے بال لئے اور پھر فرمایا۔ لوگو! مالِ فَے میں سے میرے لئے کچھ نہیں ہے اور نہ یہ اور یہ کہہ کر آپ نے کوہان کے ان بالوں کو دکھایا جو آپ کی انگلی میں تھے، مگر پانچواں حصہ (میرا ہے یعنی خدا اور اس کے رسول کا) اور یہ پانچواں حصہ بھی تمہیں پر خرچ کیا جاتا ہے پس تم (مالِ غنیمت میں سے جو تمہارے پاس ہو اور ابھی تقسیم نہ کیا گیا ہو) سوئی اور تاگا بھی دے دو (یہ سُنکر) ایک شخص کھڑا ہوا جس کے ہاتھ میں بالوں کی رسّی کا ٹکڑا تھا اور عرض کیا "میں نے رسّی کا یہ ٹکڑا اس لئے اپنے پاس رکھ لیا تھا کہ میں اس سے اپنے پالان کے نیچے کی کملی کو درست کرلوں" نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس رسّی میں جس قدر میرا اور بنو عبد المطلب کا حصہ ہے اس کو میں نے تیرے لئے معاف کردیا۔ اس شخص نے عرض کیا یہ رسّی جب اِس حد تک پہنچ گئی (یعنی اس درجہ کے گناہ تک) تو مجھ کو اس کی ضرورت نہیں۔ یہ کہہ کر اس نے رسّی کو پھینک دیا۔ (ابوداؤد)

آنحضرت خمس کا مال بھی مسلمانوں ہی کے اجتماعی مفاد میں خرچ کرتے تھے

۳۷۴۷/۴۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى بَعِيْرٍ مِنَ الْمَغْنَمِ فَلَمَّا سَلَّمَ اَخَذَ وَبَرَةً مِنْ جَنْبِ الْبَعِيْرِ ثُمَّ قَالَ وَلَا يَحِلُّ لِيْ مِنْ غَنَائِمِكُمْ مِثْلُ هٰذَا اِلَّا الْخُمُسُ وَالْخُمُسُ مَرْدُوْدٌ فِيْكُمْ۔

حضرت عمرو بن عبسہ رض کہتے ہیں کہ رسول صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم کو مالِ غنیمت کے ایک اونٹ کی طرف نماز پڑھائی (یعنی اونٹ کو قبلہ رُخ سامنے بٹھاکر) سترہ کے طور پر جب آپ نے سلام پھیرا تو اونٹ کے پہلو سے تھوڑی سی اون اُکھاڑ اور لوگوں کو دِکھاکر فرمایا تمہاری غنیمتوں میں سے میرے لئے اِتنی چیز بھی حلال نہیں ہے مگر پانچواں

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) حصّہ اور یہ پانچواں حصّہ بھی تمہاری ہی ضرورتوں پر خرچ کیا جاتا ہے

ذوی القربیٰ میں مال خمس کی تقسیم کے موقع پر حضرت عثمانؓ وغیرہ کی محرومی

۳۸۴۸ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ لَمَّا قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ ذَوِي الْقُرْبٰى بَيْنَ بَنِيْ هَاشِمٍ وَّبَنِي الْمُطَّلِبِ اَتَيْتُهٗ اَنَا وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰؤُلَاءِ اِخْوَانُنَا مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ لَا نُنْكِرُ فَضْلَهُمْ لِمَكَانِكَ الَّذِيْ وَضَعَكَ اللّٰهُ مِنْهُمْ اَرَاَيْتَ اِخْوَانَنَا مِنْ بَنِي الْمُطَّلِبِ اَعْطَيْتَهُمْ وَتَرَكْتَنَا وَاِنَّمَا قَرَابَتُنَا وَقَرَابَتُهُمْ وَاحِدَةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا بَنُوْ هَاشِمٍ وَبَنُو الْمُطَّلِبِ شَيْءٌ وَّاحِدٌ هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ)

وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيِّ نَحْوَهٗ وَفِيْهِ اَنَا وَبَنُو الْمُطَّلِبِ لَا نَفْتَرِقُ فِيْ جَاهِلِيَّةٍ وَّلَا اِسْلَامٍ وَّاِنَّمَا نَحْنُ وَهُمْ شَيْءٌ وَّاحِدٌ وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ۔

دوسرے میں داخل کیں۔[1] (بخاری)

حضرت جبیر بن مطعم رضؓ کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوی القربے کا حصّہ (مالِ غنیمت میں سے) بنو ہاشم اور بنو مطلب میں تقسیم کیا (یعنی پانچواں حصّہ جس کا ذکر قرآن مجید میں آیا ہے) تو میں (یعنی جبیر راوی) اور عثمان بن عفان رضؓ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! ہم اپنے بنو ہاشم بھائیوں کی فضیلت کے منکر نہیں ہیں کہ آپؐ ان میں پیدا ہوئے ہیں لیکن یہ تو فرمائیے کہ آپ نے ہمارے بھائیوں بنو مطلب کو تو پانچواں حصّہ دیا اور ہم کو عطا نہ فرمایا حالانکہ ہم اور وہ ایک ہی دادا کی اولاد ہیں یعنی ان کی اور ہماری قرابت ایک ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے "بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک چیز ہیں" اس طرح یہ کہہ کر آپ نے ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ میں داخل کیں (یعنی جس طرح یہ انگلیاں باہم وصل ہیں اسی طرح) یہ دونوں خاندان ایک ہیں (شافعی) اور نسائی کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ "میں اور بنو مطلب کبھی جدا نہیں ہوتے نہ ایامِ جاہلیت میں اور نہ اسلام میں۔ یعنی ہم (بنو ہاشم) اور وہ (بنو مطلب) ایک چیز ہیں یہ کہہ کر آپ نے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک

فصل سوم

ابوجہل کے قتل کا واقعہ؟

۳۸۴۹ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ اِنِّيْ لَوَاقِفٌ فِي الصَّفِّ يَوْمَ بَدْرٍ فَنَظَرْتُ عَنْ يَّمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ فَاِذَا اَنَا بِغُلَامَيْنِ مِنَ الْاَنْصَارِ حَدِيْثَةٍ اَسْنَانُهُمَا فَتَمَنَّيْتُ اَنْ اَكُوْنَ بَيْنَ اَضْلَعَ مِنْهُمَا فَغَمَزَنِيْ اَحَدُهُمَا فَقَالَ اَيْ عَمِّ هَلْ تَعْرِفُ اَبَا جَهْلٍ قُلْتُ نَعَمْ فَمَا حَاجَتُكَ اِلَيْهِ يَا ابْنَ اَخِيْ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضؓ کہتے ہیں کہ جنگِ بدر کے دن میں صف میں کھڑا تھا کہ میں نے اپنے دائیں بائیں دو انصاری لڑکوں کو دیکھا، جو بالکل نوعمر تھے میں نے اپنے دل میں کہا کاش میں دو طاقتور اور تجربہ کار لوگوں کے درمیان (یعنی ان لڑکوں کو میں نے ذلیل وحقیر جانا) ناگہاں ان میں سے ایک نے مجھ کو ٹھوکا دیا اور مجھ سے پوچھا: "چچا! کیا تم ابوجہل کو پہچانتے ہو (یعنی دشمنوں کی صف میں وہ کہاں کھڑا ہے اور کونسا ہے)

---

[1] اس مضمون کی ایک حدیث پہلے گزر چکی ہے۔ مطلب اس کا یہ ہے کہ ہم اور آپ ایک دادا کی اولاد ہیں یعنی عبد مناف کی پھر آپ عبد مناف کی دو بیٹیوں نوفل جن کی اولاد جبیر ہیں اور عبد شمس جن کی اولاد عثمان ہیں کو ذوی القربیٰ کے حصّہ سے کیوں محروم رکھا۔ واقعہ یہ ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے دعوٰی نبوّت کے وقت عبد شمس اور نوفل نے باہم یہ عہد کیا تھا کہ جب تک بنو ہاشم اور بنو مطلب محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کو ہمارے حوالے نہ کر دیں اُس وقت تک ان سے مناکحت، بیع اور شرا نہ کی جائے یعنی انھوں نے تعلقات منقطع کر لئے لیکن بنو ہاشم اور بنو مطلب جاہلیت اور اسلام میں متحد رہے۔ ۱۲ مترجم

قَالَ اُخْبِرْتُ اَنَّهٗ يَسُبُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَئِنْ رَاَيْتُهٗ لَا يُفَارِقُ سَوَادِيْ سَوَادَهٗ حَتّٰى يَمُوْتَ الْاَعْجَلُ مِنَّا قَالَ فَتَعَجَّبْتُ لِذٰلِكَ قَالَ وَغَمَزَنِيْ الْاٰخَرُ فَقَالَ لِيْ مِثْلَهَا فَلَمْ اَنْشَبْ اَنْ نَظَرْتُ اِلٰى اَبِيْ جَهْلٍ يَجُوْلُ فِي النَّاسِ فَقُلْتُ اَلَا تَرِيَانِ هٰذَا صَاحِبُكُمَا الَّذِيْ تَسْاَلَانِنِيْ عَنْهُ قَالَ فَابْتَدَرَاهُ بِسَيْفَيْهِمَا فَضَرَبَاهُ حَتّٰى قَتَلَاهُ ثُمَّ انْصَرَفَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَاهُ فَقَالَ اَيُّكُمَا قَتَلَهٗ فَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا اَنَا قَتَلْتُهٗ فَقَالَ هَلْ مَسَحْتُمَا سَيْفَيْكُمَا فَقَالَ لَا فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى السَّيْفَيْنِ فَقَالَ كِلَاكُمَا قَتَلَهٗ وَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَلَبِهٖ لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ وَالرَّجُلَانِ مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ وَمُعَاذُ بْنُ عَفْرَاءَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

میں نے کہا "ہاں (میں جانتا ہوں) مگر کھٹکیے تم اس کو کیوں دریافت کرتے ہو؟" اس نے کہا مجھ کو بتایا گیا ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو گالیاں دیا کرتا ہے میں اس ذات کی قسم کھا کر کہتا ہوں جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر میں اس کو دیکھ لوں تو میرا جسم اس کے جسم سے اس وقت تک جدا نہ ہو جب تک کہ ہم دونوں میں سے کسی ایک کی جلد آنے والی موت ایک کو دوسرے سے جدا نہ کرے (عبدالرحمٰن راوی) کہتے ہیں کہ اس لڑکے کے ان الفاظ کو سنکر میں حیران رہ گیا۔ پھر مجھ کو دوسرے لڑکے نے ٹھوکا دیا اور مجھ سے وہی الفاظ کہے جو پہلے نے کہے تھے میں نے فوراً دشمن کے گروہ میں ابوجہل کو دیکھا جو لوگوں کے درمیان پھر رہا تھا اور ان لڑکوں سے کہا تم دیکھتے ہو تمہارا مطلوب جس کو تم دریافت کر رہے ہو، وہ پھر رہا ہے۔ عبدالرحمٰن کہتے ہیں یہ سنکر ان دونوں لڑکوں نے اپنی تلواروں کو سونت لیا اور ابوجہل کی طرف دوڑ پڑے اور اس کو مار ڈالا۔ پھر وہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور واقعہ سے آگاہ کیا۔ آپ نے پوچھا تم میں سے کس نے اس کو قتل کیا ہے؟ ان میں سے ہر ایک نے عرض کیا کہ میں نے اس کو مارا ہے۔ آپ نے پوچھا کیا تم نے اپنی تلواریں پونچھ ڈالیں؟ عرض کیا نہیں۔ آپ نے دونوں کی تلواروں کو دیکھا اور فرمایا۔ تم دونوں نے اس کو قتل کیا ہے اور پھر آپ نے ابوجہل کے سامان کو معاذ بن عمرو بن جموح کو دلوا دیا اور وہ دونوں لڑکے جنھوں نے ابوجہل کو قتل کیا تھا معاذ بن عمرو بن جموح اور معاذ بن عفراء ہیں۔ (بخاری و مسلم)

۳۸۵۰/۴۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ مَنْ يَّنْظُرُ لَنَا مَا صَنَعَ اَبُوْ جَهْلٍ فَانْطَلَقَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَوَجَدَهٗ قَدْ ضَرَبَهٗ ابْنَا عَفْرَاءَ حَتّٰى بَرَدَ قَالَ فَاَخَذَ بِلِحْيَتِهٖ فَقَالَ اَنْتَ اَبُوْ جَهْلٍ فَقَالَ وَهَلْ فَوْقَ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوْهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ فَلَوْ غَيْرُ اَكَّارٍ قَتَلَنِيْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے دن فرمایا۔ کون ہے جو یہ معلوم کر کے آئے کہ ابوجہل نے کیا کیا (یعنی اس کا کیا حشر ہوا مارا گیا یا زندہ ہے؟) چنانچہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ گئے اور میدان میں جا کر دیکھا کہ عفراء کے دو بیٹوں نے اس کو مارا ہے اور وہ قریب المرگ ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کی ڈاڑھی پکڑ کر کہا تو کیا ابوجہل ہے؟ اس نے کہا ہاں، مرتبہ میں اس سے زیادہ کوئی شخص نہیں ہے جس کو تم قتل کرو (یعنی تم اپنے ہاتھ سے مجھ کو قتل کر دو، قریش میں میرا درجہ بلند ہو جائے گا) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ابوجہل نے یہ کہا کاش مجھ کو کوئی غیر زراعت پیشہ قتل کرتا۔ (بخاری و مسلم)

کسی کو مال دینے سے اس کی دینی فضیلت لازم نہیں آتی

۳۸۵۱/۴۵ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ اَعْطٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهْطًا وَاَنَا جَالِسٌ فَتَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں بیٹھا ہوا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت کو کچھ مال عطا فرمایا اور اس جماعت میں سے صرف ایک شخص کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مِنْهُمْ رَجُلًا هُوَ اَعْجَبُهُمْ اِلَيَّ فَقُمْتُ فَقُلْتُ مَالَكَ عَنْ فُلَانٍ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَرَاهُ مُؤْمِنًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ مُسْلِمًا ذَكَرَ يَكُبُّ ذٰلِكَ سَعْدٌ ثَلٰثًا وَاَجَابَهٗ بِمِثْلِ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ اِنِّيْ لَاُعْطِي الرَّجُلَ وَغَيْرُهٗ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْهُ خَشْيَةَ اَنْ يُّكَبَّ فِي النَّارِ عَلٰى وَجْهِهٖ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا قَالَ الزُّهْرِيُّ فَتَرٰى اَنَّ الْاِسْلَامَ الْكَلِمَةُ وَالْاِيْمَانُ الْعَمَلُ الصَّالِحُ۔

نے کچھ نہ دیا جو میرے نزدیک ان سب میں بہتر تھا (یہ دیکھ کر) میں کھڑا ہوگیا اور عرض کیا۔ کیا ہے فلاں شخص کے لئے (کہ آپ نے اس کو کچھ نہیں دیا) خدا کی قسم میں تو اس کو مومن صادق سمجھتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (یہ کہہ کر) میں اس کو مسلمان[۵۲] سمجھتا ہوں۔ سعد نے تین بار آپ کے سامنے یہ بات کہی اور آپ نے بھی ہر بار یہی جواب دیا اور فرمایا ہر ایک اس شخص کو[۵۱] (مال) دیتا ہوں حالانکہ دوسرا شخص مجھ کو اس سے زیادہ محبوب ہوتا ہے اور یہ محض اس اندیشہ سے ایسا کرتا ہوں کہ کہیں وہ شخص منہ کے بل دوزخ میں نہ ڈالا جائے۔ (بخاری و مسلم)

جنگ میں شریک نہ ہونے کے باوجود مالِ غنیمت میں سے حضرت عثمان حصّہ

۳۸۵۲/۴۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ يَعْنِيْ يَوْمَ بَدْرٍ فَقَالَ اِنَّ عُثْمَانَ انْطَلَقَ فِيْ حَاجَةِ اللّٰهِ وَحَاجَةِ رَسُوْلِهٖ وَاِنِّيْ اُبَايِعُ لَهٗ فَضَرَبَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَهْمٍ وَّلَمْ يَضْرِبْ لِاَحَدٍ غَابَ غَيْرُهٗ۔

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے دن کھڑے ہو کر فرمایا "عثمان خدا اور خدا کے رسول کے کام سے گیا ہوا ہے اور میں اس کے نام سے بیعت کرتا ہوں اور پھر مالِ غنیمت میں سے ان کا حصّہ نکالا اور ان کے سوا کسی دوسرے شخص کو جو جنگ میں شریک نہ تھا، حصّہ نہ دیا۔ (ابوداؤد)

ایک اونٹ دس بکریوں کے برابر ہے

۳۸۵۳/۴۷ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْعَلُ قَسْمَ الْمَغَانِمِ عَشْرًا مِّنَ الشَّاءِ بِبَعِيْرٍ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت رافع بن خدیج رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مالِ غنیمت کی تقسیم میں دس بکریوں کو ایک اونٹ کے برابر قرار دیتے تھے۔ (نسائی)

پہلی امتوں میں مالِ غنیمت کو آسمانی آگ جلا ڈالتی تھی

۳۸۵۴/۴۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزٰى نَبِيٌّ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ فَقَالَ لِقَوْمِهٖ لَا يَتْبَعْنِيْ رَجُلٌ مَّلَكَ بُضْعَ اِمْرَاَةٍ وَهُوَ يُرِيْدُ اَنْ يَّبْنِيَ بِهَا وَلَمَّا يَبْنِ بِهَا وَلَا اَحَدٌ بَنٰى بُيُوْتًا وَلَمْ يَرْفَعْ سُقُوْفَهَا وَلَا رَجُلٌ اِشْتَرٰى غَنَمًا اَوْ خَلِفَاتٍ وَهُوَ يَنْتَظِرُ وِلَادَهَا فَغَزَا فَدَنَا مِنَ الْقَرْيَةِ صَلٰوةَ الْعَصْرِ اَوْ قَرِيْبًا مِّنْ ذٰلِكَ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ انبیاء میں سے ایک نبی[۵۳] (یعنی یوشع بن نون) نے جہاد کا ارادہ کیا اور اپنی قوم سے کہا کہ وہ شخص میرے ساتھ نہ جائے جس نے حال میں عورت سے نکاح کیا ہو اور اپنی عورت کو اپنے گھر لا کر اس سے مجامعت کا ارادہ رکھتا ہو اور ابھی عورت کو اپنے گھر میں نہ لایا ہو۔ اور وہ شخص بھی میرے ساتھ نہ جائے جس نے گھر بنایا ہو اور ابھی اس کی چھت نہ ڈالی ہو اور وہ شخص بھی میرے ساتھ نہ جائے جس نے گابھن بکریاں یا اونٹنیاں خریدی ہوں اور ان

---

۵۲ یعنی مومن نہ کہہ مسلمان کہہ اس لئے کہ مومن کا حال دریافت ہونا مشکل ہے کیونکہ ایمان حقیقی صدقِ باطن کا نام ہے۔ ۱۲ مترجم

۵۱ یعنی مال دینے سے فضیلت و محبت ظاہر نہیں ہوتی بلکہ بعض اوقات مال تالیفِ قلب کے لئے دیا جاتا ہے تاکہ وہ خفا ہو کر کفر میں مبتلا نہ ہو جائے اور دوزخ میں منہ کے بل ڈالا جائے ۱۲ مترجم ۵۳ آں حضرتؐ کی صاحبزادی رقیہؓ جو حضرت عثمانؓ کی بیوی تھیں بیمار ہو گئی تھیں ان کو حضرت عثمانؓ کے ساتھ مدینہ بھیج دیا گیا تھا۔ ۱۲ مترجم

فَقَالَ لِلشَّمْسِ اِنَّكِ مَاْمُوْرَةٌ وَاَنَا مَاْمُوْرٌ اَللّٰهُمَّ اَحْبِسْهَا عَلَيْنَا فَحُبِسَتْ حَتّٰى فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْغَنَائِمَ فَجَاءَتْ يَعْنِي النَّارَ لِتَاْكُلَهَا فَلَمْ تُطْعِمْهَا فَقَالَ اِنَّ فِيْكُمْ غُلُوْلًا فَلْيُبَايِعْنِي مِنْ كُلِّ قَبِيْلَةٍ رَجُلٌ فَلَزِقَتْ يَدُ رَجُلٍ بِيَدِهٖ فَقَالَ فِيْكُمُ الْغُلُوْلُ فَجَاءُوْا بِرَاْسٍ مِثْلِ رَاْسِ بَقَرَةٍ مِنَ الذَّهَبِ فَوَضَعَهَا فَجَاءَتِ النَّارُ فَاَكَلَتْهَا زَادَ فِيْ رِوَايَةٍ فَلَمْ تَحِلَّ الْغَنَائِمُ لِاَحَدٍ قَبْلَنَا ثُمَّ اَحَلَّ اللّٰهُ لَنَا الْغَنَائِمَ رَاٰى ضَعْفَنَا وَعَجْزَنَا فَاَحَلَّهَا لَنَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کے بچے جننے کا منتظر ہو۔ پھر یہ نبی جہاد کے لئے روانہ ہوئے اور عصر کے وقت اس آبادی کے قریب پہنچے جس پر حملہ آور ہونے اور جہاد کرنے کا ارادہ رکھتا تھا اور کہا اے آفتاب تو بھی خدا کا مامور ہے (یعنی اس کے حکم سے چلتا ہے) اور میں بھی خدا کا مامور ہوں (یعنی جہاد کا حکم مجھ کو دیا گیا ہے) اے اللہ! تو اس آفتاب کو روک لے۔ چنانچہ خدا نے آفتاب کو ٹھہرا دیا یہاں تک کہ خدا نے ان نبی کو فتح بخشی۔ پھر انھوں نے مالِ غنیمت کو فراہم کیا۔ آگ آئی لیکن مالِ غنیمت کو اس نے نہیں جلایا (گزشتہ امتوں میں یہ دستور تھا کہ مالِ غنیمت کو اکٹھا کر کے جنگل میں رکھ دیتے تھے۔ آسمان سے آگ آتی اور اس کو جلا دیتی اور یہ قبولیت کی علامت تھی) اُن نبی نے لوگوں سے فرمایا تم میں سے کسی نے مالِ غنیمت کے اندر خیانت کی ہے پس تم کو چاہئے کہ ہر قبیلہ میں سے ایک شخص مجھ سے بیعت کرے (چنانچہ بیعت شروع ہوئی) اور ایک شخص کا ہاتھ ان نبی کے ہاتھ سے چپک گیا۔ ان نبی نے فرمایا تیرے قبیلہ کے اندر خیانت ہے پھر اس قبیلہ کے لوگ سونے کا ایک سر لائے جو بیل کی سر کی مانند تھا اور اس کو جنگل میں رکھ دیا آگ آئی اور اُس نے اس کو جلا دیا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے فرمایا ہم سے پہلے کسی امت کے لئے مالِ غنیمت حلال نہ تھا پھر خداوند تعالیٰ نے غنیمتوں کو ہمارے لئے حلال فرما دیا اس لئے کہ خدا نے ہم کو کمزور اور ضعیف پایا اور مالِ غنیمت سے ہماری مدد کی۔ (بخاری و مسلم)

مالِ غنیمت میں خیانت کرنے والا دوزخ میں ڈالا جائے گا

۳۸۵۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُمَرُ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ اَقْبَلَ نَفَرٌ مِّنْ صَحَابَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا فُلَانٌ شَهِيْدٌ وَّفُلَانٌ شَهِيْدٌ حَتّٰى مَرُّوْا عَلٰى رَجُلٍ فَقَالُوْا فُلَانٌ شَهِيْدٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلَّا اِنِّيْ رَاَيْتُهٗ فِي النَّارِ فِيْ بُرْدَةٍ غَلَّهَا اَوْ عَبَاءَةٍ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ اِذْهَبْ فَنَادِ فِي النَّاسِ اِنَّهٗ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا الْمُؤْمِنُوْنَ ثَلٰثًا قَالَ فَخَرَجْتُ فَنَادَيْتُ اَلَا اِنَّهٗ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا الْمُؤْمِنُوْنَ ثَلٰثًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے مجھ سے یہ واقعہ بیان کیا کہ بدر کے دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چند صحابی آئے اور باہم یہ کہنا شروع کیا۔ فلاں شخص شہید ہے اور فلاں شخص شہید ہے (یعنی آج فلاں فلاں شخص شہید ہوا ہے) یہاں تک کہ وہ یہ کہتے ہوئے ایک شخص کی نعش پر سے گزرے اور کہا فلاں شخص شہید ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سنکر کہا۔ ہرگز نہیں میں نے اس شخص کو دوزخ میں دیکھا ہے اس نے مالِ غنیمت میں سے ایک چادر یا ایک کملی چرائی تھی اس کے بعد آپ نے فرمایا اے خطاب کے بیٹے! جاؤ لوگوں کے درمیان پکار کر تین بار یہ کہدو کہ جنت میں صرف مومن کامل ہی داخل ہوں گے۔ عمر بن خطابؓ کہتے ہیں کہ میں گیا اور تین بار پکار کر یہ کہا کہ جنت میں صرف مومن داخل ہوں گے۔ (مسلم)

بَابُ الْجِزْيَةِ — جزیہ کا بیان

فصل اوّل

مجوسیوں سے جزیہ لیا جا سکتا ہے

۳۸۵۶ عَنْ بَجَالَةَ قَالَ كُنْتُ كَاتِبًا لِجَزْءِ بْنِ مُعَاوِيَةَ

حضرت بجالہؓ کہتے ہیں کہ میں جزء بن معاویہ کا منشی تھا جو احنف کا

عَمِّ الْاَحْنَفِ فَاَتَانَا كِتَابُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَبْلَ مَوْتِهٖ بِسَنَةٍ فَرِّقُوْا بَيْنَ كُلِّ ذِيْ مَحْرَمٍ مِنَ الْمَجُوْسِ وَلَمْ يَكُنْ عُمَرُ اَخَذَ الْجِزْيَةَ مِنَ الْمَجُوْسِ حَتّٰى شَهِدَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَهَا مِنْ مَّجُوْسِ هَجَرَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

وَذُكِرَ حَدِيْثُ بُرَيْدَةَ اِذَا اَمَّرَ اَمِيْرًا عَلٰى جَيْشٍ فِيْ بَابِ الْكِتَابِ اِلَى الْكُفَّارِ۔

چاہے۔ ہمارے پاس حضرت عمر بن خطاب رضؓ کا ایک خط آیا ان کی وفات سے ایک سال پہلے اس میں لکھا تھا کہ مجوسیوں میں سے ذی محرم کو جدا کردو (آتش پرستوں میں ذی محرم یعنی ماں بیٹی وغیرہ وہ تمام عورتیں حلال تھیں جن سے اسلام میں نکاح حرام ہے اور مجوسی ماں بیٹی وغیرہ سے بھی نکاح کر لیتے تھے حضرت عمر نے اپنے ایام میں یہ (حکم) جاری کیا کہ جو محرم عورتیں مجوسیوں کے نکاح میں ہوں ان کو جدا کردو یعنی نکاح فسخ کرادو اور آئندہ ذی محرم سے نکاح کی ممانعت کردو۔ بجالہ رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضؓ مجوس سے جزیہ نہ لیتے تھے۔ جب عبدالرحمٰن بن عوف رضؓ نے یہ گواہی دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام ہجر مجوس سے جزیہ لیا ہے تب آپ نے بھی جزیہ لیا (بخاری) اور بریدہ کی حدیث "اذا امر الخ" کتاب الکفار کے باب میں بیان کی جا چکی ہے۔

فصل دوم

جزیہ کی مقدار

۳۸۵۷/۲ عَنْ مُعَاذٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَجَّهَهٗ اِلَى الْيَمَنِ اَمَرَهٗ اَنْ يَّاْخُذَ مِنْ كُلِّ حَالِمٍ يَعْنِيْ مُحْتَلِمٍ دِيْنَارًا اَوْ عَدْلَهٗ مِنَ الْمَعَافِرِ ثِيَابٍ تَكُوْنُ بِالْيَمَنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت معاذ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان کو یمن روانہ فرمایا تو یہ حکم دیا کہ وہ ہر بالغ آدمی سے جزیہ میں ایک دینار لیں یا ایک دینار کی قیمت کا معافری کپڑا جو یمن میں تیار ہوتا ہے۔ (ابوداؤد)

مسلمانوں پر جزیہ واجب نہیں

۳۸۵۸/۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصْلُحُ قِبْلَتَانِ فِيْ اَرْضٍ وَّاحِدَةٍ وَّلَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ جِزْيَةٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ، وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ایک زمین میں دو قبلوں کا ہونا درست نہیں (یعنی ایک مقام پر دو مذاہب کے لوگوں کا اجتماع و قیام مناسب نہیں) اور مسلمان پر جزیہ جائز نہیں ہے۔ (احمد، ترمذی، ابوداؤد)

جزیہ پر صلح

۳۸۵۹/۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اِلٰى اُكَيْدِرِ دُوْمَةَ فَاَخَذُوْهُ فَاَتَوْا بِهٖ فَحَقَنَ لَهٗ دَمَهٗ وَصَالَحَهٗ عَلَى الْجِزْيَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید رضؓ کو اکیدر دومہ (یعنی مقام دومہ کے بادشاہ) کے پاس بھیجا خالد رضؓ اور ان کے ہمراہیوں نے اکیدر کو گرفتار کر لیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے آئے۔ آپ نے اس کا خون معاف کر دیا اور جزیہ پر اس سے صلح کر لی۔ (ابوداؤد)

یہود و نصاریٰ سے مالِ تجارت پر محصول لینے کا مسئلہ

۳۸۶۰/۵ وَعَنْ حَرْبِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ جَدِّهٖ اَبِيْ اُمِّهٖ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا الْعُشُوْرُ عَلَى الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى وَلَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ عُشُوْرٌ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت حرب رضؓ بن عبیداللہ اپنے نانا سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ دسواں حصہ (مال و تجارت میں سے) یہود و نصاریٰ پر واجب ہے۔ مسلمانوں پر نہیں۔ (احمد۔ ابوداؤد)

ذمیوں سے معاہدہ کی شرائط زبردستی پوری کرائی جاسکتی ہے

۳۸۶۱ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَمُرُّ بِقَوْمٍ فَلَا هُمْ يُضَيِّفُوْنَ وَلَا هُمْ يُؤَدُّوْنَ مَا لَنَا عَلَيْهِمْ مِنَ الْحَقِّ وَلَا نَحْنُ نَاْخُذُ مِنْهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ اَبَوْا اِلَّا اَنْ تَاْخُذُوْا كُرْهَهَا فَخُذُوْا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عقبہ بن عامر رضؓ کہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہم جہاد کو جاتے ہوئے) بعض ایسے لوگوں پر گزرتے ہیں جو نہ تو ہماری میزبانی کرتے ہیں اور نہ وہ حق ادا کرتے ہیں جو ہمارے لئے ان پر واجب ہے (یعنی بہ حیثیت مسلمان ہونے کے ہماری امداد و اعانت) اور نہ ہم ان سے زبردستی اپنے حق کو حاصل کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اگر وہ مہمانداری کے فرائض ادا کرنے سے انکار کریں یا تمہاری مدد نہ کریں اور تم ان سے زبردستی اپنا حق حاصل کرسکو تو زبردستی لے لو (ترمذی)

فصل سوم

ذمیوں پر جزیہ کی مقررہ مقدار کے علاوہ مسلمانوں کی ضیافت بھی واجب کی جاسکتی ہے

۳۸۶۲ عَنْ اَسْلَمَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ضَرَبَ الْجِزْيَةَ عَلٰى اَهْلِ الذَّهَبِ اَرْبَعَةَ دَنَانِيْرَ وَعَلٰى اَهْلِ الْوَرَقِ اَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا مَعَ ذٰلِكَ اَرْزَاقُ الْمُسْلِمِيْنَ وَضِيَافَةُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت اسلم رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب رضؓ نے ان لوگوں پر جو زیادہ مقدار میں سونا رکھتے تھے، چار دینار جزیہ مقرر کیا تھا اور ان لوگوں پر جو چاندی رکھتے تھے چالیس درہم اس کے علاوہ ان پر یہ بھی واجب کیا تھا وہ تین دن تک مسلمانوں کی مہمان نوازی کریں۔ (مالک)

بَابُ الصُّلْحِ — صلح کا بیان

فصل اوّل

صلح حدیبیہ

۳۸۶۳ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَا خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ فِيْ بِضْعَ عَشْرَةَ مِائَةً مِّنْ اَصْحَابِهٖ فَلَمَّا اَتٰى ذَا الْحُلَيْفَةِ قَلَّدَ الْهَدْيَ وَاَشْعَرَهٗ وَاَحْرَمَ مِنْهَا بِعُمْرَةٍ وَسَارَ حَتّٰى اِذَا كَانَ بِالثَّنِيَّةِ الَّتِيْ يُهْبَطُ عَلَيْهِمْ مِنْهَا بَرَكَتْ بِهٖ رَاحِلَتُهٗ فَقَالَ النَّاسُ حَلْ حَلْ خَلَاَتِ الْقَصْوَاءُ خَلَاَتِ الْقَصْوَاءُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا خَلَاَتِ الْقَصْوَاءُ وَمَا ذَاكَ لَهَا بِخُلُقٍ وَلٰكِنْ حَبَسَهَا حَابِسُ الْفِيْلِ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ

حضرت مسور بن مخرمہ رضؓ اور مروان بن حکم کہتے ہیں کہ حدیبیہ کے سال میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم دس[1] صحابہ رضؓ کے ساتھ روانہ ہوئے جب مقام ذوالحلیفہ پہنچے تو اپنے قربانی کے جانور کی گردن میں قلادہ باندھا اور اشعار کیا اور ذی الحلیفہ سے عمرہ کا احرام باندھا اور پھر آگے روانہ ہوئے جب مقام ثنیہ پر پہنچے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی بیٹھ گئی لوگوں نے چلانا شروع کیا حل حل (یہ کلمہ اونٹ کو اٹھانے کے لئے کہتے ہیں) قصواء اڑ گئی قصواء اڑ گئی (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کا نام قصواء تھا) آپ نے فرمایا قصواء نے اڑ نہیں لی اور نہ اس کو اڑنے کی عادت ہے اس کو ہاتھی کے روکنے والے نے روک لیا ہے پھر پھر فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے قریش مجھ سے

---

[1] ابرہہ نے جب کعبہ کو ڈھانے کا ارادہ کیا تو لشکر کو لے کر چلا جب اس مقام پر (یعنی ذی المحار میں) پہنچا تو اس کا ہاتھی رک گیا اور مکہ کی طرف نہ چلا۔ پھر جب اس کو دوسری طرف پھیرا تو چلنے لگا۔ اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ ۱۲ مترجم

لَا يَسْأَلُونِي خُطَّةً يُعَظِّمُونَ فِيهَا حُرُمَاتِ اللّٰهِ إِلَّا أَعْطَيْتُهُمْ إِيَّاهَا ثُمَّ زَجَرْتُهَا فَوَثَبَتْ فَعَدَلَ عَنْهُمْ حَتّٰى نَزَلَ بِأَقْصَى الْحُدَيْبِيَةِ عَلٰى ثَمَدٍ قَلِيلِ الْمَاءِ يَتَبَرَّضُهُ النَّاسُ تَبَرُّضًا فَلَمْ يُلْبِثْهُ النَّاسُ حَتّٰى نَزَحُوهُ وَشُكِيَ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَطَشُ فَانْتَزَعَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهِ ثُمَّ أَمَرَهُمْ أَنْ يَجْعَلُوهُ فِيهِ فَوَاللّٰهِ مَا زَالَ يَجِيشُ لَهُمْ بِالرِّيِّ حَتّٰى صَدَرُوا عَنْهُ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ جَاءَ بُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ الْخُزَاعِيُّ فِي نَفَرٍ مِنْ خُزَاعَةَ ثُمَّ أَتَاهُ عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُودٍ وَسَاقَ الْحَدِيثَ إِلٰى أَنْ قَالَ إِذْ جَاءَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اكْتُبْ هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ فَقَالَ سُهَيْلٌ وَاللّٰهِ لَوْ كُنَّا نَعْلَمُ أَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ مَا صَدَدْنَاكَ عَنِ الْبَيْتِ وَلَا قَاتَلْنَاكَ وَلٰكِنِ اكْتُبْ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ إِنِّي لَرَسُولُ اللّٰهِ وَإِنْ كَذَّبْتُمُونِي اكْتُبْ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ سُهَيْلٌ وَعَلٰى أَنْ لَا يَأْتِيَكَ مِنَّا رَجُلٌ وَإِنْ كَانَ عَلٰى دِينِكَ إِلَّا رَدَدْتَهُ عَلَيْنَا فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قَضِيَّةِ الْكِتَابِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ قُومُوا فَانْحَرُوا ثُمَّ احْلِقُوا ثُمَّ جَاءَ نِسْوَةٌ مُؤْمِنَاتٌ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ الْآيَةَ فَنَهَاهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى أَنْ يَرُدُّوهُنَّ وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَرُدُّوا الصَّدَاقَ ثُمَّ إِلَى الْمَدِينَةِ فَجَاءَهُ أَبُو بَصِيرٍ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ وَهُوَ مُسْلِمٌ فَأَرْسَلُوا فِي طَلَبِهِ رَجُلَيْنِ فَدَفَعَهُ إِلَى الرَّجُلَيْنِ فَخَرَجَا بِهِ حَتّٰى إِذَا بَلَغَا ذَا الْحُلَيْفَةِ نَزَلُوا يَأْكُلُونَ مِنْ تَمْرٍ لَهُمْ فَقَالَ أَبُو بَصِيرٍ لِأَحَدِ الرَّجُلَيْنِ وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرٰى سَيْفَكَ هٰذَا يَا فُلَانُ جَيِّدًا فَأَدِنِي

اگر کوئی ایسی بات طلب کریں گے جس میں اللہ تعالیٰ کے حرم کی عظمت ہو تو میں اس کو قبول کرلوں گا (یعنی ان سے مصالحت کرلوں گا) اس کے بعد آپ نے اونٹنی کو اٹھایا اور مکہ کا راستہ چھوڑ کر دوسری سمت میں چلنے لگی یہاں تک کہ وہ مقام حدیبیہ کے آخری کنارے پر پہنچ کر جہاں (ایک گڑھے میں) تھوڑا سا پانی تھا، ٹھہر گئی لوگوں نے اس گڑھے میں سے تھوڑا تھوڑا پانی لینا شروع کیا یہاں تک کہ تھوڑی دیر میں گڑھے کو خالی کر دیا اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پیاس کی شکایت کی۔ آپ نے اپنے ترکش سے ایک تیر نکالا اور صحابہ رضؓ کو حکم دیا کہ تیر کو پانی میں ڈال دیں۔ قسم ہے خدا کی پانی (گڑھے میں) جوش مارنے لگا اور سب کو سیراب کر دیا۔ یہاں تک کہ پانی لے لے کر سب لوگ چلے گئے۔ غرض صحابہ رضؓ اسی حال میں تھے کہ قریش کافروں کی طرف سے صلح کا پیام لے کر، بُدَیل بن وَرْقاء خزاعی اپنے قوم کے آدمیوں کے ساتھ آیا۔ پھر وہ عروہ بن مسعود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس کے بعد بخاریؒ نے طویل حدیث بیان کی ہے جس میں فریقین کے نمایندوں کی گفتگو درج ہے اور پھر بیان کیا ہے کہ سہیل بن عمرو (مکہ والوں کا نمایندہ) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں معاہدہ لکھنے کے لئے حاضر ہوا۔ آپ نے حضرت علی رضؓ سے فرمایا لکھو "یہ وہ معاہدہ ہے جس پر محمد رسول اللہ نے صلح کی ہے"۔ سہیل نے کہا خدا کی قسم اگر ہم آپ کو اللہ کا رسول جانتے تو بیت اللہ سے نہ روکتے اور نہ لڑتے۔ ولیکن لکھیئے محمد بن عبد اللہ۔ پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا کی قسم میں خدا کا رسول ہوں اگرچہ تم مجھ کو جھوٹا جانتے ہو۔ اچھا علی تم محمد بن عبد اللہ ہی لکھو۔ سہیل نے کہا اس معاہدہ میں یہ بھی لکھو کہ ہم میں سے جو شخص تمہارے پاس آئے وہ اگرچہ تمہارے دین پر ہو تمہارا فرض ہے کہ تم اس کو فوراً ہمارے پاس واپس کر دو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بھی قبول کیا پھر جب معاہدہ لکھا جا چکا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ رضؓ سے فرمایا اٹھو اور اپنے قربانی کے جانوروں کو ذبح کر ڈالو اور پھر سر منڈاؤ اس کے بعد کئی عورتیں مسلمان ہو کر آئیں اور یہ آیت نازل ہوئی یَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ الخ یعنی اے مومنو! جب تمہارے پاس مسلمان عورتیں ہجرت کر کے آئیں الخ یعنی خداوند تعالیٰ نے ان عورتوں کو واپس دینے سے منع فرمایا اور مسلمانوں کو یہ حکم دیا کہ اگر ان عورتوں کے کافر شوہروں نے ان کا مہر ادا کر دیا ہو تو،

اُنْظُرْ اِلَيْهِ فَاَمْكَنَهٗ مِنْهُ فَضَرَبَهٗ حَتّٰى بَرَدَ وَفَرَّ الْاٰخَرُ حَتّٰى اَتَى الْمَدِيْنَةَ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ يَعْدُوْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ رَاٰى هٰذَا ذُعْرًا فَقَالَ قُتِلَ وَاللّٰهِ صَاحِبِيْ وَاِنِّيْ لَمَقْتُوْلٌ فَجَآءَ اَبُوْ بَصِيْرٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْلُ اُمِّهٖ مِسْعَرُ حَرْبٍ لَوْ كَانَ لَهٗ اَحَدٌ فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ عَرَفَ اَنَّهٗ سَيَرُدُّهٗ اِلَيْهِمْ فَخَرَجَ حَتّٰى اَتٰى سِيْفَ الْبَحْرِ قَالَ وَاَفْلَتَ اَبُوْ جَنْدَلِ ابْنِ اَبِيْ سُهَيْلٍ فَلَحِقَ بِاَبِيْ بَصِيْرٍ فَجَعَلَ لَا يَخْرُجُ مِنْ قُرَيْشٍ رَجُلٌ قَدْ اَسْلَمَ اِلَّا لَحِقَ بِاَبِيْ بَصِيْرٍ حَتّٰى اجْتَمَعَتْ مِنْهُمْ عِصَابَةٌ فَوَاللّٰهِ مَا يَسْمَعُوْنَ بِعِيْرٍ خَرَجَتْ لِقُرَيْشٍ اِلَى الشَّامِ اِلَّا اعْتَرَضُوْا لَهَا فَقَتَلُوْهُمْ وَاَخَذُوْا اَمْوَالَهُمْ فَاَرْسَلَتْ قُرَيْشٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُنَاشِدُهٗ اللّٰهَ وَالرَّحِمَ لَمَّا اَرْسَلَ اِلَيْهِمْ فَمَنْ اَتَاهُ فَهُوَ اٰمِنٌ فَاَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِمْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انکا ہر واپس کر دیا جائے اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ واپس تشریف لے آئے کچھ دنوں بعد قریش کے ایک شخص ابوبصیرؓ جو مسلمان ہو چکے تھے حضورؐ کے پاس چلے آئے قریش نے ان کی طلب میں دو شخصوں کو بھیجا۔ آپ نے ابوالبصیر کو ان کے حوالہ کر دیا وہ دونوں آدمی ابوالبصیرؓ کو لے کر مکہ روانہ ہوئے جب ذوالحلیفہ پر پہنچے تو کھانے پینے کے لئے قیام کیا۔ ابوبصیرؓ نے ان میں سے ایک شخص کو مخاطب کر کے کہا۔ خدا کی قسم اے شخص تیری تلوار میرے خیال میں بہت اچھی ہے ذرا مجھ کو دینا میں بھی دیکھوں اس شخص نے ابوبصیرؓ کو تلوار دیکھنے کا موقع دیدیا۔ ابوبصیرؓ نے تلوار سے اس کو مار ڈالا اور دوسرا شخص یہ دیکھ کر بھاگ کھڑا ہوا اور مدینہ پہنچکر مسجد نبوی میں حاضر ہوا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو دیکھ کر فرمایا یہ خوفزدہ ہے اس نے عرض کیا خدا کی قسم میرا ساتھی مار ڈالا گیا اور میں بھی مارا جاؤنگا دفعتاً ابوبصیر بھی آگئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تیری ماں پر افسوس ہے تو لڑائی کی آگ بھڑکانیوالا ہے ابوبصیرؓ نے جب یہ الفاظ سنے تو ان کو یقین ہو گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو پھر واپس کر دینگے وہ مدینہ سے نکلے اور چلتے چلتے یہاں تک کہ ساحل سمندر پر پہنچ گئے راوی کا بیان ہے کہ ابوجندل بن سہیل بھی کافروں کے پاس سے بھاگ آیا اور ابوبصیر سے آکر مل گیا الغرض مکہ سے جو مسلمان قریش کے ہاتھوں سے چھوٹ کر بھاگتا وہ ابوبصیر سے جا کر ملتا تھا۔ یہاں تک کہ چند روز میں ان لوگوں کی ایک جماعت ہو گئی۔ جب ان کو پتہ چلتا کہ قریش کا کوئی قافلہ شام کو جا رہا ہے تو اس کا پیچھا کر کے اس کو قتل کر دیتے اور مال چھین لیتے۔ بالآخر قریش نے ایک آدمی کو بھیجکر آنحضرتؐ کو اپنی قرابت کا واسطہ دے کر

یہ استدعا کی کہ آپ ابوبصیر کو بلا بھیجیں اور وہ مدینہ میں رہیں اور ہمارے ہاں سے جو شخص مسلمان ہو کر آپ کے پاس آجائے وہ امن میں ہے، اور ہمارے پاس اس کو واپس بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آدمی کو بھیج کر ابوبصیر کو بلوا لیا اور ان کے ہمراہیوں کو بھی۔ (بخاری)

صلح حدیبیہ کی تین خاص شرطیں

۳۸۶۴ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ صَالَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُشْرِكِيْنَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ عَلٰى ثَلٰثَةِ اَشْيَاءَ عَلٰى اَنَّ مَنْ اَتَاهُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ رَدَّهٗ اِلَيْهِمْ وَمَنْ اَتَاهُمْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ لَمْ يَرُدُّوْهُ وَعَلٰى اَنْ يَدْخُلَهَا مِنْ قَابِلٍ وَيُقِيْمَ بِهَا ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ وَلَا يَدْخُلَهَا اِلَّا بِجُلُبَّانِ السِّلَاحِ وَالسَّيْفِ وَالْقَوْسِ ..... وَنَحْوِهٖ فَجَآءَهٗ اَبُوْ جَنْدَلٍ يَحْجُلُ فِيْ قُيُوْدِهٖ فَرَدَّهٗ اِلَيْهِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت براء بن عازبؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ میں مشرکوں سے تین باتوں پر صلح کی تھی ایک تو یہ کہ مشرکوں میں سے جو شخص مسلمانوں کے پاس آئے اس کو واپس کر دیا جائے دوسرے یہ کہ مسلمانوں میں سے جو شخص مشرکوں کے پاس جائے اس کو واپس نہ کیا جائے گا تیسرے یہ کہ آئندہ سال مسلمان مکہ میں داخل ہوں اور صرف تین دن قیام کریں اور مکہ میں جب داخل ہوں تو اپنے تمام ہتھیاروں تلوار اور کمان وغیرہ کو نیام اور ترکیلے وغیرہ میں بند رکھیں انہی ایام میں ابوجندلؓ بیڑیوں میں جکڑا ہوا حاضر ہوا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو واپس کر دیا۔ (بخاری و مسلم)

۳۸۶۵ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ قُرَيْشًا صَالَحُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاشْتَرَطُوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ قریش نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے صلح کی اور یہ شرطیں کیں کہ ہم میں سے جو شخص تمہارے پاس آجائے تم اس کو ہمارے پاس بھیج دینا

اَنَّ مَنْ جَاءَنَا مِنْكُمْ لَمْ نَرُدَّهٗ عَلَيْكُمْ وَمَنْ جَاءَكُمْ مِنَّا رَدَدْتُمُوْهُ عَلَيْنَا فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَكْتُبُ هٰذَا قَالَ نَعَمْ اِنَّهٗ مَنْ ذَهَبَ مِنَّا اِلَيْهِمْ فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ وَمَنْ جَاءَنَا مِنْهُمْ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ لَهٗ فَرَجًا وَمَخْرَجًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور تم میں سے جو شخص ہمارے پاس آجائے گا ہم اس کو واپس نہ کریں گے صحابہؓ نے (ان شرائط کو سنکر) کہا یا رسول اللہ ﷺ! کیا ہم ان شرائط کو لکھ دیں؟ آپ نے فرمایا ہاں۔ البتہ جو شخص ہم میں سے بھاگ کر جائے گا اس کو خدا تعالیٰ نے اپنی رحمت سے دور کر دیا ہوگا اور جو شخص ان میں سے ہمارے پاس آئے گا ممکن ہے خداوند تعالیٰ اس پر کشادگی اور خلاصی کا راستہ کھول دے۔

عورتوں کی بیعت

۳۸۶۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فِيْ بَيْعَةِ النِّسَاءِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْتَحِنُهُنَّ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ فَمَنْ اَقَرَّتْ بِهٰذَا الشَّرْطِ مِنْهُنَّ قَالَ لَهَا قَدْ بَايَعْتُكِ كَلَامًا يُكَلِّمُهَا بِهٖ وَاللّٰهِ مَا مَسَّتْ يَدُهٗ يَدَ امْرَاَةٍ قَطُّ فِي الْمُبَايَعَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

حضرت عائشہؓ عورتوں کی بیعت کے بارے میں فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان عورتوں کا جو بیعت کے لئے آتی تھیں اس آیت سے امتحان لیا کرتے تھے یَا اَیُّهَا النَّبِیُّ اِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ یُبَایِعْنَكَ الخ یعنی اے نبی ﷺ! جب تمہارے پاس مومن عورتیں بیعت کے لئے حاضر ہوں الخ۔ پس ان میں سے جو عورتیں ان شرائط کا جو اس آیت میں مذکور ہیں اقرار کرتیں تو آپ ان سے فرماتے میں نے تجھ سے بیعت لی اور آپ زبانی کلام فرماتے اور قسم ہے خدا کی آپ کے ہاتھ نے کبھی کسی عورت کے ہاتھ کو بیعت میں نہیں چھوا۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

معاہدہ حدیبیہ کی کچھ اور دفعات

۳۸۶۷ عَنِ الْمِسْوَرِ وَمَرْوَانَ اَنَّهُمُ اصْطَلَحُوْا عَلٰى وَضْعِ الْحَرْبِ عَشْرَ سِنِيْنَ يَاْمَنُ فِيْهِنَّ النَّاسُ وَعَلٰى اَنَّ بَيْنَنَا عَيْبَةً مَكْفُوْفَةً وَاَنَّهٗ لَا اِسْلَالَ وَلَا اِغْلَالَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت مسورؓ اور مروان کہتے ہیں کہ قریش نے دس سال جنگ کو موقوف رکھنے پر صلح کی کہ ان ایام میں لوگ امن سے رہیں اور یہ شرط کی کہ ہمارے قلوب مکر و فریب اور کینہ فساد سے پاک رہیں اور دغا و صلح کا ہر وقت خیال رکھیں اور یہ کہ ہمارے درمیان نہ تو چوری پوشیدہ ہو

غیر مسلموں سے کئے ہوئے معاہدوں کی پابندی نہ کرنے والوں کے خلاف آنحضرتؐ کا انتباہ

۳۸۶۸ وَعَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ اَبْنَاءِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اٰبَائِهِمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا مَنْ ظَلَمَ مُعَاهَدًا اَوِ انْتَقَصَهٗ اَوْ كَلَّفَهٗ فَوْقَ طَاقَتِهٖ اَوْ اَخَذَ مِنْهُ شَيْئًا بِغَيْرِ طِيْبِ نَفْسٍ فَاَنَا حَجِيْجُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت صفوان بن سلیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چند صحابہؓ سے اور صحابہؓ اپنے باپوں سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خبردار جس شخص نے ظلم کیا جس سے اس کا معاہدہ ہو چکا ہے یا اس کے حق کو ضرر پہنچایا یا اس کو تکلیف دی اور اس کی طاقت سے زیادہ یا اس کی رضامندی کے بغیر اس سے کوئی چیز لے لی تو میں اس سے قیامت کے دن جھگڑوں گا۔ (ابوداؤد)

عورتوں کی اجتماعی بیعت کا مسنون طریقہ

۳۸۶۹ وَعَنْ اُمَيْمَةَ بِنْتِ رُقَيْقَةَ قَالَتْ بَايَعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نِسْوَةٍ فَقَالَ لَنَا فِيْمَا اسْتَطَعْتُنَّ وَاَطَقْتُنَّ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ

حضرت امیمہؓ بنت رقیقہ کہتی ہیں کہ میں نے چند عورتوں کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی۔ آپ نے ہم سے فرمایا میں نے تم سے بیعت لی اس چیز کی جس کی تم طاقت و استطاعت رکھتی ہو۔ میں نے عرض کیا اللہ

اَرْحَمُ بِنَا مِنَّا بِاَنْفُسِنَا قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بَايِعْنَا تَعْنِيْ صَافِحْنَا قَالَ اِنَّمَا قَوْلِيْ لِمِائَةِ امْرَأَةٍ كَقَوْلِيْ لِاِمْرَأَةٍ وَاحِدَةٍ۔

اور اس کا رسول ہمارے حق میں اس سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں جتنا کہ ہم اپنی جانوں پر کرتے ہیں۔ پھر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہم سے بیعت لیجئے یعنی ہم سے مصافحہ کیجئے۔ آپ نے فرمایا میری بات سو عورتوں کے لئے بھی وہی ہے جو ایک عورت کے لئے (یعنی میرا کلام کرنا بھی بیعت کے لئے کافی ہے۔)

فصل سوم

معاہدۂ حدیبیہ کی کتابت آنحضرتؐ کے قلم سے

۳۸۷۰ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ فَاَبٰى اَهْلُ مَكَّةَ اَنْ يَّدَعُوْهُ يَدْخُلُ مَكَّةَ حَتّٰى قَاضَاهُمْ عَلٰى اَنْ يَّدْخُلَ يَعْنِيْ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ يُقِيْمُ بِهَا ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَلَمَّا كَتَبُوا الْكِتَابَ كَتَبُوْا هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَالُوْا لَا نُقِرُّ بِهَا فَلَوْ نَعْلَمُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا مَنَعْنَاكَ وَلٰكِنْ اَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ لِعَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ امْحُ رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَا وَاللّٰهِ لَا اَمْحُوْكَ اَبَدًا فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ يُحْسِنُ يَكْتُبُ فَكَتَبَ هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ لَا يُدْخِلُ مَكَّةَ بِالسِّلَاحِ اِلَّا السَّيْفَ فِي الْقِرَابِ وَاَنْ لَّا يَخْرُجَ مِنْ اَهْلِهَا بِاَحَدٍ اِنْ اَرَادَ اَنْ يَّتْبَعَهٗ وَاَنْ لَّا يَمْنَعَ مِنْ اَصْحَابِهٖ اَحَدًا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّقِيْمَ بِهَا فَلَمَّا دَخَلَهَا وَمَضَى الْاَجَلُ اَتَوْا عَلِيًّا فَقَالُوْا قُلْ لِصَاحِبِكَ اُخْرُجْ عَنَّا فَقَدْ مَضَى الْاَجَلُ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت براء بن عازبؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذیقعدہ کے مہینہ میں عمرہ کے لئے تشریف لے چلے مکہ والوں نے آپ کو مکہ میں داخل ہونے سے روک دیا آخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امر پر مصالحت کی کہ آئندہ سال وہ مکہ میں آئیں اور صرف تین دن قیام فرمائیں پھر جب معاہدہ کی تحریر لکھی گئی تو اس میں آپ کا نام اِس طرح لکھا گیا۔ یہ وہ صلحنامہ ہے جس پر محمد رسول اللہ ﷺ نے صلح کی ہے) مشرکوں نے کہا ہم آپ کی رسالت کا اقرار نہیں کرتے اگر ہم اس کا اعتقاد رکھتے ہوتے کہ آپ خدا کے رسول ہیں تو ہم آپ کو مکہ میں آنے سے کیوں منع کرتے آپ بیشک عبداللہ کے بیٹے محمدؐ ہیں آپ نے فرمایا میں خدا کا رسول ہوں اور عبداللہ کا بیٹا محمد بھی، پھر آپ نے علیؓ بن ابی طالب سے فرمایا رسول اللہ کا لفظ مٹا دو علیؓ نے عرض کیا نہیں قسم ہے خدا کی میں آپ کا نام کبھی (اپنے ہاتھ سے) نہ مٹاؤں گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح نامہ کو حضرت علیؓ سے لے لیا اور اگرچہ آپ اچھی طرح لکھنا نہیں جانتے تھے لیکن آپ نے اس طرح لکھا یہ معاہدہ ہے جس پر محمد بن عبداللہ نے صلح کی ہے۔ (اور اُس کی شرائط یہ ہیں)

(۱) مکہ میں (آئندہ سال) آئیں تو سوائے تلوار کے اور وہ بھی غلاف میں بند، کوئی ہتھیار لے کر نہ آئیں۔

(۲) مکہ میں داخل ہونے کے بعد اگر مکہ کا کوئی شخص ان کے ساتھ جانے کا ارادہ کرے تو اس کو ساتھ نہ لے جائیں۔

(۳) اگر ان کے ساتھیوں میں سے کوئی شخص مکہ میں رہ جانے کا ارادہ کرے تو اس کو منع نہ کریں۔

جب آئندہ سال رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں تشریف لائے اور تین روز گزر گئے تو کفارِ قریش حضرت علیؓ کے پاس آئے اور کہا اپنے دوست سے کہو کہ اب ہمارے شہر سے چلے جائیں اِس لئے کہ مدت گزر گئی چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے روانہ ہو گئے۔ (بخاری و مسلم)

بَابُ اِخْرَاجِ الْيَهُوْدِ مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ

جزیرۂ عرب سے یہود کو نکال دینے کا بیان

فَصْلُ اوّل

جزیرۃ العرب سے یہودیوں کا اخراج

۳۸۷۱ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ فِی الْمَسْجِدِ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْطَلِقُوْا اِلٰی يَهُوْدَ فَخَرَجْنَا مَعَهٗ حَتّٰی جِئْنَا بَيْتَ الْمِدْرَاسِ فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ يَهُوْدَ اَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا اِعْلَمُوْا اَنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَاِنِّیْ اُرِيْدُ اَنْ اُجْلِيَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الْاَرْضِ فَمَنْ وَجَدَ مِنْكُمْ بِمَالِهٖ شَيْئًا فَلْيَبِعْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں ہم مسجد میں بیٹھے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا یہود کی طرف چلو۔ ہم آپ کے ساتھ ہو لئے اور یہود کے مدرسہ میں پہنچے۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کے درمیان کھڑے ہو کر فرمایا۔ اے گروہِ یہود! تم مسلمان ہو جاؤ تاکہ تم سلامت رہو واضح ہو کہ زمین خدا اور اس کے رسول کی ہے اور میں نے یہ ارادہ کر لیا ہے کہ میں تم کو اس زمین سے جلاوطن کر دوں پس تم اپنے مال سے جس چیز کو فروخت کرنا چاہو فروخت کر دو۔ (بخاری و مسلم)

۳۸۷۲/۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَامَ عُمَرُ خَطِيْبًا فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَامَلَ يَهُوْدَ خَيْبَرَ عَلٰی اَمْوَالِهِمْ وَقَالَ نُقِرُّكُمْ مَا اَقَرَّكُمُ اللّٰهُ وَقَدْ رَاَيْتُ اِجْلَاءَهُمْ فَلَمَّا اجْمَعَ عُمَرُ عَلٰی ذٰلِكَ اَتَاهُ اَحَدُ بَنِیْ اَبِی الْحُقَيْقِ فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَتُخْرِجُنَا وَقَدْ اَقَرَّنَا مُحَمَّدٌ وَعَامَلَنَا عَلَی الْاَمْوَالِ فَقَالَ عُمَرُ اَظَنَنْتَ اَنِّیْ نَسِيْتُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ بِكَ اِذَا اُخْرِجْتَ مِنْ خَيْبَرَ تَعْدُوْ بِكَ قَلُوْصُكَ لَيْلَةً بَعْدَ لَيْلَةٍ فَقَالَ هٰذِهٖ كَانَتْ هُزَيْلَةً مِّنْ اَبِی الْقَاسِمِ فَقَالَ كَذَبْتَ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ فَاَجْلَاهُمْ عُمَرُ وَاَعْطَاهُمْ قِيْمَةَ مَا كَانَ لَهُمْ مِنَ الثَّمَرِ مَالًا وَّاِبِلًا وَّعُرُوْضًا مِّنْ اَقْتَابٍ وَّحِبَالٍ وَّغَيْرِ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے خطبہ دیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے یہودیوں سے معاملہ کر لیا تھا یعنی اس طرح کہ ان کی زمینیں ان کے پاس رہیں گی اور محاصل میں سے آدھا ان سے لے لیا جایا کرے گا اور ان پر جزیہ بھی مقرر کیا تھا اور یہ فرمایا تھا کہ ہم تم کو اس وقت تک باقی رکھیں گے جب تک کہ خدا تم کو باقی رکھے گا (یعنی جب تک کہ تمہارے نکال دینے کا ہم کو حکم نہ دے گا) اب میں ان کی جلاوطنی کو مناسب سمجھتا ہوں۔ پھر جب حضرت عمرؓ نے یہود کو جلاوطن کرنے کا ارادہ کر لیا تو قبیلۂ ابی الحقیق کا ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا امیر المومنین! کیا آپ ہم کو نکالتے ہیں حالانکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم کو ٹھہرایا تھا اور مال پر ہم سے معاملہ کر لیا تھا حضرت عمرؓ نے فرمایا کیا تو یہ خیال کرتا ہے کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا وہ قول بھول گیا ہوں جو تجھ سے فرمایا تھا یعنی یہ کہ اس وقت تیرا کیا حال ہوگا اور تو کیا کریگا جب کہ تو خیبر سے نکالا جائیگا راتوں رات اور تیری اونٹنی تیرے ساتھ دوڑتی ہوگی۔ ابن ابی الحقیق نے کہا کہ ابوالقاسم (یعنی آنحضرتؐ) نے یہ بات مذاق کے طور پر کہی تھی عمرؓ نے کہا خدا کے دشمن تو جھوٹا ہے (آپ نے مزاح کے طور پر نہیں فرمایا تھا) پھر حضرت عمرؓ نے یہود کو جلاوطن کر دیا اور ان کے پھلوں وغیرہ کی قیمت میں مال، اونٹ اور اسباب یعنی پالا اور رسیاں وغیرہ دے دیں۔ (بخاری)

مشرکین کو جزیرۃ العرب سے جلاوطن کر دینے کے لئے آنحضرتؐ کی وصیت

۳۸۷۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصٰى بِثَلٰثَةٍ قَالَ اَخْرِجُوا الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ وَاَجِيْزُوا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ اُجِيْزُهُمْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَسَكَتَ عَنِ الثَّالِثَةِ اَوْ قَالَ فَاَنْسِيْتُهَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے (وفات کے وقت) تین باتوں کی وصیت فرمائی ایک تو یہ کہ مشرکوں کو جزیرۂ عرب سے باہر نکال دیا جائے دوسرے یہ کہ قاصدوں اور ایلچیوں سے ایسا ہی سلوک کرنا جیسا کہ میں کیا کرتا تھا۔ ابن عباس رضؓ نے کہا اور تیسری بات سے آپ نے سکوت فرمایا ابن عباس رضؓ نے یہ کہا کہ تیسری بات کو میں بھول گیا (بخاری و مسلم)

جزیرۃ العرب سے یہودیوں اور نصاریٰ کی جلاوطنی

۳۸۷۴ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَاُخْرِجَنَّ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ حَتّٰى لَا اَدَعَ فِيْهَا اِلَّا مُسْلِمًا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَئِنْ عِشْتُ اِنْشَاءَ اللّٰهُ لَاُخْرِجَنَّ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضؓ کہتے ہیں کہ عمر بن خطاب رضؓ نے مجھ سے بیان کیا کہ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں یہود و نصاریٰ کو جزیرۂ عرب سے نکال دوں گا یہاں تک کہ مسلمان کے سوا کسی کو باقی نہ چھوڑوں گا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے یہ فرمایا اگر میں زندہ رہا تو انشاء اللہ یہود و نصاریٰ کو جزیرۂ عرب سے نکال دوں گا۔ (مسلم)

فصل دوم

لَيْسَ فِيْهِ اِلَّا حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ لَا يَكُوْنُ قِبْلَتَانِ وَقَدْ مَرَّ فِيْ بَابِ الْجِزْيَةِ۔

اس فصل میں صرف ایک حدیث ابن عباس رضؓ کی تھی جس کا شروع یہ ہے کہ ایک زمین میں دو قبلے مناسب نہیں ہیں جس کو ہم جزیہ کے بیان میں درج کر چکے ہیں۔

فصل سوم

حجاز سے یہود و نصاریٰ کی جلاوطنی کا کام حضرت عمر رضؓ کے ہاتھوں انجام پایا

۳۸۷۵ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ اَجْلَى الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى مِنْ اَرْضِ الْحِجَازِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا ظَهَرَ عَلٰى اَهْلِ خَيْبَرَ اَرَادَ اَنْ يُّخْرِجَ الْيَهُوْدَ مِنْهَا وَكَانَتِ الْاَرْضُ لَمَّا ظَهَرَ عَلَيْهَا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ فَسَاَلَ الْيَهُوْدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتْرُكَهُمْ عَلٰى اَنْ يَّكْفُوْا الْعَمَلَ وَلَهُمْ نِصْفُ الثَّمَرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُقِرُّكُمْ عَلٰى ذٰلِكَ مَا شِئْنَا فَاَقَرُّوْا حَتّٰى اَجْلَاهُمْ عُمَرُ فِيْ اِمَارَتِهٖ اِلٰى تَيْمَاءَ وَاَرِيْحَاءَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضؓ نے یہود و نصاریٰ کو زمین حجاز یعنی جزیرۂ عرب سے جلاوطن کیا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب خیبر پر غلبہ حاصل کیا تو یہود کو خیبر سے نکال دینے کا خیال ظاہر کیا تھا اس لئے کہ خیبر کی زمین پر قبضہ ہو جانے کے بعد اب وہ خدا کی اس کے رسولؐ کی اور تمام مسلمانوں کی تھی۔ یہود نے آپ کے ارادہ کو معلوم کر کے آپ سے عرض کیا۔ اگر اس شرط پر ان کو رہنے کی اجازت دے دی جائے تو بہتر ہے کہ کاشتکاری کے سارے کام وہ کریں گے اور پیداوار میں سے نصف آپ کو دیدیا جائے گا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ سنکر فرمایا ہم اس شرط کے موافق جب تک ہمارا جی چاہے گا تم کو رہنے دیں گے۔ چنانچہ ان کو اجازت دیدی گئی۔ پھر حضرت عمر رضؓ نے اپنے زمانۂ خلافت میں ان کو تیما اور اریحا کی طرف جلاوطن کر دیا۔ (بخاری و مسلم)

بَابُ الْفَیْءِ

جو مال کفّار سے بغیر جنگ ہاتھ آئے اُس کا بیان

فصل اوّل

مالِ فئی کا مصرف

۳۸۷۶ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ خَصَّ رَسُوْلَهٗ فِیْ هٰذَا الْفَیْءِ بِشَیْءٍ لَمْ یُعْطِهٖ اَحَدًا غَیْرَهٗ ثُمَّ قَرَءَ مَا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ اِلٰی قَوْلِهٖ قَدِیْرٌ فَكَانَتْ هٰذِهٖ خَالِصَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُنْفِقُ عَلٰی اَهْلِهٖ نَفَقَةَ سَنَتِهِمْ مِنْ هٰذَا الْمَالِ ثُمَّ یَاْخُذُ مَا بَقِیَ فَیَجْعَلُهٗ مَجْعَلَ مَالِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت مالک رضؓ ابن اوس بن حدثان کہتے ہیں کہ عمر بن خطاب رضؓ نے کہا ہے کہ خداوند تعالےٰ نے مالِ فئی میں سے ایک خاص چیز کو اپنے رسول کے لئے مخصوص کر دیا تھا کہ وہ چیز کسی دوسرے کو عطا نہیں کی تھی پھر حضرت عمر رضؓ نے یہ آیت پڑھی مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ قدیر تک۔ پس یہ مال خالص پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے تھا آپ اس کو اپنے گھر والوں پر صرف فرماتے تھے اور سال بھر کا خرچ اس مال میں نکال لیتے تھے پھر جس قدر بچتا تھا اس کو خدا کا مال قرار دے کر مسلمانوں کے مصالح میں خرچ فرماتے تھے۔ (بخاری و مسلم)

۳۸۷۷ وَعَنْهُ عَنْ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ اَمْوَالُ بَنِی النَّضِیْرِ مِمَّا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مِمَّا لَمْ یُوْجِفِ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَیْهِ بِخَیْلٍ وَّلَا رِكَابٍ فَكَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً یُنْفِقُ عَلٰی اَهْلِهٖ نَفَقَةَ سَنَةٍ ثُمَّ یَجْعَلُ مَا بَقِیَ فِی السِّلَاحِ وَالْكُرَاعِ عُدَّةً فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت عمر رضؓ نے فرمایا کہ یہود بنی نضیر کا مال اس قسم کے مال میں سے تھا جس کو اللہ تعالےٰ نے اپنے رسول کو عطا فرمایا تھا کہ اس لئے مسلمانوں نے نہ تو گھوڑے دوڑائے تھے اور نہ اونٹ اس لئے وہ مال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص ہو گیا جس کو آپ سال بھر تک اپنے گھر والوں پر خرچ کرتے تھے اور جو کچھ بچ رہتا تھا اس کو ہتھیاروں اور چارپایوں کی خریداری پر خرچ کر دیتے تھے تاکہ وہ خدا کی راہ میں تیاری وسامان میں کام آئے۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

آنحضرتؐ کی طرف سے مالِ فئی کی تقسیم

۳۸۷۸ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَتَاهُ الْفَیْءُ قَسَمَهٗ فِیْ یَوْمِهٖ فَاَعْطَی الْاَهْلَ حَظَّیْنِ وَاَعْطَی الْاَعْزَبَ حَظًّا فَدُعِیْتُ فَاَعْطَانِیْ حَظَّیْنِ وَكَانَ لِیْ اَهْلٌ ثُمَّ دُعِیَ بَعْدِیْ عَمَّارُ بْنُ یَاسِرٍ فَاَعْطَی حَظًّا وَّاحِدًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عوف بن مالک رضؓ کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہیں سے مالِ فئی آتا تو آپ اس کو اسی روز تقسیم فرما دیتے یعنی بیوی والے کو دو حصے دیتے اور مجرّد کو ایک حصہ چنانچہ (ایک مرتبہ) مجھ کو بلایا گیا اور دو حصے مجھ کو مرحمت فرمائے (اس لئے کہ میری بیوی تھی۔ میرے بعد عمار بن یاسر رضؓ کو بلایا گیا اور اس کو ایک حصہ دیا گیا۔ (ابوداؤد)

لہ مالِ فئی سے یہ مراد ہے وہ مال جو بغیر جنگ وجدال کے کفار سے حاصل ہو۔ یہ مال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص تھا اور اس میں سے کچھ ذوی القربیٰ کو بھی دیا جاتا تھا۔ ۱۲ مترجم

۳۸۷۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلَ مَا جَاءَهٗ فَيْءٌ بَدَاَ بِالْمُحَرَّرِيْنَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس فئی کا مال آتا تو آپ سب سے پہلے ان لوگوں (غلاموں) کو دیتے جن کو آزاد کیا گیا ہوتا۔ (ابوداؤد)

۳۸۸۰ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِظَبْيَةٍ فِيْهَا خَرَزٌ فَقَسَّمَهَا لِلْحُرَّةِ وَالْاَمَةِ قَالَتْ عَائِشَةُ كَانَ اَبِيْ يُقْسِمُ لِلْحُرِّ وَالْعَبْدِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک تھیلہ لایا گیا جس میں نگینے بھرے ہوئے تھے آپ نے ان نگینوں کو بیویوں اور لونڈیوں پر تقسیم کر دیا۔ حضرت عائشہ رضؓ کا بیان ہے کہ میرے والد (ابوبکر رضؓ) آزاد اور غلام دونوں کو تقسیم فرمایا کرتے تھے۔ (ابوداؤد)

مال فئی کی تقسیم میں فرق مراتب کا لحاظ

۳۸۸۱ وَعَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ قَالَ ذَكَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَوْمًا الْفَيْءَ فَقَالَ مَا اَنَا اَحَقُّ بِهٰذَا الْفَيْءِ مِنْكُمْ وَمَا اَحَدٌ مِنَّا بِاَحَقَّ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا اَنَّا عَلٰى مَنَازِلِنَا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَقَسْمِ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَالرَّجُلُ وَقِدَمُهٗ وَالرَّجُلُ وَبَلَاؤُهٗ وَالرَّجُلُ وَعِيَالُهٗ وَالرَّجُلُ وَحَاجَتُهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت مالک رضؓ بن اوس بن حدثان کہتے ہیں کہ ایک روز حضرت عمر رضؓ نے مالِ فئی کا ذکر فرمایا اور کہا کہ میں مالِ فئی کا تم سے زیادہ مستحق نہیں اور نہ ہم میں سے کوئی شخص اس مال کا کسی دوسرے سے زیادہ مستحق ہے بلکہ کتاب اللہ اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی تقسیم کے مطابق ہمارے درجے اور مرتبے ہیں ایک شخص ہے اور اس کی قدامت، اور ایک شخص ہے اور اس کی شجاعت و مشقت اور کوشش۔ اور ایک شخص ہے اور اس کے اہل و عیال، اور ایک شخص ہے اور اس کی ضرورت و حاجت (یعنی ہر شخص کو اُس کے مرتبہ کے موافق دیا جاتا ہے۔ (ابوداؤد)

۳۸۸۲ وَعَنْهُ قَالَ قَرَاَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ حَتّٰى بَلَغَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ فَقَالَ هٰذِهٖ لِهٰؤُلَآءِ ثُمَّ قَرَاَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ حَتّٰى بَلَغَ وَابْنِ السَّبِيْلِ ثُمَّ قَالَ هٰذِهٖ لِهٰؤُلَآءِ ثُمَّ قَرَاَ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى حَتّٰى بَلَغَ لِلْفُقَرَآءِ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْ بَعْدِهِمْ ثُمَّ قَالَ هٰذِهٖ اسْتَوْعَبَتِ الْمُسْلِمِيْنَ عَامَّةً فَلَئِنْ عِشْتُ فَلَيَاْتِيَنَّ الرَّاعِيَ وَهُوَ بِسَرْوِ حِمْيَرَ نَصِيْبُهٗ مِنْهَا لَمْ يَعْرَقْ فِيْهَا جَبِيْنُهٗ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت مالک رضؓ بن اوس رضؓ کہتے ہیں کہ عمر بن خطاب رضؓ نے یہ آیت پڑھی اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ اور اس آیت کو عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ تک پڑھا۔ پھر فرمایا۔ زکوٰۃ تو ان لوگوں کے لئے ہے۔ پھر یہ آیت پڑھی وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ تا اِبْنِ السَّبِيْلِ اور فرمایا مالِ غنیمت کا یہ پانچواں حصہ جس کا آیت میں ذکر ہے ذوی القربیٰ کے لئے ہے۔ پھر آیت پڑھی مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى لِلْفُقَرَآءِ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْ بَعْدِهِمْ تک اور فرمایا، اس آیت نے پورا کیا سارے مسلمانوں کو، پس اگر میں زندہ رہا تو البتہ اس چرواہے کو بھی اس کا حصہ پہنچے گا جو مقامِ بسر و حمیر میں ہوگا ہاں اس مال فئی میں سے جس کے لئے اس کی پیشانی پسینہ نہ لائے گی (شرح السنۃ)

قضیۂ فدک میں حضرت عمر رضؓ کا استدلال

۳۸۸۳ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ فِيْمَا احْتَجَّ بِهٖ عُمَرُ اَنْ

حضرت مالک بن اوس رضؓ کہتے ہیں کہ فدک کے قبضہ میں حضرت عمر رضؓ نے

قَالَ كَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثُ صَفَايَا بَنُو النَّضِيْرِ وَخَيْبَرُ وَفَدَكُ فَاَمَّا بَنُو النَّضِيْرِ فَكَانَتْ حَبْسًا لِنَوَائِبِهٖ وَاَمَّا فَدَكُ فَكَانَتْ حَبْسًا لِاَبْنَاءِ السَّبِيْلِ وَاَمَّا خَيْبَرُ فَجَزَّاَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةَ اَجْزَاءٍ جُزْءَيْنِ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَجُزْءً نَفَقَةً لِاَهْلِهٖ فَمَا فَضَلَ عَنْ نَفَقَةِ اَهْلِهٖ جَعَلَهٗ بَيْنَ فُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اس امر سے حجت قائم کی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تین صفایا[1] تھیں (یعنی تین ایسی چیزیں تھیں جن کو آپ نے مالِ غنیمت میں سے اپنے لئے مخصوص کرلیا تھا) ایک تو بنو نضیر کی املاک۔ دوسرے خیبر کی زمین اور تیسرے فدک۔ ان میں سے بنو نضیر کی زمین کے محاصل رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ خاص پر صرف ہوتے تھے یعنی آپ کے مہمانوں پر اور ہتھیاروں پر سواری وغیرہ کی خریداری پر۔ فدک کے محاصل مسافروں کی امداد کے لئے مخصوص تھے اور خیبر کے محاصل اس کے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تین حصے کر رکھے تھے۔ دو حصے مسلمانو پر خرچ کئے جاتے تھے اور ایک حصہ گھر کے (آدمیوں کے لئے) مخصوص تھا اور بیویوں کے مصارف سے جس قدر بچتا تھا اس کو فقراء مہاجرین پر خرچ فرما دیتے تھے۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

قضیۂ فدک وغیرہ کی تفصیل

۳۸۸۴/۹ عَنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ اِنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ جَمَعَ بَنِيْ مَرْوَانَ حِيْنَ اسْتُخْلِفَ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَهٗ فَدَكُ فَكَانَ يُنْفِقُ مِنْهَا وَيَعُوْدُ مِنْهَا عَلٰى صَغِيْرِ بَنِيْ هَاشِمٍ وَيُزَوِّجُ مِنْهَا اَيِّمَهُمْ وَاِنَّ فَاطِمَةَ سَاَلَتْهُ اَنْ يَجْعَلَهَا لَهَا فَاَبٰى فَكَانَتْ كَذٰلِكَ فِيْ حَيٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهٖ فَلَمَّا اَنْ وَلِيَ اَبُوْبَكْرٍ عَمِلَ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَيٰوتِهٖ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهٖ فَلَمَّا اَنْ وَلِيَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَمِلَ فِيْهَا بِمِثْلِ مَا عَمِلَا حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهٖ ثُمَّ اَقْطَعَهَا مَرْوَانُ ثُمَّ صَارَتْ لِعُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فَرَاَيْتُ اَمْرًا مَنَعَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ لَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ وَاِنِّيْ اُشْهِدُكُمْ اَنِّيْ رَدَدْتُهَا عَلٰى مَا كَانَتْ يَعْنِيْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت مغیرہؓ کہتے ہیں کہ عمر بن عبد العزیزؒ کو جب خلیفہ بنایا گیا تو انھوں نے مروان کے بیٹوں کو جمع کیا اور فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس فدک تھا جس کی آمدنی سے وہ اپنے اہل وعیال پر خرچ کرتے تھے اور بنو ہاشم کے چھوٹے بچوں سے سلوک فرماتے تھے اور مجرد مرد عورت کا نکاح کرتے تھے۔ ایک مرتبہ حضرت فاطمہ نے آپ سے سوال کیا کہ فدک کی آمدنی میں سے ان کو بھی کچھ دیا جائے۔ لیکن آپ نے انکار فرما دیا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں اسی پر عمل ہوتا رہا یہاں تک کہ آپ نے وفات پائی۔ پھر حضرت ابوبکر خلیفہ ہوئے اور انھوں نے اسی طریقہ پر عمل کیا جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ نے کیا یہاں تک کہ انھوں نے بھی وفات پائی۔ پھر مروان نے فدک کو اپنا جاگیر بنالیا۔ پھر فدک عمر بن عبد العزیز بن مروان کی جاگیر بنا۔ پس میں نے دیکھا کہ جس چیز کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی فاطمہؓ کو نہیں دیا وہ کسی طرح میرا حق نہیں ہوسکتی اور میں تم کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے فدک کو پھر اسی طریق پر واپس کر دیا جس پر وہ پہلے تھا یعنی جس طریقہ پر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں اور حضرت عمرؓ کی خلافت میں اس کے محاصل خرچ کئے جاتے تھے۔ (ابوداؤد)

---

[1] یہ صفیہ کی جمع ہے۔ اُس چیز کو کہتے جس کو آنحضرتؐ نے مالِ غنیمت میں سے اپنے لئے مخصوص فرمالیا ہو۔ مگر آپ کے بعد کسی امام کیلئے یہ جائز نہیں۔ ۱۲

كِتَابُ الصَّيْدِ وَالذَّبَائِحِ مذبوح جانوروں اور شکار کا بیان

فَصْلُ اوّل

کتے اور تیر کے ذریعے کئے گئے شکار کا مسئلہ

۳۸۸۵ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرْسَلْتَ كَلْبَكَ فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَاِنْ اَمْسَكَ عَلَيْكَ فَاَدْرَكْتَهٗ حَيًّا فَاذْبَحْهُ وَاِنْ اَدْرَكْتَهٗ قَدْ قَتَلَ وَلَمْ يَاْكُلْ مِنْهُ فَكُلْهُ وَاِنْ اَكَلَ فَلَا تَاْكُلْ فَاِنَّمَا اَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهٖ فَاِنْ وَجَدْتَ مَعَ كَلْبِكَ كَلْبًا غَيْرَهٗ وَقَدْ قَتَلَ فَلَا تَاْكُلْ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِيْ اَيُّهُمَا قَتَلَ وَاِذَا رَمَيْتَ بِسَهْمِكَ فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَاِنْ غَابَ عَنْكَ يَوْمًا فَلَمْ تَجِدْ فِيْهِ اِلَّا اَثَرَ سَهْمِكَ فَكُلْ اِنْ شِئْتَ وَاِنْ وَجَدْتَّهٗ غَرِيْقًا فِي الْمَاءِ فَلَا تَاْكُلْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عدیؓ بن حاتم کہتے ہیں کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو تربیت یافتہ کتے کو شکار پر چھوڑنے کا ارادہ کرے تو خدا کا نام لے (یعنی بسم اللہ اللہ اکبر کہہ) پھر اگر تیرا کتا شکار کو پکڑ رکھے اور تو اس کو زندہ پائے تو ذبح کر لے اور اگر شکار کو مُردہ پائے اور کتے نے اس کا گوشت نہ کھایا ہو تو اس کا گوشت کھا لے اور اگر کتے نے اس شکار میں سے کچھ کھا لیا ہو تو پھر اس شکار میں سے نہ کھا اس لئے کہ اس کو کتے نے اپنے کھانے کے لئے رکھ لیا ہے اور اگر تیرے کتے کے ساتھ کسی اور کا کتا ہو اور دونوں میں سے کسی نے شکار کو مار ڈالا ہو تو تو اس کا گوشت نہ کھا اس لئے کہ تجھ کو معلوم نہیں ان میں سے کس نے شکار کو مارا جب تو شکار پر اپنا تیر چلائے تو خدا کا نام لے پھر اگر شکار ایک دن تک تجھ کو نہ ملے (اور دوسرے دن تو اس کو پائے اور اس میں تیرے تیر کا نشان موجود نہ ہو، تو اس کو کھا لے اگر تیرا جی چاہے اور اگر تو شکار کو پانی میں پڑا ہوا اور مردہ پائے تو نہ کھا اگرچہ اس میں تیر کا نشان موجود ہو (اس لئے کہ ممکن ہے وہ پانی سے مرا ہو)۔ (بخاری و مسلم)

۳۸۸۶/۲ وَعَنْهُ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نُرْسِلُ الْكِلَابَ الْمُعَلَّمَةَ قَالَ كُلْ مَا اَمْسَكْنَ عَلَيْكَ قُلْتُ وَاِنْ قَتَلْنَ قَالَ وَاِنْ قَتَلْنَ قُلْتُ اِنَّا نَرْمِيْ بِالْمِعْرَاضِ قَالَ كُلْ مَا خَزَقَ وَمَا اَصَابَ بِعَرْضِهٖ فَقَتَلَهٗ فَاِنَّهٗ وَقِيْذٌ فَلَا تَاْكُلْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عدی بن حاتم کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم تربیت یافتہ یا سکھائے ہوئے کتوں کو شکار پر چھوڑتے ہیں (اس کا کیا حکم ہے؟) آپ نے فرمایا اگر وہ کتے تیرے لئے شکار کو پکڑ رکھیں تو تو اس کا گوشت کھا لے۔ میں نے عرض کیا اگر کتے میرے شکار کو مار ڈالیں؟ آپ نے فرمایا اگر مار ڈالیں (یعنی مار ڈالیں تب بھی کھا لے) میں نے عرض کیا ہم بغیر پھل کا تیر شکار پر چلاتے ہیں (کیا ان کا شکار حلال ہے) آپ نے فرمایا جس شکار کو تیر زخمی کر دے (یعنی اس کے جسم پر سیدھا نوک کی طرف سے جا کر لگے اور وہ مر جائے) اس کو کھا لے اور جو تیر نوک کی طرف سے نہیں بلکہ عرض کی طرف سے جا کر لگے اور اس کو مار ڈالے وہ قید ہے (یعنی وہ شکار جس کو لکڑی پتھر سے مارا جائے اور وہ مر جائے اس کو نہ کھا۔) (بخاری و مسلم)

۳۸۸۷/۳ وَعَنْ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنَّا بِاَرْضِ قَوْمٍ اَهْلِ الْكِتَابِ اَفَنَاْكُلُ فِيْ اٰنِيَتِهِمْ وَبِاَرْضِ صَيْدٍ اَصِيْدُ بِقَوْسِيْ

حضرت ثعلبہ خشنی رضؓ کہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا اے خدا کے نبی! ہم اہل کتاب لوگوں میں رہتے ہیں کیا ان کے برتنوں میں ہم کھانا کھائیں اور ہم ایسی زمین میں رہتے ہیں جہاں شکار بہت ہے اور میں اپنی کمان

وَبِكَلْبِيْ الَّذِيْ لَيْسَ بِمُعَلَّمٍ وَبِكَلْبِيْ الْمُعَلَّمِ فَمَا يَصْلُحُ لِيْ قَالَ اَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ اٰنِيَةِ اَهْلِ الْكِتَابِ فَاِنْ وَجَدْتُمْ غَيْرَهَا فَلَا تَاْكُلُوْا فِيْهَا وَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاغْسِلُوْهَا وَكُلُوْا فِيْهَا وَمَا صِدْتَ بِقَوْسِكَ فَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ وَمَا صِدْتَ بِكَلْبِكَ الْمُعَلَّمِ فَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ وَمَا صِدْتَ بِكَلْبِكَ غَيْرِ مُعَلَّمٍ فَاَدْرَكْتَ زَكَاتَهٗ فَكُلْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور اپنے غیر تربیت یافتہ کتوں سے شکار کرتا ہوں ان میں سے کون چیز میرے لئے درست ہے۔ آپ نے فرمایا تو نے اہل کتاب کے برتنوں کا جو ذکر کیا ہے (ان کے متعلق یہ حکم ہے کہ) اگر اور برتن (ان کے سوا) مل سکیں تو ان میں نہ کھا۔ اور اگر دوسرے برتن نہ ملیں تو ان کو خوب دھو اور پھر ان میں کھالے اور جو چیز تو اپنی کمان سے شکار کرے اور اس پر اللہ کا نام لے اس کو کھالے اور جو چیز کہ تو تربیت یافتہ کتے سے شکار کرے اور اس پر خدا کا نام لے اس کو بھی کھالے اور جو چیز کہ تو غیر تربیت یافتہ کتے سے شکار کرے اور اس کو زندہ پائے تو ذبح کر اور کھالے۔ (بخاری و مسلم)

بدبودار گوشت کا حکم

۳۸۸۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَمَيْتَ بِسَهْمِكَ فَغَابَ عَنْكَ فَاَدْرَكْتَهٗ فَكُلْ مَا لَمْ يُنْتِنْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ثعلبہ رض خشنی کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تو اپنا تیر چلائے اور تیرا شکار غائب ہو جائے اور پھر تو اس کو پائے (اور اس میں تیرے تیر کا نشان موجود ہو) تو اس کو کھالے جب تک کہ شکار میں بو پیدا نہ ہو۔ (مسلم)

۳۸۸۹ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الَّذِيْ يُدْرِكُ صَيْدَهٗ بَعْدَ ثَلٰثٍ فَكُلْهُ مَا لَمْ يُنْتِنْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ثعلبہ خشنی رض کہتے ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اس شکار کی نسبت جس کو شکار کرنے کے بعد شکاری تیسرے دن پائے فرمایا اگر اس میں بو پیدا نہ ہو گئی ہو تو اس کو کھا لیا جائے۔ (مسلم)

مشتبہ ذبیحہ کا حکم

۳۸۹۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هٰهُنَا اَقْوَامًا حَدِيْثُ عَهْدِهِمْ بِشِرْكٍ يَاْتُوْنَنَا بِلُحْمَانٍ لَا نَدْرِيْ اَيَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا اَمْ لَا قَالَ اذْكُرُوْا اَنْتُمُ اسْمَ اللّٰهِ وَكُلُوْا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ رض کہتی ہیں صحابہ رض نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس جگہ ایسے لوگ رہتے ہیں جن کے شرک کا زمانہ بہت قریب ہے (یعنی نو مسلم ہیں) یہ لوگ ہمارے پاس گوشت لاتے ہیں اور ہم کو اس کا علم نہیں ہوتا کہ وہ ذبح کے وقت خدا کا نام لیتے ہیں یا نہیں۔ آپ نے فرمایا تم کھاتے وقت بسم اللہ کہہ کر کھا لیا کرو۔ (بخاری)

غیر اللہ کے نام کا ذبیحہ حرام ہے

۳۸۹۱ وَعَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ سُئِلَ عَلِيٌّ هَلْ خَصَّكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ فَقَالَ مَا خَصَّنَا بِشَيْءٍ لَمْ يَعُمَّ بِهِ النَّاسَ اِلَّا مَا فِيْ قِرَابِ سَيْفِيْ هٰذَا فَاَخْرَجَ صَحِيْفَةً فِيْهَا لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللّٰهِ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ سَرَقَ مَنَارَ الْاَرْضِ وَفِيْ رِوَايَةٍ مَنْ غَيَّرَ مَنَارَ الْاَرْضِ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ لَعَنَ وَالِدَهٗ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ اٰوٰى مُحْدِثًا

حضرت ابی الطفیل رض کہتے ہیں کہ حضرت علی رض سے پوچھا گیا کہ کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تم کو (یعنی اہل بیت کو کسی چیز کے ساتھ مخصوص و ممتاز کیا ہے حضرت علی رض نے فرمایا ہم کو کسی ایسی چیز کے ساتھ مخصوص و ممتاز نہیں کیا گیا جو لوگوں کو عام طور پر نہ دی گئی ہو۔ البتہ اس چیز کے ساتھ مخصوص و ممتاز کیا گیا ہے جو اس میری تلوار کے غلاف کے اندر ہے۔ (یعنی یہ چیز ہم کو خاص طور پر دی گئی ہے لیکن میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس کے اندر جو احکام ہیں وہ عام مسلمانوں کے لئے ہیں یا خاص ہمارے

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ) لئے) یہ کہہ کر حضرت علی رضؓ نے تلوار کے غلاف میں سے ایک کاغذ نکالا جس میں لکھا تھا کہ اس شخص پر خدا کی لعنت ہو جو خدا کے نام کے سوا کسی غیر نام پر جانور کو ذبح کرے اور اس شخص پر خدا کی لعنت ہو جو زمین کا نشان چرائے (یعنی حدود کے نشان کا پتھر وغیرہ) اور ایک روایت میں یہ الفاظ درج ہیں کہ خدا کی لعنت ہو اس شخص پر جو زمین کی علامت میں تغیر و تبدل کرے اور اس شخص پر جو اپنے باپ پر لعنت کرے اور اس شخص پر خدا کی لعنت ہو جو بدعتی کو ٹھکانا دے۔ (مسلم)

جو چیز بھی خون بہا دے اس سے ذبح کرنا جائز ہے

۳۸۹۲/۸ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا لَاقُوا الْعَدُوِّ غَدًا وَّلَيْسَتْ مَعَنَا مُدًى أَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ قَالَ مَا أَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ فَكُلْ لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ وَسَأُحَدِّثُكَ عَنْهُ أَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ وَأَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشِ وَأَصَبْنَا نَهْبَ إِبِلٍ وَّغَنَمٍ فَنَدَّ مِنْهَا بَعِيرٌ فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِهٰذِهِ الْإِبِلِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ فَإِذَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا شَيْءٌ فَافْعَلُوا بِهٖ هٰكَذَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت رافع بن خدیج رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کل کو ہم دشمن سے مقابلہ کرنے والے ہیں اور ہمارے پاس چھریاں نہیں ہیں کیا ہم بانس کی کھپاچ سے ذبح کر لیں؟ آپ نے فرمایا جو چیز خون کو بہا دے اور جس ذبیحہ پر خدا کا نام لیا جائے اس کو کھا لے لیکن دانت اور ہڈی سے ذبح کرنا درست نہیں اور ان دونوں چیزوں کا حال میں تجھ سے بیان کرتا ہوں۔ دانت تو ہڈی ہے اور ناخن حبشیوں کی چھریاں ہیں راوی کا بیان ہے کہ ہم کو لوٹ کے اونٹ اور بکریاں ملیں ان میں سے ایک اونٹ بھاگ نکلا۔ ایک شخص نے اس اونٹ کے تیر مارا اور اس کو روک دیا (یعنی وہ تیر کھا کر رک گیا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دیکھ کر فرمایا۔ پالتو اور گھریلو اونٹوں میں بھاگنے اور نفرت کرنے والے اونٹ بھی ہیں (یعنی ان میں بعض میں تو وحشت زیادہ ہوتا ہے) جس طرح جنگلی جانور بھاگتے اور نفرت کرتے ہیں، پس جس وقت کہ پالتو اور گھریلو جانوروں میں وحشت پیدا ہو جائے اور وہ قابو سے نکل جائیں تو ان کے ساتھ یہی عمل کرو (یعنی جنگلی جانوروں کا ذبح اور شکار کے مسائل میں۔) (بخاری و مسلم)

پتھر کے ذریعہ ذبح کیا ہوا جانور حلال ہے

۳۸۹۳/۹ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهٗ كَانَ لَهٗ غَنَمٌ تَرْعٰى بِسَلْعٍ فَأَبْصَرَتْ جَارِيَةٌ لَنَا بِشَاةٍ مِنْ غَنَمِنَا مَوْتًا فَكَسَرَتْ حَجَرًا فَذَبَحَتْهَا بِهٖ فَسَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهٗ بِأَكْلِهَا (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت کعب رضؓ بن مالک رضؓ کہتے ہیں کہ ان کے پاس بکریوں کا ایک ریوڑ تھا جو سلع پہاڑی پر چرتا تھا۔ ایک روز ہماری ایک لونڈی نے ہماری ایک بکری کو مرتے دیکھا اس نے پتھر کا ایک ٹکڑا توڑا اور اس سے بکری کو ذبح کر لیا۔ پھر کعب رضؓ نے اس کی بابت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا (یعنی یہ کہ پتھر سے ذبح کیا ہوا جانور حلال ہے یا نہیں؟) آپ نے اس کو کھا لینے کی اجازت دیدی۔ (بخاری)

ذبح کئے جانے والے جانوروں کو خوبی و نرمی کے ساتھ ذبح کرو

۳۸۹۴/۱۰ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ عَنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى كَتَبَ الْإِحْسَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَإِذَا قَتَلْتُمْ فَأَحْسِنُوا الْقِتْلَةَ وَإِذَا ذَبَحْتُمْ فَأَحْسِنُوا الذِّبْحَ وَلْيُحِدَّ أَحَدُكُمْ شَفْرَتَهٗ وَلْيُرِحْ ذَبِيحَتَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت شداد بن اوس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ نے ہر چیز پر احسان کرنیکو واجب قرار دیا ہے (یعنی ہر چیز کے ساتھ بہترین سلوک و رواداری برتنے کا حکم دیا ہے) پس جب تم کسی کو (قصاص وغیرہ میں قتل کرو تو اچھے طور پر قتل کرو (یعنی اس کو زیادہ تکلیف نہ دو) اور جب تم ذبح کرو تو اچھے طور پر ذبح کرو اور تمکو چاہئے کہ ذبح کرنیکے لئے چھری کو اچھی طرح تیز کر لیا کرو اور ذبیحہ کو آرام دو (مسلم)

جانوروں کو باندھ کر نشانہ بنانے کی ممانعت

۳۸۹۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى اَنْ تُصْبَرَ بَهِيْمَةً اَوْ غَيْرُهَا لِلْقَتْلِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اس سے منع فرماتے سُنا ہے کہ جس جانور کو ذبح کیا جائے اس پر کوئی نشان لگا دیا جائے، نہ یہ کہ جس جانور کو ذبح کیا جائے اس کو چارہ پانی نہ دیا جائے (بخاری و مسلم)

۳۸۹۶ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ مَنِ اتَّخَذَ شَيْئًا فِيْهِ الرُّوْحُ غَرَضًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس شخص پر لعنت فرمائی ہے جو کسی جاندار چیز پر زخم کا نشان لگائے (یا نشان کے لئے زخم لگایا جائے) (بخاری و مسلم)

۳۸۹۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتَّخِذُوْا شَيْئًا فِيْهِ الرُّوْحُ غَرَضًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس چیز میں رُوح ہو اس پر نشان نہ لگایا جائے۔ (مسلم)

مُنہ پر مارنے یا مُنہ کو داغنے کی ممانعت

۳۸۹۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّرْبِ فِي الْوَجْهِ وَعَنِ الْوَسْمِ فِي الْوَجْهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منہ پر طمانچہ یا کوڑا مارنے اور منہ پر داغ دینے سے منع فرمایا ہے۔ (مسلم)

۳۸۹۹ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَيْهِ حِمَارٌ وَقَدْ وُسِمَ فِيْ وَجْهِهٖ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الَّذِيْ وَسَمَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے ایک گدھا گزرا کہ جس کے چہرے پر داغ دیا گیا تھا۔ آپ نے (اس کو دیکھ کر) فرمایا خدا کی اس شخص پر لعنت ہو جس نے اس پر داغ لگایا ہے۔ (مسلم)

جانوروں کو کسی ضرورت و مصلحت کی وجہ سے داغنا جائز ہے

۳۹۰۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ غَدَوْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ لِيُحَنِّكَهٗ فَوَافَيْتُهٗ فِيْ يَدِهِ الْمِيْسَمُ يَسِمُ اِبِلَ الصَّدَقَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ میں صبح کے وقت عبداللہ بن ابی طلحہ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لے گیا تاکہ آپ کھجور کو چبا کر اس کے تالو میں لگائیں۔ میں نے دیکھا کہ اس وقت آپ کے ہاتھ میں داغ دینے کا آلہ تھا جس سے آپ زکوٰۃ کے اونٹوں کو داغ دے رہے تھے۔ (بخاری و مسلم)

۳۹۰۱ وَعَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ مِرْبَدٍ فَرَاَيْتُهٗ يَسِمُ شَاةً حَسِبْتُهٗ قَالَ قَالَ فِيْ اٰذَانِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہشام بن زید رضؓ حضرت انس رضؓ سے نقل کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ جانوروں کے باندھنے کی جگہ تشریف رکھتے تھے اور میں نے دیکھا کہ آپ بکریوں کے کسی عضو کو داغ دے رہے تھے۔ ہشام کا بیان ہے کہ میرا خیال یہ ہے کہ انس رضؓ نے کہا کہ بکریوں کے کانوں کو داغتے تھے۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

جو چیز خون بہا دے اس کے ذریعہ ذبح کرنا درست ہے

۳۹۰۲ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ

حضرت عدی بن حاتم رضؓ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ

اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اَحَدَنَا اِذَا اَصَابَ صَيْدًا وَلَيْسَ مَعَهٗ سِكِّيْنٌ اَيَذْبَحُ بِالْمَرْوَةِ وَشِقَّةِ الْعَصَا فَقَالَ اَمْرِرِ الدَّمَ بِمَا شِئْتَ وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

اگر ہم میں سے کسی کو شکار مل جائے اور اس کے پاس چھری نہ ہو تو کیا وہ پتھر یا لکڑی کے ٹکڑے سے اس کو ذبح کر سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا، تو جس چیز سے چاہے خون کو بہا دے اور ذبح کے وقت خدا کا نام لے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

ذبح اضطراری کا حکم

۳۹۰۳/۱۹ وَعَنْ اَبِي الْعُشَرَاءِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمَا تَكُوْنُ الذَّكَاةُ اِلَّا فِي الْحَلْقِ وَاللَّبَّةِ فَقَالَ لَوْ طَعَنْتَ فِيْ فَخِذِهَا لَاَجْزَاَ عَنْكَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ اَبُوْدَاوٗدَ هٰذَا ذَكَاةُ الْمُتَرَدِّيْ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا فِي الضَّرُوْرَةِ۔

حضرت ابی العشراء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! کیا ذبح صرف حلق اور سر سینہ ہی میں ہوتا ہے (یعنی کیا ذبح صرف حلق اور سینہ کے شروع ہی پر موقوف ہے) آپ نے فرمایا اگر تو شکار کی ران میں زخم لگائے تو تیرے لئے وہی کافی ہے (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ دارمی) ابوداؤد نے کہا یہ حکم اس شکار کے لئے ہے جو کنویں میں گرا ہوا ہو۔ اور ترمذی نے کہا یہ حکم ضرورت پر موقوف ہے)

اگر تربیت یافتہ کتے وغیرہ کا پکڑا ہوا شکار مر بھی جائے تو اس کو کھانا جائز ہے

۳۹۰۴/۲۰ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا عَلَّمْتَ مِنْ كَلْبٍ اَوْ بَازٍ ثُمَّ اَرْسَلْتَهٗ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ مِمَّا اَمْسَكْنَ عَلَيْكَ قُلْتُ وَاِنْ قَتَلْنَ قَالَ اِذَا قَتَلْنَ وَلَمْ يَاْكُلْ مِنْهُ شَيْئًا فَاِنَّمَا اَمْسَكْنَهٗ عَلَيْكَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عدی بن حاتم رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس کتے یا باز کو تو نے سکھایا ہو (یعنی تربیت دی ہو) اور پھر ان میں سے تو کسی کو شکار پر چھوڑے اور خدا کا نام لے تو جس جانور کو وہ تیرے لئے پکڑ رکھیں (اور خود نہ کھائیں) اسکو تو کھالے۔ میں نے عرض کیا اگرچہ وہ شکار کو مار ڈالے؟ آپ نے فرمایا جب کہ کتا یا باز شکار کو مار ڈالے اور خود اس میں سے کچھ نہ کھائے تو اس کو اس نے تیرے لئے پکڑ رکھا ہے (ابوداؤد)

تیر کے شکار کا حکم

۳۹۰۵/۲۱ وَعَنْهُ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرْمِي الصَّيْدَ فَاَجِدُ فِيْهِ مِنَ الْغَدِ سَهْمِيْ قَالَ اِذَا عَلِمْتَ اَنَّ سَهْمَكَ قَتَلَهٗ وَلَمْ تَرَ فِيْهِ اَثَرَ سَبُعٍ فَكُلْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عدی بن حاتم رضؓ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! میں شکار پر تیر چلاتا ہوں پھر دوسرے دن اس شکار میں اپنے تیر کو پاتا ہوں (اس کا کیا حکم ہے؟) آپ نے فرمایا اگر تجھ کو اس کا یقین ہو جائے کہ تیرے تیر ہی نے اس کو مارا اور اس میں کسی درندے کا نشان نہ ہو تو تو اس کو کھالے۔ (ترمذی)

جس غیر مسلم کے ہاتھ کا ذبیحہ حلال نہیں اس کا کتے وغیرہ کے ذریعے پکڑا ہوا شکار بھی حلال نہیں

۳۹۰۶/۲۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نُهِيْنَا عَنْ صَيْدِ كَلْبِ الْمَجُوْسِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ مجوسی کے کتے کے شکار کئے ہوئے جانور سے ہم کو منع کیا گیا ہے۔ (ترمذی)

غیر مسلم کے برتن میں کھانے پینے کی مشروط اجازت

۳۹۰۷/۲۳ وَعَنْ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا اَهْلُ سَفَرٍ نَمُرُّ فِي الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى وَالْمَجُوْسِ فَلَا نَجِدُ غَيْرَ اٰنِيَتِهِمْ

حضرت ابی ثعلبہ خشنی رضؓ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! ہم اکثر سفر میں رہتے ہیں اور یہود و نصاریٰ اور مجوس کے درمیان آمد و رفت رکھتے ہیں اور ان کے برتنوں کے سوا اور برتن نہیں پاتے۔ آپ نے فرمایا اگر

قَالَ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا غَيْرَهَا فَاغْسِلُوْهَا بِالْمَاءِ ثُمَّ كُلُوْا فِيْهَا وَاشْرَبُوْا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) تم اور برتن نہ پاؤ تو پانی سے ان کو خوب دھولو اور پھر ان میں سے کھاؤ اور پیو۔ (ترمذی)

غیر مسلموں کے ہاں کا کھانا حلال ہے

۳۹۰۸/۲۴ وَعَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ هُلْبٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ طَعَامِ النَّصَارٰى وَفِيْ رِوَايَةٍ سَاَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ مِنَ الطَّعَامِ طَعَامًا اَتَحَرَّجُ مِنْهُ فَقَالَ لَا يَتَخَلَّجَنَّ فِيْ صَدْرِكَ شَيْءٌ ضَارَعْتَ فِيْهِ النَّصْرَانِيَّةَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

قبیصہ بن ہلب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نصاریٰ کے کھانے کے متعلق حکم دریافت کیا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ایک شخص نے دریافت کیا کہ کھانوں میں سے ایک کھانا (یعنی یہود و نصاریٰ کا کھانا) ایسا ہے جس سے میں پرہیز کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا تیرے دل میں کوئی خلجان پیدا نہ ہو، اس لئے کہ کسی قسم کا شک و شبہ پیدا ہونا نصرانیت کے مشابہ ہے (یعنی ان کھانوں کے بارے میں تو اپنے دل میں شکوک پیدا نہ ہونے دے (ظاہر پر عمل کر)۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

مجثمہ کا کھانا ممنوع ہے

۳۹۰۹/۲۵ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الْمُجَثَّمَةِ وَهِيَ الَّتِيْ تُصْبَرُ بِالنَّبْلِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجثمہ کو کھانے سے منع فرمایا ہے اور مجثمہ کے معنی یہ ہیں کہ جانور کو سامنے کھڑا کیا جائے اور نشانہ باندھ کر اس پر تیر مارا جائے۔ (ترمذی)

وہ جانور جن کا کھانا حرام ہے

۳۹۱۰/۲۶ وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ كُلِّ ذِيْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَعَنْ كُلِّ ذِيْ مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّيْرِ وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَعَنِ الْمُجَثَّمَةِ وَعَنِ الْخَلِيْسَةِ وَاَنْ تُوْطَاَ الْحُبَالٰى حَتّٰى يَضَعْنَ مَا فِيْ بُطُوْنِهِنَّ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى سُئِلَ اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ الْمُجَثَّمَةِ فَقَالَ اَنْ يُنْصَبَ الطَّيْرُ اَوِ الشَّيْءُ فَيُرْمٰى وَسُئِلَ عَنِ الْخَلِيْسَةِ فَقَالَ الذِّئْبُ اَوِ السَّبُعُ يُدْرِكُهُ الرَّجُلُ فَيَاْخُذُ مِنْهُ فَيَمُوْتُ فِيْ يَدِهٖ قَبْلَ اَنْ يُذَكِّيَهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ خیبر کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان چیزوں کو کھانے سے منع فرمایا (۱) درندوں میں سے کونچلی والے (درندے (۲) پنجے والے پرندے (یعنی جو پرندے پنجے سے شکار کرتے ہیں (۳) اہلی (یعنی گھریلو اور پالتو گدھے) (۴) مجثمہ (۵) خلیسہ (یعنی وہ جانور جس کو کسی درندے سے چھینا ہو اور ذبح کرنے سے پہلے وہ مرجائے۔ اور آپ نے ان لونڈیوں سے صحبت کرنے کو بھی منع فرمایا جو حاملہ ہوں جب تک وہ بچہ نہ جن لیں۔ محمد بن یحییٰ کا بیان ہے کہ ابوعاصم سے مجثمہ کے معنی دریافت کئے گئے تو انھوں نے کہا کہ مجثمہ یہ ہے کہ (قابو یافتہ) پرندے یا کسی اور جانور کو سامنے رکھ کر یا کھڑا کر کے اس پر تیر مارا جائے پھر خلیسہ کے معنی دریافت کئے گئے تو آپ نے کہا کہ بھیڑیے یا کسی اور درندے نے جانور کو پکڑ لیا ہو، اور اس سے کوئی شخص اس جانور کو چھین لے اور پھر وہ جانور ذبح کرنے سے پہلے ہی اس کے ہاتھوں میں مرجائے۔ (ترمذی)

شریطہ کھانا ممنوع ہے

۳۹۱۱/۲۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ شَرِيْطَةِ الشَّيْطَانِ زَادَ ابْنُ عِيْسٰى هِيَ الذَّبِيْحَةُ يُقْطَعُ مِنْهَا الْجِلْدُ وَلَا تُفْرٰى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے شریطہ شیطان سے، ابن عیسیٰ راوی نے کہا شریطہ شیطان وہ جانور ہے جس کی کھال اُتار لی جائے اور اس کو ذبح نہ کیا جائے یہاں تک

الْاَوَّدَاجُ ثُمَّ تُتْرَكُ حَتّٰى تَمُوْتَ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) کہ وہ خود مر جائے۔ (ترمذی)

ذبیحہ کے پیٹ کے بچہ کا حکم

۳۹۱۲/۲۸ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَكٰوةُ الْجَنِيْنِ ذَكٰوةُ اُمِّهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ماں کا ذبح کرنا اس کے پیٹ کے بچہ کا بھی ذبح کرنا ہے (یعنی کسی گابھن جانور کے حلال کرنے سے اس کے پیٹ کا بچہ بھی حلال ہو جاتا ہے اور اس کا کھانا جائز ہے۔ (ابوداؤد۔ ترمذی۔ دارمی)

۳۹۱۳/۲۹ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَنْحَرُ النَّاقَةَ وَنَذْبَحُ الْبَقَرَةَ وَالشَّاةَ فَنَجِدُ فِيْ بَطْنِهَا الْجَنِيْنَ اَنُلْقِيْهِ اَمْ نَاْكُلُهٗ قَالَ كُلُوْهُ اِنْ شِئْتُمْ فَاِنَّ ذَكٰوتَهٗ ذَكٰوةُ اُمِّهٖ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم اونٹ، گائے اور بکری کو ذبح کرتے ہیں اور ہم ان کے پیٹ میں مُردہ بچہ پاتے ہیں اس کو ہم پھینکیں یا کھالیں؟ آپ نے فرمایا اگر تم پسند کرو تو کھالو اس لئے کہ ان کی ماں کا ذبح کرنا ان کا بھی ذبح کرنا ہے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

بلا وجہ کسی جانور و پرند کو مار دینا ناجائز ہے

۳۹۱۴/۳۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ عُصْفُوْرًا فَمَا فَوْقَهَا بِغَيْرِ حَقِّهَا سَاَلَهُ اللّٰهُ عَنْ قَتْلِهٖ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا حَقُّهَا قَالَ اَنْ يَذْبَحَهَا فَيَاْكُلَهَا وَلَا يَقْطَعَ رَاْسَهَا فَيَرْمِيَ بِهَا (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص ناحق یا بلا ضرورت چڑیا یا اس سے چھوٹے بڑے پرندے کو مارے گا خداوند تعالےٰ اس سے اس کی باز پرس کرے گا (بلا ضرورت سے مُراد بے فائدہ ہے یعنی محض شکار کرنا اور اس سے گوشت وغیرہ سے نفع حاصل نہ کرنا) پوچھا گیا یا رسول اللہ چڑیا وغیرہ کا حق کیا ہے فرمایا اس کو ذبح کر کے کھانا، یہ نہیں کہ بے فائدہ اس کو مارے اور اس کا سر کاٹ کر پھینک دے۔ (احمد۔ نسائی۔ دارمی)

زندہ جانور کے جسم سے کاٹا گیا کوئی بھی حصہ مردار ہے

۳۹۱۵/۳۱ وَعَنْ اَبِيْ وَاقِدِ اللَّيْثِيِّ قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وَهُمْ يُجَبُّوْنَ اَسْنِمَةَ الْاِبِلِ وَيَقْطَعُوْنَ اَلْيَاتِ الْغَنَمِ فَقَالَ مَا يُقْطَعُ مِنَ الْبَهِيْمَةِ وَهِيَ حَيَّةٌ فَهِيَ مَيْتَةٌ لَا تُؤْكَلُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابی واقد لیثی رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب مدینہ میں تشریف لائے اُس وقت مدینہ میں یہ رواج تھا کہ زندہ اونٹوں کے کوہان اور دُنبوں کی چکیاں کاٹ کر کھا لیا کرتے تھے آپ نے فرمایا جو چیز جانور کے جسم سے کاٹی جائے اور وہ جانور زندہ ہو تو وہ چیز مردار ہے اس کو نہ کھائے (یعنی زندہ جانور کے جسم سے جو چیز کاٹی جائے تبھی وہ مردار ہوگی اس کا کھانا حرام ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

فصل سوم

ذبح کی اصل جراحت کے ساتھ خون کا بہنا ہے

۳۹۱۶/۳۲ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِيْ حَارِثَةَ اَنَّهٗ كَانَ يَرْعٰى نَقْحَةً بِشِعْبٍ مِنْ شِعَابِ اُحُدٍ فَرَاٰى بِهَا الْمَوْتَ فَلَمْ يَجِدْ

عطاء بن یسار رضؓ بنی حارثہ کے ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ وہ ایک اونٹنی کو جو بچہ جننے کے قریب تھی اُحد پہاڑ کے قریب ایک درہ میں چرایا کرتا تھا (ایک روز) اس نے اس اونٹنی میں موت کے آثار پائے

مَا يَنْحَرُهَا بِهٖ فَاَخَذَ وَتِدًا فَوَجَاَ بِهٖ فِيْ لَبَّتِهَا حَتّٰى اَهْرَاقَ دَمَهَا ثُمَّ اَخْبَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهٗ بِاَكْلِهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَمَالِكٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ فَذَكَّاهَا بِشَظَاظٍ)

(یعنی اونٹنی مرنے لگی) اس کو کوئی ایسی چیز نہ ملی جس سے وہ اونٹنی کو ذبح کرلے آخر اس نے میخ اٹھائی اور اس کی نوک کی طرف سے اس کے سینہ میں ٹھونک دی یہاں تک کہ اس کا خون اچھی طرح بہادیا۔ پھر اس واقعہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا۔ آپ نے اس کا گوشت کھانے کی اس کو اجازت دیدی (ابوداؤد۔ مالک) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ اس شخص نے اونٹنی کو دھار دار لکڑی سے ذبح کرلیا۔

دریائی جانوروں میں سے صرف مچھلی حلال ہے

۳۹۱۷/۳۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْبَحْرِ اِلَّا وَقَدْ ذَكَّاهَا اللّٰهُ لِبَنِيْ اٰدَمَ (رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دریا کے ہر جانور کو (جس کا کھانا حلال ہے) خداوند تعالیٰ نے آدمیوں کے لئے ذبح کیا ہے (یعنی حلال و جائز قرار دیا ہے بغیر ذبح کرنے کے۔ (دارقطنی)

بَابُ ذِكْرِ الْكَلْبِ

کتے کا بیان

فصل اوّل

بلا ضرورت کتا پالنا اپنے ذخیرۂ ثواب میں کمی کرنا ہے

۳۹۱۸/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَنٰى كَلْبًا اِلَّا كَلْبَ مَاشِيَةٍ اَوْ ضَارٍ نُقِصَ مِنْ عَمَلِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص مواشی کی حفاظت اور شکار کرانے کے لئے نہیں، محض شوق کے لئے کتے کو پالے گا اس کے عمل میں سے روزانہ ۲ دو قیراط ثواب کم کیا جائیگا (بخاری و مسلم)

۳۹۱۹/۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اتَّخَذَ كَلْبًا اِلَّا كَلْبَ مَاشِيَةٍ اَوْ صَيْدٍ اَوْ زَرْعٍ اِنْتُقِصَ مِنْ اَجْرِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کتا پالے مواشی کی حفاظت اور شکار کھیلنے اور کھیت کی نگرانی کے لئے نہیں بلکہ شوق کے طور پر اس کے ثواب میں سے روزانہ ایک قیراط کے بقدر ثواب کم ہوجاتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

کتوں کو مار ڈالنے کا حکم

۳۹۲۰/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ حَتّٰى اَنَّ الْمَرْاَةَ تَقْدَمُ مِنَ الْبَادِيَةِ بِكَلْبِهَا فَنَقْتُلُهٗ ثُمَّ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِهَا وَقَالَ عَلَيْكُمْ بِالْاَسْوَدِ الْبَهِيْمِ ذِي النُّقْطَتَيْنِ فَاِنَّهٗ شَيْطَانٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو (مدینہ کے) کتوں کو مار ڈالنے کا حکم مرحمت فرمایا۔ ہم نے کتوں کو مارنا شروع کیا) یہانتک کہ جو عورت جنگل سے واپس آتی اور کتا اس کے ساتھ ہوتا ہم اس کو بھی مار ڈالتے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو اس قسم کے کتوں کو مارنے سے منع فرمادیا (یعنی جن کتوں سے حفاظت اور شکار کا کام لیا جاتا تھا) اور یہ حکم دیا کہ تم پر اس سیاہ کتے کا مارنا واجب ہے جس کی آنکھوں پر دو سفید نقطے ہوں اس لئے کہ وہ شیطان ہے) (مسلم)

۳۹۲۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْکِلَابِ اِلَّا کَلْبَ صَیْدٍ اَوْ کَلْبَ غَنَمٍ اَوْ مَاشِیَۃٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ) (بخاری ومسلم)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کتوں کو مار ڈالنے کا حکم دیا مگر شکاری کتوں، بکریوں کے محافظ کتوں اور مواشی کی حفاظت کرنے والے کتوں کو مارنے سے منع فرمایا۔

فصل دوم

سارے کتوں کو مار ڈالنے کا حکم نہ دینے کی علت

۳۹۲۲ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مُغَفَّلٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا اَنَّ الْکِلَابَ اُمَّۃٌ مِّنَ الْاُمَمِ لَاَمَرْتُ بِقَتْلِھَا کُلِّھَا فَاقْتُلُوْا مِنْھَا کُلَّ اَسْوَدَ بَھِیْمٍ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِیُّ وَزَادَ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَمَا مِنْ اَھْلِ بَیْتٍ یَرْتَبِطُوْنَ کَلْبًا اِلَّا نُقِصَ مِنْ عَمَلِھِمْ کُلَّ یَوْمٍ قِیْرَاطٌ اِلَّا کَلْبَ صَیْدٍ اَوْ کَلْبَ حَرْثٍ اَوْ کَلْبَ غَنَمٍ۔

حضرت عبداللہ بن مغفل رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر کتے جماعتوں (قوموں) میں سے ایک جماعت (یا قوم) نہ ہوتے تو میں ان سب کو مار ڈالنے کا حکم دے دیتا۔ بہر نوع ان میں خالص سیاہ کتے کو مار ڈالو (ابوداؤد۔ دارمی) اور ترمذی ونسائی نے اس روایت میں یہ الفاظ زیادہ کئے ہیں کہ جو گھر والا کتا پالے گا اس کے عمل میں سے روزانہ ایک قیراط ثواب کم کیا جائے گا مگر شکاری کتا اور کھیت وریوڑ کا کتا اس سے مستثنیٰ ہے۔

جانوروں کو لڑانے کی ممانعت

۳۹۲۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّحْرِیْشِ بَیْنَ الْبَھَائِمِ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چارپایوں کو لڑانے سے منع فرمایا ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

بَابُ مَا یَحِلُّ اَکْلُہٗ وَمَا یَحْرُمُ

حلال وحرام جانوروں کا بیان

فصل اوّل

ذی ناب درندہ حرام ہے

۳۹۲۴ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُلُّ ذِیْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ فَاَکْلُہٗ حَرَامٌ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر کونچلی والا درندہ (یعنی جو دانتوں سے شکار کرے) حرام ہے۔

ذی مخلب پرندہ کا گوشت کھانا حرام ہے

۳۹۲۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ کُلِّ ذِیْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَکُلِّ ذِیْ مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّیْرِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کونچلی والے درندے اور پنجے سے شکار کرنے والے پرندے سے منع فرمایا ہے۔ (مسلم)

گھریلو گدھے کا گوشت کھانا حرام ہے

۳۹۲۶ وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَۃَ قَالَ حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لُحُوْمَ الْحُمُرِ الْاَھْلِیَّۃِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ) (بخاری ومسلم)

حضرت ابی ثعلبہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اہلی (گھریلو پالتو) گدھوں کے گوشت کو حرام قرار دیا ہے۔

لہ خداوند تعالیٰ کے اس ارشاد کی طرف اشارہ ہے وَمَا مِنْ دَآبَّۃٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ یَّطِیْرُ بِجَنَاحَیْہِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُکُمْ یعنی جو چیزیں زمین پر چلنے والی ہیں اور جو پرندے اڑنے والے ہیں وہ تمہاری ہی طرح ایک قوم یا جماعت ہیں۔ ۱۲ مترجم

گھوڑا حلال ہے

۳۹۲۷ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَاَذِنَ فِيْ لُحُوْمِ الْخَيْلِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن گھریلو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا اور گھوڑوں کے گوشت کی اجازت دی ہے۔ (بخاری ومسلم)

گورخر کا گوشت حلال ہے

۳۹۲۸ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّهٗ رَاٰى حِمَارًا وَّحْشِيًّا فَعَقَرَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَحْمِهٖ شَيْءٌ قَالَ مَعَنَا رِجْلُهٗ فَاَخَذَهَا فَاَكَلَهَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابی قتادہ رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے ایک گورخر (جنگلی گدھا) کو دیکھا اور اس کو مار ڈالا۔ پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا تمہارے پاس (اس گورخر کے گوشت میں سے کچھ (پکا ہوا) ہے؟ ابوقتادہ رضؓ نے کہا ہمارے پاس اس کا ایک پاؤں ہے۔ آپ نے اس کو لے لیا اور تناول فرمایا۔ (بخاری ومسلم)

خرگوش حلال ہے

۳۹۲۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اَنْفَجْنَا اَرْنَبًا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ فَاَخَذْتُهَا فَاَتَيْتُ بِهَا اَبَا طَلْحَةَ فَذَبَحَهَا وَبَعَثَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَرِكِهَا وَفَخِذَيْهَا فَقَبِلَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ ہم نے مقام مرالظہران میں ایک خرگوش کو شکار کرنے کے لئے بھگایا میں نے اس کو پکڑ لیا اور ابوطلحہ رضؓ کے پاس لے گیا پھر اس کو ذبح کیا اور اس کی کولا اور دونوں رانیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجدیں، آپ نے ان کو قبول فرمالیا (بخاری ومسلم)

گوہ کا گوشت کھانے کا مسئلہ

۳۹۳۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الضَّبُّ لَسْتُ اٰكُلُهٗ وَلَا اُحَرِّمُهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ گوہ کو میں نہ تو کھاتا ہوں اور نہ اس کو حرام قرار دیتا ہوں۔ (بخاری ومسلم)

۳۹۳۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَيْمُوْنَةَ وَهِيَ خَالَتُهٗ وَخَالَةُ ابْنِ عَبَّاسٍ فَوَجَدَ عِنْدَهَا ضَبًّا مَحْنُوْذًا فَقَدَّمَتِ الضَّبَّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ عَنِ الضَّبِّ فَقَالَ خَالِدٌ اَحَرَامٌ الضَّبُّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَا وَلٰكِنْ لَمْ يَكُنْ بِاَرْضِ قَوْمِيْ فَاَجِدُنِيْ اَعَافُهٗ قَالَ خَالِدٌ فَاجْتَرَرْتُهٗ فَاَكَلْتُهٗ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَيَّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضؓ نے بیان کیا کہ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میمونہ رضؓ کے ہاں جوان کی اور ابن عباس رضؓ کی خالہ تھیں اور ان کے پاس ایک بھنی ہوئی گوہ دیکھی میمونہ رضؓ نے گوہ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے رکھ دیا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا (یعنی اس کو نہیں کھایا) خالد رضؓ نے پوچھا یا رسول اللہ! کیا گوہ حرام ہے؟ فرمایا نہیں یہ میری قوم کی زمین میں نہیں ہوتی اس لئے میں اس سے کراہت کرتا ہوں۔ خالد رضؓ نے بیان کیا کہ میں نے اس گوہ کو اپنی طرف کھینچ لیا اور کھایا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میری طرف دیکھتے رہے۔ (بخاری ومسلم)

مرغ کا گوشت کھانا حلال ہے

۳۹۳۲ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ لَحْمَ الدَّجَاجِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوموسیٰ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو مرغ کا گوشت کھاتے دیکھا۔ (بخاری ومسلم)

ٹڈی کا کھانا جائز ہے

۳۹۳۳ وَعَنِ ابْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

حضرت ابن ابی اوفیٰ رضؓ کہتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ كُنَّا نَاكُلُ مَعَهُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کے ساتھ جنگوں میں شرکت کی۔ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ٹڈی کھاتے تھے۔ (بخاری ومسلم)

دریا کے مرے ہوئے جانور کو کھانے کا واقعہ

۳۹۳۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ غَزَوْتُ جَيْشَ الْخَبَطِ وَاُمِّرَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ فَجُعْنَا جُوْعًا شَدِيْدًا فَاَلْقَى الْبَحْرُ حُوْتًا مَيِّتًا لَمْ نَرَ مِثْلَهُ يُقَالُ لَهُ الْعَنْبَرُ فَاَكَلْنَا مِنْهُ نِصْفَ شَهْرٍ فَاَخَذَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ عَظْمًا مِنْ عِظَامِهِ فَمَرَّ الرَّاكِبُ تَحْتَهُ فَلَمَّا قَدِمْنَا ذَكَرْنَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كُلُوْا رِزْقًا اَخْرَجَهُ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ وَاَطْعِمُوْنَا اِنْ كَانَ مَعَكُمْ قَالَ فَاَرْسَلْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ فَاَكَلَهُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں ہم نے لشکر خبط[1] کے ساتھ جہاد کیا اس لشکر کا سردار ابوعبیدہ رضؓ کو بنایا گیا تھا۔ ہم کو بھوک نے بہت ستایا (یعنی ہمارے پاس کچھ نہ رہا اور ہم بھوکوں مرنے لگے) انھیں ایام میں دریا کے کنارے ایک مری ہوئی مچھلی ملی (یہ مچھلی بہت بڑی تھی کہ) ایسی بڑی مچھلی ہم نے نہیں دیکھی اس کو عنبر قسم سے کہا جاتا تھا۔ اس مچھلی کو ہم نے پندرہ دن تک کھایا۔ ابوعبیدہ رضؓ نے اس کی ہڈیوں میں سے ایک ہڈی لی (اور اس کو کھڑا کیا) اونٹ کا سوار اس کے نیچے سے نکل گیا۔ پھر جب ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو ہم نے آپ سے اس کا ذکر کیا آپ نے فرمایا کھاؤ اس رزق کو جس کو خداوند تعالیٰ نے تمہارے لئے بھیجا ہے اور ہم کو بھی کھلاؤ اگر اس میں سے کچھ تمہارے پاس ہو۔ جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اس مچھلی میں سے کچھ بھیجا اور آپ نے اس کو کھایا۔ (بخاری ومسلم)

کھانے پینے کی چیز میں مکھی گر پڑے تو اس کا حکم

۳۹۳۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِيْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْمِسْهُ كُلَّهُ ثُمَّ لِيَطْرَحْهُ فَاِنَّ فِيْ اَحَدِ جَنَاحَيْهِ شِفَاءً وَّفِي الْاٰخَرِ دَاءً۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تمہارے برتن میں مکھی گر جائے تو چاہئے کہ مکھی کو اس میں غوطہ دیدے اور پھر نکال کر پھینک دے۔ اس لئے کہ اس کے ایک پر میں شفا ہے اور دوسرے میں بیماری۔ (بخاری)

جس گھی میں چوہا گر جائے اس کا حکم

۳۹۳۶ وَعَنْ مَيْمُوْنَةَ اَنَّ فَارَةً وَقَعَتْ فِيْ سَمْنٍ فَمَاتَتْ فَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهَا فَقَالَ اَلْقُوْهَا وَمَا حَوْلَهَا وَكُلُوْهُ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت میمونہ رضؓ کہتی ہیں کہ ایک چوہا گھی میں گر پڑا اور مر گیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اس کی بابت پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا چوہے کو نکال کر پھینک دو اور گرد وپیش کا گھی نکال ڈالو اور پھر اس کو کھالو۔ (بخاری)

سانپ کو مار ڈالنے کا حکم

۳۹۳۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اُقْتُلُوا الْحَيَّاتِ وَاقْتُلُوا ذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْاَبْتَرَ فَاِنَّهُمَا يَطْمِسَانِ الْبَصَرَ وَيَسْتَسْقِطَانِ الْحَبَلَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَبَيْنَا اَنَا اُطَارِدُ حَيَّةً اَقْتُلُهَا نَادَانِيْ اَبُوْ لُبَابَةَ لَا

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے سانپوں کو مار ڈالو اور (خصوصاً) اس سانپ کو جس کی پشت پر دو دھاریاں ہوں اور سیاہ رنگ کا ہو اور اس سانپ کو جس کا نام اَبتر ہے (یعنی وہ سانپ جس کی دُم چھوٹی سی ہو) اس لئے کہ یہ دونوں سانپ بینائی کو زائل کر دیتے ہیں (یعنی

---

[1] خبط ان پتوں کو کہتے ہیں جو لکڑی کے درختوں سے جھاڑے جائیں۔ اس لشکر کا نام خبط اس وجہ سے ہوا کہ بھوک سے عاجز ہو کر لوگوں نے درختوں کے پتے جھاڑ کر کھائے تھے یہاں تک کہ پتے کھاتے کھاتے ان کے منہ اور ہونٹ زخمی اور اونٹوں کے ہونٹوں کے مانند ہو گئے تھے۔ ۱۲ مترجم

تَقْتُلُهَا فَقُلْتُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْحَيَّاتِ فَقَالَ اِنَّهٗ نَهٰى بَعْدَ ذٰلِكَ عَنْ ذَوَاتِ الْبُيُوْتِ وَهُنَّ الْعَوَامِرُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ان کے دیکھتے ہی آدمی اندھا ہو جاتا ہے) اور حمل کو گرا دیتے یعنی حاملہ عورت اس کو دیکھے تو اس کا حمل گر جاتا ہے) حضرت عبداللہؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے ایک سانپ پر اس کو مار ڈالنے کے لئے حملہ کیا۔ ابو لبابہؓ نے پکار کر مجھ سے کہا (خبردار) اس کو نہ مارنا میں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سانپوں کو مار ڈالنے کا حکم دیا ہے انھوں نے کہا آپ نے حکم دینے کے بعد ان سانپوں کو مارنے کی ممانعت فرما دی ہے جو گھروں میں رہتے ہیں اور وہ گھروں کو آباد کرنے والے ہیں۔ (بخاری و مسلم)

۳۹۳۸/۱۵ وَعَنْ اَبِي السَّائِبِ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰى اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ فَبَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ اِذْ سَمِعْنَا تَحْتَ سَرِيْرِهٖ حَرَكَةً فَنَظَرْنَا فَاِذَا فِيْهِ حَيَّةٌ فَوَثَبْتُ لِاَقْتُلَهَا وَاَبُوْ سَعِيْدٍ يُصَلِّيْ فَاَشَارَ اِلَيَّ اَنِ اجْلِسْ — فَجَلَسْتُ فَلَمَّا انْصَرَفَ اَشَارَ اِلٰى بَيْتٍ فِي الدَّارِ فَقَالَ اَتَرٰى هٰذَا الْبَيْتَ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ كَانَ فِيْهِ فَتًى مِّنَّا حَدِيْثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ قَالَ فَخَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْخَنْدَقِ فَكَانَ ذٰلِكَ الْفَتٰى يَسْتَاْذِنُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَنْصَافِ النَّهَارِ فَيَرْجِعُ اِلٰى اَهْلِهٖ فَاسْتَاْذَنَهٗ يَوْمًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْ عَلَيْكَ سِلَاحَكَ فَاِنِّيْ اَخْشٰى عَلَيْكَ قُرَيْظَةَ فَاَخَذَ الرَّجُلُ سِلَاحَهٗ ثُمَّ رَجَعَ فَاِذَا امْرَاَتُهٗ بَيْنَ الْبَابَيْنِ قَائِمَةٌ فَاَهْوٰى اِلَيْهَا بِالرُّمْحِ لِيَطْعُنَهَا بِهٖ وَاَصَابَتْهُ غَيْرَةٌ فَقَالَتِ اكْفُفْ عَلَيْكَ رُمْحَكَ وَادْخُلِ الْبَيْتَ حَتّٰى تَنْظُرَ مَا الَّذِيْ اَخْرَجَنِيْ فَدَخَلَ فَاِذَا بِحَيَّةٍ عَظِيْمَةٍ مُنْطَوِيَةٍ عَلَى الْفِرَاشِ فَاَهْوٰى اِلَيْهَا بِالرُّمْحِ فَانْتَظَمَهَا بِهٖ ثُمَّ خَرَجَ فَرَكَزَهٗ فِي الدَّارِ فَاضْطَرَبَتْ عَلَيْهِ فَمَا يُدْرِيْ اَيُّهُمَا كَانَ اَسْرَعَ مَوْتًا الْحَيَّةُ اَمِ الْفَتٰى قَالَ فَجِئْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهٗ وَقُلْنَا ادْعُ اللّٰهَ يُحْيِيْهِ لَنَا فَقَالَ اسْتَغْفِرُوْا لِصَاحِبِكُمْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ لِهٰذِهِ الْبُيُوْتِ عَوَامِرَ فَاِذَا رَاَيْتُمْ مِّنْهَا شَيْئًا فَحَرِّجُوْا عَلَيْهَا

ابی السائب رضؓ کہتے ہیں کہ ہم ابوسعید خدریؓ کے ہاں گئے ان کے مکان میں ہم بیٹھے ہوئے تھے کہ ان کے تخت کے نیچے حرکت محسوس ہوئی دیکھا تو سانپ تھا میں اس کو مارنے کے لئے فوراً کھڑا ہو گیا اس وقت ابوسعیدؓ نماز پڑھ رہے تھے۔ انھوں نے اشارہ سے کہا بیٹھ جاؤ میں بیٹھ گیا جب وہ نماز پڑھ چکے تو انھوں نے گھر کے ایک حجرہ کی طرف اشارہ کیا اور کہا کیا تم نے اس حجرہ کو دیکھا ہے؟ میں نے کہا ہاں۔ ابوسعیدؓ نے کہا حجرہ میں ہمارے خاندان کا ایک نوجوان رہتا تھا جس کی نئی نئی شادی ہوئی تھی۔ پھر میں اور وہ نوجوان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ خندق میں شریک ہوئے۔ یہ نوجوان دوپہر کیوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لے کر چلا جاتا تھا (اور رات کو گھر رہتا تھا صبح کو پھر آجاتا تھا) حسب معمول اس نے ایک روز آں حضرتؐ سے اجازت چاہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا اپنے ہتھیار اپنے ساتھ لے جا اس لئے کہ مجھ کو بنو قریظہ سے اندیشہ ہے (یعنی یہود بنی قریظہ سے جو اس جنگ میں قریش کے ساتھ ہو کر لڑنے آئے تھے) اس نوجوان نے ہتھیار لے لئے اور روانہ ہو گیا جب وہ گھر پہنچا تو اس نے دیکھا کہ اس کی بیوی دو دروازوں کے درمیان کھڑی ہے اس نے شرم و غیرت سے متاثر ہو کر (کہ اس کی بیوی باہر کیوں کھڑی ہے) اس کی طرف نیزہ اٹھایا تاکہ اس کو مارے۔ اس کی بیوی نے کہا اپنے نیزے کو روک اور اتنی تیزی نہ دکھا اور گھر میں جا کر دیکھ تاکہ تجھ کو معلوم ہو کہ کس چیز نے مجھ کو گھر سے باہر نکالا ہے۔ جوان گھر میں داخل ہوا تو اس نے ایک بڑے سانپ کو دیکھا جو بستر پر کنڈلی مارے بیٹھا ہے نوجوان نے اس پر نیزے سے حملہ کیا اور سانپ کو نیزہ میں پرو لیا پھر گھر سے باہر نکلا اور نیزہ کو صحن میں گاڑ دیا۔ سانپ اس نیزہ پر تڑپا اور پھر یہ معلوم نہ ہو سکا کہ ان میں سے کون پہلے موت کا شکار ہوا یعنی سانپ پہلے مرا یا نوجوان؟ ابوسعیدؓ کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور

ثَلٰثًا فَاِنْ ذَهَبَ وَاِلَّا فَاقْتُلُوْهُ فَاِنَّهٗ كَافِرٌ وَّقَالَ لَهُمْ اذْهَبُوْا فَادْفِنُوْا صَاحِبَكُمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ اِنَّ بِالْمَدِيْنَةِ جِنًّا قَدْ اَسْلَمُوْا فَاِذَا رَاَيْتُمْ مِنْهُ شَيْئًا فَاٰذِنُوْهُ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَاِنْ بَدَا لَكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاقْتُلُوْهُ فَاِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سارا واقعہ بیان کیا اور پھر آپ سے استدعا کی کہ آپ خدا سے دُعا کیجئے کہ اس نوجوان کو خدا ہمارے لئے زندہ کر دے[1]۔ آپ نے فرمایا اپنے دوست کے لئے مغفرت چاہو پھر فرمایا ان گھروں کو آباد کرنے والے ہیں (یعنی مومن اور کافر جن ان گھروں کو آباد رکھتے ہیں) پس جب تم ان میں سے کسی کو دیکھو (یعنی سانپ کی صورت میں) تو کہو تو تنگی میں ہے اگر پھر نکلے گا تو ہم مار ڈالیں گے، آئندہ تجھ کو اختیار ہے تین بار یہ کلمہ کہے اگر وہ چلا جائے تو خیر ورنہ اس کو مار ڈالو اس لئے کہ وہ کافر ہے۔ اس کے بعد آپ نے انصار کو حکم دیا کہ جاؤ اپنے دوست کو دفن کر دو۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا مدینہ میں جنوں کی ایک جماعت ہے جو مسلمان ہو گئی ہے پس جب تم ان میں سے کسی کو (سانپ کی شکل میں) دیکھو تو اس کو تین دن کی اجازت دے دو اور تین دن کے بعد وہ دکھائی دے تو اس کو مار ڈالو اس لئے کہ وہ شیطان ہے۔ (مسلم)

گرگٹ کو مار ڈالنے کا حکم

۳۹۳۹ وَعَنْ اُمِّ شَرِيْكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْوَزَغِ وَقَالَ كَانَ يَنْفُخُ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ام شریک رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گرگٹ کو مار ڈالنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آگ پھونکتا تھا (یعنی جس آگ میں ابراہیم علیہ السلام کو ڈالا گیا تھا اس آگ میں پھونکیں مار مار کر اس کو بھڑکا دیا تھا۔ (بخاری و مسلم)

۳۹۴۰ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْوَزَغِ وَسَمَّاهُ فُوَيْسِقًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گرگٹ کو مار ڈالنے کا حکم دیا اور اس کا نام چھوٹا فاسق رکھا۔ (مسلم)

۳۹۴۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ وَزَغًا فِيْ اَوَّلِ ضَرْبَةٍ كُتِبَتْ لَهٗ مِائَةُ حَسَنَةٍ وَّفِي الثَّانِيَةِ دُوْنَ ذٰلِكَ وَفِي الثَّالِثَةِ دُوْنَ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص گرگٹ کو ایک ہی وار میں مار ڈالے اس کے حساب میں سو نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور جو شخص دوسرے وار میں مارے اس کے حساب میں سو سے کم اور تیسرے وار میں مارے اُس کے حساب میں اس سے بھی کم۔ (مسلم)

چیونٹی کو مارنے کا مسئلہ

۳۹۴۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَصَتْ نَمْلَةٌ نَبِيًّا مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ فَاَمَرَ بِقَرْيَةِ النَّمْلِ فَاُحْرِقَتْ فَاَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى اِلَيْهِ اَنْ قَرَصَتْكَ نَمْلَةٌ اَحْرَقْتَ اُمَّةً مِّنَ الْاُمَمِ تُسَبِّحُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کسی نبی کو ایک چیونٹی نے کاٹا۔ ان نبی نے حکم دیا کہ چیونٹیوں کے بل کو جلا دیا جائے۔ چنانچہ جلا دیا گیا۔ خداوند تعالیٰ نے ان نبی کے پاس وحی بھیجی کہ ایک چیونٹی نے تم کو کاٹا تھا تم نے قوموں سے ایک قوم کو جو پاکی بیان کرتی تھی جلا دیا۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

گھی میں چوہے کے گر جانے کا مسئلہ

۳۹۴۳ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

[1] صحابہ رضی اللہ عنہم کا خیال تھا کہ نوجوان مرا نہیں ہے زہر کے اثر سے بے ہوش ہے اس کے لئے دُعا کی استدعا کی۔ آپ نے فرمایا۔ دُعا کیا کام کرے گی، دوست کے لئے استغفار کرو۔ ۱۲ مترجم

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا وَقَعَتِ الْفَارَۃُ فِی السَّمْنِ فَاِنْ کَانَ جَامِدًا اَفَالْقُوْھَا وَمَا حَوْلَھَا وَاِنْ کَانَ مَائِعًا فَلَا تَقْرَبُوْہُ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَرَوَاہُ الدَّارِمِیُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

جب چوہا گر پڑے اور گھی جما ہوا ہو تو چوہے کو نکال کر پھینک دو اور چاروں طرف کا تھوڑا تھوڑا گھی نکال دو (اور پھر کھالو) اور اگر پتلا ہو تو اس کے قریب نہ جاؤ (یعنی استعمال میں نہ لاؤ) (احمد۔ ابوداؤد۔) اور دارمی نے ابن عباس رضؓ سے روایت کیا۔

سُرخاب کا گوشت کھانا جائز ہے

۳۹۴۴/۲۱ وَعَنْ سَفِیْنَۃَ قَالَ اَکَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَحْمَ حُبَارٰی۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت سفینہ رضؓ کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حُبارٰے (یعنی سرخاب) کا گوشت کھایا ہے۔ (ابوداؤد)

جلّالہ کا گوشت کھانے کی ممانعت

۳۹۴۵/۲۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ اَکْلِ الْجَلَّالَۃِ وَاَلْبَانِھَا (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَفِیْ رِوَایَۃِ اَبِیْ دَاؤُدَ وَقَالَ نَھٰی عَنْ رُکُوْبِ الْجَلَّالَۃِ۔)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جلّالہ کے گوشت کو کھانے اور اس کے دودھ کو پینے سے منع فرمایا ہے اور ابوداؤد کی روایت میں ہے کہ جلّالہ (یعنی گندگی کھانے والے جانور پر سوار ہونے سے بھی منع فرمایا۔) (ترمذی)

گوہ کا گوشت کھانا حرام ہے

۳۹۴۶/۲۳ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِبْلٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی عَنْ اَکْلِ لَحْمِ الضَّبِّ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت عبدالرحمٰن بن شبل رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے گوہ کا گوشت کھانے سے منع فرمایا ہے۔ (ترمذی)

بلّی حرام ہے

۳۹۴۷/۲۴ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی عَنْ اَکْلِ الْھِرَّۃِ وَاَکْلِ ثَمَنِھَا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بلّی کا گوشت اور اس کی قیمت کھانے سے منع فرمایا ہے۔ (ابوداؤد)

گھریلو گدھے، خچر اور درندوں اور ذی مخلب پرندوں کا گوشت کھانا حرام ہے

۳۹۴۸/۲۵ وَعَنْہُ قَالَ حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعْنِیْ یَوْمَ خَیْبَرَ الْحُمُرَ الْاَنْسِیَّۃَ وَلُحُوْمَ الْبِغَالِ وَکُلَّ ذِیْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ وَکُلَّ ذِیْ مِخْلَبٍ مِنَ الطَّیْرِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ۔)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن پالتو گدھوں، خچروں اور ہر کچلی دار درندہ اور پنجوں سے شکار کرنے والے پرندہ کے گوشت کو حرام قرار دیا ہے۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)

گھوڑے کا گوشت کھانے کی ممانعت

۳۹۴۹/۲۶ وَعَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِیْدِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی عَنْ اَکْلِ لُحُوْمِ الْخَیْلِ وَالْبِغَالِ وَالْحَمِیْرِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت خالد بن ولید رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے خچر اور گدھے کا گوشت کھانے سے منع فرمایا ہے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

معاہد کے مال کا حکم

۳۹۵۰/۲۷ وَعَنْہُ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

حضرت خالد بن ولید رضؓ کہتے ہیں کہ خیبر کے دن میں نے نبی صلی اللہ

وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ فَاَتَتِ الْيَهُوْدُ فَشَكَوْا اَنَّ النَّاسَ قَدْ اَسْرَعُوْا اِلٰى خَضَائِرِهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا لَا يَحِلُّ اَمْوَالُ الْمُعَاهِدِيْنَ اِلَّا بِحَقِّهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا۔ یہودی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ شکایت پیش کی کہ لوگوں نے ان کی کھجوروں کی طرف جلدی کی (یعنی کھجوروں کو توڑ لیا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں سے فرمایا خبردار! ان لوگوں کا مال حلال نہیں جن سے معاہدہ ہو چکا ہے مگر حق کے ساتھ۔ (ابوداؤد)

مچھلی، ٹڈی، کلیجی اور تلی حلال ہے

۳۹۵۱/۲۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحِلَّتْ لَنَا مَيْتَتَانِ وَدَمَانِ اَلْمَيْتَتَانِ الْحُوْتُ وَالْجَرَادُ وَالدَّمَانِ الْكَبِدُ وَالطِّحَالُ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارَقُطْنِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہمارے لئے دو مردے اور دو خون حلال کئے گئے ہیں یعنی مچھلی اور ٹڈی اور جگر اور تلی۔ (احمد۔ ابن ماجہ۔ دارقطنی)

جو مچھلی پانی میں مر کر اوپر آجائے اس کا مسئلہ

۳۹۵۲/۲۹ وَعَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَلْقَاهُ الْبَحْرُ وَجَزَرَ عَنْهُ الْمَاءُ فَكُلُوْهُ وَمَا مَاتَ فِيْهِ وَطَفَا فَلَا تَاْكُلُوْهُ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ) وَقَالَ مُحْيِ السُّنَّةِ اَلْاَكْثَرُوْنَ عَلٰى اَنَّهٗ مَوْقُوْفٌ عَلٰى جَابِرٍ۔

حضرت ابی الزبیر رضی اللہ عنہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس چیز (یعنی مچھلی) کو دریا نے پھینک دیا یا دریا کا پانی خشک ہو گیا یا پانی کسی دوسری طرف چلا گیا (اور مچھلیاں رہ گئیں) پس تم ان مچھلیوں کو کھا لو اور جو مچھلی پانی کے اندر مر جائے اور پانی کے اوپر آجائے اس کو نہ کھاؤ۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ) محی السنۃ کہتے ہیں کہ اکثر محدثین کا قول ہے کہ یہ حدیث جابر رضی اللہ عنہ پر موقوف ہے۔

ٹڈی کا حکم

۳۹۵۳/۳۰ وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَرَادِ فَقَالَ اَكْثَرُ جُنُوْدِ اللّٰهِ لَا اٰكُلُهٗ وَلَا اُحَرِّمُهٗ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) وَقَالَ مُحْيِ السُّنَّةِ ضَعِيْفٌ۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ٹڈی کی بابت پوچھا گیا۔ آپ نے فرمایا ٹڈیاں اکثر خدا کا لشکر ہیں، نہ میں ان کو کھاتا ہوں (اس لئے کہ میری طبیعت نہیں چاہتی) اور نہ میں اس کو حرام قرار دیتا ہوں (ابوداؤد) اور محی السنۃ نے کہا یہ ضعیف ہے۔

مرغ کو برا کہنے کی ممانعت

۳۹۵۴/۳۱ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ سَبِّ الدِّيْكِ وَقَالَ اِنَّهٗ يُؤَذِّنُ لِلصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرغ کو برا کہنے سے منع کیا اور یہ فرمایا ہے کہ مرغ نماز کے لئے اذان دیتا ہے۔ (شرح السنۃ)

۳۹۵۵/۳۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الدِّيْكَ فَاِنَّهٗ يُوْقِظُ لِلصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مرغ کو برا نہ کہو اس لئے کہ نماز کے لئے جگاتا ہے (یعنی تہجد کی نماز کے لئے) (ابوداؤد)

گھر میں سانپ دکھائی دے تو اسے کیا کیا جائے

۳۹۵۶/۳۳ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ قَالَ

حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ بن ابی لیلیٰ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ

اَبُوْ لَیْلٰی قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا ظَھَرَتِ الْحَیَّۃُ فِی الْمَسْکَنِ فَقُوْلُوْا لَھَا اِنَّا نَسْئَلُکَ بِعَھْدِ نُوْحٍ وَبِعَھْدِ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ اَنْ لَّا تُؤْذِیْنَا فَاِنْ عَادَتْ فَاقْتُلُوْھَا۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ)

علیہ وسلم نے فرمایا ہے گھر میں جس وقت سانپ نکلے تو اس سے یہ کہو کہ ہم تجھ سے حضرت نوحؑ اور حضرت سلیمان بن داؤد رضؑ کے عہد کے ذریعہ یہ چاہتے ہیں کہ تو ہم کو اذیت نہ پہنچا اگر اس کے بعد وہ پھر نظر آئے تو اس کو مار ڈالو۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

انتقام کے خوف سے سانپ کو نہ مارنے والے کے بارے میں وعید

۳۹۵۷/۳۴ وَعَنْ عِکْرِمَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا اَعْلَمُہٗ اِلَّا رَفَعَ الْحَدِیْثَ اَنَّہٗ کَانَ یَاْمُرُ بِقَتْلِ الْحَیَّاتِ وَقَالَ مَنْ تَرَکَھُنَّ خَشْیَۃَ ثَاْرٍ فَلَیْسَ مِنَّا۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت عکرمہ رضؓ ابن عباس رضؓ سے راوی ہیں کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم سانپوں کو مار ڈالنے کا حکم دیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ جو شخص سانپ کو اس اندیشہ سے نہ مارے کہ دوسرے سانپ اس سے بدلہ لیں گے تو وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (شرح السنۃ)

۳۹۵۸/۳۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا سَالَمْنٰھُمْ مُنْذُ حَارَبْنٰھُمْ وَمَنْ تَرَکَ شَیْئًا مِّنْھُمْ خِیْفَۃً فَلَیْسَ مِنَّا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب سے ہم نے سانپوں سے لڑائی شروع کی ہے اس وقت سے (کبھی) ہم نے صلح نہیں کی اور جو شخص سانپ کو اس خیال سے چھوڑ دے (یعنی نہ مارے کہ اس کا بدلہ لے گا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (ابوداؤد)

۳۹۵۹/۳۶ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُقْتُلُوا الْحَیَّاتِ کُلَّھُنَّ فَمَنْ خَافَ ثَارَھُنَّ فَلَیْسَ مِنِّیْ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مارو سب سانپوں کو (یعنی ہر قسم کے سانپوں کو) جو شخص ان سے ڈرے گا وہ مجھ سے نہیں ہے۔ (یعنی میرے طریقہ پر نہیں ہے)۔ (ابوداؤد۔ نسائی)۔

۳۹۶۰/۳۷ وَعَنِ الْعَبَّاسِ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّا نُرِیْدُ اَنْ نُّکَنِّسَ زَمْزَمَ فَاِنَّ فِیْھَا مِنْ ھٰذِہِ الْجِنَانِ یَعْنِی الْحَیَّاتِ الصِّغَارَ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِھِنَّ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عباس رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! ہمارا ارادہ ہے کہ چاہِ زمزم کو صاف کریں اس میں سانپ ہیں یعنی چھوٹے چھوٹے سانپ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کو مار ڈالنے کا حکم دیدیا۔ (ابوداؤد)

سفید چھوٹے سانپ کو مارنے کی ممانعت

۳۹۶۱/۳۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اُقْتُلُوا الْحَیَّاتِ کُلَّھَا اِلَّا الْجَانَّ الْاَبْیَضَ الَّذِیْ کَاَنَّہٗ قَضِیْبُ فِضَّۃٍ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تمام سانپوں کو مار ڈالو مگر سفید چھڑی کو جو چاندی کی چھڑی معلوم ہوتی ہے اس کو نہ مارو (یعنی بالکل سفید سانپ کو جو چاندی کی چھڑی کی طرح ہو اس کو نہ مارو)۔ (ابوداؤد)

کھانے پینے کی چیز میں مکھی گر جائے تو اس کو غوطہ دے کر نکال دو

۳۹۶۲/۳۹ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِیْ اِنَاءِ اَحَدِکُمْ فَامْقُلُوْہُ فَاِنَّ فِیْ اَحَدِ جَنَاحَیْہِ دَاءً وَفِی الْاٰخَرِ شِفَاءً فَاِنَّہٗ یَتَّقِیْ بِجَنَاحِہِ الَّذِیْ فِیْہِ الدَّاءُ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کسی کے (پانی یا کھانے کے) برتن میں مکھی گر پڑے تو اس کو ایک غوطہ دو اس لئے کہ اس کے ایک پر میں بیماری ہے اور دوسرے میں شفا اور مکھی اسی بازو کو برتن میں پہلے ڈالتی ہے جس میں بیماری ہے اس لئے اس

فَلْيَغْمِسْهُ كُلَّهُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

کو غوطہ دے دینا چاہئے۔ (ابوداؤد)

۳۹۶۳ وَعَنْ أَبِي سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي الطَّعَامِ فَامْقُلُوْهُ فَإِنَّ فِيْ أَحَدِ جَنَاحَيْهِ سَمًّا وَفِي الْآخَرِ شِفَاءً وَإِنَّهُ يُقَدِّمُ السَّمَّ وَيُؤَخِّرُ الشِّفَاءَ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کسی کے کھانے میں مکھی گر پڑے تو اس کو غوطہ دے لے اس لئے کہ اس کے ایک بازو میں زہر ہے اور دوسرے میں شفا اور مکھی زہر والے بازو کو پہلے ڈالتی ہے اور پھر شفا والے بازو کو۔ (شرح السنۃ)

وہ چار جانور جن کا مارنا ممنوع ہے

۳۹۶۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ أَرْبَعٍ مِنَ الدَّوَابِّ النَّمْلَةِ وَالنَّحْلَةِ وَالْهُدْهُدِ وَالصُّرَدِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چار جانوروں کو مارنے سے منع فرمایا ہے یعنی چیونٹی کو، شہد کی مکھی کو، ہدہد اور کل چڑے کو۔ (ابوداؤد۔ دارمی)

فصل سوم

حلت وحرمت کے احکام میں خواہش نفس کا کوئی دخل نہیں ہونا چاہیئے

۳۹۶۵ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَأْكُلُوْنَ أَشْيَاءَ وَيَتْرُكُوْنَ أَشْيَاءَ تَقَذُّرًا فَبَعَثَ اللّٰهُ نَبِيَّهُ وَأَنْزَلَ كِتَابَهُ وَأَحَلَّ حَلَالَهُ وَحَرَّمَ حَرَامَهُ فَمَا أَحَلَّ فَهُوَ حَلَالٌ وَمَا حَرَّمَ فَهُوَ حَرَامٌ وَمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ عَفْوٌ وَتَلَا قُلْ لَّا أَجِدُ فِيْمَا أُوْحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهُ إِلَّا أَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً أَوْ دَمًا أَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ الْآيَةَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ ایام جاہلیت کے لوگ بعض چیزوں کو کھاتے تھے اور بعض کو نہ کھاتے تھے (یعنی اپنی خواہش سے) پھر خدا نے اپنے نبی کو بھیجا اور اپنی کتاب کو نازل فرمایا اور اپنی حلال چیزوں کو حلال قرار دیا اور اپنی حرام چیزوں کو حرام قرار دیا ہے پس جس چیز کو خدا نے حلال کیا وہ حلال ہے اور جس چیز کو حرام کیا وہ حرام ہے اور جس چیز میں سکوت اختیار کیا وہ معاف ہے (یعنی اس پر مواخذہ نہیں ہے) پھر یہ آیت پڑھی: قُلْ لَّا أَجِدُ فِيْمَا أُوْحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهُ إِلَّا أَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً أَوْ دَمًا (الآیۃ) یعنی اے محمدؐ! (لوگوں سے) کہہ دو کہ جو چیز وحی کے ذریعہ میرے پاس بھیجی گئی ہے میں اس میں سے کسی چیز کو کھانے والے پر حرام نہیں پاتا مگر یہ کہ وہ مردار ہے یا خون (تا آخر آیت)۔ (ابوداؤد)

گدھے کا گوشت کھانے کی ممانعت

۳۹۶۶ وَعَنْ زَاهِرٍ الْأَسْلَمِيِّ قَالَ إِنِّيْ لَأُوْقِدُ تَحْتَ الْقُدُوْرِ بِلُحُوْمِ الْحُمُرِ إِذْ نَادٰى مُنَادِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَاكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت زاہر اسلمی رضؓ کہتے ہیں۔ میں گدھے کا گوشت اپنی ہانڈی میں پکا رہا تھا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے منادی نے یہ اعلان کیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے گدھے کے گوشت کو کھانے کی ممانعت فرما دی ہے۔ (بخاری)

جنات کی قسمیں

۳۹۶۷ وَعَنْ أَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ يَرْفَعُهُ الْجِنُّ ثَلَاثَةُ أَصْنَافٍ صِنْفٌ لَهُمْ أَجْنِحَةٌ يَطِيْرُوْنَ فِي الْهَوَاءِ وَصِنْفٌ حَيَّاتٌ وَّكِلَابٌ وَصِنْفٌ

حضرت ابی ثعلبہ خشنی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جن تین قسم کے ہیں ایک تو وہ ہیں جن کے پر ہیں اور وہ اڑتے ہیں دوسری قسم سانپ ہیں اور کتے، اور ایک قسم وہ

يَحِلُّونَ وَيَظْعَنُونَ - (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

ہے جو منزل پر اترتی اور کوچ کر جاتی ہے (شرح السنۃ)

بَابُ الْعَقِيقَةِ

عقیقہ کا بیان

فصل اوّل

عقیقہ کرنے کا حکم

۳۹۶۸ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرِ الضَّبِّيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَعَ الْغُلَامِ عَقِيقَةٌ فَاهْرِيقُوا عَنْهُ دَمًا وَّ اَمِيطُوا عَنْهُ الْاَذٰى۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سلمان بن عامر ضبی رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ لڑکے کے پیدا ہونے پر عقیقہ کرنا سنت ہے اسکی طرف سے خون بہادو اور دور کرو اس سے ایذا (یعنی سر کے بال اور میل)۔ (بخاری)

تحنیک ایک مسنون عمل ہے

۳۹۶۹ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُؤْتٰى بِالصِّبْيَانِ فَيُبَرِّكُ عَلَيْهِمْ وَيُحَنِّكُهُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دعا کے لئے بچے لائے جاتے اور آپ ان کے لئے برکت کی دعا فرماتے اور ان کے تالو میں کھجور چبا کر ملتے۔ (مسلم)

۳۹۷۰ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ اَنَّهَا حَمَلَتْ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ بِمَكَّةَ قَالَتْ فَوَلَدْتُ بِقُبَاءٍ ثُمَّ اَتَيْتُ بِهٖ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعْتُهُ فِي حَجْرِهٖ ثُمَّ دَعَا بِتَمْرَةٍ فَمَضَغَهَا ثُمَّ تَفَلَ فِي فِيهِ ثُمَّ حَنَّكَهٗ ثُمَّ دَعَا لَهٗ وَبَرَّكَ عَلَيْهِ وَكَانَ اَوَّلَ مَوْلُودٍ وُّلِدَ فِي الْاِسْلَامِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضؓ کہتی ہیں کہ مکہ میں عبداللہ بن زبیر رضؓ ان کے حمل میں آئے، انھوں نے کہا ان کی ولادت قبا میں ہوئی پھر میں ان کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ کی مبارک گود میں دیدیا۔ حضورؐ نے کھجور منگوائی اور اپنے دانتوں سے اُس کو چبایا پھر اپنے منہ کا پانی عبداللہ رضؓ کے منہ میں ڈالا اور کھجور کے لعاب کو تالو میں ملا پھر ان کے لئے دعا کی اور بارک اللہ علیک کہا۔ عبداللہ پہلے بچہ ہیں جو (ہجرت کے بعد) اہل اسلام میں پیدا ہوئے۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

عقیقہ کے جانوروں کی تعداد

۳۹۷۱ عَنْ اُمِّ كُرْزٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اَقِرُّوا الطَّيْرَ عَلٰى مَكِنَاتِهَا قَالَتْ وَسَمِعْتُهٗ يَقُولُ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ وَّلَا يَضُرُّكُمْ ذُكْرَانًا كُنَّ اَوْ اِنَاثًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ مِنْ قَوْلِهٖ يَقُولُ عَنِ الْغُلَامِ اِلٰى اٰخِرِهٖ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ)

حضرت ام کرز رضؓ کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے پرندوں کو ان کے گھونسلے میں قرار دو (ان کو ان کے آشیانوں میں رہنے دو اڑاؤ نہیں) اور میں نے یہ فرماتے سنا ہے کہ لڑکے کے (عقیقہ میں) دو بکریاں اور لڑکی کے (عقیقہ میں) ایک بکری اور ان کے یعنی بکریوں کے نر و مادہ سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا یعنی نر و مادہ کی تخصیص نہیں۔ (ابوداؤد۔ ترمذی)

یہ حدیث صحیح ہے۔

عقیقہ کی اہمیت

۳۹۷۲ وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغُلَامُ مُرْتَهَنٌ

حضرت حسن رضؓ سمرہ رضؓ سے روایت کرتے ہیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ لڑکا عقیقہ کے بدلے رہن ہے ساتویں دن ذبح کرکے

بِعَقِيقَتِهِ تُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ السَّابِعِ وَيُسَمّٰى وَيُحْلَقُ رَأْسُهُ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ لٰكِنَّ فِي رِوَايَتِهِمَا رَهِينَةٌ بَدَلَ مُرْتَهَنٌ وَفِي رِوَايَةٍ لِّأَحْمَدَ وَأَبِي دَاوٗدَ وَهُوَ يُدْمٰى مَكَانَ وَيُسَمّٰى وَقَالَ أَبُوْدَاوٗدَ وَيُسَمّٰى أَصَحُّ

اس کا عقیقہ کیا جائے اس کا نام رکھا جائے اور اس کا سر مونڈا جائے (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی) لیکن ابوداؤد اور نسائی کی روایت میں مرتہن کے بجائے رہینہ کا لفظ ہے۔ احمد اور ابوداؤد کی ایک روایت میں ویسمّٰی کی جگہ یدمٰی ہے۔ ابوداؤد نے کہا "یسمّٰی" زیادہ صحیح ہے۔

لڑکے کے عقیقہ میں ایک بکری ذبح کرنے کا مسئلہ

۳۹۷۳ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ عَقَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَسَنِ بِشَاةٍ وَقَالَ يَا فَاطِمَةُ احْلِقِي رَأْسَهُ وَتَصَدَّقِي بِزِنَةِ شَعْرِهِ فِضَّةً فَوَزَنَّاهُ فَكَانَ وَزْنُهُ دِرْهَمًا أَوْ بَعْضَ دِرْهَمٍ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَإِسْنَادُهُ لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ لِأَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ لَمْ يُدْرِكْ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ)۔

حضرت محمد بن علی بن حسینؒ، علی بن ابی طالبؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسنؓ کا عقیقہ ایک بکری سے کیا اور فرمایا فاطمہ اس کا سر مونڈ دے اور بالوں کے ہموزن چاندی صدقہ کر دے۔ ہم نے بالوں کا وزن کیا تو وہ ایک درہم یا درہم سے کچھ کم تھے۔ (ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور اس کی اسناد مسلسل و متصل نہیں ہے اس لئے کہ محمد بن علی بن حسین نے علیؓ بن ابی طالب کو نہیں دیکھا)۔

۳۹۷۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَّ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ كَبْشًا كَبْشًا (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَعِنْدَ النَّسَائِيِّ كَبْشَيْنِ كَبْشَيْنِ۔

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسنؓ اور حسینؓ کا عقیقہ ایک ایک دنبہ سے کیا۔ (ابوداؤد) نسائی نے دو دو دنبے روایت کئے ہیں۔

بچے کو عقوق سے بچانے کے لئے اس کا عقیقہ کرو

۳۹۷۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَقِيقَةِ فَقَالَ لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْعُقُوقَ كَأَنَّهُ كَرِهَ الِاسْمَ وَقَالَ مَنْ وُّلِدَ لَهٗ وَلَدٌ فَأَحَبَّ أَنْ يَّنْسُكَ عَنْهُ فَلْيَنْسُكْ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَيْنِ وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةً۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عقیقہ کا مسئلہ پوچھا گیا آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ عقوق کو پسند نہیں فرماتا (عاق کے معنی نافرمانی کرنے والا ہیں) گویا آپ عقیقہ کے لفظ کو برا سمجھتے تھے۔ پھر آپ نے فرمایا جس شخص کے ہاں بچہ پیدا ہو بہتر ہے کہ اس کی طرف سے ذبح کرے یعنی لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی جانب سے ایک بکری (ابوداؤد نسائی)

بچے کے کان میں اذان دینا مسنون ہے

۳۹۷۶ وَعَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَذَّنَ فِي أُذُنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ حِيْنَ وَلَدَتْهُ فَاطِمَةُ بِالصَّلٰوةِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

حضرت ابورافع رضؓ کہتے ہیں میں نے دیکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن بن علی رضؓ کے کان میں اذان دی جس وقت کہ وہ پیدا ہوئے مانند نماز کی اذان کے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے)

فصل سوم

عقیقہ کا دن

۳۹۷۷ عَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ كُنَّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ إِذَا وُلِدَ

حضرت بریدہ رضؓ کہتے ہیں ایام جاہلیت میں ہم میں سے جس کے

لِاَحَدِنَا غُلَامٌ ذَبَحَ شَاةً وَلَطَخَ رَاسَهٗ بِدَمِهَا فَلَمَّا جَاءَ الْاِسْلَامُ كُنَّا نَذْبَحُ الشَّاةَ يَوْمَ السَّابِعِ وَنَحْلِقُ رَاسَهٗ وَنُلَطِّخُهٗ بِزَعْفَرَانٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَزَادَ رَزِيْنٌ وَنُسَمِّيْهِ۔)

ہاں لڑکا پیدا ہوتا وہ ایک بکری ذبح کرتا اور اس کا خون بچہ کے سر پر لگایا جاتا۔ پھر اسلام میں ہم ساتویں روز بکری ذبح کرتے بچہ کا سر مونڈتے اور سر پر زعفران ملیں کر لگاتے (ابوداؤد) رزین نے یہ الفاظ زیادہ لکھے ہیں کہ ہم اس کا نام رکھتے۔

كِتَابُ الْاَطْعِمَةِ

کھانوں کا بیان

فَصْلُ اَوَّلٌ

کھانے کے تین آداب

۳۹۷۸/۱ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ قَالَ كُنْتُ غُلَامًا فِیْ حَجْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ يَدِیْ تَطِيْشُ فِی الصَّحْفَةِ فَقَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِّ اللّٰهَ وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمر بن ابی سلمہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں بچہ تھا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی پرورش اور تربیت میں تھا۔ میرا ہاتھ رکابی کی طرف تیزی سے بڑھتا (جیسا کہ بچوں کی عادت ہوتی ہے) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے (ایک روز) مجھ سے فرمایا بسم اللہ کہہ سیدھے ہاتھ سے کھا اور اپنے پاس سے کھا۔ (بخاری و مسلم)

کھاتے وقت بسم اللہ پڑھنے کی اہمیت

۳۹۷۹/۲ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّيْطَانَ يَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ اَنْ لَّا يُذْكَرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت حذیفہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر کھانے پر خدا کا نام نہ لیا جائے تو شیطان اس کھانے کو اپنے لئے حلال سمجھتا ہے (یعنی اس کھانے پر قدرت رکھتا ہے)۔ (مسلم)

۳۹۸۰/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الرَّجُلُ بَيْتَهٗ فَذَكَرَ اللّٰهَ عِنْدَ دُخُوْلِهٖ وَعِنْدَ طَعَامِهٖ قَالَ الشَّيْطَانُ لَا مَبِيْتَ لَكُمْ وَلَا عَشَاءَ وَاِذَا دَخَلَ فَلَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ دُخُوْلِهٖ قَالَ الشَّيْطَانُ اَدْرَكْتُمُ الْمَبِيْتَ وَاِذَا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ طَعَامِهٖ قَالَ اَدْرَكْتُمُ الْمَبِيْتَ وَالْعَشَاءَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب آدمی اپنے گھر میں داخل ہو تو قدم رکھتے ہی خدا کو یاد کرے اور کھانا کھاتے وقت بھی (یعنی خدا کا نام لے) (ایسا کرنے پر) شیطان اپنے ساتھیوں سے کہتا ہے چلو اس گھر میں نہ تو ٹھکانا ہے اور نہ کھانا اور جو شخص اس طرح گھر میں داخل ہو کہ خدا کا ذکر نہ کرے تو شیطان کہتا ہے ٹھکانا تو مل گیا اور جب کھانا کھاتے وقت خدا کا نام نہ لے تو شیطان کہتا ہے ٹھکانا اور کھانا دونوں چیزیں مل گئیں۔ (مسلم)

دائیں ہاتھ سے کھانا پینا چاہیئے

۳۹۸۱/۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَاْكُلْ بِيَمِيْنِهٖ وَاِذَا شَرِبَ فَلْيَشْرَبْ بِيَمِيْنِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تم کھانا کھاؤ تو سیدھے ہاتھ سے کھاؤ اور کوئی چیز پیو تو سیدھے ہاتھ میں لے کر پیو۔ (مسلم)

بائیں ہاتھ سے کھانے پینے کی ممانعت

۳۹۸۲/۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَاْكُلَنَّ اَحَدُكُمْ بِشِمَالِهٖ وَلَا يَشْرَبَنَّ

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی شخص بائیں ہاتھ سے نہ کوئی چیز کھائے اور نہ پیئے اس لئے

بِهَا فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَاْكُلُ بِشِمَالِهٖ وَيَشْرَبُ بِهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)۔

کہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا پیتا ہے۔ (مسلم)

تین انگلیوں سے کھانا اور انگلیاں چاٹنا سنت ہے

۲۹۸۳ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ بِثَلٰثَةِ اَصَابِعَ وَيَلْعَقُ يَدَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّمْسَحَهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت کعب بن مالک رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین انگلیوں سے کھایا کرتے تھے (یعنی انگوٹھے انگشتِ شہادت اور بیچ کی انگلی سے) اور دھونے سے پہلے ان کو چاٹ لیا کرتے تھے۔ (مسلم)

۳۹۸۴ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِلَعْقِ الْاَصَابِعِ وَالصَّحْفَةِ وَقَالَ اِنَّكُمْ لَا تَدْرُوْنَ فِيْ اَيَّتِهَا الْبَرَكَةُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیوں اور رکابی کو چاٹنے کا حکم دیا اور فرمایا تم نہیں جانتے کس انگلی یا نوالے میں برکت ہے۔ (مسلم)

۳۹۸۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَمْسَحْ يَدَهٗ حَتّٰى يَلْعَقَهَا اَوْ يُلْعِقَهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب کوئی شخص کھانا کھائے تو ہاتھوں کو پونچھنے یا دھونے سے پہلے چاٹ لے یا کسی کو چٹوا دے۔ (بخاری و مسلم)

کھاتے وقت کوئی لقمہ گر جائے تو اُسے صاف کر کے کھا لینا چاہئے

۳۹۸۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الشَّيْطَانَ يَحْضُرُ اَحَدَكُمْ عِنْدَ كُلِّ شَيْءٍ مِنْ شَاْنِهٖ حَتّٰى يَحْضُرَهٗ عِنْدَ طَعَامِهٖ فَاِذَا سَقَطَتْ مِنْ اَحَدِكُمُ اللُّقْمَةُ فَلْيُمِطْ مَا كَانَ بِهَا مِنْ اَذًى ثُمَّ لِيَاْكُلْهَا وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطٰنِ فَاِذَا فَرَغَ فَلْيَلْعَقْ اَصَابِعَهٗ فَاِنَّهٗ لَا يَدْرِيْ فِيْ اَيِّ طَعَامِهٖ يَكُوْنُ الْبَرَكَةُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے شیطان تمہارے ہر کام کے وقت تمہارے پاس موجود ہوتا ہے یہانتک کہ کھانا کھانے کے وقت بھی جب تمہارا کوئی لقمہ گر جائے تو اس کو چاہئے کہ اُٹھا لے اور صاف کر کے کھا لے اور اس کو شیطان کے لئے نہ چھوڑے اور جب کھانا کھا چکے تو انگلیوں کو چاٹ لے اِس لئے کہ وہ نہیں جانتا کھانے کے کس حصّہ میں برکت ہے۔ (مسلم)

ٹیک لگا کر کھانا کھانے کی ممانعت

۳۹۸۷ وَعَنْ اَبِيْ جُحَيْفَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اٰكُلُ مُتَّكِئًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابی جحیفہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں تکیہ لگا کر نہیں کھاتا۔ (بخاری)

میز و چوکی پر کھانا کھانے کا مسئلہ

۳۹۸۸ وَعَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا اَكَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى خِوَانٍ وَّلَا فِيْ سُكُرُّجَةٍ وَلَا خُبِزَ لَهٗ مُرَقَّقٌ قِيْلَ لِقَتَادَةَ عَلٰى مَا يَاْكُلُوْنَ قَالَ عَلَى السُّفَرِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت قتادہ رضؓ انس رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی خوان پر کھانا نہیں کھایا اور طشتریوں اور پیالوں میں بھی نہیں کھایا اور نہ آپ کے لئے چپاتی پکائی گئی۔ قتادہ سے پوچھا گیا پھر کس چیز پر آپ کھانا کھاتے تھے کہا دسترخوان پر۔ (بخاری)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی چپاتی دیکھی بھی نہیں

۳۹۸۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا اَعْلَمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَغِيْفًا مُرَقَّقًا حَتّٰى لَحِقَ بِاللّٰهِ وَلَا رَاٰى شَاةً سَمِيْطًا بِعَيْنِهٖ قَطُّ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں۔ میں نہیں جانتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات تک چپاتی کو دیکھا ہو اور نہ آپ نے دم بخت بکری کو دیکھا جس کو میں آنکھوں کے دم بخت کیا گیا ہو۔ (بخاری)

آنحضرتؐ نے میدہ کی تیار کی ہوئی کوئی چیز بھی نہیں کھائی

۳۹۹۰/۱۳ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ مَا رَاٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِیَّ مِنْ حِيْنِ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰی قَبَضَهُ اللّٰهُ وَقَالَ مَا رَاٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْخُلًا مِنْ حِيْنِ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰی قَبَضَهُ اللّٰهُ قِيْلَ كَيْفَ كُنْتُمْ تَاْكُلُوْنَ الشَّعِيْرَ غَيْرَ مَنْخُوْلٍ قَالَ كُنَّا نَطْحَنُهُ وَنَنْفُخُهُ فَيَطِيْرُ مَا طَارَ وَمَا بَقِیَ ثَرَّيْنَاهُ فَاَكَلْنَاهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت سہل بن سعدؓ کہتے ہیں کہ جب سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو نبوّت عطا ہوئی اس وقت سے آخر عمر تک آپ نے کبھی میدہ کو نہیں دیکھا (یعنی میدہ سے تیار کی ہوئی چیز کو نہیں کھایا) اور نہ نبوت کے بعد وفات تک آپ نے چھلنی کو دیکھا (یعنی بغیر چھنا ہوا آٹا کھایا) سہل بن سعدؓ سے پوچھا گیا تم جَو کے بغیر چھنے کی روٹی کس طرح کھاتے تھے؟ کہا ہم جَو کو پیستے اور پھونک مار مار کر بھوسی کو اُڑا دیتے اور پھر آٹے کو گوندھ کر اس کی روٹی پکاتے اور کھا لیتے۔ (بخاری)

آنحضرتؐ کسی کھانے کو بُرا نہیں کہتے تھے

۳۹۹۱/۱۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَا عَابَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا قَطُّ اِنِ اشْتَهَاهُ اَكَلَهُ وَاِنْ كَرِهَهُ تَرَكَهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی کھانے کو بُرا نہ کہا اور نہ بُرا سمجھا اگر خواہش ہوتی کھا لیتے خواہش و رغبت نہ ہوتی چھوڑ دیتے۔ (بخاری و مسلم)

مومن ایک آنت میں اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے

۳۹۹۲/۱۵ وَعَنْهُ اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَاْكُلُ اَكْلًا كَثِيْرًا فَاَسْلَمَ وَكَانَ يَاْكُلُ قَلِيْلًا فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يَاْكُلُ فِیْ مِعًا وَّاحِدٍ وَّالْكَافِرُ يَاْكُلُ فِیْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ) وَرَوٰی مُسْلِمٌ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی وَابْنِ عُمَرَ الْمُسْنَدَ مِنْهُ فَقَطْ وَفِیْ اُخْرٰی لَهُ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَافَهُ ضَيْفٌ وَهُوَ كَافِرٌ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ اَمَرَ اُخْرٰی فَشَرِبَهُ ثُمَّ اُخْرٰی فَشَرِبَهُ حَتّٰی شَرِبَ حِلَابَ سَبْعِ شِيَاهٍ ثُمَّ اِنَّهُ اَصْبَحَ فَاَسْلَمَ فَاَمَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ اَمَرَ ثُمَّ اَمَرَ بِاُخْرٰی فَلَمْ يَسْتَتِمَّهَا فَقَالَ الْمُؤْمِنُ يَشْرَبُ فِیْ مِعًا وَّاحِدٍ وَّالْكَافِرُ يَشْرَبُ فِیْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص بہت کھاتا تھا پھر وہ مسلمان ہو گیا اور کم کھانے لگا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا گیا آپ نے فرمایا مومن ایک انتڑی میں کھاتا ہے اور کافر سات انتڑیوں میں کھاتا ہے (بخاری)

اور مسلم نے جو روایت نقل کی ہے اس میں یہ واقعہ مذکور نہیں صرف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا قول مذکور ہے۔ اور مسلم کی ایک روایت میں جو ابوہریرہؓ سے منقول ہے یہ الفاظ ہیں کہ ایک کافر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا مہمان ہوا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک بکری کا دودھ دوہنے کا حکم دیا چنانچہ دودھ دوہا گیا اور وہ مہمان سارا دودھ پی گیا۔ پھر دوسری بکری کا دودھ دوہا گیا اس کا دودھ بھی اس نے پی لیا اسی طرح وہ سات بکریوں کا دودھ پی گیا۔ صبح کو وہ کافر مسلمان ہو گیا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے ایک بکری کا دودھ دوہنے کا حکم دیا چنانچہ دودھ دوہا گیا اُس نے وہ دودھ پی لیا پھر دوسری بکری کا دودھ دوہا گیا اور اس کا سارا دودھ وہ نہ پی سکا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن ایک آنت میں پیتا ہے اور کافر سات آنتوں میں پیتا ہے۔

ٹھوڑے کھانے میں بھی دوسروں کو شریک کر لینا چاہیئے

۳۹۹۳/۱۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامُ الْاِثْنَيْنِ كَافِی الثَّلٰثَةِ وَطَعَامُ الثَّلٰثَةِ كَافِی الْاَرْبَعَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دو آدمیوں کا کھانا تین آدمیوں کے لئے کافی ہے اور تین آدمیوں کا کھانا چار آدمیوں کے لئے کافی ہے۔ (بخاری و مسلم)

۳۹۹۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الِاثْنَيْنِ وَطَعَامُ الِاثْنَيْنِ يَكْفِي الْاَرْبَعَةَ وَطَعَامُ الْاَرْبَعَةِ يَكْفِي الثَّمَانِيَةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے ایک آدمی کا کھانا دو آدمیوں کے لئے کافی ہے اور دو آدمیوں کا کھانا چار آدمیوں کے لئے کافی ہے اور چار آدمیوں کا کھانا آٹھ آدمیوں کے لئے کافی ہے۔ (مسلم)

تلبینہ بیمار کے لئے بہترین چیز ہے

۳۹۹۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ التَّلْبِيْنَةُ مُجِمَّةٌ لِفُؤَادِ الْمَرِيْضِ تَذْهَبُ بِبَعْضِ الْحُزْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ کہتی ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ تلبینہ (آٹے اور دودھ سے تیار کیا ہوا حریرہ جس میں شہد کو بھی بعض وقت شامل کر لیا جاتا ہے) بیمار کے دل کو سکون اور راحت بخشتا ہے اور بعض غموں کو دور کرتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

آنحضرتؐ کو کدو بہت پسند تھا

۳۹۹۶ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ خَيَّاطًا دَعَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِطَعَامٍ صَنَعَهُ فَذَهَبْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَّبَ خُبْزَ شَعِيْرٍ وَّمَرَقًا فِيْهِ دُبَّاءٌ وَّقَدِيْدٌ فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ مِنْ حَوَالَيِ الْقَصْعَةِ فَلَمْ اَزَلْ اُحِبُّ الدُّبَّاءَ بَعْدَ يَوْمَئِذٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ ایک درزی نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی تاکہ جو کھانا اس نے تیار کیا تھا اس کو آپ کھلائے میں بھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دعوت میں گیا۔ اس نے جو کی روٹی اور شوربا حاضر کیا جس میں کدو اور خشک گوشت تھا (یعنی شوربا سکھائے ہوئے گوشت اور کدو کا تھا) میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ پیالے کے اطراف میں سے کدو کو تلاش کر کر کے کھاتے تھے اس روز سے میں کدو کو بہت پسند کرتا ہوں۔ (بخاری و مسلم)

چھری کانٹے سے کھانے کا مسئلہ

۳۹۹۷ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ اَنَّهٗ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْتَزُّ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ فِيْ يَدِهٖ فَدُعِيَ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاَلْقَاهَا وَالسِّكِّيْنَ الَّتِيْ يَحْتَزُّ بِهَا ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّاْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمرو بن امیہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بکری کے شانہ سے جو آپ کے ہاتھ میں تھا گوشت کاٹ رہے تھے کہ آپ کو نماز کے لئے بلایا گیا۔ آپ گوشت اور چھری کو چھوڑ کر نماز پڑھانے چلے گئے اور وضو نہیں کیا۔ (بخاری و مسلم)

آنحضرتؐ کو میٹھی چیز بہت پسند تھی

۳۹۹۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میٹھی چیز کو بہت پسند کرتے تھے اور شہد کو بھی۔ (بخاری)

سرکہ ایک بہترین سالن ہے

۳۹۹۹ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَ اَهْلَهُ الْاُدُمَ فَقَالُوْا مَا عِنْدَنَا اِلَّا خَلٌّ فَدَعَا بِهٖ فَجَعَلَ يَاْكُلُ بِهٖ وَيَقُوْلُ نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر والوں سے سالن طلب فرمایا۔ انھوں نے کہا سالن ہمارے ہاں نہیں ہے سرکہ ہے۔ آپ نے سرکہ منگایا اور اس سے روٹی کھانی شروع کی اور فرمایا بہترین سالن ہے سرکہ بہترین سالن ہے سرکہ۔ (مسلم)

کھنبی کی فضیلت وخاصیت

۴۰۰۰ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَمْاَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاءُهَا شِفَاءُ الْعَيْنِ (متفق علیہ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ مِنَ الْمَنِّ الَّذِيْ اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

حضرت سعید بن زید رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کھنبی من میں سے یعنی نعمتِ الٰہی میں سے ہے اس کا پانی آنکھ کی شفاء ہے (بخاری ومسلم) اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کھنبی اس من میں سے ہے جس کو خداوند تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام پر اتارا ہے[۵]

ککڑی اور کھجور کو ملا کر کھانے کا ذکر

۴۰۰۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ الرُّطَبَ بِالْقِثَّاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن جعفر کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو کھجور اور ککڑی کو ساتھ کھاتے دیکھا (یعنی آپ ایک کھجور منہ میں رکھ لیتے اور ایک ٹکڑا ککڑی کا اور دونوں کو کھاتے۔) (بخاری ومسلم)

پیلو کے پھل کی فضیلت

۴۰۰۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَرِّ الظَّهْرَانِ نَجْنِي الْكَبَاثَ فَقَالَ عَلَيْكُمْ بِالْاَسْوَدِ مِنْهُ فَاِنَّهٗ اَطْيَبُ فَقِيْلَ اَكُنْتَ تَرْعَى الْغَنَمَ قَالَ نَعَمْ وَهَلْ مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا رَعَاهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ہم مقام مرّ الظہران میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے ہم نے وہاں پیلو کے درختوں کے پھلوں کو اکٹھا کیا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سیاہ سیاہ پھل لے لو وہ اچھا ہوتا ہے۔ آپ سے پوچھا گیا کیا آپ نے کبھی بکریاں چرائی ہیں؟ (اس لئے کہ بکریاں چرانے والے اس کو کھاتے ہیں اور اس کے اچھے برے کو جانتے ہیں) آپ نے فرمایا کونسا نبی ہے جس نے بکریاں نہیں چرائیں۔ (بخاری ومسلم)

آنحضرتؐ کس طرح بیٹھ کر کھاتے تھے

۴۰۰۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْعِيًا يَاْكُلُ تَمْرًا وَّفِيْ رِوَايَةٍ يَاْكُلُ مِنْهُ اَكْلًا ذَرِيْعًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو زمین پر کولہا رکھے اور زانو کو کھڑا کئے ہوئے ہیئت پر بیٹھے دیکھا آپ کھجوریں کھا رہے تھے۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ کھجوروں کا کھانا کھا رہے تھے۔ (مسلم)

کئی آدمی ہوں تو دو دو کھجوریں ساتھ نہ کھاؤ

۴۰۰۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّقْرُنَ الرَّجُلُ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ حَتّٰى يَسْتَاْذِنَ اَصْحَابَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو دو کھجوریں ایک ساتھ کھانے سے منع فرمایا البتہ اگر اس کے ساتھ کھانے والے اس کو اجازت دیدیں تو جائز ہے۔ (بخاری ومسلم)

کھجور کی فضیلت

۴۰۰۵ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَجُوْعُ اَهْلُ بَيْتٍ عِنْدَهُمُ التَّمْرُ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ يَا عَائِشَةُ بَيْتٌ لَا تَمْرَ فِيْهِ جِيَاعٌ اَهْلُهٗ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلٰثًا۔

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اس گھر کے آدمی بھوکے نہیں رہتے جن کے پاس کھجوریں ہوں اور ایک روایت میں یوں ہے کہ عائشہ جس گھر میں کھجوریں نہ ہوں اس کے آدمی بھوکے ہیں۔ آپ نے دو مرتبہ یا تین مرتبہ یہ الفاظ فرمائے۔ (مسلم)

---

[۵] جس کا ذکر قرآن مجید کی اس آیت میں ہے: وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى۔ ۱۲ مترجم

عجوہ کھجور کی تاثیر

۴۰۰۶/۲۹ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَصَبَّحَ بِسَبْعِ تَمَرَاتٍ عَجْوَةٍ لَمْ يَضُرَّهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ سَمٌّ وَلَا سِحْرٌ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سعد رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جو شخص صبح کے وقت (یعنی نہار منہ) سات عجوہ کھجوریں کھالے اس کو دن بھر نہ تو کوئی زہر ضرر پہنچائے گا اور نہ جادو (عجوہ مدینہ کی بہترین کھجور ہوتی ہے جس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے)

۴۰۰۷/۳۰ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِيْ عَجْوَةِ الْعَالِيَةِ شِفَاءً وَّاِنَّهَا تِرْيَاقٌ اَوَّلَ الْبُكْرَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے عالیہ (مقام) کی عجوہ کھجور میں شفا ہے اور اس کا صبح کے وقت کھانا (نہار منہ) زہر کا تریاق ہے۔ (مسلم)

آنحضرت ﷺ کی تنگیٔ معاش

۴۰۰۸/۳۱ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ يَاْتِيْ عَلَيْنَا الشَّهْرُ مَا نُوْقِدُ فِيْهِ نَارًا اِنَّمَا هُوَ التَّمْرُ وَالْمَاءُ اِلَّا اَنْ نُؤْتٰى بِاللُّحَيْمِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں بعض مہینہ ہم پر ایسا گزرجاتا تھا کہ ہم اس میں آگ نہ جلاتے تھے اور کھانا صرف کھجور اور پانی ہوتا تھا مگر جب کہ کہیں سے تھوڑا سا گوشت لایا جاتا۔ (بخاری و مسلم)

۴۰۰۹/۳۲ وَعَنْهَا قَالَتْ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ يَوْمَيْنِ مِنْ خُبْزِ بُرٍّ اِلَّا وَاحِدُهُمَا تَمْرٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر کے آدمیوں نے کبھی دو دن تک برابر گیہوں کی روٹی نہیں کھائی ان دونوں میں سے ایک دن کی غذا کھجور ہوتی تھی۔ (بخاری و مسلم)

۴۰۱۰/۳۳ وَعَنْهَا قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا شَبِعْنَا مِنَ الْاَسْوَدَيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفات پاگئے اور ہم نے کبھی دو سیاہ چیزوں سے پیٹ نہیں بھرا (یعنی کبھی پیٹ بھر کھجوریں نہ کھائیں اور نہ پانی پیا) (بخاری و مسلم)

۴۰۱۱/۳۴ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ اَلَسْتُمْ فِيْ طَعَامٍ وَشَرَابٍ مَا شِئْتُمْ لَقَدْ رَاَيْتُ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَاُ بَطْنَهُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت نعمان بن بشیر رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد (لوگوں سے) کہا کیا تم کھانے پینے کی چیزوں میں عیش و آرام سے بسر نہیں کرتے اور جو تمہارا جی چاہتا ہے کھاتے پیتے ہو میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ کو اسقدر ناکارہ کھجوریں بھی نہ ملیں کہ آپ ان سے پیٹ بھر لیں (مسلم)

لہسن کھانا جائز ہے

۴۰۱۲/۳۵ وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُتِيَ بِطَعَامٍ اَكَلَ مِنْهُ وَبَعَثَ بِفَضْلِهِ اِلَيَّ وَاِنَّهُ بَعَثَ اِلَيَّ يَوْمًا بِقَصْعَةٍ لَمْ يَاْكُلْ مِنْهَا لِاَنَّ فِيْهَا ثُوْمًا فَسَاَلْتُهُ اَحَرَامٌ هُوَ قَالَ لَا وَلٰكِنْ اَكْرَهُهُ مِنْ اَجْلِ رِيْحِهِ قَالَ فَاِنِّيْ اَكْرَهُ مَا كَرِهْتَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابی ایوب رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کھانا لایا جاتا تو اس میں سے جس قدر خواہش ہوتی آپ کھالیتے اور باقی میرے پاس بھیج دیتے ایک روز آپ نے میرے پاس ایک پیالہ بھیجا جس میں سے کھایا نہ تھا اس میں لہسن تھا میں نے آپ سے دریافت کیا۔ کیا لہسن حرام ہے؟ فرمایا نہیں لیکن میں اس کی بو کو پسند نہیں کرتا۔ ابی ایوب نے عرض کیا جس چیز کو آپ پسند نہیں کرتے میں بھی پسند نہیں کرتا۔ (مسلم)

لہسن، پیاز، کھاکر مسجد و مجالس ذکر وغیرہ میں مت جاؤ

۴۰۱۳/۳۶ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص (کچی)

مَنْ اَكَلَ ثُوْمًا اَوْ بَصَلًا فَلْيَعْتَزِلْنَا اَوْ قَالَ فَلْيَعْتَزِلْ مَسْجِدَنَا اَوْ لِيَقْعُدْ فِيْ بَيْتِهٖ وَاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِقِدْرٍ فِيْهِ خَضِرَاتٌ مِنْ بُقُوْلٍ فَوَجَدَ لَهَا رِيْحًا فَقَالَ قَرِّبُوْهَا اِلٰى بَعْضِ اَصْحَابِهٖ وَقَالَ كُلْ فَاِنِّيْ اُنَاجِيْ مَنْ لَا تُنَاجِيْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پیاز اور لہسن کھائے وہ ہم سے الگ رہے (یعنی ہماری مجلس اور صحبت میں شریک نہ ہو) یا آپ نے یہ فرمایا کہ ہماری مسجدوں سے دور رہے یا یہ فرمایا کہ وہ اپنے گھر میں بیٹھے۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس (ایک روز) ایک ہانڈی لائی گئی جس میں سبزی یعنی ترکاریاں تھیں آپ نے اس میں بُو پائی اور فرمایا اس کو فلاں شخص کے پاس لے جاؤ اس کے بعد فرمایا تم کھاؤ میں اس شخص سے نجوٰی (سرگوشی) کرتا ہوں جس سے تم نہیں کرتے۔ (بخاری و مسلم)

اشیاء خوراک کو ناپ تول کر لینے دینے اور پکانے کا حکم

۴۰۱۴/۳۷ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كِيْلُوْا طَعَامَكُمْ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيْهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے کھانے کی چیزوں کو ناپ تول لیا کرو (یعنی اندازہ کر کے لیا دیا کرو) تمہارے لئے اس میں برکت دی جائے گی۔ (بخاری)

کھانے کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء

۴۰۱۵/۳۸ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رُفِعَ مَائِدَتُهٗ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابی امامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے جب دسترخوان بڑھایا جاتا تو آپ فرماتے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا یعنی خدا کے واسطے تعریف ہے بہت تعریف اور بابرکت تعریف ہمیشہ کے لئے نہ کفایت کی گئی اور نہ ترک کی گئی اور نہ اس سے بے پروائی ہو اے ہمارے رب! (بخاری)

۴۰۱۶/۳۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَيَرْضٰى عَنِ الْعَبْدِ اَنْ يَّاْكُلَ الْاَكْلَةَ فَيَحْمَدَهٗ عَلَيْهَا اَوْ يَشْرَبَ الشَّرْبَةَ فَيَحْمَدَهٗ عَلَيْهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ اپنے بندے کو اس حال میں دیکھ کر خوش ہوتا ہے کہ وہ ایک لقمہ کھائے اور اس پر خدا کی تعریف کرے یا ایک گھونٹ پیئے اور اس پر خدا کی تعریف کرے۔ (مسلم)

وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَيْ عَائِشَةَ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ وَّخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الدُّنْيَا فِيْ بَابِ فَضْلِ الْفُقَرَاءِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

اور عنقریب ہم عائشہ رضی اللہ عنہا اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دو حدیثیں انشاء اللہ فضل الفقراء کے باب میں بیان کریں گے کہ آلِ محمد نے کبھی پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے گئے۔

فصل دوم

بسم اللہ کہہ کر کھانا شروع کرنا کھانے میں برکت کا باعث ہوتا ہے

۴۰۱۷/۴۰ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُرِّبَ طَعَامٌ فَلَمْ اَرَ طَعَامًا كَانَ اَعْظَمَ بَرَكَةً مِّنْهُ اَوَّلَ مَا اَكَلْنَا وَلَا اَقَلَّ بَرَكَةً فِيْ اٰخِرِهٖ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ هٰذَا قَالَ اِنَّا ذَكَرْنَا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ حِيْنَ اَكَلْنَا ثُمَّ قَعَدَ مَنْ اَكَلَ وَلَمْ يُسَمِّ اللّٰهَ

حضرت ابی ایوب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ کے قریب کھانا لایا گیا۔ میں نے آج تک کوئی ایسا برکت کا کھانا نہیں دیکھا جس کے شروع میں برکت تھی اور آخر وقت میں بالکل برکت نہ رہی۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ کیونکر ہوا؟ آپ نے فرمایا ہم نے کھانا شروع کرتے وقت اس پر خدا کا نام لیا تھا پھر اس میں وہ شخص کھانا کھانے کے لئے شریک ہو گیا جس نے اس پر

فَاَكَلَ مَعَهُ الشَّيْطَانُ۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

خدا کا نام نہیں لیا اور اس کے ساتھ شیطان نے کھایا۔ (شرح السنۃ)

کھانے درمیان میں بھی بسم اللہ پڑھی جا سکتی ہے

۴۰۱۸/۴۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ فَنَسِيَ اَنْ يَّذْكُرَ اللّٰهَ عَلٰى طَعَامِهٖ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کھانا کھانے لگے اور خدا کا نام بھول جائے تو اس کو چاہیئے کہ یہ الفاظ کہے بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ۔ (ترمذی و ابوداؤد)

۴۰۱۹/۴۲ وَعَنْ اُمَيَّةَ بْنِ مَخْشِيٍّ قَالَ كَانَ رَجُلٌ يَاْكُلُ فَلَمْ يُسَمِّ حَتّٰى لَمْ يَبْقَ مِنْ طَعَامِهٖ اِلَّا لُقْمَةٌ فَلَمَّا رَفَعَهَا اِلٰى فِيْهِ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَازَالَ الشَّيْطٰنُ يَاْكُلُ مَعَهٗ فَلَمَّا ذَكَرَ اسْمَ اللّٰهِ اسْتَقَاءَ مَا فِيْ بَطْنِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت امیہ بن مخشی رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص کھانا کھا رہا تھا اور بسم اللہ نہ کہی تھی۔ جب ایک لقمہ باقی رہ گیا اور اس کو منہ میں رکھنے لگا تو کہا "بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہنسے اور پھر فرمایا شیطان برابر اس کے ساتھ کھاتا رہا جب اس نے بسم اللہ کہی تو اس نے اپنے پیٹ کا سارا کھانا نکال ڈالا۔ (ابوداؤد)

کھانے کے بعد شکر و حمد

۴۰۲۰/۴۳ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا فَرَغَ مِنْ طَعَامِهٖ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھانے سے فارغ ہوتے تو فرماتے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ۔ (رواہ الترمذی ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۴۰۲۱/۴۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلطَّاعِمُ الشَّاكِرُ كَالصَّائِمِ الصَّابِرِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ سِنَانِ بْنِ سُنَّةَ عَنْ اَبِيْهِ)۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کھانا کھا کر شکر کرنے والا صابر روزہ دار کے مانند ہے۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ اور دارمی نے اسے سنان بن سنہ سے روایت کیا ہے)۔

۴۰۲۲/۴۵ وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَكَلَ اَوْ شَرِبَ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَ وَسَقٰى وَسَوَّغَهٗ وَجَعَلَ لَهٗ مَخْرَجًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوایوب رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی چیز کھاتے یا پیتے تو فرماتے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَ وَسَقٰى وَسَوَّغَهٗ وَجَعَلَ لَهٗ مَخْرَجًا۔ (ابوداؤد)

کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد ہاتھ منہ دھونا کھانے میں برکت کا ذریعہ ہے

۴۰۲۳/۴۶ وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَرَاْتُ فِي التَّوْرٰىةِ اِنَّ بَرَكَةَ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ بَعْدَهٗ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرَكَةُ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ قَبْلَهٗ وَالْوُضُوْءُ بَعْدَهٗ

حضرت سلمان رضؓ کہتے ہیں میں نے توراۃ میں پڑھا کہ کھانے کی برکت کا سبب کھانے کے بعد وضو کرنا ہے۔ میں نے اس کا ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا۔ آپ نے فرمایا کھانے کی برکت کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد وضو کرنا ہے (وضو سے مراد ہاتھ دھونا

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ)

ہے)۔ (ترمذی ابوداؤد)

۴۰۲۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ فَقُدِّمَ اِلَيْهِ طَعَامٌ فَقَالُوْا اَلَا نَاْتِيْكَ بِوَضُوْءٍ قَالَ اِنَّمَا اُمِرْتُ بِالْوُضُوْءِ اِذَا قُمْتُ اِلَى الصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاخانے سے فارغ ہو کر تشریف لائے تو آپ کے سامنے کھانا لایا گیا صحابہ رضؓ نے عرض کیا۔ کیا ہم وضو کے لئے پانی لائیں۔ آپ نے فرمایا مجھ کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ جب میں نماز کے لئے کھڑا ہوں تو وضو کروں۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی اور ابن ماجہ نے اسے ابوہریرہ رضؓ سے روایت کیا ہے)

اپنے آگے سے کھانے کا حکم

۴۰۲۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اُتِيَ بِقَصْعَةٍ مِنْ ثَرِيْدٍ فَقَالَ كُلُوْا مِنْ جَوَانِبِهَا وَلَا تَاْكُلُوْا مِنْ وَسَطِهَا فَاِنَّ الْبَرَكَةَ تَنْزِلُ فِيْ وَسْطِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ) وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبُوْدَاوٗدَ قَالَ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ طَعَامًا فَلَا يَاْكُلْ مِنْ اَعْلَى الصَّحْفَةِ وَلٰكِنْ يَاْكُلُ مِنْ اَسْفَلِهَا فَاِنَّ الْبَرَكَةَ تَنْزِلُ مِنْ اَعْلَاهَا۔

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ثرید کا ایک پیالہ لایا گیا۔ آپ نے صحابہ رضؓ سے فرمایا کناروں سے کھاؤ، درمیان سے نہ کھاؤ اس لئے کہ برکت درمیان میں نازل ہوتی ہے۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ دارمی)

ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابوداؤد کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جو شخص کھانا کھائے وہ اپنے آگے کے کنارے سے کھائے درمیان یا دوسرے کنارہ سے نہ کھائے اس لئے کہ برکت اوپر کے حصے میں نازل ہوتی ہے۔

آنحضرتؐ نے کبھی ٹیک لگا کر کھانا نہیں کھایا

۴۰۲۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رضؓ وَقَالَ مَا رُئِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ مُتَّكِئًا قَطُّ وَلَا يَطَاُ عَقِبَهٗ رَجُلَانِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی تکیہ لگا کر کھانا کھاتے ہوئے نہیں دیکھا گیا اور حضورؐ کے پیچھے دو آدمی بھی نہ چلتے تھے۔ (ابوداؤد)

مسجد میں کھانے پینے کا مسئلہ

۴۰۲۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَارِثِ بْنِ جَزْءٍ قَالَ اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخُبْزٍ وَلَحْمٍ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَاَكَلَ وَاَكَلْنَا مَعَهٗ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى وَصَلَّيْنَا مَعَهٗ وَلَمْ نَزِدْ عَلٰى اَنْ مَسَحْنَا اَيْدِيَنَا بِالْحَصْبَاءِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عبداللہ بن حارث رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس روٹی اور گوشت لایا گیا آپ اس وقت مسجد میں تشریف رکھتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور ہم نے ساتھ کھانا کھایا پھر آپ کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی اور ہم نے بھی آپ کے ساتھ نماز پڑھی اور ہم نے صرف یہ کیا کہ اپنے ہاتھوں کو مسجد کی کنکریوں سے پونچھ ڈالا۔ (ابن ماجہ)

آنحضرتؐ کو دست کا گوشت بہت پسند تھا

۴۰۲۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْمٍ فَرُفِعَ اِلَيْهِ الذِّرَاعُ وَكَانَتْ تُعْجِبُهٗ فَنَهَسَ مِنْهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پکا ہوا گوشت لایا گیا اور اس میں سے آپ کو دست کا گوشت دیا گیا جو آپ کو بہت پسند تھا۔ آپ نے اس کو نوچ نوچ کر کھالیا۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

چھری سے کاٹ کر گوشت کھانا غیر پسندیدہ طریقہ ہے

۴۰۲۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَقْطَعُوا اللَّحْمَ بِالسِّکِّیْنِ فَاِنَّہٗ مِنْ صُنْعِ الْاَعَاجِمِ وَانْہَسُوْہُ فَاِنَّہٗ اَھْنَاُ وَاَمْرَاُ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَقَالَ لَیْسَ ھُوَ بِالْقَوِیِّ)

فرمایا ہے گوشت کو چھری سے کاٹ کر نہ کھاؤ اس لئے کہ یہ طریقہ عجمی لوگوں کا ہے (بلکہ دانتوں سے) نوچ کر کھاؤ۔ اس لئے کہ دانتوں سے کھانا لذت بخش اور ہاضم ہے۔ (ابوداؤد۔ بیہقی) اور یہ دونوں فرماتے ہیں کہ یہ حدیث قوی نہیں)۔

بیمار کے لئے پرہیز ضروری ہے

۴۰۳۰/۵۳ وَعَنْ اُمِّ الْمُنْذِرِ قَالَتْ دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَمَعَہٗ عَلِیٌّ وَلَنَا دَوَالٍ مُعَلَّقَۃٌ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْکُلُ وَعَلِیٌّ مَعَہٗ یَاْکُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ مَہْ یَا عَلِیُّ فَاِنَّکَ نَاقِہٌ قَالَتْ فَجَعَلْتُ لَہُمْ سِلْقًا وَشَعِیْرًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا عَلِیُّ مِنْ ھٰذَا فَاَصِبْ فَاِنَّہٗ اَوْفَقُ لَکَ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت اُمِّ منذر رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے آپ کے ساتھ علی رضؓ بھی تھے ہمارے گھر میں کھجوروں کے خوشے لٹکے ہوئے تھے ان خوشوں میں سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور علی رضؓ نے کھانا شروع کیا۔ آپ نے علی رضؓ سے فرمایا۔ علی رضؓ تم نہ کھاؤ اس لئے کہ تم کمزور ہو۔ اُمِّ منذر رضؓ کہتی ہیں کہ میں نے ان کے لئے یعنی رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ہمراہیوں کے لئے چقندر اور جَو تیار کئے تھے۔ رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ علی! اس میں سے کھاؤ، اس لئے کہ یہ تمہارے لئے بہت مفید ہے۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ)

آنحضرتؐ کو کھرچن پسند تھی

۴۰۳۱/۵۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُعْجِبُہُ الثُّفْلُ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کھرچن یعنی تہہ دیگی بہت پسند تھی۔ (ترمذی۔ بیہقی۔)

کھانے کے بعد پیالہ وطشتری کو صاف کرنا مغفرت و بخشش کا ذریعہ ہے

۴۰۳۲/۵۵ وَعَنْ نُبَیْشَۃَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَکَلَ فِیْ قَصْعَۃٍ فَلَحَسَھَا اسْتَغْفَرَتْ لَہُ الْقَصْعَۃُ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

حضرت نُبَیشہ رضؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص پیالہ میں کھائے اور پھر اس کو چاٹے تو پیالہ اس لئے استغفار کرتا ہے۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ۔ دارمی) ترمذی کہتے ہیں، یہ حدیث غریب ہے)۔

کھانے کے بعد ہاتھ دھوئے بغیر نہ سوؤ

۴۰۳۳/۵۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ بَاتَ وَفِیْ یَدِہٖ غَمَرٌ لَمْ یَغْسِلْہُ فَاَصَابَہٗ شَیْءٌ فَلَا یَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَہٗ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص سوجائے اور اس کے ہاتھ میں (کھانے کی) چکنائی ہو کہ کھا کر اس کو دھویا نہ ہو اور اس حالت میں اس کو کوئی ضرر پہنچ جائے تو وہ اپنے آپ ہی کو ملامت کرے (کہ اس ایذا کا سبب وہی ہوا ہے)۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

ثرید آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ کھانا تھا

۴۰۳۴/۵۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ اَحَبُّ الطَّعَامِ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الثَّرِیْدُ مِنَ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو تمام کھانوں میں ثرید بہت پسند تھا۔ یعنی روٹی کا ثرید اور حیس

الْخُبْزِ وَالثَّرِيْدُ مِنَ الْحَيْسِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) کا ثرید[1] (ابوداؤد)

زیتون کی فضیلت

۴۰۳۵/۵۸ وَعَنْ اَبِیْ اُسَيْدِ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوا الزَّيْتَ وَادَّهِنُوْا بِهٖ فَاِنَّهٗ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابی اُسید انصاری رضؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے روغنِ زیت کو کھاؤ اور بدن پر ملو۔ اِس لئے کہ وہ ایک بابرکت درخت کا تیل ہے۔ (ترمذی ابن ماجہ۔ دارمی)

سرکہ کی فضیلت

۴۰۳۶/۵۹ وَعَنْ اُمِّ هَانِیٍٔ قَالَتْ دَخَلَ عَلَیَّ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَعِنْدَكِ شَیْءٌ قُلْتُ لَا اِلَّا خُبْزٌ يَابِسٌ وَخَلٌّ فَقَالَ هَاتِیْ مَا اَفْقَرَ بَيْتٌ مِنْ اُدُمٍ فِيْهِ خَلٌّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)۔

حضرت امّ ہانی رضؓ کہتی ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا کیا تمہارے پاس (کھانے کی کوئی چیز ہے؟ میں نے عرض کیا کچھ نہیں، صرف خشک روٹی اور سرکا ہے۔ آپ نے فرمایا وہی لے آؤ وہ گھر سالن سے خالی نہیں جس میں سرکہ ہو۔ (ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے)

کھجور سالن کی جگہ

۴۰۳۷/۶۰ وَعَنْ يُوْسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ كِسْرَةً مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ فَوَضَعَ عَلَيْهَا تَمْرَةً فَقَالَ هٰذِهٖ اِدَامُ هٰذِهٖ وَاَكَلَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت یوسف رضؓ بن عبد اللہ بن سلام کہتے ہیں کہ میں نے رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے جَو کی روٹی کا ایک ٹکڑا لیا اور اس کے اوپر ایک کھجور رکھی اور فرمایا یہ سالن ہے اس کا اور اس کو کھایا۔ (ابوداؤد)

غیر مسلم معالج سے رجوع کرنا جائز ہے

۴۰۳۸/۶۱ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ مَرِضْتُ مَرَضًا اَتَانِیْ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِیْ فَوَضَعَ يَدَهٗ بَيْنَ ثَدْیَیَّ حَتّٰی وَجَدْتُ بَرْدَهَا عَلٰی فُؤَادِیْ وَقَالَ اِنَّكَ رَجُلٌ مَفْئُوْدٌ اِئْتِ الْحَارِثَ بْنَ كَلْدَةَ اَخَا ثَقِيْفٍ فَاِنَّهٗ رَجُلٌ يَتَطَبَّبُ فَلْيَاْخُذْ سَبْعَ تَمَرَاتٍ مِنْ عَجْوَةِ الْمَدِيْنَةِ فَلْيَجَاْهُنَّ بِنَوَاتِهِنَّ ثُمَّ لِيَلُدَّكَ بِهِنَّ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت سعد رضؓ کہتے ہیں کہ میں بیمار ہوا۔ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میری عیادت کو تشریف لائے اور اپنا ہاتھ میرے سینہ پر رکھا جس کی ٹھنڈ میرے دل تک پہنچی اور پھر فرمایا تم دردِ دل میں مبتلا ہو تم حارث بن کلدہ کے پاس چلے جاؤ جو قبیلہ ثقیف میں سے ہے وہ طب جانتا ہے اِس کے بعد آپ نے فرمایا۔ وہ مدینہ کی عجوہ کھجوروں میں سے سات کھجوریں لیں اور ان کو مع گٹھلیوں کے کوٹ لے پھر وہ ان کو تیرے مُنہ میں رکھ دے۔ (ابوداؤد)

غذا کو معتدل کر کے کھاؤ

۴۰۳۹/۶۲ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْكُلُ الْبِطِّيْخَ بِالرُّطَبِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ) وَزَادَ اَبُوْدَاوٗدَ وَيَقُوْلُ

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم خربوزہ تازہ کھجوروں کے ساتھ کھاتے تھے (ترمذی)۔ ابوداؤد نے یہ الفاظ زیادہ لکھے ہیں کہ، اور آپ یہ فرماتے کہ اس کی سردی اس کی گرمی سے

---

[1] ثرید دو قسم کا ہوتا ہے ایک تو یہ کہ روٹی کو شوربے میں بھگو دیا جائے اور اس کو روٹی کا ثرید کہتے ہیں اور دوسرے یہ کہ کھجور گھی آٹے اور پنیر کو ملا کر مالیدہ کی طرح کر لیتے ہیں۔ ۱۲ مترجم

يُكْسَرُ حَرُّ هٰذَا بِبَرْدِ هٰذَا وَبَرْدُ هٰذَا بِحَرِّ هٰذَا وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔

توڑی جاتی ہے۔ اور اس کی گرمی اس کی سردی سے۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔ (اس حدیث میں خربوزہ سے مراد تربوز ہے)

کھانے پینے کی چیز میں کیڑے پڑ جانے کا مسئلہ

۴۰۴۰/۶۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ عَتِيْقٍ فَجَعَلَ يُفَتِّشُهُ وَ يُخْرِجُ السُّوْسَ مِنْهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پرانی کھجوریں لائی گئیں (جن میں کیڑے پڑ گئے تھے) آپ ان کو چیرتے اور کیڑوں کو اس سے نکال کر پھینک دیتے۔ (ابوداؤد)

چستہ پاک ہوتا ہے

۴۰۴۱/۶۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجُبْنَةٍ فِيْ تَبُوْكَ فَدَعَا بِالسِّكِّيْنِ فَسَمّٰى وَقَطَعَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس غزوہ تبوک میں پنیر کا ایک ٹکڑا لایا گیا۔ آپ نے چھری نکالی بسم اللہ کہی اور اس کو کاٹ ڈالا۔ (ابوداؤد)

جن چیزوں کو شریعت نے حلال و حرام نہیں کیا ہے ان کا استعمال مباح ہے

۴۰۴۲/۶۵ وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ السَّمْنِ وَالْجُبْنِ وَالْفِرَاءِ فَقَالَ الْحَلَالُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهٖ وَالْحَرَامُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهٖ وَمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ مِمَّا عَفَا عَنْهُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَالصَّحِيْحُ اَنَّهٗ مَوْقُوْفٌ عَلٰى سَلْمَانَ)

حضرت سلمان رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے گھی، پنیر اور پوستین یا گورخر کی بابت پوچھا گیا۔ آپ نے فرمایا حلال وہ ہے جس کو خدا تعالیٰ نے کتاب میں حلال کیا ہے اور حرام وہ ہے جس کو خدا نے اپنی کتاب میں حرام کیا ہے اور جس چیز سے (کتاب) میں سکوت فرمایا گیا اس سے معافی ہے۔ (ابن ماجہ۔ ترمذی، یہ حدیث غریب ہے) اور صحیح یہ ہے کہ یہ موقوف ہے۔

آنحضرتؐ کی طرف سے عمدہ کھانے کی خواہش کا اظہار

۴۰۴۳/۶۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدِدْتُ اَنَّ عِنْدِيْ خُبْزَةً بَيْضَاءَ مِنْ بُرَّةٍ سَمْرَاءَ مُلَبَّقَةً بِسَمْنٍ وَلَبَنٍ فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَاتَّخَذَهٗ فَجَاءَ بِهٖ فَقَالَ فِيْ اَيِّ شَيْءٍ كَانَ هٰذَا قَالَ فِيْ عُكَّةِ ضَبٍّ قَالَ ارْفَعْهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ اَبُوْدَاوٗدَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں اس کو پسند کرتا ہوں کہ میرے پاس سفید گیہوں کی روٹی اور اس کو گھی اور دودھ میں تر کیا گیا ہو جماعت میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اور (اس قسم کی) روٹی تیار کر کے لایا آپ نے اس سے پوچھا جس گھی سے روٹی کو تر کیا گیا ہے وہ کس برتن میں تھا؟ اس نے عرض کیا، گوہ کے چمڑے کی کپی میں، آپ نے فرمایا، اس کو اٹھا لے جاؤ۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ۔ ابوداؤد نے کہا یہ حدیث منکر ہے)

کچا لہسن کھانے کی ممانعت

۴۰۴۴/۶۷ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الثُّوْمِ اِلَّا مَطْبُوْخًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کچا لہسن کھانے سے منع فرمایا ہے مگر جب کہ اس کو پکا لیا جائے تو اس کا کھانا درست ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

آنحضرتؐ کے پیاز کھانے کا مسئلہ

۴۰۴۵/۶۸ وَعَنْ اَبِیْ زِیَادٍ قَالَ سُئِلَتْ عَائِشَةُ عَنِ الْبَصَلِ فَقَالَتْ اِنَّ اٰخِرَ طَعَامٍ اَکَلَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ طَعَامٌ فِیْهِ بَصَلٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابی زیاد رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضؓ سے پیاز کی بابت پوچھا گیا تو انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندگی میں جو کھانا آخری مرتبہ کھایا تھا اس میں پیاز تھی۔ (ابوداؤد)

مکھن آنحضرتؐ کو پسند تھا

۴۰۴۶/۶۹ وَعَنِ ابْنَیْ بُسْرٍ السُّلَمِیَّیْنِ قَالَا دَخَلَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَدَّمْنَا زُبْدًا وَتَمْرًا وَکَانَ یُحِبُّ الزُّبْدَ وَالتَّمْرَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت بُسر رضؓ کے دو بیٹوں سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے ہم نے آپ کے سامنے مسکہ اور کھجوریں پیش کیں۔ آپ مسکہ اور کھجور کو بہت پسند کرتے تھے۔ (ابوداؤد)

ایک برتن میں کھانے کی چیز مختلف ہو تو سامنے سے کھانے کی قید نہیں

۴۰۴۷/۷۰ وَعَنْ عِکْرَاشِ بْنِ ذُوَیْبٍ قَالَ اُتِیْنَا بِجَفْنَةٍ کَثِیْرَةِ الثَّرِیْدِ وَالْوَذْرِ فَخَبَطْتُ بِیَدِیْ فِیْ نَوَاحِیْهَا وَاَکَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَیْنِ یَدَیْهِ فَقَبَضَ بِیَدِهِ الْیُسْرٰی عَلٰی یَدِیَ الْیُمْنٰی ثُمَّ قَالَ یَا عِکْرَاشُ کُلْ مِنْ مَّوْضِعٍ وَاحِدٍ فَاِنَّهٗ طَعَامٌ وَاحِدٌ ثُمَّ اُتِیْنَا بِطَبَقٍ فِیْهِ اَلْوَانٌ التَّمْرِ فَجَعَلْتُ اٰکُلُ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَجَالَتْ یَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الطَّبَقِ فَقَالَ یَا عِکْرَاشُ کُلْ مِنْ حَیْثُ شِئْتَ فَاِنَّهٗ غَیْرُ لَوْنٍ وَاحِدٍ ثُمَّ اُتِیْنَا بِمَاءٍ فَغَسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدَیْهِ وَمَسَحَ بِبَلَلِ کَفَّیْهِ وَجْهَهٗ وَذِرَاعَیْهِ وَرَاْسَهٗ وَقَالَ یَا عِکْرَاشُ هٰذَا الْوَضُوْءُ مِمَّا غَیَّرَتِ النَّارُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت عکراش بن ذویب رضؓ کہتے ہیں کہ ہمارے سامنے ایک بڑا پیالہ لایا گیا جس میں بہت سا ثرید اور گوشت تھا۔ میں نے اپنے ہاتھ کو پیالہ کے اطراف میں تیزی کے ساتھ دوڑایا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے آگے سے کھایا۔ آپ نے اپنے بائیں ہاتھ سے میرے داہنے ہاتھ کو پکڑ لیا اور پھر فرمایا عکراش ایک جگہ سے کھا اس لئے کہ یہ ایک کھانا ہے پھر ہمارے سامنے ایک طباق لایا گیا جس میں قسم قسم کی کھجوریں تھیں۔ میں نے اپنے آگے سے کھانا شروع کیا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ ہر طرف پھرنے لگا۔ آپ نے فرمایا عکراش! جہاں سے جی چاہے کھاؤ، اس طباق میں ایک قسم کی چیز نہیں ہے۔ پھر ہمارے پاس پانی لایا گیا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کو دھویا اور اپنے ہاتھوں کی تری اپنے منہ اور کہنیوں اور سر پر مل لی اور فرمایا عکراش رضؓ یہ وضو ہے اس کھانے کا جس کو آگ نے متغیر کر دیا ہو یعنی پکا دیا ہو۔ (ترمذی)

حریرے کا فائدہ

۴۰۴۸/۷۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَخَذَ اَهْلَهُ الْوَعْلَةُ اَمَرَ بِالْحَسَاءِ فَصُنِعَ ثُمَّ اَمَرَهُمْ فَحَسَوْا مِنْهُ وَکَانَ یَقُوْلُ اِنَّهٗ لَیَرُدُّ فُؤَادَ الْحَزِیْنِ وَیَسْرُوْ عَنْ فُؤَادِ السَّقِیْمِ کَمَا تَسْرُوْ اِحْدٰکُنَّ الْوَسَخَ بِالْمَاءِ عَنْ وَجْهِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں میں سے جب کسی کو بخار آجاتا تو آپ حریرا تیار کرنے کا حکم دیتے چنانچہ حریرا تیار کیا جاتا۔ پھر آپ حریرا کو پینے کا حکم دیتے اور وہ حریرا پیتے اور آپ یہ فرماتے کہ حریرا غمگین دل کو قوت دیتا ہے اور بیمار کے دل سے رنج اور بیماری کو دور کرتا ہے جس طرح تم میں سے کوئی (اے عورتو) میل کو پانی کے ساتھ چہرے سے دور کرتی ہے۔ (ترمذی، یہ حدیث حسن صحیح ہے)

عجوہ جنّت کی کھجور ہے

۴۰۴۹/۷۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ وَفِيْهَا شِفَاءٌ مِّنَ السَّمِّ وَالْكُمْاَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِّلْعَيْنِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے عجوہ جنّت سے ہے (یعنی جنّت میں سے آئی ہے یا جنّت میں ہوگی) اور اس میں شفا ہے زہر سے اور کھنبی میں شفا ہے اور کھنبی کا پانی آنکھ کے لئے شفا ہے۔ (ترمذی)

فصل سوم

چھری سے گوشت کاٹ کر کھانا جائز ہے

۴۰۵۰/۷۳ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ ضِفْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَاَمَرَ بِجَنْبٍ فَشُوِیَ ثُمَّ اَخَذَ الشَّفْرَةَ فَجَعَلَ يَحُزُّ لِیْ بِهَا مِنْهُ فَجَاءَ بِلَالٌ يُؤْذِنُهٗ بِالصَّلٰوةِ فَاَلْقَى الشَّفْرَةَ فَقَالَ مَالَهٗ تَرِبَتْ يَدَاهُ قَالَ وَكَانَ شَارِبُهٗ وَفَاءً فَقَالَ لِیْ اَقُصُّهٗ لَكَ عَلٰى سِوَاكٍ اَوْ اَقُصُّهٗ عَلٰى سِوَاكٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کہتے ہیں کہ ایک رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میں مہمان ہوا (یعنی کسی شخص کے ہاں اس نے بکری ذبح کی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے (بکری کا) پہلو بھونے کیلئے فرمایا چنانچہ پہلو بھونا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھری لی اور گوشت کو میرے لئے کاٹنے لگے اتنے میں بلال رضؓ آئے اور نماز کی اطلاع کی۔ آپ نے چھری کو ڈال دیا اور فرمایا بلال کو کیا ہوا اس کے ہاتھ خاک آلودہ ہوں (یعنی ایسے وقت بلانے آیا) مغیرہؓ کہتے ہیں کہ اس کی (یعنی خود مغیرہ کی) مونچھیں بڑھی ہوئی تھیں۔ آپ نے مجھ سے فرمایا (ادھر آ) میں تیری لبوں کو مسواک پر (رکھ کر) کتر دوں یا یہ فرمایا کہ اپنی لبیں مسواک پر کتر ڈال (ترمذی)

بسم اللہ پڑھ کر کھانا نہ کھانا شیطانی اثر ہے

۴۰۵۱/۷۴ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كُنَّا اِذَا حَضَرْنَا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا لَّمْ نَضَعْ اَيْدِيَنَا حَتّٰى يَبْدَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعُ يَدَهٗ وَاِنَّا حَضَرْنَا مَعَهٗ مَرَّةً طَعَامًا فَجَاءَتْ جَارِيَةٌ كَاَنَّهَا تُدْفَعُ فَذَهَبَتْ لِتَضَعَ يَدَهَا فِی الطَّعَامِ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهَا ثُمَّ جَاءَ اَعْرَابِیٌّ كَاَنَّمَا يُدْفَعُ فَاَخَذَ بِيَدِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّيْطَانَ يَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ اَنْ لَّا يُذْكَرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ جَاءَ بِهٰذِهِ الْجَارِيَةِ لِيَسْتَحِلَّ بِهَا فَاَخَذْتُ بِيَدِهَا فَجَاءَ بِهٰذَا الْاَعْرَابِیِّ لِيَسْتَحِلَّ بِهٖ فَاَخَذْتُ بِيَدِهٖ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ اِنَّ يَدَهٗ فِیْ يَدِیْ مَعَ يَدِهَا ذَا دَفِیْ رِوَايَةٍ ثُمَّ

حضرت حذیفہ رضؓ کہتے ہیں کہ ہم جب کبھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی کھانے میں شریک ہوتے تو ہم اس وقت تک کھانے پر ہاتھ نہ ڈالتے جبتک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شروع نہ فرماتے چنانچہ ایک مرتبہ ہم آپ کے ساتھ ایک کھانے پر حاضر ہوئے ایک لڑکی اس طرح کھانے پر آئی گویا اس کو کوئی دھکیل رہا ہے یعنی بھوک سے بے اختیار ہو کر کھانے پر گر پڑی۔ اس نے چاہا کہ کھانے پر ہاتھ ڈالے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا۔ پھر ایک دیہاتی آیا وہ بھی کھانے پر اس طرح گرا کہ گویا کوئی اس کو دھکیل رہا ہے (اس نے بھی کھانے کی طرف) ہاتھ بڑھایا۔ آپ نے اس کا ہاتھ بھی پکڑ لیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان اس کھانے کو اپنے لئے حلال سمجھتا ہے جس پر خدا کا نام نہ لیا جائے شیطان اس لڑکی کو لایا تاکہ اپنے لئے کھانے کو حلال کرلے (اس لئے کہ وہ بسم اللہ کہے بغیر کھانا شروع کر نیوالی تھی۔ میں نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا پھر شیطان اس دیہاتی کو لایا تاکہ اس کے ذریعہ کھانے کو اپنے لئے حلال کرے (اس لئے کہ یہ بھی بغیر بسم اللہ

ذَکَرَ اسْمَ اللّٰہِ وَ اَکَلَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

کہے کھانا شروع کرنے والا تھا) میں نے اُس کا ہاتھ پکڑ لیا۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ شیطان کا ہاتھ اس لڑکی کے ہاتھ کے ساتھ میرے ہاتھ میں ہے۔ حذیفہ رضؓ کہتے ہیں کہ اس کے بعد بسم اللہ کہہ کر کھانا کھایا گیا۔ (مسلم)

زیادہ کھانا بے برکتی کی علامت ہے

۴۰۵۲ وَعَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرَادَ اَنْ یَّشْتَرِیَ غُلَامًا فَاَلْقٰی بَیْنَ یَدَیْہِ تَمْرًا فَاَکَلَ الْغُلَامُ فَاَکْثَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ کَثْرَۃَ الْاَکْلِ شُؤْمٌ وَاَمَرَ بِرَدِّہٖ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ۔

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک غلام کو خریدنے کا ارادہ فرمایا۔ آپ نے اس غلام کے آگے کھجوریں ڈال دیں۔ غلام بہت سی کھجوریں کھا گیا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ دیکھ کر فرمایا زیادہ کھانا بے برکتی کا سبب ہے۔ پھر اس غلام کو واپس کر دینے کا حکم دیا۔ (بیہقی)

نمک بہترین سالن ہے

۴۰۵۳ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُ اِدَامِکُمُ الْمِلْحُ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت انس رضؓ بن مالک رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تمہارے سالنوں کا سردار نمک ہے۔ (ابن ماجہ)

جوتا اتار کر کھانا کھاؤ

۴۰۵۴ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا وُضِعَ الطَّعَامُ فَاخْلَعُوْا نِعَالَکُمْ فَاِنَّہٗ اَرْوَاحٌ لِاَقْدَامِکُمْ۔

حضرت انس بن مالک رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کھانا سامنے رکھ دیا جائے تو جوتے اتار ڈالو اس لئے کہ جوتوں کے اتار ڈالنے سے قدموں کو بہت آرام ملتا ہے (دارمی)

کھانا ٹھنڈا کر کے کھانا چاہیئے

۴۰۵۵ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ اَنَّہَا کَانَتْ اُتِیَتْ بِثَرِیْدٍ اَمَرَتْ بِہٖ فَغُطِّیَ حَتّٰی تَذْہَبَ فَوْرَتُہٗ وَتَقُوْلُ اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ہُوَ اَعْظَمُ لِلْبَرَکَۃِ (رَوَاہُمَا الدَّارِمِیُّ)

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضؓ کے پاس جب ثرید لایا جاتا تو وہ اس کو ڈھانک کر رکھ دینے کا حکم دیتیں چنانچہ اس کو ڈھانک کر رکھ دیا جاتا یہاں تک کہ اس کی بھاپ نکل جاتی (یعنی اس کی گرمی کم ہو جاتی یا بالکل ٹھنڈا ہو جاتا اور یہ فرماتیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ کھانے میں سے گرمی کا نکل جانا بڑی برکت کا موجب ہے۔ (بیہقی)

کھانے کے برتن کو چاٹ لینا چاہیئے

۴۰۵۶ وَعَنْ نُبَیْشَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَکَلَ فِیْ قَصْعَۃٍ ثُمَّ لَحِسَہَا تَقُوْلُ لَہُ الْقَصْعَۃُ اَعْتَقَکَ اللّٰہُ مِنَ النَّارِ کَمَا اَعْتَقْتَنِیْ مِنَ الشَّیْطَانِ۔ (رَوَاہُ رَزِیْنٌ)

حضرت نبیشہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص پیالے میں کھائے اور پھر اس کو چاٹ لے تو پیالہ اس کو مخاطب کر کے کہتا ہے کہ خداوند تعالیٰ تجھ کو دوزخ سے بچائے جس طرح تو نے مجھ کو شیطان سے بچایا۔ (رزین)

بَابُ الضِّيَافَةِ

ضیافت کا بیان

فصل اوّل

مہمان کی خاطر کرنا کمالِ ایمان کی علامت ہے

۴۰۵۷/۱ عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليكرم ضيفه ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يؤذ جاره ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليقل خيرا أو ليصمت وفي رواية بدل الجار ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليصل رحمه۔ (متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص خدا پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے مہمان کی عزت کرے اور جو شخص خدا اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے ہمسایہ کو تکلیف نہ دے اور جو شخص خدا اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ بھلی بات کہے یا خاموش رہے۔ اور ایک روایت میں ہمسایہ کے بجائے یہ الفاظ ہیں جو شخص خدا اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ صلہ رحمی کرے (یعنی رشتہ داروں کے ساتھ سلوک و احسان کرے)۔ (بخاری و مسلم)

مہمان کو تین دن سے زیادہ نہیں ٹھہرنا چاہئے

۴۰۵۸/۲ وعن أبي شريح الكعبي أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليكرم ضيفه جائزته يوم وليلة والضيافة ثلثة أيام فما بعد ذلك فهو صدقة ولا يحل له أن يثوي عنده حتى يحرجه۔ (متفق علیہ)

حضرت ابی شریح کعبیؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص خدا اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو اس کو چاہئے کہ وہ اپنے مہمان کی عزت کرے اور خاطر و مدارات کا زمانہ ایک دن اور ایک رات ہے (یعنی تکلفات اور احسان کا) اور مہمان کی ضیافت کی مدت تین دن اور تین رات ہے اور اس کے بعد کی مہمان نوازی صدقہ اور خیرات ہے اور مہمان کو چاہئے کہ وہ اپنے میزبان کے ہاں زیادہ عرصہ تک نہ ٹھہرے کہ وہ تنگ آجائے۔ (بخاری و مسلم)

مہمانداری کرنا واجب نہیں ہے

۴۰۵۹/۳ وعن عقبة بن عامر قال قلت للنبي صلى الله عليه وسلم إنك تبعثنا فننزل بقوم لا يقرونا فما ترى فقال لنا إن نزلتم بقوم فأمر لكم بما ينبغي للضيف فاقبلوا فإن لم يفعلوا فخذوا منهم حق الضيف الذي ينبغي لهم۔ (متفق علیہ)

حضرت عقبہؓ بن عامر کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ ہم کو کسی کام پر یا جہاد پر بھیجتے ہیں اور ہم ایک قوم کے مہمان ہوتے ہیں لیکن وہ ہماری مہمانی نہیں کرتے اس کی بابت آپ کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے ہم سے فرمایا جب تم کسی قوم کے مہمان ہو اور وہ تمہارے لئے مہمانی کے مناسب سامان کر دیں تو اس کو قبول کر لو اور اگر وہ ایسا نہ کریں تو تم ان سے (زبردستی) مہمانی کا حق حاصل کر لو یعنی اتنا جتنا کہ مہمانوں کے لئے مناسب ہو۔ (بخاری و مسلم)

جس میزبان پر اعتماد ہو اس کے ہاں دوسرے آدمیوں کو ہمراہ لے جانا درست ہے

۴۰۶۰/۴ وعن أبي هريرة قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم أو ليلة فإذا هو بأبي بكر وعمر فقال ما أخرجكما من بيوتكما هذه الساعة قال الجوع قال وأنا

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ دن کو یا رات کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھر سے نکلے ناگہاں ابوبکرؓ و عمرؓ آپ کو مل گئے۔ آپ نے دریافت کیا کس چیز نے گھر سے باہر نکالا۔ انھوں نے کہا بھوک نے۔ آپ نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے مجھ کو اسی ہی چیز نے گھر سے باہر نکالا

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَاَخْرَجَنِیَ الَّذِیْ اَخْرَجَکُمَا قُوْمُوْا فَقَامُوْا مَعَہٗ فَاَتٰی رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ فَاِذَا هُوَ لَیْسَ فِیْ بَیْتِہٖ فَلَمَّا رَاَتْہُ الْمَرْاَۃُ قَالَتْ مَرْحَبًا وَّاَهْلًا فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیْنَ فُلَانٌ قَالَتْ ذَهَبَ یَسْتَعْذِبُ لَنَا مِنَ الْمَاءِ اِذْ جَاءَ الْاَنْصَارِیُّ فَنَظَرَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبَیْہِ ثُمَّ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ مَا اَحَدٌ الْیَوْمَ اَکْرَمَ اَضْیَافًا مِنِّیْ قَالَ فَانْطَلَقَ فَجَاءَهُمْ بِعِذْقٍ فِیْہِ بُسْرٌ وَتَمْرٌ وَرُطَبٌ فَقَالَ کُلُوْا مِنْ هٰذِہٖ وَاَخَذَ الْمُدْیَۃَ فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِیَّاکَ وَالْحَلُوْبَ فَذَبَحَ لَهُمْ فَاَکَلُوْا مِنَ الشَّاۃِ وَمِنْ ذٰلِکَ الْعِذْقِ وَشَرِبُوْا فَلَمَّا اَنْ شَبِعُوْا وَرَوَوْا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِاَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَتُسْئَلُنَّ عَنْ هٰذَا النَّعِیْمِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَخْرَجَکُمْ مِنْ بُیُوْتِکُمُ الْجُوْعُ ثُمَّ لَمْ تَرْجِعُوْا حَتّٰی اَصَابَکُمْ هٰذَا النَّعِیْمُ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ) وَذُکِرَ حَدِیْثُ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ کَانَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فِیْ بَابِ الْوَلِیْمَۃِ۔

ہے جس نے تم کو، چلو۔ چنانچہ دونوں آپ کے ساتھ ہولئے اور ایک انصاری کے گھر پہنچے۔ وہ اس وقت گھر میں موجود نہ تھا۔ اس کی بیوی نے آپ کو دیکھ کر کہا "مرحبًا واہلًا" یعنی خوب آئے اور اپنے گھر میں آئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا۔ فلاں شخص کہاں ہے؟ (یعنی اس کا شوہر) اس نے کہا ہمارے لئے میٹھا پانی لینے گیا ہے اتنے میں وہ انصاری بھی آگیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے دونوں ساتھیوں کو دیکھ کر کہا خدا کا شکر ہے آج کے دن بزرگ مہمانوں کے اعتبار سے مجھ سے زیادہ کوئی خوش نصیب نہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ پھر وہ شخص اپنے مہمانوں کو باغ میں لے گیا اور کھجوروں کا ایک خوشہ لاکر پیش کیا، جس میں نیم پختہ، پختہ اور تازہ وخشک کھجوریں تھیں اور عرض کیا اس میں سے تناول فرمائیے۔ پھر چھری کو لیا اور بکری کو ذبح کرنے کا ارادہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا دودھ کی بکری ذبح نہ کرنا چنانچہ اس نے مہمانوں کے لئے بکری ذبح کی مختصر یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نے بکری کا گوشت اور کھجوروں کا خوشہ کھایا اور پانی پیا جب سب کا پیٹ بھر گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر رضی اللہ عنہ و عمر سے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے قیامت کے دن تم سے ان نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ بھوک نے تم کو تمہارے گھر سے نکالا اور گھر کو واپس نہ ہوئے تھے کہ خداوند تعالیٰ نے یہ نعمتیں مرحمت فرمائیں۔ (مسلم)

ولیمہ کے باب میں ابومسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث "کان رجل من الانصار الخ" بیان کی جا چکی ہے۔

فصل دوم

مہمان نوازی کی اہمیت

۴۰۶۱/۵ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْ کَرِبَ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَیُّمَا مُسْلِمٍ ضَافَ قَوْمًا فَاَصْبَحَ الضَّیْفُ مَحْرُوْمًا کَانَ حَقًّا عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ نَصْرُہٗ حَتّٰی یَاْخُذَ لَہٗ بِقِرَاہُ مِنْ مَّالِہٖ وَزَرْعِہٖ (رَوَاہُ الدَّارِمِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَہٗ وَاَیُّمَا رَجُلٍ ضَافَ قَوْمًا فَلَمْ یَقْرُوْہُ فَکَانَ لَہٗ اَنْ یُّعْقِبَهُمْ بِمِثْلِ قِرَاہُ

حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ جو مسلمان کسی قوم کا مہمان ہو اور اس حال میں صبح کی کہ اس کی مہمانی نہ کی گئی یعنی رات کو اس کی مہمانی نہ کی گئی تو پھر ہر مسلمان اس کی مدد فرض ہوگی یعنی ہر مسلمان کا یہ فرض ہوگا کہ وہ اس سے اس کی مہمانی کا حق دلوائے یہاں تک کہ وہ اپنا حق اس کے مال اور اس کی زراعت سے حاصل کرے (دارمی۔ ابوداؤد)۔ اور ایک روایت میں ہے کہ جو شخص کسی قوم کا مہمان ہو اور پھر وہ اس کی مہمانداری نہ کرے تو وہ اپنے مہمانداری کے بقدر اس سے وصول کر سکتا ہے۔

برائی کا بدلہ برائی نہیں ہے

۴۰۶۲/۶ وَعَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ الْجُشَمِیِّ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ

حضرت ابی الاحوص جشمی رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انھوں

قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ مَرَرْتُ بِرَجُلٍ فَلَمْ يَقْرِنِيْ وَلَمْ يُضِفْنِيْ ثُمَّ مَرَّ بِيْ بَعْدَ ذٰلِكَ اَقْرِيْهِ اَمْ اَجْزِيْهِ قَالَ بَلْ اَقْرِهِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! اگر میں کسی شخص کے ہاں جا کر مہمان ہوں اور وہ میری مہمان داری نہ کرے اور میری ضیافت کا حق ادا نہ کرے پھر وہ شخص میرے ہاں آ کر مہمان ہو تو کیا میں اس کی مہمان داری کروں یا اس سے بدلہ لوں۔ آپ نے فرمایا اس کی مہمانی کرو۔ (ترمذی)

کسی کے گھر میں داخل ہونے کے لئے طلب اجازت کا جواب نہ ملے واپس چلے جاؤ

۴۰۶۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَوْ غَيْرِهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَاْذَنَ عَلٰى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَلَمْ يُسْمِعِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى سَلَّمَ ثَلَاثًا وَرَدَّ عَلَيْهِ سَعْدٌ ثَلَاثًا وَّلَمْ يُسْمِعْهُ فَرَجَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتَّبَعَهٗ سَعْدٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ مَا سَلَّمْتَ تَسْلِيْمَةً اِلَّا هِيَ بِاُذُنِيَّ وَلَقَدْ رَدَدْتُّ عَلَيْكَ وَلَمْ اُسْمِعْكَ اَحْبَبْتُ اَنِ اسْتَكْثِرَ مِنْ سَلَامِكَ وَمِنَ الْبَرَكَةِ ثُمَّ دَخَلُوا الْبَيْتَ فَقَرَّبَ لَهٗ زَبِيْبًا فَاَكَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ اَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَاَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآئِمُوْنَ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ یا کسی اور شخص سے یہ روایت منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے ہاں جا کر ان سے گھر میں آنے کی اجازت طلب کی چنانچہ آپ نے فرمایا۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ سعد رضی اللہ عنہ نے کہا۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ سعد رضی اللہ عنہ نے یہ الفاظ آہستہ سے کہے تاکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہ سنیں یہاں تک کہ حضور ﷺ نے تین مرتبہ سلام کیا اور سعد نے تینوں مرتبہ جواب دیا لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ سنایا (خاموشی کا یہ عالم دیکھ کر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوٹ پڑے سعد رضی اللہ عنہ آپ کے پیچھے پیچھے آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں جتنی بار آپ نے سلام کیا میرے دونوں کانوں نے سنا اور میں نے ان کا جواب بھی دیا لیکن اپنے جواب کو آپ کے کانوں تک نہ پہنچنے دیا اس لئے کہ میں آپ کے سلام اور برکت کا زیادہ خواہشمند تھا۔ پھر آپ اور وہ دونو گھر کے اندر گئے۔ سعد رضی اللہ عنہ نے آپ کی خدمت میں خشک انگوروں کا خوشہ پیش کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو تناول فرمایا۔ پھر جب آپ کھا چکے تو فرمایا نیکوں نے تمہارا کھانا کھایا۔ فرشتوں نے تمہارے لئے استغفار کی، اور روزہ داروں نے تمہارے ہاں افطار کیا۔ (شرح السنۃ)

پرہیزگار لوگوں کی ضیافت کرنا زیادہ بہتر ہے

۴۰۶۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ وَمَثَلُ الْاِيْمَانِ كَمَثَلِ الْفَرَسِ فِيْ اٰخِيَّتِهٖ يَجُوْلُ ثُمَّ يَرْجِعُ اِلٰى اٰخِيَّتِهٖ وَاِنَّ الْمُؤْمِنَ يَسْهُوْ ثُمَّ يَرْجِعُ اِلَى الْاِيْمَانِ فَاَطْعِمُوْا طَعَامَكُمُ الْاَتْقِيَاءَ وَاَوْلُوْا مَعْرُوْفَكُمُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایماندار آدمی اور ایمان اس گھوڑے کی مانند ہیں جو رسی میں بندھا ہوا ہو کہ وہ اس رسی میں ہر طرف پھرتا ہے اور پھر اپنی جگہ پر آجاتا ہے۔ اسی طرح مومن سہو و غفلت کرتا ہے اور پھر ایمان کی طرف لوٹ آتا ہے پس تم اپنا کھانا پرہیزگار لوگوں کو کھلاؤ اور اپنی بخشش سارے مسلمانوں کو دو۔ (بیہقی)

کھانا کھاتے وقت زانو کے بل بیٹھنا تواضع وانکساری کی علامت ہے

۴۰۶۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَصْعَةٌ يَحْمِلُهَا اَرْبَعَةُ رِجَالٍ يُقَالُ لَهَا الْغَرَّاءُ فَلَمَّا اَضْحَوْا وَسَجَدُوا الضُّحٰى

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک ایسا پیالہ تھا جس کو چار آدمی اٹھاتے تھے (یعنی بھرے ہوئے پیالہ کو، یا خالی پیالہ ہی اتنا بڑا اور بھاری تھا) اس کا

أُتِيَ بِتِلْكَ الْقَصْعَةِ وَقَدْ ثُرِّدَ فِيهَا فَالْتَفُّوا عَلَيْهَا فَلَمَّا كَثُرُوا جَثَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ مَا هٰذِهِ الْجِلْسَةُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ جَعَلَنِي عَبْدًا كَرِيمًا وَّلَمْ يَجْعَلْنِي جَبَّارًا عَنِيدًا ثُمَّ قَالَ كُلُوا مِنْ جَوَانِبِهَا وَدَعُوا ذُرْوَتَهَا يُبَارَكْ فِيهَا۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

نام غرّا تھا۔ جب چاشت کا وقت ہوتا اور لوگ چاشت کی نماز پڑھ لیتے تو اس پیالے کو لایا جاتا اور اس میں ثرید تیار کیا جاتا اور اس کے گرد لوگ بیٹھ جاتے اور جب آدمیوں کی تعداد بڑھ جاتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھٹنوں پر بیٹھتے۔ ایک روز ایک دیہاتی نے کہا۔ آپ کی یہ نشست کیسی ہے (یعنی اس طرح بیٹھنا آپ کے شایانِ شان نہیں ہے) آپ نے فرمایا خدا نے مجھ کو متواضع انسان بنایا ہے سرکش و ضدی نہیں بنایا۔ پھر آپ نے فرمایا اپنی اپنی سمت سے کھاؤ درمیان میں اور اوپر کی جانب ہاتھ نہ ڈالو تمہارے لئے اس میں برکت دی جائے گی۔ (ابوداؤد)

جمع ہو کر کھانا کھانے سے برکت نازل ہوتی ہے

۴۰۶۶/۱۰ وَعَنْ وَحْشِيِّ بْنِ حَرْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا نَأْكُلُ وَلَا نَشْبَعُ قَالَ فَلَعَلَّكُمْ تَفْتَرِقُونَ قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَاجْتَمِعُوا عَلَى طَعَامِكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيهِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت وحشی رضی اللہ عنہ بن حرب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم نے ایک روز عرض کیا یا رسول اللہ! ہم کھاتے ہیں اور ہمارا پیٹ نہیں بھرتا۔ آپ نے فرمایا شاید تم علیحدہ علیحدہ کھاتے ہو گے؟ عرض کیا ہاں۔ آپ نے فرمایا اپنے کھانے کو اکٹھے ہو کر کھایا کرو اور اس پر خدا کا نام لیا کرو تمہارے لئے اس میں برکت دی جائے گی۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

روٹی کپڑا اور مکان انسان کی بنیادی ضرورت بھی ہے اور اس کا پیدائشی حق بھی

۴۰۶۷/۱۱ عَنْ أَبِي عَسِيبٍ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً فَمَرَّ بِي فَدَعَانِي فَخَرَجْتُ إِلَيْهِ ثُمَّ مَرَّ بِأَبِي بَكْرٍ فَدَعَاهُ فَخَرَجَ إِلَيْهِ ثُمَّ مَرَّ بِعُمَرَ فَدَعَاهُ فَخَرَجَ إِلَيْهِ فَانْطَلَقَ حَتّٰى دَخَلَ حَائِطًا لِبَعْضِ الْأَنْصَارِ فَقَالَ لِصَاحِبِ الْحَائِطِ أَطْعِمْنَا بُسْرًا فَجَاءَ بِعِذْقٍ فَوَضَعَهُ فَأَكَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ بَارِدٍ فَشَرِبَ فَقَالَ لَتُسْئَلُنَّ عَنْ هٰذَا النَّعِيمِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ فَأَخَذَ عُمَرُ الْعِذْقَ فَضَرَبَ بِهِ الْأَرْضَ حَتّٰى تَنَاثَرَ الْبُسْرُ قُبَيْلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا لَمَسْئُولُونَ عَنْ هٰذَا الْيَوْمِ الْقِيٰمَةِ قَالَ نَعَمْ إِلَّا مِنْ ثَلٰثِ خِرْقَةٍ كَفَّ

حضرت ابی عسیب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک روز رات کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھر سے باہر تشریف لائے اور میرے پاس سے گزرتے ہوئے مجھ کو طلب فرمایا۔ میں آپ کے ہمراہ ہو لیا۔ پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بلایا وہ آ گئے پھر عمر رضی اللہ عنہ کو بلایا۔ وہ بھی آ گئے۔ پھر ہم سب آپ کے ہمراہ روانہ ہوئے اور ایک انصاری کے باغ میں پہنچے۔ آپ نے باغ کے مالک سے فرمایا ہم کو کھجوریں کھلاؤ۔ اس نے کھجوروں کا ایک خوشا لا کر رکھ دیا، آپ نے اور آپ کے ہمراہیوں نے کھجوریں کھالیں پھر ٹھنڈا پانی منگوایا اور پیا اور اس کے بعد فرمایا قیامت کے دن تم سے اس نعمت کی بابت پوچھا جائے گا۔ راوی کا بیان ہے کہ یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کھجوروں کا خوشہ لیا اور اس کو زمین پر دے مارا کہ اس کی تمام کچی کھجوریں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بکھر گئیں اور عرض کیا۔ کیا قیامت کے دن ہم سے اس کی بابت (بھی) سوال کیا جائے گا؟ آپ نے فرمایا ہاں مگر تین چیزوں سے سوال نہ ہو گا۔ ایک تو وہ کپڑا جس سے آدمی اپنا ستر ڈھانکے

بِهَا الرَّجُلُ عَوْرَتَهُ أَوْ كِسْرَةٍ سَدَّ بِهَا جُوْعَتَهُ أَوْ حُجْرٍ يَتَدَخَّلُ فِيْهِ مِنَ الْحَرِّ وَالْقَرِّ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ مُرْسَلًا

دوسرے روٹی کا ٹکڑا جس سے انسان اپنی بھوک کو روکے تیسرے چھوٹا سا حجرہ جس میں ٹھہر کر گرمی و سردی کو دفع کرے۔ (احمد - بیہقی)

اجتماعی طور پر کھانا کھانے کی صورت میں سب کے ساتھ ہی کھانے سے ہاتھ کھینچو

۴۰۶۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا وُضِعَتِ الْمَائِدَةُ فَلَا يَقُوْمُ رَجُلٌ حَتّٰى يُرْفَعَ الْمَائِدَةُ وَلَا يَرْفَعُ يَدَهُ وَإِنْ شَبِعَ حَتّٰى يَفْرُغَ الْقَوْمُ وَالْيُعْذِرُ، فَإِنَّ ذٰلِكَ يُخْجِلُ جَلِيْسَهُ فَيَقْبِضُ يَدَهُ وَعَسٰى أَنْ يَّكُوْنَ لَهُ فِي الطَّعَامِ حَاجَةٌ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کہ دسترخوان بچھا دیا جائے تو کوئی شخص اس وقت تک اس پر سے نہ اٹھے جب تک دسترخوان بڑھا نہ دیا جائے اور نہ اس وقت تک کھانے سے ہاتھ روکے جب تک لوگ فارغ نہ ہو جائیں، اگرچہ اس کا پیٹ بھر گیا ہو۔ لیکن اگر کسی وجہ سے کھانے میں ساتھ نہ دے سکے تو معذرت کر کے علیحدہ ہو جائے اس لئے کہ کھانے سے ہاتھ اٹھا لینے کے سبب ہم نشین شرمندہ ہوتا ہے اور خود بھی کھانے سے ہاتھ اٹھا لیتا ہے اور بہت ممکن ہے ابھی وہ بھوکا ہو۔ (ابن ماجہ بیہقی)

۴۰۶۹ وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ مَعَ قَوْمٍ آخِرَهُمْ أَكْلًا (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ مُرْسَلًا)

جعفر بن محمد رضؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب لوگوں کے ساتھ کھاتے تو آخر تک کھاتے رہتے۔ (بیہقی نے شعب الاسلام میں مرسلاً روایت کیا)

بھوک ہونے کے باوجود کھانے سے تکلفاً انکار کرنا جھوٹ بولنے کے مترادف ہے

۴۰۷۰ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَعَامٍ فَعُرِضَ عَلَيْنَا فَقُلْنَا لَا نَشْتَهِيْهِ قَالَ لَا تَجْمَعْنَ جُوْعًا وَكَذِبًا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت اسماء بنت یزید رضؓ کہتی ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھانا لایا گیا۔ پھر ہمارے سامنے کھانے کو پیش کیا گیا۔ ہم نے عرض کیا ہم کو خواہش نہیں ہے (اگرچہ وہ بھوکے تھے لیکن بتکلف یہ الفاظ کہہ دیئے) آپ نے فرمایا بھوک اور جھوٹ کو جمع نہ کرو۔ (ابن ماجہ)

مل کر کھانا کھانا برکت کا باعث ہے

۴۰۷۱ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوْا جَمِيْعًا وَلَا تَفَرَّقُوْا فَإِنَّ الْبَرَكَةَ مَعَ الْجَمَاعَةِ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عمر بن خطاب رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سب مل کر کھاؤ علیحدہ علیحدہ نہ کھاؤ اس لئے کہ جماعت میں برکت ہوتی ہے۔ (ابن ماجہ)

مہمان کے استقبال و وداع کے لئے گھر کے دروازے تک جانا مسنون ہے

۴۰۷۲ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ السُّنَّةِ أَنْ يَّخْرُجَ الرَّجُلُ مَعَ ضَيْفِهِ إِلٰى بَابِ الدَّارِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ عَنْهُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَقَالَ فِيْ إِسْنَادِهِ ضُعْفٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سنت یہ ہے کہ آدمی اپنے مہمان کا استقبال دروازے سے باہر نکل کر کرے یا رخصت کے وقت گھر کے دروازے تک پہنچائے۔ (ابن ماجہ و بیہقی) اور بیہقی نے اس کو شعب الایمان میں ابوہریرہ رضؓ اور ابن عباس رضؓ سے روایت کیا اور کہا اس کی اسناد میں ضعف ہے۔

کھانا کھلانے کی فضیلت

۴۰۷۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْخَيْرُ اَسْرَعُ اِلَى الْبَيْتِ الَّذِيْ يُؤْكَلُ فِيْهِ مِنَ الشَّفْرَةِ اِلٰى سَنَامِ الْبَعِيْرِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ بھلائی، روزی اور برکت اس گھر کی طرف تیزی سے بڑھتی ہے جس میں کھانا کھایا جاتا ہے جس طرح اونٹ کا گوشت کاٹنے میں چھری تیزی سے کوہان کی طرف جاتی ہے۔ (یعنی جس گھر میں مہمانوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے اس کی خیر جلد پھیل جاتی ہے جس طرح لوگ اونٹ کے کوہان کے گوشت کو لذیذ ہونے کے سبب سے پہلے کاٹتے ہیں) (ابن ماجہ)

بَابُ فِيْ اَكْلِ الْمُضْطَرِّ — مضطر و مجبور کے کھانے کا بیان

فَصْلُ اَوَّلٌ

وَهٰذَا الْبَابُ خَالٍ عَنِ الْفَصْلِ الْاَوَّلِ۔

اس باب میں پہلی فصل نہیں ہے۔

فَصْلُ دوم

حالت اضطرار کا مسئلہ

۴۰۷۴ عَنِ الْفُجَيْعِ الْعَامِرِيِّ اَنَّهٗ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا يَحِلُّ لَنَا مِنَ الْمَيْتَةِ قَالَ مَا طَعَامُكُمْ قُلْنَا نَغْتَبِقُ وَنَصْطَبِحُ قَالَ اَوَ نَعَمْ فَسَرَّهٗ لِيْ عُقْبَةُ قَدَحٌ غُدْوَةً وَقَدَحٌ عَشِيَّةً قَالَ ذَاكَ وَاَبِي الْجُوْعُ فَاَحَلَّ لَهُمُ الْمَيْتَةَ عَلٰى هٰذِهِ الْحَالِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت فجیع عامری رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ مُردار کی بابت آپ ہم کو کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے پوچھا تم کس قدر کھانا کھاتے ہو؟ ہم نے عرض کیا ایک پیالہ دودھ کا شام کو اور ایک پیالہ دودھ کا صبح کو۔ آپ نے فرمایا اِس قدر کھانا اپنے باپ[1] کی قسم بھوک کا موجب ہے۔ پھر آپ نے ان کے لئے مُردار کو حلال کر دیا۔ (ابوداؤد)

۴۰۷۵ وَعَنْ اَبِيْ وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَكُوْنُ بِاَرْضٍ فَتُصِيْبُنَا بِهَا الْمَخْمَصَةُ فَمَتٰى يَحِلُّ لَنَا الْمَيْتَةُ قَالَ مَا لَمْ تَصْطَبِحُوْا اَوْ تَغْتَبِقُوْا اَوْ تَحْتَفِئُوْا بِهَا بَقْلًا فَشَاْنُكُمْ بِهَا مَعْنَاهُ اِذَا لَمْ تَجِدُوْا صَبُوْحًا اَوْ غَبُوْقًا وَلَمْ تَجِدُوْا بَقْلَةً تَاْكُلُوْنَهَا حَلَّتْ لَكُمُ الْمَيْتَةُ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت ابی واقد لیثی رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! کبھی ہم ایسی زمین میں پہنچ جاتے ہیں کہ ہم کو بھوک تکلیف دیتی ہے (یعنی وہاں کھانے کی کوئی چیز میسّر نہیں آتی) ہمارے لئے مردار کب حلال ہو جاتا ہے (یعنی اگر ہم کو کھانا نہ ملے تو ہم کس وقت مردار چیز کو اپنے لئے حلال سمجھیں؟ آپ نے فرمایا جب تم صبح تک کھانا نہ پاؤ یا شام تک نہ پاؤ اور اس زمین میں تم کو ترکاری کی قسم سے میں سے بھی کچھ میسّر نہ آئے تو مُردار تمہارے لئے جائز ہے۔ (دارمی)

بَابُ الْاَشْرِبَةِ — پینے کی چیزوں کا بیان

فَصْلُ اَوَّلٌ

پانی کو تین سانس میں پینے کی فضیلت

۴۰۷۶ عَنْ اَنَسٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پانی پینے

---

[1] قسم ہے اپنے باپ کی، حضورؐ نے "غیر اللہ" کی قسم کھانے کی ممانعت سے پہلے کھائی تھی۔

وَسَلَّمَ يَتَنَفَّسُ فِي الشَّرَابِ ثَلٰثًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کے درمیان تین مرتبہ سانس لیتے۔ (بخاری و مسلم)

وَزَادَ مُسْلِمٌ فِي رِوَايَةٍ وَيَقُوْلُ اِنَّهٗ اَرْوٰى وَاَبْرَءُ وَاَمْرَءُ۔

اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم یہ فرماتے تھے کہ (اس طرح پانی پینا) خوب سیراب کرتا ہے صحت بخش ہے اور جلد ہضم ہوتا ہے۔

مشک کے منہ سے پانی پینے کی ممانعت

۴۰۷۷/۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ مِنْ فِيْ السِّقَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشک کے دہانہ سے پانی پینے کو منع فرمایا ہے۔ (بخاری و مسلم)

۴۰۷۸/۳ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اِخْتِنَاثِ الْاَسْقِيَةِ وَزَادَ فِيْ رِوَايَةٍ وَاِخْتِنَاثُهَا اَنْ يُّقْلَبَ رَاْسُهَا ثُمَّ يُشْرَبُ مِنْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے کہ مشک کو الٹا کر اس سے پانی پیا جائے اور ایک روایت میں یوں ہے کہ مشک کا الٹانا یہ ہے کہ اس کا دہانہ نیچے کر دیا جائے اور پھر اس سے پانی پیئے۔

کھڑے ہو کر پانی مت پیو

۴۰۷۹/۴ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰى اَنْ يَّشْرَبَ الرَّجُلُ قَائِمًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر پانی پینے سے منع فرمایا ہے۔ (مسلم)

۴۰۸۰/۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَشْرَبَنَّ اَحَدٌ مِّنْكُمْ قَائِمًا فَمَنْ نَّسِيَ فَلْيَسْتَقِئْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی شخص کھڑا ہو کر پانی نہ پیے اور جو شخص بھول کر پی لے اس کو چاہیئے کہ قے کر ڈالے۔ (مسلم)

آنحضرتؐ نے کھڑے ہو کر زمزم کا پانی پیا

۴۰۸۱/۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَلْوٍ مِّنْ مَّاءِ زَمْزَمَ فَشَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ میں زمزم کے پانی کا ایک ڈول نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا۔ آپ نے اس کو کھڑے ہو کر پیا۔ (بخاری و مسلم)

وضو کا پانی اور آب زمزم کھڑے ہو کر پینا مستحب ہے

۴۰۸۲/۷ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ قَعَدَ فِيْ حَوَائِجِ النَّاسِ فِيْ رَحْبَةِ الْكُوْفَةِ حَتّٰى حَضَرَتْ صَلٰوةُ الْعَصْرِ ثُمَّ اُتِيَ بِمَاءٍ فَشَرِبَ وَغَسَلَ وَجْهَهٗ وَيَدَيْهِ وَذَكَرَ رَاْسَهٗ وَرِجْلَيْهِ ثُمَّ قَامَ فَشَرِبَ فَضْلَهٗ وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ قَالَ اِنَّ نَاسًا يَكْرَهُوْنَ الشُّرْبَ قَائِمًا وَاِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے ظہر کی نماز پڑھی۔ پھر کوفہ کی ایک کشادہ جگہ میں لوگوں کے معاملات کا فیصلہ کرنے کے لئے بیٹھے، یہاں تک کہ عصر کی نماز کا وقت آگیا۔ پھر ان کے لئے پانی لایا گیا جس میں سے اوّل انھوں نے پیا پھر منہ دھویا اور ہاتھ دھوئے اور سر کا مسح کیا اور پاؤں دھوئے پھر وضو کا جو پانی بچ رہا تھا اس کو کھڑے ہو کر پیا اور پھر فرمایا لوگ کھڑے ہو کر پانی پینا بُرا سمجھتے ہیں اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا ہے، جیسا کہ میں نے ابھی کیا۔ (بخاری)

جانوروں کی طرح منہ ڈال کر پانی پینا مکروہ ہے

۴۰۸۳ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰی رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ وَمَعَہٗ صَاحِبٌ لَّہٗ فَسَلَّمَ فَرَدَّ الرَّجُلُ وَھُوَ یُحَوِّلُ الْمَآءَ فِیْ حَائِطٍ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنْ کَانَ عِنْدَکَ مَآءٌ بَاتَ فِیْ شَنَّۃٍ وَاِلَّا کَرَعْنَا فَقَالَ عِنْدِیْ مَآءٌ بَاتَ فِیْ شَنٍّ فَانْطَلَقَ اِلَی الْعَرِیْشِ فَسَکَبَ فِیْ قَدَحٍ مَآءً ثُمَّ حَلَبَ عَلَیْہِ مِنْ دَاجِنٍ فَشَرِبَ الرَّجُلُ الَّذِیْ جَآءَ مَعَہٗ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک انصاری کے ہاں تشریف لے گئے آپ کے ساتھ ایک صحابی بھی تھے، آپ نے انصاری کو سلام کیا اُس نے سلام کا جواب دیا۔ وہ اُس وقت باغ میں پانی دے رہا تھا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا، اگر تیرے پاس مشک میں باسی پانی ہو تو ہم کو دے ورنہ ہم کسی نہر یا تالاب سے منہ لگا کر پی لیں گے۔ انصاری نے عرض کیا میرے پاس باسی پانی مشک میں ہے یہ کہہ کر وہ جھونپڑی میں چلا گیا اور ایک پیالہ میں گھر کی بکری کا دودھ دوہا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو پیا اور پھر اس شخص نے پیا جو اُن کے ہمراہ تھا۔ (بخاری)

سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا حرام ہے

۴۰۸۴ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الَّذِیْ یَشْرَبُ فِیْ اٰنِیَۃِ الْفِضَّۃِ اِنَّمَا یُجَرْجِرُ فِیْ بَطْنِہٖ نَارَ جَھَنَّمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّمُسْلِمٍ اِنَّ الَّذِیْ یَاْکُلُ وَیَشْرَبُ فِیْ اٰنِیَۃِ الْفِضَّۃِ وَالذَّھَبِ۔

حضرت امّ سلمہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص چاندی کے برتن میں پینے کی کوئی چیز پیتا ہے تو اس کا یہ پینا اس کے پیٹ میں دوزخ کی آگ کو بھڑکائے گا (بخاری و مسلم) اور مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جو شخص چاندی سونے کے برتنوں میں کھائے اور پیئے (اس کا یہ حال ہوتا ہے، جیسا کہ ذکر کیا گیا)

۴۰۸۵ وَعَنْ حُذَیْفَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تَلْبَسُوا الْحَرِیْرَ وَلَا الدِّیْبَاجَ وَلَا تَشْرَبُوْا فِیْ اٰنِیَۃِ الذَّھَبِ وَالْفِضَّۃِ وَلَا تَاْکُلُوْا فِیْ صِحَافِھَا فَاِنَّھَا لَھُمْ فِی الدُّنْیَا وَھِیَ لَکُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت حذیفہ رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے حریر و دیبا (ریشمی کپڑوں کو) نہ پہنو چاندی سونے کے برتنوں میں نہ پیو اور سونے چاندی کی رکابیوں اور پیالوں میں نہ کھاؤ اس لئے کہ یہ چیزیں دنیا میں کافروں کے لئے ہیں اور تمہارے لئے آخرت میں۔ (بخاری و مسلم)

دائیں طرف سے دینا شروع کرو

۴۰۸۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ حُلِبَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ شَاۃٌ دَاجِنٌ وَشِیْبَ لَبَنُھَا بِمَآءٍ مِنَ الْبِئْرِ الَّتِیْ فِیْ دَارِ اَنَسٍ فَاُعْطِیَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْقَدَحَ فَشَرِبَ وَعَلٰی یَسَارِہٖ اَبُوْبَکْرٍ وَبِیَمِیْنِہٖ اَعْرَابِیٌّ فَقَالَ عُمَرُ اَعْطِ اَبَابَکْرٍ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَاَعْطَی الْاَعْرَابِیَّ الَّذِیْ عَلٰی یَمِیْنِہٖ ثُمَّ قَالَ الْاَیْمَنَ فَالْاَیْمَنَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَلَا الْاَیْمَنُوْنَ اَلَا

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے گھر کی پلی ہوئی بکری کا دودھ دوہا گیا پھر اس میں کنویں کا پانی ملایا گیا جو انس کے گھر میں تھا اور پھر اس دودھ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دودھ میں سے کچھ پیا اس وقت آپ کے دائیں جانب ابوبکر رضؓ تھے اور بائیں جانب ایک دیہاتی عمر رضؓ نے عرض کیا حضورؐ ابوبکر رضؓ کو مرحمت فرمائیے۔ آپ نے پیالہ دیہاتی کو دیدیا (اور فرمایا) دایاں مقدم ہے اور پھر دایاں (یعنی اس کے قریب والا) اور ایک روایت میں ہے کہ داہنی طرف کے مستحق ہیں داہنی طرف کے

فَيَمِّنُ ١۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

مستحق ہیں۔ خبردار (پہلے) داہنی طرف کے آدمیوں کو دیا کرو (بخاری و مسلم)

۴۰۸۷ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فَشَرِبَ مِنْهُ وَعَنْ يَمِينِهِ غُلَامٌ اَصْغَرُ الْقَوْمِ وَالْاَشْيَاخُ عَنْ يَسَارِهِ فَقَالَ يَا غُلَامُ اَتَاْذَنُ اَنْ اُعْطِيَهُ الْاَشْيَاخَ فَقَالَ مَا كُنْتُ لِاُوْثِرَ بِفَضْلِ مِنْكَ اَحَدًا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَحَدِيْثُ اَبِيْ قَتَادَةَ سَنَذْكُرُهُ فِيْ بَابِ الْمُعْجِزَاتِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

حضرت سہل بن سعد کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں (دودھ یا پانی کا) ایک پیالہ لایا گیا آپ نے اس میں سے پیا اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی داہنی جانب اُس وقت ایک لڑکا تھا سب سے چھوٹا اور بڑی عمر کے آدمی بائیں جانب تھے۔ آپ نے اس لڑکے (یعنی ابن عباس رضؓ) سے پوچھا تم اجازت دیتے ہو کہ میں یہ پیالہ بڑے آدمیوں کو دیدوں؟ لڑکے نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ کے جھوٹے کے پینے کا میں اپنے سے زیادہ کسی کو مستحق نہیں سمجھتا۔ آپ نے وہ پیالہ لڑکے کو دیدیا۔ (بخاری و مسلم) اور عنقریب ابو قتادہ رضؓ کی حدیث معجزات کے باب میں بیان کریں گے۔

فصل دوم

چلتے پھرتے کھانا اور کھڑے ہو کر پینا اصل کے اعتبار سے جائز ہے

۴۰۸۸ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا نَاْكُلُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَمْشِيْ وَنَشْرَبُ وَنَحْنُ قِيَامٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ) وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ہم چلتے پھرتے اور کھڑے ہو کر کھاتے پیتے تھے۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ۔ دارمی۔)

ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۴۰۸۹ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ قَائِمًا وَّقَاعِدًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عمرو بن شعیب رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو کھڑے ہو کر اور بیٹھے ہوئے پیتے دیکھا ہے۔ (ترمذی)

پیتے وقت برتن میں سانس نہ لو

۴۰۹۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّتَنَفَّسَ فِي الْاِنَاءِ اَوْ يُنْفَخَ فِيْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی کے برتن میں پانی پیتے وقت سانس لینے اور پھونک مارنے سے منع فرمایا ہے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

ایک سانس میں پانی مت پیو

۴۰۹۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَشْرَبُوْا وَاحِدًا كَشُرْبِ الْبَعِيْرِ وَلٰكِنِ اشْرَبُوْا مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَسَمُّوْا اِذَا اَنْتُمْ شَرِبْتُمْ وَاحْمَدُوْا اِذَا اَنْتُمْ رَفَعْتُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم ایک دم (یعنی ایک سانس میں) اونٹ کی طرح پانی نہ پیو بلکہ دو تین مرتبہ دم لے کر پیو اور بسم اللہ کہو جب تم پانی پینا شروع کرو اور الحمد للہ کہو جب دوبارہ برتن منہ سے لگاؤ۔ (ترمذی)

تنکا وغیرہ نکالنے کے لئے بھی پانی میں پھونک نہ مارو

۴۰۹۲ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ فَقَالَ رَجُلٌ الْقَذَاةُ اَرَاهَا فِي الْاِنَاءِ

حضرت ابو سعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پانی پیتے وقت اس میں پھونک مارنے سے منع فرمایا ہے۔ ایک شخص نے عرض کیا (بعض وقت) میں پانی میں تنکے پڑے دیکھتا ہوں (کیا

قَالَ اَهْرِقْهَا قَالَ فَاِنِّیْ لَا اَرْوٰی مِنْ نَفَسٍ وَاحِدٍ قَالَ فَاَبِنِ الْقَدَحَ عَنْ فِیْكَ ثُمَّ تَنَفَّسْ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

ایسی حالت میں بھی پھونک نہ ماروں؟) آپ نے فرمایا تھوڑا سا پانی پھینک دے۔ پھر اس نے پوچھا۔ میں ایک دم یعنی ایک سانس میں پینے سے سیراب نہیں ہوتا۔ آپ نے فرمایا پیالہ کو منہ سے علیحدہ کر اور پھر سانس لے۔ (ترمذی۔ دارمی)

پینے کا برتن اگر کسی جگہ سے ٹوٹا ہوا ہو تو وہاں منہ نہ لگاؤ

۴۰۹۳ وَعَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ مِنْ ثُلْمَةِ الْقَدَحِ وَاَنْ يُّنْفَخَ فِي الشَّرَابِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) ۱۸

حضرت ابو سعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پیالہ کے سوراخ سے پانی پینے کو منع فرمایا اور پانی میں پھونک مارنے سے بھی منع کیا ہے۔ (ابوداؤد)

کبھی کبھار مشک وغیرہ کے منہ سے پانی پینے میں کوئی مضائقہ نہیں

۴۰۹۴ وَعَنْ كَبْشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَرِبَ مِنْ فِيْ قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ قَائِمًا فَقُمْتُ اِلٰى فِيْهَا فَقَطَعْتُهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ۔ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ) ۱۹

حضرت کبشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے اور مشک کے دہانے سے کھڑے ہو کر پانی پیا۔ میں نے مشک کے دہانے سے اس ٹکڑے کو کاٹ لیا جہاں آپ کا منہ لگا تھا (یعنی برکت حاصل کرنے کے لئے) (ترمذی۔ ابن ماجہ۔ اور ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے)۔

آنحضرتؐ کو میٹھا اور ٹھنڈا مشروب بہت پسند تھا

۴۰۹۵ وَعَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ اَحَبَّ الشَّرَابِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُلْوُ الْبَارِدُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ وَالصَّحِيْحُ مَا رُوِیَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا) ۲۰

زہری رح عروہ رضؓ سے اور وہ حضرت عائشہ رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پینے کی چیزوں میں میٹھے اور ٹھنڈے پانی کو بہت پسند فرماتے تھے۔ (ترمذی کہتے ہیں کہ صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث زہری رح سے مرسلاً مروی ہے)

کھانے پینے میں دودھ سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے

۴۰۹۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ طَعَامًا فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَاَطْعِمْنَا خَيْرًا مِّنْهُ وَاِذَا سُقِيَ لَبَنًا فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ فَاِنَّهٗ لَيْسَ شَيْءٌ يُّجْزِئُ مِنَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ اِلَّا اللَّبَنُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ) ۲۱

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے جب کوئی کھانا کھائے تو یہ کہے اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَاَطْعِمْنَا خَيْرًا مِّنْهُ یعنی اے اللہ! ہمارے لئے اس کھانے میں برکت دے اور اس سے بہتر کھانا ہم کو کھلا) اور جب دودھ پئے تو یہ کہے اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ یعنی اے اللہ! ہمارے لئے اس دودھ میں برکت دے اور اس سے زیادہ دے (اور اس سے بہتر نہ کہے) اس لئے کہ جو چیز کھانے اور پینے دونوں میں کفایت کرے اس سے بہتر اور کیا چیز ہو سکتی ہے؟ (ترمذی۔ ابوداؤد)

آنحضرتؐ کے لئے میٹھے پانی کا خاص اہتمام

۴۰۹۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْتَعْذَبُ لَهُ الْمَاءُ مِنَ السُّقْيَا قِيْلَ هِيَ عَيْنٌ بَيْنَهُمَا وَبَيْنَ الْمَدِيْنَةِ يَوْمَانِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) ۲۲

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے میٹھا پانی سقیا سے لایا جاتا تھا (سقیا مدینہ سے دو دن کے فاصلہ پر ایک چشمہ ہے)۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

سونے یا چاندی کے برتن میں نہ ہو

۴۰۹۸/۲۲ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَرِبَ فِیْ اِنَاءِ ذَھَبٍ اَوْ فِضَّۃٍ اَوْ اِنَاءٍ فِیْہِ شَیْءٌ مِنْ ذٰلِکَ فَاِنَّمَا یُجَرْجِرُ فِیْ بَطْنِہٖ نَارَ جَھَنَّمَ۔ (رَوَاہُ الدَّارَقُطْنِیُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص سونے چاندی کے برتن یا اس برتن میں جس میں سونا چاندی شامل ہو، کوئی چیز پئے تو اس کا یہ پینا اس کے پیٹ میں دوزخ کی آگ کو بھڑکائے گا۔ (دارقطنی)

بَابُ النَّقِیْعِ وَالْاَنْبِذَۃِ — نبیذ اور نقیع کا بیان

فصل اوّل

حضرت انس کا پیالہ؟

۴۰۹۹/۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَقَدْ سَقَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِقَدَحِیْ ھٰذَا الشَّرَابَ کُلَّہٗ وَالْعَسَلَ وَالنَّبِیْذَ وَالْمَاءَ وَاللَّبَنَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے اس پیالہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ساری چیزیں پلائیں، یعنی شہد، نبیذ، پانی اور دودھ۔ (مسلم)

آنحضرتؐ کے لئے نبیذ بنانے کا ذکر

۴۱۰۰/۲ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کُنَّا نَنْبِذُ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ سِقَاءٍ یُوْکَأُ اَعْلَاہُ وَلَہٗ عَزْلَاءُ نَنْبِذُہٗ غُدْوَۃً فَیَشْرَبُہٗ عِشَاءً وَنَنْبِذُہٗ عِشَاءً فَیَشْرَبُہٗ غُدْوَۃً۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے نبیذ بنایا کرتے تھے۔ ہمارے پاس ایک مشک تھی جس کو اوپر سے باندھ کر بند کر دیا جاتا تھا اور اس کے نیچے اس کا دہانہ تھا۔ ہم اسی مشک میں صبح کے وقت پانی اور کھجور بھر دیتے اور آپ رات کے وقت اس کو پیتے اور رات کو ہم کھجور اور پانی بھر دیتے تو آپ اس کو دن میں استعمال فرماتے۔ (مسلم)

۴۱۰۱/۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْبِذُ لَہٗ اَوَّلَ اللَّیْلِ فَیَشْرَبُہٗ اِذَا اَصْبَحَ یَوْمَہٗ ذٰلِکَ وَاللَّیْلَۃَ الَّتِیْ تَجِیْءُ وَالْغَدَ وَاللَّیْلَۃَ الْاُخْرٰی وَالْغَدَ اِلَی الْعَصْرِ فَاِنْ بَقِیَ شَیْءٌ سَقَاہُ الْخَادِمَ اَوْ اَمَرَ بِہٖ فَصُبَّ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے شروع رات میں نبیذ ڈالتے تو آپ اس کو رات کی صبح تک سے لے کر شام تک پیتے، پھر ساری رات پیتے۔ پھر دوسرے دن صبح سے شام تک پیتے پھر ساری رات پیتے اور تیسرے دن عصر کے وقت تک پیتے۔ اگر کچھ باقی رہ جاتی تو خادم کو پلا دیتے یا پھکوا دیتے۔ (مسلم)

۴۱۰۲/۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ کَانَ یُنْبَذُ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ سِقَاءٍ فَاِذَا لَمْ یَجِدُوْا سِقَاءً یُنْبَذُ لَہٗ فِیْ نَوْرٍ مِنْ حِجَارَۃٍ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے مشک میں نبیذ بنائی جاتی تھی اور اگر مشک نہ ہوتی تو پھر پتھر کے برتن میں بنا لیتے تھے۔ (مسلم)

نبیذ کن برتنوں میں نہ بنائی جائے؟

۴۱۰۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ وَالنَّقِيْرِ وَاَمَرَ اَنْ يُّنْبَذَ فِيْ اَسْقِيَةِ الْاَدَمِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کدو کے تونبے میں، لاکھ کے برتن میں، رال لگے ہوئے برتن میں اور لکڑی کے برتن میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا ہے اور یہ حکم دیا ہے کہ چمڑے کے برتن میں نبیذ بنائی جائے۔ (مسلم)

اس حکم کی منسوخی جس میں بعض برتنوں میں نبیذ بنانا ممنوع قرار دیا تھا

۴۱۰۴ وَعَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَهَيْتُكُمْ عَنِ الظُّرُوْفِ فَاِنَّ ظَرْفًا لَا يُحِلُّ شَيْئًا وَلَا يُحَرِّمُهٗ وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَّفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ نَهَيْتُكُمْ عَنِ الْاَشْرِبَةِ اِلَّا فِيْ ظُرُوْفِ الْاَدَمِ فَاشْرَبُوْا فِيْ كُلِّ وِعَاءٍ غَيْرَ اَنْ لَّا تَشْرَبُوْا مُسْكِرًا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت بُریدہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے تم کو چند قسم کے برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع کیا تھا تم شاید یہ سمجھے کہ ان برتنوں میں نبیذ بنانا حرام ہے، تمہارا یہ خیال غلط ہے کوئی برتن کسی حرام چیز کو حلال نہیں کرتا اور نہ کسی حلال کو حرام کرتا ہے (حقیقت یہ ہے کہ) ہر نشہ لانے والی چیز حرام ہے اور ایک روایت میں اس طرح ہے کہ منع کیا تھا میں نے تم کو چند ظروف میں پینے سے مگر چمڑے کے برتن میں پینے کی اجازت دی تھی۔ (اَب وہ منسوخ ہے) تم ہر برتن میں پیو مگر کسی نشہ والی چیز کو نہ پیو۔ (مسلم)

فصل دوم

ہر نشہ آور مشروب حرام خواہ اس کو شراب کہا جائے یا کچھ اور

۴۱۰۵ عَنْ اَبِيْ مَالِكِ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيَشْرَبَنَّ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِيَ الْخَمْرَ يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اسْمِهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابی مالک اشعری رضؓ کہتے ہیں انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ میری امت میں سے بعض لوگ شراب کو پئیں گے اور اس کا نام بدل کر کوئی اور نام رکھ دیں گے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

فصل سوم

سبز ٹھلیا میں بنی ہوئی نبیذ پینے کی ممانعت

۴۱۰۶ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيْذِ الْجَرِّ الْاَخْضَرِ قُلْتُ اَنَشْرَبُ فِي الْاَبْيَضِ قَالَ لَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)۔

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ نے سبز ٹھلیا کی نبیذ پینے سے منع فرمایا۔ میں نے عرض کیا۔ کیا ہم سفید ٹھلیا کی نبیذ پی لیں؟ آپؐ نے فرمایا نہیں (یہ حکم حدیث ۴۱۰۴ سے منسوخ ہے) (بخاری)

بَابُ تَغْطِيَةِ الْاَوَانِيْ وَغَيْرِهَا برتن وغیرہ کو ڈھانکنے کا بیان

فصل اوّل

رات آنے پر کن چیزوں کا خیال رکھا جائے؟

۴۱۰۷ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ جُنْحُ اللَّيْلِ أَوْ أَمْسَيْتُمْ فَكُفُّوا صِبْيَانَكُمْ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَنْتَشِرُ حِينَئِذٍ فَإِذَا ذَهَبَ سَاعَةٌ مِنَ اللَّيْلِ فَخَلُّوهُمْ وَاعْلِقُوا الْأَبْوَابَ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا مُغْلَقًا وَأَوْكُوا قِرَبَكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ وَخَمِّرُوا آنِيَتَكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ وَلَوْ أَنْ تَعْرُضُوا عَلَيْهِ شَيْئًا وَأَطْفِئُوا مَصَابِيحَكُمْ (متفق علیہ)

فرمایا ہے جب رات شروع ہو یا شام ہو جائے تو تم اپنے بچوں کو گھر سے باہر نہ نکلنے دو اس لئے کہ شیطان اس وقت چاروں طرف پھیل جاتے ہیں پھر جب رات کی ایک گھڑی گزر جائے تو بسم اللہ کہہ کر گھر کے دروازوں کو بند کر دو اور بچوں کو گھر میں کھیلنے کے لئے چھوڑ دو اس لئے کہ شیطان بند دروازوں کو نہیں کھولتا (جب کہ ان کو بسم اللہ کہہ کر بند کیا جائے) اور باندھ دو مشکوں کے دونوں دہانوں کو بسم اللہ کہہ کر۔ اور بسم اللہ کہہ کر اپنے برتنوں کو ڈھانک دو اگرچہ عرض ہی میں کوئی ایسی چیز رکھ دو جو کسی قدر برتنوں کو ڈھانک لے اور چراغ کو بڑھا دو۔ (بخاری و مسلم)

وَفِي رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ قَالَ خَمِّرُوا الْآنِيَةَ وَأَوْكُوا الْأَسْقِيَةَ وَأَجِيفُوا الْأَبْوَابَ وَاكْفُتُوا صِبْيَانَكُمْ عِنْدَ الْمَسَاءِ فَإِنَّ لِلْجِنِّ انْتِشَارًا وَخَطْفَةً وَأَطْفِئُوا الْمَصَابِيحَ عِنْدَ الرُّقَادِ فَإِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ رُبَّمَا اجْتَرَّتِ الْفَتِيلَةَ فَأَحْرَقَتْ أَهْلَ الْبَيْتِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ غَطُّوا الْإِنَاءَ وَأَوْكُوا السِّقَاءَ وَاغْلِقُوا الْأَبْوَابَ وَأَطْفِئُوا السِّرَاجَ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَحُلُّ سِقَاءً وَلَا يَفْتَحُ بَابًا وَلَا يَكْشِفُ إِنَاءً فَإِنْ لَمْ يَجِدْ أَحَدُكُمْ إِلَّا أَنْ يَعْرُضَ عَلَى إِنَائِهِ عُودًا وَيَذْكُرَ اسْمَ اللَّهِ فَلْيَفْعَلْ فَإِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ عَلَى أَهْلِ الْبَيْتِ بَيْتَهُمْ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ قَالَ لَا تُرْسِلُوا مَوَاشِيَكُمْ وَصِبْيَانَكُمْ إِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ حَتَّى تَذْهَبَ فَحْمَةُ الْعِشَاءِ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ قَالَ غَطُّوا الْإِنَاءَ وَأَوْكُوا السِّقَاءَ فَإِنَّ فِي السَّنَةِ لَيْلَةً يَنْزِلُ فِيهَا وَبَاءٌ لَا يَمُرُّ بِإِنَاءٍ لَيْسَ عَلَيْهِ غِطَاءٌ أَوْ سِقَاءٍ لَيْسَ عَلَيْهِ وِكَاءٌ إِلَّا نَزَلَ فِيهِ مِنْ ذٰلِكَ الْوَبَاءِ۔

اور بخاری کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ رسول خدا نے فرمایا ہے کہ برتنوں کو ڈھانک دو مشکوں کے منہ باندھ دو۔ دروازوں کو بند کر دو اور شام کے وقت اپنے بچوں کو اپنے پاس بٹھا لو۔ اس لئے کہ اس وقت جن پھیل جاتے ہیں اور اچکتے ہیں اور سوتے وقت چراغ کو بڑھا دو اس لئے کہ چوہا بعض اوقات فتیلہ کو کھینچ لے جاتا ہے اور گھر والوں کو جلا دیتا ہے اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے فرمایا برتنوں کو ڈھانکو مشکوں کا منہ باندھ دو، دروازوں کو بند کر دو اور بڑھا دو چراغوں کو اس لئے کہ شیطان (بندھی ہوئی) مشک کو نہیں کھولتا۔ اور نہ برتنوں کو کھولتا ہے اگر کسی کے پاس برتنوں کو ڈھانکنے کی کوئی چیز نہ ہو تو عرض میں خدا کا نام لے کر ایک لکڑی ہی رکھ دے (اور چراغ کو اس لئے بڑھا دے کہ) چوہا گھر والوں پر گھر کو بھڑکا دیتا ہے (یعنی بتی لے جا کر آگ لگا دیتا ہے) اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے فرمایا جب آفتاب غروب ہو جائے تو اپنے مواشی اور بچوں کو باہر نہ نکلنے دو جب تک رات کا کچھ حصہ نہ گزر جائے کہ شیطان سورج غروب ہوتے ہی پھیلا دیے جاتے ہیں (اور وہ اس وقت تک رہتے ہیں) جب تک کہ رات کا کچھ حصہ نہ گزر جائے۔ اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضور نے فرمایا ہے برتنوں کو ڈھانکو اور مشکوں کو باندھ دو اس لئے کہ سال بھر میں ایک ایسی رات ہوتی ہے جس میں وبا نازل ہوتی ہے یہ وبا برتن پر گزرتی ہے اور اس کو کھلا پاتی ہے تو اس میں اس کا کچھ حصہ داخل ہو جاتا ہے۔

جس برتن میں کھانے پینے کی کوئی چیز ہو اس کو ڈھانک کر لاؤ

۴۱۰/۲ وَعَنْهُ قَالَ جَاءَ أَبُو حُمَيْدٍ رَجُلٌ مِنَ

حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ ایک انصاری شخص جس کا نام ابو حمید

مِنَ الْاَنْصَارِ مِنَ النَّقِيْعِ بِاِنَاءٍ مِنْ لَبَنٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا خَمَّرْتَهٗ وَلَوْ اَنْ تَعْرُضَ عَلَيْهِ عُوْدًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تھا۔ مقام نقیع سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے دودھ کا ایک برتن لایا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا تم اس کو ڈھانک کر کس وجہ سے نہیں لائے اور کچھ نہیں تو اس پر ایک لکڑی ہی رکھ لی ہوتی۔ (بخاری و مسلم)

سوتے وقت آگ بجھادو

۴۱۰۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتْرُكُوا النَّارَ فِيْ بُيُوْتِكُمْ حِيْنَ تَنَامُوْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تم سونے لگو تو گھروں میں آگ نہ چھوڑو یعنی گھر میں کسی جگہ آگ ہو تو اس کو بجھادو۔ (بخاری و مسلم)

۴۱۱۰ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ اِحْتَرَقَ بَيْتٌ بِالْمَدِيْنَةِ عَلٰى اَهْلِهٖ مِنَ اللَّيْلِ فَحُدِّثَتْ بِشَاْنِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ هٰذِهِ النَّارَ اِنَّمَا هِيَ عَدُوٌّ لَّكُمْ فَاِذَا نِمْتُمْ فَاَطْفِئُوْهَا عَنْكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو موسیٰ رضؓ کہتے ہیں کہ مدینہ میں رات کے وقت ایک گھر جل گیا اور گھر والوں پر آپڑا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا۔ یہ آگ تمہاری دشمن ہے۔ جب تم سونے لگو تو اس کو بجھادو۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

کتے اور گدھے کی آواز سنو تو خدا کی پناہ چاہو

۴۱۱۱ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا سَمِعْتُمْ نُبَاحَ الْكِلَابِ وَنَهِيْقَ الْحَمِيْرِ مِنَ اللَّيْلِ فَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ فَاِنَّهُنَّ يَرَيْنَ مَا لَا تَرَوْنَ وَاَقِلُّوا الْخُرُوْجَ اِذَا هَدَاْتِ الرِّجْلُ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَبُثُّ مِنْ خَلْقِهٖ فِيْ لَيْلَتِهٖ مَا يَشَاءُ وَاَجِيْفُوا الْاَبْوَابَ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا اُجِيْفَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَغَطُّوا الْجِرَارَ وَاكْفِئُوا الْاٰنِيَةَ وَاَوْكُوا الْقِرَبَ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جب تم رات کے وقت کتوں کے بھونکنے اور گدھوں کے چلانے کی آواز سنو تو خداوند بزرگ و برتر کے ذریعہ شیطان سے پناہ مانگو، اس لئے کہ وہ ان چیزوں کو دیکھتے ہیں جن کو تم نہیں دیکھتے (یعنی شیاطین کو) اور جب لوگوں کی آمد و رفت (رات گزارنے پر آبادی میں) رک جائے تو تم بھی کم نکلو اس لئے کہ اس وقت خداوند تعالیٰ اپنی جس مخلوق کو چاہتا ہے (آبادی) میں پھیلا دیتا ہے اور گھر کے دروازوں کو خدا کا نام لے کر بند کر دو۔ اس لئے کہ شیطان ان دروازوں کو کھولنے کی قدرت نہیں رکھتا جن کو خدا کا نام لے کر بند کیا جائے اور برتنوں کو ڈھک دو اور مشکوں کے منہ باندھ دو۔ (شرح السنہ)

چوہے کی شرارت سے بچنے کیلئے سوتے وقت چراغ بجھادو

۴۱۱۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَتْ فَاْرَةٌ تَجُرُّ الْفَتِيْلَةَ فَاَلْقَتْهَا بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْخُمْرَةِ الَّتِيْ كَانَ قَاعِدًا عَلَيْهَا فَاَحْرَقَتْ مِنْهَا مِثْلَ مَوْضِعِ الدِّرْهَمِ فَقَالَ اِذَا نِمْتُمْ فَاَطْفِئُوْا سُرُجَكُمْ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَدُلُّ مِثْلَ هٰذِهٖ عَلٰى هٰذَا فَيُحْرِقُكُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ چوہا ایک جلتی ہوئی بتی کو کھینچ لایا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس چٹائی پر ڈال دیا جس پر آپ تشریف فرما تھے اور ایک درم کے بقدر چٹائی کو جلا دیا۔ آپ نے (یہ دیکھ کر) فرمایا جب تم سونے لگو تو چراغ بجھا دو اس لئے کہ شیطان اس جیسے موذی کو (یعنی چوہے کو) اسی طرح کا مشورہ دیتا یا راہ دکھاتا ہے اور تم کو جلا دیتا ہے۔ (ابوداؤد)

کِتَابُ اللِّبَاسِ — لباس کا بیان

فصل اوّل

جبرہ آنحضرتؐ کا پسندیدہ کپڑا تھا

۴۱۱۳/۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ اَحَبُّ الثِّیَابِ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یَلْبَسَہَا الْحِبَرَۃَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ پہننے کے کپڑوں میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو حبرہ بہت پسند تھی (حبرہ سرخ یا سبز دھاریوں کی مٹی چادر تھی۔ (بخاری و مسلم)

آنحضرتؐ کی نقشی چادر

۴۱۱۴/۲ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاۃٍ وَعَلَیْہِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِنْ شَعْرٍ اَسْوَدَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ۔

(۲) اور حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم (ایک دن) صبح کے وقت سیاہ بالوں کی نقشی چادر اوڑھے ہوئے باہر تشریف لے گئے۔ (مسلمؒ)

آنحضرتؐ نے تنگ آستینوں کا جبہ پہنا ہے

۴۱۱۴/۲ ب وَعَنِ الْمُغِیْرَۃِ بْنِ شُعْبَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَبِسَ جُبَّۃً رُوْمِیَّۃً ضَیِّقَۃَ الْکُمَّیْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک رومی جبہ پہنا جس کی آستینیں تنگ تھیں۔ (بخاری و مسلم)

وہ کپڑے جن میں سرکارِ دوعالمؐ نے سفرِ آخرت اختیار فرمایا

۴۱۱۵/۳ وَعَنْ اَبِیْ بُرْدَۃَ قَالَ اَخْرَجَتْ اِلَیْنَا عَائِشَۃُ کِسَاءً مُلَبَّدًا وَاِزَارًا غَلِیْظًا فَقَالَتْ قُبِضَ رُوْحُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ھٰذَیْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابی بردہ رضؓ کہتی ہیں کہ حضرت عائشہ رضؓ نے ہمارے دکھانے کے لئے ایک پیوند لگی ہوئی چادر ایک چادر کا تہبند نکالا اور فرمایا انھیں دو کپڑوں میں آپ کی روح مبارک قبض کی گئی۔ (یعنی آپ نے وفات پائی)۔ (بخاری و مسلم)

آنحضرتؐ کا بچھونا؟

۴۱۱۶/۴ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ فِرَاشُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِنَامُ عَلَیْہِ اِدَمًا حَشْوُہٗ لِیْفٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہؐ کا بستر جس پر آپؐ استراحت فرماتے تھے، چمڑے کا تھا جس میں کھجور کا پوست بھرا ہوا تھا۔ (بخاری و مسلم)

آپؐ کا تکیہ

۴۱۱۷/۵ وَعَنْہَا قَالَتْ کَانَ وِسَادُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الَّذِیْ یَتَّکِئُ عَلَیْہِ مِنْ اَدَمٍ حَشْوُہٗ لِیْفٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا تکیہ جس پر آپ تکیہ کرتے یا سوتے وقت سر کے نیچے رکھتے تھے، چمڑہ کا تھا اور اس میں کھجور کا پوست بھرا ہوا تھا۔ (مسلم)

جب آنحضرتؐ ہجرت کا حکم سنانے کے لئے حضرت ابوبکرؓ کے گھر تشریف لائے

۴۱۱۸/۶ وَعَنْہَا قَالَتْ بَیْنَا نَحْنُ جُلُوْسٌ فِیْ بَیْتِنَا

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ دوپہر کی گرمی میں ہم اپنے گھر کے

فِيْ حَرِّ الظَّهِيْرَةِ قَالَ قَائِلٌ لِاَبِيْ بَكْرٍ هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلًا مُتَقَنِّعًا (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اندر بیٹھے ہوئے تھے کہ کسی نے میرے والد حضرت ابوبکر رضؓ سے کہا دیکھو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چادر سے سر کو ڈھکے ہوئے تشریف لا رہے ہیں۔ (بخاری)

گھر میں تین سے زائد بچھونے نہ رکھو۔

۴۱۱۹ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ فِرَاشٌ لِلرَّجُلِ وَفِرَاشٌ لِاِمْرَاَتِهٖ وَالثَّالِثُ لِلضَّيْفِ وَالرَّابِعُ لِلشَّيْطٰنِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا ایک بچھونا مرد کے لئے ایک بچھونا عورت کے لئے اور ایک بچھونا مہمان کے لئے اور چوتھائی بچھونا شیطان کے لئے (یعنی ضرورت سے زیادہ بستر شیطان کے لئے ہوتا ہے اور فضول خرچی میں داخل ہے) (مسلم)

ازراہ تکبر ٹخنوں سے نیچے پاجامہ وغیرہ لٹکانا حرام ہے

۴۱۲۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلٰى مَنْ جَرَّ اِزَارَهٗ بَطَرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص تکبر اور ریا سے اپنی ازار (تہبند۔ پائجامہ) کو ٹخنوں سے نیچے لٹکائے گا۔ خداوند تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف رحمت کی نظر سے نہ دیکھے گا۔ (بخاری و مسلم)

تکبر کے طور پر کپڑے کو زمین پر گھسیٹتے ہوئے چلنا ممنوع ہے

۴۱۲۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَرَّ ثَوْبَهٗ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص تکبر سے اپنے کپڑے کو لٹکائے گا قیامت کے دن خداوند تعالیٰ اس پر رحمت کی نظر نہ ڈالے گا۔ (بخاری و مسلم)

۴۱۲۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَجُرُّ اِزَارَهٗ مِنَ الْخُيَلَاءِ خُسِفَ بِهٖ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِي الْاَرْضِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ایک شخص (پہلی امتوں میں سے) اپنی ازار کو تکبر کے سبب گھسیٹتا چلا جاتا تھا۔ اس کو زمین میں دھنسا دیا گیا۔ اب وہ قیامت تک زمین کے اندر دھنستا چلا جائے گا۔ (بخاری)

لباس میں ضرورت سے زیادہ کپڑا صرف کرنا ممنوع ہے

۴۱۲۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ مِنَ الْاِزَارِ فِي النَّارِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ازار کا جو حصہ ٹخنوں سے نیچا ہو، وہ دوزخ میں ڈالا جائے گا (یعنی جسم کا وہ حصہ جس پر ازار کا وہ حصہ پڑا ہو) (بخاری)

کپڑے پہننے کے بعض ممنوع طریقے

۴۱۲۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّاْكُلَ الرَّجُلُ بِشِمَالِهٖ اَوْ يَمْشِيَ فِيْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ وَّاَنْ يَّشْتَمِلَ الصَّمَّاءَ اَوْ يَحْتَبِيَ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ كَاشِفًا عَنْ فَرْجِهٖ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی شخص بائیں ہاتھ سے کھانا نہ کھائے ایک جوتی پہن کر نہ چلے، کپڑے کو اس طرح لپیٹ کر نہ بیٹھے کہ دونوں ہاتھ اندر آجائیں اور اس طرح کپڑا لپیٹ کر نہ بیٹھے کہ ستر کھل جائے۔ (مسلم)

ریشمی کپڑا پہننے والے مرد کے بارے میں وعید

۴۱۲۵/۱۳ وَعَنْ عُمَرَ وَ اَنَسٍ وَ ابْنِ الزُّبَيْرِ وَ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَبِسَ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْاٰخِرَةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رض۔ ابن زبیر رض اور ابی امامہ رض کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے دنیا میں ریشم پہن لیا اس کو آخرت میں پہننے کو نہ ملے گا۔ (بخاری و مسلم)

۴۱۲۶/۱۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا يَلْبَسُ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا مَنْ لَا خَلَاقَ لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رض کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دنیا میں ریشم وہ شخص پہنتا ہے جس کے لئے آخرت میں حصہ نہیں ہوتا۔ (بخاری و مسلم)

سونے چاندی کے برتن میں کھانا پینا اور ریشمی کپڑے پہننا مردوں کے لئے جائز نہیں

۴۱۲۷/۱۵ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَشْرَبَ فِيْ اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ وَ الذَّهَبِ وَ اَنْ نَاْكُلَ فِيْهَا وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ وَ الدِّيْبَاجِ[1] وَ اَنْ نَجْلِسَ عَلَيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت حذیفہ رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم کو چاندی سونے کے برتنوں میں کھانے پینے سے منع فرمایا ہے اور حریر و دیبا کو پہننے اور اس کے فرش پر بیٹھنے سے منع کیا ہے۔ (بخاری و مسلم)

۴۱۲۸/۱۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ اُهْدِيَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةُ سِيَرَاءَ فَبَعَثَ بِهَا اِلَيَّ فَلَبِسْتُهَا فَعَرَفْتُ الْغَضَبَ فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ لَمْ اَبْعَثْ بِهَا اِلَيْكَ لِتَلْبَسَهَا اِنَّمَا بَعَثْتُ بِهَا اِلَيْكَ لِتَشُقَّهَا خُمُرًا بَيْنَ النِّسَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت علی رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ہدیہ کے طور پر تہبند اور دھاری دار ریشمی چادر بھیجی گئی آپ نے ان کو میرے پاس بھیج دیا میں نے اس کو پہن لیا۔ میں نے دیکھا کہ آپ کے چہرے پر غصہ کے آثار ہیں پھر حضور نے فرمایا میں نے ان کو تمہارے پاس پہننے کے لئے بھیجا تھا بلکہ اس لئے بھیجا تھا کہ تم ان کو پھاڑ کر اور دوپٹے بنا کر عورتوں میں تقسیم کر دو (بخاری و مسلم)

۴۱۲۹/۱۷ وَعَنْ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ اِلَّا هٰكَذَا وَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِصْبَعَيْهِ الْوُسْطٰى وَ السَّبَّابَةَ وَضَمَّهُمَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ اَنَّهٗ خَطَبَ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ اِلَّا مَوْضِعَ اِصْبَعَيْنِ اَوْ ثَلٰثٍ اَوْ اَرْبَعٍ۔

حضرت عمر رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حریر (ریشم) کے پہننے سے منع فرمایا ہے اور پھر فرمایا اس قدر، یعنی آپ نے درمیانی انگلی اور شہادت کی انگلی دونوں کو ملا کر دکھایا (جس کا مطلب یہ ہے کہ دو انگشت کے بقدر ریشم کا استعمال مرد کو جائز ہے۔ (بخاری و مسلم)

اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضرت عمر رض نے مقام جابیہ میں خطبہ دیا اور فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ریشم کو پہننے سے منع فرمایا ہے مگر دو، تین یا چار انگل (ریشم مرد کے لئے جائز ہے)۔

آنحضرت کا طیلسانی جبہ؟

۴۱۳۰/۱۸ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ اَنَّهَا اَخْرَجَتْ جُبَّةً طَيَالِسَةً كِسْرَوَانِيَّةً لَهَا لِبْنَةُ دِيْبَاجٍ وَفَرْجَيْهَا

حضرت اسماء بنت ابی بکر رض کہتی ہیں کہ انھوں نے ایک طیلسانی کسروانی جبہ نکالا جس میں سنجاف کے طور پر ایک ریشمی ٹکڑا گریبان میں

---

[1] "حریر" ریشمی کپڑا۔ اور "دیباج" باریک، نقشین اور ریشمی کپڑا۔ ۱۲

مَكْفُوفَيْنِ بِالدِّيبَاجِ وَقَالَتْ هٰذِهٖ جُبَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ عِنْدَ عَائِشَةَ فَلَمَّا قُبِضَتْ قَبَضْتُهَا وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُهَا وَنَحْنُ نَغْسِلُهَا لِلْمَرْضٰى نَسْتَشْفِي بِهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

لگا ہوا تھا اور جب کہ دونوں چاکوں پر بھی ریشمی کپڑا لگا ہوا تھا اور پھر کہا رسول اللہ ﷺ کا یہ جبہ عائشہ رضؓ کے پاس تھا۔ جب انھوں نے وفات پائی تو یہ مجھ کو مل گیا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اس کو (کبھی کبھی) پہنتے تھے اور اب ہم اس کو دھو کر اس کا پانی بیماروں کو دیتے اور اس کے ذریعہ ان کے لئے شفا طلب کرتے ہیں۔ (مسلم)

کسی عذر کی بنا پر ریشمی کپڑا پہننا جائز ہے

۴۱۳۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلزُّبَيْرِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ فِي لُبْسِ الْحَرِيْرِ لِحِكَّةٍ بِهِمَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ اِنَّهُمَا شَكَوَا الْقَمْلَ فَرَخَّصَ لَهُمَا فِي قُمُصِ الْحَرِيْرِ۔

حضرت انس کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے زبیرؓ اور عبدالرحمٰن بن عوف رضؓ کو ریشم پہننے کی اجازت دے دی تھی، اس لئے کہ (جوؤں) پڑ جانے کے سبب) ان کے بدن میں کھجلی تھی (بخاری و مسلم) اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ دونوں حضرات نے جوؤں کی شکایت کی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کو ریشم کا کرتا پہننے کی اجازت دیدی۔

کسم کا رنگا ہوا کپڑا نہ پہنو

۴۱۳۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ ثَوْبَيْنِ مُعَصْفَرَيْنِ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهٖ مِنْ ثِيَابِ الْكُفَّارِ فَلَا تَلْبَسْهُمَا وَفِي رِوَايَةٍ قُلْتُ اَغْسِلُهُمَا قَالَ بَلْ اَحْرِقْهُمَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو کسم سے رنگے ہوئے کپڑے پہنے دیکھا تو فرمایا یہ کافروں کا لباس ہے ان کو نہ پہن۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ میں نے عرض کیا ان کو دھو ڈالوں؟ آپ نے فرمایا بلکہ ان کو جلا ڈال۔ (مسلم)

وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ عَائِشَةَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ فِي مَنَاقِبِ اَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور عنقریب حضرت عائشہ رضؓ کی حدیث "خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" الخ مناقب اہل بیت کے باب میں بیان کریں گے۔

فصل دوم

کرتے کی فضیلت

۴۱۳۳ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ اَحَبُّ الثِّيَابِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَمِيْصُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت اُمّ سلمہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو تمام کپڑوں میں قمیص بہت پسند تھی۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

آنحضرت کے کرتے اور اس کی آستینوں کی لمبائی

۴۱۳۴ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ كَانَ كُمُّ قَمِيْصِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الرُّسْغِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ) وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت اسماءؓ بنت یزید کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کرتے کی آستین پہنچے تک تھیں۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔

کپڑے کو دائیں طرف سے پہننا شروع کیا جائے

۴۱۳۵/۲۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَبِسَ قَمِيْصًا بَدَاَ بِمَيَامِنِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب قمیص کو پہنتے تو داہنی طرف سے شروع کرتے۔ (ترمذی)

پائجامہ کا نصف ساق تک ہونا اولیٰ ہے

۴۱۳۶/۲۴ وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِزْرَةُ الْمُؤْمِنِ اِلٰى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِ فِيْمَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْكَعْبَيْنِ وَمَا اَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ فَفِی النَّارِ قَالَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَلَا يَنْظُرُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلٰى مَنْ جَرَّ اِزَارَهٗ بَطَرًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا۔ مومن کے تہبند (یا پائجامہ) کی بہتر صورت تو یہ ہے کہ وہ آدھی پنڈلیوں تک ہو اور آدھی پنڈلیوں سے نیچے تک پہننے میں بھی کوئی حرج نہیں۔ لیکن اس سے (یعنی ٹخنوں سے) نیچا دوزخ میں ہے۔ آپ نے تین بار یہ الفاظ فرمائے اور قیامت کے دن خداوند تعالیٰ اس شخص کی طرف نہ دیکھے گا جو تکبر سے اپنے تہبند (یا پائجامہ) کو لٹکائے گا۔ (ابوداود۔ ابن ماجہ)

اسبال ہر کپڑے میں ممنوع ہے

۴۱۳۷/۲۵ وَعَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاِسْبَالُ فِی الْاِزَارِ وَالْقَمِيْصِ وَالْعِمَامَةِ مَنْ جَرَّ مِنْهَا شَيْئًا خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

سالم رضؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ درازی (یعنی زیادہ لمبائی) ازار قمیص اور عمامہ (سب میں گناہ ہے) جو شخص ان میں سے کسی چیز کو تکبر سے دراز رکھے گا۔ خداوند تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نہ دیکھے گا۔ (ابوداود۔ نسائی)

آنحضرت کے صحابہؓ کی ٹوپیاں

۴۱۳۸/۲۶ وَعَنْ اَبِیْ كَبْشَةَ قَالَ كَانَ كَمَامُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُطَحًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ)

حضرت ابی کبشہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضؓ کی ٹوپیاں سر سے ملی ہوئی تھیں۔ (ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث منکر ہے)

عورتیں اپنے لباس میں مردوں سے زائد کپڑا رکھ سکتی ہیں

۴۱۳۹/۲۷ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ ذَكَرَ الْاِزَارَ فَالْمَرْاَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ تُرْخِیْ شِبْرًا فَقَالَتْ اِذًا تَنْكَشِفُ عَنْهَا قَالَ فَذِرَاعًا لَا تَزِيْدُ عَلَيْهِ رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِیْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِیِّ وَالنَّسَائِیِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَتْ اِذًا تَنْكَشِفُ اَقْدَامُهُنَّ قَالَ فَيُرْخِيْنَ ذِرَاعًا لَا يَزِدْنَ عَلَيْهِ۔

حضرت اُمّ سلمہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ازار کا ذکر فرمایا۔ تو میں نے عرض کیا عورت کے لئے کیا حکم ہے (یعنی ازار کی بابت) فرمایا آدھی پنڈلی سے ایک بالشت تک بڑھالے۔ میں نے عرض کیا اگر اس سے ستر کھلنے کا احتمال ہو؟ فرمایا ایک بالشت اور اس سے زیادہ نہیں (مالک، ابوداود۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ ترمذی) اور نسائی نے جو روایت حضرت ابن عمر رضؓ سے کی ہے، اس میں یہ الفاظ ہیں کہ حضرت اُمّ سلمہ رضؓ نے عرض کیا اس صورت میں (یعنی آدھی پنڈلیوں سے ایک بالشت بڑھانے میں) تو عورتوں کے قدم کھلے رہیں گے۔ آپ نے فرمایا تو ایک بالشت اور بڑھالیں اس سے زیادہ نہیں۔

آنحضرتؐ کے کرتے میں گریبان کس جگہ تھا

۴۱۴۰/۲۸ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَهْطٍ مِنْ مُزَيْنَةَ فَبَايَعْنٰهُ وَاِنَّهٗ لَمُطْلَقُ الْاِزَارِ فَاَدْخَلْتُ يَدِيْ فِيْ جَيْبِ قَمِيْصِهٖ فَمَسِسْتُ الْخَاتَمَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

معاویہ بن قرہ رضؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ مزینہ قوم کی ایک جماعت کے ساتھ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ان لوگوں نے حضورؐ سے بیعت کی (یعنی بیعتِ اسلام) اس وقت آپ قمیص کی گھنڈیاں کھولے ہوئے تشریف فرما تھے۔ میں نے آپ کے گریبان میں ہاتھ ڈالا اور مُہرِ نبوت پر ہاتھ پھیرا۔ (ابوداؤد)

سفید کپڑے کی فضیلت

۴۱۴۱/۲۹ وَعَنْ سَمُرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِلْبَسُوا الثِّيَابَ الْبَيْضَ فَاِنَّهَا اَطْهَرُ وَاَطْيَبُ وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت سمرہؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سفید کپڑے پہنا کرو اس لئے کہ وہ بہت پاک اور پسندیدہ ہیں اور سفید کپڑوں ہی میں اپنے مُردوں کو کفن دیا کرو۔ (احمد۔ ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

پگڑی کے شملہ کا مسئلہ

۴۱۴۲/۳۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اعْتَمَّ سَدَلَ عِمَامَتَهٗ بَيْنَ كَتِفَيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب عمامہ باندھتے تو شملہ دونوں مونڈھوں کے درمیان ڈالتے۔ (ترمذی) ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۱۴۳/۳۱ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ عَمَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَدَلَ لَهَا بَيْنَ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو عمامہ باندھوایا تو اس کا شملہ میرے سامنے اور میرے پیچھے دونوں طرف لٹکایا (یعنی دونوں طرف دونوں سروں کا شملہ چھوڑا۔ (ابوداؤد)

ٹوپی پر عمامہ باندھنا مسلمان کی امتیازی علامت ہے

۴۱۴۴/۳۲ وَعَنْ رُكَانَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَرْقُ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمُشْرِكِيْنَ الْعَمَائِمُ عَلَى الْقَلَانِسِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَاِسْنَادُهٗ لَيْسَ بِالْقَائِمِ۔

حضرت رُکانہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے اور مشرکین کے درمیان یہ فرق ہے کہ وہ عمامہ بغیر ٹوپی کے باندھتے ہیں اور ہم ٹوپی کے اوپر باندھتے ہیں (ترمذی نے کہا یہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور اس کی سند صحیح نہیں ہے)

سونا اور ریشم عورتوں کے لئے حلال اور مردوں کے لئے حرام ہے

۴۱۴۵/۳۳ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُحِلَّ الذَّهَبُ وَالْحَرِيْرُ لِاِنَاثِ اُمَّتِيْ وَحُرِّمَ عَلٰى ذُكُوْرِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ۔ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میری امّت میں عورتوں کے لئے سونا اور ریشم حلال کیا گیا اور مَردوں پر حرام کیا گیا ہے۔ (ترمذی۔ نسائی) (ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے)

نیا کپڑا پہنتے وقت کی دُعاء

۴۱۴۶/۳۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاہُ بِاسْمِہٖ عِمَامَۃً اَوْ قَمِیْصًا اَوْ رِدَاءً ثُمَّ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا کَسَوْتَنِیْہِ اَسْاَلُکَ خَیْرَہٗ وَخَیْرَ مَا صُنِعَ لَہٗ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَہٗ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)۔

جب کوئی نیا کپڑا پہنتے تو اس کا نام لیتے (مثلاً فرماتے یہ قمیص ہے یا یہ چادر ہے یا یہ عمامہ ہے۔ اور پھر فرماتے اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا کَسَوْتَنِیْہِ اَسْاَلُکَ خَیْرَہٗ وَخَیْرَ مَا صُنِعَ لَہٗ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَہٗ (یعنی اے اللہ تو! تیرے ہی لئے تعریف ہے کہ تو نے مجھ کو یہ کپڑا پہنایا۔ میں تجھ سے اس کپڑے کی بھلائی چاہتا ہوں اور اس چیز کی بھلائی جس غرض سے یہ کپڑا بنایا گیا ہے اور اس کی بُرائی اور اُس چیز کی بُرائی سے تیرے ذریعہ پناہ مانگتا ہوں جس کے لئے یہ بنایا گیا۔

۴۱۴۷/۳۵ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَکَلَ طَعَامًا ثُمَّ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ ھٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت معاذ بن انس رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کھانا کھا کر یہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ ھٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ (یعنی تمام تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جس نے مجھ کو یہ کھانا کھلایا ہے اور یہ کھانا مجھ تک بغیر حیلہ اور قوت کے پہنچایا ہے) تو اس کے تمام پہلے گناہ بخش دیے جاتے ہیں (ترمذی) اور ابوداؤد میں یہ الفاظ زیادہ لکھے ہیں کہ جو شخص کپڑا پہنے اور یہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ تو اس کے تمام اگلے پچھلے گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔

وَزَادَ اَبُوْدَاوٗدَ وَمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ وَمَا تَاَخَّرَ۔

پرانے کپڑے کو ضائع مت کرو

۴۱۴۸/۳۶ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا عَائِشَۃُ اِنْ اَرَدْتِ اللُّحُوْقَ بِیْ فَلْیَکْفِکِ مِنَ الدُّنْیَا کَزَادِ الرَّاکِبِ وَاِیَّاکِ وَمُجَالَسَۃَ الْاَغْنِیَاءِ وَلَا تَسْتَخْلِقِیْ ثَوْبًا حَتّٰی تُرَقِّعِیْہِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ) وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُہٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ صَالِحِ بْنِ حَسَّانٍ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ صَالِحُ بْنُ حَسَّانٍ مُنْکَرُ الْحَدِیْثِ۔

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں ایک روز رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا اگر تو دُنیا اور آخرت میں مجھ سے پیوستگی چاہتی ہے تو تو دنیا سے صرف اتنا لے جتنا کہ ایک سوار کو کافی ہوتا ہے دولت مندوں کی صحبت سے دُور رہ۔ اور اس وقت تک کپڑے کو پُرانا سمجھ کر نہ پھینک جب تک وہ پیوند کے قابل رہے۔ (ترمذی) اور ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے ہم اس کو صالح بن حسان سے جانتے ہیں۔ محمد بن اسمٰعیل نے کہا صالح بن حسان منکر الحدیث ہے۔

۴۱۴۹/۳۷ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ اِیَاسِ بْنِ ثَعْلَبَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَنَّ الْبَذَاذَۃَ مِنَ الْاِیْمَانِ اَنَّ الْبَذَاذَۃَ مِنَ الْاِیْمَانِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابی امامہ رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کیا تم نہیں سُنتے (یعنی سنو کہ) کپڑے کا پُرانا ہونا اور زینتِ دنیا کا ترک کرنا ایمان کی علامت ہے ایمان کے اخلاق میں سے ہے کپڑوں کا پُرانا ہونا ایمان کے اخلاق میں سے ہے۔ (ابوداؤد)

اپنی بڑائی کے اظہار کے لئے اعلیٰ قیمتی لباس پہننا اخروی ذلت کا باعث ہے

۴۱۵۰/۳۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَبِسَ ثَوْبَ شُهْرَةٍ فِي الدُّنْيَا اَلْبَسَهُ اللّٰهُ ثَوْبَ مَذَلَّةٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

جو شخص دنیا میں شہرت کا کپڑا پہنے (یعنی جس کپڑے سے اس کا تکبر اور اس کی عظمت کا اظہار ہوتا ہو) خداوند تعالیٰ اس کو قیامت کے دن ذلت کا لباس پہنائے گا۔
(ترمذی۔ احمد۔ ابوداؤد۔ نسائی)

تشبہ بقوم کا ذکر

۴۱۵۱/۳۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی قوم کی مشابہت اختیار کرے وہ گویا اسی قوم سے ہے۔
(احمد۔ ابوداؤد)

ترک زیب وزینت آخرت میں بڑائی ملنے کا ذریعہ ہے

۴۱۵۲/۴۰ وَعَنْ سُوَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَبْنَاءِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ تَوَاضُعًا كَسَاهُ اللّٰهُ حُلَّةَ الْكَرَامَةِ وَمَنْ تَزَوَّجَ لِلّٰهِ تَوَّجَهُ اللّٰهُ تَاجَ الْمُلْكِ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت سوید بن وہب رضؓ کسی صحابی کے بیٹے سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص زینت کے لباس کو ترک کر دے اس حال میں کہ وہ اس کے پہننے کی استطاعت وقوت رکھتا ہو۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جو شخص زیب وزینت کے لباس کو کسر نفسی یا تواضع کے طور پر چھوڑ دے خداوند تعالیٰ اس کو عظمت وبزرگی کا لباس پہنائے گا اور جو شخص خدا کے لئے نکاح کرے اللہ تعالیٰ اس کے سر پر بادشاہت کا تاج رکھے گا۔ (ابوداؤد)

وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ مِنْهُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ حَدِيْثَ اللِّبَاسِ۔

اور ترمذی نے معاذ ابن انس سے یہ حدیث روایت کی۔

حق تعالیٰ کی عطا کی ہوئی نعمتوں کا اظہار ایک مطلوب عمل ہے

۴۱۵۳/۴۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ يُّرٰى اَثَرُ نِعْمَتِهٖ عَلٰى عَبْدِهٖ
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عمرو بن شعیب رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ کو یہ بات بہت مرغوب ہے کہ اس کی نعمتوں کا اثر اس کے بندوں کو دکھا دیا جائے (یعنی جب خدا کسی کو اپنی نعمت عطا فرمائے تو اس کے اثر کو نمایاں کرے اور اس کی نعمت کے مناسب اپنا حال بنائے۔)

جسم ولباس کی درستگی اور صفائی وستھرائی پسندیدہ چیز ہے

۴۱۵۴/۴۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَائِرًا فَرَاٰى رَجُلًا شَعِثًا قَدْ تَفَرَّقَ شَعْرُهٗ فَقَالَ مَا كَانَ يَجِدُ هٰذَا مَا يُسَكِّنُ بِهٖ رَاْسَهٗ وَرَاٰى رَجُلًا عَلَيْهِ ثِيَابٌ وَسِخَةٌ فَقَالَ مَا كَانَ يَجِدُ هٰذَا مَا يَغْسِلُ بِهٖ ثَوْبَهٗ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہم کو دیکھنے یا ہم سے ملنے کے لئے ہمارے ہاں تشریف لائے۔ آپ نے ایک شخص کو دیکھا کہ اس کے سر کے بال پراگندہ اور بکھرے ہوئے تھے آپ نے فرمایا کیا یہ شخص اس چیز کو نہیں پاتا (یعنی کیا اس کو وہ چیز میسر نہیں ہے جس سے وہ اپنے بالوں کو درست کر سکے۔ پھر ایک شخص کو دیکھا جس کے کپڑے میلے تھے آپ نے فرمایا کیا اس شخص کو وہ چیز نہیں ملتی جس سے وہ اپنے کپڑوں کو دھو ڈالے (احمد۔ نسائی)

اگر اللہ تعالیٰ نے مال و دولت عطا کی ہے تو اس کو اپنی پوشاک سے ظاہر کرو

۴۱۵۵/۴۳ وَعَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیَّ ثَوْبٌ دُوْنٌ فَقَالَ لِیْ اَلَكَ مَالٌ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ مِنْ اَیِّ الْمَالِ قُلْتُ مِنْ كُلِّ الْمَالِ قَدْ اَعْطَانِیَ اللّٰهُ مِنَ الْاِبِلِ وَالْبَقَرِ وَالْغَنَمِ وَالْخَیْلِ وَالرَّقِیْقِ قَالَ فَاِذَا اٰتَاكَ اللّٰهُ مَالًا فَلْیُرَ اَفِرْ نِعْمَةِ اللّٰهِ عَلَیْكَ وَكَرَامَتِهٖ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِیُّ وَفِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِیْحِ)

ابی الاحوص رض اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میرے بدن پر اس وقت خراب و خستہ کپڑے تھے آپ نے مجھ سے پوچھا کیا تیرے پاس مال ہے؟ میں نے عرض کیا ہاں۔ فرمایا، کس قسم کا مال ہے؟ عرض کیا خداوند تعالےٰ نے مجھ کو ہر قسم کا مال عنایت فرمایا ہے اونٹ بھی ہیں گائیں بھی بکریاں بھی گھوڑے بھی اور غلام بھی فرمایا جب خدا تعالیٰ نے تجھ کو مال دیا ہے تو تُو خدا کی نعمت کے اثر کو دکھا اور اُس نے تجھ کو جو عزّت دی ہے اس کو نمایاں کر۔ (نسائی۔ شرح السنۃ)

مردوں کے لئے سرخ کپڑا پہننا حرام ہے

۴۱۵۶/۴۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ وَعَلَیْهِ ثَوْبَانِ اَحْمَرَانِ فَسَلَّمَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیْهِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رض کہتے ہیں کہ ایک شخص دو سُرخ کپڑے پہنے گزرا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا آپ نے اس کے سلام کا جواب نہیں دیا۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

خوشبو کا مسئلہ

۴۱۵۷/۴۵ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا اَرْكَبُ الْاَرْجُوَانَ وَلَا اَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ وَلَا اَلْبَسُ الْقَمِیْصَ الْمُكَفَّفَ بِالْحَرِیْرِ وَقَالَ اَلَا وَطِیْبُ الرِّجَالِ رِیْحٌ لَا لَوْنَ لَهٗ وَطِیْبُ النِّسَاءِ لَوْنٌ لَا رِیْحَ لَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عمران بن حُصَین رض کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں ارغوانی رنگ کے زین پر سوار نہیں ہوتا۔ کسم سے رنگا ہوا کپڑا نہیں پہنتا۔ ریشمین سنجاف کا کرتا استعمال نہیں کرتا۔ پھر فرمایا، خبردار! مرد جو خوشبو لگائیں اس میں صرف بو ہو رنگ نہ ہو اور عورتوں کی خوشبو رنگ دار ہو خوشبو نہ ہو۔ (ابوداؤد)

دس باتوں کی ممانعت

۴۱۵۸/۴۶ وَعَنْ اَبِیْ رَیْحَانَةَ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَشْرٍ عَنِ الْوَشْرِ وَالْوَشْمِ وَالنَّتْفِ وَعَنْ مُكَامَعَةِ الرَّجُلِ الرَّجُلَ بِغَیْرِ شِعَارٍ وَعَنْ مُكَامَعَةِ الْمَرْاَةِ الْمَرْاَةَ بِغَیْرِ شِعَارٍ وَاَنْ یَجْعَلَ الرَّجُلُ فِیْ اَسْفَلِ ثِیَابِهٖ حَرِیْرًا مِثْلَ الْاَعَاجِمِ وَعَنِ النُّهْبٰی وَعَنْ رُكُوْبِ النُّمُوْرِ وَلُبُوْسِ الْخَاتَمِ اِلَّا لِذِیْ سُلْطَانٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت ابی ریحانہ رض کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دس باتوں سے منع فرمایا ہے ۱ دانتوں کو تیز کرنے سے ۲ جسم کو گودنے سے۔ ۳ بال اُکھاڑنے سے۔ ۴ مرد کو مرد کے ساتھ سونے سے اگر درمیان میں کپڑا حائل نہ ہو۔ ۵ عورت کو عورت کے ساتھ سونے سے اگر درمیان میں کپڑا حائل نہ ہو۔ ۶ اور اس سے منع فرمایا ہے کہ مرد اپنے کپڑے کے نیچے ریشم کا استر لگائے جیسا کہ عجمی لوگ لگاتے ہیں۔ ۷ یا مونڈھوں پر عجمیوں کی طرح ریشمی کپڑا لگائے۔ ۸ لوٹنے سے۔ ۹ چیتے کے چمڑے کی زین پر سوار ہونے سے۔ ۱۰ مہر کی انگوٹھی پہننے سے، مگر صاحبِ حکومت کے لئے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

مردوں کے لئے سونے کی انگوٹھی اور ریشمی کپڑا حرام ہے

۴۱۵۹/۴۷ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ نَهَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ وَعَنْ لُبْسِ الْقَسِّیِّ

حضرت علی رض کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو منع فرمایا ہے سونے کی انگوٹھی سے اور قسّی و مباثر سے (قسّی مصری کپڑا جس پر تعلق ہے

وَالْمَيَاثِرِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِأَبِيْ دَاوُدَ وَهُوَ ذُوْ وَفْرَةٍ وَبِهَا رَدْعٌ مِنْ حِنَّاءٍ)۔

لیکن اس تین رنگین دھاریاں ہوتی ہیں اور مَیاثِر سُرخ زین پوش کو کہتے ہیں (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ۔ اور ابوداؤد کی ایک روایت میں یہ ہے کہ، حضورؐ نے منع فرمایا ہے ارغوانی زین پوش سے)

خزّ اور چیتے کی کھال کے زین پوش پر سوار ہونے کی ممانعت

۴۱۶۰/۴۸ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَرْكَبُوا الْخَزَّ وَلَا النِّمَارَ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت معاویہ رضؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (خز اونی و ریشمی کپڑا) اور چیتے کے چمڑے کی زین پر سوار نہ ہو۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

سرخ زیب پوش کی ممانعت

۴۱۶۱/۴۹ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمَيْثَرَةِ الْحَمْرَاءِ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت براء بن عازبؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سُرخ زین پوش سے منع فرمایا ہے۔ (شرح السنۃ)

آنحضرتؐ کے بالوں کی سفیدی

۴۱۶۲/۵۰ وَعَنْ أَبِيْ رِمْثَةَ التَّيْمِيِّ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَخْضَرَانِ وَلَهٗ شَعْرٌ قَدْ عَلَاهُ الشَّيْبُ وَشَيْبُهٗ أَحْمَرُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِأَبِيْ دَاوُدَ وَهُوَ ذُوْ وَفْرَةٍ وَبِهَا رَدْعٌ مِنْ حِنَّاءٍ)۔

حضرت ابی رِمثہ تیمی رضؓ کہتے ہیں۔ میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ دو سبز کپڑے پہنے ہوئے تھے اور حضورؐ کے تھوڑے سے بالوں پر بڑھاپا غالب آگیا تھا اور آپ کا بڑھاپا سُرخ تھا (یعنی آپ کے بال سفید نہ تھے سُرخ تھے)۔ (ترمذی۔ ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ آپ کے بال کان یا پڑلیوں تک تھے اور ان میں مہندی کا اثر تھا۔)

قطری چادر کا ذکر

۴۱۶۳/۵۱ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ شَاكِيًا فَخَرَجَ مُتَوَكِّئًا عَلٰى أُسَامَةَ وَعَلَيْهِ ثَوْبُ قَطَرٍ قَدْ تَوَشَّحَ بِهٖ فَصَلّٰى بِهِمْ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہؐ کا مزاج ناساز تھا۔ ایک روز باہر تشریف لائے حضرت اُسامہؓ پر سہارا دیئے ہوئے اور اس وقت آپ سُرخ دھاری کی چادر اوڑھے ہوئے تھے اور آپ نے صحابہ رضؓ کو نماز پڑھائی۔ (شرح السنۃ)

ایک یہودی کی شقاوت کا ذکر

۴۱۶۴/۵۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَانِ قَطَرِيَّانِ غَلِيْظَانِ وَكَانَ إِذَا قَعَدَ فَعَرِقَ ثَقُلَا عَلَيْهِ فَقَدِمَ بَزٌّ مِنَ الشَّامِ لِفُلَانِ الْيَهُوْدِيِّ فَقُلْتُ لَوْ بَعَثْتَ إِلَيْهِ فَاشْتَرَيْتَ مِنْهُ ثَوْبَيْنِ إِلَى الْمَيْسَرَةِ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَقَالَ قَدْ عَلِمْتُ مَا تُرِيْدُ إِنَّمَا تُرِيْدُ أَنْ تَذْهَبَ بِمَالِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَبَ قَدْ عَلِمَ أَنِّيْ مِنْ أَتْقَاهُمْ

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم مقام قطر کے دو موٹے کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ جب آپ زیادہ بیٹھتے اور پسینہ آتا تو وہ کپڑے بھاری ہو جاتے کہ (انھیں ایام میں) کسی یہودی کے ہاں ملک شام سے کپڑا آیا۔ میں نے عرض کیا کہ اگر آپ کسی کو بھیج کر وعدۂ فراغت پر (یعنی مال آنے پر یا زرِ نقد بہم پہنچنے کے وعدہ پر) دو کپڑے منگا لیتے (تو بہتر ہوتا) چنانچہ آپ نے ایک شخص کو بھیجا۔ یہودی نے اس سے کہا تمہارا ارادہ مجھ کو معلوم ہے تم چاہتے ہو کہ میرا مال (اُدھار) لیجاؤ۔ (بظاہر ان الفاظ کا مخاطب وہ شخص تھا لیکن حقیقت میں اس

وَاَدَّاهُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ)

کی مُراد حضورؐ تھے) اس شخص نے واپس آکر یہودی کے الفاظ بیان کئے تو آپ نے فرمایا وہ جھوٹا ہے اور اپنے جھوٹ کو جانتا ہے اور اِس سے واقف ہے کہ میں تمام لوگوں سے زیادہ خدا تعالےٰ سے ڈرنے والا ہوں اور امانتوں کو خوبی کے ساتھ ادا کرنیوالا ہوں (ترمذی۔ نسائی)

مرد کو کسم کا رنگا ہوا کپڑا پہننا ممنوع ہے

۴۱۶۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ رَاٰنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیَّ ثَوْبٌ مَصْبُوْغٌ بِعُصْفُرٍ مُوَرَّدٍ فَقَالَ مَا هٰذَا فَعَرَفْتُ مَا کَرِهَ فَانْطَلَقْتُ فَاَحْرَقْتُهٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا صَنَعْتَ بِثَوْبِكَ قُلْتُ اَحْرَقْتُهٗ قَالَ اَفَلَا کَسَوْتَهٗ بَعْضَ اَهْلِكَ فَاِنَّهٗ لَا بَاْسَ بِهٖ لِلنِّسَاءِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) ۵۳

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو اِس حال میں دیکھا کہ میں کسم سے رنگا ہوا گلابی کپڑا پہنے تھا۔ آپ نے پوچھا یہ کیا ہے؟ میں سمجھ گیا کہ آپ اس کو بُری نظر سے دیکھ رہے ہیں میں فوراً واپس چلا آیا اور اس کپڑے کو جلا دیا (دوبارہ حاضر ہوا تو) آپ نے پوچھا تم نے اپنے کپڑے کا کیا کیا؟ میں نے کہا جلا دیا فرمایا تم نے اپنے گھر والوں (عورتوں) میں سے کسی کو کیوں نہ پہنا دیا اس لئے کہ عورتوں کے لئے اِس قسم کے کپڑے میں کوئی حرج نہیں ہے (ابوداؤد)

سرخ دھاری دار چادر کا ذکر

۴۱۶۶ وَعَنْ هِلَالِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًی یَخْطُبُ عَلٰی بَغْلَةٍ وَعَلَیْهِ بُرْدٌ اَحْمَرُ وَعَلِیٌّ اَمَامَهٗ یُعَبِّرُ عَنْهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) ۵۴

حضرت ہلال بن عامر رضؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے منیٰ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو خطبہ پڑھتے دیکھا آپ اس وقت خچر پر سوار تھے سُرخ دھاریوں کی چادر آپ کے جسم پر تھی آپ کے آگے کھڑے ہونے حضرت علی رضؓ آپ کے الفاظ دُہرا رہے تھے (اِس لئے ہجوم زیادہ تھا) (ابوداؤد)

سیاہ چادر کا ذکر

۴۱۶۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ صُنِعَتْ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بُرْدَةٌ سَوْدَاءُ فَلَبِسَهَا فَلَمَّا عَرِقَ فِیْهَا وَجَدَ رِیْحَ الصُّوْفِ فَقَذَفَهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) ۵۵

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کیلئے سیاہ چادر تیار کی گئی۔ آپ نے اس کو استعمال کیا جب پسینہ آیا اور اس کی بُو پھیلی تو اس کو اُتار دیا۔ (ابوداؤد)

آنحضرتؐ کے گوٹ مار کر بیٹھنے کا ذکر

۴۱۶۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْتَبٍ بِشَمْلَةٍ قَدْ وَقَعَ هُدْبُهَا عَلٰی قَدَمَیْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) ۵۶

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ دونوں گھٹنوں کو کھڑا کئے بیٹھے تھے اور گھٹنوں کو چادر سے باندھ رکھا تھا جس کے پُھندنے آپ کے پاؤں پر پڑے تھے۔ (ابوداؤد)

عورتیں باریک کپڑا کس طرح پہنیں

۴۱۶۹ وَعَنْ دِحْیَةَ بْنِ خَلِیْفَةَ قَالَ اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِقَبَاطِیَّ فَاَعْطَانِیْ مِنْهَا قُبْطِیَّةً فَقَالَ اَصْدَعُهَا صَدْعَیْنِ فَاَقْطَعُ اَحَدَهُمَا قَمِیْصًا وَاَعْطِ الْاٰخَرَ اِمْرَاَتَكَ تَخْتَمِرُ بِهٖ فَلَمَّا اَدْبَرَ قَالَ وَاْمُرْ اِمْرَاَتَكَ اَنْ تَجْعَلَ تَحْتَهٗ ثَوْبًا لَا یَصِفُهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) ۵۷

حضرت دحیہ بن خلیفہ رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس قباطی (مصری کپڑا جو سفید اور باریک ہوتا ہے) کے تھان لائے گئے اس میں سے ایک قبطی (ایک تھان) مجھ کو بھی دیا اور فرمایا اس کے دو ٹکڑے کرلے ایک ٹکڑے کا کرتا بنالے اور دوسرا اپنی بیوی کو دیدے وہ اس کا دوپٹہ بنالے گی۔ جب میں واپس چلا تو آپ نے فرمایا اور اپنی بیوی کو یہ ہدایت کر کہ وہ اس کے نیچے ایک اور کپڑا لگالے تاکہ سر کے بال اور جسم نظر نہ آئے۔ (ابوداؤد)

دوپٹہ کا سر پر ایک ہی پیچ ڈالنا کافی ہے

۴۱۷۰/۵۸ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَیْهَا وَهِیَ تَخْتَمِرُ فَقَالَ لَیَّةً لَا لَیَّتَیْنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ام سلمہ رضؓ کہتی ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اُن کے پاس تشریف لائے اس وقت وہ دوپٹہ اوڑھے ہوئے تھیں۔ آپ نے فرمایا سر پر ایک ہی پیچ دوپٹہ کا کافی ہے دو کی ضرورت نہیں۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

ازار کا نصف ساق تک ہونا پسندیدہ ہے

۴۱۷۱/۵۹ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَرَرْتُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَفِیْ اِزَارِیْ اِسْتِرْخَاءٌ فَقَالَ یَا عَبْدَ اللّٰهِ اِرْفَعْ اِزَارَكَ فَرَفَعْتُهٗ ثُمَّ قَالَ زِدْ فَزِدْتُ فَمَا زِلْتُ اَتَحَرّٰهَا بَعْدُ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ اِلٰی اَیْنَ قَالَ اِلٰی اَنْصَافِ السَّاقَیْنِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جا رہا تھا اور میرا تہبند لٹکا ہوا تھا۔ آپ نے فرمایا عبداللہ اپنے تہبند کو اونچا کر۔ میں نے تھوڑا سا اونچا کیا۔ آپ نے فرمایا اور اونچا کر میں نے اور اونچا کر لیا۔ اس کے بعد میں آپ کے ارشاد کے بموجب ہمیشہ تہبند کو اونچا باندھتا رہا۔ بعض لوگوں نے پوچھا کتنا اونچا؟ کہا آدھی پنڈلیوں تک۔ (مسلم)

ٹخنوں سے نیچے ازار کے لٹکنے کی حرمت کی اصل تکبر و غرور ہے

۴۱۷۲/۶۰ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَرَّ ثَوْبَهٗ خُیَلَاءَ لَمْ یَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَیْهِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اِزَارِیْ یَسْتَرْخِیْ اِلَّا اَنْ اَتَعَاهَدَهٗ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكَ لَسْتَ مِمَّنْ یَفْعَلُهٗ خُیَلَاءَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص تکبر سے اپنے کپڑے کو لٹکائے گا قیامت کے دن خداوند تعالیٰ اس کی طرف نظر نہ اٹھائے گا۔ حضرت ابوبکر رضؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ میرا تہبند اکثر نیچے اُتر آتا ہے مگر جب کہ میں اس کا خیال رکھوں۔ آپ نے فرمایا تو تکبر سے ایسا نہیں کرتا (یعنی تو ان لوگوں میں سے نہیں ہے جو تکبر سے ایسا کرتے ہیں)۔ (بخاری)

اگر تہبند آگے سے لٹکا ہوا ہو اور پیچھے سے اٹھا ہوا ہو تو کوئی مضائقہ نہیں

۴۱۷۳/۶۱ وَعَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ رَاَیْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ یَاْتَزِرُ فَیَضَعُ حَاشِیَةَ اِزَارِهٖ مِنْ مُقَدَّمِهٖ عَلٰی ظَهْرِ قَدَمِهٖ وَیَرْفَعُ مِنْ مُؤَخَّرِهٖ قُلْتُ لِمَ تَاْتَزِرُ هٰذِهِ الْاِزْرَةَ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَاْتَزِرُهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عکرمہ کہتے ہیں میں نے ابن عباس رضؓ کو اس طرح تہبند باندھے دیکھا کہ اس کے آگے کا حصہ قدموں پر پڑا تھا اور پچھلا حصہ اونچا تھا۔ میں نے کہا تم اس طرح تہبند کیوں باندھتے ہو انھوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اس طرح تہبند باندھے دیکھا ہے۔ (ابوداؤد)

عمامہ باندھنے کا حکم

۴۱۷۴/۶۲ وَعَنْ عُبَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَیْكُمْ بِالْعَمَائِمِ فَاِنَّهَا سِیْمَاءُ الْمَلَائِكَةِ وَاَرْخُوْهَا خَلْفَ ظُهُوْرِكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت عبادہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم عمامہ باندھا کرو اس لئے کہ پگڑیاں فرشتوں کی علامت ہے اور عمامہ کے شملہ کو اپنی پشت کی طرف چھوڑ دو (بیہقی)

بدن کا باریک کپڑے کے نیچے جھلنا بدن کے برہنہ ہونے کے برابر ہے

۴۱۷۵ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اَسْمَاءَ بِنْتَ اَبِیْ بَکْرٍ ۶۳ دَخَلَتْ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلَیْھَا ثِیَابٌ رِقَاقٌ فَاَعْرَضَ عَنْھَا وَقَالَ یَا اَسْمَاءُ اِنَّ الْمَرْاَۃَ اِذَا بَلَغَتِ الْمَحِیْضَ لَمْ تَصْلُحْ اَنْ یُّرٰی مِنْھَا اِلَّا ھٰذَا وَاَشَارَ اِلٰی وَجْھِہٖ وَکَفَّیْہِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ اسماء بنتِ ابی بکر رضؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اُس وقت ان کے جسم پر باریک کپڑے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف سے منہ پھیر لیا اور فرمایا اسماء! عورت جب بالغ ہو جائے تو مناسب نہیں ہے کہ اس کا کوئی عضو دیکھا جائے مگر یہ، اور اشارہ کیا اپنے چہرے اور دونوں ہاتھوں کی طرف۔ (ابوداؤد)

نیا کپڑا پہنو تو خدا کی حمد و ثنا کرو

۴۱۷۶ وَعَنْ اَبِیْ مَطَرٍ قَالَ اَنَّ عَلِیًّا اِشْتَرٰی ثَوْبًا بِثَلٰثَۃِ دَرَاھِمَ فَلَمَّا لَبِسَہٗ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ رَزَقَنِیْ مِنَ الرِّیَاشِ اَتَجَمَّلُ بِہٖ فِی النَّاسِ وَاُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ ۶۴ ثُمَّ قَالَ ھٰکَذَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت ابی مطر رضؓ کہتے ہیں کہ علی رضؓ نے تین درہم میں ایک کپڑا خریدا جب اُس کو پہنا تو کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ رَزَقَنِیْ مِنَ الرِّیَاشِ اَتَجَمَّلُ بِہٖ فِی النَّاسِ وَاُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ (یعنی ہر قسم کی حمد خدا ہی کے لئے ہے جس نے مجھ کو زینت کے کپڑے عطا فرمائے کہ میں لوگوں کے درمیان ان سے زینت کا اظہار کرتا ہوں اور اُن سے اپنا ستر چھپاتا ہوں) پھر کہا۔ میں نے اسی طرح رسول اللہ صلعم کو فرماتے سُنا ہے۔ (احمد)

۴۱۷۷ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ لَبِسَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ۶۵ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ثَوْبًا جَدِیْدًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیَاتِیْ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ لَبِسَ ثَوْبًا جَدِیْدًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیَاتِیْ ثُمَّ عَمَدَ اِلَی الثَّوْبِ الَّذِیْ اَخْلَقَ فَتَصَدَّقَ بِہٖ کَانَ فِیْ کَنَفِ اللّٰہِ وَفِیْ حِفْظِ اللّٰہِ وَفِیْ سِتْرِ اللّٰہِ حَیًّا وَمَیِّتًا۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)۔

حضرت ابی امامہ رضؓ کہتے ہیں کہ عمر بن خطاب رضؓ نے نیا کپڑا پہنا اور یہ کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیَاتِیْ (یعنی تمام تعریفیں خدا ہی کے لئے ہیں جس نے مجھ کو وہ کپڑا پہنایا جس سے میں اپنے ستر کو چھپاتا ہوں اور جس سے میں اپنی زندگی کو زینت دیتا ہوں) پھر فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ جو شخص نیا کپڑا پہنے اور یہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیَاتِیْ اور پھر اس کپڑے کو جو جسم سے اُتارا ہے، (یعنی پُرانا کپڑا) صدقہ کر دے تو وہ خدا تعالےٰ کی پناہ میں اور خدا کے پردہ میں رہے گا زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی۔ (احمد ترمذی۔ ابن ماجہ۔ اور ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

عورتوں کے لئے باریک کپڑے پہننے کی ممانعت

۴۱۷۸ وَعَنْ عَلْقَمَۃَ بْنِ اَبِیْ عَلْقَمَۃَ عَنْ اُمِّہٖ قَالَتْ ۶۶ دَخَلَتْ حَفْصَۃُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَلٰی عَائِشَۃَ وَعَلَیْھَا خِمَارٌ رَقِیْقٌ فَشَقَّتْہُ عَائِشَۃُ وَکَسَتْھَا خِمَارًا کَثِیْفًا۔ (رَوَاہُ مَالِکٌ)

حضرت علقمہ بن ابی علقمہ رضؓ اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں کہ عبد الرحمٰن کی بیٹی حفصہ حضرت عائشہ رضؓ کی خدمت میں حاضر ہوئی وہ اُس وقت باریک اوڑھنی (دوپٹہ) اوڑھے ہوئے تھیں حضرت عائشہ رضؓ نے وہ باریک دوپٹہ پھاڑ ڈالا اور موٹی اوڑھنی اُڑھا دی۔ (مالک)

آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں حضرت عائشہ رضؓ کا فقر و زہد

۴۱۷۹/۶۷ وَعَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ اَيْمَنَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ وَعَلَيْهَا دِرْعٌ قِطْرِيٌّ ثَمَنُ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ فَقَالَتْ اِرْفَعْ بَصَرَكَ اِلٰى جَارِيَتِيْ اُنْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّهَا تَزْهٰى اَنْ تَلْبَسَهٗ بِالْبَيْتِ وَقَدْ كَانَ لِيْ مِنْهَا دِرْعٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا كَانَتِ امْرَاَةٌ تُقَيَّنُ بِالْمَدِيْنَةِ اِلَّا اَرْسَلَتْ اِلَيَّ تَسْتَعِيْرُهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبدالواحد رضؓ بن ایمن اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت وہ مصری کرتا پہنے تھیں جس کی قیمت پانچ درہم تھی۔ حضرت عائشہ رضؓ نے ان سے کہا تو میری لونڈی کی طرف دیکھ کہ وہ کس قدر غرور کرتی ہے اور اس کپڑے کو گھر بار کے اندر بھی پہننے پر راضی نہیں ہوتی (باہر پہن کر جانا تو کجا) اس کے بعد حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کا اسی قسم کا ایک کرتہ تھا۔ مدینہ میں جس لڑکی کی شادی ہوتی وہ اس کو دلہن کے لئے عاریتاً مانگ کر لیجاتا (برائے حصولِ برکت)۔ (بخاری)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور ریشمی قباء

۴۱۸۰/۶۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ لَبِسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا قَبَاءَ دِيْبَاجٍ اُهْدِيَ لَهٗ ثُمَّ اَوْشَكَ اَنْ نَزَعَهٗ فَاَرْسَلَ بِهٖ اِلٰى عُمَرَ فَقِيْلَ قَدْ اَوْشَكَ مَا اَنْتَزَعْتَهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ نَهَانِيْ عَنْهُ جِبْرَئِيْلُ فَجَاءَ عُمَرُ يَبْكِيْ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَرِهْتَ اَمْرًا وَاَعْطَيْتَنِيْهِ فَمَالِيْ فَقَالَ اِنِّيْ لَمْ اُعْطِكَهٗ تَلْبَسُهٗ اِنَّمَا اَعْطَيْتُكَهٗ تَبِيْعُهٗ فَبَاعَهٗ بِاَلْفَيْ دِرْهَمٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز ایک ریشمی قبا پہنی جو آپ کے پاس تحفہ کے طور پر بھیجی گئی تھی۔ پھر آپ نے اس کو فوراً اتار ڈالا اور حضرت عمر رضؓ کے پاس بھیجدیا۔ عرض کیا گیا (یعنی صحابہ نے عرض کیا) یا رسول اللہ ﷺ اس قبا کو اس قدر جلد آپ نے کیوں اتار ڈالا آپ نے فرمایا مجھ کو جبرئیل علیہ السلام نے اس کو پہننے سے منع فرمایا پھر حضرت عمر رضؓ روتے ہوئے تشریف لائے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ نے ایک چیز کو برا سمجھا اور پھر اسے مجھ کو عطا فرما دیا۔ میرا کیا حال ہوگا؟ آپ نے فرمایا میں نے تم کو یہ قبا پہننے کے لئے نہیں دی بلکہ فروخت کرنے کے لئے دی ہے حضرت عمر رضؓ نے اس کو دو ہزار درہم کے بدلے فروخت کر دیا۔ (مسلم)

جس کپڑے کے تانے میں ریشم ہو وہ مردوں کے لئے حلال ہے

۴۱۸۱/۶۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الثَّوْبِ الْمُصْمَتِ مِنَ الْحَرِيْرِ فَاَمَّا الْعَلَمُ وَسَدَى الثَّوْبِ فَلَا بَاْسَ بِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خالص ریشم کے کپڑے سے ممانعت فرمائی ہے لیکن ریشم کا کنارہ یا گوٹ جو بقدر چار انگشت ہو یا دوسرا کپڑا کہ جس کا تانا سوتی ہو، اس میں کچھ حرج نہیں۔ (ابوداؤد)

اللہ کی دی ہوئی نعمت کو ظاہر کرنا پسندیدہ ہے

۴۱۸۲/۷۰ وَعَنْ اَبِيْ رَجَاءٍ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ وَعَلَيْهِ مُطَرَّفٌ مِنْ خَزٍّ وَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ نِعْمَةً فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ يُّرٰى اَثَرُ نِعْمَتِهٖ عَلٰى عَبْدِهٖ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابی رجاء رضؓ کہتے ہیں عمران بن حصین رضؓ میرے پاس آئے وہ اس وقت ریشمی و اونی کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو اللہ تعالیٰ اپنی نعمت سے سرفراز فرمائے تو خداوند تعالیٰ اس کو پسند فرماتا ہے کہ اس کی نعمت کو ظاہر کیا جائے۔ (احمد)

مباحات میں سے جو چاہو کھاؤ، پہنو لیکن اسراف اور تکبر سے دامن بچاؤ

۴۱۸۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُلْ مَا شِئْتَ وَالْبَسْ مَا شِئْتَ مَا أَخْطَأَتْكَ اثْنَتَانِ سَرَفٌ وَمَخِيلَةٌ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي تَرْجَمَةِ بَابٍ)

حضرت ابن عباس رضؓ نے کہا۔ کھا جو تیرا جی چاہے اور پہن جو تیرا جی چاہے، جب تک کہ تو دو چیزوں میں مبتلا نہ ہو یعنی اسراف (فضول خرچی) اور تکبر میں۔ (بخاری)

۴۱۸۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوا وَاشْرَبُوا وَتَصَدَّقُوا وَالْبَسُوا مَا لَمْ يُخَالِطْ إِسْرَافٌ وَلَا مَخِيلَةٌ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کھاؤ اور پیو اور خیرات کرو اور پہنو جب تک کہ اس میں اسراف اور تکبر نہ ہو۔ (احمد۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

سفید کپڑے کی فضیلت

۴۱۸۵ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَحْسَنَ مَا زُرْتُمُ اللّٰهَ فِي قُبُورِكُمْ وَمَسَاجِدِكُمُ الْبَيَاضُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابی درداء رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وہ بہترین کپڑا جس کو پہن کر تم اپنی قبروں اور مسجدوں میں خدا تعالےٰ سے ملو، سفید کپڑا ہے۔ (ابن ماجہ)

بَابُ الْخَاتَمِ — انگوٹھی اور مُہر کا بیان

فصل اوّل

مردوں کو سونے کی انگوٹھی پہننا حرام اور چاندی کی انگوٹھی پہننا جائز ہے

۴۱۸۶ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اتَّخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ وَفِي رِوَايَةٍ وَجَعَلَهُ فِي يَدِهِ الْيُمْنَى ثُمَّ أَلْقَاهُ ثُمَّ اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ نُقِشَ فِيهِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ وَقَالَ لَا يَنْقُشَنَّ أَحَدٌ عَلَى نَقْشِ خَاتَمِي هٰذَا وَكَانَ إِذَا لَبِسَهُ جَعَلَ فَصَّهُ مِمَّا يَلِي بَطْنَ كَفِّهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی (مُہر) بنوائی۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ اس انگوٹھی کو داہنے ہاتھ کی انگلی میں پہنا اور پھر اس کو اتار ڈالا پھر ایک انگوٹھی چاندی کی بنوائی جس پر "محمد رسول اللہ" کے الفاظ کھودے گئے اور یہ فرمایا کہ کوئی شخص میری مہر کی مانند الفاظ نہ کھودے" جب آپؐ اس انگوٹھی کو پہنتے تو اس کا نگینہ ہتھیلی کی جانب رکھتے۔ (بخاری و مسلم)

۴۱۸۷ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الْقَسِّيِّ وَالْمُعَصْفَرِ وَعَنْ تَخَتُّمِ الذَّهَبِ وَعَنْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ فِي الرُّكُوعِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ریشم کے مصری کپڑے کے پہننے، کسم کے رنگے ہوئے کپڑے کے پہننے اور سونے کی انگوٹھی استعمال کرنے اور رکوع میں قرآن پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ (مسلم)

سونے کی انگوٹھی پہننے والے مرد کے بارے میں وعید

۴۱۸۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ فِي يَدِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی آپؐ نے اس

رَجُلٍ فَنَزَعَهٗ فَطَرَحَهٗ فَقَالَ يَعْمِدُ اَحَدُكُمْ اِلٰى جَمْرَةٍ مِّنْ نَّارٍ فَيَجْعَلُهَا فِيْ يَدِهٖ فَقِيْلَ لِلرَّجُلِ بَعْدَ مَا ذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْ خَاتَمَكَ انْتَفِعْ بِهٖ قَالَ لَا وَاللّٰهِ لَا اٰخُذُهٗ اَبَدًا وَّقَدْ طَرَحَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انگوٹھی کو اس کے ہاتھ سے اُتار لیا اور پھینک دیا اور پھر فرمایا تم میں سے کوئی شخص دوزخ کی آگ کے انگارے کا ارادہ کرتا اور اس کو ہاتھ کی انگلی میں پہن لیتا ہے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے تو اس شخص سے کہا گیا تو اپنی انگوٹھی اٹھالے اور اس سے فائدہ اٹھا۔ اُس نے کہا نہیں خدا کی قسم میں کبھی نہیں اٹھاؤں گا جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو پھینک دیا ہے۔

مہر نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

۴۱۸۹ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ اَنْ يَّكْتُبَ اِلٰى كِسْرٰى وَقَيْصَرَ وَالنَّجَاشِيِّ فَقِيْلَ اِنَّهُمْ لَا يَقْبَلُوْنَ كِتَابًا اِلَّا بِخَاتَمٍ فَصَاغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا حَلْقَةَ فِضَّةٍ نُقِشَ فِيْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ كَانَ نَقْشُ الْخَاتَمِ ثَلٰثَةَ اَسْطُرٍ مُحَمَّدٌ سَطْرٌ وَّرَسُوْلُ سَطْرٌ وَّاللّٰهُ سَطْرٌ

حضرت انس کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسریٰ قیصر اور نجاشی کو دعوتِ اسلام کے خطوط بھیجنے کا ارادہ فرمایا تو آپ سے عرض کیا گیا کہ "یہ لوگ اس تحریر کو قبول نہیں کرتے (یعنی مستند نہیں سمجھتے) جس پر مہر نہ ہو۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک انگوٹھی بنوائی جس کا حلقہ چاندی کا تھا اور اس میں یہ الفاظ کندہ کئے گئے محمد رسول اللہ (مسلم) اور بخاری کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ مُہر کے اندر تین سطریں تھیں۔ ایک سطر میں محمدؐ لکھا تھا اور دوسری میں رسول اور تیسری میں اللہ یعنی اس طرح

اللہ
رسول
محمد

آنحضرتؐ کی انگوٹھی کا نگینہ

۴۱۹۰ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ خَاتَمُهٗ مِنْ فِضَّةٍ وَّكَانَ فَصُّهٗ مِنْهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی (مُہر) چاندی کی تھی اور نگینہ بھی چاندی کا تھا۔ (بخاری)

۴۱۹۱ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبِسَ خَاتَمَ فِضَّةٍ فِيْ يَمِيْنِهٖ فِيْهِ فَصٌّ حَبَشِيٌّ كَانَ يَجْعَلُ فَصَّهٗ مِمَّا يَلِيْ كَفَّهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہنی جس میں حبشی نگینہ تھا اور اس کا نگینہ ہتھیلی کی طرف رکھتے تھے۔ (بخاری و مسلم)

۴۱۹۲ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ خَاتَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذِهٖ وَاَشَارَ اِلَى الْخِنْصَرِ مِنْ يَّدِهِ الْيُسْرٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انگوٹھی اُس انگلی میں پہنتے تھے یعنی بائیں ہاتھ کی چھنگلیا میں۔ (مسلم)

انگوٹھی کس انگلی میں پہنی جائے

۴۱۹۳ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَتَخَتَّمَ فِيْ اِصْبَعِيْ هٰذِهٖ اَوْ هٰذِهٖ قَالَ فَاَوْمٰى اِلَى الْوُسْطٰى وَالَّتِيْ تَلِيْهَا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت علیؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو اس اور اس انگلی میں انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے یعنی درمیانی انگلی اور انگشت شہادت میں۔ (مسلم)

فصل دوم

آنحضرتؐ انگوٹھی دائیں اور بائیں دونوں ہاتھوں میں پہنتے تھے

۴۱۹۴ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى

حضرت عبداللہ بن جعفر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَخَتَّمُ فِیْ یَمِیْنِہٖ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَرَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ عَنْ عَلِیٍّ)

وسلم اپنے داہنے ہاتھ میں مُہر پہنا کرتے تھے۔ (ابن ماجہ، ابوداؤد اور نسائی نے اِسے حضرت علی رضؓ سے روایت کیا ہے)

۴۱۹۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَخَتَّمُ فِیْ یَسَارِہٖ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بائیں ہاتھ میں مُہر پہنا کرتے تھے۔ (ابوداؤد)

ریشمی کپڑا اور سونا مردوں کے لئے حرام ہے

۴۱۹۶ وَعَنْ عَلِیٍّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَخَذَ حَرِیْرًا فَجَعَلَہٗ فِیْ یَمِیْنِہٖ وَاَخَذَ ذَھَبًا فَجَعَلَہٗ فِیْ شِمَالِہٖ ثُمَّ قَالَ اِنَّ ھٰذَیْنِ حَرَامٌ عَلٰی ذُکُوْرِ اُمَّتِیْ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشمی کپڑا لیا اور اپنے داہنے ہاتھ پر رکھا پھر سونا لیا اور اس کو بائیں ہاتھ پر رکھا اور فرمایا یہ دونوں چیزیں میری اُمّت کے مَردوں پر حرام ہیں۔ (احمد۔ ابوداؤد۔ نسائی)

۴۱۹۷ وَعَنْ مُعَاوِیَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی عَنْ رُکُوْبِ النُّمُوْرِ وَعَنْ لُبْسِ الذَّھَبِ اِلَّا مُقَطَّعًا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت معاویہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چیتے کی کھال کی زین پر سوار ہونے سے منع فرمایا ہے اور مَردوں کو سونے کی انگوٹھی پہننے سے منع کیا ہے جب کہ انگوٹھی میں سونے کی مقدار کم ہو اور دوسری دھات زیادہ ہو۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

پیتل اور لوہے کی انگوٹھی پہننے کی ممانعت

۴۱۹۸ وَعَنْ بُرَیْدَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ عَلَیْہِ خَاتَمٌ مِّنْ شَبَہٍ مَالِیْ اَجِدُ مِنْکَ رِیْحَ الْاَصْنَامِ فَطَرَحَہٗ ثُمَّ جَاءَ وَعَلَیْہِ خَاتَمٌ مِّنْ حَدِیْدٍ فَقَالَ مَالِیْ اَرٰی عَلَیْکَ حِلْیَۃَ اَھْلِ النَّارِ فَطَرَحَہٗ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مِنْ اَیِّ شَیْءٍ اَتَّخِذُہٗ قَالَ مِنْ وَرِقٍ وَلَا تُتِمَّہٗ مِثْقَالًا۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ) وَقَالَ مُحْیُ السُّنَّۃِ وَقَدْ صَحَّ عَنْ سَھْلِ بْنِ سَعْدٍ فِی الصَّدَاقِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ اِلْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِّنْ حَدِیْدٍ۔

حضرت بریدہ رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے جو پیتل کی انگوٹھی پہنے ہوئے تھا فرمایا کیا بات ہے میں تجھ میں بتوں کی بُو پاتا ہوں۔ اس شخص نے اس انگوٹھی کو پھینک دیا۔ دوبارہ جب وہ شخص آیا تو لوہے کی انگوٹھی پہنے تھا۔ آپ نے فرمایا کیا بات ہے میں تجھ کو دوزخیوں کا زیور پہنے دیکھتا ہوں۔ اُس نے انگوٹھی کو پھینک دیا اور عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس چیز کی انگوٹھی بناؤں آپ نے فرمایا چاندی کی اور ایک مثقال سے کم وزن رکھو۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی) امام محیی السنہ رحؒ کہتے ہیں کہ سہل بن سعد رضؓ کی صحیح حدیث میں جو عورت کے متعلق ہے یہ الفاظ ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے فرمایا اپنی بیوی کے مہر کے لئے کوئی چیز تلاش کر اگرچہ وہ لوہے کی ایک انگوٹھی ہی ہو۔

وہ دس (۱۰) چیزیں جن کو آنحضرت ﷺ بُرا سمجھتے تھے

۴۱۹۹ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَکْرَہُ عَشْرَ خِلَالٍ اَلصُّفْرَۃَ یَعْنِی الْحُلُوْقَ وَتَغْیِیْرَ الشَّیْبِ وَجَرَّ الْاِزَارِ وَالتَّخَتُّمَ بِالذَّھَبِ وَالتَّبَرُّجَ بِالزِّیْنَۃِ لِغَیْرِ مَحَلِّھَا وَالضَّرْبَ بِالْکِعَابِ وَالرُّقٰی اِلَّا بِالْمُعَوِّذَاتِ

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دس چیزوں کو بُرا سمجھتے تھے: (۱) زردی یعنی خلوق کا استعمال جو زعفران وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے۔ (۲) بڑھاپے کو تبدیل کرنا (یا تو سفید بال اکھاڑ کر یا سیاہ خضاب لگا کر۔ (۳) تہبند یا پائجامہ کو لٹکا کر چلنا (یعنی تہبند اور پائجامہ کو ٹخنے سے نیچا رکھنا۔ (۴) سونے کی انگوٹھی۔ (۵) عورت

وَعَقْدَ التَّمَائِمِ وَعَزْلَ الْمَآءِ لِغَيْرِ مَحَلِّهٖ وَفَسَادَ الصَّبِيِّ غَيْرَ مُحْرِمِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

کا بے موقع زینت کو ظاہر کرنا (یعنی مثلاً شوہر کی عدم موجودگی میں یا غیر مردوں کے سامنے۔ نرد کھیلنا۔ منتر بجز معوّذات کے (یعنی منتر پڑھنا یا کسی کو بتانا سوائے سورۂ قل اَعُوذ بِرَبِّ النَّاس اور قل اَعُوذ بِرَبِّ الْفَلَق کے کہ ان کے ساتھ تعوّذ جائز ہے) کوڑیوں اور منکوں کا باندھنا یعنی نظرِ بد وغیرہ کے دفعیہ کے لئے اور بعض نے کوڑیوں اور منکوں سے جاہلیت کے منتر مراد لئے ہیں۔ بیوی کے مقامِ مخصوص سے منی کا باہر گرانا یعنی عزل کرنا۔ بچہ کو خراب کرنا (یعنی بچہ کو دودھ پلانے کے دنوں میں بیوی سے صحبت کرنا کہ اس سے حمل قرار پائے اور بچہ کے دودھ کو نقصان پہنچے) آخری چیز کو آپ نے حرام قرار نہیں دیا ہے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

عورت کو بجنے والا زیور پہننا ممنوع ہے

۴۲۰۰/۱۵ وَعَنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ مَوْلَاةً لَهُمْ ذَهَبَتْ بِابْنَةِ الزُّبَيْرِ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَفِيْ رِجْلِهَا اَجْرَاسٌ فَقَطَعَهَا عُمَرُ وَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَعَ كُلِّ جَرَسٍ شَيْطَانٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت زبیر رضؓ کہتے ہیں کہ ان کی ایک آزاد کردہ لونڈی اُن کی لڑکی کو حضرت عمر بن خطاب رضؓ کی خدمت میں لے گئی۔ لڑکی کے پاؤں میں گھونگرو تھے حضرت عمر رضؓ نے ان گھونگروؤں کو کاٹ ڈالا اور فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ ہر بجنے والی چیز کے ساتھ شیطان ہوتا ہے۔ (ابوداؤد)

۴۲۰۱/۱۶ وَعَنْ بُنَانَةَ مَوْلَاةِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَيَّانَ الْاَنْصَارِيِّ كَانَتْ عِنْدَ عَائِشَةَ اِذْ دَخَلَتْ عَلَيْهَا بِجَارِيَةٍ وَعَلَيْهَا جَلَاجِلُ يُصَوِّتْنَ فَقَالَتْ لَا تُدْخِلْنَهَا عَلَيَّ اِلَّا اَنْ تَقْطَعْنَ جَلَاجِلَهَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ تَدْخُلُ الْمَلٰٓئِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ جَرَسٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبدالرحمٰن بن حیان رضؓ انصاری کی لونڈی بنانہ روایت کرتی ہیں کہ وہ حضرت عائشہ رضؓ کی خدمت میں حاضر تھی کہ ان کے پاس ایک چھوٹی لڑکی لائی گئی جو گھونگرو پہنے تھی اور بج رہے تھے حضرت عائشہ رضؓ نے اس عورت سے جو لڑکی کو لائی تھی فرمایا اس لڑکی کو میرے گھر میں اس وقت تک نہ لانا جب تک کہ ان گھونگروؤں کو کاٹ کر نہ پھینک دے اس لئے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے کہ جس گھر میں باجہ بجنے والی چیز ہو اس میں فرشتے نہیں آتے۔ (ابوداؤد)

کسی مجبوری کے تحت سونے کے استعمال کی اجازت

۴۲۰۲/۱۷ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ طَرَفَةَ اَنَّ جَدَّهٗ عَرْفَجَةَ بْنَ اَسْعَدَ قُطِعَ اَنْفُهٗ يَوْمَ الْكُلَابِ فَاتَّخَذَ اَنْفًا مِنْ وَرِقٍ فَاَنْتَنَ عَلَيْهِ فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَّخِذَ اَنْفًا مِنْ ذَهَبٍ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)۔

حضرت عبدالرحمٰن بن طرفہ رضؓ کہتے ہیں کہ ان کے دادا عرفجہ بن اسعد رضؓ کی ناک مقامِ کلاب کی لڑائی میں کاٹ ڈالی گئی۔ انھوں نے چاندی کی ناک بنائی۔ اس میں بدبو پیدا ہو گئی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ان کو) حکم دیا کہ تم سونے کی ناک بنالو۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی)

سونے کے زیورات پہننے والی عورتوں کے بارے میں وعید

۴۲۰۳/۱۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ يُّحَلَّقَ حَبِيْبَهٗ حَلْقَةً مِّنْ نَارٍ فَلْيُحَلِّقْهُ حَلْقَةً مِّنْ ذَهَبٍ وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يُّطَوِّقَ حَبِيْبَهٗ طَوْقًا

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اپنے محبوب (عزیز کو آگ کا حلقہ پہنانا پسند کرے اسکو چاہیئے کہ وہ سونے کا حلقہ پہنائے اور جو شخص اپنے محبوب و عزیز کو آگ کا طوق پہنانا پسند کرے اس کو چاہیئے کہ وہ اسکو سونے کا طوق پہنائے اور

مِّنْ نَّارٍ فَلْيُطَوِّقْهُ طَوْقًا مِّنْ ذَهَبٍ وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يُّسَوِّرَ حَبِيْبَهٗ سِوَارًا مِّنْ نَّارٍ فَلْيُسَوِّرْهُ سِوَارًا مِنْ ذَهَبٍ وَلٰكِنَّ عَلَيْكُمْ بِالْفِضَّةِ فَالْعَبُوْا بِهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

جو شخص اپنے حبیب و عزیز کو آگ کے کنگن پہنانا پسند کرے اس کو چاہیئے کہ وہ اس کو سونے کے کنگن پہنائے لیکن تم کو چاندی کا استعمال جائز ہے اس میں جس طرح چاہو کھیلو (زیورات کا استعمال ضرورت سے زیادہ لہو و لعب میں داخل ہے۔ (ابوداؤد)

۴۲۰۴/۱۹ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ يَزِيْدَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ تَقَلَّدَتْ قِلَادَةً مِّنْ ذَهَبٍ قُلِّدَتْ فِيْ عُنُقِهَا مِثْلُهَا مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَيُّمَا امْرَاَةٍ جَعَلَتْ فِيْ اُذُنِهَا خُرْصًا مِّنْ ذَهَبٍ جُعِلَ اللّٰهُ فِيْ اُذُنِهَا مِثْلَهٗ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت اسماء بنت یزید رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص سونے کا ہار پہنے قیامت کے دن اس کی گردن میں اس کی مانند آگ کا ہار پہنایا جائے گا اور جو عورت اپنے کان میں سونے کی بالیاں پہنے قیامت کے دن اس کے کان میں اسی کے مانند آگ کی بالیاں پہنائی جائیں گی۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

۴۲۰۵/۲۰ وَعَنْ اُخْتٍ لِحُذَيْفَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا مَعْشَرَ النِّسَآءِ اَمَا لَكُنَّ فِي الْفِضَّةِ مَا تُحَلِّيْنَ بِهٖ اَمَا اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْكُنَّ امْرَاَةٌ تُحَلِّيْ ذَهَبًا تُظْهِرُهٗ اِلَّا عُذِّبَتْ بِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت حذیفہ رضؓ کی بہن بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے عورتو! کیا تمہارے لئے چاندی کافی نہیں ہے کہ تم اس کے زیور بناؤ۔ خبردار! تم میں سے عورت سونے کا زیور بنائے گی اور پھر اس کو بے موقع دکھائے گی اس کو اس زیور کے سبب عذاب دیا جائے گا۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

فصل سوم

اگر جنت میں ریشم اور زیور پہننا چاہتے ہو تو دنیا میں ان چیزوں سے اجتناب کرو

۴۲۰۶/۲۱ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْنَعُ اَهْلَ الْحِلْيَةِ وَالْحَرِيْرِ وَيَقُوْلُ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ حِلْيَةَ الْجَنَّةِ وَحَرِيْرَهَا فَلَا تَلْبَسُوْهَا فِي الدُّنْيَا۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت عقبہ بن عامر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم زیور والوں اور ریشم والوں سے کہا کرتے تھے کہ اگر تم جنت کے زیور اور ریشم کو پسند کرتے ہو تو ان چیزوں کو دنیا میں نہ پہنو۔ (نسائی)

آنحضرت ﷺ کی سونے کی انگوٹھی!

۴۲۰۷/۲۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّخَذَ خَاتَمًا فَلَبِسَهٗ قَالَ شَغَلَنِيْ هٰذَا عَنْكُمْ مُنْذُ الْيَوْمِ اِلَيْهِ نَظْرَةً وَّاِلَيْكُمْ نَظْرَةً ثُمَّ اَلْقَاهُ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک انگشتری بنوائی اور اس کو پہنا۔ پھر فرمایا آج کے دن اس انگشتری نے مجھ کو تمہاری طرف سے مشغول رکھا۔ کبھی میں اس کو دیکھتا ہوں اور کبھی تم کو یہ کہہ کر اس کو اتار دیا۔ (نسائی)

بچوں کو بھی سونا پہننا منع ہے

۴۲۰۸/۲۳ وَعَنْ مَالِكٍ قَالَ اَنَا اَكْرَهُ اَنْ يُّلْبَسَ الْغِلْمَانُ شَيْئًا مِّنَ الذَّهَبِ لِاَنَّهٗ بَلَغَنِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ التَّخَتُّمِ بِالذَّهَبِ فَاَنَا اَكْرَهُ لِلرِّجَالِ الْكِبَارِ مِنْهُمْ وَالصِّغَارِ۔ (رَوَاهُ فِي الْمُوَطَّا)

حضرت مالک رضؓ کہتے ہیں کہ میں اس کو پسند نہیں کرتا کہ بچوں کو سونے کی کوئی چیز پہنائی جائے اس لئے کہ مجھ کو معلوم ہوا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگشتری سے منع فرمایا ہے میں جو چیز بڑوں کے لئے پسند نہیں کرتا وہ چھوٹے بچوں کے لئے بھی پسند نہیں کرتا۔ (موطا)

بَابُ النِّعَالِ — پاپوش کا بیان

فصل اوّل

آنحضرت ﷺ کی پاپوش مبارک

۴۲۰۹/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَلْبَسُ النِّعَالَ الَّتِیْ لَیْسَ فِیْھَا شَعَرٌ

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ایسی جوتیاں پہنے دیکھا ہے جس میں بال نہ تھے۔ (بخاری)

۴۲۱۰/۲ وَعَنْ اَنَسٍؓ قَالَ اِنَّ نَعْلَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ لَھَا قِبَالَانِ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے جوتے میں دو تسمے تھے (ایک تسمہ انگوٹھے میں اور ایک تسمہ درمیان کی انگلی میں۔ (بخاری)

جوتے کی اہمیت

۴۲۱۱/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَۃٍ غَزَاھَا یَقُوْلُ اسْتَکْثِرُوْا مِنَ النِّعَالِ فَاِنَّ الرَّجُلَ لَا یَزَالُ رَاکِبًا مَا انْتَعَلَ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ میں نے کسی غزوہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے بہت سی جوتیاں لے لو اس لئے کہ مرد جب تک جوتیاں پہنے رہتا ہے، سوار کی مانند رہتا ہے۔ (مسلم)

پہلے دایاں پیر جوتے میں ڈالو اور پہلے بائیں پیر کا جوتا اتارو

۴۲۱۲/۴ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا انْتَعَلَ اَحَدُکُمْ فَلْیَبْدَأْ بِالْیُمْنٰی وَاِذَا نَزَعَ فَلْیَبْدَأْ بِالشِّمَالِ لِتَکُنِ الْیُمْنٰی اَوَّلَھُمَا تُنْعَلُ وَاٰخِرَھُمَا تُنْزَعُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کوئی شخص جوتا پہنے تو پہلے سیدھے پاؤں میں پہنے اور جب جوتا اتارے تو الٹا جوتا اتارے۔ یعنی پہننے میں پہلا جوتا داہنے پاؤں کا ہونا چاہئے اور اتارنے میں پہلا جوتا بائیں پاؤں کا۔ (بخاری و مسلم)

ایک پیر میں جوتا اور ایک پیر ننگا نہ ہونا چاہئے

۴۲۱۳/۵ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَمْشِیْ اَحَدُکُمْ فِیْ نَعْلٍ وَاحِدَۃٍ لِیُحْفِھِمَا جَمِیْعًا اَوْ لِیَنْعَلْھُمَا جَمِیْعًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی شخص ایک پاؤں میں جوتی پہن کر نہ چلے دونوں پاؤں کو ننگا رکھے یا دونوں پاؤں میں جوتیاں پہنے۔ (بخاری و مسلم)

۴۲۱۴/۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا انْقَطَعَ شِسْعُ نَعْلِ اَحَدِکُمْ فَلَا یَمْشِ فِیْ نَعْلٍ وَاحِدَۃٍ حَتّٰی یُصْلِحَ شِسْعَہٗ وَلَا یَمْشِ فِیْ خُفٍّ وَاحِدٍ وَلَا یَاْکُلْ بِشِمَالِہٖ وَلَا یَحْتَبِیْ بِالثَّوْبِ الْوَاحِدِ وَلَا یَشْتَمِلُ الصَّمَّاءَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جب کسی کی جوتی کا تسمہ ٹوٹ جائے تو ایک پاؤں میں جوتی پہن کر نہ چلے جب تک کہ اس کی دوسری جوتی کا تسمہ درست نہ ہو جائے اور نہ ایک پاؤں میں موزہ پہن کر چلے اور نہ بائیں ہاتھ سے (کھانے کی) کوئی چیز کھائے اور نہ ایک کپڑے کو اس طرح اوڑھے کہ ہاتھ بھی اندر آجائیں اور نہ اس طرح کپڑا اوڑھ کر یا لپیٹ کر بیٹھے کہ ستر کھل جائے۔ (مسلم)

فصل دوم

آنحضرت ﷺ کی پاپوش مبارک کے تسمے؟

۴۲۱۵ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ لِنَعْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَالَانِ مُثَنًّى شِرَاكُهُمَا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی دو جوتیوں میں دو دو تسمے تھے اور ہر تسمہ دوہرا تھا۔ (ترمذی)

کھڑے ہو کر جوتا پہننے کی ممانعت

۴۲۱۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْتَعِلَ الرَّجُلُ قَائِمًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ۔

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے کہ آدمی کھڑا ہو کر جوتا پہنے۔ (ابوداؤد) ترمذی اور ابن ماجہ نے یہ روایت ابوہریرہ رضؓ سے نقل کی ہے۔

کیا آنحضرت ﷺ ایک پاؤں میں جوتا پہن کر چلتے پھرتے تھے؟

۴۲۱۷ وَعَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ رُبَّمَا مَشَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنَّهَا مَشَتْ بِنَعْلٍ وَاحِدَةٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا اَصَحُّ)

قاسم بن محمد رضؓ حضرت عائشہ رضؓ سے ناقل ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات ایک جوتی پہن کر چلتے تھے۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضرت عائشہ رضؓ ایک جوتی پہن کر چلیں۔ (ترمذی۔ یہ حدیث نہایت صحیح ہے[1])

جوتے اتار کر بیٹھو

۴۲۱۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ اِذَا جَلَسَ الرَّجُلُ اَنْ يَّخْلَعَ نَعْلَيْهِ فَيَضَعَهُمَا بِجَنْبِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضؓ نے کہا ہے کہ یہ طریقہ سنت ہے کہ جب آدمی کہیں بیٹھے تو اپنی جوتیاں اتار لے اور اپنے پہلو میں یعنی اپنے پاس رکھ لے۔ (ابوداؤد)

آنحضرت ﷺ کے لئے نجاشی کی طرف سے پائتابوں کا ہدیہ

۴۲۱۹ وَعَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّجَاشِيَّ اَهْدٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُفَّيْنِ اَسْوَدَيْنِ سَاذَجَيْنِ فَلَبِسَهُمَا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ۔ وَزَادَ التِّرْمِذِيُّ عَنْ اَبِيْ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ ثُمَّ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَيْهِمَا۔)

حضرت ابن بریدہ رضؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ نجاشی (شاہِ حبشہ) نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو سیاہ موزے سادہ ہدیہ کے طور پر بھیجے آپ نے ان کو پہنا۔ (ابن ماجہ اور ترمذی نے ابی بریدہ رضؓ سے یہ روایت بیان کی ہے جس میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے ان موزوں کو پہنا پھر وضو کیا اور ان موزوں پر مسح کیا۔)

بَابُ التَّرَجُّلِ

کنگھی کرنے کا بیان

فصل اوّل

حائضہ کا بدن ناپاک نہیں ہوتا

۴۲۲۰ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اُرَجِّلُ رَاْسَ رَسُوْلِ

حضرت عائشہ کہتی ہیں کہ میں ایامِ حیض میں رسول اللہ صلے اللہ

[1] یعنی اس حدیث کا موقوف ہونا صحیح ہے نہ کہ مرفوع ہونا۔ ۱۲

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنَا حَائِضٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

علیہ وسلم کے سر میں کنگھی کرتی تھی۔ (بخاری و مسلم)

وہ چیزیں جو "فطرت" ہیں

۴۲۲۱/۲ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْفِطْرَۃُ خَمْسٌ اَلْخِتَانُ وَالْاِسْتِحْدَادُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَتَقْلِیْمُ الْاَظْفَارِ وَنَتْفُ الْاِبْطِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے پانچ چیزیں فطرت (کے مطابق) ہیں (یعنی تمام انبیاء ؑ کے نزدیک سُنّت ہیں) ۱۔ ختنہ کرنا ۲۔ زیرِ ناف وغیرہ کے بال لینے اور مونڈنے کے لئے استرہ کا استعمال ۳۔ لبوں کے بال ترشوانا ۴۔ ناخن کٹوانا ۵۔ بغل کے بال اُکھاڑنا۔ (بخاری و مسلم)

اپنے کو اہلِ شرک سے ممتاز رکھو

۴۲۲۲/۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَالِفُوا الْمُشْرِکِیْنَ اَوْفِرُوا اللُّحٰی وَاحْفُوا الشَّوَارِبَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَنْھِکُوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللُّحٰی۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مشرکوں کی مخالفت کرو۔ یعنی ڈاڑھی کو بڑھاؤ اور مونچھوں کو کاٹو (کہ مشرکین ڈاڑھی کٹواتے اور مونچھیں بڑھاتے ہیں) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ مونچھوں کو پست کرو یعنی باریک ترشواؤ اور ڈاڑھی کو بڑھاؤ۔ (بخاری و مسلم)

زائد بالوں کو صاف کرنے کی مدت

۴۲۲۳/۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ وُقِّتَ لَنَا فِیْ قَصِّ الشَّارِبِ وَتَقْلِیْمِ الْاَظْفَارِ وَنَتْفِ الْاِبْطِ وَحَلْقِ الْعَانَۃِ اَنْ لَّا نَتْرُکَ اَکْثَرَ مِنْ اَرْبَعِیْنَ لَیْلَۃً۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ ہمارے لئے وقت معیّن کیا گیا لبوں کے بال کتروانے، ناخن کٹوانے، بغل کے بال اُکھاڑنے اور زیرِ ناف کے بال مونڈنے کا یہ کہ ہم اس کو چالیس دن سے زیادہ نہ چھوڑیں۔ (مسلم)

خضاب کرنے کا مسئلہ

۴۲۲۴/۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْیَھُوْدَ وَالنَّصَارٰی لَا یَصْبُغُوْنَ فَخَالِفُوْھُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یہود اور نصاریٰ خضاب نہیں لگاتے، تم ان کی مخالفت کرو (یعنی خضاب لگاؤ (لیکن سیاہ خضاب نہیں) (بخاری و مسلم)

۴۲۲۵/۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اُتِیَ بِاَبِیْ قُحَافَۃَ یَوْمَ فَتْحِ مَکَّۃَ وَرَاْسُہٗ وَلِحْیَتُہٗ کَالثَّغَامَۃِ بَیَاضًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ غَیِّرُوْا ھٰذَا بِشَیْءٍ وَاجْتَنِبُوا السَّوَادَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کے والد ماجد ابی قحافہ رضؓ کو فتح مکّہ کے دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا (یعنی مسلمان بنانے کے لئے) اس وقت ان کی ڈاڑھی اور سر کے بال ثغامہ کی مانند سفید تھے (ثغامہ ایک گھاس کا نام ہے جس کے شگوفے اور پھل سفید ہوتے ہیں) نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان بالوں کی سفیدی کو کسی چیز سے بدل دو لیکن سیاہ رنگ سے بچو۔ (مسلم)

سر کے بال میں فرق و سدل دونوں جائز ہیں

۴۲۲۶/۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُحِبُّ مُوَافَقَۃَ اَھْلِ الْکِتَابِ فِیْمَا لَمْ یُؤْمَرْ فِیْہِ وَکَانَ اَھْلُ الْکِتَابِ یَسْدُلُوْنَ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان باتوں میں اہلِ کتاب کی موافقت کو پسند فرماتے تھے جن کے متعلق احکام نازل نہ ہوئے تھے اس زمانے میں اہلِ کتاب اپنے بالوں کو یونہی پڑا رکھتے تھے یعنی ان

اَشْعَارَهُمْ وَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ يَفْرُقُوْنَ رُءُوْسَهُمْ فَسَدَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاصِيَتَهٗ ثُمَّ فَرَقَ بَعْدُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

میں کنگھی کرکے مانگ نہ نکالتے تھے اور مشرک مانگ نکالا کرتے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اس زمانہ میں اپنی پیشانی کے بالوں کو یونہی چھوڑ دیتے لیکن پھر مانگ نکالنے لگے۔ (بخاری و مسلم)

قزع کی ممانعت؛

۴۲۲۷/۸ وَعَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنِ الْقَزَعِ قِيْلَ لِنَافِعٍ مَا الْقَزَعُ قَالَ يُحْلَقُ بَعْضُ رَأْسِ الصَّبِيِّ وَيُتْرَكُ بَعْضٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت نافع ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو قزع سے منع فرماتے سُنا۔ نافع سے پوچھا گیا قزع کیا چیز ہے؟ انھوں نے بتلایا قزع کے معنی ہیں بچّہ کے سر کے بعض حصّہ کو مونڈھنا اور بعض کو چھوڑ دینا۔ (بخاری و مسلم)

۴۲۲۸/۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى صَبِيًّا قَدْ حُلِقَ بَعْضُ رَأْسِهٖ وَتُرِكَ بَعْضٌ فَنَهَاهُمْ عَنْ ذٰلِكَ وَقَالَ اَحْلِقُوْا كُلَّهٗ اَوِ اتْرُكُوْا كُلَّهٗ (رواہ مسلم)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بچّہ کو دیکھا جس کے سر کا کچھ حصّہ مُنڈا ہوا تھا اور کچھ چھوٹا ہوا۔ آپ نے لوگوں کو اس سے منع فرمایا اور ارشاد کیا کہ سارا سر مونڈ دو یا سارا چھوڑ دو۔ (مسلم)

مخنّث پر آنحضرتؐ کی لعنت

۴۲۲۹/۱۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَعَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُخَنَّثِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالْمُتَرَجِّلَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَقَالَ اَخْرِجُوْهُمْ مِنْ بُيُوْتِكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مخنّث مَردوں پر لعنت فرمائی ہے (یعنی ان مَردوں پر جو زنانہ شکل و صورت اختیار کرلیں) اور حکم دیا ہے کہ ان کو اپنے گھروں سے نکال دو۔ (بخاری)

۴۲۳۰/۱۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اللّٰهُ الْمُتَشَبِّهِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان مَردوں اور عورتوں پر خدا تعالیٰ نے لعنت کی جو عورتوں اور مَردوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں (یعنی ان مَردوں پر جو زنانہ شکل و صورت اختیار کرلیتے ہیں اور ان عورتوں پر جو مَردوں کی وضع میں رہتی ہیں۔ (بخاری)

انسانی بالوں سے نفع اٹھانا حرام ہے

۴۲۳۱/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خداوند تعالیٰ نے واصلہ، مستوصلہ پر اور واشمہ اور مستوشمہ پر لعنت فرمائی ہے[1]۔ (بخاری و مسلم)

اللہ کی تخلیق میں تغیر کرنے والا اللہ کی لعنت کا مورد ہے

۴۲۳۲/۱۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ فَجَاءَتْهُ امْرَاَةٌ فَقَالَتْ اِنَّهٗ بَلَغَنِيْ اَنَّكَ لَعَنْتَ كَيْتَ وَكَيْتَ فَقَالَ مَا لِيْ لَا اَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ خداوند تعالیٰ نے گودنے والی عورتوں پر اور گدوانے والی عورتوں پر اور مُنہ پر سے بال نچوانے والی عورتوں اور دانتوں کو سوہن یا ریتی سے رتوانے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے (بعض عورتوں کے منہ پر بال ہوتے ہیں ان کا کاٹنا ممنوع ہے البتہ اگر کسی عورت کی ڈاڑھی مونچھ نکل آئے اس کا مُنڈوانا یا اکھاڑنا

[1] واصلہ وہ عورت جو اپنے سر کے بالوں کو لمبا کرنے کے لئے دوسرے کے بالوں کو ملوائے اور مستوصلہ وہ عورت جو کسی کے بالوں میں دوسرے کے بال ملائے واشمہ جسم کو گودنے والی عورت اور مستوشمہ وہ عورت جو اپنے جسم کو دوسرے سے گدوائے۔ ۱۲ مترجم

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ هُوَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَقَالَتْ لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَمَا وَجَدْتُ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ قَالَ لَئِنْ كُنْتِ قَرَأْتِيْهِ لَقَدْ وَجَدْتِيْهِ اَمَا قَرَأْتِ مَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا قَالَتْ بَلٰى قَالَ فَاِنَّهٗ قَدْ نَهٰى عَنْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ممنوع نہیں) ایک عورت حضرت ابن مسعودؓ کے پاس آئی اور کہا میں نے سنا ہے کہ تم ایسی ایسی عورتوں پر لعنت کرتے ہو؟ حضرت ابن مسعودؓ نے کہا میں کیوں ان عورتوں پر لعنت نہ کروں جن پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے اور جن کو کتاب اللہ میں ملعون بتایا گیا ہے اس عورت نے کہا میں نے اس چیز کو پڑھا ہے جو دو تختیوں کے درمیان ہے (یعنی قرآن مجید) اس میں تو یہ بات کہیں نہیں ہے جو تم کہتے ہو (یعنی صریح الفاظ میں لعنت کا کہیں ذکر نہیں) ابن مسعودؓ نے کہا تو اس کو سوچ سمجھ کر پڑھتی تو اس کو پاتی۔ کیا تو نے (قرآن مجید میں) یہ نہیں پڑھا: مَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا۔ (یعنی جو چیز رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم تم کو دیں اُس کو لے لو اور جس چیز سے منع کریں اس سے باز رہو) عورت نے کہا ہاں (یہ تو پڑھا ہے) ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا تو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اِن باتوں سے منع فرمایا ہے (بخاری و مسلم)

نظر بد ایک حقیقت ہے

۴۲۳۳/۱۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْعَيْنُ حَقٌّ وَنَهٰى عَنِ الْوَشْمِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے نظر بد یا تاثیرِ نظر حق ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گودنے سے منع فرمایا۔ (بخاری)

سر کے بالوں کو گوند وغیرہ سے جمانے کا ذکر

۴۲۳۴/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُلَبِّدًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گوند سے سر کے بالوں کو جماتے دیکھا (تاکہ جوئیں نہ پڑیں) (بخاری)

مردانہ کپڑے اور جسم کو زعفران سے رنگنے کی ممانعت

۴۲۳۵/۱۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَزَعْفَرَ الرَّجُلُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے زعفران کو بدن یا کپڑے پر ملنے سے منع فرمایا ہے مرد کو۔ (بخاری و مسلم)

رنگ دار خوشبو کا مسئلہ

۴۲۳۶/۱۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اُطَيِّبُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَطْيَبِ مَا اَجِدُ حَتّٰى اَجِدَ وَبِيْصَ الطِّيْبِ فِيْ رَاْسِهٖ وَلِحْيَتِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بدن میں خوشبو لگاتی جو بہترین (میرے) پاس ہوتی یہاں تک کہ اس کی خوشبو کی چمک آپ کے سر اور ڈاڑھی میں مجھ کو نظر آتی۔ (بخاری و مسلم)

خوشبو کی دھونی لینے کا ذکر

۴۲۳۷/۱۸ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا اسْتَجْمَرَ اِسْتَجْمَرَ بِالْاُلُوَّةِ غَيْرَ مُطَرَّاةٍ وَبِكَافُوْرٍ يُطْرَحُهٗ مَعَ الْاُلُوَّةِ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا كَانَ يَسْتَجْمِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت نافع رضؓ کہتے ہیں کہ ابن عمرؓ جب (گھر میں) دھونی لیتے تو اُس اگر کی دھونی لیتے جس میں مُشک مِلا ہوا نہ ہوتا اور کبھی کافور اور اگر دونوں ملا کر دھونی لیتے اور پھر فرماتے اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دھونی لیا کرتے تھے۔ (مسلم)

فصل دوم

لبیں ترشوانی قدیم سنت ہے

۴۲۳۸/۱۹ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے لبوں

وَسَلَّمَ يَقُصُّ أَوْ يَأْخُذُ مِنْ شَارِبِهِ وَكَانَ إِبْرَاهِيمُ خَلِيلُ الرَّحْمٰنِ يَفْعَلُهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

کو کتروا تے اور خدا تعالیٰ کے دوست حضرت ابراہیمؑ بھی لبیں کترتے تھے۔ (ترمذی)

مونچھیں ہلکی نہ کرانے والے کے بارے میں وعید

۴۲۳۹/۲۰ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ يَأْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت زید بن ارقم رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص لبوں کو نہ کتروائے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (احمد۔ ترمذی۔ نسائی)

داڑھی کو برابر کرنے کا ذکر

۴۲۴۰/۲۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْخُذُ مِنْ لِحْيَتِهِ مِنْ عَرْضِهَا وَطُولِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

عمرو بن شعیبؒ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنی ڈاڑھی کو عرض و طول میں یعنی دونوں جانبوں سے برابر کیا کرتے تھے۔ (ترمذی نے کہا۔ یہ حدیث غریب ہے)

مرد کو خلوق کے استعمال کی ممانعت

۴۲۴۱/۲۲ وَعَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى عَلَيْهِ خَلُوقًا فَقَالَ أَلَكَ امْرَأَةٌ قَالَ لَا قَالَ فَاغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ لَا تَعُدْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت یعلیٰ بن مرہؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کے جسم یا کپڑے پر زعفران سے بنائی ہوئی خوشبو خلوق کو دیکھا تو فرمایا کیا تیری بیوی ہے؟ عرض کیا نہیں۔ آپؐ نے فرمایا اس کو دھوڈال اور پھر دھو اور پھر دھو۔ اور اس کو کبھی استعمال نہ کر۔ (ترمذی۔ نسائی)

۴۲۴۲/۲۳ وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلٰوةَ رَجُلٍ فِي جَسَدِهِ شَيْءٌ مِنْ خَلُوقٍ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابو موسیٰ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ اس شخص کی نماز قبول نہیں فرماتا جس کے جسم میں تھوڑی سی خلوق لگی ہو۔ (ابوداؤد)

۴۲۴۳/۲۴ وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ قَدِمْتُ عَلَى أَهْلِي مِنْ سَفَرٍ وَقَدْ تَشَقَّقَتْ يَدَايَ فَخَلَّقُونِي بِزَعْفَرَانٍ فَغَدَوْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ وَقَالَ اذْهَبْ فَاغْسِلْ هٰذَا عَنْكَ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت عمار بن یاسر رضؓ کہتے ہیں۔ میں سفر سے گھر واپس آیا تو میرے دونوں ہاتھ پھٹے ہوئے تھے۔ گھر والوں نے ہاتھوں پر زعفران ملی ہوئی خوشبو کا لیپ کر دیا۔ صبح کو میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور سلام کیا۔ آپؐ نے میرے سلام کا جواب نہیں دیا اور فرمایا "جا! اس کو اپنے ہاتھوں سے دھوڈال"۔ (ابوداؤد)

۴۲۴۴/۲۵ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طِيبُ الرِّجَالِ مَا ظَهَرَ رِيحُهُ وَخَفِيَ لَوْنُهُ وَطِيبُ النِّسَاءِ مَا ظَهَرَ لَوْنُهُ وَخَفِيَ رِيحُهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مردوں کی خوشبو وہ ہے جس میں صرف بو ہو اور ہلکا رنگ ہو، اور عورت کی خوشبو وہ ہے جس کا رنگ شوخ ہو اور ہلکی خوشبو ہو۔ (ترمذی۔ نسائی)

آنحضرتؐ کے استعمال کی خوشبو

۴۲۴۵/۲۶ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُكَّةٌ يَتَطَيَّبُ مِنْهَا (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سکہ تھا (ایک مرکب خوشبو) جس میں سے خوشبو لگایا کرتے تھے۔ (ابوداؤد)

آنحضرتؐ کثرت سے سر میں تیل لگاتے تھے

۴۲۴۶ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ دُهْنَ رَاْسِهٖ وَتَسْرِيْحَ لِحْيَتِهٖ وَيُكْثِرُ الْقِنَاعَ كَاَنَّ ثَوْبَهٗ ثَوْبُ زَيَّاتٍ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر مبارک پر اکثر تیل استعمال کرتے اور اکثر ڈاڑھی میں کنگھا کرتے اور سر پر اکثر کپڑا رکھتے گویا وہ تیلی کا کپڑا ہوتا (یعنی تیل لگانے کے بعد آپ سر پر کپڑا رکھتے تاکہ عمامہ تیل سے محفوظ رہے، وہ کپڑا تیلی کے کپڑے کی مانند ہو جاتا) (شرح السنۃ)

آنحضرتؐ کے گیسوئے مبارک

۴۲۴۷ وَعَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا بِمَكَّةَ قُدُوْمَةً وَلَهٗ اَرْبَعُ غَدَائِرَ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت اُمّ ہانیؓ کہتی ہیں کہ ایک مرتبہ (یعنی فتح مکہ کے روز) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں تشریف لائے اس وقت آپ کے چار گیسو تھے، گندھے ہوئے۔ (احمد۔ ابوداؤد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مانگ کا ذکر

۴۲۴۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِذَا فَرَقْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاْسَهٗ صَدَعْتُ فَرْقَهٗ عَنْ يَّافُوْخِهٖ وَاَرْسَلْتُ نَاصِيَتَهٗ بَيْنَ عَيْنَيْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ جب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر کے بالوں کی مانگ نکالتی تو میں آپ کی مانگ کو تالو پر چیرتی اور پیشانی پر اس کو چھوڑتی دونوں آنکھوں کے درمیان (یعنی مانگ کو تالو سے شروع کر کے پیشانی تک لاتی اور دونوں آنکھوں کے درمیان اس کو رکھتی۔ (ابوداؤد)

روزانہ کنگھی کرنے کی ممانعت

۴۲۴۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّرَجُّلِ اِلَّا غِبًّا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عبداللہ بن مغفلؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے روزانہ کنگھی کرنے سے مگر ایک دن درمیان چھوڑ کر۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی)

زیادہ عیش و آرام کی زندگی اختیار کرنا میانہ روی کے خلاف ہے

۴۲۵۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِفُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ مَالِيْ اَرَاكَ شَعِثًا قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَانَا عَنْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاِرْفَاهِ قَالَ مَا بِيْ لَا اَرٰى عَلَيْكَ حِذَاءً قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنَا اَنْ نَّحْتَفِيَ اَحْيَانًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن بریدہؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے فضالہ بن عبید سے کہا کیا بات ہے میں تم کو پراگندہ بال دیکھتا ہوں فضالہ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو بہت سی عیش و آرام کی باتوں سے منع فرمایا کرتے تھے۔ پھر پوچھا کیا بات ہے تمہارے پاؤں میں جوتی بھی نہیں یا تا انھوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو حکم دیا ہے کہ ہم کبھی کبھی ننگے پاؤں بھی چلا پھرا کریں۔ (ابوداؤد)

بالوں کو اچھی طرح رکھنے کا حکم

۴۲۵۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ لَهٗ شَعْرٌ فَلْيُكْرِمْهُ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کے سر پر اور ڈاڑھی کے بال ہوں اس کو چاہیئے کہ ان کو اچھی طرح رکھے۔ (ابوداؤد)

مہندی اور وسمہ کے خضاب کا مسئلہ

۴۲۵۲ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحْسَنَ مَا غُيِّرَ بِهِ الشَّيْبُ الْحِنَّاءُ وَ الْكَتَمُ۔ (رواہُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

بڑھاپے کو (یعنی سفید بالوں کو) بدلنے والی بہترین چیز مہندی اور وسمہ ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی)

سیاہ خضاب کرنے والے کے بارے میں وعید

۴۲۵۳/۳۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَكُوْنُ قَوْمٌ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ يَخْضِبُوْنَ بِهٰذَا السَّوَادِ كَحَوَاصِلِ الْحَمَامِ لَا يَجِدُوْنَ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے آخری زمانے میں ایک قوم (یعنی ایک جماعت) ہوگی جو اس سیاہی سے خضاب کرے گی مانند کبوتر کے پوٹوں کے (یعنی جیسے بعض کبوتر کے سیاہ پوٹے ہوتے ہیں اسی طرح کا خضاب وہ کرلے گی) یہ لوگ جنت کی بُو بھی نہ پائیں گے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

زرد خضاب کرنا جائز ہے

۴۲۵۴/۳۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ وَيُصَفِّرُ لِحْيَتَهٗ بِالْوَرْسِ وَالزَّعْفَرَانِ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم دباغت دیئے ہوئے (یعنی پکائے ہوئے) چمڑے کی جوتی پہنا کرتے تھے اور ڈاڑھی کو زعفران اور ورس (ایک گھاس) سے زرد رنگ کرتے تھے اور ابن عمرؓ بھی ایسا ہی کرتے تھے۔ (نسائی)

۴۲۵۵/۳۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ قَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ مَا اَحْسَنَ هٰذَا فَقَالَ فَمَرَّ اٰخَرُ قَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ فَقَالَ هٰذَا اَحْسَنُ مِنْ هٰذَا ثُمَّ مَرَّ اٰخَرُ قَدْ خَضَبَ بِالصُّفْرَةِ فَقَالَ هٰذَا اَحْسَنُ مِنْ هٰذَا كُلِّهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک شخص گزرا جس نے مہندی کا خضاب لگایا تھا۔ آپ نے (اس کو دیکھ کر) فرمایا کیا اچھا ہے۔ یہ راوی کا بیان ہے کہ پھر ایک شخص اور گزرا جس نے مہندی اور وسمہ کا خضاب کیا تھا آپ نے اس کو دیکھ کر فرمایا یہ اس سے بھی بہتر ہے پھر ایک اور شخص گزرا جس نے زرد رنگ کا خضاب کیا تھا آپ نے فرمایا یہ سب سے اچھا ہے۔ (ابوداؤد)

خضاب کرنے کا حکم

۴۲۵۶/۳۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيِّرُوا الشَّيْبَ وَلَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَالزُّبَيْرِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بڑھاپے کو (خضاب سے) بدل ڈالو اور یہود کی مشابہت نہ کرو (کہ وہ خضاب نہ لگاتے تھے۔ (ترمذی) اور نسائی نے اسے ابن عمرؓ اور زبیرؓ سے روایت کیا ہے)۔

بالوں کی سفیدی نورانیت کی علامت ہے

۴۲۵۷/۳۸ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنْتِفُوا الشَّيْبَ فَاِنَّهٗ نُوْرُ الْمُسْلِمِ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْاِسْلَامِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ حَسَنَةً وَكَفَّرَ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً وَرَفَعَهٗ بِهَا دَرَجَةً۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے "بڑھاپے کو (یعنی سفید بالوں کو نہ چنو اس لئے کہ بڑھاپا مسلمانوں کے لئے نورانیت کا سبب ہے جس کا اسلام کی حالت میں ایک بال سفید ہو اس کے لئے خدا تعالیٰ کے ہاں ایک نیکی لکھی جاتی ہے اور ایک گناہ اس سے دور کیا جاتا ہے اور ایک درجہ اس کا بلند ہوتا ہے۔ (ابوداؤد)

۴۲۵۸ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْإِسْلَامِ كَانَتْ لَهُ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت کعب بن مرّہ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اسلام کی حالت میں بوڑھا ہو تو اس کا یہ بڑھاپا قیامت کے دن اس کے لئے نور ہوتا ہے

آنحضرتؐ کے سر مبارک کے بال

۴۲۵۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ كَانَ لَهُ شَعْرٌ فَوْقَ الْجُمَّةِ وَدُوْنَ الْوَفْرَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ میں اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک برتن کے پانی سے غسل کرتے تھے (یعنی پانی کا برتن دونوں کے درمیان رکھا ہوتا تھا) اور حضورؐ کے سر کے بال کاندھوں سے اوپر اور کان کی لو سے نیچے ہوتے تھے۔ (ترمذی)

مردوں کے بالوں کی زیادہ لمبائی ناپسندیدہ ہے

۴۲۶۰ وَعَنِ ابْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ رَجُلٌ مِّنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ خُرَيْمٌ لَوْلَا طُوْلُ جُمَّتِهِ وَإِسْبَالُ إِزَارِهِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ خُرَيْمًا فَأَخَذَ شَفْرَةً فَقَطَعَ بِهَا جُمَّتَهُ إِلٰى أُذُنَيْهِ وَرَفَعَ إِزَارَهُ إِلٰى أَنْصَافِ سَاقَيْهِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن حنظلیہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خریم اسدی اچھا آدمی ہے اگر اس کے سر کے بال لمبے نہ ہوں اور اس کا تہبند لٹکتا نہ ہو۔ یہ الفاظ خریم کے کانوں تک پہنچے تو اس نے چھری لے کر اپنے بالوں کو کانوں کی لوؤں تک کاٹ ڈالا اور تہبند کو آدھی پنڈلی تک باندھ لیا۔ (ابوداؤد)

۴۲۶۱ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَتْ لِيْ ذُوَابَةٌ فَقَالَتْ لِيْ أُمِّيْ لَا أَجُزُّهَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُدُّهَا وَيَأْخُذُهَا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ میرے بالوں میں گیسو تھے۔ میری ماں نے مجھ سے کہا کہ میں ان کو ہرگز نہ کاٹوں گی اس لئے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان کو کھینچتے اور پکڑتے تھے۔ (ابوداؤد)

اگر بالوں کی صفائی ستھرائی میں کوئی امر مانع ہو تو سر کو منڈا دینا چاہیئے

۴۲۶۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ جَعْفَرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْهَلَ آلَ جَعْفَرٍ ثَلٰثًا ثُمَّ أَتَاهُمْ فَقَالَ لَا تَبْكُوْا عَلٰى أَخِيْ بَعْدَ الْيَوْمِ ثُمَّ قَالَ ادْعُوْا لِيْ بَنِيْ أَخِيْ فَجِيْءَ بِنَا كَأَنَّا أَفْرُخٌ فَقَالَ ادْعُوْا إِلَيَّ الْحَلَّاقَ فَأَمَرَهُ فَحَلَقَ رُءُوْسَنَا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عبداللہ بن جعفر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جعفر طیار رضؓ کی اولاد کو تین دن کی مہلت دے دی (یعنی جب جعفر طیار رضؓ کی شہادت کی خبر آئی تو آپ نے ان کے گھر والوں کو تین دن تک سوگ منانے کی مہلت دے دی) پھر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ان کے گھر گئے اور فرمایا آج کے بعد میرے بھائی (جعفر) پر نہ رونا۔ پھر فرمایا میرے بھائی (جعفر) کے بیٹوں کو بلاؤ۔ چنانچہ ہم کو لایا گیا گویا ہم چوزے تھے۔ پھر فرمایا نائی کو بلاؤ۔ نائی آیا تو آپ نے اس کو ان بچوں کے سر مونڈنے کا حکم دیا چنانچہ ہمارے سر مونڈ دیئے گئے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

عورت کی ختنہ کا ذکر

۴۲۶۳ وَعَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ الْأَنْصَارِيَّةِ أَنَّ امْرَأَةً كَانَتْ تَخْتِنُ بِالْمَدِيْنَةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْهِكِيْ فَإِنَّ ذٰلِكَ أَحْظٰى لِلْمَرْأَةِ وَأَحَبُّ

حضرت امّ عطیہ انصاری رضؓ کہتی ہیں کہ مدینہ میں ایک عورت (عورتوں کی) ختنہ کیا کرتی تھی۔ اس سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ختنہ کے مقام کو کاٹنے میں زیادتی نہ کر (یعنی زیادہ گوشت نہ کاٹا کر)

إِلَى الْبَعْلِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ هٰذَا الْحَدِيْثُ ضَعِيْفٌ وَدَاوِيَةٍ مَجْهُوْلٌ۔)

اس لئے کہ زیادہ گوشت نہ کاٹنے سے مجامعت کے وقت عورت کو زیادہ لذّت حاصل ہوتی ہے اور خاوند کو بھی یہ مرغوب ہوتا ہے (اور زیادہ کاٹنے سے یہ دونوں باتیں جاتی رہتی ہیں) (ابوداؤد) ابوداؤد نے کہا یہ حدیث ضعیف ہے اور اس کے راوی مجہول ہیں)

عورتوں کے بالوں پر مہندی کا خضاب کرنا ناپسندیدہ

۴۲۶۴ وَعَنْ كَرِيْمَةَ بِنْتِ هُمَّامٍ اَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتْ عَائِشَةَ عَنْ خِضَابِ الْحِنَّاءِ فَقَالَتْ لَا بَأْسَ وَلٰكِنِّيْ اَكْرَهُهٗ كَانَ حَبِيْبِيْ يَكْرَهُ رِيْحَهٗ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت کریمہؓ بنت ہمام کہتی ہیں کہ عورت نے مہندی کے خضاب کی بابت حضرت عائشہ رضؓ سے دریافت کیا انھوں نے فرمایا کوئی حرج نہیں لیکن میں اس کو پسند نہیں کرتی اس لئے کہ میرے محبوب (رسول خدا ﷺ) اس کو ناپسند فرماتے تھے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

عورتوں کو ہاتھوں پر مہندی لگانا مستحب ہے

۴۲۶۵ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ هِنْدَ اُعْتُبَةَ قَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ بَايِعْنِيْ فَقَالَ لَا اُبَايِعُكِ حَتّٰى تُغَيِّرِيْ كَفَّيْكِ فَكَاَنَّهُمَا كَفَّا سَبُعٍ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں، کہ عُتبہ کی بیٹی ہند نے عرض کیا اے خدا کے نبی مجھ سے بیعت لو۔ آپ نے فرمایا نہیں۔ میں تجھ سے اسوقت تک بیعت نہ لوں گا جب تک کہ تو اپنے ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو نہ بدل دے گی۔ گویا کہ تیرے یہ ہاتھ درندوں کے ہاتھ ہیں (ہند کے ہاتھ سیاہ تھے مہندی لگی ہوئی نہ تھی۔ آپ نے مردوں کے مشابہ ہاتھ پاکر ان کو برا سمجھا

۴۲۶۶ وَعَنْهَا قَالَتْ اَدْمَتِ امْرَأَةٌ مِنْ وَرَاءِ سِتْرٍ بِيَدِهَا كِتَابٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ فَقَالَ مَا اَدْرِيْ اَيَدُ رَجُلٍ اَوْ يَدُ امْرَأَةٍ قَالَتْ بَلْ امْرَأَةٍ قَالَ لَوْ كُنْتِ امْرَأَةً لَغَيَّرْتِ اَظْفَارَكِ يَعْنِيْ بِالْحِنَّاءِ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ ایک عورت نے پردہ کے پیچھے سے ہاتھ نکال کر یہ اشارہ کیا کہ اس کے ہاتھ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے نام ایک خط ہے۔ آپ نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور فرمایا میں نہیں جانتا کہ یہ ہاتھ مرد کا ہے یا عورت کا۔ اس عورت نے کہا یہ ہاتھ عورت کا ہے۔ آپ نے فرمایا اگر تو عورت ہوتی تو اپنے ناخنوں کے رنگ کو بدل دیتی، یعنی ان پر مہندی لگاتی۔ (ابوداؤد)

کسی مرض و عذر کی وجہ سے گودنا اور گودوانا جائز ہے

۴۲۶۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لُعِنَتِ الْوَاصِلَةُ وَالْمُسْتَوْصِلَةُ وَالنَّامِصَةُ وَالْمُتَنَمِّصَةُ وَالْوَاشِمَةُ وَالْمُسْتَوْشِمَةُ مِنْ غَيْرِ دَاءٍ۔ اَبُوْدَاوٗدَ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ لعنت کی گئی ملانے والی اور ملوانے والی پر (یعنی اپنے بالوں میں دوسرے کے بالوں کو ملوانے والی اور ملانے والی دونوں پر لعنت کی گئی) اور لعنت کی گئی بالوں کو چُننے والی اور چُنوانے والی اور گودنے والی اور گدوانے والی بغیر کسی بیماری اور علّت کے۔ (ابوداؤد)

مردانہ لباس پہننے والی عورت اور زنانہ لباس پہننے والے مرد پر آنحضرتؐ کی لعنت

۴۲۶۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَ يَلْبَسُ لِبْسَةَ الْمَرْأَةِ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس شخص پر جو عورتوں کا لباس پہنے اور اس عورت پر جو مردوں کا لباس پہنے لعنت فرمائی ہے۔ (ابوداؤد)

۴۲۶۹ وَعَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ قِيْلَ لِعَائِشَةَ اِنَّ امْرَأَةً تَلْبَسُ النَّعْلَ قَالَتْ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَةَ مِنَ النِّسَاءِ

حضرت ابن ابی ملیکہ رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضؓ سے کہا گیا کہ ایک عورت مردوں کا سا جوتا پہنتی ہے۔ حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس عورت پر لعنت فرمائی ہے جو مردوں

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) کی مشابہت کرے۔ (ابوداؤد)

اپنے اہلِ بیت کا راحت و آرام کی زندگی اختیار کرنا آنحضرتؐ کے نزدیک ناپسندیدہ

۴۲۷۰/۵۱ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَافَرَ كَانَ اٰخِرُ عَهْدِهٖ بِاِنْسَانٍ مِّنْ اَهْلِهٖ فَاطِمَةَ وَاَوَّلُ مَنْ يَّدْخُلُ عَلَيْهَا فَاطِمَةُ فَقَدِمَ مِنْ غَزَاةٍ وَقَدْ عَلَّقَتْ مِسْحًا اَوْ سِتْرًا عَلٰى بَابِهَا وَحَلَّتِ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ قُلْبَيْنِ مِنْ فِضَّةٍ فَقَدِمَ فَلَمْ يَدْخُلْ فَظَنَّتْ اَنَّ مَا مَنَعَهٗ اَنْ يَّدْخُلَ مَا رَاٰى فَهَتَكَتِ السِّتْرَ وَفَكَّتِ الْقُلْبَيْنِ عَنِ الصَّبِيَّيْنِ وَقَطَعَتْهُمَا فَانْطَلَقَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِيَانِ فَاَخَذَهٗ مِنْهُمَا فَقَالَ يَا ثَوْبَانُ اِذْهَبْ بِهٰذَا اِلٰى اٰلِ فُلَانٍ اِنَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلِيْ اَكْرَهُ اَنْ يَّاْكُلُوْا طَيِّبَاتِهِمْ فِيْ حَيَاتِهِمُ الدُّنْيَا يَا ثَوْبَانُ اِشْتَرِ لِفَاطِمَةَ قِلَادَةً مِّنْ عَصْبٍ وَسَوَارَيْنِ مِنْ عَاجٍ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ثوبان رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب سفر کو تشریف لے جاتے تو گھر کے تمام آدمیوں سے مل جل کر اور رخصت ہو کر سب سے آخر میں فاطمہ رضؓ کے پاس جاتے اور جب سفر سے واپس تشریف لاتے تو سب سے پہلے فاطمہ رضؓ کے پاس آتے۔ ایک مرتبہ حسب معمول آپ ایک غزوہ سے تشریف لائے اور حضرت فاطمہ رضؓ کے گھر میں داخل ہوئے فاطمہ رضؓ نے گھر کے دروازہ پر ٹاٹ یا پردہ ڈال رکھا رکھا تھا اور حضرات حسنؓ و حسینؓ کو چاندی کے ڈوکڑے پہنائے تھے آپ دروازہ تک تشریف لائے اور گھر میں داخل نہ ہوئے۔ فاطمہ رضؓ کو معلوم ہو گیا کہ حضورؐ کیوں گھر میں نہیں آئے انھوں نے پردہ کو پھاڑ ڈالا اور بچوں کے ہاتھوں سے کڑوں کو اتار لیا اور توڑ ڈالا دونو صاحبزادے روتے ہوئے حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس چلے گئے آپ نے دونوں کے کڑوں کو ان سے لے لیا اور فرمایا اے ثوبان! اس زیور کو فلاں شخص کے گھر والوں کے پاس لے جا (جن کو ضرورت تھی) اور جو حضورؐ کے رشتہ دار تھے۔ اور اُن کو دے آ اس لئے کہ یہ بچے میرے اہلِ بیت میں سے ہیں میں ان کے لئے اس امر کو بُرا سمجھتا ہوں کہ اپنی دنیاوی زندگی میں بہترین غذائیں کھائیں یا بہترین لباس پہنیں یا عیش و عشرت کی لذت حاصل کریں۔ اے ثوبان! فاطمہ رضؓ کے لئے ہڈیوں کا ایک ہار خرید دے اور ہاتھی دانت کے دو کڑے۔ (احمد۔ ابوداؤد)

سرمہ لگانے کا حکم

۴۲۷۱/۵۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اكْتَحِلُوْا بِالْاِثْمِدِ فَاِنَّهٗ يَجْلُوُ الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ وَزَعَمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَهٗ مُكْحُلَةٌ يَكْتَحِلُ بِهَا كُلَّ لَيْلَةٍ فِيْ هٰذِهٖ وَثَلٰثَةً فِيْ هٰذِهٖ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اصفہانی سُرمہ آنکھوں میں لگاؤ اس لئے کہ وہ آنکھ کی روشنی کو تیز کرتا ہے۔ اور (پلکوں کے) بالوں کا اُگاتا ہے۔ ابن عباس رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک سُرمہ دانی تھی جس میں سے آپ روزانہ سُرمہ لگاتے تھے، تین سلائی اس آنکھ میں اور تین سلائی اُس آنکھ میں۔ (ترمذی)

بہترین دوائیں کون سی ہیں

۴۲۷۲/۵۳ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْتَحِلُ قَبْلَ اَنْ يَّنَامَ بِاِثْمِدٍ ثَلَاثًا فِيْ كُلِّ عَيْنٍ قَالَ وَقَالَ اِنَّ خَيْرَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْلُّدُوْدُ وَالسُّعُوْطُ وَالْحِجَامَةُ وَالْمِشْيُ وَخَيْرَ مَا اكْتَحَلْتُمْ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے سُرمہ لگاتے تھے ہر آنکھ میں تین سلائی۔ ابن عباس رضؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جن چیزوں سے تم دوا کرتے ہو، ان میں یہ چار چیزیں سب سے بہتر ہیں لُدود۔ سعوط۔ حجامت اور

بِهِ الْإِثْمُدُ فَإِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعَرَ وَإِنَّ خَيْرَ مَا تَحْتَجِمُونَ فِيهِ يَوْمُ سَبْعَ عَشْرَةَ وَيَوْمُ تِسْعَ عَشْرَةَ وَيَوْمُ إِحْدَى وَعِشْرِينَ وَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ عُرِجَ بِهِ مَا مَرَّ عَلَى مَلَإٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ إِلَّا قَالُوا عَلَيْكَ بِالْحِجَامَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ)

رمشی[1]۔ اور آنکھ میں لگانے کی بہترین چیز سُرمہ ہے وہ بینائی کو روشن کرتا ہے اور (پلکوں کے) بالوں کو اُگاتا ہے اور بھری ہوئی سِنگیاں کھچوانے کے بہترین دن (چاند کی) سترھویں، اُنیسویں اور اکیسویں تاریخیں ہیں اور رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب معراج کو تشریف لے گئے اور وہاں فرشتوں کی جس جماعت پر سے آپ کا گزر ہوا اس نے آپ سے یہی کہا کہ بھری ہوئی سینگیاں کھچوانا تم کو لازم ہے۔
(ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے)۔

حمام میں جانے کا ذکر

۴۲۷۳/۵۴ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى الرِّجَالَ وَالنِّسَاءَ عَنْ دُخُولِ الْحَمَّامَاتِ ثُمَّ رَخَّصَ لِلرِّجَالِ أَنْ يَدْخُلُوهَا بِالْمَآزِرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے عورتوں اور مَردوں کو حمام میں جانے سے منع فرمایا ہے پھر اس شرط کے ساتھ آپ نے مَردوں کو حمام میں جانے کی اجازت دے دی کہ وہ تہبند باندھ لیا کریں۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

۴۲۷۴/۵۵ وَعَنْ أَبِي الْمَلِيحِ قَالَ قَدِمَ عَلَى عَائِشَةَ نِسْوَةٌ مِنْ أَهْلِ حِمْصَ فَقَالَتْ مِنْ أَيْنَ نَتُنَّ قُلْنَ مِنَ الشَّامِ قَالَتْ فَلَعَلَّكُنَّ مِنَ الْكُوَرِ الَّتِي تَدْخُلُ نِسَاؤُهَا الْحَمَّامَاتِ قُلْنَ بَلَى قَالَتْ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تَخْلَعُ امْرَأَةٌ ثِيَابَهَا فِي غَيْرِ بَيْتِ زَوْجِهَا إِلَّا هَتَكَتِ السِّتْرَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ رَبِّهَا وَفِي رِوَايَةٍ فِي غَيْرِ بَيْتِهَا إِلَّا هَتَكَتْ سِتْرَهَا فِيمَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابی الملیح رضؓ کہتے ہیں کہ شہر حمص کی چند عورتیں حضرت عائشہ رضؓ کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ عائشہ رضؓ نے ان سے پوچھا تم کہاں کی رہنے والی ہو، انھوں نے کہا۔ ملک شام کی۔ حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا شاید تم اس علاقہ میں رہتی ہو جہاں عورتیں حمام میں جاتی ہیں انھوں نے کہا ہاں۔ حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے جو عورت اپنے شوہر کے گھر کے سوا کسی دوسرے گھر میں اپنے کپڑے اتارتی ہے وہ گویا اس پردہ کو پھاڑ دیتی ہے جو اس کے اور خدا کے درمیان حائل ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)
ایک روایت میں ہے کہ جب اپنے گھر کے علاوہ دوسرے کے گھر کپڑے اتارتی ہے

۴۲۷۵/۵۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَتُفْتَحُ لَكُمْ أَرْضُ الْعَجَمِ وَسَتَجِدُونَ فِيهَا بُيُوتًا يُقَالُ لَهَا الْحَمَّامَاتُ فَلَا يَدْخُلَنَّهَا الرِّجَالُ إِلَّا بِالْإِزَارِ وَامْنَعُوهَا النِّسَاءَ إِلَّا مَرِيضَةً أَوْ نُفَسَاءَ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تمہارے لئے عجم کی زمین فتح کی جائے گی اور تم اس زمین میں ان مکانات کو پاؤ گے جن کو حمام کہا جاتا ہے ان میں مَرد تہبند باندھ کر داخل ہوں، اور ان میں عورتوں کو جانے سے منع کرو جب کہ وہ بیمار یا نفاس والی ہوں۔ (ابوداؤد)

۴۲۷۶/۵۷ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَدْخُلِ الْحَمَّامَ بِغَيْرِ إِزَارٍ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَدْخُلْ حَلِيلَتُهُ الْحَمَّامَ وَمَنْ

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالےٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ بغیر تہبند کے حمام میں داخل نہ ہو اور جو شخص اللہ تعالےٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنی بیوی کو حمام میں نہ لے جائے اور جو شخص اللہ تعالےٰ

[1] لُدود منہ میں ٹپکانے کی دوا۔ سعوط ناک میں ٹپکانے یا سونگھنے کی دوا۔ حجامت بھری سینگیاں کھینچنا۔ مشی دست آور یا مسہل دوا۔ ۱۲ مترجم

كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَجْلِسْ عَلٰى مَائِدَةٍ تُدَارُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اس دسترخوان پر نہ بیٹھے جس پر شراب کا دور چل رہا ہو۔ (ترمذی نسائی)

فصل سوم

آنحضرتؐ نے سر مبارک پر کبھی خضاب نہیں کیا

۴۲۷۷/۵۸ عَنْ ثَابِتٍ قَالَ سُئِلَ اَنَسٌ عَنْ خِضَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْ شِئْتُ اَنْ اَعُدَّ شَمَطَاتٍ كُنَّ فِيْ رَاْسِهٖ فَعَلْتُ قَالَ وَلَمْ يَخْتَضِبْ وَزَادَ فِيْ رِوَايَةٍ وَقَدِ اخْتَضَبَ اَبُوْبَكْرٍ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ وَاخْتَضَبَ عُمَرُ بِالْحِنَّاءِ بَحْتًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ثابت رضؓ کہتے ہیں کہ انس رضؓ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے خضاب کی بابت پوچھا گیا۔ انس رضؓ نے کہا کہ اگر میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سر کے سفید بالوں کو شمار کرنا چاہتا تو ان کو شمار کر لیتا (یعنی چند گنتی کے بال سفید تھے پھر خضاب کی ضرورت کیا تھی اس لئے) آپ نے خضاب نہیں کیا اور انس کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضرت ابوبکر رضؓ اور حضرت عمر رضؓ نے خالص مہندی کا خضاب لگایا (بخاری و مسلم)

آنحضرتؐ کے خضاب کرنے کا ذکر؟

۴۲۷۸/۵۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَانَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهٗ بِالصُّفْرَةِ حَتّٰى يَسْتَلِجَ ثِيَابُهٗ مِنَ الصُّفْرَةِ فَقِيْلَ لِمَ تُصَفِّرُ بِالصُّفْرَةِ قَالَ اِنِّيْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَفِّرُ بِهَا وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْهَا وَقَدْ كَانَ يُصَفِّرُ بِهَا ثِيَابَهٗ كُلَّهَا حَتّٰى عِمَامَتَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ سے منقول ہے کہ وہ اپنی ڈاڑھی کو زردی سے زرد رنگتے تھے یہاں تک کہ ان کے کپڑے زرد ہو جاتے، ان سے کہا گیا کہ زردی سے ڈاڑھی کو کیوں رنگتے ہو؟ انھوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو زردی سے رنگتے ہوئے دیکھا ہے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو زردی سے زیادہ پسندیدہ کوئی چیز نہ تھی۔ آپ اپنے تمام کپڑوں کو زرد رنگتے یہاں تک کہ عمامہ بھی۔

۴۲۷۹/۶۰ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ فَاَخْرَجَتْ اِلَيْنَا شَعْرًا مِّنْ شَعْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَخْضُوْبًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عثمان بن عبداللہ بن موہب رضؓ کہتے ہیں کہ میں حضرت ام سلمہ رضؓ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انھوں نے ہم کو دکھانے کے لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا ایک بال نکالا جو خضاب کیا ہوا تھا (بخاری)

آنحضرتؐ کے حکم سے ایک مخنث کو شہر بدر کرنے کا حکم

۴۲۸۰/۶۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمُخَنَّثٍ قَدْ خَضَبَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُ هٰذَا قَالُوْا يَتَشَبَّهُ بِالنِّسَاءِ فَاَمَرَ بِهٖ فَنُفِيَ اِلَى النَّقِيْعِ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَقْتُلُهٗ فَقَالَ اِنِّيْ نُهِيْتُ عَنْ قَتْلِ الْمُصَلِّيْنَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک (مخنث) زنانہ لایا گیا جس نے اپنے ہاتھوں اور پاؤں پر مہندی لگا رکھی تھی۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا اس کا کیا حال ہے صحابہ رضؓ نے عرض کیا یہ شخص عورتوں کی مشابہت کرتا ہے آپ نے اس کو شہر بدر کئے جانے کا حکم دیا چنانچہ اس کو مقام نقیع میں بھیجا گیا۔ پھر رسول اللہ سے عرض کیا گیا ہم اس کو قتل کر دیں۔ آپ نے فرمایا مجھ کو نماز پڑھنے والوں کے قتل سے منع کیا گیا ہے۔ (ابوداؤد)

مرد کے لئے رنگ دار خوشبو کا استعمال ممنوع ہے

۴۲۸۱/۶۲ وَعَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ

حضرت ولید بن عقبہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ جَعَلَ اَهْلُ مَكَّةَ يَاْتُوْنَهٗ بِصِبْيَانِهِمْ فَيَدْعُوْ لَهُمْ بِالْبَرَكَةِ وَيَمْسَحُ رُءُوْسَهُمْ فَجِيْءَ بِيْ اِلَيْهِ وَاَنَا مُخَلَّقٌ فَلَمْ يَمَسَّنِيْ مِنْ اَجْلِ الْخَلُوْقِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

جب مکّہ کو فتح کیا تو مکّہ والوں نے اپنے بچوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لانا شروع کیا۔ آپ ان بچوں کے لئے برکت کی دُعا کرتے اور ان کے سروں پر ہاتھ پھیرتے چنانچہ مجھ کو بھی آپ کے حضور میں لایا گیا میرے جسم پر زعفران کی خوشبو خلوق لگی ہوئی تھی آپ نے مجھ کو اس رنگ دار خوشبو کی وجہ سے ہاتھ نہیں لگایا۔ (ابوداؤد)

بالوں کی دیکھ بھال کرنے کا ذکر

۴۲۸۲/۶۳ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّهٗ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِيْ جُمَّةً اَفَاُرَجِّلُهَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَاَكْرِمْهَا قَالَ فَكَانَ اَبُوْ قَتَادَةَ رُبَّمَا دَهَنَهَا فِي الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ مِنْ اَجْلِ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَاَكْرِمْهَا۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت ابی قتادہ رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا میرے بال مونڈھوں تک ہیں کیا میں اُن میں کنگھا کروں؟ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ہاں اور ان بالوں کی دیکھ بھال کرو ابوقتادہ کہتے ہیں میں اکثر ان بالوں میں تیل لگاتا ہوں یعنی دن میں دو مرتبہ اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا کہ ہاں ان میں کنگھی کر اور ان کو درست رکھ۔ (مالک)

غیر مسلم قوموں کی وضع قطع کے بال رکھنے ممنوع ہیں

۴۲۸۳/۶۴ وَعَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ حَسَّانٍ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَحَدَّثَتْنِيْ اُخْتِيْ الْمُغِيْرَةُ قَالَتْ وَاَنْتَ يَوْمَئِذٍ غُلَامٌ وَلَكَ قَرْنَانِ اَوْ قُصَّتَانِ فَمَسَحَ رَاْسَكَ وَبَرَّكَ عَلَيْكَ وَقَالَ احْلِقُوْا هٰذَيْنِ اَوْ قُصُّوْهُمَا فَاِنَّ هٰذَا زِيُّ الْيَهُوْدِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حجّاج بن حسّان رضؓ کہتے ہیں کہ ہم انس بن مالک رضؓ کے پاس گئے (میں اُس وقت بچّہ تھا) میری بہن مغیرہ نے اس روز کا واقعہ اس طرح مجھ سے بیان کیا کہ تو ان ایام میں لڑکا تھا اور تیرے بالوں کے دو گیسو گندھے ہوئے تھے یا پیشانی کی جانب دو لٹیں پڑی تھیں۔ انس بن مالک رضؓ نے تیرے سر پر ہاتھ پھیرا اور تیرے لئے برکت کی دُعا کی اور پھر کہا۔ اِن دونوں کو کاٹ ڈالو یا مونڈ ڈالو، یہ وضع یہود کی ہے۔ (ابوداؤد)

عورت کو اپنا سر منڈانا حرام ہے

۴۲۸۴/۶۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَحْلِقَ الْمَرْاَةُ رَاْسَهَا۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کو سر مُنڈانے سے منع فرمایا ہے (نسائی)

سر اور ڈاڑھی کے بالوں کا بکھرا ہونا غیر مہذب ہونے کی علامت ہے

۴۲۸۵/۶۶ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ ثَائِرُ الرَّاْسِ وَاللِّحْيَةِ فَاَشَارَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ كَاَنَّهٗ يَاْمُرُهٗ بِاِصْلَاحِ شَعْرِهٖ وَلِحْيَتِهٖ فَفَعَلَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَيْسَ هٰذَا خَيْرًا مِّنْ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ ثَائِرُ الرَّاْسِ كَاَنَّهٗ شَيْطَانٌ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

عطاء بن یسار رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے ایک شخص آیا جس کے سر اور ڈاڑھی کے بال پریشان و پراگندہ تھے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف انگلی سے اشارہ فرمایا گویا آپ نے اس کو حکم دیا کہ ان بالوں اور ڈاڑھی کو درست کرے چنانچہ اس نے بالوں کو درست کر لیا اور پھر حضور ص کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے فرمایا کیا یہ (شکل وصورت) اُس سے بہتر نہیں ہے کہ تم میں کوئی شخص پریشان آئے گویا کہ وہ شیطان ہے۔ (مالک)

گھروں کے صحن کو صاف ستھرا رکھو

۴۲۸۶/۶۷ وَعَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ سَمِعَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ يُحِبُّ الطَّيِّبَ نَظِيْفٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ كَرِيْمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ جَوَادٌ يُحِبُّ الْجُوْدَ فَنَظِّفُوْا اُرَاهُ قَالَ اَفْنِيَتَكُمْ وَلَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ قَالَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ فَقَالَ حَدَّثَنِيْهِ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ نَظِّفُوْا اَفْنِيَتَكُمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابن مسیبؒ کہتے ہیں کہ خداوند تعالیٰ پاک ہے پاکی کو پسند کرتا ہے ستھرا ہے ستھرائی کو پسند کرتا ہے، کریم ہے کرم کو پسند کرتا ہے، سخی ہے سخاوت کو پسند کرتا ہے، پس تم اپنے صحنوں کو صاف و ستھرا رکھو۔ راوی کا بیان ہے کہ ابن مسیبؒ نے کہا صاف و ستھرا رکھو اپنے صحنوں کو اور نہ مشابہت کرو یہود سے۔ راوی کا بیان ہے کہ ابن مسیبؒ کے اس قول کا ذکر میں نے مہاجر بن مسمار سے کیا انھوں نے کہا کہ مجھ سے یہ حدیث عامر بن سعد نے انھوں نے اپنے والد سے اور انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کی ہے مگر اس روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ انھوں نے کہا اپنے صحنوں کو صاف و ستھرا رکھو (ترمذی)

مونچھیں ترشوانے کی سنت حضرت ابراہیمؑ سے جاری ہوئی

۴۲۸۷/۶۸ وَعَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ كَانَ اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ اَوَّلَ النَّاسِ ضَيَّفَ الضَّيْفَ وَاَوَّلُ النَّاسِ اخْتَتَنَ وَاَوَّلُ النَّاسِ قَصَّ شَارِبَهٗ وَاَوَّلُ النَّاسِ رَاَى الشَّيْبَ فَقَالَ يَا رَبِّ مَا هٰذَا قَالَ الْوَقَارُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَقَارٌ يَا اِبْرَاهِيْمُ قَالَ رَبِّ زِدْنِيْ وَقَارًا۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

یحییٰ بن سعیدؒ کہتے ہیں کہ انھوں نے سعید بن مسیبؒ کو یہ کہتے سنا ہے کہ حضرت ابراہیم خلیلؑ پہلے شخص ہیں جنھوں نے مہمان کی میزبانی کی اور ختنہ کا رواج بھی انھوں نے ہی شروع کیا اور لبیں کتروانی بھی انھوں نے ہی شروع کیں اور وہی سب سے پہلے شخص ہیں جنھوں نے بڑھاپے میں سفید بال دیکھے تو عرض کیا اے پروردگار! یہ کیا ہے؟ خداوند بزرگ و برتر نے فرمایا یہ وقار ہے اے ابراہیمؑ! ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا۔ اے پروردگار! اس وقار کو زیادہ کر۔ (مالک)

بَابُ التَّصَاوِيْرِ

تصویر کا بیان

فصل اوّل

تصویر بنانے اور رکھنے کا مسئلہ

۴۲۸۸/۱ عَنْ اَبِيْ طَلْحَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَدْخُلُ الْمَلٰٓئِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَّلَا تَصَاوِيْرُ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوطلحہؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس گھر میں کتا یا تصویریں ہوں، اس میں فرشتے نہیں آتے۔ (بخاری و مسلم)

غیر ضروری کتوں کو مار ڈالا جائے

۴۲۸۹/۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْبَحَ يَوْمًا وَاجِمًا وَقَالَ اِنَّ جِبْرَئِيْلَ كَانَ وَعَدَنِيْ اَنْ يَّلْقَانِيَ اللَّيْلَةَ فَلَمْ يَلْقَنِيْ اَمَا وَاللّٰهِ مَا اَخْلَفَنِيْ ثُمَّ وَقَعَ فِيْ نَفْسِهٖ جِرْوُ كَلْبٍ تَحْتَ فُسْطَاطٍ لَهٗ فَاَمَرَ بِهٖ فَاُخْرِجَ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِهٖ مَاءً فَنَضَحَ مَكَانَهٗ فَلَمَّا اَمْسٰى لَقِيَهٗ جِبْرَئِيْلُ فَقَالَ لَقَدْ كُنْتُ وَعَدْتَنِيْ

حضرت ابن عباسؓ رضی میمونہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک روز صبح کے وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو خاموش و غمگین پایا گیا۔ پھر آپ نے فرمایا آج کی رات مجھ سے جبرئیلؑ نے ملاقات کا وعدہ کیا تھا لیکن مجھ سے ملاقات نہیں کی۔ خدا کی قسم جبرئیلؑ نے کبھی مجھ سے وعدہ خلافی نہیں کی۔ پھر آپ کے دل میں کتے کے اس بچہ کا خیال آیا جو آپ کے خیمہ کے نیچے پڑا تھا۔ آپ نے اس کو باہر نکال دینے کا حکم دیا چنانچہ اس کو نکال دیا گیا۔ پھر آپ نے پانی لیا اور جہاں وہ بچہ بیٹھا تھا اس جگہ

اَنْ تَلْقَانِیْ الْبَارِحَةَ قَالَ اَجَلْ وَلٰکِنَّا لَا نَدْخُلُ بَیْتًا فِیْهِ کَلْبٌ وَلَا صُوْرَةٌ فَاَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَئِذٍ فَاَمَرَ بِقَتْلِ الْکِلَابِ حَتّٰی اَنَّهٗ یَاْمُرُ بِقَتْلِ کَلْبِ الْحَائِطِ الصَّغِیْرِ وَیَتْرُکُ کَلْبَ الْحَائِطِ الْکَبِیْرِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

پر پھڑ کا پھر شام ہوئی تو جبرئیلؑ نے آپ سے ملاقات کی۔ حضورؐ نے اُن سے فرمایا کل رات آپ نے مجھ سے ملاقات کا وعدہ فرمایا تھا۔ جبرئیلؑ نے کہا ہاں لیکن ہم اُس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو دوسرے دن صبح کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ سارے کتوں کو مار ڈالا جائے یہاں تک کہ چھوٹے باغوں کے کتوں کو بھی مار ڈالنے کا حکم دیا (کہ ان کی ضرورت نہ تھی) اور بڑے باغوں کے کتوں کو آپ نے چھوڑ دیا۔ (مسلم)

آنحضرتؐ تصویر دار چیزوں کو ضائع کر دیتے تھے

۴۲۹۰/۳ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمْ یَکُنْ یَتْرُکُ فِیْ بَیْتِهٖ شَیْئًا فِیْهِ تَصَالِیْبُ اِلَّا نَقَضَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر میں کسی ایسی چیز کو نہ چھوڑا جس میں تصاویر ہوں یعنی سب کو ضائع کر دیا۔ (بخاری)

تصویر بنانے والوں کو آخرت میں عذاب بھگتنا پڑے گا

۴۲۹۱/۴ وَعَنْهَا اَنَّهَا اشْتَرَتْ نُمْرُقَةً فِیْهَا تَصَاوِیْرُ فَلَمَّا رَاٰهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَی الْبَابِ فَلَمْ یَدْخُلْ فَعَرَفْتُ فِیْ وَجْهِهِ الْکَرَاهِیَةَ قَالَتْ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُوْبُ اِلَی اللّٰهِ وَاِلٰی رَسُوْلِهٖ مَاذَا اَذْنَبْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُ هٰذِهِ النُّمْرُقَةِ قَالَتْ قُلْتُ اشْتَرَیْتُهَا لَکَ لِتَقْعُدَ عَلَیْهَا وَتَوَسَّدَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ یُعَذَّبُوْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَیُقَالُ لَهُمْ اَحْیُوْا مَا خَلَقْتُمْ وَقَالَ اِنَّ الْبَیْتَ الَّذِیْ فِیْهِ الصُّوَرُ لَا تَدْخُلُهُ الْمَلٰٓئِکَةُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ انھوں نے ایک تکیہ خریدا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب اس تکیہ کو دیکھا تو گھر کے اندر داخل نہ ہوئے باہر کھڑے رہے۔ میں نے آپ کے چہرے پر ناخوشی کے آثار پا کر عرض کیا یا رسول اللہ! میں خدا اور اس کے رسول کی مخالفت سے توبہ کرتی ہوں مجھ سے کیا گناہ ہوا؟ آپ نے فرمایا یہ تکیہ کیسا ہے؟ میں نے عرض کیا اس کو میں نے آپ کے بیٹھنے اور آرام پانے کے لئے خریدا ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی تصویریں بنانے والے قیامت کے دن عذاب دیئے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ جو چیز تم نے بنائی ہے ان میں جان ڈالو اور ان کو زندہ کرو۔ پھر فرمایا جس گھر میں تصویر ہو اس میں فرشتے نہیں آتے۔ (بخاری و مسلم)

آرائشی پردے لٹکانا ناپسندیدہ

۴۲۹۲/۵ وَعَنْهَا اَنَّهَا کَانَتْ قَدِ اتَّخَذَتْ عَلٰی سَهْوَةٍ لَهَا سِتْرًا فِیْهِ تَمَاثِیْلُ فَهَتَکَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاتَّخَذَتْ مِنْهُ نُمْرُقَتَیْنِ فَکَانَتَا فِی الْبَیْتِ یَجْلِسُ عَلَیْهِمَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ انھوں نے اپنے گھر کے چبوترے یعنی طاق پر ایک پردہ ڈالا جس میں تصویریں تھیں۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس پردہ کو پھاڑ ڈالا پھر حضرت عائشہ رضؓ نے اُس کپڑے کے ۲ تکیے بنا لئے جو گھر میں رہتے تھے اور ان پر تکیہ لگا کر بیٹھتے تھے۔ (بخاری و مسلم)

۴۲۹۳/۶ وَعَنْهَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِیْ غَزَاةٍ فَاَخَذْتُ نَمَطًا فَسَتَرْتُهٗ عَلَی الْبَابِ فَلَمَّا قَدِمَ فَرَاٰی النَّمَطَ فَجَذَبَهٗ حَتّٰی هَتَکَهٗ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَمْ یَاْمُرْنَا اَنْ نَکْسُوَ الْحِجَارَةَ

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کسی غزوہ میں تشریف لے گئے میں نے (آپ کے پیچھے) ایک کپڑا لیا اور پردہ بنا کر اس کو دروازہ پر ڈال دیا جب آپ واپس تشریف لائے اور اس پردہ کو دیکھا تو اس کو کھینچ لیا اور پھاڑ ڈالا۔ اس کے بعد فرمایا خداوند تعالیٰ نے ہم کو حکم نہیں

وَالطِّيْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) کہ ہم اینٹ اور پتھروں کو کپڑے پہنائیں۔ (بخاری و مسلم)

تصویر بنانے والے کے بارے میں وعید

۴۲۹۴ وَعَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الَّذِيْنَ يُضَاهُوْنَ بِخَلْقِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن لوگ سخت عذاب میں مبتلا ہوں گے جنھوں نے پیدائش کے معاملہ میں خدا کی مشابہت کی ہوگی (یعنی تصاویر بنائی ہونگی)

۴۲۹۵ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ يَخْلُقُ كَخَلْقِيْ فَلْيَخْلُقُوْا ذَرَّةً أَوْ لِيَخْلُقُوْا حَبَّةً أَوْ شَعِيْرَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے خداوند تعالےٰ نے فرمایا ہے اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو میری تخلیق کی طرح تخلیق کرے (یعنی جس طرح کی شکلیں میں بناتا ہوں وہ بھی بنائے) اُس کو چاہیئے کہ اگر وہ تخلیق کا مدعی ہے تو میری طرح) ایک چیونٹی پیدا کرے یا گیہوں یا جَو کا دانہ بنائے (بخاری و مسلم)

۴۲۹۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا عِنْدَ اللّٰهِ الْمُصَوِّرُوْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے خدا کے ہاں سخت سے سخت عذاب تصاویر بنانے والوں کو دیا جائے گا۔ (بخاری و مسلم)

۴۲۹۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كُلُّ مُصَوِّرٍ فِي النَّارِ يُجْعَلُ لَهٗ بِكُلِّ صُوْرَةٍ صَوَّرَهَا نَفْسٌ فَيُعَذِّبُهٗ فِيْ جَهَنَّمَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَإِنْ كُنْتَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَاصْنَعِ الشَّجَرَ وَمَا لَا رُوْحَ فِيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے۔ ہر تصویر بنانے والا آگ میں ڈالا جائے گا اور پیدا کیا جائے گا اس کی ہر تصویر کے بدلے اس شخص کو جس کی تصویر اس نے بنائی ہے۔ اور وہ شخص اس کو دوزخ میں عذاب دے گا۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں اگر تصویر بنانی ضروری ہو تو درخت یا کسی جاندار چیز کی تصویر بنالے۔ (بخاری و مسلم)

۴۲۹۸ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَحَلَّمَ بِحُلُمٍ لَمْ يَرَهٗ كُلِّفَ أَنْ يَعْقِدَ بَيْنَ شَعِيْرَتَيْنِ وَلَنْ يَفْعَلَ وَمَنِ اسْتَمَعَ إِلٰى حَدِيْثِ قَوْمٍ وَهُمْ لَهٗ كَارِهُوْنَ أَوْ يَفِرُّوْنَ مِنْهُ صُبَّ فِيْ أُذُنَيْهِ الْآنُكُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً عُذِّبَ وَكُلِّفَ أَنْ يَنْفُخَ فِيْهَا وَلَيْسَ بِنَافِخٍ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ جو شخص ایسا خواب بیان کرے جس کو اس نے نہ دیکھا ہو (یعنی جھوٹا خواب) اس سے کہا جائے گا کہ وہ دو جَو کے اندر گرہ لگائے اور وہ ہرگز ایسا نہ کر سکے گا (یعنی دو جَوؤں میں گرہ نہ لگا سکے گا) اور جو شخص کسی جماعت یا شخص کی بات کو کان لگا کر سُنے اور وہ اس کے سُننے کو بُرا سمجھتی ہو یا اُس سے نفرت رکھتی ہو تو قیامت کے دن اُس کے کانوں میں سیسہ ڈالا جائے گا اور جو شخص کوئی (جاندار کی) تصویر بنائے اس کو مجبور کیا جائے گا کہ وہ اس میں رُوح پھونکے اور وہ ہرگز روح نہ پھونک سکے گا۔ (بخاری)

نرد شیر کھیلنے کی مذمت

۴۲۹۹ وَعَنْ بُرَيْدَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ شِيْرِ فَكَأَنَّمَا صَبَغَ يَدَهٗ فِيْ لَحْمِ خِنْزِيْرٍ وَدَمِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت بریدہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص نرد شیر[1] کے ساتھ کھیلا گویا اس نے اپنے ہاتھوں کو سُور اور اس کے خون میں رنگا۔ (مسلم)

---

[1] نرد شیر ایک کھیل ہے جس کو شاپور ابن اردشیر بن بابک شاہ فارس نے ایجاد کیا تھا۔ ۱۲ مترجم

فصل دوم

بچھونے پر تصویر کا ہونا مکروہ نہیں

۴۳۰۰/۱۳ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَانِیْ جِبْرَئِیْلُ قَالَ اَتَیْتُكَ الْبَارِحَةَ فَلَمْ یَمْنَعْنِیْ اَنْ اَكُوْنَ دَخَلْتُ اِلَّا اَنَّهٗ كَانَ عَلَی الْبَابِ تَمَاثِیْلُ وَكَانَ فِی الْبَیْتِ قِرَامُ سِتْرٍ فِیْهِ تَمَاثِیْلُ وَكَانَ فِی الْبَیْتِ كَلْبٌ فَمُرْ بِرَأْسِ التِّمْثَالِ الَّذِیْ عَلٰی بَابِ الْبَیْتِ فَیُقْطَعُ فَیَصِیْرُ كَهَیْئَةِ الشَّجَرَةِ وَمُرْ بِالسِّتْرِ فَلْیُقْطَعْ فَلْیُجْعَلْ وِسَادَتَیْنِ مَنْبُوْذَتَیْنِ تُوْطَاٰنِ وَمُرْ بِالْكَلْبِ فَلْیَخْرُجْ فَفَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میرے پاس جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور فرمایا کہ کل رات میں آپ کے پاس آیا تھا لیکن میں اس لئے اندر نہیں آیا کہ دروازہ پر تصویریں تھیں اور یہ واقعہ ہے کہ گھر میں ایک منقش کپڑا تھا جس کا پردہ بنا کر دروازہ پر ڈال دیا گیا تھا اور اس میں تصویریں تھیں اور اس لئے داخل نہیں ہوا کہ گھر میں کتا تھا۔ آپ حکم دیجئے کہ جو تصویریں دروازہ پر ہیں (یعنی پردہ کے اوپر) ان کے سر کاٹ ڈالے جائیں تاکہ ان کی شکل درختوں کی سی ہو جائے پھر یہ حکم دیجئے کہ اس کو پھاڑ کر اس کے دو تکیے بنا لئے جائیں جو فرش پر پڑے رہیں اور قدموں میں روندے جائیں اور حکم دیجئے کہ کتے کو گھر سے نکال دیا جائے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

قیامت کے دن مصور وغیرہ پر مسلط کیا جانے والا خاص عذاب

۴۳۰۱/۱۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْرُجُ عُنُقٌ مِّنَ النَّارِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ لَهَا عَیْنَانِ تُبْصِرَانِ وَاُذُنَانِ تَسْمَعَانِ وَلِسَانٌ یَّنْطِقُ یَقُوْلُ اِنِّیْ وُكِّلْتُ بِثَلٰثَةٍ بِكُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ وَكُلِّ مَنْ دَعَا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَبِالْمُصَوِّرِیْنَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن ایک گردن دوزخ کے اندر سے نکلے گی جس کی دو آنکھیں ہوں گی جو دیکھتی ہوں گی دو کان ہوں گے جو سنتے ہوں گے اور زبان ہوگی جو بولتی ہوگی۔ وہ گردن اپنی زبان سے کہے گی، میں تین آدمیوں پر مقرر کی گئی ہوں (یعنی اس لئے کہ ان تین قسم کے آدمیوں کو دوزخ میں لے جاؤں اور ان پر عذاب کروں) ایک تو تکبر کرنے والے عناد رکھنے والے شخص پر۔ دوسرے اس شخص پر جو خدا کے سوا کسی اور کو اپنا خدا اور معبود بنائے اور اس کو اپنی مدد کے لئے بلائے۔ اور تیسرے ان لوگوں پر جو تصویر بناتے ہیں۔ (ترمذی)

شراب، جوا اور کوبہ حرام ہے

۴۳۰۲/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ الْخَمْرَ وَالْمَیْسِرَ وَالْكُوْبَةَ وَقَالَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ قِیْلَ الْكُوْبَةُ الطَّبْلُ۔

(رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خداوند تعالیٰ نے شراب خوری، جوئے اور کوبہ بجانے کو حرام قرار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ ہر نشہ لانے والی چیز حرام ہے بعض لوگوں کا بیان ہے کہ کوبہ ڈھول کو کہتے ہیں۔ (بیہقی)

۴۳۰۳/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ وَالْكُوْبَةِ وَالْغُبَیْرَاءِ وَالْغُبَیْرَاءُ شَرَابٌ تَعْمَلُهُ الْحَبَشَةُ مِنَ الذُّرَّةِ یُقَالُ لَهُ السُّكْرُكَةُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب، جوئے کوبہ اور غبیرا سے منع فرمایا ہے۔ غبیرا ایک قسم کی شراب ہوتی ہے جس کو حبشی لوگ جو سے بناتے ہیں اور اس کو سکرکہ کہا جاتا ہے۔ (ابوداؤد)

نرد سے کھیلنا اللہ اور اس کے رسولؐ کی نافرمانی کرنا ہے

۴۳۰۴/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ فَقَدْ عَصَی اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص نرد سے کھیلا اس نے خدا تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی نافرمانی کی۔ (احمد۔ ابوداؤد)

کبوتر بازی حرام ہے

۴۳۰۵/۱۸ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَاٰی رَجُلًا یَّتْبَعُ حَمَامَۃً فَقَالَ شَیْطَانٌ یَتْبَعُ شَیْطَانَۃً۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا جو کبوتروں کے پیچھے پڑا ہوا تھا (یعنی ان سے کھیل رہا تھا اور ان کو اڑا رہا تھا) آپ نے فرمایا یہ شیطان ہے شیطان کے پیچھے پڑا ہوا ہے۔" (احمد۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ۔ بیہقی)

فصل سوم

تصویر کشی کا پیشہ ناجائز ہے

۴۳۰۶/۱۹ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِی الْحَسَنِ قَالَ کُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ اِذْ جَاءَہٗ رَجُلٌ فَقَالَ یَا ابْنَ عَبَّاسٍ اِنِّیْ رَجُلٌ اِنَّمَا مَعِیْشَتِیْ مِنْ صَنْعَۃِ یَدِیْ وَاِنِّیْ اَصْنَعُ ھٰذِہِ التَّصَاوِیْرَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا اُحَدِّثُکَ اِلَّا مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُہٗ یَقُوْلُ مَنْ صَوَّرَ صُوْرَۃً فَاِنَّ اللّٰہَ مُعَذِّبُہٗ حَتّٰی یَنْفُخَ فِیْہِ الرُّوْحَ وَلَیْسَ بِنَافِخٍ فِیْھَا اَبَدًا فَرَبَا الرَّجُلُ رَبْوَۃً شَدِیْدَۃً وَاصْفَرَّ وَجْھُہٗ فَقَالَ وَیْحَکَ اِنْ اَبَیْتَ اِلَّا اَنْ تَصْنَعَ فَعَلَیْکَ بِھٰذَا الشَّجَرِ وَکُلِّ شَیْءٍ لَیْسَ فِیْہِ رُوْحٌ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت سعید بن ابی الحسنؓ کہتے ہیں کہ میں ابن عباسؓ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک شخص آیا اور کہا "ابن عباسؓ! میں ایک مزدور پیشہ آدمی ہوں اور میرا پیشہ ہاتھ کا ہے میں تصویر بناتا ہوں۔" ابن عباسؓ نے کہا۔ میں تم کو وہی بات سناؤں گا جو میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے میں نے حضورؐ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص تصویر بنائے گا بے شک اللہ تعالیٰ اس کو عذاب دینے والا ہے جب تک کہ وہ اس میں روح نہ پھونکے۔ اور وہ کبھی روح نہ پھونک سکے گا (یہ سنکر) اس شخص نے ایک لمبا سانس لیا اور اس کا چہرہ زرد پڑ گیا۔ ابن عباسؓ نے فرمایا تجھ پر افسوس ہے اگر تو اور پیشوں سے انکار کرتا ہے اور تصویریں بنانی ہی ضروری سمجھتا ہے تو ان درختوں کی تصویریں بنا اور ہر اس چیز کی جو بے جان ہو۔ (بخاری)

کنیسہ کا ذکر؟

۴۳۰۷/۲۰ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ لَمَّا اشْتَکَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَکَرَ بَعْضُ نِسَائِہٖ کَنِیْسَۃً یُّقَالُ لَھَا مَارِیَۃُ فَکَانَتْ اُمُّ سَلَمَۃَ وَاُمُّ حَبِیْبَۃَ اَتَتَا اَرْضَ الْحَبَشَۃِ فَذَکَرَتَا مِنْ حُسْنِھَا وَتَصَاوِیْرَ فِیْھَا فَرَفَعَ رَاْسَہٗ فَقَالَ اُولٰئِکَ اِذَا مَاتَ فِیْھِمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ بَنَوْا عَلٰی قَبْرِہٖ مَسْجِدًا ثُمَّ صَوَّرُوْا فِیْہِ تِلْکَ الصُّوَرَ اُولٰئِکَ شِرَارُ الْخَلْقِ عِنْدَ اللّٰہِ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ جب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے تو آپ کی بیویوں میں سے بعض نے ایک کنیسہ کا ذکر کیا جس کو کنیسہ ماریہ کہا جاتا تھا (اور جو حبشہ میں تھا) اور (آپ کی بیویاں) ام سلمہؓ اور ام حبیبہؓ حبشہ گئی تھیں اور ان دونوں نے اس کنیسہ کی خوبصورتی اور ان تصاویر کا ذکر کیا جو اس میں تھیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سر اٹھایا اور فرمایا۔ ان لوگوں میں سے جب کوئی مرتا ہے تو یہ لوگ اس کے اوپر مسجد بنا لیتے ہیں (یعنی عبادت خانہ) اور پھر اس میں ایسے ہی (نیک لوگوں کی) تصویریں بناتے ہیں یہ لوگ (حقیقت میں) بدترین

خدا کی مخلوق ہیں۔ (بخاری و مسلم)

سب سے سخت عذاب کن لوگوں پر ہوگا

۴۳۰۸/۲۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ قَتَلَ نَبِيًّا اَوْ قَتَلَهُ نَبِيٌّ اَوْ قَتَلَ اَحَدَ وَالِدَيْهِ وَ الْمُصَوِّرُوْنَ وَعَالِمٌ لَمْ يُنْتَفَعْ بِعِلْمِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قیامت کے دن جن لوگوں کو سخت سے سخت عذاب دیا جائے گا وہ وہ لوگ ہوں گے جنھوں نے کسی نبی کو قتل کیا ہوگا یا کسی نبی نے ان کو قتل کیا ہوگا۔ وہ جنھے اپنے والدین میں سے کسی کو قتل کیا ہوگا۔ اور تصویریں بنانے والے اور وہ عالم جن کے علوم سے ان کو کوئی فائدہ نہ پہنچا ہو (بیہقی)

شطرنج کی مذمت

۴۳۰۹/۲۲ وَعَنْ عَلِيٍّ اِنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ الشَّطْرَنْجُ هُوَ مَيْسِرُ الْاَعَاجِمِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت علی رضؓ نے بیان کیا کہ شطرنج عجمی لوگوں کا جوا ہے۔ (بیہقی)

۴۳۱۰/۲۳ وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ اَبَا مُوْسَى الْاَشْعَرِيَّ قَالَ لَا يَلْعَبُ بِالشَّطْرَنْجِ اِلَّا خَاطِئٌ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابن شہاب کہتے ہیں کہ ابو موسیٰ اشعری رضؓ نے بیان کیا ہے کہ، شطرنج وہی شخص کھیلتا ہے جو خطاکار اور گنہگار ہو۔ (بیہقی)

۴۳۱۱/۲۴ وَعَنْهُ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنْ لَعِبِ الشَّطْرَنْجِ فَقَالَ هِيَ مِنَ الْبَاطِلِ وَلَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْبَاطِلَ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الْاَرْبَعَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔

حضرت ابن عبّاس رضؓ کہتے ہیں۔ ان سے شطرنج کی بابت پوچھا گیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ لغو و باطل کھیل ہے اور خداوند تعالےٰ لغو و باطل کو پسند نہیں کرتا۔ (بیہقی)

کتے اور بلی کا فرق

۴۳۱۲/۲۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْ دَارَ قَوْمٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَدُوْنَهُمْ دَارٌ فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَاْتِيْ دَارَ فُلَانٍ وَلَا تَاْتِيْ دَارَنَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّ فِيْ دَارِكُمْ كَلْبًا قَالُوْا اِنَّ فِيْ دَارِهِمْ سِنَّوْرًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السِّنَّوْرُ سَبُعٌ۔ (رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک انصاری کے گھر تشریف لے جایا کرتے تھے حالانکہ آپ کے قریب میں اور بھی گھر تھے، ان ہمسایوں یا قریب کے گھر والوں کو آپ کا اس انصاری کے ہاں جانا شاق گزرا اور انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ فلاں انصاری کے گھر تشریف لے جاتے ہیں اور ہمارے گھروں میں تشریف نہیں لاتے؟ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اس لئے تمہارے گھروں میں نہیں آتا کہ تمہارے گھروں میں کتے پلے ہوئے ہیں۔ انھوں نے کہا اور ان کے گھر میں بلی ہے۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "بلی درندہ ہے" (جو نجاست نہیں کھاتی) (دارقطنی)

كِتَابُ الطِّبِّ وَالرُّقٰى

طب اور منتروں کا بیان

فصل اوّل

اللہ تعالےٰ نے ہر بیماری کا علاج پیدا کیا ہے

۴۳۱۳/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے،

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهٗ شِفَاءً (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

خداوند تعالےٰ نے کوئی (ایسی) بیماری پیدا نہیں کی ہے، جس کے لئے شفاء (یعنی علاج و دوا) نازل نہ کی ہو۔ (بخاری)

دوا صرف ایک ظاہری ذریعہ ہے حقیقی شفا دینے والا تو اللہ تعالےٰ ہے

۴۳۱۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ فَاِذَا اُصِيْبَ دَوَاءُ الدَّاءِ بَرَءَ بِاِذْنِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر بیماری کی دوا ہے جب دوا بیماری کے موافق ہو جاتی ہے خداوند تعالےٰ کے حکم سے بیمار اچھا ہو جاتا ہے۔ (مسلم)

تین چیزوں میں شفا ہے

۴۳۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلشِّفَاءُ فِيْ ثَلٰثٍ فِيْ شَرْطَةِ مِحْجَمٍ اَوْ شَرْبَةِ عَسَلٍ اَوْ كَيَّةٍ بِنَارٍ وَاَنَا اَنْهٰى اُمَّتِيْ عَنِ الْكَيِّ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے شفاء تین چیزوں میں ہے: سینگی لگانے والی میں، شہد پینے میں۔ آگ سے داغنے میں۔ لیکن میں اپنی امت کو داغنے کے علاج سے منع کرتا ہوں۔ (بخاری)

داغنے کا ذکر

۴۳۱۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ رُمِيَ اُبَيٌّ يَوْمَ الْاَحْزَابِ عَلٰى اَكْحَلِهٖ فَكَوَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ جنگِ احزاب (غزوۂ خندق) کے دن اُبَیّ کی رگِ ہفت اندام پر تیر آکر لگا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو داغ دیا۔ (مسلم)

۴۳۱۷ وَعَنْهُ قَالَ رُمِيَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فِيْ اَكْحَلِهٖ فَحَسَمَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ بِمِشْقَصٍ ثُمَّ وَرِمَتْ فَحَسَمَهُ الثَّانِيَةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ رضؓ کی رگِ ہفت اندام پر تیر آکر لگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیر کے پیکان سے اپنے ہاتھ سے (اس کے زخم کو) داغ دیا پھر ان کے ہاتھ پر ورم ہو گیا تو آپ نے دوبارہ اس کو داغ دیا۔ (مسلم)

۴۳۱۸ وَعَنْهُ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اُبَيِّ ابْنِ كَعْبٍ طَبِيْبًا فَقَطَعَ مِنْهُ عِرْقًا ثُمَّ كَوَاهُ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اُبَیّ بن کعب کے پاس طبیب کو بھیجا۔ طبیب نے ان کی رگ کو کاٹا اور پھر اس پر داغ دیا۔ (مسلم)

کلونجی کی خاصیت

۴۳۱۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ شِفَاءٌ مِّنْ كُلِّ دَاءٍ اِلَّا السَّامَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ اَلسَّامُ الْمَوْتُ وَالْحَبَّةُ السَّوْدَاءُ الشُّوْنِيْزُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کالا دانہ سے ہر بیماری میں شفاء ہے مگر موت سے نہیں۔ (بخاری و مسلم)

شہد کی شفا بخش تاثیر

۴۳۲۰ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اَخِيْ اسْتَطْلَقَ بَطْنُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْقِهٖ

حضرت ابو سعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میرے بھائی کو دست آتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اس کو شہد پلاؤ۔ اس نے شہد پلایا اور دوبارہ حاضر

عَسَلًا فَسَقَاهُ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ سَقَيْتُهُ فَلَمْ يَزِدْهُ إِلَّا اسْتِطْلَاقًا فَقَالَ لَهُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ جَاءَ الرَّابِعَةَ فَقَالَ اسْقِهِ عَسَلًا فَقَالَ لَقَدْ سَقَيْتُهُ فَلَمْ يَزِدْهُ إِلَّا اسْتِطْلَاقًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ اللّٰهُ وَكَذَبَ بَطْنُ أَخِيْكَ فَسَقَاهُ فَبَرَاَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہو کر عرض کیا کہ میں نے اس کو شہد پلایا تھا دست زیادہ ہونے لگے ہیں (یعنی بیماری بڑھ گئی ہے اور دستوں میں زیادتی ہو گئی ہے) آپ نے (پھر) شہد پلانے کا حکم دیا۔ تین مرتبہ ایسا ہی ہوا (یعنی اس نے دستوں کی زیادتی کی شکایت کی اور آپ نے شہد پلانے کا حکم دیا) چوتھی مرتبہ جب وہ آیا اور عرض کیا کہ میں نے اس کو شہد پلایا دستوں میں اور زیادتی ہو گئی۔ تو آپ نے فرمایا "خدا تعالیٰ نے سچ فرمایا ہے اور تیرے بھائی کا پیٹ جھوٹا ہے" چوتھی مرتبہ اس نے پھر شہد پلایا اور وہ اچھا ہو گیا۔ (بخاری و مسلم)

قسط کے فوائد

۴۳۲۱ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَمْثَلَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْحِجَامَةُ وَالْقُسْطُ الْبَحْرِيُّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جن چیزوں سے تم علاج و دوا کرتے ہو، ان میں بہترین چیز سینگی کھچوانا ہے اور بحری قسط[۱] کا استعمال کرنا۔ (بخاری و مسلم)

بچوں کے حلق کی مخصوص بیماری "عذرہ" کا علاج

۴۳۲۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُعَذِّبُوْا صِبْيَانَكُمْ بِالْغَمْزِ مِنَ الْعُذْرَةِ وَعَلَيْكُمْ بِالْقُسْطِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے عذرہ کی بیماری میں (یعنی بچوں کے حلق کی بیماری میں) تم انگلیوں سے (تالو کو دبا کر) بچوں کو اذیت نہ دو بلکہ قسط سے ان کا علاج کرو (یعنی پیس کر اس کا پانی ناک میں ٹپکاؤ) (بخاری و مسلم)

ذات الجنب کا علاج

۴۳۲۳ وَعَنْ أُمِّ قَيْسٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَدْغَرُوْنَ أَوْلَادَكُنَّ بِهٰذَا الْعِلَاقِ عَلَيْكُنَّ بِهٰذَا الْعُوْدِ الْهِنْدِيِّ فَإِنَّ فِيْهِ سَبْعَةَ أَشْفِيَةٍ مِنْهَا ذَاتُ الْجَنْبِ يُسْعَطُ مِنَ الْعُذْرَةِ وَيُلَدُّ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اُمِّ قیس رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے حلق کی بیماری میں تم اپنے بچوں کے حلق کو انگلی سے کیوں دباتی ہو تم عودِ ہندی سے ان کا علاج کرو (یعنی عودِ ہندی استعمال کرو) عودِ ہندی میں سات بیماریوں کی شفا ہے جن میں ایک ذات الجنب ہے بچوں کے حلق میں عودِ ہندی کو ناک میں ٹپکایا جائے اور ذات الجنب کی بیماری میں منہ کے اندر ٹپکایا جائے۔ (بخاری و مسلم)

بخار کا علاج اور پانی

۴۳۲۴ وَعَنْ عَائِشَةَ وَرَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْحُمّٰى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَأَبْرِدُوْهَا بِالْمَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ اور رافع بن خدیج رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بخار دوزخ کی بھاپ ہے تم اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو (یعنی ٹھنڈی دواؤں کے پانی سے یا مطلق پانی سے)۔ (بخاری و مسلم)

جھاڑ پھونک کے ذریعہ علاج کرنے کی اجازت

۴۳۲۵ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نظرِ بد

---

[۱] "کالانہ دانہ" ہکلونجی کو کہتے ہیں۔ ۱۲ مترجم [۲] ایک دوا کا نام ہے۔ ہندی اس کو "کُٹ" کہتے ہیں۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرُّقْيَةِ مِنَ الْعَيْنِ وَالْحُمَةِ وَ النَّمْلَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ڈنک اور نملہ (پہلو کی پھنسیاں) میں افسوں کرنے کی اجازت دی ہے (یعنی دُعائیں پڑھ کر ان پر پھونکنے کی اجازت دی ہے۔ (مسلم)

۴۳۲۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُسْتَرْقٰى مِنَ الْعَيْنِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم کو حکم دیا ہے کہ نظرِ بد سے ہم افسوں پڑھائیں۔ (بخاری و مسلم)

۴۳۲۷ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى فِي بَيْتِهَا جَارِيَةً فِي وَجْهِهَا سَفْعَةٌ تَعْنِي صُفْرَةً فَقَالَ اسْتَرْقُوْا لَهَا فَاِنَّ بِهَا النَّظْرَةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت امّ سلمہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان کے گھر میں ایک لڑکی کو دیکھا جس کا چہرہ زرد تھا آپ نے فرمایا اس پر منتر پڑھاؤ اس کو نظر لگی ہے۔ (بخاری و مسلم)

۴۳۲۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرُّقٰى فَجَاءَ اٰلُ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهٗ كَانَتْ عِنْدَنَا رُقْيَةٌ نَرْقِيْ بِهَا مِنَ الْعَقْرَبِ وَاَنْتَ نَهَيْتَ عَنِ الرُّقٰى فَعَرَضُوْهَا عَلَيْهِ فَقَالَ مَا اَرٰى بِهَا بَاْسًا مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يَنْفَعَ اَخَاهُ فَلْيَنْفَعْهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منتر اور افسوں سے منع فرمایا ہے (اس ممانعت کے بعد) عمرو بن حزم کے خاندان کے لوگ آئے اور عرض کیا یا رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! ہمارے پاس ایک منتر ہے جس کو ہم بچھو کے کاٹے پر پڑھا کرتے تھے۔ اب آپ نے منتروں سے منع فرما دیا ہے (ہم کیا کریں) اس کے بعد انھوں نے اس منتر کو پڑھ کر سُنایا تو آپ نے فرمایا میں اس منتر میں کوئی حرج نہیں دیکھتا۔ تم میں سے جو شخص اپنے (کسی) بھائی کو نفع پہنچا سکے وہ فائدہ پہنچائے۔ (مسلم)

۴۳۲۹ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ كُنَّا نَرْقِيْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرٰى فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ اعْرِضُوْا عَلَيَّ رُقَاكُمْ لَا بَاْسَ بِالرُّقٰى مَا لَمْ يَكُنْ فِيْهِ شِرْكٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عوفؓ بن مالک اشجعی کہتے ہیں کہ ایامِ جاہلیت میں (اسلام سے پہلے) ہم لوگ منتر پڑھا کرتے تھے (اسلام لانے کے بعد) ہم نے عرض کیا یا رسُول اللہ! آپ ان منتروں کی بابت کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا تم اپنے منتر مجھے سُناؤ۔ جب تک ان منتروں میں شرک نہ ہو، ان میں کوئی حرج نہیں دیکھتا۔ (مسلم)

نظرِ بد لگنا ایک حقیقت ہے

۴۳۳۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَيْنُ حَقٌّ فَلَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابَقَ الْقَدَرَ سَبَقَتْهُ الْعَيْنُ وَاِذَا اسْتُغْسِلْتُمْ فَاغْسِلُوْا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے نظر حق ہے (یعنی نظر لگ جانا درست ہے) اگر کوئی چیز تقدیر پر سبقت لے جانے والی ہوتی تو نظر ہی ہوتی (یعنی تقدیر کو کوئی چیز بدلنے والی ہوتی تو نظر ہی ہوتی) اور جب تم سے دھونے کا مطالبہ کیا جائے تو تم دھو ڈالو[1] (مسلم)

فصل دوم

حق تعالےٰ نے ہر مرض کا علاج پیدا کیا ہے

۴۳۳۱ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ قَالَ قَالُوْا يَا

حضرت اُسامہ بن شریک کہتے ہیں صحابہ رضؓ نے عرض کیا یا رسُول اللہ!

---

[1] اُس وقت عرب میں یہ دستور تھا کہ جس شخص کی نظر لگتی تھی اُس کے ہاتھ پاؤں اور زیرِ ناف کو پانی سے دھو کر اُس شخص پر وہ پانی ڈالتے تھے جس کو نظر لگتی تھی اور اس کو شفاء کا سبب سمجھتے تھے۔ آں حضرتؐ نے اس کی اجازت دی ہے اور فرمایا ہے "اگر تم سے تمہارے اعضاء کو دھو کر مریض پر ڈالنے کا مطالبہ کیا جائے تو اس کو منظور کر لو۔ ۱۲ مترجم

رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَنَتَدَاوٰی قَالَ نَعَمْ یَا عِبَادَ اللّٰهِ تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَمْ یَضَعْ دَاءً اِلَّا وَضَعَ لَهٗ شِفَاءً غَیْرَ دَاءٍ وَاحِدٍ اَلْهَرَمُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

(کیا بیماری میں) ہم علاج و دوا کریں؟ آپ نے فرمایا ہاں! خدا کے بندو دوا (اور علاج) کرو۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے جو بیماری پیدا کی ہے اُس کے لئے شفاء (اور علاج و دوا) بھی رکھی ہے مگر ایک بیماری کا علاج نہیں پیدا کیا اور وہ بیماری بڑھاپا ہے۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد)

مریض کو زبردستی نہ کھلاؤ پلاؤ

۴۳۳۲/۲۰ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تُكْرِهُوْا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ فَاِنَّ اللّٰهَ یُطْعِمُهُمْ وَیَسْقِیْهِمْ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

حضرت عقبہ بن عامر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے بیماروں کو زبردستی کھانا نہ کھلایا کرو (یعنی کھانا کھانے پر ان کو مجبور نہ کیا کرو) اس لئے کہ خداوند تعالیٰ ان کو کھلاتا پلاتا ہے۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ) ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے۔

سُرخ بادہ کا علاج

۴۳۳۳/۲۱ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَوٰى اَسْعَدَ بْنَ زُرَارَةَ مِنَ الشَّوْكَةِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ۔)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد بن زرارہ کے جسم پر سُرخ بادہ کی بیماری میں داغ دیا۔ (ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)۔

ذات الجنب کا علاج

۴۳۳۴/۲۲ وَعَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَتَدَاوٰی مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ بِالْقُسْطِ الْبَحْرِیِّ وَالزَّیْتِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت زید بن ارقم رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو حکم دیا کہ ذات الجنب کا علاج بحری قسط اور زیتون کے تیل سے کریں۔ (ترمذی)

۴۳۳۵/۲۳ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَنْعَتُ الزَّیْتَ وَالْوَرْسَ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت زید بن ارقم رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذات الجنب کی بیماری کے لئے روغنِ زیتون اور ورس کی تعریف کی ہے۔ (ترمذی)

شنا بہترین دوا ہے

۴۳۳۶/۲۴ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَیْسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَهَا بِمَا تَسْتَمْشِیْنَ قَالَتْ بِالشُّبْرُمِ قَالَ حَارٌّ حَارٌّ قَالَتْ ثُمَّ اسْتَمْشَیْتُ بِالسَّنَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ شَیْئًا كَانَ فِیْهِ الشِّفَاءُ مِنَ الْمَوْتِ كَانَ فِی السَّنَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ۔ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)

حضرت اسماء بنت عمیس رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے (یعنی اسماء رضؓ سے) دریافت فرمایا تم کس چیز سے مسہل (جلاب) لیتی ہو؟ انھوں نے (یعنی اسماء رضؓ نے) کہا شبرم سے۔ آپ نے فرمایا یہ گرم ہے، گرم ہے۔ اسماء رضؓ کہتی ہیں کہ پھر میں نے سنا سے مسہل لیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کسی چیز میں موت سے شفا ہوتی (یعنی موت کا علاج کسی دوا میں ہوتا) تو وہ سنا تھی۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ) (ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

حرام چیزوں کے ذریعہ علاج معالجہ نہ کرو

۴۳۳۷/۲۵ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ الدَّاءَ وَ

حضرت ابودرداء رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ نے بیماری بھی پیدا کی ہے اور بیماری کی دوا بھی

وَالدَّوَاءَ وَجَعَلَ لِكُلِّ دَآءٍ دَوَآءً فَتَدَاوَوْا وَلَا تَدَاوَوْا بِالْحَرَامِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

اور ہر بیماری کی ایک دوا مقرر فرمائی ہے۔ تم دوا سے (بیماری کا) علاج کرو لیکن حرام چیز سے علاج نہ کرو۔ (ابوداؤد)

جس دوا کو طبیعت قبول نہ کرے وہ زیادہ کارگر نہیں ہوتی

۴۳۳۸/۲۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّوَآءِ الْخَبِیْثِ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خبیث (نجس) دوا سے (علاج کرنے کو) منع فرمایا ہے۔ (احمد ابوداؤد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ)

سر اور پاؤں کے درد کا علاج

۴۳۳۹/۲۷ وَعَنْ سَلْمٰی خَادِمَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ مَا كَانَ اَحَدٌ یَشْتَكِیْ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَجَعًا فِیْ رَاْسِهٖ اِلَّا قَالَ اِحْتَجِمْ وَلَا وَجَعًا فِیْ رِجْلَیْهِ اِلَّا قَالَ اخْتَضِبْهُمَا (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ) (ابوداؤد)

جناب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خادمہ سلمیٰ رضؓ کہتی ہیں کہ جو شخص رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حضور میں سر کی بیماری کی شکایت پیش کرتا آپ اس کو سینگیاں کھچوانے کا حکم دیتے اور جو شخص پاؤں کے درد کی شکایت کرتا اس کو مہندی لگانے کا حکم دیتے۔

زخم کا علاج

۴۳۴۰/۲۸ وَعَنْهَا قَالَتْ مَا كَانَ یَكُوْنُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَرْحَةٌ وَلَا نَكْبَةٌ اِلَّا اَمَرَنِیْ اَنْ اَضَعَ عَلَیْهَا الْحِنَّاءَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت سلمیٰ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے جسم پر جب کوئی زخم آجاتا (تلوار۔ چھری یا اور کسی ایسی ہی چیز کا) یا پتھر اور کانٹے سے آپ زخمی ہو جاتے، تو آپ مجھ کو حکم دیتے کہ میں اس زخم پر مہندی کی لُبدی رکھ دوں۔ (ترمذی)

سینگی کھچوانے کا ذکر

۴۳۴۱/۲۹ وَعَنْ اَبِیْ كَبْشَةَ الْاَنْمَارِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یَحْتَجِمُ عَلٰی هَامَتِهٖ وَبَیْنَ كَتِفَیْهِ وَیَقُوْلُ مَنْ اَهْرَاقَ مِنْ هٰذِهِ الدِّمَآءِ فَلَا یَضُرُّهٗ اَنْ لَّا یَتَدَاوٰی بِشَیْءٍ لِشَیْءٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابی کبشہ انماری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنے سر پر اور اپنے دونوں مونڈھوں کے درمیان سینگیاں کھچواتے اور فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص ان خونوں میں سے (سر اور مونڈھوں کے خونوں میں سے) کچھ نکال دیا کرے (یعنی فاسد خون) وہ اگر کسی بیماری میں کسی دوا سے علاج نہ کرے تو کوئی ضرر نہیں پہنچتا۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۴۳۴۲/۳۰ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِحْتَجَمَ عَلٰی وَرِكِهٖ مِنْ وَثْیٍ كَانَ بِهٖ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے موچ آجانے کے سبب اپنے کولہے پر بھری ہوئی سینگیاں کھچوائیں۔ (ابوداؤد)

۴۳۴۳/۳۱ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَیْلَةِ اُسْرِیَ بِهٖ اَنَّهٗ لَمْ یَمُرَّ عَلٰی مَلَاٍ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِلَّا اَمَرُوْهُ مُرْ اُمَّتَكَ بِالْحِجَامَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ۔ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے معراج کے واقعہ کی اطلاع دیتے ہوئے فرمایا کہ آپ ملائکہ کی جس جماعت کے پاس سے گزرے اس نے آپ سے یہی عرض کیا کہ اپنی امت کو سینگیاں لگوانے کا حکم دو۔ (ترمذی ابن ماجہ) ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔

مینڈک کی دوا بنانے کی ممانعت

۴۳۴۴/۳۲ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ اَنَّ طَبِيْبًا سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضِفْدَعٍ يَجْعَلُهَا فِيْ دَوَاءٍ فَنَهَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِهَا (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عبدالرحمٰن رضؓ بن عثمان کہتے ہیں کہ ایک طبیب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ اگر مینڈک کو دوا میں شامل کر دیا جائے تو کیا حکم ہے؟ آپ نے مینڈک کو مارنے (اور دوا میں شامل کرنے سے) منع فرمایا۔ (ابوداؤد)

آنحضرت ﷺ کے پچھنے لگوانے کا ذکر

۴۳۴۵/۳۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْتَجِمُ فِي الْاَخْدَعَيْنِ وَالْكَاهِلِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَكَانَ يَحْتَجِمُ لِسَبْعَ عَشْرَةَ وَتِسْعَ عَشْرَةَ وَاِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گردن کی طرف دو رگوں اور مونڈھوں کے درمیان سینگیاں کھچوایا کرتے تھے۔ (ابوداؤد اور ترمذی۔ ابن ماجہ نے یہ الفاظ زیادہ لکھے ہیں کہ آپ سترھویں انیسویں اور اکیسویں تاریخ کو سینگیاں کھچوایا کرتے تھے۔

پچھنے لگوانے کے دن

۴۳۴۶/۳۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَحِبُّ الْحِجَامَةَ لِسَبْعَ عَشْرَةَ وَتِسْعَ عَشْرَةَ وَاِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سترھویں انیسویں اور اکیسویں تاریخوں میں سینگیاں کھچوانا پسند فرماتے تھے۔ (شرح السنۃ)

۴۳۴۷/۳۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ احْتَجَمَ لِسَبْعَ عَشْرَةَ وَتِسْعَ عَشْرَةَ وَاِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ كَانَ شِفَاءً مِّنْ كُلِّ دَاءٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص سترھویں، انیسویں اور اکیسویں تاریخوں میں بھری ہوئی سینگیاں کھچوائے اس کو ہر بیماری سے شفا ہوتی ہے۔ (ابوداؤد)

۴۳۴۸/۳۶ وَعَنْ كَبْشَةَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرَةَ اَنَّ اَبَاهَا كَانَ يَنْهٰى اَهْلَهٗ عَنِ الْحِجَامَةِ يَوْمَ الثُّلٰثَاءِ وَيَزْعَمُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ يَوْمَ الثُّلٰثَاءِ يَوْمُ الدَّمِ وَفِيْهِ سَاعَةٌ لَا يَرْقَاُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

کبشہ بنت ابی بکرہ رضؓ کہتی ہیں کہ اُن کے والد اپنے گھر والوں کو منگل کے دن سینگیاں کھچوانے سے منع کرتے تھے اور کہتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ منگل کا دن خون (کے غلبہ یا دوران) کا دن ہے اور اُس دن میں ایک ایسی گھڑی ہے جس میں خون نکلوانے سے پھر نہیں رُکتا۔ (ابوداؤد)

۴۳۴۹/۳۷ وَعَنِ الزُّهْرِيِّ مُرْسَلًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَجَمَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ اَوْ يَوْمَ السَّبْتِ فَاَصَابَهٗ وَضَحٌ فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ وَقَدْ اُسْنِدَ وَلَا يَصِحُّ)۔

زہری رحؒ مرسلاً نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ناقل ہیں کہ جو شخص بدھ یا ہفتہ کے دن سینگیاں کھچوائے اور اُس کو برص یا کوڑھ ہو جائے، تو وہ آپ ہی اپنے کو ملامت کرے۔ (احمد و ابوداؤد۔ ابوداؤد کہتے ہیں، یہ حدیث مرفوعاً بھی مروی ہے لیکن صحیح نہیں)۔

۴۳۵۰/۳۸ وَعَنْهُ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَجَمَ اَوِ ادْهَنَ يَوْمَ السَّبْتِ اَوِ

زہری رحؒ سے مرسلاً نقل ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص بدھ یا ہفتہ کے دن بھری ہوئی سینگیاں کھچوائے

الْاَرْبِعَاءِ فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ فِي الْوَضِيْحِ۔
(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

یا کسی عضو پر دوا کا لیپ کرے اگر اس کو برص یا کوڑھ ہو جائے تو وہ اپنے آپ ہی کو برا بھلا کہے۔ (شرح السنۃ)

ٹوٹکہ کی ممانعت

۴۳۵۱/۳۹ وَعَنْ زَيْنَبَ امْرَأَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَاٰى فِيْ عُنُقِيْ خَيْطًا فَقَالَ مَا هٰذَا فَقُلْتُ خَيْطٌ رُقِيَ لِيْ فِيْهِ قَالَتْ فَاَخَذَهٗ فَقَطَعَهٗ ثُمَّ قَالَ اَمَا اٰلُ عَبْدِ اللّٰهِ لَاَغْنِيَاءُ عَنِ الشِّرْكِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الرُّقٰى وَالتَّمَائِمَ وَالتِّوَلَةَ شِرْكٌ فَقُلْتُ لِمَ تَقُوْلُ هٰذَا لَقَدْ كَانَتْ عَيْنِيْ تَقْذِفُ وَكُنْتُ اَخْتَلِفُ اِلٰى فُلَانٍ الْيَهُوْدِيِّ فَاِذَا رَقَاهَا سَكَنَتْ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّمَا ذٰلِكَ عَمَلُ الشَّيْطٰنِ كَانَ يَنْخُسُهَا بِيَدِهٖ فَاِذَا رُقِيَ كَفَّ عَنْهَا اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيْكِ اَنْ تَقُوْلِيْ كَمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ کی بیوی زینب رضؓ کہتی ہیں کہ عبداللہ (یعنی ان کے شوہر) نے ان کی گردن میں تاگا پڑا دیکھا اور مجھ سے پوچھا یہ کیا ہے؟ میں نے کہا گنڈہ ہے جس پر میرے لئے منتر پڑھا گیا ہے۔ حضرت عبداللہ رضؓ نے یہ سنکر کہا۔ عبداللہ کے گھر والو! تم شرک سے بالکل بے پرواہ ہو، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ منتر، منکے اور ٹوٹکے شرک ہیں۔ میں نے کہا۔ تم یہ کیا کہتے ہو۔ میری آنکھ (درد سے) نکلی پڑتی تھی اور میں فلاں یہودی کے پاس آیا جایا کرتی تھی۔ اس یہودی نے (ادھر) منتر پڑھا (دم کیا) اور آرام ہو گیا۔ عبداللہ رضؓ نے کہا یہ شیطان کا کام ہے وہ اپنے ہاتھ سے آنکھ کو دباتا تھا۔ جب منتر پڑھا گیا تو اس نے دبانا چھوڑ دیا تجھ کو صرف وہ کلمات کہنے کافی تھے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا کرتے تھے (یعنی یہ کہ) اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا۔
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ) (ابوداؤد)

نشرہ شیطان کا کام ہے

۴۳۵۲/۴۰ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النُّشْرَةِ فَقَالَ هُوَ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ۔
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نشرہ کی بابت پوچھا گیا (نشرہ ایک افسوں ہے جو آسیب زدہ پر پڑھا جاتا ہے) آپ نے فرمایا وہ شیطان کا کام ہے۔ (ابوداؤد)

لاپرواہ لوگوں کے کام

۴۳۵۳/۴۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا اُبَالِيْ مَا اَتَيْتُ اِنْ اَنَا شَرِبْتُ تِرْيَاقًا اَوْ تَعَلَّقْتُ تَمِيْمَةً اَوْ قُلْتُ الشِّعْرَ مِنْ قِبَلِ نَفْسِيْ۔
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے میں کسی عمل کی پرواہ نہیں کرتا (یعنی کسی عمل کو کرنے کی) یعنی یہ کہ تریاق ہوں گلے میں منکا لٹکاؤں یا اپنے دل سے (ارادہ اور قصد سے) شعر کہوں (یعنی مجھ کو ان چیزوں کو عمل میں لانے کی ضرورت نہیں ہے۔) ابوداؤد)

جھاڑ پھونک وغیرہ توکل کے منافی ہے

۴۳۵۴/۴۲ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ ابْنِ شُعْبَةَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اكْتَوٰى اَوِ اسْتَرْقٰى فَقَدْ بَرِيَ مِنَ التَّوَكُّلِ۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضؓ کہتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص داغ دلوائے یا منتر پڑھوائے وہ توکل (خدا پر بھروسہ رکھنے) سے بری ہے۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِيُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ)

(احمد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ)

۴۳۵۵/۴۳ وَعَنْ عِيسَى بْنِ حَمْزَةَ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَكِيمٍ وَبِهِ حُمَّرَةٌ فَقُلْتُ اَلَا تُعَلِّقُ تَمِيمَةً فَقَالَ نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّقَ شَيْئًا وُكِّلَ اِلَيْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عیسیٰ بن حمزہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں عبداللہ بن حکیم کے پاس گیا۔ ان کا جسم (بیماری سے) سُرخ تھا۔ میں نے کہا تم تعویذ کیوں نہیں باندھتے؟ انھوں نے کہا ہم خدا کے ذریعہ اس سے پناہ چاہتے ہیں (اس لئے کہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کوئی چیز لٹکائے یا باندھے، وہ اسی کے حوالہ کر دیا جاتا ہے۔ (ابوداؤد)

جھاڑ پھونک کے اثر کا ذکر

۴۳۵۶/۴۴ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا رُقْيَةَ اِلَّا مِنْ عَيْنٍ اَوْ حُمَةٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ بُرَيْدَةَ۔)

حضرات عمران بن حصین رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے منتر اثر نہیں کرتا مگر نظر یا زہردار چیز کے ڈنک پر۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد)

ابن ماجہ نے اسے بریدہ رضؓ سے روایت کیا ہے۔

۴۳۵۷/۴۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا رُقْيَةَ اِلَّا مِنْ عَيْنٍ اَوْ حُمَةٍ اَوْ دَمٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے منتر اثر نہیں کرتا مگر نظر یا زہردار جانور کے ڈنک یا خون پر (یعنی نکسیر کے خون پر یا مطلق خون کی روانی یا فسادِ خون پر)۔ (ابوداؤد)

تیرِ نظر کا ذکر

۴۳۵۸/۴۶ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ وَلَدَ جَعْفَرٍ تُسْرِعُ اِلَيْهِمُ الْعَيْنُ اَفَاسْتَرْقِي لَهُمْ قَالَ نَعَمْ فَاِنَّهُ لَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابَقَ الْقَدَرَ لَسَبَقَتْهُ الْعَيْنُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت اسماء بنت عمیس رضؓ کہتی ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! جعفر (طیار رضؓ) کی اولاد کو بہت نظر لگتی ہے کیا ان کے لئے منتر پڑھواؤں؟ آپ نے فرمایا، ہاں اگر تقدیر پر کوئی چیز سبقت لے جاتی تو وہ نظر تھی۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ)

نملہ کا منتر

۴۳۵۹/۴۷ وَعَنِ الشِّفَاءِ بِنْتِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَتْ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا عِنْدَ حَفْصَةَ فَقَالَ اَلَا تُعَلِّمِيْنَ هٰذِهِ رُقْيَةَ النَّمْلَةِ كَمَا عَلَّمْتِيْهَا الْكِتَابَةَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت شفاء بنت عبداللہ رضؓ کہتی ہیں کہ میں حضرت حفصہ رضؓ کے پاس بیٹھی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا کیا تو حفصہ رضؓ کو اسی طرح نملہ کا منتر نہیں سکھاتی جس طرح تو نے اس کو لکھنا سکھایا۔

نظر لگنے کا ایک واقعہ

۴۳۶۰/۴۸ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ ابْنِ حُنَيْفٍ يَغْتَسِلُ قَالَ وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاةٍ قَالَ فَلُبِطَ سَهْلٌ فَاُتِيَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيْلَ لَهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ لَكَ فِيْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ وَاللّٰهِ مَا يَرْفَعُ رَاْسَهُ فَقَالَ

حضرت ابی امامہ رضؓ بن سہل بن حنیف کہتے ہیں کہ عامر بن ربیعہ نے سہل بن حنیف کو غسل کرتے دیکھا ہے اور کہا خدا کی قسم آج کے دن کے مانند کوئی دن میں نے نہیں دیکھا اور نہ کسی پردہ نشین کے جسم کی جلد اس کی (یعنی سہل بن حنیف کی جلد کی) جلد کے مانند دیکھی راوی کا بیان ہے کہ (ان الفاظ کے اس کی زبان سے نکلتے ہی سہل بن

هَلْ تَتَّهِمُوْنَ لَهٗ اَحَدًا فَقَالُوْا نَتَّهِمُ عَامِرَ بْنَ رَبِيْعَةَ قَالَ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرًا فَتَغَلَّظَ عَلَيْهِ وَقَالَ عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ اِلَّا بَرَّكْتَ اِغْتَسِلْ لَهٗ فَغَسَلَ لَهٗ عَامِرٌ وَجْهَهٗ وَيَدَيْهِ وَمِرْفَقَيْهِ وَرُكْبَتَيْهِ وَاَطْرَافَ رِجْلَيْهِ وَدَاخِلَةَ اِزَارِهٖ فِيْ قَدَحٍ ثُمَّ صُبَّ عَلَيْهِ فَرَاحَ مَعَ النَّاسِ لَيْسَ لَهٗ بَأْسٌ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوَاهُ مَالِكٌ وَفِيْ رِوَايَتِهٖ قَالَ اِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ تَوَضَّأْ لَهٗ فَتَوَضَّأَ لَهٗ)۔

حنیفؓ زمین پر گر پڑے۔ پھر اُن کو اُٹھا کر رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا اور عرض کیا گیا، یا رسُول اللہ! کیا آپ سہل کے علاج کی طرف توجہ فرمائیں گے۔ خدا کی قسم وہ اپنا سر بھی نہیں اُٹھا سکتا آپ نے فرمایا تم کس پر اس کا گمان رکھتے ہو کہ اس کی نظر اس کو لگی ہے؟ لوگوں نے عرض کیا ہمارا خیال ہے عامر بن ربیعہ کی نظر لگی ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ یہ سُن کر رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عامر بن ربیعہ کو بلایا اور اُس سے سخت الفاظ کہے اور پھر فرمایا تم میں سے کوئی شخص کیوں اپنے بھائی کو قتل کرتا ہے تو نے برکت کی دُعا کیوں نہیں کی۔ پھر اس سے فرمایا اب تو اپنے اعضاء کو پانی سے دھو (اور سہلؓ پر وہ پانی ڈال) عامرؓ نے اپنے مُنہ ہاتھوں، کہنیوں، گھٹنوں، پاؤں کی انگلیوں پورے اور زیر ناف حصّہ جسم کو دھویا اور ایک پیالہ میں اس پانی کو جمع کیا۔ اور پھر اس پانی کو سہلؓ پر ڈال دیا۔ (پس) سہل اُٹھ کھڑا ہوا اور لوگوں کے ساتھ چل دیا اور کوئی تکلیف باقی نہ رہی۔ (شرح السُّنّۃ)

اور مالک کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے عامرؓ سے فرمایا: نظر حق ہے تو سہلؓ کے لئے وضو کر، چنانچہ اُس نے وضو کیا

پناہ مانگنے کا ذکر

۴۳۶۱/۴۹ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ مِنَ الْجَانِّ وَعَيْنِ الْاِنْسَانِ حَتّٰى نَزَلَتِ الْمُعَوِّذَتَانِ فَلَمَّا نَزَلَتْ اَخَذَ بِهِمَا وَتَرَكَ مَا سِوَاهُمَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ)۔

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جنّوں اور انسانوں کی نظر سے پناہ مانگا کرتے تھے یہاں تک کہ معوّذات (سُورۃ قل اعوذ برب الناس اور سُورۃ قل اعوذ برب الفلق) نازل ہوئیں۔ جب یہ دونوں سُورتیں نازل ہو چکیں تو آپ اُن کے ذریعہ پناہ مانگنے لگے اور دوسری چیزوں کے ذریعہ پناہ مانگنی چھوڑ دی۔
(ترمذی۔ ابن ماجہ) ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے)۔

مغربون کا ذکر

۴۳۶۲/۵۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ رُئِيَ فِيْكُمُ الْمُغَرِّبُوْنَ قَالَ الَّذِيْنَ يَشْتَرِكُ فِيْهِمُ الْجِنُّ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَذُكِرَ حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ خَيْرُ مَا تَدَاوَيْتُمْ فِيْ بَابِ التَّرَجُّلِ۔

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں۔ مجھ سے رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم کو مُغرّبون اپنے اندر دکھائی دیتے ہیں۔ میں نے عرض کیا۔ مغرّبون کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا مغرّبون وہ جنّ ہیں جو ان میں شریک ہوتے ہیں[1]۔ (ابوداؤد) اور ابن عباس رضؓ کی حدیث "خَيْرُ مَا تَدَاوَيْتُمْ الخ" باب الترجّل میں بیان کی جا چکی ہے۔

---

[1] حدیث میں ہے کہ انسان اگر بیوی سے جماع کرتے وقت خدا کا ذکر نہ کرے یعنی یہ دُعا نہ پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا تو شیطان اپنا جسم اُس کے جسم سے مِلا لیتا ہے اور اس کے ساتھ عورت سے جماع کرتا ہے جیسا کہ کلام مجید میں ہے: وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ۔ ۱۲ مترجم

فصل سوم

معدے کی مثال

۶۳۶۳/۵۱ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَعِدَةُ حَوْضُ الْبَدَنِ وَالْعُرُوْقُ اِلَیْهَا وَارِدَةٌ فَاِذَا صَحَّتِ الْمَعِدَةُ صَدَرَتِ الْعُرُوْقُ بِالصِّحَّةِ وَاِذَا فَسَدَتِ الْمَعِدَةُ صَدَرَتِ الْعُرُوْقُ بِالسَّقَمِ۔ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ)

حضرت ابی ہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے معدہ بدن کا حوض ہے اور بدن کی رگیں اس حوض کی طرف آتی ہیں (یعنی جسم انسانی کے اعضاء کی رگیں اس حوض سے وابستہ ہیں) جب معدہ درست ہوتا ہے تو یہ رگیں بدن کی صحت کو قائم رکھنے کے لئے معدہ سے موادِ صالحہ حاصل کرتی رہتی ہیں اور جب معدہ خراب ہوتا ہے تو رگیں خراب مواد حاصل کر کے علالت کا سبب بنتی ہیں۔ (بیہقی)

بچھو کے کاٹے کا علاج

۴۳۶۴/۵۲ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ بَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَیْلَةٍ یُصَلِّیْ فَوَضَعَ یَدَهٗ عَلَی الْاَرْضِ فَلَدَغَتْهُ عَقْرَبٌ فَنَاوَلَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِنَعْلِهٖ فَقَتَلَهَا فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْعَقْرَبَ مَا تَدَعُ مُصَلِّیًا وَّلَا غَیْرَهٗ اَوْ نَبِیًّا وَّغَیْرَهٗ ثُمَّ دَعَا بِمِلْحٍ وَّمَاءٍ فَجَعَلَهٗ فِیْ اِنَاءٍ ثُمَّ جَعَلَ یَصُبُّهٗ عَلٰی اِصْبَعِهٖ حَیْثُ لَدَغَتْهُ وَیَمْسَحُهَا وَیُعَوِّذُهَا بِالْمُعَوِّذَتَیْنِ (رَوَاهُمَا الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)۔

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ ایک روز رات کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے کہ اپنا ہاتھ زمین پر رکھا اور بچھو نے آپ کو کاٹ لیا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جوتی کو اٹھایا اور بچھو کو مار ڈالا۔ پھر جب آپ نماز سے فارغ ہو گئے تو فرمایا بچھو پر خدا کی لعنت ہو نمازی کو چھوڑتا ہے نہ بے نمازی کو۔ یا یہ فرمایا نبی کو چھوڑتا ہے نہ غیر نبی کو۔ اس کے بعد آپ نے نمک اور پانی منگوایا اور ایک برتن میں دونوں کو ڈال کر اس سے اپنی انگلی کو دھارا اور انگلی کو ملا، پھر قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھیں (بیہقی)

آنحضرتؐ کے موئے مبارک کی برکت

۴۳۶۵/۵۳ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ اَرْسَلَنِیْ اَهْلِیْ اِلٰی اُمِّ سَلَمَةَ بِقَدَحٍ مِّنْ مَّاءٍ وَّكَانَ اِذَا اَصَابَ الْاِنْسَانَ عَیْنٌ اَوْ شَیْءٌ بَعَثَ اِلَیْهَا مِخْضَبَهٗ فَاَخْرَجَتْ مِنْ شَعْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ تُمْسِكُهٗ فِیْ جُلْجُلٍ مِّنْ فِضَّةٍ فَاَخْرَجَتْ شَعَرَاتٍ حُمْرًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عثمان بن عبداللہ بن وہبؓ کہتے ہیں کہ مجھ کو میرے گھر والوں نے پانی کا ایک پیالہ دے کر اُمِّ سلمہؓ کے پاس بھیجا۔ عادت یہ تھی کہ جب کسی کو نظر لگتی یا کوئی بیماری ہوتی تو اُمِّ سلمہؓ پاس پانی کا ایک پیالہ بھیجا جاتا۔ اُمِّ سلمہؓ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا بال نکالتیں جو چاندی کی ایک نلکی میں بند رہتا تھا اور اس بال کو پانی میں ڈال کر حرکت دیتیں اور پھر اس پانی کو مریض کو پلا دیا جاتا۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے چاندی کی اس نلکی میں جھانک کر دیکھا تو اس میں حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے کئی سُرخ بال تھے۔ (بخاری)

کھنبی کے خواص

۴۳۶۶/۵۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ نَاسًا مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْكَمْاَةُ جُدَرِیُّ الْاَرْضِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْكَمْاَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے چند صحابہؓ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ کنبھی زمین کی چیچک ہے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کنبھی منّ کی قسم میں سے ہے اور اس کا پانی آنکھ لئے شفاء ہے اور عجوہ کھجور بہشت کی کھجور ہے اور اس میں

شِفَاءٌ لِّلْعَيْنِ وَالْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ وَهِيَ شِفَاءٌ مِّنَ السَّمِّ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَاَخَذْتُ ثَلٰثَةَ اَكْمُؤٍ اَوْ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا فَعَصَرْتُهُنَّ وَجَعَلْتُ مَاءَهُنَّ فِيْ قَارُوْرَةٍ وَّكَحَلْتُ بِهٖ جَارِيَةً لِّيْ عَمْشَاءَ فَبَرَءَتْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ۔)

زہر سے شفا کی خاصیت ہے ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں میں نے تین یا پانچ یا سات کھنبیاں لیں ان کا پانی نچوڑا اور اس پانی کو شیشی میں بھر لیا۔ پھر میں نے ایک چندھی لونڈی کی آنکھ میں اُس پانی کو ڈالا، وہ اچھی ہوگئی۔ (ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔)

شہد کی فضیلت

۴۳۶۷/۵۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَعِقَ الْعَسَلَ ثَلَاثَ غَدَوَاتٍ فِيْ كُلِّ شَهْرٍ لَمْ يُصِبْهُ عَظِيْمٌ مِّنَ الْبَلَاءِ (ابن ماجۃ و بیہقی)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص ہر مہینہ میں تین دن صبح کے وقت شہد کو چاٹ لے وہ پھر کسی بڑی مصیبت و بلا میں مبتلا نہیں ہوتا۔ (ابن ماجہ۔ بیہقی)

۴۳۶۸/۵۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالشِّفَاءَيْنِ الْعَسَلِ وَالْقُرْاٰنِ رَوَاهُمَا ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ وَالصَّحِيْحُ اَنَّ الْخَبَرَ مَوْقُوْفٌ عَلٰى ابْنِ مَسْعُوْدٍ رضؓ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دو شفا دینے والی چیزوں کو اپنے اوپر لازم کرلو (یعنی ان کا استعمال ضرور کیا کرو) ایک تو شہد دوسرے قرآن۔ (ابن ماجہ۔ بیہقی)
اور یہ صحیح ہے کہ یہ خبر ابن مسعودؓ پر موقوف ہے۔

بلا ضرورت سر پر پچھنے لگوانا قوت حافظہ کے لئے نقصان دہ ہے

۴۳۶۹/۵۷ وَعَنْ اَبِيْ كَبْشَةَ الْاَنْمَارِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْتَجَمَ عَلٰى هَامَتِهٖ مِنَ الشَّاةِ الْمَسْمُوْمَةِ قَالَ مَعْمَرٌ فَاحْتَجَمْتُ اَنَا مِنْ غَيْرِ سَمٍّ كَذٰلِكَ فِيْ يَافُوْخِيْ فَذَهَبَ حُسْنُ الْحِفْظِ عَنِّيْ حَتّٰى كُنْتُ اُلَقَّنُ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ فِي الصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت ابی کبشہ انماری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک بکری کا زہر آلود گوشت کھا لینے کے سبب اپنے سر پر سینگیاں کچھوائیں۔ اِس حدیث کے ایک راوی معمرؒ کا بیان ہے کہ میں نے زہر کا کوئی اثر جسم میں نہ ہونے کے باوجود اپنے سر پر سینگیاں کچھوائی تھیں جس سے میرا حافظہ جاتا رہا یہاں تک کہ مجھ کو نماز میں الحمد پڑھائی اور سکھائی جاتی تھی۔ (رزین)

سینگی کھنچوانے کے دن

۴۳۷۰/۵۸ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ يَا نَافِعُ تَبِعْ بِيَ الدَّمُ فَاتِنِيْ لِلْحَجَّامِ وَاجْعَلْهُ شَابًّا وَّلَا تَجْعَلْهُ شَيْخًا وَّلَا صَبِيًّا قَالَ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلْحِجَامَةُ عَلَى الرِّيْقِ اَمْثَلُ وَهِيَ تَزِيْدُ فِي الْعَقْلِ وَتَزِيْدُ ..... فِي الْحِفْظِ وَتَزِيْدُ الْحَافِظَ حِفْظًا فَمَنْ كَانَ مُحْتَجِمًا فَيَوْمَ الْخَمِيْسِ عَلٰى اسْمِ اللّٰهِ وَاجْتَنِبُوا الْحِجَامَةَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَيَوْمَ السَّبْتِ وَيَوْمَ الْاَحَدِ وَاحْتَجِمُوْا يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الثُّلٰثَاءِ وَاجْتَنِبُوا الْحِجَامَةَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ

حضرت نافع رضؓ کہتے ہیں کہ ابن عمر رضؓ نے کہا۔ نافع! میرے جسم میں خون جوش کھا رہا ہے تو سینگی کھینچنے والے کو بلا لا، لیکن جوان آدمی کو لانا، بچہ اور بوڑھے کو نہ لانا۔ نافع نے کہا کہ اِس کے بعد ابن عمر رضؓ نے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ بھری ہوئی سینگیاں نہار مُنہ کچھوانا زیادہ بہتر ہے اِس سے عقل میں زیادتی ہوتی ہے اور حافظہ تیز ہو جاتا ہے اور جس کا حافظہ اچھا ہو اس کا حافظہ قوی ہو جاتا ہے۔ پس جو شخص سینگیاں کچھوانا چاہے وہ خداوند تعالیٰ کا نام لے کر جمعرات کے دن کچھوائے۔ اور جمعہ، ہفتہ اور اتوار کے دنوں میں سینگیاں نہ کچھوائے اور پھر پیر، منگل کے دن کچھوائے اور بُدھ کے دن نہ کچھوائے اِس لئے کہ بدھ کا دن وہ

فَاِنَّهُ الْيَوْمُ الَّذِيْ اُصِيْبَ بِهٖ اَيُّوْبُ فِي الْبَلَاءِ وَمَا يَبْدُوْ جُذَامٌ وَّلَا بَرَصٌ اِلَّا فِيْ يَوْمِ الْاَرْبِعَاءِ اَوْ لَيْلَةَ الْاَرْبِعَاءِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

دن ہے جس میں حضرت ایوب علیہ السلام بلا میں مبتلا ہوئے اور جذام اور برص کی بیماریاں بدھ ہی کے دن پیدا ہوتی ہیں یا بدھ کی رات میں[1]

(ابن ماجہ)

۴۳۷۱/۵۹ وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحِجَامَةُ يَوْمَ الثُّلُثَاءِ لِسَبْعَ عَشْرَةَ مِنَ الشَّهْرِ دَوَاءٌ لِدَاءِ السَّنَةِ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت معقل بن یسار کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے منگل کے دن سترھویں تاریخ کو سینگی سال بھر کی بیماریوں کی دوا ہے۔ (رزین)

رَوَاهُ حَرْبُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْكِرْمَانِيُّ صَاحِبُ اَحْمَدَ وَلَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِذٰلِكَ هٰكَذَا فِي الْمُنْتَقٰى وَرَوٰى رَزِيْنٌ نَحْوَهٗ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ۔

اِس کو امام احمد بن حنبل کے مصاحب حرب بن اسمٰعیل کرمانی رح نے روایت کیا۔ اِس حدیث کی اسناد قابلِ اعتماد نہیں منتقی میں اِسی طرح ہے۔ رزین وغیرہ نے حضرت ابوہریرہ رض سے اِسی طرح روایت کیا۔

بَابُ الْفَالِ وَالطِّيَرَةِ

اچھی بُری فال کا بیان

فصل اوّل

بد شگونی لینا منع ہے

۴۳۷۲/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا طِيَرَةَ وَخَيْرُهَا الْفَالُ قَالُوْا وَمَا الْفَالُ قَالَ الْكَلِمَةُ الصَّالِحَةُ يَسْمَعُهَا اَحَدُكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ یہ شگونِ بد کوئی چیز نہیں ہے بہترین چیز فال نیک ہے لوگوں نے عرض کیا فال کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا وہ اچھا کلمہ جس کو تم میں سے کوئی شخص کسی شخص سے یا کسی ذریعہ سے سُنے۔ (بخاری و مسلم)

چند بے اثر باتیں اور ان کا بطلان

۴۳۷۳/۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا عَدْوٰى وَلَا طِيَرَةَ وَلَا هَامَةَ وَلَا صَفَرَ وَفِرَّ مِنَ الْمَجْذُوْمِ كَمَا تَفِرُّ مِنَ الْاَسَدِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (کسی کی) بیماری کا لگنا، شگونِ بد، ہامہ اور صفر کوئی چیز نہیں ہے اور تم جذامی آدمی سے اِس طرح بھاگو جس طرح شیر سے ڈر کر لوگ بھاگتے ہیں۔ (بخاری)

کسی بیماری کا متعدی ہونا بے حقیقت بات ہے

۴۳۷۴/۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا عَدْوٰى وَلَا هَامَةَ وَلَا صَفَرَ فَقَالَ اَعْرَابِيٌّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا بَالُ الْاِبِلِ تَكُوْنُ

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بیماری کا لگنا، ہامہ اور صفر کوئی چیز نہیں ہے ایک اعرابی (دیہاتی) نے عرض کیا یا رسول اللہ ص! اونٹوں کا کیا حال ہے وہ ریگستان میں اس طرح

---

[1] محدثین اِس پر متفق ہیں کہ بدھ کے دن کی نحوست کے بارے میں جتنی روایات مروی ہیں وہ سب موضوع ہیں۔

فِي الرَّمْلِ لَكَانَهَا الظِّبَاءُ فَيُخَالِطُهَا الْبَعِيْرُ الْأَجْرَبُ فَيُجْرِبُهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ أَعْدَى الْأَوَّلَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

رہتے ہیں جس طرح ہرنی۔ پھر ان میں خارشی اونٹ آجاتا ہے اور وہ دوسروں کو بھی خارشی بنا دیتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے پہلے اونٹ کو (یعنی اس اونٹ کو جس کو خارش کا یہ سلسلہ جاری ہوتا ہے) خارش کس سے لگی؟ یعنی جس طرح پہلے اونٹ کو خدا کے حکم سے خارش ہوئی اسیطرح دوسرے اونٹوں کو بھی خدا کے حکم سے خارش ہوئی۔ (بخاری)

۴۳۷۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا عَدْوٰى وَلَا هَامَةَ وَلَا نَوْءَ وَلَا صَفَرَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بیماری لگنا، ہامہ، ستارے کے طلوع و غروب کے اثرات اور صفر کوئی چیز نہیں ہیں۔ (مسلم)

غُول کا ذکر

۴۳۷۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا عَدْوٰى وَلَا صَفَرَ وَلَا غُوْلَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ بیماری لگنا، صفر اور غولِ بیابانی کوئی چیز نہیں ہے۔ (مسلم)

جذامی کا ذکر

۴۳۷۷ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ كَانَ فِيْ وَفْدِ ثَقِيْفٍ رَجُلٌ مَجْذُوْمٌ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا قَدْ بَايَعْنَاكَ فَارْجِعْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عمرو بن شرید رضؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ثقیف کی جماعت میں ایک جذامی تھا۔ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر بیعت کرنی چاہی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کہلا بھیجا کہ ہم نے تجھ کو بیعت کر لیا ہے تو واپس چلا جا۔ (مسلم)

فصل دوم

آنحضرت ﷺ نیک فال لیتے تھے

۴۳۷۸ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَفَاءَلُ وَلَا يَتَطَيَّرُ وَكَانَ يُحِبُّ الِاسْمَ الْحَسَنَ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فال لیتے تھے شگونِ بد نہ لیتے تھے اور اچھے نام کو پسند فرماتے تھے۔ (شرح السنۃ)

شگون بد لینا شیطانی کام ہے

۴۳۷۹ وَعَنْ قَطَنِ ابْنِ قَبِيْصَةَ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعِيَافَةُ وَالطَّرْقُ وَالطِّيَرَةُ مِنَ الْجِبْتِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

قطن بن قبیصہ رضؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے پرندہ کا اڑانا فال کے طور پر یا کسی پرندہ سے فال لینی اس کو دیکھ کر یا اس کی آواز کو سن کر کنکریاں مارنا (فال لینے کے لئے) اور شگونِ بد یہ سب شرک میں سے ہے۔ (ابوداؤد)

بدشگونی شرک ہے

۴۳۸۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطِّيَرَةُ شِرْكٌ قَالَ لَهُ ثَلٰثًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ شگونِ بد لینا شرک ہے۔ تین مرتبہ آپ نے یہ الفاظ

وَمَا مِنَّا إِلَّا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ) فَقَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ يَقُوْلُ كَانَ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ يَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَمَا مِنَّا إِلَّا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ هٰذَا عِنْدِيْ قَوْلُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ۔

فرمائے۔ اور ہم میں سے جس شخص کے دل میں شگون یا فالِ بد سے کوئی تردّد یا خلجان پیدا ہوتا ہے اس کو خداوند تعالےٰ اس پر توکّل و بھروسہ کر لینے سے دُور کر دیتا ہے۔ (ابوداؤد۔ ترمذی) امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ سُلیمان بن حربؒ یہ بیان کیا ہے کہ اس حدیث کا آخری جملہ "ہم میں سے جس شخص کے دل میں الخ" یہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا قول نہیں ابن مسعودؓ کا قول ہے۔

آنحضرتؐ نے جذامی کے ساتھ کھانا کھایا

۴۳۸۱ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ بِيَدِ مَجْذُوْمٍ فَوَضَعَهَا مَعَهٗ فِي الْقَصْعَةِ وَقَالَ كُلْ ثِقَةً بِاللّٰهِ وَتَوَكُّلًا عَلَيْهِ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک جذامی کا ہاتھ پکڑا اور اس کو اپنے پیالہ میں (کھانے کے لئے) شریک کر لیا اور فرمایا تو کھا میں اللہ پر توکّل اور بھروسہ رکھتا ہوں۔ (ابن ماجہ)

بدشگونی کوئی چیز نہیں ہے

۴۳۸۲ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا هَامَةَ وَلَا عَدْوٰى وَلَا طِيَرَةَ وَإِنْ تَكُنِ الطِّيَرَةُ فِيْ شَيْءٍ فَفِي الدَّارِ وَالْفَرَسِ وَالْمَرْأَةِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت سعد بن مالک رضؓ کہتے ہیں۔ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، ہامہ، بیماری لگنا اور شگونِ بد کوئی چیز نہیں ہے۔ (ابوداؤد)

آنحضرتؐ نیک فال لینے کے لئے اچھے ناموں کا سننا پسند فرماتے

۴۳۸۳ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعْجِبُهٗ إِذَا خَرَجَ لِحَاجَةٍ أَنْ يَسْمَعَ يَا رَاشِدُ يَا نَجِيْحُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی ضرورت سے باہر نکلتے تو آپ کو یہ اچھا معلوم ہوتا کہ آپ کسی کی زبان سے یہ الفاظ سُنیں۔ اے راشد اے نجیح! یعنی اے راہِ مستقیم کو پانے والے اور اے مقصد کو پانے والے شخص (ترمذی)

۴۳۸۴ وَعَنْ بُرَيْدَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَتَطَيَّرُ مِنْ شَيْءٍ فَإِذَا بَعَثَ عَامِلًا سَأَلَ عَنِ اسْمِهٖ فَإِذَا أَعْجَبَهٗ اسْمُهٗ فَرِحَ بِهٖ وَرُئِيَ بِشْرُ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِهٖ وَإِنْ كَرِهَ اسْمَهٗ رُئِيَ كَرَاهِيَةُ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِهٖ وَإِذَا دَخَلَ قَرْيَةً سَأَلَ عَنِ اسْمِهَا فَإِنْ أَعْجَبَهٗ اسْمُهَا فَرِحَ بِذٰلِكَ وَرُئِيَ بِشْرُ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِهٖ وَإِنْ كَرِهَ اسْمَهَا رُئِيَ كَرَاهِيَةُ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِهٖ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت بریدہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کسی چیز سے شگونِ بد نہ لیتے تھے اور جب آپ کسی عامل کو کہیں بھیجنے لگتے تو اس سے اس کا نام دریافت فرماتے۔ اگر اس کا نام اچھا ہوتا تو آپ اس سے خوش ہوتے اور آپ کی مسرت آپ کے چہرہ سے نمایاں ہوتی اور اگر اس کا نام بُرا ہوتا تو آپ کے چہرہ سے ناخوشی ظاہر ہوتی۔ اور آپ جب کسی آبادی میں داخل ہوتے تو اس کا نام دریافت فرماتے اگر اس کا نام اچھا معلوم ہوتا تو خوش ہوتے اور خوشی کی علامت چہرہ سے نمایاں ہوتی اور اگر اس کا نام بُرا معلوم ہوتا تو ناخوشی کے آثار چہرے پر دکھائی دیتے۔ (ابوداؤد)

مکان میں بے برکتی کا ذکر

۴۳۸۵ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا كُنَّا فِيْ دَارٍ كَثُرَ فِيْهَا عَدَدُنَا وَأَمْوَالُنَا فَقَالَ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم ایک گھر میں رہتے تھے ہمارے آدمیوں کی تعداد بھی زیادہ

عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ ذَرُوْهَا ذَمِيْمَةً۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

تھی اور مال بھی ہمارے پاس بہت تھا پھر ہم نے وہ گھر چھوڑ دیا اور دوسرے گھر میں چلے گئے اِس گھر میں ہمارے آدمیوں کی تعداد بھی کم ہوگئی اور مال بھی کم رہ گیا۔ آپ نے فرمایا اس گھر کو چھوڑ دو یہ بُرا منحوس ہے، (ابوداؤد)

خراب آب وہوا کی جگہ کو چھوڑ دینے کا حکم

۴۳۸۶ وَعَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَحِيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مَنْ سَمِعَ فَرْوَةَ بْنَ مُسَيْكٍ يَقُوْلُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عِنْدَنَا اَرْضٌ يُقَالُ لَهَا اَبْيَنُ وَهِيَ اَرْضُ زِيْفِنَا وَمِيْرَتِنَا وَاِنَّ وَبَاءَهَا شَدِيْدٌ فَقَالَ دَعْهَا عَنْكَ فَاِنَّ مِنَ الْقَرَفِ التَّلَفُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت یحییٰ بن عبداللہ بحیر رضؓ کہتے ہیں کہ مجھ سے ایک شخص نے جس نے فروہ بن مسیک سے سُنا تھا یہ بیان کیا کہ میں نے عرض کیا یا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس ایک زمین ہے جس کا نام اَبین ہے یہ زمین ہماری زراعت اور غلہ کی زمین ہے (یعنی غلّہ کی منڈی ہے جہاں مال لاکر جمع کیا جاتا ہے اور دوسرے شہروں میں بھیجا جاتا ہے) لیکن اس کا وبائی مرض سخت ہے (یعنی اس جگہ وبائی مرض زیادہ رہتا ہے) آپ نے فرمایا اس کو چھوڑ دے اِس لئے کہ قربت سے بلا کی آلاف ہوتا ہے (یعنی اس زمین میں رہنے سے جان ضائع ہوتی ہے۔) (ابوداؤد)

فصل سوم

بدشگونی کو سدّراہ نہ بناؤ

۴۳۸۷ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ ذُكِرَتِ الطِّيَرَةُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَحْسَنُهَا الْفَالُ وَلَا تَرُدُّ مُسْلِمًا فَاِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ مَا يَكْرَهُ فَلْيَقُلْ اَللّٰهُمَّ لَا يَاْتِيْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ مُرْسَلًا)

حضرت عروہ بن عامرؓ کہتے ہیں کہ میں نے شگونِ بد کا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ذکر کیا آپ نے فرمایا۔ بہترین چیز فال ہے اور شگونِ بد کسی مسلمان کو اس کے مقصد اور ارادہ سے نہ روکے۔ پھر جب تم میں سے کوئی شخص کسی ایسی بات کو دیکھے جس کو وہ بُرا خیال کرتا ہے، تو یہ کہے:
اَللّٰهُمَّ لَا يَاْتِيْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ (ابوداؤد)

بَابُ الْكِهَانَةِ

غیب کی خبریں دینا

فصل اوّل

کہانت ورمل ناجائز ہے

۴۳۸۸ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُمُوْرًا كُنَّا نَصْنَعُهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ كُنَّا نَاْتِي الْكُهَّانَ قَالَ فَلَا تَاْتُوا الْكُهَّانَ قَالَ قُلْتُ كُنَّا نَتَطَيَّرُ قَالَ ذٰلِكَ شَيْءٌ يَجِدُهُ اَحَدُكُمْ فِيْ نَفْسِهٖ فَلَا يَصُدَّنَّكُمْ قَالَ قُلْتُ وَمِنَّا رِجَالٌ يَخُطُّوْنَ قَالَ كَانَ نَبِيٌّ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ يَخُطُّ فَمَنْ وَافَقَ خَطَّهٗ فَذَاكَ۔

حضرت معاویہ بن حکم رضؓ کہتے ہیں میں نے عرض کیا "یا رسُول اللہ! ہم جاہلیت کے ایّام میں چند کام کیا کرتے تھے۔ یعنی یہ کہ ہم کاہنوں (فال گویوں) کے پاس جاتے (اور اُن سے غیب کی خبریں پوچھا کرتے) تھے آپ نے فرمایا تم کاہنوں کے پاس (اَب) نہ جایا کرو پھر میں نے عرض کیا کہ ہم شگون لیتے تھے۔ آپ نے فرمایا یہ ایک ایسی چیز ہے جس کو ہر شخص اپنے دل میں پاتا ہے (یعنی ہر شخص شگون کا خیال کرتا ہے) یہ خیال تم کو کسی کام سے نہ روکے۔ پھر میں نے عرض کیا، ہم میں سے بعض لوگ خط

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ) کھینچتے ہیں (یعنی رَمل کا کام کرتے ہیں) آپ نے فرمایا۔ ایک نبیؑ (خدا کے حکم سے) خط کھینچتے تھے جس شخص کا خط (راس) ان کے موافق پڑ جائے تو وہ صحیح آجاتی ہے۔ (مسلم)

کہانت کی کوئی حقیقت نہیں ہے

۴۳۸۹/۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلَ أُنَاسٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْكُهَّانِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - إِنَّهُمْ لَيْسُوا بِشَيْءٍ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَإِنَّهُمْ يُحَدِّثُونَ أَحْيَانًا بِالشَّيْءِ يَكُونُ حَقًّا فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ الْكَلِمَةُ مِنَ الْحَقِّ يَخْطَفُهَا الْجِنِّيُّ فَيَقُرُّهَا فِي أُذُنِ وَلِيِّهِ قَرَّ الدَّجَاجَةِ فَيَخْلِطُونَ فِيهَا أَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ كَذْبَةٍ -
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ چند لوگوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کاہنوں کی بابت پوچھا (کہ ان کی بتائی ہوئی باتیں اعتماد کے قابل ہیں یا نہیں؟) آپ نے فرمایا وہ کچھ نہیں ہیں۔ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! وہ ایسی بات بتاتے ہیں یا ایسی خبر دیتے ہیں جو سچی ہوتی ہے۔ آپ نے فرمایا وہ کلمہ حق ہے جس کو جن اُچک لیتا ہے اور اپنے دوست (کاہن) کے کان میں اس طرح ڈال دیتا ہے جس طرح مُرغ دوسرے مُرغ کے کان میں آواز پہنچاتا ہے پھر وہ کاہن اسی کلمہ حق میں سَو سے زیادہ جھوٹی باتیں شامل کر دیتے ہیں (بخاری و مسلم)

۴۳۹۰/۳ وَعَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ الْمَلٰئِكَةَ تَنْزِلُ فِي الْعَنَانِ وَهُوَ السَّحَابُ فَتَذْكُرُ الْأَمْرَ قُضِيَ فِي السَّمَاءِ فَتَسْتَرِقُ الشَّيَاطِينُ السَّمْعَ فَتَسْمَعُهُ فَتُوحِيهِ إِلَى الْكُهَّانِ فَيَكْذِبُونَ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ مِنْ عِنْدِ أَنْفُسِهِمْ -
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ فرشتوں کی ایک جماعت ابر میں اُترتی ہے اور (باہم) ان کاموں اور باتوں کا ذکر کرتی ہے جو خدا کے ہاں مقدّر کی گئی ہیں (جن باتوں اور کاموں کا وقوع ہونے والا ہے اور نوشتہ تقدیر ہو چکی ہیں) شیاطین ان باتوں کو سُننے کے لئے کان لگائے رکھتے ہیں جب وہ کوئی بات سُن لیتے ہیں تو کاہنوں کے کانوں میں جا ڈالتے ہیں اور کاہن ان باتوں میں سَو جھوٹ اپنی طرف سے مِلا کر ان کو بیان کر دیتے ہیں۔ (بخاری)

نجومیوں اور کاہنوں کے پاس جانیوالوں کے بارے میں وعید

۴۳۹۱/۴ وَعَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَتَى عَرَّافًا فَسَأَلَهُ عَنْ شَيْءٍ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلٰوةُ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت حفصہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کاہن اور نجومی کے پاس جائے اور اُس سے کچھ دریافت کرے اس کی چالیس دن رات کی نمازیں قبول نہیں کی جاتیں۔ (مسلم)

ستاروں کو بارش ہونے کا سبب قرار دینا کفر ہے؟

۴۳۹۲/۵ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ صَلّٰى لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ بِالْحُدَيْبِيَةِ عَلٰى أَثَرِ سَمَاءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلِ فَلَمَّا انْصَرَفَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ هَلْ تَدْرُونَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ قَالَ أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِي مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ فَأَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَتِهِ فَذٰلِكَ مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ فَأَمَّا مَنْ قَالَ

حضرت زید بن خالد جہنی رضؓ کہتے ہیں کہ حدیبیہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم کو صبح کی نماز پڑھائی جب کہ رات کو بارش ہو چکی تھی نماز سے فارغ ہو کر آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا۔ تم جانتے ہو تمہارے پروردگار نے (اس وقت) کیا فرمایا ہے؟ صحابہ رضؓ نے عرض کیا خدا اور خدا کے رسولؐ خوب جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا خداوند تعالےٰ نے فرمایا ہے کہ میرے بندوں نے آج اس حال میں صبح کی کہ بعض مجھ پر ایمان لائے اور بعض نے کفر (خدا کا انکار) کیا جس شخص نے یہ کہا کہ ہم پر خدا کے فضل و کرم سے بارش ہوئی وہ تو مجھ پر ایمان لایا اور ستاروں کے اثر کا منکر ہوا اور جس شخص نے یہ کہا کہ فلاں

مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا فَذَالِكَ كَافِرٌ بِيْ مُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ستارہ کے طلوع ہونے اور فلاں ستارے کے غروب ہونے سے بارش ہوئی ہے وہ کافر ہوا یعنی میرا منکر ہوا اور ستاروں پر ایمان لایا۔ (بخاری و مسلم)

۴۳۹۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ بَرَكَةٍ اِلَّا اَصْبَحَ فَرِيْقٌ مِّنَ النَّاسِ بِهَا كَافِرِيْنَ يُنْزِلُ اللّٰهُ الْغَيْثَ فَيَقُوْلُوْنَ بِكَوْكَبِ كَذَا وَكَذَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب خداوند تعالےٰ آسمان سے کوئی برکت نازل کرتا ہے تو انسانوں کی ایک جماعت اس کے ذریعہ کفر میں مبتلا ہو جاتی ہے (یعنی خدا کا انکار کر دیتی ہے) خداوند تعالےٰ بارش کرتا ہے اور بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ فلاں فلاں ستارہ کے اثر سے بارش ہوتی ہے۔ (مسلم)

فصل دوم

علم نجوم حاصل کرنا گویا سحر کا علم حاصل کرنا ہے

۴۳۹۴ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَبَسَ عِلْمًا مِّنَ النُّجُوْمِ اقْتَبَسَ شُعْبَةً مِّنَ السِّحْرِ زَادَ مَا زَادَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص علم نجوم کا ایک حصہ سیکھتا ہے وہ گویا سحر و جادو کا ایک حصہ سیکھتا ہے اور جو اس سے زیادہ حاصل کرے وہ زیادہ سحر حاصل کرتا ہے (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

کاہنوں کی بتائی ہوئی باتوں کو سچ جاننے والے کے بارے میں وعید

۴۳۹۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَتٰى كَاهِنًا فَصَدَّقَهٗ بِمَا يَقُوْلُ اَوْ اَتٰى اِمْرَاَتَهٗ حَائِضًا اَوْ اَتٰى اِمْرَاَتَهٗ فِيْ دُبُرِهَا فَقَدْ بَرِئَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کاہن (نجومی) کے پاس جائے اور اس کے بیان کو سچا جانے یا جو شخص حیض کی حالت میں اپنی بیوی سے جماع کرے یا جو شخص اپنی بیوی کے پائخانہ کے مقام میں جماع کرے وہ اس چیز سے منکر و بیزار ہوا جو محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی ہے۔ (احمد۔ ابوداؤد)

فصل سوم

نجومی اور کاہن غیب کی باتیں کس طرح بتاتے ہیں

۴۳۹۶ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَضَى اللّٰهُ الْاَمْرَ فِي السَّمَآءِ ضَرَبَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ بِاَجْنِحَتِهَا خُضْعَانًا لِّقَوْلِهٖ كَاَنَّهٗ سِلْسِلَةٌ عَلٰى صَفْوَانٍ فَاِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوا الَّذِيْ قَالَ الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ فَيَسْمَعُهَا مُسْتَرِقُوا السَّمْعِ وَمُسْتَرِقُوا السَّمْعِ هٰكَذَا بَعْضُهٗ فَوْقَ بَعْضٍ وَوَصَفَ سُفْيَانُ بِكَفِّهٖ فَحَرَّفَهَا وَبَدَّدَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ فَيَسْمَعُ الْكَلِمَةَ فَيُلْقِيْهَا اِلٰى مَنْ تَحْتَهٗ ثُمَّ يُلْقِيْهَا الْاٰخَرُ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالےٰ جب آسمان میں کوئی حکم جاری فرماتا ہے تو فرشتے اس حکم (ہیبت اور خوف الٰہی) سے کانپ اٹھتے ہیں اور اُن کے بازوؤں میں حرکت یا کپ کپی پیدا ہو جاتی ہے اور یہ حکم اس زنجیر کی آواز کی مانند ہوتا ہے جس کو صاف پتھر پر کھینچا جائے (یعنی ارشادِ خداوندی اور حکمِ ربانی زنجیر کی آواز کی مانند ہوتا ہے) پھر جب فرشتوں کے دلوں سے خوف دُور ہو جاتا ہے تو معمولی درجہ کے فرشتے مقرب فرشتوں سے دریافت کرتے ہیں تمہارے پروردگار نے کیا فرمایا؟ وہ کہتے ہیں کہ جو کچھ ہمارے پروردگار نے حق فرمایا ہے یا وہ اُس ارشادِ خداوندی کو بتا دیتے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ خداوند تعالےٰ کی ذات بزرگ و برتر ہے۔ اِن

إِلَى مَنْ تَحْتَهُ حَتَّى يُلْقِيَهَا عَلَى لِسَانِ السَّاحِرِ أَوِ الْكَاهِنِ فَرُبَّمَا أَدْرَكَ الشِّهَابُ قَبْلَ أَنْ يُلْقِيَهَا وَرُبَّمَا أَلْقَاهَا قَبْلَ أَنْ يُدْرِكَهُ فَيَكْذِبُ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ فَيُقَالُ أَلَيْسَ قَدْ قَالَ لَنَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا، كَذَا وَكَذَا فَيُصَدَّقُ بِتِلْكَ الْكَلِمَةِ الَّتِي سَمِعَتْ مِنَ السَّمَاءِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

باتوں کو جو فرشتوں کے درمیان ہوتی ہیں وہ جن یا شیطان سُن لیتے ہیں جو ایسی باتوں کو سُننے کے لئے کان لگائے رہتے ہیں اور بعض، بعض کے اوپر رہتے ہیں (یعنی یہ جن تھوڑے تھوڑے فاصلے پر سلسلہ وار کھڑے ہیں) اوپر والا خبر کو نیچے والے کے پاس پہنچاتا ہے اور وہ اپنے سے نیچے والے کو، یہاں تک کہ آخری جن اس خبر کو ساحر اور کاہن کی زبان تک پہنچا دیتا ہے اور ان جنوں کو مارنے اور بھگانے کے لئے آسمان سے شعلے پھینکے جاتے ہیں۔ کبھی تو یہ شعلے خبر کو پہنچانے سے پہلے اُن کو آ پکڑتے ہیں اور کبھی شعلہ پہنچنے سے پہلے یہ خبر کو پہنچا دیتے ہیں۔ جب یہ خبر ساحر یا کاہن کو پہنچ جاتی ہے تو وہ اس میں سَو جھوٹ شامل کر دیتا ہے اور جب اس سے کہا جاتا ہے کہ تو نے فلاں فلاں بات کہی ہے، وہ جھوٹی ثابت ہوئی۔ تو اس بات سے اس کی سچائی کی تائید کی جاتی ہے جو اُس کو آسمان سے ملی تھی اور جنوں نے اس کو پہنچائی تھی۔ (بخاری)

شہاب ثاقب کی حقیقت!

۴۳۹۷/۱۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَخْبَرَنِي رَجُلٌ مِّنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ أَنَّهُمْ بَيْنَمَا هُمْ جُلُوسٌ لَيْلَةً مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُمِيَ بِنَجْمٍ وَاسْتَنَارَ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كُنْتُمْ تَقُولُونَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ إِذَا رُمِيَ بِمِثْلِ هٰذَا قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ كُنَّا نَقُولُ وُلِدَ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ عَظِيمٌ وَمَاتَ رَجُلٌ عَظِيمٌ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّهَا لَا يُرْمَى بِهَا لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ وَلٰكِنْ رَبُّنَا تَبَارَكَ اسْمُهُ إِذَا قَضَى أَمْرًا سَبَّحَ حَمَلَةُ الْعَرْشِ ثُمَّ سَبَّحَ أَهْلُ السَّمَاءِ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ حَتَّى يَبْلُغَ التَّسْبِيحُ أَهْلَ هٰذِهِ السَّمَاءِ الدُّنْيَا ثُمَّ قَالَ الَّذِينَ يَلُونَ حَمَلَةَ الْعَرْشِ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ فَيُخْبِرُونَهُمْ مَا قَالَ فَيَسْتَخْبِرُ بَعْضُ أَهْلِ السَّمٰوٰتِ بَعْضًا حَتَّى يَبْلُغَ هٰذِهِ السَّمَاءَ الدُّنْيَا فَيَخْطَفُ الْجِنُّ السَّمْعَ فَيُقْذَفُونَ إِلَى أَوْلِيَائِهِمْ وَيُرْمَوْنَ فَمَا جَاءُوا بِهِ عَلَى وَجْهِهِ فَهُوَ حَقٌّ وَلٰكِنَّهُمْ يَقْذِفُونَ فِيهِ وَيَزِيدُونَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ ایک انصاری صحابی نے مجھ سے بیان کیا کہ صحابہ رضؓ رات کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک ستارہ ٹوٹا اور اس کی روشنی پھیل گئی۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایامِ جاہلیت میں جب اسی طرح ستارہ ٹوٹتا تھا تو تم کیا کہتے تھے؟ صحابہ رضؓ نے عرض کیا۔ حقیقتِ حال سے خدا اور اُس کا رسولؐ ہی خوب واقف ہیں۔ ہم تو یہ کہا کرتے تھے کہ آج کوئی بڑا شخص پیدا کیا گیا ہے یا آج کے دن کوئی بڑا آدمی مرا ہے۔ آپ نے فرمایا ستارہ نہ تو کسی کی موت سے ٹوٹتا ہے اور نہ کسی کے پیدا ہونے سے بلکہ ہمارا پروردگار جس کا نام بابرکت ہے جب کوئی حکم نافذ فرماتا ہے تو عرشِ الٰہی کو اُٹھانے والے فرشتے تسبیح کرتے ہیں (یعنی سُبحان اللہ سُبحان اللہ کہتے ہیں) پھر آسمان کے وہ فرشتے تسبیح کرتے ہیں جو عرشِ الٰہی کو اُٹھانے والے فرشتوں کے قریب ہیں (پھر ان کے قریب کے فرشتے تسبیح کہتے ہیں یہاں تک کہ اُس تسبیح کی آواز آسمان تک پہنچ جاتی ہے پھر وہ فرشتے جو عرش کو اُٹھانے والے فرشتوں سے قریب رہتے ہیں ان سے دریافت کرتے ہیں تمہارے پروردگار نے کیا کہا۔ وہ ان کو اُس سے آگاہ کرتے ہیں، پھر اس خبر کو ان سے دوسرے فرشتے دریافت کرتے ہیں اور اُن سے اور فرشتے یہاں تک کہ یہ سلسلہ آسمانِ دنیا تک اس کو پہنچا دیتا ہے۔ پھر اس خبر کو وہ جن اُچک لیتا ہے جو کان لگائے ایسی خبروں کا منتظر رہتا ہے اور اپنے دوستوں کے کانوں تک اس کو پہنچا دیتا ہے اور ان جنوں کے مارنے کے لئے یہ شعلے پھینکے جاتے ہیں (یعنی ستارے جو

لوٹتے نظر آتے ہیں وہ حقیقت میں وہ شعلے ہیں جن سے اُن جنّوں کو بھگایا جاتا ہے) غرض جو خبر اس طرح کاہنوں اور ساحروں تک پہنچتی ہے وہ درست ہے لیکن یہ لوگ اس میں جھوٹی باتیں شامل کر لیتے ہیں اور ایک بات کی بہت باتیں بنا لیتے ہیں۔ (مسلم)

ستارے کس لئے پیدا کئے گئے

۴۳۹۸ وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى هٰذِهِ النُّجُوْمَ لِثَلٰثٍ جَعَلَهَا زِيْنَةً لِلسَّمَآءِ وَرُجُوْمًا لِلشَّيٰطِيْنِ وَعَلَامَاتٍ يُهْتَدٰى بِهَا وَمَنْ تَاَوَّلَ فِيْهَا لِغَيْرِ ذٰلِكَ اَخْطَاَ وَاَضَاعَ نَصِيْبَهٗ وَتَكَلَّفَ مَا لَا يَعْلَمُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

وَفِيْ رِوَايَةِ رَزِيْنٍ وَتَكَلَّفَ مَا لَا يَعْنِيْهِ وَمَا لَا عِلْمَ لَهٗ بِهٖ وَمَا عَجَزَ عَنْ عِلْمِهِ الْاَنْبِيَآءُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَعَنِ الرَّبِيْعِ مِثْلُهٗ وَزَادَ وَاللّٰهِ مَا جَعَلَ اللّٰهُ فِيْ نَجْمٍ حَيٰوةَ اَحَدٍ وَّلَا رِزْقَهٗ وَلَا مَوْتَهٗ وَاِنَّمَا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَيَتَعَلَّلُوْنَ بِالنُّجُوْمِ۔

حضرت قتادہ رضؓ کہتے ہیں کہ خداوند تعالےٰ نے ان ستاروں کو تین باتوں کے لئے پیدا کیا ہے، ایک تو آسمان کی زینت کے لئے، دوسرے شیطانوں (اور جنّوں) کو مارنے کے لئے اور تیسرے علامات کے لئے کہ ان سے لوگ راستہ کو پائیں۔ پس جس شخص نے ان تین باتوں کے سوا اور کوئی غرض بیان کی اس نے غلطی کی۔ اپنا حصہ (عمر) ضائع کیا اور تکلّف کیا اس چیز میں جس کا اُس کو علم نہیں (بخاری) اور رزینؒ نے اپنی روایت میں کہا: کہ اس چیز کا تکلف کیا جو اس کو کوئی فائدہ نہیں پہنچاتی اور تکلّف کیا اس چیز میں جس کا اس کو علم نہیں اور اُس چیز میں تکلّف کیا جس کے علم سے انبیاءؑ اور فرشتے عاجز ہیں۔ اور ربیع راوی سے بھی اسی قسم کی روایت منقول ہے اور اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں "قسم ہے خدا کی! خداوند تعالےٰ نے ستارے میں تو نہ کسی کی زندگی مقرر کی ہے اور نہ کسی کی موت، اور نہ کسی کا رزق"۔ یہ لوگ خدا پر افترا کرتے اور ستارہ کو چیزوں کے وجود و عدم کا سبب و علّت قرار دیتے ہیں۔

نجومی ساحر ہے

۴۳۹۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَبَسَ بَابًا مِّنْ عِلْمِ النُّجُوْمِ لِغَيْرِ مَا ذَكَرَ اللّٰهُ فَقَدِ اقْتَبَسَ شُعْبَةً مِّنَ السِّحْرِ اَلْمُنَجِّمُ كَاهِنٌ وَالْكَاهِنُ سَاحِرٌ وَالسَّاحِرُ كَافِرٌ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں۔ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جس شخص نے علمِ نجوم کا ایک حصّہ سیکھا اس کے سوا جس کا ذکر خداوند بزرگ و برتر نے کیا تو اس نے سحر کا ایک ٹکڑا سیکھا اور منجم (یعنی علمِ نجوم کا جاننے والا) کاہن ہے اور کاہن ساحر ہے اور ساحر کافر ہے۔ (رزین)

منازل قمر کو نزولِ باراں میں مؤثر حقیقی جاننا کفر ہے

۴۴۰۰ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَمْسَكَ اللّٰهُ الْقَطْرَ عَنْ عِبَادِهٖ خَمْسَ سِنِيْنَ ثُمَّ اَرْسَلَهٗ لَاَصْبَحَتْ طَآئِفَةٌ مِّنَ النَّاسِ كَافِرِيْنَ يَقُوْلُوْنَ سُقِيْنَا بِنَوْءِ الْمِجْدَحِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت ابی سعید رضؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر خداوند تعالےٰ اپنے بندوں سے پانچ برس تک بارش کو بند رکھے اور پھر بارش کرے تو لوگوں کی ایک جماعت خدا کا انکار کرتی ہوئی یہ کہے گی کہ مجدح (یعنی منزلِ قمر) کے سبب ہم پر بارش ہوئی ہے۔ (نسائی)

کِتَابُ الرُّؤْیَا — خواب کا بیان

فصل اوّل

مسلمان کا اچھا خواب حق ہے

۴۴۰۱ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمْ یَبْقَ مِنَ النُّبُوَّةِ اِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ قَالُوْا وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ قَالَ الرُّؤْیَا الصَّالِحَةُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَزَادَ مَالِكٌ بِرِوَایَةِ عَطَاءِ ابْنِ یَسَارٍ یَرَاهَا الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ اَوْ تُرٰی لَهٗ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے نبوّت کے آثار میں سے اب کچھ باقی نہیں رہا مگر مبشرات (یعنی نبوّت میرے بعد ختم ہو جائے گی اور آئندہ ہونے والے واقعات کے معلوم کرنے کا کوئی ذریعہ مبشرات کے سوا باقی نہیں رہے گا)۔ صحابہ رضؓ نے پوچھا مبشرات کیا ہے؟ آپ نے فرمایا اچھے خواب (یعنی خوشخبری دینے والے خواب)۔ (بخاری اور مالک نے اس روایت میں جو عطاء بن یسار رضؓ سے منقول ہے، یہ الفاظ زیادہ لکھے ہیں کہ اپنے اچھے خواب کے بعد یہ الفاظ فرمائے وہ اچھے خواب جن کو مسلمان آدمی اپنے لئے دیکھتا ہے یا اس کے لئے کوئی اور شخص دیکھے۔ (بخاری)

اچھے خواب کی فضیلت

۴۴۰۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْیَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِیْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اچھا خواب نبوّت کے چالیس حصّوں میں سے ایک حصّہ ہے۔ (بخاری و مسلم)

آنحضرتؐ کو خواب میں دیکھنے کا ذکر

۴۴۰۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِیْ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَتَمَثَّلُ فِیْ صُوْرَتِیْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے خواب میں مجھ کو دیکھا اس نے (حقیقت میں) مجھ ہی کو دیکھا اس لئے کہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ (بخاری و مسلم)

۴۴۰۴ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابی قتادہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے خواب میں مجھ کو دیکھا اس نے حق دیکھا (یعنی سچا خواب دیکھا اور مجھ ہی کو دیکھا)۔ (بخاری و مسلم)

۴۴۰۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَسَیَرَانِیْ فِی الْیَقْظَةِ وَلَا یَتَمَثَّلُ الشَّیْطٰنُ بِیْ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے مجھ کو خواب میں دیکھا وہ جلد بیداری کی حالت میں مجھ کو دیکھے گا اور شیطان میری صورت اختیار نہیں کرتا۔ (بخاری و مسلم)

اچھا خواب اور بُرا خواب؟

۴۴۰۶ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْیَا الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْحُلُمُ مِنَ الشَّیْطَانِ فَاِذَا رَاٰی اَحَدُكُمْ مَا یُحِبُّ فَلَا یُحَدِّثْ بِهٖ اِلَّا مَنْ یُّحِبُّ وَاِذَا

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اچھا خواب خدا کی طرف سے ہے اور بُرا خواب شیطان کی جانب سے۔ پس جو شخص کوئی پسندیدہ خواب دیکھے وہ اس کو صرف اس شخص سے بیان کرے جس سے اس کو محبّت ہو اور جو شخص بُرا خواب دیکھے تو خدا

رَاٰی مَا یَکْرَہُ فَلْیَتَعَوَّذْ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّھَا وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطٰنِ وَلْیَتْفُلْ ثَلٰثًا وَّلَا یُحَدِّثْ بِھَا اَحَدًا فَاِنَّھَا لَنْ تَضُرَّہٗ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

کے ذریعہ اس کی برائی سے پناہ مانگے اور شیطان سے بھی پناہ مانگے اور تین بار تھکار دے اور کسی سے اس خواب کو بیان نہ کرے اس لئے کہ وہ خواب اس کو ضرر نہ پہنچائے گا۔ (بخاری و مسلم)

برا خواب دیکھے تو کیا کرے؟

۴۴۰۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاٰی اَحَدُکُمُ الرُّؤْیَا یَکْرَھُھَا فَلْیَبْصُقْ عَنْ یَّسَارِہٖ ثَلٰثًا وَّلْیَسْتَعِذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ ثَلٰثًا وَّلْیَتَحَوَّلْ عَنْ جَنْبِہِ الَّذِیْ کَانَ عَلَیْہِ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے جو شخص کوئی برا خواب دیکھے اس کو چاہئے کہ بائیں جانب تین بار تھکار دے اور خدا کے ذریعہ شیطان سے تین بار پناہ مانگے اور اپنی اس کروٹ کو تبدیل کر دے جس پر اس نے خواب دیکھا تھا (مسلم)

چند خوابوں کی تعبیر

۴۴۰۸ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ[1] لَمْ یَکَدْ یَکْذِبُ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ وَرُؤْیَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّۃٍ وَّاَرْبَعِیْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّۃِ وَمَا کَانَ مِنَ النُّبُوَّۃِ فَاِنَّہٗ لَا یُکْذَبُ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِیْرِیْنَ وَاَنَا اَقُوْلُ الرُّؤْیَا ثَلَاثٌ حَدِیْثُ النَّفْسِ وَتَخْوِیْفُ الشَّیْطٰنِ وَبُشْرٰی مِنَ اللّٰہِ فَمَنْ رَاٰی شَیْئًا یَکْرَھُہٗ فَلَا یَقُصَّہٗ عَلٰی اَحَدٍ وَلْیَقُمْ فَلْیُصَلِّ قَالَ وَکَانَ یَکْرَہُ الْغُلَّ فِی النَّوْمِ وَیُعْجِبُھُمُ الْقَیْدُ وَیُقَالُ الْقَیْدُ ثَبَاتٌ فِی الدِّیْنِ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ) قَالَ الْبُخَارِیُّ رَوَاہُ قَتَادَۃُ وَیُوْنُسُ وَھُشَیْمٌ وَاَبُوْ ھِلَالٍ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَقَالَ یُوْنُسُ لَا اَحْسِبُہٗ اِلَّا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْقَیْدِ وَقَالَ مُسْلِمٌ لَا اَدْرِیْ ھُوَ فِی الْحَدِیْثِ اَمْ قَالَہُ ابْنُ سِیْرِیْنَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ نَحْوَہٗ وَاَدْرَجَ فِی الْحَدِیْثِ قَوْلَہٗ وَاَکْرَہُ الْغُلَّ اِلٰی تَمَامِ الْکَلَامِ۔ (بخاری و مسلم)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کہ زمانہ قریب ہوگا مومن کا خواب جھوٹا نہ ہوگا اور مومن کا خواب نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے ایک حصہ ہے اور جو چیز نبوت کے اجزاء میں سے ہو وہ کبھی جھوٹی نہیں ہوتی۔ محمد بن سیرینؒ کا قول ہے کہ میں یہ کہتا ہوں کہ خواب تین قسم کے ہوتے ہیں ایک تو نفس انسانی کا خیال۔ دوسرے شیطان کا ڈرانا اور تیسرے خدا کی طرف سے بشارت۔ پس جو شخص کوئی برا خواب دیکھے وہ اس کو کسی سے بیان نہ کرے (اور خواب دیکھنے کے بعد) اٹھے اور نماز پڑھ لے (یعنی نفل نماز جس قدر ممکن ہو) ابن سیرین کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں طوق کو دیکھنا برا سمجھتے تھے اور قید (یعنی پاؤں میں بیڑیاں پڑے دیکھنا) کو پسند فرماتے تھے اور کہا جاتا ہے (یعنی تعبیر خواب کے ماہرین کا قول ہے) کہ قید کا مطلب دین میں ثابت قدمی ہے۔

ڈراؤنا خواب شیطانی اثر ہے اور اس کو کسی کے سامنے بیان نہ کرو

۴۴۰۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَاَیْتُ فِی الْمَنَامِ کَاَنَّ رَاْسِیْ قُطِعَ قَالَ فَضَحِکَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اِذَا لَعِبَ الشَّیْطَانُ بِاَحَدِکُمْ فِیْ مَنَامِہٖ فَلَا یُحَدِّثْ بِہِ النَّاسَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک دیہاتی شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا میں نے خواب میں یہ دیکھا کہ گویا میرا سر کاٹ ڈالا گیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ سنکر مسکرائے اور فرمایا جب خواب میں شیطان کسی کے ساتھ کھیلا تو وہ اس خواب کو لوگوں سے بیان کرتا نہ پھرے۔ (رواہ مسلم)

---

[1] زمانہ قریب ہونے کے تین معنی ہیں ایک تو قرب قیامت یعنی جب قیامت کا وقت قریب آجائے گا۔ دوسرے معنی ہیں موت کے زمانہ کا قریب ہونا۔ تیسرے وہ موسم جس میں رات دن برابر کے ہوں اس موقع میں مزاج اعتدال پر ہوتا ہے اور ایک معنی قریب زمانہ کے ہونے کے یہ ہیں کہ جب مہینے دنوں کی طرح گزریں اور وہ امام مہدی علیہ السلام کا زمانہ ہے کہ عیش کے سبب زمانہ گزرتا معلوم نہ ہوگا۔ ۱۲ مترجم

آنحضرتؐ کا ایک خواب

۴۴۱۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ ذَاتَ لَيْلَةٍ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ كَاَنَّا فِيْ دَارِ عُقْبَةَ بْنِ رَافِعٍ فَاُتِيْنَا بِرُطَبٍ مِنْ رُطَبِ ابْنِ طَابٍ فَاَوَّلْتُ اَنَّ الرِّفْعَةَ لَنَا فِي الدُّنْيَا وَالْعَاقِبَةَ فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ دِيْنَنَا قَدْ طَابَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں نے رات کو خواب میں دیکھا کہ گویا میں (اور میرے صحابہؓ) عقبہ بن رافع کے گھر میں بیٹھے ہیں۔ پھر میرے سامنے تازہ کھجوریں لائی گئیں جن کو رُطب بن طاب کہتے ہیں۔ میں نے اس خواب کی تعبیر کی کہ دنیا میں ہمارے لئے رفعت و عظمت ہے اور آخرت میں بھلائی اور یہ کہ ہمارا دین اچھا ہے۔ (مسلم)

ہجرت سے متعلق آنحضرتؐ کا خواب

۴۴۱۱ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ اَنِّيْ اُهَاجِرُ مِنْ مَّكَّةَ اِلٰى اَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ فَذَهَبَ وَهْلِيْ اِلٰى اَنَّهَا الْيَمَامَةُ اَوْ هَجَرُ فَاِذَا هِيَ الْمَدِيْنَةُ يَثْرِبُ وَرَاَيْتُ فِيْ رُؤْيَايَ هٰذِهٖ اَنِّيْ هَزَزْتُ سَيْفًا فَانْقَطَعَ صَدْرُهٗ فَاِذَا هُوَ مَا اُصِيْبَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ اُحُدٍ ثُمَّ هَزَزْتُهٗ اُخْرٰى فَعَادَ اَحْسَنَ مَا كَانَ فَاِذَا هُوَ مَا جَاءَ اللّٰهُ بِهٖ مِنَ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابی موسیٰؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مکہ سے (ایک ایسی زمین کی طرف ہجرت کر رہا ہوں جس میں کھجوریں ہیں۔ اس کی تعبیر میں میرا خیال ہوا کہ (جس مقام کی جانب میں ہجرت کر رہا ہوں) وہ (شہر) یمامہ یا ہجر ہے اور حقیقت میں وہ مدینہ نکلا جس کا نام یثرب ہے اور خواب میں میں نے دیکھا کہ میں تلوار کو حرکت دے رہا ہوں اور اس تلوار کا اوپر کا حصہ ٹوٹ گیا ہے۔ اسکی تعبیر یہ نکلی کہ جنگِ اُحد کے دن مسلمانوں کو اذیت و تکلیف برداشت کرنا پڑی پھر میں نے خواب میں دیکھا کہ میں نے تلوار کو پھر حرکت دی اور تلوار اپنی اصلی حالت پر آگئی بلکہ اس سے بہتر ہوگئی۔ اس کی تعبیر وہ فتح تھی جو خداوند تعالیٰ نے مکہ میں بخشی یا صلح حدیبیہ جسمیں مسلمانوں کا اجتماع ہوا۔ (بخاری و مسلم)

ایک خواب کی تعبیر

۴۴۱۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا اَنَا نَائِمٌ اُتِيْتُ بِخَزَائِنِ الْاَرْضِ فَوُضِعَ فِيْ كَفَّيَّ سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَكَبُرَا عَلَيَّ فَاُوْحِيَ اِلَيَّ اَنِ انْفُخْهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا فَذَهَبَا فَاَوَّلْتُهُمَا الْكَذَّابَيْنِ اللَّذَيْنِ اَنَا بَيْنَهُمَا صَاحِبَ صَنْعَاءَ وَصَاحِبَ الْيَمَامَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

وَفِيْ رِوَايَةٍ يُقَالُ اَحَدُهُمَا مُسَيْلَمَةُ صَاحِبُ الْيَمَامَةِ وَالْعَنْسِيُّ صَاحِبُ صَنْعَاءَ لَمْ اَجِدْ هٰذِهِ الرِّوَايَةَ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَذَكَرَ صَاحِبُ الْجَامِعِ عَنِ التِّرْمِذِيِّ۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میں سو رہا تھا کہ زمین بھر کے خزانے میرے سامنے لائے گئے پھر میرے ہاتھوں پر دو سونے کے کڑے رکھے گئے۔ مجھ پر یہ گراں گزرے۔ یعنی ان کا ہاتھوں میں ہونا مجھ کو ناگوار ہوا۔ پھر میری طرف وحی کی گئی (یعنی الہام کے طور پر میرے دل میں یہ ڈالا گیا) کہ ان کڑوں پر پھونک مار۔ چنانچہ میں نے پھونک ماری اور وہ کڑے اُڑ گئے۔ میں نے اس خواب کی یہ تعبیر کی کہ میں دو جھوٹے مدعیانِ نبوت کے درمیان ہوں یعنی ایک تو صنعاء کا رہنے والا اور دوسرا یمامہ کا۔ (بخاری و مسلم) اور ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ ایک ان میں سے مسیلمہ یمامہ کا رہنے والا ہے اور دوسرا اسود عنسی صنعاء کا رہنے والا۔ میں نے یہ روایت صحیحین میں نہیں پائی لیکن صاحب جامع نے اسے ترمذی سے روایت کیا ہے۔

۴۴۱۳ وَعَنْ اُمِّ الْعَلَاءِ الْاَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ رَاَيْتُ لِعُثْمَانَ ابْنِ مَظْعُوْنٍ فِي النَّوْمِ عَيْنًا تَجْرِيْ فَقَصَصْتُهَا

حضرت امّ العلاء انصاریہؓ کہتی ہیں کہ میں نے خواب میں حضرت عثمان بن مظعون کے لئے (جو ایک مہاجر مجاہد تھے اور لشکر کی پاسبانی کرتے تھے)

عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ذٰلِکَ عَمَلُہٗ یُجْزٰی لَہٗ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

ایک جاری چشمہ کو دیکھا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اس خواب کو بیان کیا تو آپ نے فرمایا کہ اس کے عمل کا ثواب ہے جو اس کے لئے جاری رکھا گیا ہے (یعنی اس کے عمل اور نیکی کا ثواب ہمیشہ جاری رہے گا۔ (بخاری)

عالم برزخ کی سیر سے متعلق آنحضرت کا ایک خواب

۴۴۱۴ وَعَنْ سَمُرَۃَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰی اَقْبَلَ عَلَیْنَا بِوَجْھِہٖ فَقَالَ مَنْ رَاٰی مِنْکُمُ اللَّیْلَۃَ رُؤْیَا قَالَ فَاِنْ رَاٰی اَحَدٌ قَصَّھَا فَیَقُوْلُ مَا شَاءَ اللّٰہُ فَسَاَلَنَا یَوْمًا فَقَالَ ھَلْ رَاٰی مِنْکُمْ اَحَدٌ رُؤْیَا قُلْنَا لَا قَالَ لٰکِنِّیْ رَاَیْتُ اللَّیْلَۃَ رَجُلَیْنِ اَتَیَانِیْ فَاَخَذَا بِیَدَیَّ فَاَخْرَجَانِیْ اِلَی الْاَرْضِ الْمُقَدَّسَۃِ فَاِذَا رَجُلٌ جَالِسٌ وَّرَجُلٌ قَائِمٌ بِیَدِہٖ کَلُّوْبٌ مِّنْ حَدِیْدٍ یُدْخِلُہٗ فِیْ شِدْقِہٖ فَیَشُقُّہٗ حَتّٰی یَبْلُغَ قَفَاہُ ثُمَّ یَفْعَلُ بِشِدْقِہِ الْاٰخَرِ مِثْلَ ذٰلِکَ وَیَلْتَئِمُ شِدْقُہٗ ھٰذَا فَیَعُوْدُ فَیَصْنَعُ مِثْلَہٗ قُلْتُ مَا ھٰذَا قَالَ اِنْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰی اَتَیْنَا عَلٰی رَجُلٍ مُضْطَجِعٍ عَلٰی قَفَاہُ وَرَجُلٌ قَائِمٌ عَلٰی رَاْسِہٖ بِفِھْرٍ اَوْ صَخْرَۃٍ یَشْدَخُ بِہٖ رَاْسَہٗ فَاِذَا ضَرَبَہٗ تَدَھْدَہَ الْحَجَرُ فَانْطَلَقَ اِلَیْہِ لِیَاْخُذَہٗ فَلَا یَرْجِعُ اِلٰی ھٰذَا حَتّٰی یَلْتَئِمَ رَاْسُہٗ وَعَادَ رَاْسُہٗ کَمَا کَانَ فَعَادَ اِلَیْہِ فَضَرَبَہٗ فَقُلْتُ مَا ھٰذَا قَالَا اِنْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰی اَتَیْنَا اِلٰی ثَقْبٍ مِثْلِ التَّنُّوْرِ اَعْلَاہُ ضَیِّقٌ وَّاَسْفَلُہٗ وَاسِعٌ تَتَوَقَّدُ تَحْتَہٗ نَارٌ فَاِذَا ارْتَفَعَتْ ارْتَفَعُوْا حَتّٰی کَادَ اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنْھَا وَاِذَا خَمَدَتْ رَجَعُوْا فِیْھَا وَفِیْھَا رِجَالٌ وَّنِسَاءٌ عُرَاۃٌ فَقُلْتُ مَا ھٰذَا قَالَا اِنْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰی اَتَیْنَا عَلٰی نَھَرٍ مِّنْ دَمٍ فِیْہِ رَجُلٌ قَائِمٌ عَلٰی وَسْطِ النَّھَرِ وَعَلٰی شَطِّ النَّھَرِ رَجُلٌ بَیْنَ یَدَیْہِ حِجَارَۃٌ فَاَقْبَلَ الرَّجُلُ الَّذِیْ فِی النَّھَرِ فَاِذَا اَرَادَ اَنْ یَّخْرُجَ رَمَی الرَّجُلُ بِحَجَرٍ فِیْ فِیْہِ فَرَدَّہٗ حَیْثُ کَانَ فَجَعَلَ کُلَّمَا جَاءَ لِیَخْرُجَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی یہ عادت تھی کہ جب آپ (صبح کی) نماز پڑھ چکتے تو ہماری طرف منہ کر کے بیٹھ جاتے اور پوچھتے تم میں کس نے آج کی رات خواب دیکھا ہے؟ راوی کا بیان ہے کہ ہم میں سے جس نے خواب دیکھا ہوتا اس کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیان کر دیتا اور آپ اس کی تعبیر خدا کی ہدایت کے مطابق بیان فرماتے ایک روز حسب معمول آپ نے فرمایا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ ہم نے عرض کیا نہیں۔ آپ نے فرمایا لیکن میں نے آج کی رات یہ خواب دیکھا ہے کہ دو شخص میرے پاس آئے۔ میرے دونوں ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں پکڑا اور مجھ کو ایک مقدس سرزمین میں لے گئے (یعنی ملک شام میں) وہاں میں نے دیکھا کہ ایک شخص بیٹھا ہوا ہے اور ایک شخص ہاتھ میں لوہے کا آنکڑہ لئے کھڑا ہے یہ شخص بیٹھے ہوئے شخص کے منہ میں آنکڑا ڈالتا ہے اور اس کے کلے کو گدی تک چیر دیتا ہے۔ پھر وہ دوسرے کلے کی طرف جاتا ہے اور اس کو بھی چیر ڈالتا ہے۔ اتنی دیر میں کہ وہ دوسرا کلا چیرے، پہلا کلہ درست ہو جاتا ہے اور وہ پھر اس کلہ کی جانب آتا اور اس کو چیر ڈالتا ہے، اتنے میں دوسرا کلہ اچھا ہو جاتا ہے اور وہ پھر اس کو چیرتا ہے (اسی طریقہ پر یہ عمل جاری ہے) میں نے ان شخصوں سے جو مجھے لے گئے تھے پوچھا یہ کیا ہے؟ انھوں نے کہا آگے تشریف لے چلئے چنانچہ میں آگے بڑھا یہاں تک کہ ہم ایک شخص کے قریب پہنچے جو چت پڑا ہوا ہے اور ایک شخص اس کے سر کے پاس ایک اتنا بڑا پتھر لئے کھڑا تھا جو مٹھی میں آسکے یا آپ نے یہ فرمایا کہ ایک بڑا پتھر لئے کھڑا تھا جس سے وہ اس چت پڑے آدمی کے سر کو کچلتا تھا۔ جب وہ پتھر کو اس کے سر پر مارتا تھا تو پتھر لڑھک کر دور چلا جاتا تھا۔ پھر وہ اس پتھر کو لینے کے لئے جاتا، اس کو اٹھا کر لاتا، اتنے میں اس کا سر درست ہو جاتا اور وہ پھر اس پر پتھر مارتا تھا۔ اسی طرح یہ سلسلہ جاری تھا میں نے پوچھا یہ کیا ہے؟ ان آدمیوں نے کہا آگے تشریف لے چلئے۔ چنانچہ ہم آگے بڑھے یہاں تک کہ ایک گڑھے پر پہنچے جو تنور کی مانند تھا یعنی اس کا اوپر کا حصہ تنگ تھا اور اندر کا حصہ وسیع و کشادہ اور اس کے اندر آگ بھڑک رہی تھی جب اس

رَمٰی فِیْ فِیْہِ بِحَجَرٍ فَیَرْجِعُ کَمَا کَانَ فَقُلْتُ مَا ھٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰی انْتَھَیْنَا اِلٰی رَوْضَۃٍ خَضْرَآءَ فِیْھَا شَجَرَۃٌ عَظِیْمَۃٌ وَّفِیْ اَصْلِھَا شَیْخٌ وَّصِبْیَانٌ وَاِذَا رَجُلٌ مِّنَ الشَّجَرَۃِ بَیْنَ یَدَیْہِ نَارٌ یُّوْقِدُھَا فَصَعِدَا بِیْ الشَّجَرَۃَ فَاَدْخَلَانِیْ دَارًا وَّسْطَ الشَّجَرَۃِ لَمْ اَرَ قَطُّ اَحْسَنَ مِنْھَا فِیْھَا رِجَالٌ شُیُوْخٌ وَّشَبَابٌ وَّنِسَآءٌ وَّصِبْیَانٌ ثُمَّ اَخْرَجَانِیْ مِنْھَا فَصَعِدَا بِیْ الشَّجَرَۃَ فَاَدْخَلَانِیْ دَارًا ھِیَ اَحْسَنُ وَاَفْضَلُ مِنْھَا فِیْھَا شُیُوْخٌ وَّشَبَابٌ فَقُلْتُ لَھُمَا اِنَّکُمَا قَدْ طَوَّفْتُمَانِیْ اللَّیْلَۃَ فَاَخْبِرَانِیْ عَمَّا رَاَیْتُ قَالَا نَعَمْ اَمَّا الرَّجُلُ الَّذِیْ رَاَیْتَہٗ یُشَقُّ شِدْقُہٗ فَکَذَّابٌ یُحَدِّثُ بِالْکَذْبَۃِ فَتُحْمَلُ عَنْہُ حَتّٰی تَبْلُغَ الْاٰفَاقَ فَیُصْنَعُ بِہٖ مَا تَرٰی اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ وَالَّذِیْ رَاَیْتَہٗ یُشْدَخُ رَاْسُہٗ فَرَجُلٌ عَلَّمَہُ اللّٰہُ الْقُرْاٰنَ فَنَامَ عَنْہُ بِاللَّیْلِ وَلَمْ یَعْمَلْ بِمَا فِیْہِ بِالنَّھَارِ یُفْعَلُ بِہٖ مَا رَاَیْتَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ وَالَّذِیْ رَاَیْتَہٗ فِی الثَّقْبِ فَھُمُ الزُّنَاۃُ وَالَّذِیْ رَاَیْتَہٗ فِی النَّھَرِ اٰکِلُ الرِّبَا وَالشَّیْخُ الَّذِیْ رَاَیْتَہٗ فِیْ اَصْلِ الشَّجَرَۃِ اِبْرَاھِیْمُ وَالصِّبْیَانُ حَوْلَہٗ فَاَوْلَادُ النَّاسِ وَالَّذِیْ یُوْقِدُ النَّارَ مَالِکٌ خَازِنُ النَّارِ وَالدَّارُ الْاُوْلٰی الَّتِیْ دَخَلْتَ دَارُ عَامَّۃِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاَمَّا ھٰذِہِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّھَدَآءِ وَاَنَا جِبْرَئِیْلُ وَھٰذَا مِیْکَائِیْلُ فَارْفَعْ رَاْسَکَ فَرَفَعْتُ رَاْسِیْ فَاِذَا فَوْقِیْ مِثْلُ السَّحَابِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ مِثْلُ الرَّبَابَۃِ الْبَیْضَآءِ قَالَا ذَاکَ مَنْزِلُکَ قُلْتُ دَعَانِیْ اَدْخُلْ مَنْزِلِیْ قَالَا اِنَّہٗ بَقِیَ لَکَ عُمُرٌ لَمْ تَسْتَکْمِلْہُ فَاِذَا اسْتَکْمَلْتَہٗ اَتَیْتَ بَیْتَکَ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

وَذُکِرَ حَدِیْثُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ فِیْ رُؤْیَا النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْمَدِیْنَۃِ فِیْ بَابِ حَرَمِ الْمَدِیْنَۃِ۔

گڑھے کی آگ بھڑکتی تو وہ آدمی جو آگ کے اندر تھے شعلوں کے ساتھ اوپر آجاتے یہاں تک کہ گڑھے سے نکل پڑنے کے قریب ہو جاتے اور جب شعلہ کا زور گھٹ جاتا تو وہ آدمی پھر اندر چلے جاتے۔ اس آگ میں بہت سے مرد تھے اور بہت سی عورتیں اور یہ سب ننگے تھے۔ میں نے پوچھا یہ کیا ہے؟ انھوں نے کہا آگے تشریف لے چلئے۔ چنانچہ ہم آگے بڑھے اور ایک نہر پر پہنچے جس میں خون بھرا ہوا تھا اس کے درمیان ایک شخص کھڑا تھا اور ایک نہر کے کنارے پر تھا جس کے آگے پتھر پڑے ہوئے تھے جب وہ شخص جو نہر کے بیچ میں کھڑا تھا کنارہ کی طرف آنے کے ارادے سے آگے بڑھتا تو یہ شخص جو کنارے پر تھا اُسکے منہ پر پتھر مارتا اور وہ پھر اپنی جگہ لوٹ جاتا نہر کے اندر کا آدمی جب باہر نکلنے کا ارادہ کرتا کنارے والا شخص اس کے منہ پر پتھر مارتا اور اس کو اسکی جگہ لوٹا دیتا۔ میں نے پوچھا یہ کیا ہے انھوں نے کہا آگے تشریف لے چلئے چنانچہ ہم آگے بڑھے یہاں تک کہ ایک سرسبز وشاداب باغ میں پہنچے اس باغ میں ایک بڑا درخت تھا اس کی جڑ میں ایک بوڑھا شخص اور چند لڑکے بیٹھے تھے۔ درخت کے قریب ہی ایک اور شخص تھا جس کے آگے آگ جل رہی تھی اور جس کو وہ جلا یا بھڑکا رہا تھا وہ دونوں آدمی جو میرے ساتھ تھے مجھ کو درخت کے اوپر لے گئے اور ایسے ایک مکان میں داخل کیا جو درخت کے بالکل درمیان میں واقع تھا۔ یہ مکان اتنا اچھا تھا کہ میں نے آنا بہتر مکان کبھی نہیں دیکھا۔ اِس مکان میں چند بوڑھے، جوان، عورتیں اور بچے تھے۔ پھر وہ آدمی مجھ کو درخت کے اوپر لے گئے اور ایک ایسے مکان میں داخل کیا جو پہلے مکان سے بہت بہتر تھا اس میں بوڑھے اور جوان آدمی تھے۔ میں نے ان دونوں شخصوں سے کہا کہ تم نے مجھ کو آج رات خوب سیر کرائی لیکن میں نے جو کچھ دیکھا ہے اُسکی حقیقت تم مجھ سے بیان کر دو۔ انھوں نے کہا جس شخص کے کلے چیرے جاتے ہیں وہ جھوٹا ہے، جھوٹ بولتا ہے اور اس کی جھوٹی باتیں نقل و بیان کی جاتی ہیں یہاں تک کہ اِدھر سے اُدھر پہنچ جاتی ہیں اور اس کے ساتھ یہ عمل (یعنی یہ سزا) قیامت تک کیا جائے گا اور جس شخص کا سر کچلا جاتا ہے، اس کو خداوند تعالیٰ نے قرآن سکھایا تھا وہ (قرآن سے غافل ہو کر) رات کو سوتا رہا اور دن کو قرآن کے (احکام کے) موافق عمل نہیں کیا اس کے ساتھ سر کچلنے کا عمل قیامت تک کیا جائے گا۔ اور جن لوگوں کو آپ نے تنور میں دیکھا ہے وہ زانی ہیں اور وہ شخص جس کو آپ نے نہر میں دیکھا ہے سُود خوار ہے اور وہ بوڑھا جس کو آپ نے درخت کی جڑ میں بیٹھے دیکھا ہے ابراہیم علیہ السلام ہیں اور

ان کے پاس جو بچے ہیں وہ آدمیوں کی اولاد ہے اور وہ شخص جو آگ جلا رہا ہے دوزخ کا داروغہ ہے اور درخت کے اوپر پہلا گھر جس میں آپ داخل ہوئے تھے جنت میں عام مومنوں کا مکان ہے اور وہ مکان جو اس سے اوپر کا ہے وہ شہداء کا مکان ہے اور میں جبرئیل ہوں اور یہ (میرے ساتھی) میکائیل ہیں۔ اب آپ سر اٹھا کر دیکھئے۔ میں نے دیکھا تو میرے سر کے اوپر ابر کی مانند کوئی چیز تھی۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ تہہ بہ تہہ ابر سفید کی مانند کوئی چیز تھی۔ انھوں نے مجھ سے کہا یہ آپ کا مکان ہے۔ میں نے کہا مجھ کو چھوڑ دو تاکہ میں اپنے مکان میں داخل ہو جاؤں انھوں نے کہا آپ کی عمر ابھی باقی ہے جس کو آپ نے پورا نہیں کیا جب آپ اپنی عمر کو پورا کر لیں گے اپنے مکان میں داخل ہو جائیں گے (بخاری)۔ اور مدینہ میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے خواب کے متعلق حرم المدینہ کے باب میں ابن عمر رض کی حدیث بیان کی جا چکی ہے۔

فصل دوم۔

اپنا برا خواب کسی دانا یا دوست کے سوا کسی کے سامنے بیان نہ کرو

۴۴۱۵ عَنْ اَبِیْ رَزِیْنِ الْعُقَیْلِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّۃٍ وَّ اَرْبَعِیْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّۃِ وَھِیَ عَلٰی رِجْلِ طَائِرٍ مَالَمْ یُحَدِّثْ بِھَا فَوَقَعَتْ وَ اَحْسِبُہٗ قَالَ لَا یُحَدِّثُ اِلَّا حَبِیْبًا اَوْ لَبِیْبًا۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ) وَفِیْ رِوَایَۃِ اَبِیْ دَاؤُدَ قَالَ الرُّؤْیَا عَلٰی رِجْلِ طَائِرٍ مَالَمْ تُعَبَّرْ فَاِذَا عُبِّرَتْ وَقَعَتْ وَ اَحْسِبُہٗ قَالَ لَا تَقُصُّھَا اِلَّا عَلٰی وَادٍّ اَوْ ذِیْ رَأْیٍ۔

حضرت ابی رزین عقیلی رض کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں[۴۶] حصہ ہے اور خواب جبتک اس کو بیان نہ کیا جائے پرندوں کے پاؤں پر ہوتا ہے (یعنی غیر مستقل وغیر قائم) لیکن جب اس کو بیان کر دیا جائے (یعنی اس کی تعبیر بھی بیان کر دی جائے) تو خواب واقع ہو جاتا ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ میرا خیال ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہے خواب کو کسی کے سامنے بیان نہ کر مگر دوست یا دانا کے سامنے۔ (ترمذی)

اور ابوداؤد کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "خواب پرندوں کے پاؤں پر ہوتا ہے جب تک اس کی تعبیر بیان نہ کی جائے۔ اور جب اس کی تعبیر بیان کر دی گئی تو وہ تعبیر واقع ہو جاتی ہے" راوی کا کہنا ہے، میرا گمان ہے کہ آپ نے یہ بھی فرمایا ہے۔ خواب کو کسی سے بیان نہ کر مگر دوست کے سامنے یا عقلمند کے روبرو۔

ورقہ ابن نوفل کے متعلق آنحضرت کا خواب

۴۴۱۶ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ وَرَقَۃَ فَقَالَتْ لَہٗ خَدِیْجَۃُ اِنَّہٗ کَانَ قَدْ صَدَّقَکَ وَلٰکِنْ مَاتَ قَبْلَ اَنْ تَظْھَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُرِیْتُہٗ فِی الْمَنَامِ وَعَلَیْہِ ثِیَابٌ بِیْضٌ وَلَوْ کَانَ مِنْ اَھْلِ النَّارِ لَکَانَ عَلَیْہِ لِبَاسٌ غَیْرُ ذٰلِکَ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت عائشہ رض کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ورقہ[۴۵] کی بابت پوچھا گیا (کہ وہ مسلمان تھے یا نہیں؟) خدیجۃ الکبریٰ رض نے حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے عرض کیا کہ ورقہ نے آپ کی تصدیق کی تھی، لیکن وہ آپ کو نبوت ملنے سے پہلے مر گیا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خواب میں مجھ کو ورقہ کو دکھلایا گیا ہے وہ سفید کپڑے پہنے ہوئے تھا۔ اگر وہ دوزخی ہوتا تو اس کے جسم پر اور (خراب) قسم کے کپڑے ہوتے۔ (احمد۔ ترمذی)

آنحضرت کی پیشانی پر سجدہ کرنے سے متعلق ایک خواب

۴۴۱۷ وَعَنِ ابْنِ خُزَیْمَۃَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عَمِّہٖ

حضرت ابن خزیمہ رض بن ثابت رض اپنے چچا سے روایت کرتے

---

[۴۵] ورقہ بن نوفل بن اسد بن عبد العزیٰ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رض کے چچازاد بھائی تھے انھوں نے جاہلیت میں دین مسیحی اختیار کر لیا تھا۔ خدا کی عبادت کرتے تھے اور بتوں کی پرستش سے نفرت کرتے تھے اور حضور ص کی نبوت کا اقرار کیا تھا۔

اَبِیْ خُزَیْمَۃَ اَنَّہٗ رَاٰی فِیْمَا یَرَی النَّائِمُ اَنَّہٗ سَجَدَ عَلٰی جَبْھَۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَہٗ فَاضْطَجَعَ لَہٗ وَقَالَ صَدَقَ رُؤْیَاکَ فَسَجَدَ عَلٰی جَبْھَتِہٖ۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ) وَسَنَذْکُرُ حَدِیْثَ اَبِیْ بَکْرٍ کَاَنَّ مِیْزَانًا نَزَلَ مِنَ السَّمَآءِ فِیْ بَابِ مَنَاقِبِ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ۔

ہیں کہ انھوں نے خواب میں یہ دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی پر انھوں نے سجدہ کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس خواب کو بیان کیا گیا تو آپ لیٹ گئے اور فرمایا اپنے خواب کو سچا کرلے۔ چنانچہ انھوں نے آپ کی پیشانی پر سجدہ کرلیا۔ (شرح السنۃ) اور عنقریب حضرت ابوبکرؓ کی حدیث کہ گویا آسمان سے ترازو نازل ہوئی مناقب ابوبکرؓ کے باب میں بیان کریں گے۔

فصل سوم

عالم برزخ کے متعلق آنحضرت کے خواب کے کچھ اور حصے

۴۴۱۸ عَنْ سَمُرَۃَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِمَّا یُکْثِرُ اَنْ یَّقُوْلَ لِاَصْحَابِہٖ ھَلْ رَاٰی اَحَدٌ مِّنْکُمْ مِنْ رُّؤْیَا فَیَقُصَّ عَلَیْہِ مَنْ شَآءَ اللّٰہُ اَنْ یَّقُصَّ وَاِنَّہٗ قَالَ لَنَا ذَاتَ غَدَاۃٍ اِنَّہٗ اَتَانِیَ اللَّیْلَۃَ اٰتِیَانِ وَاِنَّھُمَا ابْتَعَثَانِیْ وَاَنَّھُمَا قَالَا لِیْ انْطَلِقْ وَاِنِّیْ انْطَلَقْتُ مَعَھُمَا وَذَکَرَ مِثْلَ الْحَدِیْثِ الْمَذْکُوْرِ فِی الْفَصْلِ الْاَوَّلِ بِطُوْلِہٖ وَفِیْہِ زِیَادَۃٌ لَیْسَتْ فِی الْحَدِیْثِ الْمَذْکُوْرِ وَھِیَ قَوْلُہٗ فَاَتَیْنَا عَلٰی رَوْضَۃٍ مُّعْتَمَّۃٍ فِیْھَا مِنْ کُلِّ نَوْرِ الرَّبِیْعِ وَاِذَا بَیْنَ ظَھْرَیِ الرَّوْضَۃِ رَجُلٌ طَوِیْلٌ لَا اَکَادُ اَرٰی رَاْسَہٗ طُوْلًا فِی السَّمَآءِ وَاِذَا حَوْلَ الرَّجُلِ مِنْ اَکْثَرِ وِلْدَانٍ مَا رَاَیْتُھُمْ قَطُّ قُلْتُ لَھُمَا مَا ھٰذَا مَا ھٰؤُلَآءِ قَالَ قَالَا لِیْ انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا فَانْتَھَیْنَا اِلٰی رَوْضَۃٍ عَظِیْمَۃٍ لَمْ اَرَ رَوْضَۃً قَطُّ اَعْظَمَ مِنْھَا وَلَا اَحْسَنَ قَالَ قَالَا لِیْ ارْقَ فِیْھَا قَالَ فَارْتَقَیْنَا فَانْتَھَیْنَا اِلٰی مَدِیْنَۃٍ مَّبْنِیَّۃٍ بِلَبِنِ ذَھَبٍ وَلَبِنِ فِضَّۃٍ فَاَتَیْنَا بَابَ الْمَدِیْنَۃِ فَاسْتَفْتَحْنَا فَفُتِحَ لَنَا فَدَخَلْنَاھَا فَتَلَقَّانَا فِیْھَا رِجَالٌ شَطْرٌ مِّنْ خَلْقِھِمْ کَاَحْسَنِ مَا اَنْتَ رَاءٍ وَشَطْرٌ مِّنْھُمْ کَاَقْبَحِ مَا اَنْتَ رَاءٍ قَالَ قَالَا لَھُمْ اذْھَبُوْا فَقَعُوْا فِیْ ذٰلِکَ النَّھَرِ قَالَ فَاِذَا نَھَرٌ مُعْتَرِضٌ یَّجْرِیْ کَاَنَّ مَآءَہُ الْمَحْضُ فِی الْبَیَاضِ فَذَھَبُوْا فَوَقَعُوْا فِیْہِ ثُمَّ رَجَعُوْا اِلَیْنَا

حضرت سمرہ بن جندبؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر اپنے اصحابؓ سے پوچھا کرتے تھے کیا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے پس جو شخص خواب دیکھتا وہ اس کو بیان کردیتا۔ ایک روز آپ نے ہمارے سامنے بیان کیا۔ آج کی رات دو شخص (خواب میں) میرے پاس آئے مجھ کو اٹھایا اور کہا (ہمارے ساتھ) چلو چنانچہ میں ان کے ساتھ ہولیا۔ اس کے بعد حدیث کے راوی حضرت سمرہؓ نے اُس حدیث کے مانند جو پہلی فصل میں بیان کی گئی ہے، طویل حدیث بیان کی اور اس حدیث میں پہلی فصل کی حدیث سے کچھ باتیں زیادہ ہیں اور وہ یہ ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر ہم ایک اندھیرے باغ میں پہنچے (یعنی اس باغ میں درختوں کی کثرت سے اندھیرا تھا) جس میں بہار کی شادابی اور سرسبزی تھی اور پھول کھلے ہوئے تھے۔ میری نگاہ اچانک ایک شخص پر پڑی جو باغ کے درمیان کھڑا تھا یہ شخص اتنا لمبا تھا کہ اس کا سر مجھ کو نظر نہ آتا تھا گویا وہ آسمان سے ملا ہوا ہے اور اس شخص کے گرد بہت سے لڑکے تھے جن کو میں نے کبھی نہیں دیکھا۔ میں نے ان اشخاص سے دریافت کیا یہ لمبا آدمی کون ہے اور یہ لڑکے کون ہیں؟ انھوں نے کہا آگے چلئے چنانچہ ہم آگے بڑھے اور ایک بہت بڑے باغ میں پہنچے کہ اس سے بڑا اور بہتر باغ میں نے آج تک نہیں دیکھا۔ پھر ان اشخاص نے مجھ سے کہا، باغ کے اندر چلو یا باغ کے درختوں کے اوپر چڑھو۔ چنانچہ ہم چلے اور ایک شہر کے قریب پہنچے جو سونے اور چاندی کی اینٹوں سے بنایا گیا تھا۔ شہر کے دروازے پر پہنچکر ہم نے دروازہ کھلوایا۔ دروازہ کھول دیا گیا اور ہم اس کے اندر داخل ہوئے اور اس میں ہم نے ایسے آدمیوں سے ملاقات کی جن کا آدھا جسم بہترین چیز تھا اور آدھا بدترین چیز کا۔ یعنی بہترین ایسی چیز جو کسی کی نظر میں بہترین ہوسکتا ہے اور بدترین ایسی چیز

قَدْ ذَهَبَ ذٰلِكَ السُّوْءُ عَنْهُمْ فَصَارُوْا فِيْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ وَذَكَرَ فِيْ تَفْسِيْرِ هٰذِهِ الزِّيَادَةِ وَاَمَّا الرَّجُلُ الطَّوِيْلُ الَّذِيْ فِي الرَّوْضَةِ فَاِنَّهٗ اِبْرَاهِيْمُ وَاَمَّا الْوِلْدَانُ الَّذِيْنَ حَوْلَهٗ فَكُلُّ مَوْلُوْدٍ مَّاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ قَالَ فَقَالَ بَعْضُ الْمُسْلِمِيْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاَوْلَادُ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَوْلَادُ الْمُشْرِكِيْنَ وَاَمَّا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَانُوْا شَطْرٌ مِّنْهُمْ حَسَنٌ وَشَطْرٌ مِّنْهُمْ قَبِيْحٌ فَاِنَّهُمْ قَوْمٌ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا تَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

کا جو کسی کی نظر میں بدترین ہو سکتی ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا بیان ہے کہ ان دو آدمیوں نے جو مجھ کو اپنے ساتھ لے گئے تھے، ان لوگوں سے کہا۔ اس نہر میں غوطہ لگاؤ۔ میں نے دیکھا تو وہاں شہر کے عرض میں ایک نہر جاری ہے جس کا پانی دودھ کی مانند سفید ہے، چنانچہ وہ لوگ گئے اور اس نہر میں جا پڑے۔ پھر جب وہ غوطہ لگا کر واپس آئے تو ان کے جسم کا بڑا حصہ جاتا رہا تھا اور بہترین صورت میں تبدیل ہو گیا تھا اور حدیث کے اِن الفاظ کی زیادتی کی تفسیر ان الفاظ میں بیان کی ہے کہ، وہ لمبا آدمی جو باغ کے اندر تھا حضرت ابراہیم علیہ السلام (پیغمبر) تھے۔ اور وہ بچے جو اُن کے گرد تھے، وہ بچے تھے جو دینِ فطرت پر (یعنی بالغ ہونے سے پہلے) مرے ہیں، بعض صحابہ رض نے آپ سے دریافت کیا۔ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! اور مشرکوں کی اولاد (یعنی نابالغ بچے)؟ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مشرکین کے بچے بھی (حضرت ابراہیم علیہ السلام ہی کے پاس رہتے ہیں) پھر آپ نے خواب کی تعبیر کے سلسلہ میں فرمایا، اور وہ لوگ جن کا آدھا جسم اچھا اور آدھا بُرا تھا، وہ لوگ وہ تھے جنھوں نے اچھے اور بُرے عمل ملا کر کئے تھے، یعنی کچھ عمل اچھے اور کچھ بُرے۔ پھر خداوند تعالےٰ نے ان کے گناہوں کو معاف فرما دیا۔ (بخاری)

جھوٹا خواب نہ بناؤ

۴۴۱۹/۱۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ اَفْرَى الْفِرَى اَنْ تُرِيَ الرَّجُلُ عَيْنَيْهِ مَا لَمْ تَرَيَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رض کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ سب سے بڑا بہتان یہ ہے کہ آدمی اپنی آنکھوں کو وہ چیز دکھا دے جو آنکھوں نے نہیں دیکھی ہے (یعنی آنکھوں پر بہتان باندھے اور جھوٹا خواب بیان کرے۔) (بخاری)

کس وقت کا خواب زیادہ سچا ہوتا ہے

۴۴۲۰/۲۰ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَصْدَقُ الرُّؤْيَا بِالْاَسْحَارِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابی سعید رض کہتے ہیں، نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، زیادہ سچا خواب صبح کے وقت کا ہے۔ (ترمذی۔ دارمی)

كِتَابُ الْاٰدَابِ وَبَابُ السَّلَامِ

آداب کا بیان اور سلام کا بیان

فصل اوّل

فرشتوں کو حضرت آدم علیہ السلام کا سلام

۴۴۲۱/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهٖ طُوْلُهٗ سِتُّوْنَ

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ خداوند تعالےٰ نے آدم (علیہ السلام) کو اپنی صورت پر پیدا

ذِرَاعًا فَلَمَّا خَلَقَهٗ قَالَ اذْهَبْ فَسَلِّمْ عَلٰى اُولٰٓئِكَ النَّفَرِ وَهُمْ نَفَرٌ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ جُلُوْسٌ فَاسْتَمِعْ مَا يُحَيُّوْنَكَ فَاِنَّهَا تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ ذُرِّيَّتِكَ فَذَهَبَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالُوْا السَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ قَالَ فَزَادُوْهُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ قَالَ فَكُلُّ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ اٰدَمَ وَطُوْلُهٗ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا فَلَمْ يَزَلِ الْخَلْقُ يَنْقُصُ بَعْدَهٗ حَتَّى الْاٰنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کیا ان (کے جسم) کی لمبائی ساٹھ گز تھی۔ ان کو پیدا کرنے کے بعد خدا نے ان سے فرمایا جاؤ اور اس جماعت کو سلام کرو اور وہاں فرشتوں کی ایک جماعت بیٹھی ہوئی تھی۔ اور سنو وہ کیا جواب دیتی ہے وہ جو جواب دے وہ تیرا اور تیری اولاد کا جواب ہے چنانچہ آدم علیہ السلام گئے (اور فرشتوں کی جماعت کو مخاطب کر کے) کہا۔ السلام علیکم۔ فرشتوں نے جواب میں کہا۔ السلام علیک ورحمۃ اللہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرشتوں نے (آدم علیہ السلام کے سلام کے جواب میں) ورحمۃ اللہ کا لفظ زیادہ کیا۔ رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو جنت میں داخل ہوگا آدم ؑ کی صورت پر ہوگا اور اس کی لمبائی ساٹھ گز کی ہوگی اس کے بعد مخلوقات کی پیدائش برابر کم ہوتی رہی یعنی ان کا قد چھوٹا ہوتا رہا، یہاں تک کہ اس مقدار کو پہنچا جو اب ہے۔ (بخاری و مسلم)

افضل اعمال؟

۴۴۲۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْاِسْلَامِ خَيْرٌ قَالَ تُطْعِمُ الطَّعَامَ وَتَقْرَئُ السَّلَامَ عَلٰى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَّمْ تَعْرِفْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اسلام کی کونسی عادت بہتر ہے؟ آپ نے فرمایا کھانا کھلانا اور آشنا ناآشنا سب کو سلام کرنا۔ (بخاری و مسلم)

ایک مسلمان پر دوسرے مسلمان کے کیا حقوق ہیں؟

۴۴۲۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُؤْمِنِ عَلَى الْمُؤْمِنِ سِتُّ خِصَالٍ يَّعُوْدُهٗ اِذَا مَرِضَ وَيَشْهَدُهٗ اِذَا مَاتَ وَيُجِيْبُهٗ اِذَا دَعَاهُ وَيُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِذَا لَقِيَهٗ وَيُشَمِّتُهٗ اِذَا عَطَسَ وَيَنْصَحُ لَهٗ اِذَا غَابَ اَوْ شَهِدَ وَلَمْ اَجِدْهُ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَلَا فِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ وَلٰكِنْ ذَكَرَهٗ صَاحِبُ الْجَامِعِ بِرِوَايَةِ النَّسَائِيِّ۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسلمان کے مسلمان پر چھ حق ہیں جب کوئی بیمار ہو تو اس کی عیادت کرنا۔ جب کوئی مسلمان مر جائے اس کی تجہیز و تکفین اور نماز وغیرہ میں شریک ہونا۔ کوئی مسلمان دعوت کرے تو اس کی دعوت کو قبول کرنا جب کوئی مسلمان ملے تو اس کو سلام کرنا۔ جب کوئی مسلمان چھینکے تو اس کے جواب میں (اگر وہ الحمد للہ کہے تو) یرحمک اللہ کہنا۔ حاضر و غائب مسلمان کی خیر خواہی کرنا (یہ حدیث مسلم و بخاری میں نہیں ہے اور نہ حمیدی کی کتاب میں البتہ جامع الاصول نے اس کو نقل کیا ہے اور نسائی کا حوالہ دیا ہے۔

تعلق و دوستی قائم کرنے کا بہترین ذریعہ سلام ہے

۴۴۲۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوْا وَلَا تُؤْمِنُوْا حَتّٰى تَحَابُّوْا وَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى شَيْءٍ اِذَا فَعَلْتُمُوْهُ تَحَابَبْتُمْ اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم اس وقت تک بہشت میں داخل نہ ہو گے جب تک ایمان نہ لاؤ اور اس وقت تمہارا ایمان کامل نہ ہوگا جب تک تم آپس میں محبت نہ کرو کیا میں تم کو ایک ایسی بات نہ بتلاؤں، جب تم اس پر عمل کرو تو تمہارے درمیان محبت بڑھے اور وہ بات یہ ہے سلام کو رواج دو یعنی آپس

میں آشنا و ناآشنا سب کو سلام کرو۔ (مسلم)

کون کس کو سلام کرے؟

۴۴۲۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلَى الْمَاشِيِّ وَالْمَاشِيُّ عَلَى الْقَاعِدِ وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سوار سلام کرے پیدل چلنے والے کو اور پیدل چلنے والا سلام کرے بیٹھے ہوئے کو اور تھوڑے آدمی سلام کریں بہت سے آدمیوں کو۔

۴۴۲۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ وَالْمَارُّ عَلَى الْقَاعِدِ وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے چھوٹا (کمسن) سلام کرے بڑے کو اور چلنے والا سلام کرے بیٹھے ہوئے کو اور تھوڑے آدمی سلام کریں زیادہ آدمیوں کو۔ (بخاری)

آنحضرتؐ کی انکساری و شفقت؟

۴۴۲۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى غِلْمَانٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لڑکوں کی ایک جماعت کے پاس سے گزرے اور ان کو سلام کیا۔ (بخاری و مسلم)

غیر مسلم کو سلام کرنے کا مسئلہ

۴۴۲۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَبْدَءُوا الْيَهُوْدَ وَلَا النَّصَارٰى بِالسَّلَامِ وَاِذَا لَقِيْتُمْ اَحَدَهُمْ فِيْ طَرِيْقٍ فَاضْطَرُّوْهُ اِلٰى اَضْيَقِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یہود اور نصاریٰ کو سلام کرنے میں پہل نہ کرو اور جب تم کو راستہ میں کوئی یہودی یا نصرانی ملے تو اس کے راستہ کو اتنا تنگ کرو کہ وہ یکسو ہو کر گزرنے پر مجبور ہو جائے۔ (مسلم)

یہودیوں کی شرارت

۴۴۲۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمُ الْيَهُوْدُ فَاِنَّمَا يَقُوْلُ اَحَدُهُمُ السَّامُ عَلَيْكَ فَقُلْ وَعَلَيْكَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یہودی جب تم کو سلام کرتے ہیں تو یہ کہتے ہیں السام علیک (یعنی تم پر موت ہو) تم اس کے جواب میں کہو "وَعَلَیْکَ" (یعنی تجھ پر بھی موت ہو) (بخاری و مسلم)

۴۴۳۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ اَهْلُ الْكِتَابِ فَقُوْلُوْا وَعَلَيْكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، یہود و نصاریٰ جب تم کو سلام کریں تو تم ان کے جواب میں وَعَلَیْکُمْ کہو (یعنی تم پر بھی)۔ (بخاری و مسلم)

آنحضرتؐ کا حلم؟

۴۴۳۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِسْتَاْذَنَ رَهْطٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا السَّامُ عَلَيْكُمْ فَقُلْتُ بَلْ عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْاَمْرِ كُلِّهٖ قُلْتُ اَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا قَالَ قَدْ قُلْتُ وَ

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ یہود کی ایک جماعت نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری کی اجازت طلب کی اور کہا السام علیکم (یعنی تم کو موت آئے) میں نے ان کے جواب میں کہا بلکہ تم کو موت آئے اور تم پر لعنت ہو (یہ سنکر) نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عائشہ! خداوند تعالیٰ نرمی کرتا اور نرمی کو تمام امور میں پسند کرتا ہے۔ میں نے عرض

عَلَيْكُمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ عَلَيْكُمْ وَلَمْ يَذْكُرُوا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کیا آپ نے سُنا نہیں انھوں نے کیا کہا تھا۔ آپ نے فرمایا میں نے ان کو جواب میں "وَعَلَيْكُمْ" (یعنی تم پر بھی) کہہ دیا تھا (بخاری و مسلم)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ قَالَتْ اِنَّ الْيَهُوْدَ اَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا اَلسَّامُ عَلَيْكَ قَالَ وَعَلَيْكُمْ فَقَالَتْ عَائِشَةُ السَّامُ عَلَيْكُمْ وَلَعَنَكُمُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْكُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْلًا يَا عَائِشَةُ عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَاِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ قَالَتْ اَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا قَالَ اَوَلَمْ تَسْمَعِيْ مَا قُلْتُ رَدَدْتُّ عَلَيْهِمْ فَيُسْتَجَابُ لِيْ فِيْهِمْ وَلَا يُسْتَجَابُ لَهُمْ فِيَّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ لَا تَكُوْنِيْ فَاحِشَةً فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفُحْشَ وَالتَّفَحُّشَ۔

اور بخاری کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ یہود نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر کہا "السام علیک" (تم کو موت آئے) اور آپ نے فرمایا اور تم پر بھی۔ حضرت عائشہ رض نے یہود کے الفاظ سُن کر کہا تم کو موت آئے تم پر خدا کی لعنت ہو اور تم پر غضب الٰہی نازل ہو۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عائشہ رض! ٹھہرو نرمی سے کام لو سختی و درشتی چھوڑ دو اور بے شرمی کی باتوں سے اپنے آپ کو بچاؤ۔ عائشہ رض نے کہا آپ نے ان کے الفاظ نہیں سُنے؟ آپ نے فرمایا اور تم نے میرے جواب کے الفاظ نہیں سُنے میں نے ان کے الفاظ کو انھیں پر لوٹا دیا۔ میری دُعا ان کے حق میں قبول کی جاتی ہے اور ان کی دُعا میرے حق میں قبول نہیں کی جاتی۔ اور مسلم میں ایک روایت کے اندر یہ الفاظ ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ عائشہ رض! تو بیہودہ اور فحش باتیں نہ کر اس لئے کہ اللہ تعالیٰ بے حیائی کو پسند نہیں فرماتا۔

مسلم اور غیر مسلم کی مخلوط مجلس میں سلام کرنے کا طریقہ

۴۴۳۲ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيْهِ اَخْلَاطٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ وَالْيَهُوْدِ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اسامہ بن زید رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک ایسے مجمع کے پاس سے گزرے جن میں مسلمان، مشرک یعنی بُت پرست اور یہود ہر قسم کے آدمی تھے اور آپ نے ان کو سلام کیا۔ (بخاری و مسلم)

راستہ کے حقوق

۴۴۳۳ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيَّاكُمْ وَالْجُلُوْسَ بِالطُّرُقَاتِ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا لَنَا مِنْ مَّجَالِسِنَا بُدٌّ نَتَحَدَّثُ فِيْهَا قَالَ فَاِذَا اَبَيْتُمُ اِلَّا الْمَجْلِسَ فَاَعْطُوا الطَّرِيْقَ حَقَّهٗ قَالُوْا وَمَا حَقُّ الطَّرِيْقِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ غَضُّ الْبَصَرِ وَكَفُّ الْاَذٰى وَرَدُّ السَّلَامِ وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابی سعید خدری رض کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم راستوں پر نہ بیٹھا کرو۔ صحابہ رض نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم تو راستوں پر بیٹھنے کے لئے مجبور ہیں اس لئے کہ ہم وہاں بیٹھ کر تمام ضروری امور پر بحث و گفتگو کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اگر تم اس پر مجبور ہو تو راستہ کا حق ادا کیا کرو۔ صحابہ رض نے عرض کیا راستہ کا حق کیا ہے؟ آپ نے فرمایا آنکھوں کا بند رکھنا (یعنی حرام چیزوں پر نظر نہ ڈالنا) کسی کو اذیت نہ پہنچانا، سلام کا جواب دینا، مشروع باتوں کا لوگوں کو حکم دینا اور ممنوع باتوں سے روکنا (بخاری و مسلم)

۴۴۳۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ وَاِرْشَادُ السَّبِيْلِ۔ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَقِيْبَ حَدِيْثِ الْخُدْرِيِّ هٰكَذَا۔

حضرت ابوہریرہ رض حدیث بالا کے واقعہ میں اتنا اضافہ اور کرتے ہیں کہ آپ نے راستہ کے حقوق بیان کرتے ہوئے یہ بھی فرمایا راستہ کا بتلانا (یعنی کوئی شخص راستہ دریافت کرے تو اس کی رہنمائی کرنا)۔ (ابوداؤد)

۴۴۳۵ وَعَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ وَتُغِيْثُوا الْمَلْهُوْفَ وَتَهْدُوا الضَّالَّ۔

حضرت عمر رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مذکورہ بالا واقعہ میں فرمایا کہ مظلوم کی فریاد رسی کرنا اور بھولے ہوئے کو راستہ بتانا۔

رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَقِيْبَ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ هٰكَذَا وَلَمْ اَجِدْهُمَا فِي الصَّحِيْحَيْنِ۔)

ابوداؤد نے اس کو حضرت ابوہریرہ رضؓ کی حدیث کے بعد اسی طرح بیان کیا اور ہم نے یہ دونوں حدیثیں صحیحین میں نہیں پائیں۔

فصل دوم

اسلامی معاشرہ کے چھ باہمی حقوق

۴۴۳۶ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ بِالْمَعْرُوْفِ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِذَا لَقِيَهٗ وَيُجِيْبُهٗ اِذَا دَعَاهُ وَيُشَمِّتُهٗ اِذَا عَطَسَ وَيَعُوْدُهٗ اِذَا مَرِضَ وَيَتْبَعُ جَنَازَتَهٗ اِذَا مَاتَ وَيُحِبُّ لَهٗ مَا يُحِبُّ..... لِنَفْسِهٖ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسلمان کے مسلمان پر چھ پسندیدہ حقوق ہیں: جب کوئی مسلمان ملے تو اس کو سلام کرنا۔ کوئی مسلمان دعوت کرے تو اس کو قبول کرنا۔ کسی مسلمان کو چھینک آئے تو اس کا جواب دینا۔ کوئی مسلمان بیمار ہو تو اس کی عیادت کرنا کوئی مسلمان مرجائے تو اس کے جنازہ کے ساتھ جانا۔ اور ہر مسلمان کے لئے اس چیز کو پسند کرنا جس کو خود اپنے لئے پسند کرتا ہے (ترمذی۔ دارمی)

سلام کے ثواب میں اضافہ کا باعث بننے والے الفاظ

۴۴۳۷ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَرَدَّ عَلَيْهِ ثُمَّ جَلَسَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرٌ ثُمَّ جَاءَ اٰخَرُ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فَرَدَّ عَلَيْهِ فَجَلَسَ فَقَالَ عِشْرُوْنَ ثُمَّ جَاءَ اٰخَرُ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ فَرَدَّ عَلَيْهِ فَجَلَسَ فَقَالَ ثَلٰثُوْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عمران بن حصین رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر سلام کیا حضورؐ نے اس کے سلام کا جواب دیا پھر وہ شخص بیٹھ گیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شخص کے لئے دس نیکیاں لکھی گئیں۔ پھر ایک اور شخص آیا اور کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ آپ نے اس کو بھی سلام کا جواب دیا اور اس کے بیٹھ جانے پر فرمایا اس کے لئے بیس نیکیاں لکھی گئیں۔ پھر ایک اور شخص آیا اور کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ آپ نے اس کے سلام کا بھی جواب دیا اور اس کے بیٹھ جانے پر فرمایا اس کے لئے تیس نیکیاں لکھی گئیں۔ (ابوداؤد۔ ترمذی)

۴۴۳۸ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ وَزَادَ ثُمَّ اَتٰى اٰخَرُ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَمَغْفِرَتُهٗ فَقَالَ اَرْبَعُوْنَ وَقَالَ هٰكَذَا تَكُوْنُ الْفَضَائِلُ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت معاذ بن انس رضؓ نے مذکورہ بالا حدیث کے ہم معنی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کی ہے اور یہ الفاظ زیادہ بیان کئے ہیں کہ پھر ایک اور شخص آیا اور کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ومغفرتہٗ۔ آپ نے فرمایا اس شخص کے لئے چالیس نیکیاں لکھی گئیں اس کے بعد آپ نے فرمایا۔ اسی طرح سے ثواب بڑھتا جاتا ہے۔ (ابوداؤد)

سلام میں پہل کرنے کی فضیلت

۴۴۳۹ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاللّٰهِ مَنْ بَدَأَ بِالسَّلَامِ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابی امامہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اللہ سے نزدیک تر وہ شخص ہے جو پہلے سلام کرے۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد)

اجنبی عورت کو سلام کرنا جائز نہیں

۴۴۴۰ وَعَنْ جَرِيْرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِنَّ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت جریر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کی ایک جماعت کے قریب سے گزرے اور ان کو سلام کیا۔ (احمد)

جماعت میں سے کسی ایک کا سلام کرنا پوری جماعت کی طرف سے کافی ہے

۴۴۴۱/۲۱ وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ يُجْزِئُ عَنِ الْجَمَاعَةِ اِذَا مَرُّوْا اَنْ يُّسَلِّمَ اَحَدُهُمْ وَيُجْزِئُ عَنِ الْجُلُوْسِ اَنْ يَّرُدَّ اَحَدُهُمْ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مَرْفُوْعًا)۔ وَرَوٰى اَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ رَفَعَهُ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَهُوَ شَيْخُ اَبِيْ دَاوٗدَ۔

حضرت علی بن ابی طالبؓ کہتے ہیں کہ جب آدمیوں کی کوئی جماعت گزرے اور ان میں سے ایک کسی آدمی یا جماعت کو سلام کرے تو یہ سلام ساری جماعت کی طرف سے ہے اور اسی طرح سے اگر کسی میں سے صرف ایک آدمی کسی سلام کا جواب دے دے تو یہ سلام سارے لوگوں کی طرف سے کافی ہے (بیہقی نے اس روایت کو مرفوعاً نقل کیا ہے یعنی اس قول کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد بتایا ہے) ابوداؤد کہتے ہیں اسے حسن بن علیؓ نے مرفوعاً روایت کیا ہے اور یہ حسن بن علی ابوداؤد کے شیخ ہیں۔

اشاروں کے ذریعہ سلام کرنا

۴۴۴۲/۲۲ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ بِغَيْرِنَا لَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ وَلَا بِالنَّصَارٰى فَاِنَّ تَسْلِيْمَ الْيَهُوْدِ الْاِشَارَةُ بِالْاَصَابِعِ وَتَسْلِيْمَ النَّصَارٰى الْاِشَارَةُ بِالْاَكُفِّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ اِسْنَادُهٗ ضَعِيْفٌ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص غیروں کے ساتھ مشابہت کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ تم نہ تو یہود کے ساتھ مشابہت کرو اور نہ نصاریٰ کے ساتھ۔ یہود انگلیوں کے اشارے سے سلام کرتے ہیں اور نصاریٰ ہتھیلیوں کے اشارے سے۔ (ترمذی نے کہا اس کی سند ضعیف ہے)

ہر ملاقات پر سلام کرو

۴۴۴۳/۲۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا لَقِيَ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلْيُسَلِّمْ عَلَيْهِ فَاِنْ حَالَتْ بَيْنَهُمَا شَجَرَةٌ اَوْ جِدَارٌ اَوْ حَجَرٌ ثُمَّ لَقِيَهٗ فَلْيُسَلِّمْ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے جب کوئی اپنے کسی مسلمان بھائی سے ملاقات کرے تو پہلے اس کو سلام کرے اور جب وہ ہٹ جائے اور کوئی درخت یا دیوار یا بڑا پتھر دونوں کے درمیان آجائے اور پھر سامنا ہو تو دوبارہ سلام کرے۔ (ابوداؤد)

اپنے گھر والوں کو سلام کرو

۴۴۴۴/۲۴ وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰى اَهْلِهَا وَاِذَا خَرَجْتُمْ فَوَدِّعُوْا اَهْلَهَا بِسَلَامٍ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مُرْسَلًا۔)

حضرت قتادہؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تم گھر میں داخل ہو تو گھر والوں کو سلام کرو۔ اور جب تم گھر سے باہر جاؤ تو گھر والوں کو سلام کرکے رخصت کرو۔ (بیہقی)

۴۴۴۵/۲۵ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا بُنَيَّ اِذَا دَخَلْتَ عَلٰى اَهْلِكَ فَسَلِّمْ يَكُوْنُ بَرَكَةً عَلَيْكَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بیٹا جب تم گھر میں داخل ہو تو گھر والوں کو سلام کر تیرا اسلام تیرے اور تیرے گھر والوں کے لئے برکت کا موجب ہوگا۔ (ترمذی)

پہلے سلام پھر کلام

۴۴۴۶/۲۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جابرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْكَلَامِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ)۔

ہے کلام سے پہلے سلام کرنا چاہئے۔ (ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث منکر ہے)

زمانہ جاہلیت کا سلام

۴۴۴۷ وَعَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ قَالَ كُنَّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ نَقُوْلُ اَنْعَمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا وَاَنْعِمْ صَبَاحًا فَلَمَّا كَانَ الْاِسْلَامُ نُهِيْنَا عَنْ ذٰلِكَ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عمران بن حصین رضؓ کہتے ہیں کہ ہم ایام جاہلیت میں (ملاقات کے وقت) یہ کہا کرتے تھے کہ اللہ تیری آنکھوں کو ٹھنڈا کرے اور تو صبح کے وقت نعمتوں میں داخل رہے پھر جب اسلام پھیلا تو ہم کو اس سے منع کر دیا گیا۔ (ابوداؤد)

غائبانہ سلام اور اس کا جواب

۴۴۴۸ وَعَنْ غَالِبٍ قَالَ اِنَّا لَجُلُوْسٌ بِبَابِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ جَدِّيْ قَالَ بَعَثَنِيْ اَبِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ائْتِهِ فَاقْرَئْهُ السَّلَامَ قَالَ فَاَتَيْتُهٗ فَقُلْتُ اَبِيْ يَقْرَئُكَ السَّلَامَ فَقَالَ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَبِيْكَ السَّلَامُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

غالبؓ کہتے ہیں کہ ہم حسن بصری رح کے دروازے پر بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک شخص آیا اور بیان کیا کہ میرے والد نے میرے دادا سے نقل کیا ہے کہ مجھ کو (یعنی میرے دادا کو) میرے والد نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا اور کہا تو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر میرا سلام پہنچا۔ میرے دادا کہتے ہیں کہ میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میرے والد نے آپ کو سلام کہا ہے۔ آپ نے فرمایا تجھ پر اور تیرے باپ پر سلامتی ہو۔ (ابوداؤد)

خطوط میں سلام لکھنے کا طریقہ

۴۴۴۹ وَعَنْ اَبِي الْعَلَاءِ الْحَضْرَمِيِّ اَنَّ الْعَلَاءَ الْحَضْرَمِيَّ كَانَ عَامِلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اِذَا كَتَبَ اِلَيْهِ بَدَاَ بِنَفْسِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابی العلاء حضرمی رضؓ کہتے ہیں کہ علاء حضرمیؓ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے عامل تھے جب وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو خط لکھتے تو اپنی جانب سے شروع کرتے (یعنی اس طرح لکھتے یہ خط ہے علاء حضرمی کی جانب سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ (ابوداؤد)

خط لکھ کر اس پر مٹی چھڑکنے کی خاصیت

۴۴۵۰ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا كَتَبَ اَحَدُكُمْ كِتَابًا فَلْيُتْرِبْهُ فَاِنَّهٗ اَنْجَحُ لِلْحَاجَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تم میں سے کوئی شخص کسی کو خط لکھے تو (لکھنے کے بعد) اس پر مٹی ڈال دے اس لئے کہ ایسا کرنا حاجت کو بر لاتا ہے۔ (ترمذی۔ یہ حدیث منکر ہے)

لکھتے وقت قلم کان پر رکھنے کی خاصیت

۴۴۵۱ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ يَدَيْهِ كَاتِبٌ فَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ ضَعِ الْقَلَمَ عَلٰى اُذُنِكَ فَاِنَّهٗ اَذْكَرُ لِلْمَالِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ

حضرت زید بن ثابت رضؓ کہتے ہیں کہ میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ کے سامنے کاتب بیٹھا ہوا تھا میں نے آپ کو کاتب سے یہ فرماتے ہوئے سنا۔ قلم کو اپنے کان میں رکھ اس لئے کہ ایسا کرنا مطالب کو جلد یاد دلاتا ہے۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب

وَفِیْ اِسْنَادِہٖ ضُعْفٌ)۔

ہے اور اس کی سند میں ضعف ہے)

ضرورت کے تحت غیر مسلم قوموں کی زبان سیکھنا جائز ہے

۴۴۵۲/۳۲ وَعَنْہُ قَالَ اَمَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ اَتَعَلَّمَ السُّرْیَانِیَّۃَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَنَّہٗ اَمَرَنِیْ اَنْ اَتَعَلَّمَ کِتَابَ یَھُوْدٍ وَقَالَ اِنِّیْ مَا اٰمَنُ یَھُوْدُ عَلٰی کِتَابٍ قَالَ فَمَا مَرَّ بِیْ نِصْفُ شَھْرٍ حَتّٰی تَعَلَّمْتُہٗ فَکَانَ اِذَا کَتَبَ اِلٰی یَھُوْدَ کَتَبْتُ وَاِذَا کَتَبُوْا اِلَیْہِ قَرَأْتُ لَہٗ کِتَابَھُمْ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت زید بن ثابت رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو حکم دیا کہ میں سُریانی زبان سیکھوں اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو حکم دیا کہ میں یہود کی خط و کتابت کو سیکھ لوں اور یہ فرمایا خط و کتابت کے معاملے میں مجھ کو یہود کی طرف سے اطمینان نہیں ہوتا۔ زید بن ثابت رضؓ کا بیان ہے کہ آدھے مہینہ کے اندر اندر میں نے سُریانی زبان کو سیکھ لیا۔ پھر جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کسی یہودی کو خط لکھواتے اور یہودی جو آپ کے پاس خط بھیجتے اس کو میں ہی پڑھتا۔ (ترمذی)

ملاقات کے وقت بھی سلام کرو اور رخصت ہوتے وقت بھی

۴۴۵۳/۳۳ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا انْتَھٰی اَحَدُکُمْ اِلٰی مَجْلِسٍ فَلْیُسَلِّمْ فَاِنْ بَدَا لَہٗ اَنْ یَّجْلِسَ فَلْیَجْلِسْ ثُمَّ اِذَا قَامَ فَلْیُسَلِّمْ فَلَیْسَتِ الْاُوْلٰی بِاَحَقَّ مِنَ الْاٰخِرَۃِ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے جب کوئی شخص کسی مجلس میں پہنچے تو سلام کرے اور اگر بیٹھنے کی ضرورت ہو تو بیٹھ جائے اور پھر جب چلنے لگے تو دوبارہ سلام کرے اس لئے کہ پہلی مرتبہ کا سلام کرنا دوسرا سلام کرنے سے بہتر نہیں ہے (یعنی دونوں سلام حق اور مسنون ہیں)۔ (ترمذی)

راستہ پر بیٹھنے کا حق ہے

۴۴۵۴/۳۴ وَعَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا خَیْرَ فِیْ جُلُوْسٍ فِی الطُّرُقَاتِ اِلَّا لِمَنْ ھَدَی السَّبِیْلَ وَرَدَّ التَّحِیَّۃَ وَغَضَّ الْبَصَرَ وَاَعَانَ عَلَی الْحُمُوْلَۃِ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ) وَذُکِرَ حَدِیْثُ اَبِیْ جُرَیٍّ فِیْ بَابِ فَضْلِ الصَّدَقَۃِ۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے راستوں پر بیٹھنا بہتر نہیں ہے مگر اس شخص کے لئے جو راستہ بتلائے سلام کا جواب دے آنکھوں کو بند رکھے (یعنی حرام چیز کو نہ دیکھے) اور بوجھ لے جانے والے کی مدد کرے۔ (شرح السنۃ)

اور ابی جری کی حدیث فضل صدقہ کے باب میں بیان کی گئی۔

فصل سوم

اسلام کی ابتداء حضرت آدمؑ سے

۴۴۵۵/۳۵ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰہُ اٰدَمَ وَنَفَخَ فِیْہِ الرُّوْحَ عَطَسَ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ فَحَمِدَ اللّٰہَ بِاِذْنِہٖ فَقَالَ لَہٗ رَبُّہٗ یَرْحَمُکَ اللّٰہُ یَا اٰدَمُ اِذْھَبْ اِلٰی اُولٰئِکَ الْمَلٰٓئِکَۃِ اِلٰی مَلَاٍ مِنْھُمْ جُلُوْسٌ فَقُلِ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ قَالُوْا

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ نے جس وقت آدم (علیہ السلام) کو پیدا کیا اور ان میں روح ڈالی تو ان کو چھینک آئی اور انھوں نے خدا کی توفیق و اجازت سے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہا۔ خداوند نے کہا آدم! خدا تجھ پر رحم کرے (اب) تو فرشتوں کی اس جماعت کے پاس جا جو بیٹھی ہے اور ان کو سلام کر (یعنی اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کہہ (چنانچہ حسب فرمانِ خداوندی) آدم

عَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ثُمَّ رَجَعَ إِلٰى رَبِّهٖ فَقَالَ إِنَّ هٰذِهٖ تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ بَنِيْكَ بَيْنَهُمْ فَقَالَ لَهُ اللّٰهُ وَيَدَاهُ مَقْبُوْضَتَانِ اخْتَرْ أَيَّتَهُمَا شِئْتَ فَقَالَ اخْتَرْتُ يَمِيْنَ رَبِّيْ وَكِلْتَا يَدَيْ رَبِّيْ يَمِيْنٌ مُبَارَكَةٌ ثُمَّ بَسَطَهَا فَإِذَا فِيْهَا آدَمُ وَذُرِّيَّتُهُ فَقَالَ أَيْ رَبِّ مَا هٰؤُلَاءِ قَالَ هٰؤُلَاءِ ذُرِّيَّتُكَ فَإِذَا كُلُّ إِنْسَانٍ مَكْتُوْبٌ عُمُرُهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ فَإِذَا فِيْهِمْ رَجُلٌ أَضْوَءُهُمْ أَوْ مِنْ أَضْوَءِهِمْ قَالَ يَا رَبِّ مَنْ هٰذَا قَالَ هٰذَا ابْنُكَ دَاوُدُ قَدْ كَتَبْتُ لَهُ عُمُرَهُ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً قَالَ يَا رَبِّ زِدْ فِيْ عُمُرِهِ قَالَ ذٰلِكَ الَّذِيْ كَتَبْتُ لَهُ قَالَ أَيْ رَبِّ فَإِنِّيْ قَدْ جَعَلْتُ لَهُ مِنْ عُمُرِيْ سِتِّيْنَ سَنَةً قَالَ أَنْتَ وَذَاكَ قَالَ ثُمَّ سَكَنَ الْجَنَّةَ مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ أُهْبِطَ مِنْهَا وَكَانَ آدَمُ يَعُدُّ لِنَفْسِهٖ فَأَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ قَالَ لَهُ آدَمُ قَدْ عَجِلْتَ قَدْ كُتِبَ لِيْ أَلْفُ سَنَةٍ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنَّكَ جَعَلْتَ لِابْنِكَ دَاوُدَ سِتِّيْنَ سَنَةً فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ وَنَسِيَ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ قَالَ فَمِنْ يَوْمَئِذٍ أُمِرَ بِالْكِتَابِ وَالشُّهُوْدِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

علیہ السلام گئے اور فرشتوں کو سلام کیا فرشتوں نے جواب میں کہا علیک السلام ورحمۃ اللہ۔ اس کے بعد آدمؑ اپنے پروردگار کے پاس آئے اور خداوند تعالیٰ نے ان سے فرمایا یہ (یعنی السلام علیکم ورحمۃ اللہ) تیری اور تیری اولاد کی دعا ہے جو وہ آپس میں ایک دوسرے کو دیں گے پھر خداوند تعالیٰ نے دونوں بندھے ہوئے ہاتھوں کی طرف اشارہ کرکے فرمایا ان دونوں ہاتھوں میں سے ایک کو پسند کرلے۔ آدمؑ نے خداوند تعالیٰ کے داہنے ہاتھ کو پسند کرلیا اور خدا کے دونوں ہاتھ داہنے اور بابرکت ہیں پھر خداوند تعالیٰ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو کھولا تو ان میں آدمؑ اور آدمؑ کی ذریات بھری ہوئی تھی۔ آدمؑ نے پوچھا اے پروردگار! یہ کون ہیں خداوند تعالیٰ نے فرمایا یہ تیری اولاد ہے آدمؑ نے دیکھا کہ انمیں سے ہر انسان کی عمر اس کی آنکھوں کے درمیان لکھی ہوئی ہے پھر ان میں آدمؑ نے ایک روشن ترین آدمی کو دیکھا اور پوچھا اے پروردگار یہ کون ہے؟ خداوند تعالیٰ نے فرمایا یہ تیرا بیٹا داؤد ہے اور میں نے اس کی عمر چالیس سال لکھی ہے۔ آدمؑ نے عرض کیا اے پروردگار! اس کی عمر بڑھا دے۔ خداوند تعالیٰ نے فرمایا میں نے تو اس کے لئے اتنی ہی عمر لکھی ہے۔ آدمؑ نے عرض کیا اے پروردگار میں نے اپنی عمر میں سے ساٹھ سال اس کو دیئے خداوند تعالیٰ نے فرمایا تم جانو اور تمہارا بیٹا داؤد۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ آدمؑ (اس کے بعد) جب تک خدا نے چاہا بہشت کے اندر رہے اور پھر بہشت سے نیچے اتار دیئے گئے آدمؑ اپنی عمر کے سالوں کو گنتے رہے جب ان کی عمر (کو سو چالیس سال کی) پوری ہوگئی تو موت کا فرشتہ آیا۔ آدمؑ نے اس سے کہا تم نے جلدی کی میری عمر تو ایک ہزار سال کی ہے موت کے فرشتے نے کہا ہاں تمہاری عمر ایک ہزار برس ہی کی تھی لیکن تم نے اپنی عمر میں سے ساٹھ سال اپنے بیٹے داؤد کو دے دیئے ہیں آدمؑ نے اس سے انکار کیا اور ان کی اولاد بھی اس سے انکار کرتی ہے اور بھول گئے آدمؑ (خدا کی ممانعت کو جو درخت کا پھل کھانے کے متعلق تھی) اور ان کی اولاد بھی بھولتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس روز سے حکم دیا گیا لکھنے کا اور گواہ بنانے کا۔ (ترمذی)

عورتوں کو سلام کرنا آنحضرتؐ کیلئے مخصوص طور پر جائز تھا

۴۴۵۶ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ مَرَّ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت اسماء بنت یزید رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری (یعنی عورتوں کی) ایک جماعت کے قریب سے گزرے اور ہم کو سلام کیا۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

بَابُ الْاِسْتِیْذَانِ — اجازت حاصل کرنے کا بیان

فصل اوّل

دروازہ پر کھڑے ہو کر تین مرتبہ سلام کرنیکے بعد بھی گھر میں سے جواب نہ آئے تو واپس چلے جاؤ

۴۴۶۰ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ اَتَانَا اَبُوْمُوْسٰی قَالَ اِنَّ عُمَرَ اَرْسَلَ اِلَیَّ اَنْ اْتِیَهٗ فَاَتَیْتُ بَابَهٗ فَسَلَّمْتُ ثَلٰثًا فَلَمْ یُرَدَّ عَلَیَّ فَرَجَعْتُ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَاْتِیَنَا فَقُلْتُ اِنِّیْ اَتَیْتُ فَسَلَّمْتُ عَلٰی بَابِكَ ثَلٰثًا فَلَمْ تَرُدُّوْا عَلَیَّ فَرَجَعْتُ وَقَدْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَاْذَنَ اَحَدُكُمْ ثَلٰثًا فَلَمْ یُؤْذَنْ لَهٗ فَلْیَرْجِعْ فَقَالَ عُمَرُ اَقِمْ عَلَیْهِ الْبَیِّنَةَ قَالَ اَبُوْسَعِیْدٍ فَقُمْتُ مَعَهٗ فَذَهَبْتُ اِلٰی عُمَرَ فَشَهِدْتُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابی سعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضؓ (ایک روز) ہمارے پاس آئے اور فرمایا کہ حضرت عمر رضؓ نے میرے پاس ایک آدمی بھیج کر مجھ کو بلایا۔ میں (حسب طلب) ان کے دروازے پر پہنچا اور (اجازت حاصل کرنے کے لئے) تین بار سلام کہا لیکن مجھ کو سلام کا جواب نہ ملا اور میں واپس چلا آیا۔ پھر دوسرے موقع پر حضرت عمر رضؓ نے مجھ سے کہا۔ میرے پاس آنے سے کس چیز نے تم کو روکا؟ میں نے عرض کیا میں حاضر ہوا تھا اور آپ کے دروازے پر کھڑے ہو کر تین مرتبہ سلام کیا تھا لیکن گھر والوں میں سے کسی نے سلام کا جواب نہیں دیا اور میں واپس چلا آیا اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے یہ فرمایا ہے کہ جب تم میں سے کوئی شخص تین مرتبہ اجازت حاصل کرے اور اس کو اجازت نہ ملے تو واپس چلا آئے حضرت عمر رضؓ نے (یہ سُنکر) فرمایا۔ اِس حدیث کے گواہ لاؤ۔ ابوسعید اس کے راوی کہتے ہیں کہ ابوموسیٰ رضؓ کے ساتھ میں حضرت عمر رضؓ کے پاس گیا اور شہادت دی کہ یہ حدیث صحیح ہے۔ (بخاری و مسلم)

خاص اجازت

۴۴۶۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ لِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْنُكَ عَلَیَّ اَنْ تَرْفَعَ الْحِجَابَ وَاَنْ تَسْمَعَ سَوَادِیْ حَتّٰی اَنْهٰكَ

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ کہتے ہیں کہ مجھ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تجھ کو اجازت دیتا ہوں کہ تو میرے دروازہ کا پردہ اُٹھا کر اندر چلا آ۔ اور میری خفیہ باتیں سُن جب تک میں تجھ کو منع نہ کروں (مسلم)

کسی دروازے پر پہنچ کر اپنی آمد کی اطلاع کرو تو نام بتاؤ

۴۴۶۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ دَیْنٍ كَانَ عَلٰی اَبِیْ فَدَقَقْتُ الْبَابَ فَقَالَ اَنَا اَنَا كَاَنَّهٗ كَرِهَهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک قرض کے معاملہ میں جو میرے والد پر تھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا اور دروازہ کھٹکھٹایا آپ نے پوچھا کون ہے؟ میں نے عرض کیا میں ہوں۔ آپ نے فرمایا میں ہوں، میں ہوں۔ گویا آپ نے میرے الفاظ کو بُرا سمجھا۔ (بخاری و مسلم)

بلانے والے کے دروازے پر بھی رک کر اندر آنے کی اجازت مانگنی چاہیئے

۴۴۶۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ لَبَنًا فِیْ قَدَحٍ فَقَالَ اَبَاهِرٍّ اَلْحِقْ بِاَهْلِ الصُّفَّةِ فَادْعُهُمْ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ (آپ کے گھر میں) داخل ہوا۔ آپ نے گھر میں دُودھ کا ایک پیالہ رکھا ہوا پایا اور مجھ سے فرمایا۔ ابوہریرہ رضؓ! اہلِ صُفّہ کو بُلا لا۔ میں اہلِ صفّہ

اِلَیَّ فَاَتَیْتُهُمْ فَدَعَوْتُهُمْ فَاَقْبَلُوْا فَاسْتَاْذَنُوْا فَاَذِنْتُ لَهُمْ فَدَخَلُوْا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

کو بلا لایا۔ انھوں نے دروازہ پر حاضر ہو کر اجازت چاہی آپ نے ان کو اجازت دیدی۔ (بخاری)

فصل دوم

اجازت طلب کئے بغیر کسی کے گھر میں نہ جاؤ

۴۴۶۴ عَنْ كَلَدَةَ بْنِ حَنْبَلٍ اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَيَّةَ بَعَثَ بِلَبَنٍ اَوْجَدَايَةٍ وَّضِغَابِيْسَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَعْلَى الْوَادِيْ قَالَ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ وَلَمْ اُسَلِّمْ وَلَمْ اَسْتَاْذِنْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِرْجِعْ فَقُلِ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَاَدْخُلُ۔ (رواه الترمذی و ابوداؤد)

حضرت کلدہ بن حنبلؓ کہتے ہیں کہ صفوان بن امیہ رضؓ نے میرے ہاتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس دودھ، ہرن کا ایک بچہ اور ایک ککڑی بھیجی اس وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مکہ کی بلند جانب جس کو معلا کہتے ہیں قیام پذیر تھے۔ میں آپ کی خدمت میں یونہی چلا گیا، یعنی نہ تو سلام کیا اور نہ اجازت طلب کی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا واپس جا (یعنی گھر سے باہر نکل کر دروازے پر جا) السلام علیکم کہہ اور اندر داخل ہونے کی اجازت طلب کر۔ (ترمذی)

بلا کر لانے والے کیساتھ آنے کی صورت میں اجازت طلب کرنیکی ضرورت نہیں

۴۴۶۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا دُعِيَ اَحَدُكُمْ فَجَاءَ مَعَ الرَّسُوْلِ فَاِنَّ ذٰلِكَ لَهٗ اِذْنٌ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ قَالَ رَسُوْلُ الرَّجُلِ اِلَى الرَّجُلِ اِذْنُهٗ

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تم میں سے کسی کو بلایا جائے تو وہ اسی شخص کے ساتھ چلا آئے جو اس کو بلانے گیا ہے اور اس کے ساتھ آنا ہی اس کے لئے اجازت ہے۔ (ابوداؤد)

آنحضرتؐ کسی کے دروازے پر جاتے تو اجازت مانگنے کیلئے دروازے پر کس طرح کھڑے ہوتے

۴۴۶۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُسْرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتٰى بَابَ قَوْمٍ لَمْ يَسْتَقْبِلِ الْبَابَ مِنْ تِلْقَاءِ وَجْهِهٖ وَلٰكِنْ مِّنْ رُكْنِهِ الْاَيْمَنِ اَوِ الْاَيْسَرِ فَيَقُوْلُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَذٰلِكَ اَنَّ الدُّوْرَ لَمْ تَكُنْ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا سُتُوْرٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) ۔ وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَنَسٍ قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فِيْ بَابِ الضِّيَافَةِ۔

حضرت عبداللہ بن بسرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب کسی کے گھر جاتے تو دروازہ کی طرف منہ کر کے کھڑے نہ ہوتے بلکہ دروازے کے دائیں یا بائیں جانب کھڑے ہوتے اور کہتے (یعنی اجازت حاصل کرنے کے لئے) السلام علیکم السلام علیکم اور دروازہ کے سامنے کھڑا نہ ہونا اس وجہ سے تھا کہ اس زمانہ میں دروازوں کے سامنے پردے پڑے ہوئے نہ تھے۔ (ابوداؤد)

اور حضرت انسؓ کی حدیث کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم السلام علیکم ورحمۃ اللہ فرمایا کرتے، ضیافت کے باب میں بیان کی گئی ہے۔

فصل سوم

اپنی ماں وغیرہ کے گھر میں بھی اجازت لے کر جاؤ

۴۴۶۷ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَسْتَاْذِنُ عَلٰى اُمِّيْ فَقَالَ نَعَمْ فَقَالَ الرَّجُلُ اِنِّيْ مَعَهَا فِي الْبَيْتِ فَقَالَ

عطاء بن یسارؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا میں اپنی ماں کے پاس جانے میں بھی اجازت طلب کروں آپ نے فرمایا ہاں، اس شخص نے عرض کیا میں اور میری ماں ایک ساتھ

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَسْتَاْذِنُ عَلَیْہَا فَقَالَ الرَّجُلُ اِنِّیْ خَادِمُہَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَسْتَاْذِنْ عَلَیْہَا اَتُحِبُّ اَنْ تَرَاہَا عُرْیَانَۃً قَالَ لَا قَالَ فَاسْتَاْذِنْ عَلَیْہَا (رَوَاہُ مَالِكٌ مُرْسَلًا)

ایک گھر میں رہتے ہیں آپ نے فرمایا جب اس کے پاس جائے تو اجازت حاصل کرکے جا۔ اس نے عرض کیا میں اپنی ماں کا خادم ہوں (یعنی اس کی خدمت کے لئے مجھ کو بار بار جانا پڑتا ہے) آپ نے فرمایا اجازت حاصل کرکے اس کے پاس جا۔ کیا تو اس کو پسند کرے گا کہ اپنی ماں کو برہنہ دیکھے۔ اس نے عرض کیا نہیں۔ آپ نے فرمایا تو اجازت حاصل کرکے اس کے پاس جایا کر۔ (مالک مرسلاً)

اجازت کا طریقہ

۴۴۶۸ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ کَانَ لِیْ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَدْخَلٌ بِاللَّیْلِ وَمَدْخَلٌ بِالنَّہَارِ فَکُنْتُ اِذَا دَخَلْتُ بِاللَّیْلِ تَنَحْنَحَ لِیْ۔

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس رات کو اور دن کو (یعنی ہر وقت) آیا جایا کرتا تھا۔ جب میں رات کو حاضر ہوتا تو آپ اجازت کے لئے کھنکار دیتے۔ (نسائی)

سلام نہ کرنے والے کو اپنے پاس آنے کی اجازت نہ دو

۴۴۶۹ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَاْذَنُوْا لِمَنْ لَّمْ یَبْدَاْ بِالسَّلَامِ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص سلام سے پہل نہ کرے اس کو اپنے پاس آنے کی اجازت نہ دو۔ (بیہقی)

بَابُ الْمُصَافَحَۃِ الْمُعَانَقَۃِ

مصافحہ اور معانقہ کا بیان

فصل اوّل

مصافحہ مشروع ہے

۴۴۷۰ عَنْ قَتَادَۃَ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسٍ اَکَانَتِ الْمُصَافَحَۃُ فِیْ اَصْحَابِ الرَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوقتادہؓ کہتے ہیں میں نے حضرت انسؓ سے پوچھا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحابؓ میں مصافحہ کا رواج تھا؟ انھوں نے کہا، ہاں۔ (بخاری)

بچے کو چومنا مستحب ہے

۴۴۷۱ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَبَّلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ وَعِنْدَہُ الْاَقْرَعُ ابْنُ حَابِسٍ فَقَالَ الْاَقْرَعُ اِنَّ لِیْ عَشَرَۃً مِّنَ الْوَلَدِ مَا قَبَّلْتُ مِنْہُمْ اَحَدًا فَنَظَرَ اِلَیْہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَنْ لَّا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)۔

وَسَنَذْکُرُ حَدِیْثَ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ اَتَمَّ لُکَعُ فِیْ بَابِ مَنَاقِبِ اَہْلِ بَیْتِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْنَ اِنْشَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَذِکْرَ حَدِیْثِ اُمِّ ہَانِئٍ فِیْ بَابِ الْاَمَانِ۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حسن بن علی رضؓ کا بوسہ لیا اس وقت آپ کے پاس اقرع بن حابسؓ بیٹھے ہوئے تھے انھوں نے آپ کو بوسہ دیتے ہوئے دیکھ کر فرمایا میرے دس بیٹے ہیں میں نے اُن میں سے کبھی کسی کا بوسہ نہیں لیا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف دیکھ کر فرمایا جو شخص (اولاد یا مخلوقِ خدا پر) مہربانی اور شفقت نہیں کرتا اُس پر رحم نہیں کیا جاتا (یعنی اللہ اس پر رحم نہیں کرتا)۔ (بخاری و مسلم)

اور عنقریب ابوہریرہ رضؓ کی حدیث "اَتَمَّ لُکَعُ الخ" مناقبِ اہلِ بیت کے باب میں بیان کریں گے۔ اور امّ ہانی رضؓ کی حدیث "بابُ الامان" میں ذکر کی گئی ہے۔

فصل دوم

مصافحہ کی فضیلت و برکت

۴۴۷۲/۳ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَلْتَقِيَانِ فَيَتَصَافَحَانِ إِلَّا غُفِرَ لَهُمَا قَبْلَ أَنْ يَتَفَرَّقَا (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ) وَفِي رِوَايَةِ أَبِي دَاوُدَ وَقَالَ إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ فَتَصَافَحَا وَحَمِدَا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَاهُ غُفِرَ لَهُمَا۔

حضرت براء بن عازب رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب دو مسلمان ملیں اور مصافحہ کریں تو ان دونوں کے جدا ہونے سے پہلے ان کو بخش دیا جاتا ہے۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ) اور ابوداؤد کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب دو مسلمان ملیں باہم مصافحہ کریں خدا کی حمد کریں اور بخشش چاہیں تو ان کو بخش دیا جاتا ہے۔

سلام کے وقت جھکنا ممنوع ہے

۴۴۷۳/۴ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ الرَّجُلُ مِنَّا يَلْقَى أَخَاهُ أَوْ صَدِيقَهُ أَيَنْحَنِي لَهُ قَالَ لَا قَالَ أَفَيَلْتَزِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ قَالَ لَا قَالَ أَفَيَأْخُذُ بِيَدِهِ وَيُصَافِحُهُ قَالَ نَعَمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم میں سے جب کوئی اپنے کسی مسلمان بھائی سے ملاقات کرے یا کسی دوست سے تو کیا وہ (اس کی تعظیم و تکریم کے لئے سر کو جھکائے آپ نے فرمایا نہیں۔ اس شخص نے کہا۔ کیا اس سے معانقہ کرے (یعنی اس سے گلے ملے) اور اس کو بوسہ دے۔ آپ نے فرمایا نہیں، اس شخص نے پھر پوچھا۔ کیا اس کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لے کر مصافحہ کرے۔ آپ نے فرمایا، ہاں۔ (ترمذی)

سلام مصافحہ سے پورا ہوتا ہے

۴۴۷۴/۵ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَمَامُ عِيَادَةِ الْمَرِيضِ أَنْ يَضَعَ أَحَدُكُمْ يَدَهُ عَلَى جَبْهَتِهِ أَوْ عَلَى يَدِهِ فَيَسْأَلَهُ كَيْفَ هُوَ وَتَمَامُ تَحِيَّاتِكُمْ بَيْنَكُمُ الْمُصَافَحَةُ (رواه احمد والترمذي و ضعفه)

حضرت ابی امامہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مریض کی پوری عیادت یہ ہے کہ تم اپنا ہاتھ مریض کی پیشانی یا ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر اس سے اس کا حال پوچھو اور پورا سلام کرنا یہ ہے کہ سلام کے بعد تم مصافحہ بھی کرو۔ (احمد۔ ترمذی نے اسے ضعیف کہا ہے)

سفر سے آنے والے کے ساتھ معانقہ و تقبیل بلا کراہت جائز ہے

۴۴۷۵/۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَدِمَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ الْمَدِينَةَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي فَأَتَاهُ فَقَرَعَ الْبَابَ فَقَامَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرْيَانًا يَجُرُّ ثَوْبَهُ وَاللّٰهِ مَا رَأَيْتُهُ عُرْيَانًا قَبْلَهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ زید بن حارثہ مدینہ میں آئے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کے لئے حاضر ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت میرے گھر میں تشریف فرما تھے انھوں نے دروازہ کو کھٹکھٹایا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم صرف تہبند باندھے برہنہ جسم چادر کو کھینچتے ہوئے، باہر تشریف لے گئے قسم ہے خدا کی میں نے کبھی اس سے پہلے اور نہ اس کے بعد آپ کو برہنہ نہیں دیکھا۔ آپ نے جوش محبت سے زید کو گلے لگا لیا اور بوسہ دیا۔ (ترمذی)

معانقہ کا جواز؟

۴۴۷۶/۷ وَعَنْ أَيُّوبَ بْنِ بُشَيْرٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ عَنَزَةَ أَنَّهُ قَالَ قُلْتُ لِأَبِي ذَرٍّ هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ایوب رضؓ بن بشیر قبیلہ بنو عنزہ کے ایک شخص سے ناقل ہیں کہ اس شخص نے حضرت ابوذر رضؓ سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب تم

وَسَلَّمَ يُصَافِحُكُمْ إِذَا لَقِيتُمُوهُ قَالَ مَا لَقِيتُهُ قَطُّ إِلَّا صَافَحَنِي وَبَعَثَ إِلَيَّ ذَاتَ يَوْمٍ وَلَمْ أَكُنْ فِي أَهْلِي فَلَمَّا جِئْتُ أُخْبِرْتُ فَأَتَيْتُهُ وَهُوَ عَلَى سَرِيرِهِ فَالْتَزَمَنِي فَكَانَتْ تِلْكَ أَجْوَدَ وَأَجْوَدَ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

لوگوں سے ملاقات کیا کرتے تھے تو کیا مصافحہ بھی کیا کرتے تھے؟ ابوذرؓ نے کہا میں نے جب کبھی آپ سے ملاقات کی آپ نے مجھ سے مصافحہ کیا اور ایک روز آپ نے مجھ کو بلا بھیجا میں اس وقت گھر میں موجود نہ تھا۔ جب میں گھر آیا تو مجھ کو اس کی اطلاع دی گئی۔ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ اس وقت تخت پر تشریف فرما تھے آپ نے مجھ کو گلے سے لگا لیا اور یہ گلے لگانا بہت بہتر بہت بہتر ہوا (یعنی مصافحہ سے زیادہ بہتر ہوا کہ معانقہ کی برکت و راحت حاصل ہوئی)۔ (ابوداؤد)

بارگاہِ نبوت میں عکرمہؓ بن ابوجہل کی حاضری کا واقعہ

۴۴۷۷/۸ وَعَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ أَبِي جَهْلٍ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ جِئْتُهُ مَرْحَبًا بِالرَّاكِبِ الْمُهَاجِرِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عکرمہؓ بن ابی جہل کہتے ہیں کہ میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے مجھ سے فرمایا ہجرت کرنے والے سوار کو مرحبا۔ (ترمذی)

آنحضرتؐ کو بوسہ دینے کا ذکر

۴۴۷۸/۹ وَعَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ قَالَ بَيْنَمَا هُوَ يُحَدِّثُ الْقَوْمَ وَكَانَ فِيهِ مِزَاحٌ بَيْنَا يُضْحِكُهُمْ فَطَعَنَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خَاصِرَتِهِ بِعُودٍ فَقَالَ أَصْبِرْنِي قَالَ اصْطَبِرْ قَالَ إِنَّ عَلَيْكَ قَمِيصًا وَلَيْسَ عَلَيَّ قَمِيصٌ فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَمِيصِهِ فَاحْتَضَنَهُ وَجَعَلَ يُقَبِّلُ كَشْحَهُ قَالَ إِنَّمَا أَرَدْتُ هٰذَا يَا رَسُولَ اللَّهِ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت اُسید بن حضیر انصاری سے روایت ہے کہ وہ ایک روز اپنی قوم سے باتیں کر رہے تھے اور چونکہ ان کے مزاج میں خوش طبعی تھی اس لئے قوم ان کی باتوں سے ہنس رہی تھی وہ اپنی باتوں سے قوم کو ہنسا رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پہلو میں ایک لکڑی سے ٹھوکا دیا۔ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا مجھ کو ٹھوکا دینے کا بدلہ دیجئے۔ آپ نے فرمایا بدلہ لے لو۔ انھوں نے کہا آپ کے جسم پر کپڑا ہے اور میں ننگا تھا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی قمیص اٹھا دی۔ اُسید آپ کے پہلو سے لپٹ گئے اور پہلو پر بوسے دینے شروع کر دیئے اور پھر کہا یا رسول اللہ میں صرف یہی چاہتا تھا (یعنی بدن مبارک پر بوسہ دینا)

معانقہ اور بوسہ کا ذکر

۴۴۷۹/۱۰ وَعَنِ الشَّعْبِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَقَّى جَعْفَرَ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فَالْتَزَمَهُ وَقَبَّلَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ مُرْسَلًا وَفِي بَعْضِ نُسَخِ الْمَصَابِيحِ وَفِي شَرْحِ السُّنَّةِ عَنِ الْبَيَاضِيِّ مُتَّصِلًا)۔

شعبی کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جعفرؓ بن ابی طالب سے ملے اور ان کو گلے لگا لیا اور ان کی آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا (ابوداؤد بیہقی) بیہقی نے شعب الایمان میں اس کو مرسلاً روایت کیا مصابیح کے بعض نسخوں اور شرح السنۃ میں بیاضی متصلاً روایت ہے۔

۴۴۸۰/۱۱ وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ فِي قِصَّةِ رُجُوعِهِ مِنْ أَرْضِ الْحَبَشَةِ قَالَ فَخَرَجْنَا حَتَّى أَتَيْنَا الْمَدِينَةَ فَتَلَقَّانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَنَقَنِي ثُمَّ قَالَ مَا أَدْرِي أَنَا بِفَتْحِ خَيْبَرَ أَفْرَحُ بِقُدُومِ

حضرت جعفر بن ابی طالبؓ حبشہ سے واپسی کا قصہ بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہم حبشہ سے روانہ ہو کر مدینہ آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے ملے اور مجھ کو گلے سے لگا لیا اور فرمایا میں نہیں کہہ سکتا کہ فتح خیبر کی خوشی مجھ کو زیادہ ہے یا جعفرؓ کے واپس آنے کی۔ اور جعفرؓ

جَعْفَرٍ وَوَافَقَ ذٰلِكَ فَتْحَ خَيْبَرَ۔ اتفاق سے اسی روز آئے تھے جس روز خیبر فتح ہوا تھا۔
(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ) (شرح السنۃ)

پاؤں کو بوسہ دینا جائز نہیں ہے؟

۴۴۸۱ وَعَنْ زَارِعٍ وَكَانَ فِي وَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ ۱۲ حضرت زارع رضؓ جو عبدالقیس کے وفد میں شامل تھے کہتے ہیں کہ
قَالَ لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فَجَعَلْنَا نَتَبَادَرُ مِنْ رَوَاحِلِنَا فَنُقَبِّلُ يَدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَهٗ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ) (ابوداؤد)
جب ہم مدینہ آئے تو ہم جلدی جلدی اپنی سواریوں سے اترے اور ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں اور پاؤں کو بوسہ دیا۔

اولاد کو بوسہ دینا اظہار محبت کا ذریعہ ہے

۴۴۸۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَأَيْتُ اَحَدًا كَانَ اَشْبَهَ ۱۳ حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ ہیئت و طریقہ، سیرت و عادت اور
سَمْتًا وَهَدْيًا وَدَلًّا وَفِيْ رِوَايَةٍ حَدِيْثًا وَكَلَامًا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فَاطِمَةَ كَانَتْ اِذَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ قَامَ اِلَيْهَا فَاَخَذَ بِيَدِهَا فَقَبَّلَهَا وَاَجْلَسَهَا فِيْ مَجْلِسِهٖ وَكَانَ اِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا قَامَتْ اِلَيْهِ فَاَخَذَتْ بِيَدِهٖ فَقَبَّلَتْهُ وَاَجْلَسَتْهُ فِيْ مَجْلِسِهَا (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)
شکل و صورت میں، اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ گفتگو اور کلام میں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ مشابہ سوائے فاطمہ رضؓ کے کسی کو نہ پایا (ان تمام باتوں میں حضرت فاطمہ رضؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت زیادہ مشابہ تھیں) حضرت فاطمہ رضؓ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتیں تو آپ کھڑے ہو جاتے فاطمہ رضؓ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیتے ان کی پیشانی پر بوسہ دیتے اور اپنی جگہ پر بٹھا دیتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب حضرت فاطمہ رضؓ کے ہاں تشریف لے جاتے تو فاطمہ رضؓ کھڑی ہو جاتیں آپ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیتیں اور آپ کے ہاتھوں پر بوسہ دیتیں اور اپنی جگہ پر بٹھاتیں۔ (ابوداؤد)

۴۴۸۳ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ اَبِيْ بَكْرٍ اَوَّلَ ۱۴ حضرت براء رضؓ کہتے ہیں کہ جب ابوبکر رضؓ مدینہ میں آئے (یعنی کسی غزوہ سے واپس آئے) تو میں ان کے ساتھ ان کے گھر گیا۔ میں نے دیکھا کہ ان کی بیٹی عائشہ رضؓ لیٹی ہوئی ہیں اور بخار میں مبتلا ہیں۔ ابوبکر رضؓ ان کے پاس گئے اور پوچھا میری بیٹی! کیسی طبیعت ہے؟ اور پھر ان کے منہ پر بوسہ دیا۔
مَا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَاِذَا عَائِشَةُ بِنْتُهٗ مُضْطَجِعَةٌ قَدْ اَصَابَهَا حُمّٰى فَاَتَاهَا اَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ كَيْفَ اَنْتِ يَا بُنَيَّةُ وَقَبَّلَ خَدَّهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

اولاد کے لئے انسان کیا کچھ نہیں کرتا

۴۴۸۴ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۱۵ حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ ایک بچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا
اُتِيَ بِصَبِيٍّ فَقَبَّلَهٗ فَقَالَ اَمَا اِنَّهُمْ مُبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ وَاِنَّهُمْ لَمِنْ رَيْحَانِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)
آپ نے اس کا بوسہ لیا اور فرمایا یہ اولاد بخل کا باعث ہے، یہ اولاد نامردی و بزدلی کا سبب ہے اور یہ اولاد خدا کے پھول یا خدا کی نعمت ہیں (یعنی اولاد کے لئے انسان کو بخیل اور نامرد بننا پڑتا ہے)۔ (شرح السنۃ)

فصل سوم

انسان اور اس کی اولاد

۴۴۸۵ عَنْ يَعْلٰى قَالَ اِنَّ حَسَنًا وَحُسَيْنًا اِسْتَبَقَا ۱۶ حضرت یعلیٰ رضؓ کہتے ہیں کہ حسن رضؓ اور حسین رضؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَمَّهُمَا اِلَيْهِ کے پاس دوڑتے ہوئے آئے آپ نے ان کو گلے لگایا اور فرمایا اولاد سبب ہے

وَقَالَ اِنَّ الْوَلَدَ مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ) بخل کا اور اولاد باعث ہے بزدلی و نامردی کا۔ (احمد)

ہدیہ و مصافحہ کی فضیلت

۴۴۸۶ وَعَنْ عَطَاءِ نِ الْخُرَاسَانِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَصَافَحُوْا يَذْهَبُ الْغِلُّ وَ تَهَادَوْا تَحَابُّوْا وَتَذْهَبُ الشَّحْنَاءُ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا)

عطاء خراسانی رح کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، مصافحہ کیا کرو اس سے (بغض) کینہ دور ہو جاتا ہے اور ہدیہ و تحفہ بھیجا کرو اس سے محبت بڑھتی ہے اور دشمنی جاتی رہتی ہے۔ (مالک نے اسے مرسلاً روایت کیا ہے)۔

۴۴۸۷ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى اَرْبَعًا قَبْلَ الْهَاجِرَةِ كَاَنَّمَا صَلَّاهُنَّ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَالْمُسْلِمَانِ اِذَا تَصَافَحَا لَمْ يَبْقَ بَيْنَهُمَا ذَنْبٌ اِلَّا سَقَطَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت براء بن عازب رض کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے دوپہر سے پہلے چار رکعت نماز پڑھی اس نے گویا چار رکعتوں کو شب قدر میں پڑھا اور دو مسلمان جب آپس میں مصافحہ کریں تو ان کے درمیان کوئی گناہ باقی نہیں رہتا بخشدیا جاتا ہے۔ (بیہقی)

بَابُ الْقِيَامِ — کھڑے ہونے کا بیان

فَصْلُ اَوَّلُ

اہل فضل کی تعظیم کے لئے کھڑے ہونا جائز ہے

۴۴۸۸ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ بَنُوْ قُرَيْظَةَ عَلٰى حُكْمِ سَعْدٍ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ وَكَانَ قَرِيْبًا مِّنْهُ فَجَاءَ عَلٰى حِمَارٍ فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاَنْصَارِ قُوْمُوْا اِلٰى سَيِّدِكُمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوسعید خدری رض کہتے ہیں کہ جب یہود بنو قریظہ نے سعد رض کے فیصلہ پر آمادگی ظاہر کر دی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سعد بن معاذ رض کو بلا بھیجا۔ سعد رض وہاں سے قریب ہی تھے وہ گدھے پر سوار ہو کر آئے جب وہ مسجد کے قریب پہنچے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے انصار سے فرمایا۔ تم اپنے سردار کو اتارنے کے لئے کھڑے ہو جاؤ (کیونکہ ان کی پنڈلی میں زخم ہے) (بخاری و مسلم)

وَمَضَى الْحَدِيْثُ بِطُوْلِهٖ فِيْ بَابِ حُكْمِ الْاُسَرَاءِ

اور پوری حدیث قیدیوں کے احکام کے باب میں گزر چکی۔

کسی کو اس کی جگہ سے اٹھا کر وہاں خود بیٹھنا سخت برا ہے

۴۴۸۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُقِيْمُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَّجْلِسِهٖ ثُمَّ يَجْلِسُ فِيْهِ وَلٰكِنْ تَفَسَّحُوْا وَتَوَسَّعُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رض کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی شخص کسی شخص کو اپنے بیٹھنے کے لئے اس کی مجلس سے کھڑا نہ کرے لیکن تھوڑا کھسک جاؤ اور جگہ دو۔ (بخاری و مسلم)

اپنی جگہ سے کچھ دیر کے لئے اٹھ کر جانے والا اس جگہ پر اپنا حق برقرار رکھتا ہے

۴۴۹۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَامَ مِنْ مَّجْلِسِهٖ ثُمَّ رَجَعَ

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص (کسی مجلس میں) اپنی جگہ سے اٹھ کر کہیں چلا جائے اور

اِلَیْہِ فَھُوَ اَحَقُّ بِہٖ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

پھر واپس آجائے تو اپنی جگہ کا زیادہ مستحق ہے (یعنی اپنی جگہ پر بیٹھنے کا حق اسی کو حاصل ہے۔) (مسلم)

فصل دوم

آنحضرتؐ اپنے لئے کھڑے ہونے کو پسند نہیں فرماتے تھے

۴۴۹۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمْ یَکُنْ شَخْصٌ اَحَبَّ اِلَیْھِمْ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَانُوْا اِذَا رَاَوْہُ لَمْ یَقُوْمُوْا لِمَا یَعْلَمُوْنَ مِنْ کَرَاھِیَتِہٖ لِذٰلِکَ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ)۔

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ صحابہؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کسی دوسرے شخص کو عزیز و محبوب نہ رکھتے تھے لیکن ان کی عادت یہ تھی کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تشریف لاتے دیکھتے تو تعظیم کے لئے کھڑے نہ ہوتے اس لئے کہ وہ جانتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو پسند نہیں فرماتے (ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے)

لوگوں کو اپنے سامنے کھڑا رکھنے والے کے بارے میں وعید

۴۴۹۲ وَعَنْ مُعَاوِیَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَّتَمَثَّلَ لَہُ الرِّجَالُ قِیَامًا فَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت معاویہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کو یہ بات پسند آئے کہ لوگ اس کے سامنے کھڑے رہیں اس کو چاہئے کہ وہ دوزخ میں اپنی نشست کی جگہ تیار کرلے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

احتراماً کھڑے ہونے کی ممانعت

۴۴۹۳ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُتَّکِئًا عَلٰی عَصًا فَقُمْنَا لَہٗ فَقَالَ لَا تَقُوْمُوْا کَمَا یَقُوْمُ الْاَعَاجِمُ یُعَظِّمُ بَعْضُھَا بَعْضًا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابی امامہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لاٹھی پر سہارا دیئے ہوئے تشریف لائے۔ ہم لوگ آپ کی تعظیم کے لئے کھڑے ہو گئے۔ آپ نے فرمایا تم لوگ تعظیم کے لئے اس طرح کھڑے نہ ہو جس طرح عجمی لوگ کھڑے ہوتے ہیں اور ان میں سے بعض بعض کی تعظیم کرتے ہیں۔ (ابوداؤد)

دوسرے کی جگہ بیٹھنے کی ممانعت

۴۴۹۴ وَعَنْ سَعِیْدِ ابْنِ اَبِی الْحَسَنِ قَالَ جَاءَ نَا اَبُوْبَکْرَۃَ فِیْ شَھَادَۃٍ فَقَامَ لَہٗ رَجُلٌ مِّنْ مَّجْلِسِہٖ فَاَبٰی اَنْ یَّجْلِسَ فِیْہِ وَقَالَ اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی عَنْ ذَا وَنَھَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّمْسَحَ الرَّجُلُ یَدَہٗ بِثَوْبِ مَنْ لَّمْ یَکْسُہٗ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

سعید بن ابی الحسن کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکرہ رضؓ ایک مقدمہ میں شہادت (گواہی) دینے کے لئے تشریف لائے۔ ایک شخص ان کے بیٹھنے کے لئے جگہ خالی کرنے کے خیال سے اٹھ کھڑا ہوا۔ آپ نے اس کی جگہ پر بیٹھنے سے انکار کر دیا اور کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے یعنی دوسرے شخص کی جگہ پر بیٹھنے سے منع فرمایا ہے اور اس شخص کے کپڑے سے ہاتھ پونچھنے سے بھی منع فرمایا ہے جس نے اس کو کپڑا نہیں پہنایا (یعنی دوسرے شخص کے کپڑے سے ہاتھ پونچھنے کی ممانعت کی ہے، البتہ اس شخص کے کپڑے سے ہاتھ پونچھنے کی اجازت دی ہے جس کو اس نے کپڑے پہنائے ہوں یعنی غلام وغیرہ کے کپڑے سے۔) (ابوداؤد)

اپنی جگہ سے اُٹھ کر جانے لگو تو وہاں کوئی چیز رکھ دو

۴۴۹۵ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا جَلَسَ وَجَلَسْنَا حَوْلَہٗ فَقَامَ فَاَرَادَ الرُّجُوْعَ نَزَعَ نَعْلَہٗ اَوْ بَعْضَ مَا یَکُوْنُ عَلَیْہِ فَیَعْرِفُ ذٰلِکَ اَصْحَابُہٗ فَیَثْبُتُوْنَ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابودرداءؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب تشریف فرما ہوتے اور ہم آپ کے گرد بیٹھ جاتے تو آپ کی عادت یہ تھی کہ اگر کہیں جانے کی ضرورت پیش آتی یعنی گھر میں اور پھر واپس آنے کا ارادہ ہوتا تو آپ اپنی جگہ پر جوتیاں یا اور کوئی کپڑا یا چیز وغیرہ چھوڑ جاتے اس سے آپ کے اصحاب کو آپ کی واپسی کا علم ہو جاتا اور وہ اپنی اپنی جگہ بیٹھے رہتے۔ (ابوداؤد)

دو آدمیوں کے درمیان گھس کر بیٹھنے کی ممانعت

۴۴۹۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَحِلُّ لِرَجُلٍ اَنْ یُّفَرِّقَ بَیْنَ اثْنَیْنِ اِلَّا بِاِذْنِھِمَا۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عبداللہ بن عمروؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دو بیٹھے ہوئے آدمیوں کے درمیان جدائی ڈالنا یعنی ان کے درمیان گھس کر بیٹھ جانا جائز نہیں ہے مگر جب کہ وہ اجازت دے دیں۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

۴۴۹۷ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجْلِسْ بَیْنَ رَجُلَیْنِ اِلَّا بِاِذْنِھِمَا (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دو آدمیوں کے درمیان نہ بیٹھو جب تک ان سے اجازت حاصل نہ کرلو۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

آنحضرتؐ جب مجلس سے اٹھتے تھے تو صحابہؓ کھڑے ہو جاتے تھے؟

۴۴۹۸ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَجْلِسُ مَعَنَا فِی الْمَسْجِدِ یُحَدِّثُنَا فَاِذَا قَامَ قُمْنَا قِیَامًا حَتّٰی نَرَاہُ قَدْ دَخَلَ بَعْضَ بُیُوْتِ اَزْوَاجِہٖ۔ (رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مسجد میں بیٹھ کر باتیں کیا کرتے تھے پھر جب آپ کھڑے ہوتے تو ہم بھی کھڑے ہو جاتے اور اس وقت تک کھڑے رہتے جب تک کہ آپ اپنی بیویوں میں سے کسی کے گھر میں داخل نہ ہو جاتے۔ (بیہقی)

مجلس میں آنے والے شخص کیلئے جگہ نکالنا تہذیب کا تقاضا ہے

۴۴۹۹ وَعَنْ وَاثِلَۃَ ابْنِ خَطَّابٍ قَالَ دَخَلَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ فِی الْمَسْجِدِ قَاعِدٌ فَتَزَحْزَحَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الرَّجُلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ فِی الْمَکَانِ سَعَۃً فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلْمُسْلِمِ لَحَقًّا اِذَا رَاٰہُ اَخُوْہُ اَنْ یَّتَزَحْزَحَ لَہٗ۔ (رواھما البیھقی)

حضرت واثلہ بن خطابؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے کہ ایک شخص حاضر ہوا آپ اپنی جگہ سے ذرا ہٹ گئے اور اس کے لئے جگہ خالی کر دی۔ اس شخص نے کہا یا رسول اللہ جگہ کافی و کشادہ ہے آپ نے فرمایا ایک مسلمان کا فرض ہے کہ جب وہ کسی مسلمان کو آتا دیکھے تو اس کے لئے اپنی جگہ سے حرکت کرے اور جگہ نکالے۔ (بیہقی)

بَابُ الْجُلُوْسِ وَالنَّوْمِ وَالْمَشْيِ

بیٹھنے، لیٹنے، سونے اور چلنے کا بیان!

فصل اوّل

گوٹ مار کر بیٹھنا جائز ہے

۴۵۰۰/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِنَاءِ الْكَعْبَةِ مُحْتَبِيًا بِيَدَيْهِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو صحنِ کعبہ میں اس طرح بیٹھے دیکھا کہ آپ کے دونوں زانو کھڑے تھے تلوے زمین پر تھے اور ہاتھوں سے پنڈلیوں پر حلقہ باندھے ہوئے تھے (بخاری)

پیر پر پیر رکھ کر لیٹنے کا مسئلہ

۴۵۰۱/۲ وَعَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَمِّهٖ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ مُسْتَلْقِيًا وَاضِعًا اِحْدٰى قَدَمَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عباد بن تمیم رضؓ اپنے چچا سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں اس طرح چت لیٹے ہوئے دیکھا کہ آپ کا ایک پاؤں دوسرے پاؤں پر رکھا ہوا تھا۔ (بخاری و مسلم)

۴۵۰۲/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّرْفَعَ الرَّجُلُ اِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى وَهُوَ مُسْتَلْقٍ عَلٰى ظَهْرِهٖ (رواہ مسلم)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس طرح چت لیٹنے سے منع فرمایا ہے کہ ایک پاؤں کھڑا رکھے اور دوسرا پاؤں اُس کے اوپر رکھے۔ (مسلم)

۴۵۰۳/۴ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَسْتَلْقِيَنَّ اَحَدُكُمْ ثُمَّ يَضَعُ اِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کوئی شخص اس طرح چت نہ لیٹے کہ ایک پاؤں کھڑا رکھے اور دوسرا پاؤں اُس کے اوپر رکھے۔ (مسلم)

تکبر کی چال کا انجام؟

۴۵۰۴/۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَّتَخَتَّرُ فِيْ بُرْدَيْنِ وَقَدْ اَعْجَبَتْهُ نَفْسُهٗ خُسِفَ بِهِ الْاَرْضُ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِيْهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس وقت جب کہ ایک شخص دو دھاری دار چادریں اوڑھے اکڑتا چلا جاتا تھا اور یہ دو چادریں اپنے جسم پر اس کو بہت بھلی معلوم ہوتی تھیں فرمایا اس شخص کو زمین میں دھنسایا گیا اور وہ قیامت تک دھنستا چلا جائے گا۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

تکیہ لگا کر بیٹھنا مستحب ہے

۴۵۰۵/۶ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ عَلٰى يَسَارِهٖ۔

حضرت جابر بن سمرہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اس طرح تکیہ لگائے بیٹھے دیکھا کہ تکیہ آپ کے بائیں جانب رکھا ہوا تھا۔ (ترمذی)

گوٹ مار کر بیٹھنے کا ذکر

۴۵۰۶ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا جَلَسَ فِی الْمَسْجِدِ احْتَبٰی بِیَدَیْہِ۔ (رَوَاہُ رَزِیْنٌ)

حضرت ابی سعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں بیٹھتے تو دونوں زانو کھڑے رکھتے اور دونوں ہاتھوں کا حلقہ باندھ لیتے۔ (رزین)

آنحضرت کی ایک منکسرانہ نشست؟

۴۵۰۷ وَعَنْ قَیْلَۃَ بِنْتِ مَخْرَمَۃَ اَنَّھَا رَاَتْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْجِدِ وَھُوَ قَاعِدٌ الْقُرْفُصَاءَ قَالَتْ فَلَمَّا رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمُتَخَشِّعَ اُرْعِدَتْ مِنَ الْفَرَقِ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت قیلہ بنت مخرمہ رضؓ کہتی ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو مسجد کے اندر قُرفصاء[1] ہیئت پر بیٹھے دیکھا اور جب میں نے آپ کو خضوع و خشوع کی اس حالت میں دیکھا تو آپ کی ہیبت سے میں کانپ اُٹھی۔ (ابوداؤد)

نماز فجر کے بعد آنحضرت کی نشست؟

۴۵۰۸ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّی الْفَجْرَ تَرَبَّعَ فِیْ مَجْلِسِہٖ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ حَسَنًا۔ (رواہ ابوداؤد)

حضرت جابر رضؓ بن سمرہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب صبح کی نماز پڑھ چکتے تو چار زانو بیٹھ جاتے اور سورج خوب روشن ہو جانے تک تشریف فرما رہتے۔ (ابوداؤد)

آنحضرت کے لیٹنے کا طریقہ

۴۵۰۹ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا عَرَّسَ بِلَیْلٍ اِضْطَجَعَ عَلٰی شِقِّہِ الْاَیْمَنِ وَاِذَا عَرَّسَ قُبَیْلَ الصُّبْحِ نَصَبَ ذِرَاعَہٗ وَوَضَعَ رَاْسَہٗ عَلٰی کَفِّہٖ۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت ابی قتادہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب سفر میں آرام فرماتے تو دائیں کروٹ پر لیٹتے اور جب صبح کے وقت (یعنی تہجد کے بعد) آرام فرماتے تو اپنا ایک ہاتھ کھڑا کرتے اور ہتھیلی پر سر رکھ کر لیٹ جاتے۔ (شرح السنۃ)

آنحضرتؐ جب لیٹتے تو سر مبارک کو مسجد کی طرف رکھتے

۴۵۱۰ وَعَنْ بَعْضِ اٰلِ اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَ کَانَ فِرَاشُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَحْوًا مِمَّا یُوْضَعُ فِیْ قَبْرِہٖ وَکَانَ الْمَسْجِدُ عِنْدَ رَاْسِہٖ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت امّ سلمہ رضؓ کے بعض لڑکوں سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا بستر اس کپڑے کا تھا جو آپ کی قبر شریف میں رکھا گیا اور مسجد آپ کے سرہانے کے قریب تھی۔ (ابوداؤد)

پیٹ کے بل لیٹنا ناپسندیدہ ہے

۴۵۱۱ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ رَاٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مُضْطَجِعًا عَلٰی بَطْنِہٖ فَقَالَ اِنَّ ھٰذِہٖ ضَجْعَۃٌ لَا یُحِبُّھَا اللّٰہُ (رواہ الترمذی)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو اوندھا (یعنی پیٹ کے بل) لیٹے ہوئے دیکھا تو فرمایا اس صورت پر لیٹنا خدا کو پسند نہیں ہے۔ (ترمذی)

---

[1] "قُرفصاء" کی ہیئت یہ ہے کہ آدمی دونوں زانوؤں کو کھڑا کر کے سُرینوں پر بیٹھے اور زانوؤں کو پیٹ سے لگا لے اور دونوں ہاتھوں کو زانوؤں پر باندھ لے۔ مترجم۔

۴۵۱۲/۱۳ وَعَنْ يَعِيْشَ بْنِ طِخْفَةَ بْنِ قَيْسٍ الْغِفَارِيِّ عَنْ اَبِيْهِ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ قَالَ بَيْنَمَا اَنَا مُضْطَجِعٌ مِنَ السَّحَرِ عَلٰى بَطْنِيْ اِذَا رَجُلٌ يُحَرِّكُنِيْ بِرِجْلِهٖ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهٖ ضِجْعَةٌ يُبْغِضُهَا اللّٰهُ فَنَظَرْتُ فَاِذَا هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رواہ ابوداؤد وابن ماجۃ)

یعیش بن طخفہ بن قیس غفاری رضؓ اپنے والد سے جو اصحاب صفہ میں شامل تھے نقل کرتے ہیں کہ میں سینہ کے درد کی وجہ سے اوندھا لیٹا ہوا تھا کہ ایک شخص نے اپنے پاؤں سے مجھ کو ہلایا اور کہا۔ لیٹنے کے اس طریقہ کو خدا برا سمجھتا ہے۔ میں نے دیکھا تو وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تھے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

بغیر دیوار کی چھت پر سونا ہلاکت میں خود کو ڈالنا ہے

۴۵۱۳/۱۴ وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ شَيْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَاتَ عَلٰى ظَهْرِ بَيْتٍ لَيْسَ عَلَيْهِ حِجَابٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ حِجَارٌ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَفِيْ مَعَالِمِ السُّنَنِ لِلْخَطَّابِيِّ حِجَرٌ)

حضرت علی بن شیبان رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص رات کو ایسی چھت پر سوئے کہ اس پر پردہ (کی دیوار) نہ ہو۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ اس پر پتھر نہ ہوں (یعنی پتھروں کی دیوار نہ ہو) اس سے خدا کا ذمہ جاتا رہا یعنی اس کی نگہبانی کا ذمہ جاتا رہا اس لئے کہ اس شخص نے خود اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالا۔ (ابوداؤد)

۴۵۱۴/۱۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنَامَ الرَّجُلُ عَلٰى سَطْحٍ لَيْسَ بِمَحْجُوْرٍ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس چھت پر سونے سے منع فرمایا ہے جس پر پردہ کی دیوار نہ ہو۔ (ترمذی)

حلقہ کے درمیان بیٹھنے والے پر لعنت

۴۵۱۵/۱۶ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ مَلْعُوْنٌ عَلٰى لِسَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَعَدَ وَسْطَ الْحَلْقَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت حذیفہ رضؓ کہتے ہیں کہ اس شخص پر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے جو حلقہ کے درمیان جا کر بیٹھے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

مجلس ایسی جگہ منعقد کرنی چاہیئے جو فراخ و کشادہ ہو

۴۵۱۶/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ الْمَجَالِسِ اَوْسَعُهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بہترین مجلس وہ ہے جو کشادہ جگہ میں منعقد کی جائے۔ (ابوداؤد)

مجلس میں الگ الگ نہ بیٹھو

۴۵۱۷/۱۸ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهٗ جُلُوْسٌ فَقَالَ مَالِيْ اَرٰىكُمْ عِزِيْنَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت جابر بن سمرہ رضؓ کہتے ہیں کہ صحابہ رضؓ بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا کیا بات ہے کہ میں تم کو متفرق و منتشر بیٹھا ہوا پاتا ہوں۔ (ابوداؤد)

اس طرح نہ لیٹو بیٹھو کہ جسم کا کچھ حصہ دھوپ میں رہے اور کچھ سایہ میں

۴۵۱۸/۱۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ فِي الْفَيْءِ فَقَلَصَ عَنْهُ الظِّلُّ فَصَارَ بَعْضُهُ فِي الشَّمْسِ وَبَعْضُهُ فِي الظِّلِّ فَلْيَقُمْ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ) - وَفِي شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْهُ قَالَ إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ فِي الْفَيْءِ فَقَلَصَ عَنْهُ فَلْيَقُمْ فَإِنَّهُ مَجْلِسُ الشَّيْطَانِ هٰكَذَا - رَوَاهُ مُعَمَّرٌ مَوْقُوْفًا -

ہے تم میں سے جب کوئی شخص سایہ میں بیٹھا ہو پھر وہ سایہ جاتا رہے (یعنی اس پر دھوپ آجائے) اور اس کے جسم کا کچھ حصہ دھوپ میں اور کچھ سایہ میں ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ (وہاں سے) اٹھ کھڑا ہو (اور بالکل سایہ میں جا بیٹھے یا بالکل دھوپ میں) - (ابوداؤد) اور شرح السنۃ میں یہ الفاظ ہیں کہ تم میں سے جو شخص سایہ میں بیٹھا ہو پھر وہ سایہ جاتا رہا تو وہاں سے اٹھ کھڑا ہو اس لئے کہ کچھ سایہ میں اور کچھ دھوپ میں بیٹھنا شیطان کا کام ہے۔ اسے معمر نے موقوفاً روایت کیا ہے۔

عورتوں کو راستے کے کنارے پر چلنے کا حکم

۴۵۱۹ وَعَنْ أَبِي أُسَيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَهُوَ خَارِجٌ مِّنَ الْمَسْجِدِ فَاخْتَلَطَ الرِّجَالُ مَعَ النِّسَاءِ فِي الطَّرِيْقِ فَقَالَ لِلنِّسَاءِ اسْتَأْخِرْنَ فَإِنَّهُ لَيْسَ لَكُنَّ أَنْ تَحْقُقْنَ الطَّرِيْقَ عَلَيْكُنَّ بِحَافَاتِ الطَّرِيْقِ فَكَانَتِ الْمَرْأَةُ تَلْصَقُ بِالْجِدَارِ حَتّٰى إِنَّ ثَوْبَهَا لَيَتَعَلَّقُ بِالْجِدَارِ - (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابی اُسید انصاری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد سے نکل رہے تھے کہ راستہ میں مرد عورتوں سے مل گئے یعنی مخلوط ہو کر راستہ میں چلنے لگے۔ آپ نے عورتوں کو مخاطب کر کے فرمایا تم مردوں کے پیچھے چلو۔ تم کو راستہ کے درمیان چلنا مناسب نہیں ہے تم کنارے کنارے جایا کرو۔ اس حکم کو سن کر عورتیں دیواروں سے مل کر چلنے لگیں یہاں تک کہ بعض اوقات ان کا کپڑا دیوار سے اٹک جاتا تھا۔ (ابوداؤد، بیہقی)

عورتوں کے درمیان نہ چلو

۴۵۲۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى أَنْ يَّمْشِيَ يَعْنِي الرَّجُلَ بَيْنَ الْمَرْأَتَيْنِ (رواه ابوداؤد)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا کہ کوئی مرد عورتوں کے درمیان چلے۔ (ابوداؤد)

مجلس میں جہاں جگہ دیکھو وہاں بیٹھ جاؤ

۴۵۲۱ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنَّا إِذَا أَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ أَحَدُنَا حَيْثُ يَنْتَهِيْ - (رواه ابوداؤد)

حضرت جابر بن سمرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ہم جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں حاضر ہوتے تو اس جگہ بیٹھ جاتے جہاں آخر میں جگہ خالی ہوتی۔ (ابوداؤد)

وَذُكِرَ حَدِيْثَا عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو فِي بَابِ الْقِيَامِ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ عَلِيٍّ وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ فِي بَابِ أَسْمَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصِفَاتِهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى -

عبداللہ بن عمرو رضؓ کی حدیث باب القیام میں بیان کی جا چکی ہے اور حضرت علی رضؓ اور ابوہریرہ رضؓ کی حدیث اسماء النبی وصفاتہ کے باب میں انشاء اللہ عنقریب بیان کریں گے۔

فصل سوم

بیٹھنے کا ایک ممنوع طریقہ

۴۵۲۲ عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ مَرَّ بِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا جَالِسٌ هٰكَذَا وَقَدْ وَضَعْتُ يَدِيَ الْيُسْرٰى خَلْفَ ظَهْرِيْ

حضرت عمرو بن شریدؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے اور میں اس طرح بیٹھا ہوا تھا کہ میرا بایاں ہاتھ تو میری پشت پر تھا اور انگوٹھے کے نیچے کے گوشت پر

وَاتَّكَأْتُ عَلَى إِلْيَةِ يَدِي فَقَالَ أَتَقْعُدُ قَعْدَةَ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

میں سہارا دیئے ہوئے تھا۔ آپ نے مجھ کو اس حال میں دیکھ کر فرمایا کیا تو اس ہیئت پر بیٹھتا ہے جس ہیئت پر وہ لوگ بیٹھتے تھے جن پر خدا کا غضب نازل ہوا تھا۔ (ابوداؤد)

پیٹ کے بل لیٹنا دوزخیوں کا طریقہ ہے

۴۵۲۳/۲۴ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ مَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مُضْطَجِعٌ عَلَى بَطْنِي فَرَكَضَنِي بِرِجْلِهِ وَقَالَ يَا جُنْدُبُ إِنَّمَا هٰذِهِ ضِجْعَةُ أَهْلِ النَّارِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں کہ میں پیٹ کے بل یعنی اوندھا لیٹا ہوا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے آپ نے پاؤں سے مجھ کو ٹھوکر ماری اور فرمایا "اے جندبؓ! (ابوذرؓ کا نام ہے) لیٹنے کا یہ طریقہ دوزخیوں کا ہے۔ (ابن ماجہ)

بَابُ الْعُطَاسِ وَالتَّثَاؤُبِ

چھینکنے اور جمائی لینے کا بیان

فصل اوّل

جمائی کا آنا شیطانی اثر ہے

۴۵۲۴/۱ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ فَإِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ وَحَمِدَ اللّٰهَ كَانَ حَقًّا عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ سَمِعَهُ أَنْ يَقُولَ لَهُ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَأَمَّا التَّثَاؤُبُ فَإِنَّمَا هُوَ مِنَ الشَّيْطَانِ فَإِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَرُدَّهُ مَا اسْتَطَاعَ فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا تَثَاءَبَ ضَحِكَ مِنْهُ الشَّيْطَانُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا قَالَ هَا ضَحِكَ الشَّيْطَانُ مِنْهُ۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا چھینک کو پسند کرتا ہے اور جمائی کو بُرا سمجھتا ہے تم میں سے جس شخص کو چھینک آئے اور وہ الحمد للہ کہے تو ہر اس مسلمان کا جو چھینک کو سُنے یہ فرض ہے کہ وہ جواب میں یرحمک اللہ کہے اور جمائی شیطان کا فعل ہے تم میں سے جس کو جمائی آئے تو جس حد تک ممکن ہو اُسے روکے اس لئے کہ جب کسی شخص کو جمائی آتی ہے تو شیطان دیکھ کر ہنستا ہے۔ (بخاری)

اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ تم میں سے جب کوئی "ہا" کہتا ہے (یعنی جمائی لیتا ہے) تو شیطان ہنستا ہے۔

یرحمک اللہ کہنے والے کے جواب میں کیا کہا جائے

۴۵۲۵/۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلْيَقُلْ لَهُ أَخُوهُ أَوْ صَاحِبُهُ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَإِذَا قَالَ لَهُ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَلْيَقُلْ يَهْدِيكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کسی کو چھینک آئے تو وہ الحمد للہ کہے اور اُس کا مسلمان بھائی یا دوست یرحمک اللہ (اس کے جواب میں) کہے اور جب کوئی شخص چھینکے اور الحمد للہ کے جواب میں یرحمک اللہ کہے تو چھینکنے والا اس کے جواب میں یہدیکم اللہ ویصلح بالکم (اللہ تم کو ہدایت دے اور تمہارے حال کو درست فرمائے) کہے۔ (بخاری)

جو چھینکنے والا الحمد للہ نہ کہے وہ جواب کا مستحق نہیں ہوتا

۴۵۲۶/۳ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ عَطَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ دو شخصوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے چھینک

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَمَّتَ اَحَدَهُمَا وَلَمْ يُشَمِّتِ الْاٰخَرَ فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَمَّتَّ هٰذَا وَلَمْ تُشَمِّتْنِيْ قَالَ اِنَّ هٰذَا حَمِدَ اللّٰهَ وَلَمْ تَحْمَدِ اللّٰهَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

آئی آپ نے ایک شخص کو جواب دیا اور دوسرے کو جواب نہ دیا جس کو آپ نے جواب نہ دیا تھا اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ نے اس کو جواب دیا اور مجھ کو نہیں دیا۔ آپ نے فرمایا اس نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کہا تھا، اور تو نے نہیں کہا۔ (بخاری و مسلم)

۴۵۲۷ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ فَحَمِدَ اللّٰهَ فَشَمِّتُوْهُ وَاِنْ لَّمْ يَحْمَدِ اللّٰهَ فَلَا تُشَمِّتُوْهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابی موسیٰ رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جب کسی کو چھینک آئے اور وہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کہے تو تم (یَرْحَمُکَ اللّٰہ) کہہ کر اس کو جواب دو۔ اور جو شخص چھینک کر اَلْحَمْدُ لِلّٰہ نہ کہے اس کو جواب نہ دو۔ (مسلم)

جس شخص کو لگاتار چھینک آتی رہے اس کے جواب کا مسئلہ

۴۵۲۸ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَهٗ فَقَالَ لَهٗ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ثُمَّ عَطَسَ اُخْرٰى فَقَالَ الرَّجُلُ مَزْكُوْمٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلتِّرْمِذِيِّ اَنَّهٗ قَالَ لَهٗ فِي الثَّالِثَةِ اِنَّهٗ مَزْكُوْمٌ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے چھینک لی تو انھوں نے آنحضرت ﷺ کو جواب میں یَرْحَمُکَ اللّٰہ کہتے ہوئے سنا۔ پھر اس کو دوبارہ چھینک آئی تو آپ نے فرمایا اس شخص کو زکام ہے (مسلم) اور ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس شخص کی تیسری چھینک پر یہ فرمایا کہ اس کو زکام ہے۔

جب جمائی آئے تو منہ پر ہاتھ رکھ لو

۴۵۲۹ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيُمْسِكْ بِيَدِهٖ عَلٰى فِيْهِ فَاِنَّ الشَّيْطٰنَ يَدْخُلُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابی سعید خدریؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کسی کو جمائی آئے تو اپنا ہاتھ منہ پر رکھ لے اس لئے کہ شیطان منہ کو کھلا ہوا پاتا ہے تو اس میں گھس جاتا ہے۔ (مسلم)

فصل دوم

چھینکتے وقت چہرہ پر ہاتھ رکھ لینا چاہیئے

۴۵۳۰ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا عَطَسَ غَطّٰى وَجْهَهٗ بِيَدِهٖ اَوْ ثَوْبِهٖ وَغَضَّ بِهَا صَوْتَهٗ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو جب چھینک آتی تو اپنے منہ کو ہاتھ یا کپڑے سے ڈھانک لیتے اور چھینک کی آواز کو پست رکھتے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ اور ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے)

یرحمک اللہ کہنے والے کے حق میں دعا

۴۵۳۱ وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَلْيَقُلِ الَّذِيْ يَرُدُّ عَلَيْهِ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ وَلْيَقُلْ هُوَ يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابی ایوب رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کسی کو چھینک آئے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ کہے یعنی ہر حال میں خدا کی تعریف یا خدا کا شکر ہے اور جو شخص اس کا جواب دے وہ یرحمک اللہ کہے اور اس کے جواب میں چھینکنے والا "یہدیکم اللہ و یصلح بالکم" کہے۔ (ترمذی۔ دارمی)

یہودیوں کی چھینک اور آنحضرتؐ کا جواب

۴۵۳۲ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ کَانَ الْیَهُوْدُ یَتَعَاطَسُوْنَ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَرْجُوْنَ اَنْ یَّقُوْلَ لَهُمْ یَرْحَمُکُمُ اللّٰهُ فَیَقُوْلُ یَهْدِیْکُمُ اللّٰهُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابی موسیٰ رضؓ کہتے ہیں کہ یہودی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوتے تو بہ تکلف یعنی جان کر چھینکتے اس امید سے کہ آپ جواب میں یرحمک اللہ کہیں گے لیکن آپ ان کی چھینک کے جواب میں "یہدیکم اللہ ویصلح بالکم" کہتے۔ (ترمذی ابوداؤد)

چھینک کے وقت سلام؟

۴۵۳۳ وَعَنْ هِلَالِ بْنِ یَسَافٍ قَالَ کُنَّا مَعَ سَالِمِ بْنِ عُبَیْدٍ فَعَطَسَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ فَقَالَ لَهٗ سَالِمٌ وَعَلَیْکَ وَعَلٰی اُمِّکَ فَکَاَنَّ الرَّجُلَ وَجَدَ فِیْ نَفْسِهٖ فَقَالَ اَمَا اِنِّیْ لَمْ اَقُلْ اِلَّا مَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْ عَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَیْکَ وَعَلٰی اُمِّکَ اِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَلْیَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَلْیَقُلْ لَهٗ مَنْ یَّرُدُّ عَلَیْهِ یَرْحَمُکَ اللّٰهُ وَلْیَقُلْ یَغْفِرُ اللّٰهُ لِیْ وَلَکُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

ہلال بن یساف رضؓ کہتے ہیں کہ ہم سالم بن عبید کے ساتھ تھے کہ ایک شخص کو چھینک آئی اور اس نے (الحمد للہ کے بجائے) السلام علیکم کہا (اس خیال سے شاید یہ بھی درست ہو) سالم نے اس شخص کے جواب میں کہا۔ تجھ پر اور تیری ماں پر بھی سلام۔ اس شخص نے اپنے دل میں ان الفاظ کا برا مانا۔ سالم نے کہا (اس میں برا ماننے کی کونسی بات ہے) میں نے تو وہی لفظ کہے ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائے تھے یعنی ایک شخص نے چھینک کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے السلام علیکم کہا تھا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جواب میں فرمایا تجھ پر اور تیری ماں پر بھی سلام اور اس کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ جب کسی کو چھینک آئے تو وہ الحمد للہ رب العالمین کہے اور جو شخص اس کو جواب دے وہ یرحمک اللہ کہے اور پھر چھینکنے والا اس کے جواب میں یغفر اللہ لی ولکم (خدا میری اور تمہاری مغفرت فرمائے) کہے۔ (ترمذی ابوداؤد)

لگاتار تین بار سے زائد چھینکنے والے کو جواب دینا ضروری نہیں ہے

۴۵۳۴ وَعَنْ عُبَیْدِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ شَمِّتِ الْعَاطِسَ ثَلٰثًا فَمَا زَادَ فَاِنْ شِئْتَ فَشَمِّتْهُ وَاِنْ شِئْتَ فَلَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)۔

حضرت عبید بن رفاعہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے چھینکنے والے کو تین بار جواب دے (یعنی اگر کسی شخص کو تین مرتبہ چھینکیں آئیں تو تینوں مرتبہ جواب دے) اس کے بعد اگر چھینکیں آئیں تو اختیار ہے جواب دے یا نہ دے۔ (ابوداؤد۔ ترمذی)

ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے۔

۴۵۳۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ شَمِّتْ اَخَاکَ ثَلٰثًا فَاِنْ زَادَ فَهُوَ زُکَامٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ لَا اَعْلَمُهٗ اِلَّا اَنَّهٗ رَفَعَ الْحَدِیْثَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ تین بار اپنے مسلمان بھائی کی چھینک کا جواب دے۔ اس سے زیادہ چھینکیں آئیں تو پھر وہ زکام ہے۔ (ابوداؤد راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے کہ ابوہریرہ رضؓ نے مرفوع بیان کیا ہے۔)

فصل سوم

چھینک کے آنے پر الحمد کے ساتھ صلاۃ وسلام کے الفاظ ملانا غیر مستحب ہے

۴۵۳۶ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ رَجُلًا عَطَسَ اِلٰی جَنْبِ ابْنِ

نافع رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے ابن عمر رضؓ کے پہلو میں چھینک لی اور پھر

عُمَرَ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَاَنَا اَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ وَلَيْسَ هٰكَذَا عَلَّمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَقُوْلَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

کہا الحمد للہ والسلام علیٰ رسول اللہ۔ حضرت ابن عمرؓ نے اس کے جواب میں کہا اور میں بھی کہتا ہوں الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ لیکن طریقہ وہ ہے جو ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھایا ہے کہ (جب چھینک آئے تو) الحمد للہ علیٰ کل حال کہے۔
(ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث غریب ہے)

بَابُ الضِّحْكِ

ہنسنے کا بیان

فَصْلُ اَوَّلٌ

آنحضرتؐ کی ہنسی؟

۴۵۳۷/۱ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَجْمِعًا ضَاحِكًا حَتّٰى اَرٰى مِنْهُ لَهَوَاتِهٖ اِنَّمَا كَانَ يَتَبَسَّمُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح خوب ہنستے ہوئے نہیں دیکھا کہ آپ کا منہ کھل جاتا اور آپ کا تالو نظر آجاتا ہو بلکہ آپ اکثر تبسم فرمایا کرتے تھے۔ (بخاری)

۴۵۳۸/۲ وَعَنْ جَرِيْرٍ قَالَ مَا حَجَبَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَاٰنِيْ اِلَّا تَبَسَّمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جریرؓ کہتے ہیں کہ جب سے میں مسلمان ہوا ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو کسی حال میں اپنے پاس آنے سے منع نہیں فرمایا اور جب آپ مجھ کو دیکھتے تو مسکراتے۔ (بخاری و مسلم)

صحابہؓ کی زبان سے زمانہ جاہلیت کی باتیں سن کر آپؐ کا مسکرانا

۴۵۳۹/۳ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُوْمُ مِنْ مُصَلَّاهُ الَّذِيْ يُصَلِّيْ فِيْهِ الصُّبْحَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَاِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ قَامَ وَكَانُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ فَيَاْخُذُوْنَ فِيْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ فَيَضْحَكُوْنَ وَيَتَبَسَّمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ يَتَنَاشَدُوْنَ الشِّعْرَ۔)

حضرت جابر بن سمرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس جگہ صبح کی نماز پڑھتے تھے اس جگہ سے اس وقت تک نہ اٹھتے تھے، جب تک کہ آفتاب خوب روشن نہ ہو جاتا تھا جب سورج نکل آتا تو آپ اٹھ کھڑے ہوتے اس عرصہ میں آپ صحابہ سے باتیں کرتے رہتے تھے اور جاہلیت کی باتوں کا ذکر کر کے صحابہؓ ہنستے اور مسکراتے تھے۔ (مسلم) اور ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ صحابہؓ شعر پڑھا کرتے تھے۔

فَصْلُ دُوْمٌ

آنحضرتؐ بہت مسکراتے تھے

۴۵۴۰/۴ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ قَالَ مَا رَاَيْتُ اَحَدًا اَكْثَرَ تَبَسُّمًا مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبد اللہ بن حارث بن جزءؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کسی شخص کو مسکراتے نہیں دیکھا۔ (ترمذی)

فَصْلُ سُوْمٌ

صحابہؓ کے ہنسنے کا ذکر

۴۵۴۱/۵ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ هَلْ كَانَ

حضرت قتادہؒ کہتے ہیں کہ ابن عمرؓ سے پوچھا گیا کہ کیا رسول اللہ صلی

اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَضْحَکُوْنَ قَالَ نَعَمْ وَالْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِھِمْ اَعْظَمُ مِنَ الْجَبَلِ وَقَالَ بِلَالُ بْنُ سَعْدٍ اَدْرَکْتُھُمْ یَشْتَدُّوْنَ بَیْنَ الْاَغْرَاضِ وَیَضْحَکُ بَعْضُھُمْ اِلٰی بَعْضٍ فَاِذَا کَانَ اللَّیْلُ کَانُوْا رُھْبَانًا۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم ہنسا کرتے تھے؟ انھوں نے کہا ہاں اور ان کے دلوں میں پہاڑ سے بھی بڑا ایمان تھا۔ بلال بن سعد کہتے ہیں کہ میں نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو تیروں کے نشانہ پر دوڑتے دیکھا ہے اس حال میں کہ بعض ان میں سے بعض پر ہنستے تھے لیکن جب رات ہوتی تو وہ خدا سے زیادہ ڈرنے والے ہو جاتے۔ (شرح السنۃ)

بَابُ الْاَسَامِیْ نام رکھنے، اور اچھے برے ناموں کا بیان

فصل اوّل

آنحضرتؐ کی کنیت پر اپنی کنیت مقرر نہ کرو

۴۵۴۲ عَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی السُّوْقِ فَقَالَ رَجُلٌ یَا اَبَا الْقَاسِمِ فَالْتَفَتَ اِلَیْہِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّمَا دَعَوْتُ ھٰذَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَمُّوْا بِاسْمِیْ وَلَا تَکْتَنُوْا بِکُنْیَتِیْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بازار میں تشریف رکھتے تھے کہ ایک شخص نے ابوالقاسم کہہ کر پکارا۔ آپ نے مڑ کر اس شخص کی طرف دیکھا۔ اس نے عرض کیا میں نے آپ کو نہیں پکارا، اس شخص کو پکارا تھا۔ آپ نے فرمایا تم میرے نام پر نام رکھ لو لیکن میری کنیت پر کنیت مقرر نہ کرو۔ (بخاری و مسلم)

۴۵۴۳ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمُّوْا بِاسْمِیْ وَلَا تَکْتَنُوْا بِکُنْیَتِیْ فَاِنِّیْ اِنَّمَا جُعِلْتُ قَاسِمًا اَقْسِمُ بَیْنَکُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میرے نام پر نام رکھو لیکن میری کنیت پر کنیت مقرر نہ کرو اس لئے کہ مجھ کو قاسم (تقسیم کرنے والا) مقرر کیا گیا ہے اور میں تمہارے درمیان تقسیم کرتا ہوں۔ (بخاری و مسلم)

عبداللہ اور عبدالرحمٰن سب سے بہتر نام ہیں؟

۴۵۴۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَبَّ اَسْمَائِکُمْ اِلَی اللّٰہِ عَبْدُ اللّٰہِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کے نزدیک تمہارے ناموں میں بہترین نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہیں۔ (مسلم)

چند ممنوع نام

۴۵۴۵ وَعَنْ سَمُرَۃَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُسَمِّیَنَّ غُلَامَکَ یَسَارًا وَّلَا رَبَاحًا وَّلَا نَجِیْحًا وَّلَا اَفْلَحَ فَاِنَّکَ تَقُوْلُ اَثَمَّ ھُوَ فَلَا یَکُوْنُ فَیَقُوْلُ لَا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَّہٗ قَالَ لَا تُسَمِّ غُلَامَکَ رَبَاحًا وَّلَا یَسَارًا وَّلَا اَفْلَحَ وَّلَا نَافِعًا۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے غلام کا نام یسار۔ رباح۔ نجیح اور افلح نہ رکھو (یسار کے معنی آسانی و فراخی۔ رباح کے معنی فائدہ۔ نجیح کے معنی فیروزی و حاجت برآری اور افلح کے معنی نجات و چھٹکارا) اس لئے کہ جب تم اس کو اس کا نام لے کر پکارو گے اور وہ موجود نہ ہوگا تو کہا جائے گا کہ وہ نہیں ہے (مثلاً تم یسار کا نام لے کر پکارو گے اور کہا جائے گا وہ نہیں ہے تو اس کا ایک مفہوم یہ بھی ہوگا کہ گھر میں فراخی و آسانی نہیں ہے اور یہ برائی کی بات ہے۔ (مسلم) اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضورؐ نے یہ فرمایا ہے اپنے غلام کا نام رباح۔ یسار۔

۴۵۴۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْهٰى اَنْ يُّسَمّٰى بِيَعْلٰى وَبَرَكَةَ وَبِاَفْلَحَ وَبِيَسَارٍ وَّبِنَافِعٍ وَبِنَحْوِ ذٰلِكَ ثُمَّ رَاَيْتُهٗ سَكَتَ بَعْدُ عَنْهَا ثُمَّ قُبِضَ وَلَمْ يَنْهَ عَنْ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ارادہ کیا تھا کہ یعلیٰ۔ برکت۔ افلح۔ یسار اور نافع نام رکھنے سے لوگوں کو منع فرمادیں، پھر میں نے دیکھا کہ اس ارادہ کے بعد آپ خاموش رہے اور اس کے بعد آپ نے وفات پائی اور آپ نے ان ناموں کو رکھنے سے منع نہ فرمایا (مسلم)

شہنشاہ کا نام ولقب اختیار نہ کرو

۴۵۴۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْنَى الْاَسْمَاءِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ يُّسَمّٰى مَلِكَ الْاَمْلَاكِ (رواه البخاري) وَفِيْ رِوَايَةِ مُسْلِمٍ قَالَ اَغْيَظُ رَجُلٍ عَلَى اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَخْبَثُهٗ رَجُلٌ كَانَ يُسَمّٰى مَلِكَ الْاَمْلَاكِ لَا مَلِكَ اِلَّا اللّٰهُ۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن خدا کے نزدیک بدترین ناموں میں اس شخص کا نام ہوگا جس کو شہنشاہ کہتے ہوں گے (یعنی جس کا نام شہنشاہ ہوگا) (بخاری) اور مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ قیامت کے دن مبغوض ترین شخص اور بدترین شخص خدا کے نزدیک وہ ہوگا جس کا نام شہنشاہ ہوگا خدا کے سوا کوئی شہنشاہ نہیں ہے۔

ایسا نام نہ رکھو جس سے نفس کی تعریف ظاہر ہو

۴۵۴۸ وَعَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِيْ سَلَمَةَ قَالَتْ سُمِّيْتُ بَرَّةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُزَكُّوْا اَنْفُسَكُمُ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَهْلِ الْبِرِّ مِنْكُمْ سَمُّوْهَا زَيْنَبَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت زینب رضؓ بنت ابی سلمہ کہتی ہیں کہ میرا نام برّہ (نیکوکار) رکھا گیا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے نفس کی تعریف نہ کرو نیکی کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے، تم اس کا نام زینب رکھو۔ (مسلم)

۴۵۴۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتْ جُوَيْرِيَةُ اِسْمُهَا بَرَّةَ فَحَوَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْمَهَا جُوَيْرِيَةَ فَكَانَ يُكْرَهُ اَنْ يُّقَالَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِ بَرَّةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیوی جُوَیریہ رضؓ کا نام برّہ تھا۔ آپ نے اس نام کو بدل کر جویریہ رضؓ کر دیا اس لئے کہ آپ اس بات کو بُرا جانتے تھے کہ کوئی شخص یہ کہے کہ آپ برّہ یعنی نیکوکار کے پاس سے نکلے۔ (مسلم)

بُرے ناموں کو بدل دینا مستحب ہے

۴۵۵۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ بِنْتًا كَانَتْ لِعُمَرَ يُقَالُ لَهَا عَاصِيَةُ فَسَمَّاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمِيْلَةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضؓ کی ایک بیٹی کا نام عاصیہ (گناہ گار) تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کا نام بدل کر جمیلہ رضؓ رکھا۔ (مسلم)

۴۵۵۱ وَعَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ اُتِيَ بِالْمُنْذِرِ بْنِ اَبِيْ اُسَيْدٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ وُلِدَ فَوَضَعَهٗ عَلٰى فَخِذِهٖ فَقَالَ مَا اسْمُهٗ قَالَ فُلَانٌ قَالَ لٰكِنِ اسْمُهُ الْمُنْذِرُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سہل بن سعد رضؓ کہتے ہیں کہ منذر بن ابی اسید رضؓ جب پیدا ہوئے تو ان کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کو ران مبارک پر بٹھالیا اور پوچھا اس کا کیا نام ہے؟ جواب میں بتایا گیا کہ اس کا نام یہ ہے آپ نے فرمایا یہ نہیں، اس کا نام منذر ہے۔ (بخاری و مسلم)

اپنے غلام اور باندی کو میرا بندہ یا میری بندی نہ کہو

۴۵۵۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ عَبْدِيْ وَاَمَتِيْ كُلُّكُمْ عَبِيْدُ اللّٰهِ وَكُلُّ نِسَآئِكُمْ اِمَآءُ اللّٰهِ وَلٰكِنْ لِيَقُلْ غُلَامِيْ وَجَارِيَتِيْ وَفَتَاتِيْ وَلَا يَقُلِ الْعَبْدُ رَبِّيْ وَلٰكِنْ لِيَقُلْ سَيِّدِيْ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِيَقُلْ سَيِّدِيْ وَمَوْلَايَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَا يَقُلِ الْعَبْدُ لِسَيِّدِهٖ مَوْلَايَ فَاِنَّ مَوْلَاكُمُ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کوئی شخص (اپنے غلام اور لونڈی کو) میرا غلام اور میری لونڈی نہ کہے تم سب خدا کے بندے اور ساری عورتیں خدا کی لونڈیاں ہیں بلکہ یوں کہے کہ میرا خادم اور میری خادمہ میرا لڑکا اور میری لڑکی اور غلام اپنے آقا کو میرا پروردگار نہ کہے بلکہ میرا سردار کہے اور ایک روایت میں الفاظ ہیں کہ میرا سردار اور میرا مولیٰ کہے اور ایک روایت میں اس طرح ہے کہ غلام اپنے آقا کو میرا مولےٰ نہ کہے اس لئے کہ تمہارا مولیٰ خدا ہے (مسلم)

انگور کو کرم کہنے کی ممانعت

۴۵۵۳ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْلُوا الْكَرْمَ فَاِنَّ الْكَرْمَ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔ وَفِيْ رِوَايَةٍ عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ لَا تَقُوْلُوا الْكَرْمَ وَلٰكِنْ قُوْلُوا الْعِنَبَ وَالْحَبَلَةَ۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (انگور کے درخت کو) کرم نہ کہو اس لئے کہ کرم مومن کا دل ہے۔ (مسلم) اور مسلم کی ایک اور روایت میں اس طرح ہے کہ (انگور کو) کرم نہ کہو بلکہ عنب وحبلہ کہو۔

زمانہ کو برا نہ کہو

۴۵۵۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَمُّوا الْعِنَبَ الْكَرْمَ وَلَا تَقُوْلُوْا يَا خَيْبَةَ الدَّهْرِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انگور کا نام کرم نہ رکھو اور زمانہ کی ناامیدی کے الفاظ نہ کہو اس لئے کہ زمانہ خدا ہے (یعنی خدا کے اختیار میں ہے)۔ (بخاری)

۴۵۵۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَسُبُّ اَحَدُكُمُ الدَّهْرَ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے زمانے کو برا نہ کہو اس لئے کہ زمانے کا انقلاب خدا کے ہاتھ میں ہے۔ (مسلم)

امتلاءِ نفس کو "خباثتِ نفس" سے تعبیر نہ کرو

۴۵۵۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ خَبُثَتْ نَفْسِيْ وَلٰكِنْ لِيَقُلْ لَقِسَتْ نَفْسِيْ (متفق علیہ) وَذَكَرَ حَدِيْثَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يُؤْذِيْنِيْ ابْنُ اٰدَمَ فِيْ بَابِ الْاِيْمَانِ۔

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی شخص جی برا ہونے (قے یا متلی ہونے) خبثتِ نفسی (میرا جی برا ہوا) نہ کہے بلکہ لَقِسَتْ نفسی کہے (بخاری ومسلم) اور ابوہریرہؓ کی حدیث یوذینی ابن آدم کتاب الایمان میں بیان کی گئی۔

فصل دوم

ابوالحکم کنیت کی ناپسندیدگی؟

۴۵۵۷ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ لَمَّا وَفَدَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ قَوْمِهٖ سَمِعَهُمْ يُكَنُّوْنَهٗ بِاَبِي الْحَكَمِ فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَكَمُ وَاِلَيْهِ الْحُكْمُ فَلِمَ تُكَنّٰى اَبَا الْحَكَمِ قَالَ اِنَّ قَوْمِيْ اِذَا اخْتَلَفُوْا

شریح بن ہانی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب وہ اپنی قوم کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا کہ ان کی قوم ان کو ابی الحکم کہہ کر پکارتی ہے۔ آپ نے مجھ کو اپنے پاس بلایا اور فرمایا "حکم" خدا ہے اور حکم اسی کے قبضہ واختیار میں ہے۔ پھر تم نے ابی الحکم کنیت کیوں مقرر کی ہے؟ انھوں نے

فِیْ شَیْءٍ اَتَوْنِیْ فَحَکَمْتُ بَیْنَھُمْ فَرَضِیَ کِلَا الْفَرِیْقَیْنِ بِحُکْمِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اَحْسَنَ ھٰذَا فَمَالَکَ مِنَ الْوَلَدِ قَالَ لِیْ شُرَیْحٌ وَّمُسْلِمٌ وَّعَبْدُ اللّٰہِ قَالَ فَمَنْ اَکْبَرُھُمْ قَالَ قُلْتُ شُرَیْحٌ قَالَ فَاَنْتَ اَبُوْ شُرَیْحٍ۔ (رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

کہا کہ میری قوم میں جب کسی معاملہ پر اختلاف ہوتا ہے تو یقیناً میرے پاس چلے آتے ہیں اور میں ان کے درمیان ایسا فیصلہ کر دیتا ہوں کہ وہ سب راضی ہو جاتے ہیں اور میرے حکم کو تسلیم کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں کے درمیان فیصلہ اور حکم کرنا بہت بہتر بات ہے۔ تمہارے کتنے بچے ہیں؟ میں نے عرض کیا تین لڑکے شریح مسلم اور عبداللہ۔ آپ نے پوچھا ان میں بڑا کون ہے؟ میں نے عرض کیا شریح۔ آپ نے فرمایا بس تو تیری کنیت ابو شریح ہے۔ (ابو داؤد۔ نسائی)

"اجدع" شیطانی نام ہے

۴۵۵۸ وَعَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ لَقِیْتُ عُمَرَ فَقَالَ مَنْ اَنْتَ قُلْتُ مَسْرُوْقُ ابْنُ الْاَجْدَعِ قَالَ عُمَرُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْاَجْدَعُ شَیْطٰنٌ۔ (رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)۔

مسروق رح کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رض سے ملاقات کی اور انھوں نے پوچھا تو کون ہے؟ میں نے کہا مسروق، اجدع کا بیٹا۔ حضرت عمر رض نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ اجدع شیطان کا ایک نام ہے۔ (ابو داؤد۔ ابن ماجہ)

اچھے نام رکھو

۴۵۵۹ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تُدْعَوْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ بِاَسْمَاءِ اٰبَائِکُمْ فَاَحْسِنُوْا اَسْمَاءَکُمْ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابو درداء رض کہتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن تم کو تمہارے اور تمہارے باپ کے ناموں سے پکارا جائے گا اس لئے تم اپنے اچھے نام رکھو۔ (احمد۔ ابو داؤد)

آنحضرت کے نام اور کنیت دونوں کو ایک ساتھ اختیار کرنے کی ممانعت

۴۵۶۰ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی اَنْ یَّجْمَعَ اَحَدٌ بَیْنَ اسْمِہٖ وَکُنْیَتِہٖ وَیُسَمّٰی مُحَمَّدًا اَبَا الْقَاسِمِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابو ہریرہ رض کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے کہ کوئی شخص آپ کے نام اور آپ کی کنیت کو جمع کرے (یعنی) محمد نام رکھے اور ابو القاسم کنیت مقرر کرے۔ (ترمذی)

۴۵۶۱ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا سَمَّیْتُمْ بِاسْمِیْ فَلَا تَکْتَنُوْا بِکُنْیَتِیْ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ وَھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَبِیْ دَاوٗدَ وَقَالَ مَنْ تَسَمّٰی بِاسْمِیْ فَلَا یَکْتَنِ بِکُنْیَتِیْ وَمَنْ بِکُنْیَتِیْ فَلَا یَتَسَمَّ بِاسْمِیْ)۔

حضرت جابر رض کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم اگر میرے نام پر نام رکھو تو میری کنیت پر کنیت مقرر نہ کرو۔ (ترمذی) ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔

اور حضرت ابو ہریرہ رض کی ایک روایت میں یوں ہے کہ جو شخص میرے نام پر نام رکھے وہ میری کنیت کو اپنی کنیت مقرر نہ کرے اور جو شخص میری کنیت پر اپنی کنیت مقرر کرے وہ میرے نام پر اپنا نام نہ رکھے۔

آنحضرت کا نام و کنیت ایک ساتھ اختیار کرنے کی ممانعت بطور تحریم نہیں ہے

۴۵۶۲ وَعَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ امْرَاَۃً قَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ وَلَدْتُ غُلَامًا فَسَمَّیْتُہٗ اَبَا الْقَاسِمِ فَذُکِرَ لِیْ اَنَّکَ تَکْرَہُ ذٰلِکَ فَقَالَ مَا الَّذِیْ اَحَلَّ اِسْمِیْ وَ

حضرت عائشہ رض کہتی ہیں کہ ایک عورت نے عرض کیا یا رسول اللہ میں نے ایک لڑکا جنا ہے جس کا نام ابو القاسم رکھا ہے پھر مجھ سے کہا گیا۔ پھر مجھ سے کہا گیا کہ آپ کو یہ امر پسند نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا کس چیز نے

حَرَّمَ كُنْيَتِيْ اَوْ مَا الَّذِيْ حَرَّمَ كُنْيَتِيْ وَ اَحَلَّ اسْمِيْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ قَالَ مُحْيُ السُّنَّةِ غَرِيْبٌ)۔

میرے نام کو حلال کیا اور کس چیز نے میری کنیت کو حرام کیا یعنی میرا نام اور میری کنیت دونوں حلال وجائز ہیں لیکن دونوں کا جمع کرنا مکروہ تنزیہی ہے حرام نہیں)۔ (ابوداؤد۔ محی السنہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے)

۴۵۶۳ وَعَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ وُلِدَ لِيْ بَعْدَكَ وَلَدٌ اُسَمِّيْهِ بِاسْمِكَ وَ اُكَنِّيْهِ بِكُنْيَتِكَ قَالَ نَعَمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت محمد بن حنفیہؒ کہتے ہیں کہ میرے والد (حضرت علی رضؓ) نے بیان کیا کہ میں نے آنحضرتؐ سے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ اگر آپ کے بعد میرے ہاں کوئی بچہ پیدا ہو تو میں اس کا نام محمد اور کنیت ابوالقاسم رکھ دوں۔ آپ نے فرمایا ہاں۔ (ابوداؤد)

حضرت انس رضؓ کی کنیت؟

۴۵۶۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَنَّانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقْلَةٍ كُنْتُ اَجْتَنِيْهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ قَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَ فِي الْمَصَابِيْحِ صَحَّحَهٗ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ میں ایک ساگ اکھاڑا کرتا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی ساگ کے نام پر میری کنیت مقرر کر دی (یعنی ابوحمزہ حمزہ ترہ تیزک کو کہتے ہیں۔ ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث اس سند کے علاوہ اور سند سے مروی نہیں اور صاحب مصابیح نے اسے صحیح کہا ہے)

جو نام اچھا نہ ہو اس کو بدل دو

۴۵۶۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُغَيِّرُ الْاِسْمَ الْقَبِيْحَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بُرے نام کو بدل دیا کرتے تھے۔ (ترمذی)

ایسے نام رکھنے کی ممانعت جو اسماءِ الٰہی میں سے ہیں

۴۵۶۶ وَعَنْ بَشِيْرِ بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَمِّهٖ اُسَامَةَ بْنِ اَخْدَرِيٍّ اَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهٗ اَصْرَمُ كَانَ فِي النَّفَرِ الَّذِيْنَ اَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اسْمُكَ قَالَ اَصْرَمُ قَالَ بَلْ اَنْتَ زُرْعَةُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ قَالَ غَيَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْمَ الْعَاصِ وَ عَزِيْزٍ وَ عَتَلَةَ وَ شَيْطَانٍ وَ الْحَكَمِ وَ غُرَابٍ وَ حُبَابٍ وَ شِهَابٍ وَ قَالَ تَرَكْتُ اَسَانِيْدَهَا لِلْاِخْتِصَارِ۔

حضرت بشیر رضؓ بن میمونؒ اپنے چچا ابن اُخدری سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک جماعت آئی اس میں ایک شخص تھا جس کو اَصرم (درخت کاٹنے والا) کہتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا تیرا کیا نام ہے اس نے کہا اَصرم۔ آپ نے فرمایا بلکہ زرعہ ہے۔

ابوداؤد نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاص۔ عزیز۔ عتلہ۔ شیطان۔ حکم۔ غراب۔ حباب اور شہاب ناموں کو بدل دیا تھا۔ میں نے ان کی اسناد، اختصار کے باعث چھوڑ دی ہیں۔

لفظ زعموا کی برائی

۴۵۶۷ وَعَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ لِاَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ اَوْ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ لِاَبِيْ مَسْعُوْدٍ مَا سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ زَعَمُوْا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ بِئْسَ مَطِيَّةُ الرَّجُلِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ قَالَ اَنَّ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ هُوَ حُذَيْفَةُ

حضرت ابی مسعود رضؓ انصاری رضؓ نے ابی عبداللہ سے یا ابی عبداللہ نے ابی مسعود رضؓ انصاری سے دریافت کیا کہ تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لفظ زعموا کی نسبت کچھ سنا ہے؟ انھوں نے کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ "زعموا" مرد کی بُری سواری ہے، یعنی اس لفظ کا استعمال بُرا ہے۔ (ابوداؤد کہتے ہیں ابوعبداللہ سے مراد حذیفہ ہیں۔)

مشیت میں اللہ اور غیر اللہ کو برابر قرار نہ دو

۴۵۶۸ وَعَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُولُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ فُلَانٌ وَلٰكِنْ قُولُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ شَاءَ فُلَانٌ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ) وَفِي رِوَايَةٍ مُنْقَطِعًا قَالَ لَا تَقُولُوا مَا شَاءَ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ وَّقُولُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ وَحْدَهُ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ۔

حضرت حذیفہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم اس طرح نہ کہو کہ اگر خدا نے اور فلاں شخص نے چاہا (تو اس طرح ہوگا کیونکہ اس میں خدا اور بندہ کی برابری ثابت ہوتی ہے) بلکہ یوں کہو کہ اگر خدا نے چاہا اور فلاں شخص نے چاہا (تو اس طرح ہوگا)۔ (ابوداؤد۔ احمد) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ تم یوں نہ کہو کہ اگر خدا نے اور محمدؐ نے چاہا (تو اس طرح ہوگا) بلکہ صرف اتنا کہو کہ اگر خدا نے چاہا۔ (شرح السنۃ)

کسی منافق کو سیّد نہ کہو

۴۵۶۹ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُولُوا لِلْمُنَافِقِ سَيِّدًا فَإِنَّهُ إِنْ يَكُ سَيِّدًا فَقَدْ أَسْخَطْتُمْ رَبَّكُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت حذیفہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے منافق کو سیّد (سردار یا آقا) نہ کہو اس لئے کہ اگر وہ سیّد نہ ہو (اور تم نے اس کو سیّد کہا تو اپنے پروردگار کو ناخوش کیا۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

بُرے نام کا بُرا اثر

۴۵۷۰ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ قَالَ جَلَسْتُ إِلَى سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ فَحَدَّثَنِي أَنَّ جَدَّهُ حَزْنًا قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا اسْمُكَ قَالَ اسْمِي حَزْنٌ قَالَ بَلْ أَنْتَ سَهْلٌ قَالَ مَا أَنَا بِمُغَيِّرٍ اسْمًا سَمَّانِيهِ أَبِي قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ فَمَا زَالَتْ فِينَا الْحُزُونَةُ بَعْدُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

عبدالحمید بن جبیر بن شیبہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں سعید رضؓ بن مسیّب کے پاس بیٹھا تھا کہ انھوں نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی کہ میرے دادا جن کا نام حزن تھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے آنحضرتؐ نے ان سے پوچھا تیرا کیا نام ہے انھوں نے کہا "حزن"، آپؐ نے فرمایا میں تیرا نام سہل رکھا۔ انھوں نے کہا اپنے نام کو تبدیل کرنا میں نہیں چاہتا جس کو میرے باپ نے رکھا ہے ابن مسیّب کا بیان ہے کہ (اس نام کی وجہ سے) ہمیشہ ہمارا خاندان سختی میں مبتلا رہا (حزن کے معنی ہیں سخت زمین اور سہل کے معنی ہیں نرم زمین) (بخاری)

اچھے نام

۴۵۷۱ وَعَنْ أَبِي وَهْبٍ الْجُشَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَمَّوْا بِأَسْمَاءِ الْأَنْبِيَاءِ وَأَحَبُّ الْأَسْمَاءِ إِلَى اللّٰهِ عَبْدُ اللّٰهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَأَصْدَقُهَا حَارِثٌ وَهَمَّامٌ وَأَقْبَحُهَا حَرْبٌ وَمُرَّةٌ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابی وہب جشمی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انبیاءؑ کے ناموں پر ..... اپنے نام رکھو اور خدا کے نزدیک بہترین نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن اور زیادہ سچے (معنی کے اعتبار سے یا واقع کے مطابق) نام حارث (کسب کرنے والا) اور ہمّام (قصد و ارادہ) ہیں اور بدترین نام حرب (لڑنا) اور مُرّہ (تلخی) ہیں۔ (ابوداؤد)

بَابُ الْبَيَانِ وَالشِّعْرِ — بیان اور شعر کا بیان

فصل اوّل

بعض بیان سحر کی تاثیر رکھتے ہیں

۳۵۷۲/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَدِمَ رَجُلَانِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَخَطَبَا فَعَجِبَ النَّاسُ لِبَيَانِهِمَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ دو اشخاص مشرق کی جانب سے آئے اور (خوب فصاحت و بلاغت سے) گفتگو کی۔ لوگ ان کی تقریر اور بیان کو سنکر ششدر و حیران رہ گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بعض بیان سحر کا (اثر رکھتے ہیں) (بخاری)

بعض اشعار حکمت و دانائی کے حامل ہوتے ہیں

۴۵۷۳/۲ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اُبیّ بن کعبؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، بعض شعر (پُر اثر) حکمت ہوتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

کلام میں مبالغہ آرائی کی ممانعت

۴۵۷۴/۳ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَكَ الْمُتَنَطِّعُوْنَ قَالَهَا ثَلَاثًا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن مسعودؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہلاک ہوئے کلام میں مبالغہ کرنے والے۔ تین مرتبہ آپ نے یہ الفاظ فرمائے۔ (مسلم)

ایک مبنی بر حقیقت شعر

۴۵۷۵/۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيْدٍ اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کسی شاعر نے اگر کوئی سچی بات کہی ہے تو وہ لبید کا قول ہے یعنی یہ کہ "اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلُ" (آگاہ ہو کہ خدا کے سوا ہر چیز باطل و فانی ہے) (بخاری و مسلم)

علم و حکمت کے حامل اشعار سننا مسنون ہے

۴۵۷۶/۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَدِفْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ هَلْ مَعَكَ مِنْ شِعْرِ اُمَيَّةَ ابْنِ اَبِي الصَّلْتِ شَيْءٌ قُلْتُ نَعَمْ۔ قَالَ هِيْهِ فَاَنْشَدْتُهُ بَيْتًا۔ فَقَالَ هِيْهِ ثُمَّ اَنْشَدْتُهُ بَيْتًا فَقَالَ هِيْهِ حَتّٰى اَنْشَدْتُهُ مِائَةَ بَيْتٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عمرو بن شرید رضؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے (یعنی آپ کی سواری پر) سوار ہوا آپ نے مجھ سے فرمایا تجھ کو امیہ بن ابی الصلت کے کچھ اشعار یاد ہیں۔ میں نے عرض کیا ہاں۔ آپ نے فرمایا ہاں تو سناؤ۔ میں نے ایک شعر سنایا۔ آپ نے فرمایا اور سناؤ میں نے پھر ایک شعر پڑھا آپ نے فرمایا اور سناؤ۔ اسی طرح میں نے سو شعر سنائے۔ (مسلم)

آنحضرتؐ کا ایک شعر

۴۵۷۷/۶ وَعَنْ جُنْدُبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْ بَعْضِ الْمَشَاهِدِ وَقَدْ دَمِيَتْ اِصْبَعُهُ فَقَالَ هَلْ اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دَمِيْتِ

حضرت جندبؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک لڑائی میں (غزوۂ اُحد میں) شریک تھے کہ آپ کی انگلی خون آلود ہو گئی آپ نے (انگلی کو مخاطب کر کے) تو ایک انگلی ہے (یعنی جسم کا کوئی بڑا عضو نہیں) اور خون

وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ مَالَقِیْتُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ) میں آلودہ ہوئی ہے (یعنی اور کوئی مصیبت تجھ پر نہیں پڑی، نہ تو تو کاٹی گئی اور نہ ہلاک ہوئی) اور یہ (جو کچھ ہوا ہے) خدا کی راہ میں ہوا (جس کا ثواب ملے گا)۔ (بخاری و مسلم)

مشہور شاعر حسان کی فضیلت

۴۵۷۸ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ قُرَیْظَۃَ لِحَسَّانِ ابْنِ ثَابِتٍ اِہْجُ الْمُشْرِکِیْنَ فَاِنَّ جِبْرِیْلَ مَعَکَ وَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لِحَسَّانٍ اَجِبْ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ اَیِّدْہُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت براءؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قریظہ کے دن (یعنی اُس روز جس روز کہ آپ نے یہود بنی قریظہ کا محاصرہ کیا تھا) حسان بن ثابتؓ (شاعر) سے فرمایا تم مشرکوں کی ہجو کرو جبرئیلؑ تمہارے ساتھ ہیں (یعنی جبرئیلؑ القاء و الہام کے ذریعہ تمہاری مدد کریں گے) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (جب کافروں سے اپنی ہجو سنتے تو) حسانؓ سے فرماتے تم میری طرف سے ان کو جواب دو۔ اور پھر حسانؓ کے لئے اِس طرح دُعا کرتے "اے اللہ! روح القدس (جبرئیل) سے حسانؓ کی مدد فرما" (بخاری و مسلم)

شعراء اسلام کو کفار قریش کی ہجو کرنے کا حکم

۴۵۷۹ وَعَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اُھْجُوْا قُرَیْشًا فَاِنَّہٗ اَشَدُّ عَلَیْھِمْ مِنْ رَشْقِ النَّبْلِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اپنے شاعروں سے دورانِ جنگ میں) فرمایا قریش کی ہجو کرو اس لئے کہ ہجو قریش کے لئے تیروں کے زخم سے زیادہ سخت ہے۔ (مسلم)

۴۵۸۰ وَعَنْھَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لِحَسَّانَ اِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ لَا یَزَالُ یُؤَیِّدُکَ مَا نَافَحْتَ عَنِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَقَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ھَاجَاھُمْ حَسَّانُ فَشَفٰی وَاشْتَفٰی۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حسانؓ سے یہ فرماتے سُنا۔ جب تک تو خدا اور خدا کے رسول کیطرف سے (مشرکوں کی ہجو کا مقابلہ) کرتا رہے گا روح القدس (جبرئیلؑ) برابر تیری مدد کرتے رہیں گے۔ عائشہؓ کہتی ہیں اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا کہ حسانؓ نے کفار کی ہجو کی (اور اس ہجو سے) مسلمانوں کو شفا دی اور خود بھی شفا پائی (یعنی سکون و طمانیت حاصل کی)۔ (مسلم)

غزوۂ خندق میں عبداللہ بن رواحہؓ کا رجزیہ کلام

۴۵۸۱ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْقُلُ التُّرَابَ یَوْمَ الْخَنْدَقِ حَتّٰی اَغْمَرَ بَطْنُہٗ یَقُوْلُ وَاللّٰہِ لَوْلَا اللّٰہُ مَا اھْتَدَیْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّیْنَا فَاَنْزِلَنْ سَکِیْنَۃً عَلَیْنَا وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَیْنَا اِنَّ الْاُلٰی قَدْ بَغَوْا عَلَیْنَا اِذَا اَرَادُوْا فِتْنَۃً اَبَیْنَا یَرْفَعُ بِھَا صَوْتَہٗ اَبَیْنَا اَبَیْنَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت براءؓ کہتے ہیں کہ غزوۂ خندق میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود بہ نفسِ نفیس مٹی اُٹھا اٹھا کر پھینکتے جاتے تھے یہاں تک کہ آپ کا شکم مبارک غبار آلود ہو گیا تھا اور یہ فرماتے جاتے تھے[1] "خدا کی قسم اگر خدا کی ہدایت نہ ہوتی تو ہم (ہرگز) ہدایت نہ پاتے نہ ہم صدقہ دیتے اور نہ ہم نماز پڑھتے۔ پس اے اللہ! ہم پر آرام و سکینت نازل فرما اور ہم جب دشمنوں سے لڑیں تو ہم کو ثابت قدم رکھ۔ اِن کافروں نے ہم پر زیادتی کی ہے (یعنی کفارِ مکہ نے) جب کہ وہ ہم کو فتنہ میں ڈالنے کا ارادہ کرتے ہیں (یعنی کفر کی طرف ہم کو واپس لے جانا کا) تو ہم اس سے انکار کر دیتے ہیں"۔ ان شعروں کو آپ بلند آواز سے پڑھتے اور اَبَیْنَا اَبَیْنَا کے الفاظ زیادہ بلند آواز سے فرماتے۔ (بخاری و مسلم)

---

[1] یہ رجز عبداللہ بن رواحہؓ کا ہے۔ ۱۲ مترجم

غزوۂ خندق کے موقع پر رجز پڑھنے والے صحابہؓ کے حق میں آنحضرت کی دعا

۴۵۸۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَعَلَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ وَيَنْقُلُوْنَ التُّرَابَ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا اَبَدًا يَقُوْلُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُجِيْبُهُمْ اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَهْ فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَهْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ غزوۂ احزاب میں مہاجروں اور انصار نے خندق کو کھودنا اور مٹی کو اٹھا کر اٹھا کر پھینکنا شروع کیا (وہ کام میں مشغول تھے) اور کہتے جاتے تھے ہم وہ لوگ ہیں جنھوں نے محمدؐ کے ہاتھ پر جہاد کے لئے بیعت کی ہے جب تک ہم باقی رہیں گے (جہاد کریں گے) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے جواب میں فرماتے تھے اے اللہ تعالیٰ! زندگی آخرت ہی کی زندگی ہے تو انصار اور مہاجرین کو بخش دے۔ (بخاری و مسلم)

ہر وقت شعر و شاعری میں مستغرق رہنے اور برے شعر کی مذمت

۴۵۸۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ رَجُلٍ قَيْحًا يَرِيْهِ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ يَّمْتَلِئَ شِعْرًا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے پیٹ کو پیپ سے بھر لینا جو پیٹ کو خراب کرے اس سے بہتر ہے کہ اس میں شعر کو بھرے (شعر سے مراد مذموم شعر ہے) (بخاری)

فصل دوم

شعری جہاد کی فضیلت

۴۵۸۴ عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ اَنْزَلَ فِي الشِّعْرِ مَا اَنْزَلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يُجَاهِدُ بِسَيْفِهٖ وَلِسَانِهٖ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَكَاَنَّمَا تَرْمُوْنَهُمْ بِهٖ نَضْحَ النَّبْلِ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَفِي الْاِسْتِيْعَابِ لِابْنِ عَبْدِ الْبَرِّ اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَاذَا تَرٰى فِي الشِّعْرِ فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يُجَاهِدُ بِسَيْفِهٖ وَلِسَانِهٖ۔

حضرت کعب بن مالکؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا خداوند تعالیٰ نے شعر کے متعلق جو حکم نازل فرمایا ہے ظاہر ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن تلوار سے بھی جہاد کرتا ہے اور زبان سے بھی قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم کافروں کو شعر سے اسی طرح مارتے ہو جس طرح تیروں سے۔ (شرح السنۃ) اور کتاب الاستیعاب میں ابن عبدالبر سے منقول ہے کہ انھوں نے (یعنی کعبؓ نے عرض کرتے ہوئے) کہا کہ یا رسول اللہ! شعر کی بابت آپ کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا مومن اپنی تلوار سے جہاد کرتا ہے اور اپنی زبان سے بھی۔

کم گوئی ایمان کی نشانی ہے

۴۵۸۵ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْحَيَاءُ وَالْعِيُّ شُعْبَتَانِ مِنَ الْاِيْمَانِ وَالْبَذَاءُ وَالْبَيَانُ شُعْبَتَانِ مِنَ النِّفَاقِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابی امامہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے حیاء اور زبان ایمان کی دو شاخیں ہیں اور دل آزار گفتگو اور بیہودہ باتیں نفاق کی دو شاخیں ہیں۔ (ترمذی)

بے فائدہ بیان آرائی مکروہ ہے

۴۵۸۶ وَعَنْ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَحَبَّكُمْ اِلَيَّ وَاَقْرَبَكُمْ مِنِّيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَحَاسِنَكُمْ اَخْلَاقًا وَاِنَّ اَبْغَضَكُمْ اِلَيَّ وَاَبْعَدَكُمْ مِنِّيْ مَسَاوِيْكُمْ اَخْلَاقًا الثَّرْثَارُوْنَ الْمُتَشَدِّقُوْنَ الْمُتَفَيْهِقُوْنَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابی ثعلبہ خشنی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن مجھ کو سب سے زیادہ عزیز و محبوب اور مجھ سے قریب تر وہ لوگ ہوں گے جو تم میں زیادہ خوش اخلاق ہیں اور مبغوض ترین اور مجھ سے بہت دور وہ لوگ ہوں گے جو بد اخلاق ہیں (اور بد اخلاق وہ ہیں جو) زیادہ باتیں بنانے والے بے احتیاطی سے فضول باتیں تکبر کرنے

وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهٗ عَنْ جَابِرٍ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ عَلِمْنَا الثَّرْثَارُوْنَ وَالْمُتَشَدِّقُوْنَ فَمَا الْمُتَفَيْهِقُوْنَ قَالَ الْمُتَكَبِّرُوْنَ)۔

والے ہیں۔ (بیہقی نے اسے شعب الایمان میں روایت کیا ہے اور ترمذی نے اسے جابرؓ سے روایت کیا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ لوگوں نے عرض کیا متفیہقون کون ہیں؟ آپ نے فرمایا تکبر کرنے والے)۔

ایک پیش گوئی

۴۵۸۷ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ قَوْمٌ يَّاْكُلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ كَمَا تَاْكُلُ الْبَقَرَةُ بِاَلْسِنَتِهَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت سعد ابن ابی وقاصؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت اُس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ ایک ایسی قوم پیدا نہ ہو جائے گی جو اپنی زبانوں سے اس طرح کھائے گی جس طرح گائیں اپنی زبانوں سے کھاتی ہیں (یعنی اپنی زبانوں کو کھانے کا وسیلہ قرار دیگی اور جھوٹی باتوں یا فصاحت و بلاغت یا مدح و ذم سے روٹی کمائے گی۔ (احمد)

زبان دراز اور چکنی چپڑی باتیں بنانیوالا خدا کو ناپسندیدہ ہے

۴۵۸۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ الْبَلِيْغَ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِيْ يَتَخَلَّلُ بِلِسَانِهٖ كَمَا تَتَخَلَّلُ الْبَاقِرَةُ بِلِسَانِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ اس شخص کو اپنا دشمن سمجھتا ہے جو اظہارِ فصاحت و بلاغت میں اپنی زبان سے کھاوے یعنی اپنی زبان کو دانتوں کے گرد اس طرح حرکت دے جس طرح گائیں اپنی زبان کو حرکت دیتی ہیں (مطلب یہ ہے کہ الفاظ کو اس طرح ادا کرے کہ زبان کو غیر معمولی حرکت ہو)

(ترمذی۔ ابوداؤد۔ یہ حدیث غریب ہے)

بے عمل واعظ و خطیب کے بارے میں وعید

۴۵۸۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَرْتُ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِيْ بِقَوْمٍ تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيْضَ مِنَ النَّارِ فَقُلْتُ يَا جِبْرَئِيْلُ مَنْ هٰؤُلَاءِ قَالَ هٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ اُمَّتِكَ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)۔

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے معراج کی رات میرا گزر ایسے لوگوں پر ہوا جن کی زبانیں آگ کی قینچیوں سے کاٹی جا رہی تھیں۔ میں نے جبرئیلؑ سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں؟ انھوں نے کہا یہ آپ کی امت کے خطیب (وعظ گو۔ لکچرار) جو ایسی باتیں کہتے تھے جن پر خود عمل نہیں کرتے تھے۔

(ترمذی یہ حدیث غریب ہے)

عرب زبانی کے بارے میں وعید

۴۵۹۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّمَ صَرْفَ الْكَلَامِ لِيَسْبِيَ بِهٖ قُلُوْبَ الرِّجَالِ اَوِ النَّاسِ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص (فصاحت و بلاغت یا مکر و فریب کی) ایسی باتوں کو سیکھے کہ ان سے مردوں یا لوگوں کے دلوں پر قابو حاصل کرلے خداوند تعالیٰ قیامت کے دن نہ تو اس کے نفل قبول فرمائے گا نہ فرض (یعنی اس کا کوئی فرض و نفل قبول نہ ہوگا۔) (ابوداؤد)

مختصر تقریر بہتر ہوتی ہے

۴۵۹۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّهٗ قَالَ يَوْمًا وَ

حضرت عمرو بن عاصؓ کہتے ہیں کہ ایک روز ایک شخص نے کھڑے ہو کر فصا

قَامَ رَجُلٌ فَاَكْثَرَ الْقَوْلَ فَقَالَ عَمْرٌو وَلَوْ قَصَدَ فِيْ قَوْلِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَهٗ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَقَدْ رَاَيْتُ لَوْ اُمِرْتُ اَنْ تَجَوَّزَ فِي الْقَوْلِ فَاِنَّ الْجَوَازَ هُوَ خَيْرٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

وبلاغت کے ساتھ طویل تقریر کی۔ انھوں نے اس کو مخاطب کر کے کہا۔ اگر تو اپنے بیان میں اختصار سے کام لیتا تو بہتر ہوتا اس لئے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے، میں نے سمجھ لیا ہے یا میں حکم کیا گیا ہوں اِس بات کا کہ تقریر و گفتگو میں اختصار کر دوں اِس لئے کہ مختصر تقریر بہتر ہوتی ہے۔ (ابوداؤد)

بعض علم جہالت ہوتے ہیں

۴۵۹۲/۲۱ وَعَنْ صَخْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا وَّ اِنَّ مِنَ الْعِلْمِ جَهْلًا وَّ اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكَمًا وَّ اِنَّ مِنَ الْقَوْلِ عِيَالًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

صخر بن عبداللہ بن بریدہؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے بعض بیان جادو کی مانند ہوتے اور بعض علم جہالت ہوتے ہیں اور بعض شعر مبنی بر حکمت اور نافع ہوتے ہیں اور بعض قول وبالِ جان ہوتا ہے۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

حضرت حسّان کی فضیلت

۴۵۹۳/۲۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ لِحَسَّانٍ مِنْبَرًا فِي الْمَسْجِدِ يَقُوْمُ عَلَيْهِ قَائِمًا يُفَاخِرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ يُنَافِحُ وَ يَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ حَسَّانَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ مَا نَافَحَ اَوْ فَاخَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حسّانؓ کے لئے مسجد میں منبر بچھاتے اور حسّانؓ اس پر کھڑے ہو کر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اظہارِ فخر کرتے یا حضورؐ کی طرف سے (کفّار کی مذمّت کا) مقابلہ کرتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرماتے کہ خداوند تعالےٰ حسّان رضؓ کی روح القدس سے مدد کرتا ہے جب تک کہ وہ مقابلہ یا فخر کرتا ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سے۔ (بخاری)

حُدی کا جواز

۴۵۹۴/۲۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَادٍ يُقَالُ لَهٗ اَنْجَشَةُ وَكَانَ حَسَنَ الصَّوْتِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُوَيْدَكَ يَا اَنْجَشَةُ لَا تَكْسِرِ الْقَوَارِيْرَ قَالَ قَتَادَةُ يَعْنِيْ ضَعَفَةَ النِّسَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا ایک حُدی خوان تھا (حُدی اونٹوں کے ہانکنے کا گانا) جس کا نام انجشہ تھا یہ خوش آواز تھا ایک روز نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا انجشہ اونٹوں کو آہستہ آہستہ ہانک (یعنی اپنی حُدی سے ان کو کرم اور تیز رَو، نہ بنا اور شیشوں کو نہ توڑ۔ قتادہؒ کہتے ہیں کہ شیشوں سے مُراد آپ کی کمزور و ضعیف[1] عورتیں تھیں۔ (بخاری و مسلم)

شعر کی خوبی و برائی کا تعلق اس کے مضمون سے ہے

۴۵۹۵/۲۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ ذُكِرَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشِّعْرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ كَلَامٌ فَحَسَنُهٗ حَسَنٌ وَقَبِيْحُهٗ قَبِيْحٌ۔ (رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

وَرَوَى الشَّافِعِيُّ عَنْ عُرْوَةَ مُرْسَلًا۔

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے شعر کا ذکر آیا تو آپؐ نے فرمایا شعر کلام ہے اچھا کلام اچھا شعر ہے اور بُرا شعر بُرا کلام ہے۔ (دارقطنی)

شافعیؒ نے اُسے عروہ سے مرسلاً روایت کیا۔

---

[1] یعنی شیشہ سے مُراد عورتوں کا کمزور و نرم دل ہے کہ جس سے فتنہ کا اندیشہ ہے۔ ۱۲

شعر کی برائی؟

۴۵۹۶ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ بَیْنَا نَحْنُ نَسِیْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالْعَرْجِ اِذْ عَرَضَ شَاعِرٌ یُنْشِدُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خُذُوا الشَّیْطَانَ اَوِ اَمْسِکُوا الشَّیْطَانَ لَاَنْ یَّمْتَلِئَ جَوْفُ رَجُلٍ قَیْحًا خَیْرٌ لَّہٗ مِنْ اَنْ یَّمْتَلِئَ شِعْرًا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابی سعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مقام عرج میں (مکہ کے راستہ میں ایک گاؤں ہے) جا رہے تھے کہ ایک شاعر شعر پڑھتا ہوا سامنے آیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس کے اشعار سن کر) فرمایا۔ اس شیطان کو پکڑ لو، .... یا اس شیطان کو روک لو۔ انسان کا پیپ سے پیٹ بھر لینا اس سے بہتر ہے کہ اس میں شعر بھرے ہوں۔ (مسلم)

راگ وگانا نفاق کو پیدا کرتا ہے۔

۴۵۹۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْغِنَاءُ یُنْبِتُ النِّفَاقَ فِی الْقَلْبِ کَمَا یُنْبِتُ الْمَاءُ الزَّرْعَ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے گانا یا راگ اس طرح دل میں نفاق کو پیدا کرتا ہے جس طرح پانی کھیتی کو اگاتا ہے۔ (بیہقی)

باجے گاجے کی آواز آئے تو کانوں میں انگلیاں ڈال لو

۴۵۹۸ وَعَنْ نَّافِعٍ قَالَ کُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ فِیْ طَرِیْقٍ فَسَمِعَ مِزْمَارًا فَوَضَعَ اِصْبَعَیْہِ فِیْ اُذُنَیْہِ وَنَاٰی عَنِ الطَّرِیْقِ اِلَی الْجَانِبِ الْاٰخَرِ ثُمَّ قَالَ لِیْ بَعْدَ اَنْ بَعُدَ یَا نَافِعُ ھَلْ تَسْمَعُ شَیْئًا فَقُلْتُ لَا فَرَفَعَ اِصْبَعَیْہِ مِنْ اُذُنَیْہِ وَقَالَ کُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ صَوْتَ مِزْمَارِ رَاعٍ فَصَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُ قَالَ نَافِعٌ وَّکُنْتُ اِذْ ذَاکَ صَغِیْرًا۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت نافع رحؒ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابن عمر رضؓ کے ساتھ جا رہا تھا کہ حضرت ابن عمر رضؓ نے بانسری کی آواز سنی اور اپنے دونوں کانوں میں انگلیاں رکھ لیں اور راستہ سے ہٹ کر دور چلے گئے۔ پھر مجھ سے فرمایا۔ نافع! تجھ کو آواز آ رہی ہے تو بھی بانسری کی آواز سن رہا ہے؟ میں نے عرض کیا نہیں انھوں نے کانوں سے انگلیاں نکال لیں اور کہا میں رسول اللہ صلعم کے ساتھ جا رہا تھا کہ آپ نے "بنے" کی آواز سنی اور آپ نے یہی کیا جو میں نے اس وقت کیا۔ نافع رحؒ کہتے ہیں کہ میں اس وقت بہت چھوٹا تھا۔ (احمد۔ ابوداؤد)

بَابُ حِفْظِ اللِّسَانِ وَالْغِیْبَۃِ وَالشَّتْمِ

زبان کی حفاظت۔ غیبت اور برا کہنے کا بیان

فصل اوّل

زبان اور شرمگاہ کی حفاظت کرنیوالے کو آنحضرتؐ کی طرف سے جنت کی بشارت

۴۵۹۹ عَنْ سَھْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ یَّضْمَنُ لِیْ مَا بَیْنَ لَحْیَیْہِ وَمَا بَیْنَ رِجْلَیْہِ اَضْمَنُ لَہُ الْجَنَّۃَ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت سہل بن سعد رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص مجھ سے اس کا عہد کرے کہ وہ اپنے دونوں کلوں کے درمیان کی چیز (یعنی زبان اور دانتوں) اور اپنے دونوں پاؤں کی درمیانی چیز (یعنی شرم گاہ) کی حفاظت کرے گا (اور لوگوں کو برا نہ کہے گا نہ کسی کی برائی

اور غیبت کرے گا اور بدکاری وزنا وغیرہ سے بچے گا) تو میں اُس کے لئے جنت کی ضمانت کرلوں گا۔ (بخاری)

زبان پر قابو رکھو

۴۶۰۰/۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ لَا يُلْقِیْ لَهَا بَالًا يَرْفَعُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَاتٍ وَاِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ لَا يُلْقِیْ لَهَا بَالًا يَهْوِیْ بِهَا فِیْ جَهَنَّمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ) وَفِیْ رِوَايَةٍ يَهْوِیْ بِهَا فِی النَّارِ اَبْعَدُ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بندہ بعض وقت ایسی بات زبان سے کہتا ہے جس سے خداوند تعالیٰ خوش ہوجاتا ہے لیکن وہ بندہ اس حیثیت سے واقف نہیں ہوتا اور خداوند تعالیٰ اس بات کے بدلے میں اس کے درجات بلند کردیتا ہے اور بعض اوقات بندہ ایسی بات کہتا ہے جس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوجاتا ہے اور وہ اس سے واقف نہیں ہوتا اور وہ بات اس کو جہنم میں لے جاتی ہے۔ (بخاری) اور ایک روایت میں ہے کہ وہ کلمہ اسے دوزخ میں اتنی دوری پر ڈال دیتا ہے جتنی کہ مشرق ومغرب میں دُوری ہے۔

کسی مسلمان کے حق میں بدزبانی وبدگوئی فسق ہے

۴۶۰۱/۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهٗ كُفْرٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسلمان کو بُرا کہنا فسق ہے اور مسلمان کا مار ڈالنا کفر ہے۔ (بخاری ومسلم)

کسی مسلمان کو بُرا نہ کہو

۴۶۰۲/۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا رَجُلٍ قَالَ لِاَخِيْهِ كَافِرٌ فَقَدْ بَآءَ بِهَا اَحَدُهُمَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے اپنے مسلمان بھائی کو کافر کہا تو ان دونوں میں سے ایک اس کلمۂ کفر کا مستحق قرار پاتا ہے (یعنی دونوں میں سے ایک کافر ٹھہرتا ہے اگر وہ شخص جس کو کافر کہا گیا ہے تو اس کلمہ کا وہی مستحق ہے اگر وہ ایسا نہیں ہے تو یہ کلمہ کہنے والے پر لوٹ پڑے گا۔ (بخاری ومسلم)

کسی مسلمان کی طرف فسق کی نسبت نہ کرو

۴۶۰۳/۵ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْمِیْ رَجُلٌ رَجُلًا بِالْفُسُوْقِ وَلَا يَرْمِيْهِ بِالْكُفْرِ اِلَّا ارْتَدَّتْ عَلَيْهِ اِنْ لَّمْ يَكُنْ صَاحِبُهٗ كَذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابی ذرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی شخص کسی شخص پر نہ تو فسق کی تہمت لگائے اور نہ کفر کی اس لئے کہ اگر وہ شخص ایسا نہیں ہے تو یہ کلمہ کہنے والے پر لوٹ پڑتا ہے۔ (بخاری)

کسی شخص کو دشمن خدا نہ کہو

۴۶۰۴/۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَعَا رَجُلًا بِالْكُفْرِ اَوْ قَالَ عَدُوَّ اللّٰهِ وَلَيْسَ كَذٰلِكَ اِلَّا حَارَ عَلَيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابی ذرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی کو کافر کہہ کے پکارے یا خدا کا دشمن کہے اور وہ ایسا نہ ہو تو یہ کلمہ کہنے والے پر لوٹ پڑتا ہے۔ (بخاری ومسلم)

آپس کی گالم گلوچ کا سارا گناہ ابتداء کرنیوالے پر ہوتا ہے؟

۴۶۰۵/۷ وَعَنْ اَنَسٍ وَّاَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْتَبَّانِ قَالَا فَعَلَى

حضرت انسؓ اور حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر دو شخص ایک دوسرے کو برا کہیں تو اس برا کہنے کا گناہ اس

الْبَادِیْ مَا لَمْ یَعْتَدِ الْمَظْلُوْمُ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

شخص پر ہوگا جس نے پہل کی ہے وہ ظالم ہے اور دوسرا مظلوم جبتک کہ مظلوم حد سے آگے نہ بڑھے یعنی ظالم سے زیادہ برا نہ کہے۔ (مسلم)

کسی پر لعن طعن کرنا نہایت نامناسب بات ہے

۴۶۰۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَنْبَغِیْ لِصِدِّیْقٍ اَنْ یَّکُوْنَ لَعَّانًا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدیق (یعنی مومن) کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ زیادہ لعنت کرنے والا ہو۔ (مسلم)

۴۶۰۷ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اللَّعَّانِیْنَ لَا یَکُوْنُوْنَ شُھَدَآءَ وَلَا شُفَعَآءَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابی درداءؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے "زیادہ لعنت کرنے والے لوگ قیامت کے دن نہ تو شہادت دینے والے ہوں گے اور نہ شفاعت کرنے والے۔ (مسلم)

کسی کی طرف اخروی ہلاکت کی نسبت نہ کرو

۴۶۰۸ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا قَالَ الرَّجُلُ ھَلَکَ النَّاسُ فَھُوَ اَھْلَکُھُمْ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کوئی آدمی یہ کہے کہ ہلاک ہو جائیں لوگ تو وہ کہنے والا سب سے زیادہ ہلاک ہونے والا ہے۔ (مسلم)

منہ دیکھی بات کرنے والے کی مذمت

۴۶۰۹ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمْ تَجِدُوْنَ شَرَّ النَّاسِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ذَا الْوَجْھَیْنِ الَّذِیْ یَاْتِیْ ھٰؤُلَآءِ بِوَجْہٍ وَّھٰؤُلَآءِ بِوَجْہٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم قیامت کے دن بدترین لوگوں میں ان کو پاؤ گے جو دو منہ رکھنے والے منافق ہوں گے (یعنی منہ دیکھی بات کہتے ہوں گے) ان کے پاس جائیں گے تو ان کی سی کہیں گے اور ان کے پاس جائیں گے تو ان کی سی کہیں گے۔ (بخاری و مسلم)

چغل خور کے بارے میں وعید

۴۶۱۰ وَعَنْ حُذَیْفَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَتَّاتٌ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّمُسْلِمٍ نَمَّامٌ)

حضرت حذیفہؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے "چغل خور جنت میں نہ جائیں گے۔" (بخاری و مسلم)

سچ بولنے اور جھوٹ سے بچنے کی تاکید

۴۶۱۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَیْکُمْ بِالصِّدْقِ فَاِنَّ الصِّدْقَ یَھْدِیْ اِلَی الْبِرِّ وَاِنَّ الْبِرَّ یَھْدِیْ اِلَی الْجَنَّۃِ وَمَا یَزَالُ الرَّجُلُ یَصْدُقُ وَیَتَحَرَّی الصِّدْقَ حَتّٰی یُکْتَبَ عِنْدَ اللّٰہِ صِدِّیْقًا وَاِیَّاکُمْ وَالْکَذِبَ یَھْدِیْ اِلَی الْفُجُوْرِ وَاِنَّ الْفُجُوْرَ یَھْدِیْ اِلَی النَّارِ وَمَا یَزَالُ الرَّجُلُ یَکْذِبُ وَیَتَحَرَّی

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سچ بولنا اختیار کرو اس لئے کہ سچ بولنا نیکی کا راستہ دکھاتا ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے اور جو شخص ہمیشہ سچ بولتا اور سچ بولنے کی کوشش کرتا ہے وہ خدا کے ہاں صدیق لکھا جاتا ہے اور تم جھوٹ سے اس لئے کہ جھوٹ فسق و فجور کی طرف لے جاتا ہے اور فسق و فجور دوزخ کی طرف رہنمائی کرتا ہے اور جو شخص ہمیشہ جھوٹ بولتا اور جھوٹ بولنے کی کوشش کرتا ہے وہ خدا کے ہاں کذاب (بہت جھوٹ بولنے

الْكِذْبَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ كَذَّابًا (متفق علیہ) وَفِيْ رِوَايَةِ الْمُسْلِمِ قَالَ اِنَّ الصِّدْقَ بِرٌّ وَاِنَّ الْبِرَّ يَهْدِيْ اِلَى الْجَنَّةِ وَاِنَّ الْكِذْبَ فُجُوْرٌ وَاِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِيْ اِلَى النَّارِ۔

والا) لکھا جاتا ہے۔ (بخاری و مسلم)
اور مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ سچ بولنا نیکی ہے اور نیکی بہشت میں لے جاتی ہے اور جھوٹ بولنا فسق و فجور ہے اور فسق و فجور دوزخ میں لے جاتا ہے۔

دروغ مصلحت آمیز جھوٹ کے زمرہ میں نہیں آتا

۴۶۱۲/۱۴ وَعَنْ اُمِّ كُلْثُوْمٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْكَذَّابُ الَّذِيْ يُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ وَيَقُوْلُ خَيْرًا وَّيَنْمِيْ خَيْرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اُمّ کلثوم رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وہ شخص جھوٹا نہیں ہے جو لوگوں کے درمیان صلح کرتا ہو نیک باتیں کہتا ہو اور بھلی باتیں پہنچاتا ہو (یعنی دو آدمیوں جماعتوں کے درمیان اچھی اور بھلی باتوں سے اصلاح کرنا مقصود ہو اگرچہ ان میں کوئی بات جھوٹی بھی ہو۔ (بخاری و مسلم)

جھوٹی اور مبالغہ آمیز تعریف کرنے والے کی مذمت

۴۶۱۳/۱۵ وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمُ الْمَدَّاحِيْنَ فَاحْثُوْا فِيْ وُجُوْهِهِمُ التُّرَابَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت مقداد رضؓ بن اسود کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو مبالغہ کے ساتھ تعریفیں کرتے ہوں (جھوٹی تعریف کرتے ہوں) تو ان کے منہ میں خاک ڈال دو (مسلم)

۴۶۱۴/۱۶ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ اَثْنٰى رَجُلٌ عَلٰى رَجُلٍ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَيْلَكَ قَطَعْتَ عُنُقَ اَخِيْكَ ثَلٰثًا مَّنْ كَانَ مِنْكُمْ مَادِحًا لَا مُحَالَةَ فَلْيَقُلْ اَحْسِبُ فُلَانًا وَاللّٰهُ حَسِيْبُهٗ اِنْ كَانَ يُرٰى اِنَّهٗ كَذٰلِكَ وَلَا يُزَكِّيْ عَلَى اللّٰهِ اَحَدًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابی بکرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے ایک شخص کی رسول اللہ کے سامنے (مبالغہ کے ساتھ) تعریف کی۔ آپ نے تعریف کرنے والے سے فرمایا۔ افسوس ہے تجھ پر تو نے اپنے بھائی کی گردن ماردی تین بار آپ نے یہ الفاظ فرمائے اور اس کے بعد فرمایا۔ اگر تم کسی کی تعریف کو ضروری سمجھو تو اس طرح کہو کہ میں فلاں شخص کی نسبت یہ خیال رکھتا ہوں یا فلاں شخص کو میں ایسا سمجھتا ہوں (مثلاً مردِ صالح یا مردِ سخی) اور اللہ تعالیٰ حقیقتِ حال سے خوب واقف ہے وہی حساب کرنے والا اور خبر دینے والا ہے اور یہ بھی اس صورت میں کہے جب کہ اس شخص کی نسبت ایسا ہی خیال رکھتا ہو اور خدا پر کسی شخص کی نسبت یقین کے ساتھ یہ حکم نہ لگائے کہ وہ یقیناً ایسا ہی ہے (بخاری و مسلم)

غیبت کے معنی اور اس کی تفصیل

۴۶۱۵/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا الْغِيْبَةُ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ ذِكْرُكَ اَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ قِيْلَ اَفَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ فِيْ اَخِيْ مَا اَقُوْلُ قَالَ اِنْ كَانَ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدِ اغْتَبْتَهٗ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدْ بَهَتَّهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِيْ رِوَايَةٍ اِذَا قُلْتَ لِاَخِيْكَ مَا فِيْهِ فَقَدْ اغْتَبْتَهٗ وَاِذَا قُلْتَ مَا لَيْسَ فِيْهِ فَقَدْ بَهَتَّهٗ۔

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے پوچھا۔ تم جانتے ہو غیبت کیا ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول خوب جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا ذکر کرنا اپنے مسلمان بھائی کا ایسی باتوں کے ساتھ جو اس کو بری معلوم ہوں (غیبت ہی) پوچھا گیا اگر میرے بھائی کے اندر وہ برائی موجود ہو جس کا میں نے ذکر کیا ہے تب بھی اس کو غیبت کہا جائے گا۔ آپ نے فرمایا اگر اس کے اندر وہ برائی موجود ہو جس کا تو نے ذکر کیا ہے تو تو نے اس کی غیبت کی اگر وہ برائی اس میں موجود نہ ہو تو پھر تو نے اس پر بہتان لگایا۔ اور ایک روایت

میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے فرمایا اگر تو نے اپنے بھائی کی وہ بُرائی بیان کی جو اس کے اندر پائی جاتی ہے تو تو نے اس کی غیبت کی اور اگر تو نے اس کی نسبت ایسی بات کہی جو اس کے اندر نہیں پائی جاتی تو تو نے اس پر بہتان لگایا۔

فحش گو بدترین شخص ہے

۴۶۱۶ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَجُلًا اِسْتَاْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِئْذَنُوْا لَهٗ فَبِئْسَ اَخُو الْعَشِيْرَةِ فَلَمَّا جَلَسَ تَطَلَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ وَجْهِهٖ وَانْبَسَطَ اِلَيْهِ فَلَمَّا انْطَلَقَ الرَّجُلُ قَالَتْ عَائِشَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قُلْتَ لَهٗ كَذَا وَكَذَا ثُمَّ تَطَلَّقْتَ فِيْ وَجْهِهٖ وَانْبَسَطْتَ اِلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَتٰى عَاهَدْتِّنِيْ فَحَّاشًا اِنَّ شَرَّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ اِتِّقَاءَ شَرِّهٖ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِتِّقَاءَ فُحْشِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے حاضری کی اجازت چاہی۔ آپ نے صحابہ رضؓ سے فرمایا اس کو آنے کی اجازت دیدو۔ یہ اپنی قوم میں بُرا آدمی ہے جب وہ شخص آپ کے پاس آکر بیٹھ گیا تو آپ نے کشادہ پیشانی سے اس کی طرف دیکھا اور مُسکرا کر اُس سے باتیں کیں پھر جب وہ چلا گیا تو عائشہ رضؓ نے کہا یا رسُول اللہ ص! آپ نے اس شخص کی نسبت ایسا ایسا کہا تھا۔ پھر آپ نے اس سے بکشادہ پیشانی ملاقات کی اور مسکرا مسکرا کر اس سے باتیں کیں۔ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو نے مجھ کو فحش گو کب پایا۔ بدترین آدمی خدا کے نزدیک قیامت کے دن وہ ہوں گے جن کو لوگ ان کی برائی سے ڈر کر چھوڑ دیں اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جن کی فحش گوئی سے ڈر کر لوگ ان سے دور دور رہیں۔ (بخاری و مسلم)

اپنے عیب کو ظاہر نہ کرو

۴۶۱۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ اُمَّتِيْ مُعَافًى اِلَّا الْمُجَاهِرُوْنَ وَاِنَّ مِنَ الْمُجَانَةِ اَنْ يَّعْمَلَ الرَّجُلُ بِاللَّيْلِ عَمَلًا ثُمَّ يُصْبِحُ وَقَدْ سَتَرَهُ اللّٰهُ فَيَقُوْلُ يَا فُلَانُ عَمِلْتُ الْبَارِحَةَ كَذَا وَكَذَا وَقَدْ بَاتَ يَسْتُرُهُ رَبُّهٗ وَيُصْبِحُ يَكْشِفُ سِتْرَ اللّٰهِ عَنْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ فِيْ بَابِ الضِّيَافَةِ۔

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میری ساری اُمّت عافیت میں ہے (یعنی اس پر کوئی سخت عذاب نہ کیا جائے گا) مگر وہ لوگ عافیت میں نہیں ہیں جو بُرائی کو ظاہر کرنے والے ہیں اور یہ بات کسی قدر بے پروائی (بے شرمی) کی ہے آدمی رات کو کوئی (بُرا) کام کرے اور صبح ہونے پر جب اللہ تعالےٰ نے رات کو اس کے عیب کو چھپا لیا ہو، وہ لوگوں سے یہ کہتا پھرے کہ اے فلانے میں نے رات کو ایسا ایسا کیا۔ اللہ تعالےٰ نے رات کو اس کے عیب کو ڈھانک لیا تھا اور اس نے صبح ہوتے ہی اللہ تعالےٰ کے پردہ کو پاک کر دیا۔ یعنی جس عیب کو خدا نے چھپایا تھا اس کو لوگوں پر ظاہر کر دیا (بخاری و مسلم) اور ابوہریرہ رضؓ کی حدیث "من کان الخ" ضیافت کے باب میں بیان کی گئی۔

فصل دوم

جھوٹ اور مخاصمت کو ترک کرنے والے اور اخلاق و اطوار کو اچھا بنانے والے کا ذکر

۴۶۱۸ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَهُوَ بَاطِلٌ بُنِيَ لَهٗ فِيْ رَبَضِ الْجَنَّةِ وَمَنْ تَرَكَ الْمِرَآءَ وَهُوَ مُحِقٌّ بُنِيَ لَهٗ فِيْ وَسَطِ الْجَنَّةِ وَمَنْ حَسَّنَ خُلُقَهٗ بُنِيَ لَهٗ فِيْ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص جھوٹ بولنا چھوڑ دے وہ جھوٹ جو ناحق اور ناروا ہو اس کے لئے جنت کے کنارے ایک محل بنایا جاتا ہے اور جو شخص نزاع کو ترک کر دے اس حال میں کہ وہ حق پر تھا اس کے لئے جنت کے درمیان محل بنایا جاتا ہے اور

اَعْلَاهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ وَكَذَا فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَفِی الْمَصَابِیْحِ قَالَ غَرِیْبٌ)

جس نے اپنے اخلاق کو اچھا بنایا اس کے لئے جنت کی بلندیوں پر محل بنایا جاتا ہے۔ (ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث حسن ہے اور مصابیح میں ہے کہ غریب ہے)۔

جنت اور دوزخ میں لے جانے والی چیزیں

۴۶۱۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَدْرُوْنَ مَا اَكْثَرُ مَا یُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّةَ تَقْوَی اللّٰهِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ اَتَدْرُوْنَ مَا اَكْثَرُ مَا یُدْخِلُ النَّاسَ النَّارَ الْاَجْوَفَانِ الْفَمُ وَالْفَرْجُ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم جانتے ہو کہ جنت میں آدمی کو اکثر کونسی چیز داخل کرتی ہے؟ (وہ چیز) اللہ تعالیٰ سے ڈرنا اور حسن خلق ہے اور تم جانتے ہو دوزخ میں لوگوں کو اکثر کون سی چیز لے جاتی ہے؟ وہ دو چیزیں ہیں منہ اور شرم گاہ۔ (ترمذی۔)

کلمۂ خیر اور کلمۂ شر کی اہمیت

۴۶۲۰ وَعَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرَّجُلَ لَیَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنَ الْخَیْرِ مَا یَعْلَمُ مَبْلَغَهَا یَكْتُبُ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا رِضْوَانَهٗ اِلٰی یَوْمِ یَلْقَاهُ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَیَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنَ الشَّرِّ مَا یَعْلَمُ مَبْلَغَهَا یَكْتُبُ اللّٰهُ بِهَا عَلَیْهِ سَخَطَهٗ اِلٰی یَوْمِ یَلْقَاهُ۔ (رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوَی مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهٗ)

حضرت بلال بن حارثؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انسان کلمۂ خیر اپنی زبان سے بولتا ہے لیکن اس کی قدر و منزلت نہیں جانتا اور اللہ تعالیٰ اس کے بدلہ میں اپنی خوشنودی ظاہر و ثابت کرتا ہے جب تک کہ وہ[1] خدا سے ملاقات نہ کرے اور انسان ایک کلمۂ بد اپنی زبان سے نکالتا ہے لیکن اس کی حقیقت نہیں جانتا اور خداوند تعالیٰ اس کے سبب اس پر اپنے غیظ و غضب کو ظاہر و ثابت کرتا ہے جب تک کہ وہ خدا سے ملاقات نہ کرے۔ (شرح السنۃ۔ مالک، ترمذی اور ابن ماجہ سے بھی یہ روایت ہے)

جھوٹے لطیفوں کے ذریعے لوگوں کو ہنسانے والے کے بارے میں وعید

۴۶۲۱ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِیْمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَیْلٌ لِّمَنْ یُّحَدِّثُ فَیَكْذِبُ لِیُضْحِكَ بِهِ الْقَوْمَ وَیْلٌ لَّهٗ وَیْلٌ لَّهٗ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت بہز بن حکیمؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے افسوس ہے اس شخص پر جو گفتگو کرے اور جھوٹ بولے اس لئے کہ لوگوں کو ہنسائے افسوس ہے اس پر، افسوس ہے اس پر۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ دارمی)

مسخرے پن اور زبان کی لغزش سے بچو

۴۶۲۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ لَیَقُوْلُ الْكَلِمَةَ لَا یَقُوْلُهَا اِلَّا لِیُضْحِكَ بِهِ النَّاسَ یَهْوِیْ بِهَا اَبْعَدَ مِمَّا بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَاِنَّهٗ لَیَزِلُّ

حضرت ابی ہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انسان ایک بات کہتا ہے اور اس لئے کہتا ہے کہ اس سے لوگوں کو ہنسائے تو وہ اپنی اس بات کے سبب دوزخ کے اندر گرتا ہے اتنی دوری سے گرتا جتنی کہ آسمان اور زمین کے درمیان ہے اور انسان

---

[1] مراد یہ ہے کہ دنیا میں خدا اس کو ایسی باتوں کی توفیق دیتا ہے جو رضاء الٰہی کا موجب ہوں اور روز حشر اس کو ہر قسم کے عذاب سے بچاتا ہے۔ اسی طرح اس شخص کا حال ہے جس سے خدا ناراض ہوتا ہے۔ ۱۲ مترجم۔

عَنْ لِّسَانِهٖ اَشَدَّ مِمَّا یَزِلُّ عَنْ قَدَمِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

اپنی زبان کے سبب پھسلتا ہے قدموں سے پھسلنے سے زیادہ سخت۔ (بیہقی)

ایک چپ لاکھ بلا ٹالتی ہے

۴۶۲۳/۲۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَمَتَ نَجَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص خاموش رہا اس نے نجات پائی۔ (یعنی خاموشی نجات کا ذریعہ ہے)۔ (احمد۔ ترمذی۔ دارمی۔ بیہقی)

دنیا و آخرت میں نجات کے ذریعے

۴۶۲۴/۲۶ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ لَقِیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ مَا النَّجَاةُ فَقَالَ اَمْلِكْ عَلَیْكَ لِسَانَكَ وَلْیَسَعْكَ بَیْتُكَ وَابْكِ عَلٰى خَطِیْٓئَتِكَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت عقبہ بن عامر رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کی اور پوچھا کہ نجات کا کیا ذریعہ ہے؟ آپ نے فرمایا، اپنی زبان کو قابو میں رکھو اپنے گھر میں پڑے رہو اور اپنے گناہوں پر روؤ۔ (احمد۔ ترمذی)

تمام اعضاء جسم زبان سے عاجزی کرتے ہیں

۴۶۲۵/۲۷ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ رَفَعَهٗ قَالَ اِذَا اَصْبَحَ ابْنُ اٰدَمَ فَاِنَّ الْاَعْضَاءَ كُلَّهَا تُكَفِّرُ اللِّسَانَ فَتَقُوْلُ اتَّقِ اللّٰهَ فِیْنَا فَاِنَّمَا نَحْنُ بِكَ فَاِنِ اسْتَقَمْتَ اسْتَقَمْنَا وَاِنْ اِعْوَجَجْتَ اِعْوَجَجْنَا (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابی سعید مرفوعاً روایت کرتے ہیں اور کہتے ہیں، آدمؑ کا بیٹا (انسان) جب صبح کرتا ہے (یعنی سو کر صبح کو اٹھتا ہے) تو جسم کے سارے اعضاء زبان کے سامنے عاجزی کرتے اور کہتے ہیں کہ ہمارے معاملہ میں خدا سے ڈر اس لئے کہ ہم تیرے ساتھ وابستہ ہیں تو اگر ٹھیک رہے گی ہم بھی ٹھیک رہیں گے اور تو کجروی اختیار کرے گی تو ہم بھی کجرو ہوں گے۔ (ترمذی)

حسن اسلام کیا ہے؟

۴۶۲۶/۲۸ وَعَنْ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَا لَا یَعْنِیْهِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَحْمَدُ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ عَنْهُمَا)

علی بن حسین کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انسان کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ اس چیز کو چھوڑ دے جو بے فائدہ ہے۔ (مالک و احمد۔ ابن ماجہ نے اسے ابوہریرہ رضؓ سے، اور ترمذی و بیہقی نے دونوں سے روایت کیا ہے)۔

کسی کی آخرت کے بارے میں یقین کے ساتھ کوئی حکم نہ لگاؤ

۴۶۲۷/۲۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ تُوُفِّیَ رَجُلٌ مِّنَ الصَّحَابَةِ فَقَالَ رَجُلٌ اَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَوَلَا تَدْرِیْ فَلَعَلَّهٗ تَكَلَّمَ فِیْمَا لَا یَعْنِیْهِ اَوْ بَخِلَ بِمَا لَا یَنْقُصُهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ صحابہ رضؓ میں سے ایک شخص نے وفات پائی (تو کسی) ایک مرد نے کہا تجھ کو خوشخبری ہو جنت کی۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ سنکر فرمایا تو یہ بات کہتا ہے شاید حقیقت حال سے تو واقف نہیں ہے ممکن ہے اس نے بے فائدہ باتوں میں وقت ضائع کیا ہو اور ایسی چیز میں بخل کیا ہو جس میں کمی نہ آتے (مثلاً علم، پانی اور نمک وغیرہ میں)۔

زبان کے فتنہ سے بچو

۴۶۲۸/۳۰ وَعَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَخْوَفُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ قَالَ فَاَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهٖ وَقَالَ هٰذَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهٗ)

حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضؓ کہتے ہیں، میں نے عرض کیا، یا رسول اللہ ﷺ! جن چیزوں کو آپ میرے لئے خوفناک فرماتے ہیں ان میں سب سے زیادہ خوفناک کونسی چیز ہے؟ یہ سنکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان کو پکڑا اور فرمایا اس کو (میں سب سے زیادہ خوفناک سمجھتا ہوں) (ترمذی نے اسے صحیح کہا ہے)۔

جھوٹ بولنا حفاظت کرنیوالے فرشتوں کو اپنے سے دور کر دیتا ہے۔

۴۶۲۹/۳۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَذَبَ الْعَبْدُ تَبَاعَدَ عَنْهُ الْمَلَكُ مِيْلًا مِّنْ نَتْنِ مَا جَاءَ بِهٖ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس وقت بندہ جھوٹ بولتا ہے تو (حفاظت کرنے والے) فرشتے اس کی جھوٹ کی بُو سے میل بھر (کوس بھر) دُور چلے جاتے ہیں۔ (ترمذی)

کسی کو اپنے جھوٹ کے دھوکے میں مبتلا کرنا بہت بڑی خیانت ہے

۴۶۳۰/۳۲ وَعَنْ سُفْيَانَ ابْنِ اُسَيْدِ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كَبُرَتْ خِيَانَةً اَنْ تُحَدِّثَ اَخَاكَ حَدِيْثًا هُوَ لَكَ بِهٖ مُصَدِّقٌ وَاَنْتَ بِهٖ كَاذِبٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت سفیانؓ بن اسید حضرمی کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے سب سے بڑی خیانت یہ ہے کہ تو اپنے (مسلمان) بھائی سے کوئی بات کہے اور وہ اس بات کو سچ اور درست سمجھے اور حقیقت میں تو نے اس سے جھوٹی بات کہی ہے۔ (ابوداؤد)

دوردیہ کے بارے میں وعید

۴۶۳۱/۳۳ وَعَنْ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِي الدُّنْيَا كَانَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لِسَانٌ مِّنْ نَّارٍ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت عمارؓ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دُنیا میں جو شخص دو زبان ہو (کسی سے کچھ کہتا ہو اور کسی سے کچھ) قیامت کے دن (اس کے منہ میں) آگ کی زبان ہوگی۔ (دارمی)

کمال ایمان کے منافی چیزیں

۴۶۳۲/۳۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ وَلَا بِاللَّعَّانِ وَلَا الْفَاحِشِ وَلَا الْبَذِيِّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ وَفِيْ اُخْرٰى لَهٗ وَلَا الْفَاحِشِ الْبَذِيِّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن مسعودؓ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مومن (کامل) نہ تو طعن کرنے والا ہوتا ہے نہ لعنت کرنے والا نہ فحش بکنے والا زبان دراز۔ (ترمذی۔ بیہقی)

بیہقی کی ایک روایت میں وَلَا الْفَاحِشِ الْبَذِيِّ کے الفاظ ہیں ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے۔

۴۶۳۳/۳۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ لَعَّانًا وَفِيْ رِوَايَةٍ لَا يَنْبَغِيْ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ يَّكُوْنَ لَعَّانًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مومن (کامل) زیادہ لعنت کرنے والا نہیں ہوتا۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ مومن کو زیادہ لعنت کرنا مناسب نہیں ہے۔ (ترمذی)

بددعا کرنیکی ممانعت

۴۶۳۴ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلَاعَنُوْا بِلَعْنَةِ اللّٰهِ وَلَا بِغَضَبِ اللّٰهِ وَلَا بِجَهَنَّمَ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَلَا بِالنَّارِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ) (۳۶)

حضرت سمرہ بن جندبؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے آپس میں اس طرح لعنت نہ کرو تجھ پر خدا کی لعنت ہو اور نہ غضب الٰہی نازل ہونے کی بددعا کرو اور نہ دوزخ میں داخل ہونے کی بددعا کرو۔ (ترمذی، ابوداؤد)

جو شخص لعنت کے قابل نہ ہو اس پر لعنت کرنا خود اپنے آپ کو مبتلائے لعنت کرنا ہے

۴۶۳۵ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا لَعَنَ شَيْئًا صَعِدَتِ اللَّعْنَةُ اِلَى السَّمَآءِ فَتُغْلَقُ اَبْوَابُ السَّمَآءِ دُوْنَهَا ثُمَّ تَهْبِطُ اِلَى الْاَرْضِ فَتُغْلَقُ اَبْوَابُهَا دُوْنَهَا ثُمَّ تَاْخُذُ يَمِيْنًا وَشِمَالًا فَاِذَا لَمْ تَجِدْ مَسَاغًا رَجَعَتْ اِلَى الَّذِيْ لُعِنَ فَاِنْ كَانَ لِذٰلِكَ اَهْلًا وَاِلَّا رَجَعَتْ اِلٰى قَائِلِهَا (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) (۳۷)

حضرت ابی درداءؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جب بندہ کسی چیز پر لعنت کرتا ہے تو وہ لعنت آسمان کی طرف جاتی ہے اور آسمان کے دروازے اس لعنت پر بند کر دیئے جاتے ہیں (یعنی اس لعنت کو آسمان پر جانے کا راستہ نہیں دیا جاتا) پھر وہ لعنت زمین کی طرف متوجہ ہوتی ہے اور زمین کے دروازے بھی اس پر بند کر دیئے جاتے ہیں پھر وہ دائیں بائیں جاتی ہے (اور اس جانب بھی وہ راستہ نہیں پاتی) آخر وہ اس شخص یا چیز کی طرف متوجہ ہوتی ہے جس پر لعنت کی گئی ہے اگر وہ لعنت کی اہل اور مستحق ہو تو اس پر ٹھہر جاتی ہے اور اگر وہ اہل و مستحق لعنت کا نہیں ہے تو لعنت کہنے والے پر لوٹ آتی ہے۔ (ابوداؤد)

۴۶۳۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا نَازَعَتْهُ الرِّيْحُ رِدَآءَهٗ فَلَعَنَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلْعَنْهَا فَاِنَّهَا مَاْمُوْرَةٌ وَاِنَّهٗ مَنْ لَعَنَ شَيْئًا لَيْسَ لَهٗ بِاَهْلٍ رَجَعَتِ اللَّعْنَةُ عَلَيْهِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ) (۳۸)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ ہوا نے ایک شخص کی چادر کو اڑا دیا اس شخص نے ہوا پر لعنت کی۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہوا پر لعنت نہ کر اس لئے کہ وہ مامور ہے (یعنی حکم الٰہی سے چلتی ہے) اور واقعہ یہ ہے کہ جو شخص کسی چیز پر لعنت کرتا ہے اگر وہ چیز لعنت کی اہل و مستحق نہیں ہوتی تو وہ لعنت کہنے والے پر لوٹ آتی ہے (ترمذی۔ ابوداؤد)

اپنے بڑوں کے سامنے ایک دوسرے کی برائی نہ کرو

۴۶۳۷ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُبَلِّغُنِيْ اَحَدٌ مِّنْ اَصْحَابِيْ عَنْ اَحَدٍ شَيْئًا فَاِنِّيْ اُحِبُّ اَنْ اَخْرُجَ اِلَيْكُمْ وَاَنَا سَلِيْمُ الصَّدْرِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) (۳۹)

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میرے صحابہؓ میں سے کوئی شخص مجھ کو کسی شخص کے متعلق کوئی بری بات نہ سنائے اس لئے کہ میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ جب میں تمہارے پاس آؤں تو میرا سینہ صاف ہو (یعنی کسی کے متعلق کوئی بری بات سنکر میرے دل میں کینہ نہ ہو) اور نہ میں کسی سے ناراض ہوں (ابوداؤد)

۴۶۳۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسْبُكَ مِنْ صَفِيَّةَ كَذَا وَكَذَا تَعْنِيْ قَصِيْرَةً فَقَالَ لَقَدْ قُلْتِ كَلِمَةً لَوْ مُزِجَ بِهَا الْبَحْرُ لَمَزَجَتْهُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ) (۴۰)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا صفیہ کی بابت (یعنی ان کے عیب کی بابت) آپکے سامنے اتنا کافی ہے کہ وہ ایسی ہے اور ایسی ہے یعنی وہ پستہ قد ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کے جواب میں فرمایا تم نے ایک ایسا کلمہ کہا ہے کہ اگر اس کو دریا میں ملا دیا جائے تو وہ دریا پر غالب آجائے۔ یعنی اس دریا کی حالت کو بدل دے۔

(مطلب یہ ہے کہ تمہارے اس ایک کلمہ کی جب یہ حالت ہے کہ دریا کی حالت کو بدل دے تو اس کے گناہ کا کیا مرتبہ ہوگا۔ یعنی کسی کی اتنی سی غیبت بھی ناجائز ہے)۔ (احمد - ترمذی - ابوداؤد)

بدگوئی عیب دار بناتی ہے اور نرم گوئی زینت بخشتی ہے

۴۶۳۹/۴۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ الْفُحْشُ فِيْ شَيْءٍ اِلَّا شَانَهٗ وَمَا كَانَ الْحَيَاءُ فِيْ شَيْءٍ اِلَّا زَانَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس چیز یا امر میں فحش یا سخت کلامی ہو وہ فحش اس چیز کو عیب دار بنا دیتا ہے اور جس چیز یا جس امر میں حیا ہو، وہ حیا اس چیز کی زینت کا سبب بنتی ہے۔ (ترمذی)

عار دلانے والے کے بارے میں وعید

۴۶۴۰/۴۲ وَعَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ مُعَاذٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَيَّرَ اَخَاهُ بِذَنْبٍ لَمْ يَمُتْ حَتّٰى يَعْمَلَهٗ يَعْنِيْ مِنْ ذَنْبٍ قَدْ تَابَ مِنْهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِمُتَّصِلٍ لِاَنَّ خَالِدًا لَمْ يُدْرِكْ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ۔

حضرت خالد بن معدان رضؓ حضرت معاذ رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی مسلمان بھائی کو (اس گناہ پر جو وہ پہلے کر چکا ہے) عار دلائے (یعنی اس کو شرم و غیرت دلائے یا اس پر اس کو سرزنش و ملامت کرے) تو وہ عار دلانے والا مرنے سے پہلے اس گناہ میں مبتلا ہوگا۔ راوی کا بیان ہے کہ اس گناہ سے جس پر شرم دلائی جائے وہ گناہ مراد ہے جس سے اس نے توبہ کر لی ہو۔ (ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے اور اس کی سند متصل نہیں ہے کہ اس کے راوی خالد نے معاذ بن جبل رضؓ کو نہیں دیکھا۔)

کسی کو مصیبت میں دیکھ کر خوشی کا اظہار مت کرو

۴۶۴۱/۴۳ وَعَنْ وَاثِلَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِاَخِيْكَ فَيَرْحَمُهُ اللّٰهُ وَيَبْتَلِيْكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)۔

حضرت واثلہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے (اس مسلمان) بھائی کو (جو کسی دینی یا دنیوی مصیبت میں مبتلا ہو) دیکھ کر تو خوش نہ ہو (اس لئے کہ اگر تو دشمنی کے سبب اس کو مصیبت میں پا کر خوش ہوگا تو) اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے گا اور تجھ کو (اس مصیبت میں) مبتلا کر دے گا۔ (ترمذی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے)۔

کسی کی نقل اتارنا حرام ہے

۴۶۴۲/۴۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اُحِبُّ اِنِّيْ حَكَيْتُ اَحَدًا وَّاَنَّ لِيْ كَذَا وَكَذَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهٗ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں کسی کی نقل کرنے کو پسند نہیں کرتا اگرچہ میرے لئے ایسا اور ایسا ہو (یعنی میں کسی کے عیب کی نقل کو پسند نہیں کرتا اگرچہ مجھ کو دنیا دی مال میں سے کتنا ہی دیا جائے کسی کی نقل کرنا غیبت میں داخل ہے۔ (ترمذی۔ یہ حدیث صحیح ہے)۔

خدا کی رحمت کو کسی کے لئے مخصوص و محدود نہ کرو

۴۶۴۳/۴۵ وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اَنَاخَ رَاحِلَتَهٗ ثُمَّ عَقَلَهَا ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰى خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا سَلَّمَ اَتٰى رَاحِلَتَهٗ فَاَطْلَقَهَا ثُمَّ رَكِبَ ثُمَّ نَادٰى

حضرت جندب رضؓ کہتے ہیں کہ ایک دیہاتی شخص آیا اپنے اونٹ کو بٹھایا اور اس کے پاؤں کو باندھ کر مسجد میں داخل ہوا پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی اور پھر نماز کا سلام پھیر کر اٹھا (مسجد سے باہر آیا) اپنے اونٹ کا پاؤں کھولا اس پر سوار ہوا اور یہ کہتا ہوا چل دیا

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ وَمُحَمَّدًا وَّلَا تُشْرِكْ فِیْ رَحْمَتِنَا اَحَدًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَقُوْلُوْنَ هُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِيْرُهٗ اَلَمْ تَسْمَعُوْا اِلٰى مَا قَالَ قَالُوْا بَلٰى۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)۔ وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِیْ هُرَيْرَةَ كَفٰى بِالْمَرْءِ كَذِبًا فِیْ بَابِ الْاِعْتِصَامِ فِی الْفَصْلِ الْاَوَّلِ۔

اے اللہ تعالیٰ مجھ پر اور محمد ﷺ پر رحم کر اور ہماری رحمت میں کسی کو شریک نہ کر۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ سنکر) فرمایا تمہارے خیال میں یہ دیہاتی زیادہ جاہل ہے یا اس کا اونٹ تم نے سنا نہیں اس نے کیا کہا؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا ہاں ہم نے سنا۔ (ابوداؤد)
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث باب کفی بالمرء کذبا باب الاعتصام میں بیان کی گئی ہے۔

فصل سوم

فاسق کی تعریف وتوصیف نہ کرو

۴۶۴۴/۴۶ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مُدِحَ الْفَاسِقُ غَضِبَ الرَّبُّ تَعَالٰى وَاهْتَزَّ لَهُ الْعَرْشُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب فاسق کی تعریف کی جاتی ہے تو خداوند تعالیٰ تعریف کرنے والے پر غصہ ہوتا ہے اور اس کی تعریف سے عرش الٰہی کانپ اٹھتا ہے (بیہقی)

خیانت وجھوٹ ایمان کی ضد ہیں

۴۶۴۵/۴۷ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطْبَعُ الْمُؤْمِنُ عَلَى الْخِلَالِ كُلِّهَا اِلَّا الْخِيَانَةَ وَالْكَذِبَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ)۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن سوائے جھوٹ اور خیانت کے تمام خصلتوں پر پیدا کیا جاتا ہے۔ (احمد اور بیہقی نے اس کو شعب الایمان میں سعد بن ابی وقاص سے روایت کیا ہے۔)

۴۶۴۶/۴۸ وَعَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ اَنَّهٗ قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ جَبَانًا قَالَ نَعَمْ فَقِيْلَ لَهٗ يَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ بَخِيْلًا قَالَ نَعَمْ فَقِيْلَ لَهٗ اَيَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ كَذَّابًا قَالَ لَا (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالْبَيْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مُرْسَلًا۔

صفوان بن سلیم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا "کیا مومن بزدل ہوتا ہے؟" آپ نے فرمایا "ہاں، (ہوسکتا ہے)" پھر پوچھا گیا "کیا مومن بخیل ہوتا ہے؟" فرمایا "ہاں، (ہوسکتا ہے)" پھر پوچھا گیا کہ "کیا مسلمان جھوٹا ہوتا ہے؟" فرمایا "نہیں"۔ (مالک۔ بیہقی نے شعب الایمان میں مرسلاً روایت کیا)۔

شیطان کی فتنہ خیزی

۴۶۴۷/۴۹ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اِنَّ الشَّيْطَانَ لَيَتَمَثَّلُ فِیْ صُوْرَةِ الرَّجُلِ فَيَاْتِی الْقَوْمَ فَيُحَدِّثُهُمْ بِالْحَدِيْثِ مِنَ الْكَذِبِ فَيَتَفَرَّقُوْنَ فَيَقُوْلُ الرَّجُلُ مِنْهُمْ سَمِعْتُ رَجُلًا اَعْرِفُ وَجْهَهٗ وَلَا اَدْرِیْ مَا اِسْمُهٗ يُحَدِّثُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ شیطان کسی آدمی کی صورت اختیار کرکے ایک جماعت کے پاس آتا اور اس سے جھوٹی باتیں کہتا ہے پھر یہ جماعت منتشر ہوجاتی ہے اور اس میں کا ایک آدمی یہ کہتا ہے میں نے ایک شخص سے جس کی صورت پہچانتا ہوں نام نہیں جانتا میں نے یہ بات سنی ہے۔ (مسلم)

برائی سکھانے سے چپ رہنا بہتر ہے

۴۶۴۸/۵۰ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حِطَّانَ قَالَ اَتَيْتُ اَبَا ذَرٍّ

حضرت عمران بن حطان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا وہ

فَوَجَدْتُهٗ فِي الْمَسْجِدِ مُحْتَبِيًا بِكِسَاءٍ أَسْوَدَ وَحْدَهٗ فَقُلْتُ يَا أَبَا ذَرٍّ مَا هٰذِهِ الْوَحْدَةُ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْوَحْدَةُ خَيْرٌ مِّنْ جَلِيْسِ السُّوْءِ وَالْجَلِيْسُ الصَّالِحُ مِنَ الْوَحْدَةِ وَإِمْلَاءُ الْخَيْرِ خَيْرٌ مِّنَ السُّكُوْتِ وَالسُّكُوْتُ خَيْرٌ مِّنْ إِمْلَاءِ الشَّرِّ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

مسجد میں سیاہ چادر لپیٹے ہوئے تنہا بیٹھے تھے۔ میں نے کہا ابوذرؓ! یہ تنہائی کیسی ہے؟ ابوذرؓ نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ تنہائی برے ہمنشین سے بہتر ہے اور صالح ہمنشین بہتر ہے تنہائی سے اور بھلائی کا سکھانا بہتر ہے خاموشی سے اور خاموشی بہتر ہے برائی کی تعلیم سے۔ (بیہقی)

خاموشی اختیار کرنا ساٹھ برس کی عبادت سے بہتر ہے

۴۶۴۹ وَعَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَقَامُ الرَّجُلِ بِالصَّمْتِ أَفْضَلُ مِنْ عِبَادَةِ سِتِّيْنَ سَنَةً۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت عمران بن حصینؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مرد کا خاموش رہنا (اور خاموشی پر ثابت قدم رہنا) ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔ (بیہقی)

حضرت ابوذرؓ کو آنحضرتؐ کی چند نصائح

۴۶۵۰ وَعَنْ أَبِيْ ذَرٍّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ إِلٰى أَنْ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَوْصِنِيْ قَالَ أُوْصِيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ فَإِنَّهٗ أَزْيَنُ لِأَمْرِكَ كُلِّهٖ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ عَلَيْكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْآنِ وَذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَإِنَّهٗ ذِكْرٌ لَّكَ فِي السَّمَاءِ وَنُوْرٌ لَّكَ فِي الْأَرْضِ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ عَلَيْكَ بِطُوْلِ الصَّمْتِ فَإِنَّهٗ مَطْرَدَةٌ لِّلشَّيْطَانِ وَعَوْنٌ لَّكَ عَلٰى أَمْرِ دِيْنِكَ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ إِيَّاكَ وَكَثْرَةَ الضِّحْكِ فَإِنَّهٗ يُمِيْتُ الْقَلْبَ وَيَذْهَبُ بِنُوْرِ الْوَجْهِ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ قُلِ الْحَقَّ وَإِنْ كَانَ مُرًّا قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ لَا تَخَفْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ لِيَحْجُزْكَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْلَمُ مِنْ نَّفْسِكَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابی ذرؓ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس کے بعد حضرت ابوذرؓ نے طویل حدیث بیان کی جو یہاں مذکور نہیں۔ اور پھر کہا میں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ! مجھ کو نصیحت فرمائیے آپؐ نے فرمایا میں تجھ کو خدا سے ڈرنے کی نصیحت کرتا ہوں اس لئے کہ خدا سے ڈرتے رہنا تیرے سارے کاموں (دینی و دنیوی) کی زینت و آراستگی کا باعث ہوگا۔ میں نے عرض کیا کچھ اور فرمائیے۔ آپؐ نے فرمایا قرآن مجید کی تلاوت اور ذکر الٰہی کو ضروری قرار دے اس لئے کہ خداوند تعالیٰ کا ذکر آسمان میں (فرشتوں کے درمیان) تیرے ذکر کا موجب ہوگا (یعنی آسمان کے فرشتے اور اللہ تعالیٰ تیرا ذکر کریں گے) اور زمین میں معرفت کا سبب ہوگا۔ میں نے عرض کیا کچھ اور فرمائیے۔ آپؐ نے فرمایا خاموشی (طویل خاموشی) کو اختیار کر اس لئے کہ خاموشی شیطان کو بھگاتی اور امورِ دین میں تیری مددگار ہوتی ہے (کہ تو تنہائی میں خاموشی کے ساتھ غور و فکر کرتا رہے)۔ میں نے عرض کیا اور کچھ فرمائیے۔ آپؐ نے فرمایا زیادہ ہنسنے سے اپنے آپ کو بچا اس لئے کہ زیادہ ہنسنا دل کو مُردہ کر دیتا ہے اور چہرے کی شگفتگی کو زائل کر دیتا ہے۔ میں نے عرض کیا کچھ اور فرمائیے۔ آپؐ نے فرمایا سچی بات کہہ اگرچہ وہ تلخ ہو۔ میں نے عرض کیا اور کچھ فرمائیے۔ آپؐ نے فرمایا دینی امور کے اظہار میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرو۔ میں نے عرض کیا کچھ اور فرمائیے۔ آپؐ نے فرمایا جب کسی کی عیب گیری کا خیال تیرے دل میں پیدا ہو تو اس کے اظہار سے تجھ کو تیرا یہ خیال روک دے کہ مجھ میں بھی کچھ عیب ہیں (بیہقی)

خاموشی اور خوش خلقی کی فضیلت

۴۶۵۱ وَعَنْ أَنَسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا أَبَا ذَرٍّ أَلَا أَدُلُّكَ عَلٰى خَصْلَتَيْنِ هُمَا أَخَفُّ عَلَى الظَّهْرِ وَأَثْقَلُ فِي الْمِيْزَانِ قَالَ

حضرت انسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ابوذرؓ میں تجھ کو دو ایسی باتیں بتلاؤں جو نہایت سبک اور ہلکی ہیں لیکن اعمال کی ترازو میں بہت بھاری ہیں۔ ابوذرؓ نے عرض کیا ہاں ضرور بتائیے!

قُلْتُ بَلٰی قَالَ طُوْلُ الصَّمْتِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ مَا عَمِلَ الْخَلَائِقُ بِمِثْلِھِمَا۔ (رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ)

آپ نے فرمایا۔ طویل خاموشی اور خوش خلقی قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے ان دو خصلتوں سے بہتر مخلوق کے لئے کوئی کام نہیں ہے۔ (بیہقی)

لعنت کرنے کی برائی

۴۶۵۲/۵۴ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ مَرَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِاَبِیْ بَکْرٍ وَھُوَ یَلْعَنُ بَعْضَ رَقِیْقِہٖ فَالْتَفَتَ اِلَیْہِ فَقَالَ لَعَّانِیْنَ وَصِدِّیْقِیْنَ کَلَّا وَرَبِّ الْکَعْبَۃِ فَاَعْتَقَ اَبُوْبَکْرٍ یَوْمَئِذٍ بَعْضَ رَقِیْقِہٖ ثُمَّ جَاءَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا اَعُوْدُ رَوَی الْبَیْھَقِیُّ الْاَحَادِیْثَ الْخَمْسَۃَ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ۔

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ حضرت ابوبکر رضؓ اپنے کسی غلام پر لعنت کر رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے آپ نے حضرت ابوبکر رضؓ کی طرف دیکھا اور فرمایا تم نے لعنت کرنے والوں اور صدیقوں کو یکجا دیکھا ہے (یعنی تم نے کسی ایسے مسلمان کو دیکھا ہے جو نہایت سچا ہو اور لعنت بھی کرتا ہو؟) قسم ہے پروردگار کعبہ کی (دونوں باتیں ایک شخص میں ہرگز جمع) نہیں ہو سکتیں۔ یہ سن کر حضرت ابوبکر رضؓ نے اسی روز اپنے بعض غلاموں کو آزاد کر دیا اور پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا آئندہ میں (کبھی) ایسا نہ کروں گا۔ (بیہقی)

زبان کی ہلاکت خیزی اور ابوبکر صدیق رضؓ کا خوف

۴۶۵۳/۵۵ وَعَنْ اَسْلَمَ قَالَ اِنَّ عُمَرَ دَخَلَ یَوْمًا عَلٰی اَبِیْ بَکْرِنِ الصِّدِّیْقِ وَھُوَ یَجْبِذُ لِسَانَہٗ فَقَالَ عُمَرُ مَعَہٗ غَفَرَ اللّٰہُ لَکَ فَقَالَ لَہٗ اَبُوْبَکْرٍ اِنَّ ھٰذَا اَوْرَدَنِی الْمَوَارِدَ۔ (رَوَاہُ مَالِکٌ)

اسلم رضؓ کہتے ہیں کہ ایک روز حضرت عمر رضؓ حضرت ابوبکر رضؓ کے پاس آئے اور اس وقت ابوبکر رضؓ اپنی زبان کو (انگلیوں سے پکڑ کر) کھینچ رہے تھے (یعنی زبان پر اظہار غضب کر رہے تھے) حضرت عمر رضؓ نے کہا ٹھہرو خدا تمہاری مغفرت فرمائے (یعنی ایسا نہ کرو) ابوبکر رضؓ نے کہا اس زبان نے مجھ کو ہلاکت کے مقامات میں ڈال دیا ہے۔ (مالک)

وہ چھ امور جو جنت کے ضامن ہیں

۴۶۵۴/۵۶ وَعَنْ عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اُضْمَنُوْا لِیْ سِتًّا مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَضْمَنْ لَکُمُ الْجَنَّۃَ اُصْدُقُوْا اِذَا حَدَّثْتُمْ وَاَوْفُوْا اِذَا وَعَدْتُّمْ وَاَدُّوْا اِذَا اؤْتُمِنْتُمْ وَاحْفَظُوْا فُرُوْجَکُمْ وَغُضُّوْا اَبْصَارَکُمْ وَکُفُّوْا اَیْدِیَکُمْ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالْبَیْھَقِیُّ)

حضرت عبادہ بن صامت رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم چھ باتوں کا میرے سامنے عہد کرو میں تمہارے لئے جنت کا ضامن بن جاؤں گا: باتیں کرو تو سچ بولو۔ وعدہ کرو تو اس کو پورا کرو۔ تمہارے پاس امانت رکھی جائے تو امانت کو ادا کرو۔ اپنی شرم گاہ کی حفاظت کرو۔ نگاہ کو نیچا رکھو۔ اپنے ہاتھوں کو قابو میں رکھو (یعنی کسی پر ظلم نہ کرو۔) (احمد۔ بیہقی)

اچھے اور برے بندے کون ہیں؟

۴۶۵۵/۵۷ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ وَاَسْمَاءَ بِنْتِ یَزِیْدَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ خِیَارُ عِبَادِ اللّٰہِ الَّذِیْنَ اِذَا رُؤُوْا ذُکِرَ اللّٰہُ وَشِرَارُ عِبَادِ اللّٰہِ الْمَشَّاؤُوْنَ بِالنَّمِیْمَۃِ الْمُفَرِّقُوْنَ بَیْنَ الْاَحِبَّۃِ الْبَاغُوْنَ الْبُرَاءَ الْعَنَتَ۔ رَوَاھُمَا اَحْمَدُ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ

حضرت عبدالرحمٰن رضؓ بن غنم اور اسماء بنت یزید رضؓ کہتی ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کے بہترین بندے وہ ہیں جن کو دیکھ کر خدا یاد آئے اور خدا کے بدترین بندے وہ ہیں جو لوگوں میں چغلی کھاتے پھرتے ہیں، دوستوں کے درمیان جدائی ڈالتے ہیں اور پاک لوگوں سے فساد و گناہ اور ہلاکت و زنا کے متوقع رہتے ہیں۔ (احمد۔ بیہقی)

غیبت مفسد روزہ ہے؟

۴۶۵۶/۵۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلَيْنِ صَلَّيَا صَلٰوةَ الظُّهْرِ اَوِ الْعَصْرِ وَكَانَا صَائِمَيْنِ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ قَالَ اُعِيْدُوْا وُضُوْءَكُمَا وَصَلٰوتَكُمَا وَاَمْضِيَا فِيْ صَوْمِكُمَا وَاقْضِيَاهُ يَوْمًا اٰخَرَ قَالَ لِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِغْتَبْتُمْ فُلَانًا۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ دو روزہ دار شخصوں نے ظہر یا عصر کی نماز پڑھی۔ جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ چکے تو آپ نے ان سے فرمایا جاؤ دوبارہ وضو کر کے نماز پڑھو اور اپنا روزہ پورا کر کے دوسرے دن قضا روزہ رکھو۔ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیوں؟ آپ نے فرمایا اس لئے کہ تم نے فلاں شخص کی غیبت کی ہے۔ (بیہقی)

غیبت زنا سے بدتر ہے

۴۶۵۷/۵۹ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَجَابِرٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ الْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَزْنِيْ فَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَيَتُوْبُ فَيَغْفِرُ اللّٰهُ لَهٗ وَاِنَّ صَاحِبَ الْغِيْبَةِ لَا يُغْفَرُ لَهٗ حَتّٰى يُغْفَرَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنَسٍ قَالَ صَاحِبُ الزِّنَا يَتُوْبُ وَصَاحِبُ الْغِيْبَةِ لَيْسَ لَهٗ تَوْبَةٌ۔ (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)۔

حضرت ابی سعید رضؓ اور جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے غیبت زنا سے بدتر ہے۔ صحابہ رضؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! غیبت زنا سے زیادہ بری کیونکر ہو سکتی ہے؟ آپ نے فرمایا آدمی زنا کرتا ہے پھر توبہ کرتا ہے اور خداوند تعالےٰ اس کی توبہ قبول فرما لیتا ہے اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ پھر زانی توبہ کرتا ہے اور اللہ تعالےٰ اس کو بخش دیتا ہے لیکن غیبت کرنے والے کو خدا نہیں بخشتا جبتک کہ وہ اس شخص کو معاف نہ کر دے جس کی اس نے غیبت کی ہے اور انس رضؓ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ زانی توبہ کرتا ہے اور غیبت کرنے والے کے لئے توبہ نہیں ہے۔ (بیہقی)

غیبت کا کفارہ

۴۶۵۸/۶۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ كَفَّارَةِ الْغِيْبَةِ اَنْ تَسْتَغْفِرَ لِمَنِ اغْتَبْتَهٗ تَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعْوَاتِ الْكَبِيْرِ وَقَالَ فِيْ هٰذَا الْاِسْنَادِ ضُعْفٌ)۔

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ جس شخص کی تو نے غیبت کی ہے اس کی مغفرت کی دعا مانگ اور اس طرح کہہ کہ اے اللہ! ہم کو اور اس کو بخشدے۔ (بیہقی نے اس کو "دعوات الکبیر" میں بیان کیا اور کہا اس روایت کی سند میں ضعف ہے)۔

بَابُ الْوَعْدِ

وعدہ کا بیان

فَصْلُ اَوَّلٌ

جو شخص اپنا وعدہ پورا کرنے سے پہلے مر جائے تو اس کا جانشین اس وعدہ کو پورا کرے

۴۶۵۹/۱ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَمَّا مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَاءَ اَبَا بَكْرٍ مَالٌ مِّنْ قِبَلِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ مَّنْ كَانَ لَهٗ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ اَوْ كَانَتْ لَهٗ قِبَلَهٗ

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد جب حضرت ابوبکر رضؓ (خلیفۂ اوّل) کے پاس علاء حضرمی رضؓ (عامل) کے ہاں سے مال آیا تو حضرت ابوبکر رضؓ نے لوگوں سے کہا جس شخص کا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر قرض ہو یا کسی سے آپ نے کچھ وعدہ کیا

عِدَةٌ فَلْيَأْتِنَا قَالَ جَابِرٌ فَقُلْتُ وَعَدَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُعْطِيَنِي هٰكَذَا وَهٰكَذَا فَبَسَطَ يَدَيْهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَ جَابِرٌ فَحَثٰى لِي حَثْيَةً فَعَدَدْتُهَا فَاِذَا هِيَ خَمْسُمِائَةٍ قَالَ خُذْ مِثْلَيْهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہو وہ ہمارے پاس آئے۔ حضرت جابر رضؓ کا بیان ہے کہ میں نے حاضر ہو کر عرض کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے وعدہ فرمایا تھا کہ آپ مجھ کو اتنا اور اتنا مرحمت فرمائیں گے یعنی تین بار دونوں ہاتھ بھر کر۔ جابر رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضؓ نے مجھ کو ایک لپ بھر کر زر نقد دیا شمار کیا تو وہ پانسو تھے۔ پھر فرمایا پانسو پانسو دو مرتبہ اور گن لو۔

فصل دوم

آپؐ کے وعدہ کا ابوبکرؓ کی طرف سے ایفاء

۴۶۶۰/۲ عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْيَضَ قَدْ شَابَ وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُشْبِهُهُ وَاَمَرَ لَنَا بِثَلٰثَةَ عَشَرَ قَلُوصًا خُذْ هٰذَا نَقْبِضُهَا فَاَتَانَا مَوْتُهُ فَلَمْ يُعْطُونَا شَيْئًا فَلَمَّا قَامَ اَبُوبَكْرٍ قَالَ مَنْ كَانَ لَهُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِدَةٌ فَلْيَجِئْ فَقُمْتُ اِلَيْهِ فَاَخْبَرْتُهُ فَاَمَرَ لَنَا بِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابی جحیفہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سفید رنگ دیکھا، بڑھاپا آپ میں ظاہر ہو چکا تھا اور حسن بن علی رضؓ آپ سے بہت مشابہ تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری جماعت کو تیرہ جوان اونٹوں کے دینے کا حکم فرمایا تھا ہم ان اونٹوں کو لینے گئے تھے کہ آپ کی وفات کی خبر آگئی اور ہم کو کچھ بھی نہ دیا گیا پھر جب حضرت ابوبکرؓ خلیفہ ہوئے تو انھوں نے اعلان کیا کہ جس شخص سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ دینے کا وعدہ کیا ہو وہ ہمارے پاس آئے میں حاضر ہوا اور واقعہ سے آگاہ کیا۔ انھوں نے اونٹوں کے دیدینے کا

ایفاء وعدہ کی عملی تعلیم

۴۶۶۱/۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَبِي الْحَمْسَاءِ قَالَ بَايَعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ يُبْعَثَ وَبَقِيَتْ لَهُ بَقِيَّةٌ فَوَعَدْتُهُ اَنْ اٰتِيَهُ بِهَا فِي مَكَانِهِ فَنَسِيتُ فَذَكَرْتُ بَعْدَ ثَلٰثٍ فَاِذَا هُوَ فِي مَكَانِهِ فَقَالَ لَقَدْ شَقَقْتَ عَلَيَّ اَنَا هٰهُنَا مُنْذُ ثَلٰثٍ اَنْتَظِرُكَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن ابی الحمساء رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے سے پہلے میں نے آپ سے ایک چیز خریدی تھی جس کی کچھ قیمت ادا کرنے سے باقی رہ گئی تھی۔ میں نے آپ سے وعدہ کیا تھا کہ میں بقیہ قیمت لے کر آپ کی جگہ پر حاضر ہوں گا۔ میں اس وعدہ کو بھول گیا تیسرے دن مجھ کو یہ بات یاد آئی کہ میں بقیہ قیمت لے کر اسی جگہ پہنچا جہاں کا وعدہ کیا تھا۔ میں نے دیکھا کہ آپ اسی جگہ بیٹھے ہیں۔ مجھ کو دیکھتے ہی آپ نے فرمایا "تو نے مجھ کو بڑی زحمت میں مبتلا کیا میں تین روز سے یہاں بیٹھا ہوا تیرا انتظار کر رہا ہوں۔ (ابوداؤد)

ایفائے وعدہ کی نیت ہو اور وہ وعدہ پورا نہ ہو سکے تو گناہ نہیں

۴۶۶۲/۴ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَعَدَ الرَّجُلُ اَخَاهُ وَمِنْ نِيَّتِهِ اَنْ يَفِيَ لَهُ فَلَمْ يَفِ وَلَمْ يَجِئْ لِلْمِيعَادِ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت زید بن ارقم رضؓ کہتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس وقت آدمی اپنے کسی بھائی سے کوئی وعدہ کرے اور اس کی یہ نیت ہو کہ وہ اس وعدہ کو پورا کرے گا اور کسی سبب سے وہ اس کو پورا نہ کر سکے اور وعدہ پر نہ آئے تو اس پر کچھ گناہ نہیں ہے۔ (ابوداؤد۔ ترمذی)

بچے سے بھی وعدہ کرو تو پورا کرو

۴۶۶۳/۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَامِرٍ قَالَ دَعَتْنِي اُمِّي

حضرت عبداللہ بن عامر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک روز میری ماں نے

لَوْمَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ فِيْ بَيْتِنَا فَقَالَتْ هَا تَعَالَ أُعْطِيْكَ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَرَدْتِ أَنْ تُعْطِيَهُ قَالَتْ أَرَدْتُ أَنْ أُعْطِيَهُ تَمْرًا فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا إِنَّكِ لَوْلَمْ تُعْطِيْهِ شَيْئًا كُتِبَتْ عَلَيْكِ كَذِبَةٌ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)۔

مجھ کو بلایا۔ اُس وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمارے گھر میں تشریف فرما تھے۔ اور کہا ادھر آ میں تجھ کو دوں گی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری ماں سے پوچھا تم نے اس کو کیا چیز دینے کا ارادہ کیا تھا انھوں نے کہا میں نے ایک کھجور دینے کا خیال کیا تھا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم اس کو کچھ نہ دیتیں تو تمہارے نامۂ اعمال میں ایک جھوٹ لکھا جاتا (یہ واقعہ عبداللہ بن عامر رضؓ کے بچپن کا واقعہ ہے) جب کہ بچوں کو لالچ دے کر بلایا جاتا ہے۔ (ابوداؤد۔ بیہقی)

فصل سوم

کسی شرعی اور حقیقی عذر کی بناء پر وعدہ خلافی کرنا مناسب نہیں

۴۶۶۴ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ وَعَدَ رَجُلًا فَلَمْ يَأْتِ أَحَدُهُمَا إِلَى وَقْتِ الصَّلٰوةِ وَذَهَبَ الَّذِيْ جَاءَ لِيُصَلِّيَ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت زید بن ارقم رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے کسی سے کوئی وعدہ کیا (مثلاً یہ کہ تم فلاں جگہ آنا) اور دونوں شخصوں میں سے ایک نماز کے وقت تک وہاں نہ پہنچا اور دوسرا نماز کے لئے چلا گیا تو اس دوسرے شخص پر کوئی گناہ نہ ہوگا۔ (رزین)

بَابُ الْمِزَاحِ

خوش طبعی یا مزاح کا بیان

فصل اوّل

آنحضرتؐ کی خوش طبعی

۴۶۶۵ عَنْ أَنَسٍ قَالَ إِنْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُخَالِطُنَا حَتّٰى يَقُوْلَ لِأَخٍ لِيْ صَغِيْرٍ يَا عُمَيْرُ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ كَانَ لَهٗ نُغَيْرٌ يَلْعَبُ بِهٖ فَمَاتَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہم سے خوش طبعی اور اختلاط فرمایا کرتے تھے حتّٰی کہ میرے چھوٹے بھائی سے یہ فرمایا کرتے تھے عمیر تمہارا نغیر کیا ہوا (نغیر ایک چڑیا کا نام ہے جس کو لال یا بلبل کہہ سکتے ہیں) انسؓ کا بھائی عمیر اس سے کھیلا کرتا تھا اور وہ مر گیا تھا۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

آنحضرتؐ کا ہنسی مذاق بھی جھوٹ پر مبنی نہیں ہوتا تھا

۴۶۶۶ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّكَ تُدَاعِبُنَا قَالَ إِنِّيْ لَا أَقُوْلُ إِلَّا حَقًّا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ! آپ ہم سے خوش طبعی فرماتے ہیں آپ نے فرمایا (ہاں لیکن اس خوش طبعی میں بھی) میں سچی بات کہتا ہوں۔ (ترمذی)

آنحضرتؐ کی ظرافت کا ایک واقعہ

۴۶۶۷ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا اسْتَحْمَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّيْ حَامِلُكَ عَلٰى وَلَدِ نَاقَةٍ فَقَالَ مَا أَصْنَعُ بِوَلَدِ النَّاقَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سواری طلب کی۔ آپؐ نے فرمایا میں تیری سواری کے لئے اونٹنی کا بچہ دوں گا۔ اس شخص نے کہا میں اونٹنی کا بچہ لے کر کیا کروں گا؟ آپ نے

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھَلْ تَلِدُ الْاِبِلَ اِلَّا النُّوْقَ فرمایا۔ اونٹ کو تو اونٹنی ہی جنتی ہے۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ) (ترمذی۔ ابوداؤد)

تعریف پر مشتمل خوش طبعی

۴۶۶۸/۴ وَعَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَہٗ یَا ذَا الْاُذُنَیْنِ۔ حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اے دو کانوں والے۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ التِّرْمِذِیُّ) (ابوداؤد۔ ترمذی)

ایک بڑھیا کے ساتھ آنحضرتؐ کی خوش طبعی

۴۶۶۹/۵ وَعَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا مْرَاَۃٍ عَجُوْزٍ اِنَّہَا لَا تَدْخُلُ الْجَنَّۃَ عَجُوْزٌ، فَقَالَتْ وَمَا لَھُنَّ وَکَانَتْ تَقْرَءُ الْقُرْاٰنَ فَقَالَ لَھَا اَمَا تَقْرَئِیْنَ الْقُرْاٰنَ اِنَّا اَنْشَاْنٰھُنَّ اِنْشَاءً فَجَعَلْنٰھُنَّ اَبْکَارًا۔ (رَوَاہُ رَزِیْنٌ وَفِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ بِلَفْظِ الْمَصَابِیْحِ۔)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بوڑھی عورت سے فرمایا بڑھیا جنت میں نہ جائے گی۔ بڑھیا نے عرض کیا کیا سبب ہے کہ وہ جنت میں نہ جائے گی۔ یہ بڑھیا قرآن پڑھی ہوئی تھی آپ نے فرمایا کیا تو نے قرآن میں یہ (آیت) نہیں پڑھی اِنَّا اَنْشَاْنٰھُنَّ اِنْشَاءً فَجَعَلْنٰھُنَّ اَبْکَارًا (یعنی ہم پیدا کریں گے عورتوں کو جنت میں دوبارہ پیدا کرنا یعنی بنا دیں گے ہم ان کو کنواری۔ (رزین)

خوش طبعی کا ایک واقعہ

۴۶۷۰/۶ وَعَنْہُ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَھْلِ الْبَادِیَۃِ کَانَ اسْمُہٗ زَاھِرَ ابْنَ حَرَامٍ وَکَانَ یُھْدِیْ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الْبَادِیَۃِ فَیُجَھِّزُہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ یَّخْرُجَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ زَاھِرًا.... بَادِیَتُنَا وَنَحْنُ حَاضِرُوْہُ وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُحِبُّہٗ وَکَانَ دَمِیْمًا فَاَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمًا وَھُوَ یَبِیْعُ مَتَاعَہٗ فَاحْتَضَنَہٗ مِنْ خَلْفِہٖ وَھُوَ لَا یُبْصِرُہٗ فَقَالَ اَرْسِلْنِیْ مَنْ ھٰذَا فَالْتَفَتَ فَعَرَفَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ لَا یَاْلُوْ لَمَّا اَلْزَقَ ظَھْرَہٗ بِصَدْرِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِیْنَ عَرَفَہٗ وَجَعَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ یَّشْتَرِی الْعَبْدَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِذًا وَاللّٰہِ تَجِدُنِیْ کَاسِدًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لٰکِنْ عِنْدَ اللّٰہِ لَسْتَ بِکَاسِدٍ۔
(رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ جنگل کا رہنے والا ایک شخص جس کا نام زاہر بن حرام تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے جنگل سے تحفہ کے طور پر کچھ لایا کرتا تھا (یعنی سبزی ترکاری وغیرہ) اور جب وہ جاتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے سفر کا سامان درست کر دیتے تھے۔ ایک روز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے متعلق فرمایا زاہرؓ ہمارا باہر کا گماشتہ ہے (یعنی باہر کی چیزیں لا کر ہم کو دیتا ہے) اور ہم اس کے شہر کے گماشتہ ہیں (کہ شہر کی چیزوں کا اس کے لئے انتظام کرتے ہیں) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زاہرؓ سے بہت محبت رکھتے تھے اور وہ بدصورت شخص تھا۔ ایک روز نبی صلی اللہ علیہ وسلم بازار میں تشریف لے گئے اور آپ نے زاہرؓ کو سودا بیچتے دیکھا۔ آپ نے اس کے پیچھے جا کر اس کی کوئی بھی (یعنی اس کی آنکھیں بند کر لیں کہ) وہ دیکھ نہ سکتا تھا۔ زاہرؓ نے کہا کون ہے مجھ کو چھوڑ دے۔ پھر زاہرؓ نے کن انکھیوں سے دیکھ کر آپ کو پہچان لیا اور اپنی پشت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک سے لگانے میں پوری کوشش سے کام لیا (یعنی حصول برکت کے لئے) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمانا شروع کیا "کوئی غلام خریدتا ہے"۔ زاہرؓ نے یہ سنکر عرض کیا یا رسول اللہ! قسم ہے خدا کی آپ مجھ کو ناکارہ پائیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیکن خدا کے نزدیک تو ناکارہ نہیں۔ (شرح السنۃ)

آنحضرتؐ سے صحابہؓ کی بے تکلفی

۴۶۷۱ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ مِّنْ اَدَمٍ فَسَلَّمْتُ فَرَدَّ عَلَيَّ فَقَالَ اُدْخُلْ فَقُلْتُ اَكُلِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كُلَّكَ فَدَخَلْتُ قَالَ عُثْمَانُ بْنُ اَبِي الْعَاتِكَةِ اِنَّمَا قَالَ اُدْخُلْ كُلِّيْ مِنْ صِغَرِ الْقُبَّةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضؓ کہتے ہیں کہ غزوۂ تبوک میں میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ چمڑہ کے ایک خیمہ میں تشریف فرما تھے میں نے آپ کو سلام کیا آپ نے سلام کا جواب دیا اور فرمایا اندر آجاؤ۔ میں نے مزاح کے طور پر عرض کیا یا رسول اللہ! سب کا سب آجاؤں (یعنی سارے جسم کو اندر لے آؤں) آپ نے فرمایا سارے بدن کو اندر لے آ۔ چنانچہ میں خیمہ کے اندر داخل ہوگیا۔ اس حدیث کے ایک راوی عثمان بن ابی العاتکہؓ کہتے ہیں کہ عوف بن مالکؓ نے یہ فقرہ اس لئے کہا تھا کہ خیمہ چھوٹا تھا۔ (ابوداؤد)

۴۶۷۲ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ اسْتَاْذَنَ اَبُوْبَكْرٍ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ صَوْتَ عَائِشَةَ عَالِيًا فَلَمَّا دَخَلَ تَنَاوَلَهَا لِيَلْطِمَهَا وَقَالَ لَا اَرَاكِ تَرْفَعِيْنَ صَوْتَكِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْجُزُهٗ وَخَرَجَ اَبُوْبَكْرٍ مُغْضَبًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ خَرَجَ اَبُوْبَكْرٍ كَيْفَ رَاَيْتِنِيْ اَنْقَذْتُكِ مِنَ الرَّجُلِ قَالَتْ فَمَكَثَ اَبُوْبَكْرٍ اَيَّامًا ثُمَّ اسْتَاْذَنَ فَوَجَدَهُمَا قَدِ اصْطَلَحَا فَقَالَ لَهُمَا اَدْخِلَانِيْ فِيْ سِلْمِكُمَا كَمَا اَدْخَلْتُمَانِيْ فِيْ حَرْبِكُمَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ فَعَلْنَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت نعمان بن بشیرؓ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکرؓ نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے گھر کے اندر آنے کی اجازت طلب کی۔ معاً انھوں نے حضرت عائشہؓ کی آواز کو سنا جو زور زور سے بول رہی تھیں۔ اندر داخل ہوکر حضرت ابوبکرؓ نے عائشہؓ کا ہاتھ پکڑ لیا اور طمانچہ مارنے کا ارادہ فرمایا اور فرمایا خبردار آئندہ میں تجھ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی آواز سے بلند آواز میں بولتا نہ دیکھوں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکرؓ کو روکنا اور منع کرنا شروع کیا (حتٰی کہ معاملہ رفع دفع ہوگیا) اس کے بعد حضرت ابوبکرؓ غضبناک حالت میں واپس چلے گئے۔ ان کے چلے جانے کے بعد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا۔ تم نے دیکھا میں نے کیوں کر تم کو اس شخص (یعنی ابوبکرؓ) کے ہاتھ سے بچالیا۔ عائشہؓ کا بیان ہے کہ اس کے بعد کئی روز تک ابوبکرؓ آپ کے پاس نہیں آئے (یعنی شرمندگی یا غصہ کے سبب) پھر ایک روز انھوں نے حاضر ہوکر اجازت طلب کی اور گھر میں جاکر دیکھا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور عائشہؓ دونوں صلح کی حالت میں بیٹھے ہوئے ہیں ابوبکرؓ نے دونوں کو مخاطب کرکے کہا مجھ کو اپنی صلح میں شامل کرلو جس طرح تم نے مجھ کو اپنی لڑائی میں شریک کیا تھا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم نے ایسا ہی کیا۔ (ابوداؤد)

ایسا مذاق نہ کرو جس سے ایذاء پہنچے

۴۶۷۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُمَارِ اَخَاكَ وَلَا تُمَازِحْهُ وَلَا تَعِدْهُ مَوْعِدًا فَتُخْلِفَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)۔

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے نہ تو اپنے (مسلمان) بھائی سے جھگڑا کر اور نہ مذاق کر اور نہ ایسا وعدہ کر جس کو تو پورا نہ کرسکے۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)

بَابُ الْمُفَاخَرَةِ وَالْعَصَبِيَّةِ

خاندان اور قوم کی حمایت اور فخر کرنے کا بیان

فصل اوّل

خاندانی و ذاتی شرافت کا حسن علم دین سے ہے

۴۶۷۴ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ النَّاسِ اَکْرَمُ فَقَالَ اَکْرَمُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰهُمْ قَالُوْا لَیْسَ عَنْ هٰذَا نَسْاَلُكَ قَالَ وَاَکْرَمُ النَّاسِ یُوْسُفُ نَبِیُّ اللّٰهِ ابْنِ نَبِیِّ اللّٰهِ ابْنِ خَلِیْلِ اللّٰهِ قَالُوْا لَیْسَ عَنْ هٰذَا نَسْاَلُكَ قَالَ فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْاَلُوْنِیْ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَخِیَارُكُمْ فِی الْجَاهِلِیَّةِ خِیَارُكُمْ فِی الْاِسْلَامِ اِذَا فَقِهُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا، کونسا آدمی بزرگ و مکرم ہے؟ آپ نے فرمایا خدا کے نزدیک بزرگ و برتر وہ شخص ہے جو خدا سے ڈرتا ہے (یعنی متقی و پرہیزگار) صحابہؓ نے عرض کیا ہمارے سوال کا یہ مطلب نہیں ہے (بلکہ ہم حسب و نسب کے اعتبار سے انسان کی شرافت کو دریافت کرتے ہیں) آپ نے فرمایا بزرگ و شریف تر انسانوں میں حضرت یوسف علیہ السلام ہیں جو خدا کے نبی حضرت یعقوبؑ کے بیٹے خدا کے نبی حضرت اسحاقؑ کے پوتے اور خدا کے نبی (ابراہیمؑ) خلیل اللہ کے پڑوتے صحابہؓ نے عرض کیا ہمارے سوال کا منشاء یہ بھی نہیں ہے آپ نے فرمایا۔ کیا تم عرب کے خاندان اور قبائل کی بابت مجھ سے دریافت کرتے ہو، صحابہؓ نے عرض کیا، ہاں۔ آپ نے فرمایا جو شخص ایام جاہلیت میں تم میں سب سے بہتر تھا وہی اسلام میں بہتر ہے جب کہ وہ فقیہہ یعنی عقلمند و سمجھ دار ہو۔ (بخاری و مسلم)

سب سے زیادہ مکرم کون ہے؟

۴۶۷۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَرِیْمُ ابْنُ الْكَرِیْمِ ابْنِ الْكَرِیْمِ ابْنِ الْكَرِیْمِ یُوْسُفُ بْنُ یَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحٰقَ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کریم، ابن کریم، ابن کریم، ابن کریم، یوسفؑ بن یعقوبؑ بن اسحاقؑ بن ابراہیمؑ ہیں۔ (بخاری)

کفار کے مقابلہ پر آنحضرتؐ کا اظہار فخر

۴۶۷۶ وَعَنِ الْبَرَاءِ ابْنِ عَازِبٍ قَالَ فِیْ یَوْمِ حُنَیْنٍ كَانَ اَبُوْ سُفْیَانَ بْنُ الْحَارِثِ اٰخِذًا بِعِنَانِ بَغْلَتِهٖ یَعْنِیْ بَغْلَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا غَشِیَهُ الْمُشْرِكُوْنَ نَزَلَ فَجَعَلَ یَقُوْلُ اَنَا النَّبِیُّ لَا كَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ قَالَ فَمَا رُوِیَ مِنَ النَّاسِ یَوْمَئِذٍ اَشَدُّ مِنْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت براء بن عازبؓ کہتے ہیں کہ غزوۂ حنین کے دن ابوسفیان بن حارث نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خچر کی باگ پکڑ لی اور جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مشرکوں نے چاروں طرف سے گھیر لیا تو آپ نے خچر سے اتر کر فرمانا شروع کیا "میں نبی ہوں اس میں جھوٹ نہیں ہے میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں"۔ راوی کا بیان ہے کہ اس روز آپ سے زیادہ شجاع تر کسی شخص کو نہیں دیکھا گیا۔ (بخاری و مسلم)

خیر البریہ کا مصداق

۴۶۷۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی

حضرت انسؓ کہتے ہیں ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا خَیْرَ الْبَرِیَّۃِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَاکَ اِبْرَاھِیْمُ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ اے بہترین مخلوق! آپ نے فرمایا مخلوقات میں بہترین شخص حضرت ابراہیمؑ تھے۔ (مسلم)

آپ کی منقبت و تعریف ایسے الفاظ کے ذریعہ نہ کرو جو مقام نبوت سے بالا ہوں

۴۶۷۸ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُطْرُوْنِیْ کَمَا اَطْرَتِ النَّصَارٰی ابْنَ مَرْیَمَ فَاِنَّمَا اَنَا عَبْدُہٗ فَقُوْلُوْا عَبْدُ اللّٰہِ وَرَسُوْلُہٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میری تعریف میں زیادتی نہ کرو جیسا کہ نصاریٰ ابن مریمؑ (عیسیٰؑ) کی تعریف میں زیادتی (مبالغہ) کرتے ہیں۔ میں تو خدا کا بندہ ہوں تم (مجھ کو) خدا کا بندہ اور رسول کہو۔ (بخاری و مسلم)

اظہار فخر کی ممانعت

۴۶۷۹ وَعَنْ عِیَاضِ بْنِ حِمَارٍ الْمُجَاشِعِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ اَوْحٰی اِلَیَّ اَنْ تَوَاضَعُوْا حَتّٰی لَا یَفْخَرَ اَحَدٌ عَلٰی اَحَدٍ وَلَا یَبْغِیْ اَحَدٌ عَلٰی اَحَدٍ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عیاض بن مجاشعی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ نے مجھ کو وحی کے ذریعہ آگاہ کیا ہے کہ عاجزی و فروتنی اختیار کرو اس قدر کہ کوئی شخص کسی پر فخر نہ کرے اور نہ کوئی کسی پر ظلم و زیادتی کرے۔ (مسلم)

فصل دوم

باپ دادا کے متعلق شیخی بگھارنا اور خاندانی فخر کوئی چیز نہیں

۴۶۸۰ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیَنْتَھِیَنَّ اَقْوَامٌ یَفْتَخِرُوْنَ بِاٰبَائِھِمُ الَّذِیْنَ مَاتُوْا اِنَّمَا ھُمْ فَحْمٌ مِنْ جَھَنَّمَ اَوْ لَیَکُوْنُنَّ اَھْوَنَ عَلَی اللّٰہِ مِنَ الْجُعَلِ الَّذِیْ یُدَھْدِہُ الْخِرَاءَ بِاَنْفِہٖ اِنَّ اللّٰہَ قَدْ اَذْھَبَ عَنْکُمْ عُبِّیَّۃَ الْجَاھِلِیَّۃِ وَفَخْرَھَا بِالْاٰبَاءِ اِنَّمَا ھُوَ مُؤْمِنٌ تَقِیٌّ اَوْ فَاجِرٌ شَقِیٌّ اَلنَّاسُ کُلُّھُمْ بَنُوْ اٰدَمَ وَاٰدَمُ مِنْ تُرَابٍ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لوگ اپنے باپوں پر فخر کرنا چھوڑ دیں، یعنی ان باپوں پر جو مر کر دوزخ کے کوئلے بن گئے ورنہ وہ خدا کے نزدیک نجاست کے اس کیڑے سے زیادہ ذلیل ہوں گے جو نجاست کو اپنی ناک سے دھکیلتا ہے خداوند تعالیٰ نے تم میں سے جاہلیت کی نخوت اور باپوں پر فخر کرنے کی علت کو خارج کر دیا ہے اب یا تو متقی مومن ہے یا فاجر بدبخت بدکار (ہونا ذلت کا سبب ہے) تمام آدمی آدم کے بیٹے ہیں اور آدم کو مٹی سے پیدا کیا گیا ہے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

آنحضرتؐ کا اپنے تئیں سردار کہلانے سے انکار

۴۶۸۱ وَعَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الشِّخِّیْرِ قَالَ انْطَلَقْتُ فِیْ وَفْدِ بَنِیْ عَامِرٍ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا اَنْتَ سَیِّدُنَا فَقَالَ السَّیِّدُ اللّٰہُ فَقُلْنَا وَاَفْضَلُنَا فَضْلًا وَّاَعْظَمُنَا طَوْلًا فَقَالَ قُوْلُوْا قَوْلَکُمْ اَوْ بَعْضَ قَوْلِکُمْ وَلَا یَسْتَجْرِیَنَّکُمُ الشَّیْطٰنُ۔ (رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت مطرف بن عبداللہ بن الشخیر رضؓ کہتے ہیں۔ میں بنو عامر کے وفد کے ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا اور ہماری جماعت نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا۔ آپ ہمارے سردار ہیں۔ آپ نے فرمایا، سردار خدا ہے۔ ہم نے عرض کیا آپ ہم سب میں بہترین ہیں بہتری کے اعتبار سے اور بخشش کے لحاظ سے ہمارے بزرگ ہیں۔ آپ نے فرمایا یہ بات کہو یا اس سے بھی کمتر اور شیطان تم کو اپنا وکیل نہ بنائے (یعنی میری تعریف میں مبالغہ نہ کرو اتنا ہی یا اس سے بھی کچھ کم کہو اور مبالغہ کرنے میں شیطان کی وکالت نہ کرو)۔ (ابوداؤد)

اصل فضیلت تقویٰ ہے

۴۶۸۲/۹ وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَسَبُ الْمَالُ وَالْكَرَمُ التَّقْوٰى (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت حسنؒ سمرہؓ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (یعنی فضیلت و عظمت) مال ہے اور کرم (تقویٰ) کا نام ہے۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

اپنے باپ دادا پر فخر کرنے والے کے بارے میں وعید

۴۶۸۳/۱۰ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَعَزّٰى بِعَزَاءِ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَعِضُّوْهُ بِهَنِ اَبِيْهِ وَلَا تَكْنُوْا (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابی بن کعبؓ کہتے ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جو شخص جاہلیت کی نسبت (یعنی خاندانی عزت و عظمت) پر فخر کرے تو اس کے باپ کی شرم گاہ کو کٹواؤ (یعنی جو شخص اپنے باپ دادا پر فخر کرنے جو ایام جاہلیت میں گزرے ہیں تو اس سے کہو کہ وہ اپنے باپ دادا کی شرمگاہ کو کٹوائے اور اپنے منہ میں ڈالے اور ان الفاظ کو اس سے صاف صاف کہو) کنایہ نہ کرو (شرح السنۃ)

اپنے زمانہ جاہلیت کے کسی تعلق پر فخر نہ کرو

۴۶۸۴/۱۱ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِيْ عَقَبَةَ عَنْ اَبِيْ عَقَبَةَ وَكَانَ مَوْلًى مِنْ اَهْلِ فَارِسٍ قَالَ شَهِدْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحُدًا فَضَرَبْتُ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَقُلْتُ خُذْهَا مِنِّيْ وَاَنَا الْغُلَامُ الْفَارِسِيُّ فَالْتَفَتَ اِلَيَّ فَقَالَ هَلَّا قُلْتَ خُذْهَا مِنِّيْ وَاَنَا الْغُلَامُ الْاَنْصَارِيُّ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی عقبہؓ، عقبہ سے جو آزاد کردہ غلام اور فارس کا رہنے والا تھا روایت کرتے ہیں کہ میں اُحد کی لڑائی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہوا اور مشرکوں میں سے ایک آدمی کے میں نے تلوار یا نیزہ مارا اور اُس سے کہا لے ایک ضرب میری طرف سے بھی لے اور میں فارسی غلام ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری طرف دیکھا اور فرمایا تو نے یہ کیوں نہ کہا کہ پہلے ایک ضرب میری طرف سے بھی لے اور میں انصاری غلام ہوں۔ (ابوداؤد)

اپنی قوم کی بے جا حمایت کرنیوالے کی مذمت

۴۶۸۵/۱۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَصَرَ قَوْمَهٗ عَلٰى غَيْرِ الْحَقِّ فَهُوَ كَالْبَعِيْرِ الَّذِيْ هَوٰى فَهُوَ يُنْزَعُ بِذَنَبِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص ناحق اپنی قوم کی حمایت کرے وہ اس اونٹ کی مانند ہے جو کنوئیں میں گر پڑے پھر اُس کو اُس کی دُم پکڑ کر کھینچا جائے۔ (ابوداؤد)

عصبیت کس کو کہتے ہیں؟

۴۶۸۶/۱۳ وَعَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْعَصَبِيَّةُ قَالَ اَنْ تُعِيْنَ قَوْمَكَ عَلَى الظُّلْمِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت واثلہ بن اسقع رضؓ کہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (جاہلیت) عصبیت کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا عصبیت یہ ہے کہ تو ظلم پر اپنی قوم کی حمایت کرے۔" (ابوداؤد)

اپنی قوم اور جماعت کے ظلم کو ختم کرنے کی کوشش کرو

۴۶۸۷/۱۴ وَعَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ ابْنِ جُعْشُمٍ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سُراقہ بن مالک بن جعشم رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا۔ تم میں بہتر شخص وہ

فَقَالَ خَيْرُكُمُ الْمُدَافِعُ عَنْ عَشِيْرَتِهٖ مَالَمْ يَاْثَمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ہے جو اپنی قوم کی طرف سے (ظلم کی) مدافعت کرے۔ جب تک کہ وہ اس مدافعت میں گناہ کا مرتکب نہ ہو۔ (ابوداؤد)

عصبیت کی مذمت

۴۶۸۸ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ دَعَا اِلٰى عَصَبِيَّةٍ وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ قَاتَلَ عَصَبِيَّةً وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ مَّاتَ عَلٰى عَصَبِيَّةٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جبیر بن مطعم نے فرمایا ہے وہ شخص ہم میں سے نہیں جو لوگوں کو عصبیت کی دعوت دے (یعنی عصبیت کی حمایت کرے) اور وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو عصبیت کے سبب جنگ کرے اور ہم میں سے وہ شخص نہیں ہے جو عصبیت کی حالت میں مرے۔ (ابوداؤد)

محبت اندھا اور بہرا بنا دیتی ہے

۴۶۸۹ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِيْ وَيُصِمُّ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابی الدرداء رضؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے یہ فرمایا ہے کسی چیز سے تیرا محبت کرنا تجھ کو اندھا اور بہرا بنا دیتا ہے۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

عصبیت کے معنی؟

۴۶۹۰ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ كَثِيْرٍ الشَّامِيِّ مِنْ اَهْلِ فَلَسْطِيْنَ عَنِ امْرَاَةٍ مِّنْهُمْ يُقَالُ لَهَا فُسَيْلَةُ اَنَّهَا قَالَتْ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنَ الْعَصَبِيَّةِ اَنْ يُّحِبَّ الرَّجُلُ قَوْمَهٗ قَالَ لَا وَلٰكِنْ مِّنَ الْعَصَبِيَّةِ اَنْ يَّنْصُرَ الرَّجُلُ قَوْمَهٗ عَلَى الظُّلْمِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ)

عبادہ بن کثیر شامی رضؓ اپنی قوم کی ایک عورت سے جس کا نام فسیلہ تھا نقل کرتے ہیں کہ فسیلہ نے بیان کیا میں نے اپنے باپ کو یہ کہتے سنا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! آدمی کا اپنی قوم کو عزیز و محبوب رکھنا کیا عصبیت میں داخل ہے؟ آپ نے فرمایا نہیں۔ لیکن یہ بات عصبیت میں داخل ہے کہ کوئی شخص ظلم میں اپنی قوم کی مدد و حمایت کرے۔ (احمد۔ ابن ماجہ)

اپنے نسبت پر گھمنڈ نہ کرو

۴۶۹۱ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْسَابُكُمْ هٰذِهٖ لَيْسَتْ بِمُسَبَّةٍ عَلٰى اَحَدٍ كُلُّكُمْ بَنُوْ اٰدَمَ طَفُّ الصَّاعِ بِالصَّاعِ لَمْ تَمْلَئُوْهُ لَيْسَ لِاَحَدٍ عَلٰى اَحَدٍ فَضْلٌ اِلَّا بِدِيْنٍ وَتَقْوٰى كَفٰى بِالرَّجُلِ اَنْ يَّكُوْنَ بَذِيًّا فَاحِشًا بَخِيْلًا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عقبہ بن عامر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تمہارے انساب ایسی چیز نہیں کہ تم ان کے سبب کسی کو برا کہو۔ (یعنی اپنے آپ کو شریف سمجھو اور دوسروں کو ذلیل خیال کرو) تم سب کے سب آدمؑ کی اولاد ہو، سیر کے برابر سیر (ہم وزن اور ہم پایہ) کسی کو کسی پر کوئی فضیلت نہیں ہے مگر دین اور تقوے کے سبب سے آدمی کی برائی کے لئے اتنی سی بات کافی ہے کہ وہ زبان دراز، فحش بکنے والا اور بخیل ہو۔ (احمد۔ بیہقی در شعب الایمان)

بَابُ الْبِرِّ وَ الصِّلَةِ

نیکی، احسان اور اقارب کے ساتھ سلوک کا بیان

فصل اوّل

اولاد پر ماں کے حقوق زیادہ ہیں

۴۶۹۲ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَحَقُّ بِحُسْنِ صَحَابَتِیْ قَالَ اُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اَبُوْكَ وَ فِیْ رِوَایَةٍ قَالَ اُمُّكَ ثُمَّ اُمُّكَ ثُمَّ اُمُّكَ ثُمَّ اَبُوْكَ ثُمَّ اَدْنَاكَ اَدْنَاكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں ایک شخص نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! میری صحبت کے لئے کون شخص زیادہ مناسب ہے؟ آپ نے فرمایا تیری ماں۔ اُس نے عرض کیا پھر کون؟ آپ نے فرمایا تیری ماں۔ عرض کیا پھر کون؟ فرمایا تیری ماں۔ عرض کیا پھر کون؟ فرمایا تیرا باپ۔ اور ایک روایت میں اس طرح ہے کہ آپ نے فرمایا تیری ماں پھر تیری ماں پھر تیری ماں پھر تیرا باپ پھر تیرا اقربی عزیز پھر تیرا اقربی عزیز (بخاری و مسلم)

بوڑھے والدین کی خدمت نہ کرنیوالے کے حق میں آپؐ کی بددعا

۴۶۹۳ وَعَنْهُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَغِمَ اَنْفُهٗ رَغِمَ اَنْفُهٗ رَغِمَ اَنْفُهٗ قِیْلَ مَنْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَنْ اَدْرَكَ وَالِدَیْهِ عِنْدَ الْكِبَرِ اَحَدُهُمَا اَوْ كِلَاهُمَا ثُمَّ لَمْ یَدْخُلِ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غبار آلود ہو ناک اس کی، خاک آلود ہو ناک اس کی، غبار آلود ہو ناک اس کی (یعنی وہ ذلیل و خوار ہو) پوچھا گیا یا رسول اللہ ﷺ! کس کی ناک؟ آپ نے فرمایا اس شخص کی جس نے اپنے والدین میں سے کسی کو یا دونوں کو بوڑھا پایا اور پھر جنت میں داخل نہیں ہوا (یعنی ان کی خدمت کرکے) (مسلم)

مشرک ماں باپ کے ساتھ بھی حسنِ سلوک کرنا چاہیئے

۴۶۹۴ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَكْرٍ قَالَتْ قَدِمَتْ عَلَیَّ اُمِّیْ وَهِیَ مُشْرِكَةٌ فِیْ عَهْدِ قُرَیْشٍ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اُمِّیْ قَدِمَتْ عَلَیَّ وَهِیَ رَاغِبَةٌ اَفَاَصِلُهَا قَالَ نَعَمْ صِلِیْهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضؓ کہتی ہیں میری ماں میرے پاس آئی (یعنی مکّہ سے مدینہ میں) اور وہ مشرک تھی۔ اور یہ واقعہ اُس وقت کا ہے جب کہ قریش سے حدیبیہ کی صلح ہو چکی تھی۔ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! میری ماں میرے پاس آئی ہے اور وہ اسلام سے بیزار ہے، کیا میں اس کے ساتھ سلوک کروں؟ آپ نے فرمایا ہاں اس سے سلوک کرو۔ (بخاری و مسلم)

صلۂ رحمی کی اہمیت

۴۶۹۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اٰلَ اَبِیْ فُلَانٍ لَیْسُوْا لِیْ بِاَوْلِیَاءَ اِنَّمَا وَلِیِّیَ اللّٰهُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَ

حضرت عمرو بن العاص رضؓ کہتے ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ ابی فلاں کی اولاد (یعنی ابی لہب یا ابی سفیان یا اور کوئی یا سب کے سب) میرے دوست نہیں ہیں بلکہ میرا دوست خدا

وَلٰكِنَّهُمْ رَحِمٌ اَبُلُّهَا بِبَلَالِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) ہے اور نیک بخت مومن لیکن ان لوگوں سے میری عزیز داری ہے میں اس کو اس کی تری کے ساتھ تر کرتا ہوں (یعنی اس سے جو سلوک کرتا ہوں) وہ رشتہ داری کی بنا پر ہے۔ (بخاری و مسلم)

والدین کو تکلیف پہنچانا حرام ہے

۴۶۹۶ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوْقَ الْاُمَّهَاتِ وَوَاْدَ الْبَنَاتِ وَمَنْعَ وَهَاتِ وَكَرِهَ لَكُمْ قِيْلَ وَقَالَ وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ وَاِضَاعَةَ الْمَالِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت مغیرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ نے تم پر ماں کی نافرمانی و اذیت رسانی لڑکیوں کو زندہ دفن کرنا اور بخل و گدائی کو حرام قرار دیا ہے اور قیل و قال یعنی بے فائدہ بحث و گفتگو۔ زیادتی سوال اور مال کو ضائع کرنا مکروہ قرار دیا ہے۔ (بخاری و مسلم)

دوسرے کے ماں باپ کو برا کہہ کر اپنے ماں باپ کو برا نہ کہلواؤ

۴۶۹۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْكَبَائِرِ شَتْمُ الرَّجُلِ وَالِدَيْهِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَهَلْ يَشْتِمُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قَالَ نَعَمْ يَسُبُّ اَبَا الرَّجُلِ فَيَسُبُّ اَبَاهُ وَيَسُبُّ اُمَّهُ فَيَسُبُّ اُمَّهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے ماں باپ کو گالی دینا کبیرہ گناہوں میں سے ہے صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا آدمی اپنے ماں باپ کو گالی دے سکتا ہے آپ نے فرمایا ہاں کوئی شخص کسی کے ماں باپ کو گالی دیتا ہے اور وہ اس کے ماں باپ کو گالی دیتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

باپ کے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک و احسان کی اہمیت

۴۶۹۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَبَرِّ الْبِرِّ صِلَةَ الرَّجُلِ اَهْلَ وُدِّ اَبِيْهِ بَعْدَ اَنْ يُّوَلِّيَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بہترین نیکی آدمی کا اپنے باپ کے دوستوں سے احسان و سلوک کرنا ہے باپ کے مرنے کے بعد۔ (مسلم)

رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک فراخی رزق اور درازی عمر کا ذریعہ ہے

۴۶۹۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ يُّبْسَطَ لَهٗ فِيْ رِزْقِهٖ وَيُنْسَاَ لَهٗ فِيْ اَثَرِهٖ فَلْيَصِلْ رَحِمَهٗ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی روزی میں وسعت اور اس کی موت میں تاخیر کی جائے اس کو چاہئے کہ وہ اپنے رشتہ داروں سے سلوک کرے۔ (بخاری و مسلم)

صلہ رحم کی اہمیت

۴۷۰۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْهُ قَامَتِ الرَّحِمُ فَاَخَذَتْ بِحَقْوِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ مَهْ قَالَتْ هٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ الْقَطِيْعَةِ قَالَ اَلَا تَرْضَيْنَ اَنْ اَصِلَ مَنْ وَصَلَكِ وَاَقْطَعَ مَنْ قَطَعَكِ قَالَتْ بَلٰى يَا رَبِّ قَالَ فَذَاكَ۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ نے مخلوقات کو پیدا کیا جب اس سے فارغ ہوا تو رحم (یعنی رشتہ) کھڑا ہوا اور رحمٰن (یعنی خدا کی کمر پکڑ لی۔ خدا تعالیٰ نے پوچھا ٹھہر کیا چاہتا ہے؟) رحم نے عرض کیا یہ جگہ اس شخص کے کھڑے ہونے کی ہے جو تیرے ذریعہ پناہ مانگتا ہے قطع رحم سے (یعنی میں تیرے سامنے کھڑا ہو کر تیرے ذریعہ اس امر سے پناہ چاہتا ہوں کہ کوئی شخص مجھ کو قطع کرے اور رشتہ داری کی آبرو کو قائم نہ رکھے) خداوند تعالیٰ نے

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) نے فرمایا کیا تو اِس پر راضی ہے کہ جو شخص تجھ کو قائم و برقرار رکھے اس کے ساتھ احسان و سلوک کروں اور جو شخص تجھ کو توڑ دے میں بھی اس سے قطع تعلق کرلوں۔ رحم نے عرض کیا۔ ہاں میں اِس پر راضی ہوں، خداوند تعالیٰ نے فرمایا۔ اچھا تو یہ وعدہ تیرے لئے ثابت و برقرار ہے۔ (بخاری و مسلم)

ناتا توڑنے والا رحمتِ خداوندی کا مستحق نہیں

۴۷۰۱/۱۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّحِمُ شُجْنَةٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى مَنْ وَصَلَكِ وَصَلْتُهٗ وَمَنْ قَطَعَكِ قَطَعْتُهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لفظ رحمٰن سے "رحم" لیا گیا ہے اور خداوند تعالیٰ نے رحم سے فرمایا ہے کہ جو شخص تجھ کو ملائے گا میں اس کو ملاؤں گا اور جو تجھے کاٹے گا میں اس کو کاٹوں گا۔ (بخاری)

۴۷۰۲/۱۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّحِمُ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ تَقُوْلُ مَنْ وَصَلَنِيْ وَصَلَهُ اللّٰهُ وَمَنْ قَطَعَنِيْ قَطَعَهُ اللّٰهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ رحم عرشِ الٰہی میں معلق ہے اور دعا کے طور پر کہتا ہے کہ جو شخص مجھ کو ملائے گا یعنی رشتہ داری و قرابتداری کو قائم رکھے گا اس کو اللہ تعالیٰ ملائے گا اور جو شخص مجھ کو قطع کریگا اللہ تعالیٰ اُس کو قطع کرے گا۔ (بخاری و مسلم)

قطع رحم کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا

۴۷۰۳/۱۲ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جبیرؓ بن مطعم کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے رشتہ داری کو قطع کرنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا۔ (بخاری و مسلم)

اقرباء کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا کامل ترین جذبہ؟

۴۷۰۴/۱۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِئِ وَلٰكِنَّ الْوَاصِلَ الَّذِيْ إِذَا قُطِعَتْ رَحِمُهٗ وَصَلَهَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے صلہ رحم کرنے والا وہ نہیں ہے جس کے ساتھ صلہ رحم کیا جاتا ہے (یعنی یہ تو بدلہ ہے صلہ رحم نہیں) بلکہ صلہ رحم کرنے والا وہ ہے جب کہ اس کی رشتہ داری کا سلسلہ منقطع کر دیا جائے وہ اس رشتہ داری کو قائم کرے۔ (بخاری)

۴۷۰۵/۱۴ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ لِيْ قَرَابَةً أَصِلُهُمْ وَيَقْطَعُوْنِيْ .... وَأُحْسِنُ إِلَيْهِمْ وَيُسِيْئُوْنَ إِلَيَّ وَأَحْلُمُ عَنْهُمْ وَيَجْهَلُوْنَ عَلَيَّ فَقَالَ لَئِنْ كُنْتَ كَمَا قُلْتَ فَكَأَنَّمَا تُسِفُّهُمُ الْمَلَّ وَلَا يَزَالُ مَعَكَ مِنَ اللّٰهِ ظَهِيْرٌ عَلَيْهِمْ مَا دُمْتَ عَلٰى ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے قرابت دار ایسے ہیں کہ میں ان کے ساتھ سلوک کرتا ہوں لیکن وہ میرے ساتھ سلوک نہیں کرتے۔ میں ان کے ساتھ احسان کرتا ہوں اور وہ مجھ سے بُرائی کرتے ہیں میں حلم و بردباری سے کام لیتا اور ان سے درگزر کرتا ہوں اور وہ جہالت سے پیش آتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا اگر تو ایسا ہی (کرتا) ہے جیسا کہ تو نے بیان کیا تو گویا تو ان کو گرم راکھ پھکاتا ہے اور تیرے ساتھ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی مدد ہے۔ وہ ان کی اذیتوں اور شر کو تجھ سے دفع کرنے والا ہے جب تک کہ تو اسی صفت پر رہے۔ (مسلم)

فصل دوم

والدین اور اقرباء کے ساتھ حسنِ سلوک درازیٔ عمر کا سبب ہے

۴۷۰۶/۱۵ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ثوبانؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرُدُّ الْقَدَرَ اِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ يُصِيْبُهُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

تقدیر الٰہی کو کوئی چیز نہیں بدلتی مگر دُعا اور عمر کو کوئی چیز نہیں بڑھاتی مگر نیکی اور انسان کو روزی سے محروم نہیں کیا جاتا مگر اس گناہ کی وجہ سے جس کا اس نے ارتکاب کیا۔ (ابن ماجہ)

والدین کی خدمت کرنے کی فضیلت

۴۷۰۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ فِيْهَا قِرَاءَةً فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوْا حَارِثَةُ بْنُ النُّعْمَانِ كَذٰلِكُمُ الْبِرُّ كَذٰلِكُمُ الْبِرُّ وَكَانَ اَبَرَّ النَّاسِ بِاُمِّهٖ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ نِمْتُ فَرَاَيْتُنِيْ فِي الْجَنَّةِ بَدَلَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ)۔

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے وہاں قرآن پڑھنے کی آواز سُنی۔ پوچھا یہ کون ہے (جو قرآن پڑھتا ہے) فرشتوں نے کہا حارثہ بن نعمان رضؓ (یہ سُن کر صحابہ رضؓ کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ، حارثہ رضؓ کو یہ درجہ کیوں کر ملا؟ آپ نے اس کا سبب بیان کرتے ہوئے فرمایا یہی ثواب ہے (ماں باپ سے) نیکی کرنے کا یہی ثواب ہے (ماں باپ سے) نیکی کرنے کا۔ اور حارثہ بن نعمان رضؓ ماں باپ کے ساتھ بہت اچھا سلوک کرنے والا تھا۔ (شرح السنۃ۔ بیہقی)

خدا کی خوشنودی کے طلبگار ہو تو والدین کو خوش رکھو

۴۷۰۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِضَى الرَّبِّ فِيْ رِضَى الْوَالِدِ وَسَخَطُ الرَّبِّ فِيْ سَخَطِ الْوَالِدِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پروردگار کی رضامندی ماں باپ کی رضامندی میں ہے اور پروردگار کی ناخوشی باپ کی ناخوشی میں ہے۔ (ترمذی)

ماں باپ کی خوشنودی کو بیوی کی محبت پر ترجیح دینی چاہیئے

۴۷۰۹ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ اَنَّ رَجُلًا اَتَاهُ فَقَالَ اِنَّ لِيْ امْرَاَةً وَاِنَّ اُمِّيْ تَاْمُرُنِيْ بِطَلَاقِهَا فَقَالَ لَهٗ اَبُو الدَّرْدَاءِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْوَالِدُ اَوْسَطُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ فَاِنْ شِئْتَ فَاَضِعْ ذٰلِكَ الْبَابَ اَوِ احْفَظْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابی درداء رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص اُن کے پاس آیا اور کہا کہ میری ماں چاہتی ہے کہ میں اپنی بیوی کو طلاق دے دوں ابو درداء رضؓ نے اس سے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے۔ باپ جنت کے بہترین دروازوں میں سے ہے (یعنی جنت میں داخل ہونے کا بہترین سبب ہے) اگر تو چاہے اس دروازے کی حفاظت کر اور چاہے اس دروازے کو ضائع کر دے۔

ماں اولاد کے نیک سلوک کی زیادہ مستحق ہے

۴۷۱۰ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَبَرُّ قَالَ اُمَّكَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ اُمَّكَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمَّكَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ اَبَاكَ ثُمَّ الْاَقْرَبَ فَالْاَقْرَبَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت بہز بن رضؓ حکیم اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلعم! میں کس کے ساتھ بھلائی کروں؟ آپ نے فرمایا اپنی ماں کے ساتھ۔ میں نے پوچھا پھر کس کے ساتھ فرمایا، ماں کے ساتھ۔ میں نے پوچھا پھر کس کے ساتھ؟ فرمایا ماں کے ساتھ۔ میں نے پوچھا پھر کس کے ساتھ؟ فرمایا باپ کے ساتھ، پھر قریب تر عزیز کے ساتھ اور پھر اس سے کم قریب تر قرابت دار کے ساتھ۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

ناتے داروں کے ساتھ بھلائی کرنے کی اہمیت

۴۷۱۱/۲۰ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَنَا اللّٰهُ وَاَنَا الرَّحْمٰنُ خَلَقْتُ الرَّحِمَ وَشَقَقْتُ لَهَا مِنْ اِسْمِيْ فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهٗ وَمَنْ قَطَعَ بَتَتُّهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضؓ کہتے ہیں۔ میں نے نبی صلعم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے۔ میں اللہ ہوں میں رحمٰن ہوں میں نے رحم (یعنی رشتے ناتے) کو پیدا کیا ہے اور رحم کو اپنے نام رحمٰن سے نکالا ہے پس جو شخص کہ رشتے ناتے کو ملائے گا یعنی قائم و برقرار رکھے گا میں اس کو اپنی رحمت میں ملاؤں گا اور جو رشتے ناتے کو توڑے گا میں اس کو اپنی رحمت سے علیحدہ کردوں گا۔ (ابوداؤد)

ناتا توڑنے والے خدا کی رحمت سے محروم رہتے ہیں

۴۷۱۲/۲۱ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَنْزِلُ الرَّحْمَةُ عَلٰى قَوْمٍ فِيْهِمْ قَاطِعُ رَحِمٍ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی اوفیٰ رضؓ کہتے ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے اس قوم پر خدا کی رحمت نازل نہیں ہوتی جس میں قاطع رحم یعنی رشتے ناتے کو توڑنے والا ہو۔ (بیہقی)

بغاوت اور قطع رحم وہ گناہ ہیں جن کی وجہ سے دنیا میں بھی عذاب ہوتا ہے

۴۷۱۳/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ ذَنْبٍ اَحْرٰى اَنْ يُّعَجِّلَ اللّٰهُ لِصَاحِبِهِ الْعُقُوْبَةَ فِي الدُّنْيَا مَعَ مَا يَدَّخِرُ لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْبَغْيِ وَقَطِيْعَةِ الرَّحِمِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابی بکرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی گناہ اس لائق نہیں ہے کہ خداوند تعالیٰ اس کے مرتکب کو بہت جلد دنیا ہی میں اس کا بدلہ یا عذاب دے اور آخرت میں بھی اس کے عذاب کو اس کے لئے جمع رکھے مگر دو گناہ اس لائق ہیں اور وہ امام وقت کے خلاف بغاوت کرنا اور رشتہ ناتے کو قطع کرنا ہیں۔ (ترمذی - ابوداؤد)

فائزین کے ساتھ جنت میں داخل ہونے سے کون لوگ محروم رہیں گے

۴۷۱۴/۲۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنَّانٌ وَّلَا عَاقٌّ وَّلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جنت میں نہ تو وہ شخص داخل ہوگا جو بہت زیادہ احسان جتانے والا ہو اور نہ وہ شخص جو ماں باپ کی نافرمانی کرنے والا ہو اور نہ شراب کا پینے والا۔ (نسائی - دارمی)

اقرباء کے ساتھ نیک سلوک کرنے کی برکت

۴۷۱۵/۲۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوْا مِنْ اَنْسَابِكُمْ مَا تَصِلُوْنَ بِهٖ اَرْحَامَكُمْ فَاِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ مَحَبَّةٌ فِي الْاَهْلِ مَثْرَاةٌ فِي الْمَالِ مَنْسَاةٌ فِي الْاَثَرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے نسبوں میں سے تم صرف اس قدر سیکھو کہ اس سے تم اپنے ناتہ داروں سے سلوک کرو۔ اس لئے کہ ناتے داروں سے سلوک کرنا اقارب میں محبت کا باعث، مال میں زیادتی و برکت کا سبب اور درازی عمر کا باعث ہوتا ہے۔ (ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث غریب ہے)۔

خالہ ماں کا درجہ رکھتی ہے

۴۷۱۶/۲۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَصَبْتُ ذَنْبًا عَظِيْمًا فَهَلْ لِيْ مِنْ تَوْبَةٍ قَالَ هَلْ لَكَ مِنْ اُمٍّ قَالَ لَا قَالَ وَهَلْ لَكَ مِنْ خَالَةٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَبِرَّهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! میں ایک بڑے گناہ کا مرتکب ہوا ہوں کیا میری توبہ قبول ہو سکتی ہے؟ آپ نے پوچھا کیا تیری ماں زندہ ہے۔ عرض کیا نہیں۔ پھر آپ نے پوچھا کیا تیری خالہ زندہ ہے؟ عرض کیا ہاں۔ آپ نے فرمایا تو اس کے ساتھ سلوک کر۔ (ترمذی)

والدین کی وفات کے بعد بھی ان کے ساتھ حسن سلوک کی صورتیں

۴۷۱۷/۲۶ وَعَنْ اَبِيْ اُسَيْدِ السَّاعِدِيِّ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ سَلِمَةَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَقِيَ مِنْ بِرِّ اَبَوَيَّ شَيْءٌ اَبَرُّهُمَا بِهٖ بَعْدَ مَوْتِهِمَا قَالَ نَعَمِ الصَّلٰوةُ عَلَيْهِمَا وَالْاِسْتِغْفَارُ لَهُمَا وَاِنْفَاذُ عَهْدِهِمَا مِنْ بَعْدِهِمَا وَصِلَةُ الرَّحِمِ الَّتِيْ لَا تُوْصَلُ اِلَّا بِهِمَا وَاِكْرَامُ صَدِيْقِهِمَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابی اُسید ساعدی رضؓ کہتے ہیں۔ ہم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ قبیلۂ بنو سلمہ کا ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! کیا ماں باپ کے ساتھ سلوک و نیکی کرنے کو میرے لئے کچھ باقی ہے کہ میں ان کے بعد اس کو کروں (یعنی زندگی میں تو ان کے ساتھ سلوک کیا گیا۔ ان کے مرنے کے بعد بھی کوئی ایسی صورت ہے کہ ان کے ساتھ سلوک کرتا رہوں؟) آپ نے فرمایا ہاں ان کے لئے دعا کرنا استغفار کرنا اور ان کی وصیت کو پورا کرنا اور ان کے ناتے داروں سے، کہ ان کے ناتے دار ہیں سے سلوک کرنا انھیں کی قرابت کے سبب سے ہے اور ماں باپ کے دوستوں کی عزت کرنا۔ (ابن ماجہ۔ ابوداؤد)

دایہ حلیمہ کے ساتھ آنحضرتؐ کا سلوک

۴۷۱۸/۲۷ وَعَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ لَحْمًا بِالْجِعِرَّانَةِ اِذْ اَقْبَلَتِ امْرَاَةٌ حَتّٰى اِذَا دَنَتْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَسَطَ لَهَا رِدَاءَهٗ فَجَلَسَتْ عَلَيْهِ فَقُلْتُ مَنْ هِيَ فَقَالُوْا هِيَ اُمُّهٗ الَّتِيْ اَرْضَعَتْهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابی طفیل رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے مقام جعرانہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو گوشت تقسیم کرتے دیکھا۔ ناگہاں ایک عورت آئی اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے قریب اس کے لئے چادر بچھا دی اور وہ اس پر بیٹھ گئی۔ میں نے لوگوں سے پوچھا یہ کون عورت ہے؟ انھوں نے کہا یہ آنحضرتؐ کی وہ ماں ہیں جنھوں نے آپ کو دودھ پلایا تھا۔ (ابوداؤد)

فصل سوم

کسی مصیبت کے وقت اپنے نیک اعمال کے وسیلہ سے دعا مانگنا مستحب ہے

۴۷۱۹/۲۸ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَمَا ثَلٰثَةُ نَفَرٍ مِّمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ يَتَمَاشَوْنَ اَخَذَهُمُ الْمَطَرُ فَمَالُوْا اِلٰى غَارٍ فِي الْجَبَلِ فَانْحَطَّتْ عَلٰى فَمِ غَارِهِمْ صَخْرَةٌ مِّنَ الْجَبَلِ فَاَطْبَقَتْ عَلَيْهِمْ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ اُنْظُرُوْا اَعْمَالًا عَمِلْتُمُوْهَا لِلّٰهِ صَالِحَةً فَادْعُوا اللّٰهَ بِهَا لَعَلَّهٗ يُفَرِّجُهَا فَقَالَ اَحَدُهُمُ اللّٰهُمَّ اِنَّهٗ كَانَ لِيْ وَالِدَانِ شَيْخَانِ كَبِيْرَانِ

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تین آدمی چلے جا رہے تھے کہ ان کو بارش نے آلیا۔ وہ پہاڑ کے ایک غار میں گھس گئے پہاڑ سے غار کے منہ ایک پتھر آپڑا اور غار کو بند کر دیا۔ تینوں افراد میں آپس میں گفتگو ہوئی کہ اپنے ان نیک اعمال پر نظر ڈالو جو خاص طور پر خدا کے لئے کئے گئے ہوں اور اس عمل کے وسیلہ سے خدا سے دعا مانگو۔ امید ہے کہ خداوند تعالیٰ اس پتھر یا اس مصیبت کو دور کر دے۔ ایک نے ان میں سے کہا "اے اللہ! میرے ماں باپ بہت بوڑھے تھے اور میرے کئی چھوٹے

وَلِيْ صِبْيَةٌ صِغَارٌ كُنْتُ أَرْعٰى عَلَيْهِمْ فَحَلَبْتُ بَدَأْتُ بِوَالِدَيَّ أَسْقِيْهِمَا قَبْلَ وَلَدِيْ وَإِنَّهُ قَدْنَاىٰ بِيَ الشَّجَرُ فَمَا أَتَيْتُ حَتّٰى أَمْسَيْتُ فَوَجَدْتُهُمَا قَدْ نَامَا فَحَلَبْتُ كَمَا كُنْتُ أَحْلُبُ فَجِئْتُ بِالْحِلَابِ فَقُمْتُ عِنْدَ رُءُوْسِهِمَا أَكْرَهُ أَنْ أُوْقِظَهُمَا وَأَكْرَهُ أَنْ أَبْدَأَ بِالصِّبْيَةِ قَبْلَهُمَا وَالصِّبْيَةُ يَتَضَاغَوْنَ عِنْدَ قَدَمَيَّ فَلَمْ يَزَلْ ذٰلِكَ دَأْبِيْ وَدَأْبَهُمْ حَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا فُرْجَةً نَرٰى مِنْهَا السَّمَاءَ فَفَرَّجَ اللّٰهُ لَهُمْ حَتّٰى يَرَوْنَ السَّمَاءَ قَالَ الثَّانِيْ اَللّٰهُمَّ إِنَّهُ كَانَتْ لِيْ بِنْتُ عَمٍّ أَحْبَبْتُهَا كَأَشَدِّ مَا يُحِبُّ الرِّجَالُ النِّسَاءَ فَطَلَبْتُ إِلَيْهَا نَفْسَهَا فَأَبَتْ حَتّٰى آتِيَهَا بِمِائَةِ دِيْنَارٍ فَسَعَيْتُ حَتّٰى جَمَعْتُ بِمِائَةِ دِيْنَارٍ فَلَقِيْتُهَا بِهَا فَلَمَّا قَعَدْتُ بَيْنَ رِجْلَيْهَا قَالَتْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَفْتَحِ الْخَاتَمَ فَقُمْتُ عَنْهَا اَللّٰهُمَّ فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا مِنْهَا فَفَرَّجَ لَهُمْ فُرْجَةً وَقَالَ الْآخَرُ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ كُنْتُ اسْتَأْجَرْتُ أَجِيْرًا بِفَرَقِ أُرُزٍّ فَلَمَّا قَضٰى عَمَلَهُ قَالَ أَعْطِنِيْ حَقِّيْ فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ حَقَّهُ فَتَرَكَهُ وَرَغِبَ عَنْهُ فَلَمْ أَزَلْ أَزْرَعُهُ حَتّٰى جَمَعْتُ مِنْهُ بَقَرًا وَرَاعِيَهَا فَجَاءَنِيْ فَقَالَ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَظْلِمْنِيْ وَأَعْطِنِيْ حَقِّيْ فَقُلْتُ اذْهَبْ إِلٰى ذٰلِكَ الْبَقَرِ وَرَاعِيْهَا فَقَالَ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَهْزَأْ بِيْ فَقُلْتُ إِنِّيْ لَا أَهْزَأُ بِكَ فَخُذْ ذٰلِكَ الْبَقَرَ وَرَاعِيَهَا فَأَخَذَهُ فَانْطَلَقَ بِهَا فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا مَا بَقِيَ فَفَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

بچے تھے اور میں بکریاں چرایا کرتا تھا تاکہ ان کا دودھ ان سب کو پلاؤں جب شام ہو جاتی تو میں گھر آتا دودھ دوہتا اور سب سے پہلے اپنے ماں باپ کو پلاتا۔ پھر بچوں کو دیتا۔ ایک روز ایسا اتفاق ہوا کہ چراگاہ کے درخت مجھ کو دور لے گئے (یعنی بکریوں کو چراتا چراتا میں دور نکل گیا اور وقت پر میں گھر نہ آسکا یہاں تک کہ شام ہو گئی۔ جب گھر پہنچا تو دیکھا کہ میرے ماں باپ دونوں سو گئے ہیں۔ میں نے حسب معمول دودھ دوہا پھر دودھ کا برتن لے کر ماں باپ کے پاس پہنچا اور ان کے سرہانے کھڑا ہو گیا۔ مجھ کو ان کا جگانا بھی برا معلوم ہوا اور یہ بھی کہ میں والدین سے پہلے بچوں کو دودھ پلاؤں بچے میرے پاؤں کے پاس پڑے بھوک سے روتے اور چلاتے تھے اور میں دودھ لئے کھڑا تھا صبح تک یہی کیفیت رہی یعنی میں دودھ لئے کھڑا رہا بچے روتے رہے اور ماں باپ پڑے سوتے رہے۔ اے اللہ! اگر تو جانتا ہے کہ میں نے یہ کام محض تیری رضامندی اور خوشنودی کے لئے کیا ہے تو تو اس پتھر کو اتنا کھول دے کہ ہم آسمان کو دیکھ سکیں۔" چنانچہ خداوند تعالیٰ نے پتھر کو اتنا ہٹا دیا کہ آسمان نظر آنے لگا۔ دوسرے شخص نے کہا کہ "اے اللہ! میرے چچا کی ایک بیٹی تھی میں اس سے غیر معمولی محبت کرتا تھا ایسی محبت جیسی کہ مرد عورتوں سے کرتے ہیں۔ میں نے اس سے جماع کی خواہش ظاہر کی تو اس نے کہا، جب تک سو دینار سُرخ نہ دو گے، ایسا نہیں ہو سکتا۔ پس میں نے کوشش شروع کی اور سو دینار جمع کر لئے اور ان دیناروں کو لے کر میں اس کے پاس پہنچا پھر جب میں اس کی دونوں ٹانگوں کے درمیان بیٹھا یعنی جماع کے لئے تو اس نے کہا۔ اے خدا کے بندے خدا سے ڈر اور مُہر کو نہ توڑ (یعنی بکارت کو زائل نہ کر) پس میں خدا کے خوف سے فوراً اٹھ کھڑا ہوا (یعنی اس سے جماع نہیں کیا) اے اللہ! اگر تیرے نزدیک میرا یہ فعل محض تیری رضامندی اور خوشنودی کے لئے تھا تو تو اس پتھر کو ہٹا دے اور ہمارے لئے راستہ کھول دے۔" خداوند تعالیٰ نے پتھر کو تھوڑا سا اور ہٹا دیا۔ تیسرے شخص نے کہا اے اللہ تعالیٰ میں نے ایک شخص کو مزدوری پر لگایا تھا ایک فرق (پیمانہ) چاول کے معاوضہ پر۔ جب وہ شخص اپنا کام ختم کر چکا تو کہا میری مزدوری مجھ کو دلوائیے۔ میں اس کی مزدوری دینے لگا تو وہ اس چھوڑ کر چلا گیا اور پھر اپنا حق لینے کی طرف توجہ نہ کی۔ میں نے اس کی مزدوری کے چاولوں سے کاشت شروع کر دی اور ہمیشہ کاشت کرتا رہا یہاں تک کہ ان چاولوں

کی قیمت میں سے میں نے بہت سے بیل اور ان کے چرواہے میں نے جمع کرلئے اس کے بعد وہ مزدور میرے پاس آیا اور کہا خدا سے ڈر اور مجھ پر ظلم نہ کر اور میرا حق میرے حوالے کر۔ میں نے کہا کہ ان بیلوں اور چرواہوں کو لے جا (کہ یہ تیرا حق ہے) اس نے کہا خدا سے ڈر اور مجھ سے مذاق نہ کر۔ میں نے کہا میں تجھ سے مذاق نہیں کرتا۔ ان بیلوں اور ان چرواہوں کو لے جا۔ چنانچہ اس نے ان سب کو جمع کیا اور لے کر چلا گیا۔ اے اللہ! تیرے نزدیک میرا یہ فعل محض تیری خوشی اور رضا کے لئے تھا، تو تو اس پتھر کو ہٹا دے۔" چنانچہ خداوند تعالیٰ نے پتھر کو ہٹا دیا اور راستہ کھول دیا۔ (بخاری و مسلم)

جنت ماں کے قدموں میں ہے

۴۷۲۰/۲۹ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ جَاهِمَةَ اَنَّ جَاهِمَةَ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَدْتُ اَنْ اَغْزُوَ وَقَدْ جِئْتُ اَسْتَشِيْرُكَ فَقَالَ هَلْ لَكَ مِنْ اُمٍّ فَقَالَ نَعَمْ قَالَ فَالْزَمْهَا فَاِنَّ الْجَنَّةَ عِنْدَ رِجْلِهَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت معاویہ بن جاہمہ رضؓ کہتے ہیں کہ جاہمہؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ یا رسول اللہ! میں نے جہاد پر جانیکا ارادہ کیا ہے اور آپ سے مشورہ لینے آیا ہوں۔ آپ نے دریافت فرمایا کیا تیری ماں (زندہ) ہے؟ اس نے عرض کیا ہاں۔ آپ نے فرمایا ماں کی خدمت کو اختیار کر، اس لئے کہ جنت ماں کے قدموں میں ہے۔ (احمد۔ نسائی۔ بیہقی)

باپ کی خواہش کا احترام کرو

۴۷۲۱/۳۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ تَحْتِيْ اِمْرَاَةٌ اُحِبُّهَا وَكَانَ عُمَرُ يَكْرَهُهَا فَقَالَ لِيْ طَلِّقْهَا فَاَبَيْتُ فَاَتَى عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلِّقْهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں میرے نکاح میں ایک عورت تھی جس سے میں محبت کرتا تھا اور (میرے والد حضرت) عمر رضؓ اس عورت سے نفرت کرتے تھے (ایک روز والد نے مجھ سے) کہا تو اس عورت کو طلاق دیدے۔ میں نے انکار کیا تو حضرت عمر رضؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر واقعہ عرض کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تو اس عورت کو طلاق دیدے۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

والدین کی اہمیت کیا ہے

۴۷۲۲/۳۱ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا حَقُّ الْوَالِدَيْنِ عَلٰى وَلَدِهِمَا قَالَ هُمَا جَنَّتُكَ وَنَارُكَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابی امامہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! ماں باپ کا اولاد پر کیا حق ہے؟ آپ نے فرمایا ماں باپ اولاد کے لئے جنت بھی ہیں اور دوزخ بھی۔ (ابن ماجہ)

ماں باپ کے حق میں استغفار و ایصالِ ثواب کے ذریعہ ان کی ناراضگی کے وبال کو ٹالا جا سکتا ہے

۴۷۲۳/۳۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ لَيَمُوْتُ وَالِدَاهُ اَوْ اَحَدُهُمَا وَاِنَّهٗ لَهُمَا لَعَاقٌّ فَلَا يَزَالُ يَدْعُوْ لَهُمَا وَيَسْتَغْفِرُ لَهُمَا حَتّٰى يَكْتُبَهُ اللّٰهُ بَارًّا۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کسی بندہ کے ماں باپ یا ان میں سے کوئی ایک مرتا ہے اس حال میں کہ وہ ان کا نافرمان ہوتا ہے اور پھر ان کے مرنے کے بعد وہ نافرمان بیٹا ماں باپ کے لئے دعا و استغفار کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو نیکوکار لوگوں میں لکھ دیتا ہے۔ (بیہقی)

والدین کی اطاعت و نافرمانی حقیقت میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت و معصیت ہے

۴۷۲۴/۳۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَصْبَحَ مُطِيْعًا لِلّٰهِ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اس حال میں صبح کرے کہ وہ ماں باپ کے حق میں

فِیْ وَالِدَیْہِ اَصْبَحَ لَہٗ بَابَانِ مَفْتُوْحَانِ مِنَ الْجَنَّۃِ وَاِنْ کَانَ وَاحِدًا فَوَاحِدًا وَمَنْ اَمْسٰی عَاصِیًا لِلّٰہِ فِیْ وَالِدَیْہِ اَمْسٰی لَہٗ بَابَانِ مَفْتُوْحَانِ مِنَ النَّارِ وَاِنْ کَانَ وَاحِدًا فَوَاحِدًا قَالَ رَجُلٌ وَّاِنْ ظَلَمَاہُ قَالَ وَاِنْ ظَلَمَاہُ وَاِنْ ظَلَمَاہُ وَاِنْ ظَلَمَاہُ رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ

خدا کے احکام کی اطاعت کرتا ہو (یعنی ماں باپ کے حقوق ادا کرتا ہو) تو وہ اس حال میں صبح کرتا ہے کہ اس کے لئے جنت کے دروازے کھلے ہوتے ہیں اور ماں باپ میں سے ایک ہی زندہ ہو تو جنت کا ایک ہی دروازہ کھلا ہوتا ہے۔ اور جو شخص اس حال میں صبح کرے کہ وہ ماں باپ کے حق میں خدا کا نافرمان ہو تو وہ اس حال میں صبح کرتا ہے کہ اس کے لئے دوزخ کے دروازے کھلے ہوتے ہیں اور ماں باپ میں سے کوئی ایک زندہ ہو تو دوزخ کا ایک دروازہ کھلا ہوتا ہے۔ ایک شخص نے عرض کیا اگرچہ ماں باپ ظلم کریں؟ اس پر آپ نے فرمایا اگرچہ اس پر ظلم کریں، اگرچہ اس پر ظلم کریں، اگرچہ اس پر ظلم کریں۔ (بیہقی)

ماں باپ کو محبت و احترام سے دیکھنے کی فضیلت

۴۷۲۵ وَعَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ وَلَدٍ بَارٍّ یَنْظُرُ اِلٰی وَالِدَیْہِ نَظَرَ رَحْمَۃٍ اِلَّا کَتَبَ اللّٰہُ لَہٗ بِکُلِّ نَظْرَۃٍ حَجَّۃً مَبْرُوْرَۃً قَالُوْا وَاِنْ نَظَرَ کُلَّ یَوْمٍ مِائَۃَ مَرَّۃٍ قَالَ نَعَمْ اللّٰہُ اَکْبَرُ وَاَطْیَبُ رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو بیٹا کہ ماں باپ کی طرف رحمت و شفقت کی نظر سے دیکھے، اللہ تعالیٰ اس کے حساب میں ہر نظر کے بدلے ایک مقبول حج کا ثواب لکھتا ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا اگرچہ دن میں سو مرتبہ دیکھے آپ نے فرمایا ہاں اللہ تعالیٰ بہت بڑا اور پاکیزہ ہے۔ (بیہقی)

والدین کی نافرمانی کرنے والے کے بارے میں وعید

۴۷۲۶ وَعَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُلُّ الذُّنُوْبِ یَغْفِرُ اللّٰہُ تَعَالٰی مِنْہَا مَا شَاءَ اِلَّا عُقُوْقَ الْوَالِدَیْنِ فَاِنَّہٗ یُعَجِّلُ لِصَاحِبِہٖ فِی الْحَیَاۃِ قَبْلَ الْمَمَاتِ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ)

حضرت ابی بکرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر گناہ (بجز شرک) خداوند تعالیٰ بخش دیتا ہے یعنی ان میں سے جس قدر خدا چاہے مگر ماں باپ کی نافرمانی کے گناہ کو نہیں بخشتا بلکہ خدا اس کی سزا دنیا ہی میں مرنے سے پہلے اس کو دیدیتا ہے۔ (بیہقی)

بڑا بھائی باپ کی مانند ہے

۴۷۲۷ وَعَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَقُّ کَبِیْرِ الْاِخْوَۃِ عَلٰی صَغِیْرِہِمْ کَحَقِّ الْوَالِدِ عَلٰی وَلَدِہٖ رَوَی الْبَیْہَقِیُّ الْاَحَادِیْثَ الْخَمْسَۃَ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت سعید بن العاصؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بڑے بھائی کا حق چھوٹے بھائی پر ایسا ہے، جیسا کہ باپ کا حق بیٹے پر۔ (بیہقی)

بَابُ الشَّفَقَۃِ وَالرَّحْمَۃِ عَلَی الْخَلْقِ خدا کی مخلوق پر شفقت و رحمت کا بیان

فصل اوّل

جو شخص لوگوں پر رحم نہیں کرتا اس پر اللہ کی رحمت نازل نہیں ہوتی

۴۷۲۸ عَنْ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

حضرت جریر بن عبداللہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَّا يَرْحَمُ النَّاسَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

فرمایا ہے خداوند تعالیٰ اس شخص پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا (بخاری و مسلم)

بچوں کو پیار کرنے کی فضیلت

۴۷۲۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَتُقَبِّلُوْنَ الصِّبْيَانَ فَمَا نُقَبِّلُهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَ اَمْلِكُ لَكَ اِنْ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ قَلْبِكَ الرَّحْمَةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ ایک دیہاتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور (صحابہؓ کو بچوں کو پیار کرتے اور چومتے دیکھ کر) کہا کیا تم بچوں کو چومتے ہو ہم تو نہیں چومتے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں اس پر قادر ہوں کہ تیرے دل سے خدا نے جو رحمت نکال لی ہے میں اس کو پھر تیرے دل میں رکھ دوں۔ (بخاری و مسلم)

لڑکی ماں باپ کے پیار و محبت اور حسنِ سلوک کی زیادہ مستحق ہے

۴۷۳۰ وَعَنْهَا قَالَتْ جَاءَتْنِيْ اِمْرَاَةٌ وَمَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا تَسْاَلُنِيْ فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِيْ غَيْرَ تَمْرَةٍ وَاحِدَةٍ فَاَعْطَيْتُهَا اِيَّاهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَاْكُلْ مِنْهَا ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ بِشَيْءٍ فَاَحْسَنَ اِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِّنَ النَّارِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ ایک عورت میرے پاس آئی جس کے ساتھ اُس کی دو بیٹیاں بھی تھیں۔ مجھ سے اس نے سوال کیا میرے پاس صرف ایک کھجور اس وقت تھی وہی میں نے اُس کو دیدی اُس نے اس کھجور کو آدھی آدھی دونوں بیٹیوں میں تقسیم کر دیا اور خود اس میں سے کچھ نہ کھایا۔ پھر وہ اُٹھی اور باہر چلدی۔ اس کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے میں نے واقعہ بیان کیا۔ آپ نے فرمایا جو شخص ان لڑکیوں کے ساتھ آزمائش میں مبتلا کیا جائے (یعنی جو بیٹیوں کی وجہ سے مصیبت و عُسرت میں مبتلا ہو) اور وہ ان بیٹیوں کے ساتھ احسان و سلوک کرے تو یہ بیٹیاں اس کے لئے دوزخ کی آگ کے سامنے پردہ ہوں گی (یعنی اُس کو دوزخ سے بچائیں گی)۔ (بخاری و مسلم)

بچوں کی پرورش کرنیکی فضیلت

۴۷۳۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ حَتّٰى تَبْلُغَا جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَنَا وَهُوَ هٰكَذَا وَضَمَّ اَصَابِعَهُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص دو بیٹیوں کی پرورش کرے یہانتک کہ وہ بالغ ہو جائیں (یعنی ان کی شادی ہو جائے اور وہ اپنے شوہر کے گھر پہنچ جائیں) تو وہ شخص اور میں قیامت کے دن اس طرح ایک جگہ ہوں گے جس طرح یہ انگلیاں ہیں (یعنی انگشتِ شہادت اور درمیانی انگلی) اور دونوں انگلیوں کو آپ نے ملا کر دکھایا۔ (مسلم)

بیوہ اور مسکین کی خدمت کا ثواب

۴۷۳۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّاعِيْ عَلَى الْاَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِيْنِ كَالسَّاعِيْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاَحْسِبُهُ قَالَ كَالْقَائِمِ لَا يَفْتُرُ وَكَالصَّائِمِ لَا يُفْطِرُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابی ہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بیوہ عورت اور مسکین کی خبر گیری کرنے والا خدا کی راہ میں سعی کرنے والے کی مانند ہے (یعنی اس کا ثواب جہاد اور حج کے برابر ہے راوی کا بیان ہے کہ میرا خیال ہے کہ آپ نے یہ بھی فرمایا۔ بیوہ اور مسکین کی خبر گیری کرنے والا اُس شب بیدار شخص کی مانند ہے جو عبادت اور شب بیداری میں سستی نہیں کرتا اور اس روزہ دار کی مانند ہے جو دن کو کبھی افطار نہیں کرتا (یعنی صائم الدہر کی مانند) (بخاری و مسلم)

یتیم کی پرورش کرنے کی فضیلت

۴۷۳۳ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ لَهٗ وَ لِغَيْرِهٖ فِي الْجَنَّةِ هٰكَذَا وَ اَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى وَ فَرَّجَ بَيْنَهُمَا شَيْئًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سہل بن سعد رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں اور یتیم بچہ کا پرورش کرنے والا خواہ وہ یتیم اس کا ہو یا غیر کا جنت میں اس طرح ہوں گے یہ کہہ کر آپ نے انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کو دکھایا اور دونوں انگلیوں کے درمیان تھوڑی سی کشادگی رکھی۔ (بخاری)

تمام مسلمانوں کو یک تن ہونا چاہیئے

۴۷۳۴ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَرَاحُمِهِمْ وَتَوَادِّهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ اِذَا اشْتَكٰى عُضْوًا تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمّٰى۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت نعمان بن بشیر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تو مومنوں کو آپس میں رحم کرنے محبت رکھنے اور مہربانی کرنے میں ایسا پائے گا جیسا کہ بدن ہے جب بدن کا کوئی عضو دکھتا ہے تو سارے بدن کے اعضاء اس کے دکھ میں شریک ہو جاتے ہیں اور بیداری و بخار میں سارا جسم شریک رہتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

۴۷۳۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُوْنَ كَرَجُلٍ وَاحِدٍ اِنِ اشْتَكٰى عَيْنُهٗ اشْتَكٰى كُلُّهٗ وَاِنِ اشْتَكٰى رَأْسُهٗ اشْتَكٰى كُلُّهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت نعمان بن بشیر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سارے مومن ایک شخص واحد کی مانند ہیں (یعنی ایک شخص کے جسم کے اعضا کے مانند) جب اس کی آنکھ دکھتی ہے تو سارا جسم دکھتا ہے اور سر میں درد ہوتا ہے تو سارا بدن اسکی تکلیف کو محسوس کرتا ہے۔ (مسلم)

سارے مسلمان ایک دوسرے کی مدد و اعانت کے ذریعہ ناقابل تسخیر طاقت بن سکتے ہیں

۴۷۳۶ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا ثُمَّ شَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابی موسیٰ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسلمان مسلمان کے لئے مانند مکان کے ہے (یعنی سارے مسلمان ایک مکان کی مانند ہیں کہ مکان کا حصہ دوسرے حصہ کو مضبوط رکھتا ہے) یہ کہہ کر آپ نے ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں داخل کر کے بتلایا کہ سارے مسلمان اس طرح ملے اور جکڑے ہوئے ہیں۔ (بخاری و مسلم)

سفارش کرنا ایک مستحسن عمل ہے

۴۷۳۷ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا اَتَاهُ السَّائِلُ اَوْ صَاحِبُ الْحَاجَةِ قَالَ اشْفَعُوْا فَلْتُؤْجَرُوْا وَيَقْضِيَ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِهٖ مَا شَاءَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابی موسیٰ رضؓ کہتے ہیں کہ جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کوئی سائل یا حاجتمند آتا تو آپ صحابہ رضؓ سے فرماتے (اس کی) سفارش کرو تاکہ تم کو سفارش کا ثواب ملے اور خداوند تعالیٰ اپنے رسولؐ کی زبان سے جو حکم چاہتا ہے جاری فرماتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

ظالم کی مدد کس طرح کی جا سکتی ہے

۴۷۳۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنْصُرْ اَخَاكَ ظَالِمًا اَوْ مَظْلُوْمًا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْصُرُهٗ اِذَا كَانَ مَظْلُوْمًا فَكَيْفَ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے بھائی کی مدد کرو ظالم ہو یا مظلوم۔ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ مظلوم کی تو میں مدد کرتا ہوں، ظالم کی مدد کیوں کر کروں؟ آپ نے

انصرہ ظالما قال تمنعہ من الظلم فذالک نصرک ایاہ۔ (متفق علیہ)

فرمایا تو (۲۱) کو ظلم سے روک، تیرا اس کو ظلم سے باز رکھنا ہی مدد کرنا ہے۔ (بخاری و مسلم)

تمام مسلمان ایک دوسرے کے بھائی ہیں

۴۷۳۹ وعن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال المسلم لا یظلمہ ولا یسلمہ ومن کان فی حاجۃ اخیہ کان اللہ فی حاجتہ ومن فرج عن مسلم کربۃ فرج اللہ عنہ کربۃ من کربات یوم القیمۃ ومن ستر مسلما ستر اللہ یوم القیمۃ۔ (متفق علیہ) ۱۲

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، مسلمان، مسلمان کا (دینی) بھائی ہے نہ تو کوئی مسلمان کسی مسلمان پر ظلم کرے نہ اس کو ہلاکت میں ڈالے (یعنی مثلاً کسی دشمن کے ہاتھ نہ پڑنے دے بلکہ اس کی مدد کرے) اور جو شخص کسی مسلمان بھائی کی حاجت روائی میں مدد کریگا اللہ تعالیٰ اس کی حاجت روائی کرے گا اور جو شخص کسی مسلمان کے رنج و غم یا مصیبت و مشکل کو دور کرے گا خدا اس کی رنج و مصیبت اور غم کو دور کریگا (خصوصاً) روز قیامت کی مصیبت اور غم کو اور جو شخص کسی مسلمان کے عیب کو چھپائے گا خداوند تعالیٰ قیامت کے دن اس کے عیب کو چھپائے گا۔ (بخاری و مسلم)

کسی مسلمان کو حقیر نہ سمجھو

۴۷۴۰ وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المسلم اخو المسلم لا یظلمہ ولا یخذلہ ولا یحقرہ التقوی ھھنا ویشیر الی صدرہ ثلث مرار بحسب امرئ من الشر ان یحقر اخاہ المسلم کل المسلم علی المسلم حرام دمہ وعرضہ۔ (رواہ مسلم) ۱۳

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے کوئی مسلمان کسی مسلمان پر نہ تو ظلم کرے نہ اس کو رسوا ہونے دے، نہ اس کو ذلیل و حقیر سمجھے۔ تقویٰ اس جگہ ہے یہ فرما کر آپ نے تین مرتبہ سینہ کی طرف اشارہ کیا اور پھر فرمایا ان کے لئے اتنی برائی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر و ذلیل جانے مسلمان کی ساری چیزیں مسلمان پر حرام ہیں۔ یعنی مسلمان کا خون مسلمان کا مال اور مسلمان کی آبرو۔ (مسلم)

جنتی اور دوزخی لوگوں کی سات قسمیں

۴۷۴۱ وعن عیاض بن حمار قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اھل الجنۃ ثلثۃ ذو سلطان مقسط متصدق موفق ورجل رحیم رقیق القلب لکل ذی قربی ومسلم وعفیف متعفف ذو عیال واھل النار خمسۃ الضعیف الذی لا زبر لہ الذین ھم فیکم تبع لا یبغون اھلا ولا مالا والخائن الذی لا یخفی لہ طمع وان دق الا خانہ ورجل لا یصبح ولا یمسی الا وھو یخادعک عن اھلک ومالک وذکر البخل والکذب والشنظیر الفحاش ۱۴

حضرت عیاض بن حمار رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تین قسم کے آدمی بہشتی ہیں ایک تو وہ حاکم جو عدل و انصاف کرنے والا اور احسان کرنے والا ہو اور اس کو بھلائیوں اور نیکیوں کی توفیق دی گئی ہو دوسرے وہ شخص جو (چھوٹوں اور بڑوں پر) مہربان ہو اور قرابت داروں اور مسلمانوں کے لئے رقیق القلب (نرم دل ہو) (یعنی اپنے اور بیگانہ پر مہربان ہو) تیسرے وہ شخص جو حرام چیزوں سے بچنے والا ہو سوال سے پرہیز کرنے والا اور اہل و عیال کے بارے میں خدا پر بھروسہ کرنے والا ہو۔ اور دوزخی پانچ قسم کے آدمی ہیں۔ ایک تو وہ کمزور عقل کہ اس کی عقل کی کمزوری اس کو امور ناشائستہ سے باز نہ رکھے (اور یہ شخص) ان لوگوں میں سے ہے جو تمہارے تابع اور خادم ہیں وہ تابع اور خادم جو بیوی اور مال کی پرواہ نہیں رکھتے (یعنی اپنی بدکاریوں کے

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ) سبب ان کو بیوی کی پرواہ نہیں ہے اور حرام کاری ہی میں خوش ہیں اور نہ ان کو مال کی پروا ہے حرام و حلال جس طرح ان کو پیٹ بھرنے کے لئے مل جائے اسی کو کافی سمجھتے ہیں) دوسرے وہ شخص جو خائن و بے دیانت ہیں کہ ان کی طمع ان کو چین سے بیٹھنے نہیں دیتی اور وہ ہر مخفی چیز کے تجسس میں لگے رہتے ہیں تاکہ ان کو پاکر اور ان میں بددیانتی کریں اگرچہ وہ معمولی ہی سی چیز کیوں نہ ہو تیسرے وہ شخص جو صبح و شام تجھ کو تیرے اہل و مال میں دھوکہ دینے کی فکر میں لگا رہتا ہے (کہ کوئی موقع پائے تو تیرے اہل و مال میں تجھ کو فریب دے اور اپنی غرض کو حاصل کرے) اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بخیل، جھوٹے اور بدخلق فحش گو کا ذکر کیا (یعنی باقی دو شخص یہ ہیں کہ ایک ان میں سے بخیل یا کاذب ہے، اور دوسرا بدخلق و فحش گو۔) (مسلم)

اپنے مسلمان بھائی کے لئے اسی چیز کو اچھا سمجھو جس کو اپنے لئے اچھا سمجھتے ہو

۴۷۴۲/۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ بندہ اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوتا جب تک کہ اپنے (مسلمان بھائی) برادر کے لئے بھی اسی چیز کو پسند نہ کرے جس کو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے (یعنی دین و دنیا کی بھلائی میں سے جن چیزوں کو اپنے لئے پسند کرتا ہے سارے مسلمانوں کے لئے بھی ان کو پسند کرے۔) (بخاری و مسلم)

ہمسایہ کو تکلیف نہ پہنچاؤ

۴۷۴۳/۱۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ قِيْلَ مَنْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الَّذِیْ لَا يَاْمَنُ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قسم ہے خدا کی ایمان نہیں لاتا، قسم ہے خدا کی ایمان نہیں لاتا، قسم ہے خدا کی ایمان نہیں لاتا (یعنی ایمانِ کامل) پوچھا گیا یا رسول اللہ! کون؟ ایمان نہیں لاتا؟ فرمایا وہ شخص (خدا پر ایمان نہیں لاتا) جس کے ہمسائے اس کی برائیوں سے مامون و محفوظ نہ ہوں۔ (بخاری و مسلم)

۴۷۴۴/۱۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَا يَاْمَنُ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وہ شخص جنت میں نہ جائے گا جس کے پڑوسی اس کی برائیوں سے مامون و محفوظ نہ ہوں (مسلم)

ہمسایہ کے ساتھ اچھا سلوک اختیار کرنے کی اہمیت

۴۷۴۵/۱۸ وَعَنْ عَائِشَةَ وَابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا زَالَ جِبْرَئِيْلُ يُوْصِيْنِیْ بِالْجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّهٗ سَيُوَرِّثُهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ اور حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبرئیلؑ ہمیشہ مجھ کو ہمسایہ کا حق ادا کرنے کی ہدایت کرتے رہتے تھے یہاں تک کہ میں نے یہ خیال قائم کر لیا کہ جبرئیل علیہ السلام پڑوسی کو وارث قرار دیدیں گے (یعنی ایک ہمسایہ کو دوسرے ہمسایہ کا وارث بنا دیں گے) (بخاری و مسلم)

تیسرے شخص کی موجودگی میں دو شخص آپس میں سرگوشی نہ کریں

۴۷۴۶/۱۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كُنْتُمْ ثَلٰثَةً فَلَا يَتَنَاجٰى اثْنَانِ دُوْنَ الْاٰخَرِ حَتّٰى تَخْتَلِطُوْا بِالنَّاسِ مِنْ اَجْلِ اَنْ يُّحْزِنَهٗ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر تم تین آدمی ساتھ ہو تو دو آدمی سرگوشی نہ کریں (یعنی دو آدمی اس طرح گفتگو نہ کریں کہ تیسرا ساتھی اس کو نہ سن سکے۔ جبتک کہ بہت سے آدمیوں میں نہ مل جائیں (یعنی جب بہت سے آدمی ایک جگہ جمع ہو جائیں

تو پھر سرگوشی ممنوع نہیں ہے) اور یہ اس وجہ سے کہ اس طرح سرگوشی کرنے سے تیسرا شخص رنجیدہ ہوگا۔ (بخاری و مسلم)

خیر خواہی کی اہمیت و فضیلت

۴۷۴۷/۲۰ وَعَنْ تَمِيْمِ الدَّارِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ ثَلٰثًا قُلْنَا لِمَنْ قَالَ لِلّٰهِ وَلِكِتَابِهٖ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَامَّتِهِمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت تمیم داری رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، دین خیر خواہی اور نصیحت (کا نام) ہے۔ آپ نے تین مرتبہ یہ الفاظ فرمائے ہم نے پوچھا یہ خیر خواہی اور نصیحت کس کے لئے ہے؟ فرمایا خدا کے لئے خدا کی کتاب کے لئے خدا کے رسول کے لئے مسلمانوں کے اماموں کے لئے اور عام مسلمانوں

۴۷۴۸/۲۱ وَعَنْ جَرِيْرٍ قَالَ بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جریر رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر ان باتوں کے لئے بیعت کی یعنی اقامت صلوٰۃ پر زکوٰۃ ادا کرنے پر اور ہر مسلمان کی خیر خواہی پر۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

بدبخت کا دل رحم و شفقت کے جذبے سے خالی ہوتا ہے

۴۷۴۹/۲۲ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ الصَّادِقَ الْمَصْدُوْقَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ اِلَّا مِنْ شَقِيٍّ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں۔ میں نے ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کو جو سچے اور سچائی میں مشہور ہیں یہ فرماتے سنا ہے کہ رحمت و رحم کسی کے دل سے نہیں نکالی جاتی مگر بدبخت کے دل سے نکال لی جاتی ہے۔ (احمد۔ ترمذی)

تم زمین والوں پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کرے گا

۴۷۵۰/۲۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلرَّاحِمُوْنَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ اِرْحَمُوْا مَنْ فِي الْاَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَآءِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو لوگ خدا کی مخلوق پر رحم و شفقت کرتے ہیں۔ رحمٰن اُن پر رحم و شفقت کرتا ہے تم زمین والوں پر رحم کرو تاکہ آسمان والا تم پر رحم کرے۔ (ابوداؤد۔ ترمذی)

جو شخص اپنے چھوٹوں پر شفقت اور اپنے بڑوں کا احترام نہ کرے وہ متبعین رسول میں سے نہیں ہے

۴۷۵۱/۲۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيْرَنَا وَيَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وہ شخص ہم میں سے (یعنی ہماری جماعت میں سے) نہیں ہے جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کرے، ہمارے بڑوں کی عزت و توقیر نہ کرے، نیکی اور بھلائی کا حکم نہ دے اور بدی و برائی سے منع نہ کرے۔ (ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث غریب ہے)

اپنی تعظیم کرانا چاہتے ہو تو اپنے بڑوں کی تعظیم کرو

۴۷۵۲/۲۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَكْرَمَ شَابٌّ شَيْخًا مِّنْ اَجْلِ سِنِّهٖ اِلَّا قَيَّضَ اللّٰهُ لَهٗ عِنْدَ سِنِّهٖ مَنْ يُّكْرِمُهٗ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس جوان نے کسی بوڑھے شخص کی اس کے بڑھاپے کے سبب تعظیم و تکریم کی تو خداوند تعالیٰ اس کے بڑھاپے کے لئے ایسے شخص کو مقرر کرے گا جو اس کی تعظیم و تکریم کرے گا۔ (ترمذی)

عالم و حافظ اور عادل بادشاہ کی تعظیم خدا کی تعظیم ہے

۴۷۵۳ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اِجْلَالِ اللّٰہِ اِکْرَامَ ذِی الشَّیْبَۃِ الْمُسْلِمِ وَحَامِلِ الْقُرْاٰنِ غَیْرِ الْغَالِیْ فِیْہِ وَ لَا الْجَافِیْ عَنْہُ وَاِکْرَامُ السُّلْطَانِ الْمُقْسِطِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابی موسیٰ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بوڑھے مسلمان کی عزت و تکریم کرنا، قرآن پڑھنے (حافظ، مفسر یا ناظرہ قرآن پڑھنے) والے کی عزت کرنا جب کہ وہ قرآن کے الفاظ و معنی میں زیادتی اور غلو کرنے والا نہ ہو، اور عادل بادشاہ کی تعظیم کرنی بھی منجملہ خداوندی تعظیم کے ہے۔ (ابوداؤد۔ بیہقی)

یتیم کے ساتھ حسن سلوک کی فضیلت

۴۷۵۴ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْرُ بَیْتٍ فِی الْمُسْلِمِیْنَ بَیْتٌ فِیْہِ یَتِیْمٌ یُحْسَنُ اِلَیْہِ وَشَرُّ بَیْتٍ فِی الْمُسْلِمِیْنَ بَیْتٌ فِیْہِ یَتِیْمٌ یُسَاءُ اِلَیْہِ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسلمانوں کے گھروں میں بہترین گھر وہ ہے جس میں یتیم ہو جس کے ساتھ احسان و سلوک کیا جائے اور مسلمانوں کے گھروں میں بدترین گھر وہ ہے جس میں یتیم ہو اور اس کے ساتھ برا سلوک کیا جائے۔ (ابن ماجہ)

۴۷۵۵ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ مَسَحَ رَاْسَ یَتِیْمٍ لَمْ یَمْسَحْہُ اِلَّا لِلّٰہِ کَانَ لَہٗ بِکُلِّ شَعْرَۃٍ تَمُرُّ عَلَیْھَا یَدُہٗ حَسَنَاتٌ وَمَنْ اَحْسَنَ اِلٰی یَتِیْمَۃٍ اَوْ یَتِیْمٍ عِنْدَہٗ کُنْتُ اَنَا وَھُوَ فِی الْجَنَّۃِ کَھَاتَیْنِ وَقَرَنَ بَیْنَ اِصْبَعَیْہِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)۔

حضرت ابی امامہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص خدا کی خوشنودی کے لئے کسی یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرے تو یتیم کے سر کے ہر بال کے عوض جس پر اس کا ہاتھ پڑے نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ اور جو شخص اس یتیم بچی یا یتیم لڑکے کے ساتھ جو اس کی پرورش و تربیت میں احسان کرے، میں اور وہ جنت میں اس طرح ہوں گے جس طرح یہ دو انگلیاں ملی ہوئی ہیں (آپؐ نے دو انگلیوں کو ملا کر دکھایا)۔ (احمد۔ ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث غریب ہے)۔

بہن بیٹی کی پرورش کرنے کی فضیلت

۴۷۵۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰوٰی یَتِیْمًا اِلٰی طَعَامِہٖ وَشَرَابِہٖ اَوْجَبَ اللّٰہُ لَہُ الْجَنَّۃَ الْبَتَّۃَ اِلَّا اَنْ یَّعْمَلَ ذَنْبًا لَا یُغْفَرُ وَمَنْ عَالَ ثَلٰثَ بَنَاتٍ اَوْ مِثْلَھُنَّ مِنَ الْاَخَوَاتِ فَاَدَّبَھُنَّ وَرَحِمَھُنَّ حَتّٰی یُغْنِیَھُنَّ اللّٰہُ اَوْجَبَ اللّٰہُ لَہُ الْجَنَّۃَ فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَوِ اثْنَتَیْنِ قَالَ اَوِ اثْنَتَیْنِ حَتّٰی لَوْ قَالُوْا اَوْ وَاحِدَۃً لَقَالَ وَاحِدَۃً وَمَنْ اَذْھَبَ اللّٰہُ بِکَرِیْمَتَیْہِ وَجَبَتْ لَہُ الْجَنَّۃُ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا کَرِیْمَتَاہُ قَالَ عَیْنَاہُ۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اپنے کھانے پینے میں سے یتیم کو حصہ دے۔ اس کے لئے خداوند تعالیٰ جنت کو واجب کر دیتا ہے یقیناً جب تک وہ کوئی ایسا گناہ نہ کرے جو بخشے جانے کے قابل نہ ہو اور جو شخص تین بیٹیوں یا تین بہنوں کو پرورش کرے ان کو ادب سکھائے اور ان پر رحم و شفقت کرے یہاں تک کہ خدا تعالیٰ ان کو بے پروا بنا دیتا ہے (یعنی وہ بالغ ہو جائیں اور ان کا نکاح ہو جائے) اس کے لئے خداوند تعالیٰ جنت کو واجب کر دیتا ہے۔ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! اور دو بیٹیوں اور بہنوں کی پرورش و تربیت کا کیا ثواب ہے؟ آپ نے فرمایا اور دو کا ثواب یہی ہے اگر صحابہ رضؓ ایک بیٹی یا بہن کی پرورش کی بابت آپ سے کرتے تو ایک کی نسبت بھی آپ یہی فرماتے۔ اور آپ نے فرمایا جس شخص کی خداوند تعالیٰ دو پیاری چیزیں لے لے (یعنی دونوں آنکھیں)

واجب ہوئی اس کے لئے جنت۔ پوچھا گیا یا رسول اللہ ﷺ! پیاری چیزیں کونسی ہیں؟ فرمایا دونوں آنکھیں۔ (شرح السنۃ)

بچوں کی صحیح تربیت و تادیب کی اہمیت

۴۷۵۷/۳۰ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يُؤَدِّبَ الرَّجُلُ وَلَدَهٗ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِصَاعٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَنَاصِحُ الرَّاوِيْ لَيْسَ عِنْدَ اَصْحَابِ الْحَدِيْثِ بِالْقَوِيِّ)۔

حضرت جابر بن سمرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انسان کا اپنی اولاد کو ادب کی ایک بات سکھانا ایک صاع غلہ خیرات کرنے سے بہتر ہے۔ (ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث غریب ہے اور ناصح محدثین کے نزدیک قوی نہیں)۔

۴۷۵۸/۳۱ وَعَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَلَدَهٗ مِنْ نُحْلٍ اَفْضَلَ مِنْ اَدَبٍ حَسَنٍ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا عِنْدِيْ حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ)

حضرت ایوب بن موسیٰ رضؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا باپ اپنے بیٹے کو نیک ادب سے بہتر کوئی چیز نہیں دیتا۔ (ترمذی۔ بیہقی)

ترمذی کہتے ہیں میرے نزدیک یہ حدیث مرسل ہے۔

اپنی اولاد کی پرورش میں مشغول رہنے والی بیوہ عورت کی فضیلت

۴۷۵۹/۳۲ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ اِلْاَشْجَعِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَ اِمْرَاَةٌ سَفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ كَهَاتَيْنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَوْمَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ اِلَى الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةِ اِمْرَاَةٌ اٰمَتْ مِنْ زَوْجِهَا ذَاتُ مَنْصِبٍ وَّجَمَالٍ وَّحَبَسَتْ نَفْسَهَا عَلٰى يَتَامٰهَا حَتّٰى بَانُوْا اَوْ مَاتُوْا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں اور سیاہ رخساروں والی عورت قیامت کے دن اس طرح ہوں گے۔ یزید بن زریع اس حدیث کے ایک راوی نے درمیانی اور شہادت کی انگلی کی طرف اشارہ کر کے بتایا کہ جس طرح یہ انگلیاں قریب قریب ہیں اسی طرح آپ اور وہ عورت قیامت کے دن قریب قریب ہوں گے اور سیاہ رخساروں والی عورت کی تشریح کرتے ہوئے بتایا کہ اس سے مراد وہ عورت ہے جس کا شوہر مر گیا ہو یا اس نے طلاق دیدی ہو وہ جاہ و جمال رکھتی ہو لیکن اس نے یتیم بچوں کی پرورش کے خیال سے دوسرا نکاح نہ کیا ہو اور اپنی خواہشات کو روکا ہو یہاں تک کہ اس کے بچے جوان ہو کر اس سے جدا ہو گئے ہوں یا مر گئے ہوں۔ (ابوداؤد)

دینے دلانے میں بیٹے کو بیٹی پر ترجیح نہ دو

۴۷۶۰/۳۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهٗ اُنْثٰى فَلَمْ يَاْدِهَا وَلَمْ يُهِنْهَا وَلَمْ يُؤْثِرْ وَلَدَهٗ عَلَيْهَا يَعْنِي الذُّكُوْرَ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کے ایک بیٹی ہو اور اس کو (ایام جاہلیت کی طرح زندہ دفن نہ کیا ہو نہ اس کو ذلیل و خوار کر کے رکھا ہو اور حقوق دینے میں لڑکوں کو اس پر ترجیح نہ دی ہو، داخل کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو بہشت میں۔ (ابوداؤد)

کسی شخص کو اپنے سامنے کسی مسلمان بھائی کو غیبت نہ کرنے دو

۴۷۶۱/۳۴ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اغْتِيْبَ عِنْدَهٗ اَخُوْهُ الْمُسْلِمُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى نَصْرِهٖ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کے سامنے کسی مسلمان بھائی کی غیبت کی جائے اور وہ اس مسلمان بھائی کی مدد

فَنَصَرَهٗ نَصَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَاِنْ لَّمْ يَنْصُرْهُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى نَصْرِهٖ اَدْرَكَهُ اللّٰهُ بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

کرنے پر قادر ہو اور اس کی مدد کی ہو اللہ اس کی مدد کرے گا دنیا و آخرت دونوں میں اور اگر اس کی مدد نہ کی ہو اور وہ مدد کرنے پر قادر تھا تو اللہ تعالیٰ اس سے مواخذہ کریگا اور دنیا و آخرت میں اس کا بدلہ لے گا۔ (شرح السنۃ)

۴۷۶۲/۳۵ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ذَبَّ عَنْ لَحْمِ اَخِيْهِ بِالْمَغِيْبَةِ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّعْتِقَهٗ مِنَ النَّارِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت اسماء بنت یزید رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی کو اپنے مسلمان بھائی کا گوشت کھانے یعنی غیبت کرنے سے غائبانہ یعنی اس کی عدم موجودگی میں روکے تو خدا پر اس کا حق ہے کہ وہ اس کو دوزخ کی آگ سے آزاد کرے۔ (بیہقی)

۴۷۶۳/۳۶ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ يَرُدُّ عَنْ عِرْضِ اَخِيْهِ اِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَّرُدَّ عَنْهُ نَارَ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابی درداء رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو مسلمان اپنے مسلمان بھائی کی آبروریزی سے کسی کو روکے (یعنی غیبت وغیرہ سے) تو اللہ تعالیٰ پر اس کا یہ حق ہے کہ وہ اس کو دوزخ کی آگ سے بچائے یا دوزخ کی آگ کو اس سے روکے دن قیامت کے پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ یعنی ہم پر مومنوں کی مدد واجب ہے۔ (شرح السنۃ)

۴۷۶۴/۳۷ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ اِمْرِءٍ مُّسْلِمٍ يَخْذُلُ اِمْرَءً مُّسْلِمًا فِيْ مَوْضِعٍ يُنْتَهَكُ فِيْهِ حُرْمَتُهٗ وَيُنْقَصُ فِيْهِ مِنْ عِرْضِهٖ اِلَّا خَذَلَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ مَوْطِنٍ يُحِبُّ فِيْهِ نُصْرَتَهٗ وَمَا مِنْ اِمْرِءٍ مُّسْلِمٍ يَنْصُرُ مُسْلِمًا فِيْ مَوْضِعٍ يُّنْتَقَصُ فِيْهِ مِنْ عِرْضِهٖ وَيُنْتَهَكُ فِيْهِ مِنْ حُرْمَتِهٖ اِلَّا نَصَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ مَوْطِنٍ يُّحِبُّ فِيْهِ نُصْرَتَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو مسلمان اپنے مسلمان بھائی کی مدد نہ کرے اس موقع پر جہاں کہ اس کی بیحرمتی کی جاتی ہو یا آبروریزی کی جاتی ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی مدد اس موقع پر نہ کرے گا جہاں کہ وہ اس کی مدد کو پسند کرتا ہو (یعنی دنیا اور آخرت میں) اور جو مسلمان اپنے مسلمان بھائی کی ایسے موقع پر مدد کرے جہاں کہ اس کی بیحرمتی کی جاتی ہو یا آبروریزی کی جاتی ہو اللہ تعالیٰ اس کی مدد اس موقع پر کرے گا جہاں کہ وہ اس کی مدد کو پسند کرتا ہے۔ (ابوداؤد)

کسی میں کوئی عیب دیکھو تو اس کو چھپاؤ

۴۷۶۵/۳۸ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰى عَوْرَةً فَسَتَرَهَا كَانَ كَمَنْ اَحْيَا مَوْءٗدَةً۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهٗ)

حضرت عقبہ بن عامر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی مسلمان میں کوئی عیب دیکھے اور وہ پھر اس کو چھپائے تو اس کو اس کا ثواب اس شخص کے برابر ہوگا جس نے کہ زندہ دفن کی ہوئی لڑکی کو بچایا۔ (احمد۔ ترمذی نے اسے صحیح کہا ہے)

ایک مومن دوسرے مومن کے حق میں آئینہ ہے

۴۷۶۶/۳۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَدَكُمْ مِرْاٰةُ اَخِيْهِ فَاِنْ رَاٰى بِهٖ اَذًى فَلْيُمِطْ عَنْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَضَعَّفَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ وَلِاَبِيْ دَاوٗدَ الْمُؤْمِنُ مِرْاٰةُ الْمُؤْمِنِ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے ہر شخص اپنے مسلمان بھائی کا آئینہ ہے (یعنی اس کے عیب کو آشکارا اور نرمی کے ساتھ ظاہر کرنے والا آئینہ کے مانند خاموشی سے حسن و قبح کو دکھاتا ہے) اگر اس کوئی برائی دیکھے تو وہ اس کو دور کردے۔ (ترمذی۔ اور ترمذی و ابوداؤد کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ مسلمان، مسلمان کا آئینہ ہے اور

وَالْمُؤْمِنُ اَخُو الْمُؤْمِنِ يَكُفُّ عَنْهُ ضَيْعَتَهٗ وَيَحُوْطُهٗ مِنْ وَّرَائِهٖ)۔

مسلمان مسلمان کا بھائی ہے دور اور دفع کرتا ہے اس سے وہ چیز جس میں اُس کی ہلاکت پوشیدہ ہے اور اس کے حق کو اس کی عدم موجودگی میں بھی محفوظ رکھتا ہے۔ ترمذی نے اسے ضعیف کہا ہے)۔

تم مسلمان کو عیب جو کے شر سے بچاؤ اللہ تمہیں دوزخ کی آگ سے بچائے گا

۴۷۶۷/۴۰ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَمٰى مُؤْمِنًا مِّنْ مُّنَافِقٍ بَعَثَ اللّٰهُ مَلَكًا يَحْمِيْ لَحْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنْ نَّارِ جَهَنَّمَ وَمَنْ رَمٰى مُسْلِمًا بِشَيْءٍ يُرِيْدُ بِهٖ شَيْنَهٗ حَبَسَهُ اللّٰهُ عَلٰى جِسْرِ جَهَنَّمَ حَتّٰى يَخْرُجَ مِمَّا قَالَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت معاذ بن انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی مسلمان کو منافق کے شر سے بچائے گا اللہ تعالیٰ اس کی مدد کو ایک فرشتہ بھیجے گا جو اس کو قیامت کے دن دوزخ کی آگ سے بچائے گا، اور جو شخص کسی مسلمان پر ایسی چیز کی تہمت لگائے جو اس پر عیب لگاتی ہو اور عیب لگانا ہی اس کا مقصود ہو تو خداوند تعالیٰ اس کو دوزخ کے پُل پر قید کر دے گا (یعنی پُلِ صراط پر) یہاں تک کہ اس کی سزا پوری ہو جائے یا وہ مدعی کو راضی کرے۔ (ابوداؤد)

خیر خواہ دوست اور خیر خواہ پڑوسی کی فضیلت

۴۷۶۸/۴۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ الْاَصْحٰبِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِصَاحِبِهٖ وَخَيْرُ الْجِيْرَانِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِجَارِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔)

حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کے نزدیک دوستوں میں بہتر دوست وہ ہیں جو اپنے دوست کے خیر خواہ ہوں اور بہترین پڑوسی خدا کے نزدیک وہ ہیں جو اپنے ہمسایہ کے خیر خواہ ہوں۔ (ترمذی۔ دارمی، یہ حدیث حسن غریب ہے)

زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو

۴۷۶۹/۴۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ لِيْ اَنْ اَعْلَمَ اِذَا اَحْسَنْتُ اَوْ اِذَا اَسَأْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَمِعْتَ جِيْرَانَكَ يَقُوْلُوْنَ قَدْ اَحْسَنْتَ فَقَدْ اَحْسَنْتَ وَاِذَا سَمِعْتَهُمْ يَقُوْلُوْنَ قَدْ اَسَأْتَ فَقَدْ اَسَأْتَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! میں یہ بات کیوں کر معلوم کروں کہ میں نے یہ نیک کام کیا ہے یا بُرا (یعنی جب میں کوئی ایسا کام کروں جس کی شرعاً اچھائی یا بُرائی معلوم نہ ہو، تو کونسا ذریعہ ہے جس سے میں اُس کا حُسن و قبح معلوم کر سکوں؟ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو اپنے کسی کام کی نسبت ہمسایوں کو یہ کہتے سُنے کہ تو نے اچھا کام کیا تو وہ تیرا اچھا کام ہے یعنی نیکی ہے اور جب تو پڑوسیوں کو یہ کہتے سُنے کہ تو نے بُرا کیا تو تیرا وہ کام بُرا ہے۔ (ابن ماجہ)

مرتبہ کے مطابق سلوک کرو

۴۷۷۰/۴۳ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنْزِلُوا النَّاسَ مَنَازِلَهُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لوگوں کو ان کے مرتبہ پر رکھو (یعنی جس مرتبہ کا آدمی ہو اُس کے ساتھ ویسا ہی سلوک کرو)۔ (ابوداؤد)

فصل سوم سچ بولو، امانت ادا کرو اور پڑوسیوں کے ساتھ اچھا سلوک کرو

۴۷۷۱/۴۴ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ قُرَادٍ اَنَّ النَّبِيَّ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی قراد رضؓ کہتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلے اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ يَوْمًا فَجَعَلَ أَصْحَابُهُ يَتَمَسَّحُونَ بِوَضُوْئِهِ فَقَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَحْمِلُكُمْ عَلٰى هٰذَا قَالُوْا حُبُّ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ أَنْ يُّحِبَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ أَوْ يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ فَلْيَصْدُقْ حَدِيْثَهٗ إِذَا حَدَّثَ وَلْيُؤَدِّ أَمَانَتَهٗ إِذَا اؤْتُمِنَ وَلْيُحْسِنْ جِوَارَ مَنْ جَاوَرَهٗ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

علیہ وسلم نے وضو کیا اور صحابہؓ نے آپ کے وضو کے پانی کو اپنے جسم پر ملنا شروع کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ دیکھ کر) ان سے فرمایا کس چیز نے تم کو اس امر پر آمادہ کیا؟ صحابہؓ نے عرض کیا خدا اور خدا کے رسولؐ کی محبت نے (اس کا باعث ہوئی ہے) آپ نے فرمایا جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ وہ اللہ اور اللہ کے رسول سے محبت رکھے یا اللہ اور اللہ کا رسول اس سے محبت کرے اس کو چاہیئے کہ وہ اپنی گفتگو میں سچ بولے۔ اس کے پاس امانت رکھی جائے تو امانت کو ادا کرے اور ہمسایوں کے ساتھ ہمسائیگی کو ادا کرے (بیہقی)

بھوکے پڑوسی سے صرفِ نظر کمالِ ایمان کے منافی ہے

۴۷۷۲/۴۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالَّذِيْ يَشْبَعُ وَجَارُهٗ جَائِعٌ إِلٰى جَنْبِهٖ۔ (رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ وہ شخص کامل مومن نہیں ہے جو پیٹ بھر کر کھائے اور اس کا ہمسایہ اس کے بازو میں بھوکا ہو۔ (بیہقی)

اپنی زبان کے ذریعے ہمسایوں کو ایذاء پہنچانے والی عورت کے بارے میں وعید

۴۷۷۳/۴۶ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ فُلَانَةَ تُذْكَرُ مِنْ كَثْرَةِ صَلٰوتِهَا وَصِيَامِهَا وَصَدَقَتِهَا غَيْرَ أَنَّهَا تُؤْذِيْ بِلِسَانِهَا جِيْرَانَهَا قَالَ هِيَ فِي النَّارِ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَإِنَّ فُلَانَةَ تُذْكَرُ قِلَّةَ صِيَامِهَا وَصَدَقَتِهَا وَصَلٰوتِهَا وَإِنَّهَا تَصَدَّقُ بِالْأَثْوَارِ مِنَ الْأَقِطِ وَلَا تُؤْذِيْ بِلِسَانِهَا جِيْرَانَهَا قَالَ هِيَ فِي الْجَنَّةِ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! فلاں عورت زیادہ نماز پڑھنے روزہ رکھنے اور خیرات کرنے میں بہت شہرت رکھتی ہے لیکن وہ اپنی زبان سے اپنے ہمسایوں کو اذیت پہنچاتی ہے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ دوزخ میں جائے گی۔ اس شخص نے عرض کیا یا رسول اللہؐ! فلاں عورت جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ وہ بہت کم روزے رکھتی ہے اور بہت کم خیرات کرتی ہے، اور بہت کم نماز پڑھتی ہے اور وہ صرف چند ٹکڑے قروط (پنیر) کے خدا کی راہ میں دیتی ہے لیکن اپنی زبان سے اپنے ہمسایوں کو ایذا نہیں دیتی۔ آپ نے فرمایا وہ جنت میں جائے گی۔ (احمد۔ بیہقی)

کون شخص بہتر ہے اور کون بدتر

۴۷۷۴/۴۷ وَعَنْهُ قَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ عَلٰى نَاسٍ جُلُوْسٍ فَقَالَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ مِنْ شَرِّكُمْ قَالَ فَسَكَتُوْا فَقَالَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ رَجُلٌ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَخْبِرْنَا بِخَيْرِنَا مِنْ شَرِّنَا فَقَالَ خَيْرُكُمْ مَنْ يُّرْجٰى خَيْرُهٗ وَيُؤْمَنُ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرُّكُمْ مَنْ لَّا يُرْجٰى خَيْرُهٗ وَلَا يُؤْمَنُ مِنْ شَرِّهٖ۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں صحابہؓ بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر فرمایا کیا میں تمہارے سامنے تمہارے بہترین آدمیوں کو بدترین آدمیوں سے جدا کر کے دکھا دوں (یعنی یہ بتا دوں کہ کون تم میں نیک اور بہتر ہیں اور کون بد اور بدتر اشخاص ہیں) ابوہریرہؓ کا بیان ہے کہ یہ سن کر تمام صحابہ خاموش بیٹھے رہے اور کسی نے کچھ نہ کہا یہاں تک کہ آپ نے تین مرتبہ یہ الفاظ فرمائے پھر ایک شخص نے عرض کیا ہاں یا رسولؐ اللہ! ہمارے نیک ترین آدمیوں میں سے ممیز و ممتاز فرما دیجئے

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ۔ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ)۔

آپ نے فرمایا تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جس کی بھلائی کے لوگ متوقع اور امیدوار ہوں اور اس کے شر سے محفوظ و مامون زندگی بسر کرتے ہوں۔ (ترمذی۔ بیہقی در شعب الایمان)
ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

کامل مومن اور مسلمان کون ہے

۴۷۷۵/۴۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَسَّمَ بَيْنَكُمْ أَخْلَاقَكُمْ كَمَا قَسَّمَ بَيْنَكُمْ أَرْزَاقَكُمْ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُعْطِي الدُّنْيَا مَنْ يُحِبُّ وَمَنْ لَا يُحِبُّ وَلَا يُعْطِي الدِّينَ إِلَّا مَنْ أَحَبَّ فَمَنْ أَعْطَاهُ اللّٰهُ الدِّينَ فَقَدْ أَحَبَّهُ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يُسْلِمُ عَبْدٌ حَتّٰى يُسْلِمَ قَلْبُهُ وَلِسَانُهُ وَلَا يُؤْمِنُ حَتّٰى يَأْمَنَ جَارُهُ بَوَائِقَهُ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ نے تمہارے درمیان اخلاق کو اسی طرح تقسیم کیا ہے جس طرح کہ تمہارے رزق کو تمہارے درمیان تقسیم کیا ہے اور خداوند تعالیٰ دنیا اس شخص کو عطا فرماتا ہے جس کو دوست رکھتا ہے اور اس شخص کو بھی جس کو دوست نہیں رکھتا (یعنی دنیاوی مال و دولت خداوند تعالیٰ ہر شخص کو عطا فرماتا ہے خواہ وہ اس کا دوست ہو یا نہ ہو) اور دین صرف اسی شخص کو عطا فرماتا ہے جس کو وہ دوست رکھتا ہو پس جس شخص کو خداوند تعالیٰ نے دین عطا فرمایا ہے خداوند تعالیٰ اس کو دوست رکھتا ہے اور قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے بندہ اس وقت تک (کامل) مسلمان نہیں ہوتا جب تک اس کا دل اور زبان مسلمان نہ ہو (یعنی اس کا دل عقائد باطلہ سے پاک ہو اور زبان تصدیق و اقرار وحدانیت و رسالت سے آراستہ ہو یا یہ کہ بندہ کا ظاہر و باطن یکساں ہو) اور بندہ اس وقت تک (کامل) مومن نہیں ہوتا جب تک کہ اس کے ہمسائے اس کی برائیوں سے محفوظ و مامون نہ ہوں (احمد۔ بیہقی)

باہمی الفت و محبت اتحاد و یکجہتی کا ذریعہ ہے

۴۷۷۶/۴۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ مَأْلَفٌ وَلَا خَيْرَ فِيمَنْ لَا يَأْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسلمان محبت و الفت کا مقام ہے اور اس شخص میں بھلائی اور خیر و خوبی نہیں جو مسلمان سے محبت و الفت نہیں کرتا اور مسلمان اس سے محبت و الفت نہیں رکھتے۔ (احمد۔ بیہقی)

مسلمان کی حاجت روائی کی فضیلت

۴۷۷۷/۵۰ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَضٰى لِأَحَدٍ مِنْ أُمَّتِي حَاجَةً يُرِيدُ أَنْ يَسُرَّهُ بِهَا فَقَدْ سَرَّنِي وَمَنْ سَرَّنِي فَقَدْ سَرَّ اللّٰهَ وَمَنْ سَرَّ اللّٰهَ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص میری امت میں سے کسی شخص کی (دینی یا دنیوی) حاجت کو پورا کرے اور اس سے اس کا منشاء اس کو خوش کرنا ہو تو اس نے مجھ کو خوش کیا اور جس نے مجھ کو خوش کیا اس نے اللہ کو خوش کیا اور جس نے اللہ کو خوش کیا۔ اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرے گا۔ (بیہقی)

مسلمان کی فریاد رسی کی فضیلت

۴۷۷۸/۵۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَغَاثَ مَلْهُوفًا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ ثَلَاثًا وَسَبْعِينَ مَغْفِرَةً وَاحِدَةٌ فِيهَا صَلَاحُ أَمْرِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی مظلوم کی فریاد رسی کرے اللہ تعالیٰ اس کے لئے تہتر بخششیں لکھ دیتا ہے جن میں سے ایک بخشش وہ ہے جو اس کے تمام کاموں کی اصلاح کی ضامن

كُلِّهٖ وَثِنْتَانِ وَسَبْعُوْنَ لَهٗ دَرَجَاتٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

ہے اور بہتر بخششیں قیامت کے دن اس کے درجات بلند کرنے کا سبب ہوں گی۔ (بیہقی)

مخلوق خدا کا کنبہ ہے

۴۷۷۹/۵۲ وَعَنْهُ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْخَلْقُ عِيَالُ اللّٰهِ فَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَى اللّٰهِ مَنْ اَحْسَنَ اِلٰى عِيَالِهٖ۔ (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت انس رضؓ اور عبداللہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مخلوق خدا کا کنبہ ہے پس بہترین شخص مخلوق میں سے وہ ہے جو خدا کے کنبہ کے ساتھ احسان کرے۔ (بیہقی)

حقوق ہمسائیگی کی اہمیت

۴۷۸۰/۵۳ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ خَصْمَيْنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ جَارَانِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عقبہ بن عامر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (بندوں کے معاملات میں) سب سے پہلے قیامت کے دن جو معاملہ پیش ہوگا وہ دو ہمسایوں کا جھگڑا ہوگا۔ (احمد)

سنگدلی کا علاج

۴۷۸۰/۵۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا شَكٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسْوَةَ قَلْبِهٖ قَالَ اِمْسَحْ رَاْسَ الْيَتِيْمِ وَاَطْعِمِ الْمِسْكِيْنَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اپنی سنگدلی کی شکایت کی۔ آپؐ نے اس کے علاج میں فرمایا یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا کر اور غریبوں کو کھانا کھلایا کر۔ (احمد)

بیوہ بیٹی کی کفالت کا اجر

۴۷۸۱/۵۵ وَعَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى اَفْضَلِ الصَّدَقَةِ اِبْنَتُكَ مَرْدُوْدَةٌ اِلَيْكَ لَيْسَ لَهَا كَاسِبٌ غَيْرُكَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت سراقہ بن مالک رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کیا تم کو بہترین صدقہ سے آگاہ کردوں وہ اپنی اس بیٹی کے ساتھ سلوک کرنا ہے جو تیری طرف واپس کردی گئی ہے (یعنی اس کے شوہر نے طلاق دیدی ہے یا مرگیا ہے) اور تیرے سوا اب اس کے لئے کوئی کمانے والا نہیں ہے۔ (ابن ماجہ)

بَابُ الْحُبِّ فِي اللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ

خدا سے، اور خدا کے لئے محبت کا بیان

فصل اوّل

دنیا میں انسان کا باہمی اتحاد یا اختلاف روز ازل کے اتحاد و اختلاف کا مظہر ہے

۴۷۸۳/۱ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے روحیں (جسموں میں داخل کئے جانے سے پہلے ایک مجتمع لشکر کے مانند تھیں پھر ان کو جسموں میں داخل کرکے متفرق کردیا گیا) پھر جو روحیں کہ جسموں میں داخل کئے جانے سے پہلے) آپس میں مانوس تھیں (اب بھی) آپس میں مانوس

ہیں اور باہم الفت رکھتی ہیں اور جو روحیں اُس وقت انجان و نامانوس تھیں وہ آپس میں (اَب بھی) اختلاف رکھتی ہیں۔ (بخاری) (مسلم نے اسے ابوہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔)

جس بندے کو اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے اس کو زمین و آسمان والے بھی دوست رکھتے ہیں

۴۷۸۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَحَبَّ عَبْدًا دَعَا جِبْرَئِیْلَ فَقَالَ اِنِّیْ اُحِبُّ فُلَانًا فَاَحِبَّهٗ قَالَ فَیُحِبُّهٗ جِبْرَئِیْلُ ثُمَّ یُنَادِیْ فِی السَّمَآءِ فَیَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ فُلَانًا فَاَحِبُّوْهُ فَیُحِبُّهٗ اَهْلُ السَّمَآءِ ثُمَّ یُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِی الْاَرْضِ وَاِذَا اَبْغَضَ عَبْدًا دَعَا جِبْرَئِیْلَ فَیَقُوْلُ اِنِّیْ اُبْغِضُ فُلَانًا فَاَبْغِضْهُ قَالَ فَیُبْغِضُهٗ جِبْرَئِیْلُ ثُمَّ یُنَادِیْ فِیْ اَهْلِ السَّمَآءِ اِنَّ اللّٰهَ یُبْغِضُ فُلَانًا فَاَبْغِضُوْهُ قَالَ فَیُبْغِضُوْنَهٗ ثُمَّ یُوْضَعُ لَهُ الْبَغْضَآءُ فِی الْاَرْضِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو جبرئیلؑ کو بلا کر کہتا ہے کہ میں فلاں بندہ سے محبت رکھتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر پھر جبرئیلؑ بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں اور آسمان میں اعلان کر دیتے ہیں کہ خداوند تعالیٰ فلاں بندہ سے محبت رکھتا ہے تم بھی اس سے محبت کرو اور آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر اس بندے کے لئے زمین میں بھی قبولیت رکھی جاتی ہے (یعنی زمین کے لوگ بھی اس سے محبت کرتے ہیں اور خداوند تعالیٰ جب کسی بندہ سے بغض رکھتا ہے تو جبرئیلؑ کو بلا کر کہتا ہے کہ میں فلاں بندہ سے بغض رکھتا ہوں تو بھی بغض رکھ، پس جبرئیل بھی اس سے بغض رکھتے ہیں اور آسمان میں اعلان کر دیتے ہیں کہ خداوند تعالیٰ فلاں شخص سے بغض رکھتا ہے تم بھی اس سے بغض رکھو اور آسمان والے بھی اس سے بغض رکھتے ہیں اور پھر اُس کے لئے زمین میں بھی بغض رکھا جاتا ہے۔ (یعنی زمین والے بھی اس سے بغض رکھتے ہیں۔) (مسلم)

خدا کی رضا و خوشنودی کی خاطر ایک دوسرے سے محبت رکھنے والوں کا قیامت کے دن اعزاز حب فی اللہ کی فضیلت

۴۷۸۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَقُوْلُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَیْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ بِجَلَالِیْ اَلْیَوْمَ اُظِلُّهُمْ فِیْ ظِلِّیْ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلِّیْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، خداوند تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا کہاں ہیں وہ لوگ جو میری خوشنودی حاصل کرنے کے لئے آپس میں محبت رکھتے تھے آج میں ان کو اپنے سایہ میں جگہ دوں گا اور آج میرے سایہ کے سوا اور کوئی سایہ نہیں ہے۔ (مسلم)

حُبّ فِی اللہ کی فضیلت

۴۷۸۶ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَجُلًا زَارَ اَخًا لَهٗ فِیْ قَرْیَةٍ اُخْرٰی فَاَرْصَدَ اللّٰهُ لَهٗ عَلٰی مَدْرَجَتِهٖ مَلَكًا قَالَ اَیْنَ تُرِیْدُ قَالَ اُرِیْدُ اَخًا لِّیْ فِیْ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ قَالَ هَلْ لَّكَ عَلَیْهِ مِنْ نِّعْمَةٍ تَرُبُّهَا قَالَ لَا غَیْرَ اَنِّیْ اَحْبَبْتُهٗ فِی اللّٰهِ قَالَ فَاِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكَ بِاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَبَّكَ كَمَا اَحْبَبْتَهٗ فِیْهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایک شخص نے اپنے (مسلمان) بھائی سے جو کسی دوسرے گاؤں میں تھا ملاقات کا ارادہ کیا خداوند تعالیٰ نے اس کے راستے پر اس کے انتظار میں ایک فرشتہ کو بٹھا دیا (جب وہ وہاں آیا تو) فرشتے نے پوچھا۔ کہاں جانے کا ارادہ ہے؟ اس نے کہا اس گاؤں میں اپنے بھائی کی ملاقات کا ارادہ رکھتا ہوں فرشتے نے کہا کیا اس پر تیرا کوئی حق نعمت ہے جس کو تو اس سے لینا چاہتا ہے؟ اس نے کہا نہیں، میں اس سے محض رضائے الٰہی کی بنا پر محبت رکھتا ہوں۔ فرشتے نے کہا مجھ کو خدا نے تیرے پاس بھیجا ہے اور تجھ کو یہ بشارت

دی ہے کہ خداوند تعالےٰ بھی تجھ سے ایسی ہی محبت رکھتا ہے جیسی کہ تو اس سے خدا کی رضا کے لئے رکھتا ہے۔ (مسلم)

علماء اور اولیاء اللہ کے ساتھ محبت رکھنے والے آخرت میں انہیں کے ساتھ ہوں گے

۴۷۸۷ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَقُوْلُ فِيْ رَجُلٍ اَحَبَّ قَوْمًا وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ فَقَالَ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! اس شخص کی نسبت آپ کیا کہتے ہیں جو کسی قوم (یعنی علماء یا صلحاء کی جماعت) سے محبت رکھتا ہو لیکن ان لوگوں سے ملاقات نہ کی ہو یا ان کی صحبت اس کو میسّر نہ ہوئی ہو۔ آپ نے فرمایا وہ شخص انہی لوگوں کے ساتھ ہے جن کو وہ دوست رکھتا ہے (یعنی جن لوگوں سے وہ محبت کرتا ہے وہ انہی میں شامل ہے۔) (بخاری و مسلم)

۴۷۸۸ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَتَى السَّاعَةُ قَالَ وَيْلَكَ وَمَا اَعْدَدْتَ لَهَا قَالَ مَا اَعْدَدْتُ لَهَا اِلَّا اَنِّيْ اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ قَالَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ قَالَ اَنَسٌ فَمَا رَاَيْتُ الْمُسْلِمِيْنَ فَرِحُوْا بِشَيْءٍ بَعْدَ الْاِسْلَامِ فَرَحَهُمْ بِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! قیامت کب ہوگی؟ آپ نے فرمایا افسوس ہے تجھ پر، قیامت کے لئے تو نے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کیا میں نے کوئی تیاری نہیں کی البتہ میں خدا اور خدا کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ آپ نے فرمایا تو اسی کے ساتھ ہے جس سے محبت رکھتا ہے۔ انس رضؓ کا بیان ہے کہ اسلام کے بعد میں نے مسلمانوں کی کسی بات سے اتنا خوش ہوتے نہیں دیکھا جتنا آپ کے ارشاد کے اس موقعہ پر لوگ خوش ہوئے تھے۔ (بخاری و مسلم)

نیک اور بد ہم نشین کی مثال

۴۷۸۹ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ وَالسَّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيْرِ فَحَامِلُ الْمِسْكِ اِمَّا اَنْ يُّحْذِيَكَ وَاِمَّا اَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا طَيِّبَةً وَنَافِخُ الْكِيْرِ اِمَّا اَنْ يُّحْرِقَ ثِيَابَكَ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا خَبِيْثَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابی موسیٰ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے نیک اور بد ہمنشین مشک بیچنے والے اور دھونکنی دھونکنے والے کی مانند ہیں مشک بیچنے والا یا تو تجھے مشک مفت دے دے گا یا تو اس سے خرید لیگا اور کم از کم اور کچھ نہیں تو اس کی خوشبو ضرور تیرے دل و دماغ کو تازہ کردے گی اور دھونکنی دھونکنے والا یا تو تیرے کپڑوں کو جلا دے گا یا تو اس سے (دماغ پاش) بدبو (دھواں) حاصل کرے گا۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

خدا کی رضا و خوشنودی کی خاطر باہمی میل ملاپ اور محبت رکھنے والوں کی فضیلت

۴۷۹۰ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَجَبَتْ مَحَبَّتِيْ لِلْمُتَحَابِّيْنَ فِيَّ وَالْمُتَجَالِسِيْنَ فِيَّ وَالْمُتَزَاوِرِيْنَ فِيَّ وَالْمُتَبَاذِلِيْنَ فِيَّ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ) وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ قَالَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالَى الْمُتَحَابُّوْنَ فِيْ جَلَالِيْ لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُوْرٍ يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّوْنَ وَالشُّهَدَاءُ

حضرت معاذ بن جبل رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ خداوند تعالےٰ فرماتا ہے جو لوگ آپس میں میری رضا اور خوشنودی کے لئے محبّت کرتے ہیں ان سے مجھ کو محبّت کرنا ضروری ہے اور جو لوگ محض میری رضا کے لئے مل کر بیٹھتے ہیں اور میری تعریف کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے ملاقات کرتے ہیں اور اپنا مال خرچ کرتے ہیں ان سے (بھی) مجھ کو محبّت کرنا واجب ہے۔ (مالکؒ) اور ترمذی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ خداوند تعالےٰ فرماتا ہے میری عظمت و جلال کے

سبب جو لوگ آپس میں محبت رکھتے ہیں ان کے لئے (آخرت میں) نور کے منبر ہوں گے اور انبیاء و شہدا ان پر رشک کریں گے۔

۴۷۹۱ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ لَاُنَاسًا مَا هُمْ بِاَنْبِيَاءَ وَلَا شُهَدَاءَ يُغْبِطُهُمُ الْاَنْبِيَاءُ وَالشُّهَدَاءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِمَكَانِهِمْ مِنَ اللّٰهِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تُخْبِرُنَا مَنْ قَالَ هُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوْا بِرُوْحِ اللّٰهِ عَلٰى غَيْرِ اَرْحَامٍ بَيْنَهُمْ وَلَا اَمْوَالٍ يَتَعَاطَوْنَهَا فَوَاللّٰهِ اِنَّ وُجُوْهَهُمْ لَنُوْرٌ وَاِنَّهُمْ لَعَلٰى نُوْرٍ لَا يَخَافُوْنَ اِذَا خَافَ النَّاسُ وَلَا يَحْزَنُوْنَ اِذَا حَزِنَ النَّاسُ وَقَرَاَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْ اَبِيْ مَالِكٍ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ مَعَ زَوَائِدَ وَكَذَا فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔)

حضرت عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کے بندوں میں سے کچھ لوگ (یعنی ایک جماعت) ایسے ہیں جو اگرچہ نبی و شہید نہیں ہیں لیکن قیامت کے دن خدا کے ہاں ان کے مراتب و درجات کو دیکھ کر انبیاءؑ و شہداءؓ ان پر رشک کریں گے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ! ارشاد فرمائیے وہ کون لوگ ہیں؟ آپؐ نے فرمایا وہ لوگ ہیں جو محض خدا کی رُوح (یعنی قرآن) کے سبب آپس میں محبت رکھتے ہیں ان کے درمیان نہ تو قرابتداری ہے نہ مالی لین دین کا معاملہ قسم ہے خدا کی ان کے چہرے نور ہوں گے (یعنی نورانی چہرے) یا وہ خود نور ہوں گے اور نور پر متمکن ہوں گے نہ تو وہ (اس وقت) غمگین اور رنجیدہ ہوں گے جبکہ لوگ غمگین و رنجیدہ ہوں گے اور نہ وہ خوفزدہ ہوں گے جبکہ لوگ خوفزدہ ہوں گے۔ اس کے بعد آپؐ نے یہ آیت تلاوت فرمائی اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (آگاہ ہو کہ خدا کے دوستوں پر نہ تو خوف طاری ہوگا اور نہ وہ غمگین و رنجیدہ ہوں گے۔)۔ (ابوداؤد)

حُبّ فی اللہ اور بغض فی اللہ کی فضیلت

۴۷۹۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ ذَرٍّ يَا اَبَا ذَرٍّ اَيُّ عُرَى الْاِيْمَانِ اَوْثَقُ قَالَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ الْمُوَالَاةُ فِي اللّٰهِ وَالْحُبُّ فِي اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ابوذرؓ سے فرمایا۔ ابوذرؓ! ایمان کی کونسی شاخ زیادہ مضبوط ہے؟ عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے۔ فرمایا آپس میں دوستی رکھنا محض خدا کی رضامندی کے لئے اور لوگوں سے محبت و بغض رکھنا محض خدا کے لئے۔ (بیہقی)

مسلمان بھائی کی عیادت کرنے اور ملاقات کے لئے اس کے ہاں جانے کا ثواب

۴۷۹۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا عَادَ الْمُسْلِمُ اَخَاهُ اَوْ زَارَهٗ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاكَ وَتَبَوَّاْتَ مِنَ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسلمان جب اپنے مسلمان بھائی کی عیادت یا ملاقات کو جاتا ہے تو خداوند تعالیٰ فرماتا ہے پاک ہوئی تیری زندگی اور اچھا ہوا تیرا چلنا اور جنت میں تو نے ایک مکان حاصل کر لیا۔ (ترمذی یہ حدیث غریب ہے)

جس شخص سے محبت و تعلق قائم کرو اس کو اپنی محبت اور تعلق سے باخبر رکھو

۴۷۹۴ وَعَنِ الْمِقْدَامِ ابْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَحَبَّ الرَّجُلُ اَخَاهُ فَلْيُخْبِرْهُ اَنَّهٗ يُحِبُّهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت مقدام بن معدی کربؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی سے محبت کرے وہ اس کو اپنی محبت سے آگاہ کر دے۔ (ابوداؤد۔ ترمذی)

۴۷۹۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهٗ نَاسٌ فَقَالَ رَجُلٌ مِّمَّنْ عِنْدَهٗ اِنِّيْ لَاُحِبُّ هٰذَا لِلّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْلَمْتَهٗ قَالَ لَا قَالَ قُمْ اِلَيْهِ فَاَعْلِمْهُ فَقَامَ اِلَيْهِ فَاَعْلَمَهٗ فَقَالَ اَحَبَّكَ الَّذِيْ اَحْبَبْتَنِيْ لَهٗ قَالَ ثُمَّ رَجَعَ فَسَاَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ بِمَا قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلَكَ مَا احْتَسَبْتَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ) وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَلَهٗ مَا اكْتَسَبَ۔)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا جب کہ آپ کے پاس بہت سے لوگ بیٹھے ہوئے تھے، ان لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ ﷺ! میں اس شخص سے (جو جا رہا ہے) محبت کرتا ہوں محض خدا کی رضا کے لئے۔ آپ نے فرمایا تو نے اس شخص کو اپنی محبت سے آگاہ کر دیا ہے؟ عرض کیا نہیں۔ آپ نے فرمایا جا اور اس کو آگاہ کر دے۔ وہ کھڑا ہو گیا اور اس شخص کو جا کر خبر دی کہ وہ اس سے محبت رکھتا ہے اس شخص نے کہا تجھ سے وہ ذات محبت کرے جس کی خوشنودی کے لئے تو مجھ سے محبت رکھتا ہے انس رضؓ کا بیان ہے کہ جب وہ شخص آیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا کہ اس شخص نے جواب میں کیا کہا۔ اس نے وہ الفاظ دُہرائے جو اس نے کہے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سُن کر فرمایا تو (قیامت کے دن) اس شخص کے ساتھ ہو گا جس سے تو محبت رکھتا ہے اور تجھ کو تیری نیت کا بدلہ ملے گا (بیہقی) اور ترمذی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ انسان اس شخص کے ساتھ ہو گا جس سے وہ محبت رکھتا ہے اور اس چیز کا اس کو بدلہ ملے گا جو اپنی نیت کے ذریعہ اس نے حاصل کیا۔

دشمنانِ دین اور بدکاروں کے ساتھ محبت و ہمنشینی نہ رکھو

۴۷۹۶ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تُصَاحِبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَّلَا يَاْكُلْ طَعَامَكَ اِلَّا تَقِيٌّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابی سعید رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ اپنا مصاحب اور دوست نہ بنا مگر مسلمان کو (یعنی کافر اور منافق یا فاسق کو اپنا دوست نہ بنا) اور اپنا کھانا نہ کھلا مگر پرہیزگار کو۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ دارمی)

دوست بناتے وقت یہ دیکھ لو کہ کس کو دوست بنا رہے ہو

۴۷۹۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ عَلٰى دِيْنِ خَلِيْلِهٖ فَلْيَنْظُرْ اَحَدُكُمْ مَنْ يُّخَالِلُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَالَ النَّوَوِيُّ اِسْنَادُهٗ صَحِيْحٌ)۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے (یعنی اس کے مذہب یا اس کی سیرۃ پر) پس انسان کو دوست بناتے وقت اس کا خیال رکھنا چاہئے کہ وہ اپنا دوست کس کو بناتا ہے۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ بیہقی) ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے اور نووی کا قول ہے کہ اس کی سند صحیح ہے۔

کسی سے بھائی چارہ قائم کرو تو اس کا اور اس کے باپ و قبیلہ کا نام معلوم کر لو

۴۷۹۸ وَعَنْ يَزِيْدَ بْنِ نُعَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اٰخَى الرَّجُلُ الرَّجُلَ فَلْيَسْاَلْهُ عَنِ اسْمِهٖ وَاسْمِ اَبِيْهِ وَمِمَّنْ هُوَ فَاِنَّهٗ اَوْصَلُ لِلْمَوَدَّةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت یزید بن نعامہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کوئی انسان کبھی انسان سے بھائی چارہ کرے تو اس کو چاہئے کہ وہ اس سے اس کا نام اس کے باپ کا نام اور قبیلہ اور قوم کا نام دریافت کر لے اس لئے کہ یہ معلومات محبت کو مضبوط کرنے والی ہیں۔ (ترمذی)

فصل سوم

خدا کے لئے کسی سے محبت یا نفرت کرنے کی فضیلت

۴۷۹۹/۱۷ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی قَالَ قَائِلٌ اَلصَّلٰوۃُ وَالزَّکٰوۃُ وَقَالَ قَائِلٌ اَلْجِھَادُ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَبَّ الْاَعْمَالِ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی اَلْحُبُّ فِی اللّٰہِ وَالْبُغْضُ فِی اللّٰہِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَرَوَی اَبُوْدَاوٗدَ الْفَضْلَ الْاَخِیْرَ)

حضرت ابی ذر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا تم جانتے ہو خدا کے نزدیک کونسا عمل محبوب و عزیز ہے بعض لوگوں نے نماز کو بتایا ہے بعض نے زکوٰۃ کو اور بعض نے جہاد کو۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا کے نزدیک سب سے بہتر عمل خدا کی خوشنودی کے لئے محبت رکھنا اور خدا کیواسطے بغض رکھنا ہے۔ (احمد۔ ابوداؤد نے صرف آخری الفاظ روایت کئے ہیں)

۴۸۰۰/۱۸ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اَحَبَّ عَبْدٌ عَبْدًا لِلّٰہِ اِلَّا اَکْرَمَ رَبَّہٗ عَزَّ وَجَلَّ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت ابی امامہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس بندہ نے خدا کی خوشنودی کے لئے کسی بندہ سے محبت کی اس نے اپنے پروردگار کی تعظیم و تکریم کی۔ (احمد)

بہتر لوگ کون ہیں

۴۸۰۱/۱۹ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ یَزِیْدَ اَنَّھَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِخِیَارِکُمْ قَالُوْا بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ خِیَارُکُمُ الَّذِیْنَ اِذَا رُءُوْا ذُکِرَ اللّٰہُ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت اسماء بنت یزید کہتی ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ میں تم کو بتا دوں کہ تم میں سے بہترین لوگ کون ہیں؟ صحابہ رضؓ نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ! فرمایا تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جن کو دیکھ کر خدا یاد آئے۔ (ابن ماجہ)

خدا کے لئے آپس میں محبت رکھنے کی فضیلت

۴۸۰۲/۲۰ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ عَبْدَیْنِ تَحَابَّا فِی اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ وَاحِدٌ فِی الْمَشْرِقِ وَاٰخَرُ فِی الْمَغْرِبِ لَجَمَعَ اللّٰہُ بَیْنَھُمَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یَقُوْلُ ھٰذَا الَّذِیْ کُنْتَ تُحِبُّہٗ فِیَّ۔

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دو بندے جو خدا کے لئے آپس میں محبت رکھیں اور ایک ان میں سے مشرق میں رہتا ہو اور دوسرا مغرب میں خداوند تعالیٰ ان کو قیامت کے دن جمع کر کے فرمائے گا یہ وہ شخص ہے جس سے تو محبت رکھتا تھا۔

دنیا و آخرت کی بھلائی حاصل کرنے کے ذرائع

۴۸۰۳/۲۱ وَعَنْ اَبِیْ رَزِیْنٍ اَنَّہٗ قَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی مِلَاکِ ھٰذَا الْاَمْرِ الَّذِیْ تُصِیْبُ بِہٖ خَیْرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ عَلَیْکَ بِمَجَالِسِ اَھْلِ الذِّکْرِ وَاِذَا خَلَوْتَ فَحَرِّکْ لِسَانَکَ مَا اسْتَطَعْتَ بِذِکْرِ اللّٰہِ وَاَحْبِبْ فِی اللّٰہِ وَاَبْغِضْ فِی اللّٰہِ یَا اَبَا رَزِیْنٍ ھَلْ

حضرت ابی رزین رضؓ کہتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا۔ میں تجھ کو اس امر (دین) کی جڑ بتا دوں کہ تو اس کے ذریعہ دنیا اور آخرت کی بھلائی کو حاصل کر سکے۔ تو اہل ذکر کی مجلسوں میں بیٹھا کر (یعنی ان لوگوں کے پاس جو خدا کا ذکر کرتے ہیں اور جب تنہا ہو تو جس قدر ممکن ہو خدا کی یاد میں اپنی زبان کو حرکت میں رکھ۔ محض خدا کی خوشنودی کے لئے محبت کر اور خدا کی رضامندی کے لئے بغض رکھ۔ اے ابو رزین!

شَعَرَتْ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ زَائِرًا اَخَاهُ شَيَّعَهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ كُلُّهُمْ يُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اَتَّهٗ وَصَلَ فِيْكَ فَصِلْهُ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَفْعَلَ جَسَدَكَ فِيْ ذٰلِكَ فَافْعَلْ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

کیا تو جانتا ہے کہ جب کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی کی زیارت و ملاقات کے ارادے سے گھر سے نکلتا ہے تو (کیا ہوتا ہے؟) اس کے پیچھے ستر ہزار فرشتے ہوتے ہیں جو دعاء و استغفار کرتے ہیں اور کہتے ہیں اے پروردگار! اس شخص نے محض تیری رضا کے لئے ملاقات کی تو اس کو اپنی رحمت اور شفقت سے ملا دے۔ پس اگر تجھ سے یہ ممکن ہو یعنی اپنے مسلمان بھائی کی ملاقات کے لئے جانا تو تو ایسا کر (یعنی اپنے مسلمان بھائی سے ملاقات کر۔) (بیہقی)

خدا کے لئے محبت کرنے کا اجر

۴۸۰۴/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَغُرَفًا يُرٰى ظُهُوْرُهَا مِنْ بُطُوْنِهَا وَبُطُوْنُهَا مِنْ ظُهُوْرِهَا فَقَالَ اَعْرَابِيٌّ لِمَنْ هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ هِيَ لِمَنْ اَطَابَ الْكَلَامَ وَاَطْعَمَ الطَّعَامَ وَاَدَامَ الصِّيَامَ وَصَلَّى بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابی ہریرہؓ کہتے ہیں۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا کہ آپ نے فرمایا۔ جنت میں یاقوت کے ستون ہیں جن کے اوپر زبرجد کے بالا خانے بنائے گئے ہیں ان بالاخانوں کے دروازے کھلے ہوئے ہیں، یہ بالاخانے اور ان کے دروازے روشن ہیں اور اس طرح چمکتے ہیں جس طرح روشن ستارے چمکتے ہیں۔ صحابہ رضؓ نے پوچھا یا رسول اللہ ان میں کون رہے گا؟ فرمایا وہ لوگ جو خدا کے لئے محبت کرتے ہیں خدا کے لئے باہم بیٹھ کر ذکرِ الٰہی کرتے ہیں اور خدا کی خوشنودی کے لئے آپس میں ملاقاتیں کرتے ہیں۔ (بیہقی)

بَابُ مَا يُنْهٰى عَنْهُ مِنَ التَّهَاجُرِ وَالتَّقَاطُعِ وَاتِّبَاعِ الْعَوْرَاتِ

جن چیزوں سے منع کیا گیا ہے یعنی ترکِ ملاقات، انقطاعِ دوستی اور عیب جوئی کا بیان

فصلِ اوّل

تین دن سے زیادہ خفگی رکھنا جائز نہیں

۴۸۰۵/۱ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ لِلرَّجُلِ اَنْ يَّهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلٰثِ لَيَالٍ يَلْتَقِيَانِ فَيُعْرِضُ هٰذَا وَيُعْرِضُ هٰذَا وَخَيْرُهُمَا الَّذِيْ يَبْدَاُ بِالسَّلَامِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ایوب انصاریؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کسی مرد (مسلمان) کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ تین دن سے زیادہ (خفا ہو کر) کسی مسلمان کو چھوڑ دے۔ یعنی وہ کہیں ایک دوسرے کے سامنے ہوں تو ایک اپنا منہ ادھر کو پھیر لے اور دوسرا اُدھر کو۔ اور ان دونوں میں بہتر شخص وہ ہے جو السلام علیکم سے گفتگو کی ابتدا کرے یعنی خفگی کو دور کر کے مصالحت کی ابتدا کرے۔ (بخاری و مسلم)

ان باتوں کی ممانعت جن سے معاشرہ کی انفرادی اور اجتماعی زندگی فاسد ہوتی ہے

۴۸۰۶/۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ

حضرت ابی ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بدگمانی سے اپنے آپ کو بچاؤ اس لئے کہ بدگمانی بدترین جھوٹی بات ہے

الظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَکْذَبُ الْحَدِیْثِ وَلَا تَحَسَّسُوْا وَلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا تَنَاجَشُوْا وَلَا تَحَاسَدُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا وَکُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰہِ اِخْوَانًا وَفِیْ رِوَایَۃٍ وَلَا تَنَافَسُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

اور کسی کا حال یا کوئی خبر معلوم کرنے کی کوشش نہ کرو، جاسوسی نہ کرو اور کسی کے سودے کو نہ بگاڑو (یعنی چیز کے لینے کا ارادہ نہ ہو اور خواہ مخواہ کسی کے سودے پر سودا کرنے لگو) آپس میں حسد نہ کرو آپس میں بغض نہ رکھو آپس میں غلبیت نہ کرو اور خدا کے سارے (مسلمان) بندے بھائی بن کر رہیں اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپس میں حرص نہ کرو (بخاری و مسلم)

عداوت کی برائی

۴۸۰۷/۳ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تُفْتَحُ اَبْوَابُ الْجَنَّۃِ یَوْمَ الْاِثْنَیْنِ وَیَوْمَ الْخَمِیْسِ فَیُغْفَرُ لِکُلِّ عَبْدٍ لَّا یُشْرِکُ بِاللّٰہِ شَیْئًا اِلَّا رَجُلٌ کَانَتْ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ اَخِیْہِ شَحْنَاءُ فَیُقَالُ اُنْظُرُوْا ھٰذَیْنِ حَتّٰی یَصْطَلِحَا (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے پیر اور جمعرات کے دن جنت کے دروازہ کھولے جاتے ہیں اور ہر بندہ کی بخشش کی جاتی ہے بشرطیکہ وہ خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا ہو اور وہ شخص اس بخشش سے محروم رہ جاتے ہیں جو کسی مسلمان سے کینہ اور عداوت رکھتے ہیں اور فرشتوں سے کہا جاتا ہے کہ ان لوگوں کو دو دن کی مہلت دیدو کہ وہ آپس میں صلح کرلیں۔ (مسلم)

۴۸۰۸/۴ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُعْرَضُ اَعْمَالُ النَّاسِ فِیْ کُلِّ جُمُعَۃٍ مَرَّتَیْنِ یَوْمَ الْاِثْنَیْنِ وَیَوْمَ الْخَمِیْسِ فَیُغْفَرُ لِکُلِّ عَبْدٍ مُّؤْمِنٍ اِلَّا عَبْدًا بَیْنَہٗ وَبَیْنَ اَخِیْہِ شَحْنَاءُ فَیُقَالُ اُتْرُکُوْا ھٰذَیْنِ حَتّٰی یَفِیْئَا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر ہفتہ میں بندوں کے اعمال دو مرتبہ یعنی پیر اور جمعرات کے دن خداوند تعالیٰ کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں اور ہر مومن بندہ کی بخشش کیجاتی ہے مگر اس بندہ کو نہیں بخشتا، جو اپنے کسی مسلمان بھائی سے عداوت رکھتا ہو اس کی نسبت کہہ دیا جاتا ہے کہ اس کو دو دن کی مہلت دو کہ وہ آپس میں صلح کرلیں۔ (مسلم)

دروغ مصلحت آمیز

۴۸۰۹/۵ وَعَنْ اُمِّ کُلْثُوْمٍ بِنْتِ عُقْبَۃَ ابْنِ اَبِیْ مُعَیْطٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَیْسَ الْکَذَّابُ الَّذِیْ یُصْلِحُ بَیْنَ النَّاسِ وَیَقُوْلُ خَیْرًا وَیَنْمِیْ خَیْرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

وَزَادَ مُسْلِمٌ قَالَتْ وَلَمْ اَسْمَعْہُ یُرَخِّصُ فِیْ شَیْءٍ مِّمَّا یَقُوْلُ النَّاسُ کَذِبٌ اِلَّا فِیْ ثَلٰثٍ .... اَلْحَرْبُ وَالْاِصْلَاحُ بَیْنَ النَّاسِ وَحَدِیْثُ الرَّجُلِ امْرَاَتَہٗ وَحَدِیْثُ الْمَرْاَۃِ زَوْجَھَا وَذُکِرَ حَدِیْثُ جَابِرٍ اِنَّ الشَّیْطٰنَ قَدْ اَیِسَ فِیْ بَابِ الْوَسْوَسَۃِ۔

حضرت امِّ کلثوم رضؓ بنت عقبہ بن ابی معیط کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے وہ شخص جھوٹا نہیں ہے جو اپنی جھوٹی باتوں سے لوگوں کے درمیان اصلاح کرے (یعنی صلح کرائے) دونوں فریق سے بھلی بات کہے اور ایک کی طرف سے دوسرے کو بھلی بات پہنچائے۔ (بخاری و مسلم) اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ ام کلثوم رضؓ نے کہا میں نے نہیں سنا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جھوٹ بولنے کی کسی امر میں اجازت دی ہو مگر تین باتوں میں، ایک تو لڑائی میں (یعنی دشمنانِ اسلام سے جنگ کرنے میں) دوسرے لوگوں کے درمیان صلح کرانے میں اور تیسرے میاں بیوی کی باتوں میں۔

اور حضرت جابر رضؓ کی حدیث "قَدْ اَیِسَ" وَسْوَسے کے باب میں بیان کی گئی ہے۔

فصل دوم

تین موقعوں پر جھوٹ بولنا جائز ہے

۴۸۱۰/۶ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ الْكَذِبُ اِلَّا فِيْ ثَلٰثٍ كِذْبُ الرَّجُلِ اِمْرَأَتَهٗ لِيُرْضِيَهَا وَالْكِذْبُ فِي الْحَرْبِ وَالْكِذْبُ لِيُصْلِحَ بَيْنَ النَّاسِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت اسماء بنت یزید رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جھوٹ بولنا صرف تین موقع پر جائز ہے ایک تو مرد کا جھوٹ بولنا اپنی بیوی کو راضی کرنے کے لئے دوسرے لڑائی میں جھوٹ بولنا اور تیسرے لوگوں کے درمیان صلح کرانے میں جھوٹ بولنا۔ (احمد۔ ترمذی)

تین دن سے زیادہ خفگی نہ رکھو

۴۸۱۱/۷ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَكُوْنُ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَّهْجُرَ مُسْلِمًا فَوْقَ ثَلٰثَةٍ فَاِذَا لَقِيَهٗ سَلَّمَ عَلَيْهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ كُلُّ ذٰلِكَ لَا يَرُدُّ عَلَيْهِ فَقَدْ بَاءَ بِاِثْمِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کسی مسلمان کو یہ بات روا نہیں ہے کہ وہ تین دن سے زیادہ اپنے مسلمان بھائی سے خفا رہے اور اس کو چھوڑ دے جب وہ مسلمان جو اس سے خفا ہے کہیں ملے تو وہ اس کو سلام کرے، وہ جواب نہ دے تو دوبارہ سلام کرے اب بھی جواب نہ دے تو تیسری بار سلام کرے اگر اس مرتبہ بھی اس نے جواب نہ دیا تو اس کا گناہ اس کے ذمہ ہوگا۔ (ابوداؤد)

ترکِ تعلق کی حالت میں مرجانیوالے کے بارے میں وعید

۴۸۱۲/۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَّهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلٰثَةٍ فَمَنْ هَجَرَ فَوْقَ ثَلٰثٍ فَمَاتَ دَخَلَ النَّارَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کسی مسلمان کو یہ بات جائز نہیں کہ وہ اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ ناراض رہے اور اس سے ملاقات نہ کرے جو شخص تین دن سے زیادہ ناراض رہا اور اس عرصہ میں مرگیا تو دوزخ میں جائے گا۔ (احمد۔ ابوداؤد)

ایک برس تک کسی مسلمان سے ملنا جلنا چھوڑے رکھنا بڑا گناہ ہے

۴۸۱۳/۹ وَعَنْ اَبِيْ خِرَاشٍ السُّلَمِيِّ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ هَجَرَ اَخَاهُ سَنَةً فَهُوَ كَسَفْكِ دَمِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابی خراش سلمی رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جو شخص اپنے مسلمان بھائی سے سال بھر ناراض رہا اور اس سے ملاقات نہ کی اس نے گویا اس کا خون بہایا (یعنی اس کو خون ریزی اور قتلِ مسلم کا عذاب دیا جائے گا۔) (ابوداؤد)

تین دن کے بعد ناراضگی ختم کردو

۴۸۱۴/۱۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّهْجُرَ مُؤْمِنًا فَوْقَ ثَلٰثٍ فَاِنْ مَرَّتْ بِهٖ ثَلٰثٌ فَلْيَلْقَهٗ فَلْيُسَلِّمْ عَلَيْهِ اِنْ رَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ فَقَدِ اشْتَرَكَا فِي الْاَجْرِ وَاِنْ لَّمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ فَقَدْ بَاءَ بِالْاِثْمِ وَخَرَجَ

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کسی مسلمان کو یہ امر جائز نہیں ہے کہ وہ تین دن سے زیادہ کسی مسلمان سے ناراض رہے اور اس سے ملاقات نہ کرے تین دن گزر جانے پر اس کو چاہئے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی سے جاکر ملے اور اس کو سلام کرے اور وہ سلام کا جواب دیدے تو (مصالحت) کے اجر میں دونوں شریک ہیں اور

مُسَلِّمُ مِنَ الْهِجْرَةِ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

اگر سلام کا جواب نہ دے تو جواب نہ دینے والا گنہگار رہوا اور سلام کرنے والا ترکِ ملاقات کے گناہ سے بری ہوگیا۔ (ابو داؤد)

صلح کرانے کی فضیلت

۴۸۱۵ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَفْضَلَ مِنْ دَرَجَةِ الصِّيَامِ وَالصَّدَقَةِ وَالصَّلٰوةِ قَالَ قُلْنَا بَلٰى قَالَ اِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ وَفَسَادُ ذَاتِ الْبَيْنِ هِيَ الْحَالِقَةُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ)

حضرت ابی درداء رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں تم کو وہ عمل بتا دوں جس کے ثواب کا درجہ روزہ صدقہ اور نماز کے ثواب سے زیادہ ہے ہم نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ ﷺ (ضرور بتایئے) آپ نے فرمایا (وہ عمل) دو مسلمانوں کے درمیان صلح کرانا ہے اور جو شخص دو مسلمانوں کے درمیان فتنہ و فساد پیدا کرے وہ مونڈنے (یعنی دین میں خلل ڈالنے) والا ہے۔ (ترمذی۔ ابو داؤد) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

حسد اور بغض کی مذمت

۴۸۱۶ وَعَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَبَّ اِلَيْكُمْ دَاءُ الْاُمَمِ قَبْلَكُمُ الْحَسَدُ وَالْبَغْضَاءُ هِيَ الْحَالِقَةُ لَا اَقُوْلُ تَحْلِقُ الشَّعْرَ وَلٰكِنْ تَحْلِقُ الدِّيْنَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت زبیر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے پہلی امتوں کی بیماریاں تم میں سرایت کر گئی ہیں (یعنی امتِ محمدیہ میں پچھلی امتوں کی بیماریاں پیدا ہوگئی ہیں) اور وہ بیماریاں حسد اور بغض ہیں جو مونڈنے والی ہیں میری مراد اس سے بالوں کا مونڈنا نہیں ہے بلکہ دین کو مونڈنا ہے (یعنی یہ بیماریاں دین کی جڑ کاٹ دیتی ہیں)۔ (احمد۔ ترمذی)

حسد نیکیوں کو کھا جاتا ہے۔

۴۸۱۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيَّاكُمْ وَالْحَسَدَ فَاِنَّ الْحَسَدَ يَاْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَاْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے حسد سے اپنے آپ کو بچاؤ اس لئے کہ حسد نیکیوں کو کھا جاتا ہے (یعنی نیکیوں کو فنا کر دیتا ہے) جس طرح آگ لکڑیوں کو کھا جاتی ہے۔ (ابو داؤد)

دو آدمیوں کے درمیان برائی ڈالنے کی مذمت

۴۸۱۸ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيَّاكُمْ وَسُوْءَ ذَاتِ الْبَيْنِ فَاِنَّهَا الْحَالِقَةُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے آپ کو دو مسلمانوں کے درمیان فتنہ و فساد ڈالنے سے بچاؤ اس لئے کہ یہ فعل دین کو تباہ کرنے والا ہے۔ (ترمذی)

کسی مسلمان کو ضرر و مشقت میں مبتلا نہ کرو

۴۸۱۹ وَعَنْ اَبِیْ صِرْمَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ ضَارَّ ضَارَّ اللّٰهُ بِهٖ وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابی صرمہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی مسلمان کو ضرر پہنچائے گا اللہ تعالیٰ اس کو ضرر پہنچائے گا یعنی اس کے اس فعلِ بد کی سزا دے گا اور جو شخص کسی مسلمان کو مشقت و تکلیف میں مبتلا کریگا اللہ تعالیٰ اسکو مشقت میں ڈالے گا (ابن ماجہ۔ ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث غریب ہے)

کسی مسلمان کو ضرر پہنچانے والے کے بارے میں وعید

۴۸۲۰ وَعَنْ اَبِیْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَلْعُوْنٌ مَّنْ ضَارَّ مُؤْمِنًا اَوْ مَکَرَ بِہٖ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَ قَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

وہ شخص ملعون ہے جو کسی مسلمان کو ضرر پہنچائے یا کسی کے ساتھ مکر کرے (یعنی ظاہر و باطن میں نقصان پہنچائے) (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)۔

کسی مسلمان کو اذیت پہنچانے، عار دلانے اور اس کی عیب جوئی کرنے کی ممانعت

۴۸۲۱/۱۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَنَادٰی بِصَوْتٍ رَفِیْعٍ فَقَالَ یَا مَعْشَرَ مَنْ اَسْلَمَ بِلِسَانِہٖ وَلَمْ یُفْضِ الْاِیْمَانُ اِلٰی قَلْبِہٖ لَا تُؤْذُوا الْمُسْلِمِیْنَ وَلَا تُعَیِّرُوْھُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا عَوْرَاتِھِمْ فَاِنَّہٗ مَنْ یَّتَتَبَّعْ عَوْرَۃَ اَخِیْہِ الْمُسْلِمِ یَتَتَبَّعِ اللّٰہُ عَوْرَتَہٗ وَمَنْ یَّتَتَبَّعِ اللّٰہُ عَوْرَتَہٗ یَفْضَحْہُ وَلَوْ فِیْ جَوْفِ رَحْلِہٖ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر تشریف فرما کر بلند آواز سے فرمایا۔ اے وہ مسلمانو! جو زبان سے اسلام لائے ہو اور دل میں ایمان کا اثر نہیں رکھتے (تم کو آگاہ کیا جاتا ہے)، تم مسلمانوں کو اذیت نہ دو، ان کو عار نہ دلاؤ، ان کے عیوب کو نہ ڈھونڈو اس لئے کہ جو شخص کسی مسلمان کے عیب کو تلاش کرتا ہے خدا تعالیٰ اس کے عیب کو ڈھونڈتا ہے اور جس شخص کے عیب کو خدا تعالیٰ تلاش کرے (اس کی رسوائی ظاہر ہے) خدا تعالیٰ اس کو رسوا کرے گا اگرچہ وہ اپنے گھر کے اندر چھپا بیٹھا ہو۔ (ترمذی)

کسی مسلمان کی عزت و آبرو کو نقصان پہنچانے کی مذمت

۴۸۲۲/۱۸ وَعَنْ سَعِیْدِ بْنِ زَیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِنْ اَرْبَی الرِّبَوٰا الْاِسْتِطَالَۃَ فِیْ عِرْضِ الْمُسْلِمِ بِغَیْرِ حَقٍّ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت سعید بن زید رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سب سے بڑا سود مسلمان کی ناحق آبروریزی ہے۔ (ابوداؤد۔ بیہقی)

کسی کی ناحق آبروریزی کرنا اس کا گوشت کھانے کے مترادف ہے

۴۸۲۳/۱۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا عُرِجَ بِیْ رَبِّیْ مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَّھُمْ اَظْفَارٌ مِّنْ نُحَاسٍ یَخْمُشُوْنَ وُجُوْھَھُمْ وَصُدُوْرَھُمْ فَقُلْتُ مَنْ ھٰؤُلَاءِ یَا جِبْرَئِیْلُ قَالَ ھٰؤُلَاءِ الَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ لُحُوْمَ النَّاسِ وَیَقَعُوْنَ فِیْ اَعْرَاضِھِمْ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ مجھ کو اوپر لے گیا (یعنی معراج میں) تو میں نے وہاں ایسے لوگوں کو دیکھا جن کے ناخن تانبے کے تھے اور ان ناخنوں سے اپنے چہروں اور سینوں کو کھرچتے تھے۔ میں نے پوچھا جبرئیلؑ یہ کون لوگ ہیں۔ انھوں نے کہا یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے ہیں (یعنی غیبت کرتے ہیں) اور انکی آبرو کے پیچھے پڑے رہتے ہیں۔ (ابوداؤد)

کسی شخص کی بے آبروئی کرنے والے کے بارے میں وعید

۴۸۲۴/۲۰ وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَکَلَ بِرَجُلٍ مُّسْلِمٍ اُکْلَۃً فَاِنَّ اللّٰہَ ... یُطْعِمُہٗ مِثْلَھَا مِنْ جَھَنَّمَ وَمَنْ کُسِیَ ثَوْبًا بِرَجُلٍ مُّسْلِمٍ فَاِنَّ اللّٰہَ یَکْسُوْہُ مِثْلَہٗ مِنْ جَھَنَّمَ وَمَنْ قَامَ بِرَجُلٍ مَقَامَ سُمْعَۃٍ وَّ رِیَاءٍ فَاِنَّ

حضرت مستورد رضؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا ہے جو شخص کسی مسلمان کی برائی اور غیبت کر کے ایک لقمہ کھائے (یعنی اس ذریعہ سے رزق حاصل کرے) خداوند تعالیٰ اس کو اس لقمہ کی مانند دوزخ کی آگ کھلائے گا اور جو شخص کسی مسلمان کی اہانت و ذلت کے معاوضہ میں کسی کو کپڑا پہنائے اس کو خداوند تعالیٰ اسی کی مانند دوزخ کی آگ کا لباس

اللّٰہ یَقُوْمُ لَہٗ مَقَامَ سُمْعَۃٍ وَرِیَاءٍ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

بنائے گا اور جو شخص کہ کھڑا کرے کسی کو یا خود کھڑا ہو لوگوں کو اپنی خوبیاں اور برائیاں سنانے اور دکھانے کے لئے قیامت کے دن خود خدا تعالیٰ اس کی برائیاں اور کمزوریاں دکھانے اور سنانے کے لئے کھڑا ہوگا۔ (ابوداؤد)

خدا کے ساتھ حسن ظن کی فضیلت

۴۸۲۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَۃِ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اچھا گمان رکھنا (خدا تعالیٰ کے ساتھ) منجملہ بہترین عبادت کے ہے (یعنی خدا تعالیٰ کے ساتھ حسن ظن بھی عبادت میں داخل ہے)۔ (احمد۔ ابوداؤد)

ایک زوجۂ مطہرہ کی بدگوئی اور حضورؐ کی ناراضگی

۴۸۲۶ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتِ اعْتَلَّ بَعِیْرٌ لِصَفِیَّۃَ وَعِنْدَ زَیْنَبَ فَضْلُ ظَھْرٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِزَیْنَبَ اَعْطِیْھَا بَعِیْرًا فَقَالَتْ اَنَا اُعْطِیْ تِلْکَ الْیَھُوْدِیَّۃَ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَھَجَرَھَا ذَا الْحِجَّۃَ وَالْمُحَرَّمَ وَبَعْضَ صَفَرٍ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَذُکِرَ حَدِیْثُ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ مَنْ حَمٰی مُؤْمِنًا فِیْ بَابِ الشَّفَقَۃِ وَالرَّحْمَۃِ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ آنحضرتؐ کی بیوی صفیہؓ کا اونٹ بیمار ہوگیا اور زینبؓ (ام المومنین) کے پاس ان کی ضرورت سے زیادہ سواری تھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ زینبؓ تم صفیہؓ کو اپنا اونٹ دیدو۔ زینبؓ نے کہا میں بھلا یہ اونٹ اس یہودیہ کو دونگی (یعنی ہرگز نہ دونگی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس بات سے ناراض ہوگئے اور ذی الحجہ، محرم اور کچھ دن ماہ صفر کے اُن سے آپ علیحدہ رہے (ان کے گھر نہ گئے)۔ (ابوداؤد) اور معاذ بن انس کی حدیث مَنْ حمیٰ الخ شفقت و رحمت کے باب میں بیان کی گئی۔

فصل سوم

قسم کا بہرحال اعتبار کرو

۴۸۲۷ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَاَی عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ رَجُلًا یَسْرِقُ فَقَالَ لَہٗ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ سَرَقْتَ قَالَ کَلَّا وَالَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَقَالَ عِیْسٰی اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَکَذَّبْتُ نَفْسِیْ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابی ہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے حضرت مریمؑ کے بیٹے حضرت عیسیٰؑ نے ایک شخص کو چوری کرتے دیکھا حضرت عیسیٰؑ نے اس سے پوچھا تو نے چوری کی؟ اس نے کہا ہرگز نہیں قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود عبادت کے قابل نہیں۔ عیسیٰؑ نے کہا میں خدا پر ایمان لایا اور اپنے نفس کو جھوٹا قرار دیا۔ (مسلم)

حسد و افلاس کی برائی

۴۸۲۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَادَ الْفَقْرُ اَنْ یَّکُوْنَ کُفْرًا وَکَادَ الْحَسَدُ اَنْ یَّغْلِبَ الْقَدَرَ۔ (رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فقر (افلاس و تنگ دستی) قریب ہے کہ کفر کی حد تک پہنچا دے اور قریب ہے کہ حسد تقدیر الٰہی پر غالب آجائے (یعنی افلاس ایسی بری چیز ہے کہ انسان اس سے مجبور ہوکر کفر کی حد تک پہنچ جاتا ہے۔) (بیہقی)

عذر خواہی کو قبول کرو

۴۸۲۹ وَعَنْ جَابِرٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اعْتَذَرَ اِلٰی اَخِیْہِ فَلَمْ یَعْذِرْہُ اَوْ لَمْ

حضرت جابرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی سے (اپنے کسی قصور پر) عذر کرے اور وہ مسلمان

یَقْبَلْ عُذْرَہٗ کَانَ عَلَیْہِ مِثْلُ خَطِیْئَۃِ صَاحِبِ مَکْسٍ (رَوَاھُمَا الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَ قَالَ مَکَّاسُ الْعُشَّارُ۔)

اس کو معذور نہ سمجھے یا اس کے عذر کو قبول نہ کرے تو اس پر اس کا اتنا گناہ ہوگا جتنا کہ عشر لینے والے کا گناہ (یعنی اس عشر لینے والے کا گناہ جو ظلم سے عشر وصول کرے اور حق سے زیادہ لے) (بیہقی)

بَابُ الْحَذَرِ وَالتَّانِّیْ فِی الْاُمُوْرِ

کاموں میں احتراز اور توقف کرنے کا بیان!

فصل اوّل

ایک حکیمانہ اصول

۴۸۳۰ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَّاحِدٍ مَرَّتَیْنِ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ایک سوراخ سے مومن کو دو بار نہیں کاٹا جاتا (یعنی جس سوراخ سے مسلمان کو سانپ وغیرہ نے ایک مرتبہ کاٹ لیا اس سے اس کو دوبارہ نہیں کاٹا جا سکتا۔ یعنی مسلمان کیفر ہوشیار ہو جاتا ہے مطلب یہ ہے کہ ایک مرتبہ نقصان اٹھانے کے بعد مسلمان دوبارہ نقصان نہیں اٹھاتا۔ (بخاری و مسلم)

حلم و بردباری اور توقف و آہستگی کی فضیلت

۴۸۳۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَشَجِّ عَبْدِ الْقَیْسِ اِنَّ فِیْکَ لَخَصْلَتَیْنِ یُحِبُّھُمَا اللّٰہُ الْحِلْمُ وَالْاَنَاۃُ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ عبدالقیس کے سردار سے فرمایا۔ مجھ میں دو باتیں ایسی ہیں جن کو خدا تعالیٰ پسند کرتا ہے ایک تو بردباری اور دوسرے غور و فکر کے بعد کام کرنا۔ (مسلم)

فصل دوم

آہستگی و بردباری کی فضیلت اور جلد بازی کی مذمت

۴۸۳۲ عَنْ سَھْلِ بْنِ سَعْدِ السَّاعِدِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاَنَاۃُ مِنَ اللّٰہِ وَالْعَجَلَۃُ مِنَ الشَّیْطٰنِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَقَدْ تَکَلَّمَ بَعْضُ اَھْلِ الْحَدِیْثِ فِیْ عَبْدِ الْمُھَیْمِنِ بْنِ عَبَّاسٍ الرَّاوِیْ مِنْ قِبَلِ حِفْظِہٖ۔)

حضرت سہل بن ساعد ساعدی رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کاموں میں تاخیر کرنا (یعنی غور و فکر کے بعد کام کرنا) خدا تعالیٰ کی جانب سے ہے اور کاموں میں جلدی کرنا شیطان کی طرف سے ہے۔ (ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث غریب ہے اور بعض محدثین کو عبدالمہیمن بن عباس رضؓ کے حافظے پر اعتراض ہے۔)

تجربہ، سب سے بڑی دانائی ہے

۴۸۳۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا حَلِیْمَ اِلَّا ذُوْ عَثْرَۃٍ وَّلَا حَکِیْمَ اِلَّا ذُوْ تَجْرِبَۃٍ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابی سعید رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بردبار نہیں ہوتا مگر وہ شخص جو لغزش کر چکا ہو۔ اور حلیم نہیں ہوتا مگر وہ شخص جو تجربہ حاصل کر چکا ہو۔

وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ) ۔ (احمد۔ ترمذی یہ حدیث غریب ہے) ۔

وہی کام کرو جس کا انجام اچھا نظر آئے

۴۸۳۴ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصِنِيْ فَقَالَ خُذِ الْاَمْرَ بِالتَّدْبِيْرِ فَاِنْ رَاَيْتَ فِيْ عَاقِبَتِهٖ خَيْرًا فَامْضِهٖ وَاِنْ خِفْتَ غَيًّا فَامْسِكْ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا مجھ کو نصیحت فرمائیے۔ آپؐ نے فرمایا اپنے کام کو تدبیر کے ساتھ کر اگر اس کا انجام اچھا نظر آئے کر ڈال اور انجام میں گمراہی و خرابی نظر آئے تو اس کو چھوڑ دے۔ (شرح السنۃ)

نیکی و بھلائی کے کاموں میں توقف و تاخیر نہ کرو

۴۸۳۵ وَعَنْ مُصْعَبِ ابْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ الرُّوَيْثُ لَا اَعْلَمُهٗ اِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ التُّؤَدَةُ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ خَيْرٌ اِلَّا فِيْ عَمَلِ الْاٰخِرَةِ ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت مصعب بن سعد رضؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تاخیر اور ڈھیل ہر چیز میں بہتر ہے مگر عمل آخرت میں نہیں (یعنی بھلائیوں کو فوراً اختیار کرنا چاہئے ان میں تاخیر روا نہیں) ۔ (ابوداؤد)

نبوت سے تعلق رکھنے والی صفات کا ذکر

۴۸۳۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ سَرْجِسَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ السَّمْتَ الْحَسَنَ وَالتُّؤَدَةَ وَالْاِقْتِصَادَ جُزْءٌ مِّنْ اَرْبَعَةٍ وَّعِشْرِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبداللہ بن سرجس رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے روشِ نیک تاخیر اور ڈھیل اور میانہ روی نبوت کے چوبیس اجزاء میں سے ہیں۔ (ترمذی)

۴۸۳۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْهَدْيَ الصَّالِحَ وَالسَّمْتَ الصَّالِحَ وَالْاِقْتِصَادَ جُزْءٌ مِّنْ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے نیک عادت و طریقہ، نیک روش اور میانہ روی نبوت کے پچیس حصوں میں سے ہیں۔ (ابوداؤد)

کسی کا راز امانت کی طرح ہے

۴۸۳۸ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ الْحَدِيْثَ ثُمَّ الْتَفَتَ فَهِيَ اَمَانَةٌ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابر بن عبداللہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کوئی شخص کوئی بات کہے (یعنی ایسی بات جس کا اخفا وہ پسند کرتا ہے) اور پھر وہ چلا جائے تو وہ امانت ہے (یعنی سننے والوں کے لئے وہ امانت کے مانند ہے اور اس بات کی حفاظت امانت کی طرح کرنا چاہئے۔)

مشورہ چاہنے والے کو وہی مشورہ دو جس میں اس کی بھلائی و بہبودی ہو۔

۴۸۳۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِي الْهَيْثَمِ ابْنِ التَّيِّهَانِ هَلْ لَّكَ خَادِمٌ قَالَ لَا فَقَالَ فَاِذَا اَتَانَا سَبْيٌ فَاْتِنَا فَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَاْسَيْنِ فَاَتَاهُ

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ابی ہیثم بن تیہان سے پوچھا تمہارے پاس کوئی خادم ہے؟ انھوں نے عرض کیا نہیں آپؐ نے فرمایا جب ہمارے پاس غلام آئیں تو تم آنا۔ چنانچہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس دو غلام آئے اور ابوہیثم حاضر ہوئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

اَبُو الْهَيْثَمِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِخْتَرْ مِنْهُمَا فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِخْتَرْ لِيْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ خُذْ هٰذَا فَاِنِّيْ رَاَيْتُهٗ يُصَلِّيْ وَاسْتَوْصِ بِهٖ مَعْرُوْفًا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

نے ان سے فرمایا ان دونوں غلاموں میں سے ایک کو لے لو۔ انھوں نے عرض کیا یا نبی اللہ آپ ہی انتخاب کر دیجئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص سے مشورہ لیا جائے اس کو امین ہونا چاہیئے (یعنی اس کو صحیح مشورہ دینا چاہیئے) تم اس غلام کو لے جاؤ میں نے اس کو نماز پڑھتے دیکھا ہے اور میں تم کو وصیت کرتا ہوں کہ تم اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنا (ترمذی)

وہ تین باتیں جو کسی کا راز بھی نہوں تو ان کو ظاہر کر دو

۴۸۴۰ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَجَالِسُ بِالْاَمَانَةِ اِلَّا ثَلٰثَةَ مَجَالِسَ سَفْكُ دَمٍ حَرَامٍ اَوْ فَرْجٌ حَرَامٌ اَوْ اقْتِطَاعُ مَالٍ بِغَيْرِ حَقٍّ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ سَعِيْدٍ اِنَّ اَعْظَمَ الْاَمَانَةِ فِيْ بَابِ الْمُبَاشَرَةِ فِي الْفَصْلِ الْاَوَّلِ۔)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مجالس امانت سے وابستہ ہیں (یعنی مجالس کی گفتگو کو امانت کے طور پر سمجھنا چاہیئے) مگر تین مجالسیں (کہ ان کی گفتگو کو امانت کے طور پر نہیں رکھنا چاہیئے، بلکہ ظاہر کر دینا ضروری ہے) ایک تو حرام چیزوں کی مجلس کی گفتگو دوسرے زنا کاری کے مشورہ کی گفتگو اور تیسرے ناحق کسی کا مال چھین لینے کے مشورہ کی گفتگو۔ (ابوداؤد) ابوسعید کی حدیث "ان اعظم الامانۃ" باب المباشرت فصل اوّل میں بیان کی جا چکی ہے۔

فصل سوم

عقل کی تعریف و اہمیت

۴۸۴۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْعَقْلَ قَالَ لَهٗ قُمْ فَقَامَ ثُمَّ قَالَ لَهٗ اَدْبِرْ فَاَدْبَرَ ثُمَّ قَالَ لَهٗ اَقْبِلْ فَاَقْبَلَ ثُمَّ قَالَ لَهٗ اُقْعُدْ فَقَعَدَ ثُمَّ قَالَ لَهٗ مَا خَلَقْتُ خَلْقًا هُوَ خَيْرٌ مِّنْكَ وَلَا اَفْضَلُ مِنْكَ وَلَا اَحْسَنُ مِنْكَ بِكَ اٰخُذُ وَبِكَ اُعْطِيْ وَبِكَ اُعْرَفُ وَبِكَ اُعَاتِبُ وَبِكَ الثَّوَابُ وَعَلَيْكَ الْعِقَابُ وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ الْعُلَمَاءِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)۔

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب خداوند تعالیٰ نے عقل کو پیدا کیا تو اس سے کہا کھڑی ہو جا۔ وہ کھڑی ہو گئی پھر اس سے کہا پشت پھیر۔ اس نے پشت پھیر لی۔ پھر اس سے کہا میری طرف منہ کر اس نے خدا کی طرف منہ کر لیا۔ پھر اس سے کہا بیٹھ جا تو وہ بیٹھ گئی۔ پھر اس سے کہا میں نے کوئی ایسی مخلوق پیدا نہیں کی جو تجھ سے بہتر و افضل ہو اور خوبیوں میں تجھ سے اچھی ہو۔ میں تیرے ذریعہ (بندوں سے عبادت) لیتا ہوں اور تیرے ہی ذریعہ (بندوں کو ثواب درجات) عطا کرتا ہوں۔ تیرے ہی سبب میں پہچانا جاتا ہوں تیرے ہی سبب سے عتاب کرتا ہوں، تیرے ہی ذریعہ ثواب دیتا ہوں اور تجھ ہی پر عذاب کرتا ہوں (بیہقی)، اس حدیث میں بعض علماء نے کلام کیا ہے یعنی اس کو موضوع قرار دیا ہے۔

قیامت کے دن عقل کے مطابق جزاء ملے گی

۴۸۴۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَكُوْنُ مِنْ اَهْلِ الصَّلٰوةِ وَالصَّوْمِ وَالزَّكٰوةِ وَالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ حَتّٰى ذَكَرَ سِهَامَ الْخَيْرِ كُلِّهَا وَمَا يُجْزٰى يَوْمَ

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ایک شخص ہے جو نماز بھی پڑھتا ہے روزہ بھی رکھتا ہے زکوٰۃ بھی دیتا ہے حج اور عمرہ بھی کرتا ہے یہاں تک کہ آپ نے تمام نیک کاموں کا ذکر کیا، لیکن اس کو قیامت کے دن اس کی عقل کے موافق بدلہ دیا جائے

الْقِيٰمَةِ اِلَّا بِقَدْرِ عَقْلِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ) گا۔ (بیہقی)

تدبّر کی فضیلت

۴۸۴۳/۱۴ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا ذَرٍّ لَا عَقْلَ كَالتَّدْبِيْرِ وَلَا وَرَعَ كَالْكَفِّ وَلَا حَسَبَ كَحُسْنِ الْخُلُقِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ؐ نے (ان سے) فرمایا ابوذر رضؓ "تدبیر کے برابر کوئی عقل نہیں ہے (یعنی عقل و تدبیر کے مانند) اور اجتناب و احتیاط سے زیادہ کوئی تقویٰ نہیں اور خوش خلقی سے بہتر کوئی حسب نہیں ہے۔ (بیہقی)

خرچ میں میانہ روی، زندگی کا آدھا سرمایہ ہے

۴۸۴۴/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاِقْتِصَادُ فِی النَّفَقَةِ نِصْفُ الْمَعِيْشَةِ وَالتَّوَدُّدُ اِلَى النَّاسِ نِصْفُ الْعَقْلِ وَحُسْنُ السُّؤَالِ نِصْفُ الْعِلْمِ۔ (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ) اَلْاَحَادِيْثَ الْاَرْبَعَةَ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے معاش میں میانہ روی نصف معیشت ہے (یعنی زندگی کا آدھا سرمایہ ہے) اور انسانوں سے دوستی (یعنی نیک و صالح آدمیوں سے) نصف عقل ہے اور خوبی کے ساتھ سوال کرنا حصولِ علم میں آدھا علم ہے۔ (بیہقی)

بَابُ الرِّفْقِ وَالْحَيَاءِ وَحُسْنِ الْخُلُقِ

نرمی، حیا اور حسنِ خلق کا بیان

فصل اوّل

نرمی و مہربانی کی فضیلت

۴۸۴۵/۱ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ يُّحِبُّ الرِّفْقَ وَيُعْطِیْ عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِیْ عَلَى الْعُنْفِ وَمَا لَا يُعْطِیْ عَلَى مَا سِوَاهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

وَفِیْ رِوَايَةٍ لَّهٗ قَالَ لِعَائِشَةَ عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَاِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ اِنَّ الرِّفْقَ لَا يَكُوْنُ فِیْ شَیْءٍ اِلَّا زَانَهٗ وَلَا يُنْزَعُ مِنْ شَیْءٍ اِلَّا شَانَهٗ۔

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ مہربان ہے نرمی و مہربانی کو پسند کرتا ہے اور نرمی و مہربانی پر وہ چیز عطا فرماتا ہے جو درشتی و سختی پر عطا نہیں فرماتا نہ اور کسی چیز پر نرمی و مہربانی کے سوا چیزوں میں سے۔ (مسلم) اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضؓ سے فرمایا نرمی کو اپنے اوپر لازم سمجھو۔ سختی و درشتی اور بے حیائی سے اپنے آپ کو بچاؤ اس لئے کہ جس چیز میں نرمی ہوتی ہے وہ نرمی اس کی زینت کا باعث ہوتی ہے اور جس چیز میں سے نرمی نکال لی جاتی ہے وہ عیب

جس شخص میں نرمی و مہربانی ہو وہ نیکی سے محروم رہتا ہے

۴۸۴۶/۲ وَعَنْ جَرِيْرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُّحْرَمُ الرِّفْقَ يُحْرَمُ الْخَيْرَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جریر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کو نرمی سے محروم کیا جاتا ہے اس کو گویا نیکی سے محروم کیا جاتا ہے۔ (مسلم)

حیاء کی فضیلت

۴۸۴۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰی رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَھُوَ یَعِظُ اَخَاہُ فِی الْحَیَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَعْہُ فَاِنَّ الْحَیَاءَ مِنَ الْاِیْمَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم ایک انصاری کے پاس سے گزرے جو اپنے بھائی کو حیا[1] کے موضوع پر نصیحت کر رہا تھا، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا اس کو چھوڑ دے اس لئے کہ حیا ایمان کی ایک شاخ ہے۔ (بخاری و مسلم)

۴۸۴۸ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْحَیَاءُ لَا یَاْتِیْ اِلَّا بِخَیْرٍ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَلْحَیَاءُ خَیْرٌ کُلُّہٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عمران بن حصین رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے حیاء، بھلائی اور نیکی کے سوا کوئی بات پیدا نہیں کرتی۔ اور ایک روایت میں یوں ہے کہ حیا کی تمام اقسام بہتر ہیں۔ (بخاری و مسلم)

ایک بہت پرانی بات ہے جو پچھلے انبیاء سے منقول چلی آرہی ہے

۴۸۴۹ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِمَّا اَدْرَکَ النَّاسُ مِنْ کَلَامِ النُّبُوَّۃِ الْاُوْلٰی اِذَا لَمْ تَسْتَحْیِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انبیاء سابقینؑ کے کلام میں سے جو بات لوگوں نے پائی ہے (یعنی ایسی بات جس میں تغیر و تبدل نہیں ہوا ہے یا جس کا حکم اب تک باقی ہے یہ بات ہے کہ جب تو نے شرم کو اٹھا کر رکھ دیا تو اب جو تیرا دل چاہے کر (بخاری)

نیکی اور گناہ کیا ہے؟

۴۸۵۰ وَعَنِ النَّوَّاسِ ابْنِ سَمْعَانَ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالْاِثْمِ فَقَالَ الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْاِثْمُ مَا حَاکَ فِیْ صَدْرِکَ وَکَرِھْتَ اَنْ یَّطَّلِعَ النَّاسُ عَلَیْہِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت نواس بن سمعان رضؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے نیکی اور گناہ کا حال دریافت کیا۔ آپ نے فرمایا نیکی حسنِ خلق کا نام ہے اور گناہ وہ ہے جو تیرے دل میں خلش پیدا کرے اور تو اس امر کو برا سمجھے کہ لوگ اس سے واقف ہو جائیں۔ (مسلم)

اچھے اخلاق کی فضیلت

۴۸۵۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ عَمْرٍو وَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَحَبِّکُمْ اِلَیَّ اَحْسَنَکُمْ اَخْلَاقًا۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے مجھ کو وہ شخص بہت پیارا ہے جس کا اخلاق اچھا ہو (بخاری)

۴۸۵۲ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ خِیَارِکُمْ اَحْسَنَکُمْ اَخْلَاقًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں نیک ترین وہ شخص ہے جس کا اخلاق اچھا ہو۔

فصل دوم

نرمی کی فضیلت و اہمیت

۴۸۵۳ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس

---

[1] یعنی وہ حیاء کی زیادتی سے ان کو منع کر رہا تھا اور یہ کہہ رہا تھا کہ زیادہ حیا کرنے سے انسان رزق اور علم کے حصول سے باز رہتا ہے یعنی اچھی طرح رزق اور علم حاصل نہیں کر سکتا۔ ۱۲ مترجم

مَنْ اُعْطِیَ حَظَّهٗ مِنَ الرِّفْقِ اُعْطِیَ حَظَّهٗ مِنْ خَیْرِ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ وَمَنْ حُرِمَ حَظَّهٗ مِنَ الرِّفْقِ حُرِمَ حَظَّهٗ مِنْ خَیْرِ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ۔ (رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

شخص کو نرمی میں سے حصہ دیا گیا اس کو دنیا و آخرت کی بھلائی عطا کی گئی ہے اور جس شخص کو نرمی سے محروم رکھا گیا اس کو دنیا اور آخرت کی بھلائی سے محروم رکھا گیا۔ (شرح السنۃ)

حیاء ایمان کا جزء ہے

۴۸۵۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَیَاءُ مِنَ الْاِیْمَانِ وَالْاِیْمَانُ فِی الْجَنَّةِ وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ وَالْجَفَاءُ فِی النَّارِ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے حیا ایمان کا ایک جزو ہے اور ایماندار جنّت میں جائے گا اور بے حیائی بدی میں سے ہے اور بدکار شخص دوزخ میں جائے گا۔ (احمد۔ ترمذی)

خوش خلقی، بہترین عطیۂ خداوندی ہے

۴۸۵۵ وَعَنْ رَجُلٍ مِّنْ مُّزَیْنَةَ قَالَ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا خَیْرُ مَا اُعْطِیَ الْاِنْسَانُ قَالَ الْخُلُقُ الْحَسَنُ۔ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَفِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْ اُسَامَةَ ابْنِ شَرِیْكٍ۔)

قبیلۂ مزینہ کا ایک شخص کہتا ہے، صحابہ رضؓ نے پوچھا یا رسول اللہ ص! انسان کو جو چیزیں دی گئی ہیں ان میں بہتر چیز کونسی ہے؟ آپ نے فرمایا خوش خلقی۔ (بیہقی) شرح السنۃ میں یہ حدیث اسامہ بن شریک رضؓ سے مروی ہے۔

بدخلقی اور سخت کلامی کی مذمت

۴۸۵۶ وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ الْجَوَّاظُ وَلَا الْجَعْظَرِیُّ قَالَ وَالْجَوَّاظُ الْغَلِیْظُ الْفَظُّ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ فِیْ سُنَنِهٖ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ) وَفِیْ نُسْخَةٍ الْمَصَابِیْحِ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ وَهْبٍ وَلَفْظُهٗ قَالَ وَالْجَوَّاظُ الَّذِیْ یَجْمَعُ وَیَمْنَعُ وَالْجَعْظَرِیُّ الْغَلِیْظُ الْفَظُّ۔

حضرت حارثہ بن وہب رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جنّت میں بدخلق بدخو اور سخت گو آدمی داخل نہ ہوگا۔ (ابوداؤد۔ بیہقی)

مصابیح میں یہ حدیث عکرمہ بن وہب سے مروی ہے اور اس کے الفاظ ہیں کہ "جواظ" وہ شخص ہے جو مال جمع کرتا ہو اور دوسروں کو نہ دیتا ہو۔ اور "جعظری" سخت بدگو شخص کو کہتے ہیں۔

خوش خلقی کی فضیلت اور فحش گوئی کی مذمت

۴۸۵۷ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الثَّقَلَ شَیْءٍ یُّوْضَعُ فِیْ مِیْزَانِ الْمُؤْمِنِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ خُلُقٌ حَسَنٌ وَاِنَّ اللّٰهَ یُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِیَّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ) وَرَوَی اَبُوْدَاوٗدَ الْفَصْلَ الْاَوَّلَ۔

حضرت ابی درداء رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو چیزیں قیامت کے دن مومن کے اعمال کی ترازو میں رکھی جائیں گی ان میں سب سے وزنی چیز حسنِ خلق ہے اور خداوند تعالیٰ فحش بکنے والے بیہودہ گو اپنا دشمن سمجھتا ہے۔ (ترمذی یہ حدیث حسن صحیح ہے) ابوداؤد نے صرف پہلا جزو روایت کیا ہے۔

خوش خلقی اختیار کرنے والے کا مرتبہ

۴۸۵۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ الْمُؤْمِنَ

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ مومن (کامل) اپنی خوش خلقی کے ذریعہ رات کو

لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهٖ دَرَجَةَ قَائِمِ اللَّيْلِ وَصَائِمِ النَّهَارِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عبادت کرنے والے اور دن کو ہمیشہ روزہ رکھنے والے شخص کا درجہ حاصل کرلیتا ہے۔ (ابوداؤد)

لوگوں کے ساتھ جو بھی معاملہ کرو خوش خلقی کے ساتھ کرو

۴۸۵۹/۱۵ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُمَا كُنْتَ وَاَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو جہاں کہیں ہو خدا تعالیٰ سے ڈر اور برائی کے بعد بھلائی کر تاکہ یہ نیکی اور بھلائی برائی کو محو کردے اور لوگوں کے ساتھ خوش خلقی کے ساتھ معاملہ کر۔ (احمد۔ ترمذی۔ دارمی)

نرم مزاج و نرم خو شخص کی فضیلت

۴۸۶۰/۱۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَنْ يَحْرُمُ عَلَى النَّارِ وَبِمَنْ تَحْرُمُ النَّارُ عَلَيْهِ عَلٰى كُلِّ هَيِّنٍ لَيِّنٍ قَرِيْبٍ سَهْلٍ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کیا میں اس شخص کو بتادوں جس پر دوزخ کی آگ حرام ہو۔ وہ، وہ شخص ہے جو نرم مزاج، نرم طبیعت اور نرم خو ہو۔ (احمد۔ ترمذی) یہ حدیث حسن غریب ہے۔

نیکوکار مومن کی تعریف

۴۸۶۱/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيْمٌ وَالْفَاجِرُ خَبٌّ لَئِيْمٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مومن، نیکوکار بھولا[1] اور بزرگ ہوتا ہے اور فاجر چالاک بخیل اور بدخلق ہوتا ہے۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابوداؤد)

۴۸۶۲/۱۸ وَعَنْ مَكْحُوْلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُوْنَ هَيِّنُوْنَ لَيِّنُوْنَ كَالْجَمَلِ الْاَنِفِ اِنْ قِيْدَ انْقَادَ وَاِنْ اُنِيْخَ عَلٰى صَخْرَةٍ اِسْتَنَاخَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ مُرْسَلًا)

حضرت مکحول رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مومن آدمی بردبار اور نرم خو ہوتے ہیں اس اونٹ کی مانند جس کی ناک میں نکیل پڑی ہو اگر اس کو کھینچا جائے تو کھینچا چلا جائے اور پتھر پر بٹھایا جائے تو پتھر پر بیٹھ جائے۔ (ترمذی نے اسے مرسلاً روایت

لوگوں کے ساتھ ربط و اختلاط عزلت و گوشہ نشینی سے افضل ہے

۴۸۶۳/۱۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُ الَّذِیْ يُخَالِطُ النَّاسَ وَيَصْبِرُ عَلٰى اَذَاهُمْ اَفْضَلُ مِنَ الَّذِیْ لَا يُخَالِطُهُمْ وَلَا يَصْبِرُ عَلٰى اَذَاهُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وہ مسلمان جو لوگوں میں ملا رہے اور ان کی اذیتوں پر صبر کرے اس مسلمان سے بہتر ہے جو لوگوں میں مل کر نہ رہے اور نہ ان کی اذیتوں پر صبر کرے۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

غصہ پر قابو پانے کی فضیلت

۴۸۶۴/۲۰ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَّهُوَ

سہل بن معاذ رضؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اپنے غصہ کو ضبط کرے اس حال میں

---

[1] حدیث میں غِرّ کا لفظ آیا ہے جس کے معنی فریب کھانے والے اور ناتجربہ کار کے ہیں۔ ہم نے لفظ بھولا موزوں سمجھ کر ترجمہ کیا ہے۔ اسی طرح خَبّ کے معنی فریب دینے والے اور تجربہ کار کے ہیں۔ اور ہم نے اس کا ترجمہ چالاک کیا ہے۔ ۱۲ مترجم

يُقْدِرُ عَلَى اَنْ يُّنَفِّذَهٗ دَعَاهُ اللّٰهُ عَلٰى رُءُوْسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُخَيِّرَهٗ فِيْ اَيِّ الْحُوْرِ شَاءَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ) وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِاَبِيْ دَاوٗدَ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَبْنَاءِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ مَلَاَ اللّٰهُ قَلْبَهٗ اَمْنًا وَّاِيْمَانًا وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ۔ سُوَيْدٍ مَّنْ تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ فِيْ كِتَابِ اللِّبَاسِ۔

کہ وہ اپنے غصہ سے اپنی خواہش کو پورا کر سکتا ہے، قیامت کے دن خداوند تعالیٰ اس کو اپنی مخلوق کے سامنے بلائے گا اور جس حور کو وہ چاہے انتخاب کر لینے کا اختیار دیدے گا (ترمذی۔ ابوداؤد) اور ابوداؤد کی ایک روایت میں جو دوسرے صحابی رضؓ سے منقول ہے یہ الفاظ بھی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ اس شخص کے دل کو جو غصہ کو ضبط کرے امن اور ایمان سے معمور کر دے اور سوید کی حدیث من ترک الخ کتاب اللباس میں ذکر کی گئی۔

فصل سوم

حیاء کی تعریف و فضیلت

۴۸۶۵ عَنْ زَيْدِ بْنِ طَلْحَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ دِيْنٍ خُلُقًا وَخُلُقُ الْاِسْلَامِ الْحَيَاءُ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْ اَنَسٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ)۔

حضرت زید بن طلحہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر دین اور مذہب میں ایک خلق ہے (یعنی ایک بہترین صفت ہے) اور اسلام کا وہ خلق (یعنی صفت) حیا ہے۔ مالکؒ نے اسے مرسلاً روایت کیا ہے اور ابن ماجہ اور بیہقی شعب الایمان میں حضرت انس رضؓ اور ابن عباس رضؓ سے روایت کی ہے۔

ایمان اور حیاء لازم و ملزوم ہیں

۴۸۶۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْحَيَاءَ وَالْاِيْمَانَ قُرِنَا جَمِيْعًا فَاِذَا رُفِعَ اَحَدُهُمَا رُفِعَ الْاٰخَرُ وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ عَبَّاسٍ فَاِذَا سُلِبَ اَحَدُهُمَا تَبِعَهُ الْاٰخَرُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے حیا اور ایمان کو ایک جگہ رکھا گیا ہے (یعنی) ایک دوسرے سے وابستہ ہے۔ ان میں سے جب ایک کو اٹھایا جاتا ہے تو دوسرا بھی اٹھا لیا جاتا ہے۔ اور ابن عباس رضؓ کی روایت میں یوں ہے کہ ان میں سے جب ایک کو دور کیا جاتا ہے تو دوسرا بھی جاتا رہتا ہے۔ (بیہقی)

خوش خلقی کی اہمیت

۴۸۶۷ وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ كَانَ اٰخِرُ مَا وَصَّانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ وَضَعْتُ رِجْلِيْ فِي الْغَرْزِ اَنْ قَالَ يَا مُعَاذُ اَحْسِنْ خُلُقَكَ لِلنَّاسِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت معاذ کہتے ہیں کہ جب میں یمن کو جانے لگا اور گھوڑے پر سوار ہو کر اپنا پاؤں رکاب میں رکھا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے آخری وصیت مجھ کو یہ فرمائی۔ معاذ لوگوں کی تربیت و تعلیم کے لئے اپنے خلق کو اچھا بنا۔ (مالک)

۴۸۶۸ وَعَنْ مَالِكٍ بَلَغَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ حُسْنَ الْاَخْلَاقِ۔ (رَوَاهُ فِي الْمُؤَطَّاءِ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ)۔

مالک کہتے ہیں کہ انھیں یہ حدیث پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں حسن اخلاق کو پورا کرنے کے لئے بھیجا گیا ہوں۔ موطا میں یہ مرسلاً مروی ہے اور احمد نے اسے حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت کیا ہے۔

اپنی بہترین صورت وسیرت پر آپؐ اللہ کا شکر ادا کرتے

۴۸۶۹/۲۵ وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَظَرَ فِي الْمِرْاٰةِ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ حَسَّنَ خَلْقِيْ وَزَانَ مِنِّيْ مَا شَانَ مِنْ غَيْرِيْ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مُرْسَلًا۔)

جعفر بن محمد اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب آئینہ دیکھتے تو فرماتے "تمام تعریفیں خدا ہی کے لئے ہیں وہ خدا جس نے میری پیدائش کو اچھا کیا میرے خلق کو اچھا بنایا اور مجھ میں وہ چیزیں آراستہ کیں جو میرے غیر میں عیب دار ہیں"۔ (بیہقی نے اسے مُرسلاً روایت کیا ہے)۔

حُسنِ خلق کی دعا؟

۴۸۷۰/۲۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ حَسَّنْتَ خَلْقِيْ فَاَحْسِنْ خُلُقِيْ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ "اے اللہ! تو نے میری پیدائش کو اچھا کیا میرے خلق کو بھی اچھا بنا"۔ (احمد)

بہترین لوگ کون ہیں؟

۴۸۷۱/۲۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ خِيَارُكُمْ اَطْوَلُكُمْ اَعْمَارًا وَّاَحْسَنُكُمْ اَخْلَاقًا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں بتاؤں تم میں بہتر لوگ کون ہیں؟ صحابہ رضؓ نے عرض کیا۔ ہاں! یا رسول اللہؐ! آپ نے فرمایا تم میں بہتر لوگ وہ ہیں جن کی عمریں دراز ہیں اور جن کے خلق اچھے ہیں۔ (احمد)

۴۸۷۲/۲۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ایمان کے کامل وہ لوگ ہیں جن کے اخلاق اچھے ہیں۔ (ابوداؤد۔ دارمی)

تین خاص باتیں

۴۸۷۳/۲۹ وَعَنْهُ اَنَّ رَجُلًا شَتَمَ اَبَا بَكْرٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ يَتَعَجَّبُ وَيَتَبَسَّمُ فَلَمَّا اَكْثَرَ رَدَّ عَلَيْهِ بَعْضَ قَوْلِهٖ غَضِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَامَ فَلَحِقَهٗ اَبُوْ بَكْرٍ وَّقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَانَ يَشْتِمُنِيْ وَاَنْتَ جَالِسٌ فَلَمَّا رَدَدْتُ عَلَيْهِ بَعْضَ قَوْلِهٖ غَضِبْتَ وَقُمْتَ قَالَ كَانَ مَعَكَ مَلَكٌ يَرُدُّ عَلَيْهِ فَلَمَّا رَدَدْتَ عَلَيْهِ وَقَعَ الشَّيْطٰنُ ثُمَّ قَالَ يَا اَبَا بَكْرٍ ثَلٰثٌ كُلُّهُنَّ حَقٌّ مَا مِنْ عَبْدٍ ظُلِمَ بِمَظْلَمَةٍ فَيُغْضِيْ عَنْهَا لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اِلَّا اَعَزَّ اللّٰهُ بِهَا نَصْرَهٗ وَمَا فَتَحَ رَجُلٌ بَابَ عَطِيَّةٍ يُرِيْدُ بِهَا صِلَةً اِلَّا زَادَ اللّٰهُ بِهَا كَثْرَةً وَمَا فَتَحَ رَجُلٌ بَابَ مَسْئَلَةٍ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے کہ ایک شخص نے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کو بُرا کہا۔ آپ اس کے بُرا کہنے کو سنتے تھے تعجب کرتے تھے اور مُسکراتے تھے۔ جب اس شخص نے زیادہ بُرا کہا تو حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے اس کی بعض باتوں کا جواب دیا۔ اِس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو غصہ آگیا اور آپ اٹھ کھڑے ہوئے۔ پیچھے پیچھے حضرت ابوبکر رضؓ بھی گئے اور آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ یا رسول اللہؐ! وہ شخص مجھ کو بُرا کہہ رہا تھا اور آپؐ تشریف فرما تھے۔ جب میں نے اس کی بعض باتو کا جواب دیا تو آپ غضبناک ہو گئے اور اُٹھ کھڑے ہوئے۔ آپ نے فرمایا تمہار ساتھ ایک فرشتہ تھا جو اس کو جواب دے رہا تھا۔ جب خود تم نے اس کو جواب دینا شروع کیا تو شیطان درمیان میں کود پڑا۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا ابوبکر رضؓ تین باتیں ہیں اور سب حق ہیں ایک تو یہ کہ جس بندہ پر ظلم کیا جائے اور وہ محض خدا کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے خاموش رہے اللہ

يُرِيْدُ بِهَا كَثْرَةً اِلَّا زَادَ اللّٰهُ بِهَا قِلَّةً - (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

تعالیٰ اس کی زبردست مدد کرتا ہے اور دوسرے یہ کہ جو شخص اپنی بخشش کا دروازہ کھولے اور اس کے ذریعہ اپنے قرابت داروں اور مسکینوں کے ساتھ سلوک کرے خداوند تعالیٰ اس کے سبب اس کے مال کو زیادہ کرتا ہے تیسرے یہ کہ جس شخص نے سوال کا دروازہ کھولا، (یعنی گدائی اختیار کی) اور اس نے اس ذریعہ سے اپنی دولت کو بڑھانا چاہا تو خداوند تعالیٰ اس بھیک مانگنے کے سبب اس کے مال کو اور کم کر دیتا ہے۔ (بیہقی)

نرمی و مہربانی کرنے کا اثر

۴۸۷۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُرِيْدُ اللّٰهُ بِاَهْلِ بَيْتٍ رِفْقًا اِلَّا نَفَعَهُمْ وَلَا يُحْرِمُهُمْ اِيَّاهُ اِلَّا ضَرَّهُمْ - (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جن گھر والوں کے لئے خداوند تعالیٰ نرمی کو پسند کرے اس کے ذریعہ ان کو نفع پہنچاتا ہے اور جن گھر والوں کو نرمی سے محروم رکھے ان کو اس کے سبب ضرر پہنچتا ہے۔ (بیہقی)

بَابُ الْغَضَبِ وَالْكِبْرِ

غصّہ اور تکبر کا بیان

فصل اوّل

غصّہ سے اجتناب کی تاکید

۴۸۷۵ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصِنِيْ قَالَ لَا تَغْضَبْ فَرَدَّدَ ذٰلِكَ مِرَارًا قَالَ لَا تَغْضَبْ - (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلّی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا مجھ کو نصیحت فرمائیے۔ آپ نے فرمایا غصّہ نہ کر۔ اُس نے کئی مرتبہ یہی بات کہی اور ہر دفعہ آپ نے یہی کہا۔ غصّہ نہ کر۔ (بخاری)

حقیقت میں طاقتور وہی شخص ہے جو غصّہ کے وقت اپنے نفس پر قابو پالے

۴۸۷۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرْعَةِ اِنَّمَا الشَّدِيْدُ الَّذِيْ يَمْلِكُ نَفْسَهٗ عِنْدَ الْغَضَبِ - (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ پہلوان اور طاقتور وہ نہیں ہے جو لوگوں کو پچھاڑے بلکہ قوی اور پہلوان وہ ہے جو غصّہ کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے۔ (بخاری و مسلم)

جنتی اور دوزخی لوگ

۴۸۷۷ وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ كُلُّ ضَعِيْفٍ مُتَضَعَّفٍ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ النَّارِ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت حارثہ بن وہبؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کیا میں تم کو ان لوگوں کو بتا دوں جو جنّتی ہیں (یاد رکھو کہ) ہر وہ ضعیف و کمزور شخص ہے جس کو لوگ حقیر و ضعیف سمجھیں (اور اس پر جبر و زیادتی کریں) وہ اگر خدا تعالیٰ کی قسم کھائے تو خدا تعالیٰ اس کی قسم کو سچّا کر دے اور کہا میں تم کو ان لوگوں کو بتا دوں جو دوزخی ہیں (یاد رکھو کہ) ہر وہ شخص ہے جو جھوٹی اور لغو بات پر سخت جھگڑا کرے، درشت مزاج، مال جمع کرنے والا بخیل اور تکبّر کرنیوالا ہو

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ كُلُّ جَوَّاظٍ زَنِيْمٍ مُتَكَبِّرٍ -

(بخاری و مسلم) اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ دوزخی ہر وہ شخص ہے جو مال کو جمع کرنے والا، حرام زادہ اور متکبّر ہو۔

متکبر جنت میں داخل نہیں ہوگا

۴۸۷۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ النَّارَ اَحَدٌ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ مِّنْ اِيْمَانٍ وَّلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اَحَدٌ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ مِّنْ كِبْرٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کے دل میں رائی برابر بھی ایمان ہوگا وہ (ہمیشہ کے لئے) دوزخ میں داخل نہ ہوگا اور جس شخص کے دل میں رائی برابر بھی تکبر ہوگا، وہ جنت میں نہ جائے گا۔ (مسلم)

تکبر کی حقیقت

۴۸۷۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِّنْ كِبْرٍ فَقَالَ رَجُلٌ اِنَّ الرَّجُلَ يُحِبُّ اَنْ يَّكُوْنَ ثَوْبُهٗ حَسَنًا وَّنَعْلُهٗ حَسَنًا قَالَ اِنَّ اللّٰهَ جَمِيْلٌ يُّحِبُّ الْجَمَالَ الْكِبْرُ بَطَرُ الْحَقِّ وَغَمْطُ النَّاسِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کے قلب میں ذرہ برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں نہ جائے گا۔ ایک شخص نے عرض کیا۔ ہر شخص اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کا لباس اچھا ہو اور اس کا جوتا اچھا ہو (کیا یہ بھی تکبر میں داخل ہے؟) آپ نے فرمایا، خداوند تعالیٰ جمیل (خوبصورت اور اچھا) ہے اور حسن و جمال (آراستگی) کو پسند کرتا ہے اور تکبر کہتے ہیں حق کو باطل کرنا اور لوگوں کو ذلیل و حقیر سمجھنا

وہ تین لوگ جو قیامت کے دن خدا کی توجہ سے محروم رہیں گے

۴۸۸۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَّا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ شَيْخٌ زَانٍ وَّمَلِكٌ كَذَّابٌ وَّعَائِلٌ مُّسْتَكْبِرٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تین شخص ہیں جن سے قیامت کے دن خداوند تعالیٰ نہ تو بات کرے گا اور نہ ان کو گناہوں سے پاک فرمائے گا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ نہ ان کی طرف دیکھے گا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا ایک تو زناکار بڈھا دوسرا جھوٹا بادشاہ اور تیسرا مفلس و غریب تکبر کرنے والا۔ (مسلم)

تکبر کرنا، گویا شرک میں مبتلا ہونا ہے

۴۸۸۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالَى الْكِبْرِيَاءُ رِدَائِيْ وَالْعَظَمَةُ اِزَارِيْ فَمَنْ نَازَعَنِيْ وَاحِدًا مِّنْهُمَا اَدْخَلْتُهُ النَّارَ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَذَفْتُهُ فِي النَّارِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ فرماتا ہے (ذاتی) بزرگی میری چادر ہے (یعنی جو مرتبہ تمہارے نزدیک چادر کا ہے وہی میری ذاتی بزرگی کا ہے) اور عظمت (یعنی صفاتی بزرگی) میرا تہبند ہے (یعنی بمنزلہ تہبند ہے) پس جو شخص کہ ان دونوں میں سے کسی ایک کو مجھ سے چھینے (یعنی تکبر کرے ذات اور صفات کے اعتبار سے) میں اس کو دوزخ کی آگ میں ڈال دوں گا اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ میں اس کو دوزخ کی آگ میں پھینک دوں گا۔ (مسلم)

فصل دوم

تکبر نفس کا دھوکہ ہے

۴۸۸۲ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَذْهَبُ بِنَفْسِهٖ حَتّٰى يُكْتَبَ فِي الْجَبَّارِيْنَ فَيُصِيْبُهٗ مَا اَصَابَهُمْ

حضرت سلمہ بن اکوع رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ایک شخص ہے جو ہمیشہ اپنے آپ کو بزرگ و برتر سمجھتا اور لوگوں سے دور رہتا ہے یہاں تک کہ اس کا نام متکبروں اور

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) سرکشوں میں لکھ دیا جاتا ہے اور پھر (دنیا و آخرت میں) جو مصیبت سرکشوں پر پڑتی ہے وہی ان کو پہنچتی ہے۔ (ترمذی)

تکبر کرنے والوں کا انجام

۴۸۸۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُحْشَرُ الْمُتَكَبِّرُوْنَ اَمْثَالَ الذَّرِّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْ صُوَرِ الرِّجَالِ يَغْشَاهُمُ الذُّلُّ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ يُسَاقُوْنَ اِلٰى سِجْنٍ فِيْ جَهَنَّمَ يُسَمّٰى بُوْلَسَ تَعْلُوْهُمْ نَارُ الْاَنْيَارِ يُسْقَوْنَ مِنْ عُصَارَةِ اَهْلِ النَّارِ طِيْنَةَ الْخَبَالِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن تکبر کرنے والوں کو چھوٹی چیونٹیوں کی طرح جمع کیا جائے گا مردوں کی صورت میں (یعنی ان کی شکل و صورت تو مردوں کی سی ہوگی لیکن جسم و جثہ چیونٹیوں کی مانند) ذلت و خواری چاروں طرف سے ان کو گھیرے ہوئے ہوگی اور ان کو جہنم کے ایک قید خانے کی طرف جس کا نام بولس ہے ہانکا جائے گا اُن کے اوپر آگوں کی آگ ہوگی اور ان کو دوزخیوں کا نچوڑ یعنی خون پیپ اور کچ لہو پلایا جائے گا جس کا نام طینت الخبال ہے (ترمذی)

ناحق غصہ شیطانی اثر ہے

۴۸۸۴ وَعَنْ عَطِيَّةَ بْنِ عُرْوَةَ السَّعْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْغَضَبَ مِنَ الشَّيْطَانِ وَاِنَّ الشَّيْطٰنَ خُلِقَ مِنَ النَّارِ وَاِنَّمَا تُطْفَاُ النَّارُ بِالْمَاءِ فَاِذَا غَضِبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّاْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عطیہ بن عروہ سعدی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے غصہ شیطان کی طرف سے ہے اور شیطان کو آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور آگ کو پانی سے بجھایا گیا ہے جب تم میں سے کسی کو غصہ آئے تو وہ وضو کرلے۔ (ابوداؤد)

غصہ کا ایک نفسیاتی علاج

۴۸۸۵ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا غَضِبَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ قَائِمٌ فَلْيَجْلِسْ فَاِنْ ذَهَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ وَاِلَّا فَلْيَضْطَجِعْ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابی ذر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تم میں سے کسی شخص کو غصہ آئے اگر وہ اٹھ کھڑا ہو تو بیٹھ جائے اور غصہ جاتا رہے تو خیر ورنہ پھر لیٹ جائے۔ (احمد۔ ترمذی)

برے بندے کون ہیں

۴۸۸۶ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ تَخَيَّلَ وَاخْتَالَ وَنَسِيَ الْكَبِيْرَ الْمُتَعَالَ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ تَجَبَّرَ وَاعْتَدٰى وَنَسِيَ الْجَبَّارَ الْاَعْلٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ سَهٰى وَلَهٰى وَنَسِيَ الْمَقَابِرَ وَالْبِلٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ عَتَا وَطَغٰى وَنَسِيَ الْمُبْتَدَاَ وَالْمُنْتَهٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ يَخْتِلُ الدُّنْيَا بِالدِّيْنِ

حضرت اسماء بنت عمیسؓ کہتی ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ برا بندہ ہے وہ بندہ جس نے آپ کو (یعنی خود کو) دوسروں سے بہتر جانا اور تکبر کیا اور خداوند بزرگ و برتر کو بھول گیا۔ برا بندہ ہے وہ بندہ جس نے لوگوں پر جبر و قہر کیا، اور خداوند قہار و جبار کو بھول گیا۔ برا بندہ ہے وہ بندہ جو دین کے کاموں کو بھول گیا اور دنیا کے کاموں میں محو ہوگیا اور مقبروں اور جسم کی بوسیدگی کے خیال کو فراموش کر دیا۔ برا بندہ ہے وہ بندہ جس نے فساد ڈالا، حد سے تجاوز کر گیا اور اپنی ابتداء اور انتہا کو بھول گیا

بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ يَخْتِلُ الدِّيْنَ بِالشُّبُهَاتِ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ طَمَعٌ يَقُوْدُهٗ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدُ هَوًى يُضِلُّهٗ بِئْسَ الْعَبْدُ رَغَبٌ يُذِلُّهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ لَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِالْقَوِيِّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ اَيْضًا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)۔

(یعنی ابتداء میں کیا تھا منی کا ایک قطرہ اور انتہا میں کیا ہوگا؟ (زمین کا پیوند) بُرا بندہ ہے وہ بندہ جو دھوکہ دے دنیا والوں کو دین سے (یعنی نیک لوگوں کی روش اختیار کرکے) بُرا بندہ ہے وہ بندہ جس نے خراب کیا دین کو شبہات سے۔ بُرا بندہ ہے وہ بندہ جس کو کھینچے لئے جاتی ہے حرص اور طمع دنیا دنیا داروں کی طرف۔ بُرا بندہ ہے وہ بندہ جس کو خواہش نفس گمراہ کرتی ہے۔ بُرا بندہ ہے وہ جس کو دنیا کی حرص و رغبت خوار و ذلیل کرتی ہیں۔

(ترمذی۔ بیہقی) یہ حدیث ضعیف ہے اور ترمذی کہتے ہیں کہ ضعیف کے ساتھ غریب بھی ہے۔

فصل سوم

غصہ کو ضبط کرو

۴۸۸۷/۱۳ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَجَرَّعَ عَبْدٌ اَفْضَلَ عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مِنْ جُرْعَةِ غَيْظٍ يَكْظِمُهَا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ تَعَالٰى۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابن عمر رض کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بندہ (کسی چیز کا کوئی) گھونٹ نہیں پیتا جو خدا کے نزدیک بہتر ہو غصہ کے گھونٹ سے جس کو وہ شخص خدا تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے پی جاتا ہے۔ (احمد)

۴۸۸۸/۱۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ قَالَ الصَّبْرُ عِنْدَ الْغَضَبِ وَالْعَفْوُ عِنْدَ الْاِسَاءَةِ فَاِذَا فَعَلُوْا عَصَمَهُمُ اللّٰهُ وَخَضَعَ لَهُمْ عَدُوُّهُمْ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ قَرِيْبٌ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ تَعْلِيْقًا)

حضرت ابن عباس رض خداوند تعالیٰ کے ارشاد اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ (تو بُرائی کو بھلائی سے دفع کر) کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ غصہ کے وقت صبر کرنا اور بُرائی کے وقت معاف کرنا اس سے مراد ہے پھر جب غصہ اور بُرائی کے وقت لوگ صبر کرتے اور معاف کر دیتے ہیں تو خداوند کریم ان کو مخلوقات اور نفس کی آفتوں سے محفوظ رکھتا اور دشمنوں کو ان کے لئے پست و خوار کر دیتا ہے گویا کہ وہ قریبی دوست ہے۔ (بخاری نے اسے معلقاً روایت کیا ہے)۔

غصہ ایمان کو خراب کر دیتا ہے

۴۸۸۹/۱۵ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْغَضَبَ لَيُفْسِدُ الْاِيْمَانَ كَمَا يُفْسِدُ الصَّبِرُ الْعَسَلَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

بہز بن حکیم رض اپنے والد سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے غصہ ایمان کو خراب کر دیتا ہے جس طرح ایلوا شہد کو خراب کر دیتا ہے۔ (بیہقی)

تواضع اختیار کرو

۴۸۹۰/۱۶ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَا اَيُّهَا النَّاسُ تَوَاضَعُوْا فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِيْ نَفْسِهٖ صَغِيْرٌ وَفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ عَظِيْمٌ وَمَنْ تَكَبَّرَ وَضَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ صَغِيْرٌ وَفِيْ نَفْسِهٖ كَبِيْرٌ حَتّٰى لَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِمْ

حضرت عمر رض منبر پر تشریف لا کر فرمایا۔ لوگو! تواضع اور فروتنی اختیار کرو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جو شخص خدا تعالیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے تواضع سے کام لے خداوند تعالیٰ اس کے مرتبہ کو بلند کر دیتا ہے وہ اپنے آپ کو اپنی نگاہ میں حقیر و ذلیل خیال کرتا ہے اور لوگوں کی آنکھوں میں وہ بزرگ و برتر ہوتا ہے اور جو شخص تکبر و غرور کرتا ہے خداوند

مِنْ كَلْبٍ اَوْ خِنْزِيْرٍ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

اس کو پست کر دیتا ہے پھر وہ لوگوں کی نگاہ میں حقیر و ذلیل ہوتا ہے اور اپنی نگاہ میں وہ اپنے آپ کو بڑا خیال کرتا ہے یہانتک کہ پھر وہ لوگوں کی نگاہ میں کتے اور سور سے بھی بدتر ہو جاتا ہے (بیہقی)

انتقام لینے پر قادر ہونے کے باوجود عفو و درگذر کرنے کی فضیلت

۴۸۹۱/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُوْسَى ابْنُ عِمْرَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَا رَبِّ مَنْ اَعَزُّ عِبَادِكَ عِنْدَكَ قَالَ مَنْ اِذَا قَدَرَ غَفَرَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ موسیٰ بن عمران علیہ السلام نے عرض کیا۔ اے میرے پروردگار! تیرے بندوں میں سے کون تیرے نزدیک زیادہ عزیز ہے؟ خداوند تعالیٰ نے فرمایا وہ شخص کہ (انتقام کی) قدرت رکھنے پر بھی لوگوں کو معاف کر دے۔ (بیہقی)

غصہ کو ضبط کرنے کا اجر

۴۸۹۲/۱۸ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ خَزَنَ لِسَانَهٗ سَتَرَ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ وَمَنْ كَفَّ غَضَبَهٗ كَفَّ اللّٰهُ عَنْهُ عَذَابَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنِ اعْتَذَرَ اِلَى اللّٰهِ قَبِلَ اللّٰهُ عُذْرَهٗ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے اپنی زبان کو بند رکھا، خداوند تعالیٰ اس کے عیب کو ڈھانک لیتا ہے اور جس نے اپنے غصہ کو روکا خداوند تعالیٰ قیامت کے دن اپنے عذاب سے اس کو بچائے گا اور جو شخص خداوند تعالیٰ سے اپنے گناہ کی معافی و بخشش چاہے خداوند تعالیٰ اس کے عذر کو قبول فرما لیتا ہے (بیہقی)

وہ تین چیزیں جو نجات کا ذریعہ ہیں اور وہ تین چیزیں جو اخروی ہلاکت کا باعث ہیں

۴۸۹۳/۱۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثٌ مُّنْجِيَاتٌ وَّ ثَلٰثٌ مُّهْلِكَاتٌ فَاَمَّا الْمُنْجِيَاتُ فَتَقْوَى اللّٰهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ وَالْقَوْلُ بِالْحَقِّ فِي الرِّضٰى وَالسَّخَطِ وَالْقَصْدُ فِي الْغِنَا وَالْفَقْرِ وَاَمَّا الْمُهْلِكَاتُ فَهَوًى مُّتَّبَعٌ وَّ شُحٌّ مُّطَاعٌ وَّ اِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهٖ وَهِيَ اَشَدُّهُنَّ۔ (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الْخَمْسَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)۔

حضرت ابی ہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، تین چیزیں نجات دینے والی ہیں اور تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں۔ وہ چیزیں جو نجات دینے والی ہیں (ان میں سے) ایک تو ظاہر و باطن میں خدا تعالیٰ سے ڈرنا۔ دوسرے خوشی و ناخوشی دونوں حالتوں میں حق بات کہنا۔ تیسرے دولت مندی اور فقیری دونوں حالتوں میں میانہ روی اختیار کرنا۔ اور ہلاک کرنے والی چیزیں یہ ہیں: وہ خواہش نفس جس کا اتباع کیا جائے (یعنی وہ خواہش نفس جس کو پورا کر لیا جائے۔) دوسرے وہ حرص اور بخل جس کا انسان غلام بن جائے (یعنی حرص اور بخل کی وہ بدعادات جس کو انسان نے اختیار کر لیا ہو) تیسرے مرد کا اپنے آپ کو بزرگ و برتر اور دوسروں سے برتر خیال کرنا (کہ اس سے تکبر و غرور پیدا ہوتا ہے اور یہ آخری خصلت بدترین عادت ہے۔ (بیہقی)

بَابُ الظُّلْمِ

ظلم وستم کا بیان

فصل اوّل

ظالم قیامت کے دن اندھیروں میں بھٹکتا پھرے گا

۴۸۹۴/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ظلم قیامت کے دن تاریکیوں کا سبب ہوگا (یعنی ظالم کو قیامت کے

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) دن ہر طرف سے تاریکی گھیر لے گی۔ (بخاری ومسلم)

ظالم کی رسی دراز ہوتی ہے

۴۸۹۵/۲ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَيُمْلِیْ لِلظَّالِمِ حَتّٰی اِذَا اَخَذَهٗ لَمْ يُفْلِتْهُ ثُمَّ قَرَأَ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَا اَخَذَ الْقُرٰی وَهِیَ ظَالِمَةٌ اِلَآيَةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوموسیٰ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالےٰ ظالم کو مہلت دیتا ہے (یعنی اس کی عمر دراز کرتا ہے تاکہ اس کے ظلم کا پیمانہ لبریز ہو جائے) پھر اس کو ایسا پکڑتا ہے کہ چھوڑتا نہیں۔ اس کے بعد آپ نے یہ آیت پڑھی وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَا اَخَذَ الْقُرٰی وَهِیَ ظَالِمَةٌ (اور تیرے پروردگار کا پکڑنا ایسا ہے جس وقت کہ وہ بستی والوں کو جو ظالم ہیں پکڑتا ہے۔ (بخاری ومسلم)

قوم ثمود کے علاقے سے گذرتے ہوئے آپؐ کی صحابہؓ کو تلقین

۴۸۹۶/۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا مَرَّ بِالْحِجْرِ قَالَ لَا تَدْخُلُوْا مَسَاكِنَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مَّآ اَصَابَهُمْ ثُمَّ قَنَّعَ رَأْسَهٗ وَاَسْرَعَ السَّيْرَ حَتّٰی اَجَازَ الْوَادِیَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب زمین حجر پر سے گزرے (حجر ایک مقام کا نام ہے جہاں حضرت صالح علیہ السلام پیغمبر کی قوم ثمود رہتی تھی) تو لوگوں سے فرمایا۔ ان لوگوں کے مکانوں میں نہ جانا (جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اپنے پیغمبر صالحؑ کو جھٹلایا) مگر جب کہ تم (ان کھنڈرات سے عبرت حاصل کرکے) گزرنے والے ہو (تو ان کو دیکھ سکتے ہو) ممکن ہے تم پر بھی وہی مصیبت نازل ہو جائے جو اُن پر نازل ہوئی تھی۔ پھر حضورؐ نے چادر سے اپنے سر کو ڈھانک لیا اور تیزی سے چلے یہاں تک کہ اس وادی سے گزر گئے۔ (بخاری ومسلم)

قیامت کے دن مظلوم کو ظالم سے کس طرح بدلہ ملے گا؟

۴۸۹۷/۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهٗ مَظْلِمَةٌ لِّاَخِيْهِ مِنْ عِرْضِهٖ اَوْ شَیْءٍ فَلْيَتَحَلَّلْهُ مِنْهُ الْيَوْمَ قَبْلَ اَنْ لَّا يَكُوْنَ دِيْنَارٌ وَّلَا دِرْهَمٌ اِنْ كَانَ لَهٗ عَمَلٌ صَالِحٌ اُخِذَ مِنْهُ بِقَدْرِ مَظْلِمَتِهٖ وَاِنْ لَّمْ تَكُنْ لَهٗ حَسَنَاتٌ اُخِذَ مِنْ سَيِّاٰتِ صَاحِبِهٖ فَحُمِلَ عَلَيْهِ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کا کسی مسلمان بھائی پر کوئی حق ہو (مثلاً آبروریزی وغیرہ کا حق) تو چاہئے کہ مسلمان اس حق کو معاف کرادیں اس دنیا ہی میں اس سے پہلے کہ وہ دن آئے (یعنی قیامت کا دن) جس میں نہ تو درہم ہوں گے نہ دینار (کہ اس حق کے عوض ادا کئے جاسکیں) اگر اس نے اپنے حق کو معاف کردیا تو بہتر ہے ورنہ پھر قیامت کے دن اگر ظالم کے اعمال میں کچھ نیکیاں ہوں گی تو اس کی نیکیوں میں سے اس کے ظلم کے برابر نیکیاں لے لی جائیں گی (اور مظلوم کو دیدی جائیں گی) اور نیکیاں نہ ہوں گی تو مظلوم کی برائیوں سے (اسی قدر برائیاں) لے لی جائیں گی اور ظالم کے حساب میں ڈال دی جائیں گی۔ (بخاری)

حقیقی مفلس کون ہے

۴۸۹۸/۵ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا الْمُفْلِسُ قَالُوْا الْمُفْلِسُ فِيْنَا مَنْ لَّا دِرْهَمَ لَهٗ وَلَا مَتَاعَ فَقَالَ اِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ اُمَّتِیْ مَنْ يَّاْتِیْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم جانتے ہو مفلس کون ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا ہم میں تو مفلس وہ شخص ہے جس کے پاس نہ تو درہم (روپیہ پیسہ) ہو اور نہ سامان و اسباب آپ نے فرمایا میری امت میں سے قیامت کے دن مفلس وہ شخص ہوگا جو دنیا

بِصَلٰوةٍ وَصِيَامٍ وَّزَكٰوةٍ وَّيَأْتِيْ وَقَدْ شَتَمَ هٰذَا وَقَذَفَ هٰذَا وَاَكَلَ مَالَ هٰذَا وَسَفَكَ دَمَ هٰذَا وَضَرَبَ هٰذَا فَيُعْطٰى هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ فَاِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهٗ قَبْلَ اَنْ يُّقْضٰى مَا عَلَيْهِ اُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سے نماز روزہ اور زکوٰۃ وغیرہ (ہر قسم کی عبادتیں) لے کر آئیگا اور ساتھ ہی کسی کو گالی دینے کسی پر تہمت لگانے کسی کا مال کھا جانے کسی کو ناحق مار ڈالنے اور کسی کو ناحق مارنے کے گناہ بھی لائے گا۔ پھر ایک مظلوم کو ان نیکیوں میں سے دیا جائے گا اور دوسرے مظلوم کو ان نیکیوں میں سے دیا جائیگا اور جب اس کی یہ نیکیاں ختم ہو جائیں گی اور لوگوں کے حقوق باقی رہ جائیں گے تو ان حقداروں کی برائیاں اور گناہ اس پر ڈال دیئے جائیں گے اور پھر اس کو دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔ (مسلم)

آخرت میں ہر حق تلفی کا بدلہ لیا جائے گا

۴۸۹۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَتُؤَدَّنَّ الْحُقُوْقُ اِلٰى اَهْلِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُقَادَ لِلشَّاةِ الْجَلْحَاءِ مِنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَذُكِرَ حَدِيْثُ جَابِرٍ اِتَّقُوا الظُّلْمَ فِيْ بَابِ الْاِنْفَاقِ

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قیامت کے دن حقداروں کے حقوق ادا کئے جائیں گے یہاں تک کہ بے سینگ کی بکری کے لئے سینگ دار بکری سے بدلہ لیا جائے گا (مسلم) اور جابر رضؓ کی حدیث اِتَّقُوا الظُّلْمَ باب الانفاق میں بیان کی گئی۔

فصل دوم

برائی کا بدلہ برائی نہیں ہے

۴۹۰۰ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَكُوْنُوْا اِمَّعَةً تَقُوْلُوْنَ اِنْ اَحْسَنَ النَّاسُ اَحْسَنَّا وَاِنْ ظَلَمُوْا ظَلَمْنَا وَلٰكِنْ وَطِّنُوْا اَنْفُسَكُمْ اِنْ اَحْسَنَ النَّاسُ اَنْ تُحْسِنُوْا وَاِنْ اَسَاءُوْا فَلَا تَظْلِمُوْا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت حذیفہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم اِمَّعہ[1] نہ بنو کہ اس طرح کہو۔ اگر لوگ ہمارے ساتھ بھلائی کریں گے تو ہم بھی ان کے ساتھ بھلائی کریں گے اور ظلم کریں گے تو ہم بھی ظلم کریں گے بلکہ اپنے لئے یہ امر قرار دو کہ اگر لوگ نیکی کریں تو تم بھی نیکی کرو اور برائی کریں تو تم ظلم نہ کرو۔ (ترمذی)

لوگوں کو راضی رکھنا چاہتے ہو تو اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل کرو

۴۹۰۱ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ اَنَّهٗ كَتَبَ اِلٰى عَائِشَةَ اَنِ اكْتُبِيْ اِلَيَّ كِتَابًا تُوْصِيْنِيْ فِيْهِ وَلَا تُكْثِرِيْ فَكَتَبَتْ سَلَامٌ عَلَيْكَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ الْتَمَسَ رِضَى اللّٰهِ بِسَخَطِ النَّاسِ كَفَاهُ اللّٰهُ مُؤْنَةَ النَّاسِ وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَى النَّاسِ

حضرت معاویہ رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے حضرت عائشہ رضؓ کو لکھا کہ تم مجھ کو ایک خط لکھو جس میں مجھ کو نصیحتیں تحریر کرو اور زیادہ طویل نہ لکھو حضرت عائشہ رضؓ نے اس کے جواب میں تحریر فرمایا۔ تجھ پر سلام ہو۔ میں نے رسول اللہ صلعم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص خداوند بزرگ و برتر کی رضا تلاش کرے اور لوگوں کے غیظ و غضب اور ناراضی کی پروا نہ کرے خداوند تعالیٰ اسکی مدد کے لئے کافی ہوتا ہے اور لوگوں کی اذیت و محنت سے اس کو بچاتا ہے

---

[1] اِمَّعہ اس شخص کو بولتے ہیں جو اپنی ذاتی عقل و رائے نہیں رکھتا بلکہ دوسروں کی رائے پر چلتا ہے۔ بے بلائے دعوت میں چلا جاتا ہے اور کہتا ہے کہ لوگ جیسا سلوک میرے ساتھ کریں گے ویسا ہی سلوک ان کے ساتھ میں کروں گا۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تم ایسے آدمی نہ بنو۔ ۱۲ مترجم

بِسَخَطِ اللّٰهِ وَكَلَهُ اللّٰهُ إِلَى النَّاسِ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) (یعنی لوگوں کو بھی اس سے راضی کر دیتا ہے) اور جو شخص لوگوں کی رضامندی کا جویاں ہو اور خدا تعالیٰ کے غیظ و غضب اور خفگی کی پروا نہ کرے، اس کو خداوند تعالیٰ لوگوں کے حوالے کر دیتا ہے۔ اور سلام ہو تجھ پر۔ (ترمذی)

فصل سوم

ایک آیت کے لفظ "ظلم" کی تشریح

۴۹۰۲/۹ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالُوْا اَيُّنَا لَمْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ ذٰلِكَ اَلَمْ تَسْمَعُوْا قَوْلَ لُقْمَانَ لِابْنِهٖ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَيْسَ هُوَ كَمَا تَظُنُّوْنَ اِنَّمَا هُوَ كَمَا قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ الخ یعنی وہ لوگ جو ایمان لائے اور اپنے ایمان میں انھوں نے ظلم کو شامل نہ کیا۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے لئے امن ہے اور وہ سیدھی راہ پانے والے ہیں) تو صحابہؓ پر یہ بات گراں ہوئی اور انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! ہم میں کون ایسا شخص ہے جس نے اپنے آپ پر ظلم نہیں کیا؟ آپ نے فرمایا ظلم سے یہ مراد نہیں ہے، بلکہ شرک مراد ہے کیا تم نے لقمانؑ کی وہ نصیحت نہیں سنی جو اس نے اپنے بیٹے کو کی تھی (یعنی یہ کہ) اے میرے بیٹے! خدا تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کر، اس لئے کہ شرک بہت بڑا ظلم ہے۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے فرمایا۔ یہ بات نہیں ہے جس کا تم نے گمان کیا ہے بلکہ ظلم سے مراد وہ ہے جو لقمانؑ نے اپنے بیٹے سے کہا تھا۔ (بخاری و مسلم)

آخرت کو دنیا پر قربان نہ کرو

۴۹۰۳/۱۰ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ شَرِّ النَّاسِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَبْدٌ اَذْهَبَ اٰخِرَتَهٗ بِدُنْيَا غَيْرِهٖ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابی امامہؓ کہتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن مرتبہ کے لحاظ سے بدترین آدمی وہ بندہ ہوگا جس نے اپنی آخرت کو دنیا حاصل کرنے کے لئے ضائع کر دیا۔ (ابن ماجہ)

شرک اور ظلم کی بخشش ممکن نہیں ہے

۴۹۰۴/۱۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّوَاوِيْنُ ثَلٰثَةٌ دِيْوَانٌ لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ اِلَّا شِرْكٌ بِاللّٰهِ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَدِيْوَانٌ لَا يَتْرُكُهُ اللّٰهُ ظُلْمُ الْعِبَادِ فِيْمَا بَيْنَهُمْ حَتّٰى يَقْتَصَّ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ وَدِيْوَانٌ لَا يَعْبَاُ اللّٰهُ بِهٖ ظُلْمَ الْعِبَادِ فِيْمَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ اللّٰهِ فَذَاكَ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَاءَ عَذَّبَهٗ وَاِنْ شَاءَ تَجَاوَزَ عَنْهُ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، دفتر (یعنی نامۂ اعمال) تین قسم کے ہیں، ایک تو وہ نامۂ اعمال ہے جس کو خداوند تعالیٰ نہیں بخشتا اور وہ نامۂ اعمال وہ ہے جس میں خدا تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک کیا گیا ہے چنانچہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں شرک کو نہیں بخشتا اور دوسرا نامۂ اعمال وہ ہے جس میں انسانوں کے آپس کے مظالم درج ہیں اس نامۂ اعمال کو خدا تعالیٰ یونہی نہ چھوڑ دے گا بلکہ مظلوموں کے لئے ظالموں سے بدلہ لے گا۔ ان میں سے ایک کو دوسرے سے راضی کر دے گا اور تیسرا نامۂ اعمال وہ ہے جس کی خداوند تعالیٰ کو پروا نہ ہوگی (یعنی چاہے تو بخش دے اور چاہے اس کا بدلہ لے) اس میں وہ مظالم اور گناہ ہوں گے جو بندوں اور خدا کے درمیان کئے گئے ہوں گے یہ نامۂ اعمال خدا تعالیٰ کی مرضی پر ہے چاہے

اس پر عذاب کرے اور چاہے اس کو بخش دے۔ (بیہقی)

مظلوم کی بد دعا سے بچو

۴۹۰۵/۱۲ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكَ وَدَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّمَا يَسْاَلُ اللّٰهُ حَقَّهٗ وَاَنَّ لَا يَمْنَعُ ذَا حَقٍّ حَقَّهٗ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے آپ کو مظلوم کی بد دعا سے بچاؤ اس لئے کہ وہ خدا تعالیٰ سے صرف اپنا حق طلب کرتا ہے اور خداوند تعالیٰ حقدار کو اپنا حق مانگنے سے نہیں روکتا۔ (بیہقی)

ظالم کی مدد و اعانت ایمان کے منافی ہے

۴۹۰۶/۱۳ وَعَنْ اَوْسِ بْنِ شُرَحْبِيْلٍ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ مَشٰى مَعَ ظَالِمٍ لِيُقَوِّيَهٗ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهٗ ظَالِمٌ فَقَدْ خَرَجَ مِنَ الْاِسْلَامِ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت اَوس بن شرجیل رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جو شخص ظالم کا ساتھ دے اس لئے کہ اس سے اس کو تقویت حاصل ہو اور وہ یہ جانتا ہو کہ وہ ظالم ہے، وہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے (یعنی اس میں ایمان کامل نہیں رہتا) (بیہقی)

ظالم کی نحوست

۴۹۰۷/۱۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَجُلًا يَقُوْلُ اِنَّ الظَّالِمَ لَا يَضُرُّ اِلَّا نَفْسَهٗ فَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ بَلٰى وَاللّٰهِ حَتَّى الْحُبَارٰى لَتَمُوْتُ فِيْ وَكْرِهَا بِظُلْمِ الظَّالِمِ۔ (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الْاَرْبَعَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے ایک شخص کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ ظالم (کسی کو نقصان نہیں پہنچاتا بلکہ) اپنے آپ ہی کو ضرر پہنچاتا ہے حضرت ابوہریرہ رضؓ نے یہ سن کر کہا۔ ہاں خدا کی قسم (ایسا ہی ہے) یہاں تک کہ "حُبارٰی" (یعنی باز) اپنے گھونسلے ہی میں ظالم کے ظلم کے سبب دُبلا ہو کر مر جاتا ہے۔ (بیہقی)

بَابُ الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ اَمر بالمعروف کا بیان

فصل اوّل

خلاف شرع امور کی سرکوبی کا حکم

۴۹۰۸/۱ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَاٰى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِيْمَانِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے جو شخص کسی امر خلافِ شرع کو دیکھے اس کو اپنے ہاتھوں سے تبدیل کر دے (مثلاً خلافِ شرع باجے اور شراب کی چیزیں ان کو اپنے ہاتھوں سے توڑ دے اور ضائع کر دے) اگر ہاتھوں سے تباہ و برباد کرنے کی قوت نہ ہو تو پھر زبان سے منع کر دے اور زبان سے منع کرنے کی بھی قوت نہ ہو تو پھر دل سے اس کو بُرا جانے اور یہ سب سے کمزور ایمان ہے (مسلم)

مداہنت کرنیوالے کی مثال

۴۹۰۹/۲ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُدْهِنِ فِيْ حُدُوْدِ اللّٰهِ وَالْوَاقِعِ فِيْهَا

حضرت نعمان بن بشیر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خدا تعالیٰ کی (مقرر کی ہوئی) حدود میں سستی کرنے یا ان حدود میں گر پڑنے والے ان لوگوں کی مانند ہیں جو جگہ پانے کے لئے قرعہ ڈال کر

مَثَلُ قَوْمٍ اسْتَهَمُوْا سَفِيْنَةً فَصَارَ بَعْضُهُمْ فِيْ اَسْفَلِهَا وَصَارَ بَعْضُهُمْ فِيْ اَعْلَاهَا فَكَانَ الَّذِيْ فِيْ اَسْفَلِهَا يَمُرُّ بِالْمَاءِ عَلَى الَّذِيْنَ فِيْ اَعْلَاهَا فَتَاَذَّوْا بِهٖ فَاَخَذَ فَاْسًا فَجَعَلَ يَنْقُرُ اَسْفَلَ السَّفِيْنَةِ فَاَتَوْهُ فَقَالُوْا مَا لَكَ قَالَ تَاَذَّيْتُمْ بِيْ وَلَا بُدَّ لِيْ مِنَ الْمَاءِ فَاِنْ اَخَذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ اَنْجَوْهُ وَنَجَّوْا اَنْفُسَهُمْ وَاِنْ تَرَكُوْهُ اَهْلَكُوْهُ وَاَهْلَكُوْا اَنْفُسَهُمْ - رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

کشتی میں بیٹھے ہوں۔ یعنی بعض لوگ کشتی کے نیچے تھے اور بعض اوپر پھر جو لوگ کشتی کے اوپر تھے وہ نیچے کے لوگوں سے اذیت پاتے تھے اس لئے کہ وہ پانی لینے کے لئے اوپر جایا کرتے تھے جب اوپر والے اس سے تنگ آگئے اور نیچے والے آدمیوں کو انھوں نے آنے جانے سے روکا تو، ایک روز نیچے کے آدمیوں میں سے ایک آدمی نے تبر یا کلہاڑا اٹھایا اور کشتی کو توڑنا شروع کیا اوپر کے لوگ اس کے پاس آئے اور اس سے کہا تو کیا کرتا ہے اس نے کہا تم میرے آنے جانے سے تکلیف پاتے تھے اور میں پانی حاصل کرنے کے لئے مجبور ہوں (اس لئے پانی کے لئے مجھ کو کوئی جگہ نکالنی چاہیئے۔ ایسی حالت میں دو ہی صورتیں سامنے تھیں) یا تو لوگ اس کو کشتی توڑنے سے روکیں اور اس شخص کے ساتھ اپنے آپ کو بھی ڈوب جانے سے بچائیں یا اس کو اس کے حال پر چھوڑ دیں اس کو بھی ہلاک ہونے دیں اور خود بھی ہلاک ہوں۔ (بخاری)

بے عمل وعظ و ناصح کا انجام

۴۹۱۰/۳ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَاءُ بِالرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيُلْقٰى فِي النَّارِ فَتَنْدَلِقُ اَقْتَابُهٗ فِي النَّارِ فَتَنْدَلِقُ اَقْتَابُهٗ فِي النَّارِ فَيَطْحَنُ فِيْهَا كَطَحْنِ الْحِمَارِ بِرَحَاهُ فَيَجْتَمِعُ اَهْلُ النَّارِ عَلَيْهِ فَيَقُوْلُوْنَ اَيْ فُلَانُ مَا شَاْنُكَ اَلَيْسَ كُنْتَ تَاْمُرُنَا بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَانَا عَنِ الْمُنْكَرِ قَالَ كُنْتُ اٰمُرُكُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَا اٰتِيْهِ وَاَنْهَاكُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاٰتِيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اُسامہ بن زید رضؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن ایک شخص کو لایا جائے گا اور اس کو آگ میں ڈال دیا جائیگا۔ اس کی آنتیں آگ میں جاتے ہی فوراً اس کے پیٹ سے نکل پڑیں گی اور وہ اپنی ان آنتوں کو اس طرح پیسے گا جس طرح پن چکی یا خراس کا گدھا آٹا پیستا ہے دوزخی یہ دیکھ کر اس کے گرد جمع ہو جائیں گے اور اس سے کہیں گے اے فلاں شخص تیرا کیا حال ہے؟ تو تو ہم کو نیک کاموں کا حکم دیتا اور بُرے کاموں سے منع کیا کرتا تھا؟ وہ جواب دے گا۔ ہاں میں تم کو امر بالمعروف کرتا تھا اور خود اس پر عمل نہ کرتا تھا اور تم کو بُری باتوں سے منع کرتا تھا اور خود باز نہیں رہتا تھا۔ (بخاری و مسلم)

فصل دوم

یا تو امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دو یا خدا کے عذاب کا سامنا کرنے کیلئے تیار رہو

۴۹۱۱/۴ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتَاْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ اَوْ لَيُوْشِكَنَّ اللّٰهُ اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ عِنْدِهٖ ثُمَّ لَتَدْعُنَّهٗ وَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت حذیفہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے (دو باتوں میں سے ایک ضرور ہوگی، یعنی یا تو) تم البتہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر (یعنی نیک کاموں کا حکم اور بُری باتوں کی ممانعت) کرتے رہو گے (اور یا) عنقریب خداوند تعالیٰ تم پر عذاب نازل فرمائے گا اور اس وقت تم خدا سے دعا کرو گے اور تمہاری دُعا قبول نہ کی جائے گی۔ (ترمذی)

گناہ کو گناہ سمجھو

۴۹۱۲/۵ وَعَنِ الْعُرْسِ بْنِ عُمَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ

حضرت عرس بن عمیرہ رضؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا عُمِلَتِ الْخَطِيْئَةُ فِي الْاَرْضِ مَنْ شَهِدَهَا فَكَرِهَهَا كَانَ كَمَنْ غَابَ عَنْهَا وَمَنْ غَابَ عَنْهَا فَرَضِيَهَا كَانَ كَمَنْ شَهِدَهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

نے فرمایا ہے جب زمین پر گناہ کئے جائیں تو جو شخص ان کو دل سے بُرا سمجھے وہ اگرچہ وہاں موجود ہو اس شخص کی مانند سمجھا جائے گا جو وہاں موجود نہیں اور جو شخص وہاں موجود نہ ہو اور ان گناہوں کو بُرا نہ سمجھے، وہ اس شخص کی مانند ہو گا جو وہاں موجود ہے (یعنی گناہوں کو بُرا سمجھنے والا گناہ گاروں کے زمرہ سے خارج سمجھا جائے گا اور بُرا نہ سمجھنے والا گنہگاروں میں شامل خیال کیا جائے گا)۔ (ابوداؤد)

برائیوں کو مٹانے کی جدوجہد نہ کرنا عذاب الٰہی کو دعوت دینا ہے

۴۹۱۳ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقِ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ تَقْرَءُوْنَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ۔ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ۔ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ النَّاسَ اِذَا رَاَوْا مُنْكَرًا فَلَمْ يُغَيِّرُوْهُ يُوْشِكُ اَنْ يَّعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابِهٖ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے لوگوں سے فرمایا، لوگو! تم اس آیت کو پڑھتے ہو "یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلَیْکُمْ اَنْفُسَکُمْ لَا یَضُرُّکُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَیْتُمْ" اے ایمان والو! تم اپنے نفسوں کو لازم پکڑ لو، جو شخص گمراہ ہو گیا ہے وہ تم کو ضرر نہ پہنچائے گا جب کہ تم ہدایت پر ہو) میں نے رسول اللہؐ کو (اس بابت) یہ فرماتے سُنا ہے۔ لوگو! جب تم کسی اَمرِ منکر (خلافِ شرع) کو دیکھو اور اس کی اصلاح و تبدیلی میں کوشش نہ کرو تو قریب ہے کہ خداوند تعالیٰ تم کو اپنے عذاب میں مبتلا کر دے۔ (ابن ماجہ۔ ترمذی)

وَصَحَّحَهٗ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوٗدَ اِذَا رَاَوُا الظَّالِمَ فَلَمْ يَاْخُذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ اَوْشَكَ اَنْ يَّعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ وَفِيْ اُخْرٰى لَهٗ مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِيْ ثُمَّ يَقْدِرُوْنَ عَلٰى اَنْ يُّغَيِّرُوْا ثُمَّ لَا يُغَيِّرُوْنَ اِلَّا يُوْشِكُ اَنْ يَّعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ وَفِيْ اُخْرٰى لَهٗ مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِيْ هُمْ اَكْثَرُ مِمَّنْ يَّعْمَلُهٗ

اور ابوداؤد میں یہ الفاظ ہیں کہ جب لوگ ظالم کو (ظلم کرتے) دیکھیں اور اس کا ہاتھ نہ پکڑیں (یعنی اس کو ظلم سے نہ روکیں) تو قریب ہے کہ خداوند تعالیٰ ان کو اپنے عذاب میں گرفتار کر لے۔ اور ابوداؤد کی ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ جس قوم میں گناہ کئے جائیں اور وہ قوم ان کی اصلاح و تبدیلی پر قدرت رکھتی ہو اور پھر بھی اصلاح و تبدیلی نہ کرے تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو عذاب میں مبتلا کر دے اور ابوداؤد کی ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جس قوم میں گناہوں کا ارتکاب کیا جائے اور گناہگاروں کی تعداد زیادہ ہو اور قوم ان کو گناہوں سے نہ روکے تو خداوند تعالیٰ ان کو عذاب میں مبتلا کر دیگا

۴۹۱۴ وَعَنْ جَرِيْرِبْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ رَجُلٍ يَّكُوْنُ فِيْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِيْ يَقْدِرُوْنَ عَلٰى اَنْ يُّغَيِّرُوْا عَلَيْهِ وَلَا يُغَيِّرُوْنَ اِلَّا اَصَابَهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ بِعِقَابٍ قَبْلَ اَنْ يَّمُوْتُوْا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت جریر بن عبداللہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جس قوم میں کوئی ایسا شخص ہو جو گناہ کرتا ہو اور قوم اس کو گناہ سے روکنے پر قدرت رکھتی ہو اور پھر بھی اس کو نہ روکے تو خداوند تعالیٰ موت سے پہلے اس کو اپنے عذاب میں گرفتار کر دیتا ہے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

آخر زمانہ میں دین پر عمل کرنے کی فضیلت و اہمیت

۴۹۱۵ وَعَنْ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ فَقَالَ اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ سَاَلْتُ عَنْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابی ثعلبہ رضؓ خداوند تعالیٰ کے اس ارشاد عَلَیْکُمْ اَنْفُسَکُمْ لَا یَضُرُّکُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَیْتُمْ کے متعلق کہتے ہیں کہ خدا کی قسم میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی بابت پوچھا

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَلِ ائْتَمِرُوا بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنَاهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ حَتّٰى إِذَا رَأَيْتَ شُحًّا مُطَاعًا وَهَوًى مُتَّبَعًا وَدُنْيَا مُؤْثَرَةً وَإِعْجَابَ كُلِّ ذِيْ رَأْيٍ بِرَأْيِهِ وَرَأَيْتَ أَمْرًا لَا بُدَّ لَكَ مِنْهُ فَعَلَيْكَ نَفْسَكَ وَدَعْ أَمْرَ الْعَوَامِّ فَإِنَّ وَرَاءَكُمْ أَيَّامَ الصَّبْرِ فَمَنْ صَبَرَ فِيْهِنَّ قَبَضَ عَلَى الْجَمْرِ لِلْعَامِلِ فِيْهِنَّ أَجْرُ خَمْسِيْنَ رَجُلًا يَعْمَلُوْنَ مِثْلَ عَمَلِهِ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَجْرُ خَمْسِيْنَ مِنْهُمْ قَالَ أَجْرُ خَمْسِيْنَ مِنْكُمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

(یعنی یہ کہ کیا میں اس آیت کے موافق امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو چھوڑ دوں ؟) آپ نے فرمایا نہیں، بلکہ جاری رکھو یہاں تک کہ جب تم دیکھو کہ بخل کی اطاعت کی جاتی ہے۔ خواہش نفس کا اتباع کیا جاتا ہے اور دنیا کو آخرت پر ترجیح دی جاتی ہے اور ہر عقلمند اپنی رائے کو پسندیدہ سمجھتا ہے اور تم اس امر کو دیکھو کہ جس سے تم کو چارہ نہیں ہے (یعنی وہ امر جس کی طرف تمہاری خواہش تم کو لے جائے یا وہ امر جس پر تم کو قدرت حاصل نہ ہو) تو تم اپنے آپ کو لازم پکڑ لو (یعنی اپنی ذات کو بچاؤ اور گناہوں سے محفوظ رکھو) اور عوام کو چھوڑ دو (یعنی عوام کو ان کے حال پر چھوڑ دو) اس لئے کہ تمہارا آئندہ زمانہ ایسا ہوگا جس میں تم کو صبر کرنا پڑے گا اور ان ایام میں جو شخص صبر کرے گا اس کی کیفیت یہ ہوگی کہ گویا اس نے اپنے ہاتھ میں انگارا لے لیا ہے ان ایام میں جو شخص احکام دین پر عمل کرے گا اس کو پچاس آدمیوں کے عمل کا ثواب ملے گا۔ صحابہ رض نے عرض کیا یا رسول اللہ ص ان پچاس آدمیوں کے عمل کا ثواب جو اسی زمانہ میں ہوں گے ؟ فرمایا نہیں تم میں سے پچاس آدمیوں کے عمل کا ثواب (یعنی حضور ص کے زمانہ کے لوگوں کا ثواب)۔ (ترمذی - ابن ماجہ)

۴۹۱۶/۹ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيْبًا بَعْدَ الْعَصْرِ فَلَمْ يَدَعْ شَيْئًا يَكُوْنُ إِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ إِلَّا ذَكَرَهُ حَفِظَهُ وَنَسِيَهُ مَنْ نَسِيَهُ وَكَانَ فِيْمَا قَالَ إِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ وَإِنَّ اللّٰهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيْهَا فَنَاظِرٌ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ أَلَا فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ وَقَالَ أَنَّ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِقَدْرِ غَدْرَتِهِ فِي الدُّنْيَا وَمَا غَدْرَ أَكْبَرُ مِنْ غَدْرِ أَمِيْرِ الْعَامَّةِ يَغْدِرُ لِوَاءَهُ عِنْدَ اسْتِهِ قَالَ لَا يَمْنَعَنَّ أَحَدًا مِنْكُمْ هَيْبَةُ النَّاسِ أَنْ يَقُوْلَ بِحَقٍّ إِذَا عَلِمَهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ إِنْ رَأَى مُنْكَرًا أَنْ يُغَيِّرَهُ فَبَكَى أَبُوْ سَعِيْدٍ قَالَ قَدْ رَأَيْنَاهُ فَمَنَعَنَا هَيْبَةُ النَّاسِ أَنْ نَتَكَلَّمَ فِيْهِ ثُمَّ قَالَ أَلَا إِنَّ بَنِيْ آدَمَ خُلِقُوْا عَلٰى طَبَقَاتٍ شَتّٰى فَمِنْهُمْ مَنْ يُوْلَدُ مُؤْمِنًا وَيَحْيٰى مُؤْمِنًا وَيَمُوْتُ مُؤْمِنًا وَمِنْهُمْ مَنْ يُوْلَدُ

حضرت ابوسعید خدری رض کہتے ہیں کہ (ایک روز) عصر کے بعد نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمارے درمیان خطبہ دیا اور اس خطبہ میں قیامت تک وقوع میں آنے والی تمام باتوں کا ذکر کیا۔ ان باتوں کو یاد رکھا جس نے یاد رکھا اور بھول گیا جو بھول گیا۔ آپ نے جو کچھ فرمایا اس میں یہ بھی تھا کہ دنیا ایک لذیذ اور خوشگوار چیز ہے کہ خداوند تعالیٰ اس میں تم کو اپنا خلیفہ بنائے گا پھر دیکھے گا کہ تم کیسے عمل کرتے ہو؟ خبردار دنیا سے بچو اور عورتوں سے بچو۔ اس کے بعد فرمایا ہر عہد شکن کا قیامت کے دن ایک جھنڈا (نشان) ہوگا جو اس کی عہد شکنی کے موافق پست و بلند ہوگا اور (کوئی) عہد شکنی سردار عالم کی عہد شکنی سے بڑی نہیں۔ اس کا نشان اس کی مقعد کے قریب کھڑا کیا جائے گا۔ پھر فرمایا تم میں سے کسی سے لوگوں کی ہیبت اور خوف حق بات کہنے سے نہ روکے جب کہ وہ حق بات کو جانتا ہو اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب تم میں سے کوئی شخص امر خلاف شرع کو دیکھے تو کسی شخص کا خوف تم کو اس کی اصلاح سے باز نہ رکھے (یہ بیان کرکے) ابوسعید رض رو پڑے اور کہا ہم نے خلاف شرع امر کو دیکھا اور لوگوں کے خوف سے ہم منع نہ کر سکے۔ پھر رسول اللہ ص نے فرمایا یاد رکھو! آدم کی اولاد کو مختلف جماعتوں اور مختلف طریقوں پر پیدا کیا گیا

كَافِرًا وَّيَحْيٰى كَافِرًا وَّيَمُوْتُ كَافِرًا وَّمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ مُؤْمِنًا وَّيَحْيٰى مُؤْمِنًا وَّيَمُوْتُ كَافِرًا وَّمِنْهُمْ مَنْ يُّوْلَدُ كَافِرًا وَّيَحْيٰى كَافِرًا وَّيَمُوْتُ مُؤْمِنًا۔ وَقَالَ وَذَكَرَ الْغَضَبَ فَمِنْهُمْ مَنْ يَّكُوْنُ سَرِيْعَ الْغَضَبِ سَرِيْعَ الْفَيْءِ فَاِحْدٰىهُمَا بِالْاُخْرٰى وَمِنْهُمْ مَنْ يَّكُوْنُ بَطِيْءَ الْغَضَبِ بَطِيْءَ الْفَيْءِ فَاِحْدٰىهُمَا بِالْاُخْرٰى وَخِيَارُكُمْ مَنْ يَّكُوْنُ بَطِيْءَ الْغَضَبِ سَرِيْعَ الْفَيْءِ وَشِرَارُكُمْ مَنْ يَّكُوْنُ سَرِيْعَ الْغَضَبِ بَطِيْءَ الْفَيْءِ قَالَ اتَّقُوا الْغَضَبَ فَاِنَّهٗ جَمْرَةٌ عَلٰى قَلْبِ ابْنِ اٰدَمَ اَلَا تَرَوْنَ اِلٰى اِنْتِفَاخِ اَوْدَاجِهٖ وَحُمْرَةِ عَيْنَيْهِ فَمَنْ اَحَسَّ بِشَيْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ فَلْيَضْطَجِعْ وَلْيَتَلَبَّدْ بِالْاَرْضِ قَالَ وَذَكَرَ الدَّيْنَ فَقَالَ مِنْكُمْ مَنْ يَّكُوْنُ حَسَنَ الْقَضَاءِ وَاِذَا كَانَ لَهٗ اَفْحَشَ فِي الطَّلَبِ فَاِحْدٰىهُمَا بِالْاُخْرٰى وَمِنْهُمْ مَنْ يَّكُوْنُ سَيِّئَ الْقَضَاءِ اِنْ كَانَ لَهٗ اَجْمَلَ فِي الطَّلَبِ فَاِحْدٰىهُمَا بِالْاُخْرٰى وَخِيَارُكُمْ مَنْ اِذَا كَانَ عَلَيْهِ الدَّيْنُ اَحْسَنَ الْقَضَاءَ وَاِنْ كَانَ لَهٗ اَجْمَلَ فِي الطَّلَبِ وَشِرَارُكُمْ كَانَ عَلَيْهِ الدَّيْنُ اَسَاءَ الْقَضَاءَ وَاِنْ كَانَ لَهٗ اَفْحَشَ فِي الطَّلَبِ حَتّٰى اِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ عَلٰى رُءُوْسِ النَّخْلِ وَاَطْرَافِ الْحِيْطَانِ فَقَالَ مَا اِنَّهٗ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا فِيْمَا مَضٰى مِنْهَا اِلَّا كَمَا بَقِيَ مِنْ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْمَا مَضٰى مِنْهُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ہے بعض ان میں وہ ہیں جن کو مومن پیدا کیا جاتا ہے ایمان کی حالت میں وہ ساری زندگی بسر کرتے ہیں اور ایمان ہی پر ان کا خاتمہ ہوتا ہے اور بعض وہ ہیں جن کو کافر پیدا کیا جاتا ہے کفر کی حالت میں ساری زندگی گزارتے ہیں اور کفر ہی پر ان کا خاتمہ ہوتا ہے اور بعض وہ ہیں جن کو مومن پیدا کیا جاتا ہے اور ایمان ہی کی حالت میں وہ زندگی بسر کرتے ہیں لیکن ان کا خاتمہ کفر پر ہوتا ہے اور بعض وہ جن کو کافر پیدا کیا جاتا ہے کفر کی حالت میں زندگی گزارتے ہیں لیکن ان کا خاتمہ ایمان پر ہوتا ہے۔ ابوسعید رض راوی کہتے ہیں کہ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غصہ کے اقسام (کیفیات) کا ذکر کیا اور فرمایا بعض ایسے آدمی ہیں جو فوراً غضبناک ہو جاتے لیکن ان کا غصہ جلد ہی فرو ہو جاتا ہے ان دونوں باتوں میں سے ایک دوسرے کا بدل ہے (یعنی جلد غصہ آنا بری بات ہے اور جلد زائل ہونا اچھی بات) اور بعض آدمی ایسا ہے جس کو دیر میں غصہ آتا ہے اور دیر سے جاتا ہے اور ایک دوسرے کا بدل ہے (یعنی غصہ کا دیر میں آنا اچھا ہے اور دیر سے فرو ہونا برا۔ اور اس طرح ایک برائی ایک بھلائی سے مل کر برابر ہو جاتی ہے) تم میں بہتر شخص وہ ہے جس کو دیر میں غصہ آئے اور جلد فرو ہو جائے اور بدترین شخص تم میں سے وہ ہے جس کو جلد غصہ آئے اور دیر میں جائے اس کے بعد آپ نے فرمایا غصہ سے بچو اس لئے کہ وہ آدم ع کے بیٹے کے دل پر ایک انگارہ ہوتا ہے تم دیکھتے نہیں (جب انسان غضب ناک ہوتا ہے تو) اس کی گردن کی رگیں پھول جاتی ہیں اور آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں۔ پس جب تم غصہ کو محسوس کرو تو پہلو پر لیٹ جاؤ اور زمین پر لیٹ جاؤ اور چمٹ جاؤ۔ اس کے بعد حضور نے قرض کا ذکر فرمایا (یعنی قرض کی اقسام کا قرضدار کا اور قرض خواہ کا) چنانچہ فرمایا تم میں سے بعض وہ ہے جو قرض کو ادا کرنے میں اچھا ہے لیکن جب اس کا قرض کسی پر ہوتا ہے تو وصول کرنے میں سختی و بدکلامی سے پیش آتا ہے ان میں سے ایک عادت (یعنی قرض کو خوبی کے ساتھ ادا کرنا) دوسری عادت (قرض وصول کرنے میں سختی کرنا) کا بدل ہے اور بعض ایسا ہے جو قرض کو ادا کرنے میں برا ہے لیکن اس کا قرض کسی پر ہوتا ہے تو اس کا تقاضا نرمی سے کرتا ہے ان میں سے ایک عادت دوسری عادت کا بدل ہے اور تم میں بہترین شخص وہ ہے کہ اس پر قرض ہو تو خوبی کے ساتھ ادا کرے اور کسی پر اس کا قرض ہو تو نرمی سے وصول کرے اور بدترین شخص وہ ہے جو قرض ادا کرنے میں بھی برا اور اپنا مطالبہ وصول کرنے میں بھی سخت و بدکلام ہو۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ میں نصیحت کی باتیں بیان فرمائیں یہاں تک کہ جب آفتاب کھجوروں کی شاخوں اور دیواروں کے کناروں پر پہنچ گیا (یعنی آفتاب غروب ہونے کا وقت آگیا) تو آپ نے فرمایا خبردار زمانہ گزر چکا ہے اس کے مقابلے میں اب صرف اتنا زمانہ باقی ہے جتنا کہ یہ دن (یعنی جس طرح دن کا قریب قریب پورا

حصہ گزر چکا ہے اور چند لمحے باقی رہ گئے ہیں۔ اسی طرح دنیا کا حال ہے، دنیا کا زیادہ حصہ گزر چکا ہے اور اب چند لمحے باقی ہیں۔ (ترمذی)

گناہ کی زیادتی موجب ہلاکت ہے

۴۹۱۷/۱۰ وَعَنْ اَبِی الْبَخْتَرِیِّ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَنْ یُّھْلِکَ النَّاسَ حَتّٰی یُعْذِرُوْا مِنْ اَنْفُسِھِمْ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابی البختریؒ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابیؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لوگ اس وقت تک ہلاک نہ ہوں گے جب تک ان میں گناہ کی زیادتی نہ ہو جائے گی۔ (ابوداؤد)

عام عذاب کب نازل ہوتا ہے

۴۹۱۸/۱۱ وَعَنْ عَدِیِّ بْنِ عَدِیِّ الْکِنْدِیِّ قَالَ حَدَّثَنَا مَوْلًی لَنَا اَنَّہٗ سَمِعَ جَدِّیْ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی لَا یُعَذِّبُ الْعَامَّۃَ بِعَمَلِ الْخَاصَّۃِ حَتّٰی یَرَوُا الْمُنْکَرَ بَیْنَ ظَھْرَانَیْھِمْ وَھُمْ قَادِرُوْنَ اَنْ یُّنْکِرُوْہُ فَلَا یُنْکِرُوْا فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِکَ عَذَّبَ اللّٰہُ الْعَامَّۃَ وَالْخَاصَّۃَ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت عدی بن عدی کندیؓ کہتے ہیں کہ ہم سے ہمارے ایک آزاد کردہ غلام نے بیان کیا کہ اس نے میرے دادا کو یہ کہتے سنا ہے کہ میں نے رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ، خداوند تعالیٰ کسی قوم کو اس کے بعض آدمیوں کے گناہوں کے سبب عذاب میں مبتلا نہیں کرتا جب تک کہ قوم کے اکثر آدمی اس امر کو نہ دیکھ لیں کہ ان کے درمیان خلافِ شرع امور کا ارتکاب کیا گیا ہے اور وہ اس کے روکنے پر قادر ہوں اور نہ روکیں۔ جب یہ خاموشی اور غفلت بڑھ جائے (یعنی قوم کی اکثریت اس بگاڑ کو گوارا کرلے) تو پھر خداوند تعالیٰ عام اور خاص سب کو عذاب میں مبتلا کر دیتا ہے۔ (شرح السنۃ)

برائیوں کو مٹانے کی پوری جدوجہد کرو

۴۹۱۹/۱۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَقَعَتْ بَنُوْ اِسْرَائِیْلَ فِی الْمَعَاصِیْ نَھَتْھُمْ عُلَمَاؤُھُمْ فَلَمْ یَنْتَھُوْا فَجَالَسُوْھُمْ فِیْ مَجَالِسِھِمْ وَاٰکَلُوْھُمْ وَشَارَبُوْھُمْ فَضَرَبَ اللّٰہُ قُلُوْبَ بَعْضِھِمْ بِبَعْضٍ فَلَعَنَھُمْ عَلٰی لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِیْسَی بْنِ مَرْیَمَ ذٰلِکَ بِمَا عَصَوْا وَّکَانُوْا یَعْتَدُوْنَ قَالَ فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَانَ مُتَّکِئًا فَقَالَ لَا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ حَتّٰی تَاْطِرُوْھُمْ اَطْرًا۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ کَلَّا وَاللّٰہِ لَتَاْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْھَوُنَّ عَنِ الْمُنْکَرِ وَلَتَاْخُذُنَّ عَلٰی یَدَیِ الظَّالِمِ وَلَتَاْطِرُنَّہٗ عَلَی الْحَقِّ اَطْرًا اَوْ لَتَقْصُرُنَّہٗ عَلَی الْحَقِّ قَصْرًا اَوْ لَیَضْرِبَنَّ اللّٰہُ بِقُلُوْبِ بَعْضِکُمْ عَلٰی بَعْضٍ ثُمَّ لَیَلْعَنَکُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بنی اسرائیل جب گناہوں میں مبتلا ہو گئے تو اوّل ان کے علماء نے ان کو اس سے منع کیا اور جب وہ منع کرنے سے بھی باز نہ آئے تو پھر وہ بھی ان کی محفلوں میں شریک ہونے لگے اور اُن کے نوالہ اور ہم پیالہ بن گئے پس خداوند تعالیٰ نے ان میں سے بعض کے دلوں کو بعض کے دلوں کے سبب سیاہ کر دیا (یعنی ان میں سے جو لوگ گنہگار نہ تھے اُن کے دلوں کو گنہگاروں میں مل جانے کے سبب سیاہ کر دیا پس لعنت کی خداوند تعالیٰ نے ان پر حضرت داؤدؑ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کی زبان پر اور یہ لعنت ان کے گناہ کرنے اور حد سے تجاوز کر جانے پر کی گئی تھی۔ راوی کا بیان ہے کہ آں حضرتؐ تکیہ لگائے ہوئے تھے، یہ کہہ کر آپ اُٹھ بیٹھے اور فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم اُس وقت تک عذابِ الٰہی سے نجات حاصل نہ کر سکو گے جب تک کہ تم ظالموں اور فاسقوں کو گناہوں سے نہ روکو۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپؐ نے فرمایا (جیسا کہ تم خیال کرتے ہو) ایسا نہیں ہے۔ خدا کی قسم تم ان کو اچھی باتوں کا حکم دو اور بُری باتوں

كَمَا لَعَنَهُمْ۔

سے روکو، ظالم کے ہاتھوں کو پکڑ لو۔ ان کو حق پر آمادہ کرو اور حق پر ان کو قائم کردو۔ ورنہ خداوند تعالیٰ تم میں سے بعض کے دلوں کو بعض کے دلوں کے ساتھ وابستہ کردے گا اور پھر تم پر لعنت فرمائے گا جیسا کہ بنی اسرائیل پر لعنت کی تھی۔

بے عمل عالم و واعظ کے بارے میں وعید

۴۹۲۰ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَيْتُ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِيْ رِجَالًا تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيْضَ مِنْ نَارٍ قُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرَئِيْلُ قَالَ هٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ مِنْ اُمَّتِكَ يَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَيَنْسَوْنَ اَنْفُسَهُمْ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ خُطَبَاءُ مِنْ اُمَّتِكَ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ وَيَقْرَءُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَلَا يَعْمَلُوْنَ۔

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں نے معراج کی رات میں بہت سے شخصوں کو دیکھا کہ ان کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جاتے ہیں۔ پوچھا جبرئیلؑ یہ کون لوگ ہیں؟ انھوں نے کہا یہ لوگ آپ کی امت کے خطیب (واعظ) ہیں جو لوگوں کو نیکی کی ہدایت کرتے تھے اور اپنے آپ کو بھول جاتے تھے (یعنی خود نیک کام نہ کرتے تھے)۔ (شرح السنۃ) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جبرئیلؑ نے کہا یہ آپ کی امت کے واعظ ہیں جو ایسی بات کہتے تھے جس پر خود عمل نہ کرتے تھے۔ کتاب اللہ کو پڑھتے تھے اور اس پر عمل نہ کرتے تھے۔

نعمتِ خداوندی میں خیانت کی سزا

۴۹۲۱ وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنْزِلَتِ الْمَائِدَةُ مِنَ السَّمَاءِ خُبْزًا وَلَحْمًا وَاُمِرُوْا اَنْ لَا يَخُوْنُوْا وَلَا يَدَّخِرُوْا لِغَدٍ فَخَانُوْا وَادَّخَرُوْا وَرَفَعُوْا لِغَدٍ فَمُسِخُوْا قِرَدَةً خَنَازِيْرَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عمار بن یاسر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قوم پر) آسمان سے مائدہ (خوان) اتارا گیا یعنی روٹی اور گوشت۔ اور یہ حکم دیا کہ وہ خیانت نہ کریں (یعنی ضرورت و خواہش سے زیادہ نہ کھائیں یا دوسرے کا حصہ نہ لے لیں) اور ذخیرہ نہ کریں (یعنی جو کھانا آئے اس کو دوسرے وقت کے لئے اٹھا کر نہ رکھ چھوڑیں) لیکن انھوں نے خیانت کی اور جمع بھی کیا، یعنی کھانا دوسرے دن کے لئے اٹھا رکھا (اور اس کی سزا میں) ان کی صورتیں مسخ کر دی گئیں، یعنی ان کو بندر اور سور بنا دیا گیا۔ (ترمذی)

فصل سوم

ظالم حکمران کے زمانے میں نجات کی راہ؟

۴۹۲۲ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهُ تُصِيْبُ اُمَّتِيْ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ مِنْ سُلْطَانِهِمْ شَدَائِدُ لَا يَنْجُوْ مِنْهُ اِلَّا رَجُلٌ عَرَفَ دِيْنَ اللّٰهِ فَجَاهَدَ عَلَيْهِ بِلِسَانِهٖ وَيَدِهٖ وَقَلْبِهٖ فَذٰلِكَ الَّذِيْ سَبَقَتْ لَهُ السَّوَابِقُ وَرَجُلٌ عَرَفَ دِيْنَ اللّٰهِ فَصَدَّقَ بِهٖ وَرَجُلٌ عَرَفَ دِيْنَ اللّٰهِ فَسَكَتَ عَلَيْهِ فَاِنْ رَاٰى مَنْ يَعْمَلُ الْخَيْرَ اَحَبَّهٗ عَلَيْهِ وَاِنْ رَاٰى مَنْ يَعْمَلُ

حضرت عمر بن الخطابؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میری امت پر آخری زمانہ میں ان کے بادشاہوں کے ہاتھوں سے مصیبتیں پڑیں گی اور ان مصیبتوں اور بلاؤں سے یا بادشاہ کے ہاتھوں سے صرف وہی شخص نجات پائے گا (یعنی بچا رہے گا) جو اللہ کے دین سے واقف و آگاہ ہوگا۔ وہ اپنی زبان اپنے ہاتھ اور اپنے دل سے اعلانِ حق کے لئے جہاد کرے گا۔ (یعنی زبان سے نصیحت کرے گا اور قدرت حاصل ہوگی تو ہاتھ، قوت سے کام لیگا اور قدرت حاصل نہ ہوگی تو دل سے

بِبَاطِلِ اَبْغَضَهٗ عَلَيْهِ فَذٰلِكَ يَنْجُوْ عَلٰى اَبْطَانِهٖ كُلِّهٖ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

بُرا جانے گا) پس یہ وہ شخص ہوگا جس کی نیکیاں اور نیکیوں کا ثواب پہلے پہنچے گا (اور ایک شخص ہوگا جو دین سے واقف ہوگا اور دین کی تصدیق کرے گا (یعنی زبان اور دل سے جہاد کرے گا) اور ایک شخص ہوگا جو خدا تعم کے دین سے آگاہ ہوگا اور خاموش رہے گا یعنی جب کسی کو عملِ خیر کرتے دیکھے گا تو اس کو وہ دوست رکھے گا اور کسی کو عملِ بد کرتے دیکھے گا تو اس سے نفرت کرے گا۔ یہ شخص بھی اپنی محبت اور اپنے بغض کو مخفی رکھنے کے سبب نجات پا جائے گا۔ (بیہقی)

بُروں کے ساتھ اچھے بھی عذاب میں کیوں مبتلا کئے جاتے ہیں

۴۹۲۳ (۱۶) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلٰى جِبْرَئِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنِ اقْلِبْ مَدِيْنَةَ كَذَا بِاَهْلِهَا فَقَالَ يَا رَبِّ اِنَّ فِيْهِمْ عَبْدَكَ فُلَانًا لَمْ يَعْصِكَ طَرْفَةَ عَيْنٍ قَالَ فَقَالَ اقْلِبْهَا عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ فَاِنَّ وَجْهَهٗ لَمْ يَتَمَعَّرْ فِيَّ سَاعَةً قَطُّ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ خداوند تعالےٰ نے حضرت جبرئیل ؑ کو حکم دیا کہ وہ فلاں شہر کو جو ایسا اور ایسا ہے اس کے باشندوں سمیت الٹ دے جبرئیل ؑ نے عرض کیا اے میرے پروردگار! اس کے باشندوں میں تیرا فلاں بندہ بھی ہے جس نے ایک لمحہ کے لئے بھی تیری نافرمانی نہیں کی ہے خداوند تعالےٰ نے فرمایا۔ اس پر اور سارے باشندوں پر شہر کو اُلٹ دے اِس لئے کہ اس شخص کا چہرہ (گناہ گاروں کے گناہوں کو دیکھ کر) ایک لمحے کے لئے بھی میری خوشنودی کے لئے متغیر نہیں ہوا (یعنی اس نے گناہ گاروں کے گناہوں کو ایک لمحہ کے لئے بھی بُرا نہ جانا) (بیہقی)

تقصیر کی مذمت

۴۹۲۴ (۱۷) وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَسْاَلُ الْعَبْدَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَقُوْلُ مَا لَكَ اِذَا رَاَيْتَ الْمُنْكَرَ فَلَمْ تُنْكِرْهُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُلْقِيْ حُجَّتَهٗ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ خِفْتُ النَّاسَ وَرَجَوْتُكَ۔ (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)۔

حضرت ابوسعید خدری رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن خداوند تعالےٰ بندے سے پوچھے گا۔ تجھ کو اس وقت کیا ہوا؟ جب کہ تو نے خلافِ شرع کام کو دیکھا اور اس سے لوگوں کو منع نہ کیا؟ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اس بندہ کو (خداوند تعالےٰ کی طرف سے) دلیل سکھائی جائے گی (جب کہ اللہ تعالےٰ اس کو بخشنے کا ارادہ فرمائے گا) اور وہ کہے گا اے پروردگار! میں لوگوں (کی زیادتی) سے ڈر گیا اور میں تیری مغفرت کی امید رکھتا تھا۔ (بیہقی)

۴۹۲۵ (۱۸) وَعَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ اِنَّ الْمَعْرُوْفَ وَالْمُنْكَرَ خَلِيْقَتَانِ تَنْصِبَانِ لِلنَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَمَّا الْمَعْرُوْفُ فَيُبَشِّرُ اَصْحَابَهٗ وَيُوْعِدُهُمُ الْخَيْرَ وَاَمَّا الْمُنْكَرُ فَيَقُوْلُ اِلَيْكُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهٗ اِلَّا لُزُوْمًا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے کہ عملِ مشروع اور عملِ غیر مشروع کو قیامت کے دن پیدا کیا جائے گا۔ اور (آدمیوں کی شکل میں) ان کو لوگوں کے سامنے کھڑا کیا جائے گا۔ جنھوں نے ان پر عمل کیا ہوگا۔ عملِ مشروع اپنے لوگوں کو خوش خبری سُنائے گا اور انجام کی بھلائی کا وعدہ دے گا۔ اور عملِ منکر یہ کہے گا (اپنے لوگوں سے) مجھ سے دور ہو جاؤ۔ اور یہ لوگ اس

سے جدا ہونے کی قوت نہ رکھیں گے بلکہ اس سے چمٹے رہیں گے۔ (احمد۔ بیہقی)

کِتَابُ الرِّقَاقِ

دل کو نرم کرنے والی حدیثوں کا بیان

فصل اوّل

دو قابل قدر نعمتیں؟

۴۹۲۶ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِيْهِمَا كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، دو نعمتیں ہیں جن کے معاملے میں بہت سے لوگ خسارہ ٹوٹے میں پڑے ہیں (یعنی لوگ ان کی کما حقہٗ قدر نہیں کرتے) وہ صحت اور فراغت ہیں۔ (بخاری)

دنیا اور آخرت کی مثال

۴۹۲۷/۲ وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ مَا الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مِثْلُ مَا يَجْعَلُ اَحَدُكُمْ اِصْبَعَهٗ فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْ بِمَ يَرْجِعُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت مستورد بن شداد کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے خدا کی قسم آخرت کے مقابلے میں دنیا کی مثال ایسی ہے، جیسا کہ کوئی شخص دریا میں انگلی ڈالے اور پھر دیکھے کہ اس میں کیا چیز لے کر واپس آئی ہے۔ (یعنی پانی کا کتنا حصہ انگلی کے ساتھ آتا ہے (مسلم)

دنیا ایک بے حیثیت چیز ہے

۴۹۲۸/۳ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِجَدْيٍ اَسَكَّ مَيِّتٍ فَقَالَ اَيُّكُمْ يُحِبُّ اَنَّ هٰذَا لَهٗ بِدِرْهَمٍ فَقَالَ فَقَالُوْا مَا نُحِبُّ اَنَّهٗ لَنَا هٰذَا بِشَيْءٍ قَالَ فَوَاللّٰهِ الدُّنْيَا اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذَا عَلَيْكُمْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بکری کے ایک مُردہ بچے کے قریب سے گزرے جس کے کان چھوٹے تھے اس کے کان کٹے ہوئے تھے آپ نے (اُس کو دیکھ کر) فرمایا۔ تم میں سے کون اس بچہ کو ایک درہم میں لینا پسند کرتا ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا ہم اس کو کسی چیز کے بدلے میں لینا نہیں چاہتے۔ آپ نے فرمایا قسم ہے خداوند تعالیٰ کی یہ دُنیا خدا تعالےٰ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ ذلیل ہے جتنا کہ تمہاری نظر میں یہ بچہ ذلیل ہے۔ (مسلم)

دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہے

۴۹۲۹/۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے "دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کے لئے جنت" (مسلم)

کافر اچھے کام کرتا ہے اس کا اجر اس کو اسی دنیا میں دیا جاتا ہے

۴۹۳۰/۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مُؤْمِنًا حَسَنَةً

حضرت انسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اللہ تعالیٰ مومن کی نیکی کا اجر ضائع نہیں کرتا دنیا میں بھی اس کو (اُس کی نیکی کا

تُعْطٰی بِهَا فِی الدُّنْیَا وَیُجْزٰی بِهَا فِی الْاٰخِرَةِ وَاَمَّا الْکَافِرُ فَیُطْعَمُ بِحَسَنَاتِ مَا عَمِلَ بِهَا لِلّٰهِ فِی الدُّنْیَا حَتّٰی اِذَا اَفْضٰی اِلَی الْاٰخِرَةِ لَمْ تَکُنْ لَهٗ حَسَنَةٌ یُجْزٰی بِهَا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اجر) دیا جاتا ہے اور آخرت میں بھی۔ اور کافر اس کو اس کی نیکی کا اجر دنیا ہی میں دیدیا جاتا ہے اگر اس نے محض خدا کی خوشنودی کے لئے نیکیاں کی ہوں اور جب وہ آخرت میں جائیگا تو اس کی کسی نیکی کا اجر وہاں نہ ہوگا۔ (مسلم)

جنت اور دوزخ کے پردے

۴۹۳۱ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حُجِبَتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ وَحُجِبَتِ الْجَنَّةُ بِالْمَکَارِهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ) اِلَّا عِنْدَ مُسْلِمٍ حُفَّتْ بَدَلَ حُجِبَتْ۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دوزخ ڈھانکی گئی ہے شہوات سے (یعنی دوزخ پر شہوتوں اور لذتوں کے پردے پڑے ہیں جب آدمی شہوت کا پردہ چاک کر دیتا ہے دوزخ میں داخل ہو جاتا ہے) اور جنت ڈھانکی گئی ہے سختیوں اور تکلیفوں سے (یعنی جنت پر تکلیفوں اور اذیتوں کے پردے پڑے ہیں جب مومن سختیوں اور تکلیفوں کے پردے کو چاک کر دیتا ہے جنت میں داخل ہو جاتا ہے (بخاری و مسلم) مسلم کی روایت میں "حُجِبَتْ" (ڈھانکنے) کے بجائے حُفَّتْ کا لفظ ہے جس کے یہ معنی ہیں کہ دوزخ اور جنت کو شہوت اور تکلیفوں نے گھیر رکھا ہے۔

مال وزر کا غلام بن جانے والے کی مذمت

۴۹۳۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَعِسَ عَبْدُ الدِّیْنَارِ وَعَبْدُ الدِّرْهَمِ وَعَبْدُ الْخَمِیْصَةِ اِنْ اُعْطِیَ رَضِیَ وَاِنْ لَمْ یُعْطَ سَخِطَ تَعِسَ وَانْتَکَسَ وَاِذَا شِیْکَ فَلَا انْتَقَشَ طُوْبٰی لِعَبْدٍ اٰخِذٍ بِعِنَانِ فَرَسِهٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَشْعَثَ رَاْسُهٗ مُغْبَرَّةً قَدَمَاهُ اِنْ کَانَ فِی الْحِرَاسَةِ کَانَ فِی الْحِرَاسَةِ وَاِنْ کَانَ فِی السَّاقَةِ کَانَ فِی السَّاقَةِ اِنِ اسْتَاْذَنَ لَمْ یُؤْذَنْ لَهٗ وَاِنْ شَفَعَ لَمْ یُشَفَّعْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہلاک ہوا درہم و دینار اور چادر کا بندہ اس کو یہ چیزیں دی جائیں تو وہ خوش اور راضی ہے اور نہ دی جائیں تو ناخوش، ہلاک ہو یہ بندہ اور سرنگوں و ذلیل ہو اور جب اس کے پاؤں میں کانٹا لگ جائے تو کوئی اس کو نہ نکالے اور خوش خبری ہے اس بندہ کو جو خدا کی راہ میں لڑنے کے لئے اپنے گھوڑے کی باگ پکڑے کھڑا ہے اُس کے سر کے بال پریشان ہیں اور قدم غبار آلود ہیں۔ اگر اس کو لشکر کی نگہبانی پر مقرر کیا جاتا ہے تو پوری نگہبانی کرتا ہے اور لشکر کے پیچھے رکھا جاتا ہے تو پوری اطاعت سے لشکر کے پیچھے رہتا ہے۔ وہ اگر لوگوں کی محفلوں میں شرکت کی اجازت چاہتا ہے تو اس کو اجازت نہیں دیجاتی (اس لئے کہ وہ دنیاوی شان و شوکت نہیں رکھتا) اور اگر وہ کسی کی سفارش کرتا ہے تو قبول نہیں کیجاتی (اس لئے کہ وہ لوگوں کی نظروں میں حقیر اور ذلیل ہے۔) (بخاری)

مالداری بذاتِ خود کوئی بری چیز نہیں ہے

۴۹۳۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِمَّا اَخَافُ عَلَیْکُمْ مِنْ بَعْدِیْ مَا یُفْتَحُ عَلَیْکُمْ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْیَا وَزِیْنَتِهَا فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوَیَاْتِی الْخَیْرُ بِالشَّرِّ فَسَکَتَ حَتّٰی ظَنَنَّا اَنَّهٗ یُنْزَلُ عَلَیْهِ قَالَ فَمَسَحَ عَنْهُ الرُّحَضَاءَ وَقَالَ اَیْنَ السَّائِلُ وَکَاَنَّهٗ حَمِدَهٗ فَقَالَ اَنَّهٗ لَا یَاْتِی الْخَیْرُ بِالشَّرِّ وَاِنَّ مِمَّا یُنْبِتُ الرَّبِیْعُ مَا یَقْتُلُ حَبَطًا اَوْ یُلِمُّ اِلَّا اٰکِلَةَ الْخَضِرِ اَکَلَتْ حَتّٰی اِذَا امْتَدَّتْ

حضرت ابی سعید خدری رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے مرنے کے بعد تمہارے لئے میں جن چیزوں سے ڈرتا ہوں اُن میں دنیا کی تروتازگی اور زینت بھی ہے جو (فتوحات حاصل ہونے کے بعد) تمہارے سامنے آئے گی۔ ایک شخص نے (یہ سُنکر) عرض کیا۔ کیا بھلائی اور خیر اپنے ساتھ برائی اور شر کو لائے گی (مثلاً فتوحات کے سلسلے میں جو مالِ غنیمت حاصل ہوگا کیا وہ بدی کو بھی ساتھ لائے گا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (یہ سنکر) خاموش رہے (اور وحی الٰہی کا انتظار کرنے لگے) یہاں تک کہ ہم نے یہ خیال کیا کہ آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے۔ ابوسعیدؓ راوی کا بیان ہے کہ (نزولِ وحی کے بعد) آپ نے اپنے چہرۂ مبارک سے پسینہ پوچھا اور پھر فرمایا سوال کرنے والا کہاں ہے؟

خَاصِرَتَاهَا اسْتَقْبَلَتْ عَيْنَ الشَّمْسِ فَثَلَطَتْ وَبَالَتْ ثُمَّ عَادَتْ فَاَكَلَتْ وَاِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ اَخَذَهٗ بِحَقِّهٖ وَوَضَعَهٗ فِيْ حَقِّهٖ نِعْمَ الْمَعُوْنَةُ هُوَ وَمَنْ اَخَذَهٗ بِغَيْرِ حَقِّهٖ كَالَّذِيْ يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَيَكُوْنُ شَهِيْدًا عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

گویا آپ نے سائل کے سوال کو قابلِ تعریف سمجھا اس کے بعد آپ نے فرمایا، بھلائی برائی کو ساتھ نہیں لاتی (اور اس کی مثال یہ ہے کہ) بہار کا موسم جو سبزہ اُگاتا ہے (وہ بھلائی ہے اور کسی قسم کی برائی اس میں نہیں لیکن) وہ جانور کا پیٹ پھلا کر اس کو مار ڈالتا ہے یا ہلاک ہونے کے قریب پہنچا دیتا ہے (برائی سبزہ میں نہیں جانور کے فعل میں ہے یعنی گھاس کھانے والے جانور نے گھاس اس طرح کھائی کہ اس کا پیٹ خوب بھر گیا اور) اور اس کے دونوں پہلو تن گئے (یعنی اس نے سبزہ کھانے میں حد سے تجاوز کیا اور ضرورت سے زیادہ کھا لیا جو خرابی اور برائی کا باعث ہوا) پھر وہ دھوپ میں بیٹھا (جانور کی عادت ہے کہ جب اس کا پیٹ بھر جاتا ہے تو وہ دھوپ میں بیٹھ جاتا ہے تاکہ دھوپ کی گرمی سے پیٹ نرم ہو جائے) پتلا گوبر کیا اور پیشاب کیا (یعنی دھوپ کی گرمی نے پیٹ کو نرم کر کے پیشاب اور پاخانہ کو خارج کر دیا) اور پھر چراگاہ کی طرف لوٹ پڑا اور گھاس کھانی (یہی حال انسان کا ہے جب اس کو مال ملتا ہے تو وہ بے دریغ خرچ کرتا ہے اور معاصی میں مبتلا ہو جاتا ہے اور (دنیا کا) یہ مال سبز، خوشگوار، تر و تازہ اور لذیذ ہے جو شخص اس کو جائز طریقہ پر حاصل کرے اور جائز مصارف میں صرف کرے تو یہ مال بہترین مددگار ہے اور جو شخص اس کو ناجائز طریقہ پر حاصل کرے تو یہ مال اُس کے حق میں اس شخص کی مانند ہو جاتا ہے جو کھانا کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا۔ اور یہ مال قیامت کے دن اس کا شاہد ہوگا (یعنی اس کے اسراف وغیرہ کی شہادت دے گا) (بخاری و مسلم)

دنیا کی طرف راغب ہونا تباہی و بربادی کی طرف راغب ہونا ہے

۴۹۳۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَاللّٰهِ لَا الْفَقْرَ اَخْشٰى عَلَيْكُمْ وَلٰكِنْ اَخْشٰى عَلَيْكُمْ اَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَتَنَافَسُوْهَا كَمَا تَنَافَسُوْهَا وَتُهْلِكَكُمْ كَمَا اَهْلَكَتْهُمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمرو بن عوف رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کی قسم میں تمہارے فقر و افلاس سے نہیں ڈرتا بلکہ اس سے ڈرتا ہوں کہ دنیا تم پر کشادہ کی جائے گی جس طرح ان لوگوں پر کشادہ کی گئی تھی جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں پھر تم دنیا کی طرف رغبت کرو گے (یعنی دنیا کی لذتوں میں گرفتار ہو جاؤ گے جس طرح تم سے پہلے لوگوں نے رغبت کی۔ اور یہ دنیا تم کو ہلاک کر دے گی جس طرح ان کو ہلاک کیا۔ (بخاری و مسلم)

رزق کے بارے میں آنحضرت ﷺ کی دعا

۴۹۳۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوْتًا وَفِيْ رِوَايَةٍ كَفَافًا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اے اللہ تعالیٰ! تو محمد ﷺ کی آل (اہلبیت و ذریات) کو صرف اتنا رزق عطا کر جو ان کی جان کو بچائے اور بدن کی قوت کو قائم رکھے اور ایک روایت میں ہے کہ صرف اتنا رزق عطا فرما جو اس کی زندگی باقی رکھنے کے لئے کافی ہو۔ (بخاری و مسلم)

فلاح و نجات پانے والا شخص

۴۹۳۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اَسْلَمَ وَرُزِقَ كَفَافًا وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ بِمَا اٰتَاهُ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اس شخص نے فلاح حاصل کر لی جس نے اسلام قبول کر لیا اور بقدر ضرورت و کفالت رزق دیا گیا اور خدا نے اس کو اس چیز پر جو اُس

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ) کو دی گئی ہے قناعت بخشی۔ (مسلم)

مال و دولت میں انسان کا اصل حصہ

۴۹۳۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْعَبْدُ مَالِیْ مَالِیْ اِنَّ مَالَهٗ مِنْ مَّالِهٖ ثَلٰثٌ مَا اَكَلَ فَاَفْنٰى اَوْ لَبِسَ فَاَبْلٰى اَوْ اَعْطٰى فَاقْتَنٰى وَمَا سِوٰى ذٰلِكَ فَهُوَ ذَاهِبٌ وَتَارِكُهٗ لِلنَّاسِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ بندہ میرا مال میرا مال کہتا ہے (یعنی اپنے مال پر فخر کرتا رہتا ہے) اور حقیقت یہ ہے کہ اس کے مال میں سے جو کچھ اس کا ہے وہ صرف تین چیزیں ہیں ایک تو وہ جو کھائی اور ختم کر دی۔ دوسرے وہ جو پہنی اور پھاڑ ڈالی۔ تیسرے وہ جو خدا کی راہ میں دی اور آخرت کے لئے ذخیرہ کی۔ اِن تینوں چیزوں کے سوا جو کچھ ہے اس سب کو وہ لوگوں کے لئے چھوڑ کر چلا جانے والا ہے۔ (مسلم)

مرنے کے بعد اہل و عیال ساتھی ہوں گے نہ جاہ و مال

۴۹۳۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَتْبَعُ الْمَیِّتَ ثَلٰثَةٌ فَیَرْجِعُ اِثْنَانِ وَیَبْقٰى مَعَهٗ وَاحِدٌ یَتْبَعُهٗ اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ وَعَمَلُهٗ فَیَرْجِعُ اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ وَیَبْقٰى عَمَلُهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میت کے ساتھ تین چیزیں جاتی ہیں اور دو واپس چلی آتی ہیں اور ایک اس کے پاس رہ جاتی ہے۔ گھر کے لوگ اور مال اس کے ساتھ جاتے اور تنہا چھوڑ کر واپس آجاتے ہیں اور اس کا عمل اس کے ساتھ جاتا اور اسی کے ساتھ رہتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

اپنے مال کو ذخیرۂ آخرت بناؤ

۴۹۳۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُّكُمْ مَالُ وَارِثِهٖ اَحَبُّ اِلَیْهِ مِنْ مَّالِهٖ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا مِنَّا اَحَدٌ اِلَّا مَالُهٗ اَحَبُّ اِلَیْهِ مِنْ مَّالِ وَارِثِهٖ قَالَ فَاِنَّ مَالَهٗ مَا قَدَّمَ وَمَالُ وَارِثِهٖ مَا اَخَّرَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے کون شخص ہے جس کو اپنے مال سے زیادہ اپنے وارث کا مال عزیز ہو (یعنی کون ایسا شخص ہے جو اس کو پسند کرے کہ اُس کا مال اس کے لئے نہ ہو اس کے وارثوں کے لئے ہو) صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم میں کوئی ایسا شخص نہیں ہے جو اپنے مال سے زیادہ وارث کے مال کو پسند کرتا ہو۔ آپ نے فرمایا اس کا مال وہ ہے جو اس نے آگے بھیج دیا (یعنی خیرات و زکوٰۃ کے ذریعہ) اور وارث کا مال وہ ہے جو اس نے اپنے مرنے کے بعد چھوڑا (اور واقعہ یہ ہے کہ لوگ اپنے پیچھے چھوڑ جانے والے مال کو جو وارثوں کا ہوتا ہے زیادہ پسند کرتے اور عزیز رکھتے ہیں)۔ (بخاری)

مالدار کے حق میں اس کا اصل مال وہی ہے جو اس کے کام آئے

۴۹۴۰ وَعَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ یَقْرَاُ ... "اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ" قَالَ یَقُوْلُ ابْنُ اٰدَمَ مَالِیْ مَالِیْ قَالَ وَهَلْ لَكَ یَا ابْنَ اٰدَمَ اِلَّا مَا اَكَلْتَ فَاَفْنَیْتَ اَوْ لَبِسْتَ فَاَبْلَیْتَ اَوْ تَصَدَّقْتَ فَاَمْضَیْتَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت مطرف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ اس وقت اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ پڑھ رہے تھے۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ اے لوگو! تم اپنے مال کی زیادتی پر باہم فخر کرنے کے سبب آخرت کے خیال سے بے پروا ہو گئے ہو یعنی مال کی زیادتی پر فخر کرنے کی وجہ سے تمہارے قلوب میں اندیشۂ آخرت باقی نہیں رہا ہے) پھر آپ نے فرمایا۔ آدم کا بیٹا میرا مال میرا مال

کہتا رہتا ہے حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ آدم ؑ کے بیٹے تیرے مال میں سے تجھ کو کچھ نہیں ملتا مگر صرف اتنا جتنا کہ تو نے کھایا اور خراب کر دیا، پہنا اور پھاڑ ڈالا اور خیرات دیا اور آخرت کے لئے ذخیرہ کیا۔ (مسلم)

حقیقی دولت دنیا کا غنا ہے

۴۹۴۱/۱۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْغِنٰى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ وَلٰكِنَّ الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے غنا (دولت مندی) اسباب وسامان کی زیادتی پر نہیں ہے بلکہ (حقیقی) غنا دل کی دولتمندی سے ہے (یعنی دل غنی ہونا چاہیے مال ہو یا نہ ہو)۔ (بخاری ومسلم)

فصل دوم

پانچ بہترین باتوں کی نصیحت

۴۹۴۲/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّاْخُذُ عَنِّیْ هٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ فَيَعْمَلُ بِهِنَّ اَوْ يُعَلِّمُ مَنْ يَّعْمَلُ بِهِنَّ قُلْتُ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَخَذَ بِيَدِیْ فَعَدَّ خَمْسًا فَقَالَ اِتَّقِ الْمَحَارِمَ تَكُنْ اَعْبَدَ النَّاسِ وَارْضَ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ لَكَ تَكُنْ اَغْنَى النَّاسِ وَاَحْسِنْ اِلٰى جَارِكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا وَاَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُسْلِمًا وَلَا تُكْثِرِ الضِّحْكَ فَاِنَّ كَثْرَةَ الضِّحْكِ تُمِيْتُ الْقَلْبَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کون ہے جو مجھ سے ان احکام کو لے جائے اور ان پر عمل کرے یا اس شخص کو سکھائے جو اس پر عمل کرے۔ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ؐ! میں ہوں۔ آپ نے میرا ہاتھ پکڑا اور (اس طرح) پانچ باتیں گنائیں یعنی فرمایا۔ (۱) ان چیزوں سے اپنے آپ کو بچا جن کو خدا نے حرام قرار دیا ہے اگر تو ان سے بچے گا تو تیرا شمار بہترین عبادت گزار لوگوں میں ہوگا۔ (۲) جو چیز خدا نے تیری تقدیر میں لکھ دی ہے اس پر راضی اور شاکر رہ اگر تو ایسا کرے گا تو دنیا کے غنی ترین لوگوں میں تیرا شمار ہوگا۔ (۳) ہمسایہ سے اچھا سلوک کر ایسا کریگا تو مومن کامل ہوگا۔ (۴) جو چیز اپنے لئے پسند کرتا ہے دوسروں کے لئے بھی پسند کر ایسا کریگا تو کامل مسلمان ہو جائے گا اور (۵) زیادہ نہ ہنس اس لئے کہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ بنا دیتا ہے۔ (احمد اور ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)۔

دنیاوی تفکرات اور غم روزگار کی پریشانیوں سے نجات حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ

۴۹۴۳/۱۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ ابْنَ اٰدَمَ تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِیْ اَمْلَاْ صَدْرَكَ غِنًى وَّاَسُدَّ فَقْرَكَ وَاِنْ لَّا تَفْعَلْ مَلَاْتُ يَدَكَ شُغْلًا وَلَمْ اَسُدَّ فَقْرَكَ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ فرماتا ہے آدم کے بیٹے میری عبادت کے لئے تو اپنے دل کو اچھی طرح مطمئن اور فارغ کر لے، میں تیرے دل میں غنیٰ (بے پروائی) بھر دوں گا اور فقر و احتیاج کے سوراخوں کو بند کر دوں گا۔ اگر تو ایسا نہ کرے گا تو میں تیرے ہاتھوں کو (دنیا کے) مشاغل سے بھر دونگا اور تیرے فقر و افلاس کے سوراخوں کو بند نہ کروں گا۔ (ابن ماجہ۔ احمد)

وَرَع کی اہمیت

۴۹۴۴/۱۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ ذُكِرَ رَجُلٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعِبَادَةٍ وَّاجْتِهَادٍ

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے عبادت اور اطاعتِ الٰہی میں کوشش کا ذکر کیا اور ایک

وَذُكِرَ اٰخَرُ بِرَعَةٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَعْدِلُ بِالرَّعَةِ يَعْنِي الْوَرَعَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اور شخص کی پرہیزگاری کا ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا تو اس کو (یعنی عبادت اور اطاعت میں کوشش کرنا) پرہیزگاری کے مساوی نہ ٹھہرا (یعنی پرہیزگاری بڑی چیز ہے)۔ (ترمذی)

پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت سمجھو

۴۹۴۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنِ الْاَوْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ وَهُوَ يَعِظُهُ اِغْتَنِمْ خَمْسًا قَبْلَ خَمْسٍ شَبَابَكَ قَبْلَ هَرَمِكَ وَصِحَّتَكَ قَبْلَ سَقَمِكَ وَغِنَاكَ قَبْلَ فَقْرِكَ وَفَرَاغَكَ قَبْلَ شُغْلِكَ وَحَيٰوتَكَ قَبْلَ مَوْتِكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُرْسَلًا)

عمرو بن میمون اودی رض کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نصیحت فرماتے ہوئے کہا پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت شمار کرو۔ یعنی (۱) بڑھاپے سے پہلے جوانی کو (۲) بیماری سے پہلے صحت کو (۳) افلاس سے پہلے خوش حالی کو (۴) مشاغل سے پہلے فراغت کو (۵) موت سے پہلے زندگی کو۔ (ترمذی نے اسے مرسلاً روایت کیا ہے)

غنیمت کے موقعوں سے فائدہ نہ اٹھانا اپنے نقصان وخسران کا انتظار کرنا ہے

۴۹۴۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا يَنْتَظِرُ اَحَدُكُمْ اِلَّا غِنًى مُطْغِيًا اَوْ فَقْرًا مُنْسِيًا اَوْ مَرَضًا مُفْسِدًا اَوْ هَرَمًا مُفْنِدًا اَوْ مَوْتًا مُجْهِزًا اَوِ الدَّجَّالَ شَرُّ غَائِبٍ يُنْتَظَرُ اَوِ السَّاعَةَ اَدْهٰى وَاَمَرُّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے کوئی شخص دولت مندی اور تونگری کا انتظار کرتا رہتا ہے جو گنہگار کرنے والی ہے یا افلاس کا انتظار کرتا رہتا ہے جو خدا کو بھلا دینے والا ہے (دولت کی قدر نہ کرکے اس کو ضائع کر دینا گویا افلاس کا انتظار کرنا ہے) یا بیماری کا انتظار کرتا ہے (یعنی صحت کی قدر نہ کرنے کے سبب) جو بدن کو خراب وتباہ کر دینے والی ہے یا بڑھاپے کا انتظار کرتا ہے جو بدحواس وبے عقل بنا دیتا ہے یا موت کا انتظار کرتا رہتا ہے جو ناگہاں اور جلد آنے والی ہے یا دجال کا انتظار کرتا ہے جو بُرا اور غائب ہے اور جس کا انتظار کرتا رہتا ہے یا قیامت کا انتظار کرتا ہے جو سخت ترین اور تلخ ترین حوادث میں ہے (ترمذی۔ نسائی)

دنیا کی مذمت

۴۹۴۷ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اِنَّ الدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ وَمَلْعُوْنٌ مَا فِيْهَا اِلَّا ذِكْرُ اللّٰهِ وَمَا وَالَاهُ وَعَالِمٌ اَوْ مُتَعَلِّمٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خبردار ملعون ہے اور جو چیز دنیا کے اندر ہے وہ بھی ملعون ہے مگر ذکر الٰہی اور وہ چیز جس کو خدا پسند کرتا ہے اور عالم اور علم حاصل کرنے والا۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

دنیا کے بے وقعت ہونے کی دلیل

۴۹۴۸ وَعَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ مَا سَقٰى كَافِرًا مِّنْهَا شَرْبَةً۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت سہل بن سعد رض کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر دنیا خدا کی نظر میں مچھر کے پَر کی برابر بھی وقعت رکھتی تو وہ اس میں سے کافر کو ایک گھونٹ بھی نہ پلاتا۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ)

کمانے میں اتنا منہمک نہ ہو کہ خدا سے بھی غافل ہو جاؤ

۴۹۴۹ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت ابن مسعود رض کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَتَّخِذُوا الضَّيْعَةَ فَتَرْغَبُوا فِي الدُّنْيَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

ضیعت کو اپنے لئے ضروری و لازمی نہ جانو کہ وہ دنیا کی طرف رغبت کا سبب بن جائے۔ (ترمذی۔ بیہقی)

دنیا کی محبت آخرت کے نقصان کا سبب ہے

۴۹۵۰/۲۵ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ دُنْيَاهُ اَضَرَّ بِاٰخِرَتِهٖ وَمَنْ اَحَبَّ اٰخِرَتَهٗ اَضَرَّ بِدُنْيَاهُ فَاٰثِرُوْا مَا يَبْقٰى عَلٰى مَا يَفْنٰى۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)۔

حضرت ابی موسیٰ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص دنیا کو عزیز و محبوب رکھتا ہے (اس قدر عزیز رکھنا کہ خدا کی محبت پر غالب آجائے) وہ اپنی آخرت کو ضرر پہنچاتا ہے۔ اور جو شخص اپنی آخرت کو عزیز رکھتا ہے وہ اپنی دنیا کو ضرر پہنچاتا ہے۔ پس تم اس چیز کو اختیار کرلو جو باقی رہنے والی ہے اور فنا ہونے والی چیز کو چھوڑ دو۔ (احمد۔ بیہقی)

مال و زر کا غلام بن جانے والے پر حضورؐ کی لعنت

۴۹۵۱/۲۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لُعِنَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ وَلُعِنَ عَبْدُ الدِّرْهَمِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لعنت کی گئی ہے درہم و دینار کے بندہ پر۔ (ترمذی)

جاہ و مال کی حرص دین کے لئے نہایت نقصان دہ ہے

۴۹۵۲/۲۷ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ اُرْسِلَا فِيْ غَنَمٍ بِاَفْسَدَ لَهَا مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ وَالشَّرَفِ لِدِيْنِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

کعب بن مالکؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دو بھوکے بھیڑیے جن کو بکریوں میں چھوڑ دیا جائے اتنا نقصان نہیں پہنچاتے جتنا کہ انسان کی حرص جاہ و دولت، دین کو نقصان پہنچاتی ہے۔ (ترمذی۔ دارمی)

ضرورت سے زیادہ تعمیر پر روپیہ صرف کرنا لاحاصل چیز ہے

۴۹۵۳/۲۸ وَعَنْ خَبَّابٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَنْفَقَ مُؤْمِنٌ مِّنْ نَفَقَةٍ اِلَّا اُجِرَ فِيْهَا اِلَّا نَفَقَتَهٗ فِيْ هٰذَا التُّرَابِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت خبابؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسلمان جو کچھ (اپنی زندگی کو قائم رکھنے پر) خرچ کرتا ہے اس کو اس کا ثواب دیا جاتا ہے مگر اس خرچ پر جو اس مٹی میں کیا جائے (یعنی بلا ضرورت مکان بنانے میں ثواب نہیں ملتا)۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

۴۹۵۴/۲۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلنَّفَقَةُ كُلُّهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلَّا الْبِنَاءَ فَلَا خَيْرَ فِيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ قَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تمام مصارف زندگی راہِ خدا میں (خرچ کرنے کے برابر) ہیں مگر مکانوں اور عمارتوں پر (جو بلا ضرورت و حاجت بنائی جائیں) خرچ کرنا کہ اس میں کوئی نیکی اور ثواب نہیں ہے (ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث غریب ہے)

بلا ضرورت عمارت بنانے پر وعید

۴۹۵۵/۳۰ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں ایک روز نبی صلے اللہ علیہ وسلم باہر نکلے

خَرَجَ يَوْمًا وَّنَحْنُ مَعَهٗ فَرَاٰى قُبَّةً مُشْرِفَةً فَقَالَ مَا هٰذِهٖ قَالَ اَصْحٰبُهٗ هٰذِهٖ لِفُلَانٍ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَسَكَتَ وَحَمَلَهَا فِيْ نَفْسِهٖ حَتّٰى لَمَّا جَآءَ صَاحِبُهَا فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فِي النَّاسِ فَاَعْرَضَ عَنْهُ صَنَعَ ذٰلِكَ مِرَارًا حَتّٰى عَرَفَ الرَّجُلُ الْغَضَبَ فِيْهِ وَالْاِعْرَاضَ عَنْهُ فَشَكٰى ذٰلِكَ اِلٰى اَصْحٰبِهٖ وَقَالَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاُنْكِرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا خَرَجَ فَرَاٰى قُبَّتَكَ فَرَجَعَ الرَّجُلُ اِلٰى قُبَّتِهٖ فَهَدَمَهَا حَتّٰى سَوَّاهَا بِالْاَرْضِ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَلَمْ يَرَهَا قَالَ مَا فُعِلَتِ الْقُبَّةُ قَالُوْا شَكَا اِلَيْنَا صَاحِبُهَا اِعْرَاضَكَ فَاَخْبَرْنَاهُ فَهَدَمَهَا فَقَالَ اَمَا اِنَّ كُلَّ بِنَآءٍ وَّبَالٌ عَلٰى صَاحِبِهٖ اِلَّا مَا لَا يَعْنِيْ اِلَّا مَا لَا بُدَّ مِنْهُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

ہم آپ کے ساتھ تھے آپ نے (ایک مقام پر) بلند قبہ کو دیکھا اور تحقیر کے لہجہ میں فرمایا کیا ہے یہ گنبد۔ صحابہؓ نے عرض کیا یہ فلاں انصاری نے بنایا ہے۔ آپ (یہ سُنکر) خاموش رہے اور بات کو دل میں مخفی رکھا یہاں تک کہ گنبد بنانے والا آگیا اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا۔ آپ نے اس کی طرف سے مُنہ پھیر لیا کئی مرتبہ ایسا ہوا یعنی اس نے سلام کیا اور آپ نے مُنہ پھیر لیا یہانتک کہ اس شخص نے آپ کے چہرے پر غصّہ کے آثار محسوس کئے اور آپ کے منہ پھیر لینے سے آپ کی نفرت کو معلوم کرلیا اس نے صحابہؓ سے شکایت کی اور کہا خدا کی قسم میں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے آپ سے غضبناک پاتا ہوں۔ صحابہؓ نے عرض کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم ادھر تشریف لائے اور تیرے قبہ کو دیکھ کر غضبناک ہوگئے۔ پس وہ شخص قبہ کی طرف گیا اور اس کو گرادیا یہاں تک کہ زمین کے برابر کردیا۔ پھر (اس واقعہ کے بعد) ایک روز رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پھر ادھر تشریف لے گئے اور قبہ کو نہ پاکر فرمایا وہ گنبد کیا ہوا۔ صحابہ رضؓ نے عرض کیا قبہ بنانیوالے نے ہم سے آپ کی نفرت کی شکایت کی۔ ہم نے اس کو واقعہ سے آگاہ کردیا اور اس نے قبہ کو ڈھا دیا۔ آپ نے فرمایا خبردار! ہر عمارت اس کے بنانیوالے پر وبال ہے (یعنی موجبِ عذاب ہے) مگر وہ عمارت جس سے چارہ نہ ہو (یعنی جس کے بغیر زندگی گزارنا ممکن نہ ہو)۔ (ابوداؤد)

کفایت وقناعت کی نصیحت

۴۹۵۶/۳۱ وَعَنْ اَبِيْ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ عَهِدَ اِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا يَكْفِيْكَ مِنْ جَمِيْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَّمَرْكَبٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ بَعْضِ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ اَبِيْ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَدٍ بِالدَّالِ بَدَلَ التَّآءِ وَهُوَ تَصْحِيْفٌ)۔

حضرت ابی ہاشم رضؓ بن عتبہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا تمام اموالِ دنیا میں سے تیرے لئے ایک خادم اور خدا کی راہ میں سوار ہونے کے لئے ایک سواری کافی ہے۔ (احمد۔ ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ) اور مصابیح کے بعض نسخوں میں عُتبد "دال" کے ساتھ ہے۔ یہ تصحیف ہے۔

ضروریات زندگی کی مقدار کفایت اور اس پر انسان کا حق

۴۹۵۷/۳۲ وَعَنْ عُثْمَانَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ لِاِبْنِ اٰدَمَ حَقٌّ فِيْ سِوٰى هٰذِهِ الْخِصَالِ بَيْتٌ يَّسْكُنُهٗ وَثَوْبٌ يُّوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتَهٗ وَجِلْفُ الْخُبْزِ وَالْمَآءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عثمانؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان چیزوں کے سوا آدم کے بیٹے کا کسی چیز پر کوئی حق نہیں ہے (۱) رہنے کے لئے گھر (۲) تن ڈھانکنے کو کپڑا (۳) خشک روٹی (۴) اور پانی۔ (ترمذی)

خدا اور لوگوں کی نظر میں محبوب بننے کا طریقہ

۴۹۵۸/۳۳ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ اِذَا عَمِلْتُهٗ

حضرت سہل بن سعدؓ کہتے ہیں۔ ایک شخص نے حاضر ہوکر عرض کیا یا رسُول اللہ! مجھ کو کوئی ایسا عمل بتلائیے کہ میں جب اس کو کروں تو

اَحَبَّنِیَ اللّٰہُ وَ اَحَبَّنِیَ النَّاسُ قَالَ اِزْھَدْ فِی الدُّنْیَا یُحِبَّکَ اللّٰہُ وَ اِزْھَدْ فِیْمَا عِنْدَ النَّاسِ یُحِبَّکَ النَّاسُ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَ ابْنُ مَاجَۃَ)

خدا اور خدا کے بندے مجھ سے محبت کریں۔ آپ نے فرمایا دنیا کی طرف رغبت نہ کر خدا تجھ سے محبت کرے گا اور اس چیز کی خواہش نہ کر جو لوگوں کے پاس ہے (یعنی جاہ و دولت) لوگ تجھ سے محبت کریں گے۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

دنیا کے عیش و آرام سے حضورؐ کی بے رغبتی

۴۹۵۹/۳۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَامَ عَلٰی حَصِیْرٍ فَقَامَ وَقَدْ اَثَّرَ فِیْ جَسَدِہٖ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لَوْ اَمَرْتَنَا اَنْ نَبْسُطَ لَکَ وَ نَعْمَلَ فَقَالَ مَالِیْ وَ لِلدُّنْیَا وَمَا اَنَا وَ الدُّنْیَا کَرَاکِبٍ اِسْتَظَلَّ تَحْتَ شَجَرَۃٍ ثُمَّ رَاحَ وَ تَرَکَھَا۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِیُّ وَ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوریے پر سوئے سو کر اٹھے تو آپ کے جسم پر بوریے کے نشان تھے۔ ابن مسعودؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! اگر آپ ہم کو حکم دیدیتے تو ہم آپ کے لئے فرش بچھا دیتے اور کپڑے بنا دیتے۔ آپ نے فرمایا مجھ کو دنیا سے کیا مطلب، میری اور دنیا کی مثال ایسی ہے جیسا کہ کوئی سوار کسی درخت کے نیچے کھڑا ہو کر سایہ سے فائدہ اٹھالے اور پھر چل دے اور درخت کو اپنی جگہ چھوڑ جائے۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ)

قابلِ رشک زندگی

۴۹۶۰/۳۵ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَغْبَطُ اَوْلِیَائِیْ لَمُؤْمِنٌ خَفِیْفُ الْحَاذِ ذُوْ حَظٍّ مِنَ الصَّلٰوۃِ اَحْسَنَ عِبَادَۃَ رَبِّہٖ وَ اَطَاعَہٗ فِی السِّرِّ وَ کَانَ غَامِضًا فِی النَّاسِ لَا یُشَارُ اِلَیْہِ بِالْاَصَابِعِ وَکَانَ رِزْقُہٗ کَفَافًا فَصَبَرَ عَلٰی ذٰلِکَ ثُمَّ نَقَدَ بِیَدِہٖ فَقَالَ عُجِّلَتْ مَنِیَّتُہٗ قَلَّتْ بَوَاکِیْہِ قَلَّ تُرَاثُہٗ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِیُّ وَ ابْنُ مَاجَۃَ)۔

حضرت ابی امامہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میرے نزدیک میرے دوستوں میں قابلِ رشک وہ مومن ہے جو نہایت سبک ہو، دنیا کے مال اور خیال سے اور خوش نصیب ہو نماز کے اعتبار سے یعنی اپنے پروردگار کی عبادت خوبی کے ساتھ کرتا ہو اور مخفی طور پر اطاعتِ الٰہی میں مشغول ہو، لوگوں میں گمنام ہو اس کی طرف انگلیوں سے اشارہ نہ کیا جائے اس کی روزی صرف کفایت کی حد تک ہو اسی پر وہ صابر اور قانع ہو۔ یہ فرما کر آپ نے ایک چٹکی بجائی اور پھر فرمایا۔ جلدی کی گئی اس کی موت میں، کم ہیں اس کے رونے والے اور حقیر ہے میراث اس کی۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ)

دنیا سے آنحضرتؐ کی بے رغبتی

۴۹۶۱/۳۶ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَرَضَ عَلَیَّ رَبِّیْ لِیَجْعَلَ لِیْ بَطْحَاءَ مَکَّۃَ ذَھَبًا فَقُلْتُ لَا یَا رَبِّ وَلٰکِنْ اَشْبَعُ یَوْمًا فَاِذَا جُعْتُ تَضَرَّعْتُ اِلَیْکَ وَ ذَکَرْتُکَ وَ اِذَا شَبِعْتُ حَمِدْتُّکَ وَ شَکَرْتُکَ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابی امامہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ نے میرے سامنے اس بات کو پیش کیا کہ وہ میرے لئے مکہ کے سنگریزوں کو سونا بنا دے۔ میں نے عرض کیا نہیں۔ اے میرے پروردگار میں تو یہ چاہتا ہوں کہ ایک روز پیٹ بھر کر کھاؤں اور ایک روز بھوکا رہوں جب میں بھوکا رہوں تو تیری طرف عاجزی و زاری کروں اور تجھ کو یاد کروں اور جب پیٹ بھر کر کھاؤں تو تیری تعریف اور شکر کروں (احمد۔ ترمذی)

دنیا کی اصل نعمتیں

۴۹۶۲/۳۷ وَعَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ مِحْصَنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَصْبَحَ

حضرت عبید اللہ بن محصنؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اس حال میں صبح کرے کہ اپنی جان کی طرف سے بے

مِنْكُمْ اٰمِنًا فِيْ سِرْبِهٖ مُعَافًا فِيْ جَسَدِهٖ عِنْدَهٗ قُوْتُ يَوْمِهٖ فَكَاَنَّمَا حِيْزَتْ لَهُ الدُّنْيَا بِحَذَافِيْرِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)۔

خوف ہو، بدن درست ہو (یعنی دُکھ درد نہ ہو) ایک دن کے کھانے کا سامان اس کے پاس موجود ہو تو گویا اس کے لئے دنیا کی نعمتیں جمع کر دی گئی ہیں اور ساری دنیا اس کو دیدی گئی ہے۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)۔

کھانا زیادہ سے زیادہ کتنا کھایا جائے

۴۹۶۳/۳۸ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مَلَأَ اٰدَمِيٌّ وِعَاءً شَرًّا مِّنْ بَطْنٍ بِحَسْبِ ابْنِ اٰدَمَ اُكُلَاتٌ يُقِمْنَ صُلْبَهٗ فَاِنْ كَانَ لَا مَحَالَةَ فَثُلُثٌ طَعَامٌ وَثُلُثٌ شَرَابٌ وَثُلُثٌ لِنَفَسِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت مقدام بن معدی کرب رض کہتے ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے آدمی نے کوئی برتن پیٹ سے بدتر نہیں بھرا (جب کہ پیٹ کو بھرا جائے بلا تخصیص حلال و حرام اور اس کے نتیجے میں دینی و دنیاوی خرابیاں پیدا ہوں) آدمی کے لئے چند لقمے کافی ہیں جو اس کی کمر کو سیدھا رکھیں اور اگر پیٹ بھرنا ہی ضروری ہو تو چاہیئے کہ پیٹ کے تین حصے کرے ایک حصے میں کھانا دوسرے میں پانی اور تیسرا سانس کی آمد و رفت کے لئے۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

لمبی ڈکار لینے کی ممانعت

۴۹۶۴/۳۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَتَجَشَّأُ فَقَالَ اَقْصِرْ مِنْ جُشَائِكَ فَاِنَّ اَطْوَلَ النَّاسِ جُوْعًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَطْوَلُهُمْ شِبَعًا فِي الدُّنْيَا۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهٗ)

حضرت ابن عمر رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو ڈکار لیتے سُنا تو فرمایا اپنی ڈکار کو کوتاہ اور مختصر کر (یعنی ڈکار نہ لے) اس لئے کہ قیامت کے دن بڑی بھوک رکھنے والا وہ شخص ہوگا جو دنیا میں بہت زیادہ پیٹ بھرتا ہے۔ (شرح السنۃ۔ ترمذی)

مال و دولت ایک فتنہ ہے

۴۹۶۵/۴۰ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عِيَاضٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ فِتْنَةً وَفِتْنَةُ اُمَّتِيْ الْمَالُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت کعب بن عیاض رض کہتے ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے ہر قوم اور ہر امت کے لئے ایک فتنہ ہے (یعنی ہر قوم خدا کی طرف سے کسی چیز کے فتنہ میں ڈال کر آزمائی جاتی ہے) اور میری امت کا فتنہ (یعنی خدا کی آزمائش) مال ہے۔ (ترمذی)

جو مال دار صدقہ و خیرات کے ذریعہ آخرت کے لئے کچھ نہیں کرتے ان کے بارے میں وعید

۴۹۶۶/۴۱ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُجَاءُ بِابْنِ اٰدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كَاَنَّهٗ بَذَجٌ فَيُوْقَفُ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ لَهٗ اَعْطَيْتُكَ وَخَوَّلْتُكَ وَاَنْعَمْتُ عَلَيْكَ فَمَا صَنَعْتَ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ جَمَعْتُهٗ وَثَمَّرْتُهٗ وَتَرَكْتُهٗ اَكْثَرَ مَا كَانَ فَارْجِعْنِيْ اٰتِكَ بِهٖ كُلِّهٖ فَيَقُوْلُ لَهٗ اَرِنِيْ مَا قَدَّمْتَ فَيَقُوْلُ رَبِّ جَمَعْتُهٗ وَثَمَّرْتُهٗ

حضرت انس رض کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدم ع کا بیٹا قیامت کے دن (اس طرح) لایا جائیگا گویا کہ وہ بکری کا بچہ ہے پھر اس کو خدا کے رُوبرُو کھڑا کیا جائیگا خداوند تعالیٰ اس سے فرمائیگا میں نے تجھ کو زندگی عطا کی تھی۔ میں نے تجھ کو لونڈی غلام اور مال و دولت دیا تھا اور میں نے تجھ پر انعام کیا تھا (یعنی کتاب اور اپنے رسول ع تیری ہدایت کے لئے بھیجے تھے) تو نے کیا کام کئے؟ آدمی کہے گا۔ اے پروردگار! میں نے مال جمع کیا اس کو تجارت وغیرہ سے بڑھایا اور

وَتَرَكْتُهُ أَكْثَرَ مَا كَانَ فَارْجِعْنِي إِلَيْكَ بِهِ كُلِّهِ فَإِذَا عَبْدٌ لَمْ يُقَدِّمْ خَيْرًا فَيُمْضِي بِهِ إِلَى النَّارِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَضَعَّفَهُ)

سے زیادہ دنیا میں اس کو چھوڑ آیا جتنا کہ وہ تھا۔ مجھ کو دنیا میں پھر بھیجدے کہ میں اپنے سارے مال کو تیرے پاس لے آؤں (یعنی دنیا میں جا کر اس کو خیرات کر دوں) پھر خداوند تعالےٰ پوچھے گا کہ جو مال تو نے آگے بھیجدیا (یعنی آخرت کے لئے) اس کو دیکھا۔ وہ جواب میں کہے گا۔ اے پروردگار میں نے مال کو جمع کیا، بڑھایا اور اس سے زیادہ تعداد میں دنیا کے اندر چھوڑ آیا جتنا کہ وہ تھا۔ تو مجھ کو دنیا میں بھیجدے کہ میں اپنے سارے مال کو تیرے پاس لے آؤں۔ بالآخر وہ ایک ایسا بندہ ثابت ہوگا جس نے آخرت میں کچھ ذخیرہ نہ کیا ہوگا اور اس کو دوزخ کی طرف لے جایا جائے گا۔ (ترمذی نے اسے ضعیف کہا ہے)

ٹھنڈا پانی اور تندرستی خدا کی بڑی نعمت ہے

۴۹۶۷/۴۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَوَّلَ مَا يُسْأَلُ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ النَّعِيمِ أَنْ يُقَالَ لَهُ أَلَمْ نُصَحِّ جِسْمَكَ وَنُرْوِكَ مِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن بندہ سے نعمتوں کے متعلق جو پہلا سوال کیا جائیگا وہ یہ ہوگا۔ کیا ہم نے تجھ کو صحت عطا نہیں کی اور ٹھنڈے پانی سے تجھ کو سیراب نہیں کیا۔ (ترمذی)

وہ پانچ نعمتیں جن کے بارے میں قیامت کے دن جواب طلبی ہوگی

۴۹۶۸/۴۳ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَزُولُ قَدَمَا ابْنِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ خَمْسٍ عَنْ عُمُرِهِ فِيمَا أَفْنَاهُ وَعَنْ شَبَابِهِ فِيمَا أَبْلَاهُ وَعَنْ مَالِهِ مِنْ أَيْنَ اكْتَسَبَهُ وَفِيمَا أَنْفَقَهُ وَمَاذَا عَمِلَ فِيمَا عَلِمَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)۔

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن آدمی کے پاؤں جنبش تک نہ کر سکیں گے جبتک کہ اس سے یہ پانچ سوال دریافت نہ کر لیئے جائیں۔ اس سے پوچھا جائیگا کہ اپنی عمر کو اس نے کس کام میں صرف کیا۔ اپنی جوانی کس کام میں ختم کی۔ مال کیونکر کمایا اور کیونکر خرچ کیا اور جو علم حاصل کیا تھا اس کے مطابق کیا عمل کیا؟ (ترمذی)
اور ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث غریب ہے۔

فصل سوم

برتری محض تقویٰ سے حاصل ہو سکتی ہے رنگ و نسل سے نہیں

۴۹۶۹/۴۴ عَنْ أَبِي ذَرٍّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ إِنَّكَ لَسْتَ بِخَيْرٍ مِنْ أَحْمَرَ وَلَا أَسْوَدَ إِلَّا أَنْ تَفْضُلَهُ بِتَقْوًى (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا۔ تو سیاہ اور سرخ رنگ کے سبب بہتر نہیں ہے بلکہ ان میں سے ہر ایک کے ساتھ تقویٰ ہونا بھی ضروری ہے۔ (احمد)

دنیا سے زہد و بے رغبتی کی فضیلت

۴۹۷۰/۴۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا زَهِدَ عَبْدٌ فِي الدُّنْيَا إِلَّا أَنْبَتَ اللّٰهُ الْحِكْمَةَ فِي قَلْبِهِ وَأَنْطَقَ بِهَا لِسَانَهُ وَبَصَّرَهُ عَيْبَ الدُّنْيَا وَدَاءَهَا وَدَوَاءَهَا وَأَخْرَجَهُ مِنْهَا

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس بندے نے دنیا میں زہد اختیار کیا (یعنی دنیا سے بے پروائی برتی)، خداوند تعالیٰ نے اس کے دل میں حکمت پیدا کی اس کی زبان کو گویا کیا دنیا کے عیوب، دنیا کی بیماریاں اور ان بیماریوں کا علاج اس کو دکھایا۔ اور

سَالِمًا اِلٰی دَارِ السَّلَامِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

پھر اس کو دنیا کی سلامتی کے ساتھ دار السلام کی طرف لے گیا۔ (بیہقی)

صلاح و فلاح کا انحصار خلوص ایمان پر ہے

۴۹۷۱/۴۶ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اَخْلَصَ اللّٰهُ قَلْبَهٗ لِلْاِيْمَانِ وَجَعَلَ قَلْبَهٗ سَلِيْمًا وَّلِسَانَهٗ صَادِقًا وَّنَفْسَهٗ مُطْمَئِنَّةً وَخَلِيْقَتَهٗ مُسْتَقِيْمًا وَجَعَلَ اُذُنَهٗ مُسْتَمِعَةً وَعَيْنَهٗ نَاظِرَةً فَاَمَّا الْاُذُنُ فَقَمْعٌ وَّاَمَّا الْعَيْنُ فَمُقِرَّةٌ لِمَا يُوْعِي الْقَلْبُ وَقَدْ اَفْلَحَ مَنْ جَعَلَ قَلْبَهٗ وَاعِيًا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کے دل کو خداوند تعالیٰ نے ایمان کے لئے خالص و مخصوص کر لیا وہ فلاح پا گیا۔ خدا نے اس کے دل کو (حسد و نفاق کی آمیزش سے) سالم رکھا۔ اس کی زبان کو سچا بنایا اور نفس کو مطمئن، اس کی خلقت اور طبیعت کو مستقیم اور سیدھا رکھا۔ اس کے کانوں کو (سچی باتوں کا) سننے والا بنایا۔ اس کی آنکھوں کو دیکھنے والا کیا۔ بس کان تو قیف ہیں (کہ ان کے ذریعہ حق بات دل تک پہنچتی ہے) اور اس چیز کو قائم رکھنے والی ہے جس کو دل محفوظ رکھتا ہے اور البتہ اس شخص نے فلاح پائی جس کے دل کو حق بات کا محافظ بنایا گیا۔ (احمد)

کفار و فجار کو دنیاوی مال و دولت کا غنا گویا انہیں بتدریج عذاب تک پہنچانا ہے

۴۹۷۲/۴۷ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَاَيْتَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يُعْطِي الْعَبْدَ مِنَ الدُّنْيَا عَلٰى مَعَاصِيْهِ مَا يُحِبُّ فَاِنَّمَا هُوَ اِسْتِدْرَاجٌ ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى اِذَا فَرِحُوْا بِمَا اُوْتُوْا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ۝" (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عقبہ بن عامرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تو دیکھے کہ خداوند تعالیٰ بندہ کو باوجود اس کے گناہ کرنیکے دنیا کی محبوب ترین چیزیں عطا فرما رہا ہے تو سمجھ لے کہ یہ استدراج[1] ہے پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى اِذَا فَرِحُوْا بِمَا اُوْتُوْا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ۔ (یعنی جب کافر اس نصیحت کو بھول گئے جو اُن کو کی گئی تھی) تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے یہاں تک کہ جب وہ اس چیز پر جو ان کو دی گئی خوش ہوئے تو ہم نے ان کو اچانک پکڑ لیا اور وہ حیران رہ گئے۔ (احمد)

اہل زہد کی یہ شان نہیں ہے کہ قلیل مقدار میں بھی اپنے پاس دنیاوی مال رکھیں

۴۹۷۳/۴۸ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ تُوُفِّيَ وَتَرَكَ دِيْنَارًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيَّةٌ قَالَ ثُمَّ تُوُفِّيَ اٰخَرُ فَتَرَكَ دِيْنَارَيْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيَّتَانِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابی امامہؓ کہتے ہیں کہ اہل صُفّہ میں سے ایک آدمی نے وفات پائی اور ایک دینار چھوڑا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دینار ایک داغ ہے۔ ابو امامہؓ کہتے ہیں کہ کچھ دنوں بعد اصحاب صفہ میں سے ایک اور شخص نے وفات پائی اُس نے دو دینار چھوڑے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دو دینار دو داغ ہیں۔

---

[1] استدراج، درجہ بدرجہ لے جانا یعنی خداوند تعالیٰ اس کو مہلت دیتا ہے اور بتدریج عذاب کی طرف پہنچاتا ہے۔ جب اُس کے معاصی آخری حد پر پہنچ جائیں گے، عذاب میں مبتلا کر دے گا۔ مترجم

دنیاوی مال واسباب جمع کرنے سے گریز کرو

۴۹۷۴/۴۹ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ اَنَّهٗ دَخَلَ عَلٰى خَالِهٖ اَبِيْ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ يَعُوْدُهٗ فَبَكٰى اَبُوْ هَاشِمٍ فَقَالَ مَا يُبْكِيْكَ يَا خَالِ اَوَجَعٌ يُشْغِلُكَ اَمْ حِرْصٌ عَلَى الدُّنْيَا قَالَ كَلَّا وَلٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَيْنَا عَهْدًا لَمْ اٰخُذْ بِهٖ قَالَ وَمَا ذٰلِكَ قَالَ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ اِنَّمَا يَكْفِيْكَ مِنْ جَمْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَّمَرْكَبٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاِنِّيْ اَرَانِيْ قَدْ جَمَعْتُ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت معاویہ رضؓ کہتے ہیں کہ وہ اپنے ماموں ابی ہاشم بن عتبہ کے پاس ان کی عیادت کو گئے۔ ابو ہاشم (ان کو دیکھ کر) رونے لگے معاویہؓ نے کہا ماموں! کیوں روتے ہو؟ بیماری نے تم کو اضطراب میں مبتلا کیا ہے یا دنیا کی حرص نے۔ ابو ہاشم نے کہا ان میں سے کوئی بات نہیں ہے بلکہ اضطراب کا باعث یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو ایک وصیت کی تھی جس پر میں عمل نہ کر سکا۔ معاویہؓ نے پوچھا وہ وصیت کیا تھی؟ ابو ہاشم نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ تجھ کو مال جمع کرنے میں صرف ایک خادم اور خدا کی راہ میں لڑنے کے لئے ایک سواری کافی ہے اور میرا خیال ہے کہ میں نے مال کو جمع کیا ہے (یعنی آپ کی وصیت سے زیادہ مال جمع کیا ہے۔ (احمد۔ ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

آخرت کی دشوار گزار راہ سے آسانی کے ساتھ گزرنا چاہتے ہو تو مال و دولت جمع نہ کرو

۴۹۷۵/۵۰ وَعَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ قَالَتْ قُلْتُ لِاَبِي الدَّرْدَاءِ مَالَكَ لَا تَطْلُبُ كَمَا يَطْلُبُ فُلَانٌ فَقَالَ اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اَمَامَكُمْ عَقَبَةً كَئُوْدًا لَا يَجُوْزُهَا الْمُثْقَلُوْنَ فَاُحِبُّ اَنْ اُخَفَّفَ لِتِلْكَ الْعَقَبَةِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت اُمّ درداء رضؓ کہتی ہیں۔ میں نے ابو درداء رضؓ سے کہا۔ تم کو کیا ہوا کہ تم مال و منصب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے طلب نہیں کرتے جیسا کہ فلاں اور فلاں مانگتا ہے۔ ابو درداء رضؓ نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ تمہارے سامنے ایک دشوار گزار گھاٹی ہے اس سے وہ لوگ نہیں گزر سکتے جو گراں بار ہیں اس لئے میں یہ پسند کرتا ہوں کہ اس گھاٹی پر چڑھنے کے لئے ہلکا رہوں اور دولت و منصب حاصل کر کے گراں بار نہ بنوں۔ (بیہقی)

دنیاداری سے اجتناب کرو

۴۹۷۶/۵۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مِنْ اَحَدٍ يَمْشِيْ عَلَى الْمَاءِ اِلَّا ابْتَلَّتْ قَدَمَاهُ قَالُوْا لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كَذٰلِكَ صَاحِبُ الدُّنْيَا لَا يَسْلَمُ مِنَ الذُّنُوْبِ۔

(رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، کیا کوئی شخص پانی پر اس طرح چلتا ہے کہ اس کے پاؤں تر نہ ہوں؟ صحابہؓ نے عرض کیا نہیں یا رسول اللہ ﷺ۔ آپ نے فرمایا یہی حال دنیادار کا ہے کہ، گناہوں سے محفوظ نہیں رہتا۔ (بیہقی)

اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کو دنیوی امور سے اجتناب اور اخروی امور میں انہماک کا حکم

۴۹۷۷/۵۲ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنْ اَجْمَعَ الْمَالَ وَاَكُوْنَ مِنَ التَّاجِرِيْنَ وَلٰكِنْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنْ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ

جبیر بن نفیر رضؓ مرسلاً روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مجھ کو وحی کے ذریعہ یہ حکم نہیں دیا گیا کہ میں مال کو جمع کروں یا تجارت کروں بلکہ یہ وحی کی گئی ہے کہ تو اپنے پروردگار کی حمد کی تسبیح کر، سجدہ کرنے والوں میں ہو اور اپنے پروردگار کی عبادت کر حتیٰ کہ تجھ کو موت آئے۔

السُّنَّةِ وَ اَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ عَنْ اَبِيْ مُسْلِمٍ۔) (شرح السنۃ)

امور خیر کی نیت سے دنیا حاصل کرنے کی فضیلت

۴۹۷۸/۵۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ طَلَبَ الدُّنْيَا حَلَالًا اِسْتِعْفَافًا عَنِ الْمَسْئَلَةِ وَسَعْيًا عَلٰى اَهْلِهٖ وَتَعَطُّفًا عَلٰى جَارِهٖ لَقِيَ اللّٰهَ تَعَالٰى يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَوَجْهُهٗ مِثْلُ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَمَنْ طَلَبَ الدُّنْيَا حَلَالًا مُّكَاثِرًا مُّفَاخِرًا مُّرَآئِيًا لَقِيَ اللّٰهَ تَعَالٰى وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَ اَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص جائز طریقے پر مادی وسائل حاصل کرے سوال کی ذلت سے بچے، اہل وعیال پر خرچ کرنے اور ہمسایہ کے ساتھ احسان کرنے کی نیت سے قیامت کے دن وہ اللہ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی مانند چمکتا ہوگا اور جو شخص جائز طریقہ پر دنیا کو حاصل کرے، مال جمع کرے اظہار فخر وریا کی غرض سے، وہ خداوند تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ اللہ تعالیٰ اس پر غضبناک ہوگا۔ (بیہقی و ابونعیم)

خیر وشر کے خزانے اور ان کی کنجی

۴۹۷۹/۵۴ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ هٰذَا الْخَيْرَ خَزَائِنُ لِتِلْكَ الْخَزَائِنِ مَفَاتِيْحُ فَطُوْبٰى لِعَبْدٍ جَعَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى مِفْتَاحًا لِّلْخَيْرِ مِغْلَاقًا لِّلشَّرِّ وَوَيْلٌ لِّعَبْدٍ جَعَلَ اللّٰهُ مِفْتَاحًا لِّلشَّرِّ مِغْلَاقًا لِّلْخَيْرِ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ) (ابن ماجہ)

حضرت سہل بن سعد رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ یہ خیر یعنی مال کثیر (گویا) خزانے ہیں اور ان خزانوں کی کنجیاں ہیں پس اس بندہ کو خوشخبری ہو جس کو خداوند تعالیٰ نے خیر کے کھولنے اور شر کو بند کرنے کی کنجی بنایا ہے اور اس بندہ کو ہلاکت ہو جس کو خدا نے شر کو کھولنے اور خیر کو بند کرنے کی کنجی بنایا ہے۔

ضرورت سے زیادہ عمارت بنانے میں وعید

۴۹۸۰/۵۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَمْ يُبَارَكْ لِلْعَبْدِ فِيْ مَالِهٖ جَعَلَهٗ فِي الْمَآءِ وَ الطِّيْنِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب بندہ کے مال میں برکت نہ دی جائے تو وہ اس کو پانی اور مٹی میں خرچ کر دیتا ہے۔ (بیہقی)

۴۹۸۱/۵۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اتَّقُوا الْحَرَامَ فِي الْبُنْيَانِ فَاِنَّهٗ اَسَاسُ الْخَرَابِ (رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ حرام مال کو عمارتوں میں لگانے سے اپنے آپ کو بچاؤ۔ عمارتوں میں حرام مال کا لگانا بنیاد کی خرابی ہے۔ (بیہقی)

مال و دولت جمع کرنا بے عقلی ہے

۴۹۸۲/۵۷ وَعَنْ عَائِشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلدُّنْيَا دَارُ مَنْ لَّا دَارَ لَهٗ وَمَالُ مَنْ لَّا مَالَ لَهٗ وَلَهَا يَجْمَعُ مَنْ لَّا عَقْلَ لَهٗ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، دنیا اس شخص کا گھر ہے جس کا (آخرت میں) گھر نہیں اور مال اس شخص کا ہے جس کا آخرت میں مال نہیں۔ اور مال وہی شخص جمع کرتا ہے جس میں عقل نہیں۔ (احمد۔ بیہقی)

شراب تمام برائیوں کی جڑ ہے

۴۹۸۳/۵۸ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ

حضرت حذیفہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ایک

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ خُطْبَتِهٖ اَلْخَمْرُ جِمَاعُ الْاِثْمِ وَالنِّسَاءُ حَبَائِلُ الشَّيْطٰنِ وَحُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ قَالَ وَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ اُخِّرُوا الْمِنْسَاءَ حَيْثُ اَخَّرَهُنَّ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ مِنْهُ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنِ الْحَسَنِ مُرْسَلًا حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ۔

خطبہ میں یہ فرماتے سُنا ہے شراب پینا گناہوں کا مجموعہ اور عورتیں شیطان کے جال ہیں اور دنیا کی محبت ہر گناہ کا سر ہے۔ حذیفہ رض کا بیان ہے کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے، پیچھے ڈالو عورتوں کو جیسا کہ خدا نے ان کو پیچھے ڈالا ہے (یعنی قرآن مجید میں ان کا ذکر مردوں کے بعد کیا ہے) (رزین) اور شعب الایمان میں بیہقی نے حسن سے مرسلاً روایت کیا کہ دنیا کی محبت تمام گناہوں کی جڑ ہے۔

دو خوفناک چیزوں کا ذکر

۴۹۸۴/۵۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَخَافُ عَلٰى اُمَّتِيْ اَلْهَوٰى وَطُوْلُ الْاَمَلِ فَاَمَّا الْهَوٰى فَيَصُدُّ عَنِ الْحَقِّ وَاَمَّا طُوْلُ الْاَمَلِ فَيُنْسِي الْاٰخِرَةَ وَهٰذَا الدُّنْيَا مُرْتَحِلَةٌ ذَاهِبَةٌ وَهٰذِهِ الْاٰخِرَةُ مُرْتَحِلَةٌ قَادِمَةٌ وَلِكُلٍّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا بَنُوْنَ فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ لَّا تَكُوْنُوْا مِنْ بَنِي الدُّنْيَا فَافْعَلُوْا فَاِنَّكُمُ الْيَوْمَ فِيْ دَارِ الْعَمَلِ وَلَا حِسَابَ وَاَنْتُمْ غَدًا فِيْ دَارِ الْاٰخِرَةِ وَلَا عَمَلَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)۔

حضرت جابر رض کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دو چیزیں ہیں جن سے مجھ کو اپنی امت پر بڑا خوف ہے۔ ایک تو خواہش نفس دوسرے درازیٔ عمر کی آرزو۔ نفس کی خواہش حق بات قبول کرنے سے روکتی ہے اور درازیٔ عمر کی آرزو آخرت کو بھلا دیتی ہے اور یہ دنیا کوچ کرنیوالی جانیوالی ہے اور آخرت آگے بڑھنے والی اور آنیوالی ہے اور ان میں سے (یعنی دنیا و آخرت میں سے) ہر ایک کے بیٹے ہیں اگر تم سے یہ ہو سکے کہ تم دنیا کے بیٹے نہ بنو تو ایسا کرو، آج تم دار العمل (عمل کرنے کے مقام) میں ہو اور دنیا میں عمل کا حساب نہیں (لیا جاتا) لیکن کل تم آخرت کے گھر میں ہو گے جہاں عمل نہیں ہے۔ (بیہقی شعب الایمان)۔

دنیا عمل کی جگہ ہے

۴۹۸۵/۶۰ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ ارْتَحَلَتِ الدُّنْيَا مُدْبِرَةً وَّارْتَحَلَتِ الْاٰخِرَةُ مُقْبِلَةً وَّلِكُلٍّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا بَنُوْنَ فَكُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الْاٰخِرَةِ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الدُّنْيَا فَاِنَّ الْيَوْمَ عَمَلٌ وَّلَا حِسَابَ وَغَدًا حِسَابٌ وَّلَا عَمَلَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَرْجَمَةِ بَابٍ)

حضرت علی رض کہتے ہیں کہ دنیا کوچ کئے ہوئے پشت ادھر کئے ہوئے چلی جا رہی ہے اور آخرت منہ ادھر کئے ہوئے چلی آ رہی ہے اور ان میں سے ہر ایک کے بیٹے ہیں تم آخرت کے بیٹے بنو اور دنیا کے بیٹوں میں سے نہ ہو۔ آج عمل کا دن ہے اور کوئی حساب نہیں اور کل حساب کا دن ہے عمل کا نہیں۔ (بخاری)

دنیا غیر پائیدار متاع ہے

۴۹۸۶/۶۱ وَعَنْ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ يَوْمًا فَقَالَ فِيْ خُطْبَتِهٖ اَلَا اِنَّ الدُّنْيَا عَرَضٌ حَاضِرٌ يَّاْكُلُ مِنْهُ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ اَلَا وَاِنَّ الْاٰخِرَةَ اَجَلٌ صَادِقٌ يَّقْضِيْ فِيْهَا مَلِكٌ قَادِرٌ اَلَا وَاَنَّ الْخَيْرَ كُلَّهٗ بِحَذَافِيْرِهٖ فِي الْجَنَّةِ اَلَا وَاِنَّ الشَّرَّ كُلَّهٗ بِحَذَافِيْرِهٖ فِي النَّارِ اَلَا فَاعْمَلُوْا وَاَنْتُمْ مِّنَ اللّٰهِ عَلٰى حَذَرٍ وَاعْلَمُوْا اَنَّكُمْ مَعْرُوْضُوْنَ عَلٰى اَعْمَالِكُمْ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ

حضرت عمر رض کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز خطبہ دیا اور فرمایا خبردار! دنیا ایک غیر قائم پونجی ہے اس میں سے نیک بھی کھاتا ہے اور بد بھی اور آخرت ایک مدت ہے سچی یعنی مستحق و ثابت آخرت میں ہر قسم کی قدرت رکھنے والا بادشاہ حکم اور فیصلہ کرے گا۔ خبردار تمام بھلائیاں اپنی انواع و اقسام کے ساتھ جنت میں ہیں۔ خبردار! تمام برائیاں اپنی انواع و اقسام کے ساتھ دوزخ میں ہیں۔ پس تم عمل کرو اور خدا سے ڈرتے رہو اور اس بات کو یاد رکھو کہ تم کو تمہارے اعمال کے ساتھ خدا کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ پس جو شخص ذرہ برابر نیک کام کرتا ہے وہ اس

شَرًّا يَرَهٗ۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ)

کی جزا پائے گا اور جو شخص ذرہ برابر بُرا کام کرتا ہے وہ اس کی سزا پائیگا۔ (شافعی)

۴۹۸۷/۶۲ وَعَنْ شَدَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ الدُّنْيَا عَرَضٌ حَاضِرٌ يَاْكُلُ مِنْهَا الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ وَاِنَّ الْاٰخِرَةَ وَعْدٌ صَادِقٌ يَحْكُمُ فِيْهَا مَلِكٌ عَادِلٌ قَادِرٌ يُحِقُّ فِيْهَا الْحَقَّ وَيُبْطِلُ الْبَاطِلَ كُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الْاٰخِرَةِ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الدُّنْيَا فَاِنَّ كُلَّ اُمٍّ يَتْبَعُهَا وَلَدُهَا۔ (رَوَاهُمَا اَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ)

حضرت شدّاد کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے۔ لوگو! دنیا ایک غیر قائم متاع ہے جس میں سے نیک اور بد دونوں کھاتے ہیں اور آخرت ایک سچا وعدہ ہے جس میں عادل اور قادر بادشاہ حکم اور فیصلہ کرے گا (وہ اپنے حکم اور فیصلہ میں) حق کو ثابت کرے گا، اور باطل کو مٹا دے گا۔ تم آخرت کے بیٹے بنو اور دنیا کے بیٹے نہ بنو اس لئے کہ ہر ماں کا بیٹا اس کا تابع ہوتا ہے۔ (ابونعیم)

تھوڑا مال بہتر ہوتا ہے

۴۹۸۸/۶۳ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ اِلَّا وَبِجَنْبَتَيْهَا مَلَكَانِ يُنَادِيَانِ يُسْمِعَانِ الْخَلَائِقَ غَيْرَ الثَّقَلَيْنِ يَا اَيُّهَا النَّاسُ هَلُمُّوْا اِلٰى رَبِّكُمْ مَا قَلَّ وَكَفٰى خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَاَلْهٰى۔ (رَوَاهُمَا اَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ)

حضرت ابودرداءؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب آفتاب طلوع ہوتا ہے تو اس کے دونوں پہلوؤں میں دو فرشتے ہیں جو پکارتے اور مخلوقات کو سُناتے ہیں۔ اُن کے پکارنے کی آواز کو ساری مخلوق سنتی ہے مگر جنّ اور انسان نہیں سُنتے۔ وہ یہ اعلان کرتے ہیں کہ، لوگو! اپنے پروردگار کے حکم کی طرف رجوع کرو اور اس بات کو جان لو کہ جو مال کم ہو اور کافی ہو وہ اُس مال سے بہتر ہے جو زیادہ ہو اور لہو و لعب میں ڈالے (یعنی خدا کی عبادت سے باز رکھے۔) (ابونعیم)

دنیاوی مال و متاع کے تئیں انسان کی حرص

۴۹۸۹/۶۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهٖ قَالَ اِذَا مَاتَ الْمَيِّتُ قَالَتِ الْمَلٰئِكَةُ مَا قَدَّمَ وَقَالَ بَنُوْ اٰدَمَ مَا خَلَّفَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں اور اس حدیث کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم تک پہنچاتے ہیں کہ جب آدمی مرتا ہے تو فرشتے پوچھتے ہیں (اس نے) آخرت کے لئے کیا بھیجا۔ اور آدمی یہ کہتے ہیں کہ (اس نے) کیا چھوڑا؟ (بیہقی)

آخرت قریب ہے

۴۹۹۰/۶۵ وَعَنْ مَالِكٍ اَنَّ لُقْمَانَ قَالَ لِاِبْنِهٖ يَا بُنَيَّ اِنَّ النَّاسَ قَدْ تَطَاوَلَ عَلَيْهِمْ مَا يُوْعَدُوْنَ وَهُمْ اِلَى الْاٰخِرَةِ سِرَاعًا يَذْهَبُوْنَ وَاَنَّكَ قَدِ اسْتَدْبَرْتَ الدُّنْيَا مُنْذُ كُنْتَ وَاسْتَقْبَلْتَ الْاٰخِرَةَ وَاِنَّ دَارًا تُسِيْرُ اِلَيْهَا اَقْرَبُ اِلَيْكَ مِنْ دَارٍ تَخْرُجُ مِنْهَا۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

مالک کہتے ہیں کہ لقمانؑ نے اپنے بیٹے سے کہا: بیٹا! جس چیز کا وعدہ لوگوں سے کیا گیا ہے (یعنی مُردوں کو دوبارہ زندہ کر کے اُٹھایا جانا، حساب اور جزا و سزا وغیرہ) اس پر بڑی مدّت گزر چکی ہے (یعنی آفرینشِ دنیا سے آج کے دن تک) حالانکہ لوگ آخرت کی طرف تیزی سے چلے جا رہے ہیں۔ اور اے بیٹا! جس روز سے کہ تو پیدا ہوا ہے دنیا کو پیچھے چھوڑتا چلا آتا ہے اور آخرت کی طرف بڑھتا چلا جاتا ہے۔ اور وہ گھر جس کی طرف تو جا رہا ہے زیادہ قریب ہے تجھ سے بمقابلہ اس گھر کے جس سے تو جا رہا ہے۔ (رزین)

بہتر انسان کون ہے

۴۹۹۱/۶۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ قِيْلَ لِرَسُوْلِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّ النَّاسِ اَفْضَلُ قَالَ کُلُّ مَخْمُوْمِ الْقَلْبِ صَدُوْقِ اللِّسَانِ قَالُوْا صَدُوْقُ اللِّسَانِ نَعْرِفُہٗ فَمَا مَخْمُوْمُ الْقَلْبِ قَالَ ھُوَ النَّقِیُّ التَّقِیُّ لَا اِثْمَ عَلَیْہِ وَلَا بَغْیَ وَلَا غِلَّ وَلَا حَسَدَ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

سے پوچھا گیا۔ کون شخص بہتر ہے؟ آپ نے فرمایا مخموم دل کا اور سچا زبان کا۔ صحابہ رضؓ نے عرض کیا زبان کے سچے کو تو ہم جانتے ہیں، مخموم دل سے کیا مراد ہے؟ آپ نے فرمایا مخموم دل وہ ہے جو پاک ہو پرہیزگار ہو کوئی گناہ اس میں نہ ہو ظلم نہ کیا ہو حد سے نہ گزرا ہو اور حسد اس میں نہ ہو (ابن ماجہ۔ بیہقی)

وہ چار باتیں جو دنیا کے نفع و نقصان سے بے پروا بناتی ہیں

۴۹۹۲ وَعَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعٌ اِذَا کُنَّ فِیْکَ فَلَا عَلَیْکَ مَا فَاتَکَ الدُّنْیَا حِفْظُ اَمَانَۃٍ وَّصِدْقُ حَدِیْثٍ وَحُسْنُ خَلِیْقَۃٍ وَعِفَّۃٌ فِیْ طُعْمَۃٍ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)۔ ۶۷

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے چار باتیں ہیں اگر وہ تجھ میں پائی جائیں تو دنیا کے فوت ہونے کا پھر کوئی غم نہیں ہے ایک تو امانت کی حفاظت کرنا دوسرے سچی بات کہنا تیسرے اخلاق کا اچھا ہونا چوتھے کھانے میں احتیاط و پرہیزگاری۔ (احمد۔ بیہقی)

راست گفتاری و نیک کرداری کی اہمیت

۴۹۹۳ وَعَنْ مَالِکٍ قَالَ بَلَغَنِیْ اَنَّہٗ قِیْلَ لِلُقْمَانَ الْحَکِیْمِ مَا بَلَغَ بِکَ مَا نَرٰی یَعْنِی الْفَضْلَ قَالَ صِدْقُ الْحَدِیْثِ وَاَدَاءُ الْاَمَانَۃِ وَتَرْکُ مَا لَا یَعْنِیْنِیْ۔ (رَوَاہُ فِی الْمُوَطَّاِ) ۶۸

امام مالک رح کہتے ہیں مجھ کو معلوم ہوا کہ لقمان حکیم سے پوچھا گیا کہ جس مرتبہ پر ہم تم کو دیکھ رہے ہیں کس چیز نے تم کو اس پر پہنچایا (یعنی تم میں یہ خوبیاں کیوں کر پیدا ہوئیں) لقمان نے کہا زبان کی سچائی نے (یعنی سچ بولنے نے) اور امانت نے اور فضول و بے فائدہ چیزوں کے ترک کر دینے نے۔ (موطا)

قیامت کے دن بندوں کے حق میں نیک اعمال کی شفاعت؛

۴۹۹۴ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَجِیْءُ الْاَعْمَالُ فَتَجِیْءُ الصَّلٰوۃُ فَتَقُوْلُ یَا رَبِّ اَنَا الصَّلٰوۃُ فَیَقُوْلُ اِنَّکِ عَلٰی خَیْرٍ فَتَجِیْءُ الصَّدَقَۃُ فَتَقُوْلُ یَا رَبِّ اَنَا الصَّدَقَۃُ فَیَقُوْلُ اِنَّکِ عَلٰی خَیْرٍ ثُمَّ تَجِیْءُ الصِّیَامُ فَیَقُوْلُ یَا رَبِّ اَنَا الصِّیَامُ فَیَقُوْلُ اِنَّکَ عَلٰی خَیْرٍ ثُمَّ تَجِیْءُ الْاَعْمَالُ عَلٰی ذٰلِکَ یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی اِنَّکَ عَلٰی خَیْرٍ ثُمَّ تَجِیْءُ الْاِسْلَامُ فَیَقُوْلُ یَا رَبِّ اَنْتَ السَّلَامُ وَاَنَا الْاِسْلَامُ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی اِنَّکَ عَلٰی خَیْرٍ بِکَ الْیَوْمَ اٰخُذُ وَبِکَ اُعْطِیْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ کِتَابِہٖ وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ تُقْبَلَ مِنْہُ وَھُوَ فِی الْاٰخِرَۃِ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۶۹

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اعمال آئیں گے (یعنی خداوند بزرگ و برتر کے حضور میں) پس آئے گی نماز (سب سے پہلے) اور کہے گی اے پروردگار! میں نماز ہوں۔ خداوند تعالیٰ فرمائے گا تو بھلائی پر ہے پھر روزے آئیں گے اور کہیں گے اے رب! ہم روزے ہیں۔ خدا کہے گا تم بھلائی پر ہو۔ پھر اور اعمال آئیں گے (یعنی حج، زکوٰۃ و جہاد وغیرہ) اور اسی طرح اپنے آپ کو بتائیں گے اور اللہ تعالیٰ جواب میں فرمائیگا تم بھلائی پر ہو۔ پھر اسلام آئے گا اور کہے گا: اے پروردگار! تیرا نام سلام ہے اور میں اسلام ہوں۔ اللہ تعالیٰ فرمائیگا تو بیشک بھلائی پر ہے تیری ہی وجہ سے آج میں مواخذہ کروں گا اور تیرے ہی سبب دونگا (یعنی مواخذہ کروں گا عذاب کے ساتھ اور عطا کرونگا ثواب) جیسا کہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں فرماتا ہے وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْہُ وَھُوَ فِی الْاٰخِرَۃِ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ یعنی جو شخص اسلام کے سوا کسی دین کو طلب کرے اس سے وہ دین ہرگز قبول نہ کیا جائیگا اور وہ آخرت میں ٹوٹا پانے والوں میں سے ہے۔ (احمد

دنیا کی طرف مائل کرنے والی چیزوں کو چھوڑ دو

۴۹۹۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ لَنَا سِتْرٌ فِيهِ تَمَاثِيلُ طَيْرٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ حَوِّلِيهِ فَإِنِّي إِذَا رَأَيْتُهُ ذَكَرْتُ الدُّنْيَا۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں ہمارے ہاں ایک پردہ تھا جس پر پرندوں کی تصویریں تھیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے (اس کو دیکھ کر) فرمایا عائشہ رضؓ! اس کو بدل دو۔ اس لئے کہ جب میں اس کو دیکھتا ہوں دنیا یاد آجاتی ہے۔ (احمد)

چند انمول نصائح

۴۹۹۶ وَعَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عِظْنِي وَأَوْجِزْ فَقَالَ إِذَا قُمْتَ فِي صَلٰوتِكَ فَصَلِّ صَلٰوةَ مُوَدِّعٍ وَلَا تَكَلَّمْ بِكَلَامٍ تَعْتَذِرُ مِنْهُ غَدًا وَاجْمَعِ الْإِيَاسَ مِمَّا فِي أَيْدِي النَّاسِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت ابو ایوب انصاری رضؓ کہتے ہیں ایک شخص نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ مجھ کو نصیحت فرمائیے مگر مختصر۔ آپ نے فرمایا جب تو نماز پڑھے تو اس کی سی نماز پڑھ جو خدا کے سوا سب کو چھوڑ دینے والا ہے۔ کوئی ایسی بات زبان سے نہ نکال جس پر کل قیامت کو تجھے عذر خواہی کرنی پڑے اور جو چیز لوگوں کے ہاتھوں میں ہے، اس سے ناامید ہو جانے کا پختہ ارادہ کر لے۔ (احمد)

پرہیزگاری کی فضیلت

۴۹۹۷ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ لَمَّا بَعَثَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْيَمَنِ خَرَجَ مَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوصِيهِ وَمُعَاذٌ رَاكِبٌ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي تَحْتَ رَاحِلَتِهِ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ يَا مُعَاذُ إِنَّكَ عَسَى أَنْ لَا تَلْقَانِي بَعْدَ عَامِي هٰذَا وَلَعَلَّكَ أَنْ تَمُرَّ بِمَسْجِدِي هٰذَا وَقَبْرِي فَبَكَى مُعَاذٌ جَشَعًا لِفِرَاقِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ الْتَفَتَ فَأَقْبَلَ بِوَجْهِهِ نَحْوَ الْمَدِينَةِ فَقَالَ إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِي الْمُتَّقُونَ مَنْ كَانُوا وَحَيْثُ كَانُوا۔ (رَوَى الْأَحَادِيثَ الْأَرْبَعَةَ أَحْمَدُ)

حضرت معاذ بن جبل رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب ان کو یمن روانہ فرمایا تو آپ ان کو نصیحتیں کرتے ہوئے ساتھ ساتھ چلے۔ معاذ اپنی سواری پر چل رہے تھے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پیدل تھے جب آپ نصائح اور ہدایات سے فارغ ہو گئے تو آپ نے فرمایا معاذ اس سال کے بعد شاید تو مجھ سے ملاقات نہ کر سکے اور ممکن ہے تو میری اس مسجد اور قبر سے گزرے۔ یہ سنکر معاذ رضؓ رو پڑے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے فراق کے غم میں بہت روئے۔ اس کے بعد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منہ پھیرا اور مدینہ کی طرف رخ کر کے فرمایا۔ مجھ سے قریب تر وہ لوگ ہیں جو پرہیزگار ہیں خواہ وہ کوئی ہوں (یعنی کسی ملک، کسی قوم، کسی رنگ اور کوئی بھی زبان بولنے والے ہوں) (امام احمد)

شرح صدر کی علامات

۴۹۹۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ تَلَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ يُرِدِ اللّٰهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ النُّورَ إِذَا دَخَلَ الصَّدْرَ انْفَسَحَ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ لِتِلْكَ مِنْ عَلَمٍ يُعْرَفُ بِهِ قَالَ نَعَمِ التَّجَافِي عَنْ دَارِ الْغُرُورِ وَالْإِنَابَةُ إِلَى

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی فَمَنْ يُرِدِ اللّٰهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ (یعنی اللہ تعالیٰ جس شخص کی ہدایت کا ارادہ کرتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لئے کشادہ کر دیتا ہے) پھر فرمایا جب نور سینہ کے اندر داخل ہوتا ہے تو سینہ فراخ اور کشادہ ہو جاتا ہے) پوچھا گیا یا رسول اللہ کیا اس حالت کی کوئی علامت جس سے اس کی شناخت کی جا سکے؟ آپ نے فرمایا ہاں، اور وہ نشانی غرور کے گھر (یعنی دنیا)

دَارِ الْخُلُوْدِ وَ الْاِسْتِعْدَادِ لِلْمَوْتِ قَبْلَ نُزُوْلِهٖ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

سے دور ہونا آخرت کی طرف رجوع کرنا اور مرنے سے پہلے مرنے کے لئے تیار ہو جانا ہے۔ (بیہقی)

حکمت و دانائی کیسے عطا ہوتی ہے

۴۹۹۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَ اَبِیْ خَلَّادٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ اِذَا رَاَيْتُمُ الْعَبْدَ يُعْطٰى زُهْدًا فِی الدُّنْيَا وَقِلَّةَ مَنْطِقٍ فَاقْتَرِبُوْا مِنْهُ فَاِنَّهٗ يُلَقَّى الْحِكْمَةَ۔ (رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت ابوخلادؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تم دیکھو کہ کسی بندہ کو دنیا میں زہد (یعنی دنیا سے بے رغبتی اور نفرت ہی) اور کم گوئی عطا کی گئی ہے تو اس سے قربت حاصل کرو، اس لئے کہ اس کو حکمت سکھائی گئی اور دی گئی ہے۔ (بیہقی)

فَصْلُ الْفُقَرَاءِ وَمَا كَانَ مِنْ عَيْشِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فقرا کی فضیلت اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی معاشرت کا بیان

فصل اوّل

افلاس اور خستہ حالی کی فضیلت

۵۰۰۰/۱ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُبَّ اَشْعَثَ مَدْفُوْعٍ بِالْاَبْوَابِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، بہت سے لوگ ایسے ہیں جو بے حد پریشان غبار آلود ہیں اور جن کو دروازہ سے دھکے دے کر نکالا جاتا ہے۔ اگر وہ خدا کی قسم کھائیں تو خدا تعالیٰ ان کی قسم کو پورا کر دے۔ (مسلم)

ملت کے حقیقی خیر خواہ و پشت پناہ غریب و ناتواں مسلمان ہیں

۵۰۰۱/۲ وَعَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ رَاٰی سَعْدٌ اَنَّ لَهٗ فَضْلًا عَلٰى مَنْ دُوْنَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تُنْصَرُوْنَ وَتُرْزَقُوْنَ اِلَّا بِضُعَفَائِكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

مصعبؓ بن سعد کہتے ہیں کہ سعد نے اپنی نسبت یہ گمان کیا کہ ان کو اپنے سے کمتر پر فضیلت حاصل ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے گمان کو توڑنے کے لئے فرمایا تم کو (دشمنانِ اسلام کے مقابلہ میں) مدد نہیں دی جاتی اور تم کو رزق نہیں دیا جاتا مگر تمہارے انھیں کمزوروں اور فقیروں کی دعا کی برکت سے۔ (بخاری)

غریب و نادار مسلمانوں کو جنت کی بشارت

۵۰۰۲/۳ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْتُ عَلٰى بَابِ الْجَنَّةِ فَكَانَ عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِيْنُ وَاَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوْسُوْنَ غَيْرَ اَنَّ اَصْحَابَ النَّارِ قَدْ اُمِرَ بِهِمْ اِلَى النَّارِ وَقُمْتُ عَلٰى بَابِ النَّارِ فَاِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَآءُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اُسامہ بن زید رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا (یعنی شب معراج میں یا خواب میں) جو لوگ جنت میں داخل ہوئے میں نے ان میں زیادہ تعداد غریبوں کی دیکھی اور دولت مندوں کو دیکھا کہ ان کو میدانِ قیامت میں روک لیا گیا ہے لیکن دوزخیوں (یعنی کافروں) کو دوزخ کی طرف لے جانے کا حکم دیدیا گیا ہے۔ پھر میں دوزخ کی طرف کھڑا ہوا اور

دیکھا تو دوزخ میں جانے والوں کی زیادہ تعداد عورتوں میں سے تھی۔ (بخاری ومسلم)

جنتیوں اور دوزخیوں کی اکثریت کن لوگوں پر مشتمل ہوگی

۵۰۰۳/۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے جنت میں جھانک کر دیکھا تو جنت میں اکثر تعداد غریبوں کی نظر آئی اور دوزخ کو جھانک کر دیکھا تو وہاں کے رہنے والوں میں عورتوں کی تعداد زیادہ تھی۔ (بخاری ومسلم)

فقراء کی فضیلت؟

۵۰۰۴/۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِيْنَ يَسْبِقُوْنَ الْاَغْنِيَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلَى الْجَنَّةِ بِاَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمروؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فقراء مہاجرین کو قیامت کے دن دولتمندوں سے چالیس برس پہلے جنت میں داخل کیا جائے گا۔ (مسلم)

۵۰۰۵/۶ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِرَجُلٍ عِنْدَهٗ جَالِسٌ مَا رَاْيُكَ فِيْ هٰذَا فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ اَشْرَافِ النَّاسِ هٰذَا وَاللّٰهِ حَرِيٌّ اِنْ خَطَبَ اَنْ يُّنْكَحَ وَاِنْ شَفَعَ اَنْ يُّشَفَّعَ قَالَ فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ مَرَّ رَجُلٌ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَاْيُكَ فِيْ هٰذَا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا رَجُلٌ مِّنْ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ هٰذَا حَرِيٌّ اِنْ خَطَبَ اَنْ لَّا يُنْكَحَ وَاِنْ شَفَعَ اَنْ لَّا يُشَفَّعَ وَاِنْ قَالَ اَنْ لَّا يُسْمَعَ لِقَوْلِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا خَيْرٌ مِّنْ مِّلْءِ الْاَرْضِ مِثْلَ هٰذَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سہل بن سعدؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے قریب سے گزرا آپ نے اس شخص سے جو آپ کے پاس بیٹھا تھا پوچھا۔ اس شخص کی نسبت (جو ابھی گزرا ہے) تمہاری کیا رائے ہے؟ اس نے عرض کیا یہ شخص شریف آدمیوں میں سے ہے اور خدا کی قسم اس قابل ہے کہ اگر کسی عورت کو نکاح کا پیام دے تو اس کے پیام کو قبول کر لیا جائے اور کسی کی حکام سے سفارش کرے تو اس کی سفارش قبول کی جائے یہ سنکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خاموش ہو رہے۔ پھر ایک اور شخص آپ کے پاس سے گزرا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسی شخص سے پوچھا اور اس شخص کے متعلق تمہاری کیا رائے ہے؟ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ شخص مسلمان فقراء میں سے ہے یہ اس لائق ہے کہ اگر کسی کو نکاح کا پیام دے تو اس کا پیام قبول نہ کیا جائے اور کسی کی سفارش کرے تو اس کی سفارش کو قبول نہ کیا جائے کسی سے کوئی بات کہے تو اس کی بات نہ سنی جائے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ نے یہ سنکر فرمایا یہ شخص اس جیسے دنیا میں ملوث شدہ آدمیوں سے بہتر ہے جس کی تو نے (پہلے) تعریف کی۔ (بخاری ومسلم)

اہل بیت نبویؐ کے فقر کی مثال

۵۰۰۶/۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ مِّنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ حَتّٰى قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت نے کبھی دو روز مسلسل جو کی روٹی سے بھی پیٹ نہیں بھرا یہاں تک کہ، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی۔ (بخاری ومسلم)

اتباع نبویؐ کی اعلیٰ مثال

۵۰۰۷/۸ وَعَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ مَرَّ

سعید مقبری رضؒ ابی ہریرہ رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ابوہریرہؓ ایک

بِقَوْمٍ مِّنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ شَاةٌ مَّصْلِيَّةٌ فَدَعَوْهُ فَاَبٰى اَنْ يَّاْكُلَ وَقَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الدُّنْيَا وَلَمْ يَشْبَعْ مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

جماعت کے قریب سے گزرے جس کے سامنے بھنی ہوئی بکری رکھی تھی ابوہریرہؓ کو لوگوں نے بلایا انھوں نے کھانے سے انکار کر دیا اور کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے گئے اور کبھی جَو کی روٹی سے پیٹ نہ بھرا۔ (بخاری)

حضورؐ کی معاشی زندگی پر قرض کا سایہ؟

۵۰۰۸ وَعَنْ اَنَسٍ ..... اَنَّهٗ مَشٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخُبْزِ شَعِيْرٍ وَاِهَالَةٍ سَنِخَةٍ وَلَقَدْ رَهَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِرْعَهٗ بِالْمَدِيْنَةِ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ وَاَخَذَ مِنْهُ شَعِيْرًا لِاَهْلِهٖ وَلَقَدْ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ مَا اَمْسٰى عِنْدَ اٰلِ مُحَمَّدٍ صَاعُ بُرٍّ وَّلَا صَاعُ حَبٍّ وَاِنَّ عِنْدَهٗ لَتِسْعَ نِسْوَةٍ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جَو کی روٹی اور بدبودار چربی (جو بہت دنوں سے رکھی تھی) لے گئے۔ اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی ایک زرہ مدینہ کے ایک یہودی کے پاس رہن رکھی تھی اور اس سے اہل بیت کے لئے جَو لئے تھے۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے انسؓ کو یہ کہتے سنا ہے کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت میں شام کو نہ تو ایک صاع گیہوں رہتے تھے اور نہ اور کوئی غلہ (یعنی صبح کے لئے کسی قسم کا سامان نہ رکھتے تھے) حالانکہ آپ کی نو بیویاں تھیں۔ (بخاری)

دنیا کی طلب مومن کی شان نہیں

۵۰۰۹ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا هُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰى رِمَالِ حَصِيْرٍ لَيْسَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا فِرَاشٌ قَدْ اَثَّرَ الرِّمَالُ بِجَنْبِهٖ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ مِّنْ اَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ اللّٰهَ فَلْيُوَسِّعْ عَلٰى اُمَّتِكَ فَاِنَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ قَدْ وُسِّعَ عَلَيْهِمْ وَهُمْ لَا يَعْبُدُوْنَ اللّٰهَ فَقَالَ اَوَ فِيْ هٰذَا اَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ اُولٰئِكَ عُجِّلَتْ لَهُمْ طَيِّبَاتُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِيْ رِوَايَةٍ اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْاٰخِرَةُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اس وقت کھجور پٹھوں کی چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے۔ اور چٹائی پر فرش نہ تھا۔ بوریے نے حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے پہلو پر نشان ڈال دیئے تھے اور آپ کے سرہانے چمڑے کا تکیہ تھا جس میں کھجور کا پوست بھرا ہوا تھا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ! خدا سے دعا فرمائیے کہ وہ آپ کی امت کو فراخی (خوش حالی) عطا فرمائے فارس اور روم کے لوگ خوش حال بنائے گئے ہیں۔ حالانکہ وہ عبادت نہیں کرتے۔ آپ نے فرمایا خطاب کے بیٹے! کیا تو ابھی اسی خیال میں ہے یعنی تجھ کو اس کی بصیرت عطا نہیں ہوئی ہے اور تو حقیقت سے ابھی تک ناواقف ہے یہ وہ لوگ ہیں (یعنی روم و فارس کے لوگ) جن کو دنیا کی زندگی ہی میں خوبیاں دیدی گئی ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ حضورؐ نے عمرؓ کے جواب میں یہ الفاظ فرمائے۔ کیا تو اس پر راضی نہیں ہے کہ ان کو دنیا ملے اور ہم کو آخرت۔ (بخاری و مسلم)

اصحاب صفہؓ کی ناداری

۵۰۱۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَقَدْ رَاَيْتُ سَبْعِيْنَ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ عَلَيْهِ رِدَاءٌ اِمَّا اِزَارٌ وَاِمَّا كِسَاءٌ قَدْ رَبَطُوْا فِيْ اَعْنَاقِهِمْ فَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ نِصْفَ السَّاقَيْنِ وَمِنْهَا ..... مَا يَبْلُغُ الْكَعْبَيْنِ فَيَجْمَعُهٗ بِيَدِهٖ كَرَاهِيَةَ اَنْ تُرٰى عَوْرَتُهٗ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں نے اصحاب صُفّہ میں سے ستر آدمیوں کو دیکھا ان میں سے کسی ایک شخص کے پاس بھی چادر نہ تھی صرف ایک تہبند تھا یا ایک کملی جن کو انھوں نے اپنی گردنوں میں باندھ رکھا تھا ان میں سے بعض تہبند آدھی پنڈلیوں تک تھے اور بعض ٹخنوں تک (جس کا تہبند اونچا ہوتا وہ) اپنے تہبند کو (نماز میں) ہاتھ سے پکڑ لیتا

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) تاکہ شرمگاہ نہ کھل جائے۔ (بخاری)

اپنی اقتصادی حالت کا موازنہ اس شخص سے کرو جو تم سے بھی مفلس و مسکین ہو

۵۰۱۱/۱۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا نَظَرَ أَحَدُكُمْ إِلٰى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ وَالْخَلْقِ فَلْيَنْظُرْ إِلٰى مَنْ هُوَ أَسْفَلَ مِنْهُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ انْظُرُوْا إِلٰى مَنْ أَسْفَلَ مِنْكُمْ وَلَا تَنْظُرُوْا إِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ فَهُوَ أَجْدَرُ أَنْ لَا تَزْدَرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی ایسے آدمی کو دیکھے جو اس سے زیادہ مال دار اور شکیل ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ اس شخص پر بھی نظر ڈالے جو اس سے کمتر درجہ کا ہے (بخاری و مسلم) اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ اس شخص کو دیکھو جو تم سے کمتر درجہ کا ہے اور اس شخص کی طرف نہ دیکھو جو مرتبہ میں تم سے زیادہ ہے اور ایسا کرنا تمہارے لئے ضروری ہے تاکہ تم اس نعمت کو جو خدا نے تم کو دی ہے حقیر نہ جانو۔

فصل دوم

جنت میں فقراء کا داخلہ اغنیاء سے پہلے ہوگا

۵۰۱۲/۱۳ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ الْفُقَرَاءُ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْأَغْنِيَاءِ بِخَمْسِمِائَةِ عَامٍ نِصْفِ يَوْمٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فقراء جنت میں دولت مندوں سے پانچسو برس پہلے داخل ہوں گے جو قیامت کا آدھا دن ہے۔ (ترمذی)

مفلس و مسکین کی فضیلت

۵۰۱۳/۱۴ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِي مِسْكِيْنًا وَأَمِتْنِي مِسْكِيْنًا وَاحْشُرْنِي فِي زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ لِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ إِنَّهُمْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ بِأَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا يَا عَائِشَةُ لَا تَرُدِّي الْمِسْكِيْنَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ يَا عَائِشَةُ أَحِبِّي الْمَسَاكِيْنَ وَقَرِّبِيْهِمْ فَإِنَّ اللّٰهَ يُقَرِّبُكِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ۔ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ إِلٰى قَوْلِهِ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ)۔

حضرت انس کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ! مجھ کو مسکین بنا کر رکھ مسکین مار اور مسکینوں کے زمرہ میں میرا حشر کر۔ حضرت عائشہ رضؓ نے پوچھا یا رسول اللہ! آپ نے یہ کیوں فرمایا؟ آں حضرت نے جواب دیا اس لئے کہ مسکین جنت میں دولتمندوں سے چالیس برس پہلے داخل ہوں گے۔ اے عائشہ! کسی مسکین کو اپنے دروازہ سے خالی ہاتھ نہ جانے دو اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہی ہو، عائشہ! تو مساکین سے محبت کر اور ان کو اپنے سے قریب کر (یعنی اپنی مجلسوں میں ان کو شریک کر رکھ) خداوند تعالیٰ قیامت کے دن تجھ کو اپنے قریب رکھے گا۔ (ترمذی۔ بیہقی) ابن ماجہ نے اسے ابوسعید رضؓ سے لفظ "زمرۃ المساکین" تک روایت کیا ہے۔

کمزور و نادار مسلمانوں کی برکت

۵۰۱۴/۱۵ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِبْغُوْنِي فِي ضُعَفَائِكُمْ فَإِنَّمَا تُرْزَقُوْنَ وَتُنْصَرُوْنَ بِضُعَفَائِكُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت ابودرداء رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میری رضامندی کو اپنے ضعیفوں میں تلاش کرو (یعنی ان کو راضی رکھو) اس لئے کہ تم کو تمہارے ضعیفوں ہی کی بدولت رزق دیا جاتا ہے اور دشمنوں کے مقابلہ میں تمہاری مدد کی جاتی ہے (ابوداؤد)

۵۰۱۵/۱۶ وَعَنْ اُمَيَّةَ بْنِ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَسِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَسْتَفْتِحُ بِصَعَالِيْكِ الْمُهَاجِرِيْنَ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت امیہ بن خالد رضؓ بن عبداللہ بن اسید رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقرا و مہاجرین کے ذریعہ خدا سے (کفار پر) فتح حاصل ہونے کی دعا فرمایا کرتے تھے۔ (شرح السنۃ)

کافروں کی خوشحالی پر رشک نہ کرو

۵۰۱۶/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَغْبِطَنَّ فَاجِرًا بِنِعْمَةٍ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا هُوَ لَاقٍ بَعْدَ مَوْتِهٖ اِنَّ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ قَاتِلًا لَا يَمُوْتُ يَعْنِي النَّارَ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، کسی فاجر و فاسق کی نعمت و دولت پر رشک نہ کر اس لئے کہ تو نہیں جانتا کہ مرنے کے بعد اس سے کیا سلوک ہونے والا ہے فاجر کے لئے خدا کے ہاں ایک ایسا قاتل ہے جو مرنے نہیں دیتا یعنی دوزخ کی آگ (شرح السنۃ)

دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہے

۵۰۱۷/۱۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَسَنَتُهٗ وَاِذَا فَارَقَ الدُّنْيَا فَارَقَ السِّجْنَ وَالسَّنَةَ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دنیا مومن کا قید خانہ اور قحط ہے جب وہ دنیا سے جدا ہوتا ہے تو قید خانہ اور قحط سے نجات پاتا ہے۔ (شرح السنۃ)

جن کو خدا اپنا محبوب بنانا چاہتا ہے ان کو دنیاوی مال و دولت سے بچاتا ہے

۵۰۱۸/۱۹ وَعَنْ قَتَادَةَ بْنِ نُعْمَانَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا كَمَا يَظَلُّ اَحَدُكُمْ يَحْمِيْ سَقِيْمَهُ الْمَاءَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت قتادہ بن نعمان رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جب خداوند تعالیٰ کسی بندہ سے محبت کرتا ہے تو اس کو دنیا سے بچاتا ہے جس طرح تم میں سے کوئی اپنے بیمار کو پانی سے بچاتا ہے۔ (احمد۔ ترمذی)

مال کی کمی، درحقیقت بڑی نعمت ہے

۵۰۱۹/۲۰ وَعَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِثْنَتَانِ يَكْرَهُهُمَا ابْنُ اٰدَمَ يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَالْمَوْتُ خَيْرٌ لِلْمُؤْمِنِ مِنَ الْفِتْنَةِ وَيَكْرَهُ قِلَّةَ الْمَالِ وَقِلَّةُ الْمَالِ اَقَلُّ لِلْحِسَابِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت محمود بن لبید رضؓ کہتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دو چیزیں ہیں جن کو آدم کا بیٹا برا سمجھتا ہے۔ ایک تو موت کو حالانکہ موت مومن کے لئے فتنہ سے بہتر ہے۔ دوسرے مال کی کمی کو حالانکہ مال کی کمی حساب میں کمی کی موجب ہے۔ (احمد)

ذاتِ رسالتؐ سے محبت کا دعویٰ رکھتے ہو تو فقر و فاقہ کی زندگی اختیار کرو

۵۰۲۰/۲۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ اُحِبُّكَ فَقَالَ اُنْظُرْ مَا تَقُوْلُ فَقَالَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ اُحِبُّكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَ اِنْ كُنْتَ صَادِقًا فَاَعِدَّ لِلْفَقْرِ تَجْفَافًا فَالْفَقْرُ اَسْرَعُ اِلٰى مَنْ يُحِبُّنِيْ مِنَ السَّيْلِ اِلٰى

حضرت عبداللہ بن مغفل رضؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ میں آپ سے محبت رکھتا ہوں آپ نے فرمایا سمجھو کیا کہتے ہو؟ اس نے عرض کیا خدا کی قسم میں آپ سے محبت رکھتا ہوں۔ تین بار اسی طرح کہا۔ آپ نے فرمایا اگر تم سچے ہو تو فقر کے لئے پاکھر[1] تیار کر لو اس لئے کہ جو شخص مجھ سے محبت رکھتا ہے اس کو فقر و افلاس

[1] پاکھر اُس جھول کو کہتے ہیں جو لڑائی کے وقت گھوڑوں پر ڈالی جاتی ہے، یہاں مراد صبر سے ہے۔ ۱۲ مترجم۔

مُنْتَهَاهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

بہت جلد پہنچتا ہے اس پانی سے بھی جلد جو اپنے منتہا کی طرف جاتا ہے (ترمذی)

دعوتِ اسلام کی راہ میں حضورؐ کو پیش آنے والے فقر و فاقہ اور آفات و آلام کا ذکر

۵۰۲۱/۲۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ اُخِفْتُ فِي اللّٰهِ وَمَا يُخَافُ اَحَدٌ وَلَقَدْ اُوْذِيْتُ فِي اللّٰهِ وَمَا يُؤْذٰى اَحَدٌ وَلَقَدْ اَتَتْ عَلَيَّ ثَلٰثُوْنَ مِنْ بَيْنِ لَيْلَةٍ وَيَوْمٍ وَمَا لِيْ وَلِبِلَالٍ طَعَامٌ يَاْكُلُهُ ذُوْ كَبِدٍ اِلَّا شَيْءٌ يُوَارِيْهِ اِبْطُ بِلَالٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ حِيْنَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَارِبًا مِّنْ مَّكَّةَ وَمَعَهٗ بِلَالٌ اِنَّمَا كَانَ مَعَ بِلَالٍ مِنَ الطَّعَامِ مَا يَحْمِلُ تَحْتَ اِبْطِهٖ۔)

حضرت انسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں خدا کے دین کے اظہار پر ڈرایا گیا اور میرے سوا کسی اور کو نہیں ڈرایا گیا یعنی اظہارِ اسلام کے وقت) اور مجھ کو (خدا کے دین میں) ایذا دی گئی اور کسی کو ایذا نہیں دی گئی اور مجھ پر تیس دن اور تیس راتیں اس طرح گزریں کہ میرے اور بلال کے لئے کھانا نہ تھا وہ کھانا جس کو ہر جگر رکھنے والا کھاتا ہے مگر ایک نہایت خفیف سی چیز جس کو بلالؓ اپنے بغل میں چھپائے رہتے تھے (ترمذی۔ اور انھوں نے اس حدیث کے معنی یہ بیان کئے ہیں کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے بھاگ کر باہر نکلے تو آپ کے ساتھ بلال تھے اور بلالؓ کے پاس کھانے کی چیزوں میں سے صرف اتنا تھا جس کو وہ بغل میں دبائے رہتے تھے (یہ واقعہ حقیقت میں طائف کا واقعہ ہے جہاں آپؐ ایک ماہ تک دعوتِ اسلام میں مشغول رہے اور سخت اذیتیں برداشت کیں)

حضورؐ اور صحابہؓ کے فقر و افلاس کا حال

۵۰۲۲/۲۳ وَعَنْ اَبِيْ طَلْحَةَ قَالَ شَكَوْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُوْعَ فَرَفَعْنَا عَنْ بُطُوْنِنَا عَنْ حَجَرٍ حَجَرٍ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَطْنِهٖ عَنْ حَجَرَيْنِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت ابو طلحہؓ کہتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھوک کی شکایت کی اور اپنے پیٹ پر پتھر بندھا ہوا دکھایا۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا پیٹ کھول کر دکھایا تو اس پر دو پتھر بندھے ہوئے تھے۔ (ترمذی)

یہ حدیث غریب ہے۔

۵۰۲۳/۲۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُمْ اَصَابَهُمْ جُوْعٌ فَاَعْطَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرَةً تَمْرَةً۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ فقرا صحابہؓ کو جب بھوک نے ستایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ایک ایک کھجور عطا فرمائی۔ (ترمذی)

صابر و شاکر کون ہے

۵۰۲۴/۲۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَصْلَتَانِ مَنْ كَانَتَا فِيْهِ كَتَبَهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا مَنْ نَظَرَ فِيْ دِيْنِهٖ اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَهٗ فَاقْتَدٰى بِهٖ وَنَظَرَ فِيْ دُنْيَاهُ اِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنَهٗ فَحَمِدَ اللّٰهَ عَلٰى مَا فَضَّلَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ كَتَبَهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا وَّمَنْ نَظَرَ فِيْ دِيْنِهٖ اِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنَهٗ وَنَظَرَ

حضرت عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو خصلتیں ہیں جس شخص میں وہ پائی جائیں خدا اس کو صابر و شاکر لوگوں میں لکھ دیتا ہے ایک تو یہ کہ جب دینی امور میں کسی شخص کو آدمی اپنے سے بہتر و برتر دیکھے تو اس کی اقتدا کرے اور دنیاوی امور میں اس شخص کو دیکھے جو اس سے پست درجہ کا ہے اور پھر وہ خدا کی تعریف کرے کہ اس نے اس شخص پر اس کی فضیلت بخشی ہے خداوند تعالیٰ اس شخص کو شاکر (اس لئے کہ اس نے کمتر درجہ کے شخص کو

فِيْ دُنْيَاهُ اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَهٗ فَاَسِفَ عَلٰى مَا فَاتَهٗ مِنْهُ لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَبْشِرُوْا يَا مَعْشَرَ صَعَالِيْكِ الْمُهَاجِرِيْنَ فِيْ بَابٍ بَعْدَ فَضَائِلِ الْقُرْاٰنِ۔

دیکھ کر خدا کا شکر ادا کیا ہے) اور صابر (اس لئے کہ اس نے اپنے سے بالاتر شخص کو دیکھ کر صبر کیا اور اس کی اقتدا کی) لکھ دیتا ہے۔ اور جو شخص دین میں اس شخص کو دیکھے جو اس سے کم ہے اور دنیا میں اس شخص کو دیکھے جو اس سے بالاتر ہے اور پھر وہ عمر کے ضائع ہونے پر اظہار افسوس کرے تو خدا تعالیٰ اس کو صابر و شاکر قرار نہیں دیتا۔ (ترمذی) ابوسعید کی حدیث فضائل قرآن کے باب میں بیان ہوئی کہ اے فقراء مہاجرین کی جماعت خوش ہو۔

فصل سوم

فقر پر صبر کرنے کی فضیلت

۵۰۲۵/۲۶ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو وَّسَاَلَهٗ رَجُلٌ قَالَ اَلَسْنَا مِنْ فُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ اَلَكَ امْرَاَةٌ تَاْوِيْ اِلَيْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ اَلَكَ مَسْكَنٌ تَسْكُنُهٗ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاَنْتَ مِنَ الْاَغْنِيَاءِ قَالَ فَاِنَّ لِيْ خَادِمًا قَالَ فَاَنْتَ مِنَ الْمُلُوْكِ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَجَاءَ ثَلٰثَةُ نَفَرٍ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَّاَنَا عِنْدَهٗ فَقَالُوْا يَا اَبَا مُحَمَّدٍ وَاللّٰهِ مَا نَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ لَا نَفَقَةٍ وَّلَا دَابَّةٍ وَّلَا مَتَاعٍ فَقَالَ لَهُمْ مَا شِئْتُمْ اِنْ شِئْتُمْ رَجَعْتُمْ اِلَيْنَا فَاَعْطَيْنَاكُمْ مَا يَسَّرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاِنْ شِئْتُمْ ذَكَرْنَا اَمْرَكُمْ لِلسُّلْطَانِ وَاِنْ شِئْتُمْ صَبَرْتُمْ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِيْنَ يَسْبِقُوْنَ الْاَغْنِيَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلَى الْجَنَّةِ بِاَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا قَالُوْا فَاِنَّا نَصْبِرُ لَا نَسْاَلُ شَيْئًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابی عبدالرحمٰن حبلی کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عمرو رضؓ سے ایک شخص نے پوچھا کہ کیا ہم (ان) فقراء مہاجرین میں سے نہیں جن کو یہ بشارت دی گئی ہے کہ وہ جنت میں دولتمندوں سے پہلے داخل ہوں گے۔ اس کے جواب میں میں نے عبداللہ بن عمرو بن العاص رضؓ کو یہ کہتے ہوئے سنا۔ کیا تیری بیوی ہے جس کے پاس تو رہے؟ اس نے کہا ہاں۔ پھر عبداللہ نے پوچھا تیرے پاس گھر ہے جس میں تو رہے؟ اس نے کہا ہاں! عبداللہ نے کہا۔ تو دولتمندوں میں سے ہے اس شخص نے کہا اور میرے پاس ایک خادم بھی ہے عبداللہ نے کہا تو پھر تو بادشاہوں میں سے ہے ابوعبدالرحمٰن راوی کا بیان ہے کہ تین آدمی عبداللہ بن عمرو کے پاس آئے اس وقت میں ان کے پاس بیٹھا ہوا تھا انھوں نے کہا اے عبداللہ! خدا کی قسم ہم کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتے نہ تو ہمارے پاس خرچ ہے اور نہ سواری اور نہ سامان (ہم کیوں کر جہاد و حج کریں) عبداللہ بن عمرو رضؓ نے کہا تم کیا چاہتے ہو اگر تم یہ چاہتے ہو (کہ میں اپنے پاس سے کچھ دوں) تو تم پھر کسی وقت آنا میں تم کو وہ چیز دوں گا جس کا خداوند تعالیٰ انتظام کر دے اور اگر تم چاہو تو میں تمہاری حالت بادشاہ سے بیان کر دوں (کہ وہ تمہارے ساتھ سلوک کر دے) اور اگر تم پسند کرو تو صبر کرو، اس لئے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ فقراء مہاجرین قیامت کے دن جنت میں دولتمندوں سے چالیس سال پہلے جائیں گے۔ انھوں نے کہا ہم صبر کرتے ہیں اور کوئی چیز نہیں مانگتے۔ (مسلم)

فقراء مہاجرین کی فضیلت

۵۰۲۶/۲۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ بَيْنَمَا اَنَا قَاعِدٌ فِي الْمَسْجِدِ وَحَلْقَةٌ مِّنْ فُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ قُعُوْدٌ اِذْ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَعَدَ اِلَيْهِمْ فَقُمْتُ اِلَيْهِمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَبْشِرْ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ بِمَا يَسُرُّ وُجُوْهَهُمْ فَاِنَّهُمْ يَدْخُلُوْنَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں کہ ہم مسجد (نبوی) میں بیٹھے ہوئے تھے اور فقراء مہاجرین کا حلقہ جما ہوا تھا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور فقراء مہاجرین کی طرف منہ کر کے بیٹھ گئے میں اٹھا اور فقراء مہاجرین کی طرف متوجہ ہو گیا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، فقراء مہاجرین کو وہ بشارت پہنچا دینی چاہئے جو اُن کے چہروں کو شگفتہ

الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَغْنِيَاءِ بِاَرْبَعِيْنَ عَامًا قَالَ فَلَقَدْ رَاَيْتُ اِلْوَانَهُمْ اَسْفَرَتْ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو حَتّٰى تَمَنَّيْتُ اَكُوْنَ مَعَهُمْ اَوْ مِنْهُمْ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

کردے (یعنی وہ خوش ہو جائیں اور وہ بشارت یہ ہے کہ) وہ جنت میں دولتمندوں سے چالیس برس پہلے داخل ہوں گے۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے دیکھا (یہ سنکر) فقراء مہاجرین کے چہروں کا رنگ روشن ہو گیا (یعنی ان پر تروتازگی چھا گئی) عبداللہ بن عمرو رضؓ کا بیان ہے کہ فقراء مہاجرین کو خوش پاکر میں نے اپنے دل میں یہ آرزو کی کہ میں بھی ان کے ساتھ ہوتا تو ان میں سے ہوتا۔ (دارمی)

وہ باتیں جو خزانۂ الٰہی میں سے ہیں

۵۰۲۷/۲۸ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ اَمَرَنِيْ خَلِيْلِيْ بِسَبْعٍ اَمَرَنِيْ بِحُبِّ الْمَسَاكِيْنِ وَالدُّنُوِّ مِنْهُمْ وَاَمَرَنِيْ اَنْ اَنْظُرَ اِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنِيْ وَلَا اَنْظُرَ اِلٰى مَنْ فَوْقِيْ وَاَمَرَنِيْ اَنْ اَصِلَ الرَّحِمَ وَاِنْ اَدْبَرَتْ وَاَمَرَنِيْ اَنْ لَّا اَسْاَلَ اَحَدًا شَيْئًا وَاَمَرَنِيْ اَنْ اَقُوْلَ بِالْحَقِّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا وَاَمَرَنِيْ اَنْ لَّا اَخَافَ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ وَاَمَرَنِيْ اَنْ اُكْثِرَ قَوْلَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَاِنَّهُنَّ مِنْ كَنْزٍ تَحْتَ الْعَرْشِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں کہ میرے خلیل (جانی دوست) نے مجھ کو سات باتوں کا حکم دیا ہے۔ حکم دیا مجھ کو کہ میں مساکین سے محبت کروں اور ان سے قریب رہوں اور یہ حکم دیا کہ میں اپنے سے کمتر درجہ کے لوگوں کو دیکھوں، اور بالاتر لوگوں کو نہ دیکھوں۔ اور[2] یہ حکم دیا کہ میں قرابتداروں سے رشتہ وربط کو قائم رکھوں اگرچہ کوئی رشتہ دار خود ہی قرابتداری کو منقطع کردے۔ اور[3] یہ حکم دیا کہ میں کسی سے کوئی چیز نہ مانگوں۔ اور[4] یہ حکم دیا کہ میں سچی بات کہوں اگرچہ وہ تلخ ہو اور حکم دیا کہ میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں کسی کی ملامت سے نہ ڈروں اور یہ حکم دیا کہ میں اکثر لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہ کہتا رہوں۔ یہ تمام عادتیں اور باتیں اس خزانہ کی ہیں جو عرش الٰہی کے نیچے ہے۔ (احمد)

آنحضرتؐ کی مرغوب دنیاوی چیزیں

۵۰۲۸/۲۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ مِنَ الدُّنْيَا ثَلَاثَةٌ اَلطَّعَامُ وَالنِّسَاءُ وَالطِّيْبُ فَاَصَابَ اثْنَتَيْنِ وَلَمْ يُصِبْ وَاحِدًا اَصَابَ النِّسَاءَ وَالطِّيْبَ وَلَمْ يُصِبِ الطَّعَامَ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ دنیا کی چیزوں میں سے تین چیزیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اچھی معلوم ہوتی تھیں ایک تو کھانا دوسرے عورتیں اور تیسرے خوشبو۔ ان میں سے دو چیزیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو زیادہ ملیں یعنی عورتیں اور خوشبو اور تیسری چیز زیادہ نہ ملی یعنی کھانا۔ (احمد)

۵۰۲۹/۳۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُبِّبَ اِلَيَّ الطِّيْبُ وَالنِّسَاءُ وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ) وَزَادَ ابْنُ الْجَوْزِيِّ بَعْدَ قَوْلِهٖ حُبِّبَ اِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا۔

حضرت انسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے محبوب کی گئی ہے میرے لئے خوشبو اور عورتیں اور بنایا گیا ہے نماز کو میری آنکھوں کے لئے ٹھنڈک۔ (احمد۔ نسائی) ابن الجوزی کی روایت میں حُبِّبَ اِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا کے الفاظ ہیں۔

راحت طلبی اور تن آسانی بندگان خاص کی شان کے منافی ہے

۵۰۳۰/۳۱ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَ بِهٖ اِلَى الْيَمَنِ قَالَ اِيَّاكَ وَالتَّنَعُّمَ فَاِنَّ عِبَادَ اللّٰهِ لَيْسُوْا بِالْمُتَنَعِّمِيْنَ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت معاذ بن جبل رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب ان کو یمن روانہ فرمایا تو یہ نصیحت فرمائی اپنے آپ کو آرائش و استراحت سے بچا اس لئے کہ خدا کے بندے آرام و آسائش حاصل نہیں کرتے۔ (احمد)

قناعت کی فضیلت

۵۰۳۱/۳۲ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَضِيَ مِنَ اللّٰهِ بِالْيَسِيْرِ مِنَ الرِّزْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْقَلِيْلِ مِنَ الْعَمَلِ۔

حضرت علی رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے رزق پر راضی ہو جائے خداوند تعالیٰ اس سے تھوڑے سے عمل پر راضی ہو جاتا ہے۔ (بیہقی)

اپنی معاشی تنگی و محتاجگی کو لوگوں پر ظاہر نہ کرنے والے کے حق میں وعدۂ خداوندی

۵۰۳۲/۳۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَاعَ اَوِ احْتَاجَ فَكَتَمَهُ النَّاسَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اَنْ يَرْزُقَهُ رِزْقَ سَنَةٍ مِّنْ حَلَالٍ۔ (رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص بھوکا یا محتاج ہو اور لوگوں سے اپنی حالت کو چھپائے تو خداوند تعالیٰ پر اس کا یہ حق ثابت ہو جاتا ہے کہ وہ اُس کو حلال طریقہ پر ایک سال کی روزی کا انتظام کر دے۔ (بیہقی)

اللہ کے نزدیک کون مسلمان پسندیدہ ہے

۵۰۳۳/۳۴ وَعَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ عَبْدَهُ الْمُؤْمِنَ الْفَقِيْرَ الْمُتَعَفِّفَ اَبَا الْعِيَالِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عمران بن حصین کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اللہ تعالیٰ اپنے مومن بندہ کو دوست رکھتا ہے جو فقیر، پارسا اور عیال دار ہو۔ (ابن ماجہ)

حضرت عمرؓ کا کمالِ تقویٰ

۵۰۳۴/۳۵ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ قَالَ اسْتَسْقٰى يَوْمًا عُمَرُ فَجِيْءَ بِمَاءٍ قَدْ شِيْبَ بِعَسَلٍ فَقَالَ اِنَّهُ لَطَيِّبٌ لٰكِنِّيْ اَسْمَعُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ نَعٰى عَلٰى قَوْمٍ شَهَوَاتِهِمْ فَقَالَ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا فَاَخَافُ اَنْ تَكُوْنَ حَسَنَاتُنَا عُجِّلَتْ لَنَا فَلَمْ يَشْرَبْهُ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

زید بن اسلم رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضؓ نے ایک روز پانی مانگا آپ کے پاس پانی لایا گیا جس میں شہد ملا ہوا تھا۔ انھوں نے کہا یہ پاک ہے (لذیذ اور خوش گوار) لیکن میں خداوند بزرگ و برتر سے یہ سنتا ہوں کہ اُس نے ایک قوم پر عیب لگایا تھا۔ خواہشاتِ نفس کے اتباع کا اور فرمایا تم نے اپنی لذتوں اور نعمتوں کا پورا پورا فائدہ اپنی دنیاوی زندگی میں پالیا۔ میں ڈرتا ہوں کہ کہیں ہماری نیکیاں بھی ایسی نہ ہوں جن کا ثواب جلد دیا گیا ہو (یعنی دنیا ہی میں) انھوں نے اس پانی کو نہیں پیا اور واپس کر دیا۔ (رزین)

ابتدائے اسلام میں صحابہؓ کا فقر و افلاس

۵۰۳۵/۳۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَا شَبِعْنَا مِنْ تَمْرٍ حَتّٰى فَتَحْنَا خَيْبَرَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ ہم نے کبھی کھجوروں سے پیٹ نہیں بھرا یہاں تک کہ ہم نے خیبر فتح کر لیا۔ (بخاری)

بَابُ الْاَمَلِ وَالْحِرْصِ

حرص اور آرزو کا بیان

فصل اوّل

انسان، اس کی موت اور اس کی آرزوؤں کی صورت مثال

۵۰۳۶/۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ خَطَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ



وَسَلَّمَ خَطَّ مُرَبَّعًا وَخَطَّ خَطًّا فِي الْوَسْطِ خَارِجًا مِّنْهُ وَخَطَّ خُطُطًا صِغَارًا إِلَى هٰذَا الَّذِي فِي الْوَسْطِ فَقَالَ هٰذَا الْإِنْسَانُ وَهٰذَا أَجَلُهُ مُحِيطٌ بِهِ وَهٰذَا الَّذِي هُوَ خَارِجٌ أَمَلُهُ وَهٰذِهِ الْخُطُطُ الصِّغَارُ الْأَعْرَاضُ فَإِنْ أَخْطَأَهُ هٰذَا نَهَسَهُ هٰذَا وَإِنْ أَخْطَأَهُ هٰذَا نَهَسَهُ هٰذَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

وسلم نے چار خط کھینچ کر ایک مربع بنایا اور ایک خط مربع کے درمیان کھینچا جو مربع سے باہر نکلا ہوا تھا اور پھر چھوٹے چھوٹے خط درمیان کے خط میں اس کے دونوں جانب کھینچے اور پھر فرمایا یہ درمیانی خط انسان ہیں اور یہ مربع اسکی موت ہے جو چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہے اور درمیانی خط کا حصہ مربع سے باہر ہے وہ اس کی آرزو ہے اور درمیانی خط میں دونوں طرف جو چھوٹے چھوٹے خط ہیں وہ عوارض ہیں (آفات و بلیات و امراض وغیرہ) ایک عارضہ اور حادثہ سے انسان بچ گیا تو پھر دوسرا ہے اور دوسرے سے بچ گیا تو تیسرا ہے (اسی طرح متعدد حوادث و عوارض تاک میں لگے رہتے ہیں یہاں تک کہ موت آجاتی ہے) (بخاری)

۵۰۳۷/۲ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ خَطَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطُوطًا فَقَالَ هٰذَا الْأَمَلُ وَهٰذَا أَجَلُهُ فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ إِذْ جَاءَهُ الْخَطُّ الْأَقْرَبُ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے چند خطوط کھینچے، (یعنی ایک مربع بنایا اور ایک خط مربع کے درمیان مربع سے باہر نکلا ہوا کھینچا اور فرمایا یہ خط (جو مربع سے باہر نکلا ہوا ہے) انسان کی آرزو ہے اور یہ خط (یعنی مربع) انسان کی موت ہے۔ پس انسان اسی طرح رہتا ہے کہ اچانک اس کو موت آجاتی ہے (یعنی وہ موت کو دور سمجھتا ہے اور موت کا خط قریب آجاتا ہے آخر وہ مر جاتا ہے)۔ (بخاری)

بڑھاپے کی حرص

۵۰۳۸/۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهْرَمُ ابْنُ آدَمَ وَيَشِبُّ مِنْهُ اثْنَانِ الْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ وَالْحِرْصُ عَلَى الْعُمُرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انسان بوڑھا ہوتا ہے اور دو چیزیں اس میں جوان ہوتی ہیں یعنی مال اور عمر کی زیادتی کی حرص۔ (بخاری و مسلم)

۵۰۳۹/۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَزَالُ قَلْبُ الْكَبِيرِ شَابًّا فِي اثْنَتَيْنِ فِي حُبِّ الدُّنْيَا وَطُولِ الْأَمَلِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بوڑھے کا دل ہمیشہ دو باتوں میں جوان رہتا ہے یعنی دنیا کی محبت اور آرزو کی درازی میں۔ (بخاری و مسلم)

بوڑھا اگر توبہ و انابت نہیں کرتا تو اس کو عذر کا کوئی موقع نہیں

۵۰۴۰/۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْذَرَ اللّٰهُ إِلَى امْرِئٍ أَخَّرَ أَجَلَهُ حَتّٰى بَلَّغَهُ سِتِّينَ سَنَةً۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اس آدمی کے لئے خداوند تعالیٰ نے عذر کا کوئی موقعہ نہیں باقی رکھا جس کی موت میں مہلت دی اور ساٹھ سال کی عمر عطا فرمائی۔ (بخاری)

انسان کی حرص و طمع کی درازی کا ذکر

۵۰۴۱/۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغٰى ثَالِثًا وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر آدمی کے پاس مال سے بھرے ہوئے جنگل ہوں تب بھی وہ تیسرے جنگل کو تلاش کرے گا اور آدمی کے پیٹ کو کوئی چیز نہیں بھرتی مگر (قبر کی) مٹی۔ (یعنی اس کی حرص گور تک باقی رہتی ہے) اور خداوند تعالیٰ (حرص مذموم سے) جس بندہ کی توبہ کو چاہے قبول کر لیتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

دنیا میں مسافر کی طرح رہو

۵۰۴۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ جَسَدِیْ فَقَالَ كُنْ فِی الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ وَعُدَّ نَفْسَكَ مِنْ اَهْلِ الْقُبُوْرِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے جسم کے کسی حصہ کو (مثلاً مونڈھوں کو) پکڑا اور فرمایا تو دنیا میں اسی طرح رہ گویا کہ تو ایک مسافر ہے اور اپنے آپ کو ان مردوں میں شمار کر جو قبروں کے اندر ہیں۔ (بخاری)۔

فصل دوم

زیادہ توجہ دنیاوی چیزوں کی اصلاح و درستی کے بجائے اپنی دینوی و اخروی زندگی کی اصلاح کی طرف مبذول رکھو

۵۰۴۳ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَرَّ بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا وَاُمِّیْ نُطَيِّنُ شَيْئًا فَقَالَ مَا هٰذَا يَا عَبْدَ اللّٰهِ قُلْتُ شَیْءٌ نُصْلِحُهٗ قَالَ لَا اَمْرُ اَسْرَعُ مِنْ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس اس حال میں آئے کہ میں اور میری ماں مٹی سے کچھ مرمت یا درستی کر رہے تھے آپ نے پوچھا عبداللہ یہ کیا ہے (یعنی یہ کیا کر رہے ہو) میں نے عرض کیا میں یہ درست کر رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا موت اس سے بھی جلد آنے والی ہے (یعنی اس گھر کے پڑنے سے بھی زیادہ جلد آنے والی ہے)۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)

موت سے کسی لمحہ غافل نہ ہونا چاہیئے

۵۰۴۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَهْرِيْقُ الْمَاءَ فَيَتَيَمَّمُ بِالتُّرَابِ فَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْمَاءَ مِنْكَ قَرِيْبٌ يَقُوْلُ..... مَا يُدْرِيْنِیْ لَعَلِّیْ لَا اَبْلُغُهٗ۔ (رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَابْنُ الْجَوْزِیِّ فِیْ كِتَابِ الْوَفَاءِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کبھی پیشاب کرتے اور مٹی سے تیمم فرما لیتے، میں عرض کرتا یا رسول اللہ پانی قریب ہے آپ فرماتے کس چیز نے مجھ کو بتایا ہے (یعنی کیا خبر ہے) شاید اس پانی تک پہنچ سکوں (یعنی پانی تک پہنچنے سے پہلے موت آجائے۔) (شرح السنۃ، کتاب الوفاء)

انسان کی موت اس کی آرزو سے زیادہ قریب ہے

۵۰۴۵ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هٰذَا ابْنُ اٰدَمَ وَهٰذَا اَجَلُهٗ وَوَضَعَ يَدَهٗ عِنْدَ قِفَاهُ ثُمَّ بَسَطَ فَقَالَ وَثَمَّ اَمَلُهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یہ آدمی ہے اور یہ اس کی موت۔ یہ کہہ کر آپ نے اپنا ہاتھ گدی کے قریب رکھا (یعنی موت اتنی قریب ہے) پھر ہاتھ کو پھیلایا اور (گدی سے دور لے گئے اور) فرمایا اس جگہ انسان کی آرزو ہے (یعنی موت قریب ہے اور انسان کی آرزو دراز)

۵۰۴۶ وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَّ خَطًّا مُرَبَّعًا وَخَطَّ خَطًّا فِی الْوَسْطِ خَارِجًا مِنْهُ وَخَطَّ خُطَطًا صِغَارًا اِلٰى هٰذَا الَّذِیْ فِی الْوَسْطِ مِنْ جَانِبِهِ الَّذِیْ فِی الْوَسْطِ وَقَالَ هٰذَا الْاِنْسَانُ وَهٰذَا اَجَلُهٗ مُحِيْطٌ بِهٖ اَوْ قَدْ اَحَاطَ بِهٖ وَهٰذَا الَّذِیْ هُوَ خَارِجٌ اَمَلُهٗ وَهٰذِهِ الْخُطَطُ الصِّغَارُ الْاَعْرَاضُ فَاِنْ اَخْطَاَهُ هٰذَا نَهَشَهٗ هٰذَا وَاِنْ اَخْطَاَهُ هٰذَا نَهَشَهٗ هٰذَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابی سعید خدری رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے سامنے ایک لکڑی (زمین میں) گاڑی پھر ایک لکڑی اس لکڑی کے پہلو میں اور ایک لکڑی ان سے بہت دور نصب کی اور پھر فرمایا تم جانتے ہو یہ کیا ہے؟ صحابہ رضؓ نے عرض کیا خدا اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا یہ لکڑی (یعنی پہلی لکڑی) انسان ہے اور یہ لکڑی (دوسری جو اس کے پہلو میں ہے) موت ہے۔ ابوسعید خدری کا بیان ہے کہ تیسری لکڑی کی نسبت میرا خیال ہے کہ آپ نے یہ فرمایا

اور یہ امید ہے۔ انسان امید اور آرزو میں گرفتار رہتا ہے کہ موت آرزو کے ختم ہونے سے پہلے آجاتی ہے۔ (شرح السنۃ)

اُمّت محمدیؐ کے لوگوں کی عُمر؟

۵۰۴۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُمُرُ اُمَّتِیْ مِنْ سِتِّیْنَ سَنَةً اِلٰی سَبْعِیْنَ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میری امّت کی عمر ساٹھ سال سے ستّر سال تک ہے۔ (ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث غریب ہے)۔

۵۰۴۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَعْمَارُ اُمَّتِیْ مَا بَیْنَ السِّتِّیْنَ اِلَی السَّبْعِیْنَ وَاَقَلُّهُمْ مَنْ یَّجُوْزُ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امّت کی عمریں ساٹھ اور ستّر سال کے درمیان ہیں اور بہت کم ہیں ایسے لوگ جن کی عمر اس سے زیادہ ہو۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

وَذُكِرَ حَدِیْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّیْرِ فِیْ بَابِ عِیَادَةِ الْمَرِیْضِ۔

اور عبداللہ بن شخیر کی حدیث عیادتِ مریض کے باب میں بیان کی گئی۔

فصل سوم

بخل اور آرزو کی مذمت

۵۰۴۹ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَوَّلُ مَلَاحِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الْیَقِیْنُ وَالزُّهْدُ وَاَوَّلُ فَسَادِهَا الْبُخْلُ وَالْاَمَلُ۔ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اِس امّت کی پہلی نیکی یقین اور زہد ہے (یعنی اس امر کا یقین کہ خداوند تعالیٰ رازق ہے) اور پہلا فساد بخل اور آرزو ہے۔ (بیہقی)

حقیقی زُہد کیا چیز ہے

۵۰۵۰ وَعَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ قَالَ لَیْسَ الزُّهْدُ فِی الدُّنْیَا بِلُبْسِ الْغَلِیْظِ وَالْخَشِنِ وَاَكْلِ الْجَشِبِ اِنَّمَا الزُّهْدُ فِی الدُّنْیَا قِصَرُ الْاَمَلِ۔

سفیان ثوریؒ کہتے ہیں کہ دنیا میں زُہد اس کا نام نہیں ہے کہ موٹے اور سخت کپڑوں کو پہن لیا جائے اور بے مزہ کھانا کھا لیا جائے بلکہ زُہد حقیقت میں آرزوؤں اور امیدوں کی کمی کا نام ہے (شرح السنۃ)

۵۰۵۱ وَعَنْ زَیْدِ بْنِ الْحُسَیْنِ قَالَ سَمِعْتُ مَالِكًا وَسُئِلَ اَیُّ شَیْءٍ الزُّهْدُ فِی الدُّنْیَا قَالَ طِیْبُ الْكَسْبِ وَقِصَرُ الْاَمَلِ۔ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

زید بن حسینؓ کہتے ہیں کہ امام مالک رحؒ سے پوچھا گیا کہ دنیا میں زہد کس چیز کا نام ہے؟ اِس کے جواب میں امام مالکؒ نے یہ کہا "حلال پیشہ اختیار کرنا اور امیدوں کی کمی"۔ (بیہقی)

بَابُ اِسْتِحْبَابِ الْمَالِ وَالْعُمُرِ لِلطَّاعَةِ

خدا کی اطاعت و عبادت کیلئے مال اور عمر سے محبّت رکھنے کا بیان

فصل اوّل

خدا کا پسندیدہ بندہ کون ہے

۵۰۵۲ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

حضرت سعدؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِيَّ الْغَنِيَّ الْخَفِيَّ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

متقی، غنی اور گوشہ نشین بندہ کو پسند کرتا ہے (متقی ممنوع کاموں اور چیزوں سے بچنے والا۔ غنی مال دار یا دل کا غنی)۔ (مسلم)

وَذُكِرَ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ لَا حَسَدَ اِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ فِيْ بَابِ فَضَائِلِ الْقُرْاٰنِ۔

اور حضرت ابن عمر رضؓ کی حدیث "لَا حَسَدَ اِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ"، فضائل قرآن کے باب میں بیان کی گئی ہے۔

فصل دوم

درازیٔ عمر کی فضیلت حسنِ عمل پر منحصر ہے

۵۰۵۳ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَحَسُنَ عَمَلُهٗ قَالَ فَاَيُّ النَّاسِ شَرٌّ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَسَاءَ عَمَلُهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابی بکرہ رضؓ کہتے ہیں ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کونسا آدمی بہتر ہے؟ آپؐ نے فرمایا وہ شخص جس کی عمر زیادہ ہو اور عمل اچھے ہوں۔ پھر پوچھا اور کونسا آدمی برا ہے؟ فرمایا جس کی عمر زیادہ اور عمل بُرے ہوں۔ (احمد۔ ترمذی۔ دارمی)

اچھے اعمال کے ساتھ زیادتیٔ عمر کی فضیلت

۵۰۵۴ وَعَنْ عُبَيْدِ ابْنِ خَالِدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰخٰى بَيْنَ رَجُلَيْنِ فَقُتِلَ اَحَدُهُمَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتَ الْاٰخَرُ بَعْدَهٗ بِجُمُعَةٍ اَوْ نَحْوِهَا فَصَلّٰى عَلَيْهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُلْتُمْ قَالُوْا دَعَوْنَا اللّٰهَ اَنْ يَّغْفِرَ لَهٗ وَيَرْحَمَهٗ وَيُلْحِقَهٗ لِصَاحِبِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَيْنَ صَلٰوتُهٗ بَعْدَ صَلٰوتِهٖ وَعَمَلُهٗ بَعْدَ عَمَلِهٖ اَوْ قَالَ صِيَامُهٗ بَعْدَ صِيَامِهٖ لِمَا بَيْنَهُمَا اَبْعَدُ مِمَّا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عبید بن خالد رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو شخصوں کے درمیان اخوت کرادی تھی (یعنی بھائی بھائی بنادیا تھا) ان میں سے ایک شخص خدا کی راہ میں مارا گیا اس کے بعد دوسرا بھی (اسی بستر پر) مرگیا ایک ہفتہ یا قریب ایک ہفتہ کے بعد صحابہ رضؓ نے اس شخص کے جنازہ کی نماز پڑھی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رضؓ سے پوچھا تم نے نماز میں کیا پڑھا؟ صحابہ رضؓ نے عرض کیا ہم نے اس کے لئے دعا کی کہ اس کو خدا بخش دے اُس پر رحم فرمائے اور اس کو اُس کے ساتھی کے پاس پہنچا دے (جو شہید ہوا ہے) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سُن کر فرمایا اس کی وہ نماز کہاں گئی جو اس نے اپنے ساتھی کے مرنے کے بعد پڑھی اور وہ عمل کہاں گیا جو اس نے اس کے بعد کیا۔ یا آپؐ نے یہ الفاظ فرمائے کہ اس کے وہ روزے کہاں گئے جو اس کے بعد اس نے رکھے ہیں (یعنی جب تم نے اس کو شہید کے برابر مرتبے پر پہنچنے کی دُعا اُس کے لئے کی ہے تو اس کے ان اعمال کا ثواب کیا ہوا (یعنی اس کا مرتبہ شہید سے زیادہ ہے) پھر آپؐ نے فرمایا جنت کے اندر دو شخصوں کے درمیان جو فاصلہ ہے وہ اس فاصلہ سے زیادہ ہے جو آسمان اور زمین کے درمیان ہے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

وہ چار آدمی جن کے حق میں دنیا بھلی یا بُری ہے

۵۰۵۵ وَعَنْ اَبِيْ كَبْشَةَ الْاَنْمَارِيِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ثَلٰثٌ اُقْسِمُ عَلَيْهِنَّ وَاُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا فَاحْفَظُوْهُ فَاَمَّا الَّذِيْ اُقْسِمُ عَلَيْهِنَّ فَاِنَّهٗ مَا نَقَصَ مَالُ عَبْدٍ مِّنْ صَدَقَةٍ وَّلَا ظُلِمَ عَبْدٌ مَّظْلِمَةً صَبَرَ عَلَيْهَا اِلَّا زَادَهُ اللّٰهُ بِهَا عِزًّا وَّلَا فَتَحَ عَبْدٌ بَابَ

حضرت ابی کبشہ انماری رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے تین باتیں ہیں جن پر میں قسم کھاتا ہوں کہ وہ حق ہیں اور تم سے میں ایک بات بیان کرتا ہوں تم اس کو محفوظ رکھو، وہ تین باتیں ہیں جن پر میں قسم کھاتا ہوں۔ ایک یہ کہ بندہ کا مال صدقہ اور خیرات کرنے سے کم نہیں ہوتا اور جس بندہ پر ظلم و زیادتی کی جائے اور اس پر صبر کرے اللہ تعالیٰ اس کی عزت کو بڑھاتا ہے اور جس بندہ نے سوال

مَسْئَلَةٍ إِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ وَاَمَّا الَّذِيْ أُحَدِّثُكُمْ فَاحْفَظُوْهُ فَقَالَ إِنَّمَا الدُّنْيَا لِاَرْبَعَةِ نَفَرٍ عَبْدٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَّعِلْمًا فَهُوَ يَتَّقِيْ فِيْهِ رَبَّهٗ وَيَصِلُ رَحِمَهٗ وَيَعْمَلُ لِلّٰهِ فِيْهِ بِحَقِّهٖ فَهٰذَا بِاَفْضَلِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ عِلْمًا وَّلَمْ يَرْزُقْهُ مَالًا فَهُوَ صَادِقُ النِّيَّةِ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّ لِيْ مَالًا لَعَمِلْتُ فِيْهِ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَاَجْرُهُمَا سَوَاءٌ وَّعَبْدٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَّلَمْ يَرْزُقْهُ عِلْمًا فَهُوَ يَتَخَبَّطُ فِيْ مَالِهٖ بِغَيْرِ عِلْمٍ لَا يَتَّقِيْ فِيْهِ رَبَّهٗ وَلَا يَصِلُ فِيْهِ رَحِمَهٗ وَلَا يَعْمَلُ فِيْهِ بِحَقٍّ فَهٰذَا بِاَخْبَثِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٌ لَمْ يَرْزُقْهُ اللّٰهُ مَالًا وَلَا عِلْمًا فَهُوَ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّ لِيْ مَالًا لَعَمِلْتُ فِيْهِ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَهُوَ نِيَّتُهٗ وَوِزْرُهُمَا سَوَاءٌ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ)۔

کا دروازہ کھولا (یعنی لوگوں سے مانگنا شروع کیا) اللہ تعالیٰ اس کے لئے فقر و افلاس کا دروازہ کھول دیتا ہے۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا جس کا میں نے ذکر کیا تھا۔ اب میں اس کو بیان کرتا ہوں اس کو یاد رکھو۔ دنیا چار آدمیوں کے لئے ہے ایک تو اس بندہ کے لئے جس کو خدا نے مال اور علم عطا فرمایا پس وہ مال کو خرچ کرنے میں خدا سے ڈرتا ہے (اور حرام کاموں میں خرچ نہیں کرتا) رشتہ داروں سے سلوک کرتا ہے اور اس مال میں سے مال کے حق کے موافق خداوند تعالیٰ کے لئے خرچ کرتا ہے اس شخص کا بڑا درجہ ہے دوسرے اس بندہ کے لئے جس کو خداوند تعالیٰ نے علم عطا فرمایا اور مال عطا نہیں فرمایا۔ یہ بندہ (علم کے سبب) سچی نیت رکھتا ہے اور یہ آرزو کرتا ہے کہ اگر میرے پاس مال ہوتا تو میں فلاں شخص کی طرح اس کو نیک کاموں میں خرچ کرتا۔ اس کو بھی پہلے بندہ کی مانند اجر ملے گا اور ثواب میں دونوں برابر ہوں گے اور تیسرا بندہ وہ ہے جس کو خدا نے مال دیا ہے اور علم نہیں دیا یہ بندہ اپنے مال کو علم نہ ہونے کی وجہ سے بُری طرح خرچ کرتا ہے نہ تو خرچ کرنے میں خدا سے ڈرتا ہے نہ رشتہ داروں سے سلوک کرتا ہے اور نہ خدا کا حق اپنے مال میں سے نکالتا ہے اور نہ بندوں کا حق ادا کرتا ہے یہ بندہ بدترین مرتبہ کا ہے۔ اور چوتھا بندہ وہ ہے جس کو خدا نے مال بھی نہیں دیا اور علم بھی نہیں دیا وہ کہتا ہے اگر میرے پاس مال ہوتا تو میں فلاں شخص کی طرح خرچ کرتا (یعنی بُرے کاموں میں) یہ بندہ اپنی نیت کے سبب مغلوب ہے اور اس کا گناہ تیسرے شخص کے گناہ کی مانند ہے۔ (ترمذی)

نیکی کی توفیق اور حسنِ خاتمہ

۵۰۵۶/۵ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اِذَا اَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا اِسْتَعْمَلَهٗ قِيْلَ وَكَيْفَ يَسْتَعْمِلُهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ يُوَفِّقُهٗ بِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ الْمَوْتِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انسؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ جب کسی بندہ کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے بھلائی کے کام کراتا ہے۔ پوچھا گیا خدا بھلائی کے کام کیوں کر کراتا ہے یا رسول اللہ فرمایا موت سے پہلے اس کو اعمالِ نیک کی توفیق مرحمت فرماتا ہے۔ (ترمذی)

دانا شخص وہی ہے جو خواہشات نفس احکامِ الٰہی کے تابع کردے

۵۰۵۷/۶ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهٗ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَاجِزُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهٗ هَوَاهَا وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت شدادؓ بن اوس کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے عاقل اور محتاط شخص وہ ہے جو اپنے نفس کو ذلیل سمجھے اور اپنے قابو میں رکھے اور عمل کرے مابعد موت کے لئے اور عاجز و درماندہ وہ شخص ہے جو اپنے نفس کو خواہشات کا غلام ہو اور خدا تعالیٰ سے بخشش کا آرزو مند ہو۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

فصل سوم

خدا ترس لوگوں کے لئے دولت بُری چیز نہیں

۵۰۵۸ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کُنَّا فِیْ مَجْلِسٍ فَطَلَعَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی رَاْسِہٖ اَثَرُ مَاءٍ فَقُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ نَرَاکَ طَیِّبَ النَّفْسِ قَالَ اَجَلْ قَالَ ثُمَّ خَاضَ الْقَوْمُ فِیْ ذِکْرِ الْغِنٰی فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا بَاْسَ بِالْغِنٰی لِمَنِ اتَّقَی اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ وَالصِّحَّۃُ لِمَنِ اتَّقٰی خَیْرٌ مِّنَ الْغِنٰی وَطِیْبُ النَّفْسِ مِنَ النَّعِیْمِ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کہتے ہیں کہ ہم ایک مجلس میں تھے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ کے سر پر غسل کی تری تھی۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس وقت ہم آپ کو خوش دیکھتے ہیں۔ فرمایا ہاں۔ راوی کہتا ہے کہ اس کے بعد لوگ باتوں میں مشغول ہو گئے اور دولتمندی پر بحث ہونے لگی (کہ وہ اچھی ہے یا بُری) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص خداوند بزرگ و برتر سے ڈرے اس کے لئے دولتمندی بُری چیز نہیں ہے اور متقی کے لئے صحت (جسمانی) دولت سے بہتر ہے اور خوشحالی اور خوشدلی خدا کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔ (احمد)

مال و دولت مومن کی ڈھال ہے

۵۰۵۹ وَعَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ قَالَ کَانَ الْمَالُ فِیْمَا مَضٰی یُکْرَہُ فَاَمَّا الْیَوْمَ فَھُوَ تُرْسُ الْمُؤْمِنِ وَقَالَ لَوْلَا ھٰذِہِ الدَّنَانِیْرُ لَتَمَنْدَلَ بِمَا ھٰؤُلَاءِ الْمُلُوْکُ وَقَالَ مَنْ کَانَ فِیْ یَدِہٖ مِنْ ھٰذِہٖ شَیْءٌ فَلْیُصْلِحْہُ فَاِنَّہٗ زَمَانٌ اِنِ احْتَاجَ کَانَ اَوَّلَ مَنْ یُّبْدِلُ دِیْنَہٗ وَقَالَ الْحَلَالُ لَا یَحْتَمِلُ السَّرَفَ۔

(رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت سفیان ثوری رض کہتے ہیں کہ اگلے زمانے میں مال کو بُرا سمجھا جاتا تھا لیکن آج کل مال مومن کی ڈھال ہے سفیان کہتے ہیں کہ اگر یہ دینار ہمارے پاس نہ ہوتے تو یہ بادشاہ ہم کو ذلیل و خوار بنا دیتے اور سفیان نے یہ کہا کہ جس شخص کے پاس کچھ مال ہو وہ اس کی اصلاح کرے (یعنی اس کو بڑھانے کی تدبیریں کرے اور ضائع ہونے سے بچائے) اس لئے کہ ہمارا یہ زمانہ ایسا زمانہ ہے کہ اگر اس میں کوئی محتاج ہوگا تو وہی سب سے پہلا شخص ہے جو اپنے دین کو دنیا کے عوض فروخت کر دے گا اور سفیان ثوری رح نے کہا کہ حلال مال فضول خرچی میں ضائع نہیں ہوتا۔ (شرح السنۃ)

ساٹھ سال کی عمر بڑی عمر ہے

۵۰۶۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُنَادِیْ مُنَادٍ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَیْنَ اَبْنَاءُ السِّتِّیْنَ وَھُوَ الْعُمُرُ الَّذِیْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَوَلَمْ نُعَمِّرْکُمْ مَّا یَتَذَکَّرُ فِیْہِ مَنْ تَذَکَّرَ وَجَاءَکُمُ النَّذِیْرُ۔

(رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابن عباس رض کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن ایک منادی یہ اعلان کرے گا کہ ساٹھ برس کی عمر والے لوگ کہاں ہیں اور یہ عمر وہ عمر ہے جس کی نسبت خداوند تعالیٰ نے فرمایا ہے اَوَلَمْ نُعَمِّرْکُمْ مَّا یَتَذَکَّرُ فِیْہِ مَنْ تَذَکَّرَ وَجَاءَکُمُ النَّذِیْرُ (یعنی کیا ہم نے تم کو ایسی عمر نہ دی جس میں نصیحت حاصل کرنے والا نصیحت (عبرت) حاصل کرے حالانکہ تمہارے پاس ڈرانے والا بھی آیا (یعنی بڑھاپا یا قرآن یا رسول یا موت)۔ (بیہقی)

حسنِ عمل کے ساتھ عمر کی زیادتی درجات کی بلندی کا باعث ہے

۵۰۶۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ شَدَّادٍ قَالَ اِنَّ نَفَرًا مِّنْ بَنِیْ ثَلٰثَۃٍ اَتَوُا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن شداد رض کہتے ہیں کہ قبیلۂ بنی عذرہ کے تین آدمی آدمی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور اسلام قبول کیا آپ نے

فَاسْلَمُوْا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّكْفِيْنِيْهِمْ قَالَ طَلْحَةُ اَنَا فَكَانُوْا عِنْدَهٗ فَبَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا فَخَرَجَ فِيْهِ اَحَدُهُمْ فَاسْتُشْهِدَ ثُمَّ بَعَثَ بَعْثًا فَخَرَجَ فِيْهِ الْاٰخَرُ فَاسْتُشْهِدَ ثُمَّ مَاتَ الثَّالِثُ عَلٰى فِرَاشِهٖ قَالَ قَالَ طَلْحَةُ فَرَاَيْتُ هٰؤُلَاءِ الثَّلٰثَةَ فِي الْجَنَّةِ وَرَاَيْتُ الْمَيِّتَ عَلٰى فِرَاشِهٖ اَمَامَهُمْ وَالَّذِيْ اسْتُشْهِدَ اٰخِرًا يَلِيْهِ فَاَوَّلُهُمْ يَلِيْهِ فَدَخَلَنِيْ مِنْ ذٰلِكَ فَذَكَرْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ فَقَالَ وَمَا اَنْكَرْتَ مِنْ ذٰلِكَ لَيْسَ اَحَدٌ اَفْضَلَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ مُّؤْمِنٍ يُّعَمَّرُ فِي الْاِسْلَامِ لِتَسْبِيْحِهٖ وَتَكْبِيْرِهٖ وَتَهْلِيْلِهٖ۔

صحابہؓ سے فرمایا کون ہے جو اُن کی خبر گیری کرے مجھ کو آگاہ کرے؟ طلحہؓ نے عرض کیا میں ان کی خبر گیری کروں گا وہ تینوں آدمی حضرت طلحہؓ کے پاس رہے پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر بھیجا۔ ان تینوں میں سے ایک شخص اس لشکر میں گیا اور شہید ہوا پھر ایک اور لشکر آپ نے بھیجا اس میں دوسرا شخص گیا اور شہید ہوا پھر تیسرا شخص بستر پر مر گیا راوی کا بیان ہے کہ حضرت طلحہؓ نے کہا میں نے ان تینوں کو (خواب میں) جنّت کے اندر دیکھا جو شخص بستر پر مرا تھا وہ سب سے آگے تھا اور جو دوسرے لشکر میں شہید ہوا وہ اس کے پیچھے تھے اور سب سے پہلا شخص جو پہلے لشکر میں شہید ہوا تھا سب سے آخر میں تھا میرے دل میں اس سے شبہ پیدا ہوا اور اس کا ذکر میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کیا آپؐ نے فرمایا اور ان میں سے تو نے کس چیز کا انکار کیا۔ خدا تعالیٰ کے نزدیک اس مسلمان سے زیادہ بہتر کوئی شخص نہیں ہے جس نے اسلام میں زیادہ عمر پائی اور اس کو تحمید و تسبیح اور تہلیل و تکبیر کا زیادہ موقع ملا۔ (احمد)

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

عبادت گزار زندگی کی اہمیت

۵۰۶۲ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ عُمَيْرَةَ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ عَبْدًا الْوَخَّرَ عَلٰى وَجْهِهٖ مِنْ يَوْمِ وُلِدَ اِلٰى اَنْ يَّمُوْتَ هَرَمًا فِيْ طَاعَةِ اللّٰهِ لَحَقَّرَهٗ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَوَدَّ اَنَّهٗ رُدَّ اِلَى الدُّنْيَا كَيْمَا يَزْدَادَ مِنَ الْاَجْرِ وَالثَّوَابِ۔ (رَوَاهُمَا اَحْمَدُ)

حضرت محمد بن ابی عمیرہؓ کہتے ہیں کہ اگر کوئی بندہ پیدائش کے دن سے بوڑھا ہو کر مرنے تک خدا کی اطاعت و عبادت میں سرنگوں رہے تو وہ البتہ اپنی اس عبادت و طاعت کو قیامت کے دن حقیر خیال کرے گا اور یہ آرزو کرے گا کہ اس کو پھر دنیا میں واپس کر دیا جائے تاکہ اس کا اجر و ثواب زیادہ ہو جائے۔ (احمد)

بَابُ التَّوَكُّلِ وَالصَّبْرِ

توکّل اور صبر کا بیان

فصل اوّل

توکل اختیار کرنے والوں کی فضیلت

۵۰۶۳ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِيْ سَبْعُوْنَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَسْتَرْقُوْنَ وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عبّاسؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میری امّت میں سے ستّر ہزار (افراد) بے حساب جنت میں داخل ہوں گے اور یہ لوگ نہ منتر کرتے ہوں گے اور نہ شگون بد لیتے ہوں گے اور صرف اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہوں گے۔ (بخاری و مسلم)

۵۰۶۴ وَعَنْهُ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ عُرِضَتْ عَلَيَّ الْاُمَمُ فَجَعَلَ

حضرت ابن عبّاسؓ کہتے ہیں کہ ایک روز نبی صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا پیش کی گئیں (یعنی دکھائی گئیں) مجھ پر امتیں (یعنی

يُمُرُّ النَّبِيُّ وَمَعَهُ الرَّجُلُ وَالنَّبِيُّ وَمَعَهُ الرَّجُلَانِ وَالنَّبِيُّ وَمَعَهُ الرَّهْطُ وَالنَّبِيُّ وَلَيْسَ مَعَهُ اَحَدٌ فَرَاَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْاُفُقَ فَرَجَوْتُ اَنْ يَّكُوْنَ اُمَّتِيْ فَقِيْلَ هٰذَا مُوْسٰى فِيْ قَوْمِهٖ ثُمَّ قِيْلَ لِيْ انْظُرْ فَرَاَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْاُفُقَ فَقِيْلَ لِيْ انْظُرْ هٰكَذَا فَرَاَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْاُفُقَ فَقِيْلَ هٰؤُلَاءِ اُمَّتُكَ وَمَعَ هٰؤُلَاءِ سَبْعُوْنَ اَلْفًا قُدَّامَهُمْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَلَا يَسْتَرْقُوْنَ وَلَا يَكْتَوُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ فَقَامَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ فَقَالَ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ قَالَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ ثُمَّ قَامَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَقَالَ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ تَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ فَقَالَ سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

خواب یا حالتِ کشف میں) پس پیغمبروں نے اپنی امتوں کے ساتھ گزرنا شروع کیا ایک نبی گزرا کہ اس کے ساتھ ایک آدمی تھا (یعنی صرف ایک تابع) اور ایک نبی گزرا جس کے ساتھ دو آدمی تھے اور ایک نبی گزرا کہ اس کے ساتھ ایک جماعت تھی اور ایک نبی گزرا جس کے ساتھ ایک آدمی بھی نہ تھا۔ پھر میں نے ایک بڑی جماعت یا انبوہ کو دیکھا جو آسمان کے کناروں تک میں بھری ہوئی تھی (اس کی زیادتی کو دیکھ کر) میں نے یہ امید باندھی کہ یہ میری امت ہوگی۔ لیکن مجھ کو بتایا گیا کہ یہ موسیٰ ؑ اور ان کی امت ہے۔ پھر مجھ سے کہا گیا دیکھ اور میں نے ایک بڑے انبوہ کو دیکھا جس سے آسمان کے کنارے معمور تھے۔ پھر مجھ سے کہا گیا دائیں بائیں دیکھ۔ میں نے ایک بڑے انبوہ کو دیکھا جس سے آسمان کے کنارے معمور تھے۔ پھر مجھ سے کہا گیا یہ تیری امت ہے اور ان کے علاوہ ستر ہزار اور ہیں جو بے حساب جنت میں داخل ہوں گے۔ اور یہ لوگ وہ ہوں گے جو نہ تو بدشگون لیتے ہیں اور نہ منتر پڑھواتے ہیں اور نہ اپنے جسم پر داغ لیتے ہیں اور صرف خدا پر بھروسہ رکھتے ہیں (یہ سُنکر) عکاشہ رضؓ بن محصن (صحابی) کھڑے ہوئے اور عرض کیا۔ دعا فرمایئے خداوند تعالےٰ ان لوگوں میں مجھ کو شامل کردے پھر ایک اور شخص کھڑا ہوا۔ عرض کیا میرے لئے بھی دُعا فرما دیجئے آپ نے فرمایا تجھ پر عکاشہ سبقت لے گیا۔ (بخاری و مسلم)

مومن کی مخصوص شان

۵۰۶۵/۳ وَعَنْ صُهَيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجَبًا لِاَمْرِ الْمُؤْمِنِ اِنَّ اَمْرَهٗ كُلَّهٗ لَهٗ خَيْرٌ وَّلَيْسَ ذٰلِكَ لِاَحَدٍ اِلَّا لِلْمُؤْمِنِ اِنْ اَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَّهٗ وَاِنْ اَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ صَبَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَّهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت صہیب رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مومن کی شان عجیب ہے اس کے تمام کام نیکی ہیں اور یہ شان صرف مومن کے ساتھ مخصوص ہے اگر اس کو خوشی حاصل ہو (یعنی فراخی، کشادگی اور خوش حالی) خدا کا شکر کرے پس یہ شکر اس کے لئے نیکی ہے۔ جب کوئی حادثہ پہنچے تو صبر کرے اور یہ صبر بھی اس کے لئے نیکی ہے۔ (مسلم)

کچھ خاص ہدایتیں

۵۰۶۶/۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ خَيْرٌ وَّاَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيْفِ وَفِيْ كُلٍّ خَيْرٌ اِحْرِصْ عَلٰى مَا يَنْفَعُكَ وَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَلَا تَعْجَزْ وَاِنْ اَصَابَكَ شَيْءٌ فَلَا تَقُلْ لَوْ اَنِّيْ فَعَلْتُ كَانَ كَذَا وَكَذَا وَلٰكِنْ قُلْ قَدَّرَ اللّٰهُ وَمَا شَاءَ فَعَلَ فَاِنَّ لَوْ تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّيْطَانِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مومنِ قوی (یعنی ایمان و اعتقاد میں بہتر ہے) خدا تعالےٰ کے نزدیک محبوب ہے مومن ضعیف سے اور ہر مومن میں (قوی ہو یا ضعیف) نیکی ہے جو چیز تجھ کو نفع پہنچائے اس پر حرص کر اور خدا کی مدد و توفیق طلب کر۔ اور طلبِ استعانت سے عاجز نہ ہو اور جب تجھ کو کوئی رنج و مصیبت پہنچے (یعنی کسی کام میں کوئی نقصان ہو جائے) تو یوں نہ کہہ کہ اگر میں اِس طرح کرتا تو ایسا ہوتا۔ بلکہ اس طرح کہہ کہ خدا نے یہی مقدر کیا اور خدا تعالےٰ جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے۔ اِس لئے کہ "اگر" کا لفظ شیطان کے کام کو کھولتا اور دل میں وسوسہ پیدا کرتا ہے۔ (مسلم)

فصل دوم

اللہ پر پوری طرح توکل کرنے کی فضیلت

۵۰۶۷ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّكُمْ تَتَوَكَّلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهٖ لَرَزَقَكُمْ كَمَا يَرْزُقُ الطَّيْرَ تَغْدُوْ خِمَاصًا وَتَرُوْحُ بِطَانًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عمر بن خطابؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ اگر تم خدا پر بھروسہ کرو گے جیسا بھروسے کا حق ہے تو وہ تم کو اس طرح رزق دے گا جس طرح پرندوں کو رزق دیتا ہے وہ صبح کو بھوکے نکلتے ہیں اور شام کو پیٹ بھرے (اپنے گھونسلوں میں) جاتے ہیں)۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

حصول رزق کے بارے میں ایک خاص ہدایت

۵۰۶۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّهَا النَّاسُ لَيْسَ مِنْ شَيْءٍ يُقَرِّبُكُمْ اِلَى الْجَنَّةِ وَيُبَاعِدُكُمْ مِنَ النَّارِ اِلَّا قَدْ اَمَرْتُكُمْ بِهٖ وَلَيْسَ شَيْءٌ يُقَرِّبُكُمْ مِنَ النَّارِ وَيُبَاعِدُكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ اِلَّا قَدْ نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ وَاِنَّ الرُّوْحَ الْاَمِيْنَ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَاِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِيْ رُوْعِيْ اَنَّ نَفْسًا لَنْ تَمُوْتَ حَتّٰى تَسْتَكْمِلَ رِزْقَهَا اَلَا فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَجْمِلُوْا فِي الطَّلَبِ وَلَا يَحْمِلَنَّكُمُ اسْتِبْطَاءُ الرِّزْقِ اَنْ تَطْلُبُوْهُ بِمَعَاصِي اللّٰهِ فَاِنَّهٗ لَا يُدْرَكُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ اِلَّا بِطَاعَتِهٖ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ وَاِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ)۔

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگو! کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو تم کو جنت سے قریب کر دے اور دوزخ سے دور رکھے مگر وہ جس کا میں نے تم کو حکم دیا ہے اور کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو تم کو دوزخ کے قریب کر دے اور جنت سے دور رکھے مگر وہ چیز جس سے میں نے تم کو منع کر دیا ہے اور حضرت جبرئیلؑ نے میرے دل میں یہ بات ڈالی ہے کہ کوئی شخص اس وقت تک نہیں مرتا جب تک کہ اپنا رزق پورا نہیں کر لیتا۔ خبردار خدا سے ڈرو اور رزق حاصل کرنے میں اعتدال سے کام لو اور رزق پہنچنے میں تاخیر کہیں تم کو اس بات پر آمادہ نہ کر دے کہ تم اس کی وجہ سے گناہوں کا ارتکاب کرنے لگو۔ اس لئے کہ وہ چیز جو خدا کے پاس ہے اس کو اطاعت ہی کے ذریعہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ (شرح السنۃ۔ بیہقی)

اصل زہد کیا ہے

۵۰۶۹ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الزَّهَادَةُ فِي الدُّنْيَا لَيْسَتْ بِتَحْرِيْمِ الْحَلَالِ وَلَا بِاِضَاعَةِ الْمَالِ وَلٰكِنَّ الزَّهَادَةَ فِي الدُّنْيَا اَنْ لَا تَكُوْنَ بِمَا فِيْ يَدَيْكَ اَوْثَقَ بِمَا فِيْ يَدَيِ اللّٰهِ وَاَنْ تَكُوْنَ فِيْ ثَوَابِ الْمُصِيْبَةِ اِذَا اَنْتَ اُصِبْتَ بِهَا اَرْغَبَ فِيْهَا لَوْ اَنَّهَا اُبْقِيَتْ لَكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَمْرُو بْنُ وَاقِدِ الرَّاوِيْ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ)۔

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ترک دنیا حلال کو حرام بنانے اور مال کو ضائع کرنے کا نام نہیں ہے بلکہ زہد یہ ہے کہ جو کچھ تیرے ہاتھوں میں ہے (مال و دولت) اس پر بھروسہ نہ کر بلکہ اس پر بھروسہ کر جو خدا کے ہاتھوں میں ہے اور ترک دنیا یہ ہے کہ جب تجھ پر کوئی مصیبت پڑے تو تو اس مصیبت میں ثواب کا طالب ہو اور یہ خواہش رکھ کہ یہ مصیبت باقی رہے اور ختم نہ ہو (تاکہ اس کا ثواب حاصل ہو)۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ) اور ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے اور عمرو بن واقد منکر الحدیث ہے۔

تمام تر نفع و نقصان پہنچانے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے

۵۰۷۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ میں ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ يَا غُلَامُ اِحْفَظِ اللّٰهَ يَحْفَظْكَ اِحْفَظِ اللّٰهَ تَجِدْهُ تُجَاهَكَ وَاِذَا سَاَلْتَ فَاسْئَلِ اللّٰهَ وَاِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَاعْلَمْ اَنَّ الْاُمَّةَ لَوِ اجْتَمَعَتْ عَلٰى اَنْ يَّنْفَعُوْكَ بِشَيْءٍ لَّمْ يَنْفَعُوْكَ اِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ لَكَ وَلَوِ اجْتَمَعُوْا عَلٰى اَنْ يَّضُرُّوْكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَضُرُّوْكَ اِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ رُفِعَتِ الْاَقْلَامُ وَجُفَّتِ الصُّحُفُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

وسلم کے پیچھے سوار تھا۔ آپ نے فرمایا لڑکے! خدا کے احکام (اوامر و نواہی) کو محفوظ رکھ۔ خداوند تعالیٰ تجھ کو اپنی حفاظت میں رکھے گا اور محفوظ رکھ تو اللہ کے حق کو تو تو اللہ کو اپنے سامنے پائے گا اور جب تو سوال کا ارادہ کرے تو اللہ تعالیٰ سے سوال کر اور جب تو مدد چاہے تو خدا ہی سے مدد چاہ اور یہ بات یاد رکھ کہ ساری مخلوق اگر جمع ہو کر تجھ کو کچھ نفع پہنچانا چاہے تو ہرگز تجھ کو نفع نہ پہنچا سکے گی مگر صرف اتنا جتنا کہ خدا نے تیرے مقدر میں لکھ دیا ہے قلم اٹھا کر رکھ دیئے گئے اور صحیفے خشک ہو گئے۔ (احمد۔ ترمذی)

انسان کی نیک بختی اور بد بختی؟

۵۰۷۱ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَعَادَةِ ابْنِ اٰدَمَ رِضَاهُ بِمَا قَضَى اللّٰهُ لَهٗ وَمِنْ شَقَاوَةِ ابْنِ اٰدَمَ تَرْكُهُ اِسْتِخَارَةَ اللّٰهِ وَمِنْ شَقَاوَةِ ابْنِ اٰدَمَ سَخَطُهٗ بِمَا قَضَى اللّٰهُ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)۔

حضرت سعد رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انسان کی نیک بختی یہ ہے کہ جو کچھ خدا نے اس کے لئے مقدر کر دیا ہے وہ اس پر راضی رہے اور آدمی کی بدبختی یہ ہے کہ وہ خدا سے خیر اور بھلائی کو مانگنا چھوڑ دے اور انسان کی بدبختی یہ ہے کہ خدا نے جو کچھ اس کے مقدر میں لکھا ہے وہ اس سے غضبناک اور ناخوش ہو۔ (احمد۔ ترمذی)

(یہ حدیث غریب ہے)۔

فصل سوم

خدا پر کامل اعتماد کا اثر

۵۰۷۲ عَنْ جَابِرٍ اَنَّهٗ غَزَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ نَجْدٍ فَلَمَّا قَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَفَلَ مَعَهٗ فَاَدْرَكَتْهُمُ الْقَائِلَةُ فِيْ وَادٍ كَثِيْرِ الْعِضَاهِ فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَفَرَّقَ النَّاسُ يَسْتَظِلُّوْنَ بِالشَّجَرِ فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ سَمُرَةٍ فَعَلَّقَ بِهَا سَيْفَهٗ وَنِمْنَا نَوْمَةً فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْنَا وَاِذَا عِنْدَهٗ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ اِنَّ هٰذَا اخْتَرَطَ عَلَيَّ سَيْفِيْ وَاَنَا نَائِمٌ فَاسْتَيْقَظْتُ وَهُوَ فِيْ يَدِهٖ صَلْتًا قَالَ مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّيْ فَقُلْتُ اللّٰهُ ثَلٰثًا وَلَمْ يُعَاقِبْهُ وَجَلَسَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نجد کی جانب جہاد کیا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واپس ہوئے تو وہ بھی آپ کے ہمراہ واپس ہوئے دوپہر کے وقت صحابہ رضؓ ایک جنگل میں پہنچے جس میں کیکر کے درخت زیادہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہاں اتر پڑے صحابہ رضؓ بھی سایہ کی تلاش میں ادھر ادھر درختوں کے نیچے جا پڑے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک بڑے درخت کے نیچے ٹھہرے اپنی تلوار درخت پر لٹکا دی اور ہم تھوڑی دیر کے لئے سو گئے ناگہاں ہم نے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو پکار رہے ہیں اور آپ کے پاس ایک دیہاتی بیٹھا ہے، آپ نے (ہمارے جمع ہو جانے پر) فرمایا اس دیہاتی نے مجھ پر تلوار کھینچی اس حال میں کہ میں سو رہا تھا میں جاگ پڑا۔ اور دیکھا کہ ننگی تلوار اس کے ہاتھ میں ہے اور وہ مجھ سے کہہ رہا ہے اب تجھ کو میرے ہاتھ سے کون بچائے گا میں نے کہا خدا بچائے گا۔ تین مرتبہ یہی الفاظ فرمائے اور اس اعرابی کو آپ نے کوئی سزا نہ دی اور اٹھ کر بیٹھ گئے۔ (بخاری و مسلم)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِاَبِيْ بَكْرٍ الْاِسْمَاعِيْلِيِّ فِيْ صَحِيْحِهٖ فَقَالَ مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّيْ قَالَ اللّٰهُ فَسَقَطَ السَّيْفُ مِنْ يَدِهٖ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّيْفَ فَقَالَ مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّيْ فَقَالَ كُنْ خَيْرَ

اور ابوبکر اسماعیلی نے جو روایت اپنی صحیح میں درج کی ہے اس میں یہ الفاظ ہیں کہ اعرابی نے تلوار ہاتھ میں لے کر کہا۔ اب تجھ کو میرے ہاتھ سے کون بچائے گا۔ آپ

اٰخِذٍ فَقَالَ تَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ لَا وَلٰكِنِّیْ اُعَاهِدُكَ عَلٰی اَنْ لَّآ اُقَاتِلَكَ وَلَا اَكُوْنَ مَعَ قَوْمٍ یُقَاتِلُوْنَكَ فَخَلّٰی سَبِیْلَهٗ فَاَتٰی اَصْحَابَهٗ فَقَالَ جِئْتُكُمْ مِنْ عِنْدِ خَیْرِ النَّاسِ هٰكَذَا فِیْ كِتَابِ الْحُمَیْدِیِّ وَفِی الرِّیَاضِ۔

فرمایا خدا بچائے گا۔ یہ سُنکر اعرابی کے ہاتھ سے تلوار گر پڑی۔ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تلوار کو اُٹھالیا اور فرمایا تجھ کو میرے ہاتھ سے کون بچائے گا؟ اعرابی نے کہا تم بہترین پکڑنیوالے بنو۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو اس کی شہادت دے کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور میں خدا کا رسول ہوں۔ دیہاتی نے کہا میں مسلمان نہیں ہوتا لیکن اس بات کا معاہدہ کرتا ہوں کہ نہ تو آپ سے لڑوں گا اور نہ اس قوم کا ساتھ دونگا جو آپ سے لڑے گی۔ یہ سُنکر آپؐ نے اس دیہاتی کو چھوڑ دیا وہ دیہاتی اپنے ساتھیوں کے پاس آیا اور کہا میں تمہارے پاس ایک بہترین شخص کے پاس سے ہوکر آیا ہوں۔

تقویٰ و پرہیزگاری اور رزق

۵۰۷۳ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّیْ لَاَعْلَمُ اٰیَةً لَوْ اَخَذَ النَّاسُ بِهَا لَكَفَتْهُمْ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابوذر رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مجھ کو ایک ایسی آیت معلوم ہے کہ اگر لوگ اس پر عمل کریں تو وہی ان کو کافی ہے (اور وہ آیت یہ ہے) وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ (یعنی جو خدا سے ڈرے خداوند تعالےٰ اُس کے لئے نجات کا راستہ پیدا کر دیتا ہے اور اس کو ایک ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے جہاں سے خیال و گمان تک نہیں ہوتا۔ (احمد۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

رزق دینے والا صرف اللہ تعالےٰ ہے

۵۰۷۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اَقْرَاَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَنَا الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ)

حضرت ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو یہ آیت سکھائی اِنِّیْ اَنَا الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ (یعنی خداوند تعالےٰ فرماتا ہے کہ میں رزق دینے والا اور طاقتور ہوں) (ابوداؤد اور ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے)۔

کسب و کمائی کو اصل کمائی نہ سمجھو!

۵۰۷۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ اَخَوَانِ عَلٰی عَهْدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ اَحَدُهُمَا یَاْتِی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالْاٰخَرُ یَحْتَرِفُ فَشَكَی الْمُحْتَرِفُ اَخَاهُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَعَلَّكَ تُرْزَقُ بِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ۔

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دو بھائی تھے ایک ان میں سے رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا اور دوسرا کچھ پیشہ کرتا تھا۔ پیشہ ور بھائی نے رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اپنے بھائی کی شکایت کی (یعنی یہ کہا کہ وہ کام کاج نہیں کرتا) حضورؐ نے فرمایا شاید تجھ کو اس کی برکت سے رزق دیا جاتا ہو۔ (ترمذی کہتے ہیں یہ حدیث صحیح غریب ہے)

توکل کی ہدایت

۵۰۷۶ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ قَلْبَ ابْنِ اٰدَمَ بِكُلِّ وَادٍ شُعْبَةٌ فَمَنِ اتَّبَعَ قَلْبُهُ الشِّعَابَ كُلَّهَا لَمْ یُبَالِ اللّٰهُ بِاَیِّ وَادٍ اَهْلَكَهٗ وَمَنْ تَوَكَّلَ عَلَی

حضرت عمرو بن العاصؓ کہتے ہیں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انسان کا دل ہر جنگل میں ایک شاخ ہے (یعنی اس کو ہر طرح کی فکریں ہیں) پھر جس شخص نے اپنے دل کو ساری شاخوں کی طرف متوجہ رکھا (یعنی ہر قسم کی فکروں میں مشغول و منہمک رہا) خداوند تعالےٰ

اللّٰہِ کَفَاہُ الشِّعَبَ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ) اس کی پروا نہیں کرتا خواہ کسی جنگل میں اس کو ہلاک کردے اور جس نے خدا پر توکل کیا اور اپنے کاموں کو خدا کے سپرد کردیا خداوند تعالیٰ اس کے تمام کاموں کو درست کردیتا ہے۔ (ابن ماجہ)

خدا پر بھروسہ

۵۰۷۷/۱۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَبُّکُمْ عَزَّ وَجَلَّ لَوْ اَنَّ عِبَادِیْ اَطَاعُوْنِیْ لَاَسْقَیْتُھُمُ الْمَطَرَ بِاللَّیْلِ وَاَطْلَعْتُ عَلَیْھِمُ الشَّمْسَ بِالنَّھَارِ وَلَمْ اُسْمِعْھُمْ صَوْتَ الرَّعْدِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تمہارا رب بزرگ و برتر فرماتا ہے اگر میرے بندے میری اطاعت کریں تو میں ان پر رات کو مینھ برساؤں جب کہ وہ سوتے ہوں اور دن کو آفتاب نکالوں اور بادل گرجنے کی آوازیں ان کو نہ سناؤں۔ (احمد)

صبر و توکل سے متعلق ایک حیرت انگیز واقعہ

۵۰۷۸/۱۶ وَعَنْہُ قَالَ دَخَلَ رَجُلٌ عَلٰی اَھْلِہٖ فَلَمَّا رَاٰی مَا بِھِمْ مِنَ الْحَاجَۃِ خَرَجَ اِلَی الْبَرِّیَّۃِ فَلَمَّا رَاَتِ امْرَاَتُہٗ قَامَتْ اِلَی الرَّحٰی فَوَضَعَتْھَا وَاِلَی التَّنُّوْرِ فَسَجَرَتْہُ ثُمَّ قَالَتْ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا فَنَظَرَتْ فَاِذَا الْجَفْنَۃُ قَدِ امْتَلَأَتْ قَالَ وَذَھَبَتْ اِلَی التَّنُّوْرِ فَوَجَدَتْہُ مُمْتَلِئًا قَالَ فَرَجَعَ الزَّوْجُ قَالَ اَصَبْتُمْ بَعْدِیْ شَیْئًا قَالَتِ امْرَاَتُہٗ نَعَمْ مِنْ رَبِّنَا وَقَامَ اِلَی الرَّحٰی فَذَکَرَ ذٰلِکَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَمَا اِنَّہٗ لَوْ لَمْ یَرْفَعْھَا لَمْ تَزَلْ تَدُوْرُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں ایک شخص اپنے اہل و عیال کے پاس آیا، جب اس نے ان کی حاجتوں اور ضرورتوں کو دیکھا تو وہ جنگل کی طرف چلا گیا۔ ادھر جب عورت نے دیکھا کہ (اس کے شوہر کے پاس کچھ نہیں ہے اور وہ شرم کی وجہ سے باہر چلا گیا ہے) تو وہ اٹھی اور چکی پر پہنچی، اس کو صاف کیا۔ یعنی جو کچھ اس میں تھا اس کو نکالا۔ پھر تنور کی طرف گئی اور اس کو گرم کیا اور پھر خدا سے یہ دعا کی "اے میرے اللہ! ہم کو رزق عطا فرما" اس کے بعد اس نے دیکھا کہ چکی کا گرانڈ آٹے سے بھرا ہوا ہے پھر وہ تنور کی طرف گئی تو دیکھا اس میں روٹیاں بھری ہوئی ہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ اتنے میں اس کا شوہر آگیا اور کہا۔ کیا تم کو میرے جانے کے بعد کہیں سے کھانے کا سامان مل گیا (اور اس کو آٹے سے بھرا ہوا پایا) اس واقعہ کا ذکر اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا۔ آپؐ نے فرمایا اگر تم چکی کا پاٹ نہ اٹھا لیتے تو چکی قیامت تک گردش میں رہتی۔ (اور اس سے آٹا نکلتا رہتا)۔ (احمد)

رزق انسان کی تلاش میں رہتا ہے

۵۰۷۹/۱۷ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرِّزْقَ لَیَطْلُبُ الْعَبْدَ کَمَا یَطْلُبُہٗ اَجَلُہٗ۔ (رَوَاہُ اَبُوْ نُعَیْمٌ فِی الْحِلْیَۃِ)

حضرت ابودرداءؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے رزق بندہ کو اسی طرح ڈھونڈتا ہے جس طرح موت انسان کو ڈھونڈتی ہے (ابونعیم)

نبی کا لامثال صبر

۵۰۸۰/۱۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَحْکِیْ نَبِیًّا مِّنَ الْاَنْبِیَاءِ ضَرَبَہٗ قَوْمُہٗ فَاَدْمَوْہُ وَھُوَ یَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَّجْھِہٖ وَیَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ گویا میں اس وقت بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں کہ آپؐ ایک نبیؑ کا واقعہ بیان فرما رہے ہیں اس نبیؑ کا جس کو اس کی قوم نے مارا اور لہولہان کردیا۔ وہ نبیؑ اپنے چہرے سے خون پونچھتا جاتا تھا اور کہتا جاتا تھا۔ اے اللہ! تو میری قوم کو بخش دے وہ میری حقیقت سے واقف نہیں ہے۔

بَابُ الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ — ریاء اور سمعہ کا بیان

فصل اوّل

خدا صورت اور مال کو نہیں دیکھتا، دل کو دیکھتا ہے

۵۰۸۱/۱ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ اِلٰى صُوَرِكُمْ وَاَمْوَالِكُمْ وَلٰكِنْ يَنْظُرُ اِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَاَعْمَالِكُمْ (رواہ مسلم)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالےٰ تمہاری صورتوں اور تمہارے مالوں کو نہیں دیکھتا بلکہ تمہارے دلوں اور تمہارے اعمال کو دیکھتا ہے۔ (مسلم)

غیر مخلصانہ عمل کی کوئی اہمیت نہیں

۵۰۸۲/۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَا اَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا اَشْرَكَ فِيْهِ مَعِيَ غَيْرِيْ تَرَكْتُهٗ وَشِرْكَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاَنَا مِنْهُ بَرِيْءٌ لِلَّذِيْ عَمِلَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابی ہریرہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں شرکاء کے شرک سے بیزار ہوں (یعنی جس طرح اور شرکاء شرکت پر راضی ہیں اس طرح میں راضی نہیں بلکہ میں شرکت سے بیزار ہوں) جو شخص کام (عبادت) کرے جس میں میرے ساتھ دوسرے کو شریک کرے تو میں اس کو اور اس کے شرک دونوں کو چھوڑ دیتا ہوں اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ میں اس شخص سے بری ہوں وہ شخص یا اس کا عمل اسی کے لئے ہے جو عمل اس نے کیا ہے۔ (مسلم)

دکھانے سنانے کے لئے عمل کرنے والوں کے بارے میں وعید

۵۰۸۳/۳ وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهٖ وَمَنْ يُّرَائِيْ يُرَائِي اللّٰهُ بِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جندبؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کوئی عمل سنانے اور شہرت دینے کے لئے کرے اللہ تعالےٰ اس کے عیب کو مشہور کرے گا۔ اور جو شخص کوئی عمل دکھانے کے لئے کرے خدا اس کو ریا[1] کاروں کی سزا دکھائے گا۔ (بخاری و مسلم)

کسی عمل خیر کی وجہ سے خود بخود مشہور ہو جانا ریا نہیں ہے

۵۰۸۴/۴ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَاَيْتَ الرَّجُلَ يَعْمَلُ الْعَمَلَ مِنَ الْخَيْرِ وَيَحْمَدُهُ النَّاسُ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَيُحِبُّهُ النَّاسُ عَلَيْهِ قَالَ تِلْكَ عَاجِلُ بُشْرَى الْمُؤْمِنِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابی ذرؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا اس شخص کی نسبت آپ کا کیا خیال ہے جو نیک کام کرتا ہے اور لوگ اس کے کاموں کی تعریف کرتے ہیں اور ایک روایت میں الفاظ ہیں کہ لوگ اس سے محبت کرتے ہیں (کیا اس کے اعمالِ خیر کا ثواب قائم رہتا ہے یا باطل ہو جاتا ہے؟) آپ نے فرمایا یہ (تعریف کرنا) مومن کے لئے فوری خوش خبری ہے (اور اصل خوشخبری آخرت میں ہے)

فصل دوم

شرک و ریا کے بارے میں ایک وعید

۵۰۸۵/۵ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ فُضَالَةَ عَنْ رَسُوْلِ

حضرت ابی سعید بن ابی فضالہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ

---

[1] ریاء۔ دکھاوے کا کام یعنی وہ اعمالِ خیر جو خدا کے لئے نہیں بلکہ لوگوں کو دکھانے کے لئے کئے جائیں۔ اور سُمعہ وہ کام ہے جو لوگوں کو سنانے اور شہرت حاصل کرنے کے لئے کئے جائیں۔ ۱۲ مترجم

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا جَمَعَ اللّٰہُ النَّاسَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ لِیَوْمٍ لَا رَیْبَ فِیْہِ نَادٰی مُنَادٍ مَنْ کَانَ اَشْرَکَ فِیْ عَمَلٍ عَمِلَہٗ لِلّٰہِ اَحَدًا فَلْیَطْلُبْ ثَوَابَہٗ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰہِ فَاِنَّ اللّٰہَ اَغْنَی الشُّرَکَاءِ عَنِ الشِّرْکِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب خداوند تعالیٰ قیامت کے دن لوگوں کو جمع کرے گا اور یہ (قیامت کا) دن ایسا دن ہے جس کے آنے میں کوئی شک نہیں ہے تو ایک ندا کرنے والا یہ اعلان کرے گا جس شخص نے اپنے عمل میں جس کو اس نے خدا کے لئے کیا ہو خدا کے سوا کسی اور کو شریک کیا ہو اس کو چاہیئے کہ وہ اپنے اس عمل کا ثواب اسی شریک سے طلب کرے اس لئے کہ خداوند تعالیٰ شرکاء کے شرک سے بیزار ہے۔ (احمد)

ریاکاری کی مذمت

۵۰۸۶/۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّہٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ سَمَّعَ النَّاسَ بِعَمَلِہٖ سَمَّعَ اللّٰہُ بِہٖ اَسَامِعَ خَلْقِہٖ وَحَقَّرَہٗ وَصَغَّرَہٗ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ کہتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جو شخص اپنے عمل کو شہرت دے (یعنی لوگوں کو سنائے کہ اس نے یہ عمل کیا) تو خداوند تعالیٰ اس کے ریا کے عمل کو اپنی مخلوق کے کانوں تک پہنچائے گا۔ (یعنی اسکی ریاکاری کا اظہار کریگا) اور اس کو ذلیل و رسوا کرے گا۔ (بیہقی)

نیت کے اخلاص و عدم اخلاص کا اثر

۵۰۸۷/۷ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کَانَتْ نِیَّتُہٗ طَلَبَ الْاٰخِرَۃِ جَعَلَ اللّٰہُ غِنَاہُ فِیْ قَلْبِہٖ وَجَمَعَ لَہٗ شَمْلَہٗ وَاَتَتْہُ الدُّنْیَا وَھِیَ رَاغِمَۃٌ وَمَنْ کَانَتْ نِیَّتُہٗ طَلَبَ الدُّنْیَا جَعَلَ اللّٰہُ الْفَقْرَ بَیْنَ عَیْنَیْہِ وَشَتَّتَ عَلَیْہِ اَمْرَہٗ وَلَا یَاْتِیْہِ مِنْھَا اِلَّا مَا کُتِبَ لَہٗ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَرَوَاہُ اَحْمَدُ وَالدَّارِمِیُّ عَنْ اَبَانَ عَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کی نیت (اعمالِ خیر سے) آخرت کی طلب ہو خداوند تعالیٰ اس کو غنائے قلبی عطا فرماتا ہے (یعنی اس کو مخلوق کی پرواہ نہیں رہتی) اور اس کی پریشانیوں کو جمع کر کے اطمینان خاطر بخشتا ہے دنیا اس کے پاس آتی ہے اور وہ دنیا کو ذلیل و خوار سمجھتا ہے اور جس شخص کی نیت (اعمال میں) دنیا کا حاصل کرنا ہو، خداوند تعالیٰ افلاس کو اس کی آنکھوں کے سامنے کر دیتا ہے (یعنی فقر و افلاس اس کو محسوس ہونے لگتا ہے) اس کے کاموں میں انتشار اور پریشانی پیدا کرتا ہے اور دنیا اس کو صرف اس قدر ملتی ہے جتنا کہ خدا نے اس کے لئے مقدر کیا ہے۔ (ترمذی)

اُخروی مقاصد کے لئے اپنے نیک عمل کی شہرت پر خوش ہونا "ریا" نہیں ہے

۵۰۸۸/۸ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ بَیْنَا اَنَا فِیْ بَیْتِیْ فِیْ مُصَلًّا اِذْ دَخَلَ عَلَیَّ رَجُلٌ فَاَعْجَبَنِیَ الْحَالُ الَّتِیْ رَاٰنِیْ عَلَیْھَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَحِمَکَ اللّٰہُ یَا اَبَا ھُرَیْرَۃَ لَکَ اَجْرَانِ اَجْرُ السِّرِّ وَاَجْرُ الْعَلَانِیَۃِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! میں اپنے گھر میں اپنے مصلے پر نماز پڑھ رہا تھا کہ ایک شخص میرے پاس آیا اور یہ دیکھ کر مجھ کو خوشی ہوئی کہ اس شخص نے مجھ کو نماز پڑھتے دیکھا (یعنی میرا خوش ہونا ریاکاری تو نہیں) آپ نے فرمایا ابوہریرہ رضؓ خدا تجھ پر رحم فرمائے تجھ کو دو اجر ملیں گے ایک تو خفیہ طور پر نماز پڑھنے کا اور دوسرا اجر نماز ظاہر کا۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)

ریاکار دینداروں کے بارے میں وعید

۵۰۸۹/۹ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَخْرُجُ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ رِجَالٌ یَخْتِلُوْنَ الدُّنْیَا بِالدِّیْنِ یَلْبَسُوْنَ لِلنَّاسِ جُلُوْدَ الضَّاْنِ مِنَ

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے آخری زمانے میں کچھ لوگ ایسے پیدا ہوں گے جو دین کے ذریعہ دنیا داروں کو دھوکہ دیں گے (خدا کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے نہیں بلکہ) لوگوں کو دکھانے کے لئے

الَّذِيْنَ اَلْسِنَتُهُمْ اَحْلٰى مِنَ السُّكَّرِ وَقُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الذِّئَابِ يَقُوْلُ اللّٰهُ اَبِيْ يَغْتَرُّوْنَ اَمْ عَلَيَّ يَجْتَرِءُوْنَ فَبِيْ حَلَفْتُ لَاَبْعَثَنَّ عَلٰى اُولٰئِكَ مِنْهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيْمَ فِيْهِمْ حَيْرَانَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

دنبوں کے چمڑے کے کپڑے پہنیں گے یعنی ان کے کپڑے موٹے جیسے کمبل وغیرہ ان کی زبانیں شکر سے زیادہ شیریں اور نرم ہوں گی (یعنی ان کی باتیں خوشگوار لذیذ اور نرم ہونگی) لیکن ان کے دل بھیڑیوں کے سے ہوں گے (یعنی سخت اور بے رحم) خداوند تعالیٰ اس کی نسبت فرماتا ہے کیا یہ لوگ مجھ کو دھوکہ دیتے ہیں یا میرے ڈھیل دیدینے کے سبب سے مغرور ہو گئے ہیں میں اپنی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں اُن پر اُنھیں میں سے بلا و فتنہ کو مسلط کروں گا (یعنی ان پر ایسے اُمرا وحکام یا اشخاص کو مقرر کروں گا جو اُن کو مصائب و آفات میں مبتلا کر دیں گے ایسی بلا اور فتنہ کو عقلمند و دانا اشخاص اس کے دفع کرنے سے عاجز و حیران رہیں گے۔ (ترمذی)

۵۰۹۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى قَالَ لَقَدْ خَلَقْتُ خَلْقًا اَلْسِنَتُهُمْ اَحْلٰى مِنَ السُّكَّرِ وَقُلُوْبُهُمْ اَمَرُّ مِنَ الصَّبِرِ فَبِيْ حَلَفْتُ لَاُتِيْحَنَّ لَهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيْمَ فِيْهِمْ حَيْرَانَ فَبِيْ يَغْتَرُّوْنَ اَمْ بِيْ يَجْتَرِءُوْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)۔

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ خداوند تعالیٰ کا فرمان ہے کہ میں نے ایک ایسی مخلوق پیدا کی ہے جن کی زبانیں شکر سے زیادہ شیریں ہیں اور جس کے دل ایلوے سے زیادہ تلخ ہیں میں اپنی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ان پر (فتنہ و مصیبت و بلا) نازل کروں گا ایسا فتنہ کہ عقلمند و دانا شخص اس میں حیران ہوگا۔ کیا یہ لوگ مجھ کو دھوکا دیتے ہیں یا مجھ پر جرأت و دلیری کرتے ہیں۔ (ترمذی)۔

میانہ روی کی فضیلت

۵۰۹۱ وَعَنْ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ شِرَّةً وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةً فَاِنْ صَاحِبَهَا سَدَّدَ وَقَارَبَ فَارْجُوْهُ وَاِنْ اُشِيْرَ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ فَلَا تَعُدُّوْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر چیز میں حرص و نشاط ہے (یعنی زیادتی و انہماک) اور ہر زیادتی میں سستی ہے (یعنی ہر اس فعل میں جو زیادتی کے ساتھ کیا جائے سستی پیدا ہو جاتی ہے) پس اگر عمل کرنے والے نے میانہ روی سے کام لیا اور میانہ روی کے قریب رہا (یعنی افراط و تفریط سے بچا رہا) تو اس کی نجات پا جانے کی امید ہے (یعنی اس کی کامیابی کی امید ہے) اور اگر اس کی طرف انگلیوں سے اشارہ کیا گیا (یعنی اس نے اس قدر مبالغہ کیا کہ لوگوں میں مشہور ہو گیا یا مشہور ہونے کے لئے اس نے عبادت میں زیادتی کی تو تم اس کو (صالح اور عابد) شمار نہ کرو۔ (ترمذی)

شہرت یافتہ زندگی پُرخطر ہے

۵۰۹۲ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بِحَسْبِ امْرِئٍ مِنَ الشَّرِّ اَنْ يُّشَارَ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ فِيْ دِيْنٍ اَوْ دُنْيَا اِلَّا مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)۔

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انسان کی بڑائی کے لئے اتنا کافی ہے کہ دین اور دنیا میں اس کی طرف انگلیوں سے اشارہ کیا جائے مگر وہ شخص جس کو خداوند تعالیٰ اس سے محفوظ رکھے۔ (بیہقی)

فصل سوم

سُمعہ کی مذمت

۵۰۹۳ عَنْ اَبِيْ تَمِيْمَةَ قَالَ شَهِدْتُ صَفْوَانَ وَاَصْحَابَهُ وَجُنْدُبٌ يُوْصِيْهِمْ فَقَالُوْا هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَالَ

ابی تمیمہ رضؓ کہتے ہیں کہ میں حضرت صفوان رضؓ اور اُن کے دوستوں کے پاس حاضر ہوا حضرت جندب رضؓ اس وقت ان کو نصیحت کر رہے تھے صفوان وغیرہ نے کہا کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی بات سُنی ہے جندب نے

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ شَاقَّ شَقَّ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالُوْا اَوْصِنَا فَقَالَ اِنَّ اَوَّلَ مَا يُنْتِنُ مِنَ الْاِنْسَانِ بَطْنُهٗ فَمَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ لَّا يَاْكُلَ اِلَّا طَيِّبًا فَلْيَفْعَلْ وَمَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ لَّا يَحُوْلَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ مِلْءُ كَفٍّ مِنْ دَمٍ اَهْرَاقَهٗ فَلْيَفْعَلْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

کہا ہاں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص سنائے (یعنی اعمال نیک لوگوں کو سنانے اور شہرت دینے کے لئے) خداوند تعالیٰ قیامت کے دن اس کو رسوا کریگا اور جو شخص مشقت ڈالے (اپنے اوپر یعنی اپنے آپ کو کسی تکلیف میں ڈالے یا کسی دوسرے کو تکلیف میں ڈالے قیامت کے دن خداوند تعالیٰ اسکو مشقت میں ڈالے گا۔ لوگوں نے کہا ہم کو وصیت کیجئے انھوں نے کہا سب سے پہلی چیز جو انسان کو گندہ اور خراب کرتی ہے (یعنی دوزخ میں لے جانے والی اور موجب عذاب ہوتی ہے) اس کا پیٹ ہے پس جو شخص اس کی قدرت رکھتا ہو کہ مال حلال کھائے (اور حرام کو ہاتھ نہ لگائے) وہ ایسا ہی کرے اور جو شخص اس کی طاقت رکھے کہ اس کے اور جنت کے درمیان ایک چلّو خون حائل نہ ہو وہ ایسا ہی کرے۔ (بخاری)

ریا کاری شرک کے مترادف ہے

۵۰۹۴ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ خَرَجَ يَوْمًا اِلٰى مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ قَاعِدًا عِنْدَ قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِيْ فَقَالَ مَا يُبْكِيْكَ قَالَ يُبْكِيْنِيْ شَيْءٌ سَمِعْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ يَسِيْرَ الرِّيَاءِ شِرْكٌ وَمَنْ عَادٰى لِلّٰهِ وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَ اللّٰهَ بِالْمُحَارَبَةِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْاَبْرَارَ الْاَتْقِيَاءَ الْاَخْفِيَاءَ الَّذِيْنَ اِذَا غَابُوْا لَمْ يُفْتَقَدُوْا وَاِنْ حَضَرُوْا لَمْ يُدْعَوْا وَلَمْ يُعْرَفُوْا قُلُوْبُهُمْ مَصَابِيْحُ الْهُدٰى يَخْرُجُوْنَ مِنْ كُلِّ غَبْرَآءَ مُظْلِمَةٍ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عمر بن خطاب رضؓ کہتے ہیں کہ وہ ایک روز مسجد نبوی کی طرف گئے تو معاذ بن جبل رضؓ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے پاس بیٹھا ہوا دیکھا وہ اس وقت رو رہے تھے۔ حضرت عمر رضؓ نے پوچھا معاذ رضؓ کون چیز تمکو رلا رہی ہے معاذ رضؓ نے کہا مجھ کو وہ بات رلا رہی ہے جس کو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ تھوڑا ریا (بھی) شرک ہے اور یہ کہ جو شخص خدا کے دوست سے دشمنی رکھے (یعنی اس کو نقصان و اذیت پہنچائے) اس نے گویا خدا سے جنگ کی اور مقابلہ کیا۔ خداوند تعالیٰ نیکوکاروں پرہیزگاروں اور ان مخفی حال کے لوگوں کو پسند کرتا ہے کہ جب وہ نظروں سے غائب ہوں تو ان کو ڈھونڈا نہ جائے اور جب موجود ہوں تو ان کو بلایا نہ جائے (اور بلایا جائے تو) پاس نہ بٹھایا جائے ان لوگوں کے دل چراغ ہدایت ہیں اور یہ لوگ ہر تاریک زمین سے ظاہر و پیدا ہوتے ہیں۔ (ابن ماجہ۔ بیہقی)

صدق و اخلاص کی علامت

۵۰۹۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا صَلّٰى فِي الْعَلَانِيَةِ فَاَحْسَنَ صَلّٰى فِي السِّرِّ فَاَحْسَنَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى هٰذَا عَبْدِيْ حَقًّا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بندہ جب علانیہ نماز پڑھتا ہے اور خوبی کے ساتھ پڑھتا ہے اور جب پوشیدہ پڑھتا ہے خوبی کے ساتھ ادا کرتا ہے تو خداوند تعالیٰ فرماتا ہے میرا یہ بندہ سچا ہے (ریا نہیں کرتا)۔ (ابن ماجہ)

ریا کار لوگوں کے بارے میں پیش گوئی

۵۰۹۶ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَكُوْنُ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ اَقْوَامٌ اِخَاؤُهُمُ الْعَلَانِيَةُ اَعْدَاؤُهُمُ السَّرِيْرَةُ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَكُوْنُ ذٰلِكَ قَالَ ذٰلِكَ عَنْ عَجْبٍ بَعْضِهِمْ اِلٰى بَعْضٍ وَرَهْبَةِ بَعْضِهِمْ مِنْ بَعْضٍ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت معاذ بن جبل رضؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے آخری زمانہ میں چند قومیں ایسی ہوگی جو ظاہر میں دوست ہونگی لیکن باطن میں دشمن۔ پوچھا گیا یا رسول اللہ یہ کیونکر ہوگا فرمایا یہ اس طرح ہوگا کہ ان میں سے بعض بعض سے غرض و لالچ رکھیں گے اور بعض بعض سے خوف زدہ ہوں گے۔ (احمد)

دکھلاوے کا نماز روزہ شرک ہے

۵۰۹۷ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ صَلّٰى يُرَائِيْ فَقَدْ اَشْرَكَ وَمَنْ صَامَ يُرَائِيْ فَقَدْ اَشْرَكَ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے جس شخص نے دکھانے کو نماز پڑھی اس نے شرک کیا اور جس نے دکھانے کو روزہ رکھا اس نے شرک کیا اور جس نے دکھانے کے لئے خیرات کی اس نے شرک کیا۔ (احمد)

۵۰۹۸ وَعَنْهُ اَنَّهٗ بَكٰى فَقِيْلَ لَهٗ مَا يُبْكِيْكَ قَالَ شَيْءٌ سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فَذَكَرْتُهٗ فَاَبْكَانِيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَتَخَوَّفُ عَلٰى اُمَّتِيَ الشِّرْكَ وَالشَّهْوَةَ الْخَفِيَّةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُشْرِكُ اُمَّتُكَ مِنْ بَعْدِكَ قَالَ نَعَمْ اَمَا اِنَّهُمْ لَا يَعْبُدُوْنَ شَمْسًا وَّلَا قَمَرًا وَّلَا حَجَرًا وَّلَا وَثَنًا وَّلٰكِنْ يُرَاءُوْنَ بِاَعْمَالِهِمْ وَالشَّهْوَةُ الْخَفِيَّةُ اَنْ يُّصْبِحَ اَحَدُهُمْ صَائِمًا فَتَعْرِضُ لَهٗ شَهْوَةٌ مِّنْ شَهَوَاتِهٖ فَيُفْطِرُ عَلٰى صَوْمِهٖ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)۔

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ (ایک روز) وہ روئے۔ پوچھا گیا کیوں روتے ہو انھوں نے کہا مجھ کو اس بات نے رُلایا جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنی ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ میں اپنی امت پر شرک مخفی اور مخفی خواہشات سے ڈرتا ہوں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ کی امت آپکے بعد شرک کرے گی فرمایا، خبردار ہاں میری امت سورج کو نہ پوجے گی۔ چاند کی عبادت نہ کریگی، پتھر کی پرستش نہ کرے گی اور نہ بتوں کے آگے سجدہ کرے گی لیکن اپنے اعمالِ خیر لوگوں کو دکھائے گی اور مخفی شہوت یہ ہے کہ مثلاً تم میں سے کوئی شخص صبح کو روزہ دار اُٹھے گا پھر کوئی خواہش نفسانی خواہشات میں سے پیش آئیگی (مثلاً کھانے پینے کی خواہش یا جماع کی خواہش) اور وہ روزہ کو توڑ دے گا۔ (احمد۔ بیہقی)

ریاکاری دجّال کے فتنہ سے زیادہ خطرناک ہے

۵۰۹۹ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَا هُوَ اَخْوَفُ عَلَيْكُمْ عِنْدِيْ مِنَ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ فَقُلْنَا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الشِّرْكُ الْخَفِيُّ اَنْ يَّقُوْمَ الرَّجُلُ فَيُصَلِّيَ فَيُزَيِّنُ صَلٰوتَهٗ لِمَا يَرٰى مِنْ نَظَرِ رَجُلٍ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابی سعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم مسیح دجّال کا ذکر کر رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور فرمایا خبردار کیا تمکو میں ایک اور بات نہ بتلاؤ جو میرے نزدیک تمہارے لئے مسیح دجّال سے زیادہ خطرناک ہے؟ ہم نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ۔ آپ نے فرمایا (وہ خطرناک چیز) شرکِ خفی ہے آدمی نماز کیلئے کھڑا ہوتا اور نماز پڑھتا ہے اور زیادتی کرتا ہے نماز میں (یعنی لمبے چوڑے ارکان ادا کرتا ہے) محض اس لئے کہ کوئی شخص اس کو نماز پڑھتے دیکھ رہا ہے۔ (ابن ماجہ)

ریاکاری شرک اصغر ہے

۵۱۰۰ وَعَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمُ الشِّرْكُ الْاَصْغَرُ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الشِّرْكُ الْاَصْغَرُ قَالَ الرِّيَاءُ (رَوَاهُ اَحْمَدُ) وَزَادَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ يَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُمْ يَوْمَ يُجَازِي الْعِبَادَ بِاَعْمَالِهِمْ اِذْهَبُوْا اِلَى الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُرَاؤُوْنَ فِي الدُّنْيَا فَانْظُرُوْا هَلْ تَجِدُوْنَ عِنْدَهُمْ جَزَاءً اَوْ خَيْرًا۔

حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو چیز سے میں تمہارے لئے بہت ڈرتا ہوں وہ شرک اصغر ہے (چھوٹا شرک) صحابہ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! شرکِ اصغر کیا ہے۔ فرمایا ریاء (احمد) اور بیہقی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں قیامت کے دن خداوند تعالیٰ ریاکاروں سے فرمائیگا تم ان لوگوں کے پاس جاؤ جن کو دنیا میں اپنے اعمال دکھایا کرتے تھے اور دیکھو کہ تم کو ان کے پاس جزاء یا بھلائی ملتی ہے (یا نہیں)۔

اخلاص عمل کا اثر

۵۱۰۱ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ رَجُلًا عَمِلَ عَمَلًا فِيْ صَخْرَةٍ لَّا بَابَ لَهَا وَ

حضرت ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر کوئی شخص کسی ایسے پتھر میں کوئی عمل کرے جسمیں نہ تو دروازہ ہو اور نہ کوئی روشندان تو اس کے

لَا كُوَّةَ خَرَجَ عَمَلُهُ إِلَى النَّاسِ كَائِنًا مَّا كَانَ۔

عمل کی بھی لوگوں کو خبر ہو جائے گی خواہ وہ عمل کسی قسم کا ہو۔ (بیہقی)

اللہ تعالیٰ ہر پوشیدہ اچھی یا بری عادت کو آشکارا کر دیتا ہے

۵۱۰۲/۲۲ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهُ سَرِيْرَةٌ صَالِحَةٌ أَوْ سَيِّئَةٌ أَظْهَرَ اللّٰهُ مِنْهَا رِدَاءً يُعْرَفُ بِهِ۔

حضرت عثمان بن عفان رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کی کوئی اچھی یا بری بات چھپی ہوئی ہو خداوند تعالیٰ اس عادت کو ایک نشانی سے ظاہر کر دیتا ہے کہ اس نشانی سے لوگ اس کو شناخت کر لیتے ہیں۔ (بیہقی)

نفاق کی برائی نہایت خوفناک ہے

۵۱۰۳/۲۳ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّمَا أَخَافُ عَلَى هٰذِهِ الْأُمَّةِ كُلَّ مُنَافِقٍ يَتَكَلَّمُ بِالْحِكْمَةِ وَيَعْمَلُ بِالْجَوْرِ۔ (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْأَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت عمر بن خطاب رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں اس امت پر (یعنی اپنی امت پر) ہر منافق کے شر سے ڈرتا ہوں جو علم و حکمت کی تو باتیں کرتا ہے اور ظلم کے کام کرتا ہے۔ (بیہقی)

حسنِ نیت کی اہمیت

۵۱۰۴/۲۴ وَعَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ حَبِيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى إِنِّيْ لَسْتُ كُلَّ كَلَامِ الْحَكِيْمِ أَتَقَبَّلُ وَلٰكِنِّيْ أَتَقَبَّلُ هَمَّهُ وَهَوَاهُ فَإِنْ كَانَ هَمُّهُ وَهَوَاهُ فِيْ طَاعَتِيْ جَعَلْتُ صَمْتَهُ حَمْدًا إِلَيَّ وَوَقَارًا وَإِنْ لَمْ يَتَكَلَّمْ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت مہاجر رضؓ بن حبیب رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ فرماتا ہے میں حکیم کے ہر کلام کو قبول نہیں کر لیتا لیکن میں اس کے ارادہ اور نیت کو قبول کرتا ہوں اگر اس کی نیت اور محبت میری اطاعت میں ہے تو میں اس کی خاموشی کو اپنی تعریف قرار دیتا ہوں اور وقار اگرچہ وہ کلام نہ کرے۔ (دارمی)

بَابُ الْبُكَاءِ وَالْخَوْفِ — رونے اور ڈرنے کا بیان

فصل اوّل

زیادہ ہنسنا آخرت کی ہولناکیوں سے بے فکری کی علامت ہے

۵۱۰۵/۱ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا وَلَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ ابوالقاسم نے فرمایا ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر تم اس چیز کو معلوم کر لو جس کو میں جانتا ہوں تو تم زیادہ روؤ اور بہت کم ہنسو۔ (بخاری)

کسی کے اخروی انجام کے بارے میں یقین کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا

۵۱۰۶/۲ وَعَنْ أُمِّ الْعَلَاءِ الْأَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَا أَدْرِيْ وَاللّٰهِ لَا أَدْرِيْ وَأَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ام العلاء انصاریہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں اگرچہ خدا کا رسول ہوں لیکن خدا کی قسم یہ نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا (معاملہ) کیا جائے گا اور تمہارے ساتھ کیا۔ (بخاری)

دوزخ کے بارے میں حضورؐ کا ایک مشاہدہ

۵۱۰۷/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرِضَتْ عَلَيَّ النَّارُ فَرَأَيْتُ فِيْهَا امْرَأَةً مِّنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ تُعَذَّبُ فِيْ هِرَّةٍ لَهَا رَبَطَتْهَا فَلَمْ تُطْعِمْهَا وَلَمْ تَدَعْهَا تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ حَتّٰى مَاتَتْ

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے پیش کی گئی میرے سامنے دوزخ کی آگ (یعنی معراج یا خواب میں) میں نے اس میں بنو اسرائیل کی ایک عورت کو دیکھا جس کو ایک بلی کے معاملہ میں عذاب کیا جا رہا تھا جس کو اس نے باندھ رکھا تھا نہ تو وہ اس کو کھانے کو دیتی تھی اور نہ اس کی رسّی کھولتی تھی کہ وہ

جُوْعًا وَرَأَيْتُ عَمْرَو بْنَ عَامِرٍ الْخُزَاعِيَّ يَجُرُّ قُصْبَهُ فِي النَّارِ وَكَانَ أَوَّلَ مَنْ سَيَّبَ السَّوَائِبَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حشرات الارض میں سے (چل پھر کر) کچھ کھالے یہاں تک کہ وہ بھوکی مرگئی اور میں نے اس میں عمرو بن عامر خزاعی کو دیکھا جو اپنی آنتوں کو دوزخ کی آگ میں کھینچ رہا تھا اور یہ سب سے پہلا شخص تھا جس نے سانڈ چھوڑنے کی رسم نکالی تھی۔ (مسلم)

فسق و فجور کی کثرت پوری قوم کے لئے موجب ہلاکت

۵۱۰۸ وَعَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا يَوْمًا فَزِعًا يَقُوْلُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ مِثْلُ هٰذِهٖ وَحَلَّقَ بِإِصْبَعَيْهِ الْإِبْهَامِ وَالَّتِيْ تَلِيْهَا قَالَتْ زَيْنَبُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَفَنَهْلِكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت زینب بنت جحش رضؓ کہتی ہیں کہ ایک روز نبی صلے اللہ علیہ وسلم گھبرائے ہوئے ان کے ہاں تشریف لائے اور فرمایا خدا کے سوا کوئی معبود عبادت کے قابل نہیں ہے عرب کے لئے شر قریب پہنچ گیا آج یاجوج ماجوج کی دیوار میں اتنا سوراخ ہوگیا ہے یہ کہہ کر آپ نے انگوٹھے اور قریب کی انگلی کو ملا کر حلقہ بنایا اور دکھایا (اتنا سوراخ ہوگیا ہے) زینبؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا ہم کو ہلاک کردیا جائے گا حالانکہ ہمارے اندر نیک و صالح آدمی بھی ہیں۔ آپ نے فرمایا ہاں جب کہ فسق و فجور زیادہ ہوجائے گا۔ (بخاری و مسلم)

خسف اور مسخ کا عذاب اس اُمت کے لوگوں پر بھی نازل ہوسکتا ہے

۵۱۰۹ وَعَنْ أَبِيْ عَامِرٍ أَوْ أَبِيْ مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيَكُوْنَنَّ مِنْ أُمَّتِيْ أَقْوَامٌ يَسْتَحِلُّوْنَ الْحِرَّ وَالْحَرِيْرَ وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ وَلَيَنْزِلَنَّ أَقْوَامٌ إِلٰى جَنْبِ عَلَمٍ يَرُوْحُ عَلَيْهِمْ بِسَارِحَةٍ لَهُمْ يَأْتِيْهِمْ رَجُلٌ لِحَاجَةٍ فَيَقُوْلُوْنَ ارْجِعْ إِلَيْنَا غَدًا فَيُبَيِّتُهُمُ اللّٰهُ وَيَضَعُ الْعَلَمَ وَيَمْسَخُ آخَرِيْنَ قِرَدَةً وَخَنَازِيْرَ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) وَفِيْ بَعْضِ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ الْحُرَّ وَهُوَ تَصْحِيْفٌ وَإِنَّمَا هُوَ بِالْخَاءِ وَالزَّاءِ الْمُعْجَمَتَيْنِ نَصَّ عَلَيْهِ الْحُمَيْدِيُّ وَابْنُ الْأَثِيْرِ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَفِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ عَنِ الْبُخَارِيِّ وَكَذَا فِيْ شَرْحِهِ لِلْخَطَّابِيِّ تَرُوْحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَةٌ لَهُمْ يَأْتِيْهِمْ لِحَاجَةٍ۔

حضرت ابی عامرؓ یا ابی مالک اشعریؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یہ فرماتے سنا ہے میری امت میں سے کچھ تو قومیں ایسی ہوں گی جو خز (یعنی ادنی اور ریشمی کپڑا) کو ریشم کو اور شراب کو اور باجوں کو حلال و جائز کردیں گی اور ان میں سے کچھ قومیں اونچے پہاڑوں کے پہلو میں قیام اختیار کریں گی (کہ ہر قسم کے لوگ ان کو دیکھنے آئیں گے) رات کے وقت ان کے مواشی (جو چرنے کو گئے تھے) واپس آئیں گے اور ایک سائل ان کے پاس آئیگا وہ اس سے کہدیں گے کل ہمارے پاس آنا پھر رات ہی کو خداوند تعالیٰ ان پر اپنا عذاب نازل فرمائیگا پہاڑوں کو ان کے بعض آدمیوں پر گرادیگا اور بعض کی صورتوں کو مسخ کردیگا اور بندر اور سور بنادیگا جو قیامت تک اسی شکل و صورت میں رہیں گے۔ (بخاری) اور مصابیح کے بعض نسخوں میں الحر ہے اور یہ تصحیف ہے حمیدی اور ابن اثیر کے بیان کے مطابق اس حدیث میں الخز (بالخاء والزاء المعجمتین) ہے حمیدی کی کتاب میں بخاری سے ہے اور اسی طرح خطابی کی شرح بخاری میں تُرُوْحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَةٌ لَهُمْ يَأْتِيْهِمْ لِحَاجَةٍ کے الفاظ ہیں۔

عذابِ الٰہی کا نزول

۵۱۱۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَنْزَلَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ عَذَابًا أَصَابَ الْعَذَابُ مَنْ كَانَ فِيْهِمْ ثُمَّ بُعِثُوْا عَلٰى أَعْمَالِهِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ جب کسی قوم پر عذاب نازل فرماتا ہے تو یہ عذاب ہر اس شخص کو گھیر لیتا ہے جو اس قوم میں ہوتا ہے پھر (آخرت میں) لوگوں کو مع ان کے اعمال کے اٹھایا جائے گا (یعنی جزا و سزا دی جائے گی)۔ (بخاری و مسلم)

اصل اعتبار خاتمہ کا ہے

۵۱۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبْعَثُ كُلُّ عَبْدٍ عَلٰى مَا مَاتَ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن ہر بندہ اس حالت میں اٹھایا جائیگا جس حال پر کہ وہ مرا ہے۔ (مسلم)

فصل دوم

انسان کی نادانی وغفلت کی ایک مثال

۵۱۱۲ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَاَيْتُ مِثْلَ النَّارِ نَامَ هَارِبُهَا وَلَا مِثْلَ الْجَنَّةِ نَامَ طَالِبُهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں نے دوزخ کی آگ کی مانند نہیں دیکھا (یعنی ایسی عجیب وہولناک چیز نہیں دیکھی) کہ اس سے بھاگنے والا سوتا ہے اور جنت کی مانند نہیں دیکھا کہ اس کا طلب کرنیوالا سوتا ہے (یعنی دوزخ سے بھاگنا چاہیئے لیکن آدمی سوتا ہے اور جنت کو طلب کرنا چاہیئے لیکن آدمی سوتا ہے) (ترمذی)

ایک نصیحت ایک آرزو

۵۱۱۳ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَرٰی مَا لَا تَرَوْنَ وَاَسْمَعُ مَا لَا تَسْمَعُوْنَ اَطَّتِ السَّمَاءُ وَحُقَّ لَهَا اَنْ تَاَطَّ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ مَا فِيْهَا مَوْضِعُ اَرْبَعِ اَصَابِعَ اِلَّا وَمَلَكٌ وَاضِعٌ جَبْهَتَهٗ سَاجِدًا لِلّٰهِ وَاللّٰهِ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا وَمَا تَلَذَّذْتُمْ بِالنِّسَاءِ عَلَى الْفُرُشَاتِ وَلَخَرَجْتُمْ اِلَى الصُّعُدَاتِ تَجْاَرُوْنَ اِلَى اللّٰهِ قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ يَا لَيْتَنِیْ كُنْتُ شَجَرَةً تُعْضَدُ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابی ذر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں جس چیز کو دیکھتا ہوں تم نہیں دیکھتے اور جس بات کو میں سنتا ہوں تم نہیں سنتے۔ آسمان آواز بلند کرتا ہے اور اس کو آواز بلند کرنیکا حق ہے قسم اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے آسمان میں چار انگشت جگہ بھی ایسی نہیں جہاں فرشتے خدا کے لئے اپنا سر رکھے سجدہ میں نہ پڑے ہوں اگر تم اس بات کو معلوم کرلو جس کو میں جانتا ہوں تو تم بہت کم ہنسو اور زیادہ روؤ اور نہ عورتوں سے بستروں پر لذت حاصل کرو اور خدا سے نالہ وفریاد کرتے تم جنگلوں کی طرف نکل جاؤ۔ اس حدیث کو بیان کرکے حضرت ابوذر رضؓ نے کہا کاش میں درخت ہوتا جس کو کاٹ ڈالا جاتا۔ (احمد۔ ترمذی۔ ابن ماجہ)

حکیمانہ نصیحت

۵۱۱۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَافَ اَدْلَجَ وَمَنْ اَدْلَجَ بَلَغَ الْمَنْزِلَ اَلَا اِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ غَالِيَةٌ اَلَا اِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ الْجَنَّةُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص (آخر شب میں دشمن کی غارت گری سے) خوف رکھتا ہے اوّل رات میں بھاگتا ہے (یعنی سفر طے کرتا ہے) اور جو شخص اوّل رات میں بھاگتا ہے منزل پر پہنچ جاتا ہے خبردار خدا کا سامان بہت قیمتی ہے۔ خبردار خدا کی متاع جنت ہے۔ (ترمذی)

ذکر اللہ اور خوفِ خداوندی کی فضیلت

۵۱۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ ذِكْرُهٗ اَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ ذَكَرَنِیْ يَوْمًا اَوْ خَافَنِیْ فِیْ مَقَامٍ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالْبَيْهَقِیُّ فِیْ كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خداوند تعالیٰ (قیامت کے دن) فرمائیگا (ان فرشتوں سے جو دوزخ پر متعین ہیں) آگ میں سے اس شخص کو نکال دو جس نے مجھ کو ایک دن بھی یاد کیا ہے یا کسی مقام پر مجھ سے ڈرا ہے۔ (ترمذی۔ بیہقی)

ایک آیت کا مطلب

۵۱۱۶/۱۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ (يعنی وہ لوگ جو دیتے ہیں جو کچھ کہ دیتے ہیں اِس حال میں کہ ان کے دل ترساں ولرزاں ہیں) کہ کیا یہ وہ لوگ ہیں جو شراب پیتے ہیں اور چوری کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا صدیق کی بیٹی نہیں بلکہ وہ وہ لوگ ہیں جو روزے رکھتے ہیں نماز پڑھتے ہیں اور صدقہ دیتے ہیں اور اس کے باوجود وہ خدا سے ڈرتے ہیں کہ ان کے ان اعمال کو (شاید) قبول نہ کیا جائے یہی وہ لوگ ہیں جو نیک کاموں میں جلدی کرتے ہیں۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اِس آیت کا مطلب دریافت کیا وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ (یعنی وہ لوگ جو دیتے ہیں جو کچھ کہ دیتے ہیں اِس حال میں کہ ان کے دل ترساں ولرزاں ہیں) کہ کیا یہ وہ لوگ ہیں جو شراب پیتے ہیں اور چوری کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا صدیق کی بیٹی نہیں بلکہ وہ وہ لوگ ہیں جو روزے رکھتے ہیں نماز پڑھتے ہیں اور صدقہ دیتے ہیں اور اس کے باوجود وہ خدا سے ڈرتے ہیں کہ ان کے ان اعمال کو (شاید) قبول نہ کیا جائے یہی وہ لوگ ہیں جو نیک کاموں میں جلدی کرتے ہیں۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

ذکر اللہ کی نصیحت و تلقین

۵۱۱۷/۱۳ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَهَبَ ثُلُثَا اللَّيْلِ قَامَ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا اللّٰهَ اُذْكُرُوا اللّٰهَ جَاءَتِ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت اُبی بن کعب رضؓ کہتے ہیں کہ جب دو تہائی رات گزر جاتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھتے اور فرماتے لوگو! خدا کو یاد کرو خدا کو یاد کرو۔ زلزلہ آیا اور اس کے پیچھے آتا ہے پیچھے آنیوالا ہے۔ آئی موت معہ اس کے جو اس میں ہے آئی موت معہ اس کے جو اس میں ہے۔ (ترمذی)

موت اور قبر کو یاد رکھو

۵۱۱۸/۱۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَلٰوةٍ فَرَاَى النَّاسَ كَاَنَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ قَالَ اَمَا اِنَّكُمْ لَوْ اَكْثَرْتُمْ ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ لَشَغَلَكُمْ عَمَّا اَرٰى اَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتِ فَاِنَّهُ لَمْ يَاْتِ عَلَى الْقَبْرِ يَوْمٌ اِلَّا تَكَلَّمَ فَيَقُوْلُ اَنَا بَيْتُ الْغُرْبَةِ وَاَنَا بَيْتُ الْوَحْدَةِ وَاَنَا بَيْتُ التُّرَابِ وَاَنَا بَيْتُ الدُّوْدِ وَاِذَا دُفِنَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ قَالَ لَهُ الْقَبْرُ مَرْحَبًا وَّاَهْلًا اَمَا اِنْ كُنْتَ لَاَحَبَّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى ظَهْرِيْ اِلَيَّ فَاِذْ وُلِّيْتُكَ الْيَوْمَ وَصِرْتَ اِلَيَّ فَسَتَرٰى صَنِيْعِيْ بِكَ قَالَ فَيَتَّسِعُ لَهٗ مَدَّ بَصَرِهٖ وَيُفْتَحُ لَهٗ بَابٌ اِلَى الْجَنَّةِ وَاِذَا دُفِنَ الْعَبْدُ الْفَاجِرُ اَوِ الْكَافِرُ قَالَ لَهُ الْقَبْرُ لَا مَرْحَبًا وَّلَا اَهْلًا اَمَا اِنْ كُنْتَ لَاَبْغَضَ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى ظَهْرِيْ اِلَيَّ فَاِذْ وُلِّيْتُكَ الْيَوْمَ وَصِرْتَ اِلَيَّ فَسَتَرٰى صَنِيْعِيْ بِكَ قَالَ فَيَلْتَئِمُ عَلَيْهِ حَتّٰى تَخْتَلِفَ اَضْلَاعُهٗ قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَصَابِعِهٖ فَاَدْخَلَ بَعْضَهَا فِيْ جَوْفِ بَعْضٍ قَالَ وَيُقَيَّضُ لَهٗ سَبْعُوْنَ

حضرت ابی سعید رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے تشریف لائے دیکھا کہ لوگ گویا ہنس رہے ہیں آپ نے فرمایا اگر تم لذتوں کو فنا کر دینے والی چیز کا اکثر ذکر کرتے رہو تو وہ تم کو اس سے باز رکھے جس کو میں دیکھ رہا ہوں (یعنی تم کبھی نہ ہنسو) اور وہ (لذتوں کو فنا کر دینے والی چیز) موت ہے پس تم لذتوں کو فنا کر دینے والی موت کو اکثر یاد رکھو۔ واقعہ یہ ہے کہ کوئی دن ایسا نہیں گزرتا جس میں قبر یہ نہ کہتی ہو کہ میں غربت کا گھر ہوں میں تنہائی کا گھر ہوں میں کیڑوں کا گھر ہوں میں مٹی کا گھر ہوں۔ اور جب قبر میں مومن بندہ کو دفن کیا جاتا ہے تو قبر اس سے کہتی ہے تیرا آنا مبارک ہو تو کشادہ مکان میں آیا ہے تو میرے نزدیک بہت محبوب تھا ان لوگوں میں سے جو مجھ پر چلتے ہیں آج کے دن میں تجھ پر حاکم و قادر بنائی گئی ہوں اور تو مجبور ہو کر میری طرف آیا ہے پس تو عنقریب میرے اس نیک کام کو دیکھے گا جو میں تیرے لئے کروں گی اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر اس مومن بندہ کے لئے قبر کشادہ ہو جاتی ہے جہاں تک کہ نظر کام کرتی ہے اور جنت کی طرف ایک دروازہ کھول دیا جاتا ہے اور جب فاجر یا کافر بندہ کو دفن کیا جاتا ہے تو قبر اس سے کہتی ہے نہ تو تیرا آنا مبارک اور نہ قبر تیرے لئے کشادہ مکان ہے تو میرے نزدیک ان تمام لوگوں میں سے جو مجھ پر چلتے ہیں بُرا تھا اور آج کے دن کہ میں تجھ پر حاکم کی گئی ہوں اور تو مجبور و مقہور میری

تَنِّيْنًا لَوْ اَنَّ وَاحِدًا مِّنْهَا نَفَخَ فِي الْاَرْضِ مَا اَنْبَتَتْ شَيْئًا مَّا بَقِيَتِ الدُّنْيَا فَيَنْهَسُنَهٗ وَيَخْدِشْنَهٗ حَتّٰى يُفْضٰى بِهٖ اِلَى الْحِسَابِ قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ اَوْ حُفْرَةٌ مِّنْ حُفَرِ النَّارِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

طرف آیا ہے تو دیکھے گا کہ میں تیرے ساتھ کیسا بُرا سلوک کرتی ہوں یہ کہہ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر قبر اس کو دبا تی ہے یہانتک کہ اس کی پسلیاں اِدھر کی اُدھر نکل جاتی ہیں۔ ابوسعید رضؓ راوی کہتے ہیں کہ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کافر پر ستّر اژدہے مقرر کئے جاتے ہیں (ایسے اژدہے کہ) اگر ایک ان میں سے پھنکار مارے تو قیامت تک زمین سبزہ نہ اُگائے یہ اژدہے اس کو کاٹتے اور نوچتے رہتے ہیں یہانتک کہ اس بندہ کو حساب کیلئے لیجایا جاتا ہے۔ ابوسعید رضؓ راوی کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے یا دوزخ کے گڑھوں میں سے ایک آگ کا گڑھا ہے۔ (ترمذی)

آخرت کے خوف نے حضورؐ کو جلد بوڑھا کر دیا

۵۱۱۹/۱۵ وَعَنْ اَبِيْ جُحَيْفَةَ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ شِبْتَ قَالَ شَيَّبَتْنِيْ سُوْرَةُ هُوْدٍ وَاَخَوَاتُهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابی جحیفہ رضؓ کہتے ہیں کہ صحابہ رضؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلعم! آپ بوڑھے ہو گئے۔ آپ نے فرمایا مجھ کو سورۂ ہود اور اس جیسی اور سورتوں نے (جن میں قیامت اور عذابِ الٰہی کا ذکر ہے) بوڑھا کر دیا ہے۔ (ترمذی)

۵۱۲۰/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ شِبْتَ قَالَ شَيَّبَتْنِيْ هُوْدٌ وَّالْوَاقِعَةُ وَالْمُرْسَلٰتُ وَعَمَّ يَتَسَاءَلُوْنَ وَاِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَذَكَرَ حَدِيْثَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ لَا يَلِجُ النَّارَ فِيْ كِتَابِ الْجِهَادِ)۔

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلعم! آپ بوڑھے ہو گئے۔ آپ نے فرمایا مجھ کو سورۂ ہود سورۂ واقعہ سورہ مرسلات اور سورۂ عم یتساءلون نے بوڑھا کر دیا ہے (ترمذی) اور حضرت ابوہریرہ رضؓ کی حدیث لا یلج النار الخ کتاب الجہاد میں بیان کی گئی۔

فصل سوم

صحابہ کا کمال احتیاط و تقویٰ

۵۱۲۱/۱۷ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنَّكُمْ لَتَعْمَلُوْنَ اَعْمَالًا هِيَ اَدَقُّ فِيْ اَعْيُنِكُمْ مِّنَ الشَّعْرِ كُنَّا نَعُدُّهَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُوْبِقَاتِ يَعْنِي الْمُهْلِكَاتِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ تم ایسے عمل کرتے ہو جو تمہاری نظر میں بال سے باریک ہیں (یعنی بہت معمولی) لیکن ہم ان کاموں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ہلاک کرنیوالے کاموں میں شمار کرتے تھے۔ (بخاری و مسلم)

چھوٹے چھوٹے گناہوں سے بھی اجتناب کرو اور بچو

۵۱۲۲/۱۸ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَائِشَةُ اِيَّايَ وَمُحَقَّرَاتِ الذُّنُوْبِ فَاِنَّ لَهَا مِنَ اللّٰهِ طَالِبًا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عائشہ رضؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عائشہ رضؓ اپنے آپ کو اُن گناہوں سے بچا جن کو حقیر و معمولی خیال کیا جاتا ہے اس لئے کہ ان گناہوں کے ساتھ خدا کی طرف سے ایک مطالبہ کرنے والا بھی ہے (یعنی فرشتہ)۔ (ابن ماجہ۔ دارمی۔ بیہقی)

حضرت عمرؓ نے حضرت ابوموسیٰ سے کیا کہا

۵۱۲۳/۱۹ وَعَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ لِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ هَلْ تَدْرِيْ مَا قَالَ اَبِيْ لِاَبِيْكَ قَالَ

حضرت ابی بردہ رضؓ بن ابی موسیٰ کہتے ہیں کہ مجھ سے عبداللہ بن عمر رضؓ نے کہا تم جانتے ہو میرے باپ نے تمہارے باپ سے کیا کہا تھا میں نے کہا مجھ کو معلوم نہیں۔ عبداللہ نے

قُلْتُ لَا قَالَ فَاِنَّ اَبِیْ قَالَ لِاَبِیْكَ یَا اَبَا مُوْسٰی هَلْ یَسُرُّكَ اَنَّ اِسْلَامَنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهِجْرَتَنَا مَعَهٗ وَجِهَادَنَا مَعَهٗ وَعَمَلَنَا كُلَّهٗ مَعَهٗ بَرْدٌ لَّنَا وَاَنَّ كُلَّ عَمَلٍ عَمِلْنَا بَعْدَهٗ نَجَوْنَا مِنْهُ كَفَافًا رَأْسًا بِرَأْسٍ فَقَالَ اَبُوْكَ لِاَبِیْ لَا وَاللّٰهِ قَدْ جَاهَدْنَا بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَصَلَّیْنَا وَصُمْنَا وَعَمِلْنَا خَیْرًا كَثِیْرًا وَاَسْلَمَ عَلٰی اَیْدِیْنَا بَشَرٌ كَثِیْرٌ وَّاِنَّا لَنَرْجُوْ اَذٰلِكَ قَالَ اَبِیْ لٰكِنِّیْ اَنَا وَالَّذِیْ نَفْسُ عُمَرَ بِیَدِهٖ لَوَدِدْتُّ اَنَّ ذٰلِكَ بَرْدٌ لَّنَا اَنَّ كُلَّ شَیْءٍ عَمِلْنَاهُ بَعْدَهٗ نَجَوْنَا مِنْهُ كَفَافًا رَأْسًا بِرَأْسٍ فَقُلْتُ اِنَّ اَبَاكَ وَاللّٰهِ خَیْرًا مِّنْ اَبِیْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

کہا میرے باپ نے تمہارے باپ سے کہا تھا اے ابوموسیٰ کیا یہ بات تجھ کو خوش کرتی ہے کہ ہمارا اسلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (کی بعثت) کے ساتھ تھا اور ہماری ہجرت آپ کے ساتھ تھی اور ہمارا جہاد آپ کے ساتھ تھا اور ہمارے سارے اعمال آپ کے ساتھ تھے جو ہمارے مالِ غنیمت کی طرح ہیں (یعنی ثابت و برقرار اور آپ کے بعد جو عمل ہم نے کئے ہیں ان سے اگر ہم برابر سرابر چھوٹ جائیں تو ہمارے لئے کافی ہے تمہارے باپ نے یہ سُنکر میرے باپ سے کہا نہیں یوں نہیں خدا کی قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہم نے جہاد کیا ہم نے نماز پڑھی ہم نے روزے رکھے اور بہت سے نیک اعمال ہم نے کئے اور ہمارے ہاتھوں سے بہت سے لوگ مسلمان ہوئے اور امید ہے کہ ہم کو ان اعمال کا ثواب ملے گا۔ میرے باپ نے یہ سنکر کہا لیکن میں اس ذات کی قسم کھا کر کہتا ہوں جس کے ہاتھ میں عمر کی جان ہے میں اس کو پسند کرتا ہوں کہ جو اعمال ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کئے ہیں وہی ثابت و برقرار ہیں اور جو اعمال ہم نے آپ کے بعد کئے ہیں ان سے ہم برابر سرابر چھوٹ جائیں گے میں نے یہ سنکر کہا کہ تمہارے باپ خدا کی قسم میرے باپ سے بہتر تھے۔ (بخاری)

نو باتوں کا حکم (۹)

۵۱۲۴/۲۰ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنِیْ رَبِّیْ بِتِسْعٍ خَشْیَةِ اللّٰهِ فِی السِّرِّ وَالْعَلَانِیَةِ وَكَلِمَةِ الْعَدْلِ فِی الْغَضَبِ وَالرِّضَا وَالْقَصْدِ فِی الْفَقْرِ وَالْغِنَا وَاَنْ اَصِلَ مَنْ قَطَعَنِیْ وَاُعْطِیَ مَنْ حَرَمَنِیْ وَاَعْفُوَ عَمَّنْ ظَلَمَنِیْ وَاَنْ تَكُوْنَ صَمْتِیْ فِكْرًا وَنُطْقِیْ ذِكْرًا وَنَظَرِیْ عِبْرَةً وَّاٰمُرَ بِالْعُرْفِ وَقِیْلَ بِالْمَعْرُوْفِ۔ (رَوَاهُ رَزِیْنٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میرے پروردگار نے مجھ کو نو باتوں کا حکم دیا ہے (۱) ظاہر و باطن خدا سے ڈرنا (۲) سچی بات کہنا غصہ اور رضامندی کی حالت میں (۳) فقر اور غنا میں میانہ روی (یعنی افلاس اور دولتمندی دونوں حالتوں میں میانہ روی (۴) میں اس سے قرابت داری کو قائم و برقرار رکھوں جو مجھ سے قطع تعلق کرے (۵) میں اس شخص کو دوں جو مجھ کو محروم رکھے (۶) جو شخص مجھ پر ظلم کرے میں (باوجود قدرتِ انتقام) اس کو معاف کر دوں (۷) میری خاموشی غور و فکر ہو (۸) میری گویائی ذکرِ الٰہی ہو (۹) اور میری نظر عبرت حاصل کرنے کے لئے ہو اور میرے پروردگار نے یہ حکم دیا ہے کہ میں امر بالمعروف کروں۔ (رزین)

خوف الٰہی سے گریہ کی فضیلت

۵۱۲۵/۲۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ مُّؤْمِنٍ یَخْرُجُ مِنْ عَیْنَیْهِ دُمُوْعٌ وَاِنْ كَانَ مِثْلَ رَأْسِ الذُّبَابِ مِنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ثُمَّ یُصِیْبُ شَیْئًا مِّنْ حَرِّ وَجْهِهٖ اِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَی النَّارِ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کا کوئی مومن بندہ ایسا نہیں ہے جس کی آنکھوں سے خوفِ خدا میں آنسو نکلیں اگرچہ وہ آنسو مکھی کے سر کے برابر ہوں پھر وہ آنسو اس کے خوبصورت چہرہ پر پہنچیں مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس پر دوزخ کی آگ کو حرام کر دیتا ہے۔ (ابن ماجہ)

بَابُ تَغَيُّرِ النَّاسِ

لوگوں کی حالتوں میں تغیر و تبدّل کا بیان

فصل اوّل

قحط الرّجال

۵۱۲۶ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا النَّاسُ كَالْاِبِلِ الْمِائَةِ لَا تَكَادُ تَجِدُ فِيْهَا رَاحِلَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے آدمی اُن سو اونٹوں کے مانند ہے جن میں سے تو ایک ہی کو سواری کے قابل پائے گا (یعنی آدمی تو بہت ہیں جیسے اونٹ بہت ہیں لیکن ان میں کام کا آدمی ایک آدھ ہوتا ہے جیسے سو اونٹوں میں سے ایک ہی اونٹ سواری و بار برداری کے قابل نکلتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

اہل اسلام کے بارے میں ایک پیش گوئی

۵۱۲۷ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَتَتْبَعُنَّ سَنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ شِبْرًا بِشِبْرٍ وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ حَتّٰى لَوْ دَخَلُوْا جُحْرَ ضَبٍّ تَبِعْتُمُوْهُمْ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى قَالَ فَمَنْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابی سعید رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم لوگ البتہ ان لوگوں کی تقلید و پیروی کرو گے جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں بالشت برابر بالشت اور ہاتھ برابر ہاتھ یہاں تک کہ اگر وہ پہاڑ کے سوراخ میں بیٹھے ہوں گے تو تم اس میں بھی ان کا اتباع کرو گے۔ پوچھا گیا یا رسول اللہ! (کیا آپ کی مراد) یہود و نصاریٰ سے ہے؟ آپ نے فرمایا (وہ نہیں تو پھر) اور کون۔ (بخاری و مسلم)

دنیا میں بتدریج نیک لوگوں کی کمی ہوتی رہے گی

۵۱۲۸ وَعَنْ مِرْدَاسٍ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْهَبُ الصَّالِحُوْنَ الْاَوَّلُ فَالْاَوَّلُ وَتَبْقٰى حُفَالَةٌ كَحُفَالَةِ الشَّعِيْرِ اَوِ التَّمْرِ لَا يُبَالِيْهِمُ اللّٰهُ بَالَةً۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت مرداس اسلمی رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مرتے رہیں گے نیک بخت لوگ یکے بعد دیگرے اور باقی رہیں گے ردی و بے کار (یعنی بد اور بدکار) مانند جَو کی بھوسی یا کھجور کی بھوسی کے جن کی اللہ تعالیٰ کوئی پروا نہیں کرتا۔ (بخاری)

فصل دوم

ایک پیش گوئی جو صحیح ثابت ہوئی

۵۱۲۹ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَشَتْ اُمَّتِيَ الْمُطَيْطَاءَ وَخَدَمَتْهُمْ اَبْنَاءُ الْمُلُوْكِ اَبْنَاءُ فَارِسَ وَالرُّوْمِ سَلَّطَ اللّٰهُ شِرَارَهَا عَلٰى خِيَارِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب میری امت کے لوگ تکبّر سے چلیں گے اور فارس و روم کے بادشاہوں کی اولاد اُن کی خدمت کرے گی تو خداوند تعالیٰ امت کے بُرے لوگوں کو بھلے لوگوں پر مسلّط کر دے گا۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)۔

قیامت کب قائم ہوگی

۵۱۳۰/۵ وَعَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتُلُوْا اِمَامَكُمْ وَ تَجْلِدُوْا اِبَاسَيَافِكُمْ وَيَرِثُ دُنْيَاكُمْ شِرَارُكُمْ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت حذیفہ رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت اُس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ تم اپنے امام (خلیفہ یا سُلطان) کو قتل نہ کروگے اور آپس میں ایک دوسرے کو اپنی تلواروں سے نہ ماروگے اور تمہاری دنیا کے مالک تمہارے شریر و بدکار لوگ نہ ہو جائیں گے۔ (ترمذی)

۵۱۳۱/۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكُوْنَ اَسْعَدَ النَّاسِ بِالدُّنْيَا لُكَعُ بْنُ لُكَعَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ)۔

حضرت حذیفہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت اس وقت تک نہ آئے گی جب تک کہ دنیا میں سب سے زیادہ نصیبہ ور اور دولتمند وہ شخص نہ بن جائے جو احمق ہے اور احمق کا بیٹا ہے (یعنی بد اصل اور بدسیرت اشخاص دُنیاوی جاہ و جلال اور دولت کے مالک نہ ہو جائیں گے۔) (ترمذی۔ بیہقی)

عیش و راحت کی زندگی دینی و اخروی سعادتوں کی راہ میں رکاوٹ ہے

۵۱۳۲/۷ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبِ الْقُرَظِيِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَنْ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ اِنَّا لَجُلُوْسٌ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَاطَّلَعَ عَلَيْنَا مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ مَا عَلَيْهِ اِلَّا بُرْدَةٌ لَهٗ مَرْفُوْعَةٌ بِفَرْوٍ فَلَمَّا رَاٰهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكٰى لِلَّذِيْ كَانَ فِيْهِ مِنَ النِّعْمَةِ وَالَّذِيْ هُوَ فِيْهِ الْيَوْمَ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ بِكُمْ اِذَا غَدَا اَحَدُكُمْ فِيْ حُلَّةٍ وَرَاحَ فِيْ حُلَّةٍ وَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ صَحْفَةٌ وَرُفِعَتْ اُخْرٰى وَسَتَرْتُمْ بُيُوْتَكُمْ كَمَا تُسْتَرُ الْكَعْبَةُ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مِنَّا الْيَوْمَ نَتَفَرَّغُ لِلْعِبَادَةِ وَنُكْفَى الْمُؤْنَةَ قَالَ لَا اَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرٌ مِنْكُمْ يَوْمَئِذٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت محمد بن کعب قُرظی رضؓ کہتے ہیں کہ مجھ سے اُس شخص نے بیان کیا ہے جس نے حضرت علی رضؓ بن ابی طالب سے سُنا تھا۔ یعنی علی رضؓ نے کہا کہ ہم لوگ مسجد میں رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ حضرت مصعب بن عمیر رضؓ آئے، ان کے جسم پر اس وقت صرف ایک چادر تھی جس میں چمڑے کے پیوند لگے ہوئے تھے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان کو دیکھ کر رو پڑے کہ ایک زمانے میں وہ کس قدر خوش حال تھے اور آج ان کی کیا حالت ہے۔ پھر رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب کہ تم صبح کو ایک جوڑا پہن کر نکلوگے اور شام کو ایک جوڑا پہن کر نکلوگے اور تمہارے سامنے کھانے کا ایک بڑا پیالہ رکھا جائے گا اور دوسرا اُٹھایا جائے گا (یعنی انواع و اقسام کے کھانے تمہارے سامنے رکھے جائیں گے) اور تم اپنے گھروں پر اس طرح پردہ ڈالوگے جس طرح کعبہ پر پردہ ڈالا جاتا ہے۔ صحابہ رضؓ نے عرض کیا یا رسُول اللہ ﷺ! ہم اس روز آج کے دن سے بہتر حال میں ہوں گے اس لئے کہ ہم کو اس وقت عبادت کے لئے کافی وقت ملے گا اور محنت و اشتغال سے بے فکری ہوگی۔ آپ نے فرمایا نہیں آج کے دن تم اس دن سے بہتر ہو۔ (ترمذی)

فسق و فجور کے دور میں دین پر قائم رہنے والے کی فضیلت

۵۱۳۳/۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ الصَّابِرُ فِيْهِمْ

حضرت انس رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ایک زمانہ لوگوں پر ایسا آئے گا جس میں دین پر صبر کرنے والا شخص اُس

عَلٰی دِیْنِہٖ کَالْقَابِضِ عَلَی الْجَمْرِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ اِسْنَادًا۔)

آدمی کے مانند ہوگا جس نے اپنی مٹھی میں انگارہ لے لیا ہو (یعنی جس طرح انگارے کو ہاتھ میں رکھنا دشوار ہے اسی طرح دین پر قائم رہنا دشوار ہوگا۔) (ترمذی)

کب زندگی بہتر ہوتی ہے اور کب موت؟

۵۱۳۴ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا کَانَ اُمَرَاءُکُمْ خِیَارَکُمْ وَاَغْنِیَاءُکُمْ سُمَحَاءَکُمْ وَاُمُوْرُکُمْ شُوْرٰی بَیْنَکُمْ فَظَھْرُ الْاَرْضِ خَیْرٌ لَّکُمْ مِنْ بَطْنِھَا وَاِذَا کَانَ اُمَرَاءُکُمْ شِرَارَکُمْ وَاَغْنِیَاءُکُمْ بُخَلَاءَکُمْ وَاُمُوْرُکُمْ اِلٰی نِسَآءِکُمْ فَبَطْنُ الْاَرْضِ خَیْرٌ لَّکُمْ مِنْ ظَھْرِھَا۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)۔

حضرت ابی ہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تمہارے امراء تمہارے بہتر لوگ ہوں اور دولتمند تمہارے سخی ہوں اور تمہارے امور باہمی مشورہ سے طے پائیں۔ اس وقت زمین کی پشت تمہارے لئے زمین کے پیٹ سے بہتر ہوگی (یعنی زندگی زمین موت سے بہتر ہوگی) اور جب کہ تمہارے امراء تمہارے شریر و بدکار لوگ ہوں اور تمہارے دولت مند تمہارے بخیل ہوں اور تمہارے معاملات تمہاری عورتوں کے ہاتھ میں ہوں اس وقت تمہارے لئے زمین کا پیٹ زمین کی پشت سے بہتر ہوگا (یعنی تمہاری موت تمہاری زندگی سے بہتر ہوگی)۔ (ترمذی۔ یہ حدیث غریب ہے)۔

دنیا سے محبت اور موت کا خوف مسلمانوں کی کمزوری کا سب سے بڑا سبب ہے

۵۱۳۵ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُوْشِکُ الْاُمَمُ اَنْ تَدَاعٰی عَلَیْکُمْ کَمَا تَدَاعَی الْاَکَلَۃُ اِلٰی قَصْعَتِھَا قَالَ قَائِلٌ وَمِنْ قِلَّۃٍ نَحْنُ یَوْمَئِذٍ قَالَ بَلْ اَنْتُمْ یَوْمَئِذٍ کَثِیْرٌ وَّلٰکِنَّکُمْ غُثَآءٌ کَغُثَآءِ السَّیْلِ وَلَیَنْزِعَنَّ اللّٰہُ مِنْ صُدُوْرِ عَدُوِّکُمُ الْمَھَابَۃَ مِنْکُمْ وَلَیَقْذِفَنَّ فِیْ قُلُوْبِکُمُ الْوَھْنَ قَالَ قَائِلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا الْوَھْنُ قَالَ حُبُّ الدُّنْیَا وَکَرَاھِیَۃُ الْمَوْتِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ دَلَائِلِ النُّبُوَّۃِ)

حضرت ثوبان رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے گمراہ لوگوں کے گروہ قریب ہے کہ ان کے بعض آدمی بعض کو تم سے لڑنے اور تمہاری شان و شوکت کو مٹانے کے لئے بلائیں گے جس طرح کہ ایک کھانا کھانے والی جماعت کے بعض بعض کو کھلانے کی طرف بلاتے ہیں (یعنی گمراہوں کا ایک گروہ پیدا ہوگا جس میں سے بعض بعض لوگوں کو تمہاری قوت توڑنے اور تم کو ہلاک کرنے کے لئے اس طرح بلائیں گے جس طرح آدمیوں کو کھانے کے لئے بلایا جاتا ہے) یہ سن کر صحابہ رضؓ میں سے کسی نے پوچھا۔ کیا وہ لوگ ہم پر اس لئے غلبہ حاصل کرلیں گے کہ ہم اس وقت تعداد میں کم ہوں گے؟ آپ نے فرمایا تم اس زمانہ میں بڑی تعداد میں ہوگے لیکن ایسے جیسے کہ دریا یا نالوں کے کنارے پانی کے جھاگ ہوتے ہیں (یعنی تم نہایت کمزور اور ضعیف ہوگے) تمہارا رُعب اور تمہاری ہیبت دشمنوں کے دل سے نکل جائے گی، اور تمہارے دلوں میں ضعف و سستی پیدا ہوجائے گی۔ کسی نے عرض کیا، یارسول اللہ ص! "وَہن" (ضعف و سستی) کیا چیز ہے؟ فرمایا دنیا کی محبت اور موت سے بیزاری۔ (ابوداؤد۔ بیہقی)

فصل سوم

چند برائیاں اور ان کا وبال

۵۱۳۶ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا ظَھَرَ الْغُلُوْلُ فِیْ

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ جس قوم میں مالِ غنیمت کے اندر خیانت

قَوْمٍ اِلَّا اَلْقَى اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ وَلَا فَشَا الزِّنَا فِيْ قَوْمٍ اِلَّا كَثُرَ فِيْهِمُ الْمَوْتُ وَلَا نَقَصَ قَوْمٌ الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِلَّا قُطِعَ عَنْهُمُ الرِّزْقُ وَلَا حَكَمَ قَوْمٌ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّا فَشَا فِيْهِمُ الدَّمُ وَلَا خَتَرَ قَوْمٌ الْعَهْدَ اِلَّا سُلِّطَ عَلَيْهِمُ الْعَدُوُّ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

کرنے کا عیب پیدا ہو جائے خداوند تعالےٰ اس کے دِلوں میں دشمنوں کا رُعب پیدا کر دیتا ہے اور جس قوم میں زنا کاری پھیلتی ہے اس میں اموات کی زیادتی ہو جاتی ہے۔ اور جو قوم ناپ اور تول میں کمی کرتی ہے (یعنی کم ناپتی اور کم تولتی ہے) اس کا رزق اٹھالیا جاتا ہے اور جو قوم ناحق حکم کرتی ہے (یعنی جس قوم کے اُمراء احکام نافذ کرنے میں عدل و انصاف کو ملحوظ نہیں رکھتے اور ناحق احکام جاری کرتے ہیں۔) اس میں خون ریزی پھیل جاتی ہے اور جو قوم اپنے عہد کو توڑتی ہے اس پر دشمن کو مسلّط کر دیا جاتا ہے۔ (مالک)

بَابُ الْاِنْذَارِ وَالتَّحْذِيْرِ

ڈرانے اور نصیحت کرنے کا بیان

فَصْلُ اَوَّلٌ

چند احکامِ خداوندی

۵۱۳۷ عَنْ عِيَاضِ ابْنِ حِمَارٍ الْمُجَاشِعِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ فِيْ خُطْبَتِهٖ اَلَا اِنَّ رَبِّيْ اَمَرَنِيْ اَنْ اُعَلِّمَكُمْ مَا جَهِلْتُمْ مِمَّا عَلَّمَنِيْ يَوْمِيْ هٰذَا كُلُّ مَالٍ نَحَلْتُهٗ عَبْدًا حَلَالٌ وَاِنِّيْ خَلَقْتُ عِبَادِيْ حُنَفَاءَ كُلَّهُمْ وَاِنَّهُمْ اَتَتْهُمُ الشَّيَاطِيْنُ فَاجْتَالَتْهُمْ عَنْ دِيْنِهِمْ وَحَرَّمَتْ عَلَيْهِمْ مَا اَحْلَلْتُ لَهُمْ وَاَمَرَتْهُمْ اَنْ يُّشْرِكُوْا بِيْ مَا لَمْ اُنْزِلْ بِهٖ سُلْطَانًا وَاِنَّ اللّٰهَ نَظَرَ اِلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ فَمَقَتَهُمْ عَرَبَهُمْ وَعَجَمَهُمْ اِلَّا بَقَايَا مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ وَقَالَ اِنَّمَا بَعَثْتُكَ لِاَبْتَلِيَكَ وَاَبْتَلِيَ بِكَ وَاَنْزَلْتُ عَلَيْكَ كِتَابًا لَّا يَغْسِلُهُ الْمَاءُ تَقْرَءُهٗ نَائِمًا وَيَقْظَانَ وَاِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اُحَرِّقَ قُرَيْشًا فَقُلْتُ اِذًا يَثْلَغُوْا رَاْسِيْ ... فَيَدَعُوْهُ خُبْزَةً قَالَ اسْتَخْرِجْهُمْ كَمَا اَخْرَجُوْكَ

حضرت عیاض رضؓ بن حمار مجاشعی رضؓ کہتے ہیں کہ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ایک روز اپنے خطبہ میں فرمایا۔ خبردار! خداوند تعالےٰ نے مجھ کو یہ حکم دیا ہے کہ میں تم کو وہ بات بتا دوں جس کو تم نہیں جانتے، خداوند تعالےٰ نے جو باتیں آج مجھ کو تعلیم کی ہیں ان میں سے بعض باتیں یہ ہیں کہ خداوند تعالےٰ نے یہ فرمایا ہے کہ جو مال میں نے اپنے کسی بندہ کو دیا ہے وہ حلال ہے (یعنی اس کو کوئی شخص حرام نہیں کر سکتا) اور خدا نے یہ فرمایا ہے کہ میں نے اپنے بندوں کو حق کی طرف مائل کیا ہے۔ پھر اُن کے پاس شیاطین آئے اور ان کو ان کے دین سے پھیر دیا اور اُن پر وہ چیزیں حرام کر دیں جن کو میں نے ان کے لئے حلال کیا تھا اور شیاطین نے ان کو یہ حکم دیا کہ وہ میرے ساتھ اس چیز کو شریک کریں جس کے غلبہ کی کوئی دلیل نازل نہیں ہوئی۔ اور خدا نے یہ فرمایا ہے کہ، خدا نے زمین کے باشندوں پر نظر ڈالی (اور ان کو بدکردار پایا) پس عرب و عجم سب پر وہ غضب ناک ہو گیا (اس لئے کہ وہ مشرک تھے) مگر ایک جماعت اہلِ کتاب میں سے (کہ وہ مشرک نہ تھی خدا اس پر غضبناک نہیں ہوا) اور خدا نے یہ فرمایا کہ میں نے تم کو (اے حضرت محمد صلّی اللہ

وَاَغْزُهُمْ نَغْزُكَ وَاَنْفِقْ فَسَنُنْفِقُ عَلَيْكَ وَابْعَثْ جَيْشًا نَبْعَثْ خَمْسَةً مِّثْلَهٗ وَقَاتِلْ بِمَنْ اَطَاعَكَ مَنْ عَصَاكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

علیہ وسلم) اس لئے پیغمبر بنا کر بھیجا ہے کہ میں تم کو آزماؤں (کہ تم اپنی قوم کی ایذا پر کیوں کر صبر کرتے ہو؟) اور تمہارے ساتھ تمہاری قوم کو بھی آزماؤں (کہ وہ ایمان لاتی ہے یا نہیں) اور میں نے تمہارے پاس ایسی کتاب بھیجی جس کو پانی نہیں دھو سکتا (یعنی جو دلوں میں محفوظ ہے اور اس میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہو سکتی) تم اس کو سوتے جاگتے پڑھتے ہو۔ اور خدا نے مجھ کو یہ حکم دیا ہے کہ میں قریش کو جلا ڈالوں (یعنی کفارِ قریش کو تباہ و برباد کر دوں) میں نے یہ حکم پا کر عرض کیا۔ قریش تو میرا سر کچل ڈالیں گے اور کچل کر روئی کی مانند (چورا!) بنا دیں گے (یعنی کفارِ قریش کی تعداد زیادہ ہے میں کیوں کر ان پر قابو پا سکوں گا) خداوند تعالیٰ نے فرمایا۔ تم ان کو ان کے وطن سے نکال دو جس طرح کہ انھوں نے تم کو نکالا تھا اور ان پر جہاد کرو، ہم تمہارے لئے جہاد کے سامان کا انتظام کر دیں گے اور اپنے لشکریوں پر خرچ کرو ہم تمہارے لئے خرچ کا انتظام کریں گے، تم ان کے مقابلے پر لشکر روانہ کرو، ہم دشمن کے لشکر سے پانچ گنی طاقت سے تمہاری مدد کریں گے اور جو لوگ ہم پر ایمان لائے اور تمہاری اطاعت گزار ہیں ان کو ساتھ لے کر ان لوگوں سے قتال کرو جنھوں نے نافرمانی و سرکشی کی ہے۔ (مسلم)

قریش کو دعوتِ اسلام

۵۱۳۸/۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ فَصَعِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّفَا فَجَعَلَ يُنَادِيْ يَا بَنِيْ فِهْرٍ يَا بَنِيْ عَدِيٍّ لِبُطُوْنِ قُرَيْشٍ حَتّٰى اجْتَمَعُوْا فَقَالَ اَرَاَيْتَكُمْ لَوْ اَخْبَرْتُكُمْ اَنَّ خَيْلًا بِالْوَادِيْ تُرِيْدُ اَنْ تُغِيْرَ عَلَيْكُمْ اَكُنْتُمْ مُصَدِّقِيَّ قَالُوْا نَعَمْ مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ اِلَّا صِدْقًا قَالَ فَاِنِّيْ نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ فَقَالَ اَبُوْ لَهَبٍ تَبًّا لَّكَ سَائِرَ الْيَوْمِ اَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا فَنَزَلَتْ تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ (یعنی اپنے قریب کے رشتہ داروں کو ڈراؤ) تو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کوہِ صفا پر تشریف لے گئے اور پکارنا شروع کیا۔ اے بنی فہر، اے بنی عدی! یعنی قریش کے فرقوں اور جماعتوں کو بلانا شروع کیا جب سب جمع ہو گئے تو آپ نے فرمایا اگر میں تم کو یہ بتاؤں کہ جنگل میں ایک لشکر آ کر اترا ہے اور تم پر حملہ کرنا چاہتا ہے تو کیا تم میری بات کو سچا مانو گے؟ قریش نے کہا۔ ہاں تم ہمیشہ ہمارے تجربہ میں سچے ثابت ہوئے ہو آپ نے فرمایا میں خدا کی طرف سے ڈرانے پر مامور ہوا ہوں (تم خدا سے ڈرو اور مجھ پر ایمان لے آؤ ورنہ) تمہارے سامنے سخت عذاب موجود ہے ابولہب نے یہ سُنکر کہا۔ تجھ پر سارے دن ہلاکت ہو، کیا اسی لئے تو نے ہم کو جمع کیا تھا اس پر یہ سورت نازل ہوئی تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ الخ (یعنی ابولہب کے دونوں ہاتھ ہلاک ہوں الخ) (بخاری و مسلم)

وَفِيْ رِوَايَةٍ نَادٰى يَا بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ اِنَّمَا مَثَلِيْ وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ رَاَى الْعَدُوَّ فَانْطَلَقَ يَرْبَاُ اَهْلَهٗ فَخَشِيَ اَنْ يَّسْبِقُوْهُ فَجَعَلَ يَهْتِفُ يَا صَبَاحَاهُ۔

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضور سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم نے قریش کو جمع کر کے یہ فرمایا: "اے عبدِ مناف کی اولاد میرا اور تمہارا حال اُس شخص کی مانند ہے جس نے دشمن کے لشکر کو دیکھا پھر وہ اپنی قوم کو دشمن سے بچانے کے لئے ایک پہاڑ پر چڑھا

(تاکہ قوم کو آگاہ کرے) لیکن پھر اس خوف سے کہ کہیں دشمن اس سے پہلے پہنچ جائے اس نے پہاڑی پر سے یہ کہنا شروع کیا "یا صباحاہ" (یعنی دشمنی یا جارحیت کے مقابلہ پر ہوشیار اور مدافعت کے لئے تیار ہو جاؤ) (بخاری)

۵۱۳۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَ اَنْذِرْ عَشِیْرَتَكَ الْاَقْرَبِیْنَ دَعَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُرَیْشًا فَاجْتَمَعُوْا فَعَمَّ وَخَصَّ فَقَالَ یَا بَنِیْ كَعْبِ بْنِ لُؤَیٍّ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ یَا بَنِیْ مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ یَا بَنِیْ عَبْدِ شَمْسٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ یَا بَنِیْ عَبْدِ مَنَافٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ یَا بَنِیْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ وَ یَا فَاطِمَةُ اَنْقِذِیْ نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ فَاِنِّیْ لَا اَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَیْئًا غَیْرَ اَنَّ لَكُمْ رَحِمًا سَاَبُلُّهَا بِبَلَالِهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابی ہریرہؓ کہتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی وَ اَنْذِرْ عَشِیْرَتَكَ الْاَقْرَبِیْنَ (تو اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرا) تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین قریش کو جمع کیا۔ جب وہ جمع ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطاب میں تعمیم بھی کی اور تخصیص بھی (یعنی عوام اور خواص دونوں کو نام لے لے کر خطاب فرمایا) چنانچہ آپ نے فرمایا۔ اے کعب بن لوئی کی اولاد! اپنے آپ کو دوزخ کی آگ سے بچاؤ۔ اے مرّہ بن کعب کی اولاد! اپنے آپ کو دوزخ کی آگ سے بچاؤ۔ اے عبد شمس کی اولاد! اپنے آپ کو دوزخ کی آگ سے بچاؤ۔ اے عبد مناف کی اولاد! اپنے آپ کو دوزخ کی آگ سے بچاؤ۔ اے ہاشم کی اولاد! اپنے آپ کو تم دوزخ کی آگ سے بچاؤ۔ اے عبد المطلب کی اولاد! اپنی جانوں کو دوزخ کی آگ سے بچاؤ۔ اے فاطمہ اپنی جان کو آگ سے بچا، اس لئے کہ میں خدا کی طرف سے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں) یعنی میں کسی کو خدا کے عذاب سے نہیں بچا سکتا۔ البتہ مجھ پر تمہارا قرابت کا حق ہے جس کو میں قرابت کی تری سے تر کرتا ہوں (مسلم) اور بخاری و مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے فرمایا اے قریش کی جماعت! اپنی جانوں کو (مجھ پر ایمان لاکر) خرید لو (یعنی دوزخ کی آگ سے اپنے آپ کو بچالو) میں تم سے دوزخ کے عذاب میں سے کچھ بھی دور نہیں کر سکتا۔ اور اے عبد مناف کی اولاد! میں تم سے خدا کے عذاب کو دفع نہیں کر سکتا۔ اے عباس بن عبد المطلب! میں تم کو خدا کے عذاب سے نہیں بچا سکتا۔ اور اے صفیہ (آں حضرتؐ کی پھوپھی) میں تم کو عذاب خداوندی سے نہیں بچا سکتا۔ اور اے محمدؐ کی بیٹی فاطمہ! میرے مال میں سے جو کچھ تو چاہے مانگ لے لیکن تجھ کو خدا کے عذاب سے نہیں بچا سکتا۔

فصل دوم

اُمت محمدیہ کی فضیلت

۵۱۴۰ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُمَّتِیْ هٰذِهٖ اُمَّةٌ مَّرْحُوْمَةٌ لَیْسَ عَلَیْهَا عَذَابٌ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابُهَا فِی الدُّنْیَا الْفِتَنُ وَالزَّلَازِلُ وَالْقَتْلُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابو موسیٰ رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میری یہ امت (وہ امت جو ذہن میں موجود ہے) امتِ مرحومہ ہے (یعنی اس پر خدا کی رحمت زیادہ ہے) آخرت میں اس پر (ناحق) عذاب نہ ہوگا اور دنیا میں اس کا عذاب فتنے ہیں، زلزلے ہیں اور قتل ہے۔

مختلف زمانوں اور مختلف ادوار کے بارے میں پیش گوئی

۵۱۴۱ وَعَنْ اَبِیْ عُبَیْدَۃَ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ بَدَاَ نُبُوَّۃً وَّ رَحْمَۃً ثُمَّ یَکُوْنُ خِلَافَۃً وَّ رَحْمَۃً ثُمَّ مُلْکًا عَضُوْضًا ثُمَّ کَائِنٌ جَبْرِیَّۃً وَّ عُتُوًّا وَّ فَسَادًا فِی الْاَرْضِ یَسْتَحِلُّوْنَ الْحَرِیْرَ وَ الْفُرُوْجَ وَ الْخُمُوْرَ یُرْزَقُوْنَ عَلٰی ذٰلِکَ وَ یُنْصَرُوْنَ حَتّٰی یَلْقَوُا اللّٰہَ۔

(رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابوعبیدہ رضؓ اور حضرت معاذ بن جبل رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یہ امر (یعنی دین) ظاہر ہوا ہے نبوت اور رحمت کے ساتھ (یعنی دین کا ابتدائی زمانہ وحی اور رحمت تھا) پھر خلافت اور رحمت کا زمانہ ہوگا۔ پھر ظالم بادشاہوں کا عہد ہوگا اور اس کے بعد یہ امر ہونے والا ہے تکبّر، قہر، غلبہ اور فساد فی الارض (یعنی زمین پر فتنے اور فسادات پیدا ہو جائیں گے) اس وقت لوگ ریشم کے کپڑوں کو حلال سمجھیں گے۔ عورتوں کی شرمگاہوں اور شراب کو جائز قرار دیں گے اور باوجود اس کے کہ ان کو رزق دیا جائے گا اور ان کی مدد کی جائے گی یہاں تک کہ وہ خدا سے جا ملیں گے۔ (روزِ جزا میں خدا کے سامنے پیش ہوں گے) (بیہقی)

شراب کے بارے میں ایک پیش گوئی

۵۱۴۲ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اَوَّلَ مَا یُکْفَأُ قَالَ زَیْدُ بْنُ یَحْیَی الْھَمَادِیُّ یَعْنِی الْاِسْلَامَ کَمَا یُکْفَأُ الْاِنَاءُ یَعْنِی الْخَمْرَ قِیْلَ فَکَیْفَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَقَدْ بَیَّنَ اللّٰہُ فِیْھَا مَا بَیَّنَ قَالَ یُسَمُّوْنَھَا بِغَیْرِ اسْمِھَا فَیَسْتَحِلُّوْنَھَا۔

(رَوَاہُ الدَّارِمِیُّ)

حضرت عائشہ کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے۔ سب سے پہلے اسلام میں جس چیز کو الٹایا جائے گا جس طرح بھرے برتن کو الٹ دیا جاتا ہے، وہ شراب ہوگی (یعنی اسلام میں سب سے پہلے خدا کے جس حکم کی خلاف ورزی کی جائے گی اور اس کے حکم کو الٹ دیا جائے گا وہ شراب کی ممانعت کا حکم ہوگا) اور پوچھا گیا یا رسول اللہ یہ کیوں کر ہوگا حالانکہ شراب کے متعلق خدا کے احکام بیان ہو چکے ہیں اور سب پر ظاہر ہیں؟ فرمایا یہ اس طرح ہوگا کہ شراب کا دوسرا نام رکھ لیں گے اور اس کو حلال قرار دیں گے۔ (دارمی)

فصل سوم

مسلمانوں کے مختلف زمانوں کے بارے میں ایک پیش گوئی۔

۵۱۴۳ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ عَنْ حُذَیْفَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَکُوْنُ النُّبُوَّۃُ فِیْکُمْ مَا شَاءَ اللّٰہُ اَنْ تَکُوْنَ ثُمَّ یَرْفَعُھَا اللّٰہُ تَعَالٰی ثُمَّ تَکُوْنُ خِلَافَۃٌ عَلٰی مِنْھَاجِ النُّبُوَّۃِ مَا شَاءَ اللّٰہُ اَنْ تَکُوْنَ ثُمَّ یَرْفَعُھَا اللّٰہُ تَعَالٰی ثُمَّ تَکُوْنُ مُلْکًا عَاضًّا فَیَکُوْنُ مَا شَاءَ اللّٰہُ اَنْ یَّکُوْنَ ثُمَّ یَرْفَعُھَا اللّٰہُ تَعَالٰی ثُمَّ تَکُوْنُ

حضرت نعمان بن بشیر رضؓ حضرت حذیفہ رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں نبوت کا وجود اس وقت تک باقی رہے گا جب تک خدا چاہے گا پھر خداوند تعالیٰ نبوت کو اٹھا لے گا۔ اور اس کے بعد نبوّت کے طریقہ پر خلافت ہوگی۔ جب تک خدا تعالیٰ چاہے گا۔ پھر خداوند تعالیٰ خلافت کو اٹھا لے گا اور اس کے بعد بادشاہت ہوگی کاٹنے والی (یعنی جس میں بعض لوگ بعض پر زیادتی اور ظلم کریں گے) جب تک خدا اس کو چاہے گا قائم

مُلْكًا جَبْرِيَّةً فَيَكُوْنُ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّكُوْنَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ تَكُوْنُ خِلَافَةٌ عَلٰى مِنْهَاجِ نُبُوَّةٍ ثُمَّ سَكَتَ قَالَ حَبِيْبٌ فَلَمَّا قَامَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ كَتَبْتُ اِلَيْهِ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اُذَكِّرُهُ اِيَّاهُ وَقُلْتُ اَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بَعْدَ الْمُلْكِ الْعَاضِّ وَ الْجَبْرِيَّةِ فَسُرَّ بِهٖ وَ اَعْجَبَهٗ يَعْنِيْ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ)۔

رکھے گا۔ پھر اس کو بھی خداوند تعالیٰ اٹھالے گا۔ پھر تکبر اور غلبہ کی حکومت ہوگی اور جب تک خدا تعالیٰ چاہے گا وہ قائم رہے گی۔ پھر خداوند تعالیٰ اس کو اٹھالے گا اور اس کے بعد نبوت کے طریقہ پر خلافت قائم ہوگی (یعنی حضرات عیسیٰ اور مہدی علیہما السلام کا عہدِ حکومت) اتنا فرماکر آپ خاموش ہوگئے۔ حبیب بن سالم اس حدیث کے ایک راوی کا بیان ہے کہ جب حضرت عمر بن عبدالعزیز خلیفہ ہوئے تو میں نے اس حدیث کو لکھ کر ان کے پاس بھیجا یعنی میں نے ان کو یہ حدیث یاد دلائی اور ظاہر کیا کہ مجھ کو امید ہے آپ وہی خلیفہ ہیں جس کا ذکر اس حدیث میں کاٹنے والے بادشاہ اور تکبر و غلبہ کی حکومت کے بعد آیا ہے عمر بن عبدالعزیز رضؓ اس سے بہت خوش ہوئے اور اس تشریح نے ان کو بہت خوش کیا۔ (احمد بیہقی)

مشکوٰۃ مترجم جلد دوم

ختم شد